هٰذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ

# تفہیم القرآن

سید ابوالاعلیٰ مودودی

جلد پنجم

سورۂ محمد تا سورۂ التحریم

هٰذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ

# تفہیم القرآن

سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ

سورۃ محمد تا سورۃ الطّلاق

جلد پنجم

ادارہ ترجمان القرآن لاہور

# فہرست مضامین



| نمبر شمار | نام سورت | سورت نمبر | صفحہ |
|---|---|---|---|
| ۱ | محمد | ۴۷ | ۶ |
| ۲ | الفتح | ۴۸ | ۳۴ |
| ۳ | الحجرات | ۴۹ | ۶۸ |
| ۴ | قٓ | ۵۰ | ۱۰۶ |
| ۵ | الذاریات | ۵۱ | ۱۳۰ |
| ۶ | الطور | ۵۲ | ۱۶۰ |
| ۷ | النجم | ۵۳ | ۱۸۸ |
| ۸ | القمر | ۵۴ | ۲۲۶ |
| ۹ | الرحمٰن | ۵۵ | ۲۴۴ |
| ۱۰ | الواقعہ | ۵۶ | ۲۷۴ |
| ۱۱ | الحدید | ۵۷ | ۲۹۸ |
| ۱۲ | المجادلہ | ۵۸ | ۳۳۶ |
| ۱۳ | الحشر | ۵۹ | ۳۷۰ |
| ۱۴ | الممتحنہ | ۶۰ | ۴۲۰ |
| ۱۵ | الصف | ۶۱ | ۴۵۲ |
| ۱۶ | الجمعہ | ۶۲ | ۴۸۲ |
| ۱۷ | المنافقون | ۶۳ | ۵۰۸ |
| ۱۸ | التغابن | ۶۴ | ۵۲۴ |
| ۱۹ | الطلاق | ۶۵ | ۵۵۰ |
| ۲۰ | فہرست موضوعات | | ۵۸۵ |

# تفہیم القرآن

## محمد

(۴۷)

# محمد

**نام** آیت نمبر ۲ کے فقرے وَ اٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ سے ماخوذ ہے۔ مراد یہ ہے کہ یہ وہ سورت ہے جس میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم گرامی آیا ہے۔ اس کے علاوہ اس کا ایک اور مشہور نام "قتال" بھی ہے، جو آیت نمبر ۲۰ کے فقرے وَّ ذُكِرَ فِيْهَا الْقِتَالُ سے ماخوذ ہے۔

**زمانۂ نزول** اِس کے مضامین یہ شہادت دیتے ہیں کہ یہ ہجرت کے بعد مدینہ طیبہ میں اُس وقت نازل ہوئی تھی جب جنگ کا حکم تو دیا جا چکا تھا مگر ابھی جنگ عملاً شروع ہوئی نہ تھی۔ اس کے مفصّل دلائل آگے حاشیہ ۸ میں ملیں گے۔

**تاریخی پس منظر** جس زمانے میں یہ سورت نازل ہوئی ہے، اُس وقت صورت حال یہ تھی کہ مکۂ معظمہ میں خاص طور پر اور عرب کی سرزمین میں بالعموم ہر جگہ مسلمانوں کو ظلم و ستم کا نشانہ بنایا جا رہا تھا اور ان پر عرصۂ حیات تنگ کر دیا گیا تھا۔ مسلمان ہر طرف سے سمٹ کر مدینہ طیبہ کے دار الامان میں جمع ہو گئے تھے، مگر کفارِ قریش یہاں بھی ان کو چین سے بیٹھنے دینے کے لیے تیار نہ تھے۔ مدینے کی چھوٹی سی بستی ہر طرف سے کفار کے نرغے میں گھری ہوئی تھی اور وہ اسے مٹا دینے پر تُلے ہوئے تھے۔ مسلمانوں کے لیے اِس حالت میں دو ہی چارۂ کار باقی رہ گئے تھے: یا تو وہ دینِ حق کی دعوت و تبلیغ ہی سے نہیں بلکہ اس کی پیروی تک سے دست بردار ہو کر جاہلیت کے آگے سِپَر ڈال دیں، یا پھر مرنے مارنے کے لیے اُٹھ کھڑے ہوں اور سر دھڑ کی بازی لگا کر ہمیشہ کے لیے اس امر کا فیصلہ کر دیں کہ عرب کی سرزمین میں اسلام کو رہنا ہے یا جاہلیت کو۔ اللہ تعالیٰ نے اس موقع پر مسلمانوں کو اُسی عزیمت کی راہ دکھائی جو اہلِ ایمان کے لیے ایک ہی راہ ہے۔ اُس نے پہلے سورۂ حج (آیت ۳۹) میں ان کو جنگ کی اجازت دی، اور پھر سورۂ بقرہ (آیت ۱۹۰) میں اس کا حکم دے دیا۔ مگر اُس وقت ہر شخص جانتا تھا کہ اِن حالات میں جنگ کے معنی کیا ہیں۔ مدینے میں اہلِ ایمان کی ایک مٹھی بھر جمیعت تھی، جو پورے ایک ہزار مردانِ جنگی بھی فراہم کرنے کے قابل نہ تھی، اور اس سے کہا جا رہا تھا کہ سارے عرب کی جاہلیت سے ٹکرا جانے کے لیے تلوار لے کر کھڑی ہو جائے۔ پھر لڑائی کے لیے جس سروسامان کی ضرورت تھی، وہ اپنا پیٹ کاٹ کر بھی ایک ایسی بستی مشکل ہی سے فراہم کر سکتی تھی جس کے اندر سیکڑوں بے خانماں مہاجر ابھی پوری طرح بسے بھی نہ تھے، اور چاروں طرف سے اہلِ عرب نے مَعاشی مُقاطعَہ کر کے اُس کی کمر توڑ رکھی تھی۔

**موضوع اور مضمون**

یہ حالات تھے جن میں یہ سورت نازل فرمائی گئی۔ اس کا موضوع اہلِ ایمان کو جنگ کے لیے تیار کرنا اور ان کو اِس سلسلے میں ابتدائی ہِدایات دینا ہے۔ اسی مناسبت سے اس کا نام سورۂ قِتال بھی رکھا گیا ہے۔ اس میں ترتیب وار حسبِ ذیل مضامین ارشاد ہوئے ہیں:

آغاز میں بتایا گیا ہے کہ اِس وقت دو گروہوں کے درمیان مقابلہ درپیش ہے۔ ایک گروہ کی پوزیشن یہ ہے کہ وہ حق کو ماننے سے انکار کر چکا ہے اور اللہ کے راستے میں سدِّراہ بن کر کھڑا ہو گیا ہے۔ اور دوسرے گروہ کی پوزیشن یہ ہے کہ وہ اُس حق کو مان گیا ہے جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے اُس کے بندے محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوا تھا۔ اب اللہ تعالیٰ کا دوٹوک فیصلہ یہ ہے کہ پہلے گروہ کی تمام سعی و عمل کو اس نے رائگاں کر دیا، اور دوسرے گروہ کے حالات دُرست کر دیے۔

اس کے بعد مسلمانوں کو ابتدائی جنگی ہدایات دی گئی ہیں، ان کو اللہ کی مدد اور رہنمائی کا یقین دلایا گیا ہے، ان کو اللہ کی راہ میں قربانیاں کرنے پر بہترین اجر کی اُمید دلائی گئی ہے، اور انھیں اطمینان دلایا گیا ہے کہ راہِ حق میں ان کی کوششیں رائگاں نہ جائیں گی، بلکہ دنیا سے لے کر آخرت تک وہ ان کا اچھے سے اچھا پھل پائیں گے۔

پھر کفار کے متعلق بتایا گیا ہے کہ وہ اللہ کی تائید و رہنمائی سے محروم ہیں۔ ان کی کوئی تدبیر اہلِ ایمان کے مقابلے میں کارگر نہ ہوگی، اور وہ دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی بہت بُرا انجام دیکھیں گے۔ انھوں نے اللہ کے نبی کو مکے سے نکال کر یہ سمجھا کہ انھیں بڑی کامیابی نصیب ہوئی ہے، حالانکہ دراصل یہ کام کر کے انھوں نے اپنی تباہی کو خود اپنے اُوپر دعوت دے دی۔

اس کے بعد منافقین کی طرف رُوئے سُخن پھرتا ہے، جو جنگ کا حکم آنے سے پہلے تو بڑے مسلمان بنے پھرتے تھے، مگر یہ حکم آ جانے کے بعد ان کے ہوش اُڑ گئے تھے، اور وہ اپنی عافیت کی فکر میں کفار سے سازباز کرنے لگے تھے، تاکہ اپنے آپ کو جنگ کے خطرات سے بچا لیں۔ ان کو صاف صاف خبردار کیا گیا ہے کہ اللہ اور اس کے دین کے معاملے میں منافقت اختیار کرنے والوں کا کوئی عمل بھی اللہ کے ہاں مقبول نہیں ہے۔ یہاں تو بنیادی سوال، جس پر تمام مُدّعیانِ ایمان کی آزمائش ہو رہی ہے، یہ ہے کہ آدمی حق کے ساتھ ہے یا باطل کے ساتھ؟ اس کی ہمدردیاں اسلام اور مسلمانوں کے ساتھ ہیں یا کفر اور کفار کے ساتھ؟ وہ اپنی ذات اور اپنے مفاد کو عزیز رکھتا ہے یا اُس حق کو جس پر ایمان لانے کا وہ دعویٰ کر رہا ہے؟ اِس آزمائش میں جو شخص کھوٹا نکلتا ہے، وہ مومن ہی نہیں ہے، کجا کہ اس کی نماز اور اس کا روزہ اور اس کی زکوٰۃ خدا کے ہاں کسی اجر کی مستحق ہو۔

پھر مسلمانوں کو تلقین کی گئی ہے کہ وہ اپنی قلّتِ تعداد اور بے سروسامانی، اور کفار کی کثرت اور اُن کے سروسامان کی فراوانی دیکھ کر ہمت نہ ہاریں، اُن کے آگے صلح کی پیش کش کر کے کمزوری کا اظہار

نہ کریں، جس سے اُن کی جرأتیں اسلام اور مسلمانوں کے مقابلے میں اور زیادہ بڑھ جائیں، بلکہ اللہ کے بھروسے پر اُٹھیں اور کفر کے اِس پہاڑ سے ٹکرا جائیں۔ اللہ مسلمانوں کے ساتھ ہے۔ وہی غالب رہیں گے اور یہ پہاڑ ان سے ٹکرا کر پاش پاش ہو جائے گا۔

آخر میں مسلمانوں کو اِنفاق فی سبیل اللہ کی دعوت دی گئی ہے۔ اگرچہ اُس وقت مسلمانوں کی مَعاشی حالت بہت پتلی تھی، مگر سامنے مسئلہ یہ درپیش تھا کہ عرب میں اسلام اور مسلمانوں کو زندہ رہنا ہے یا نہیں۔ اس مسئلے کی اہمیت ونزاکت کا تقاضا یہ تھا کہ مسلمان اپنے آپ کو اور اپنے دین کو کفر کے غلبے سے بچانے اور اللہ کے دین کو غالب کرنے کے لیے اپنی جانیں بھی لڑائیں اور جنگی تیاری میں اپنے مالی وسائل بھی پوری اِمکانی حد تک کھپا دیں۔ اس لیے مسلمانوں سے فرمایا گیا کہ اِس وقت جو شخص بھی بخل سے کام لے گا، وہ دراصل اللہ کا کچھ نہ بگاڑے گا، بلکہ خود اپنے آپ ہی کو ہلاکت کے خطرے میں ڈال لے گا۔ اللہ تو انسانوں کا محتاج نہیں ہے۔ اس کے دین کی خاطر قربانیاں دینے سے ایک گروہ اگر جی چُرائے گا تو اللہ اسے ہٹا کر دُوسرا گروہ اس کی جگہ لے آئے گا۔

---

۳۸ آیاتہا سُوْرَۃُ مُحَمَّدٍ مَدَنِيَّةٌ ۴ رکوعاتہا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ①

جن لوگوں نے کُفر کیا[1] اور اللہ کے راستے سے روکا،[2] اللہ نے ان کے اعمال کو رائگاں کر دیا۔[3]

۱- یعنی اُس تعلیم وہدایت کو ماننے سے انکار کر دیا جسے محمد صلی اللہ علیہ وسلّم پیش فرما رہے تھے۔

۲- اصل میں صَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ کے الفاظ ارشاد ہوئے ہیں۔ صَدّ عربی زبان میں لازم اور مُتعدِّی، دونوں طرح استعمال ہوتا ہے۔ اس لیے اِن الفاظ کا مطلب یہ بھی ہے کہ وہ خود اللہ کے راستے پر آنے سے باز رہے، اور یہ بھی کہ انھوں نے دوسروں کو اس راہ پر آنے سے روکا۔

دوسروں کو خدا کی راہ سے روکنے کی بہت سی صورتیں ہیں۔ اِس کی ایک صورت یہ ہے کہ آدمی زبردستی کسی کو ایمان لانے سے روک دے۔ دوسری صورت یہ کہ وہ ایمان لانے والوں پر ایسا ظلم وستم ڈھائے کہ اُن کے لیے ایمان پر قائم رہنا اور دوسروں کے لیے ایسے خوفناک حالات میں ایمان لانا مشکل ہو جائے۔ تیسری صورت یہ کہ وہ مختلف طریقوں سے دین اور اہلِ دین کے خلاف لوگوں کو ورغلائے اور ایسے وسوسے دلوں میں ڈالے جس سے لوگ اِس دین سے بدگمان ہو جائیں۔ اس کے علاوہ ہر کافر اس معنیٰ میں خدا کی راہ سے روکنے والا ہے کہ وہ اپنی اولاد کو کفر کے طریقے پر پرورش کرتا ہے اور پھر اس کی آیندہ نسل کے لیے دینِ آبائی کو چھوڑ کر اسلام قبول کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ اسی طرح ہر کافر معاشرہ خدا کے راستے میں ایک سنگِ گراں ہے، کیونکہ وہ اپنی تعلیم وتربیت سے، اپنے اجتماعی نظام اور رسم ورواج سے، اور اپنے تعصُّبات سے دینِ حق کے پھیلنے میں شدید رکاوٹیں ڈالتا ہے۔

۳- اصل الفاظ ہیں: اَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ۔ اُن کے اعمال کو بھٹکا دیا، گمراہ کر دیا، ضائع کر دیا۔ یہ الفاظ بڑے وسیع مفہوم کے حامل ہیں۔ ان کا ایک مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اُن سے یہ توفیق سلب کر لی کہ اُن کی کوششیں اور محنتیں صحیح راستے میں صَرف ہوں۔ اب وہ جو کچھ بھی کریں گے، غلط مقاصد کے لیے غلط طریقوں ہی سے کریں گے، اور ان کی تمام سعی وجُہد ہدایت کے بجائے ضلالت ہی کی راہ میں صَرف ہوگی۔ دوسرا مطلب یہ ہے کہ جو کام اپنے نزدیک وہ خیر کے کام سمجھ کر کرتے رہے ہیں، مثلاً خانۂ کعبہ کی نگہبانی، حاجیوں کی خدمت، مہمانوں کی ضیافت، رشتہ داروں کے ساتھ صلۂ رحمی، اور ایسے ہی دوسرے کام جنھیں عرب میں مذہبی خدمات اور مکارمِ اخلاق میں شمار کیا جاتا تھا، اللہ تعالیٰ نے ان سب کو ضائع کر دیا۔ اُن کا کوئی اجر وثواب اُن کو نہ ملے گا، کیونکہ جب وہ اللہ کی توحید اور صرف

وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَ اٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰى
مُحَمَّدٍ وَّ هُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۙ كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَ اَصْلَحَ بَالَهُمْ ۝۲
ذٰلِكَ بِاَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوا اتَّبَعُوا الْبَاطِلَ وَ اَنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا

---

اور جو لوگ ایمان لائے اور جنھوں نے نیک عمل کیے اور اُس چیز کو مان لیا جو محمدؐ پر نازل ہوئی ہے [۴]۔ اور وہ سراسر حق ہے اُن کے رب کی طرف سے ـــ اللہ نے ان کی بُرائیاں اُن سے دُور کر دیں [۵] اور ان کا حال دُرست کر دیا [۶]۔ یہ اس لیے کہ کفر کرنے والوں نے باطل کی پیروی کی اور ایمان لانے والوں نے

---

اُسی کی عبادت کا طریقہ اختیار کرنے سے انکار کرتے ہیں اور دوسروں کو بھی اِس راہ پر آنے سے روکتے ہیں، تو ان کا کوئی عمل بھی اللہ کے ہاں مقبول نہیں ہو سکتا۔ تیسرا مطلب یہ ہے کہ راہِ حق کو روکنے اور اپنے کافرانہ مذہب کو عرب میں زندہ رکھنے کے لیے جو کوششیں وہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے مقابلے میں کر رہے ہیں، اللہ نے ان کو رائگاں کر دیا۔ ان کی ساری تدبیریں اب محض ایک تیرِ بے ہدف ہیں۔ ان تدبیروں سے وہ اپنے مقصد کو ہرگز نہ پہنچ سکیں گے۔

۴ــ اگرچہ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا کہنے کے بعد اٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ کہنے کی حاجت باقی نہیں رہتی، کیونکہ ایمان لانے میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آپؐ پر نازل ہونے والی تعلیمات پر ایمان لانا آپ سے آپ شامل ہے، لیکن اس کا الگ ذکر خاص طور پر یہ جتانے کے لیے کیا گیا ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے مبعوث ہو جانے کے بعد کسی شخص کا خدا اور آخرت اور پچھلے رسولوں اور پچھلی کتابوں کو ماننا بھی اُس وقت تک نافع نہیں ہے جب تک کہ وہ آپؐ کو اور آپؐ کی لائی ہوئی تعلیمات کو نہ مان لے۔ یہ تصریح اس لیے ضروری تھی کہ ہجرت کے بعد اب مدینہ طیبہ میں اُن لوگوں سے بھی سابقہ درپیش تھا جو ایمان کے دوسرے تمام لوازم کو تو مانتے تھے، مگر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کو ماننے سے انکار کر رہے تھے۔

۵ــ اس کے دو مطلب ہیں: ایک یہ کہ جاہلیت کے زمانے میں جو گناہ ان سے سرزد ہوئے تھے، اللہ تعالیٰ نے وہ سب ان کے حساب سے ساقط کر دیے۔ اب اُن گناہوں پر کوئی باز پُرس ان سے نہ ہو گی۔ دوسرا مطلب یہ ہے کہ عقائد اور خیالات اور اَخلاق اور اعمال کی جن خرابیوں میں وہ مبتلا تھے، اللہ تعالیٰ نے وہ اُن سے دُور کر دیں۔ اُن کے ذہن بدل گئے، اُن کے عقائد اور خیالات بدل گئے، اُن کی عادتیں اور خصلتیں بدل گئیں، ان کی سیرتیں اور ان کے کردار بدل گئے۔ اب اُن کے اندر جاہلیت کی جگہ ایمان ہے، اور بدکرداریوں کی جگہ عملِ صالح۔

۶ــ اس کے بھی دو مطلب ہیں۔ ایک یہ کہ پچھلی حالت کو بدل کر آیندہ کے لیے اللہ نے ان کو صحیح راستے پر ڈال دیا اور ان کی زندگیاں سنوار دیں۔ اور دوسرا مطلب یہ کہ جس کمزوری و بے بسی اور مظلومی کی حالت میں وہ اب

اتَّبَعُوا الْحَقَّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۭ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ اَمْثَالَهُمْ ۝۳ فَاِذَا
لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَضَرْبَ الرِّقَابِ ۭ حَتّٰٓى اِذَآ اَثْخَنْتُمُوْهُمْ
فَشُدُّوا الْوَثَاقَ ۙ فَاِمَّا مَنًّۢا بَعْدُ وَاِمَّا فِدَاۗءً حَتّٰى تَضَعَ الْحَرْبُ اَوْزَارَهَا ۚ ڛ مع ١٤

اُس حق کی پیروی کی جو ان کے رب کی طرف سے آیا ہے۔ اِس طرح اللہ لوگوں کو اُن کی ٹھیک ٹھیک حیثیت بتائے دیتا ہے[7]۔

پس جب اِن کافروں سے تمھاری مُڈ بھیڑ ہو تو پہلا کام گردنیں مارنا ہے، یہاں تک کہ جب تم ان کو اچھی طرح کُچل دو تب قیدیوں کو مضبوط باندھو، اس کے بعد (تمھیں اختیار ہے) احسان کرو یا فدیے کا معاملہ کرلو، تا آنکہ لڑائی اپنے ہتھیار ڈال دے[8]۔

تک جتلا تھے، اللہ تعالیٰ نے اُن کو اُس سے نکال دیا ہے۔ اب اُس نے ایسے حالات ان کے لیے پیدا کر دیے ہیں جن میں وہ ظلم سہنے کے بجائے ظالموں کا مقابلہ کریں گے، محکوم ہو کر رہنے کے بجائے اپنی زندگی کا نظام خود آزادی کے ساتھ چلائیں گے، اور مغلوب ہونے کے بجائے غالب ہو کر رہیں گے۔

۷ – اصل الفاظ ہیں: كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ اَمْثَالَهُمْ۔ اس فقرے کا لفظی ترجمہ تو یہ ہے کہ ”اس طرح اللہ لوگوں کے لیے ان کی مثالیں دیتا ہے۔“ لیکن اس لفظی ترجمے سے اصل مفہوم واضح نہیں ہوتا۔ اصل مفہوم یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اِس طرح فریقین کو ان کی پوزیشن ٹھیک ٹھیک بتائے دیتا ہے۔ ایک فریق باطل کی پیروی پر مُصِر ہے، اس لیے اللہ نے اس کی ساری سعی و عمل کو لاحاصل کر دیا ہے۔ اور دوسرے فریق نے حق کی پیروی اختیار کی ہے اس لیے اللہ نے اُس کو بُرائیوں سے پاک کر کے اس کے حالات دُرست کر دیے ہیں۔

۸ – اِس آیت کے الفاظ سے بھی، اور جس سیاق و سباق میں یہ آئی ہے اُس سے بھی، یہ بات صاف معلوم ہوتی ہے کہ یہ لڑائی کا حکم آ جانے کے بعد اور لڑائی شروع ہونے سے پہلے نازل ہوئی ہے۔ ”جب کافروں سے تمھاری مُڈ بھیڑ ہو“ کے الفاظ اس پر دلالت کرتے ہیں کہ ابھی مُڈ بھیڑ ہوئی نہیں ہے اور اس کے ہونے سے پہلے یہ ہدایت دی جا رہی ہے کہ جب وہ ہو تو کیا کرنا چاہیے۔

آگے آیت ۲۰ کے الفاظ اِس امر کی شہادت دے رہے ہیں کہ یہ سورت اُس زمانے میں نازل ہوئی تھی جب سورۂ حج کی آیت ۳۹، اور سورۂ بقرہ کی آیت ۱۹۰ میں لڑائی کا حکم آ چکا تھا اور اس پر خوف کے مارے مدینے کے منافقین اور ضعیف الایمان لوگوں کا حال یہ ہو رہا تھا کہ جیسے اُن پر موت چھا گئی ہو۔

اِس کے علاوہ سورۂ اَنفال کی آیات ۶۷-۶۹ بھی اِس بات پر شاہد ہیں کہ یہ آیت جنگِ بدر سے پہلے نازل ہو چکی تھی۔ وہاں ارشاد ہوا ہے کہ:

''کسی نبی کے لیے یہ زیبا نہیں ہے کہ اس کے پاس قیدی ہوں جب تک کہ وہ زمین میں دُشمنوں کو اچھی طرح کچل نہ دے۔ تم لوگ دنیا کے فائدے چاہتے ہو، حالانکہ اللہ کے پیشِ نظر آخرت ہے، اور اللہ غالب اور حکیم ہے۔ اگر اللہ کا نَوِشتہ پہلے نہ لکھا جاچکا ہوتا تو جو کچھ تم لوگوں نے لیا ہے، اس کی پاداش میں تم کو بڑی سزا دی جاتی۔ پس جو کچھ تم نے مال حاصل کیا ہے، اسے کھاؤ کہ وہ حلال اور پاک ہے۔''

اس عبارت اور خُصوصاً اس کے خط کشیدہ فقروں پر غور کرنے سے یہ بات ظاہر ہو جاتی ہے کہ اس موقع پر عِتاب جس بات پر ہوا تھا، وہ یہ تھی کہ جنگِ بدر میں دشمنوں کو اچھی طرح کُچل دینے سے پہلے مسلمان دشمن کے آدمیوں کو قید کرنے میں لگ گئے تھے، حالانکہ جنگ سے پہلے جو ہدایت سورۂ محمد میں ان کو دی گئی تھی وہ یہ تھی کہ ''جب تم اُن کو اچھی طرح کُچل دو، تب قیدیوں کو مضبوط باندھو۔'' تاہم، چونکہ سورۂ محمد میں مسلمانوں کو قیدیوں سے فِدیہ لینے کی اجازت فی الجملہ دی جا چکی تھی، اس لیے جنگِ بدر کے قیدیوں سے جو مال لیا گیا اسے اللہ نے حلال قرار دیا اور مسلمانوں کو اس کے لینے پر سزا نہ دی۔ ''اگر اللہ کا نَوِشتہ پہلے نہ لکھا جاچکا ہوتا'' کے الفاظ اس امر کی طرف صاف اشارہ کر رہے ہیں کہ اس واقعے سے پہلے فدیہ لینے کی اجازت کا فرمان قرآن میں آچکا تھا، اور ظاہر ہے کہ قرآن کے اندر سورۂ محمد کی اِس آیت کے سوا کوئی دوسری آیت ایسی نہیں ہے جس میں یہ فرمان پایا جاتا ہو۔ اس لیے یہ ماننا پڑے گا کہ یہ آیت سورۂ اَنفال کی مذکورۂ بالا آیت سے پہلے نازل ہو چکی تھی۔ (مزید تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد دوم، تفسیر سورۂ اَنفال، حاشیہ ۴۹)

یہ قرآنِ مجید کی پہلی آیت ہے جس میں قوانینِ جنگ کے متعلق ابتدائی ہدایات دی گئی ہیں۔ اِس سے جو احکام نکلتے ہیں، اور اِس کے مطابق نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابۂ کرامؓ نے جس طرح عمل کیا ہے، اور فقہا نے اس آیت اور سنّت سے جو اِستنباطات کیے ہیں، ان کا خلاصہ یہ ہے:

(۱) جنگ میں مسلمانوں کی فوج کا اصل ہدف دشمن کی جنگی طاقت کو توڑ دینا ہے، یہاں تک کہ اس میں لڑنے کی سکت نہ رہے اور جنگ ختم ہو جائے۔ اس ہدف سے توجہ ہٹا کر دشمن کے آدمیوں کو گرفتار کرنے میں نہ لگ جانا چاہیے۔ قیدی پکڑنے کی طرف توجہ اُس وقت کرنی چاہیے جب دشمن کا اچھی طرح قَلع قَمع کر دیا جائے اور میدانِ جنگ میں اس کے کچھ آدمی باقی رہ جائیں۔ اہلِ عرب کو یہ ہدایت آغاز ہی میں اس لیے دے دی گئی کہ وہ کہیں فدیہ حاصل کرنے، یا غلام فراہم کرنے کے لالچ میں پڑ کر جنگ کے اصل ہدفِ مقصود کو فراموش نہ کر بیٹھیں۔

(۲) جنگ میں جو لوگ گرفتار ہوں، اُن کے بارے میں فرمایا گیا کہ تمھیں اختیار ہے، خواہ ان پر احسان کرو، یا ان سے فدیے کا معاملہ کر لو۔ اِس سے عام قانون یہ نکلتا ہے کہ جنگی قیدیوں کو قتل نہ کیا جائے۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ، حَسن بصریؒ، عطاؒ

اور حمّاد بن ابی سلیمانؒ، قانون کے اِسی عُموم کو لیتے ہیں، اور یہ اپنی جگہ بالکل دُرست ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ آدمی کو قتل لڑائی کی حالت میں کیا جاسکتا ہے۔ جب لڑائی ختم ہوگئی اور قیدی ہمارے قبضے میں آ گیا تو اسے قتل کرنا درست نہیں ہے۔ ابن جَرِیرؒ اور ابوبکر جَصّاصؒ کی رِوایت ہے کہ حَجّاج بن یُوسُف نے جنگی قیدیوں میں سے ایک قیدی کو حضرت عبداللہ بن عمرؓ کے حوالے کیا اور حکم دیا کہ اسے قتل کردیں۔ انھوں نے انکار کردیا اور یہ آیت پڑھ کر فرمایا کہ ہمیں قید کی حالت میں کسی کو قتل کرنے کا حکم نہیں دیا گیا ہے۔ امام محمدؒ نے السِّیَرُالکبیر میں بھی ایک واقعہ لکھا ہے کہ عبداللہؓ بن عامر نے حضرت عبداللہ بن عمرؓ کو ایک جنگی قیدی کے قتل کا حکم دیا تھا، اور انھوں نے اسی بنا پر اس حکم کی تعمیل سے انکار کردیا تھا۔

(۳) مگر چونکہ اس آیت میں قتل کی صاف مُمانعت بھی نہیں کی گئی ہے، اس لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کے حکم کا منشا یہ سمجھا اور اسی پر عمل بھی فرمایا کہ اگر کوئی خاص وجہ ایسی ہو جس کی بنا پر اسلامی حکومت کا فرماں روا کسی قیدی یا بعض قیدیوں کو قتل کرنا ضروری سمجھے تو وہ ایسا کرسکتا ہے۔ یہ عام قاعدہ نہیں ہے، بلکہ قاعدۂ عام میں ایک اِستثنا ہے جسے بضرورت ہی استعمال کیا جائے گا۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جنگِ بدر کے ۷۰ قیدیوں میں سے صرف عُقْبَہ بن ابی مُعَیط اور نَضر بن الحارِث کو قتل کیا۔ جنگ اُحُد کے قیدیوں میں سے صرف ابوعَزَّہ شاعر کو قتل فرمایا۔ بنی قُرَیظَہ نے چونکہ اپنے آپ کو حضرت سعدؓ بن مُعاذ کے فیصلے پر حوالے کیا تھا، اور ان کے اپنے تسلیم کردہ حَکَم کا فیصلہ یہ تھا کہ ان کے مَردوں کو قتل کردیا جائے، اس لیے آپؐ نے ان کو قتل کرا دیا۔ جنگِ خیبر میں جو لوگ گرفتار ہوئے، ان میں سے صرف کِنانہ ابنِ ابی الحُقَیق قتل کیا گیا، کیونکہ اس نے بدعہدی کی تھی۔ فتحِ مکّہ کے بعد آپؐ نے تمام اہلِ مکّہ میں سے صرف چند خاص اشخاص کے متعلق حکم دیا کہ ان میں سے جو بھی پکڑا جائے، وہ قتل کردیا جائے۔ اِن مُستثنیات کے سوا حضورؐ کا عام طریقہ اسیرانِ جنگ کو قتل کرنے کا کبھی نہیں رہا۔ اور یہی عمل خلفائے راشدین کا بھی تھا۔ ان کے زمانے میں بھی قتلِ اسیرانِ جنگ کی مثالیں شاذ و نادر ہی ملتی ہیں، اور ہر مثال میں قتل کسی خاص وجہ سے کیا گیا ہے۔ حضرت عمرؒ بن عبدالعزیز نے بھی اپنے پورے زمانۂ خلافت میں صرف ایک جنگی قیدی کو قتل کیا، اور اس کی وجہ یہ تھی کہ اس نے مسلمانوں کو بہت تکلیفیں پہنچائی تھیں۔ اسی بنا پر جُمہور فقہا اس بات کے قائل ہیں کہ اسلامی حکومت اگر ضرورت سمجھے تو اسیر کو قتل کرسکتی ہے۔ لیکن یہ فیصلہ کرنا حکومت کا کام ہے۔ ہر فوجی اِس کا مجاز نہیں ہے کہ جس قیدی کو چاہے قتل کردے۔ البتہ اگر قیدی کے فرار ہونے کا یا اس سے کسی خطرناک شرارت کا اندیشہ ہو جائے تو جس شخص کو بھی اِس صورتِ حال سے سابقہ پیش آئے وہ اسے قتل کرسکتا ہے۔ اِس سلسلے میں فقہائے اسلام نے تین تصریحات اور بھی کی ہیں: ایک یہ کہ اگر قیدی اسلام قبول کرلے تو اسے قتل نہیں کیا جائے گا۔ دوسرے یہ کہ قیدی صرف اُسی وقت تک قتل کیا جاسکتا ہے جب تک وہ حکومت کی تحویل میں ہو۔ تقسیم یا بیع کے ذریعے سے اگر وہ کسی شخص کی مِلک میں جاچکا ہو تو پھر اسے قتل نہیں کیا جاسکتا۔ تیسرے یہ کہ قیدی کو قتل کرنا ہو تو بس سیدھی طرح قتل کردیا جائے، عذاب دے دے کر نہ مارا جائے۔

(۴) جنگی قیدیوں کے بارے میں عام حکم جو دیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ یا اُن پر احسان کرو، یا فدیے کا معاملہ کرلو۔

احسان میں چار چیزیں شامل ہیں: ایک یہ کہ قید کی حالت میں اُن سے اچھا برتاؤ کیا جائے۔ دوسرے یہ کہ قتل یا دائمی قید کے بجائے ان کو غلام بنا کر افرادِ مسلمین کے حوالے کر دیا جائے۔ تیسرے، یہ کہ جزیہ لگا کر ان کو ذِمّی بنا لیا جائے۔ چوتھے یہ کہ ان کو بلا معاوضہ رہا کر دیا جائے۔

فدیے کا معاملہ کرنے کی تین صورتیں ہیں: ایک یہ کہ مالی معاوضہ لے کر انھیں چھوڑا جائے۔ دوسرے یہ کہ رہائی کی شرط کے طور پر کوئی خاص خدمت لینے کے بعد چھوڑ دیا جائے۔ تیسرے، یہ کہ اپنے اُن آدمیوں سے جو دشمن کے قبضے میں ہوں، اُن کا تبادلہ کر لیا جائے۔

ان سب مختلف صورتوں پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابۂ کرامؓ نے مختلف اوقات میں حسبِ موقع عمل فرمایا ہے۔ خدا کی شریعت نے اسلامی حکومت کو کسی ایک ہی شکل کا پابند نہیں کر دیا ہے۔ حکومت جس وقت جس طریقے کو مناسب ترین پائے، اُس پر عمل کر سکتی ہے۔

(۵) نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہؓ کے عمل سے یہ ثابت ہے کہ ایک جنگی قیدی جب تک حکومت کی قید میں رہے، اُس کی غذا اور لباس، اور اگر وہ بیمار یا زخمی ہو تو اس کا علاج، حکومت کے ذمے ہے۔ قیدیوں کو بھوکا ننگا رکھنے، یا ان کو عذاب دینے کا کوئی جواز اسلامی شریعت میں نہیں ہے۔ بلکہ اس کے برعکس حسنِ سلوک اور فیاضانہ برتاؤ کی ہدایت بھی کی گئی ہے، اور عملاً بھی اس کی نظیریں سنّت میں ملتی ہیں۔ جنگِ بدر کے قیدیوں کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مختلف صحابہؓ کے گھروں میں بانٹ دیا اور ہدایت فرمائی کہ اِسْتَوْصُوْا بِالْاُسَارٰی خَیْرًا، ''ان قیدیوں کے ساتھ اچھا سُلوک کرنا۔'' اُن میں سے ایک قیدی، ابوعزیز کا بیان ہے کہ مجھے جن انصاریوں کے گھر میں رکھا گیا تھا، وہ صبح شام مجھ کو روٹی کھلاتے تھے اور خود صرف کھجوریں کھا کر رہ جاتے تھے۔ ایک اور قیدی سُہَیل بن عَمرو کے متعلق حضورؐ سے کہا گیا کہ یہ بڑا آتش بیان مُقرّر ہے، آپؐ کے خلاف تقریریں کرتا رہا ہے، اس کے دانت تڑوا دیجیے۔ حضورؐ نے جواب دیا: ''اگر میں اس کے دانت تڑواؤں تو اللہ میرے دانت توڑ دے گا، اگرچہ میں نبی ہوں۔'' (سیرت ابنِ ہِشام) یَمامہ کے سردار ثُمامہ بن اُثال جب گرفتار ہو کر آئے تو جب تک وہ قید میں رہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے عمدہ کھانا اور دودھ ان کے لیے مہیا کیا جاتا رہا۔ (ابنِ ہِشام) یہی طرزِ عمل صحابۂ کرامؓ کے دَور میں بھی رہا۔ جنگی قیدیوں سے بُرے سُلوک کی کوئی نظیر اُس دَور میں نہیں ملتی۔

(۶) قیدیوں کے معاملے میں یہ شکل اسلام نے سرے سے اپنے ہاں رکھی ہی نہیں ہے کہ ان کو ہمیشہ قید رکھا جائے اور حکومت اُن سے جبری محنت لیتی رہے۔ اگر اُن کے ساتھ یا ان کی قوم کے ساتھ تبادلۂ اسیرانِ جنگ یا فدیے کا کوئی معاملہ طے نہ ہو سکے تو اُن کے معاملے میں احسان کا طریقہ یہ رکھا گیا ہے کہ انھیں غلام بنا کر افراد کی مِلکیّت میں دے دیا جائے، اور اُن کے مالکوں کو ہدایت کی جائے کہ وہ ان کے ساتھ اچھا سلوک کریں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں بھی اس طریقے پر عمل کیا گیا ہے، صحابۂ کرامؓ کے عہد میں بھی یہ جاری رہا ہے، اور فقہائے اسلام بالاتفاق اِس کے جواز کے قائل ہیں۔ اِس سلسلے میں یہ بات جان لینی چاہیے کہ جو شخص قید میں آنے سے پہلے اسلام قبول کر چکا ہو اور پھر کسی

طرح گرفتار ہو جائے، وہ تو آزاد کر دیا جائے گا، مگر جو شخص قید ہونے کے بعد اسلام قبول کرے، یا کسی شخص کی ملکیت میں دے دیے جانے کے بعد مسلمان ہو، تو یہ اسلام اس کے لیے آزادی کا سبب نہیں بن سکتا۔ مُسندِ احمد، مسلم اور ترمذی میں حضرت عمرانؓ بن حُصَین کی روایت ہے کہ بنی عُقَیل کا ایک شخص گرفتار ہو کر آیا اور اُس نے کہا کہ میں نے اسلام قبول کر لیا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لَوْ قُلْتَهَا وَاَنْتَ تَمْلِكُ اَمْرَكَ اَفْلَحْتَ كُلَّ الْفَلَاحِ۔ ''اگر یہ بات تو نے اُس وقت کہی ہوتی جب تو آزاد تھا تو یقیناً فلاح پا جاتا۔'' یہی بات حضرت عمرؓ نے فرمائی ہے کہ اِذَا اَسْلَمَ الْاَسِيْرُ فِيْ اَيْدِي الْمُسْلِمِيْنَ فَقَدْ اَمِنَ مِنَ الْقَتْلِ وَهُوَ رَقِيْقٌ ''جب قیدی مسلمانوں کے قبضے میں آنے کے بعد مسلمان ہو تو وہ قتل سے تو محفوظ ہو جائے گا، مگر غلام رہے گا۔'' اسی بنا پر فقہائے اسلام کا اس پر اتفاق ہے کہ قید ہونے کے بعد مسلمان ہونے والا غلامی سے نہیں بچ سکتا۔ (السِّیَرُ الکبیر، امام محمدؒ) اور یہ بات سراسر معقول بھی ہے۔ اگر ہمارا قانون یہ ہوتا کہ جو شخص بھی گرفتار ہونے کے بعد اسلام قبول کرے گا وہ آزاد کر دیا جائے گا، تو آخر وہ کون سا نادان قیدی ہوتا جو کلمہ پڑھ کر رہائی نہ حاصل کر لیتا۔

(۷) قیدیوں کے ساتھ احسان کی تیسری صورت اسلام میں یہ رکھی گئی ہے کہ جزیہ لگا کر ان کو دارالاسلام کی ذمّی رعایا بنا لیا جائے، اور وہ اسلامی مملکت میں اُسی طرح آزاد ہو کر رہیں جس طرح مسلمان رہتے ہیں۔ امام محمدؒ السِّیَرُ الکبیر میں لکھتے ہیں کہ ''ہر وہ شخص جس کو غلام بنانا جائز ہے، اُس پر جزیہ لگا کر اُسے ذمّی بنا لینا بھی جائز ہے۔'' اور ایک دوسری جگہ فرماتے ہیں: ''مسلمانوں کے فرماں روا کو یہ حق ہے کہ اُن پر جزیہ اور ان کی زمینوں پر خراج لگا کر انھیں اصلاً آزاد قرار دے دے۔'' اس طریقے پر بالعموم اُن حالات میں عمل کیا گیا ہے جب کہ قید ہونے والے لوگ جس علاقے کے باشندے ہوں، وہ مفتوح ہو کر اسلامی مملکت میں شامل ہو چکا ہو۔ مثال کے طور پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اہلِ خیبر کے معاملے میں یہ طریقہ اختیار فرمایا تھا، اور پھر حضرت عمرؓ نے سوادِ عراق اور دوسرے علاقوں کی فتح کے بعد بڑے پیمانے پر اس کی پیروی کی۔ ابو عُبَید نے کتاب الاموال میں لکھا ہے کہ عراق کی فتح کے بعد اُس علاقے کے سرکردہ لوگوں کا ایک وفد حضرت عمرؓ کے پاس حاضر ہوا اور اس نے عرض کیا کہ ''اے امیر المومنین! پہلے اہلِ ایران ہم پر مسلط تھے۔ اُنھوں نے ہم کو بہت ستایا، بڑا بُرا برتاؤ ہمارے ساتھ کیا، اور طرح طرح کی زیادتیاں ہم پر کرتے رہے۔ پھر جب خدا نے آپ لوگوں کو بھیجا تو ہم آپ کی آمد سے بڑے خوش ہوئے اور آپ کے مقابلے میں نہ کوئی مُدافعت ہم نے کی، نہ جنگ میں کوئی حصّہ لیا۔ اب ہم نے سنا ہے کہ آپ ہمیں غلام بنا لینا چاہتے ہیں۔'' حضرت عمرؓ نے جواب دیا: ''تم کو اختیار ہے کہ مسلمان ہو جاؤ، یا جزیہ قبول کر کے آزاد رہو۔'' ان لوگوں نے جزیہ قبول کر لیا اور وہ آزاد چھوڑ دیے گئے۔ ایک اور جگہ اِسی کتاب میں ابو عُبَید بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمرؓ نے حضرت ابو موسیٰ اَشعریؓ کو لکھا کہ ''جنگ میں جو لوگ پکڑے گئے ہیں، ان میں سے ہر کاشت کار اور کسان کو چھوڑ دو۔''

(۸) احسان کی چوتھی صورت یہ ہے کہ قیدی کو بلا کسی فدیے اور معاوضے کے یوں ہی رہا کر دیا جائے۔ یہ ایک خاص رعایت ہے، جو اسلامی حکومت صرف اُسی حالت میں کر سکتی ہے جب کہ کسی خاص قیدی کے حالات اِس کے متقاضی ہوں، یا توقع ہو کہ یہ رعایت اُس قیدی کو ہمیشہ کے لیے ممنونِ احسان کر دے گی، اور وہ دشمن سے دوست

یا کافر سے مومن بن جائے گا۔ ورنہ ظاہر ہے کہ دشمن قوم کے کسی شخص کو اس لیے چھوڑ دینا کہ وہ پھر ہم سے لڑنے آ جائے، کسی طرح بھی تقاضائے مصلحت نہیں ہو سکتا۔ اسی لیے فقہائے اسلام نے بالعموم اس کی مخالفت کی ہے، اور اس کے جواز کے لیے یہ شرط لگائی ہے کہ "اگر امامِ مسلمین قیدیوں کو، یا ان میں سے بعض کو بطورِ احسان چھوڑ دینے میں مصلحت پائے تو ایسا کرنے میں مضایقہ نہیں ہے۔" (السِّیَرُ الکبیر) نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں اِس کی بہت سی نظیریں ملتی ہیں، اور قریب قریب سب میں مصلحت کا پہلو نمایاں ہے۔

جنگِ بدر کے قیدیوں کے متعلق آپؐ نے فرمایا: لَوْ كَانَ الْمُطْعِمُ بْنُ عَدِيٍّ حَيًّا ثُمَّ كَلَّمَنِيْ فِيْ هٰؤُلَاءِ النَّتْنٰى لَتَرَكْتُهُمْ لَهٗ (بخاری، ابوداؤد، مُسندِ احمد) "اگر مُطْعِم بن عَدِی زندہ ہوتا اور وہ مجھ سے اِن گھناؤنے لوگوں کے بارے میں بات کرتا تو میں اُس کی خاطر انھیں یوں ہی چھوڑ دیتا۔" یہ بات حضورؐ نے اس لیے فرمائی تھی کہ آپؐ جب طائف سے مکّہ معظمہ واپس ہوئے تھے، اُس وقت مُطْعِم ہی نے آپؐ کو اپنی پناہ میں لیا تھا، اور اُس کے لڑکے ہتھیار باندھ کر اپنی حفاظت میں آپؐ کو حرم میں لے گئے تھے۔ اس لیے آپؐ اُس کے احسان کا بدلہ اِس طرح اُتارنا چاہتے تھے۔

بخاری، مسلم اور مُسندِ احمد کی رِوایت ہے کہ یمامہ کے سردار ثُمامہ بن اُثال جب گرفتار ہو کر آئے تو حضورؐ نے ان سے پوچھا: "ثُمامہ! تمھارا کیا خیال ہے؟" انھوں نے کہا: "اگر آپ مجھے قتل کریں گے تو ایسے شخص کو قتل کریں گے جس کا خون کچھ قیمت رکھتا ہے، اگر مجھ پر احسان کریں گے تو ایسے شخص پر کریں گے جو احسان ماننے والا ہے، اور اگر آپ مال لینا چاہتے ہیں تو مانگیے، آپ کو دیا جائے گا۔" تین دن تک آپؐ ان سے یہی بات پوچھتے رہے اور وہ یہی جواب دیتے رہے۔ آخر کو آپؐ نے حکم دیا کہ ثُمامہ کو چھوڑ دو۔ رہائی پاتے ہی وہ قریب کے ایک نخلستان میں گئے، نہا دھو کر واپس آئے، کلمہ پڑھ کر مسلمان ہوئے اور عرض کیا کہ "آج سے پہلے کوئی شخص میرے لیے آپ سے اور کوئی دین آپ کے دین سے بڑھ کر مبغوض نہ تھا، مگر اب کوئی شخص اور کوئی دین مجھے آپ سے اور آپ کے دین سے بڑھ کر محبوب نہیں ہے۔" پھر وہ عُمرے کے لیے مکّے گئے اور وہاں قریش کے لوگوں کو نوٹس دے دیا کہ آج کے بعد کوئی غلہ تمھیں یمامہ سے نہ پہنچے گا جب تک محمد صلی اللہ علیہ وسلم اجازت نہ دیں۔ چنانچہ انھوں نے ایسا ہی کیا اور مکّہ والوں کو حضورؐ سے التجا کرنی پڑی کہ یمامہ سے ہمارے غلے کی رسد بند نہ کرائیں۔

بنی قُرَیْظَہ کے قیدیوں میں سے آپؐ نے زَبِیر بن باطا اور عَمْرو بن سعد (یا ابنِ سُعدیٰ) کی جان بخشی کی۔ زَبیر کو اس لیے چھوڑا کہ اُس نے جاہلیت کے زمانے میں جنگِ بُعاث کے موقع پر حضرت ثابتؓ بن قَیس انصاری کو پناہ دی تھی، اس لیے آپؐ نے اس کو حضرت ثابتؓ کے حوالے کر دیا، تاکہ اس کے احسان کا بدلہ ادا کریں۔ اور عَمْرو بن سعد کو اس لیے چھوڑا کہ جب بنی قُرَیْظَہ حضورؐ کے ساتھ بدعہدی کر رہے تھے، اُس وقت یہی شخص اپنے قبیلے کو غداری سے منع کر رہا تھا۔ (کتاب الاموال لابی عُبَید)

غزوۂ بنی المُصْطَلِق کے بعد جب اُس قبیلے کے قیدی لائے گئے اور لوگوں میں تقسیم کر دیے گئے، اُس وقت حضرت جُوَیرِیَہ جس شخص کے حصے میں آئی تھیں، اُس کو اُن کا معاوضہ ادا کر کے آپؐ نے انھیں رہا کرایا اور پھر اُن سے خود نکاح

کرلیا۔ اس پر تمام مسلمانوں نے یہ کہہ کر اپنے اپنے حصّے کے قیدیوں کو آزاد کر دیا کہ یہ "اب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے رشتہ دار ہو چکے ہیں۔" اس طرح سو خاندانوں کے آدمی رہا ہو گئے۔ (مُسندِ احمد، طبقاتِ ابنِ سعد، سیرت ابنِ ہِشام)

صلح حُدَیبِیہ کے موقع پر مکّے کے ۸۰ آدمی تَنعیم کی طرف سے آئے اور فجر کی نماز کے قریب انھوں نے آپؐ کے کیمپ پر اچانک شب خون مارنے کا ارادہ کیا۔ مگر وہ سب کے سب پکڑ لیے گئے اور حضورؐ نے سب کو چھوڑ دیا، تاکہ اس نازک موقع پر یہ معاملہ لڑائی کا موجب نہ بن جائے۔ (مسلم، ابوداؤد، نَسائی، تِرمِذی، مُسندِ احمد)

فتحِ مکّہ کے موقع پر آپؐ نے چند آدمیوں کو مستثنیٰ کر کے تمام اہلِ مکّہ کو بطورِ احسان معاف کر دیا، اور جنھیں مستثنیٰ کیا تھا اُن میں سے بھی تین چار کے سوا کوئی قتل نہ کیا گیا۔ سارا عرب اِس بات کو جانتا تھا کہ اہلِ مکہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمانوں پر کیسے کیسے ظلم کیے تھے۔ اس کے مقابلے میں فتح پا کر جس عالی حوصلگی کے ساتھ حضورؐ نے ان لوگوں کو معاف فرمایا، اس سے اہلِ عرب کو یہ اطمینان حاصل ہو گیا کہ ان کا سابقہ کسی جبّار سے نہیں، بلکہ ایک نہایت رحیم و شفیق اور فیّاض رہنما سے ہے۔ اسی بنا پر فتحِ مکّہ کے بعد پُورے جزیرۃ العرب کو مسخّر ہونے میں دو سال سے زیادہ دیر نہ لگی۔

جنگِ حُنَین کے بعد جب قبیلۂ ہَوازِن کا وفد اپنے قیدیوں کی رہائی کے لیے حاضر ہوا تو سارے قیدی تقسیم کیے جا چکے تھے۔ حضورؐ نے سب مسلمانوں کو جمع کیا اور فرمایا: یہ لوگ تائب ہو کر آئے ہیں، اور میری رائے یہ ہے کہ ان کے قیدی ان کو واپس دے دیے جائیں۔ تم میں سے جو کوئی بخوشی اپنے حصّے میں آئے ہوئے قیدی کو بلامعاوضہ چھوڑنا چاہے وہ اِس طرح چھوڑ دے، اور جو معاوضہ لینا چاہے اس کو ہم بیت المال میں آنے والی پہلی آمدنی سے معاوضہ دے دیں گے۔ چنانچہ چھ ہزار قیدی رہا کر دیے گئے، اور جن لوگوں نے معاوضہ لینا چاہا، انھیں حکومت کی طرف سے معاوضہ دے دیا گیا۔ (بخاری، ابوداؤد، مُسندِ احمد، طبقات ابنِ سعد) اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ تقسیم ہو چکنے کے بعد حکومت قیدیوں کو خود رہا کر دینے کی مجاز نہیں رہتی، بلکہ یہ کام اُن لوگوں کی رضامندی سے، یا ان کو معاوضہ دے کر کیا جا سکتا ہے جن کی مِلکیّت میں قیدی دیے جا چکے ہوں۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد صحابۂ کرامؓ کے دَور میں بھی بطورِ احسان قیدیوں کو رہا کرنے کی نظیریں مسلسل ملتی ہیں۔ حضرت ابوبکرؓ نے اَشعَث بن قَیس کِندی کو رہا کیا، اور حضرت عمرؓ نے ہُرمُزان کو اور مناذِر اور میسان کے قیدیوں کو آزادی عطا کی۔ (کتاب الاموال لِاَبی عُبَید)

(۹) مالی معاوضہ لے کر قیدیوں کو چھوڑنے کی مثال نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں صرف جنگِ بدر کے موقع پر ملتی ہے، جب کہ فی قیدی ایک ہزار سے ۴ ہزار تک کی رقمیں لے کر ان کو رہا کیا گیا۔ (طبقاتِ ابنِ سعد، کتاب الاموال) صحابۂ کرامؓ کے دَور میں اس کی کوئی نظیر نہیں ملتی۔ اور فقہائے اسلام نے بالعموم اس کو ناپسند کیا ہے، کیونکہ اس کے معنی یہ ہیں کہ ہم روپیا لے کر دشمن کے ایک آدمی کو چھوڑ دیں تاکہ وہ پھر ہمارے خلاف تلوار اُٹھائے۔ لیکن چونکہ قرآن میں فدیہ لینے کی اجازت دی گئی ہے، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ اس پر عمل بھی کیا ہے، اس لیے ایسا کرنا مطلقاً ممنوع نہیں ہے۔ امام محمدؒ السِّیَر الکبیر میں کہتے ہیں کہ اگر مسلمانوں کو اس کی ضرورت پیش آئے تو

ذٰلِكَ ۛؕ وَ لَوۡ یَشَآءُ اللّٰهُ لَانۡتَصَرَ مِنۡهُمۡ وَ لٰكِنۡ لِّیَبۡلُوَا۠ بَعۡضَكُمۡ بِبَعۡضٍ ؕ وَ الَّذِیۡنَ قُتِلُوۡا فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰهِ فَلَنۡ یُّضِلَّ اَعۡمَالَهُمۡ ﴿۴﴾

یہ ہے تمھارے کرنے کا کام۔ اللہ چاہتا تو خود ہی اُن سے نمٹ لیتا، مگر (یہ طریقہ اُس نے اس لیے اختیار کیا ہے) تاکہ تم لوگوں کو ایک دوسرے کے ذریعے سے آزمائے۔[9] اور جو لوگ اللہ کی راہ میں مارے جائیں گے، اللہ ان کے اعمال کو ہرگز ضائع نہ کرے گا۔[10]

وہ مالی معاوضہ لے کر قیدیوں کو چھوڑ سکتے ہیں۔

(۱۰) کوئی خدمت لے کر چھوڑنے کی مثال بھی جنگِ بدر کے موقع پر ملتی ہے۔ قریش کے قیدیوں میں سے جو لوگ مالی فدیہ دینے کے قابل نہ تھے، ان کی رہائی کے لیے حضورؐ نے یہ شرط عائد کر دی کہ وہ انصار کے دس دس بچوں کو لکھنا پڑھنا سکھا دیں۔ (مُسندِ احمد، طبقاتِ ابنِ سعد، کتاب الاموال)

(۱۱) قیدیوں کے تبادلے کی متعدد مثالیں ہم کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں ملتی ہیں۔ ایک مرتبہ حضورؐ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو ایک مہم پر بھیجا اور اس میں چند قیدی گرفتار ہوئے۔ ان میں ایک نہایت خوبصورت عورت بھی تھی جو حضرت سَلَمہؓ بن اَکْوَع کے حصے میں آئی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے باصرار اس کو حضرت سَلَمہؓ سے مانگ لیا، اور پھر اسے مکّہ بھیج کر اس کے بدلے کئی مسلمان قیدیوں کو رہا کرایا۔ (مسلم، ابوداؤد، طَحاوی، کتاب الاموال لِاَبی عُبَید، طبقاتِ ابنِ سعد) حضرت عمرانؓ بن حُصَینؓ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ قبیلۂ ثَقیف نے مسلمانوں کے دو آدمیوں کو قید کر لیا۔ اس کے کچھ مدت بعد ثَقیف کے حلیف قبیلے، بنی عُقَیل کا ایک آدمی مسلمانوں کے پاس گرفتار ہو گیا۔ حضورؐ نے اس کو طائف بھیج کر اس کے بدلے ان دونوں مسلمانوں کو رہا کرا لیا۔ (مسلم، ترمذی، مُسندِ احمد) فقہا میں سے امام ابو یُوسُف، امام محمد، امام شافعی، امام مالک اور امام احمد رحمہم اللہ تبادلۂ اسیران کو جائز رکھتے ہیں۔ امام ابوحنیفہؒ کا ایک قول یہ ہے کہ تبادلہ نہیں کرنا چاہیے، مگر دوسرا قول ان کا بھی یہی ہے کہ تبادلہ کیا جا سکتا ہے۔ البتہ اس امر پر سب کا اتفاق ہے کہ جو قیدی مسلمان ہو جائے، اسے تبادلے میں کفّار کے حوالے نہ کیا جائے۔

اِس تشریح سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ اسلام نے اسیرانِ جنگ کے معاملے میں ایک ایسا وسیع ضابطہ بنایا ہے جس کے اندر ہر زمانے اور ہر طرح کے حالات میں اِس مسئلے سے عہدہ برآ ہونے کی گنجایش ہے۔ جو لوگ قرآنِ مجید کی اس آیت کا بس یہ مختصر سا مطلب لے لیتے ہیں کہ جنگ میں قید ہونے والوں کو "یا تو بطورِ احسان چھوڑ دیا جائے، یا فدیہ لے کر رہا کر دیا جائے"، وہ اس بات کو نہیں جانتے کہ جنگی قیدیوں کا معاملہ کتنے مختلف پہلو رکھتا ہے، اور مختلف زمانوں میں وہ کتنے مسائل پیدا کرتا رہا ہے اور آیندہ کر سکتا ہے۔

۹- یعنی اللہ تعالیٰ کو اگر محض باطل پرستوں کی سرکوبی ہی کرنی ہوتی تو وہ اس کام کے لیے تمھارا محتاج نہ تھا۔ یہ

سَيَهۡدِيۡهِمۡ وَ يُصۡلِحُ بَالَهُمۡ ۚ﴿۵﴾ وَ يُدۡخِلُهُمُ الۡجَنَّةَ عَرَّفَهَا لَهُمۡ ﴿۶﴾ يٰۤاَيُّهَا
الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِنۡ تَنۡصُرُوا اللّٰهَ يَنۡصُرۡكُمۡ وَ يُثَبِّتۡ اَقۡدَامَكُمۡ ﴿۷﴾ وَ
الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا فَتَعۡسًا لَّهُمۡ وَ اَضَلَّ اَعۡمَالَهُمۡ ﴿۸﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمۡ كَرِهُوۡا

وہ ان کی رہنمائی فرمائے گا، ان کا حال درست کر دے گا، اور ان کو اُس جنّت میں داخل کرے گا جس سے وہ ان کو واقف کرا چکا ہے۔[11]

اے لوگو جو ایمان لائے ہو، اگر تم اللہ کی مدد کرو گے تو وہ تمھاری مدد کرے[12] گا اور تمھارے قدم مضبوط جما دے گا۔ رہے وہ لوگ جنھوں نے کفر کیا ہے، تو اُن کے لیے ہلاکت ہے،[13] اور اللہ نے ان کے اعمال کو بھٹکا دیا ہے۔ کیونکہ انھوں نے اُس چیز کو ناپسند کیا جسے

کام تو اس کا ایک زلزلہ یا ایک طوفان چشم زدن میں کر سکتا تھا۔ مگر اُس کے پیشِ نظر تو یہ ہے کہ انسانوں میں سے جو حق پرست ہوں وہ باطل پرستوں سے ٹکرائیں اور ان کے مقابلے میں مجاہدہ کریں، تاکہ جس کے اندر جو کچھ اوصاف ہیں وہ اِس امتحان سے نکھر کر پُوری طرح نمایاں ہو جائیں اور ہر ایک اپنے کردار کے لحاظ سے جس مقام اور مرتبے کا مستحق ہو، وہ اس کو دیا جائے۔

۱۰ – مطلب یہ ہے کہ اللہ کی راہ میں کسی کے مارے جانے کے معنیٰ یہ ہرگز نہیں ہیں کہ آدمی اپنی جان سے گیا اور اس کی ذات کی حد تک اُس کا کیا کرایا سب ملیامیٹ ہو گیا۔ اگر کوئی شخص یہ سمجھتا ہے کہ شہدا کی قربانیاں خود اُن کے لیے نہیں بلکہ صرف اُنھی لوگوں کے لیے نافع ہیں جو اُن کے بعد اِس دنیا میں زندہ رہیں اور اُن کی قربانیوں سے یہاں مُتمتّع ہوں، تو وہ غلط سمجھتا ہے۔ اصل حقیقت یہ ہے کہ خود شہید ہونے والوں کے لیے بھی یہ زیاں کا نہیں بلکہ نفع کا سودا ہے۔

۱۱ – یہ ہے وہ نفع جو راہِ خدا میں جان دینے والوں کو حاصل ہو گا۔ اس کے تین مراتب بیان فرمائے گئے ہیں: ایک یہ کہ اللہ اُن کی رہنمائی فرمائے گا۔ دوسرے یہ کہ ان کا حال دُرست کر دے گا۔ تیسرے یہ کہ ان کو اُس جنّت میں داخل کرے گا جس سے وہ پہلے ہی ان کو واقف کرا چکا ہے۔ رہنمائی کرنے سے مراد ظاہر ہے کہ اِس مقام پر جنّت کی طرف رہنمائی کرنا ہے۔ حالت دُرست کرنے سے مراد یہ ہے کہ جنّت میں داخل ہونے سے پہلے اللہ تعالیٰ ان کو خِلعتوں سے آراستہ کر کے وہاں لے جائے گا اور ہر اُس آلایش کو دُور کر دے گا جو دنیا کی زندگی میں اُن کو لگ گئی تھی۔ اور تیسرے مرتبے کا مطلب یہ ہے کہ دنیا میں پہلے ہی ان کو قرآن اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان سے بتایا جا چکا ہے کہ وہ جنّت

مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ۝٩ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا
كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ دَمَّرَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ۡ وَلِلْكٰفِرِيْنَ
اَمْثَالُهَا ۝١٠ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ مَوْلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاَنَّ الْكٰفِرِيْنَ
لَا مَوْلٰى لَهُمْ ۝١١ ع اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

اللہ نے نازل کیا ہے،[14] لہٰذا اللہ نے اُن کے اعمال ضائع کر دیے۔ کیا وہ زمین میں چلے پھرے نہ تھے کہ اُن لوگوں کا انجام دیکھتے جو ان سے پہلے گزر چکے ہیں؟ اللہ نے اُن کا سب کچھ اُن پر اُلٹ دیا، اور ایسے ہی نتائج اِن کافروں کے لیے مقدّر ہیں۔[15] یہ اس لیے کہ ایمان لانے والوں کا حامی و ناصر اللہ ہے اور کافروں کا حامی و ناصر کوئی نہیں۔[16] ع ایمان لانے والوں اور نیک عمل کرنے والوں کو اللہ اُن جنّتوں

کیسی ہے جو اللہ نے ان کے لیے مہیا کر رکھی ہے۔ اُس جنّت میں جب وہ پہنچیں گے تو بالکل اپنی جانی پہچانی چیز میں داخل ہوں گے، اور ان کو معلوم ہو جائے گا کہ جس چیز کے دینے کا اُن سے وعدہ کیا گیا تھا وہی اُن کو دی گئی ہے، اُس میں یک سرِمُو فرق نہیں ہے۔

۱۲- اللہ کی مدد کرنے کا ایک سیدھا سادھا مفہوم تو یہ ہے کہ اس کا کلمہ بلند کرنے کے لیے جان و مال سے جہاد کیا جائے۔ لیکن اس کا ایک غامض مفہوم بھی ہے جس کی ہم اس سے پہلے تشریح کر چکے ہیں۔ (ملاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد اوّل، تفسیر آلِ عمران، حاشیہ ۵۰)

۱۳- اصل الفاظ ہیں: فَتَعْسًا لَّهُمْ۔ تعس ٹھوکر کھا کر منہ کے بل گرنے کو کہتے ہیں۔

۱۴- یعنی انھوں نے اپنی پُرانی جاہلیت کے اَوہام و تخیّلات اور رسم و رواج اور اَخلاقی بگاڑ کو ترجیح دی اور اُس تعلیم کو پسند نہ کیا جو اللہ نے ان کو سیدھا راستہ بتانے کے لیے نازل کی تھی۔

۱۵- اس فقرے کے دو مطلب ہیں: ایک یہ کہ جس تباہی سے وہ کافر دوچار ہوئے، ویسی ہی تباہی اب اِن کافروں کے لیے مقدّر ہے جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت کو نہیں مان رہے ہیں۔ دوسرا مطلب یہ ہے کہ اُن لوگوں کی تباہی صرف دنیا کے عذاب پر ختم نہیں ہو گئی ہے، بلکہ یہی تباہی اُن کے لیے آخرت میں بھی مقدر ہے۔

۱۶- جنگِ اُحُد میں جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم زخمی ہو کر چند صحابہؓ کے ساتھ ایک گھاٹی میں ٹھیرے ہوئے تھے، اُس وقت ابوسفیان نے نعرہ لگایا: لَنَا عُزّٰی وَلَا عُزّٰی لَكُمْ۔ ''ہمارے پاس عُزّٰی ہے اور تمھارا کوئی عُزّٰی نہیں ہے۔'' اس پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہؓ سے فرمایا: اسے جواب دو: اَللّٰهُ مَوْلَانَا وَلَا مَوْلٰى لَكُمْ۔ ''ہمارا حامی و ناصر اللہ ہے اور

جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ وَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَتَمَتَّعُوْنَ وَ
يَاْكُلُوْنَ كَمَا تَاْكُلُ الْاَنْعَامُ وَ النَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ ﴿۱۲﴾ وَ كَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ
هِيَ اَشَدُّ قُوَّةً مِّنْ قَرْيَتِكَ الَّتِيْۤ اَخْرَجَتْكَ ۚ اَهْلَكْنٰهُمْ فَلَا
نَاصِرَ لَهُمْ ﴿۱۳﴾ اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ كَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ
وَ اتَّبَعُوْۤا اَهْوَآءَهُمْ ﴿۱۴﴾ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ فِيْهَاۤ اَنْهٰرٌ

میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں، اور کفر کرنے والے بس دنیا کی چند روزہ زندگی کے مزے لُوٹ رہے ہیں، جانوروں کی طرح کھا پی رہے ہیں[17]، اور اُن کا آخری ٹھکانا جہنّم ہے۔

اے نبیؐ! کتنی ہی بستیاں ایسی گزر چکی ہیں جو تمھاری اُس بستی سے بہت زیادہ زور آور تھیں جس نے تمھیں نکال دیا ہے۔ اُنھیں ہم نے اِس طرح ہلاک کر دیا کہ کوئی ان کا بچانے والا نہ تھا[18]۔ بھلا کہیں ایسا ہو سکتا ہے کہ جو اپنے رب کی طرف سے ایک صاف و صریح ہدایت پر ہو، وہ اُن لوگوں کی طرح ہو جائے جن کے لیے اُن کا بُرا عمل خوشنما بنا دیا گیا ہے اور وہ اپنی خواہشات کے پیرو بن گئے ہیں؟[19] پرہیزگاروں کے لیے جس جنّت کا وعدہ کیا گیا ہے، اس کی شان تو یہ ہے کہ اس میں نہریں بہ رہی

تمھارا حامی و ناصر کوئی نہیں۔" حضورؐ کا یہ جواب اِسی آیت سے ماخوذ تھا۔

۱۷- یعنی جس طرح جانور کھاتا ہے اور کچھ نہیں سوچتا کہ یہ رزق کہاں سے آیا ہے، کس کا پیدا کیا ہوا ہے، اور اس رزق کے ساتھ میرے اُوپر رازق کے کیا حُقوق عائد ہوتے ہیں، اسی طرح یہ لوگ بھی بس کھائے جا رہے ہیں، چَرنے چُگنے سے آگے کسی چیز کی انھیں کوئی فکر نہیں ہے۔

۱۸- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مکّے سے نکلنے کا بڑا رنج تھا۔ جب آپؐ ہجرت پر مجبور ہوئے تو شہر سے باہر نکل کر آپؐ نے اُس کی طرف رخ کر کے فرمایا تھا: "اے مکہ! تو دنیا کے تمام شہروں میں خدا کو سب سے زیادہ محبوب ہے، اور خدا کے تمام شہروں میں مجھے سب سے بڑھ کر تجھ سے محبّت ہے۔ اگر مشرکوں نے مجھے نہ نکالا ہوتا تو میں تجھے چھوڑ کر کبھی نہ نکلتا۔" اسی پر ارشاد ہوا ہے کہ اہلِ مکّہ تمھیں نکال کر اپنی جگہ یہ سمجھ رہے ہیں کہ انھوں نے کوئی بڑی کامیابی حاصل کی ہے۔ حالانکہ درحقیقت یہ حرکت کر کے انھوں نے اپنی شامت بلائی ہے۔ آیت کا اندازِ کلام صاف بتا رہا ہے کہ یہ ضرور ہجرت سے متصل ہی نازل ہوئی ہوگی۔

مِّنْ مَّآءٍ غَيْرِ اٰسِنٍ ۚ وَ اَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهٗ ۚ وَ اَنْهٰرٌ
مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ۚ۵ وَ اَنْهٰرٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى ۗ وَلَهُمْ فِيْهَا
مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ وَ مَغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ ۗ كَمَنْ هُوَ خَالِدٌ فِي النَّارِ

ہوں گی نتھرے ہوئے پانی کی[20] نہریں بہ رہی ہوں گی ایسے دُودھ کی جس کے مزے میں ذرا فرق نہ آیا ہوگا،[21] نہریں بہ رہی ہوں گی ایسی شراب کی جو پینے والوں کے لیے لذیذ ہوگی،[22] نہریں بہ رہی ہوں گی صاف شفّاف شہد کی۔[23] اُس میں اُن کے لیے ہر طرح کے پھل ہوں گے اور اُن کے رب کی طرف سے بخشش۔[24] (کیا وہ شخص جس کے حصّے میں یہ جنّت آنے والی ہے) اُن لوگوں کی طرح ہو سکتا ہے جو جہنّم میں ہمیشہ

۱۹ – یعنی آخر یہ کیسے ممکن ہے کہ پیغمبر اور اس کے پیروؤں کو جب خدا کی طرف سے ایک صاف اور سیدھا راستہ مل گیا ہے اور پُوری بصیرت کی روشنی میں وہ اس پر قائم ہو چکے ہیں، تو اب وہ اُن لوگوں کے ساتھ چل سکیں جو اپنی پرانی جاہلیت کے ساتھ چمٹے ہوئے ہیں، جو اپنی ضلالتوں کو ہدایت اور اپنی بدکرداریوں کو خوبی سمجھ رہے ہیں، جو کسی دلیل کی بنا پر نہیں بلکہ محض اپنی خواہشات کی بنا پر یہ فیصلے کرتے ہیں کہ حق کیا ہے اور باطل کیا۔ اب تو نہ اِس دنیا میں ان دونوں گروہوں کی زندگی ایک جیسی ہو سکتی ہے اور نہ آخرت میں ان کا انجام یکساں ہو سکتا ہے۔

۲۰ – اصل الفاظ ہیں: مَّآءٍ غَيْرِ اٰسِنٍ۔ آسِن اُس پانی کو کہتے ہیں جس کا مزا اور رنگ بدلا ہوا ہو، یا جس میں کسی طرح کی بُو پیدا ہو گئی ہو۔ دنیا میں دریاؤں اور نہروں کے پانی عموماً گدلے ہوتے ہیں۔ ان کے ساتھ ریت، مٹی اور بسا اوقات طرح طرح کی نباتات کے مل جانے سے ان کا رنگ اور مزا بدل جاتا ہے، اور کچھ نہ کچھ بُو بھی ان میں پائی جاتی ہے۔ اس لیے جنّت کے دریاؤں اور نہروں کے پانی کی یہ تعریف بیان کی گئی ہے کہ وہ غیر آسن ہوگا۔ یعنی وہ خالص، صاف ستھرا پانی ہوگا۔ کسی قسم کی آمیزش اس میں نہ ہوگی۔

۲۱ – حدیثِ مرفوع میں اس کی تشریح یہ آئی ہے کہ "وہ جانوروں کے تھنوں سے نکلا ہوا دُودھ نہ ہوگا۔" یعنی اللہ تعالیٰ یہ دُودھ چشموں کی شکل میں زمین سے نکالے گا اور نہروں کی شکل میں اسے بہا دے گا۔ ایسا نہ ہوگا کہ جانوروں کے تھنوں سے اس کو نچوڑا جائے اور پھر جنّت کی نہروں میں ڈال دیا جائے۔ اس قدرتی دُودھ کی تعریف میں بیان کیا گیا ہے کہ "اس کے مزے میں ذرا فرق نہ آیا ہوگا"، یعنی اُس کے اندر وہ ذرا سی بِساند بھی نہ ہوگی جو جانور کے تھن سے نکلے ہوئے ہر دُودھ میں ہوتی ہے۔

۲۲ – حدیثِ مرفوع میں اس کی تشریح یہ آئی ہے کہ اس شراب کو "انسانوں نے اپنے قدموں سے روند کر نہ نچوڑا ہوگا۔" یعنی وہ دنیا کی شرابوں کی طرح پھلوں کو سڑا کر اور قدموں سے روند کر کشید کی ہوئی نہ ہوگی، بلکہ اللہ تعالیٰ اسے بھی چشموں

وَ سُقُوْا مَآءً حَمِیْمًا فَقَطَّعَ اَمْعَآءَهُمْ ﴿۱۵﴾ وَ مِنْهُمْ مَّنْ یَّسْتَمِعُ اِلَیْكَ ۚ
حَتّٰۤى اِذَا خَرَجُوْا مِنْ عِنْدِكَ قَالُوْا لِلَّذِیْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مَاذَا قَالَ
اٰنِفًا ۫ اُولٰٓىِٕكَ الَّذِیْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَ اتَّبَعُوْۤا اَهْوَآءَهُمْ ﴿۱۶﴾

رہیں گے اور جنھیں ایسا گرم پانی پلایا جائے گا جو ان کی آنتیں تک کاٹ دے گا؟

اِن میں سے کچھ لوگ ایسے ہیں جو کان لگا کر تمھاری بات سنتے ہیں اور پھر جب تمھارے پاس سے نکلتے ہیں تو اُن لوگوں سے، جنھیں علم کی نعمت بخشی گئی ہے، پوچھتے ہیں کہ ابھی ابھی اِنھوں نے کیا کہا تھا؟[۲۵] یہ وہ لوگ ہیں جن کے دلوں پر اللہ نے ٹھپّا لگا دیا ہے اور یہ اپنی خواہشات کے پیرو بنے ہوئے ہیں۔[۲۶]

کی شکل میں پیدا کرے گا اور نہروں کی شکل میں بہا دے گا۔ پھر اس کی تعریف یہ بیان کی گئی ہے کہ ”وہ پینے والوں کے لیے لذیذ ہوگی“، یعنی دنیا کی شرابوں کی طرح وہ تلخ اور بُودار نہ ہوگی، جسے کوئی بڑے سے بڑا شراب کا رسیا بھی کچھ نہ کچھ منہ بنائے بغیر نہیں پی سکتا۔ سورۂ صافات میں اس کی مزید تعریف یہ کی گئی ہے کہ اس کے پینے سے نہ جسم کو کوئی ضرر ہوگا، نہ عقل خراب ہوگی (آیت ۴۷)۔ اور سورۂ واقعہ میں فرمایا گیا ہے کہ اس سے نہ دورانِ سر لاحق ہوگا، نہ آدمی بہکے گا۔ (آیت ۱۹) اس سے معلوم ہوا کہ وہ شراب نشہ آور نہ ہوگی، بلکہ محض لذت و سرور بخشنے والی ہوگی۔

۲۳ – حدیثِ مرفوع میں اس کی تشریح یہ آئی ہے کہ ”وہ مکھیوں کے پیٹ سے نکلا ہوا شہد نہ ہوگا“۔ یعنی وہ بھی چشموں سے نکلے گا اور نہروں میں بہے گا۔ اسی لیے اس کے اندر موم اور چھتّے کے ٹکڑے اور مری ہوئی مکھیوں کی ٹانگیں ملی ہوئی نہ ہوں گی، بلکہ وہ خالص شہد ہوگا۔

۲۴ – جنّت کی اِن نعمتوں کے بعد اللہ کی طرف سے مغفرت کا ذکر کرنے کے دو مطلب ہو سکتے ہیں: ایک یہ کہ ان ساری نعمتوں سے بڑھ کر یہ نعمت ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرما دے گا۔ دوسرا مطلب یہ ہے کہ دنیا میں جو کوتاہیاں اُن سے ہوئی تھیں ان کا ذکر تک جنّت میں کبھی اُن کے سامنے نہ آئے گا، بلکہ اللہ تعالیٰ ان پر ہمیشہ کے لیے پردہ ڈال دے گا، تاکہ جنّت میں وہ شرمندہ نہ ہوں۔

۲۵ – یہ اُن کفار و منافقین اور منکرین اہلِ کتاب کا ذکر ہے جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں آ کر بیٹھتے تھے اور آپؐ کے ارشادات، یا قرآنِ مجید کی آیات سنتے تھے، مگر چونکہ اُن کا دل اُن مضامین سے دُور تھا جو آپؐ کی زبانِ مبارک سے ادا ہوتے تھے، اس لیے سب کچھ سُن کر بھی وہ کچھ نہ سنتے تھے، اور باہر نکل کر مسلمانوں سے پوچھتے تھے کہ ابھی ابھی آپؐ کیا فرما رہے تھے۔

۲۶ – یہ تھا وہ اصل سبب جس کی وجہ سے ان کے دل کے کان نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات کے لیے

وَالَّذِيْنَ اهْتَدَوْا زَادَهُمْ هُدًى وَّاٰتٰىهُمْ تَقْوٰىهُمْ ﴿١٧﴾ فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ
اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً ۚ فَقَدْ جَآءَ اَشْرَاطُهَا ۚ فَاَنّٰى لَهُمْ
اِذَا جَآءَتْهُمْ ذِكْرٰىهُمْ ﴿١٨﴾ فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاسْتَغْفِرْ

رہے وہ لوگ جنھوں نے ہدایت پائی ہے، اللہ اُن کو اور زیادہ ہدایت دیتا ہے[۲۷] اور انھیں اُن کے حصّے کا تقویٰ عطا فرماتا ہے[۲۸]۔ اب کیا یہ لوگ بس قیامت ہی کے منتظر ہیں کہ وہ اچانک اِن پر آ جائے[۲۹]؟ اُس کی علامات تو آ چکی ہیں[۳۰]۔ جب وہ خود آ جائے گی تو اِن کے لیے نصیحت قبول کرنے کا کون سا موقع باقی رہ جائے گا؟

پس اَے نبیؐ! خوب جان لو کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کا مستحق نہیں ہے، اور معافی مانگو

بہرے ہوگئے تھے۔ وہ اپنی خواہشات کے بندے تھے، اور حضورؐ جو تعلیمات پیش فرما رہے تھے وہ ان کی خواہشات کے خلاف تھیں، اس لیے اگر وہ کبھی آپؐ کی مجلس میں آ کر بتکلّف آپؐ کی طرف کان لگاتے بھی تھے تو ان کے پلّے کچھ نہ پڑتا تھا۔

۲۷ - یعنی وہی باتیں، جن کو سُن کر کفار و منافقین پوچھتے ہیں کہ ابھی ابھی آپؐ کیا فرما رہے تھے، ہدایت یافتہ لوگوں کے لیے مزید ہدایت کی مُوجب ہوتی ہیں، اور جس مجلس سے وہ بدنصیب اپنا وقت ضائع کر کے اُٹھتے ہیں، اُسی مجلس سے یہ خوش نصیب لوگ علم و عرفان کا ایک نیا خزانہ حاصل کر کے پلٹتے ہیں۔

۲۸ - یعنی جس تقویٰ کی اہلیّت وہ اپنے اندر پیدا کر لیتے ہیں، اللہ تعالیٰ اس کی توفیق اُنھیں عطا فرما دیتا ہے۔

۲۹ - یعنی جہاں تک حق واضح کرنے کا تعلق ہے، وہ تو دلائل سے، قرآن کے معجزانہ بیان سے، محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرتِ پاک سے، اور صحابۂ کرامؓ کی زندگیوں کے انقلاب سے، انتہائی روشن طریقے پر واضح کیا جا چکا ہے۔ اب کیا ایمان لانے کے لیے یہ لوگ اس بات کا انتظار کر رہے ہیں کہ قیامت اِن کے سامنے آ کھڑی ہو؟

۳۰ - قیامت کی علامات سے مراد وہ علامات ہیں جن سے ظاہر ہوتا ہے کہ اُس کی آمد کا وقت اب قریب آ لگا ہے۔ ان میں سے ایک اہم علامت خدا کے آخری نبی کا آ جانا ہے جس کے بعد پھر قیامت تک کوئی اور نبی آنے والا نہیں ہے۔ بخاری، مسلم، ترمذی اور مُسندِ احمد میں حضرت اَنسؓ، حضرت سَہلؓ بن سعد ساعِدی اور حضرت بُریدہؓ کی رِوایات منقول ہیں کہ حضورؐ نے اپنی انگشتِ شہادت اور بیچ کی اُنگلی کھڑی کر کے فرمایا: بُعِثْتُ اَنَا وَالسَّاعَةُ كَهَاتَيْنِ۔ ''میری بِعثت اور قیامت اِن دو اُنگلیوں کی طرح ہیں۔'' یعنی جس طرح ان دو انگلیوں کے درمیان کوئی اور انگلی نہیں ہے، اسی طرح میرے اور قیامت کے درمیان کوئی اور نبی بھی مبعوث ہونے والا نہیں ہے۔ میرے بعد اب بس قیامت ہی آنے والی ہے۔

لِذَنۡۢبِكَ وَ لِلۡمُؤۡمِنِيۡنَ وَ الۡمُؤۡمِنٰتِ ؕ وَ اللّٰهُ يَعۡلَمُ مُتَقَلَّبَكُمۡ
وَ مَثۡوٰٮكُمۡ ﴿۱۹﴾ ع ۲ وَ يَقُوۡلُ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا لَوۡلَا نُزِّلَتۡ سُوۡرَةٌ ۚ فَاِذَاۤ
اُنۡزِلَتۡ سُوۡرَةٌ مُّحۡكَمَةٌ وَّ ذُكِرَ فِيۡهَا الۡقِتَالُ ۙ رَاَيۡتَ الَّذِيۡنَ فِىۡ
قُلُوۡبِهِمۡ مَّرَضٌ يَّنۡظُرُوۡنَ اِلَيۡكَ نَظَرَ الۡمَغۡشِىِّ عَلَيۡهِ مِنَ الۡمَوۡتِ ؕ فَاَوۡلٰى

اپنے قُصور کے لیے بھی اور مومن مردوں اور عورتوں کے لیے بھی[۳۱]۔ اللہ تمھاری سرگرمیوں کو بھی جانتا ہے اور تمھارے ٹھکانے سے بھی واقف ہے۔ ؏

جو لوگ ایمان لائے ہیں، وہ کہہ رہے تھے کہ کوئی سُورت کیوں نہیں نازل کی جاتی (جس میں جنگ کا حکم دیا جائے)۔ مگر جب ایک محکم سُورت نازل کر دی گئی جس میں جنگ کا ذکر تھا تو تم نے دیکھا کہ جن کے دلوں میں بیماری تھی، وہ تمھاری طرف اس طرح دیکھ رہے تھے جیسے کسی پر موت چھاگئی ہو[۳۲]۔ افسوس

۳۱- اسلام نے جو اَخلاق انسان کو سکھائے ہیں، ان میں سے ایک یہ بھی ہے کہ بندہ اپنے رب کی بندگی و عبادت بجالانے میں، اور اس کے دین کی خاطر جان لڑانے میں، خواہ اپنی حد تک کتنی ہی کوشش کرتا رہا ہو، اس کو کبھی اِس زُعم میں مبتلا نہ ہونا چاہیے کہ جو کچھ مجھے کرنا چاہیے تھا وہ میں نے کر دیا ہے، بلکہ اسے ہمیشہ یہی سمجھتے رہنا چاہیے کہ میرے مالک کا مجھ پر جو حق تھا وہ میں ادا نہیں کر سکا ہوں، اور ہر وقت اپنے قصور کا اعتراف کر کے اللہ سے یہی دعا کرتے رہنا چاہیے کہ تیری خدمت میں جو کچھ بھی کوتاہی مجھ سے ہوئی ہے اس سے درگزر فرما۔ یہی اصل روح ہے اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی کہ ”اے نبیؐ! اپنے قصور کی معافی مانگو۔“ اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ معاذ اللہ، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فی الواقع جان بُوجھ کر کوئی قصور کیا تھا۔ بلکہ اس کا صحیح مطلب یہ ہے کہ تمام بندگانِ خدا سے بڑھ کر جو بندہ اپنے رب کی بندگی بجالانے والا تھا، اس کا منصب بھی یہ نہ تھا کہ اپنے کارنامے پر فخر کا کوئی شائبہ تک اس کے دل میں راہ پائے، بلکہ اس کا مقام بھی یہ تھا کہ اپنی ساری عظیم القدر خدمات کے باوجود اپنے رب کے حضور اعترافِ قصور ہی کرتا رہے۔ اسی کیفیت کا اثر تھا جس کے تحت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ بکثرت اِستِغفار فرماتے رہتے تھے۔ ابوداؤد، نَسائی اور مُسندِ احمد کی روایت میں حضورؐ کا یہ ارشاد منقول ہوا ہے کہ ”میں ہر روز سو بار اللہ سے اِستِغفار کرتا ہوں۔“

۳۲- مطلب یہ ہے کہ جن حالات سے اُس وقت مسلمان گزر رہے تھے، اور کفار کا جو رَوِیَّہ اُس وقت اسلام اور مسلمانوں کے ساتھ تھا، اس کی بنا پر جنگ کا حکم آنے سے پہلے ہی اہلِ ایمان کی عام رائے یہ تھی کہ اب ہمیں جنگ کی

لَهُمْ ۚ ۲۰ طَاعَةٌ وَّ قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ ۫ فَاِذَا عَزَمَ الْاَمْرُ ۫ فَلَوْ صَدَقُوا اللّٰهَ
لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ۚ ۲۱ فَهَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ تَوَلَّيْتُمْ اَنْ تُفْسِدُوْا
فِي الْاَرْضِ وَ تُقَطِّعُوْٓا اَرْحَامَكُمْ ۲۲ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ

اُن کے حال پر۔ (اُن کی زبان پر ہے) اطاعت کا اقرار اور اچھی اچھی باتیں۔ مگر جب قطعی حکم دے دیا گیا، اُس وقت وہ اللہ سے اپنے عہد میں سچّے نکلتے تو انھی کے لیے اچھا تھا۔ اب کیا تم لوگوں سے اِس کے سوا کچھ اور توقع کی جا سکتی ہے کہ اگر تم[۳۳] اُلٹے منہ پھر گئے[۳۴] تو زمین میں پھر فساد برپا کرو گے اور آپس میں ایک دوسرے کے گلے کاٹو گے؟ یہ لوگ ہیں جن پر اللہ نے لعنت کی

اجازت مل جانی چاہیے۔ بلکہ وہ بے چینی کے ساتھ اللہ کے فرمان کا انتظار کر رہے تھے اور بار بار پوچھتے تھے کہ ہمیں اِن ظالموں سے لڑنے کا حکم کیوں نہیں دیا جاتا؟ مگر جو لوگ مُنافقت کے ساتھ مسلمانوں کے گروہ میں شامل ہو گئے تھے، ان کا حال مومنوں کے حال سے بالکل مختلف تھا۔ وہ اپنی جان و مال کو خدا اور اس کے دین سے عزیز تر رکھتے تھے اور اس کے لیے کوئی خطرہ مول لینے کو تیار نہ تھے۔ جنگ کے حکم نے آتے ہی ان کو اور سچّے اہلِ ایمان کو ایک دوسرے سے چھانٹ کر الگ کر دیا۔ جب تک یہ حکم نہ آیا تھا، ان میں اور عام اہلِ ایمان میں بظاہر کوئی فرق و امتیاز نہ پایا جاتا تھا۔ نماز وہ بھی پڑھتے تھے اور یہ بھی۔ روزے رکھنے میں بھی انھیں تامُّل نہ تھا۔ ٹھنڈا ٹھنڈا اسلام انھیں قبول تھا۔ مگر جب اسلام کے لیے جان کی بازی لگانے کا وقت آیا تو ان کے نِفاق کا حال کھل گیا اور نمائشی ایمان کا وہ لبادہ اُتر گیا جو انھوں نے اُوپر سے اوڑھ رکھا تھا۔ سورۂ نساء میں ان کی اس کیفیت کو یُوں بیان کیا گیا ہے: ”تم نے دیکھا اُن لوگوں کو جن سے کہا گیا تھا کہ اپنے ہاتھ روکے رکھو اور نماز قائم کرو اور زکوٰۃ دو؟ اب جو انھیں لڑائی کا حکم دے دیا گیا تو ان میں سے ایک گروہ کا حال یہ ہے کہ انسانوں سے اِس طرح ڈر رہے ہیں جیسے خدا سے ڈرنا چاہیے۔ بلکہ کچھ اس سے بھی زیادہ۔ کہتے ہیں: خدایا! یہ لڑائی کا حکم ہمیں کیوں دے دیا؟ ہمیں ابھی اور کچھ مہلت کیوں نہ دی؟“ (آیت: ۷۷)

۳۳۔ اصل الفاظ ہیں: اِنْ تَوَلَّيْتُمْ۔ ان کا ایک ترجمہ وہ ہے جو ہم نے اُوپر متن میں کیا ہے۔ اور دوسرا ترجمہ یہ ہے کہ ”اگر تم لوگوں کے حاکم بن گئے۔“

۳۴۔ اس ارشاد کا ایک مطلب یہ ہے کہ اگر اِس وقت تم اسلام کی مُدافعت سے جی چُراتے ہو، اور اُس عظیم الشان اصلاحی انقلاب کے لیے جان و مال کی بازی لگانے سے منہ موڑتے ہو جس کی کوشش محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور اہلِ ایمان کر رہے ہیں، تو اس کا نتیجہ آخر اِس کے سوا اور کیا ہو سکتا ہے کہ تم پھر اُسی جاہلیت کے نظام کی طرف پلٹ جاؤ جس میں تم لوگ صدیوں سے ایک دوسرے کے گلے کاٹتے رہے ہو، اپنی اولاد تک کو زندہ دفن کرتے رہے ہو، اور خدا کی زمین

فَاَصَمَّهُمْ وَاَعْمٰۤى اَبْصَارَهُمْ ﴿۲۳﴾ اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ اَمْ
عَلٰى قُلُوْبٍ اَقْفَالُهَا ﴿۲۴﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ ارْتَدُّوْا عَلٰۤى اَدْبَارِهِمْ مِّنْۢ
بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى ۙ الشَّيْطٰنُ سَوَّلَ لَهُمْ ؕ وَاَمْلٰى لَهُمْ ﴿۲۵﴾

اوران کو اندھا اور بہرا بنا دیا۔ کیا ان لوگوں نے قرآن پر غور نہیں کیا، یا دلوں پر اُن کے قفل چڑھے ہوئے ہیں؟[۳۵] حقیقت یہ ہے کہ جو لوگ ہدایت واضح ہو جانے کے بعد اُس سے پھر گئے، اُن کے لیے شیطان نے اِس روش کو سہل بنا دیا ہے اور جھُوٹی توقعات کا سلسلہ اُن کے لیے دراز کر رکھا ہے۔

کو ظلم و فساد سے بھرتے رہے ہو۔ دوسرا مطلب یہ ہے کہ جب تمھاری سیرت و کردار کا حال یہ ہے کہ جس دین پر ایمان لانے کا تم نے اقرار کیا تھا، اس کے لیے تمھارے اندر کوئی اخلاص اور کوئی وفاداری نہیں ہے، اور اس کی خاطر کوئی قربانی دینے کے لیے تم تیار نہیں ہو، تو اِس اخلاقی حالت کے ساتھ اگر اللہ تعالیٰ تمھیں اقتدار عطا کر دے اور دنیا کے معاملات کی باگیں تمھارے ہاتھ میں آ جائیں تو تم سے ظلم و فساد اور برادر کُشی کے سوا اور کس چیز کی توقع کی جا سکتی ہے۔

یہ آیت اِس امر کی صراحت کرتی ہے کہ اسلام میں قطعِ رحمی حرام ہے۔ دوسری طرف مثبت طریقے سے بھی قرآنِ مجید میں متعدّد مقامات پر رشتہ داروں کے ساتھ حُسنِ سلوک کو بڑی نیکیوں میں شمار کیا گیا ہے اور صلۂ رحمی کا حکم دیا گیا ہے۔ (مثال کے طور پر مُلاحظہ ہو: البقرہ: ۸۳-۱۷۷، النساء: ۸-۳۶، النحل: ۹۰، بنی اسرائیل: ۲۶، النور: ۲۲) رحم کا لفظ عربی زبان میں قرابت اور رشتہ داری کے لیے استعارے کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ ایک شخص کے تمام رشتہ دار، خواہ وہ دُور کے ہوں یا قریب کے، اس کے ذَوِی الارحام ہیں۔ جس سے جتنا زیادہ قریب کا رشتہ ہو، اس کا حق آدمی پر اُتنا ہی زیادہ ہے اور اس سے قطعِ رحمی کرنا اُتنا ہی بڑا گناہ ہے۔ صلۂ رحمی یہ ہے کہ اپنے رشتہ داروں کے ساتھ جو نیکی کرنا بھی آدمی کی استطاعت میں ہو، اُس سے دریغ نہ کرے۔ اور قطعِ رحمی یہ ہے کہ آدمی اس کے ساتھ بُرا سلوک کرے، یا جو بھلائی کرنا اس کے لیے ممکن ہو، اس سے قصداً پہلو تہی کرے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اِسی آیت سے اِستدلال کر کے اُمِّ وَلَد کی بَیع کو حرام قرار دیا تھا اور صحابۂ کرامؓ نے اس سے اتفاق فرمایا تھا۔ حاکم نے مُستدرَک میں حضرت بُریدہؓ سے یہ روایت نقل کی ہے کہ ایک روز میں حضرت عمرؓ کی مجلس میں بیٹھا تھا کہ یکایک محلّے میں شور مچ گیا۔ دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ ایک لونڈی فروخت کی جا رہی ہے اور اس کی لڑکی رو رہی ہے۔ حضرت عمرؓ نے اُسی وقت انصار و مہاجرین کو جمع کیا اور ان سے پوچھا کہ جو دین محمد صلی اللہ علیہ وسلم لائے ہیں، کیا اس میں آپ حضرات کو قطعِ رحمی کا بھی کوئی جواز ملتا ہے؟ سب نے کہا: نہیں۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا: پھر یہ کیا بات ہے کہ آپ کے ہاں ماں کو بیٹی سے جُدا کیا جا رہا ہے؟ اس سے بڑی قطعِ رحمی اور کیا ہو سکتی ہے؟ پھر آپ نے یہ آیت تلاوت فرمائی۔ لوگوں نے کہا: آپ کی رائے میں اس کو روکنے کے لیے جو صورت مناسب ہو، وہ

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ كَرِهُوْا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ سَنُطِيْعُكُمْ فِيْ بَعْضِ
الْاَمْرِ ۚ وَ اللّٰهُ يَعْلَمُ اِسْرَارَهُمْ ۲۶ فَكَيْفَ اِذَا تَوَفَّتْهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ
يَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَ اَدْبَارَهُمْ ۲۷ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اتَّبَعُوْا مَآ اَسْخَطَ

اِسی لیے انھوں نے اللہ کے نازل کردہ دین کو ناپسند کرنے والوں سے کہہ دیا کہ بعض معاملات میں ہم تمھاری مانیں گے۔[۳۶] اللہ اُن کی یہ خفیہ باتیں خوب جانتا ہے۔ پھر اس وقت کیا حال ہوگا جب فرشتے ان کی رُوحیں قبض کریں گے اور اِن کے مُنہ اور پیٹھوں پر مارتے ہوئے انھیں لے جائیں گے؟[۳۷] یہ اسی لیے تو ہوگا کہ انھوں نے اُس طریقے کی پیروی کی جو اللہ کو ناراض کرنے والا ہے

اختیار فرمائیں۔ اِس پر حضرت عمرؓ نے تمام بلادِ اسلامیہ کے لیے یہ فرمانِ عام جاری کر دیا کہ کسی ایسی لونڈی کو فروخت نہ کیا جائے جس سے اس کے مالک کے ہاں اولاد پیدا ہو چکی ہو، کیونکہ یہ قطعِ رحمی ہے اور یہ حلال نہیں ہے۔

۳۵- یعنی یا تو یہ لوگ قرآنِ مجید پر غور نہیں کرتے، یا غور کرنے کی کوشش تو کرتے ہیں مگر اس کی تعلیمات اور اس کے معانی و مطالب ان کے دلوں میں اُترتے نہیں ہیں، کیونکہ ان کے دلوں پر قفل چڑھے ہوئے ہیں۔ اور یہ جو فرمایا کہ ''دلوں پر اُن کے قفل چڑھے ہوئے ہیں'' تو اُس کا مطلب یہ ہے کہ ان پر وہ قفل چڑھے ہوئے ہیں جو ایسے حق ناشناس دلوں کے لیے مخصوص ہیں۔

۳۶- یعنی ایمان کا اقرار کرنے اور مسلمانوں کے گروہ میں شامل ہو جانے کے باوجود وہ اندر ہی اندر دشمنانِ اسلام سے ساز باز کرتے رہے اور ان سے وعدے کرتے رہے کہ بعض معاملات میں ہم تمھارا ساتھ دیں گے۔

۳۷- یعنی دنیا میں تو یہ طرزِ عمل انھوں نے اس لیے اختیار کر لیا کہ اپنے مفادات کی حفاظت کرتے رہیں اور کفر و اسلام کی جنگ کے خطرات سے اپنے آپ کو بچائے رکھیں، لیکن مرنے کے بعد یہ خدا کی گرفت سے بچ کر کہاں جائیں گے؟ اُس وقت تو ان کی کوئی تدبیر فرشتوں کی مار سے ان کو نہ بچا سکے گی۔

یہ آیت بھی اُن آیات میں سے ہے جو عذابِ برزخ (یعنی عذابِ قبر) کی تصریح کرتی ہیں۔ اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ موت کے وقت ہی کفار و منافقین پر عذاب شروع ہو جاتا ہے، اور یہ عذاب اُس سزا سے مختلف چیز ہے جو قیامت میں ان کے مُقدّمے کا فیصلہ ہونے کے بعد اُن کو دی جائے گی۔ مزید تشریح کے لیے ملاحظہ ہو: النساء: آیت ۹۷، الانعام: ۹۳-۹۴، الانفال: ۵۰، النحل: ۲۸-۳۲، المومنون: ۹۹-۱۰۰، یٰسٓ: ۲۶-۲۷ (مع حاشیہ ۲۲، ۲۳)، المومن: ۴۶ (مع حاشیہ ۶۳)

ع ۳

اللّٰهَ وَ كَرِهُوْا رِضْوَانَهٗ فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ﴿۲۸﴾ ع اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ فِيْ
قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اَنْ لَّنْ يُّخْرِجَ اللّٰهُ اَضْغَانَهُمْ ﴿۲۹﴾ وَلَوْ نَشَآءُ
لَاَرَيْنٰكَهُمْ فَلَعَرَفْتَهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ؕ وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ فِيْ لَحْنِ الْقَوْلِ ؕ وَاللّٰهُ
يَعْلَمُ اَعْمَالَكُمْ ﴿۳۰﴾ وَ لَنَبْلُوَنَّكُمْ حَتّٰى نَعْلَمَ الْمُجٰهِدِيْنَ مِنْكُمْ
وَالصّٰبِرِيْنَ ۙ وَ نَبْلُوَاۡ اَخْبَارَكُمْ ﴿۳۱﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا
عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ شَآقُّوا الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ

اور اُس کی رضا کا راستہ اختیار کرنا پسند نہ کیا۔ اِسی بنا پر اُس نے ان کے سب اعمال ضائع کر دیے[۳۸] ع

کیا وہ لوگ جن کے دلوں میں بیماری ہے، یہ سمجھے بیٹھے ہیں کہ اللہ ان کے دلوں کے کھوٹ ظاہر نہیں کرے گا؟ ہم چاہیں تو انھیں تم کو آنکھوں سے دکھادیں اور اُن کے چہروں سے تم ان کو پہچان لو۔ مگر ان کے اندازِ کلام سے تو تم ان کو جان ہی لو گے۔ اللہ تم سب کے اعمال سے خوب واقف ہے۔ ہم ضرور تم لوگوں کو آزمائش میں ڈالیں گے، تاکہ تمھارے حالات کی جانچ کریں اور دیکھ لیں کہ تم میں مجاہد اور ثابت قدم کون ہیں۔

جن لوگوں نے کفر کیا اور اللہ کی راہ سے روکا اور رسول سے جھگڑا کیا جب کہ ان پر راہِ راست

۳۸- اعمال سے مراد وہ تمام اعمال ہیں جو مسلمان بن کر وہ انجام دیتے رہے۔ ان کی نمازیں، ان کے روزے، ان کی زکوٰۃ، غرض وہ تمام عبادتیں اور وہ ساری نیکیاں جو اپنی ظاہری شکل کے اعتبار سے اعمالِ خیر میں شمار ہوتی تھیں، اِس بنا پر ضائع ہو گئیں کہ انھوں نے مسلمان ہوتے ہوئے بھی اللہ اور اُس کے دین اور ملّتِ اسلامیہ کے ساتھ اخلاص و وفاداری کا رَوِیّہ اختیار نہ کیا، بلکہ محض اپنے دنیوی مفاد کے لیے دشمنانِ دین کے ساتھ ساز باز کرتے رہے اور اللہ کی راہ میں جہاد کا موقع آتے ہی اپنے آپ کو خطرات سے بچانے کی فکر میں لگ گئے۔

یہ آیات اِس معاملے میں بالکل ناطق ہیں کہ کفر و اسلام کی جنگ میں جس شخص کی ہمدردیاں اسلام اور مسلمانوں کے ساتھ نہ ہوں، یا کفر اور کفار کے ساتھ ہوں، اس کا ایمان ہی سرے سے معتبر نہیں ہے، کجا کہ اس کا کوئی عمل

لَهُمُ الْهُدٰى ۙ لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْـًٔا ؕ وَسَيُحْبِطُ اَعْمَالَهُمْ ﴿۳۲﴾ يٰۤاَيُّهَا
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَلَا تُبْطِلُوْۤا اَعْمَالَكُمْ ﴿۳۳﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ مَاتُوْا وَهُمْ
كُفَّارٌ فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ﴿۳۴﴾ فَلَا تَهِنُوْا وَتَدْعُوْۤا اِلَى السَّلْمِ ۖۗ
وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ ۖۗ وَاللّٰهُ مَعَكُمْ وَلَنْ يَّتِرَكُمْ اَعْمَالَكُمْ ﴿۳۵﴾

---

واضح ہو چکی تھی، درحقیقت وہ اللہ کا کوئی نقصان بھی نہیں کر سکتے، بلکہ اللہ ہی ان کا سب کیا کرایا غارت کر دے گا۔[39] اے لوگو جو ایمان لائے ہو، تم اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو اور اپنے اعمال کو برباد نہ کر لو۔[40] کفر کرنے والوں اور راہِ خدا سے روکنے والوں اور مرتے دم تک کفر پر جمے رہنے والوں کو تو اللہ ہرگز معاف نہ کرے گا۔ پس تم بودے نہ بنو اور صلح کی درخواست نہ کرو۔[41] تم ہی غالب رہنے والے ہو۔ اللہ تمھارے ساتھ ہے اور تمھارے اعمال کو وہ ہرگز ضائع نہ کرے گا۔

---

خدا کے ہاں مقبول ہو۔

۳۹ – اس فقرے کے دو مطلب ہیں: ایک یہ کہ جن کاموں کو انھوں نے اپنے نزدیک نیک سمجھ کر کیا ہے، اللہ ان سب کو ضائع کر دے گا اور آخرت میں اُن کا کوئی اجر بھی وہ نہ پا سکیں گے۔ دوسرا مطلب یہ کہ جو تدبیریں بھی وہ اللہ اور اس کے رسولؐ کے دین کا راستہ روکنے کے لیے کر رہے ہیں، وہ سب ناکام و نامراد ہو جائیں گی۔

۴۰ – بالفاظِ دیگر، اعمال کے نافع اور نتیجہ خیز ہونے کا سارا انحصار اللہ اور اس کے رسولؐ کی اطاعت پر ہے۔ اطاعت سے منحرف ہو جانے کے بعد کوئی عمل بھی عملِ خیر نہیں رہتا کہ آدمی اس پر کوئی اجر پانے کا مستحق ہو سکے۔

۴۱ – یہاں یہ بات نگاہ میں رہنی چاہیے کہ یہ ارشاد اُس زمانے میں فرمایا گیا ہے جب صرف مدینے کی چھوٹی سی بستی میں چند سو مہاجرین و انصار کی ایک مٹھی بھر جمعیّت اسلام کی عَلَم برداری کر رہی تھی اور اس کا مقابلہ محض قریش کے طاقتور قبیلے ہی سے نہیں بلکہ پُورے ملکِ عرب کے کفار و مشرکین سے تھا۔ اس حالت میں فرمایا جا رہا ہے کہ ہمت ہار کر اِن دشمنوں سے صلح کی درخواست نہ کرنے لگو، بلکہ سر دھڑ کی بازی لگا دینے کے لیے تیار ہو جاؤ۔ اس ارشاد کا یہ مطلب نہیں ہے کہ مسلمانوں کو کبھی صلح کی بات چیت کرنی ہی نہ چاہیے۔ بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ ایسی حالت میں صلح کی سلسلہ جنبانی کرنا درست نہیں ہے جب اُس کے معنیٰ اپنی کمزوری کے اظہار کے ہوں اور اُس سے دشمن اور زیادہ

إِنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ۭ وَاِنْ تُؤْمِنُوْا وَتَتَّقُوْا
يُؤْتِكُمْ اُجُوْرَكُمْ وَلَا يَسْـَٔــلْكُمْ اَمْوَالَكُمْ ﴿۳۶﴾ اِنْ يَّسْـَٔــلْكُمُوْهَا
فَيُحْفِكُمْ تَبْخَلُوْا وَيُخْرِجْ اَضْغَانَكُمْ ﴿۳۷﴾ هٰۤاَنْتُمْ هٰٓؤُلَاۗءِ تُدْعَوْنَ
لِتُنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ فَمِنْكُمْ مَّنْ يَّبْخَلُ ۚ وَمَنْ يَّبْخَلْ
فَاِنَّمَا يَبْخَلُ عَنْ نَّفْسِهٖ ۭ وَاللّٰهُ الْغَنِيُّ وَاَنْتُمُ الْفُقَرَاۗءُ ۚ

---

یہ دنیا کی زندگی تو ایک کھیل اور تماشا ہے۔[42] اگر تم ایمان رکھو اور تقویٰ کی رَوِش پر چلتے رہو تو اللہ تمھارے اجر تم کو دے گا اور وہ تمھارے مال تم سے نہ مانگے گا۔[43] اگر کہیں وہ تمھارے مال تم سے مانگ لے اور سب کے سب تم سے طلب کر لے تو تم بخل کرو گے اور وہ تمھارے کھوٹ اُبھار لائے گا۔[44] دیکھو تم لوگوں کو دعوت دی جا رہی ہے کہ اللہ کی راہ میں مال خرچ کرو۔ اِس پر تم میں سے کچھ لوگ ہیں جو بُخل کر رہے ہیں، حالانکہ جو بخل کرتا ہے وہ درحقیقت اپنے آپ ہی سے بخل کر رہا ہے۔ اللہ تو غنی ہے، تم ہی اس کے محتاج ہو۔

---

دلیر ہو جائیں۔ مسلمانوں کو پہلے اپنی طاقت کا لوہا منوا لینا چاہیے، اس کے بعد وہ صلح کی بات چیت کریں تو مضایقہ نہیں۔

۴۲- یعنی آخرت کے مقابلے میں اِس دنیا کی حیثیت اس سے زیادہ کچھ نہیں ہے کہ چند روز کا دل بہلاوا ہے۔ یہاں کی کامرانی و ناکامی کوئی حقیقی اور پائدار چیز نہیں ہے جسے کوئی اہمیت حاصل ہو۔ اصل زندگی آخرت کی ہے جس کی کامیابی کے لیے انسان کو فکر کرنی چاہیے۔ (مزید تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد سوم، تفسیر سورۂ عنکبوت، حاشیہ ۱۰۲)

۴۳- یعنی وہ غنی ہے، اسے اپنی ذات کے لیے تم سے لینے کی کچھ ضرورت نہیں ہے۔ اگر وہ اپنی راہ میں تم سے کچھ خرچ کرنے کے لیے کہتا ہے تو وہ اپنے لیے نہیں بلکہ تمھاری ہی بھلائی کے لیے کہتا ہے۔

۴۴- یعنی اتنی بڑی آزمایش میں وہ تمھیں نہیں ڈالتا جس سے تمھاری کمزوریاں اُبھر آئیں۔

وَ اِنْ تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ۙ ثُمَّ لَا يَكُوْنُوْٓا اَمْثَالَكُمْ ۝۳۸ ع

ع ۴ ۸

اگر تم منہ موڑو گے تو اللہ تمھاری جگہ کسی اور قوم کو لے آئے گا اور وہ تم جیسے نہ ہوں گے ع

# تفہیم القرآن

## الفتح

(۴۸)

# الفتح

**نام** پہلی ہی آیت کے الفاظ اِنَّا فَتَحۡنَا لَكَ فَتۡحًا مُّبِيۡنًا سے ماخوذ ہے۔ یہ محض اس سورت کا نام ہی نہیں ہے بلکہ مضمون کے لحاظ سے بھی اس کا عنوان ہے، کیونکہ اس میں اُس فتحِ عظیم پر کلام کیا گیا ہے جو صلحِ حُدَیبیہ کی شکل میں اللہ تعالیٰ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمانوں کو عطا فرمائی تھی۔

**زمانۂ نزُول** روایات اس پر متفق ہیں کہ اس کا نُزول ذی القعدہ ۶ھ میں اُس وقت ہوا تھا جب آپؐ کُفارِ مکّہ سے صلحِ حُدَیبیہ کا معاہدہ کرنے کے بعد مدینہ منورہ کی طرف واپس تشریف لے جا رہے تھے۔

**تاریخی پس منظر** جن واقعات کے سلسلے میں یہ سورت نازل ہوئی، ان کی ابتدا اِس طرح ہوتی ہے کہ ایک روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب میں دیکھا کہ آپؐ اپنے اصحابؓ کے ساتھ مکّہ معظّمہ تشریف لے گئے ہیں اور وہاں عُمرہ ادا فرمایا ہے۔ پیغمبر کا خواب ظاہر ہے کہ محض خواب وخیال نہ ہوسکتا تھا۔ وہ تو وحی کی اقسام میں سے ایک قسم ہے، اور آگے چل کر آیت ۲۷ میں اللہ تعالیٰ نے خود توثیق کر دی ہے کہ یہ خواب ہم نے اپنے رسول کو دکھایا تھا۔ اس لیے درحقیقت یہ نِرا خواب نہ تھا، بلکہ ایک الٰہی اشارہ تھا، جس کی پیروی کرنا حضورؐ کے لیے ضروری تھا۔

بظاہر اَسباب اِس ہدایت پر عمل کرنے کی کوئی صورت ممکن نظر نہ آتی تھی۔ کفارِ قریش نے ۶ سال سے مسلمانوں کے لیے بیت اللہ کا راستہ بند کر رکھا تھا، اور اس پُوری مدت میں کسی مسلمان کو انھوں نے حج اور عُمرے تک کے لیے حُدودِ حرم کے قریب نہ پھٹکنے دیا تھا۔ اب آخر یہ کیسے توقع کی جا سکتی تھی کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو صحابہؓ کی ایک جمعیّت کے ساتھ مکّے میں داخل ہونے دیں گے۔ عُمرے کا احرام باندھ کر جنگی ساز وسامان ساتھ لیے ہوئے نکلنا گویا خود لڑائی کو دعوت دینا تھا، اور غیر مسلّح جانے کے معنیٰ اپنی اور اپنے ساتھیوں کی جان خطرے میں ڈالنے کے تھے۔ اِن حالات میں کوئی شخص یہ نہ سمجھ سکتا تھا کہ اللہ تعالیٰ کے اِس اشارے پر عمل کیا جائے تو کیسے۔

مگر پیغمبر کا منصب یہ تھا کہ اُس کا رب جو حکم بھی اس کو دے، وہ بے کھٹکے اس پر عمل کر گزرے۔ اس لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بلا تامّل اپنا خواب صحابۂ کرامؓ کو سُنا کر سفر کی تیاری شروع کر دی۔ آس پاس کے قبائل میں بھی آپؐ نے اعلانِ عام کرا دیا کہ ہم عُمرے کے لیے جا رہے ہیں، جو ہمارے ساتھ چلنا چاہے وہ آجائے۔ جن لوگوں کی نگاہ ظاہری اسباب پر تھی، انھوں نے سمجھا کہ یہ لوگ موت کے منہ میں جا رہے ہیں۔ اُن

میں سے کوئی آپؐ کے ساتھ چلنے پر آمادہ نہ ہوا۔ مگر جو اللہ اور اس کے رسولؐ پر سچا ایمان رکھتے تھے انھیں اس امر کی کوئی پروا نہ تھی کہ انجام کیا ہوگا۔ ان کے لیے بس یہ کافی تھا کہ اللہ کا اشارہ ہے اور اس کا رسول تعمیلِ حکم کے لیے اُٹھ کھڑا ہوا ہے۔ اس کے بعد کوئی چیز ان کو رسولِ خدا کا ساتھ دینے سے نہ روک سکتی تھی۔ چودہ سو صحابی حضورؐ کی معیّت میں اس نہایت خطرناک سفر پر جانے کے لیے تیار ہو گئے۔

ذِی القعدہ ۶ ھ کے آغاز میں یہ مبارک قافلہ مدینے سے روانہ ہوا۔ ذُوالحُلَیفہ[1] پہنچ کر سب نے عُمرے کا اِحرام باندھا، قربانی کے لیے ۷۰ اُونٹ ساتھ لیے جن کی گردنوں میں ہَدْی کی علامت کے طور پر قلادے پڑے ہوئے تھے۔ پرتلوں میں صرف ایک ایک تلوار رکھ لی، جس کی تمام زائرینِ حرم کو عرب کے معروف قاعدے کے مطابق اجازت تھی، اور اس کے سوا کوئی سامانِ جنگ ساتھ نہ لیا۔ اس طرح یہ قافلہ لبّیک لبّیک کی صدائیں بلند کرتا ہوا بیت اللہ کی طرف چل پڑا۔

اُس وقت مکّہ اور مدینہ کے تعلقات کی جو نوعیت تھی، عرب کا بچّہ بچّہ اس کو جانتا تھا۔ ابھی پچھلے سال ہی تو شوال ۵ ھ میں قریش نے قبائلِ عرب کی مُتّحدہ طاقت کے ساتھ مدینے پر چڑھائی کی تھی اور غزوۂ احزاب کا مشہور معرکہ پیش آ چکا تھا۔ اس لیے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اِتنے بڑے قافلے کے ساتھ اپنے خون کے پیاسے دشمنوں کے گھر کی طرف روانہ ہوئے تو پُورے عرب کی نگاہیں اِس عجیب سفر کی طرف مرکوز ہو گئیں، اور لوگوں نے یہ بھی دیکھ لیا کہ یہ قافلہ لڑنے کے لیے نہیں جا رہا ہے، بلکہ ماہِ حرام میں، اِحرام باندھ کر، ہَدْی کے اُونٹ ساتھ لیے ہوئے بیت اللہ کا طواف کرنے جا رہا ہے اور قطعی طور پر غیر مسلّح ہے۔

قریش کے لوگوں کو حضورؐ کے اِس اقدام نے سخت پریشانی میں ڈال دیا۔ ذی القعدہ کا مہینا اُن حرام مہینوں میں سے تھا جو صدہا برس سے عرب میں حج و زیارت کے لیے محترم سمجھے جاتے تھے۔ اِس مہینے میں جو قافلہ اِحرام باندھ کر حج یا عُمرے کے لیے جا رہا ہو، اُسے روکنے کا کسی کو حق نہ تھا، حتّٰی کہ کسی قبیلے سے اُس کی دشمنی بھی ہو تو عرب کے مُسلَّمہ قوانین کی رُو سے وہ اپنے علاقے سے اس کے گزرنے میں مانع نہ ہو سکتا تھا۔ قریش کے لوگ اِس اُلجھن میں پڑ گئے کہ اگر ہم مدینے کے اِس قافلے پر حملہ کر کے اسے مکّۂ معظّمہ میں داخل ہونے سے روکتے ہیں تو پورے ملک میں اس پر شور مچ جائے گا۔ عرب کا ہر شخص پکار اُٹھے گا کہ یہ سراسر زیادتی ہے۔ تمام قبائلِ عرب یہ سمجھیں گے کہ ہم خانۂ کعبہ کے مالک بن بیٹھے ہیں۔ ہر قبیلہ اِس تشویش میں مبتلا ہو جائے گا کہ آیندہ کسی کو حج اور عمرہ کرنے دینا یا نہ کرنے دینا اب ہماری مرضی پر موقوف ہے، جس سے بھی ہم ناراض ہوں گے اسے بیت اللہ کی زیارت کرنے سے اسی طرح روک دیں گے جس طرح آج مدینے کے اِن زائرین کو روک رہے ہیں۔ یہ ایسی غَلَطی ہو گی جس سے سارا عرب ہم سے منحرف ہو جائے گا۔ لیکن اگر ہم محمد صلی اللہ علیہ وسلم

---

[1] یہ مقام مدینے سے مکّے کی جانب تقریباً ۶ میل کے فاصلے پر واقع ہے۔ اب اسے بئرِ علی کہتے ہیں، اور مدینے کے حاجی اِسی مقام سے حج اور عُمرے کا اِحرام باندھتے ہیں۔

کو اتنے بڑے قافلے کے ساتھ بخیریت اپنے شہر میں داخل ہو جانے دیتے ہیں تو پُورے ملک میں ہماری ہوا اکھڑ جائے گی، اور لوگ کہیں گے کہ ہم محمدؐ سے مرعوب ہو گئے۔ آخر کار بڑی شش و پنج کے بعد اُن کی جاہلانہ حمیت ہی اُن پر غالب آ کر رہی، اور انھوں نے اپنی ناک کی خاطر یہ فیصلہ کرلیا کہ کسی قیمت پر بھی اس قافلے کو اپنے شہر میں داخل نہیں ہونے دینا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بنی کَعب کے ایک شخص کو مُخبر کی حیثیت سے آگے بھیج رکھا تھا، تاکہ وہ قریش کے ارادوں اور ان کی نقل و حرکت سے آپؐ کو بروقت مُطّلَع کرتا رہے۔ جب آپؐ عُسفان[1] پہنچے تو اُس نے آ کر آپؐ کو اطلاع دی کہ قریش کے لوگ پُوری تیاری کے ساتھ ذی طُویٰ[2] کے مقام پر پہنچ گئے ہیں، اور خالد بن ولید کو انھوں نے دو سو سواروں کے ساتھ کُراعُ الغَمِیم[3] کی طرف آگے بھیج دیا ہے تاکہ وہ آپؐ کا راستہ روکیں۔ قریش کی چال یہ تھی کہ کسی نہ کسی طرح آنحضرتؐ کے ساتھیوں سے چھیڑ چھاڑ کر کے اُن کو اشتعال دلائیں، اور پھر اگر لڑائی ہو جائے تو پورے ملک میں یہ مشہور کر دیں کہ یہ لوگ دراصل آئے تھے لڑنے کے لیے، مگر بہانہ انھوں نے عُمرے کا کیا تھا اور اِحرام محض دھوکا دینے کے لیے باندھ رکھا تھا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ اطلاع پاتے ہی فوراً راستہ بدل دیا اور ایک نہایت دشوار گزار راستے سے سخت مَشقّت اُٹھا کر حُدَیبیَہ[4] کے مقام پر پہنچ گئے جو عین حَرم کی سرحد پر واقع تھا۔ یہاں بنی خُزاعہ کا سردار بُدَیل بن وَرقا اپنے قبیلے کے چند آدمیوں کے ساتھ آپؐ کے پاس آیا اور اس نے پوچھا کہ آپ کس غرض کے لیے آئے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: ہم کسی سے لڑنے نہیں آئے، صرف بیت اللہ کی زیارت اور اس کا طواف ہمارے پیشِ نظر ہے۔ یہی بات اِن لوگوں نے جا کر قریش کے سرداروں کو بتا دی اور اُن کو مشورہ دیا کہ وہ اِن زائرینِ حَرم کا راستہ نہ روکیں۔ مگر وہ اپنی ضد پر اَڑے رہے اور انھوں نے اَحابیش[5] کے سردار حُلَیس بن عَلقَمہ کو حضورؐ کے پاس بھیجا، تاکہ وہ آپؐ کو واپس جانے پر آمادہ کرے۔ سردارانِ قریش کا مقصد یہ تھا کہ جب محمد صلی اللہ علیہ وسلم اُس کی بات نہ مانیں گے تو وہ ان سے ناراض ہو کر پلٹے گا اور پھر اَحابیش کی پوری طاقت ہمارے ساتھ ہوگی۔ مگر جب اس نے آ کر اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا کہ سارا قافلہ احرام بند ہے، ہَدْی کے اُونٹ سامنے کھڑے ہیں

---

[1] یہ مقام مدینہ سے مکّہ کے راستے پر، مکّہ سے تقریباً دو دن کی مَسافت پر واقع ہے۔ (یعنی اونٹ کی سواری پر یہاں سے مکّہ پہنچنے میں دو دن لگتے ہیں۔)

[2] مکّے سے باہر عُسفان کے راستے پر ایک مقام۔

[3] عُسفان سے آٹھ میل کے فاصلے پر، مکّے کی جانب۔

[4] یہ مقام جِدّہ سے مکّہ جانے والی سڑک پر ٹھیک اُس جگہ واقع ہے جہاں سے حُدودِ حرم شروع ہوتی ہیں۔ اب اسے شُمَیسی کہتے ہیں۔ مکّے سے اس کا فاصلہ تقریباً ۱۳ میل ہے۔

[5] یہ اطرافِ مکہ میں رہنے والے چند قبائل کا مجموعہ تھا جس سے قریش کے حلیفانہ تعلقات تھے۔

جن کی گردنوں میں قلادے پڑے ہوئے ہیں، اور یہ لوگ لڑنے کے لیے نہیں بلکہ بیت اللہ کا طواف کرنے کے لیے آئے ہیں تو وہ حضورؐ سے کوئی بات کیے بغیر مکّے کی طرف پلٹ گیا اور اس نے جا کر قریش کے سرداروں سے صاف صاف کہہ دیا کہ یہ لوگ بیت اللہ کی عظمت مان کر اس کی زیارت کے لیے آئے ہیں۔ اگر تم ان کو روکو گے تو اَحابیش اِس کام میں تمھارا ساتھ ہرگز نہ دیں گے۔ ہم تمھارے حلیف اس لیے نہیں بنے ہیں کہ تم حُرمتوں کو پامال کرو اور ہم اس میں تمھاری حمایت کریں۔

پھر قریش کی طرف سے عُروَہ بن مسعود ثَقَفی آیا اور اس نے اپنے نزدیک بڑی اُونچ نیچ سمجھا کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اِس بات پر آمادہ کرنا چاہا کہ آپؐ مکّے میں داخل ہونے کے ارادے سے باز آ جائیں، مگر آپؐ نے اس کو بھی وہی جواب دیا جو بنی خُزاعہ کے سردار کو دیا تھا کہ ہم لڑائی کے ارادے سے نہیں آئے ہیں، بلکہ بیت اللہ کی تعظیم کرنے والے بن کر ایک دینی فریضہ بجالانے کے لیے آئے ہیں۔ واپس جا کر عُروَہ نے قریش کے لوگوں سے کہا کہ مَیں قیصر وکسریٰ اور نَجاشی کے درباروں میں بھی گیا ہوں، مگر خدا کی قسم! میں نے اصحابِ محمدؐ کو جس طرح محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کا فدائی دیکھا ہے، ایسا منظر کسی بڑے سے بڑے بادشاہ کے ہاں بھی نہیں دیکھا۔ اِن لوگوں کا حال تو یہ ہے کہ محمدؐ وضو کرتے ہیں تو ان کے اصحاب پانی کا ایک قطرہ تک زمین پر نہیں گرنے دیتے اور سب اپنے جسم اور کپڑوں پر مَل لیتے ہیں۔ اب تم لوگ سوچ لو کہ تمھارا مقابلہ کس سے ہے۔

اس دوران میں، جب کہ ایلچیوں کی آمد ورفت اور گفت وشنید کا یہ سلسلہ جاری تھا، قریش کے لوگ بار بار یہ کوشش کرتے رہے کہ چپکے سے حضورؐ کے کیمپ پر چھاپے مار کر صحابہؓ کو اشتعال دلائیں اور کسی نہ کسی طرح اُن سے کوئی ایسا اقدام کرالیں جس سے لڑائی کا بہانہ ہاتھ آ جائے۔ مگر ہر مرتبہ صحابہؓ کے صبر وضبط اور حضورؐ کی حکمت وفراست نے ان کی ساری تدبیروں کو ناکام کر دیا۔ ایک دفعہ ان کے چالیس پچاس آدمی رات کے وقت آئے اور مسلمانوں کے پڑاؤ پر پتھر اور تیر برسانے لگے۔ صحابہؓ نے ان سب کو گرفتار کر کے حضورؐ کے سامنے پیش کر دیا، مگر آپؐ نے ان سب کو چھوڑ دیا۔ ایک اور موقع پر تنعیم[1] کی طرف سے ۸۰ آدمی عین نمازِ فجر کے وقت آئے اور انھوں نے اچانک چھاپا مار دیا۔ یہ لوگ بھی پکڑے گئے، مگر حضورؐ نے انھیں بھی رہا کر دیا۔ اِس طرح قریش کو اپنی ہر چال اور ہر تدبیر میں ناکامی ہوتی چلی گئی۔

آخر کار حضورؐ نے خود اپنی طرف سے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو ایلچی بنا کر مکّہ بھیجا اور ان کے ذریعے سے سردارانِ قریش کو یہ پیغام دیا کہ ہم جنگ کے لیے نہیں بلکہ زیارت کے لیے ہدی ساتھ لے کر آئے ہیں، طواف اور قربانی کر کے واپس چلے جائیں گے۔ مگر وہ لوگ نہ مانے اور حضرت عثمانؓ کو مکّہ ہی میں روک لیا۔ اس دوران

---

[1] یہ مکّے کے قریب حُدودِ حرم سے باہر ایک مقام ہے۔ مکّے کے لوگ بالعموم عُمرہ کرنے کی خاطر اسی مقام پر جا کر احرام باندھتے ہیں اور پھر واپس آ کر عمرہ ادا کرتے ہیں۔

میں یہ خبر اُڑ گئی کہ حضرت عثمانؓ قتل کر دیے گئے ہیں، اور ان کے واپس نہ آنے سے مسلمانوں کو یقین ہو گیا کہ یہ خبر سچی ہے۔ اب مزید تحمّل کا کوئی موقع نہ تھا۔ مکے میں داخلے کی بات تو دوسری تھی، اس کے لیے طاقت کا استعمال ہرگز پیشِ نظر نہ تھا۔ مگر جب نوبت سفیر کے قتل تک پہنچ گئی تو پھر اس کے سوا کوئی چارہ باقی نہ رہا کہ مسلمان جنگ کے لیے تیار ہو جائیں۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے تمام ساتھیوں کو جمع کیا اور ان سے اِس بات پر بیعت لی کہ اب یہاں سے ہم مرتے دم تک پیچھے نہ ہٹیں گے۔ موقع کی نزاکت نگاہ میں ہو تو آدمی سمجھ سکتا ہے کہ یہ کوئی معمولی بیعت نہ تھی۔ مسلمان صرف ۱۴ سو تھے اور کسی سامانِ جنگ کے بغیر آئے تھے۔ اپنے مرکز سے ڈھائی سو میل دُور، عین مکّہ کی سرحد پر ٹھیرے ہوئے تھے، جہاں دشمن اپنی پُوری طاقت کے ساتھ ان پر حملہ آور ہو سکتا تھا اور گرد و پیش سے اپنے حامی قبیلوں کو لا کر بھی انھیں گھیرے میں لے سکتا تھا۔ اس کے باوجود ایک شخص کے سوا پورا قافلہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ پر مرنے مارنے کی بیعت کرنے کے لیے بلا تأمّل آمادہ ہو گیا۔ اس سے بڑھ کر ان لوگوں کے اخلاصِ ایمانی اور راہِ خدا میں ان کی فدائیت کا اور کیا ثبوت ہو سکتا ہے۔ یہی وہ بیعت ہے جو بیعتِ رضوان کے نام سے تاریخِ اسلام میں مشہور ہے۔

بعد میں معلوم ہوا کہ حضرت عثمانؓ کے قتل کی خبر غلط تھی۔ حضرت عثمانؓ خود بھی واپس آ گئے اور قریش کی طرف سے سُہَیل بن عَمْرو کی قیادت میں ایک وفد بھی صلح کی بات چیت کرنے کے لیے حضورؐ کے کیمپ میں پہنچ گیا۔ اب قریش اپنی اِس ضد سے ہٹ گئے تھے کہ وہ حضورؐ کو اور آپؐ کے ساتھیوں کو سرے سے مکے میں داخل ہی نہ ہونے دیں گے۔ البتہ اپنی ناک بچانے کے لیے ان کو صرف یہ اصرار تھا کہ آپ اِس سال واپس چلے جائیں، آیندہ سال آپ عمرے کے لیے آ سکتے ہیں۔ طویل گفت و شنید کے بعد جن شرائط پر صلح نامہ لکھا گیا، وہ یہ تھیں:

(۱) دس سال تک فریقین کے درمیان جنگ بند رہے گی، اور ایک دوسرے کے خلاف خفیہ یا عَلانیہ کوئی کارروائی نہ کی جائے گی۔

(۲) اس دَوران میں قریش کا جو شخص اپنے ولی کی اجازت کے بغیر بھاگ کر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جائے گا اسے آپؐ واپس کر دیں گے، اور آپؐ کے ساتھیوں میں سے جو شخص قریش کے پاس چلا جائے گا اسے وہ واپس نہ کریں گے۔

(۳) قبائلِ عرب میں سے جو قبیلہ بھی فریقین میں سے کسی ایک کا حلیف بن کر اِس معاہدے میں شامل ہونا چاہے گا اُسے اِس کا اختیار ہو گا۔

(۴) محمد صلی اللہ علیہ وسلم اِس سال واپس جائیں گے اور آیندہ سال وہ عمرے کے لیے آ کر تین دن مکّے میں ٹھیر سکتے ہیں، بشرطیکہ پرتلوں میں صرف ایک ایک تلوار لے کر آئیں، اور کوئی سامانِ حرب ساتھ نہ لائیں۔

اِن تین دنوں میں اہلِ مکّہ اُن کے لیے شہر خالی کر دیں گے (تاکہ کسی تصادم کی نوبت نہ آئے)۔ مگر واپس جاتے ہوئے وہ یہاں کے کسی شخص کو اپنے ساتھ لے جانے کے مجاز نہ ہوں گے۔

جس وقت اس معاہدے کی شرائط طے ہو رہی تھیں، مسلمانوں کا پورا لشکر سخت مضطرب تھا۔ کوئی شخص بھی اُن مصلحتوں کو نہیں سمجھ رہا تھا جنھیں نگاہ میں رکھ کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم یہ شرائط قبول فرما رہے تھے۔ کسی کی نظر اتنی دُور رَس نہ تھی کہ اس صلح کے نتیجے میں جو خیرِ عظیم رونما ہونے والی تھی، اسے دیکھ سکے۔ کفارِ قریش اسے اپنی کامیابی سمجھ رہے تھے، اور مسلمان اِس پر بے تاب تھے کہ ہم آخر دب کر یہ ذلیل شرائط کیوں قبول کریں۔ حضرت عمرؓ جیسے بالغ النظر مدبر تک کا یہ حال تھا کہ وہ کہتے ہیں: مسلمان ہونے کے بعد کبھی میرے دل میں شک نے راہ نہ پائی تھی، مگر اس موقع پر میں بھی اس سے محفوظ نہ رہ سکا۔ وہ بے چین ہو کر حضرت ابوبکرؓ کے پاس گئے اور کہا: ''کیا حضورؐ اللہ کے رسول نہیں ہیں؟ کیا ہم مسلمان نہیں ہیں؟ کیا یہ لوگ مشرک نہیں ہیں؟ پھر آخر ہم اپنے دین کے معاملے میں یہ ذلّت کیوں اختیار کریں؟'' انھوں نے جواب دیا: ''اے عمر! وہ اللہ کے رسول ہیں اور اللہ ان کو ہرگز ضائع نہ کرے گا۔'' پھر اُن سے صبر نہ ہوا۔ جا کر یہی سوالات خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی کیے، اور حضورؐ نے بھی ان کو ویسا ہی جواب دیا جیسا حضرت ابوبکرؓ نے دیا تھا۔ بعد میں حضرت عمرؓ مدتوں اس گفتگو پر نادم رہے جو انھوں نے اس موقع پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کی تھی اور صدقات و نوافل ادا کرتے رہے، تاکہ اللہ تعالیٰ انھیں معاف فرما دے۔

سب سے زیادہ دو باتیں اس مُعاہدے میں لوگوں کو بُری طرح کَھل رہی تھیں۔ ایک، شرط نمبر ۲، جس کے متعلق لوگ کہتے تھے کہ یہ صریح نامُساوی شرط ہے۔ اگر مکے سے بھاگ کر آنے والوں کو ہم واپس کریں تو مدینے سے بھاگ کر جانے والے کو وہ کیوں نہ واپس کریں؟ حضورؐ نے اِس پر فرمایا: جو ہمارے ہاں سے بھاگ کر اُن کے پاس چلا جائے، وہ آخر ہمارے کس کام کا ہے؟ اللہ اسے ہم سے دُور ہی رکھے۔ اور جو اُن کے ہاں سے بھاگ کر ہمارے پاس آ جائے، اسے اگر ہم واپس کر دیں گے تو اللہ اس کے لیے خلاصی کی کوئی اور صورت پیدا فرما دے گا۔ دوسری چیز جو لوگوں کے دلوں میں کھٹک رہی تھی، وہ چوتھی شرط تھی۔ مسلمان یہ سمجھ رہے تھے کہ اسے ماننے کے معنٰی یہ ہیں کہ تمام عرب کے سامنے گویا ہم ناکام واپس جا رہے ہیں۔ مزید برآں یہ سوال بھی دلوں میں خلش پیدا کر رہا تھا کہ حضورؐ نے تو خواب میں یہ دیکھا تھا کہ ہم مکّے میں طواف کر رہے ہیں، مگر یہاں تو ہم طواف کیے بغیر واپس جانے کی شرط مان رہے ہیں۔ حضورؐ نے اس پر لوگوں کو سمجھایا کہ خواب میں آخر اِسی سال طواف کرنے کی صراحت تو نہ تھی۔ شرائطِ صلح کے مطابق اِس سال نہیں تو اگلے سال اِن شاء اللہ طواف ہوگا۔

جلتی پر تیل کا کام جس واقعے نے کیا، وہ یہ تھا کہ عین اُس وقت جب صلح کا معاہدہ لکھا جا رہا تھا، سُہَیل بن عَمرو کے اپنے صاحبزادے ابو جَندَل، جو مسلمان ہو چکے تھے اور کفارِ مکّہ نے ان کو قید کر رکھا تھا،

کسی نہ کسی طرح بھاگ کر حضورؐ کے کیمپ میں پہنچ گئے۔ ان کے پاؤں میں بیڑیاں تھیں اور جسم پر تشدُّد کے نشانات تھے۔ انھوں نے حضورؐ سے فریاد کی کہ مجھے اِس حبسِ بے جا سے نجات دلائی جائے۔ صحابۂ کرامؓ کے لیے یہ حالت دیکھ کر ضبط کرنا مشکل ہو گیا۔ مگر سُہَیل بن عَمْرو نے کہا کہ صلح نامے کی تحریر چاہے مکمل نہ ہوئی ہو، شرائط تو ہمارے اور آپ کے درمیان طے ہو چکی ہیں، اس لیے اس لڑکے کو میرے حوالے کیا جائے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی حجت تسلیم فرمالی اور ابوجَندَل ظالموں کے حوالے کر دیے گئے۔

صلح سے فارغ ہو کر حضورؐ نے صحابہؓ سے فرمایا کہ اب یہیں قربانی کر کے سر منڈواؤ اور اِحرام ختم کر دو۔ مگر کوئی اپنی جگہ سے نہ ہلا۔ حضورؐ نے تین مرتبہ حکم دیا، مگر صحابہؓ پر اُس وقت رنج وغم اور دل شکستگی کا ایسا شدید غلبہ تھا کہ انھوں نے اپنی جگہ سے حرکت تک نہ کی۔ حضورؐ کے پُورے دَورِ رسالت میں اس ایک موقع کے سوا کبھی یہ صورت پیش نہیں آئی کہ آپؐ صحابہؓ کو حکم دیں اور وہ اس کی تعمیل کے لیے دوڑ نہ پڑیں۔ حضورؐ کو اس پر سخت صدمہ ہوا اور آپؐ نے اپنے خیمے میں جا کر اُمُّ المومنین حضرت اُمِّ سَلَمَہؓ سے اپنی کَبیدہ خاطری کا اظہار فرمایا۔ انھوں نے عرض کیا کہ آپؐ بس خاموشی کے ساتھ تشریف لے جا کر خود اپنا اُونٹ ذبح فرمائیں اور حَجّام کو بلا کر اپنا سر منڈوا لیں۔ اس کے بعد لوگ خود بخود آپؐ کے عمل کی پیروی کریں گے اور سمجھ لیں گے کہ جو فیصلہ ہو چکا ہے وہ اب بدلنے والا نہیں ہے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا، اور آپؐ کے فعل کو دیکھ کر لوگوں نے بھی قربانیاں کر لیں، سر منڈوا لیے یا بال ترشوا لیے اور اِحرام سے نکل آئے۔ مگر دل اُن کے غم سے کٹے جا رہے تھے۔

اس کے بعد جب یہ قافلہ حُدَیبیَہ کی صلح کو اپنی شکست اور ذلّت سمجھتا ہوا مدینے کی طرف واپس جا رہا تھا، اُس وقت ضَجْنَان[1] کے مقام پر (یا بقولِ بعض کُراعُ الْغَمِیم کے مقام پر) یہ سورت نازل ہوئی، جس نے مسلمانوں کو بتایا کہ یہ صلح جس کو وہ شکست سمجھ رہے ہیں، دراصل فتحِ عظیم ہے۔ اس کے نازل ہونے کے بعد حضورؐ نے مسلمانوں کو جمع کیا اور فرمایا: آج مجھ پر وہ چیز نازل ہوئی ہے جو میرے لیے دنیا و مافیہا سے زیادہ قیمتی ہے۔ پھر یہ سورت آپؐ نے تلاوت فرمائی اور خاص طور پر حضرت عمرؓ کو بلا کر اسے سُنایا، کیونکہ وہ سب سے زیادہ رنجیدہ تھے۔

اگرچہ اہلِ ایمان تو اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد سُن کر ہی مطمئن ہو گئے تھے، مگر کچھ زیادہ مدّت نہ گزری تھی کہ اِس صلح کے فوائد ایک ایک کر کے کُھلتے چلے گئے، یہاں تک کہ کسی کو بھی اس امر میں شک نہ رہا کہ فی الواقع یہ صلح ایک عظیم الشان فتح تھی۔

۱- اس میں پہلی مرتبہ عرب میں اسلامی ریاست کا وجود باقاعدہ تسلیم کیا گیا۔ اس سے پہلے تک عربوں کی نگاہ میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آپؐ کے ساتھیوں کی حیثیت محض قریش اور قبائلِ عرب کے خلاف

---

[1] مکّے سے تقریباً ۲۵ میل کے فاصلے پر ایک مقام۔

خُروج کرنے والے ایک گروہ کی تھی اور وہ ان کو برادری باہر (outlaw) سمجھتے تھے۔ اب خود قریش ہی نے آپؐ سے معاہدہ کر کے سلطنتِ اسلامی کے مقبوضات پر آپؐ کا اقتدار مان لیا اور قبائلِ عرب کے لیے یہ دروازہ بھی کھول دیا کہ اِن دونوں سیاسی طاقتوں میں سے جس کے ساتھ چاہیں حلیفانہ مُعاہدات کر لیں۔

۲- مسلمانوں کے لیے زیارتِ بیت اللہ کا حق تسلیم کر کے قریش نے آپ سے آپ گویا یہ بھی مان لیا کہ اسلام کوئی بے دینی نہیں ہے، جیسا کہ وہ اب تک کہتے چلے آرہے تھے، بلکہ عرب کے مُسَلَّمہ ادیان میں سے ایک ہے، اور دوسرے عربوں کی طرح اس کے پیرو بھی حج و عمرہ کے مَناسِک ادا کرنے کا حق رکھتے ہیں۔ اس سے اہلِ عرب کے دلوں کی وہ نفرت کم ہوگئی جو قریش کے پروپیگنڈے سے اسلام کے خلاف پیدا ہوگئی تھی۔

۳- دس سال کے لیے جنگ بندی کا معاہدہ ہو جانے سے مسلمانوں کو امن میسّر آگیا اور انھوں نے عرب کے تمام اطراف و نواح میں پھیل کر اِس تیزی سے اسلام کی اشاعت کی کہ صلحِ حُدَیْبِیَہ سے پہلے پُورے ۱۹ سال میں اُتنے آدمی مسلمان نہ ہوئے تھے جتنے اس کے بعد دو سال کے اندر ہو گئے۔ یہ اِسی صلح کی برکت تھی کہ یا تو وہ وقت تھا جب حُدَیْبِیَہ کے موقع پر حضورؐ کے ساتھ صرف ۱۴ سو آدمی آئے تھے، یا دو ہی سال کے بعد جب قریش کی عہد شکنی کے نتیجے میں حضورؐ نے مکّے پر چڑھائی کی تو دس ہزار کا لشکر آپؐ کے ہمرکاب تھا۔

۴- قریش کی طرف سے جنگ بند ہو جانے کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ موقع مل گیا کہ اپنے مقبوضات میں اسلامی حکومت کو اچھی طرح مستحکم کر لیں اور اسلامی قانون کے اجرا سے مسلم معاشرے کو ایک مکمل تہذیب و تمدُّن بنا دیں۔ یہی وہ نعمتِ عُظمیٰ ہے جس کے متعلق اللہ تعالیٰ نے سورۂ مائدہ کی آیت ۳ میں فرمایا کہ ’’آج میں نے تمھارے دین کو تمھارے لیے مکمل کر دیا ہے اور اپنی نعمت تم پر تمام کر دی ہے اور تمھارے لیے اسلام کو تمھارے دین کی حیثیت سے قبول کر لیا ہے۔‘‘ (تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد اوّل، دیباچہ سورۂ مائدہ، اور حاشیہ ۱۵)

۵- قریش سے صلح کے بعد جنوب کی طرف سے اطمینان نصیب ہو جانے کا فائدہ یہ بھی ہوا کہ مسلمانوں نے شِمالِ عرب اور وسطِ عرب کی تمام مخالف طاقتوں کو بآسانی مسخّر کر لیا۔ صلحِ حُدَیْبِیَہ پر تین ہی مہینے گزرے تھے کہ یہودیوں کا سب سے بڑا گڑھ، خیبر فتح ہو گیا، اور اس کے بعد فَدَک، وادی القُریٰ، تیما اور تبوک کی یہودی بستیاں اسلام کے زیرِ نگیں آتی چلی گئیں۔ پھر وسطِ عرب کے وہ تمام قبیلے بھی، جو یہود اور قریش کے ساتھ گٹھ جوڑ رکھتے تھے، ایک ایک کر کے تابع فرمان ہو گئے۔ اس طرح حُدَیْبِیَہ کی صلح نے دو ہی سال کے اندر عرب میں قوت کا توازُن اتنا بدل دیا کہ قریش اور مشرکین کی طاقت دب کر رہ گئی اور اسلام کا غلبہ یقینی ہو گیا۔

یہ تھیں وہ برکات جو مسلمانوں کو اُس صلح سے حاصل ہوئیں جسے وہ اپنی ناکامی اور قریش اپنی کامیابی سمجھ رہے تھے۔ سب سے زیادہ جو چیز اِس صلح میں مسلمانوں کو ناگوار ہوئی تھی اور جسے قریش نے اپنی جیت

سمجھا تھا، وہ یہ تھی کہ مکّہ سے بھاگ کر مدینہ جانے والوں کو واپس کر دیا جائے گا اور مدینہ سے بھاگ کر مکّہ جانے والوں کو واپس نہ کیا جائے گا۔ مگر تھوڑی ہی مدّت گزری تھی کہ یہ معاملہ بھی قریش پر اُلٹا پڑا اور تجربے نے بتا دیا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی نگاہِ دُور رس نے اِس کے کن نتائج کو دیکھ کر یہ شرط قبول کی تھی۔ صلح کے کچھ دنوں بعد مکّے سے ایک مسلمان ابوبَصیرؓ قریش کی قید سے بھاگ نکلے اور مدینہ پہنچے۔ قریش نے ان کی واپسی کا مطالبہ کیا اور حضورؐ نے مُعاہَدے کے مطابق انھیں اُن لوگوں کے حوالے کر دیا جو ان کی گرفتاری کے لیے مکّے سے بھیجے گئے تھے۔ مگر مکّہ جاتے ہوئے راستے میں وہ پھر ان کی گرفت سے بچ نکلے اور ساحلِ بحرِ اَحمر کے اُس راستے پر جا بیٹھے جس سے قریش کے تجارتی قافلے گزرتے تھے۔ اس کے بعد جس مسلمان کو بھی قریش کی قید سے بھاگ نکلنے کا موقع ملتا، وہ مدینہ جانے کے بجائے ابوبَصیرؓ کے ٹھکانے پر پہنچ جاتا، یہاں تک کہ ۷۰ آدمی وہاں جمع ہو گئے اور انھوں نے قریش کے قافلوں پر چھاپے مار مار کر ان کا ناطِقہ تنگ کر دیا۔ آخر کار قریش نے خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے درخواست کی کہ ان لوگوں کو مدینہ بلا لیں، اور حُدَیبِیَہ کے معاہدے کی وہ شرط آپ سے ساقط ہو گئی۔

یہ تاریخی پَس منظر نگاہ میں رکھ کر اِس سورہ کو پڑھا جائے تو اسے اچھی طرح سمجھا جا سکتا ہے۔

---

۲۹ ۴
آیاتہا رکوعاتہا

سُوْرَۃُ الْفَتْحِ مَدَنِیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِينًا ﴿١﴾ لِّيَغْفِرَ لَكَ اللَّهُ مَا تَقَدَّمَ مِن ذَنبِكَ وَ
مَا تَأَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيمًا ﴿٢﴾

اے نبیؐ! ہم نے تم کو کُھلی فتح عطا کر دی[1]، تاکہ اللہ تمھاری اگلی پچھلی ہر کوتاہی سے درگزر فرمائے[2] اور تم پر اپنی نعمت کی تکمیل کر دے[3] اور تمھیں سیدھا راستہ دکھائے[4]

۱- صلحِ حُدَیبِیَہ کے بعد جب فتح کا یہ مُژدہ سنایا گیا تو لوگ حیران تھے کہ آخر اس صلح کو فتح کیسے کہا جا سکتا ہے۔ ایمان کی بنا پر اللہ تعالیٰ کے ارشاد کو مان لینے کی بات تو دوسری تھی، مگر اس کے فتح ہونے کا پہلو کسی کی سمجھ میں نہ آرہا تھا۔ حضرت عمرؓ نے یہ آیت سُن کر پوچھا: یارسولؐ اللہ! کیا یہ فتح ہے؟ حضورؐ نے فرمایا: ہاں۔ (ابنِ جَرِیر) ایک اور صحابی حاضر ہوئے اور انھوں نے بھی یہی سوال کیا۔ آپؐ نے فرمایا: اِیْ وَالَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِیَدِہٖ اِنَّہٗ لَفَتْحٌ۔ ''قسم ہے اُس ذات کی جس کے ہاتھ میں محمدؐ کی جان ہے، یقیناً یہ فتح ہے۔'' (مُسندِ احمد، ابوداؤد) مدینہ پہنچ کر ایک اور صاحب نے اپنے ساتھیوں سے کہا: ''یہ کیسی فتح ہے؟ ہم بیت اللہ جانے سے روک دیے گئے، ہماری قربانی کے اُونٹ بھی آگے نہ جاسکے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حُدَیبِیَہ ہی میں رُک جانا پڑا، اور اس صلح کی بدولت ہمارے دو مظلوم بھائیوں (ابوجندلؓ اور ابوبصیرؓ) کو ظالموں کے حوالے کر دیا گیا۔'' نبی صلی اللہ علیہ وسلم تک یہ بات پہنچی تو آپؐ نے فرمایا: ''بڑی غلط بات کہی گئی ہے یہ۔ حقیقت میں تو یہ بہت بڑی فتح ہے۔ تم مشرکوں کے عین گھر پر پہنچ گئے اور انھوں نے آیندہ سال عمرہ کرنے کی درخواست کر کے تمھیں واپس جانے پر راضی کیا۔ انھوں نے تم سے خود جنگ بند کر دینے اور صلح کر لینے کی خواہش کی، حالانکہ ان کے دلوں میں تمھارے لیے جیسا کچھ بُغض ہے، وہ معلوم ہے۔ اللہ نے تم کو ان پر غلبہ عطا کر دیا ہے۔ کیا وہ دن بھول گئے جب اُحُد میں تم بھاگے جارہے تھے اور میں تمھیں پیچھے سے پکار رہا تھا؟ کیا وہ دن بھول گئے جب جنگِ اَحزاب میں ہر طرف سے دشمن چڑھ آئے تھے اور کلیجے منہ کو آرہے تھے؟'' (بَیہَقی بروایت عُروۃ بن زبیرؓ) مگر کچھ زیادہ مدت نہ گزری تھی کہ اس صلح کا فتح ہونا بالکل عیاں ہوتا چلا گیا اور ہر خاص و عام پر یہ بات پوری طرح کھل گئی کہ فی الواقع اسلام کی فتح کا آغاز صلحِ حُدَیبِیَہ ہی سے ہوا تھا۔ حضرت عبداللہؓ بن مسعود، حضرت جابر بن عبداللہؓ، اور حضرت بَراءؓ بن عازِب، تینوں حضرات سے قریب قریب ایک ہی معنٰی میں یہ قول منقول ہوا ہے کہ ''لوگ فتحِ مکّہ کو فتح کہتے ہیں، حالانکہ ہم اصل فتح حُدَیبِیَہ کو سمجھتے ہیں۔'' (بخاری، مسلم، مُسندِ احمد، ابنِ جَرِیر)

۲- جس موقع و محل پر یہ فقرہ ارشاد ہوا ہے، اسے نگاہ میں رکھا جائے تو صاف محسوس ہوتا ہے کہ یہاں جن کوتاہیوں

سے درگزر کرنے کا ذکر ہے، ان سے مراد وہ خامیاں ہیں جو اسلام کی کامیابی و سربلندی کے لیے کام کرتے ہوئے اُس سعی و جُہد میں رہ گئی تھیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قیادت میں پچھلے ۱۹ سال سے مسلمان کر رہے تھے۔ یہ خامیاں کسی انسان کے علم میں نہیں ہیں، بلکہ انسانی عقل تو اُس جِدّ و جُہد میں کوئی نَقص تلاش کرنے سے قطعی عاجز ہے۔ مگر اللہ تعالیٰ کی نگاہ میں کمال کا جو بلند ترین معیار ہے، اس کے لحاظ سے اُس میں کچھ ایسی خامیاں تھیں جن کی وجہ سے مسلمانوں کو اتنی جلدی مشرکینِ عرب پر فیصلہ کُن فتح حاصل نہ ہو سکتی تھی۔ اللہ تعالیٰ کے ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ ان خامیوں کے ساتھ اگر تم جِدّ و جُہد کرتے رہتے تو عرب کے مُسَخَّر ہونے میں ابھی عرصۂ دراز درکار تھا، مگر ہم نے ان ساری کمزوریوں اور کوتاہیوں سے درگزر کر کے محض اپنے فضل سے اُن کی تلافی کر دی، اور حُدَیبِیَہ کے مقام پر تمھارے لیے اُس فتح و ظفر کا دروازہ کھول دیا جو معمول کے مطابق تمھاری اپنی کوششوں سے نصیب نہ ہو سکتی تھی۔

اِس مقام پر یہ بات بھی اچھی طرح سمجھ لینی چاہیے کہ کسی مقصد کے لیے ایک جماعت جو کوشش کر رہی ہو، اُس کی خامیوں کے لیے اُس جماعت کے قائد و رہنما ہی کو مُخاطَب کیا جاتا ہے۔ اس کا مطلب یہ نہیں ہوتا کہ وہ خامیاں قائد کی ذاتی خامیاں ہیں۔ دراصل وہ اُس جِدّ و جُہد کی کمزوریاں ہوتی ہیں جو پُوری جماعت بحیثیتِ مجموعی کر رہی ہوتی ہے۔ مگر خطاب قائد سے کیا جاتا ہے کہ آپ کے کام میں یہ کمزوریاں ہیں۔

تاہم چونکہ روئے سُخن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ہے، اور فرمایا یہ گیا ہے کہ اللہ نے آپؐ کی ہر اگلی پچھلی کوتاہی کو معاف فرما دیا، اس لیے اِن عام الفاظ سے یہ مضمون بھی نکل آیا کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں اُس کے رسولِ پاکؐ کی تمام لَغزشیں (جو آپؐ کے مقامِ بلند کے لحاظ سے لغزشیں تھیں) بخش دی گئیں۔ اسی بنا پر جب صحابۂ کرامؓ حضورؐ کو عبادت میں غیر معمولی مَشَقَّتیں اُٹھاتے ہوئے دیکھتے تھے تو عرض کرتے تھے کہ آپؐ کے تو سب اگلے پچھلے قصور معاف ہو چکے ہیں، پھر آپؐ اپنی جان پر اتنی سختی کیوں اٹھاتے ہیں؟ اور آپؐ جواب میں فرماتے تھے: افلا اکون عبدًا شکورًا ''کیا میں ایک شکر گزار بندہ نہ بنوں؟'' (احمد، بخاری، مسلم، ابوداؤد)

۳- نعمت کی تکمیل سے مراد یہ ہے کہ مسلمان اپنی جگہ ہر خوف، ہر مُزاحمت اور ہر بیرونی مداخلت سے محفوظ ہو کر پوری طرح اسلامی تمدّن و تہذیب اور اسلامی قوانین و احکام کے مطابق زندگی بسر کرنے کے لیے آزاد ہو جائیں، اور ان کو یہ طاقت بھی نصیب ہو جائے کہ وہ دنیا میں اللہ کا کلِمہ بلند کر سکیں۔ کفر و فسق کا غلبہ، جو بندگیِ رب کی راہ میں مانع اور اعلائے کَلِمَۃُ اللہ کی سعی میں مُزاحم ہو، اہلِ ایمان کے لیے سب سے بڑی مصیبت ہے، جسے قرآن ''فتنہ'' قرار دیتا ہے۔ اِس فتنے سے خلاصی پا کر جب ان کو ایک ایسا دار الاسلام میسّر آ جائے جس میں اللہ کا پُورا دین بے کم و کاست نافذ ہو، اور اس کے ساتھ ان کو ایسے ذرائع و وسائل بھی بہم پہنچ جائیں جن سے وہ خدا کی زمین پر کفر و فسق کی جگہ ایمان و تقویٰ کا سکّہ رواں کر سکیں، تو یہ ان پر اللہ کی نعمت کا اِتمام ہے۔ یہ نعمت چونکہ مسلمانوں کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہی کی بدولت حاصل ہوئی تھی، اس لیے اللہ تعالیٰ نے حضورؐ ہی کو مُخاطَب کر کے فرمایا کہ ہم تم پر اپنی نعمت کی تکمیل کر دینا چاہتے تھے، اس لیے یہ فتح ہم نے تم کو عطا کر دی۔

۴- اِس مقام پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سیدھا راستہ دکھانے کا مطلب آپؐ کو فتح و کامرانی کا راستہ دکھانا

وَّ يَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا ﴿۳﴾ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ
فِيْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ لِيَزْدَادُوْٓا اِيْمَانًا مَّعَ اِيْمَانِهِمْ ؕ وَ لِلّٰهِ
جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۴﴾ۙ

اور تم کو زبردست نُصرت بخشے[۵]۔ وہی ہے جس نے مومنوں کے دلوں میں سکینت نازل فرمائی[۶]، تاکہ اپنے ایمان کے ساتھ وہ ایک ایمان اور بڑھا لیں[۷]۔ زمین اور آسمانوں کے سب لشکر اللہ کے قبضۂ قدرت میں ہیں اور وہ علیم و حکیم ہے[۸]۔ (اُس نے یہ کام اِس لیے کیا ہے)

ہے۔ دوسرے الفاظ میں اس سے مراد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حُدَیبیہ کے مقام پر صلح کا یہ معاہدہ کرا کے آپؐ کے لیے وہ راہ ہموار کر دی اور وہ تدبیر آپؐ کو سُجھا دی جس سے آپؐ اسلام کی مُزاحمت کرنے والی تمام طاقتوں کو مغلوب کر لیں۔

۵- دوسرا ترجمہ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ’’تم کو بے مثل نُصرت بخشے‘‘۔ اصل میں لفظ نَصْرًا عَزِیْزًا استعمال ہوا ہے۔ عزیز کے معنیٰ زبردست کے بھی ہیں اور بے نظیر، بے مثل اور نادر کے بھی۔ پہلے معنیٰ کے لحاظ سے اس فقرے کا مطلب یہ ہے کہ اس صلح کے ذریعے سے اللہ نے آپؐ کی ایسی مدد کی ہے جس سے آپؐ کے دشمن عاجز ہو جائیں گے۔ اور دوسرے معنیٰ کے لحاظ سے اس کا مطلب یہ ہے کہ شاذ و نادر ہی کبھی کسی کی مدد کا ایسا عجیب طریقہ اختیار کیا گیا ہے کہ بظاہر جو چیز لوگوں کو محض ایک صلح نامہ، اور وہ بھی دب کر کیا ہوا صلح نامہ نظر آتی ہے، وہی ایک فیصلہ کُن فتح بن جانے والی ہے۔

۶- ’’سکینت‘‘ عربی زبان میں سُکون و اطمینان اور ثباتِ قلب کو کہتے ہیں، اور یہاں اللہ تعالیٰ مومنوں کے دل میں اُس کے نازل کیے جانے کو اُس فتح کا ایک اہم سبب قرار دے رہا ہے جو حُدَیبیہ کے مقام پر اسلام اور مسلمانوں کو نصیب ہوئی۔ اُس وقت کے حالات پر تھوڑا سا غور کرنے سے یہ بات اچھی طرح معلوم ہو جاتی ہے کہ وہ کس قسم کی سکینت تھی جو اس پُورے زمانے میں مسلمانوں کے دلوں میں اُتاری گئی اور کیسے وہ اِس فتح کا سبب بنی۔ جس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عُمرے کے لیے مکّۂ معظمہ جانے کا ارادہ ظاہر فرمایا، اگر مسلمان اُس وقت خوف زدگی میں مبتلا ہو جاتے اور منافقین کی طرح یہ سوچنے لگتے کہ یہ تو صریحاً موت کے منہ میں جانا ہے، یا جب راستے میں یہ اطلاع ملی کہ کفارِ قریش لڑنے مرنے پر آمادہ ہو گئے ہیں، اُس وقت اگر مسلمان اس گھبراہٹ میں مبتلا ہو جاتے کہ ہم کسی جنگی ساز و سامان کے بغیر دشمن کا مقابلہ کیسے کر سکیں گے، اور اِس بنا پر ان کے اندر بھگدڑ مچ جاتی، تو ظاہر ہے کہ وہ نتائج کبھی رُونما نہ ہوتے جو حُدَیبیہ میں رُونما ہوئے۔ پھر جب حُدَیبیہ کے مقام پر کفار نے مسلمانوں کو آگے بڑھنے سے روکا، اور جب انھوں نے چھاپے اور شبخون مار مار کر مسلمانوں کو اِشتعال دلانے کی کوشش کی، اور جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کی اطلاع ملی، اور جب ابوجَندلؓ مظلومیت کی تصویر بنے ہوئے مجمعِ عام میں آ کھڑے ہوئے، ان میں سے ہر موقع ایسا تھا کہ اگر مسلمان اشتعال میں آ کر اُس نظم و ضبط کو توڑ ڈالتے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قائم

لِّيُدۡخِلَ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ وَ الۡمُؤۡمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجۡرِىۡ مِنۡ تَحۡتِهَا

تاکہ مومن مردوں اور عورتوں کو ہمیشہ رہنے کے لیے ایسی جنّتوں میں داخل فرمائے جن کے نیچے

کیا تھا تو سارا کام خراب ہو جاتا۔ سب سے زیادہ یہ کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اُن شرائط پر صلح نامہ طے کرنے لگے جو مسلمانوں کی پُوری جماعت کو سخت ناگوار تھیں، اُس وقت اگر وہ حضورؐ کی نافرمانی کرنے پر اُتر آتے تو حُدَیبیَہ کی فتحِ عظیم شکستِ عظیم میں تبدیل ہو جاتی۔ اب یہ سراسر اللہ ہی کا فضل تھا کہ ان نازک گھڑیوں میں مسلمانوں کو رسولِ پاکؐ کی رہنمائی پر، دینِ حق کی صداقت پر اور اپنے مشن کے برحق ہونے پر کامل اطمینان نصیب ہوا۔ اسی کی بنا پر انھوں نے ٹھنڈے دل سے یہ فیصلہ کیا کہ اللہ کی راہ میں جو کچھ بھی پیش آئے، سب گوارا ہے۔ اسی کی بنا پر وہ خوف، گھبراہٹ، اشتعال، مایوسی، ہر چیز سے محفوظ رہے۔ اسی کی بدولت ان کے کیمپ میں پُورا نظم وضبط برقرار رہا۔ اور اسی کی وجہ سے انھوں نے شرائطِ صلح پر سخت کبیدہ خاطر ہونے کے باوجود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلے پر سرِ تسلیم خم کر دیا۔ یہی وہ سکینت تھی جو اللہ نے مومنوں کے دلوں میں اُتاری تھی، اور اسی کی یہ برکت تھی کہ عُمرے کے لیے نکلنے کا خطرناک ترین اقدام بہترین کامیابی کا مُوجب بن گیا۔

۷ - یعنی ایک ایمان تو وہ تھا جو اِس مہم سے پہلے اُن کو حاصل تھا، اور اُس پر مزید ایمان اُنھیں اِس وجہ سے حاصل ہوا کہ اس مہم کے سلسلے میں جتنی شدید آزمائشیں پیش آتی چلی گئیں، اُن میں سے ہر ایک میں وہ اخلاص، تقویٰ اور اطاعت کی رَوِش پر ثابت قدم رہے۔ یہ آیت بھی من جملہ اُن آیات کے ہے جن سے معلوم ہوتا ہے کہ ایمان ایک جامد و ساکن حالت نہیں ہے، بلکہ اس میں ترقی بھی ہوتی ہے اور تنَزُّل بھی۔ اسلام قبول کرنے کے بعد سے مرتے دم تک مومن کو زندگی میں قدم قدم پر ایسی آزمائشوں سے سابقہ پیش آتا رہتا ہے جن میں اس کے لیے یہ سوال فیصلہ طلب ہوتا ہے کہ آیا وہ اللہ کے دین کی پیروی میں اپنی جان، مال، جذبات، خواہشات، اوقات، آسایشوں اور مفادات کی قربانی دینے کے لیے تیار ہے یا نہیں۔ ایسی ہر آزمایش کے موقع پر اگر وہ قربانی کی راہ اختیار کر لے تو اس کے ایمان کو ترقی اور بالیدگی نصیب ہوتی ہے، اور اگر منہ موڑ جائے تو اس کا ایمان ٹھٹھر کر رہ جاتا ہے، یہاں تک کہ ایک وقت ایسا بھی آجاتا ہے جب وہ ابتدائی سرمایۂ ایمان بھی خطرے میں پڑ جاتا ہے جسے لیے ہوئے وہ دائرۂ اسلام میں داخل ہوا تھا۔ (مزید تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد دوم، تفسیر سورۂ اَنفال، حاشیہ ۲۔ جلد چہارم، الاحزاب، حاشیہ ۳۸)

۸ - مطلب یہ ہے کہ اللہ کے پاس تو ایسے لشکر ہیں جن سے وہ کفار کو جب چاہے تہس نہس کر دے، مگر اس نے کچھ جان کر اور حکمت ہی کی بنا پر یہ ذمہ داری اہلِ ایمان پر ڈالی ہے کہ وہ کفار کے مقابلے میں جِدّوجُہد اور کش مکش کر کے اللہ کے دین کا بول بالا کریں۔ اسی سے ان کے لیے درجات کی ترقی اور آخرت کی کامیابیوں کا دروازہ کھلتا ہے، جیسا کہ آگے کی آیت بتا رہی ہے۔

۹ - قرآنِ مجید میں بالعُموم اہلِ ایمان کے اجر کا ذکر مجموعی طور پر کیا جاتا ہے، مردوں اور عورتوں کو اجر ملنے کی الگ الگ تصریح نہیں کی جاتی۔ لیکن یہاں چونکہ یکجائی ذکر پر اکتفا کرنے سے یہ گمان پیدا ہو سکتا تھا کہ شاید یہ اجر صرف مردوں کے لیے ہو،

الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَ يُكَفِّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ ؕ وَ كَانَ ذٰلِكَ عِنْدَ اللّٰهِ
فَوْزًا عَظِيْمًا ۙ۝۵ وَّ يُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ وَ الْمُنٰفِقٰتِ وَ الْمُشْرِكِيْنَ وَ
الْمُشْرِكٰتِ الظَّآنِّيْنَ بِاللّٰهِ ظَنَّ السَّوْءِ ؕ عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ ۚ
وَ غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَ لَعَنَهُمْ وَ اَعَدَّ لَهُمْ جَهَنَّمَ ؕ وَ سَآءَتْ مَصِيْرًا ۝۶

---

نہریں بہ رہی ہوں گی اور اُن کی بُرائیاں اُن سے دُور کر دے[۱۰]۔۔۔۔اللہ کے نزدیک یہ بڑی کامیابی ہے۔۔۔۔اور اُن منافق مَردوں اور عورتوں اور مشرک مردوں اور عورتوں کو سزا دے جو اللہ کے متعلق بُرے گمان رکھتے ہیں[۱۱]۔ بُرائی کے پھیر میں وہ خود ہی آ گئے[۱۲]، اللہ کا غضب ان پر ہوا اور اس نے ان پر لعنت کی اور ان کے لیے جہنّم مہیّا کر دی جو بہت ہی بُرا ٹھکانا ہے۔

---

اس لیے اللہ تعالیٰ نے مومن عورتوں کے متعلق الگ صراحت کر دی کہ وہ بھی اس اجر میں مومن مردوں کے ساتھ برابر کی شریک ہیں۔ اس کی وجہ ظاہر ہے۔ جن خدا پرست خواتین نے اپنے شوہروں، بیٹوں، بھائیوں اور باپوں کو اِس خطرناک سفر پر جانے سے روکنے اور آہ و فُغاں سے اُن کے حوصلے پست کرنے کے بجائے ان کی ہمت افزائی کی، جنھوں نے ان کے پیچھے ان کے گھر، ان کے مال، ان کی آبرو اور ان کے بچوں کی محافظ بن کر انھیں اِس طرف سے بے فکر کر دیا، جنھوں نے اِس اندیشے سے بھی کوئی واویلا نہ مچایا کہ چودہ سو صحابیوں کے یک لخت چلے جانے کے بعد کہیں گرد و پیش کے کفار و منافقین شہر پر نہ چڑھ آئیں، وہ یقیناً گھر بیٹھنے کے باوجود جہاد کے اجر میں اپنے مَردوں کے ساتھ برابر کی شریک ہونی ہی چاہییں تھیں۔

۱۰- یعنی بَشری کمزوریوں کی بنا پر جو کچھ بھی قصور ان سے سرزد ہو گئے ہوں انھیں معاف کر دے، جنت میں داخل کرنے سے پہلے اُن قصوروں کے ہر اثر سے اُن کو پاک کر دے، اور جنت میں وہ اس طرح داخل ہوں کہ کوئی داغ ان کے دامن پر نہ ہو جس کی وجہ سے وہ وہاں شرمندہ ہوں۔

۱۱- اطرافِ مدینہ کے منافقین کو تو اِس موقع پر یہ گمان تھا، جیسا کہ آگے آیت ۱۲ میں بیان ہوا ہے، کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپؐ کے ساتھی اس سفر سے زندہ واپس نہ آ سکیں گے۔ رہے مکّے کے مشرکین اور ان کے ہم مَشرب کفّار، تو وہ اس خیال میں تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپؐ کے ساتھیوں کو عُمرے سے روک کر وہ گویا آپؐ کو زک دینے میں کامیاب ہو گئے ہیں۔ ان دونوں گروہوں نے یہ جو کچھ بھی سوچا تھا، اس کی تہ میں درحقیقت اللہ تعالیٰ کے متعلق یہ بدگمانی کام کر رہی تھی کہ وہ اپنے نبی کی مدد نہ کرے گا اور حق و باطل کی اس کشمکش میں باطل کو حق کا بول نیچا کرنے کی کھلی چھوٹ دے دے گا۔

۱۲- یعنی جس انجامِ بد سے وہ بچنا چاہتے تھے اور جس سے بچنے کے لیے انھوں نے یہ تدبیریں کی تھیں، اسی کے پھیر میں

وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۝٧
اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝٨ لِّتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ
وَرَسُوْلِهٖ وَتُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوْهُ ؕ وَتُسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۝٩

زمین اور آسمانوں کے لشکر اللہ ہی کے قبضۂ قدرت میں ہیں اور وہ زبردست اور علیم ہے۔[۱۳]

اَے نبیؐ! ہم نے تم کو شہادت دینے والا،[۱۴] بشارت دینے والا اور خبردار کر دینے والا[۱۵] بنا کر بھیجا ہے، تاکہ اَے لوگو! تم اللہ اور اس کے رسولؐ پر ایمان لاؤ اور اُس کا ساتھ دو، اس کی تعظیم و توقیر کرو اور صبح و شام اس کی تسبیح کرتے رہو۔[۱۶]

---

وہ آگئے اور ان کی وہی تدبیریں اُس انجام کو قریب لانے کا سبب بن گئیں۔

۱۳- یہاں اِس مضمون کو ایک دوسرے مقصد کے لیے دُہرایا گیا ہے۔ آیت ۴ میں اُسے اِس غرض کے لیے بیان کیا گیا تھا کہ اللہ تعالیٰ نے کفار کے مقابلے میں لڑنے کا کام اپنے فوق الفطری لشکروں سے لینے کے بجائے مومنین سے اس لیے لیا ہے کہ وہ ان کو نوازنا چاہتا ہے۔ اور یہاں اس مضمون کو دوبارہ اس لیے بیان کیا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ جس کو سزا دینا چاہے، اس کی سرکوبی کے لیے وہ اپنے بے شمار لشکروں میں سے جس کو چاہے استعمال کر سکتا ہے، کسی میں یہ طاقت نہیں ہے کہ اپنی تدبیروں سے وہ اُس کی سزا کو ٹال سکے۔

۱۴- شاہ ولی اللہ صاحبؒ نے شاہد کا ترجمہ ”اظہارِ حق کنندہ“ فرمایا ہے اور دوسرے مترجمین اس کا ترجمہ ”گواہی دینے والا“ کرتے ہیں۔ شہادت کا لفظ ان دونوں مفہومات پر حاوی ہے۔ (تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد چہارم، تفسیر سورۂ احزاب، حاشیہ ۸۲)

۱۵- تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد چہارم، تفسیر سورۂ احزاب، حاشیہ ۸۳۔

۱۶- بعض مفسرین نے تُعَزِّرُوْهُ اور تُوَقِّرُوْهُ کی ضمیروں کا مرجع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اور تُسَبِّحُوْهُ کی ضمیر کا مرجع اللہ تعالیٰ کو قرار دیا ہے۔ یعنی ان کے نزدیک آیت کا مطلب یہ ہے کہ ”تم رسول کا ساتھ دو اور اس کی تعظیم و توقیر کرو، اور صبح و شام اللہ کی تسبیح کرتے رہو۔“ لیکن ایک ہی سلسلۂ کلام میں ضمیروں کے دو الگ الگ مرجع قرار دینا، جب کہ اس کے لیے کوئی قرینہ موجود نہیں ہے، دُرست نہیں معلوم ہوتا۔ اسی لیے مفسرین کے ایک دوسرے گروہ نے تمام ضمیروں کا مرجع اللہ تعالیٰ ہی کو قرار دیا ہے اور ان کے نزدیک عبارت کا مطلب یہ ہے کہ ”تم اللہ کا ساتھ دو، اس کی تعظیم و توقیر کرو اور صبح و شام اس کی تسبیح کرتے رہو“۔

صبح و شام تسبیح کرنے سے مراد صرف صبح و شام ہی نہیں بلکہ ہمہ وقت تسبیح کرتے رہنا ہے۔ یہ ایسا ہی ہے جیسے ہم کہتے ہیں:

اِنَّ الَّذِيۡنَ يُبَايِعُوۡنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوۡنَ اللّٰهَ ؕ يَدُ اللّٰهِ فَوۡقَ
اَيۡدِيۡهِمۡ ۚ فَمَنۡ نَّكَثَ فَاِنَّمَا يَنۡكُثُ عَلٰى نَفۡسِهٖ ۚ وَمَنۡ
اَوۡفٰى بِمَا عٰهَدَ عَلَيۡهُ اللّٰهَ فَسَيُؤۡتِيۡهِ اَجۡرًا عَظِيۡمًا ۞ ١٠

اے نبیؐ! جو لوگ تم سے بیعت کر رہے تھے[17]، وہ دراصل اللہ سے بیعت کر رہے تھے۔ ان کے ہاتھ پر اللہ کا ہاتھ تھا[18]۔ اب جو اس عہد کو توڑے گا، اُس کی عہد شکنی کا وبال اس کی اپنی ہی ذات پر ہوگا، اور جو اُس عہد کو وفا کرے گا جو اس نے اللہ سے کیا ہے[19]، اللہ عنقریب اس کو بڑا اجر عطا فرمائے گا۔

"فلاں بات کا شہرہ مشرق و مغرب میں پھیلا ہوا ہے"، تو اس کا مطلب یہ نہیں ہوتا کہ صرف مشرق اور مغرب کے لوگ اس بات کو جانتے ہیں، بلکہ اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ ساری دنیا میں اس کا چرچا ہو رہا ہے۔

۱۷- اشارہ ہے اُس بیعت کی طرف جو مکہ معظمہ میں حضرت عثمانؓ کے شہید ہو جانے کی خبر سُن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابۂ کرامؓ سے حُدَیبِیَہ کے مقام پر لی تھی۔ بعض روایات کی رُو سے یہ بیعت علی الموت تھی، اور بعض روایات کے مطابق بیعت اِس بات پر لی گئی تھی کہ ہم میدانِ جنگ سے پیٹھ نہ پھیریں گے۔ پہلی بات حضرت سَلَمَہؓ بن اَکْوَع سے مروی ہے، اور دوسری حضراتِ ابنِ عمرؓ، جابر بن عبداللہؓ اور مَعْقِلؓ بن یَسار سے۔ مآل دونوں کا ایک ہی ہے۔ صحابہؓ نے رسولِ پاکؐ کے ہاتھ پر بیعت اس بات کی کی تھی کہ حضرت عثمانؓ کی شہادت کا معاملہ اگر صحیح ثابت ہوا تو وہ سب یہیں اور اسی وقت قریش سے نمٹ لیں گے، خواہ نتیجے میں وہ سب کٹ ہی کیوں نہ مریں۔ اِس موقع پر چونکہ یہ امر ابھی یقینی نہیں تھا کہ حضرت عثمانؓ واقعی شہید ہو چکے ہیں یا زندہ ہیں، اس لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کی طرف سے خود اپنا ایک ہاتھ دوسرے ہاتھ پر رکھ کر بیعت فرمائی، اور اس طرح ان کو یہ شَرَفِ عظیم حاصل ہوا کہ آپؐ نے اپنے دستِ مبارک کو ان کے ہاتھ کا قائم مقام بنا کر انھیں اس بیعت میں شریک فرمایا۔ حضورؐ کا اُن کی طرف سے خود بیعت کرنا لازماً یہ معنیٰ رکھتا ہے کہ حضورؐ کو ان پر پُوری طرح یہ اعتماد تھا کہ اگر وہ موجود ہوتے تو یقیناً بیعت کرتے۔

۱۸- یعنی جس ہاتھ پر لوگ اس وقت بیعت کر رہے تھے وہ شخصِ رسول کا ہاتھ نہیں بلکہ اللہ کے نمایندے کا ہاتھ تھا، اور یہ بیعت رسول کے واسطے سے درحقیقت اللہ تعالیٰ کے ساتھ ہو رہی تھی۔

۱۹- اس مقام پر ایک لطیف نکتہ نگاہ میں رہنا چاہیے۔ عربی زبان کے عام قاعدے کی رُو سے یہاں عٰهَدَ عَلَيۡهِ اللّٰهَ پڑھا جانا چاہیے تھا، لیکن اس عام قاعدے سے ہٹ کر اس جگہ عَلَيۡهُ اللّٰهَ پڑھا جاتا ہے۔ علامہ آلُوسیؒ نے اس غیر معمولی اِعراب کے دو وجوہ بیان کیے ہیں: ایک یہ کہ اس خاص موقع پر اُس ذات کی بزرگی اور جلالتِ شان کا اظہار مقصود ہے

سَيَقُوْلُ لَكَ الْمُخَلَّفُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ شَغَلَتْنَآ اَمْوَالُنَا وَاَهْلُوْنَا فَاسْتَغْفِرْ لَنَا ۚ يَقُوْلُوْنَ بِاَلْسِنَتِهِمْ مَّا لَيْسَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۭ قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا اِنْ اَرَادَ بِكُمْ ضَرًّا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ نَفْعًا ۭ بَلْ كَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۱۱﴾

اَے نبیؐ! بَدْوی عربوں[۲۰] میں سے جو لوگ پیچھے چھوڑ دیے گئے تھے، اب وہ آکر ضرور تم سے کہیں گے کہ ”ہمیں اپنے اموال اور بال بچّوں کی فکر نے مشغول کر رکھا تھا، آپ ہمارے لیے مغفرت کی دُعا فرمائیں۔“ یہ لوگ اپنی زبانوں سے وہ باتیں کہتے ہیں جو ان کے دلوں میں نہیں ہوتیں[۲۱]۔ ان سے کہنا: ”اچھا، یہی بات ہے تو کون تمھارے معاملے میں اللہ کے فیصلے کو روک دینے کا کچھ بھی اختیار رکھتا ہے اگر وہ تمھیں کوئی نقصان پہنچانا چاہے یا نفع بخشنا چاہے؟ تمھارے اعمال سے تو اللہ ہی باخبر ہے[۲۲]۔ (مگر اصل بات وہ نہیں ہے جو تم کہہ رہے ہو)

جس کے ساتھ یہ عہد استوار کیا جا رہا تھا، اس لیے یہاں عَلَيْهِ کے بجائے عَلَيْهُ ہی زیادہ مناسب ہے۔ دوسرے یہ کہ عَلَيْهِ میں ہ دراصل ھُوَ کی قائم مقام ہے اور اس کا اصلی اِعراب پیش ہی تھا نہ کہ زیر۔ لہٰذا یہاں اس کے اصلی اِعراب کو باقی رکھنا وفائے عہد کے مضمون سے زیادہ مناسبت رکھتا ہے۔

۲۰- یہ اَطرافِ مدینہ کے اُن لوگوں کا ذکر ہے جنھیں عُمرے کی تیاری شروع کرتے وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ساتھ چلنے کی دعوت دی تھی، مگر وہ ایمان کا دعویٰ رکھنے کے باوجود صرف اس لیے اپنے گھروں سے نہ نکلے تھے کہ انھیں اپنی جان عزیز تھی۔ رِوایات سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ اسلم، مُزَیْنَہ، جُہَیْنَہ، غِفار، اَشْجَع، دِیل وغیرہ قبائل کے لوگ تھے۔

۲۱- اس کے دو مطلب ہیں: ایک یہ کہ تمھارے مدینہ پہنچنے کے بعد یہ لوگ اپنے نہ نکلنے کے لیے جو عذر اب پیش کریں گے وہ محض ایک جھوٹا بہانہ ہوگا، ورنہ ان کے دل جانتے ہیں کہ وہ دراصل کیوں بیٹھ رہے تھے۔ دوسرے یہ کہ ان کا اللہ کے رسولؐ سے دعائے مغفرت کی درخواست کرنا محض زبانی جمع خرچ ہوگا۔ اصل میں وہ نہ اپنی اس حرکت پر نادم ہیں، نہ انھیں یہ احساس ہے کہ انھوں نے رسولؐ کا ساتھ نہ دے کر کسی گناہ کا ارتکاب کیا ہے، اور نہ ان کے دل میں مغفرت کی کوئی طلب ہے۔ اپنے نزدیک تو وہ یہ سمجھتے ہیں کہ انھوں نے اس خطرناک سفر پر نہ جا کر بڑی عقلمندی کی ہے۔ اگر انھیں واقعی اللہ اور اس کی مغفرت کی کوئی پروا ہوتی تو وہ گھر بیٹھے ہی کیوں رہتے۔

بَلْ ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ يَّنْقَلِبَ الرَّسُوْلُ وَ الْمُؤْمِنُوْنَ اِلٰۤى اَهْلِيْهِمْ
اَبَدًا وَّ زُيِّنَ ذٰلِكَ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَ ظَنَنْتُمْ ظَنَّ السَّوْءِ ۚۖ وَ كُنْتُمْ
قَوْمًۢا بُوْرًا ﴿۱۲﴾ وَ مَنْ لَّمْ يُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ فَاِنَّاۤ اَعْتَدْنَا
لِلْكٰفِرِيْنَ سَعِيْرًا ﴿۱۳﴾ وَ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ يَغْفِرُ

بلکہ تم نے یوں سمجھا کہ رسولؐ اور مومنین اپنے گھر والوں میں ہرگز پلٹ کر نہ آسکیں گے اور یہ خیال تمھارے دلوں کو بہت بھلا لگا[۲۳] اور تم نے بہت بُرے گمان کیے اور تم سخت بد[۲۴] باطن لوگ ہو۔"

اللہ اور اس کے رسولؐ پر جو لوگ ایمان نہ رکھتے ہوں، ایسے کافروں کے لیے ہم نے بھڑکتی ہوئی آگ مہیّا کر رکھی ہے[۲۵]۔ آسمانوں اور زمین کی بادشاہی کا مالک اللہ ہی ہے۔ جسے چاہے

۲۲ – یعنی اللہ کا فیصلہ تو اُس علم کی بنا پر ہوگا جو وہ تمھارے عمل کی حقیقت کے متعلق رکھتا ہے۔ اگر تمھارا عمل سزا کا مستحق ہو اور میں تمھارے لیے مغفرت کی دعا کردوں تو میری یہ دعا تمھیں اللہ کی سزا سے نہ بچاوے گی۔ اور اگر تمھارا عمل سزا کا مستحق نہ ہو اور میں تمھارے حق میں اِستغفار نہ کروں تو میرا اِستغفار نہ کرنا تمھیں کوئی نقصان نہ پہنچاوے گا۔ اختیار میرا نہیں بلکہ اللہ کا ہے، اور اس کو کسی کی زبانی باتیں دھوکا نہیں دے سکتیں۔ اس لیے تمھارے ظاہری قول کو مَیں سچ مان بھی لُوں اور اس بنا پر تمھارے حق میں دعائے مغفرت بھی کردوں تو اس کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔

۲۳ – یعنی تم اس بات پر بہت خوش ہوئے کہ رسولؐ اور اس کا ساتھ دینے والے اہلِ ایمان جس خطرے کے منہ میں جا رہے ہیں، اس سے تم نے اپنے آپ کو بچا لیا۔ تمھاری نگاہ میں یہ بڑی دانش مندی کا کام تھا۔ اور تمھیں اس بات پر بھی خوش ہوتے ہوئے کوئی شرم نہ آئی کہ رسولؐ اور اہلِ ایمان ایک ایسی مہم پر جا رہے ہیں جس سے وہ بچ کر نہ آئیں گے۔ ایمان کا دعویٰ رکھتے ہوئے بھی تم اس پر مضطرب نہ ہوئے، بلکہ اپنی یہ حرکت تمھیں بہت اچھی معلوم ہوئی کہ تم نے اپنے آپ کو رسولؐ کے ساتھ اس خطرے میں نہیں ڈالا۔

۲۴ – اصل الفاظ ہیں: كُنْتُمْ قَوْمًۢا بُوْرًا۔ بُور جمع ہے بائر کی۔ اور بائر کے دو معنی ہیں۔ ایک، فاسد، بگڑا ہوا آدمی، جو کسی بھلے کام کے لائق نہ ہو، جس کی نیت میں فساد ہو۔ دوسرے، ہالک، بدانجام، تباہی کے راستے پر جانے والا۔

۲۵ – یہاں اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کو صاف الفاظ میں کافر اور ایمان سے خالی قرار دیتا ہے جو اللہ اور اس کے دین کے معاملے میں مخلص نہ ہوں اور آزمائش کا وقت آنے پر دین کی خاطر اپنی جان و مال اور اپنے مفاد کو خطرے میں ڈالنے سے جی چُرا جائیں۔ لیکن یہ خیال رہے کہ یہ وہ کفر نہیں ہے جس کی بنا پر دنیا میں کسی شخص یا گروہ کو خارج از اسلام قرار دے دیا جائے، بلکہ وہ

لِمَنۡ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنۡ يَّشَآءُ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوۡرًا رَّحِيۡمًا ⑭
سَيَقُوۡلُ الۡمُخَلَّفُوۡنَ اِذَا انْطَلَقۡتُمۡ اِلٰى مَغَانِمَ لِتَاۡخُذُوۡهَا
ذَرُوۡنَا نَتَّبِعۡكُمۡ ۚ يُرِيۡدُوۡنَ اَنۡ يُّبَدِّلُوۡا كَلٰمَ اللّٰهِ ؕ قُلْ

معاف کرے اور جسے چاہے سزا دے، اور وہ غفور و رحیم ہے۔[26]

جب تم مالِ غنیمت حاصل کرنے کے لیے جانے لگو گے تو یہ پیچھے چھوڑے جانے والے لوگ تم سے ضرور کہیں گے کہ ہمیں بھی اپنے ساتھ چلنے[27] دو۔ یہ چاہتے ہیں کہ اللہ کے فرمان کو بدل دیں[28]۔ اِن سے

کفر ہے، جس کی بنا پر آخرت میں وہ غیر مومن قرار پائے گا۔ اس کی دلیل یہ ہے کہ اس آیت کے نُزول کے بعد بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن لوگوں کو، جن کے بارے میں یہ نازل ہوئی تھی، خارج از اسلام قرار نہیں دیا، اور نہ ان سے وہ معاملہ کیا جو کفار سے کیا جاتا ہے۔

۲۶ – اُوپر کی شدید تنبیہ کے بعد اللہ کے غفور و رحیم ہونے کا ذکر اپنے اندر نصیحت کا ایک لطیف پہلو رکھتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر اب بھی اپنی غیر مخلصانہ رَوِش کو چھوڑ کر تم لوگ اخلاص کی راہ پر آجاؤ تو اللہ کو تم غفور و رحیم پاؤ گے۔ وہ تمھاری پچھلی کوتاہیوں کو معاف کر دے گا، اور آیندہ تمھارے ساتھ وہ معاملہ کرے گا جس کے تم اپنے خلوص کی بنا پر مستحق ہو گے۔

۲۷ – یعنی عنقریب وہ وقت آنے والا ہے جب یہی لوگ، جو آج خطرے کی مہم پر تمھارے ساتھ جانے سے جی چُرا گئے تھے، تمھیں ایک ایسی مہم پر جاتے دیکھیں گے جس میں ان کو آسان فتح اور بہت سے اموالِ غنیمت کے حُصول کا امکان نظر آئے گا، اور اس وقت یہ خود دوڑے آئیں گے کہ ہمیں بھی اپنے ساتھ لے چلو۔ یہ وقت صلحِ حُدَیبیَہ کے تین ہی مہینے بعد آ گیا جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر پر چڑھائی کی اور بڑی آسانی کے ساتھ اسے فتح کر لیا۔ اس وقت ہر شخص کو یہ بات صاف نظر آ رہی تھی کہ قریش سے صلح ہو جانے کے بعد اب خَیبَر ہی کے نہیں، بلکہ تَیما، فَدَک، وادی القُریٰ، اور شمالی حجاز کے دوسرے یہودی بھی مسلمانوں کی طاقت کا مقابلہ نہ کر سکیں گے اور یہ ساری بستیاں پکے پھل کی طرح اسلامی حکومت کی گود میں آ گریں گی۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اِن آیات میں پیشگی خبردار کر دیا کہ اطرافِ مدینہ کے یہ موقع پرست لوگ اِن آسان فتوحات کو حاصل ہوتے دیکھ کر ان میں حصہ بٹا لینے کے لیے آ کھڑے ہوں گے، مگر تم انھیں صاف جواب دے دینا کہ ان میں حصہ لینے کا موقع تمھیں ہرگز نہ دیا جائے گا، بلکہ یہ ان لوگوں کا حق ہے جو خطرات کے مقابلے میں سرفروشی کے لیے آگے بڑھے تھے۔

۲۸ – اللہ کے فرمان سے مراد یہ فرمان ہے کہ خیبر کی مہم پر حضورؐ کے ساتھ صرف انھی لوگوں کو جانے کی اجازت دی جائے گی جو حُدَیبیَہ کی مہم پر آپؐ کے ساتھ گئے تھے اور بیعتِ رضوان میں شریک ہوئے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے خیبر کے اموالِ غنیمت انھی

لَّنۡ تَتَّبِعُوۡنَا كَذٰلِكُمۡ قَالَ اللّٰهُ مِنۡ قَبۡلُ ۚ فَسَيَقُوۡلُوۡنَ بَلۡ
تَحۡسُدُوۡنَنَا ؕ بَلۡ كَانُوۡا لَا يَفۡقَهُوۡنَ اِلَّا قَلِيۡلًا ﴿۱۵﴾ قُلۡ لِّلۡمُخَلَّفِيۡنَ
مِنَ الۡاَعۡرَابِ سَتُدۡعَوۡنَ اِلٰى قَوۡمٍ اُولِىۡ بَاۡسٍ شَدِيۡدٍ
تُقَاتِلُوۡنَهُمۡ اَوۡ يُسۡلِمُوۡنَ ۚ فَاِنۡ تُطِيۡعُوۡا يُؤۡتِكُمُ اللّٰهُ اَجۡرًا حَسَنًا ۚ

صاف کہہ دینا کہ "تم ہرگز ہمارے ساتھ نہیں چل سکتے، اللہ پہلے ہی یہ فرما چکا ہے۔"[۲۹] یہ کہیں گے کہ "نہیں، بلکہ تم لوگ ہم سے حسد کر رہے ہو۔" (حالانکہ بات حسد کی نہیں ہے) بلکہ یہ لوگ صحیح بات کو کم ہی سمجھتے ہیں۔ اِن پیچھے چھوڑے جانے والے بدوی عربوں سے کہنا کہ "عنقریب تمھیں ایسے لوگوں سے لڑنے کے لیے بُلایا جائے گا جو بڑے زور آور ہیں۔ تم کو ان سے جنگ کرنی ہو گی یا وہ مطیع ہو جائیں گے۔[۳۰] اُس وقت اگر تم نے حکمِ جہاد کی اطاعت کی تو اللہ تمھیں اچھا اجر دے گا،

---

کے لیے مخصوص فرما دیے تھے، جیسا کہ آگے آیت ۱۸ میں بصراحت ارشاد ہوا ہے۔

**۲۹**- "اللہ پہلے یہ فرما چکا ہے" کے الفاظ سے لوگوں کو یہ غلط فہمی ہوئی کہ اس آیت سے پہلے کوئی حکم اس مضمون کا آیا ہوا ہو گا جس کی طرف یہاں اشارہ کیا گیا ہے، اور چونکہ اس سورہ میں اِس مضمون کا کوئی حکم اِس آیت سے پہلے نہیں ملتا، اس لیے انھوں نے قرآنِ مجید میں دوسرے مقامات پر اسے تلاش کرنا شروع کیا، یہاں تک کہ سورۂ توبہ کی آیت ۸۳ اُنھیں مل گئی جس میں یہی مضمون ایک اور موقع پر ارشاد ہوا ہے۔ لیکن درحقیقت وہ آیت اِس کی مِصداق نہیں ہے، کیونکہ وہ غزوۂ تبوک کے سلسلے میں نازل ہوئی تھی، جس کا زمانۂ نزول سورۂ فتح کے زمانۂ نُزول سے تین سال بعد کا ہے۔ اصل بات یہ ہے کہ اِس آیت کا اشارہ خود اِسی سورہ کی آیات ۱۸-۱۹ کی طرف ہے، اور اللہ کے پہلے فرما چکنے کا مطلب اِس آیت سے پہلے فرمانا نہیں ہے، بلکہ مُخَلَّفِین کے ساتھ اِس گفتگو سے پہلے فرمانا ہے۔ مُخَلَّفِین کے ساتھ یہ گفتگو، جس کے متعلق یہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پیشگی ہدایات دی جا رہی ہیں، خیبر کی مہم پر جانے کے وقت ہونے والی تھی، اور یہ پُوری سورت، جس میں آیات ۱۸-۱۹ بھی شامل ہیں، اُس سے تین مہینے پہلے حُدَیبیہ سے پلٹتے وقت راستے میں نازل ہو چکی تھی۔ سلسلۂ کلام کو غور سے دیکھیے تو معلوم ہو جائے گا کہ یہاں اللہ تعالیٰ اپنے رسولؐ کو یہ ہدایت دے رہا ہے کہ جب تمھارے مدینہ واپس ہونے کے بعد یہ پیچھے رہ جانے والے لوگ آ کر تم سے یہ مُعذرات بیان کریں تو ان کو یہ جواب دینا، اور خیبر کی مہم پر جاتے وقت جب وہ تمھارے ساتھ چلنے کی خواہش ظاہر کریں تو اُن سے یہ کہنا۔

**۳۰**- اصل الفاظ ہیں: اَوْ يُسْلِمُوْنَ۔ اس کے دو معنی ہو سکتے ہیں اور دونوں ہی مراد ہیں۔ ایک یہ کہ وہ اِسلام قبول

وَ اِنْ تَتَوَلَّوْا كَمَا تَوَلَّيْتُمْ مِّنْ قَبْلُ يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿١٦﴾
لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ وَّ لَا عَلَى الْاَعْرَجِ حَرَجٌ وَّلَا عَلَى
الْمَرِيْضِ حَرَجٌ ؕ وَ مَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ
مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ وَ مَنْ يَّتَوَلَّ يُعَذِّبْهُ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿١٧﴾ ع

النصف ع

اور اگر تم پھر اُسی طرح منہ موڑ گئے جس طرح پہلے موڑ چکے ہو تو اللہ تم کو دردناک سزا دے گا۔ اگر اندھا اور لنگڑا اور مریض جہاد کے لیے نہ آئے تو کوئی حرج نہیں۔[۳۱] جو کوئی اللہ اور اس کے رسولؐ کی اطاعت کرے گا، اللہ اسے اُن جنتوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہوں گی، اور جو منہ پھیرے گا، اسے وہ دردناک عذاب دے گا۔'' ع

کرلیں۔ دوسرے یہ کہ وہ اسلامی حکومت کی اطاعت قبول کرلیں۔

۳۱۔ یعنی جس آدمی کے لیے شریکِ جہاد ہونے میں واقعی کوئی صحیح عذر مانع ہو اُس پر تو کوئی گرفت نہیں، مگر ہٹے کٹے لوگ اگر بہانے بنا کر بیٹھ رہیں تو ان کو اللہ اور اس کے دین کے معاملے میں مخلص نہیں مانا جاسکتا اور انھیں یہ موقع نہیں دیا جاسکتا کہ مسلم معاشرے میں شامل ہونے کے فوائد تو سمیٹتے رہیں، مگر جب اسلام کے لیے قربانیاں دینے کا وقت آئے تو اپنی جان و مال کی خیر منائیں۔

اِس مقام پر یہ بات جان لینی چاہیے کہ شریعت میں جن لوگوں کو شریکِ جہاد ہونے سے معاف رکھا گیا ہے، وہ دو قسم کے لوگ ہیں: ایک، وہ جو جسمانی طور پر جنگ کے قابل نہ ہوں، مثلاً کم سن لڑکے، عورتیں، مجنون، اندھے، ایسے مریض جو جنگی خدمات انجام نہ دے سکتے ہوں، اور ایسے معذور جو ہاتھ یا پاؤں بیکار ہونے کی وجہ سے جنگ میں حصّہ نہ لے سکیں۔ دوسرے، وہ لوگ جن کے لیے کچھ اور معقول اسباب سے شاملِ جہاد ہونا مشکل ہو، مثلاً غلام، یا وہ لوگ جو لڑنے کے لیے تو تیار ہوں، مگر ان کے لیے آلاتِ جنگ اور دوسرے ضروری وسائل فراہم نہ ہو سکیں، یا ایسے قرض دار جنھیں جلدی سے جلدی اپنا قرض ادا کرنا ہو اور قرض خواہ انھیں مہلت نہ دے رہا ہو، یا ایسے لوگ جن کے والدین یا ان میں سے کوئی ایک زندہ ہو اور وہ اس کا محتاج ہو کہ اولاد اس کی خبر گیری کرے۔ اس سلسلے میں یہ وضاحت بھی ضروری ہے کہ والدین اگر مسلمان ہوں تو اولاد کو ان کی اجازت کے بغیر جہاد پر نہ جانا چاہیے، لیکن اگر وہ کافر ہوں تو ان کے روکنے سے کسی شخص کا رُک جانا جائز نہیں ہے۔

لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ

اللہ مومنوں سے خوش ہو گیا جب وہ درخت کے نیچے تم سے بیعت کر رہے [۳۲] تھے۔

۳۲- یہاں پھر اُسی بیعت کا ذکر ہے جو حُدَیبیہ کے مقام پر صحابۂ کرامؓ سے لی گئی تھی۔ اس بیعت کو بیعتِ رِضوان کہا جاتا ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اِس آیت میں یہ خوشخبری سنائی ہے کہ وہ اُن لوگوں سے راضی ہو گیا جنھوں نے اس خطرناک موقع پر جان کی بازی لگا دینے میں ذرہ برابر تامّل نہ کیا اور رسولؐ کے ہاتھ پر سرفروشی کی بیعت کر کے اپنے صادق الایمان ہونے کا صریح ثبوت پیش کر دیا۔ وقت وہ تھا کہ مسلمان صرف ایک ایک تلوار لیے ہوئے آئے تھے۔ صرف چودہ سو کی تعداد میں تھے۔ جنگی لباس میں بھی نہ تھے، بلکہ احرام کی چادریں باندھے ہوئے تھے۔ اپنے جنگی مُستقر (مدینہ) سے ڈھائی سو میل دُور تھے، اور دشمن کا گڑھ، جہاں سے وہ ہر قسم کی مدد لا سکتا تھا، صرف ۱۳ میل کے فاصلے پر واقع تھا۔ اگر اللہ اور اس کے رسولؐ اور اس کے دین کے لیے اِن لوگوں کے اندر خلوص کی کچھ بھی کمی ہوتی تو وہ اس انتہائی خطرناک موقع پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ساتھ چھوڑ جاتے اور اسلام کی بازی ہمیشہ کے لیے ہَر جاتی۔ ان کے اپنے اخلاص کے سوا کوئی خارجی دباؤ ایسا نہ تھا جس کی بنا پر وہ اس بیعت کے لیے مجبور ہوتے۔ ان کا اُس وقت خدا کے دین کے لیے مرنے مارنے پر آمادہ ہو جانا اس بات کی کھلی دلیل ہے کہ وہ اپنے ایمان میں صادق و مخلص اور خدا اور رسولؐ کی وفاداری میں درجۂ کمال پر فائز تھے۔ اسی بنا پر اللہ تعالیٰ نے ان کو یہ سندِ خوشنودی عطا فرمائی۔ اور اللہ کی سندِ خوشنودی عطا ہو جانے کے بعد اگر کوئی شخص ان سے ناراض ہو، یا ان پر زبانِ طعن دراز کرے تو اس کا معارضہ اُن سے نہیں بلکہ اللہ سے ہے۔ اس پر جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ جس وقت اللہ نے اِن حضرات کو یہ خوشنودی کی سند عطا کی تھی، اُس وقت تو یہ مخلص تھے مگر بعد میں یہ خدا اور رسولؐ کے بے وفا ہو گئے، وہ شاید اللہ سے یہ بدگمانی رکھتے ہیں کہ اُسے یہ آیت نازل کرتے وقت اُن کے مستقبل کی خبر نہ تھی، اس لیے محض اُس وقت کی حالت دیکھ کر اُس نے یہ پروانہ انھیں عطا کر دیا، اور غالباً اِسی بے خبری کی بنا پر اسے اپنی کتابِ پاک میں بھی درج فرما دیا، تاکہ بعد میں بھی، جب یہ لوگ بے وفا ہو جائیں، ان کے بارے میں دنیا یہ آیت پڑھتی رہے اور اُس خدا کے علمِ غیب کی داد دیتی رہے جس نے، معاذ اللہ، ان بیوفاؤں کو یہ پروانۂ خوشنودی عطا کیا تھا۔

جس درخت کے نیچے یہ بیعت ہوئی تھی اس کے متعلق حضرت نافعؒ مَولیٰ ابنِ عمرؓ کی یہ رِوایت عام طور پر مشہور ہو گئی ہے کہ لوگ اُس کے پاس جا جا کر نمازیں پڑھنے لگے تھے، حضرت عمرؓ کو اس کا علم ہوا تو انھوں نے لوگوں کو ڈانٹا اور اس درخت کو کٹوا دیا۔ (طَبَقاتِ ابنِ سعد، ج ۲، ص ۱۰۰) لیکن متعدد رِوایات اس کے خلاف بھی ہیں۔ ایک رِوایت خود حضرت نافعؒ ہی سے طَبَقاتِ ابنِ سعد میں یہ منقول ہوئی ہے کہ بیعتِ رضوان کے کئی سال بعد صحابۂ کرامؓ نے اس درخت کو تلاش کیا، مگر اسے پہچان نہ سکے اور اس امر میں اختلاف ہو گیا کہ وہ درخت کون سا تھا۔ (ص ۱۰۵) دوسری رِوایت بخاری و مسلم اور طَبَقاتِ ابنِ سعد میں حضرت سعید بن المُسَیَّبؒ کی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میرے والد بیعتِ رضوان میں شریک تھے۔ انھوں نے مجھ سے کہا کہ دوسرے سال جب ہم لوگ عمرۃ القضا کے لیے گئے تو ہم اس درخت کو بھول چکے تھے، تلاش کرنے پر بھی ہم اسے نہ پا سکے۔ تیسری

فَعَلِمَ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ فَاَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ عَلَيْهِمْ وَاَثَابَهُمْ
فَتْحًا قَرِيْبًا ﴿۱۸﴾ وَّمَغَانِمَ كَثِيْرَةً يَّاْخُذُوْنَهَا ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا
حَكِيْمًا ﴿۱۹﴾ وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ كَثِيْرَةً تَاْخُذُوْنَهَا فَعَجَّلَ
لَكُمْ هٰذِهٖ وَكَفَّ اَيْدِيَ النَّاسِ عَنْكُمْ ۚ وَلِتَكُوْنَ اٰيَةً

ان کے دلوں کا حال اُس کو معلوم تھا، اس لیے اس نے ان پر سکینت[۳۳] نازل فرمائی، ان کو انعام میں قریبی فتح بخشی، اور بہت سا مالِ غنیمت انھیں عطا کر دیا جسے وہ (عنقریب) حاصل کریں گے[۳۴]۔ اللہ زبردست اور حکیم ہے۔ اللہ تم سے بکثرت اموالِ غنیمت کا وعدہ کرتا ہے جنھیں تم حاصل کرو گے[۳۵]۔ فوری طور پر تو یہ فتح اس نے تمھیں عطا کر دی[۳۶] اور لوگوں کے ہاتھ تمھارے خلاف اُٹھنے سے روک دیے[۳۷]، تاکہ یہ مومنوں کے لیے ایک نشانی

روایت ابنِ جَرِیر کی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت عمرؓ اپنے عہدِ خلافت میں جب حُدَیبِیَہ کے مقام سے گزرے تو انھوں نے دریافت کیا کہ وہ درخت کہاں ہے جس کے نیچے بیعت ہوئی تھی۔ کسی نے کہا فُلاں درخت ہے، اور کسی نے کہا فُلاں۔ اس پر حضرت عمرؓ نے فرمایا: چھوڑو، اس تکلُّف کی کیا حاجت ہے۔

۳۳۔ یہاں سکینت سے مراد دل کی وہ کیفیت ہے جس کی بنا پر ایک شخص کسی مقصدِ عظیم کے لیے ٹھنڈے دل سے پُورے سکون و اطمینان کے ساتھ اپنے آپ کو خطرے کے منہ میں جھونک دیتا ہے اور کسی خوف یا گھبراہٹ کے بغیر فیصلہ کر لیتا ہے کہ یہ کام بہر حال کرنے کا ہے، خواہ نتیجہ کچھ بھی ہو۔

۳۴۔ یہ اشارہ ہے خیبر کی فتح اور اس کے اموالِ غنیمت کی طرف۔ اور یہ آیت اس امر کی تصریح کرتی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے یہ انعام صرف اُن لوگوں کے لیے مخصوص فرما دیا تھا جو بیعتِ رضوان میں شریک تھے، اُن کے سوا کسی کو اس فتح اور ان غنائم میں شریک ہونے کا حق نہ تھا۔ اسی بنا پر جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صفر ۷ھ میں خیبر پر چڑھائی کرنے کے لیے نکلے تو آپؐ نے صرف انھی کو اپنے ساتھ لیا۔ اس میں شک نہیں کہ بعد میں حضورؐ نے حَبَش سے واپس آنے والے مہاجرین اور بعض دَوسی اور اَشْعَری صحابیوں کو بھی اموالِ خیبر میں سے کچھ حصہ عطا فرمایا، مگر وہ یا تو خُمس میں سے تھا، یا اصحابِ رضوان کی رضامندی سے دیا گیا۔ کسی کو حق کے طور پر اس مال میں حصہ دار نہیں بنایا گیا۔

۳۵۔ اس سے مراد وہ دوسری فتوحات ہیں جو خیبر کے بعد مسلمانوں کو مسلسل حاصل ہوتی چلی گئیں۔

۳۶۔ اس سے مراد ہے صلحِ حُدَیبِیَہ جس کو سورت کے آغاز میں فتحِ مبین قرار دیا گیا ہے۔

لِّلۡمُؤۡمِنِيۡنَ وَيَهۡدِيَكُمۡ صِرَاطًا مُّسۡتَقِيۡمًا ۝٢٠ وَّ اُخۡرٰى لَمۡ تَقۡدِرُوۡا
عَلَيۡهَا قَدۡ اَحَاطَ اللّٰهُ بِهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرًا ۝٢١ وَلَوۡ
قٰتَلَكُمُ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا لَوَلَّوُا الۡاَدۡبَارَ ثُمَّ لَا يَجِدُوۡنَ وَلِيًّا وَّ
لَا نَصِيۡرًا ۝٢٢ سُنَّةَ اللّٰهِ الَّتِىۡ قَدۡ خَلَتۡ مِنۡ قَبۡلُ ۖۚ وَلَنۡ تَجِدَ لِسُنَّةِ

بن جائے[38] اور اللہ سیدھے راستے کی طرف تمھیں ہدایت بخشے۔[39] اِس کے علاوہ دوسری اور غنیمتوں کا بھی وہ تم سے وعدہ کرتا ہے جن پر تم ابھی تک قادر نہیں ہوئے ہو اور اللہ نے ان کو گھیر رکھا ہے،[40] اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

یہ کافر لوگ اگر اِس وقت تم سے لڑ گئے ہوتے تو یقیناً پیٹھ پھیر جاتے اور کوئی حامی و مددگار نہ پاتے۔[41] یہ اللہ کی سنّت ہے جو پہلے سے چلی آرہی ہے،[42] اور تم اللہ کی سنّت میں کوئی

۳۷- یعنی کفارِ قریش کو یہ ہمت اس نے نہ دی کہ وہ حُدَیبیَہ کے مقام پر تم سے لڑ جاتے، حالانکہ تمام ظاہری حالات کے لحاظ سے وہ بہت زیادہ بہتر پوزیشن میں تھے، اور جنگی نقطۂ نظر سے تمھارا پلّا ان کے مقابلے میں بہت کمزور نظر آتا تھا۔ مزید برآں اس سے مراد یہ بھی ہے کہ کسی دشمن طاقت کو اس زمانے میں مدینے پر بھی حملہ آور ہونے کی جرأت نہ ہوئی، حالانکہ چودہ سو مردانِ جنگی کے نکل جانے کے بعد مدینے کا محاذ بہت کمزور ہو گیا تھا اور یہود و مشرکین اور منافقین اس موقع سے فائدہ اُٹھا سکتے تھے۔

۳۸- نشانی اس بات کی کہ جو اللہ اور اس کے رسولؐ کی اطاعت میں ثابت قدم رہتا ہے اور اللہ کے بھروسے پر حق اور راستی کی حمایت کے لیے اُٹھ کھڑا ہوتا ہے، اُسے اللہ کس کس طرح اپنی تائید و نصرت سے نوازتا ہے۔

۳۹- یعنی تمھیں مزید بصیرت اور یقین حاصل ہو، اور آیندہ تم اسی طرح اللہ اور رسولؐ کی اطاعت پر قائم رہو اور اللہ کے اعتماد پر راہِ حق میں پیش قدمی کرتے چلے جاؤ، اور یہ تجربات تمھیں یہ سبق سکھا دیں کہ خدا کا دین جس اِقدام کا تقاضا کر رہا ہو، مومن کا کام یہ ہے کہ خدا کے بھروسے پر وہ اِقدام کر ڈالے، اِس حَیص بَیص میں نہ لگ جائے کہ میری طاقت کتنی ہے اور باطل کی طاقتوں کا زور کتنا ہے۔

۴۰- اغلب یہ ہے کہ یہ اشارہ فتحِ مکّہ کی طرف ہے۔ یہی رائے قَتادہؒ کی ہے اور اسی کو ابنِ جَریرؒ نے ترجیح دی ہے۔ ارشادِ الٰہی کا مطلب یہ معلوم ہوتا ہے کہ ابھی تو مکّہ تمھارے قابو میں نہیں آیا ہے، مگر اللہ نے اسے گھیرے میں لے لیا ہے اور حُدَیبیَہ کی اس فتح کے نتیجے میں وہ بھی تمھارے قبضے میں آجائے گا۔

اللّٰہِ تَبۡدِیۡلًا ﴿۲۳﴾ وَ ہُوَ الَّذِیۡ کَفَّ اَیۡدِیَہُمۡ عَنۡکُمۡ وَ اَیۡدِیَکُمۡ عَنۡہُمۡ
بِبَطۡنِ مَکَّۃَ مِنۡۢ بَعۡدِ اَنۡ اَظۡفَرَکُمۡ عَلَیۡہِمۡ ؕ وَ کَانَ اللّٰہُ بِمَا
تَعۡمَلُوۡنَ بَصِیۡرًا ﴿۲۴﴾ ہُمُ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا وَ صَدُّوۡکُمۡ عَنِ الۡمَسۡجِدِ
الۡحَرَامِ وَ الۡہَدۡیَ مَعۡکُوۡفًا اَنۡ یَّبۡلُغَ مَحِلَّہٗ ؕ وَ لَوۡ لَا رِجَالٌ
مُّؤۡمِنُوۡنَ وَ نِسَآءٌ مُّؤۡمِنٰتٌ لَّمۡ تَعۡلَمُوۡہُمۡ اَنۡ تَطَـُٔوۡہُمۡ فَتُصِیۡبَکُمۡ
مِّنۡہُمۡ مَّعَرَّۃٌۢ بِغَیۡرِ عِلۡمٍ ۚ لِیُدۡخِلَ اللّٰہُ فِیۡ رَحۡمَتِہٖ مَنۡ یَّشَآءُ ۚ

تبدیلی نہ پاؤ گے۔ وہی ہے جس نے مکّے کی وادی میں اُن کے ہاتھ تم سے اور تمھارے ہاتھ اُن سے روک دیے، حالانکہ وہ اُن پر تمھیں غلبہ عطا کر چکا تھا اور جو کچھ تم کر رہے تھے اللہ اسے دیکھ رہا تھا۔ وہی لوگ تو ہیں جنھوں نے کفر کیا اور تم کو مسجدِ حرام سے روکا اور ہَدْی کے اُونٹوں کو اُن کی قربانی کی جگہ نہ پہنچنے دیا۔^۴۳ اگر (مکّے میں) ایسے مومن مرد و عورت موجود نہ ہوتے جنھیں تم نہیں جانتے، اور یہ خطرہ نہ ہوتا کہ نادانستگی میں تم انھیں پامال کر دو گے اور اس سے تم پر حرف آئے گا (تو جنگ نہ روکی جاتی۔ روکی وہ اس لیے گئی) تاکہ اللہ اپنی رحمت میں جس کو چاہے داخل

۴۱ – یعنی حُدَیبیہ میں جنگ کو اللہ نے اس لیے نہیں روکا کہ وہاں تمھارے شکست کھا جانے کا امکان تھا، بلکہ اس کی مَصلحت کچھ دوسری تھی، جسے آگے کی آیتوں میں بیان کیا جا رہا ہے۔ اگر وہ مَصلحت مانع نہ ہوتی اور اللہ تعالیٰ اس مقام پر جنگ ہو جانے دیتا تو یقیناً کفار ہی کو شکست ہوتی اور مکّۂ معظمہ اسی وقت فتح ہو جاتا۔

۴۲ – اس جگہ اللہ کی سنّت سے مراد یہ ہے کہ جو کفار اللہ کے رسول سے جنگ کرتے ہیں، اللہ اُن کو ذلیل و خوار کرتا ہے اور اپنے رسول کی مدد فرماتا ہے۔

۴۳ – یعنی جس خُلوص اور بے نفسی کے ساتھ تم لوگ دینِ حق کے لیے سر دھڑ کی بازی لگا دینے پر آمادہ ہو گئے تھے، اور جس طرح بے چُون وچَرا رسولؐ کی اطاعت کر رہے تھے، اللہ اسے بھی دیکھ رہا تھا، اور یہ بھی دیکھ رہا تھا کہ کفار سراسر زیادتی کر رہے ہیں۔ اِس صورتِ حال کا تقاضا تو یہ تھا کہ وہیں اور اسی وقت تمھارے ہاتھوں سے ان کی سرکوبی کرا دی جاتی۔ لیکن اس کے باوجود ایک مَصلحت تھی جس کی بنا پر اللہ نے تمھارے ہاتھ ان سے اور ان کے ہاتھ تم سے روک دیے۔

لَوْ تَزَيَّلُوْا لَعَذَّبْنَا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿٢٥﴾

کر لے۔ وہ مومن الگ ہو گئے ہوتے تو (اہلِ مکّہ میں سے) جو کافر تھے، ان کو ہم ضرور سخت سزا[۴۴] دیتے۔

۴۴- یہ تھی وہ مَصلَحت جس کی بنا پر اللہ تعالیٰ نے حُدَیبِیَہ میں جنگ نہ ہونے دی۔ اس مَصلَحت کے دو پہلو ہیں: ایک یہ کہ مکّۂ معظمہ میں اُس وقت بہت سے مسلمان مرد و زَن ایسے موجود تھے جنھوں نے یا تو اپنا ایمان چھپا رکھا تھا، یا جن کا ایمان معلوم تھا، مگر وہ اپنی بے بسی کی وجہ سے ہجرت نہ کر سکتے تھے اور ظلم و ستم کے شکار ہو رہے تھے۔ اس حالت میں اگر جنگ ہوتی اور مسلمان کفار کو رگیدتے ہوئے مکّۂ معظمہ میں داخل ہوتے، تو کفّار کے ساتھ ساتھ یہ مسلمان بھی نادانستگی میں مسلمانوں کے ہاتھوں سے مارے جاتے، جس سے مسلمانوں کو اپنی جگہ بھی رنج و افسوس ہوتا اور مشرکینِ عرب کو بھی یہ کہنے کا موقع مل جاتا کہ یہ لوگ تو لڑائی میں خود اپنے دینی بھائیوں کو بھی مارنے سے نہیں چوکتے۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے ان بے بس مسلمانوں پر رحم کھا کر، اور صحابۂ کرام کو رنج اور بدنامی سے بچانے کی خاطر اس موقع پر جنگ کو ٹال دیا۔ دوسرا پہلو اس مَصلَحت کا یہ تھا کہ اللہ تعالیٰ قریش کو ایک خوں ریز جنگ میں شکست دلوا کر مکّہ فتح کرانا نہ چاہتا تھا، بلکہ اس کے پیشِ نظر یہ تھا کہ دو سال کے اندر ان کو ہر طرف سے گھیر کر اِس طرح بے بس کر دے کہ وہ کسی مزاحمت کے بغیر مغلوب ہو جائیں، اور پھر پُورا کا پُورا قبیلہ اسلام قبول کر کے اللہ کی رحمت میں داخل ہو جائے، جیسا کہ فتحِ مکہ کے موقع پر ہوا۔

اس مقام پر یہ فقہی بحث پیدا ہوتی ہے کہ اگر ہماری اور کافروں کی جنگ ہو رہی ہو اور کافروں کے قبضے میں کچھ مسلمان مرد، عورتیں، بچّے اور بوڑھے ہوں جنھیں وہ ڈھال بنا کر سامنے لے آئیں، یا کافروں کے جس شہر پر ہم چڑھائی کر رہے ہوں وہاں کچھ مسلمان آبادی بھی موجود ہو، یا کافروں کا کوئی جنگی جہاز ہماری زد میں ہو اور اس کے اندر کافروں نے کچھ مسلمانوں کو بھی رکھ چھوڑا ہو، تو کیا ایسی صورت میں ہم ان پر گولا باری کر سکتے ہیں؟ اس کے جواب میں مختلف فقہا نے جو فیصلے دیے ہیں، وہ حسبِ ذیل ہیں:

امام مالکؒ کہتے ہیں کہ اس حالت میں گولا باری نہیں کرنی چاہیے، اور اس کے لیے وہ اِسی آیت کو دلیل قرار دیتے ہیں۔ ان کا کہنا یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو بچانے کے لیے ہی تو حُدَیبِیَہ میں جنگ کو روک دیا۔ (احکام القرآن لِابْنُ العَرَبی) لیکن فی الواقع یہ ایک کمزور دلیل ہے۔ آیت میں کوئی لفظ ایسا نہیں ہے جس سے یہ بات نکلتی ہو کہ ایسی حالت میں حملہ کرنا حرام و ناجائز ہے، بلکہ زیادہ سے زیادہ اس سے جو بات نکلتی ہے وہ یہ ہے کہ اس حالت میں مسلمانوں کو بچانے کے لیے حملے سے اجتناب کیا جا سکتا ہے جب کہ اجتناب سے یہ خطرہ نہ ہو کہ کفار کو مسلمانوں پر غلبہ حاصل ہو جائے گا، یا ان پر ہمارے فتح یاب ہونے کے مواقع باقی نہ رہیں گے۔

امام ابوحنیفہؒ، امام ابو یُوسفؒ، امام زُفَرؒ اور امام محمدؒ کہتے ہیں کہ ان حالات میں گولا باری کرنا بالکل جائز ہے، حتّٰی کہ اگر کفار مسلمانوں کے بچّوں کو ڈھال بنا کر سامنے لا کھڑا کریں تب بھی اُن پر گولی چلانے میں کوئی مضایقہ نہیں۔ اور جو مسلمان اس حالت میں مارے جائیں، اُن کے خون کا کوئی کفّارہ اور کوئی دِیَت مسلمانوں پر واجب نہیں ہے۔ (احکام القرآن للجصّاص۔

اِذْ جَعَلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْحَمِيَّةَ حَمِيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ

(یہی وجہ ہے کہ) جب ان کافروں نے اپنے دلوں میں جاہلانہ حمیّت بٹھالی[۴۵] تو

کتاب السِّیَر للامام محمد، باب قطع الماء عن اہل الحرب)

امام سُفیان ثَوریؒ بھی اس حالت میں گولا باری کو جائز رکھتے ہیں، مگر وہ کہتے ہیں کہ جو مسلمان اس حالت میں مارے جائیں، ان کی دِیَت تو نہیں، البتہ کفّارہ مسلمانوں پر واجب ہے۔(احکام القرآن للجصّاص)

امام اَوزاعیؒ اور لَیث بن سعد کہتے ہیں کہ اگر کفار مسلمانوں کو ڈھال بنا کر سامنے لے آئیں تو ان پر گولی نہیں چلانی چاہیے۔ اسی طرح اگر ہمیں معلوم ہو کہ ان کے جنگی جہاز میں خود ہمارے قیدی بھی موجود ہیں، تو اس حالت میں اس کو غرق نہ کرنا چاہیے۔ لیکن اگر ہم ان کے کسی شہر پر حملہ کریں اور ہمیں معلوم ہو کہ اس شہر میں مسلمان بھی موجود ہیں، تو اس پر گولا باری کرنا جائز ہے، کیونکہ یہ امر یقینی نہیں ہے کہ ہمارا گولا مسلمانوں ہی پر جا کر گرے گا، اور اگر کوئی مسلمان اس گولا باری کا شکار ہو جائے تو یہ ہماری طرف سے بالقصد مسلمان کا قتل نہ ہو گا، بلکہ نادانستگی میں ایک حادثہ ہو گا۔(احکام القرآن للجصّاص)

امام شافعیؒ کا مذہب یہ ہے کہ اگر اس حالت میں گولا باری کرنا ناگزیر نہ ہو تو مسلمانوں کو ہلاکت سے بچانے کی کوشش کرنا بہتر ہے۔ اگرچہ اس صورت میں گولا باری کرنا حرام نہیں ہے، مگر مکروہ ضرور ہے۔ لیکن اگر فی الواقع اس کی ضرورت ہو، اور اندیشہ ہو کہ اگر ایسا نہ کیا جائے گا تو یہ کفار کے لیے جنگی حیثیت سے مفید اور مسلمانوں کے لیے نقصان دہ ہو گا تو پھر گولا باری کرنا جائز ہے۔ مگر اس حالت میں بھی مسلمانوں کو بچانے کی حتی الامکان کوشش کرنی چاہیے۔ مزید برآں امام شافعیؒ یہ بھی کہتے ہیں کہ اگر مَعرکۂ قِتال میں کفار کسی مسلمان کو ڈھال بنا کر آگے کریں اور کوئی مسلمان اسے قتل کر دے تو اس کی دو صورتیں ہیں: ایک یہ کہ قاتل کو معلوم تھا کہ یہ مسلمان ہے، اور دوسری صورت یہ کہ اسے معلوم نہ تھا کہ یہ مسلمان ہے۔ پہلی صورت میں دِیَت اور کفارہ دونوں واجب ہیں، اور دوسری صورت میں صرف کفّارہ واجب ہے۔(مُغْنِی المُحتاج)

۴۵ – جاہلانہ حمیّت سے مراد یہ ہے کہ ایک شخص محض اپنی ناک کی خاطر یا اپنی بات کی پچ میں جان بُوجھ کر ایک ناروا کام کرے۔ کفارِ مکّہ خود جانتے اور مانتے تھے کہ ہر شخص کو حج اور عمرے کے لیے بیت اللہ کی زیارت کا حق حاصل ہے، اور کسی کو اس مذہبی فریضے سے روکنے کا حق نہیں ہے۔ یہ عرب کا قدیم ترین مُسَلَّم آئین تھا۔ لیکن اپنے آپ کو سراسر ناحق پر اور مسلمانوں کو بالکل برسرِ حق جاننے کے باوجود انھوں نے محض اپنی ناک کی خاطر مسلمانوں کو عمرے سے روکا۔ خود مشرکین میں سے جو راستی پسند تھے، وہ بھی یہ کہہ رہے تھے کہ جو لوگ اِحرام باندھ کر ہَدْی کے اُونٹ ساتھ لیے ہوئے عمرہ کرنے آئے ہیں، ان کو روکنا ایک بے جا حرکت ہے۔ مگر قریش کے سردار صرف اِس خیال سے مُزاحمت پر اَڑے رہے کہ اگر محمد صلی اللہ علیہ وسلم اتنی بڑی جمعیّت کے ساتھ مکّے میں داخل ہو گئے تو تمام عرب میں ہماری ناک کٹ جائے گی۔ یہی ان کی حمیّتِ جاہلیہ تھی۔

فَاَنۡزَلَ اللّٰهُ سَكِيۡنَتَهٗ عَلٰى رَسُوۡلِهٖ وَعَلَى الۡمُؤۡمِنِيۡنَ وَاَلۡزَمَهُمۡ
كَلِمَةَ التَّقۡوٰى وَكَانُوۡۤا اَحَقَّ بِهَا وَاَهۡلَهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَىۡءٍ
عَلِيۡمًا ﴿۲۶﴾ لَقَدۡ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوۡلَهُ الرُّءۡيَا بِالۡحَـقِّ ۚ لَتَدۡخُلُنَّ
الۡمَسۡجِدَ الۡحَـرَامَ اِنۡ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيۡنَ ۙ مُحَلِّقِيۡنَ رُءُوۡسَكُمۡ

اللہ نے اپنے رسولؐ اور مومنوں پر سکینت نازل فرمائی[۴۶] اور مومنوں کو تقویٰ کی بات کا پابند رکھا کہ وہی اُس کے زیادہ حق دار اور اُس کے اہل تھے۔ اللہ ہر چیز کا علم رکھتا ہے۔ع

فی الواقع اللہ نے اپنے رسولؐ کو سچّا خواب دکھایا تھا جو ٹھیک ٹھیک حق کے مطابق تھا۔[۴۷] اِن شاء اللہ[۴۸] تم ضرور مسجدِ حرام میں پُورے امن کے ساتھ داخل ہوگے،[۴۹] اپنے سر منڈواؤ گے

۴۶ - یہاں سکینت سے مراد ہے صبر اور وقار، جس کے ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمانوں نے کفّارِ قریش کی اس جاہلانہ حمیّت کا مقابلہ کیا۔ وہ ان کی اس ہٹ دھرمی اور صریح زیادتی پر مشتعل ہو کر آپے سے باہر نہ ہوئے، اور اِن کے جواب میں کوئی بات انھوں نے ایسی نہ کی جو حق سے متجاوز اور راستی کے خلاف ہو، یا جس سے معاملہ بخیر و خوبی سلجھنے کے بجائے اور زیادہ بگڑ جائے۔

۴۷ - یہ اُس سوال کا جواب ہے جو بار بار مسلمانوں کے دلوں میں کھٹک رہا تھا۔ وہ کہتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب تو یہ دیکھا تھا کہ آپؐ مسجد حرام میں داخل ہوئے ہیں اور بیت اللہ کا طواف کیا ہے، پھر یہ کیا ہوا کہ ہم عمرہ کیے بغیر واپس جا رہے ہیں۔ اس کے جواب میں اگرچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرما دیا تھا کہ خواب میں اِسی سال عمرہ ہونے کی تصریح تو نہ تھی، مگر اس کے باوجود ابھی تک کچھ نہ کچھ خلش دلوں میں باقی تھی۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے خود یہ وضاحت فرمائی کہ وہ خواب ہم نے دکھایا تھا، اور وہ بالکل سچا تھا، اور وہ یقیناً پُورا ہو کر رہے گا۔

۴۸ - یہاں اللہ تعالیٰ نے خود اپنے وعدے کے ساتھ "اِن شاء اللہ" کے الفاظ جو استعمال فرمائے ہیں، اس پر ایک معترض یہ سوال کر سکتا ہے کہ جب یہ وعدہ اللہ تعالیٰ خود ہی فرما رہا ہے تو اس کو اللہ کے چاہنے سے مشروط کرنے کے کیا معنٰی ہیں؟ اس کا جواب یہ ہے کہ یہاں یہ الفاظ اس معنٰی میں استعمال نہیں ہوئے ہیں کہ اگر اللہ نہ چاہے گا تو اپنا یہ وعدہ پُورا نہ کرے گا، بلکہ دراصل ان کا تعلّق اُس پَس منظر سے ہے جس میں یہ وعدہ فرمایا گیا ہے۔ کفّارِ مکّہ نے جس زعم کی بنا پر مسلمانوں کو عمرے سے روکنے کا یہ سارا کھیل کھیلا تھا، وہ یہ تھا کہ جس کو ہم عمرہ کرنے دینا چاہیں گے وہ عمرہ کر سکے گا، اور جب ہم اسے کرنے دیں گے اسی وقت وہ کر سکے گا۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ یہ ان کی مشیّت پر نہیں بلکہ ہماری مشیّت پر موقوف ہے۔ اِس سال عمرے کا

وَ مُقَصِّرِيْنَ ۙ لَا تَخَافُوْنَ ؕ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ مِنْ دُوْنِ
ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِيْبًا ﴿۲۷﴾ هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى
وَ دِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ؕ وَ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ﴿۲۸﴾ ؕ

اور بال ترشواؤ گے،[۵۰] اور تمھیں کوئی خوف نہ ہوگا۔ وہ اُس بات کو جانتا تھا جسے تم نہ جانتے تھے، اس لیے وہ خواب پُورا ہونے سے پہلے اُس نے یہ قریبی فتح تم کو عطا فرما دی۔

وہ اللہ ہی ہے جس نے اپنے رسولؐ کو ہدایت اور دینِ حق کے ساتھ بھیجا ہے، تاکہ اُس کو پُوری جنسِ دین پر غالب کر دے، اور اِس حقیقت پر اللہ کی گواہی کافی ہے۔[۵۱]

نہ ہوسکنا اس لیے نہیں ہوا کہ کفارِ مکّہ نے یہ چاہا تھا کہ وہ نہ ہو، بلکہ یہ اس لیے ہوا کہ ہم نے اس کو نہ ہونے دینا چاہا تھا۔ اور آیندہ یہ عمرہ اگر ہم چاہیں گے تو ہوگا، خواہ کفار چاہیں یا نہ چاہیں۔ اس کے ساتھ ان الفاظ میں یہ معنٰی بھی پوشیدہ ہیں کہ مسلمان بھی جو عمرہ کریں گے تو اپنے زور سے نہیں کریں گے، بلکہ اس بنا پر کریں گے کہ ہماری مَشیّت یہ ہوگی کہ وہ عمرہ کریں۔ ورنہ ہماری مَشیّت اگر اس کے خلاف ہو تو ان کا یہ بل بُوتا نہیں ہے کہ خود عمرہ کر ڈالیں۔

۴۹ – یہ وعدہ اگلے سال ذی القعدہ ۷ ھ میں پُورا ہوا۔ تاریخ میں یہ عمرہ ”عمرۃ القضاء“ کے نام سے مشہور ہے۔

۵۰ – یہ الفاظ اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ عمرے اور حج میں سر منڈوانا لازم نہیں ہے، بلکہ بال ترشوانا بھی جائز ہے۔ البتہ سر منڈوانا افضل ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اسے پہلے بیان فرمایا ہے اور بال ترشوانے کا ذکر بعد میں کیا ہے۔

۵۱ – اس مقام پر یہ بات ارشاد فرمانے کی وجہ یہ ہے کہ حُدَیبیہ میں جب معاہدۂ صلح لکھا جانے لگا تھا، اس وقت کفارِ مکّہ نے حضورؐ کے اسمِ گرامی کے ساتھ ”رسول اللہ“ کے الفاظ لکھنے پر اعتراض کیا تھا، اور ان کے اصرار پر حضورؐ نے خود معاہدے کی تحریر میں سے یہ الفاظ مٹا دیے تھے۔ اس پر اللہ تعالیٰ فرما رہا ہے کہ ہمارے رسول کا رسول ہونا تو ایک حقیقت ہے، جس میں کسی کے ماننے یا نہ ماننے سے کوئی فرق واقع نہیں ہوتا۔ اس کو اگر کچھ لوگ نہیں مانتے تو نہ مانیں۔ اس کے حقیقت ہونے پر صرف ہماری شہادت کافی ہے۔ اُن کے انکار کر دینے سے یہ حقیقت بدل نہیں جائے گی، بلکہ اُن کے عَلَی الرَّغم اس ہدایت اور اُس دینِ حق کو پُوری جنسِ دین پر غلبہ حاصل ہو کر رہے گا، جسے لے کر یہ رسول ہماری طرف سے آیا ہے، خواہ یہ منکرین اسے روکنے کے لیے کتنا ہی زور مار کر دیکھ لیں۔

”پُوری جنسِ دین“ سے مراد زندگی کے وہ تمام نظام ہیں جو ”دین“ کی نوعیت رکھتے ہیں۔ اس کی مفصل تشریح ہم اس سے پہلے

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ وَ الَّذِیْنَ مَعَهٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَیْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا یَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَ رِضْوَانًا٘ سِیْمَاهُمْ فِیْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ؕ ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِی

محمدؐ اللہ کے رسول ہیں، اور جولوگ ان کے ساتھ ہیں، وہ کفّار پر سخت [۵۲] اور آپس میں رحیم ہیں [۵۳]۔ تم جب دیکھو گے اُنھیں رُکوع و سجود اور اللہ کے فضل اور اس کی خوشنودی کی طلب میں مشغول پاؤ گے۔ سُجُود کے اثرات ان کے چہروں پر موجود ہیں جن سے وہ الگ پہچانے جاتے ہیں [۵۴]۔ یہ ہے ان کی صفت

تفہیم القرآن، جلد چہارم، تفسیر سورۂ زُمَر، حاشیہ ۳، اور تفسیر سورۂ شُوریٰ حاشیہ ۲۰ میں کر چکے ہیں۔ یہاں جو بات اللہ تعالیٰ نے صاف الفاظ میں ارشاد فرمائی ہے، وہ یہ ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بِعثت کا مقصد محض اِس دین کی تبلیغ نہ تھا، بلکہ اسے دین کی نوعیت رکھنے والے تمام نظاماتِ زندگی پر غالب کر دینا تھا۔ دوسرے الفاظ میں آپؐ یہ دین اس لیے نہیں لائے تھے کہ زندگی کے سارے شعبوں پر غلبہ تو ہو کسی دینِ باطل کا، اور اُس کی قہرمانی کے تحت یہ دین اُن حدود کے اندر سکڑ کر رہے جن میں دینِ غالب اِسے جینے کی اجازت دے دے، بلکہ اسے آپؐ اس لیے لائے تھے کہ زندگی کا غالب دین یہ ہو، اور دوسرا کوئی دین اگر جیے بھی تو اُن حُدُود کے اندر جیے جن میں یہ اسے جینے کی اجازت دے۔ (مزید تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد چہارم، تفسیر سورۂ زُمَر، حاشیہ ۴۸)

۵۲ - اصل الفاظ ہیں: اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ۔ عَرَبی زبان میں کہتے ہیں: فُلَانٌ شَدِیْدٌ عَلَیْهِ "فلاں شخص اُس پر شدید ہے"، یعنی اُس کو رام کرنا اور اپنے مطلب پر لانا اُس کے لیے مشکل ہے۔ کفّار پر اصحابِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے سخت ہونے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ وہ کافروں کے ساتھ دُرُشتی اور تُندخوئی سے پیش آتے ہیں، بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ اپنے ایمان کی پختگی، اُصول کی مضبوطی، سیرت کی طاقت، اور ایمانی فراست کی وجہ سے کفّار کے مقابلے میں پتھر کی چٹان کا حکم رکھتے ہیں۔ وہ موم کی ناک نہیں ہیں کہ انھیں کافر جدھر چاہیں موڑ دیں۔ وہ نرم چارا نہیں ہیں کہ کافر انھیں آسانی کے ساتھ چبا جائیں۔ انھیں کسی خوف سے دبایا نہیں جا سکتا۔ انھیں کسی ترغیب سے خریدا نہیں جا سکتا۔ کافروں میں یہ طاقت نہیں ہے کہ انھیں اُس مقصدِ عظیم سے ہٹا دیں جس کے لیے وہ سر دھڑ کی بازی لگا کر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا ساتھ دینے کے لیے اُٹھے ہیں۔

۵۳ - یعنی اُن کی سختی جو کچھ بھی ہے، دشمنانِ دین کے لیے ہے، اہلِ ایمان کے لیے نہیں ہے۔ اہلِ ایمان کے مقابلے میں وہ نرم ہیں، رحیم و شفیق ہیں، ہمدرد و غمگسار ہیں۔ اُصول اور مقصد کے اتحاد نے ان کے اندر ایک دوسرے کے لیے محبّت اور ہم رنگی و سازگاری پیدا کر دی ہے۔

التَّوْرٰىةِ ۚ وَ مَثَلُهُمْ فِي الْاِنْجِيْلِ ۚ كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْئَهٗ

تورات میں[55]۔ اور انجیل میں اُن کی مثال یُوں دی گئی ہے[56] کہ گویا ایک کھیتی ہے جس نے پہلے کونپل نکالی،

۵۴- اس سے مراد پیشانی کا وہ گٹا نہیں ہے جو سجدے کرنے کی وجہ سے بعض نمازیوں کے چہرے پر پڑ جاتا ہے۔ بلکہ اِس سے مراد خدا ترسی، کریم النفسی، شرافت اور حُسنِ اَخلاق کے وہ آثار ہیں جو خدا کے آگے جھکنے کی وجہ سے فطرتاً آدمی کے چہرے پر نمایاں ہو جاتے ہیں۔ انسان کا چہرہ ایک کُھلی کتاب ہوتا ہے، جس کے صفحات پر آدمی کے نفس کی کیفیات بآسانی دیکھی جا سکتی ہیں۔ ایک متکبر انسان کا چہرہ ایک متواضع اور منکسر المزاج آدمی کے چہرے سے مختلف ہوتا ہے۔ ایک بد اَخلاق آدمی کا چہرہ ایک نیک نفس اور خوش خُلق آدمی کے چہرے سے الگ پہچانا جاتا ہے۔ ایک لفنگے اور بدکار آدمی کی صورت اور ایک شریف اور پاکباز آدمی کی صورت میں نمایاں فرق ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے ارشاد کا منشا یہ ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے یہ ساتھی تو ایسے ہیں کہ ان کو دیکھتے ہی ایک آدمی بیک نظر یہ معلوم کر سکتا ہے کہ یہ خیر الخلائق ہیں، کیونکہ خدا پرستی کا نُور ان کے چہروں پر چمک رہا ہے۔ یہ وہی چیز ہے جس کے متعلق امام مالکؒ بیان کرتے ہیں کہ جب صحابۂ کرامؓ کی فوجیں شام کی سرزمین میں داخل ہوئیں تو شام کے عیسائی کہتے تھے کہ مسیحؑ کے حواریوں کی جو شان ہم سنتے تھے، یہ تو اُسی شان کے لوگ نظر آتے ہیں۔

۵۵- غالباً یہ اشارہ کتابِ اِستثنا، باب ۳۳، آیات ۲-۳ کی طرف ہے جن میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی آمدِ مبارک کا ذکر کرتے ہوئے آپؐ کے صحابہؓ کے لیے ''قُدسیوں'' کا لفظ استعمال کیا گیا ہے۔ اس کے سوا اگر صحابۂ کرامؓ کی کوئی صفت تورات میں بیان ہوئی تھی تو وہ اب موجودہ مُحرّف تورات میں نہیں ملتی۔

۵۶- یہ تمثیل حضرت عیسٰی علیہ السلام کے ایک وعظ میں بیان ہوئی ہے جسے بائبل کے عہد نامۂ جدید میں اِس طرح نقل کیا گیا ہے:

> ''اور اس نے کہا: خدا کی بادشاہی ایسی ہے جیسے کوئی آدمی زمین میں بیج ڈالے اور رات کو سوئے اور دن کو جاگے، اور وہ بیج اِس طرح اُگے اور بڑھے کہ وہ نہ جانے۔ زمین آپ سے آپ پھل لاتی ہے۔ پہلے پتی، پھر بالیں، پھر بالوں میں تیار دانے، پھر جب اناج پک چکا تو وہ فی الفور درانتی لگاتا ہے، کیونکہ کاٹنے کا وقت آ پہنچا...... وہ رائی کے دانے کے مانند ہے کہ جب زمین میں بویا جاتا ہے تو زمین کے سب بیجوں سے چھوٹا ہوتا ہے۔ مگر جب بو دیا گیا تو اُگ کر سب ترکاریوں سے بڑا ہو جاتا ہے، اور ایسی بڑی ڈالیاں نکالتا ہے کہ ہوا کے پرندے اس کے سایے میں بسیرا کر سکتے ہیں۔'' (مَرقُس، باب ۴، آیات ۲۶ تا ۳۲۔ اس وعظ کا آخری حصہ انجیلِ مَتّی، باب ۱۳، آیات ۳۱-۳۲ میں بھی ہے)

فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى عَلٰى سُوْقِهٖ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ
الْكُفَّارَ ؕ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً
وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۲۹﴾ ع

پھر اس کو تقویت دی، پھر وہ گدرائی، پھر اپنے تنے پر کھڑی ہوگئی۔ کاشت کرنے والوں کو وہ خوش کرتی ہے، تاکہ کفار ان کے پھلنے پھولنے پر جلیں۔ اِس گروہ کے لوگ جو ایمان لائے ہیں اور جنھوں نے نیک عمل کیے ہیں، اللہ نے ان سے مغفرت اور بڑے اجر کا وعدہ فرمایا ہے۔[۵۷] ع

۵۷- ایک گروہ اس آیت میں مِنْهُمْ کی مِنْ کو تبعیض کے معنیٰ میں لیتا ہے اور آیت کا ترجمہ یہ کرتا ہے کہ ''ان میں سے جو لوگ ایمان لائے اور جنھوں نے نیک عمل کیے، اللہ نے ان سے مغفرت اور بڑے اجر کا وعدہ فرمایا ہے۔'' اس طرح یہ لوگ صحابہؓ پر طعن کا راستہ نکالتے ہیں اور دعویٰ کرتے ہیں کہ اس آیت کی رُو سے صحابہؓ میں سے بہت سے لوگ مومن و صالح نہ تھے۔ لیکن یہ تفسیر اِسی سورت کی آیات ۴-۵-۱۸ اور ۲۶ کے خلاف پڑتی ہے، اور خود اِس آیت کے ابتدائی فقروں سے بھی مُطابقت نہیں رکھتی۔ آیات ۴-۵ میں اللہ تعالیٰ نے اُن تمام صحابہؓ کے دلوں میں سکینت نازل کیے جانے اور ان کے ایمان میں اضافہ ہونے کا ذکر فرمایا ہے جو حُدَیبیہ میں حضورؐ کے ساتھ تھے، اور بلا اِستثنا ان سب کو جنت میں داخل ہونے کی بشارت دی ہے۔ آیت ۱۸ میں اللہ تعالیٰ نے ان سب لوگوں کے حق میں اپنی خوشنودی کا اظہار فرمایا ہے جنھوں نے درخت کے نیچے حضورؐ سے بیعت کی تھی، اور اس میں بھی کوئی اِستثنا نہیں ہے۔ آیت ۲۶ میں بھی حضورؐ کے تمام ساتھیوں کے لیے مومنین کا لفظ استعمال کیا ہے، ان کے اُوپر اپنی سکینت نازل کرنے کی خبر دی ہے، اور فرمایا ہے کہ یہ لوگ کلمۂ تقویٰ کی پابندی کے زیادہ حق دار اور اِس کے اہل ہیں۔ یہاں بھی یہ نہیں فرمایا کہ ان میں سے جو مومن ہیں صرف اُنھی کے حق میں یہ خبر دی جا رہی ہے۔ پھر خود اس آیت کے بھی ابتدائی فقروں میں جو تعریف بیان کی گئی ہے، وہ ان سب لوگوں کے لیے ہے جو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے۔ الفاظ یہ ہیں کہ جو لوگ بھی آپؐ کے ساتھ ہیں، وہ ایسے اور ایسے ہیں۔ اس کے بعد یکایک آخری فقرے پر پہنچ کر یہ ارشاد فرمانے کا آخر کیا موقع ہو سکتا تھا کہ ان میں سے کچھ لوگ مومن و صالح تھے اور کچھ نہ تھے۔ اس لیے یہاں مِنْ کو تبعیض کے معنیٰ میں لینا نظمِ کلام کے خلاف ہے۔ درحقیقت یہاں مِنْ بیان کے لیے ہے جس طرح آیت فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ (بتوں کی گندگی سے بچو) میں مِنْ تبعیض کے لیے نہیں بلکہ لازماً بیان ہی کے لیے ہے، ورنہ آیت کے معنیٰ یہ ہو جائیں گے کہ ''بتوں میں سے جو ناپاک ہیں ان سے پرہیز کرو''، اور اس سے نتیجہ یہ نکلے گا کہ کچھ بت پاک بھی قرار پائیں گے، جن کی پرستش سے پرہیز لازم نہ ہوگا۔

# تفہیم القرآن

## الحجرات

(۴۹)

# الحُجُرات

**نام** آیت ۴ کے فقرے اِنَّ الَّذِیۡنَ یُنَادُوۡنَكَ مِنۡ وَّرَآءِ الۡحُجُرٰتِ سے ماخوذ ہے۔ مراد یہ ہے کہ وہ سورت جس میں لفظ ''الحُجُرات'' آیا ہے۔

**زمانۂ نُزُول** یہ بات رِوایات سے بھی معلوم ہوتی ہے اور سورت کے مضامین بھی اس کی تائید کرتے ہیں کہ یہ سورت مختلف مواقع پر نازل شدہ احکام و ہدایات کا مجموعہ ہے، جنھیں مضمون کی مناسبت سے یک جا کر دیا گیا ہے۔ علاوہ بریں رِوایات سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ ان میں سے اکثر احکام مدینۂ طیبہ کے آخری دَور میں نازل ہوئے ہیں۔ مثلاً آیت ۴ کے متعلق مفسّرین کا بیان ہے کہ یہ بنی تمیم کے بارے میں نازل ہوئی تھی جن کے وفد نے آ کر اَزواجِ مُطہّراتؓ کے حجروں کے باہَر سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو پکارنا شروع کر دیا تھا، اور تمام کُتُبِ سیرت میں اس وفد کی آمد کا زمانہ ۹ ہجری بیان کیا گیا ہے۔ اسی طرح آیت ۶ کے متعلق حدیث کی بکثرت رِوایات سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ وَلید بن عُقبَہ کے بارے میں نازل ہوئی تھی، جنھیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بنی المُصطَلِق سے زکوٰۃ وُصول کر کے لانے کے لیے بھیجا تھا، اور یہ بات معلوم ہے کہ وَلید بن عُقبَہ فتحِ مکہ کے موقع پر مسلمان ہوئے ہیں۔

**موضوع اور مَباحِث** اس سورہ کا موضوع مسلمانوں کو اُن آداب کی تعلیم دینا ہے جو اہلِ ایمان کے شایانِ شان ہیں۔

ابتدائی پانچ آیتوں میں اُن کو وہ ادب سکھایا گیا ہے جو انھیں اللہ اور اس کے رسولؐ کے معاملے میں ملحوظ رکھنا چاہیے۔

پھر یہ ہدایت دی گئی ہے کہ ہر خبر پر یقین کر لینا اور اس پر کوئی کارروائی کر گزرنا مناسب نہیں ہے۔ اگر کسی شخص یا گروہ یا قوم کے خلاف کوئی اطلاع ملے تو غور سے دیکھنا چاہیے کہ خبر ملنے کا ذریعہ قابلِ اعتماد ہے یا نہیں۔ قابلِ اعتماد نہ ہو تو اس پر کارروائی کرنے سے پہلے تحقیق کر لینا چاہیے کہ خبر صحیح ہے یا نہیں۔

اس کے بعد یہ بتایا گیا ہے کہ اگر کسی وقت مسلمانوں کے دو گروہ آپس میں لڑ پڑیں تو اس صورت میں دوسرے مسلمانوں کو کیا طرزِ عمل اختیار کرنا چاہیے۔

پھر مسلمانوں کو اُن بُرائیوں سے بچنے کی تاکید کی گئی ہے جو اجتماعی زندگی میں فساد برپا کرتی ہیں اور

جن کی وجہ سے آپس کے تعلقات خراب ہوتے ہیں۔ ایک دوسرے کا مذاق اُڑانا، ایک دوسرے پر طعن کرنا، ایک دوسرے کے بُرے بُرے نام رکھنا، بدگمانیاں کرنا، دوسروں کے حالات کی کھوج کُرید کرنا، لوگوں کے پیٹھ پیچھے ان کی بُرائیاں کرنا، یہ وہ افعال ہیں جو بجائے خود بھی گناہ ہیں اور معاشرے میں بگاڑ بھی پیدا کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے نام بنام ان کا ذکر فرما کر انھیں حرام قرار دے دیا ہے۔

اس کے بعد اُن قومی اور نسلی امتیازات پر ضرب لگائی گئی ہے جو دنیا میں عالمگیر فساد کے موجب ہوتے ہیں۔ قوموں اور قبیلوں اور خاندانوں کا اپنے شرَف پر فخر و غرور، اور دوسروں کو اپنے سے کم تر سمجھنا، اور اپنی بڑائی قائم کرنے کے لیے دوسروں کو گرانا، اُن اہم اسباب میں سے ہے جن کی بدولت دنیا ظلم سے بھر گئی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ایک مختصر سی آیت میں یہ فرما کر اِس بُرائی کی جڑ کاٹ دی ہے کہ تمام انسان ایک ہی اصل سے پیدا ہوئے ہیں، اور قوموں اور قبیلوں میں اُن کا تقسیم ہونا تعارف کے لیے ہے نہ کہ تفاخُر کے لیے، اور ایک انسان پر دوسرے انسان کی فوقیت کے لیے اَخلاقی فضیلت کے سوا اور کوئی جائز بنیاد نہیں ہے۔

آخر میں لوگوں کو بتایا گیا ہے کہ اصل چیز ایمان کا زبانی دعویٰ نہیں ہے بلکہ سچے دل سے اللہ اور اس کے رسولؐ کو ماننا، عملاً فرماں بردار بن کر رہنا، اور خلوص کے ساتھ اللہ کی راہ میں اپنی جان و مال کھپا دینا ہے۔ حقیقی مومن وہی ہیں جو یہ رَوش اختیار کریں۔ رہے وہ لوگ جو دل کی تصدیق کے بغیر محض زبان سے اسلام کا اقرار کرتے ہیں اور پھر ایسا رَویّہ اختیار کرتے ہیں کہ گویا اسلام قبول کر کے انھوں نے کوئی احسان کیا ہے، تو دنیا میں ان کا شمار مسلمانوں میں ہو سکتا ہے، معاشرے میں ان کے ساتھ مسلمانوں کا سا سلوک بھی کیا جا سکتا ہے، مگر اللہ کے ہاں وہ مومن قرار نہیں پا سکتے۔

۱۸ آیاتہا — رکوعاتہا ۲

## سُوْرَةُ الْحُجُرٰتِ مَدَنِيَّةٌ

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاتَّقُوا
اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝۱ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْۤا
اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ
بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ۝۲

اے لوگو جو ایمان لائے ہو، اللہ اور اس کے رسولؐ کے آگے پیش قدمی نہ کرو[1] اور اللہ سے ڈرو، اللہ سب کچھ سُننے اور جاننے والا ہے[2]۔

اے لوگو جو ایمان لائے ہو، اپنی آواز نبیؐ کی آواز سے بلند نہ کرو، اور نہ نبیؐ کے ساتھ اُونچی آواز سے بات کیا کرو جس طرح تم آپس میں ایک دُوسرے سے کرتے ہو[3] کہیں ایسا نہ ہو کہ تمہارا کیا کرایا سب غارت ہو جائے اور تمہیں خبر بھی نہ ہو[4]۔

---

۱- یہ ایمان کا اوّلین اور بنیادی تقاضا ہے۔ جو شخص اللہ کو اپنا رب اور اللہ کے رسولؐ کو اپنا ہادی و رہبر مانتا ہو، وہ اگر اپنے اِس عقیدے میں سچا ہے تو اس کا یہ رَوِیَّہ کبھی نہیں ہو سکتا کہ اپنی رائے اور خیال کو اللہ اور رسولؐ کے فیصلے پر مقدّم رکھے، یا معاملات میں آزادانہ رائے قائم کرے اور اُن کے فیصلے بطورِ خود کر ڈالے، بغیر اس کے کہ اسے یہ معلوم کرنے کی فکر ہو کہ اللہ اور اس کے رسولؐ نے اُن معاملات میں کوئی ہدایت دی ہے یا نہیں، اور دی ہے تو وہ کیا ہے۔ اسی لیے ارشاد ہوا ہے کہ اَے ایمان لانے والو! اللہ اور اس کے رسولؐ کے آگے "پیش قدمی نہ کرو"، یعنی ان سے آگے بڑھ کر نہ چلو، پیچھے چلو۔ مقدّم نہ بنو، تابع بن کر رہو۔ یہ ارشاد اپنے حکم میں سورۂ اَحزاب کی آیت ۳۶ سے ایک قدم آگے ہے۔ وہاں فرمایا گیا تھا کہ جس معاملے کا فیصلہ اللہ اور اس کے رسولؐ نے کر دیا ہو، اس کے بارے میں کسی مومن کو خود کوئی الگ فیصلہ کرنے کا اختیار باقی نہیں رہتا۔ اور یہاں فرمایا گیا ہے کہ اہلِ ایمان کو اپنے معاملات میں پیش قدمی کر کے بطورِ خود فیصلے نہیں کر لینے چاہییں، بلکہ پہلے یہ دیکھنا چاہیے کہ اللہ کی کتاب اور اس کے رسولؐ کی سُنّت میں ان کے متعلق کیا ہدایات ملتی ہیں۔

یہ حکم مسلمانوں کے محض انفرادی معاملات تک ہی محدود نہیں ہے بلکہ ان کے جملہ اجتماعی معاملات پر بھی اس کا اِطلاق

ہوتا ہے۔ درحقیقت یہ اسلامی آئین کی بنیادی دفعہ ہے جس کی پابندی سے نہ مسلمانوں کی حکومت آزاد ہو سکتی ہے، نہ ان کی عدالت اور نہ پارلیمنٹ۔ مُسْنَد احمد، ابوداؤد، ترمذی اور ابنِ ماجہ میں یہ روایت صحیح سندوں کے ساتھ منقول ہوئی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب حضرت مُعاذؓ بن جَبَل کو یمن کا حاکم عدالت بنا کر بھیج رہے تھے تو آپؐ نے ان سے پوچھا کہ "تم کس چیز کے مطابق فیصلے کرو گے؟" انھوں نے عرض کیا: "کتاب اللہ کے مطابق۔" آپؐ نے پوچھا: "اگر کتاب اللہ میں کسی معاملے کا حکم نہ ملے تو کس چیز کی طرف رُجوع کرو گے؟" انھوں نے کہا: "سُنّتِ رسولؐ اللہ کی طرف۔" آپؐ نے فرمایا: "اگر اس میں بھی کچھ نہ ملے؟" انھوں نے عرض کیا: "پھر میں خود اجتہاد کروں گا۔" اس پر حضورؐ نے اُن کے سینے پر ہاتھ رکھ کر فرمایا: "شکر ہے اُس خدا کا جس نے اپنے رسول کے نمایندے کو وہ طریقہ اختیار کرنے کی توفیق بخشی جو اس کے رسول کو پسند ہے۔" یہ اپنے اجتہاد پر کتاب اللہ وسنّتِ رسولؐ کو مقدم رکھنا اور ہدایت حاصل کرنے کے لیے سب سے پہلے اُن کی طرف رجوع کرنا ہی وہ چیز ہے جو ایک مسلمان جج اور ایک غیر مسلم جج کے درمیان وجہِ امتیاز ہے۔ اسی طرح قانون سازی کے معاملے میں یہ بات قطعی طور پر مُتَّفَق عَلَیہ ہے کہ اوّلین ماخذِ قانون خدا کی کتاب ہے اور اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت۔ پُوری اُمّت کا اِجماع تک ان دونوں کے خلاف یا ان سے آزاد نہیں ہو سکتا، کجا کہ افرادِ اُمّت کا قیاس و اجتہاد۔

۲ - یعنی اگر کبھی تم نے اللہ اور اس کے رسولؐ سے بے نیاز ہو کر خود مختاری کی رَوِش اختیار کی یا اپنی رائے اور خیال کو ان کے حکم پر مقدم رکھا، تو جان رکھو کہ تمھارا سابقہ اس خدا سے ہے جو تمھاری سب باتیں سن رہا ہے اور تمھاری نیتوں تک سے واقف ہے۔

۳ - یہ وہ ادب ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں بیٹھنے والوں اور آپؐ کی خدمت میں حاضر ہونے والوں کو سکھایا گیا تھا۔ اس کا منشا یہ تھا کہ حضورؐ کے ساتھ ملاقات اور بات چیت میں اہلِ ایمان آپؐ کا انتہائی احترام ملحوظ رکھیں۔ کسی شخص کی آواز آپؐ کی آواز سے بلند تر نہ ہو۔ آپؐ سے خطاب کرتے ہوئے لوگ یہ بھول نہ جائیں کہ وہ کسی عام آدمی یا اپنے برابر والے سے نہیں بلکہ اللہ کے رسولؐ سے مخاطب ہیں۔ اس لیے عام آدمیوں کے ساتھ گفتگو اور آپؐ کے ساتھ گفتگو میں نمایاں فرق ہونا چاہیے، اور کسی کو آپؐ سے اُونچی آواز میں کلام نہ کرنا چاہیے۔

یہ ادب اگرچہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس کے لیے سکھایا گیا تھا اور اس کے مُخاطَب وہ لوگ تھے جو حضورؐ کے زمانے میں موجود تھے، مگر بعد کے لوگوں کو بھی ایسے تمام مواقع پر یہی ادب ملحوظ رکھنا چاہیے جب آپؐ کا ذکر ہو رہا ہو، یا آپؐ کا کوئی حکم سنایا جائے، یا آپؐ کی احادیث بیان کی جائیں۔ اس کے علاوہ اس آیت سے یہ ایما بھی نکلتا ہے کہ لوگوں کو اپنے سے بزرگ تر اشخاص کے ساتھ گفتگو میں کیا طرزِ عمل اختیار کرنا چاہیے۔ کسی شخص کا اپنے بزرگوں کے سامنے اُس طرح بولنا جس طرح وہ اپنے دوستوں یا عام آدمیوں کے سامنے بولتا ہے، دراصل اس بات کی علامت ہے کہ اس کے دل میں ان کے لیے کوئی احترام موجود نہیں ہے اور وہ ان میں اور عام آدمیوں میں کوئی فرق نہیں سمجھتا۔

۴ - اِس ارشاد سے معلوم ہوتا ہے کہ دین میں ذاتِ رسولؐ کی عظمت کا کیا مقام ہے۔ رسولِ پاکؐ کے سوا کوئی شخص، خواہ بجائے خود کتنا ہی قابلِ احترام ہو، بہر حال یہ حیثیت نہیں رکھتا کہ اس کے ساتھ بے ادبی خدا کے ہاں اُس سزا کی

اِنَّ الَّذِيۡنَ يَغُضُّوۡنَ اَصۡوَاتَهُمۡ عِنۡدَ رَسُوۡلِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ الَّذِيۡنَ
امۡتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوۡبَهُمۡ لِلتَّقۡوٰى‌ؕ لَهُمۡ مَّغۡفِرَةٌ وَّاَجۡرٌ عَظِيۡمٌ ۳ اِنَّ
الَّذِيۡنَ يُنَادُوۡنَكَ مِنۡ وَّرَآءِ الۡحُجُرٰتِ اَكۡثَرُهُمۡ لَا يَعۡقِلُوۡنَ ۴ وَلَوۡ
اَنَّهُمۡ صَبَرُوۡا حَتّٰى تَخۡرُجَ اِلَيۡهِمۡ لَكَانَ خَيۡرًا لَّهُمۡ‌ؕ وَاللّٰهُ غَفُوۡرٌ

جو لوگ رسولِ خدا کے حُضور بات کرتے ہوئے اپنی آواز پست رکھتے ہیں، وہ درحقیقت وہی لوگ ہیں جن کے دلوں کو اللہ نے تقویٰ کے لیے جانچ لیا ہے۵، اُن کے لیے مغفرت ہے اور اجرِ عظیم۔

اَے نبیؐ! جو لوگ تمھیں حُجروں کے باہر سے پُکارتے ہیں، ان میں سے اکثر بے عقل ہیں۔ اگر وہ تمھارے برآمد ہونے تک صبر کرتے تو انھی کے لیے بہتر تھا۶، اللہ درگزر کرنے والا اور

مستحق ہو جو حقیقت میں کفر کی سزا ہے۔ وہ زیادہ سے زیادہ ایک بدتمیزی ہے، خلافِ تہذیب حرکت ہے۔ مگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے احترام میں ذرا سی کمی بھی اتنا بڑا گناہ ہے کہ اس سے آدمی کی عمر بھر کی کمائی غارت ہو سکتی ہے۔ اس لیے کہ آپؐ کا احترام دراصل اُس خدا کا احترام ہے جس نے آپؐ کو اپنا رسول بنا کر بھیجا ہے، اور آپؐ کے احترام میں کمی کے معنی خدا کے احترام میں کمی کے ہیں۔

۵- یعنی جو لوگ اللہ تعالیٰ کی آزمایشوں میں پُورے اُترے ہیں اور ان آزمایشوں سے گزر کر جنھوں نے ثابت کر دیا ہے کہ ان کے دلوں میں فی الواقع تقویٰ موجود ہے، وہی لوگ اللہ کے رسولؐ کا ادب و احترام ملحوظ رکھتے ہیں۔ اس ارشاد سے خود بخود یہ بات نکلتی ہے کہ جو دل رسولؐ کے احترام سے خالی ہے وہ درحقیقت تقویٰ سے خالی ہے، اور رسولؐ کے مقابلے میں کسی کی آواز کا بلند ہونا محض ایک ظاہری بدتہذیبی نہیں ہے، بلکہ باطن میں تقویٰ نہ ہونے کی علامت ہے۔

۶- حضورؐ کے عہدِ مبارک میں جن لوگوں نے آپؐ کی صحبت میں رہ کر اسلامی آداب و تہذیب کی تربیت پائی تھی، وہ تو آپؐ کے اوقات کا ہمیشہ لحاظ رکھتے تھے۔ ان کو پُورا احساس تھا کہ آپؐ اللہ کے کام میں کس قدر مصروف زندگی بسر فرماتے ہیں، اور ان تھکا دینے والی مصروفیتوں کے دوران میں لازماً کچھ وقت آپؐ کے آرام کے لیے اور کچھ وقت آپؐ کی اہم مشغولیتوں کے لیے، اور کچھ وقت اپنی خانگی زندگی کے معاملات کی طرف توجہ کرنے کے لیے بھی ہونا چاہیے۔ اس لیے وہ آپؐ سے ملاقات کے لیے اُسی وقت حاضر ہوتے تھے جب آپؐ باہر تشریف فرما ہوں، اور اگر کبھی

رَّحِيْمٌ ۝۵ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوْٓا
اَنْ تُصِيْبُوْا قَوْمًۢا بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوْا عَلٰى مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِيْنَ ۝۶

رحیم ہے۔

اے لوگو جو ایمان لائے ہو، اگر کوئی فاسق تمھارے پاس کوئی خبر لے کر آئے تو تحقیق کر لیا کرو، کہیں ایسا نہ ہو کہ تم کسی گروہ کو نادانستہ نقصان پہنچا بیٹھو اور پھر اپنے کیے پر پشیمان ہو۔[۸]

وہ آپؐ کو مجلس میں موجود نہ پاتے تو بیٹھ کر آپؐ کے برآمد ہونے کا انتظار کرتے تھے اور کسی شدید ضرورت کے بغیر آپؐ کو باہر تشریف لانے کی زحمت نہ دیتے تھے۔ لیکن عرب کے اُس ماحول میں، جہاں عام طور پر لوگوں کو کسی شائستگی کی تربیت نہ ملی تھی، بارہا ایسے اَن گھڑ لوگ بھی آپؐ سے ملاقات کے لیے آجاتے تھے جن کا تصوّر یہ تھا کہ دعوت الی اللہ اور اصلاحِ خلق کا کام کرنے والے کو کسی وقت بھی آرام لینے کا حق نہیں ہے، اور انھیں حق ہے کہ رات دن میں جب چاہیں اس کے پاس آدھمکیں، اور اس کا فرض ہے کہ جب بھی وہ آجائیں وہ اُن سے ملنے کے لیے مستعد رہے۔ اس قُماش کے لوگوں میں عُموماً اور اطرافِ عرب سے آنے والوں میں خُصوصاً بعض ایسے ناشایستہ لوگ بھی ہوتے تھے جو آپؐ سے ملاقات کے لیے آتے تو کسی خادم سے اندر اطلاع کرانے کی زحمت بھی نہ اُٹھاتے تھے، بلکہ ازواجِ مطہراتؓ کے حجروں کا چکّر کاٹ کر باہر ہی سے آپؐ کو پُکارتے پھرتے تھے۔ اس طرح کے متعدد واقعات احادیث میں صحابۂ کرامؓ نے روایت کیے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو لوگوں کی ان حرکات سے سخت تکلیف ہوتی تھی، مگر اپنے طبعی حِلم کی وجہ سے آپؐ اسے برداشت کیے جا رہے تھے۔ آخر کار اللہ تعالیٰ نے اس معاملے میں مداخلت فرمائی اور اس ناشایستہ طرزِ عمل پر ملامت کرتے ہوئے لوگوں کو یہ ہدایت دی کہ جب وہ آپؐ سے ملنے کے لیے آئیں اور آپؐ کو موجود نہ پائیں تو پکار پکار کر آپؐ کو بُلانے کے بجائے صبر کے ساتھ بیٹھ کر اس وقت کا انتظار کریں جب آپؐ خود ان سے ملاقات کے لیے باہر تشریف لائیں۔

۷ – یعنی اب تک جو کچھ ہُوا سو ہُوا، آیندہ اس غَلَطی کا اعادہ نہ کیا جائے تو اللہ تعالیٰ پچھلی غلطیوں سے درگزر فرمائے گا اور اپنے رحم و کرم کی بنا پر ان لوگوں سے کوئی مؤاخذہ نہ کرے گا جو اُس کے رسولؐ کو اس طرح اذیت دیتے رہے ہیں۔

۸ – اکثر مفسرین کا بیان ہے کہ یہ آیت وَلید بن عُقبَہ بن ابی مُعَیط کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ اس کا قصہ یہ ہے کہ قبیلۂ بنی المُصطَلِق جب مسلمان ہو گیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وَلید بن عُقبَہ کو بھیجا تاکہ ان لوگوں سے زکوٰۃ وصول کر لائیں۔ یہ اُن کے علاقے میں پہنچے تو کسی وجہ سے ڈر گئے اور اہلِ قبیلہ سے ملے بغیر مدینہ واپس جا کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے شکایت کر دی کہ انھوں نے زکوٰۃ دینے سے انکار کر دیا ہے اور وہ مجھے قتل کرنا چاہتے

تھے۔ حضورؐ یہ خبر سُن کر سخت ناراض ہوئے اور آپؐ نے ارادہ کیا کہ ان لوگوں کی سرکوبی کے لیے ایک دستہ روانہ کریں۔ بعض رِوایات میں آیا ہے کہ آپؐ نے وہ دستہ روانہ کر دیا تھا، اور بعض میں یہ بیان ہوا ہے کہ آپؐ روانہ کرنے والے تھے۔ بہرحال اس بات پر سب متفق ہیں کہ بنی المُصْطَلِق کے سردار حارث بن ضِرار (اُمُّ المومنین حضرت جُوَیرِیہؓ کے والد) اس دوران میں خود ایک وفد لے کر حضورؐ کی خدمت میں پہنچ گئے اور انھوں نے عرض کیا کہ خدا کی قسم ہم نے تو ولید کو دیکھا تک نہیں، کجا کہ زکوٰۃ دینے سے انکار اور ان کے قتل کے ارادے کا کوئی سوال پیدا ہو، ہم ایمان پر قائم ہیں اور ادائے زکوٰۃ سے ہمیں ہرگز انکار نہیں ہے۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ تھوڑے سے لفظی اختلاف کے ساتھ اس قصّے کو امام احمدؒ، ابنِ ابی حاتمؒ، طَبَرانی اور ابنِ جَرِیر نے حضرات عبداللہ بن عباسؓ، حارث بن ضِرار، مجاہد، قَتَادَہ، عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ، یزید بن رُومان، ضَحّاک اور مُقاتِل بن حَیّان سے نقل کیا ہے۔ حضرت اُمِّ سَلَمہؓ کی روایت میں یہ پُورا قصّہ بیان تو اسی طرح ہوا ہے، مگر اس میں ولید کے نام کی تصریح نہیں ہے۔

اس نازک موقع پر، جب کہ ایک بے بنیاد خبر پر اعتماد کر لینے کی وجہ سے ایک عظیم غلطی ہوتے ہوتے رہ گئی، اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو یہ اُصولی ہدایت دی کہ جب کوئی اہمیت رکھنے والی خبر، جس پر کوئی بڑا نتیجہ مُترتّب ہوتا ہو، تمھیں ملے تو اس کو قبول کرنے سے پہلے یہ دیکھ لو کہ خبر لانے والا کیسا آدمی ہے۔ اگر وہ کوئی فاسق شخص ہو، یعنی جس کا ظاہر حال یہ بتا رہا ہو کہ اس کی بات اعتماد کے لائق نہیں ہے، تو اس کی دی ہوئی خبر پر عمل کرنے سے پہلے تحقیق کر لو کہ امرِ واقعہ کیا ہے۔ اس حکمِ ربّانی سے ایک اہم شرعی قاعدہ نکلتا ہے جس کا دائرۂ اطلاق بہت وسیع ہے۔ اس کی رُو سے مسلمانوں کی حکومت کے لیے یہ جائز نہیں ہے کہ کسی شخص یا گروہ یا قوم کے خلاف کوئی کارروائی ایسے مخبروں کی دی ہوئی خبروں کی بنا پر کر ڈالے جن کی سیرت بھروسے کے لائق نہ ہو۔ اسی قاعدے کی بنا پر محدّثین نے علمِ حدیث میں جَرح و تعدیل کا فن ایجاد کیا، تاکہ اُن لوگوں کے حالات کی تحقیق کریں جن کے ذریعے سے بعد کی نسلوں کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث پہنچی تھیں، اور فقہا نے قانونِ شہادت میں یہ اُصول قائم کیا کہ کسی ایسے معاملے میں جس سے کوئی شرعی حکم ثابت ہوتا ہو، یا کسی انسان پر کوئی حق عائد ہوتا ہو، فاسق کی گواہی قابلِ قبول نہیں ہے۔ البتہ اس امر پر اہلِ علم کا اتفاق ہے کہ عام دنیوی معاملات میں ہر خبر کی تحقیق اور خبر لانے والے کے لائقِ اعتماد ہونے کا اطمینان کرنا ضروری نہیں ہے، کیونکہ آیت میں لفظ نَبَأ استعمال ہوا ہے جس کا اطلاق ہر خبر پر نہیں ہوتا بلکہ اہمیت رکھنے والی خبر پر ہوتا ہے۔ اسی لیے فقہا کہتے ہیں کہ عام معاملات میں یہ قاعدہ جاری نہیں ہوتا۔ مثلاً آپ کسی کے ہاں جاتے ہیں اور گھر میں داخل ہونے کی اجازت طلب کرتے ہیں۔ اندر سے کوئی آ کر کہتا ہے کہ آ جاؤ۔ آپ اس کے کہنے پر اندر جا سکتے ہیں، قطعِ نظر اس سے کہ صاحبِ خانہ کی طرف سے اِذن کی اطلاع دینے والا فاسق ہو یا صالح۔ اسی طرح اہلِ علم کا اس پر بھی اتفاق ہے کہ جن لوگوں کا فِسق جھوٹ اور بدکرداری کی نوعیت کا نہ ہو، بلکہ فسادِ عقیدہ کی بنا پر وہ فاسق قرار پاتے ہوں، اُن کی شہادت بھی قبول کی جا سکتی ہے اور رِوایت بھی۔ محض ان کے عقیدے کی خرابی ان کی شہادت یا رِوایت قبول کرنے میں مانع نہیں ہے۔

---

وَ اعْلَمُوْٓا اَنَّ فِيْكُمْ رَسُوْلَ اللّٰهِ ؕ لَوْ يُطِيْعُكُمْ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنَ
الْاَمْرِ لَعَنِتُّمْ وَ لٰكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَيْكُمُ الْاِيْمَانَ وَ زَيَّنَهٗ فِيْ
قُلُوْبِكُمْ وَ كَرَّهَ اِلَيْكُمُ الْكُفْرَ وَ الْفُسُوْقَ وَ الْعِصْيَانَ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ
الرّٰشِدُوْنَ ۙ﴿۷﴾ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَ نِعْمَةً ؕ وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۸﴾

---

خوب جان رکھو کہ تمھارے درمیان اللہ کا رسولؐ موجود ہے۔ اگر وہ بہت سے معاملات میں تمھاری بات مان لیا کرے تو تم خود ہی مشکلات میں مبتلا ہو جاؤ۔[۹] مگر اللہ نے تم کو ایمان کی محبّت دی اور اس کو تمھارے لیے دل پسند بنا دیا، اور کفر و فسق اور نافرمانی سے تم کو متنفر کر دیا۔ ایسے ہی لوگ اللہ کے فضل و احسان سے راست رَو ہیں[۱۰] اور اللہ علیم و حکیم ہے۔[۱۱]

---

۹- یہ بات سِیاق و سَباق سے بھی مُترشح ہوتی ہے، اور متعدد مفسّرین نے بھی اس آیت سے یہ سمجھا ہے کہ بنی المُصطَلِق کے معاملے میں ولید بن عُقبہ کی دی ہوئی اطلاع پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم اُن کے خلاف فوجی اقدام کرنے میں مُتامّل تھے، مگر بعض لوگوں نے اصرار کیا کہ ان پر فوراً چڑھائی کر دی جائے۔ اس پر اُن لوگوں کو تنبیہ فرمائی گئی کہ تم اِس بات کو بھول نہ جاؤ کہ تمھارے درمیان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم موجود ہیں، جو تمھارے مصالح کو تم سے زیادہ جانتے ہیں۔ تمھارا یہ چاہنا کہ اہم معاملات میں جو رائے تمھیں مناسب نظر آتی ہے، آپؐ اُسی پر عمل کیا کریں، سخت بے جا جسارت ہے۔ اگر تمھارے کہنے پر عمل کیا جانے لگے تو بکثرت مواقع پر ایسی غلطیاں ہوں گی جن کا خمیازہ خود تم کو بھگتنا پڑے گا۔

۱۰- مطلب یہ ہے کہ پُوری جماعتِ مومنین اُس غَلَطی کی مرتکب نہیں ہوئی جس کا صُدور اُن چند لوگوں سے ہوا جو اپنی خام رائے پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو چلانا چاہتے تھے۔ اور جماعتِ مومنین کے راہِ راست پر قائم رہنے کی وجہ یہ ہے کہ اللہ نے اپنے فضل و احسان سے ایمان کی رَوِش کو ان کے لیے محبوب و دل پسند بنا دیا ہے اور کفر و فسق اور نافرمانی کی رَوِش سے انھیں متنفر کر دیا ہے۔ اس آیت کے دو حصّوں میں رُوئے سُخن دو الگ الگ گروہوں کی طرف ہے۔ لَوْ يُطِيْعُكُمْ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنَ الْاَمْرِ کا خطاب پُوری جماعتِ صحابہؓ سے نہیں بلکہ اُن خاص اصحاب سے ہے جو بنی المُصطَلِق پر چڑھائی کر دینے کے لیے اصرار کر رہے تھے۔ اور لٰكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَيْكُمُ کا خطاب عام صحابہؓ سے ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اپنی رائے پر اصرار کرنے کی جسارت کبھی نہ کرتے تھے، بلکہ آپؐ کی رہنمائی پر اعتماد کرتے ہوئے ہمیشہ اطاعت کی رَوِش پر قائم رہتے تھے، جو ایمان کا تقاضا ہے۔ اس سے یہ نتیجہ نہیں نکلتا کہ جنھوں نے اپنی رائے پر اصرار کیا تھا وہ ایمان کی محبّت سے خالی تھے۔ بلکہ اس سے جو بات مُترشح ہوتی ہے، وہ یہ ہے کہ ایمان کے اِس تقاضے کی طرف

وَ اِنۡ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ اقۡتَتَلُوۡا فَاَصۡلِحُوۡا بَیۡنَهُمَا ۚ
فَاِنۡۢ بَغَتۡ اِحۡدٰىهُمَا عَلَی الۡاُخۡرٰی فَقَاتِلُوا الَّتِیۡ تَبۡغِیۡ حَتّٰی

اور اگر اہلِ ایمان میں سے دو گروہ آپس میں لڑ جائیں[12] تو ان کے درمیان صلح[13] کراؤ۔ پھر اگر ان میں سے ایک گروہ دُوسرے گروہ سے زیادتی کرے تو زیادتی کرنے والے سے لڑو[14] یہاں تک

سے اُن کو ذُہول ہو گیا تھا، جس کے باعث انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی میں اپنی رائے پر اصرار کرنے کی غَلَطی کی۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے پہلے ان کو اِس غلطی پر، اور اس کے بُرے نتائج پر متنبہ فرمایا، اور پھر یہ بتایا کہ صحیح ایمانی رَوِش وہ ہے جس پر صحابہؓ کی عام جماعت قائم ہے۔

۱۱ – یعنی اللہ کا یہ فضل و احسان کوئی اندھی بانٹ نہیں ہے۔ یہ نعمتِ عُظمیٰ جس کو بھی وہ دیتا ہے، حکمت کی بنا پر اور اِس علم کی بنا پر دیتا ہے کہ وہ اس کا مستحق ہے۔

۱۲ – یہ نہیں فرمایا کہ ''جب اہلِ ایمان میں سے دو گروہ آپس میں لڑیں''، بلکہ فرمایا یہ ہے کہ ''اگر اہلِ ایمان میں سے دو گروہ آپس میں لڑ جائیں''۔ ان الفاظ سے یہ بات خود بخود نکلتی ہے کہ آپس میں لڑنا مسلمانوں کا معمول نہیں ہے اور نہیں ہونا چاہیے۔ نہ اُن سے یہ امر متوقع ہے کہ وہ مومن ہوتے ہوئے آپس میں لڑا کریں گے۔ البتہ اگر کبھی ایسا ہو جائے تو اس صورت میں وہ طریقِ کار اختیار کرنا چاہیے جو آگے بیان کیا جا رہا ہے۔ علاوہ بریں گروہ کے لیے بھی ''فرقہ'' کے بجائے ''طائفہ'' کا لفظ استعمال کیا گیا ہے۔ عَرَبی زبان میں فرقہ بڑے گروہ کے لیے اور طائفہ چھوٹے گروہ کے لیے بولا جاتا ہے۔ اس سے بھی یہ بات مُترشح ہوتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی نگاہ میں یہ ایک انتہائی ناپسندیدہ حالت ہے جس میں مسلمانوں کی بڑی بڑی جماعتوں کا مبتلا ہو جانا متوقع نہیں ہونا چاہیے۔

۱۳ – اِس حکم کے مُخاطَب وہ تمام مسلمان ہیں جو ان دونوں گروہوں میں شامل نہ ہوں، اور جن کے لیے اُن کے درمیان صلح کی کوشش کرنا ممکن ہو۔ دوسرے الفاظ میں، اللہ تعالیٰ کے نزدیک مسلمانوں کا یہ کام نہیں ہے کہ ان کی اپنی مِلّت کے دو گروہ آپس میں لڑ رہے ہوں اور وہ بیٹھے ان کی لڑائی کا تماشا دیکھتے رہیں۔ بلکہ یہ افسوس ناک صورتِ حال جب بھی پیدا ہو، تمام اہلِ ایمان کو اس پر بے چین ہو جانا چاہیے اور ان کے باہمی معاملات کی اصلاح کے لیے جس کے بس میں جو کوشش بھی ہو، وہ اسے صَرف کر ڈالنی چاہیے۔ فریقین کو لڑائی سے باز رہنے کی تلقین کی جائے، انھیں خدا سے ڈرایا جائے، بااثر لوگ فریقین کے ذمہ دار آدمیوں سے جا کر ملیں، نِزاع کے اسباب معلوم کریں، اور اپنی حد تک ہر وہ کوشش کریں جس سے ان کے درمیان مُصالحت ہو سکتی ہو۔

۱۴ – یعنی مسلمانوں کا یہ کام بھی نہیں ہے کہ وہ زیادتی کرنے والے کو زیادتی کرنے دیں اور جس پر زیادتی کی جا رہی ہو، اسے اس کے حال پر چھوڑ دیں، یا اُلٹا زیادتی کرنے والے کا ساتھ دیں۔ بلکہ ان کا فرض یہ ہے کہ اگر لڑنے والے فریقین

تَفِيْٓءَ اِلٰٓى اَمْرِ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ فَآءَتْ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا بِالْعَدْلِ

کہ وہ اللہ کے حکم کی طرف پلٹ آئے[15]۔ پھر اگر وہ پلٹ آئے تو ان کے درمیان عدل کے ساتھ صلح کرا دو[16]۔

میں صلح کرانے کی تمام کوششیں ناکام ہو جائیں، تو پھر یہ دیکھیں کہ حق پر کون ہے اور زیادتی کرنے والا کون۔ جو حق پر ہو اس کا ساتھ دیں، اور جو زیادتی کرنے والا ہو اس سے لڑیں۔ اس لڑائی کا چونکہ اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے، اس لیے یہ واجب ہے اور جہاد کے حکم میں ہے۔ اس کا شمار اُس فتنے میں نہیں ہے جس کے متعلق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اَلْقَائِمُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ الْمَاشِيْ وَالْقَاعِدُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ الْقَائِمِ (اُس میں کھڑا رہنے والا چلنے والے سے، اور بیٹھ جانے والا کھڑا رہنے والے سے بہتر ہے)۔ کیونکہ اُس فتنے سے مراد تو مسلمانوں کی وہ باہمی لڑائی ہے جس میں فریقین عصبیت اور حمیتِ جاہلیہ اور طلبِ دنیا کے لیے لڑ رہے ہوں اور دونوں میں سے کوئی بھی حق پر نہ ہو۔ رہی یہ لڑائی جو زیادتی کرنے والے گروہ کے مقابلے میں برسرِ حق گروہ کی حمایت کے لیے لڑی جائے، تو یہ فتنے میں حصّہ لینا نہیں ہے بلکہ اللہ تعالیٰ کے حکم کی تعمیل ہے۔ تمام فقہا کا اس کے وجوب پر اتفاق ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہؓ میں اس کے واجب ہونے پر کوئی اختلاف نہ تھا۔ (احکام القرآن للجصّاص) بلکہ بعض فقہا تو اسے جہاد سے بھی افضل قرار دیتے ہیں، اور اُن کا اِستدلال یہ ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنا پورا زمانۂ خلافت کفار سے جہاد کرنے کے بجائے باغیوں سے لڑنے میں صَرف کر دیا۔ (رُوح المعانی) اس کے واجب نہ ہونے پر اگر کوئی شخص اس بات سے استدلال کرے کہ حضرت علیؓ کی ان لڑائیوں میں حضرت عبداللہ بن عمرؓ اور بعض دوسرے صحابہؓ نے حصّہ نہیں لیا تھا، تو وہ غلطی پر ہے۔ ابنِ عمرؓ خود فرماتے ہیں کہ مَا وَجَدْتُّ فِيْ نَفْسِيْ مِنْ شَيْءٍ مَا وَجَدْتُّ مِنْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ اَنِّيْ لَمْ اُقَاتِلْ هٰذِهِ الْفِئَةَ الْبَاغِيَةَ كَمَا اَمَرَنِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى (المُستدرَک للحاکم، کتاب معرفۃ الصّحابہ، باب الدفع عمن قعدوا عن بیعۃ علیؓ) "مجھے اپنے دل میں کسی بات پر اتنی زیادہ کھٹک محسوس نہیں ہوئی جتنی اِس آیت کی وجہ سے ہوئی کہ میں نے اللہ کے حکم کے مطابق اس باغی گروہ سے جنگ نہ کی۔"

زیادتی کرنے والے گروہ سے "قِتال" کرنے کا حکم لازماً یہی معنی نہیں رکھتا کہ اس کے خلاف ہتھیاروں سے جنگ کی جائے اور ضرور اس کو قتل ہی کیا جائے۔ بلکہ اس سے مراد اُس کے خلاف طاقت کا استعمال ہے، اور اصل مقصود اُس کی زیادتی کا ازالہ ہے۔ اس مقصد کے لیے جس طاقت کا استعمال ناگزیر ہو اسے استعمال کرنا چاہیے، اور جتنی طاقت کا استعمال کافی ہو، نہ اس سے کم استعمال کرنی چاہیے نہ اس سے زیادہ۔

اس حکم کے مُخاطَب وہ لوگ ہیں جو طاقت استعمال کر کے زیادتی کا ازالہ کرنے پر قادر ہوں۔

۱۵- اس سے معلوم ہوا کہ یہ لڑائی باغی (زیادتی کرنے والے گروہ) کو بغاوت (زیادتی) کی سزا دینے کے لیے نہیں ہے، بلکہ اُسے اللہ کے حکم کی طرف پلٹنے پر مجبور کرنے کے لیے ہے۔ اللہ کے حکم سے مراد یہ ہے کہ کتاب اللہ و سنّتِ رسولؐ اللہ کی رُو سے جو بات حق ہو، اسے یہ باغی گروہ قبول کر لینے پر آمادہ ہو جائے اور جو طرزِ عمل اِس میزانِ حق کی رُو

وَ اَقۡسِطُوۡا ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الۡمُقۡسِطِيۡنَ ۝۹ اِنَّمَا الۡمُؤۡمِنُوۡنَ

**اور انصاف کرو کہ اللہ انصاف کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔[۱۷] مومن تو ایک دُوسرے کے**

سے زیادتی قرار پاتا ہے اس کو چھوڑ دے۔ جونہی کہ کوئی باغی گروہ اس حکم کی پیروی پر راضی ہو جائے، اس کے خلاف طاقت کا استعمال بند ہو جانا چاہیے، کیونکہ یہی قِتال کا مقصود اور اس کی آخری حد ہے۔ اس کے بعد مزید دست درازی کرنے والا خود زیادتی کا مرتکب ہوگا۔ اب رہی یہ بات کہ کتاب اللہ وسنتِ رسول اللہؐ کی رُو سے ایک نزاع میں حق کیا ہے اور زیادتی کیا، تو لامحالہ اس کو طے کرنا اُن لوگوں کا کام ہے جو اُمّت میں علم اور بصیرت کے لحاظ سے اس کی تحقیق کرنے کے اہل ہوں۔

۱۶- محض صلح کرا دینے کا حکم نہیں ہے، بلکہ عدل و انصاف کے ساتھ صلح کرانے کا حکم ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کی نگاہ میں وہ صلح کوئی قابلِ قدر چیز نہیں ہے جو حق اور باطل کے فرق کو نظر انداز کر کے محض لڑائی روکنے کے لیے کرائی جائے، اور جس میں برسرِ حق گروہ کو دبا کر زیادتی کرنے والے گروہ کے ساتھ بے جا رعایت برتی جائے۔ صلح وہی صحیح ہے جو انصاف پر مبنی ہو۔ اسی سے فساد ٹلتا ہے، ورنہ حق والوں کو دبانے اور زیادتی کرنے والوں کی ہمت افزائی کرنے کا نتیجہ لازماً یہ ہوتا ہے کہ خرابی کے اصل اسباب جُوں کے تُوں باقی رہتے ہیں، بلکہ ان میں اور اضافہ ہوتا چلا جاتا ہے، اور اس سے بار بار فساد برپا ہونے کی نوبت پیش آتی ہے۔

۱۷- یہ آیت مسلمانوں کی باہمی جنگ کے بارے میں شرعی قانون کی اصل بنیاد ہے۔ ایک حدیث کے سوا، جس کا ہم آگے ذکر کریں گے، اس قانون کی کوئی تشریح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنّت میں نہیں ملتی، کیونکہ حضورؐ کے زمانے میں مسلمانوں کے درمیان جنگ کی کبھی نوبت ہی نہیں آئی کہ آپؐ کے عمل اور قول سے اُس کے احکام کی تفصیلات معلوم ہوتیں۔ بعد میں اِس قانون کی مستند تشریح اُس وقت ہوئی جب حضرت علیؓ کے عہدِ خلافت میں خود مسلمانوں کے درمیان لڑائیاں ہوئیں۔ اُس وقت چونکہ بکثرت صحابۂ کرامؓ موجود تھے، اس لیے ان کے عمل اور ان کے بیان کردہ احکام سے اسلامی قانون کے اِس شعبے کا مفصّل ضابطہ مرتّب ہوا۔ خُصوصیت کے ساتھ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا اُسوہ اِس معاملے میں تمام فقہا کا اصل مَرجَع ہے۔ ذیل میں ہم اس ضابطے کا ایک ضروری خلاصہ درج کرتے ہیں:

(۱) مسلمانوں کی باہمی جنگ کی کئی صورتیں ہیں جن کے حکم الگ الگ ہیں:

(الف) لڑنے والے دونوں گروہ کسی مسلمان حکومت کی رعایا ہوں۔ اس صورت میں ان کے درمیان صلح کرانا، یا یہ فیصلہ کرنا کہ ان میں سے زیادتی کرنے والا کون ہے، اور طاقت سے اس کو حق کی طرف رُجوع پر مجبور کرنا حکومت کا فریضہ ہے۔

(ب) لڑنے والے فریقین دو بہت بڑے طاقت ور گروہ ہوں، یا دو مسلمان حکومتیں ہوں، اور دونوں کی لڑائی دنیا کی خاطر ہو۔ اس صورت میں اہلِ ایمان کا کام یہ ہے کہ اس فتنے میں حصہ لینے سے قطعی اجتناب کریں،

اور فریقین کو خدا کا خوف دلا کر جنگ سے باز رہنے کی نصیحت کرتے رہیں۔

(ج) لڑنے والے وہ فریقین جن کا اوپر (ب) میں ذکر کیا گیا ہے، اُن میں سے ایک حق پر ہو اور دوسرا زیادتی کر رہا ہو، اور نصیحت سے اصلاح پر آمادہ نہ ہو رہا ہو۔ اس صورت میں اہلِ ایمان کا کام یہ ہے کہ زیادتی کرنے والے فریق کے خلاف برسرِ حق فریق کا ساتھ دیں۔

(د) فریقین میں سے ایک گروہ رعیّت ہو اور اس نے حکومت، یعنی مسلم حکومت کے خلاف خُروج کیا ہو۔ فقہا اپنی اصطلاح میں اسی خُروج کرنے والے گروہ کے لیے ''باغی'' کی اصطلاح استعمال کرتے ہیں۔

(۲) باغی، یعنی حکومت کے خلاف خُروج کرنے والے گروہ بھی متعدد اقسام کے ہو سکتے ہیں:

(الف) وہ جو محض فساد برپا کرنے کے لیے اُٹھ کھڑے ہوں اور اپنے اِس خروج کے لیے اُن کے پاس کوئی شرعی تاویل نہ ہو۔ ان کے خلاف حکومت کی جنگ بالاتفاق جائز ہے اور اس کا ساتھ دینا اہلِ ایمان پر واجب ہے، قطعِ نظر اس سے کہ حکومت عادل ہو یا نہ ہو۔

(ب) وہ جو حکومت کا تختہ اُلٹنے کے لیے خُروج کریں، اور ان کے پاس کوئی شرعی تاویل نہ ہو، بلکہ ان کا ظاہر حال یہ بتا رہا ہو کہ وہ ظالم و فاسق ہیں۔ اس صورت میں اگر حکومت عادل ہو تب تو اس کا ساتھ دینا بلا کلام واجب ہے۔ لیکن اگر وہ عادل نہ بھی ہو تو اُس حکومت کو برقرار رکھنے کے لیے لڑنا واجب ہے جس کے ذریعے سے فی الحال مملکت کا نظم قائم ہے۔

(ج) وہ جو کسی شرعی تاویل کی بنا پر حکومت کے خلاف خُروج کریں، مگر ان کی تاویل باطل اور ان کا عقیدہ فاسد ہو، مثلاً خوارج۔ اس صورت میں بھی، مسلم حکومت، خواہ وہ عادل ہو یا نہ ہو، ان سے جنگ کرنے کا جائز حق رکھتی ہے اور اس کا ساتھ دینا واجب ہے۔

(د) وہ جو ایک عادل حکومت کے خلاف خروج کریں، جب کہ اس کے سربراہ کی امارت جائز طور پر قائم ہو چکی ہو۔ اس صورت میں خواہ اُن کے پاس کوئی شرعی تاویل ہو یا نہ ہو، بہرحال ان سے جنگ کرنے میں حکومت حق بجانب ہے اور اس کا ساتھ دینا واجب۔

(ھ) وہ جو ایک ظالم حکومت کے خلاف خُروج کریں جس کی امارت جبراً قائم ہوئی ہو اور جس کے اُمَرا فاسق ہوں، اور خروج کرنے والے عدل اور حُدود اللہ کی اِقامت کے لیے اُٹھے ہوں اور ان کا ظاہر حال یہ بتا رہا ہو کہ وہ خود صالح لوگ ہیں۔ اس صورت میں اُن کو ''باغی'' یعنی زیادتی کرنے والا گروہ قرار دینے اور ان کے خلاف جنگ کو واجب قرار دینے میں فقہا کے درمیان سخت اختلاف واقع ہو گیا ہے، جسے مختصراً ہم یہاں بیان کرتے ہیں:

جُمہور فقہا اور اہل الحدیث کی رائے یہ ہے کہ جس امیر کی امارت ایک دفعہ قائم ہو چکی ہو اور مملکت کا امن و امان اور نظم و نَسق اُس کے انتظام میں چل رہا ہو، وہ خواہ عادل ہو یا ظالم، اور اس کی امارت خواہ کسی طور پر قائم ہوئی ہو،

اس کے خلاف خُروج کرنا حرام ہے، اِلّا یہ کہ وہ کفرِ صریح کا ارتکاب کرے۔ امام سَرَخْسیؒ لکھتے ہیں کہ ”جب مسلمان ایک فرمانروا پر مجتمع ہوں اور اس کی بدولت ان کو امن حاصل ہو اور راستے محفوظ ہوں، ایسی حالت میں اگر مسلمانوں کا کوئی گروہ اس کے خلاف خروج کرے تو جو شخص بھی جنگ کی طاقت رکھتا ہو، اُس پر واجب ہے کہ مسلمانوں کے اُس فرمانروا کے ساتھ مل کر خروج کرنے والوں کے خلاف جنگ کرے۔“ (المَبْسُوط، باب الخوارج) امام نَوَوِیؒ شرحِ مسلم میں کہتے ہیں کہ ”ائمہ، یعنی مسلمان فرمانرواؤں کے خلاف خُروج اور قِتال حرام ہے، خواہ وہ فاسق اور ظالم ہی کیوں نہ ہوں۔“ اِس پر امام نَوَوِیؒ اجماع کا دعویٰ کرتے ہیں۔

لیکن اس پر اجماع کا دعویٰ صحیح نہیں ہے۔ فقہائے اسلام کا ایک بڑا گروہ، جس میں اکابر اہلِ علم شامل ہیں، خروج کرنے والوں کو صرف اُس صورت میں ”باغی“ قرار دیتا ہے جب کہ وہ امامِ عادل کے خلاف خروج کریں۔ ظالم و فاسق اُمَرا کے خلاف صلحا کے خروج کو وہ قرآنِ مجید کی اصطلاح کے مطابق ”بغاوت“ کا مصداق نہیں ٹھیراتے، اور نہ ان کے خلاف جنگ کو واجب قرار دیتے ہیں۔ امام ابوحنیفہؒ کا مسلک ظالم اُمَرا کے خلاف قِتال کے معاملے میں اہلِ علم کو معلوم ہے۔ ابوبکر جَصّاصؒ احکام القرآن میں صاف لکھتے ہیں کہ امام صاحب اس قِتال کو نہ صرف جائز، بلکہ سازگار حالات میں واجب سمجھتے تھے۔ (جلد اوّل، ص ۸۱۔ جلد دوم، ص ۳۹) بنی اُمَیّہ کے خلاف زید بن علیؒ کے خُروج میں انھوں نے نہ صرف خود مالی مدد دی، بلکہ دوسروں کو بھی اس کی تلقین فرمائی۔ (الجَصّاص، ج ۱، ص ۸۱) منصور کے خلاف نفسِ زَکِیّہؒ کے خُروج میں وہ پُوری سرگرمی کے ساتھ نفسِ زَکِیّہؒ کی حمایت کرتے رہے، اور اس جنگ کو انھوں نے کفّار کے خلاف جہاد سے افضل قرار دیا۔ (الجَصّاص، ج ۱، ص ۸۱۔ مناقبِ ابی حنیفہؒ لِلکَرْدَرِی، ج ۲، ص ۷۱-۷۲) پھر فُقہائے حَنَفِیَہ کا بھی مُتّفَقہ مسلک وہ نہیں ہے جو امام سَرَخْسیؒ نے بیان کیا ہے۔ ابنِ ہُمامؒ ہدایہ کی شرح فتح القدیر میں لکھتے ہیں کہ اَلْبَاغِیْ فِیْ عُرْفِ الْفُقَهَاءِ الْخَارِجُ عَنْ طَاعَةِ إِمَامِ الْحَقِّ ”فقہا کے عُرف میں باغی وہ ہے جو امامِ حق کی اطاعت سے نکل جائے۔“ حنابِلَہ میں سے ابنِ عقیل اور ابن الجَوزیؒ امامِ غیر عادل کے خلاف خروج کو جائز ٹھیراتے ہیں اور اس پر حضرت حسینؓ کے خُروج سے اِستدلال کرتے ہیں۔ (الانصاف، ج ۱۰، باب قِتال اہل البغی) امام شافعیؒ کتاب الاُمّ میں باغی اس شخص کو قرار دیتے ہیں جو امامِ عادل کے خلاف جنگ کرے۔ (ج ۴، ص ۱۳۵) امام مالکؒ کا مسلک اَلمُدَوَّنَہ میں یہ نقل کیا گیا ہے کہ ”خُروج کرنے والے اگر امامِ عادل کے خلاف جنگ کرنے کے لیے نکلیں تو ان کے خلاف مُقاتلہ کیا جائے۔“ (جلد اوّل، ص ۴۰۷) قاضی ابوبکر ابن العَرَبیؒ احکام القرآن میں اُن کا یہ قول نقل کرتے ہیں: ”جب کوئی شخص عمر بن عبدالعزیزؒ جیسے امامِ عادل کے خلاف خروج کرے تو اس کو دفع کرنا واجب ہے، رہا کسی دوسری قسم کا امام، تو اسے اس کے حال پر چھوڑ دو، اللہ کسی دوسرے ظالم کے ذریعے سے اس کو سزا دے گا اور پھر کسی تیسرے ظالم کے ذریعے سے ان دونوں کو سزا دے گا۔“ ایک اور قول امام مالکؒ کا انھوں نے یہ نقل کیا ہے: ”جب ایک امام سے بیعت کی جا چکی ہو اور پھر اُس کے بھائی اُس کے مقابلے پر کھڑے ہو جائیں تو ان سے جنگ کی جائے گی اگر وہ امامِ عادل ہو۔ رہے یہ ہمارے زمانے کے

ائمہ، تو اِن کے لیے کوئی بیعت نہیں ہے، کیونکہ اِن کی بیعت زبردستی لی گئی ہے۔" پھر مالکی علما کا جو مسلک سَحنُون کے حوالے سے قاضی صاحب نے بیان کیا ہے وہ یہ ہے کہ "جنگ تو صرف امامِ عادل کے ساتھ مل کر کی جائے گی، خواہ پہلا امام عادل ہو یا وہ شخص جس نے اس کے خلاف خروج کیا ہو۔ لیکن اگر دونوں عادل نہ ہوں تو دونوں سے الگ رہو، البتہ اگر تمھاری اپنی جان پر حملہ کیا جائے یا مسلمان ظلم کے شکار ہو رہے ہوں تو مُدافعت کرو۔" یہ مسالک نقل کرنے کے بعد قاضی ابوبکرؒ کہتے ہیں: لَا نُقَاتِلُ اِلَّا مَعَ اِمَامٍ عَادِلٍ یُقَدِّمُهٗ اَهْلُ الْحَقِّ لِاَنْفُسِهِمْ۔ "ہم جنگ نہیں کریں گے مگر اُس امامِ عادل کے ساتھ جسے اہلِ حق نے اپنی امامت کے لیے آگے بڑھایا ہو۔"

(۳) خُروج کرنے والے اگر قلیل التعداد ہوں اور ان کی پشت پر کوئی بڑی جماعت نہ ہو، نہ وہ کچھ زیادہ جنگی سروسامان رکھتے ہوں، تو اُن پر قانونِ بغاوت کا اِطلاق نہ ہوگا، بلکہ ان کے ساتھ عام قانونِ تعزیرات کے مطابق برتاؤ کیا جائے گا، یعنی وہ قتل کریں گے تو ان سے قِصاص لیا جائے گا، اور مال کا نقصان کریں گے تو اس کا تاوان ان پر عائد ہوگا۔ قانونِ بغاوت کا اطلاق صرف اُن باغیوں پر ہوتا ہے جو کوئی بڑی طاقت رکھتے ہوں، اور کثیر جمعیت اور جنگی سروسامان کے ساتھ خروج کریں۔

(۴) خُروج کرنے والے جب تک محض اپنے فاسد عقائد، یا حکومت اور اس کے سربراہ کے خلاف باغیانہ اور معاندانہ خیالات کا اظہار کرتے رہیں، ان کو قتل یا قید نہیں کیا جا سکتا۔ جنگ ان کے خلاف صرف اُس وقت کی جائے گی جب وہ عملاً مسلّح بغاوت کر دیں اور خوں ریزی کی ابتدا کر بیٹھیں۔ (المبسوط، باب الخوارج۔ فتح القدیر، باب البغاۃ۔ احکام القرآن للجصّاص)

(۵) باغیوں کے خلاف جنگ کا آغاز کرنے سے پہلے اُن کو قرآنِ مجید کی ہدایت کے مطابق دعوت دی جائے گی کہ وہ بغاوت کی رَوِش چھوڑ کر عدل کی راہ اختیار کریں۔ اگر ان کے کچھ شبہات و اعتراضات ہوں تو انھیں سمجھانے کی کوشش کی جائے گی۔ اس پر بھی وہ باز نہ آئیں اور مُقاتلہ کا آغاز ان کی طرف سے ہو جائے، تب ان کے خلاف تلوار اُٹھائی جائے گی۔ (فتح القدیر۔ احکام القرآن للجصّاص)

(۶) باغیوں سے لڑائی میں جن ضوابط کو ملحوظ رکھا جائے گا وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اُس ارشاد پر مبنی ہیں جسے حضرت عبداللہ بن عمرؓ کے حوالے سے حاکم، بزّار اور الجصّاص نے نقل کیا ہے: "حضورؐ نے حضرت عبداللہؓ بن مسعود سے پوچھا: "اے ابنِ اُمِّ عَبد! جانتے ہو اِس اُمّت کے باغیوں کے بارے میں اللہ کا کیا حکم ہے؟" انھوں نے عرض کیا: "اللہ اور اس کے رسولؐ کو زیادہ علم ہے۔" فرمایا: "ان کے زخمیوں پر ہاتھ نہیں ڈالا جائے گا، ان کے اسیر کو قتل نہیں کیا جائے گا، ان کے بھاگنے والے کا پیچھا نہیں کیا جائے گا، اور ان کا مالِ غنیمت کے طور پر تقسیم نہیں کیا جائے گا۔" اس ضابطے کا دوسرا ماخذ، جس پر تمام فقہائے اسلام نے اعتماد کیا ہے، حضرت علی رضی اللہ عنہ کا قول اور عمل ہے۔ آپ نے جنگِ جَمل میں فتحیاب ہونے کے بعد اعلان کیا کہ بھاگنے والے کا تعاقب نہ کرو، زخمی پر حملہ نہ کرو، گرفتار ہو جانے والوں کو قتل نہ کرو، جو ہتھیار ڈال دے اس کو امان دو، لوگوں کے گھروں میں نہ گھُسو، اور عورتوں پر دست درازی نہ کرو، خواہ وہ تمھیں

گالیاں ہی کیوں نہ دے رہی ہوں۔ آپ کی فوج کے بعض لوگوں نے مطالبہ کیا کہ مخالفین کو اور ان کے بال بچّوں کو غلام بنا کر تقسیم کر دیا جائے۔ اس پر غضب ناک ہو کر آپ نے فرمایا: ”تم میں سے کون اُمُّ المومنین عائشہؓ کو اپنے حصّے میں لینا چاہتا ہے؟“

(۷) باغیوں کے اموال کا حکم، جو حضرت علیؓ کے اُسوۂ حَسَنہ سے ماخوذ ہے، وہ یہ ہے کہ ان کا کوئی مال، خواہ وہ ان کے لشکر میں ملا ہو یا ان کے پیچھے ان کے گھروں پر ہو، اور وہ خواہ زندہ ہوں یا مارے جا چکے ہوں، بہر حال اسے نہ مالِ غنیمت قرار دیا جائے گا اور نہ فوج میں تقسیم کیا جائے گا۔ البتہ جس مال کا نقصان ہو چکا ہو، اس کا کوئی ضمان لازم نہیں آتا۔ جنگ ختم ہونے اور بغاوت کا زور ٹوٹ جانے کے بعد اُن کے مال انھی کو واپس دے دیے جائیں گے۔ ان کے اسلحے اور سواریاں جنگ کی حالت میں اگر ہاتھ آ جائیں تو انھیں اُن کے خلاف استعمال کیا جائے گا، مگر فاتحین کی مِلکیّت بنا کر مالِ غنیمت کے طور پر تقسیم نہیں کیا جائے گا، اور اگر ان سے پھر بغاوت کا اندیشہ نہ ہو تو ان کی یہ چیزیں بھی واپس دے دی جائیں گی۔ صرف امام ابو یُوسُفؒ کی رائے یہ ہے کہ حکومت اسے غنیمت قرار دے گی۔ (المَبسُوط۔ فتح القدیر۔ الجصّاص)

(۸) ان کے گرفتار شدہ لوگوں کو یہ عہد لے کر کہ وہ پھر بغاوت نہ کریں گے، رہا کر دیا جائے گا۔ (المَبسُوط)

(۹) باغی مقتولوں کے سر کاٹ کر گشت کرانا سخت مکروہ فعل ہے، کیونکہ یہ مُثلہ ہے، جس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے۔ حضرت ابو بکرؓ کے پاس رومی بِطرِیق کا سر کاٹ کر لایا گیا تو آپ نے اس پر شدید ناراضی کا اظہار کیا اور فرمایا کہ ہمارا کام رومیوں اور ایرانیوں کی پیروی کرنا نہیں ہے۔ یہ معاملہ جب کفار تک سے کرنا روا نہیں ہے، تو مسلمانوں کے ساتھ تو یہ بدرجۂ اَولیٰ ممنوع ہونا چاہیے۔ (المَبسُوط)

(۱۰) جنگ کے دوران میں باغیوں کے ہاتھوں جان و مال کا جو نقصان ہوا ہو، جنگ ختم ہونے اور امن قائم ہو جانے کے بعد اس کا کوئی قِصاص اور ضمان اُن پر عائد نہ ہوگا۔ نہ کسی مقتول کا بدلہ ان سے لیا جائے گا اور نہ کسی مال کا تاوان اُن پر ڈالا جائے گا، تاکہ فتنے کی آگ پھر نہ بھڑک اُٹھے۔ صحابۂ کرامؓ کی باہمی لڑائیوں میں یہی ضابطہ ملحوظ رکھا گیا تھا۔ (المَبسُوط۔ الجصّاص۔ احکام القرآن لِابنُ العَرَبی)

(۱۱) جن علاقوں پر باغیوں کا قبضہ ہو گیا ہو اور وہاں انھوں نے اپنا نظم و نَسَق قائم کر کے زکوٰۃ اور دوسرے محصولات وُصول کر لیے ہوں، حکومت اُن علاقوں پر دوبارہ قبضہ کرنے کے بعد لوگوں سے ازسرِ نَو اس زکوٰۃ اور اُن محصولات کا مطالبہ نہیں کرے گی۔ اگر باغیوں نے یہ اموال شرعی طریقے پر صَرف کر دیے ہوں تو عنداللہ بھی وہ ادا کرنے والوں پر سے ساقط ہو جائیں گے۔ لیکن اگر انھوں نے غیر شرعی طریقے پر تصرّف کیا ہو، تو یہ ادا کرنے والوں کے اور ان کے خدا کے درمیان معاملہ ہے۔ وہ خود چاہیں تو اپنی زکوٰۃ دوبارہ ادا کر دیں۔ (فتح القدیر۔ الجصّاص۔ ابن العربی)

(۱۲) باغیوں نے اپنے زیرِ تصرّف علاقے میں جو عدالتیں قائم کی ہوں، اگر ان کے قاضی اہلِ عدل میں سے ہوں اور

اِخْوَةٌ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَ اَخَوَيْكُمْ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝۱۰ ع

بھائی ہیں، لہٰذا اپنے بھائیوں کے درمیان تعلقات کو دُرست کرو[18] اور اللہ سے ڈرو، اُمید ہے کہ تم پر رحم کیا جائے گا۔ ع

شریعت کے مطابق انھوں نے فیصلے کیے ہوں، تو وہ برقرار رکھے جائیں گے، اگرچہ ان کے مقرر کرنے والے بغاوت کے مُجرم ہی کیوں نہ ہوں۔ البتہ اگر ان کے فیصلے غیر شرعی ہوں اور بغاوت فرو ہونے کے بعد وہ حکومت کی عدالتوں کے سامنے لائے جائیں، تو وہ نافذ نہیں کیے جائیں گے۔ علاوہ بریں باغیوں کی قائم کی ہوئی عدالتوں کی طرف سے کوئی وارنٹ یا پروانہ امرِ حکومت کی عدالتوں میں قبول نہ کیا جائے گا۔ (المبسوط۔ الجصاص)

(۱۳) باغیوں کی شہادت اسلامی عدالتوں میں قابلِ قبول نہ ہوگی، کیونکہ اہلِ عدل کے خلاف جنگ کرنا فسق ہے۔ امام محمدؒ کہتے ہیں کہ جب تک وہ جنگ نہ کریں اور اہلِ عدل کے خلاف عملاً خُروج کے مرتکب نہ ہوں، ان کی شہادت قبول کی جائے گی، مگر جب وہ جنگ کر چکے ہوں تو پھر میں ان کی شہادت قبول نہ کروں گا۔ (الجصاص)

ان احکام سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ کفّار کے خلاف جنگ اور مسلمان باغیوں کے خلاف جنگ کے قانون میں کیا فرق ہے۔

۱۸- یہ آیت دنیا کے تمام مسلمانوں کی ایک عالمگیر برادری قائم کرتی ہے، اور یہ اِسی کی برکت ہے کہ کسی دوسرے دین یا مسلک کے پیروؤں میں وہ اُخوّت نہیں پائی گئی ہے جو مسلمانوں کے درمیان پائی جاتی ہے۔ اس حکم کی اہمیت اور اس کے تقاضوں کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے بکثرت ارشادات میں بیان فرمایا ہے جن سے اس کی پُوری روح سمجھ میں آسکتی ہے۔

حضرت جَریرؓ بن عبداللہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے تین باتوں پر بیعت لی تھی: ایک یہ کہ نماز قائم کروں گا۔ دوسرے یہ کہ زکوٰۃ دیتا رہوں گا۔ تیسرے یہ کہ ہر مسلمان کا خیر خواہ رہوں گا۔ (بخاری، کتاب الایمان)

حضرت عبداللہؓ بن مسعود کی رِوایت ہے کہ حضورؐ نے فرمایا: ''مسلمان کو گالی دینا فِسق ہے اور اُس سے جنگ کرنا کفر۔'' (بخاری، کتاب الایمان۔ مُسندِ احمد میں اسی مضمون کی روایت حضرت سعید بن مالک نے بھی اپنے والد سے نقل کی ہے۔)

حضرت ابوہریرہؓ کی رِوایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''ہر مسلمان پر دوسرے مسلمان کی جان، مال اور عزت حرام ہے۔'' (مسلم، کتاب البِرّ والصِلہ۔ ترمِذِی، ابواب البِرّ والصِلہ)

حضرت ابوسعید خُدریؓ اور حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا: ''مسلمان مسلمان کا بھائی ہے، وہ اُس پر

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنُوْا خَيْرًا مِّنْهُمْ وَلَا نِسَآءٌ مِّنْ نِّسَآءٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُنَّ خَيْرًا مِّنْهُنَّ ۚ

اے[19] لوگو جو ایمان لائے ہو، نہ مرد دُوسرے مردوں کا مذاق اُڑائیں، ہوسکتا ہے کہ وہ ان سے بہتر ہوں، اور نہ عورتیں دُوسری عورتوں کا مذاق اُڑائیں، ہوسکتا ہے کہ وہ ان سے بہتر ہوں۔[20]

ظلم نہیں کرتا، اس کا ساتھ نہیں چھوڑتا اور اس کی تذلیل نہیں کرتا۔ ایک آدمی کے لیے یہی شر بہت ہے کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کی تحقیر کرے۔" (مُسندِ احمد)

حضرت سَہلؓ بن سعد ساعدی آپؐ کا یہ ارشاد رِوایت کرتے ہیں کہ "گروہِ اہلِ ایمان کے ساتھ ایک مومن کا تعلق ویسا ہی ہے جیسے سر کے ساتھ جسم کا تعلق ہوتا ہے۔ وہ اہلِ ایمان کی ہر تکلیف کو اُسی طرح محسوس کرتا ہے جس طرح سر جسم کے ہر حصّے کا درد محسوس کرتا ہے۔" (مُسندِ احمد) اسی سے مِلتا جُلتا مضمون ایک اور حدیث میں ہے، جس میں آپؐ نے فرمایا ہے: "مومنوں کی مثال آپس کی محبّت، وابستگی اور ایک دوسرے پر رحم و شفقت کے معاملے میں ایسی ہے جیسے ایک جسم کی حالت ہوتی ہے کہ اس کے کسی عُضو کو بھی تکلیف ہو تو سارا جسم اس پر بخار اور بے خوابی میں مبتلا ہو جاتا ہے۔" (بخاری و مسلم)

ایک اور حدیث میں آپؐ کا یہ ارشاد منقول ہوا ہے کہ "مومن ایک دوسرے کے لیے ایک دیوار کی اینٹوں کی طرح ہوتے ہیں کہ ہر ایک دوسرے سے تقویت پاتا ہے۔" (بخاری، کتاب الادب۔ ترمذی، ابواب البرّ والصّلہ)

۱۹- پچھلی دو آیتوں میں مسلمانوں کی باہمی لڑائی کے متعلق ضروری ہدایات دینے کے بعد اہلِ ایمان کو یہ احساس دلایا گیا تھا کہ دین کے مقدس ترین رشتے کی بنا پر وہ ایک دوسرے کے بھائی ہیں اور اُن کو خدا سے ڈرتے ہوئے اپنے آپس کے تعلقات کو دُرست رکھنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ اب آگے کی دو آیتوں میں اُن بڑی بڑی برائیوں کے سدِّباب کا حکم دیا جا رہا ہے جو بالعُموم ایک معاشرے میں لوگوں کے باہمی تعلقات کو خراب کرتی ہیں۔ ایک دوسرے کی عزت پر حملہ، ایک دوسرے کی دل آزاری، ایک دوسرے سے بدگمانی، اور ایک دوسرے کے عیُوب کا تجسُّس، درحقیقت یہی وہ اسباب ہیں جن سے آپس کی عداوتیں پیدا ہوتی ہیں اور پھر دوسرے اسباب کے ساتھ مل کر ان سے بڑے بڑے فتنے رونما ہوتے ہیں۔ اس سلسلے میں جو احکام آگے کی آیتوں میں دیے گئے ہیں اور ان کی جو تشریحات احادیث میں ملتی ہیں، ان کی بنا پر ایک مفصّل قانونِ ہتکِ عزت (law of libel) مرتّب کیا جا سکتا ہے۔ مغربی قوانینِ ہتکِ عزت اس معاملے میں اتنے ناقص ہیں کہ ایک شخص ان کے تحت دعویٰ کر کے اپنی عزت کچھ اور کھو آتا ہے۔ اسلامی قانون اس کے برعکس ہر شخص کی ایک بنیادی عزت کا قائل ہے، جس پر حملہ کرنے کا کسی کو حق نہیں ہے،

وَلَا تَلۡمِزُوۡۤا اَنۡفُسَكُمۡ وَلَا تَنَابَزُوۡا بِالۡاَلۡقَابِ ؕ بِئۡسَ الِاسۡمُ الۡفُسُوۡقُ بَعۡدَ الۡاِيۡمَانِ ۚ وَمَنۡ لَّمۡ يَتُبۡ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوۡنَ ﴿۱۱﴾

آپس میں ایک دُوسرے پر طعن نہ کرو[۲۱] اور نہ ایک دُوسرے کو بُرے القاب سے یاد کرو۔[۲۲] ایمان لانے کے بعد فسق میں نام پیدا کرنا بہت بُری بات ہے۔[۲۳] جو لوگ اس رَوِش سے باز نہ آئیں، وہی ظالم ہیں۔

---

قطعِ نظر اس سے کہ حملہ واقعیت پر مبنی ہو یا نہ ہو، اور جس پر حملہ کیا گیا ہے اس کی کوئی ''حیثیتِ عُرفی'' ہو یا نہ ہو۔ مجرّد یہ بات کہ ایک آدمی نے دوسرے آدمی کی تذلیل کی ہے، اسے مجرم بنا دینے کے لیے کافی ہے، اِلّا یہ کہ اس تذلیل کا کوئی شرعی جواز ثابت کر دیا جائے۔

۲۰ – مذاق اُڑانے سے مراد محض زبان ہی سے کسی کا مذاق اُڑانا نہیں ہے، بلکہ کسی کی نقل اتارنا، اس کی طرف اشارے کرنا، اس کی بات پر یا اس کے کام یا اس کی صورت یا اس کے لباس پر ہنسنا، یا اس کے کسی نقص یا عیب کی طرف لوگوں کو اس طرح توجہ دلانا کہ دوسرے اس پر ہنسیں، یہ سب بھی مذاق اڑانے میں داخل ہیں۔ اصل مُمانعت جس چیز کی ہے، وہ یہ ہے کہ ایک شخص دوسرے شخص کی کسی نہ کسی طور پر تضحیک کرے، کیونکہ اس تضحیک میں لازماً اپنی بڑائی اور دوسرے کی تذلیل وتحقیر کے جذبات کارفرما ہوتے ہیں جو اَخلاقاً سخت معیوب ہیں، اور مزید برآں اس سے دوسرے شخص کی دل آزاری بھی ہوتی ہے، جس سے معاشرے میں فساد رُونما ہوتا ہے۔ اسی بنا پر اس فعل کو حرام کیا گیا ہے۔

مَردوں اور عورتوں کا الگ الگ ذکر کرنے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ مردوں کے لیے عورتوں کا مذاق اڑانا، یا عورتوں کے لیے مَردوں کا مذاق اڑانا جائز ہے۔ دراصل جس وجہ سے دونوں کا ذکر الگ الگ کیا گیا ہے، وہ یہ ہے کہ اسلام سرے سے مخلوط سوسائٹی ہی کا قائل نہیں ہے۔ ایک دوسرے کی تضحیک عُموماً بے تکلّف مجلسوں میں ہوا کرتی ہے، اور اسلام میں یہ گنجائش رکھی ہی نہیں گئی ہے کہ غیر مَحرم مرد اور عورتیں کسی مجلس میں جمع ہو کر آپس میں ہنسی مذاق کریں۔ اس لیے اس بات کو ایک مُسلم معاشرے میں قابلِ تصوُّر نہیں سمجھا گیا ہے کہ ایک مجلس میں مرد کسی عورت کا مذاق اڑائیں گے یا عورتیں کسی مرد کا مذاق اڑائیں گی۔

۲۱ – اصل میں لفظ لَمۡز استعمال ہوا ہے، جس کے اندر طعن و تشنیع کے علاوہ متعدد دوسرے مفہومات بھی شامل ہیں، مثلاً چوٹیں کرنا، پھبتیاں کسنا، الزام دھرنا، اعتراض جڑنا، عیب چینی کرنا اور کُھلّم کُھلّا یا زیرِ لب یا اشاروں سے کسی کو نشانۂ ملامت بنانا۔ یہ سب افعال بھی چونکہ آپس کے تعلقات کو بگاڑتے اور معاشرے میں فساد برپا کرتے ہیں، اس لیے ان کو حرام کر دیا گیا ہے۔ کلامِ الٰہی کی بلاغت یہ ہے کہ لَا يَلۡمِزُ بَعۡضُكُمۡ بَعۡضًا (ایک دوسرے پر طعن نہ کرو) کہنے

کے بجائے لَا تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَكُمْ (اپنے اوپر طعن نہ کرو) کے الفاظ استعمال فرمائے گئے ہیں، جن سے خود بخود یہ بات مُترشّح ہوتی ہے کہ دوسروں پر زبانِ طعن دراز کرنے والا دراصل خود اپنے آپ کو مطعون کرتا ہے۔ ظاہر بات ہے کہ کسی شخص کی زبان دوسروں کے خلاف بدگوئی کے لیے اس وقت تک نہیں کُھلتی جب تک اس کے دل میں برے جذبات کا لاوا خوب پک کر پھوٹ پڑنے کے لیے تیار نہ ہوگیا ہو۔ اس طرح اِن جذبات کی پرورش کرنے والا دوسروں سے پہلے اپنے نفس کو تو بدی کا آشیانہ بنا چکتا ہے۔ پھر جب وہ دوسروں پر چوٹ کرتا ہے تو اس کے معنٰی یہ ہیں کہ وہ خود اپنے اُوپر چوٹیں کرنے کے لیے دوسروں کو دعوت دے رہا ہے۔ یہ الگ بات ہے کہ کوئی اپنی شرافت کی بنا پر اس کے حملوں کو ٹال جائے۔ مگر اس نے تو اپنی طرف سے یہ دروازہ کھول ہی دیا کہ وہ شخص بھی اس پر حملہ آور ہو جس کو اس نے اپنی زبان کے تیروں کا ہدف بنایا ہے۔

**۲۲** – اس حکم کا منشا یہ ہے کہ کسی شخص کو ایسے نام سے نہ پکارا جائے یا ایسا لقب نہ دیا جائے جو اس کو ناگوار ہو اور جس سے اس کی تحقیر و تنقیص ہوتی ہو۔ مثلاً کسی کو فاسق یا منافق کہنا، کسی کو لنگڑا یا اندھا یا کانا کہنا، کسی کو اس کے اپنے یا اس کی ماں یا باپ یا خاندان کے کسی عیب یا نقص سے مُلقّب کرنا، کسی کو مسلمان ہو جانے کے بعد اس کے سابق مذہب کی بنا پر یہودی یا نصرانی کہنا، کسی شخص یا خاندان یا برادری یا گروہ کا ایسا نام رکھ دینا جو اس کی مذمّت اور تذلیل کا پہلو رکھتا ہو۔ اس حکم سے صرف وہ القاب مُستثنٰی ہیں جو اپنی ظاہری صورت کے اعتبار سے تو بدنُما ہیں، مگر ان سے مذمّت مقصود نہیں ہوتی، بلکہ وہ ان لوگوں کی پہچان کا ذریعہ بن جاتے ہیں جن کو ان القاب سے یاد کیا جاتا ہے۔ اسی بنا پر محدّثین نے اسماء الرِّجال میں سلیمان الاَعْمَش (چُندے سلیمان) اور واصل الاَحْدَب (کُبڑے واصل) جیسے القاب کو جائز رکھا ہے۔ ایک نام کے کئی آدمی موجود ہوں اور ان میں سے کسی خاص شخص کی پہچان اُس کے کسی خاص لقب ہی سے ہوتی ہو تو وہ لقب استعمال کیا جا سکتا ہے، اگرچہ وہ بجائے خود بُرا ہو۔ مثلاً عبداللہ نام کے کئی آدمی ہوں اور ایک اُن میں سے نابینا ہو، تو آپ اس کی پہچان کے لیے نابینا عبداللہ کہہ سکتے ہیں۔ اسی طرح ایسے القاب بھی اس حکم کے تحت نہیں آتے جن میں بظاہر تنقیص کا پہلو نکلتا ہے مگر درحقیقت وہ محبّت کی بنا پر رکھے جاتے ہیں اور خود وہ لوگ بھی جنھیں ان القاب سے یاد کیا جاتا ہے، انھیں پسند کرتے ہیں، جیسے ابوہُرَیرہ اور ابوتُراب۔

**۲۳** – یعنی ایک مومن کے لیے یہ بات سخت شرمناک ہے کہ مومن ہونے کے باوجود وہ بدزبانی اور شُہدپَن میں نام پیدا کرے۔ ایک کافر اگر اس لحاظ سے مشہور ہو کہ وہ لوگوں کا مذاق خوب اُڑاتا ہے، یا پھبتیاں خوب کستا ہے، یا بُرے بُرے نام خوب تجویز کرتا ہے، تو یہ انسانیت کے لحاظ سے خواہ اچھی شہرت نہ ہو، کم از کم اس کے کفر کو تو زیب دیتی ہے۔ مگر ایک آدمی اللہ اور اس کے رسولؐ اور آخرت پر ایمان لانے کے بعد ایسے ذلیل اوصاف میں شہرت حاصل کرے تو یہ ڈوب مرنے کے لائق بات ہے۔

يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِّنَ الظَّنِّ ۫ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ وَّلَا تَجَسَّسُوْا وَلَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا ؕ اَيُحِبُّ

اے لوگو جو ایمان لائے ہو، بہت گمان کرنے سے پرہیز کرو کہ بعض گمان گناہ ہوتے ہیں[۲۴]۔ تجسّس نہ کرو[۲۵]۔ اور تم میں سے کوئی کسی کی غیبت نہ کرے[۲۶]۔ کیا تمھارے اندر کوئی ایسا ہے

۲۴- مطلقاً گمان کرنے سے نہیں روکا گیا ہے، بلکہ بہت زیادہ گمان سے کام لینے اور ہر طرح کے گمان کی پیروی کرنے سے منع فرمایا گیا ہے، اور اس کی وجہ یہ بتائی گئی ہے کہ بعض گمان گناہ ہوتے ہیں۔ اس حکم کو سمجھنے کے لیے ہمیں تجزیہ کر کے دیکھنا چاہیے کہ گمان کی کتنی قسمیں ہیں اور ہر ایک کی اخلاقی حیثیت کیا ہے:

ایک قسم کا گمان وہ ہے جو اَخلاق کی نگاہ میں نہایت پسندیدہ اور دین کی نظر میں مطلوب اور محمود ہے، مثلاً اللہ اور اس کے رسولؐ اور اہلِ ایمان سے نیک گمان اور اُن لوگوں کے ساتھ حُسنِ ظن جن سے آدمی کا میل جول ہو اور جن کے متعلق بدگمانی کرنے کی کوئی معقول وجہ نہ ہو۔

دوسری قسم کا گمان وہ ہے جس سے کام لینے کے سوا عملی زندگی میں کوئی چارہ نہیں ہے۔ مثلاً عدالت میں اِس کے بغیر کام نہیں چل سکتا کہ جو شہادتیں حاکم عدالت کے سامنے پیش ہوں، ان کو جانچ کر وہ غالب گمان کی بنا پر فیصلہ کرے، کیونکہ معاملے کی حقیقت کا براہِ راست علم اُس کو نہیں ہو سکتا، اور شہادتوں کی بنیاد پر جو رائے قائم ہوتی ہے، وہ زیادہ تر یقین پر نہیں بلکہ ظنِّ غالب پر مبنی ہوتی ہے۔ اسی طرح بکثرت معاملات میں، جہاں کوئی نہ کوئی فیصلہ کرنا ضروری ہوتا ہے اور حقیقت کا علم حاصل ہونا ممکن نہیں ہوتا، انسان کے لیے گمان کی بنیاد پر ایک رائے قائم کرنے کے سوا کوئی چارہ نہیں ہے۔

گمان کی ایک تیسری قسم وہ ہے جو اگرچہ ہے تو بدگمانی، مگر جائز نوعیت کی ہے اور اس کا شمار گناہ میں نہیں ہو سکتا۔ مثلاً کسی شخص یا گروہ کی سیرت و کردار میں یا اس کے معاملات اور طور طریقوں میں ایسی واضح علامات پائی جاتی ہوں جن کی بنا پر وہ حُسنِ ظن کا مستحق نہ ہو اور اس سے بدگمانی کرنے کے لیے معقول وجوہ موجود ہوں۔ ایسی حالت میں شریعت کا مطالبہ یہ ہرگز نہیں ہے کہ آدمی سادہ لوحی برت کر ضرور اُس سے حُسنِ ظن ہی رکھے۔ لیکن اِس جائز بدگمانی کی آخری حد یہ ہے کہ اس کے امکانی شر سے بچنے کے لیے بس احتیاط سے کام لینے پر اکتفا کیا جائے۔ اس سے آگے بڑھ کر محض گمان کی بنا پر اُس کے خلاف کوئی کارروائی کر بیٹھنا دُرست نہیں ہے۔

چوتھی قسم کا گمان جو درحقیقت گناہ ہے، وہ یہ ہے کہ آدمی کسی شخص سے بلاسبب بدگمانی کرے، یا دوسروں کے متعلق رائے قائم کرنے میں ہمیشہ بدگمانی ہی سے ابتدا کیا کرے، یا ایسے لوگوں کے معاملے میں بدظنی سے کام لے جن کا

ظاہر حال یہ بتا رہا ہو کہ وہ نیک اور شریف ہیں۔ اسی طرح یہ بات بھی گناہ ہے کہ ایک شخص کے کسی قول یا فعل میں بُرائی اور بھلائی کا یکساں احتمال ہو اور ہم محض سُوءِ ظن سے کام لے کر اُس کو بُرائی ہی پر محمول کریں۔ مثلاً کوئی بھلا آدمی کسی محفل سے اُٹھتے ہوئے اپنے جوتے کے بجائے کسی اور کا جُوتا اُٹھا لے، اور ہم یہ رائے قائم کرلیں کہ ضرور اس نے جوتا چُرانے ہی کی نیت سے یہ حرکت کی ہے۔ حالانکہ یہ فعل بُھولے سے بھی ہو سکتا ہے، اور اچھے احتمال کو چھوڑ کر بُرے احتمال کو اختیار کرنے کی کوئی وجہ بدگمانی کے سوا نہیں ہے۔

اس تجزیے سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ گمان بجائے خود کوئی ممنوع چیز نہیں ہے، بلکہ بعض حالات میں وہ پسندیدہ ہے، بعض حالات میں ناگزیر ہے، بعض حالات میں ایک حد تک جائز اور اُس سے آگے ناجائز ہے، اور بعض حالات میں بالکل ہی ناجائز ہے۔ اسی بنا پر یہ نہیں فرمایا گیا کہ گمان سے یا بدگمانی سے مطلقاً پرہیز کرو، بلکہ فرمایا یہ گیا ہے کہ بہت زیادہ گمان کرنے سے پرہیز کرو۔ پھر حکم کا منشا واضح کرنے کے لیے مزید بات یہ فرمائی گئی ہے کہ بعض گمان گناہ ہوتے ہیں۔ اس تنبیہ سے خود بخود یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ جب بھی آدمی گمان کی بنا پر کوئی رائے قائم کر رہا ہو یا کسی اقدام کا فیصلہ کرنے لگے تو اسے اچھی طرح جانچ تول کر یہ دیکھ لینا چاہیے کہ میں جو گمان کر رہا ہوں کہیں وہ گناہ تو نہیں ہے؟ کیا فی الواقع اس گمان کی ضرورت ہے؟ کیا اس گمان کے لیے میرے پاس معقول وجوہ ہیں؟ کیا اس گمان کی بنا پر جو طرزِ عمل میں اختیار کر رہا ہوں وہ جائز ہے؟ یہ احتیاط لازماً ہر وہ شخص کرے گا جو خدا سے ڈرتا ہو۔ اپنے گمان کو مُطلَقُ العِنان بنا کر رکھنا صرف اُن لوگوں کا کام ہے جو خدا سے بے خوف اور آخرت کی باز پرس سے بے فکر ہیں۔

۲۵ - یعنی لوگوں کے راز نہ ٹٹولو۔ ایک دوسرے کے عیب نہ تلاش کرو۔ دوسروں کے حالات اور معاملات کی ٹوہ نہ لگاتے پھرو۔ یہ حرکت خواہ بدگمانی کی بنا پر کی جائے، یا بدنیتی سے کسی کو نقصان پہنچانے کی خاطر کی جائے، یا محض اپنا اِستِعجاب (curiosity) دُور کرنے کے لیے کی جائے، ہر حال میں شرعاً ممنوع ہے۔ ایک مومن کا یہ کام نہیں ہے کہ دوسروں کے جن حالات پر پردہ پڑا ہوا ہے اُن کی کھوج کُرید کرے، اور پردے کے پیچھے جھانک کر یہ معلوم کرنے کی کوشش کرے کہ کس میں کیا عیب ہے اور کس کی کون سی کمزوریاں چُھپی ہوئی ہیں۔ لوگوں کے نجی خُطوط پڑھنا، دو آدمیوں کی باتیں کان لگا کر سننا، ہمسایوں کے گھر میں جھانکنا، اور مختلف طریقوں سے دوسروں کی خانگی زندگی یا ان کے ذاتی معاملات کی ٹٹول کرنا ایک بڑی بداَخلاقی ہے، جس سے طرح طرح کے فساد رونما ہوتے ہیں۔ اسی لیے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ اپنے خطبے میں تجسُّس کرنے والوں کے متعلق فرمایا:

| | |
|---|---|
| یَا مَعْشَرَ مَنْ اٰمَنَ بِلِسَانِهٖ وَلَمْ يَدْخُلِ الْاِيْمَانُ قَلْبَهٗ لَا تَتَّبِعُوْا عَوْرَاتِ الْمُسْلِمِيْنَ فَاِنَّهٗ مَنِ اتَّبَعَ عَوْرَاتِهِمْ يَتَّبِعُ اللّٰهُ عَوْرَتَهٗ وَمَنْ يَّتَّبِعِ اللّٰهُ عَوْرَتَهٗ يَفْضَحْهُ فِيْ بَيْتِهٖ ۔ (ابوداؤد) | اَے لوگو جو زبان سے ایمان لے آئے ہو مگر ابھی تمہارے دلوں میں ایمان نہیں اُترا ہے، مسلمانوں کے پوشیدہ حالات کی کھوج نہ لگایا کرو، کیونکہ جو شخص مسلمانوں کے عیوب ڈھونڈنے کے درپے ہوگا اللہ اس کے عُیوب کے درپے ہو جائے گا، اور اللہ جس |

کے درپے ہو جائے اُسے اُس کے گھر میں رُسوا کر کے چھوڑتا ہے۔

حضرت معاویہؓ کہتے ہیں کہ میں نے خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے:

اِنَّکَ اِنِ اتَّبَعْتَ عَوْرَاتِ النَّاسِ اَفْسَدْتَّھُمْ اَوْ کِدْتَّ اَنْ تُفْسِدَھُمْ ۔ (ابوداؤد)

تم اگر لوگوں کے مخفی حالات معلوم کرنے کے درپے ہو گے تو اُن کو بگاڑ دو گے یا کم از کم بگاڑ کے قریب پہنچا دو گے۔

ایک اور حدیث میں حضورؐ کا ارشاد ہے:

اِذَا ظَنَنْتُمْ فَلَا تُحَقِّقُوْا ۔ (احکام القرآن للجصّاص)

جب کسی شخص کے متعلق تمھیں کوئی بُرا گمان ہو جائے تو اس کی تحقیق نہ کرو۔

اور ایک دوسری حدیث میں ہے کہ آپؐ نے فرمایا:

مَنْ رَاٰی عَوْرَۃً فَسَتَرَھَا کَانَ کَمَنْ اَحْیَا مَوْءٗدَۃً ۔ (الجصّاص)

جس نے کسی کا کوئی مخفی عیب دیکھ لیا اور اس پر پردہ ڈال دیا تو یہ ایسا ہے جیسے کسی نے ایک زندہ گاڑی ہوئی بچی کو موت سے بچا لیا۔

تجسُّس کی مُمانعت کا یہ حکم صرف افراد ہی کے لیے نہیں ہے، بلکہ اسلامی حکومت کے لیے بھی ہے۔ شریعت نے نہی عن المنکر کا جو فریضہ حکومت کے سُپرد کیا ہے، اس کا یہ تقاضا نہیں ہے کہ وہ جاسوسی کا ایک نظام قائم کر کے لوگوں کی چھپی ہوئی بُرائیاں ڈھونڈ ڈھونڈ کر نکالے اور ان پر سزا دے، بلکہ اسے صرف اُن برائیوں کے خلاف طاقت استعمال کرنی چاہیے جو ظاہر ہو جائیں۔ رہیں مخفی خرابیاں، تو ان کی اصلاح کا راستہ جاسوسی نہیں ہے بلکہ تعلیم، وعظ و تلقین، عوام کی اجتماعی تربیت، اور ایک پاکیزہ معاشرتی ماحول پیدا کرنے کی کوشش ہے۔ اس سلسلے میں حضرت عمرؓ کا یہ واقعہ بہت سبق آموز ہے کہ ایک مرتبہ رات کے وقت آپ نے ایک شخص کی آواز سُنی جو اپنے گھر میں گا رہا تھا۔ آپ کو شک گزرا اور دیوار پر چڑھ گئے۔ دیکھا کہ وہاں شراب بھی موجود ہے اور ایک عورت بھی۔ آپ نے پکار کر کہا: ’’اے دشمنِ خدا! کیا تو نے یہ سمجھ رکھا ہے کہ تو اللہ کی نافرمانی کرے گا اور اللہ تیرا پردہ فاش نہ کرے گا؟‘‘ اس نے جواب دیا: ’’امیر المومنین! جلدی نہ کیجیے۔ اگر میں نے ایک گناہ کیا ہے تو آپ نے تین گناہ کیے ہیں۔ اللہ نے تجسُّس سے منع کیا تھا، اور آپ نے تجسُّس کیا۔ اللہ نے حکم دیا تھا کہ گھروں میں ان کے دروازوں سے آؤ، اور آپ دیوار پر چڑھ کر آئے۔ اللہ نے حکم دیا تھا کہ اپنے گھروں کے سوا دوسروں کے گھروں میں اجازت لیے بغیر نہ جاؤ، اور آپ میری اجازت کے بغیر میرے گھر میں تشریف لے آئے۔‘‘ یہ جواب سن کر حضرت عمرؓ اپنی غلطی مان گئے اور اس کے خلاف انھوں نے کوئی کارروائی نہ کی، البتہ اس سے یہ وعدہ لے لیا کہ وہ بھلائی کی راہ اختیار کرے گا۔ (مَکارِمُ الاَخلاق لابی بکر محمد بن جعفر الخرائطی) اس سے معلوم ہوا کہ افراد ہی کے لیے نہیں، خود اسلامی حکومت کے لیے بھی یہ جائز نہیں ہے کہ وہ لوگوں کے راز ٹٹول ٹٹول کر ان کے گناہوں کا پتا چلائے اور پھر انھیں پکڑے۔ یہی بات ایک حدیث

میں بھی ارشاد ہوئی ہے جس میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے:

| | |
|---|---|
| اِنَّ الْاَمِیْرَ اِذَا ابْتَغَی الرِّیْبَۃَ فِی النَّاسِ اَفْسَدَھُمْ۔ (ابوداؤد) | حکمران جب لوگوں کے اندر شُبہات کے اسباب تلاش کرنے لگے تو وہ ان کو بگاڑ کر رکھ دیتا ہے۔ |

اس حکم سے مُستثنیٰ صرف وہ مخصوص حالات ہیں جن میں تجسُّس کی فی الحقیقت ضرورت ہو۔ مثلاً کسی شخص یا گروہ کے رَوِیّے میں بگاڑ کی کچھ علامات نمایاں نظر آ رہی ہوں اور اس کے متعلق یہ اندیشہ پیدا ہو جائے کہ وہ کسی جُرم کا ارتکاب کرنے والا ہے، تو حکومت اس کے حالات کی تحقیق کر سکتی ہے۔ یا مثلاً کسی شخص کے ہاں کوئی شادی کا پیغام بھیجے، یا اس کے ساتھ کوئی کاروباری معاملہ کرنا چاہے، تو وہ اپنے اطمینان کے لیے اس کے حالات کی تحقیق کر سکتا ہے۔

**۲۶**۔ غیبت کی تعریف یہ ہے کہ ”آدمی کسی شخص کے پیٹھ پیچھے اس کے متعلق ایسی بات کہے جو اگر اسے معلوم ہو تو اس کو ناگوار گزرے۔“ یہ تعریف خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔ حضرت ابو ہریرہؓ کی رِوایت جسے مسلم، ابوداؤد، ترمِذی، نَسائی اور دوسرے محدثین نے نقل کیا ہے، اس میں حضورؐ نے غیبت کی یہ تعریف بیان فرمائی ہے:

| | |
|---|---|
| ذِكْرُكَ اَخَاكَ بِمَا يَكْرَهُ ۔ قِيْلَ اَفَرَاَيْتَ اِنْ كَانَ فِيْ اَخِيْ مَا اَقُوْلُ؟ قَالَ اِنْ كَانَ فِيْهِ مَا تَقُوْلُ فَقَدِ اغْتَبْتَهٗ وَاِنْ لَّمْ يَكُنْ فِيْهِ مَا تَقُوْلُ فَقَدْ بَهَتَّهٗ ۔ | غیبت یہ ہے کہ ”تو اپنے بھائی کا ذکر اس طرح کرے جو اسے ناگوار ہو۔“ عرض کیا گیا کہ اگر میرے بھائی میں وہ بات پائی جاتی ہو جو میں کہہ رہا ہوں تو اس صورت میں آپ کا کیا خیال ہے؟ فرمایا: اگر اس میں وہ بات پائی جاتی ہو تو تُو نے اس کی غیبت کی، اور اگر اس میں وہ موجود نہ ہو تو تُو نے اس پر بہتان لگایا۔ |

ایک دوسری رِوایت، جو امام مالکؒ نے مُؤطّا میں حضرت مُطّلِب بن عبداللہ سے نقل کی ہے، اس کے الفاظ یہ ہیں:

| | |
|---|---|
| اِنَّ رَجُلًا سَئَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا الْغِيْبَةُ؟ فَقَالَ اَنْ تَذْكُرَ مِنَ الْمَرْءِ مَا يَكْرَهُ اَنْ يَّسْمَعَ ۔ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَاِنْ كَانَ حَقًّا ؟ قَالَ اِذَا قُلْتَ بَاطِلًا فَذٰلِكَ الْبُهْتَانُ ۔ | ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا: غیبت کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: ”یہ کہ تو کسی شخص کا ذکر اس طرح کرے کہ وہ سُنے تو اسے ناگوار ہو۔“ اس نے عرض کیا: یا رسولؐ اللہ! اگرچہ میری بات حق ہو؟ آپ نے جواب دیا: اگر تیری بات باطل ہو تو یہی چیز پھر بہتان ہے۔ |

ان ارشادات سے معلوم ہوا کہ کسی شخص کے خلاف اس کے پیچھے جھوٹا الزام لگانا بہتان ہے، اور اس کے واقعی عُیوب بیان کرنا غیبت۔ یہ فعل خواہ صریح الفاظ میں کیا جائے یا اشارہ وکِنایہ میں، بہر صورت حرام ہے۔ اسی طرح یہ فعل خواہ آدمی کی زندگی میں کیا جائے یا اس کے مرنے کے بعد، دونوں صورتوں میں اس کی حرمت یکساں ہے۔ ابوداؤد

کی روایت ہے کہ ماعِز بن مالک اسلمی کو جب زنا کے جرم میں رجم کی سزا دے دی گئی تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے راہ چلتے ایک صاحب کو اپنے دوسرے ساتھی سے یہ کہتے سُن لیا کہ "اِس شخص کو دیکھو، اللہ نے اِس کا پردہ ڈھانک دیا تھا، مگر اس کے نفس نے اس کا پیچھا نہ چھوڑا جب تک یہ کُتّے کی موت نہ مار دیا گیا۔" کچھ دُور آگے جا کر راستے میں ایک گدھے کی لاش سڑتی ہوئی نظر آئی۔ حضورؐ رُک گئے اور ان دونوں اصحاب کو بُلا کر فرمایا: "اُتریے اور اس گدھے کی لاش تناول فرمائیے۔" ان دونوں نے عرض کیا: یا رسولؐ اللہ! اسے کون کھائے گا؟" فرمایا: فَمَا نِلْتُمَا مِنْ عِرْضِ اَخِيْكُمَا اٰنِفًا اَشَدُّ مِنْ اَكْلٍ مِنْهُ - "ابھی ابھی آپ لوگ اپنے بھائی کی عزت پر جو حرف زنی کر رہے تھے، وہ اِس گدھے کی لاش کھانے سے بہت زیادہ بُری تھی۔"

اس حُرمت سے مستثنیٰ صرف وہ صورتیں ہیں جن میں کسی شخص کے پیٹھ پیچھے، یا اس کے مرنے کے بعد اس کی بُرائی بیان کرنے کی کوئی ایسی ضرورت لاحق ہو جو شریعت کی نگاہ میں ایک صحیح ضرورت ہو، اور وہ ضرورت غیبت کے بغیر پُوری نہ ہو سکتی ہو، اور اُس کے لیے اگر غیبت نہ کی جائے تو غیبت کی بہ نسبت زیادہ بڑی بُرائی لازم آتی ہو۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اِس اِستثنا کو اُصولاً یوں بیان فرمایا ہے:

اِنَّ مِنْ اَرْبَى الرِّبَا اَلْاِسْتِطَالَةَ فِيْ عِرْضِ الْمُسْلِمِ بِغَيْرِ حَقٍّ - (ابوداؤد) بدترین زیادتی کسی مسلمان کی عزّت پر ناحق حملہ کرنا ہے۔

اس ارشاد میں "ناحق" کی قید یہ بتاتی ہے کہ "حق" کی بنا پر ایسا کرنا جائز ہے۔ پھر خود نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہی کے طرزِ عمل میں ہم کو چند نظیریں ایسی ملتی ہیں جن سے معلوم ہو جاتا ہے کہ "حق" سے مُراد کیا ہے اور کس قسم کے حالات میں غیبت بقدرِ ضرورت جائز ہو سکتی ہے۔

ایک مرتبہ ایک بدّو آ کر حضورؐ کے پیچھے نماز میں شامل ہوا اور نماز ختم ہوتے ہی یہ کہتا ہوا چل دیا کہ "خدایا! مجھ پر رحم کر اور محمدؐ پر، اور ہم دونوں کے سوا کسی کو اس رحمت میں شریک نہ کر۔" حضورؐ نے صحابہؓ سے فرمایا: اَتَقُوْلُوْنَ هُوَ اَضَلُّ اَمْ بَعِيْرُهٗ؟ اَلَمْ تَسْمَعُوْا اِلٰى مَا قَالَ؟ "تم لوگ کیا کہتے ہو، یہ شخص زیادہ نادان ہے یا اس کا اونٹ؟ تم نے سُنا نہیں کہ یہ کیا کہہ رہا تھا؟" (ابوداؤد) یہ بات حضورؐ کو اُس کے پیٹھ پیچھے کہنی پڑی، کیونکہ وہ سلام پھیرتے ہی جا چکا تھا۔ اس نے چونکہ حضورؐ کی موجودگی میں ایک بہت غلط بات کہہ دی تھی، اور آپؐ کا اس پر خاموش رہ جانا کسی شخص کو اِس غلط فہمی میں ڈال سکتا تھا کہ ایسی بات کہنا کسی درجے میں جائز ہو سکتا ہے، اس لیے ضروری تھا کہ آپؐ اس کی تردید فرمائیں۔

ایک خاتون فاطمہ بنتِ قیس کو دو صاحبوں نے نکاح کا پیغام دیا۔ ایک حضرت معاویہؓ، دوسرے حضرت ابوالجہم۔ انھوں نے آ کر حضورؐ سے مشورہ طلب کیا۔ آپؐ نے فرمایا: "معاویہ مفلس ہیں اور ابوالجہم بیویوں کو بہت مارتے پیٹتے ہیں۔" (بخاری و مسلم) یہاں ایک خاتون کے لیے مستقبل کی زندگی کا مسئلہ درپیش تھا اور حضورؐ سے انھوں نے مشورہ طلب کیا تھا، اِس حالت میں آپؐ نے ضروری سمجھا کہ دونوں صاحبوں کی جو کمزوریاں

آپؐ کے علم میں ہیں وہ انھیں بتادیں۔

ایک روز حضورؐ حضرت عائشہؓ کے ہاں تشریف فرما تھے۔ ایک شخص نے آ کر ملاقات کی اجازت طلب کی۔ حضورؐ نے فرمایا کہ یہ اپنے قبیلے کا بہت بُرا آدمی ہے۔ پھر آپؐ باہر تشریف لے گئے اور اس سے بڑی نرمی کے ساتھ بات کی۔ گھر میں واپس تشریف لائے تو حضرت عائشہؓ نے عرض کیا: ''آپؐ نے تو اس سے بڑی اچھی طرح گفتگو فرمائی، حالانکہ باہر جاتے وقت آپؐ نے اس کے متعلق وہ کچھ فرمایا تھا۔'' جواب میں آپؐ نے فرمایا: اِنَّ شَرَّ النَّاسِ مَنْزِلَةً عِنْدَ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مَنْ وَّدَعَهُ (اَوْتَرَكَهُ) النَّاسُ اتِّقَاءَ فُحْشِهٖ۔ ''خدا کے نزدیک قیامت کے روز بدترین مقام اُس شخص کا ہوگا جس کی بدزبانی سے ڈر کر لوگ اس سے ملنا جُلنا چھوڑ دیں۔'' (بخاری و مسلم) اس واقعے پر غور کیجیے تو معلوم ہوگا کہ حضورؐ نے اُس شخص کے متعلق بُری رائے رکھنے کے باوجود اس کے ساتھ اچھی طرح بات چیت تو اس لیے کی کہ آپؐ کا اَخلاق اسی کا تقاضا کرتا تھا۔ لیکن آپؐ کو یہ اندیشہ ہوا کہ آپؐ کے گھر والے آپؐ کو اُس سے مہربانی برتتے دیکھ کر کہیں اسے آپؐ کا دوست نہ سمجھ لیں اور بعد میں کسی وقت وہ اس کا ناجائز فائدہ نہ اُٹھائے، اس لیے آپؐ نے حضرت عائشہؓ کو خبردار کر دیا کہ وہ اپنے قبیلے کا بہت بُرا آدمی ہے۔

ایک موقع پر حضرت ابوسُفیانؓ کی بیوی ہِندؓ بنتِ عُتبَہ نے آ کر حضورؐ سے عرض کیا کہ ''ابوسفیان ایک بخیل آدمی ہیں، مجھے اور میرے بچوں کو اتنا نہیں دیتے جو ضروریات کے لیے کافی ہو۔'' (بخاری و مسلم) بیوی کی طرف سے شوہر کی غیر موجودگی میں یہ شکایت اگرچہ غیبت تھی، مگر حضورؐ نے اس کو جائز رکھا، کیونکہ مظلوم کو یہ حق پہنچتا ہے کہ ظلم کی شکایت کسی ایسے شخص کے پاس لے جائے جو اس کو رفع کرا سکتا ہو۔

سنّتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اِن نظیروں سے استفادہ کر کے فقہا و محدثین نے یہ قاعدہ اخذ کیا ہے کہ ''غیبت صرف اُس صورت میں جائز ہے جب کہ ایک صحیح (یعنی شرعاً صحیح) غرض کے لیے اس کی ضرورت ہو اور وہ ضرورت اس کے بغیر پوری نہ ہو سکتی ہو۔'' پھر اسی قاعدے پر بنا رکھتے ہوئے علما نے غیبت کی حسبِ ذیل صورتیں جائز قرار دی ہیں:

(۱) ظالم کے خلاف مظلوم کی شکایت ہر اُس شخص کے سامنے جس سے وہ یہ توقع رکھتا ہو کہ وہ ظلم کو دفع کرنے کے لیے کچھ کر سکتا ہے۔

(۲) اصلاح کی نیت سے کسی شخص یا گروہ کی بُرائیوں کا ذکر ایسے لوگوں کے سامنے جن سے یہ اُمید ہو کہ وہ اُن برائیوں کو دُور کرنے کے لیے کچھ کر سکیں گے۔

(۳) اِستِفتا کی غرض سے کسی مفتی کے سامنے صورتِ واقعہ بیان کرنا، جس میں کسی شخص کے کسی غلط فعل کا ذکر آ جائے۔

(۴) لوگوں کو کسی شخص یا اشخاص کے شر سے خبردار کرنا، تاکہ وہ اس کے نقصان سے بچ سکیں۔ مثلاً راویوں، گواہوں اور مصنّفین کی کمزوریاں بیان کرنا بالاتفاق جائز ہی نہیں واجب ہے، کیونکہ اس کے بغیر شریعت کو غلط

روایتوں کی اشاعت سے، عدالتوں کو بے انصافی سے، اور عوام یا طالبانِ علم کو گمراہیوں سے بچانا ممکن نہیں ہے۔ یا مثلاً کوئی شخص کسی سے شادی بیاہ کا رشتہ کرنا چاہتا ہو، یا کسی کے پڑوس میں مکان لینا چاہتا ہو، یا کسی سے شرکت کا معاملہ کرنا چاہتا ہو، یا کسی کو اپنی امانت سونپنا چاہتا ہو اور آپ سے مشورہ لے تو آپ کے لیے واجب ہے کہ اس کا عیب وصواب اسے بتادیں، تاکہ ناواقفیت میں وہ دھوکا نہ کھائے۔

(۵) ایسے لوگوں کے خلاف عَلَی الاعلان آواز بلند کرنا اور ان کی بُرائیوں پر تنقید کرنا جو فسق و فُجور پھیلا رہے ہوں، یا بدعات اور گمراہیوں کی اشاعت کر رہے ہوں، یا خلقِ خدا کو بے دینی اور ظلم و جَور کے فتنوں میں مبتلا کر رہے ہوں۔

(۶) جو لوگ کسی بُرے لقب سے اس قدر مشہور ہو چکے ہوں کہ وہ اُس لقب کے سوا کسی اور لقب سے پہچانے نہ جاسکتے ہوں، اُن کے لیے وہ لقب استعمال کرنا بغرضِ تعریف نہ کہ بغرضِ تنقیص۔

(تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو: فتح الباری، جلد ۱۰، ص ۳۶۲۔ شرح مسلم للنَّوَوِی، باب تحریم الغیبۃ۔ ریاض الصالحین، باب مایُبَاح من الغیبۃ۔ احکام القرآن للجصّاص ورُوح المعانی، تفسیر آیہ وَلَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُم بَعْضًا)

ان مستثنیٰ صورتوں کے ماسوا پیٹھ پیچھے کسی کی بدگوئی کرنا مطلقاً حرام ہے۔ یہ بدگوئی اگر سچّی ہو تو غیبت ہے، جھوٹی ہو تو بہتان ہے، اور دو آدمیوں کو لڑانے کے لیے ہو تو چُغلی ہے۔ شریعت ان تینوں چیزوں کو حرام کرتی ہے۔ اسلامی معاشرے میں ہر مسلمان پر یہ لازم ہے کہ اگر اس کے سامنے کسی شخص پر جھوٹی تہمت لگائی جا رہی ہو تو وہ اس کو خاموشی سے نہ سنے بلکہ اس کی تردید کرے، اور اگر کسی جائز شرعی ضرورت کے بغیر کسی کی واقعی بُرائیاں بیان کی جا رہی ہوں تو اس فعل کے مرتکبین کو خدا سے ڈرائے اور اس گناہ سے باز رہنے کی تلقین کرے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ:

مَا مِنِ امْرِئٍ يَخْذُلُ امْرَأً مُسْلِمًا فِيْ مَوْضِعٍ تُنْتَهَكُ فِيْهِ حُرْمَتُهٗ وَيُنْتَقَصُ فِيْهِ مِنْ عِرْضِهٖ اِلَّا خَذَلَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ مَوَاطِنَ يُحِبُّ فِيْهَا نُصْرَتَهٗ، وَمَا مِنِ امْرِئٍ يَنْصُرُ امْرَأً مُسْلِمًا فِيْ مَوْضِعٍ يُنْتَقَصُ فِيْهِ مِنْ عِرْضِهٖ وَيُنْتَهَكُ فِيْهِ مِنْ حُرْمَتِهٖ اِلَّا نَصَرَهُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ فِيْ مَوَاطِنَ يُحِبُّ فِيْهَا نُصْرَتَهٗ۔ (ابوداؤد)

اگر کوئی شخص کسی مسلمان کی حمایت ایسے موقع پر نہیں کرتا جہاں اس کی تذلیل کی جا رہی ہو اور اس کی عزت پر حملہ کیا جا رہا ہو، تو اللہ تعالیٰ بھی اس کی حمایت ایسے مواقع پر نہیں کرتا جہاں وہ اللہ کی مدد کا خواہاں ہو۔ اور اگر کوئی شخص کسی مسلمان کی حمایت ایسے موقع پر کرتا ہے جہاں اس کی عزت پر حملہ کیا جا رہا ہو اور اس کی تذلیل و توہین کی جا رہی ہو، تو اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کی مدد ایسے مواقع پر کرتا ہے جہاں وہ چاہتا ہے کہ اللہ اس کی مدد کرے۔

رہا غیبت کرنے والا، تو جس وقت بھی اُسے احساس ہو جائے کہ وہ اس گناہ کا ارتکاب کر رہا ہے یا کر چکا ہے، اس کا پہلا فرض یہ ہے کہ اللہ سے توبہ کرے اور اس حرام فعل سے رُک جائے۔ اس کے بعد دوسرا فرض اس پر یہ

# اَحَدُكُمْ اَنْ يَّاْكُلَ لَحْمَ اَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ ؕ

## جو اپنے مَرے ہوئے بھائی کا گوشت کھانا پسند کرے[۲۷] گا؟ دیکھو، تم خود اس سے گِھن کھاتے ہو۔

عائد ہوتا ہے کہ حتی الامکان اس کی تلافی کرے۔ اگر اس نے کسی مرے ہوئے آدمی کی غیبت کی ہو تو اس کے حق میں کثرت سے دعائے مغفرت کرے۔ اگر کسی زندہ آدمی کی غیبت کی ہو اور وہ خلافِ واقعہ بھی ہو تو اُن لوگوں کے سامنے اس کی تردید کرے جن کے سامنے وہ پہلے یہ بہتان تراشی کر چکا ہے۔ اور اگر سچّی غیبت کی ہو تو آیندہ پھر کبھی اس کی برائی نہ کرے، اور اُس شخص سے معافی مانگے جس کی اُس نے بُرائی کی تھی۔ علما کا ایک گروہ کہتا ہے کہ معافی صرف اُس صورت میں مانگنی چاہیے جب کہ اُس شخص کو اس کا علم ہو چکا ہو، ورنہ صرف توبہ پر اکتفا کرنا چاہیے، کیونکہ اگر وہ شخص بے خبر ہو اور غیبت کرنے والا معافی مانگنے کی خاطر اسے جا کر یہ بتائے کہ میں نے تیری غیبت کی تھی تو یہ چیز اس کے لیے اذیّت کی موجب ہو گی۔

۲۷ – اس فقرے میں اللہ تعالیٰ نے غیبت کو مرے ہوئے بھائی کا گوشت کھانے سے تشبیہ دے کر اس فعل کے انتہائی گھناؤنا ہونے کا تصوُّر دلایا ہے۔ مُردار کا گوشت کھانا بجائے خود نفرت کے قابل ہے، کجا کہ وہ گوشت بھی کسی جانور کا نہیں بلکہ انسان کا ہو، اور انسان بھی کوئی اور نہیں، خود اپنا بھائی ہو۔ پھر اس تشبیہ کو سوالیہ انداز میں پیش کر کے اور زیادہ مؤثّر بنا دیا گیا ہے، تاکہ ہر شخص اپنے ضمیر سے پوچھ کر خود فیصلہ کرے کہ آیا وہ اپنے مرے ہوئے بھائی کا گوشت کھانے کے لیے تیار ہے؟ اگر نہیں ہے اور اُس کی فطرت اِس چیز سے گِھن کھاتی ہے تو آخر وہ کیسے یہ بات پسند کرتا ہے کہ اپنے ایک مومن بھائی کی غیر موجودگی میں اس کی عزت پر حملہ کرے جہاں وہ اپنی مُدافعت نہیں کر سکتا اور جہاں اس کو یہ خبر تک نہیں ہے کہ اس کی بے عزّتی کی جا رہی ہے؟ اِس ارشاد سے یہ بات بھی معلوم ہوئی کہ غیبت کے حرام ہونے کی بنیادی وجہ اُس شخص کی دل آزاری نہیں ہے جس کی غیبت کی گئی ہو، بلکہ کسی شخص کی غیر موجودگی میں اس کی بُرائی کرنا بجائے خود حرام ہے، قطعِ نظر اس سے کہ اُس کو اس کا علم ہو یا نہ ہو اور اس کو اِس فعل سے اذیت پہنچے یا نہ پہنچے۔ ظاہر ہے کہ مرے ہوئے آدمی کا گوشت کھانا اس لیے حرام نہیں ہے کہ مُردے کو اُس سے تکلیف ہوتی ہے۔ مُردہ بے چارہ تو اِس سے بے خبر ہوتا ہے کہ اس کے مرنے کے بعد کوئی اس کی لاش بھنبوڑ رہا ہے۔ مگر یہ فعل بجائے خود ایک نہایت گِھناؤنا فعل ہے۔ اسی طرح جس شخص کی غیبت کی گئی ہو، اس کو بھی اگر کسی ذریعے سے اس کی اطلاع نہ پہنچے تو وہ عمر بھر اس بات سے بے خبر رہے گا کہ کہاں کس شخص نے کب اس کی عزت پر کن لوگوں کے سامنے حملہ کیا تھا، اور اس کی وجہ سے کس کس کی نظر میں وہ ذلیل و حقیر ہو کر رہ گیا۔ اِس بے خبری کی وجہ سے اُسے اِس غیبت کی سرے سے کوئی اذیت نہ پہنچے گی، مگر اس کی عزت پر بہر حال اس سے حرف آئے گا، اس لیے یہ فعل اپنی نوعیت میں مُردہ بھائی کا گوشت کھانے سے مختلف نہیں ہے۔

وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ رَّحِيۡمٌ ﴿۱۲﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا
خَلَقۡنٰكُمۡ مِّنۡ ذَكَرٍ وَّاُنۡثٰى وَجَعَلۡنٰكُمۡ شُعُوۡبًا وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوۡا ؕ
اِنَّ اَكۡرَمَكُمۡ عِنۡدَ اللّٰهِ اَتۡقٰٮكُمۡ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيۡمٌ خَبِيۡرٌ ﴿۱۳﴾

اللہ سے ڈرو، اللہ بڑا توبہ قبول کرنے والا اور رحیم ہے۔

لوگو! ہم نے تم کو ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا اور پھر تمھاری قومیں اور برادریاں بنا دیں، تاکہ تم ایک دُوسرے کو پہچانو۔ درحقیقت اللہ کے نزدیک تم میں سب سے زیادہ عزّت والا وہ ہے جو تمھارے اندر سب سے زیادہ پرہیزگار ہے۔[28] یقیناً اللہ سب کچھ جاننے والا اور باخبر ہے۔[29]

۲۸- پچھلی آیات میں اہلِ ایمان کو خطاب کر کے وہ ہدایات دی گئی تھیں جو مسلم معاشرے کو خرابیوں سے محفوظ رکھنے کے لیے ضروری ہیں۔ اب اِس آیت میں پُوری نوعِ انسانی کو خطاب کر کے اُس عظیم گمراہی کی اصلاح کی گئی ہے جو دنیا میں ہمیشہ عالمگیر فساد کی موجب بنی رہی ہے، یعنی نسل، رنگ، زبان، وطن اور قومیت کا تعصّب۔ قدیم ترین زمانے سے آج تک ہر دَور میں انسان بالعموم انسانیت کو نظرانداز کر کے اپنے گرد کچھ چھوٹے چھوٹے دائرے کھینچتا رہا ہے، جن کے اندر پیدا ہونے والوں کو اس نے اپنا، اور باہر پیدا ہونے والوں کو غیر قرار دیا ہے۔ یہ دائرے کسی عقلی اور اَخلاقی بنیاد پر نہیں بلکہ اتفاقی پیدائش کی بنیاد پر کھینچے گئے ہیں۔ کہیں اِن کی بِنا ایک خاندان، قبیلے یا نسل میں پیدا ہونا ہے، اور کہیں ایک جُغرافی خِطّے میں یا ایک خاص رنگ والی یا ایک خاص زبان بولنے والی قوم میں پیدا ہو جانا۔ پھر ان بنیادوں پر اپنے اور غیر کی جو تمیز قائم کی گئی ہے، وہ صرف اِس حد تک محدود نہیں رہی ہے کہ جنھیں اِس لحاظ سے اپنا قرار دیا گیا ہو کہ ان کے ساتھ غیروں کی بہ نسبت زیادہ محبّت اور زیادہ تعاون ہو، بلکہ اِس تمیز نے نفرت، عداوت، تحقیر و تذلیل اور ظلم و ستم کی بدترین شکلیں اختیار کی ہیں۔ اِس کے لیے فلسفے گھڑے گئے ہیں، مذہب ایجاد کیے گئے ہیں، قوانین بنائے گئے ہیں، اَخلاقی اُصول وضع کیے گئے ہیں، قوموں اور سلطنتوں نے اِس کو اپنا مستقل مسلک بنا کر صدیوں اِس پر عمل درآمد کیا ہے۔ یہودیوں نے اسی بنا پر بنی اسرائیل کو خدا کی چیدہ مخلوق ٹھیرایا اور اپنے مذہبی احکام تک میں غیر اسرائیلیوں کے حُقوق اور مرتبے کو اسرائیلیوں سے فروتر رکھا۔ ہندوؤں کے ہاں وَرن آشرم کو اِسی تمیز نے جنم دیا جس کی رُو سے برہمنوں کی برتری قائم کی گئی، اُونچی ذات والوں کے مقابلے میں تمام انسان نیچ اور ناپاک ٹھیرائے گئے، اور شُودروں کو انتہائی ذلت کے گڑھے میں پھینک

دیا گیا۔ کالے اور گورے کی تمیز نے افریقا اور امریکا میں سیاہ فام لوگوں پر جو ظلم ڈھائے، ان کو تاریخ کے صفحات میں تلاش کرنے کی ضرورت نہیں، آج اس بیسویں صدی ہی میں ہر شخص اپنی آنکھوں سے انھیں دیکھ سکتا ہے۔ یورپ کے لوگوں نے برِّاعظم امریکا میں گُھس کر ریڈ انڈین نسل کے ساتھ جو سلوک کیا، اور ایشیا اور افریقا کی کمزور قوموں پر اپنا تسلُّط قائم کر کے جو برتاؤ اُن کے ساتھ کیا، اس کی تہ میں بھی یہی تصوّر کارفرما رہا کہ اپنے وطن اور اپنی قوم کے حُدُود سے باہَر پیدا ہونے والوں کی جان، مال اور آبرو اُن پر مباح ہے اور انھیں حق پہنچتا ہے کہ ان کو لُوٹیں، غلام بنائیں، اور ضرورت پڑے تو صفحۂ ہستی سے مٹا دیں۔ مغربی اقوام کی قوم پرستی نے ایک قوم کو دوسری قوموں کے لیے جس طرح درندہ بنا کر رکھ دیا ہے، اس کی بدترین مثالیں زمانۂ قریب کی لڑائیوں میں دیکھی جا چکی ہیں اور آج دیکھی جا رہی ہیں۔ خُصوصیّت کے ساتھ نازی جرمنی کا فلسفۂ نسلیّت اور نارڈک نسل کی برتری کا تصوّر پچھلی جنگِ عظیم میں جو کرشمے دکھا چکا ہے، انھیں نگاہ میں رکھا جائے تو آدمی بآسانی یہ اندازہ کر سکتا ہے کہ وہ کتنی عظیم اور تباہ کُن گمراہی ہے جس کی اصلاح کے لیے قرآنِ مجید کی یہ آیت نازل ہوئی ہے۔

اس مختصر سی آیت میں اللہ تعالیٰ نے تمام انسانوں کو مُخاطَب کر کے تین نہایت اہم اُصولی حقیقتیں بیان فرمائی ہیں:

ایک یہ کہ تم سب کی اصل ایک ہے، ایک ہی مرد اور ایک ہی عورت سے تمھاری پُوری نَوع وجود میں آئی ہے، اور آج تمھاری جتنی نسلیں بھی دنیا میں پائی جاتی ہیں، وہ درحقیقت ایک ابتدائی نسل کی شاخیں ہیں، جو ایک ماں اور ایک باپ سے شروع ہوئی تھی۔ اِس سلسلۂ تخلیق میں کسی جگہ بھی اُس تفرِقے اور اُونچ نیچ کے لیے کوئی بنیاد موجود نہیں ہے جس کے زَعْمِ باطل میں تم مبتلا ہو۔ ایک ہی خدا تمھارا خالق ہے، ایسا نہیں ہے کہ مختلف انسانوں کو مختلف خداؤں نے پیدا کیا ہو۔ ایک ہی مادۂ تخلیق سے تم بنے ہو، ایسا بھی نہیں ہے کہ کچھ انسان کسی پاک یا بڑھیا مادّے سے بنے ہوں اور کچھ دوسرے انسان کسی ناپاک یا گھٹیا مادّے سے بن گئے ہوں۔ ایک ہی طریقے سے تم پیدا ہوئے ہو، یہ بھی نہیں ہے کہ مختلف انسانوں کے طریقِ پیدائش الگ الگ ہوں۔ اور ایک ہی ماں باپ کی تم اولاد ہو، یہ بھی نہیں ہوا ہے کہ ابتدائی انسانی جوڑے بہت سے رہے ہوں، جن سے دنیا کے مختلف خِطّوں کی آبادیاں الگ الگ پیدا ہوئی ہوں۔

دوسرے یہ کہ اپنی اصل کے اعتبار سے ایک ہونے کے باوجود تمھارا قوموں اور قبیلوں میں تقسیم ہو جانا ایک فطری امر تھا۔ ظاہر ہے کہ پُوری رُوئے زمین پر سارے انسانوں کا ایک ہی خاندان تو نہیں ہو سکتا تھا۔ نسل بڑھنے کے ساتھ ناگزیر تھا کہ بے شمار خاندان بنیں اور پھر خاندانوں سے قبائل اور اقوام وجود میں آ جائیں۔ اسی طرح زمین کے مختلف خِطّوں میں آباد ہونے کے بعد رنگ، خدّوخال، زبانیں اور طرزِ بُود و ماند بھی لامحالہ مختلف ہی ہو جانے تھے، اور ایک خِطّے کے رہنے والوں کو باہم قریب تر اور دُور دراز خِطّوں کے رہنے والوں کو بعید تر ہی ہونا تھا۔ مگر اس فطری فرق و اختلاف کا تقاضا یہ ہرگز نہ تھا کہ اس کی بنیاد پر اُونچ اور نیچ، شریف اور کمین،

برتر اور کمتر کے امتیازات قائم کیے جائیں، ایک نسل دوسری نسل پر اپنی فضیلت جتائے، ایک رنگ کے لوگ دوسرے رنگ کے لوگوں کو ذلیل و حقیر جانیں، ایک قوم دوسری قوم پر اپنا تفوّق جمائے، اور انسانی حقوق میں ایک گروہ کو دوسرے گروہ پر ترجیح حاصل ہو۔ خالق نے جس وجہ سے انسانی گروہوں کو اقوام اور قبائل کی شکل میں مرتّب کیا تھا، وہ صرف یہ تھی کہ اُن کے درمیان باہمی تعارف اور تعاون کی فطری صورت یہی تھی۔ اِسی طریقے سے ایک خاندان، ایک برادری، ایک قبیلے اور ایک قوم کے لوگ مل کر مشترک معاشرت بنا سکتے تھے اور زندگی کے معاملات میں ایک دوسرے کے مددگار بن سکتے تھے۔ مگر یہ محض شیطانی جہالت تھی کہ جس چیز کو اللہ کی بنائی ہوئی فطرت نے تعارُف کا ذریعہ بنایا تھا، اُسے تفاخُر اور تنافُر کا ذریعہ بنا لیا گیا اور پھر نوبت ظلم و عُدوان تک پہنچا دی گئی۔

تیسرے یہ کہ انسان اور انسان کے درمیان فضیلت اور برتری کی بنیاد اگر کوئی ہے اور ہو سکتی ہے تو وہ صرف اَخلاقی فضیلت ہے۔ پیدائش کے اعتبار سے تمام انسان یکساں ہیں، کیونکہ ان کا پیدا کرنے والا ایک ہے، ان کا مادّۂ پیدائش اور طریقِ پیدائش ایک ہی ہے، اور ان سب کا نسب ایک ہی ماں باپ تک پہنچتا ہے۔ علاوہ بریں کسی شخص کا کسی خاص ملک، قوم یا برادری میں پیدا ہونا ایک اتفاقی امر ہے، جس میں اُس کے اپنے ارادہ و انتخاب اور اس کی اپنی سعی و کوشش کا کوئی دخل نہیں ہے۔ کوئی معقول وجہ نہیں کہ اِس لحاظ سے کسی کو کسی پر فضیلت حاصل ہو۔ اصل چیز جس کی بنا پر ایک شخص کو دوسروں پر فضیلت حاصل ہوتی ہے، وہ یہ ہے کہ وہ دوسروں سے بڑھ کر خدا سے ڈرنے والا، بُرائیوں سے بچنے والا، اور نیکی و پاکیزگی کی راہ پر چلنے والا ہو۔ ایسا آدمی خواہ کسی نسل، کسی قوم اور کسی ملک سے تعلق رکھتا ہو، اپنی ذاتی خوبی کی بنا پر قابلِ قدر ہے۔ اور جس کا حال اِس کے برعکس ہو، وہ بہرحال ایک کم تر درجے کا انسان ہے، چاہے وہ کالا ہو یا گورا، مشرق میں پیدا ہوا ہو یا مغرب میں۔

یہی حقائق جو قرآن کی ایک مختصر سی آیت میں بیان کیے گئے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اپنے مختلف خطبات اور ارشادات میں زیادہ کھول کر بیان فرمایا ہے۔ فتحِ مکہ کے موقع پر طوافِ کعبہ کے بعد آپ نے جو تقریر فرمائی تھی اس میں فرمایا:

| | |
|---|---|
| اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْٓ اَذْهَبَ عَنْكُمْ عَیْبَةَ الْجَاهِلِیَّةِ وَتَكَبُّرَهَا ۔ یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ ، اَلنَّاسُ رَجُلَانِ ، بَرٌّ تَقِیٌّ كَرِیْمٌ عَلَی اللّٰهِ، وَفَاجِرٌ شَقِیٌّ هَیِّنٌ عَلَی اللّٰهِ ۔ اَلنَّاسُ كُلُّهُمْ بَنُوْٓ اٰدَمَ وَخَلَقَ اللّٰهُ اٰدَمَ مِنْ تُرَابٍ ۔ (بَیْہَقی فی شُعَبُ الایمان، ترمِذی) | شکر ہے اُس خدا کا جس نے تم سے جاہلیت کا عیب اور اس کا تکبّر دُور کر دیا۔ لوگو! تمام انسان بس دو ہی حصّوں میں تقسیم ہوتے ہیں۔ ایک، نیک اور پرہیزگار، جو اللہ کی نگاہ میں عزّت والا ہے۔ دوسرا، فاجر اور شقی، جو اللہ کی نگاہ میں ذلیل ہے۔ ورنہ سارے انسان آدمؑ کی اولاد ہیں اور اللہ نے آدمؑ کو مٹی سے پیدا کیا تھا۔ |

حجۃ الوداع کے موقع پر ایامِ تشریق کے وسط میں آپ نے ایک تقریر کی اور اس میں فرمایا:

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ، اَلَآ اِنَّ رَبَّكُمْ وَاحِدٌ لَا فَضْلَ لِعَرَبِيٍّ عَلٰى عَجَمِيٍّ وَّلَا لِعَجَمِيٍّ عَلٰى عَرَبِيٍّ وَّلَا لِاَسْوَدَ عَلٰى اَحْمَرَ وَلَا لِاَحْمَرَ عَلٰى اَسْوَدَ اِلَّا بِالتَّقْوٰى، اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰكُمْ۔ اَلَا هَلْ بَلَّغْتُ؟ قَالُوْا بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ فَلْيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ۔ (بیہقی)

لوگو! خبردار رہو، تم سب کا خدا ایک ہے۔ کسی عرب کو کسی عجمی پر اور کسی عجمی کو کسی عرب پر، اور کسی گورے کو کسی کالے پر اور کسی کالے کو کسی گورے پر کوئی فضیلت حاصل نہیں ہے، مگر تقویٰ کے اعتبار سے۔ اللہ کے نزدیک تم میں سب سے زیادہ عزت والا وہ ہے جو سب سے زیادہ پرہیزگار ہو۔ بتاؤ، میں نے تمھیں بات پہنچا دی ہے؟ لوگوں نے عرض کیا: ہاں یا رسولؐ اللہ! فرمایا: اچھا تو جو موجود ہے وہ ان لوگوں تک یہ بات پہنچادے جو موجود نہیں ہیں۔

ایک حدیث میں آپؐ کا ارشاد ہے:

كُلُّكُمْ بَنُوْ اٰدَمَ وَاٰدَمُ خُلِقَ مِنْ تُرَابٍ وَلَيَنْتَهِيَنَّ قَوْمٌ يَفْخَرُوْنَ بِاٰبَائِهِمْ اَوْ لَيَكُوْنَنَّ اَهْوَنَ عَلَى اللّٰهِ مِنَ الْجُعْلَانِ۔ (بزّار)

تم سب آدمؑ کی اولاد ہو اور آدمؑ مٹی سے پیدا کیے گئے تھے۔ لوگ اپنے آباواجداد پر فخر کرنا چھوڑ دیں، ورنہ وہ اللہ کی نگاہ میں ایک حقیر کیڑے سے زیادہ ذلیل ہوں گے۔

ایک اور حدیث میں آپؐ نے فرمایا:

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْئَلُكُمْ عَنْ اَحْسَابِكُمْ وَلَا عَنْ اَنْسَابِكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ، اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰكُمْ۔ (ابنِ جَریر)

اللہ قیامت کے روز تمھارا حسب نسب نہیں پوچھے گا۔ اللہ کے ہاں سب سے زیادہ عزت والا وہ ہے جو سب سے زیادہ پرہیزگار ہو۔

ایک اور حدیث کے الفاظ یہ ہیں:

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَنْظُرُ اِلٰى صُوَرِكُمْ وَاَمْوَالِكُمْ وَلٰكِنْ يَّنْظُرُ اِلٰى قُلُوْبِكُمْ وَاَعْمَالِكُمْ۔ (مسلم۔ ابنِ ماجہ)

اللہ تمھاری صورتیں اور تمھارے مال نہیں دیکھتا، بلکہ وہ تمھارے دلوں اور تمھارے اعمال کی طرف دیکھتا ہے۔

یہ تعلیمات صرف الفاظ کی حد تک ہی محدود نہیں رہی ہیں، بلکہ اسلام نے ان کے مطابق اہلِ ایمان کی ایک عالمگیر برادری عملاً قائم کر کے دکھا دی ہے، جس میں رنگ، نسل، زبان، وطن اور قومیت کی کوئی تمیز نہیں، جس میں اُونچ نیچ اور چھوت چھات اور تفریق و تعصّب کا کوئی تصور نہیں، جس میں شریک ہونے والے تمام انسان، خواہ وہ کسی نسل و قوم اور ملک و وطن سے تعلق رکھتے ہوں، بالکل مُساویانہ حُقوق کے ساتھ شریک ہو سکتے ہیں اور ہوئے ہیں۔ اسلام کے مخالفین تک کو یہ تسلیم کرنا پڑا ہے کہ انسانی مُساوات اور وحدت کے اُصول کو جس کامیابی کے ساتھ مسلم معاشرے میں عملی شکل دی گئی ہے، اس کی کوئی نظیر دنیا کے کسی دین اور کسی نظام میں نہیں

قَالَتِ الۡاَعۡرَابُ اٰمَنَّا ؕ قُلۡ لَّمۡ تُؤۡمِنُوۡا وَ لٰكِنۡ قُوۡلُوۡۤا اَسۡلَمۡنَا

یہ بدوی کہتے ہیں کہ "ہم ایمان لائے"[30] اِن سے کہو تم ایمان نہیں لائے، بلکہ یوں کہو کہ "ہم مطیع ہو گئے"[31]

پائی جاتی نہ کبھی پائی گئی ہے۔ صرف اسلام ہی وہ دین ہے جس نے رُوئے زمین کے تمام گوشوں میں پھیلی ہوئی بے شمار نسلوں اور قوموں کو ملا کر ایک اُمّت بنا دیا ہے۔

اس سلسلے میں ایک غلط فہمی کو رفع کر دینا بھی ضروری ہے۔ شادی بیاہ کے معاملے میں اسلامی قانون کُفُو کو جو اہمیت دیتا ہے، اس کو بعض لوگ اس معنیٰ میں لیتے ہیں کہ کچھ برادریاں شریف اور کچھ کمین ہیں اور ان کے درمیان مناکحت قابلِ اعتراض ہے۔ لیکن دراصل یہ ایک غلط خیال ہے۔ اسلامی قانون کی رُو سے ہر مسلمان مرد کا ہر مسلمان عورت سے نکاح ہو سکتا ہے، مگر اِزدِواجی زندگی کی کامیابی کا انحصار اس پر ہے کہ زوجین کے درمیان عادات، خصائل، طرزِ زندگی، خاندانی روایات اور معاشی و معاشرتی حالات میں زیادہ سے زیادہ مطابقت ہو، تاکہ وہ ایک دوسرے کے ساتھ اچھی طرح نباہ کر سکیں۔ یہی کفاءت کا اصل مقصد ہے۔ جہاں مرد اور عورت کے درمیان اس لحاظ سے بہت زیادہ بُعد ہو، وہاں عمر بھر کی رفاقت نبھ جانے کی کم ہی توقع ہو سکتی ہے، اس لیے اسلامی قانون ایسے جوڑ لگانے کو ناپسند کرتا ہے، نہ اِس بنا پر کہ فریقین میں سے ایک شریف اور دوسرا کمین ہے، بلکہ اس بنا پر کہ حالات میں زیادہ بیّن فرق و اختلاف ہو تو شادی بیاہ کا تعلق قائم کرنے میں اِزدِواجی زندگیوں کے ناکام ہو جانے کا زیادہ امکان ہوتا ہے۔

**۲۹** – یعنی یہ بات اللہ ہی جانتا ہے کہ کون فی الواقع ایک اعلیٰ درجے کا انسان ہے اور کون اوصاف کے لحاظ سے ادنیٰ درجے کا ہے۔ لوگوں نے بطورِ خود اعلیٰ اور ادنیٰ کے جو معیار بنا رکھے ہیں، یہ اللہ کے ہاں چلنے والے نہیں ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ جس کو دنیا میں بہت بلند مرتبے کا آدمی سمجھا گیا ہو وہ اللہ کے آخری فیصلے میں کم ترینِ خلائق قرار پائے، اور ہو سکتا ہے کہ جو یہاں بہت حقیر سمجھا گیا ہو وہ وہاں بڑا اُونچا مرتبہ پائے۔ اصل اہمیت دنیا کی عزت و ذلت کی نہیں، بلکہ اُس ذلت و عزت کی ہے جو خدا کے ہاں کسی کو نصیب ہو۔ اس لیے انسان کو ساری فکر اس امر کی ہونی چاہیے کہ وہ اپنے اندر وہ حقیقی اوصاف پیدا کرے جو اسے اللہ کی نگاہ میں عزت کے لائق بنا سکتے ہوں۔

**۳۰** – اِس سے مراد تمام بدوی نہیں ہیں بلکہ یہاں ذکر چند خاص بدوی گروہوں کا ہو رہا ہے جو اسلام کی بڑھتی ہوئی طاقت دیکھ کر محض اِس خیال سے مسلمان ہو گئے تھے کہ وہ مسلمانوں کی ضرب سے محفوظ بھی رہیں گے اور اسلامی فُتوحات کے فوائد سے متمتّع بھی ہوں گے۔ یہ لوگ حقیقت میں سچے دل سے ایمان نہیں لائے تھے، محض زبانی اقرارِ ایمان کر کے انھوں نے مصلحتاً اپنے آپ کو مسلمانوں میں شمار کرا لیا تھا۔ اور اُن کی اِس باطنی حالت کا راز اُس وقت فاش ہو جاتا تھا جب وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آ کر طرح طرح کے مطالبے کرتے تھے اور اپنا حق اس طرح جتاتے تھے کہ گویا انھوں نے اسلام قبول کر کے آپؐ پر بڑا احسان کیا ہے۔ روایات میں متعدّد قبائلی

گروہوں کے اس رَوِیّے کا ذکر آیا ہے، مثلاً مُزَینَہ، جُہَینَہ، اَسْلَم، اَشْجَع، غِفار وغیرہ۔ خاص طور پر بنی اَسَد بن خُزَیمہ کے متعلق ابنِ عباسؓ اور سعید بن جُبَیرؒ کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ خشک سالی کے زمانے میں وہ مدینہ آئے اور مالی مدد کا مطالبہ کرتے ہوئے بار بار انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ "ہم بغیر لڑے بھڑے مسلمان ہوئے ہیں، ہم نے آپؐ سے اُس طرح جنگ نہیں کی جس طرح فُلاں اور فُلاں قبیلوں نے جنگ کی ہے۔" اِس سے اُن کا صاف مطلب یہ تھا کہ اللہ کے رسولؐ سے جنگ نہ کرنا اور اسلام قبول کر لینا ان کا ایک احسان ہے جس کا معاوضہ اُنھیں رسولؐ اور اہلِ ایمان سے ملنا چاہیے۔ اطرافِ مدینہ کے بَدوِی گروہوں کا یہی وہ طرزِ عمل ہے جس پر اِن آیات میں تبصرہ کیا گیا ہے۔ اِس تبصرے کے ساتھ سورۂ توبہ، آیات ۹۰ تا ۱۱۰، اور سورۂ فتح، آیات ۱۱ تا ۱۷ کو ملا کر پڑھا جائے تو بات زیادہ اچھی طرح سمجھ میں آسکتی ہے۔

۳۱- اصل میں قُوْلُوْٓا اَسْلَمْنَا کے الفاظ استعمال ہوئے ہیں جن کا دوسرا ترجمہ یہ بھی ہوسکتا ہے کہ "کہو ہم مسلمان ہوگئے ہیں۔" ان الفاظ سے بعض لوگوں نے یہ نتیجہ نکال لیا ہے کہ قرآنِ مجید کی زبان میں "مومن" اور "مسلم" دو متقابل اصطلاحیں ہیں، مومن وہ ہے جو سچّے دل سے ایمان لایا ہو، اور مسلم وہ ہے جس نے ایمان کے بغیر محض ظاہر میں اسلام قبول کر لیا ہو۔ لیکن درحقیقت یہ خیال بالکل غلط ہے۔ اس میں شک نہیں کہ اِس جگہ ایمان کا لفظ قلبی تصدیق کے لیے اور اسلام کا لفظ محض ظاہری اطاعت کے لیے استعمال ہوا ہے۔ مگر یہ سمجھ لینا صحیح نہیں ہے کہ یہ قرآنِ مجید کی دو مستقل اور باہم مُتقابل اصطلاحیں ہیں۔ قرآن کی جن آیات میں اسلام اور مسلم کے الفاظ استعمال ہوئے ہیں، ان کا تَتَبُّع کرنے سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ قرآن کی اِصطِلاح میں "اسلام" اُس دینِ حق کا نام ہے جو اللہ نے نَوعِ انسانی کے لیے نازل کیا ہے، اُس کے مفہوم میں ایمان اور اطاعتِ امر دونوں شامل ہیں، اور "مسلم" وہ ہے جو سچّے دل سے مانے اور عملاً اطاعت کرے۔ مثال کے طور پر حسبِ ذیل آیات مُلاحظہ ہوں:

| | |
|---|---|
| اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ ۫ (آلِ عمران: ۱۹) | یقیناً اللہ کے نزدیک دین صرف اسلام ہے۔ |
| وَمَنْ یَّبْتَغِ غَیْرَ الْاِسْلَامِ دِیْنًا فَلَنْ یُّقْبَلَ مِنْهُ ۚ (آلِ عمران: ۸۵) | اور جو اسلام کے سوا کوئی اور دین چاہے، اُس کا وہ دین ہرگز قبول نہ کیا جائے گا۔ |
| وَرَضِیْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا ؕ (المائدہ: ۳) | اور میں نے تمھارے لیے اسلام کو دین کی حیثیت سے پسند کیا ہے۔ |
| فَمَنْ یُّرِدِ اللّٰهُ اَنْ یَّهْدِیَهٗ یَشْرَحْ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ ۚ (الانعام: ۱۲۵) | اللہ جس کو ہدایت دینا چاہتا ہے، اس کا سینہ اسلام کے لیے کھول دیتا ہے۔ |

ظاہر ہے کہ اِن آیات میں "اسلام" سے مراد اطاعتِ بلا ایمان نہیں ہے۔ پھر دیکھیے، جگہ جگہ اس مضمون کی آیات آتی ہیں:

| | |
|---|---|
| قُلْ اِنِّیْۤ اُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ اَوَّلَ مَنْ | اے نبیؐ! کہو: مجھے یہ حکم دیا گیا ہے کہ سب سے پہلے اسلام |

وَلَمَّا يَدۡخُلِ الۡاِيۡمَانُ فِىۡ قُلُوۡبِكُمۡ‌ؕ وَاِنۡ تُطِيۡعُوا اللّٰهَ وَرَسُوۡلَهٗ لَا
يَلِتۡكُمۡ مِّنۡ اَعۡمَالِكُمۡ شَيۡـئًا‌ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ﴿۱۴﴾ اِنَّمَا
الۡمُؤۡمِنُوۡنَ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا بِاللّٰهِ وَرَسُوۡلِهٖ ثُمَّ لَمۡ يَرۡتَابُوۡا وَجٰهَدُوۡا
بِاَمۡوَالِهِمۡ وَاَنۡفُسِهِمۡ فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ‌ؕ اُولٰٓـئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوۡنَ ﴿۱۵﴾

ایمان ابھی تمھارے دلوں میں داخل نہیں ہوا ہے۔ اگر تم اللہ اور اس کے رسُول کی فرماں برداری اختیار کرلو تو وہ تمھارے اعمال کے اجر میں کوئی کمی نہ کرے گا، یقیناً اللہ بڑا درگزر کرنے والا اور رحیم ہے۔ حقیقت میں تو مومن وہ ہیں جو اللہ اور اُس کے رسول پر ایمان لائے، پھر انھوں نے کوئی شک نہ کیا اور اپنی جانوں اور مالوں سے اللہ کی راہ میں جہاد کیا۔ وہی سچّے لوگ ہیں۔

---

اَسۡلَمَ۔ (الانعام: ۱۴) لانے والا میں ہوں۔

فَاِنۡ اَسۡلَمُوۡا فَقَدِ اهۡتَدَوۡا‌ۚ (آلِ عمران: ۲۰) پھر اگر وہ اسلام لے آئیں تو انھوں نے ہدایت پالی۔

يَحۡكُمُ بِهَا النَّبِيُّوۡنَ الَّذِيۡنَ اَسۡلَمُوۡا۔ تمام انبیاؑ جو اسلام لائے تھے، تورات کے مطابق فیصلے کرتے تھے۔ (المائدہ: ۴۴)

کیا یہاں اور اس طرح کے بیسیوں دوسرے مقامات پر اسلام قبول کرنے یا اسلام لانے کا مطلب ایمان کے بغیر اطاعت اختیار کرلینا ہے؟ اسی طرح ''مسلم'' کا لفظ بار بار جس معنٰی میں استعمال ہوا ہے، اس کے لیے نمونے کے طور پر حسبِ ذیل آیات ملاحظہ ہوں:

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ وَلَا تَمُوۡتُنَّ اِلَّا وَاَنۡتُمۡ مُّسۡلِمُوۡنَ ○ (آلِ عمران: ۱۰۲) اے لوگو جو ایمان لائے ہو، اللہ سے ڈرو جیسا اس سے ڈرنے کا حق ہے، اور تم کو موت نہ آئے مگر اس حال میں کہ تم مسلم ہو۔

هُوَ سَمّٰىكُمُ الۡمُسۡلِمِيۡنَ ۙ مِنۡ قَبۡلُ وَفِىۡ هٰذَا۔ اس نے تمھارا نام پہلے بھی مسلم رکھا تھا اور اس کتاب میں بھی۔ (الحج: ۷۸)

مَا كَانَ اِبۡرٰهِيۡمُ يَهُوۡدِيًّا وَّلَا نَصۡرَانِيًّا وَّلٰكِنۡ كَانَ حَنِيۡفًا مُّسۡلِمًا‌ؕ (آلِ عمران: ۶۷) ابراہیمؑ نہ یہودی تھا نہ نصرانی، بلکہ وہ یک سُو مسلم تھا۔

رَبَّنَا وَاجۡعَلۡنَا مُسۡلِمَيۡنِ لَكَ وَمِنۡ (تعمیرِ کعبہ کے وقت حضرت ابراہیمؑ و اسماعیلؑ کی دُعا) اے ہمارے

قُلْ اَتُعَلِّمُوْنَ اللّٰهَ بِدِيْنِكُمْ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي
الْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿١٦﴾ يَمُنُّوْنَ عَلَيْكَ اَنْ اَسْلَمُوْا ۭ
قُلْ لَّا تَمُنُّوْا عَلَيَّ اِسْلَامَكُمْ ۚ بَلِ اللّٰهُ يَمُنُّ عَلَيْكُمْ اَنْ هَدٰىكُمْ
لِلْاِيْمَانِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿١٧﴾ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿١٨﴾ ع

اے نبیؐ! اِن (مدّعیانِ ایمان) سے کہو: کیا تم اللہ کو اپنے دین کی اطلاع دے رہے ہو؟ حالانکہ اللہ زمین اور آسمانوں کی ہر چیز کو جانتا ہے اور وہ ہر شے کا علم رکھتا ہے۔ یہ لوگ تم پر احسان جتاتے ہیں کہ اِنھوں نے اسلام قبول کر لیا۔ اِن سے کہو: اپنے اسلام کا احسان مجھ پر نہ رکھو، بلکہ اللہ تم پر اپنا احسان رکھتا ہے کہ اس نے تمھیں ایمان کی ہِدایت دی، اگر تم واقعی اپنے دعوائے ایمان میں سچّے ہو۔ اللہ زمین اور آسمانوں کی ہر پوشیدہ چیز کا علم رکھتا ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو، وہ سب اس کی نگاہ میں ہے۔ ع

| | |
|---|---|
| ذُرِّيَّتِنَآ اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ ۠ (البقرہ:۱۲۸) | رب! اور ہم دونوں کو اپنا مسلم بنا اور ہماری نسل سے ایک ایسی اُمّت پیدا کر جو تیری مُسلم ہو۔ |
| يٰبَنِيَّ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى لَكُمُ الدِّيْنَ فَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ۭ (البقرہ:۱۳۲) | (حضرت یعقوبؑ کی وصیت اپنی اولاد کو) اے میرے بچّو! اللہ نے تمھارے لیے یہی دین پسند کیا ہے۔ پس تم کو موت نہ آئے مگر اس حال میں کہ تم مُسلم ہو۔ |

ان آیات کو پڑھ کر آخر کون یہ خیال کر سکتا ہے کہ ان میں مُسلم سے مراد وہ شخص ہے جو دل سے نہ مانے، بس ظاہری طور پر اسلام قبول کر لے؟ اس لیے یہ دعویٰ کرنا قطعی غلط ہے کہ قرآن کی اصطلاح میں اسلام سے مراد اطاعت بلا ایمان ہے، اور مسلم قرآن کی زبان میں محض بظاہر اسلام قبول کر لینے والے کو کہتے ہیں۔ اِسی طرح یہ دعویٰ کرنا بھی غلط ہے کہ ایمان اور مومن کے الفاظ قرآنِ مجید میں لازماً سچّے دل سے ماننے ہی کے معنیٰ میں استعمال ہوئے ہیں۔ بلاشبہ اکثر مقامات پر یہ الفاظ اسی مفہوم کے لیے آئے ہیں، لیکن بکثرت مقامات ایسے بھی ہیں جہاں یہ الفاظ ظاہری اقرارِ ایمان کے

لیے بھی استعمال کیے گئے ہیں، اور یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کہہ کر اُن سب لوگوں کو خطاب کیا گیا ہے جو زبانی اقرار کر کے مسلمانوں کے گروہ میں شامل ہوئے ہوں، قطعِ نظر اس سے کہ وہ سچے مومن ہوں، یا ضعیف الایمان، یا محض منافق۔ اس کی بہت سی مثالوں میں سے صرف چند کے لیے مُلاحظہ ہو: آلِ عمران، آیت ۱۵۶، النساء: ۱۳۶، المائدہ: ۵۴، الاَنفال: ۲۰-۲۷، التوبہ: ۳۸، الحدید: ۲۸، الصّف: ۲۔

---

# تفہیم القرآن

# قٓ

(۵۰)

# قٓ

**نام** آغاز ہی کے حرف ''ق'' سے ماخوذ ہے۔ مطلب یہ ہے کہ وہ سورت جس کا افتتاح حرفِ ''ق'' سے ہوتا ہے۔

**زمانۂ نزُول** کسی معتبر رِوایت سے یہ پتا نہیں چلتا کہ یہ ٹھیک کس زمانے میں نازل ہوئی ہے، مگر مضامین پر غور کرنے سے محسوس ہوتا ہے کہ اِس کا زمانۂ نزُول مکۂ معظّمہ کا دوسرا دَور ہے، جو نبوت کے تیسرے سال سے شروع ہو کر پانچویں سال تک رہا۔ اس دَور کی خُصوصیات ہم سورۂ اَنعام کے دیباچے میں بیان کر چکے ہیں۔ اُن خصوصیات کے لحاظ سے اندازے سے یہ قیاس کیا جا سکتا ہے کہ یہ سورت پانچویں سال میں نازل ہوئی ہوگی جب کہ کفّار کی مُخالفت اچھی خاصی شدّت اختیار کر چکی تھی، مگر ابھی ظلم وستم کا آغاز نہیں ہوا تھا۔

**موضوع اور مَباحِث** معتبر رِوایات سے معلوم ہوتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اکثر عیدین کی نمازوں میں اس سورت کی تلاوت فرمایا کرتے تھے۔ ایک خاتون اُمِّ ہِشامؓ بنتِ حارثہ، جو حضورؐ کی پڑوسن تھیں، بیان کرتی ہیں کہ مجھے سورۂ ق یاد ہی اس طرح ہوئی کہ میں جمعے کے خطبوں میں اکثر آپؐ کی زبانِ مبارک سے اس کو سنتی تھی۔ بعض اور رِوایات میں آیا ہے کہ فجر کی نماز میں بھی آپؐ بکثرت اس کو پڑھا کرتے تھے۔ اس سے یہ بات واضح ہے کہ حضورؐ کی نگاہ میں یہ ایک بڑی اہم سورت تھی، اس لیے آپؐ زیادہ سے زیادہ لوگوں تک بار بار اس کے مضامین پہنچانے کا اہتمام فرماتے تھے۔

اس اہمیت کی وجہ سورت کو بغور پڑھنے سے بآسانی سمجھ میں آ جاتی ہے۔ پوری سورت کا موضوع آخرت ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب مکۂ معظّمہ میں اپنی دعوت کا آغاز کیا تو لوگوں کو سب سے زیادہ اچنبھا آپؐ کی جس بات پر ہوا، وہ یہ تھی کہ مرنے کے بعد انسان دوبارہ اٹھائے جائیں گے اور ان کو اپنے اعمال کا حساب دینا ہوگا۔ لوگ کہتے تھے کہ یہ تو بالکل اَنہونی بات ہے، عقل باور نہیں کرتی کہ ایسا ہو سکتا ہے، آخر یہ کیسے ممکن ہے کہ جب ہمارا ذرہ ذرہ زمین میں منتشر ہو چکا ہو تو ان پراگندہ اجزا کو ہزار ہا برس گزرنے کے بعد پھر سے اکٹھا کر کے ہمارا یہی جسم ازسرِنو بنا دیا جائے اور ہم زندہ ہو کر اُٹھ کھڑے ہوں؟ اس کے جواب میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ تقریر نازل ہوئی۔ اس میں بڑے مختصر طریقے سے چھوٹے چھوٹے فقروں میں ایک طرف آخرت کے امکان اور اس کے وقوع پر دلائل دیے گئے ہیں، اور دوسری طرف لوگوں کو خبردار کیا گیا ہے کہ تم خواہ تعجب کرو، یا بعید از عقل سمجھو، یا جھٹلاؤ، بہرحال اس سے حقیقت

نہیں بدل سکتی۔ حقیقت، اور قطعی اٹل حقیقت یہ ہے کہ تمھارے جسم کا ایک ایک ذرّہ جو زمین میں منتشر ہوتا ہے، اُس کے متعلق اللہ کو معلوم ہے کہ وہ کہاں گیا ہے اور کس حال میں کس جگہ موجود ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ایک اشارہ اِس کے لیے کافی ہے کہ یہ تمام منتشر ذرّات پھر جمع ہو جائیں اور تم کو اُسی طرح دوبارہ بنا کھڑا کیا جائے جیسے پہلے بنایا گیا تھا۔ اِسی طرح تمھارا یہ خیال کہ تم یہاں شُترِ بے مہار بنا کر چھوڑ دیے گئے ہو اور کسی کے سامنے تمھیں جواب دہی نہیں کرنی ہے، ایک غلط فہمی کے سوا کچھ نہیں ہے۔

امرِ واقعہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ براہِ راست خود بھی تمھارے ہر قول و فعل سے، بلکہ تمھارے دل میں گزرنے والے خیالات تک سے واقف ہے، اور اس کے فرشتے بھی تم میں سے ہر شخص کے ساتھ لگے ہوئے تمام حرکات و سکنات کا ریکارڈ محفوظ کر رہے ہیں۔ جب وقت آئے گا تو ایک پُکار پر تم بالکل اُسی طرح نکل کھڑے ہو گے جس طرح بارش کا ایک چھینٹا پڑتے ہی زمین سے نباتات کی کونپلیں پھوٹ نکلتی ہیں۔ اُس وقت یہ غفلت کا پردہ جو آج تمھاری عقل پر پڑا ہوا ہے، تمھارے سامنے سے ہٹ جائے گا اور تم اپنی آنکھوں سے وہ سب کچھ دیکھ لو گے جس کا آج انکار کر رہے ہو۔ اُس وقت تمھیں معلوم ہو جائے گا کہ تم دنیا میں غیر ذمہ دار نہیں تھے بلکہ ذمہ دار اور جواب دِہ تھے۔ جزا و سزا، عذاب و ثواب اور جنّت و دوزخ جنھیں آج فسانۂ عجائب سمجھ رہے ہو، اُس وقت یہ ساری چیزیں تمھاری مشہود حقیقتیں ہوں گی۔ حق سے عناد کی پاداش میں اُسی جہنّم کے اندر پھینکے جاؤ گے جسے آج عقل سے بعید سمجھتے ہو، اور خدائے رحمٰن سے ڈر کر راہِ راست کی طرف پلٹ آنے والے تمھاری آنکھوں کے سامنے اُسی جنّت میں جائیں گے جس کا ذکر سُن کر آج تمھیں تعجب ہو رہا ہے۔

---

۴۵ آیاتہا

سورۃ ق مکیۃ

۳ رکوعاتہا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قٓ ۚ وَ الْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ ۚ﴿۱﴾ بَلْ عَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ
فَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا شَیْءٌ عَجِیْبٌ ۚ﴿۲﴾ ءَاِذَا مِتْنَا وَ كُنَّا
تُرَابًا ۚ ذٰلِكَ رَجْعٌۢ بَعِیْدٌ ﴿۳﴾ قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنْقُصُ الْاَرْضُ

---

ق، قسم ہے قرآنِ مجیدؔ[1] کی ـــــ بلکہ اِن لوگوں کو تعجّب اس بات پر ہوا کہ ایک خبردار کرنے والا خود اِنھی میں سے اِن کے پاس آگیا۔[2] پھر منکرین کہنے لگے: ''یہ تو عجیب بات ہے، کیا جب ہم مرجائیں گے اور خاک ہو جائیں گے (تو دوبارہ اُٹھائے جائیں گے)؟ یہ واپسی تو عقل سے بعید[3] ہے۔'' (حالانکہ) زمین ان کے جسم میں سے جو کچھ کھاتی ہے، وہ سب ہمارے

---

۱ـ ''مجید'' کا لفظ عربی زبان میں دو معنوں کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ ایک، بلند مرتبہ، باعظمت، بزرگ اور صاحب عزت وشرف۔ دوسرے، کریم، کثیر العطا، بہت نفع پہنچانے والا۔ قرآن کے لیے یہ لفظ اِن دونوں معنوں میں استعمال فرمایا گیا ہے۔ قرآن اِس لحاظ سے عظیم ہے کہ دنیا کی کوئی کتاب اُس کے مقابلے میں نہیں لائی جا سکتی۔ اپنی زبان اور ادب کے لحاظ سے بھی وہ معجزہ ہے، اور اپنی تعلیم اور حکمت کے لحاظ سے بھی معجزہ۔ جس وقت وہ نازل ہوا تھا، اُس وقت بھی انسان اس کے مانند کلام بنا کر لانے سے عاجز تھے اور آج بھی عاجز ہیں۔ اس کی کوئی بات کبھی کسی زمانے میں غلط ثابت نہیں کی جا سکی ہے نہ کی جا سکتی ہے۔ باطل نہ سامنے سے اس کا مقابلہ کر سکتا ہے، نہ پیچھے سے حملہ آور ہو کر اسے شکست دے سکتا ہے۔ اور اس لحاظ سے وہ کریم ہے کہ انسان جس قدر زیادہ اس سے رہنمائی حاصل کرنے کی کوشش کرے اسی قدر زیادہ وہ اس کو رہنمائی دیتا ہے، اور جتنی زیادہ اُس کی پیروی کرے اتنی ہی زیادہ اسے دنیا اور آخرت کی بھلائیاں حاصل ہوتی چلی جاتی ہیں۔ اُس کے فوائد ومنافع کی کوئی حد نہیں ہے جہاں جا کر انسان اس سے بے نیاز ہو سکتا ہو، یا جہاں پہنچ کر اس کی نفع بخشی ختم ہو جاتی ہو۔

۲ـ یہ فقرہ بلاغت کا بہترین نمونہ ہے جس میں ایک بہت بڑے مضمون کو چند مختصر الفاظ میں سمو دیا گیا ہے۔ قرآن کی قسم جس بات پر کھائی گئی ہے اُسے بیان نہیں کیا گیا۔ اس کا ذکر کرنے کے بجائے بیچ میں ایک لطیف خلا چھوڑ کر آگے کی بات ''بلکہ'' سے شروع کر دی گئی ہے۔ آدمی ذرا غور کرے اور اُس پسِ منظر کو بھی نگاہ میں رکھے جس میں

---

مِنۡهُمۡ ۚ وَعِنۡدَنَا كِتٰبٌ حَفِيۡظٌ ۝۴ بَلۡ كَذَّبُوۡا بِالۡحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمۡ

علم میں ہے اور ہمارے پاس ایک کتاب ہے جس میں سب کچھ محفوظ ہے۔[۴]

بلکہ اِن لوگوں نے تو جس وقت حق اِن کے پاس آیا، اُسی وقت اُسے صاف جھٹلا دیا۔

یہ بات فرمائی گئی ہے تو اسے معلوم ہو جاتا ہے کہ قسم اور بلکہ کے درمیان جو خلا چھوڑ دیا گیا ہے، اس کا مضمون کیا ہے۔ اس میں دراصل قسم جس بات پر کھائی گئی ہے، وہ یہ ہے کہ ”اہلِ مکّہ نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کو ماننے سے کسی معقول بنیاد پر انکار نہیں کیا ہے، بلکہ اِس سراسر غیر معقول بنیاد پر کیا ہے کہ ان کی اپنی ہی جنس کے ایک بشر، اور ان کی اپنی ہی قوم کے ایک فرد کا خدا کی طرف سے خبردار کرنے والا بن کر آ جانا اُن کے نزدیک سخت قابلِ تعجب بات ہے۔ حالانکہ تعجب کے قابل بات اگر ہوسکتی تھی تو وہ یہ تھی کہ خدا اپنے بندوں کی بھلائی اور بُرائی سے بے پروا ہو کر انھیں خبردار کرنے کا کوئی انتظام نہ کرتا، یا انسانوں کو خبردار کرنے کے لیے کسی غیر انسان کو بھیجتا، یا عربوں کو خبردار کرنے کے لیے کسی چینی کو بھیج دیتا۔ اس لیے انکار کی یہ بنیاد تو قطعی نامعقول ہے، اور ایک صاحبِ عقلِ سلیم یقیناً یہ ماننے پر مجبُور ہے کہ خدا کی طرف سے بندوں کو خبردار کرنے کا انتظام ضرور ہونا چاہیے اور اِسی شکل میں ہونا چاہیے کہ خبردار کرنے والا خود اُنھی لوگوں میں سے کوئی شخص ہو جن کے درمیان وہ بھیجا گیا ہو۔“ اب رہ جاتا ہے یہ سوال کہ آیا محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہی وہ شخص ہیں جنھیں خدا نے اِس کام کے لیے بھیجا ہے، تو اس کا فیصلہ کرنے کے لیے کسی اور شہادت کی حاجت نہیں، یہ عظیم و کریم قرآن، جسے وہ پیش کر رہے ہیں، اس بات کا ثبوت دینے کے لیے بالکل کافی ہے۔

اِس تشریح سے معلوم ہو جاتا ہے کہ اس آیت میں قرآن کی قسم اِس بات پر کھائی گئی ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم واقعی اللہ کے رسول ہیں اور ان کی رسالت پر کفّار کا تعجب بے جا ہے۔ اور قرآن کے ”مجید“ ہونے کو اِس دعوے کے ثبوت میں پیش کیا گیا ہے۔

۳ – یہ ان لوگوں کا دوسرا تعجب تھا۔ پہلا اور اصل تعجب زندگی بعدِ موت پر نہ تھا، بلکہ اس پر تھا کہ انھی کی جنس اور قوم کے ایک فرد نے اُٹھ کر دعویٰ کیا تھا کہ مَیں خدا کی طرف سے تمھیں خبردار کرنے کے لیے آیا ہوں۔ اس کے بعد مزید تعجب انھیں اِس پر ہوا کہ وہ شخص انھیں جس چیز سے خبردار کر رہا تھا، وہ یہ تھی کہ تمام انسان مرنے کے بعد از سرِ نَو زندہ کیے جائیں گے، اور ان سب کو اکٹھا کر کے اللہ کی عدالت میں پیش کیا جائے گا، اور وہاں ان کے اعمال کا محاسبہ کرنے کے بعد جزا اور سزا دی جائے گی۔

۴ – یعنی یہ بات اگر اِن لوگوں کی عقل میں نہیں سماتی تو یہ اِن کی اپنی ہی عقل کی تنگی ہے۔ اِس سے یہ تو لازم نہیں آتا کہ اللہ کا علم اور اُس کی قدرت بھی تنگ ہو جائے۔ یہ سمجھتے ہیں کہ ابتدائے آفرینش سے قیامت تک مرنے والے بے شمار انسانوں کے جسم کے اجزا، جو زمین میں بکھر چکے ہیں اور آیندہ بکھرتے چلے جائیں گے، ان کو جمع کرنا کسی طرح

فَهُمْ فِيْۤ اَمْرٍ مَّرِيْجٍ ۞ ۵ اَفَلَمْ يَنْظُرُوْۤا اِلَى السَّمَآءِ فَوْقَهُمْ كَيْفَ
بَنَيْنٰهَا وَ زَيَّنّٰهَا وَ مَا لَهَا مِنْ فُرُوْجٍ ۞ ۶ وَ الْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا

اِسی وجہ سے اب یہ اُلجھن میں پڑے ہوئے ہیں۔[5]

اچھا،[6] تو کیا اِنھوں نے کبھی اپنے اوپر آسمان کی طرف نہیں دیکھا؟ کس طرح ہم نے اسے بنایا اور آراستہ کیا،[7] اور اس میں کہیں کوئی رخنہ نہیں ہے۔[8] اور زمین کو ہم نے بچھایا اور اس میں

ممکن نہیں ہے۔ لیکن واقعہ یہ ہے کہ اُن میں سے ہر ہر جُز جس شکل میں جہاں بھی ہے، اللہ تعالیٰ براہِ راست اس کو جانتا ہے، اور مزید برآں اس کا پُورا ریکارڈ اللہ کے دفتر میں محفوظ کیا جا رہا ہے، جس سے کوئی ایک ذرہ بھی چھُوٹا ہُوا نہیں ہے۔ جس وقت اللہ کا حکم ہوگا اسی وقت آناً فاناً اُس کے فرشتے اِس ریکارڈ کی طرف رُجوع کر کے ایک ایک ذرّے کو نکال لائیں گے اور تمام انسانوں کے وہی جسم پھر بنا دیں گے جن میں رہ کر انھوں نے دنیا کی زندگی میں کام کیا تھا۔

یہ آیت بھی من جُملہ اُن آیات کے ہے جن میں اس بات کی صراحت کی گئی ہے کہ آخرت کی زندگی نہ صرف یہ کہ ویسی ہی جسمانی زندگی ہوگی جیسی اِس دنیا میں ہے، بلکہ جسم بھی ہر شخص کا وہی ہوگا جو اِس دنیا میں تھا۔ اگر حقیقت یہ نہ ہوتی تو کفار کی بات کے جواب میں یہ کہنا بالکل بے معنی تھا کہ زمین تمہارے جسم میں سے جو کچھ کھاتی ہے، وہ سب ہمارے علم میں ہے اور ذرہ ذرہ کا ریکارڈ موجود ہے۔ (مزید تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد چہارم، تفسیر سورۂ حٰم السجدہ، حاشیہ ۲۵)

۵- اس مختصر سے فقرے میں بھی ایک بہت بڑا مضمون بیان کیا گیا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اِن لوگوں نے صرف تعجب کرنے اور بعید از عقل ٹھیرانے پر ہی اکتفا نہ کیا، بلکہ جس وقت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی دعوتِ حق پیش کی، اُسی وقت بلا تأمّل اُسے قطعی جھوٹ قرار دے دیا۔ اس کا نتیجہ لازماً یہ ہونا تھا اور یہی ہوا کہ اِنھیں اِس دعوت اور اس کے پیش کرنے والے رسولؐ کے معاملے میں کسی ایک مَوقِف پر قرار نہیں ہے۔ کبھی اُس کو شاعر کہتے ہیں تو کبھی کاہن اور کبھی مجنون۔ کبھی کہتے ہیں کہ یہ جادُوگر ہے، اور کبھی کہتے ہیں کہ کسی نے اِس پر جادُو کر دیا ہے۔ کبھی کہتے ہیں کہ یہ اپنی بڑائی قائم کرنے کے لیے خود یہ چیز بنا لایا ہے، اور کبھی یہ الزام تراشتے ہیں کہ اِس کے پسِ پُشت کچھ دوسرے لوگ ہیں جو یہ کلام گھڑ گھڑ کر اسے دیتے ہیں۔ یہ متضاد باتیں خود ظاہر کرتی ہیں کہ یہ لوگ اپنے مَوقِف میں بالکل اُلجھ کر رہ گئے ہیں۔ اِس اُلجھن میں یہ ہرگز نہ پڑتے اگر جلد بازی کر کے نبی کو پہلے ہی قدم پر جھٹلا نہ دیتے، اور بلا فکر و تأمّل ایک پیشگی فیصلہ صادر کر دینے سے پہلے سنجیدگی کے ساتھ غور کرتے کہ یہ دعوت کون پیش کر رہا ہے، کیا بات کہہ رہا ہے، اور اس کے لیے دلیل کیا دے رہا ہے۔ ظاہر ہے کہ وہ شخص اِن کے لیے اجنبی نہ تھا۔ کہیں سے اچانک اِن کے درمیان نہ آ کھڑا ہوا تھا۔ اِن کی اپنی ہی قوم کا فرد تھا۔ اِن کا اپنا دیکھا بھالا آدمی تھا۔ یہ اُس کی سیرت و کردار اور اُس کی قابلیت سے ناواقف نہ تھے۔ ایسے آدمی کی طرف سے جب

ایک بات پیش کی گئی تھی تو چاہے اسے فوراً قبول نہ کر لیا جاتا، مگر وہ اِس کی مستحق بھی تو نہ تھی کہ سنتے ہی اسے رَدّ کر دیا جاتا۔ پھر وہ بات بے دلیل بھی نہ تھی۔ وہ اس کے لیے دلائل پیش کر رہا تھا۔ چاہیے تھا کہ اس کے دلائل کھلے کانوں سے سُنے جاتے اور تعصُّب کے بغیر ان کو جانچ کر دیکھا جاتا کہ وہ کہاں تک معقول ہیں۔ لیکن یہ رَوش اختیار کرنے کے بجائے جب اِن لوگوں نے ضد میں آ کر ابتدا ہی میں اُسے جُھٹلا دیا تو اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ایک حقیقت تک پہنچنے کا دروازہ تو اِنھوں نے اپنے لیے خود بند کر لیا اور ہر طرف بھٹکتے پھرنے کے بہت سے راستے کھول لیے۔ اب یہ اپنی ابتدائی غَلَطی کو نباہنے کے لیے دس متضاد باتیں تو بنا سکتے ہیں مگر اِس ایک بات کو سوچنے کے لیے بھی تیار نہیں ہیں کہ نبی سچّا بھی ہو سکتا ہے اور اس کی پیش کردہ بات حقیقت بھی ہو سکتی ہے۔

۶ – اوپر کی پانچ آیتوں میں کفارِ مکّہ کے مَوقِف کی نامعقولیت واضح کرنے کے بعد اب بتایا جا رہا ہے کہ آخرت کی جو خبر محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے دی ہے اس کی صحت کے دلائل کیا ہیں۔ اس مقام پر یہ بات اچھی طرح سمجھ لینی چاہیے کہ کفار جن دو باتوں پر تعجب کا اظہار کر رہے تھے، ان میں سے ایک، یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کے برحق ہونے کی دو دلیلیں ابتدا ہی میں دی جا چکی ہیں۔ اوّل یہ کہ وہ تمھارے سامنے قرآنِ مجید پیش کر رہے ہیں جو اُن کے نبی ہونے کا کُھلا ہُوا ثبوت ہے۔ دوم یہ کہ وہ تمھاری اپنی ہی جنس اور قوم اور برادری کے آدمی ہیں۔ اچانک آسمان سے یا کسی دوسری سرزمین سے نہیں آ گئے ہیں کہ تمھارے لیے ان کی زندگی اور سیرت و کردار کو جانچ کر یہ تحقیق کرنا مشکل ہو کہ وہ قابلِ اعتماد آدمی ہیں یا نہیں، اور یہ قرآن اُن کا اپنا گھڑا ہوا کلام ہو بھی سکتا ہے یا نہیں، اس لیے اُن کے دعوائے نبوت پر تمھارا تعجب بے جا ہے۔ یہ اِستِدلال تفصیل کے ساتھ پیش کرنے کے بجائے دو مختصر اشاروں کی شکل میں بیان کیا گیا ہے، کیونکہ جس زمانے میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم خود مکّہ میں کھڑے ہو کر اُن لوگوں کو قرآن سُنا رہے تھے، جو بچپن سے جوانی اور اَدھیڑ عمر تک آپؐ کی ساری زندگی دیکھے ہوئے تھے، اُس وقت اِن اشاروں کی پُوری تفصیل ماحول کے ہر شخص پر آپ ہی واضح تھی۔ اس لیے اس کو چھوڑ کر اب تفصیلی اِستِدلال اُس دوسری بات کی صداقت پر کیا جا رہا ہے جس کو وہ لوگ عجیب اور عقل سے بعید کہہ رہے تھے۔

۷ – یہاں آسمان سے مراد وہ پُورا عالَمِ بالا ہے جسے انسان شب و روز اپنے اُوپر چھایا ہوا دیکھتا ہے۔ جس میں دن کو سورج چمکتا ہے اور رات کو چاند اور بے حد و حساب تارے روشن نظر آتے ہیں۔ جسے آدمی بَرَہنہ آنکھ ہی سے دیکھے تو حیرت طاری ہو جاتی ہے، لیکن اگر دُوربین لگا لے تو ایک ایسی وسیع و عریض کائنات اُس کے سامنے آتی ہے جو ناپیدا کنار ہے، کہیں سے شروع ہو کر کہیں ختم ہوتی نظر نہیں آتی۔ ہماری زمین سے لاکھوں گُنے بڑے عظیم الشان سیّارے اس کے اندر گیندوں کی طرح گھوم رہے ہیں۔ ہمارے سورج سے ہزاروں درجے زیادہ روشن تارے اس میں چمک رہے ہیں۔ ہمارا یہ پُورا نظامِ شمسی اس کی صرف ایک کہکشاں (galaxy) کے ایک کونے میں پڑا ہوا ہے۔ تنہا اِسی ایک کہکشاں میں ہمارے سورج جیسے کم از کم ۳ ارب دوسرے تارے (ثوابت) موجود ہیں، اور اب تک کا انسانی مشاہدہ ایسی ایسی دس لاکھ کہکشانوں کا پتا دے رہا ہے۔ اِن لاکھوں کہکشانوں میں سے ہماری قریب ترین ہمسایہ کہکشاں اتنے فاصلے پر واقع ہے کہ اس کی

وَ اَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ وَ اَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍۢ بَهِيْجٍ ﴿۷﴾

پہاڑ جمائے اور اُس کے اندر ہر طرح کی خوش منظر نباتات اُگا دیں۔[9] یہ ساری چیزیں

روشنی ایک لاکھ ۸۶ ہزار میل فی سیکنڈ کی رفتار سے چل کر دس لاکھ سال میں زمین تک پہنچتی ہے۔ یہ تو کائنات کے صرف اُس حصے کی وسعت کا حال ہے جو اَب تک انسان کے علم اور اس کے مشاہدے میں آئی ہے۔ خدا کی خدائی کس قدر وسیع ہے، اِس کا کوئی اندازہ ہم نہیں کر سکتے۔ ہو سکتا ہے کہ انسان کی معلوم کائنات اُس پوری کائنات کے مقابلے میں وہ نسبت بھی نہ رکھتی ہو جو قطرے کو سمندر سے ہے۔ اِس عظیم کارگاہِ ہَستی و بُود کو جو خدا وجود میں لایا ہے، اس کے بارے میں زمین پر رینگنے والا یہ چھوٹا سا حیوانِ ناطق، جس کا نام انسان ہے، اگر یہ حکم لگائے کہ وہ اِسے مرنے کے بعد دوبارہ پیدا نہیں کر سکتا، تو یہ اِس کی اپنی ہی عقل کی تنگی ہے۔ کائنات کے خالق کی قدرت اس سے کیسے تنگ ہو جائے گی!

۸ – یعنی اپنی اس حیرت انگیز وسعت کے باوجود یہ عظیم الشان نظامِ کائنات ایسا مسلسل اور مستحکم ہے اور اس کی بندش اِتنی چُست ہے کہ اس میں کسی جگہ کوئی دراڑ یا شگاف نہیں ہے، اور اِس کا تسلسل کہیں جا کر ٹوٹ نہیں جاتا۔ اس چیز کو ایک مثال سے اچھی طرح سمجھا جا سکتا ہے۔ جدید زمانے کے ریڈیائی ہیئت دانوں نے ایک کہکشانی نظام کا مشاہدہ کیا ہے جسے وہ منبع ۳ ج ۲۹۵ (Source 3c 295) کے نام سے تعبیر کرتے ہیں۔ اس کے متعلق ان کا اندازہ یہ ہے کہ اس کی جو شعاعیں اب ہم تک پہنچ رہی ہیں، وہ ۴ ارب سال سے بھی زیادہ مدت پہلے اس میں سے روانہ ہوئی ہوں گی۔ اس بعید ترین فاصلے سے اِن شعاعوں کا زمین تک پہنچنا آخر کیسے ممکن ہوتا اگر زمین اور اُس کہکشاں کے درمیان کائنات کا تسلسل کسی جگہ سے ٹوٹا ہوا ہوتا اور اس کی بندش میں کہیں شگاف پڑا ہوا ہوتا۔ اللہ تعالیٰ اِس حقیقت کی طرف اشارہ کر کے دراصل یہ سوال آدمی کے سامنے پیش کرتا ہے کہ میری کائنات کے اِس نظام میں جب تم ایک ذرا سے رخنے کی نشان دہی بھی نہیں کر سکتے تو میری قدرت میں اس کمزوری کا تصور کہاں سے تمھارے دماغ میں آ گیا کہ تمھاری مہلتِ امتحان ختم ہو جانے کے بعد تم سے حساب لینے کے لیے میں تمھیں پھر زندہ کر کے اپنے سامنے حاضر کرنا چاہوں تو نہ کر سکوں گا۔

یہ صرف امکانِ آخرت ہی کا ثبوت نہیں ہے بلکہ توحید کا ثبوت بھی ہے۔ چار ارب سال نوری (light years) کی مَسافت سے اِن شعاعوں کا زمین تک پہنچنا، اور یہاں انسان کے بنائے ہوئے آلات کی گرفت میں آنا صریحاً اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ اُس کہکشاں سے لے کر زمین تک کی پُوری دنیا مسلسل ایک ہی مادّے سے بنی ہوئی ہے، ایک ہی طرح کی قوتیں اس میں کار فرما ہیں، اور کسی فرق و تفاوُت کے بغیر وہ سب ایک ہی طرح کے قوانین پر کام کر رہی ہیں۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو یہ شعاعیں نہ یہاں تک پہنچ سکتی تھیں اور نہ اُن آلات کی گرفت میں آ سکتی تھیں جو انسان نے زمین اور اُس کے ماحول میں کام کرنے والے قوانین کا فہم حاصل کر کے بنائے ہیں۔ اِس سے ثابت ہوتا ہے کہ ایک ہی خدا اِس پُوری کائنات کا خالق و مالک اور حاکم و مدبّر ہے۔

۹ – تشریح کے لیے ملاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد دوم، النحل، حواشی ۱۲-۱۳-۱۴۔ جلد سوم، النمل، حواشی ۷۳-۷۴۔

تَبْصِرَةً وَّ ذِكْرٰى لِكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ ﴿٨﴾ وَنَزَّلْنَا مِنَ
السَّمَآءِ مَآءً مُّبٰرَكًا فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ جَنّٰتٍ وَّحَبَّ الْحَصِيْدِ ﴿٩﴾
وَالنَّخْلَ بٰسِقٰتٍ لَّهَا طَلْعٌ نَّضِيْدٌ ﴿١٠﴾ رِّزْقًا لِّلْعِبَادِ
وَاَحْيَيْنَا بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا كَذٰلِكَ الْخُرُوْجُ ﴿١١﴾

آنکھیں کھولنے والی اور سبق دینے والی ہیں ہر اُس بندے کے لیے جو (حق کی طرف) رُجوع کرنے والا ہو۔ اور آسمان سے ہم نے برکت والا پانی نازل کیا، پھر اس سے باغ اور فصل کے غلّے اور بلند و بالا کھجور کے درخت پیدا کر دیے جن پر پھلوں سے لدے ہوئے خوشے تہ بر تہ لگتے ہیں۔ یہ انتظام ہے بندوں کو رزق دینے کا۔ اِس پانی سے ہم ایک مُردہ زمین کو زندگی بخش دیتے ہیں۔[10] (مرے ہوئے انسانوں کا زمین سے) نکلنا بھی اِسی طرح[11] ہوگا۔

جلد چہارم، الزُّخرُف، حاشیہ ۷۔

۱۰- تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد سوم، النمل، حواشی ۷۳-۷۴-۸۱، الروم، حواشی ۲۵-۳۳-۳۵۔ جلد چہارم، یٰسٓ، حاشیہ ۲۹۔

۱۱- اِستدلال یہ ہے کہ جس خدا نے زمین کے اِس کُرے کو زندہ مخلوقات کی سُکونت کے لیے موزوں مقام بنایا، اور جس نے زمین کی بے جان مٹی کو آسمان کے بے جان پانی کے ساتھ ملا کر اتنی اعلیٰ درجے کی نباتی زندگی پیدا کر دی جسے تم اپنے باغوں اور کھیتوں کی شکل میں لہلہاتے دیکھ رہے ہو، اور جس نے اِس نباتات کو انسان و حیوان سب کے لیے رزق کا ذریعہ بنا دیا، اُس کے متعلق تمہارا یہ گمان کہ وہ تمھیں مرنے کے بعد دوبارہ پیدا کرنے پر قادر نہیں ہے، سراسر بے عقلی کا گمان ہے۔ تم اپنی آنکھوں سے آئے دن دیکھتے ہو کہ ایک علاقہ بالکل خشک اور بے جان پڑا ہوا ہے۔ بارش کا ایک چھینٹا پڑتے ہی اس کے اندر سے یکایک زندگی کے چشمے پھوٹ نکلتے ہیں، مدّتوں کی مری ہوئی جڑیں یک لخت جی اُٹھتی ہیں، اور طرح طرح کے حشرات الارض زمین کی تہوں سے نکل کر اچھل کُود شروع کر دیتے ہیں۔ یہ اس بات کا کُھلا ہوا ثبوت ہے کہ موت کے بعد دوبارہ زندگی ناممکن نہیں ہے۔ اپنے اِس صریح مشاہدے کو جب تم نہیں جُھٹلا سکتے، تو اس بات کو کیسے جھٹلاتے ہو کہ جب خدا چاہے گا، تم خود بھی اُسی طرح زمین سے نکل آؤ گے جس طرح نباتات کی کونپلیں نکل آتی ہیں۔ اس سلسلے میں یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ عرب کی سرزمین میں بہت سے علاقے ایسے ہیں جہاں بسا اوقات پانچ پانچ برس بارش نہیں ہوتی، بلکہ کبھی کبھی اس سے بھی زیادہ مدّت گزر جاتی ہے اور آسمان سے ایک قطرہ تک نہیں ٹپکتا۔ اتنے طویل زمانے

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّ اَصْحٰبُ الرَّسِّ وَ ثَمُوْدُ ۙ﴿۱۲﴾
وَ عَادٌ وَّ فِرْعَوْنُ وَ اِخْوَانُ لُوْطٍ ۙ﴿۱۳﴾ وَّ اَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ
وَ قَوْمُ تُبَّعٍ ؕ كُلٌّ كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ وَعِيْدِ ﴿۱۴﴾ اَفَعَيِيْنَا
بِالْخَلْقِ الْاَوَّلِ ؕ بَلْ هُمْ فِيْ لَبْسٍ مِّنْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ﴿۱۵﴾ ع

ع ۵ ۱۵

اِن سے پہلے نوحؑ کی قوم، اور اصحاب الرَّسّ[12]، اور ثمود، اور عاد، اور فرعون[13]، اور لُوط کے بھائی، اور اَیکہ والے، اور تُبَّع کی قوم[14] کے لوگ بھی جُھٹلا چکے ہیں[15]۔ ہر ایک نے رسولوں کو جھٹلایا[16]، اور آخر کار میری وعید اُن پر چسپاں ہو گئی[17]۔

کیا پہلی بار کی تخلیق سے ہم عاجز تھے؟ مگر ایک نئی تخلیق کی طرف سے یہ لوگ شک میں پڑے ہوئے ہیں[18]۔ ع

تک تپتے ہوئے ریگستانوں میں گھاس کی جڑوں اور حشرات الارض کا زندہ رہنا قابلِ تصوّر نہیں ہے۔ اس کے باوجود جب وہاں کسی وقت تھوڑی سی بارش بھی ہو جاتی ہے تو گھاس نکل آتی ہے اور حشرات الارض جی اُٹھتے ہیں۔ اس لیے عرب کے لوگ اِس اِستدلال کو اُن لوگوں کی بہ نسبت زیادہ اچھی طرح سمجھ سکتے ہیں جنھیں اتنی طویل خشک سالی کا تجربہ نہیں ہوتا۔

۱۲ – اس سے پہلے سُورۂ فرقان، آیت ۳۸ میں اصحاب الرَّسّ کا ذکر گزر چکا ہے، اور دوسری مرتبہ اب یہاں ان کا ذکر ہو رہا ہے۔ مگر دونوں جگہ انبیاؑ کو جھٹلانے والی قوموں کے سلسلے میں صرف ان کا نام ہی لیا گیا ہے، کوئی تفصیل ان کے قصّے کی بیان نہیں کی گئی ہے۔ عرب کی رِوایات میں الرَّسّ کے نام سے دو مقام معروف ہیں۔ ایک نجد میں، دوسرا شمالی حجاز میں۔ ان میں نجد کا الرَّسّ زیادہ مشہور ہے اور اشعارِ جاہلیّت میں زیادہ تر اُسی کا ذکر ملتا ہے۔ اب یہ تعیُّن کرنا مشکل ہے کہ اصحاب الرَّسّ اِن دونوں میں سے کس جگہ کے رہنے والے تھے۔ اُن کے قصّے کی بھی کوئی قابلِ اعتماد تفصیل کسی روایت میں نہیں ملتی۔ زیادہ سے زیادہ بس اتنی بات صحت کے ساتھ کہی جا سکتی ہے کہ یہ کوئی ایسی قوم تھی جس نے اپنے نبی کو کنویں میں پھینک دیا تھا۔ لیکن قرآنِ مجید میں جس طرح اُن کی طرف محض ایک اشارہ کر کے چھوڑ دیا گیا ہے، اس سے خیال ہوتا ہے کہ نُزولِ قرآن کے زمانے میں اہلِ عرب بالعُموم اس قوم اور اس کے قصّے سے واقف تھے اور بعد میں یہ رِوایات تاریخ میں محفوظ نہ رہ سکیں۔

۱۳ – قومِ فرعون کے بجائے صرف فرعون کا نام لیا گیا ہے کیونکہ وہ اپنی قوم پر اِس طرح مسلّط تھا کہ اس کے مقابلے

میں قوم کی کوئی آزادانہ رائے اور عزیمت باقی نہیں رہی تھی۔ جس گمراہی کی طرف وہ جاتا تھا، قوم اس کے پیچھے گھسٹتی چلی جاتی تھی۔ اس بنا پر پُوری قوم کی گمراہی کا ذمہ دار تنہا اُس شخص کو قرار دیا گیا۔ جہاں قوم کے لیے رائے اور عمل کی آزادی موجود ہو، وہاں اپنے اعمال کا بوجھ وہ خود اُٹھاتی ہے۔ اور جہاں ایک آدمی کی آمریّت نے قوم کو بے بس کر رکھا ہو، وہاں وہی ایک آدمی پُوری قوم کے گناہوں کا بار اپنے سر لے لیتا ہے۔ اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ فردِ واحد پر یہ بوجھ لَد جانے کے بعد قوم سبکدوش ہو جاتی ہے۔ نہیں، قوم پر اِس صورت میں اِس اَخلاقی کمزوری کی ذمّہ داری عائد ہوتی ہے کہ اُس نے کیوں اپنے اُوپر ایک آدمی کو اس طرح مسلّط ہونے دیا۔ اِسی چیز کی طرف سورۂ زُخرُف، آیت ۵۴ میں اشارہ کیا گیا ہے کہ فَاسْتَخَفَّ قَوْمَهٗ فَاَطَاعُوْهُ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ۝ "فرعون نے اپنی قوم کو ہلکا سمجھا اور انھوں نے اس کی اطاعت کی، درحقیقت وہ تھے ہی فاسق لوگ۔" (تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد چہارم، تفسیر سورۂ زُخرُف، حاشیہ ۵۰)

۱۴- تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد چہارم، تفسیر سورۂ سَبا، حاشیہ ۳۷، سورۂ دُخان، حاشیہ ۲۲۔

۱۵- یعنی ان سب نے اپنے رسولوں کی رسالت کو بھی جھٹلایا اور ان کی دی ہوئی اِس خبر کو بھی جھٹلایا کہ تم مرنے کے بعد پھر اٹھائے جاؤ گے۔

۱۶- اگرچہ ہر قوم نے صرف اُس رسول کو جھٹلایا جو اُس کے پاس بھیجا گیا تھا، مگر چونکہ وہ اُس خبر کو جھٹلا رہی تھی جو تمام رسول بالاتفاق پیش کرتے رہے ہیں، اس لیے ایک رسول کو جھٹلانا درحقیقت تمام رسولوں کو جھٹلا دینا تھا۔ علاوہ بریں اِن قوموں میں سے ہر ایک نے محض اپنے ہاں آنے والے رسول ہی کی رسالت کا انکار نہ کیا تھا، بلکہ وہ سرے سے یہی بات ماننے کے لیے تیار نہ تھیں کہ انسانوں کی ہدایت کے لیے کوئی انسان اللہ تعالیٰ کی طرف سے مامور ہو کر آ سکتا ہے، اس لیے وہ نفسِ رسالت کی منکر تھیں اور ان میں سے کسی کا جُرم بھی صرف ایک رسول کی تکذیب تک محدود نہ تھا۔

۱۷- یہ آخرت کے حق میں تاریخی اِستدلال ہے۔ اس سے پہلے کی ۲ آیتوں میں امکانِ آخرت کے دلائل دیے گئے تھے، اور اب اِن آیات میں عرب اور اس کے گرد و پیش کی قوموں کے تاریخی انجام کو اِس بات کی دلیل کے طور پر پیش کیا گیا ہے کہ آخرت کا جو عقیدہ تمام انبیا علیہم السّلام پیش کرتے رہے ہیں، وہی حقیقت کے عین مطابق ہے، کیونکہ اس کا انکار جس قوم نے بھی کیا، وہ شدید اَخلاقی بگاڑ میں مبتلا ہو کر رہی اور آخرکار خدا کے عذاب نے آ کر اس کے وجود سے دنیا کو پاک کیا۔ آخرت کے انکار اور اخلاق کے بگاڑ کا یہ لُزوم، جو تاریخ کے دوران میں مسلسل نظر آ رہا ہے، اس امر کا صریح ثبوت ہے کہ انسان فی الواقع اس دنیا میں غیر ذمہ دار اور غیر جواب دِہ بنا کر نہیں چھوڑ دیا گیا ہے، بلکہ اسے لازماً اپنی مہلتِ عمل ختم ہونے کے بعد اپنے اعمال کا حساب دینا ہے۔ اسی لیے تو جب کبھی وہ اپنے آپ کو غیر ذمہ دار سمجھ کر دنیا میں کام کرتا ہے، اس کی پُوری زندگی تباہی کے راستے پر چل پڑتی ہے۔ کسی کام سے اگر پے در پے غلط نتائج برآمد ہوتے چلے جائیں تو یہ اس بات کی کھلی علامت ہے کہ وہ کام حقیقت سے متصادم ہو رہا ہے۔

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ وَنَعْلَمُ مَا تُوَسْوِسُ بِهٖ نَفْسُهٗ ۚۖ وَنَحْنُ
اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ ﴿١٦﴾ اِذْ يَتَلَقَّى الْمُتَلَقِّيٰنِ
عَنِ الْيَمِيْنِ وَعَنِ الشِّمَالِ قَعِيْدٌ ﴿١٧﴾ مَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ اِلَّا
لَدَيْهِ رَقِيْبٌ عَتِيْدٌ ﴿١٨﴾ وَجَآءَتْ سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ ؕ

ہم[19] نے انسان کو پیدا کیا ہے اور اس کے دل میں اُبھرنے والے وسوسوں تک کو ہم جانتے ہیں۔ ہم اس کی رگِ گردن سے بھی زیادہ اُس سے قریب[20] ہیں، (اور ہمارے اس براہِ راست علم کے علاوہ) دو کاتب اس کے دائیں اور بائیں بیٹھے ہر چیز ثبت کر رہے ہیں۔ کوئی لفظ اس کی زبان سے نہیں نکلتا جسے محفوظ کرنے کے لیے ایک حاضر باش نگراں موجود نہ ہو۔[21] پھر دیکھو، وہ موت کی جاں کنی حق لے کر آپہنچی،[22]

۱۸ - یہ آخرت کے حق میں عقلی اِستدلال ہے۔ جو شخص خدا کا منکر نہ ہو اور حماقت کی اِس حد تک نہ پہنچ گیا ہو کہ اِس منظم کائنات اور اس کے اندر انسان کی پیدائش کو محض ایک اتفاقی حادثہ قرار دینے لگے، اُس کے لیے یہ ماننے بغیر چارہ نہیں ہے کہ خدا ہی نے ہمیں اور اِس پُوری کائنات کو پیدا کیا ہے۔ اب یہ امرِ واقعہ کہ ہم اِس دنیا میں زندہ موجود ہیں اور زمین و آسمان کا یہ سارا کارخانہ ہماری آنکھوں کے سامنے چل رہا ہے، آپ ہی اس بات کا صریح ثبوت ہے کہ خدا ہمیں اور اس کائنات کو پیدا کرنے سے عاجز نہ تھا۔ اس کے بعد اگر کوئی شخص یہ کہتا ہے کہ قیامت برپا کرنے کے بعد وہی خدا ایک دوسرا نظامِ عالَم نہ بنا سکے گا، اور موت کے بعد وہ ہمیں دوبارہ پیدا نہ کر سکے گا، تو وہ محض ایک خلافِ عقل بات کہتا ہے۔ خدا عاجز ہوتا تو پہلے ہی پیدا نہ کر سکتا۔ جب وہ پہلے پیدا کر چکا ہے اور اسی تخلیق کی بدولت ہم خود وجود میں آئے بیٹھے ہیں، تو یہ فرض کر لینے کے لیے آخر کیا معقول بنیاد ہو سکتی ہے کہ اپنی ہی بنائی ہوئی چیز کو توڑ کر پھر بنا دینے سے وہ عاجز ہو جائے گا؟

۱۹ - آخرت کے دلائل بیان کرنے کے بعد اب یہ فرمایا جا رہا ہے کہ تم چاہے اس آخرت کو مانو یا اس کا انکار کرو، بہرحال اس کو آنا ہے، اور یہ ایک ایسا امرِ واقعہ ہے جو تمھارے انکار کے باوجود پیش آ کر رہے گا۔ انبیاؑ کی پیشگی تنبیہ کو مان کر اُس وقت کے لیے پہلے سے تیاری کر لو گے تو اپنا بھلا کرو گے۔ نہ مانو گے تو خود ہی اپنی شامت بلاؤ گے۔ تمھارے نہ ماننے سے آخرت آتے آتے رُک نہیں جائے گی اور خدا کا قانونِ عدل معطّل نہ ہو جائے گا۔

۲۰ - یعنی ہماری قدرت اور ہمارے علم نے انسان کو اندر اور باہر سے اِس طرح گھیر رکھا ہے کہ اُس کی رگِ گردن بھی اُس سے اُتنی قریب نہیں ہے جتنا ہمارا علم اور ہماری قدرت اس سے قریب ہے۔ اُس کی بات سننے کے لیے ہمیں کہیں سے چل کر نہیں آنا پڑتا، اُس کے دل میں آنے والے خیالات تک کو ہم براہِ راست جانتے ہیں۔ اسی طرح اگر اسے پکڑنا ہو گا

ذٰلِكَ مَا كُنْتَ مِنْهُ تَحِيْدُ ﴿۱۹﴾ وَ نُفِخَ فِي الصُّوْرِ ؕ ذٰلِكَ يَوْمُ

یہ وہی چیز ہے جس سے تُو بھاگتا تھا۔[۲۳] اور پھر صُور پھونکا گیا، یہ ہے وہ دن جس کا تجھے خوف

تو ہم کہیں سے آ کر اس کو نہیں پکڑیں گے، وہ جہاں بھی ہے، ہر وقت ہماری گرفت میں ہے، جب چاہیں گے اسے دھر لیں گے۔

**۲۱-** یعنی ایک طرف تو ہم خود براہِ راست انسان کی حرکات و سکنات اور اس کے خیالات کو جانتے ہیں، دوسری طرف ہر انسان پر دو فرشتے مامور ہیں جو اس کی ایک ایک بات کو نوٹ کر رہے ہیں اور اس کا کوئی قول و فعل ان کے ریکارڈ سے نہیں چھوٹتا۔ اس کے معنیٰ یہ ہیں کہ جس وقت اللہ تعالیٰ کی عدالت میں انسان کی پیشی ہوگی، اُس وقت اللہ کو خود بھی معلوم ہوگا کہ کون کیا کر کے آیا ہے، اور اس پر شہادت دینے کے لیے دو گواہ بھی موجود ہوں گے، جو اُس کے اعمال کا دستاویزی ثبوت لا کر سامنے رکھ دیں گے۔ یہ دستاویزی ثبوت کس نوعیت کا ہوگا، اس کا ٹھیک ٹھیک تصوّر کرنا تو ہمارے لیے مشکل ہے، مگر جو حقائق آج ہمارے سامنے آ رہے ہیں، انھیں دیکھ کر یہ بات بالکل یقینی معلوم ہوتی ہے کہ جس فضا میں انسان رہتا اور کام کرتا ہے، اُس میں ہر طرف اُس کی آوازیں، اُس کی تصویریں اور اُس کی حرکات و سکنات کے نُقوش ذرّے ذرّے پر ثبت ہو رہے ہیں، اور ان میں سے ہر چیز کو بعینہٖ انھی شکلوں اور آوازوں میں دوبارہ اِس طرح پیش کیا جا سکتا ہے کہ اصل اور نقل میں ذرّہ برابر فرق نہ ہو۔ انسان یہ کام نہایت ہی محدود پیمانے پر آلات کی مدد سے کر رہا ہے۔ لیکن خدا کے فرشتے نہ اِن آلات کے محتاج ہیں، نہ اِن قُیود سے مقیّد۔ انسان کا اپنا جسم اور اس کے گرد و پیش کی ہر چیز اُن کی ٹیپ اور اُن کی فلم ہے جس پر وہ ہر آواز اور ہر تصویر کو اس کی نازک ترین تفصیلات کے ساتھ جُوں کی تُوں ثبت کر سکتے ہیں اور قیامت کے روز آدمی کو اس کے اپنے کانوں سے اُس کی اپنی آواز میں اُس کی وہ باتیں سنوا سکتے ہیں جو وہ دنیا میں کرتا تھا، اور اس کی اپنی آنکھوں سے اس کے اپنے تمام کرتوتوں کی چلتی پھرتی تصویریں دکھا سکتے ہیں جن کی صحت سے انکار کرنا اس کے لیے ممکن نہ رہے۔

اِس مقام پر یہ بات بھی اچھی طرح سمجھ لینی چاہیے کہ اللہ تعالیٰ آخرت کی عدالت میں کسی شخص کو محض اپنے ذاتی علم کی بنا پر سزا نہ دے دے گا، بلکہ عدل کی تمام شرائط پُوری کر کے اس کو سزا دے گا۔ اسی لیے دنیا میں ہر شخص کے اقوال و افعال کا مکمل ریکارڈ تیار کرایا جا رہا ہے، تاکہ اس کی کارگزاریوں کا پُورا ثبوت ناقابلِ انکار شہادتوں سے فراہم ہو جائے۔

**۲۲-** حق لے کر آ پہنچنے سے مراد یہ ہے کہ موت کی جانکنی وہ نقطۂ آغاز ہے جہاں سے وہ حقیقت کُھلنی شروع ہو جاتی ہے جس پر دنیا کی زندگی میں پردہ پڑا ہوا تھا۔ اِس مقام سے آدمی وہ دوسرا عالم صاف دیکھنے لگتا ہے جس کی خبر انبیا علیہم السّلام نے دی تھی۔ یہاں آدمی کو یہ بھی معلوم ہو جاتا ہے کہ آخرت بالکل برحق ہے، اور یہ حقیقت بھی اس کو معلوم ہو جاتی ہے کہ زندگی کے اِس دوسرے مرحلے میں وہ نیک بخت کی حیثیت سے داخل ہو رہا ہے یا

الْوَعِيْدِ ﴿٢٠﴾ وَ جَآءَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّعَهَا سَآئِقٌ وَّ شَهِيْدٌ ﴿٢١﴾
لَقَدْ كُنْتَ فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ
فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ﴿٢٢﴾ وَ قَالَ قَرِيْنُهٗ هٰذَا مَا لَدَيَّ عَتِيْدٌ ﴿٢٣﴾

دلایا جاتا تھا۔ ہر شخص اِس حال میں آ گیا کہ اُس کے ساتھ ایک ہانک کر لانے والا ہے اور ایک گواہی دینے والا۔[25] اِس چیز کی طرف سے تُو غفلت میں تھا، ہم نے وہ پردہ ہٹا دیا جو تیرے آگے پڑا ہوا تھا اور آج تیری نگاہ خوب تیز ہے۔[26] اُس کے ساتھی نے عرض کیا: یہ جو میری سپردگی میں تھا حاضر ہے۔[27]

بدبخت کی حیثیت سے۔

۲۳ – یعنی یہ وہی حقیقت ہے جس کو ماننے سے تو کنّی کتراتا تھا۔ تو چاہتا تھا کہ دنیا میں بے نتھے بیل کی طرح چھُوٹا پھرے اور مرنے کے بعد کوئی دوسری زندگی نہ ہو جس میں تجھے اپنے اعمال کا خمیازہ بھگتنا پڑے۔ اسی لیے آخرت کے تصوّر سے تو دُور بھاگتا تھا اور کسی طرح یہ ماننے کے لیے تیار نہ تھا کہ کبھی یہ عالَم بھی برپا ہونا ہے۔ اب دیکھ لے، یہ وہی دوسرا عالَم تیرے سامنے آ رہا ہے۔

۲۴ – اس سے مراد وہ نفخِ صُور ہے جس کے ساتھ ہی تمام مرے ہوئے لوگ دوبارہ حیاتِ جسمانی پا کر اُٹھ کھڑے ہوں گے۔ تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد اول، الانعام، حاشیہ ۴۷۔ جلد دوم، ابراہیم، حاشیہ ۵۷۔ جلد سوم، طٰہٰ، حاشیہ ۷۸، الحج، حاشیہ ۱۔ جلد چہارم، یٰسٓ، حواشی ۴۶-۴۷، الزُّمَر، حاشیہ ۷۹۔

۲۵ – اغلب یہ ہے کہ اس سے مراد وہی دو فرشتے ہیں جو دنیا میں اُس شخص کے قول و عمل کا ریکارڈ مُرتّب کرنے کے لیے مامور رہے تھے۔ قیامت کے روز جب صُور کی آواز بلند ہوتے ہی ہر انسان اپنے مَرقَد سے اُٹھے گا تو فوراً وہ دونوں فرشتے آ کر اسے اپنے چارج میں لے لیں گے۔ ایک اسے عدالتِ گاہِ خداوندی کی طرف ہانکتا ہوا لے چلے گا، اور دوسرا اس کا نامۂ اعمال ساتھ لیے ہوئے ہو گا۔

۲۶ – یعنی اب تو تجھے خوب نظر آ رہا ہے کہ وہ سب کچھ یہاں موجود ہے جس کی خبر خدا کے نبی تجھے دیتے تھے۔

۲۷ – بعض مفسّرین نے اس کا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ "ساتھی" سے مراد وہ فرشتہ ہے جسے آیت نمبر ۲۱ میں "گواہی دینے والا" فرمایا گیا ہے۔ وہ کہے گا کہ یہ اس شخص کا نامۂ اعمال میرے پاس تیار ہے۔ کچھ دوسرے مفسّرین کہتے ہیں کہ "ساتھی" سے مراد وہ شیطان ہے جو دنیا میں اُس شخص کے ساتھ لگا ہوا تھا۔ وہ عرض کرے گا کہ یہ شخص جس کو میں نے اپنے قابو میں کر کے جہنّم کے لیے تیار کیا تھا، اب آپ کی خدمت میں حاضر ہے۔ مگر سیاق و سباق سے زیادہ مناسبت رکھنے والی تفسیر وہ ہے جو

اَلْقِيَا فِيْ جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيْدٍ ۙ﴿۲۴﴾ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ
مُّرِيْبٍ ۙ﴿۲۵﴾ الَّذِيْ جَعَلَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَاَلْقِيٰهُ فِي الْعَذَابِ
الشَّدِيْدِ ﴿۲۶﴾ قَالَ قَرِيْنُهٗ رَبَّنَا مَآ اَطْغَيْتُهٗ وَ لٰكِنْ كَانَ فِيْ

حکم دیا گیا: "پھینک دو جہنم میں[۲۸] ہر کٹّے کافر[۲۹] کو جو حق سے عِناد رکھتا تھا، خیر کو روکنے والا[۳۰] اور حد سے تجاوز کرنے والا تھا،[۳۱] شک میں پڑا ہوا تھا[۳۲] اور اللہ کے ساتھ کسی دُوسرے کو خدا بنائے بیٹھا تھا۔ ڈال دو اُسے سخت عذاب میں۔"[۳۳] اُس کے ساتھی نے عرض کیا: "خداوندا! میں نے اِس کو سرکش نہیں بنایا

قتادہؒ اور ابنِ زیدؒ سے منقول ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ساتھی سے مراد ہانک کر لانے والا فرشتہ ہے، اور وہی عدالتِ الٰہی میں پہنچ کر عرض کرے گا کہ یہ شخص جو میری سُپردگی میں تھا، سرکار کی پیشی میں حاضر ہے۔

۲۸- اصل الفاظ ہیں: اَلْقِیَا فِیْ جَھَنَّمَ "پھینک دو جہنم میں تم دونوں"۔ سلسلۂ کلام خود بتا رہا ہے کہ یہ حکم اُن دونوں فرشتوں کو دیا جائے گا جنھوں نے مَرقَد سے اٹھتے ہی مجرم کو گرفتار کیا تھا اور لا کر عدالت میں حاضر کر دیا تھا۔

۲۹- اصل میں لفظ "کَفَّار" استعمال ہوا ہے جس کے دو معنیٰ ہیں: ایک، سخت ناشکرا۔ دوسرے، سخت منکرِ حق۔

۳۰- خیر کا لفظ عربی زبان میں مال کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے اور بھلائی کے لیے بھی۔ پہلے معنیٰ کے لحاظ سے مطلب یہ ہے کہ وہ اپنے مال میں سے کسی کا حق ادا نہ کرتا تھا، نہ خدا کا نہ بندوں کا۔ دوسرے معنیٰ کے لحاظ سے مطلب یہ ہو گا کہ وہ بھلائی کے راستے سے خود ہی رُک جانے پر اِکتفا نہ کرتا تھا، بلکہ دوسروں کو بھی اس سے روکتا تھا۔ دنیا میں خیر کے لیے سدِّ راہ بنا ہوا تھا۔ اپنی ساری قوتیں اس کام میں صَرف کر رہا تھا کہ نیکی کسی طرح پھیلنے نہ پائے۔

۳۱- یعنی اپنے ہر کام میں اَخلاق کی حدیں توڑ دینے والا تھا۔ اپنے مفاد اور اپنی اغراض اور خواہشات کی خاطر سب کچھ کر گزرنے کے لیے تیار تھا۔ حرام طریقوں سے مال سمیٹتا اور حرام راستوں میں صَرف کرتا تھا۔ لوگوں کے حُقوق پر دست درازیاں کرتا تھا۔ نہ اس کی زبان کسی حد کی پابند تھی، نہ اس کے ہاتھ کسی ظلم اور زیادتی سے رُکتے تھے۔ بھلائی کے راستے میں صرف رکاوٹیں ڈالنے ہی پر بس نہ کرتا تھا، بلکہ اس سے آگے بڑھ کر بھلائی اختیار کرنے والوں کو ستاتا تھا اور بھلائی کے لیے کام کرنے والوں پر ستم ڈھاتا تھا۔

۳۲- اصل میں لفظ "مُرِیْب" استعمال ہوا ہے، جس کے دو معنیٰ ہیں: ایک، شک کرنے والا۔ دوسرے، شک میں ڈالنے والا۔ اور دونوں ہی معنیٰ یہاں مراد ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ وہ خود شک میں پڑا ہوا تھا اور دوسروں کے دلوں میں شکوک

ضَلٰلٍۭ بَعِيْدٍ ﴿٢٧﴾ قَالَ لَا تَخْتَصِمُوْا لَدَيَّ وَ قَدْ قَدَّمْتُ اِلَيْكُمْ
بِالْوَعِيْدِ ﴿٢٨﴾ مَا يُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَيَّ وَمَآ اَنَا بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿٢٩﴾ ع

بلکہ یہ خود ہی پرلے درجے کی گمراہی میں پڑا ہوا تھا۔[34]" جواب میں ارشاد ہوا: "میرے حضور جھگڑا نہ کرو، مَیں تم کو پہلے ہی انجامِ بد سے خبردار کر چکا تھا۔[35] میرے ہاں بات پلٹی نہیں جاتی[36] اور میں اپنے بندوں پر ظلم توڑنے والا نہیں ہوں۔[37]" ع

ڈالتا تھا۔ اس کے نزدیک اللہ اور آخرت اور ملائکہ اور رسالت اور وحی، غرض دین کی سب صداقتیں مشکوک تھیں۔ حق کی جو بات بھی انبیاؑ کی طرف سے پیش کی جاتی تھی، اُس کے خیال میں وہ قابلِ یقین نہ تھی۔ اور یہی بیماری وہ اللہ کے دوسرے بندوں کو لگاتا پھرتا تھا۔ جس شخص سے بھی اس کو سابقہ پیش آتا، اُس کے دل میں وہ کوئی نہ کوئی شک اور کوئی نہ کوئی وسوسہ ڈال دیتا۔

۳۳- اِن آیات میں اللہ تعالیٰ نے وہ صفات گِن کر بتا دی ہیں جو انسان کو جہنّم کا مستحق بنانے والی ہیں: (۱) انکارِ حق، (۲) خدا کی ناشکری، (۳) حق اور اہلِ حق سے عِناد، (۴) بھلائی کے راستے میں سَدِّ راہ بننا، (۵) اپنے مال سے خدا اور بندوں کے حُقوق ادا نہ کرنا، (۶) اپنے معاملات میں حُدود سے تجاوز کرنا، (۷) لوگوں پر ظلم اور زیادتیاں کرنا، (۸) دین کی صداقتوں پر شک کرنا، (۹) دوسروں کے دلوں میں شکوک ڈالنا، اور (۱۰) اللہ کے ساتھ کسی دوسرے کو خدائی میں شریک ٹھیرانا۔

۳۴- یہاں فَحوائے کلام خود بتا رہا ہے کہ "ساتھی" سے مراد وہ شیطان ہے جو دنیا میں اُس شخص کے ساتھ لگا ہوا تھا۔ اور یہ بات بھی اندازِ بیان ہی سے مُترشّح ہوتی ہے کہ وہ شخص اور اُس کا شیطان، دونوں خدا کی عدالت میں ایک دوسرے سے جھگڑ رہے ہیں۔ وہ کہتا ہے کہ حضور! یہ ظالم میرے پیچھے پڑا ہوا تھا اور اِسی نے آخرکار مجھے گمراہ کر کے چھوڑا، اِس لیے سزا اِس کو ملنی چاہیے۔ اور شیطان جواب میں کہتا ہے کہ سرکار! میرا اِس پر کوئی زور تو نہیں تھا کہ یہ سرکش نہ بننا چاہتا ہو اور میں نے زبردستی اس کو سرکش بنا دیا ہو۔ یہ کم بخت تو خود نیکی سے نُفور اور بدی پر فریفتہ تھا۔ اسی لیے انبیاؑ کی کوئی بات اِسے پسند نہ آئی اور میری ترغیبات پر یہ پھسلتا چلا گیا۔

۳۵- یعنی تم دونوں ہی کو مَیں نے متنبّہ کر دیا تھا کہ تم میں سے جو بہکائے گا وہ کیا سزا پائے گا، اور جو بہکے گا اُسے کیا خمیازہ بھگتنا پڑے گا۔ میری اس تنبیہ کے باوجود جب تم دونوں اپنے اپنے حصّے کا جرم کرنے سے باز نہ آئے تو اب جھگڑا کرنے سے حاصل کیا ہے۔ بہکنے والے کو بہکنے کی اور بہکانے والے کو بہکانے کی سزا تو اب لازماً ملنی ہی ہے۔

۳۶- یعنی فیصلے بدلنے کا دستور میرے ہاں نہیں ہے۔ تم کو جہنّم میں پھینک دینے کا جو حکم میں دے چکا ہوں،

یَوۡمَ نَقُوۡلُ لِجَهَنَّمَ هَلِ امۡتَلَاۡتِ وَ تَقُوۡلُ هَلۡ مِنۡ مَّزِيۡدٍ ﴿۳۰﴾

وہ دن جب کہ ہم جہنّم سے پُوچھیں گے: ”کیا تُو بھر گئی؟“ اور وہ کہے گی: ”کیا اور کچھ ہے؟“[۳۸]

وہ اب واپس نہیں لیا جا سکتا۔ اور نہ اُس قانون ہی کو بدلا جا سکتا ہے جس کا اعلان میں نے دنیا میں کر دیا تھا کہ گمراہ کرنے اور گمراہ ہونے کی کیا سزا آخرت میں دی جائے گی۔

۳۷- اصل میں لفظ ”ظَلَّامٍ“ استعمال ہوا ہے جس کے معنی بہت بڑے ظالم کے ہیں۔ اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ مَیں اپنے بندوں کے حق میں ظالم تو ہوں مگر بہت بڑا ظالم نہیں ہوں۔ بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر میں خالق اور رب ہو کر اپنی ہی پَروَردہ مخلوق پر ظلم کروں تو بہت بڑا ظالم ہوں گا۔ اس لیے میں سرے سے کوئی ظلم بھی اپنے بندوں پر نہیں کرتا۔ یہ سزا جو میں تم کو دے رہا ہوں، یہ ٹھیک ٹھیک وہی سزا ہے جس کا مستحق تم نے اپنے آپ کو خود بنایا ہے۔ تمھارے استحقاق سے رَتّی بھر بھی زیادہ سزا تمھیں نہیں دی جا رہی ہے۔ میری عدالت بے لاگ انصاف کی عدالت ہے۔ یہاں کوئی شخص کوئی ایسی سزا نہیں پا سکتا جس کا وہ فی الحقیقت مستحق نہ ہو اور جس کے لیے اس کا استحقاق بالکل یقینی شہادتوں سے ثابت نہ کر دیا گیا ہو۔

۳۸- اِس کے دو مطلب ہو سکتے ہیں: ایک یہ کہ ”میرے اندر اب مزید آدمیوں کی گنجایش نہیں ہے۔“ دوسرے یہ کہ ”اور جتنے مجرم بھی ہیں انھیں لے آیئے۔“ پہلا مطلب لیا جائے تو اس ارشاد سے تصوّر یہ سامنے آتا ہے کہ مجرموں کو جہنّم میں اس طرح ٹھونس ٹھونس کر بھر دیا گیا ہے کہ اس میں ایک سُوئی کی بھی گنجایش نہیں رہی، حتّٰی کہ جب اس سے پُوچھا گیا کہ کیا تُو بھر گئی تو وہ گھبرا کر چیخ اٹھی کہ کیا ابھی اور آدمی بھی آنے باقی ہیں؟ دوسرا مطلب لیا جائے تو یہ تصوّر ذہن میں پیدا ہوتا ہے کہ جہنّم کا غیظ اِس وقت مجرموں پر کچھ اِس بُری طرح بھڑکا ہوا ہے کہ وہ هَلۡ مِنۡ مَّزِيۡدٍ کا مطالبہ کیے جاتی ہے اور چاہتی ہے کہ آج کوئی مجرم اس سے چھُوٹنے نہ پائے۔

یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ جہنّم سے اللہ تعالیٰ کے اِس خطاب اور اس کے جواب کی نوعیت کیا ہے؟ کیا یہ محض مجازی کلام ہے؟ یا فی الواقع جہنّم کوئی ذی روح اور ناطق چیز ہے جسے مُخاطَب کیا جا سکتا ہو اور وہ بات کا جواب دے سکتی ہو؟ اِس معاملے میں درحقیقت کوئی بات قطعیت کے ساتھ نہیں کہی جا سکتی۔ ہوسکتا ہے کہ یہ مجازی کلام ہو اور محض صورتِ حال کا نقشہ کھینچنے کے لیے جہنّم کی کیفیت کو سوال و جواب کی شکل میں بیان کیا گیا ہو، جیسے کوئی شخص یُوں کہے کہ مَیں نے موٹر سے پوچھا: تو چلتی کیوں نہیں؟ اُس نے جواب دیا: میرے اندر پٹرول نہیں ہے۔ لیکن یہ بات بھی بالکل ممکن ہے کہ یہ کلام مبنی برحقیقت ہو۔ اس لیے کہ دنیا کی جو چیزیں ہمارے لیے جامد و صامت ہیں، اُن کے متعلق ہمارا یہ گمان کرنا دُرست نہیں ہو سکتا کہ وہ ضرور اللہ تعالیٰ کے لیے بھی ویسی ہی جامد و صامت ہوں گی۔ خالق اپنی ہر مخلوق سے کلام کر سکتا ہے اور اس کی ہر مخلوق اُس کے کلام کا جواب دے سکتی ہے، خواہ ہمارے لیے اس کی زبان کتنی ہی ناقابلِ فہم ہو۔

وَ اُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ غَيْرَ بَعِيْدٍ ﴿۳۱﴾ هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ
لِكُلِّ اَوَّابٍ حَفِيْظٍ ﴿۳۲﴾ مَنْ خَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ وَ جَآءَ
بِقَلْبٍ مُّنِيْبِ ﴿۳۳﴾ ادْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُلُوْدِ ﴿۳۴﴾ لَهُمْ

اور جنّت متّقین کے قریب لے آئی جائے گی، کچھ بھی دُور نہ ہوگی۔[۳۹] ارشاد ہوگا: "یہ ہے وہ چیز جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا، ہر اُس شخص کے لیے جو بہت رجوع کرنے والا[۴۰] اور بڑی نگہداشت کرنے والا تھا،[۴۱] جو بے دیکھے رحمٰن سے ڈرتا تھا،[۴۲] اور جو دلِ گرویدہ لیے ہوئے آیا ہے۔[۴۳] داخل ہو جاؤ جنّت میں سلامتی کے ساتھ۔"[۴۴] وہ دن حیاتِ اَبدی کا دن ہوگا۔ وہاں ان کے لیے

۳۹- یعنی جوں ہی کسی شخص کے متعلق اللہ تعالیٰ کی عدالت سے یہ فیصلہ ہوگا کہ وہ متّقی اور جنّت کا مستحق ہے، فی الفور وہ جنّت کو اپنے سامنے موجود پائے گا۔ وہاں تک پہنچنے کے لیے اُسے کوئی مسافت طے نہیں کرنی پڑے گی کہ پاؤں سے چل کر یا کسی سواری میں بیٹھ کر سفر کرتا ہوا وہاں جائے اور فیصلے کے وقت اور دُخولِ جنّت کے درمیان کوئی وقفہ ہو۔ بلکہ اِدھر فیصلہ ہوا اور اُدھر متّقی جنّت میں داخل ہو گیا۔ گویا وہ جنت میں پہنچایا نہیں گیا ہے بلکہ خود جنّت ہی اُٹھا کر اس کے پاس لے آئی گئی ہے۔ اس سے کچھ اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ عالَمِ آخرت میں زمان و مکان کے تصورات ہماری اِس دنیا کے تصورات سے کس قدر مختلف ہوں گے۔ جلدی اور دیر اور دُوری اور نزدیکی کے وہ سارے مفہومات وہاں بے معنی ہوں گے جن سے ہم اس دنیا میں واقف ہیں۔

۴۰- اصل میں لفظ "اَوّاب" استعمال ہوا ہے جس کا مفہوم بہت وسیع ہے۔ اس سے مراد ایسا شخص ہے جس نے نافرمانی اور خواہشاتِ نفس کی پیروی کا راستہ چھوڑ کر طاعت اور اللہ کی رضا جوئی کا راستہ اختیار کر لیا ہو، جو ہر اُس چیز کو چھوڑ دے جو اللہ کو ناپسند ہے، اور ہر اُس چیز کو اختیار کرلے جو اللہ کو پسند ہے، جو راہِ بندگی سے ذرا قدم ہٹتے ہی گھبرا اٹھے اور توبہ کر کے بندگی کی راہ پر پلٹ آئے، جو کثرت سے اللہ کو یاد کرنے والا اور اپنے تمام معاملات میں اُس کی طرف رُجوع کرنے والا ہو۔

۴۱- اصل میں لفظ "حفیظ" استعمال ہوا ہے جس کے معنیٰ ہیں "حفاظت کرنے والا"۔ اس سے مراد ایسا شخص ہے جو اللہ کے حدود اور اس کے فرائض اور اس کی حُرمتوں اور اس کی سُپردگی ہوئی امانتوں کی حفاظت کرے، جو اُن حُقوق کی نگہداشت کرے جو اللہ کی طرف سے اُس پر عائد ہوتے ہیں، جو اُس عہد و پیمان کی نگہداشت کرے جو ایمان لا کر اُس نے اپنے رب سے کیا ہے، جو اپنے اوقات اور اپنی قوتوں اور محنتوں اور کوششوں کی پاسبانی کرے کہ ان میں سے کوئی چیز غلط کاموں میں ضائع نہ ہو، جو توبہ کر کے اس کی حفاظت کرے اور اسے پھر نہ ٹوٹنے دے، جو ہر وقت

اپنا جائزہ لے کر دیکھتا رہے کہ کہیں میں اپنے قول یا فعل میں اپنے رب کی نافرمانی تو نہیں کر رہا ہوں۔

۴۲- یعنی باوجود اس کے کہ رحمٰن اُس کو کہیں نظر نہ آتا تھا اور اپنے حواس سے کسی طرح بھی وہ اس کو محسوس نہ کر سکتا تھا، پھر بھی وہ اس کی نافرمانی کرتے ہوئے ڈرتا تھا۔ اس کے دل پر دوسری محسوس طاقتوں اور علانیہ نظر آنے والی زور آور ہستیوں کے خوف کی بہ نسبت اُس اَن دیکھے رحمٰن کا خوف زیادہ غالب تھا۔ اور یہ جانتے ہوئے بھی کہ وہ رحمٰن ہے، اس کی رحمت کے بھروسے پر وہ گناہ گار نہیں بنا، بلکہ ہمیشہ اس کی ناراضی سے ڈرتا ہی رہا۔ اِس طرح یہ آیت مومن کی دو اہم اور بنیادی خوبیوں کی طرف اشارہ کرتی ہے۔ ایک، یہ کہ وہ محسوس نہ ہونے اور نظر نہ آنے کے باوجود خدا سے ڈرتا ہے۔ دوسرے، یہ کہ وہ خدا کی صفتِ رحمت سے اچھی طرح واقف ہونے کے باوجود گناہوں پر جَری نہیں ہوتا۔ یہی دو خوبیاں اسے اللہ کے ہاں قدر کا مستحق بناتی ہیں۔ اس کے علاوہ اِس میں ایک اور لطیف نکتہ بھی ہے جسے امام رازیؒ نے بیان کیا ہے۔ وہ یہ کہ عَرَبی زبان میں ڈر کے لیے خوف اور خَشِیَت، دو لفظ استعمال ہوتے ہیں، جن کے مفہوم میں ایک باریک فرق ہے۔ خوف کا لفظ بالعُموم اُس ڈر کے لیے استعمال ہوتا ہے جو کسی کی طاقت کے مقابلے میں اپنی کمزوری کے احساس کی بنا پر آدمی کے دل میں پیدا ہو۔ اور خَشِیَت اُس ہیبت کے لیے بولتے ہیں جو کسی کی عظمت کے تصوّر سے آدمی کے دِل پر طاری ہو۔ یہاں خوف کے بجائے خَشِیَت کا لفظ استعمال فرمایا گیا ہے، جس سے یہ بتانا مقصود ہے کہ مومن کے دل میں اللہ کا ڈر محض اس کی سزا کے خوف ہی سے نہیں ہوتا، بلکہ اس سے بھی بڑھ کر اللہ کی عظمت و بزرگی کا احساس اُس پر ہر وقت ایک ہیبت طاری کیے رکھتا ہے۔

۴۳- اصل الفاظ ہیں: ''قلبِ مُنیب'' لے کر آیا ہے۔ مُنیب اِنابت سے ہے، جس کے معنیٰ ایک طرف رُخ کرنے اور بار بار اُسی کی طرف پلٹنے کے ہیں۔ جیسے قُطب نُما کی سُوئی ہمیشہ قطب ہی کی طرف رُخ کیے رہتی ہے، اور آپ خواہ کتنا ہی ہِلائیں جُلائیں، وہ ہر پھر کر پھر قطب ہی کی سَمت میں آ جاتی ہے۔ پس قلبِ مُنیب سے مراد ایسا دل ہے جو ہر طرف سے رُخ پھیر کر ایک اللہ کی طرف مڑ گیا، اور پھر زندگی بھر جو احوال بھی اُس پر گزرے ان میں وہ بار بار اسی کی طرف پلٹتا رہا۔ اِسی مفہوم کو ہم نے دلِ گرویدہ کے الفاظ سے ادا کیا ہے۔ اِس سے معلوم ہوا کہ اللہ کے ہاں اصلی قدر اُس شخص کی ہے جو محض زبان سے نہیں بلکہ پُورے خلوص کے ساتھ سچے دل سے اُسی کا ہو کر رہ جائے۔

۴۴- اصل الفاظ ہیں: اُدْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ۔ سلام کو اگر سلامتی کے معنیٰ میں لیا جائے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ ہر قسم کے رنج اور غم اور فکر اور آفات سے محفوظ ہو کر اس جنت میں داخل ہو جاؤ۔ اور اگر اسے سلام ہی کے معنیٰ میں لیا جائے تو مطلب یہ ہوگا کہ آؤ اس جنّت میں اللہ اور اس کے ملائکہ کی طرف سے تم کو سلام ہے۔

اِن آیات میں اللہ تعالیٰ نے وہ صفات بتا دی ہیں جن کی بنا پر کوئی شخص جنت کا مستحق ہوتا ہے، اور وہ ہیں: (۱) تقویٰ، (۲) رُجوع اِلی اللہ، (۳) اللہ سے اپنے تعلق کی نگہداشت، (۴) اللہ کو دیکھے بغیر اور اس کی رحیمی پر یقین رکھنے کے باوجود اس سے ڈرنا، اور (۵) قلبِ مُنیب لیے ہوئے اللہ کے ہاں پہنچنا، یعنی مرتے دم تک اِنابت کی رَوِش پر قائم رہنا۔

مَّا يَشَآءُوْنَ فِيْهَا وَ لَدَيْنَا مَزِيْدٌ ﴿۳۵﴾ وَ كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ
قَرْنٍ هُمْ اَشَدُّ مِنْهُمْ بَطْشًا فَنَقَّبُوْا فِي الْبِلَادِ ؕ هَلْ مِنْ مَّحِيْصٍ ﴿۳۶﴾ اِنَّ
فِيْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِمَنْ كَانَ لَهٗ قَلْبٌ اَوْ اَلْقَى السَّمْعَ وَ هُوَ شَهِيْدٌ ﴿۳۷﴾
وَ لَقَدْ خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ وَ مَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ۖ

وہ سب کچھ ہوگا جو وہ چاہیں گے، اور ہمارے پاس اس سے زیادہ بھی بہت کچھ ان کے لیے ہے۔[۴۵]

ہم ان سے پہلے بہت سی قوموں کو ہلاک کر چکے ہیں جو ان سے بہت زیادہ طاقت ور تھیں اور دنیا کے ملکوں کو انھوں نے چھان مارا تھا۔[۴۶] پھر کیا وہ کوئی جائے پناہ پا سکے؟[۴۷] اِس تاریخ میں عبرت کا سبق ہے ہر اُس شخص کے لیے جو دل رکھتا ہو، یا جو توجہ سے بات کو سُنے۔[۴۸]

ہم نے زمین اور آسمانوں کو اور اُن کے درمیان کی ساری چیزوں کو چھ دنوں میں پیدا کر دیا[۴۹]

۴۵ – یعنی جو کچھ وہ چاہیں گے وہ تو ان کو ملے گا ہی، مگر اس پر مزید ہم انھیں وہ کچھ بھی دیں گے جس کا کوئی تصوّر تک ان کے ذہن میں نہیں آیا ہے کہ وہ اس کے حاصل کرنے کی خواہش کریں۔

۴۶ – یعنی صرف اپنے ملک ہی میں وہ زور آور نہ تھیں بلکہ دنیا کے دوسرے ملکوں میں بھی وہ جا گھسی تھیں اور ان کی تاخت کا سلسلہ رُوئے زمین پر دُور دُور تک پہنچا ہوا تھا۔

۴۷ – یعنی جب خدا کی طرف سے ان کی پکڑ کا وقت آیا تو کیا ان کی وہ طاقت اُن کو بچا سکی؟ اور کیا دنیا میں پھر کہیں ان کو پناہ مل سکی؟ اب آخر تم کس بھروسے پر یہ اُمید رکھتے ہو کہ خدا کے مقابلے میں بغاوت کر کے تمھیں کہیں پناہ مل جائے گی؟

۴۸ – بالفاظِ دیگر جو یا تو خود اپنی گرہ کی اتنی عقل رکھتا ہو کہ صحیح بات سوچے، یا نہیں تو غفلت اور تعصب سے اتنا پاک ہو کہ جب دوسرا کوئی شخص اسے حقیقت سمجھائے تو وہ کھلے کانوں سے اس کی بات سنے۔ یہ نہ ہو کہ سمجھانے والے کی آواز کان کے پردے پر سے گزر رہی ہے اور سننے والے کا دماغ کسی اور طرف مشغول ہے۔

۴۹ – تشریح کے لیے ملاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد چہارم، تفسیر سورہ حٰم السجدہ، حواشی ۱۱ تا ۱۵۔

وَّ مَا مَسَّنَا مِنۡ لُّغُوۡبٍ ﴿۳۸﴾ فَاصۡبِرۡ عَلٰی مَا یَقُوۡلُوۡنَ وَ سَبِّحۡ بِحَمۡدِ رَبِّکَ
قَبۡلَ طُلُوۡعِ الشَّمۡسِ وَ قَبۡلَ الۡغُرُوۡبِ ﴿۳۹﴾ وَ مِنَ الَّیۡلِ فَسَبِّحۡهُ وَ
اَدۡبَارَ السُّجُوۡدِ ﴿۴۰﴾ وَ اسۡتَمِعۡ یَوۡمَ یُنَادِ الۡمُنَادِ مِنۡ مَّکَانٍ قَرِیۡبٍ ﴿۴۱﴾

اور ہمیں کوئی تکان لاحق نہ ہوئی۔ پس اَے نبیؐ! جو باتیں یہ لوگ بناتے ہیں ان پر صبر کرو[۵۰]، اور اپنے رب کی حمد کے ساتھ اس کی تسبیح کرتے رہو، طُلوعِ آفتاب اور غروبِ آفتاب سے پہلے، اور رات کے وقت پھر اُس کی تسبیح کرو اور سجدہ ریزیوں سے فارغ ہونے کے بعد بھی[۵۱]۔

اور سنو، جس دن مُنادی کرنے والا (ہر شخص کے) قریب ہی سے پُکارے[۵۲] گا،

۵۰- یعنی امرِ واقعہ یہ ہے کہ یہ پُوری کائنات ہم نے چھ دن میں بنا ڈالی ہے اور اُس کو بنا کر ہم تھک نہیں گئے ہیں کہ اُس کی تعمیرِ نو کرنا ہمارے بس میں نہ رہا ہو۔ اب اگر یہ نادان لوگ تم سے زندگی بعدِ موت کی خبر سُن کر تمھارا مذاق اڑاتے ہیں اور تمھیں دیوانہ قرار دیتے ہیں تو اس پر صبر کرو۔ ٹھنڈے دل سے اِن کی ہر بے ہُودہ بات کو سنو اور جس حقیقت کے بیان کرنے پر تم مامور کیے گئے ہو، اسے بیان کرتے چلے جاؤ۔

اِس آیت میں ضمناً ایک لطیف طنز یہود و نصاریٰ پر بھی ہے جن کی بائبل میں یہ افسانہ گھڑا گیا ہے کہ خدا نے چھ دنوں میں زمین و آسمان کو بنایا اور ساتویں دن آرام کیا۔ (پیدائش ۲:۲) اگرچہ اب مسیحی پادری اس بات سے شرمانے لگے ہیں اور انھوں نے کتابِ مقدس کے اُردو ترجمے میں "آرام کیا" کو "فارغ ہوا" سے بدل دیا ہے۔ مگر کِنگ جیمز کی مستند انگریزی بائبل میں and He rested on the seventh day کے الفاظ صاف موجود ہیں۔ اور یہی الفاظ اُس ترجمے میں بھی پائے جاتے ہیں جو ۱۹۵۴ء میں یہودیوں نے فلیڈلفیا سے شائع کیا ہے۔ عربی ترجمے میں بھی فَاسْتَرَاحَ فِی الْیَوْمِ السَّابِعِ کے الفاظ ہیں۔

۵۱- یہ ہے وہ ذریعہ جس سے آدمی کو یہ طاقت حاصل ہوتی ہے کہ دعوتِ حق کی راہ میں اُسے خواہ کیسے ہی دل شکن اور رُوح فرسا حالات سے سابقہ پیش آئے، اور اس کی کوششوں کا خواہ کوئی ثمرہ بھی حاصل ہوتا نظر نہ آئے، پھر بھی وہ پُورے عزم کے ساتھ زندگی بھر کلمۂ حق بلند کرنے اور دنیا کو خیر کی طرف بلانے کی سعی جاری رکھے۔ رب کی حمد اور اس کی تسبیح سے مراد یہاں نماز ہے، اور جس مقام پر بھی قرآن میں حمد و تسبیح کو خاص اوقات کے ساتھ مخصوص کیا گیا ہے وہاں اس سے مراد نماز ہی ہوتی ہے۔ "طُلوعِ آفتاب سے پہلے" فجر کی نماز ہے۔ "غُروبِ آفتاب سے پہلے" دو نمازیں ہیں: ایک ظہر، دوسری عصر۔ "رات کے وقت" مغرب اور عشا کی نمازیں ہیں، اور تیسری تہجّد بھی رات کی تسبیح میں شامل

ہے۔ (تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: جلد دوم، بنی اسرائیل، حواشی ۹۱ تا ۹۷۔ جلد سوم، طٰہٰ، حاشیہ ۱۱۱، الرُّوم، حواشی ۲۳-۲۴) رہی وہ تسبیح جو "سجود سے فارغ ہونے کے بعد" کرنے کی ہدایت فرمائی گئی ہے، تو اس سے مراد ذکر بعد الصلوٰۃ بھی ہوسکتا ہے اور فرض کے بعد نفل ادا کرنا بھی۔ حضرت عمرؓ، حضرت علیؓ، حضرت حسن بن علیؓ، حضرات ابو ہریرہؓ، ابنِ عباسؓ، شَعْبیؒ، مجاہدؒ، عکرِمہؒ، حَسن بصریؒ، قَتادہؒ، ابراہیم نَخَعیؒ اور اَوزاعیؒ اس سے مراد نمازِ مغرب کے بعد کی دو رکعتیں لیتے ہیں۔ حضرت عبداللہ بن عَمْروؓ بن العاص اور ایک رِوایت کے بموجب حضرت عبداللہ بن عباسؓ کا بھی یہ خیال ہے کہ اس سے مراد ذِکر بعد الصلوٰۃ ہے۔ اور ابنِ زیدؒ کہتے ہیں کہ اس ارشاد کا مقصود یہ ہے کہ فرائض کے بعد بھی نوافل ادا کیے جائیں۔

صحیحین میں حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ غریب مہاجرین نے حاضر ہو کر عرض کیا: "یا رسولؐ اللہ! مال دار لوگ تو بڑے درجے لُوٹ لے گئے۔" حضورؐ نے فرمایا: "کیا ہوا؟" انھوں نے عرض کیا: "وہ بھی نمازیں پڑھتے ہیں جیسے ہم پڑھتے ہیں اور روزے رکھتے ہیں جیسے ہم رکھتے ہیں، مگر وہ صدقہ کرتے ہیں اور ہم نہیں کر سکتے، وہ غلام آزاد کرتے ہیں اور ہم نہیں کر سکتے۔" رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "کیا میں تمھیں ایسی چیز بتاؤں جسے اگر تم کرو تو تم دوسرے لوگوں سے بازی لے جاؤ گے، بجز اُن کے جو وہی عمل کریں جو تم کرو گے؟ وہ عمل یہ ہے کہ تم ہر نماز کے بعد ۳۳-۳۳ مرتبہ سبحان اللہ، الحمدللہ اور اللہ اکبر کہا کرو۔" کچھ مدت کے بعد اُن لوگوں نے عرض کیا کہ "ہمارے مال دار بھائیوں نے بھی یہ بات سن لی ہے اور وہ بھی یہی عمل کرنے لگے ہیں۔" اس پر آپؐ نے فرمایا: ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ۔ ایک رِوایت میں ان کلمات کی تعداد ۳۳-۳۳ کے بجائے دس دس بھی منقول ہوئی ہے۔

حضرت زیدؓ بن ثابت کی رِوایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو ہدایت فرمائی تھی کہ ہم ہر نماز کے بعد ۳۳-۳۳ مرتبہ سبحان اللہ اور الحمدللہ کہا کریں اور ۳۴ مرتبہ اللہ اکبر کہیں۔ بعد میں ایک انصاری نے عرض کیا: "میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ کوئی کہتا ہے: اگر تم ۲۵-۲۵ مرتبہ یہ تین کلمے کہو اور پھر ۲۵ مرتبہ لا الٰہ الا اللہ کہو تو یہ زیادہ بہتر ہوگا۔" حضورؐ نے فرمایا: "اچھا اِسی طرح کیا کرو۔" (احمد، نَسائی، دارِمی)

حضرت ابو سعید خُدریؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہو کر جب پلٹتے تھے تو میں نے آپؐ کو یہ الفاظ کہتے سُنا ہے: سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۚ وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ۚ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ع (احکام القرآن للجصّاص)

اس کے علاوہ بھی ذکر بعد الصلوٰۃ کی متعدِّد صورتیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہوئی ہیں۔ جو حضرات قرآنِ مجید کی اس ہدایت پر عمل کرنا چاہیں وہ مشکوٰۃ، باب الذکر بعد الصلوٰۃ میں سے کوئی ذکر جو اُن کے دل کو سب سے زیادہ اچھا لگے، چھانٹ کر یاد کرلیں اور اس کا التزام کریں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اپنے بتائے ہوئے ذکر سے بہتر اور کون سا ذکر ہوسکتا ہے۔ مگر یہ خیال رکھیں کہ ذکر سے اصل مقصود چند مخصوص الفاظ کو زبان سے گزار دینا نہیں ہے، بلکہ اُن معانی کو ذہن میں تازہ اور مستحکم کرنا ہے جو ان الفاظ میں بیان کیے گئے ہیں۔ اس لیے جو ذکر بھی کیا جائے، اس کے معنٰی اچھی طرح سمجھ لینے چاہییں اور پھر معنٰی کے استحضار کے ساتھ ذکر کرنا چاہیے۔

يَّوْمَ يَسْمَعُوْنَ الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ ؕ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُرُوْجِ ﴿۴۲﴾ اِنَّا نَحْنُ نُحْيٖ وَنُمِيْتُ وَاِلَيْنَا الْمَصِيْرُ ﴿۴۳﴾ يَوْمَ تَشَقَّقُ الْاَرْضُ عَنْهُمْ سِرَاعًا ؕ ذٰلِكَ حَشْرٌ عَلَيْنَا يَسِيْرٌ ﴿۴۴﴾

---

جس دن سب لوگ آوازۂ حشر کو ٹھیک ٹھیک سُن رہے ہوں[۵۳] گے، وہ زمین سے مُردوں کے نکلنے کا دن ہوگا۔ ہم ہی زندگی بخشتے ہیں اور ہم ہی موت دیتے ہیں، اور ہماری طرف ہی اُس دن سب کو پلٹنا ہے جب زمین پھٹے گی اور لوگ اس کے اندر سے نکل کر تیز تیز بھاگے جا رہے ہوں گے۔ یہ حشر ہمارے لیے بہت آسان ہے[۵۴]۔

---

۵۲- یعنی جو شخص جہاں مرا پڑا ہوگا، یا جہاں بھی دنیا میں اس کی موت واقع ہوئی تھی، وہیں خدا کے مُنادی کی آواز اُس کو پہنچے گی کہ اٹھو اور چلو اپنے رب کی طرف اپنا حساب دینے کے لیے۔ یہ آواز کچھ اِس طرح کی ہوگی کہ رُوئے زمین کے چپے چپے پر جو شخص بھی زندہ ہو کر اُٹھے گا، وہ محسوس کرے گا کہ پکارنے والے نے کہیں قریب ہی سے اس کو پکارا ہے۔ ایک ہی وقت میں پُورے کُرۂ ارض پر ہر جگہ یہ آواز یکساں سنائی دے گی۔ اس سے بھی کچھ اندازہ ہو سکتا ہے کہ عالَمِ آخرت میں زمان و مکان کے اعتبارات ہماری موجودہ دنیا کی بہ نسبت کس قدر بدلے ہوئے ہوں گے اور کیسی قوتیں کس طرح کے قوانین کے مطابق وہاں کار فرما ہوں گی۔

۵۳- اصل الفاظ ہیں: يَسْمَعُوْنَ الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ۔ اس کے دو معنٰی ہو سکتے ہیں: ایک یہ کہ سب لوگ امرِ حق کی پکار کو سُن رہے ہوں گے۔ دوسرے یہ کہ آوازۂ حشر کو ٹھیک ٹھیک سُن رہے ہوں گے۔ پہلے معنٰی کے لحاظ سے مطلب یہ ہے کہ لوگ اُسی امرِ حق کی پکار کو اپنے کانوں سے سُن رہے ہوں گے جس کو دنیا میں وہ ماننے کے لیے تیار نہ تھے، جس سے انکار کرنے پر انھیں اصرار تھا، اور جس کی خبر دینے والے پیغمبروں کا وہ مذاق اُڑایا کرتے تھے۔ دوسرے معنٰی کے لحاظ سے مطلب یہ ہے کہ وہ یقینی طور پر یہ آوازۂ حشر سنیں گے، انھیں خود معلوم ہو جائے گا کہ یہ کوئی وہم نہیں ہے بلکہ واقعی یہ آوازۂ حشر ہی ہے، کوئی شبہ انھیں اس امر میں نہ رہے گا کہ جس حشر کی انھیں خبر دی گئی تھی، وہ آ گیا ہے اور یہ اُسی کی پکار بلند ہو رہی ہے۔

۵۴- یہ جواب ہے کُفّار کی اُس بات کا جو آیت ۳ میں نقل کی گئی ہے۔ وہ کہتے تھے کہ بھلا یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ جب ہم مر کر خاک ہو چکے ہوں اُس وقت ہمیں پھر سے زندہ کر کے اُٹھا کھڑا کیا جائے، یہ واپسی تو بعید از عقل و امکان ہے۔ اُن کی اِسی بات کے جواب میں فرمایا گیا ہے کہ یہ حشر، یعنی سب اگلے پچھلے انسانوں کو بیک وقت زندہ کر کے جمع کر لینا

نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ وَ مَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِجَبَّارٍ ۫ فَذَكِّرْ بِالْقُرْاٰنِ مَنْ يَّخَافُ وَعِيْدِ ﴿۴۵﴾ ع

اے نبیؐ! جو باتیں یہ لوگ بنا رہے ہیں انھیں ہم خوب جانتے ہیں،[۵۵] اور تمھارا کام ان سے جبراً بات منوانا نہیں ہے۔ بس تم اِس قرآن کے ذریعے سے ہر اُس شخص کو نصیحت کر دو جو میری تنبیہ سے ڈرے۔[۵۶] ؏

ہمارے لیے بالکل آسان ہے۔ ہمارے لیے یہ معلوم کرنا کچھ مشکل نہیں ہے کہ کس شخص کی خاک کہاں پڑی ہے۔ ہمیں یہ جاننے میں بھی کوئی دقت نہیں پیش آئے گی کہ ان بکھرے ہوئے ذرّات میں سے زید کے ذرّات کون سے ہیں اور بکر کے ذرّات کون سے۔ ان سب کو الگ الگ سمیٹ کر ایک ایک آدمی کا جسم پھر سے بنا دینا، اور اُس جسم میں اُسی شخصیت کو از سرِ نَو پیدا کر دینا جو پہلے اس میں رہ چکی تھی، ہمارے لیے کوئی بڑا محنت طلب کام نہیں ہے، بلکہ ہمارے ایک اشارے سے یہ سب کچھ آناً فاناً ہو سکتا ہے۔ وہ تمام انسان جو آدمؑ کے وقت سے قیامت تک دنیا میں پیدا ہوئے ہیں، ہمارے ایک حکم پر بڑی آسانی سے جمع ہو سکتے ہیں۔ تمھارا چھوٹا سا دماغ اسے بعید سمجھتا ہو تو سمجھا کرے۔ خالقِ کائنات کی قدرت سے یہ بعید نہیں ہے۔

۵۵- اِس فقرے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے تسلّی بھی ہے اور کفّار کے لیے دھمکی بھی۔ حضورؐ کو مخاطَب کر کے فرمایا جا رہا ہے کہ تم پر جو باتیں یہ لوگ بنا رہے ہیں اُن کی قطعاً پروا نہ کرو، ہم سب کچھ سُن رہے ہیں اور اِن سے نمٹنا ہمارا کام ہے۔ کفّار کو متنبّہ کیا جا رہا ہے کہ ہمارے نبی پر جو فقرے تم کَس رہے ہو، وہ تمھیں بہت مہنگے پڑیں گے۔ ہم خود ایک ایک بات سن رہے ہیں اور اس کا خمیازہ تمھیں بھگتنا پڑے گا۔

۵۶- اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جبراً لوگوں سے اپنی بات منوانا چاہتے تھے اور اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو اس سے روک دیا۔ بلکہ دراصل یہ بات حضورؐ کو مخاطَب کر کے کفّار کو سنائی جا رہی ہے۔ گویا ان سے یہ کہا جا رہا ہے کہ ہمارا نبی تم پر جبّار بنا کر تو نہیں بھیجا گیا ہے۔ اُس کا کام زبردستی تمھیں مومن بنانا نہیں ہے کہ تم نہ ماننا چاہو اور وہ جبراً تم سے منوائے۔ اس کی ذمہ داری تو بس اتنی ہے کہ جو متنبّہ کرنے سے ہوش میں آجائے، اُسے قرآن سُنا کر حقیقت سمجھا دے۔ اب اگر تم نہیں مانتے تو نبی تم سے نہیں نمٹے گا بلکہ ہم تم سے نمٹیں گے۔

# تفہیم القرآن

## الذّٰریٰت

## (۵۱)

# الذّٰریٰت

**نام** پہلے ہی لفظ وَالذّٰرِیٰتِ سے ماخوذ ہے۔ مُراد یہ ہے کہ وہ سُورت جس کی ابتدا لفظ الذّاریات سے ہوتی ہے۔

**زمانۂ نزُول** مضامین اور اندازِ بیان سے صاف محسوس ہوتا ہے کہ یہ سورت اس زمانے میں نازل ہوئی ہے جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت کا مقابلہ تکذیب و استہزا اور جھوٹے الزامات سے تو بڑے زور شور کے ساتھ ہو رہا تھا، مگر ابھی ظلم و تشدّد کی چکّی چلنی شروع نہیں ہوئی تھی۔ اس لیے یہ بھی اُسی دَور کی نازل شدہ معلوم ہوتی ہے جس میں سورۂ ق نازل ہوئی ہے۔

**موضوع اور مَباحِث** اس کا بڑا حصّہ آخرت کے موضوع پر ہے، اور آخر میں توحید کی دعوت پیش کی گئی ہے۔ اس کے ساتھ لوگوں کو اس بات پر بھی مُتنبّہ کیا گیا ہے کہ انبیا علیہم السلام کی بات نہ ماننا اور اپنے جاہلانہ تصورات پر اصرار کرنا خود انھی قوموں کے لیے تباہ کُن ثابت ہوا ہے جنھوں نے یہ رَوِش اختیار کی ہے۔

آخرت کے متعلق جو بات اس سورہ کے چھوٹے چھوٹے مگر نہایت پُرمعنیٰ فقروں میں بیان کی گئی ہے، وہ یہ ہے کہ انسانی زندگی کے مآل و انجام کے بارے میں لوگوں کے مختلف اور متضاد عقیدے خود اِس بات کا صریح ثبوت ہیں کہ اِن میں سے کوئی عقیدہ بھی علم پر مبنی نہیں ہے، بلکہ ہر ایک نے قیاسات دوڑا کر اپنی جگہ جو نظریہ قائم کر لیا، اُسی کو وہ اپنا عقیدہ بنا کر بیٹھ گیا۔ کسی نے سمجھا کہ زندگی بعدِ موت نہیں ہوگی۔ کسی نے اس کو مانا تو تناسُخ کی شکل میں مانا۔ کسی نے حیاتِ اُخروی اور جزا و سزا کو تسلیم کیا تو جزائے اعمال سے بچنے کے لیے طرح طرح کے سہارے تجویز کر لیے۔ اتنے بڑے اور اہم ترین بنیادی مسئلے پر، جس کے بارے میں آدمی کی رائے کا غلط ہو جانا اُس کی پوری زندگی کو غلط کر کے رکھ دیتا ہے اور ہمیشہ ہمیشہ کے لیے اُس کے مستقبل کو برباد کر ڈالتا ہے، علم کے بغیر محض قیاسات کی بِنا پر کوئی عقیدہ بنا لینا ایک تباہ کُن حماقت ہے۔ اس کے معنیٰ یہ ہیں کہ آدمی ایک بہت بڑی غلط فہمی میں مبتلا رہ کر ساری عمر جاہلانہ غفلت میں گزار دے اور مرنے کے بعد اچانک ایک ایسی صورتِ حال سے دوچار ہو جس کے لیے اُس نے قطعاً کوئی تیاری نہ کی تھی۔ ایسے مسئلے کے بارے میں صحیح رائے قائم کرنے کا بس ایک ہی راستہ ہے، اور وہ یہ ہے کہ انسان کو آخرت کے متعلق جو علم خدا کی طرف سے اُس کا نبی دے رہا ہے اُس پر وہ سنجیدگی کے ساتھ غور کرے اور زمین و آسمان کے نظام اور خود اپنے وجود پر نگاہ ڈال کر کُھلی آنکھوں سے دیکھے کہ کیا اُس علم کے صحیح ہونے کی

شہادت ہر طرف موجود نہیں ہے؟ اس سلسلے میں ہوا اور بارش کے انتظام کو، زمین کی ساخت اور اُس کی مخلوقات کو، انسان کے اپنے نفس کو، آسمان کی تخلیق کو، اور دنیا کی تمام اشیا کے جوڑوں کی شکل میں بنائے جانے کو آخرت کی شہادت کے طور پر پیش کیا گیا ہے، اور انسانی تاریخ سے مثالیں دے کر بتایا گیا ہے کہ سلطنتِ کائنات کا مزاج کس طرح ایک قانونِ مُکافات کا مقتضی نظر آ رہا ہے۔

اس کے بعد بڑے مختصر انداز میں توحید کی دعوت دیتے ہوئے فرمایا گیا ہے کہ تمھارے خالق نے تم کو دوسروں کی بندگی کے لیے نہیں بلکہ اپنی بندگی کے لیے پیدا کیا ہے۔ وہ تمھارے بناوٹی معبُودوں کی طرح نہیں ہے جو تم سے رزق لیتے ہیں اور تمھاری مدد کے بغیر جن کی خدائی نہیں چل سکتی۔ وہ ایسا معبُود ہے جو سب کا رزّاق ہے، کسی سے رزق لینے کا محتاج نہیں، اور جس کی خدائی خود اُس کے اپنے بل بُوتے پر چل رہی ہے۔

اسی سلسلے میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ انبیا علیہم السّلام کا مقابلہ جب بھی کیا گیا ہے، کسی معقول بنیاد پر نہیں بلکہ اُسی ضد اور ہٹ دھرمی اور جاہلانہ غُرور کی بنیاد پر کیا گیا ہے جو آج محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ برتی جا رہی ہے، اور اس کی محرک بجز سرکشی کے اور کوئی چیز نہیں ہے۔ پھر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو ہدایت فرمائی گئی ہے کہ اِن سرکشوں کی طرف التفات نہ کریں اور اپنی دعوت و تذکیر کا کام کیے جائیں، کیونکہ وہ ان لوگوں کے لیے چاہے نافع نہ ہو، مگر ایمان لانے والوں کے لیے نافع ہے۔ رہے وہ ظالم جو اپنی سرکشی پر مُصر ہیں، تو ان سے پہلے اِسی رَوش پر چلنے والے اپنے حصّے کا عذاب پا چکے ہیں، اور اِن کے حصّے کا عذاب تیار ہے۔

۶۰ ۳

آیاتھا رکوعاتھا

سُوْرَةُ الذّٰرِيٰتِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَ الذّٰرِيٰتِ ذَرْوًا ۙ﴿۱﴾ فَالْحٰمِلٰتِ وِقْرًا ۙ﴿۲﴾ فَالْجٰرِيٰتِ يُسْرًا ۙ﴿۳﴾
فَالْمُقَسِّمٰتِ اَمْرًا ۙ﴿۴﴾ اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَصَادِقٌ ۙ﴿۵﴾ وَّ اِنَّ الدِّيْنَ

قسم ہے اُن ہواؤں کی جو گرد اُڑانے والی ہیں، پھر پانی سے لدے ہوئے بادل اُٹھانے والی ہیں[۱]، پھر سُبک رفتاری کے ساتھ چلنے والی ہیں، پھر ایک بڑے کام (بارش) کی تقسیم کرنے والی ہیں[۲]، حق یہ ہے کہ جس چیز کا تمھیں خوف دلایا جا رہا ہے[۳]، وہ سچّی ہے اور جزائے اعمال

۱- اس امر پر تمام مفسّرین کا اتفاق ہے کہ الذّٰرِیٰت سے مراد پراگندہ کرنے والی اور گرد و غبار اڑانے والی ہوائیں ہیں، اور اَلْحٰمِلٰتِ وِقْرًا (بھاری بوجھ اُٹھانے والیوں) سے مراد وہ ہوائیں ہیں جو سمندروں سے لاکھوں کروڑوں گیلن پانی کے بخارات بادلوں کی شکل میں اُٹھا لیتی ہیں۔ یہی تفسیر حضرت عمرؓ، حضرت علیؓ، حضرت عبداللہ بن عباسؓ، حضرت عبداللہ بن عمرؓ، اور مجاہدؒ، سعید بن جُبیرؒ، حَسن بصریؒ، قَتَادَہؒ اور سُدِّیؒ وغیرہ حضرات سے منقول ہے۔

۲- اَلْجٰرِیٰتِ یُسْرًا اور اَلْمُقَسِّمٰتِ اَمْرًا کی تفسیر میں مفسّرین کے درمیان اختلاف ہے۔ ایک گروہ نے اس بات کو ترجیح دی ہے، یا یہ مفہوم لینا جائز رکھا ہے کہ ان دونوں سے مراد بھی ہوائیں ہی ہیں، یعنی یہی ہوائیں پھر بادلوں کو لے کر چلتی ہیں اور پھر رُوئے زمین کے مختلف حصّوں میں پھیل کر اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق، جہاں جتنا حکم ہوتا ہے، پانی تقسیم کرتی ہیں۔ دوسرے گروہ نے اَلْجٰرِیٰتِ یُسْرًا سے مراد سُبک رفتاری کے ساتھ چلنے والی کشتیاں لی ہیں، اور اَلْمُقَسِّمٰتِ اَمْرًا سے مراد وہ فرشتے لیے ہیں جو اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق اُس کی مخلوقات کے نصیب کی چیزیں اُن میں تقسیم کرتے ہیں۔ ایک رِوایت کی رُو سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان دونوں فقروں کا یہ مطلب بیان کر کے فرمایا کہ اگر میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نہ سُنا ہوتا تو میں اِسے بیان نہ کرتا۔ اِسی بنا پر علامہ آلُوسیؒ اس خیال کا اظہار کرتے ہیں کہ اِس کے سوا اِن فقروں کا کوئی اور مطلب لینا جائز نہیں ہے اور جن لوگوں نے کوئی دوسرا مفہوم لیا ہے اُنھوں نے بے جا جسارت کی ہے۔ لیکن حافظ ابنِ کثیرؒ کہتے ہیں کہ اس رِوایت کی سند ضعیف ہے اور اِس کی بنیاد پر قطعیّت کے ساتھ یہ نہیں کہا جا سکتا کہ فی الواقع حضورؐ ہی نے اِن فقروں کی یہ تفسیر فرمائی ہے۔ اس میں شک نہیں کہ صحابہ و تابعین کی ایک مُعتدٌبِہٖ جماعت سے یہی دوسری تفسیر منقول ہے، لیکن مفسّرین کی ایک اچھی خاصی جماعت نے پہلی تفسیر بھی بیان کی ہے اور سلسلۂ کلام سے وہ زیادہ مناسبت رکھتی ہے۔ شاہ رفیع الدین صاحبؒ، شاہ عبدالقادر صاحبؒ اور مولانا محمود حسن صاحبؒ نے بھی اپنے

لَوَاقِعٌ ۝٦ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْحُبُكِ ۝٧ اِنَّكُمْ لَفِيْ قَوْلٍ

ضرور پیش آنی ہے۔[4]

قسم ہے متفرق شکلوں والے آسمان کی،[5] (آخرت کے بارے میں) تمھاری بات ایک دوسرے سے

ترجموں میں پہلا مفہوم ہی لیا ہے۔

۳- اصل میں لفظ تُوْعَدُوْنَ استعمال کیا گیا ہے۔ یہ اگر وَعْد سے ہو تو اس کا مطلب ہوگا "جس چیز کا تم سے وعدہ کیا جارہا ہے"، اور وَعِید سے ہو تو مطلب یہ ہوگا کہ "جس چیز کا تم کو ڈراوا دیا جارہا ہے"۔ زبان کے لحاظ سے دونوں مطلب یکساں دُرست ہیں۔ لیکن موقع و محل کے ساتھ دوسرا مفہوم زیادہ مناسبت رکھتا ہے، کیونکہ مخاطَب وہ لوگ ہیں جو کفر و شرک اور فِسق و فُجور میں غرق تھے اور یہ بات ماننے کے لیے تیار نہ تھے کہ کبھی اُن کو محاسبے اور جزائے اعمال سے بھی سابقہ پیش آنے والا ہے۔ اسی لیے ہم نے تُوْعَدُوْنَ کو وعدے کے بجائے وعید کے معنیٰ میں لیا ہے۔

۴- یہ ہے وہ بات جس پر قسم کھائی گئی ہے۔ اس قسم کا مطلب یہ ہے کہ جس بے نظیر نظم اور باقاعدگی کے ساتھ بارش کا یہ عظیم الشان ضابطہ تمھاری آنکھوں کے سامنے چل رہا ہے، اور جو حکمت اور مَصلَحتیں اِس میں صریح طور پر کارفرما نظر آتی ہیں، وہ اس بات پر گواہی دے رہی ہیں کہ یہ دنیا کوئی بے مقصد اور بے معنیٰ گھروندا نہیں ہے جس میں لاکھوں کروڑوں برس سے ایک بہت بڑا کھیل بس یُونہی اَلَل ٹَپ ہوئے جارہا ہو، بلکہ یہ درحقیقت ایک کمال درجے کا حکیمانہ نظام ہے، جس میں ہر کام کسی مقصد اور کسی مَصلَحت کے لیے ہو رہا ہے۔ اِس نظام میں یہ کسی طرح ممکن نہیں ہے کہ یہاں انسان جیسی ایک مخلوق کو عقل، شُعُور، تمیز اور تصرُّف کے اختیارات دے کر، اُس میں نیکی و بدی کی اَخلاقی حِس پیدا کر کے، اور اُسے ہر طرح کے اچھے اور بُرے، صحیح اور غلط کاموں کے مواقع دے کر، زمین میں تُرکتازیاں کرنے کے لیے محض فضول اور لایعنی طریقے سے چھوڑ دیا جائے، اور اُس سے کبھی یہ باز پُرس نہ ہو کہ دل و دماغ اور جسم کی جو قوتیں اس کو دی گئی تھیں، دنیا میں کام کرنے کے لیے جو وسیع ذرائع اس کے حوالے کیے گئے تھے، اور خدا کی بے شمار مخلوقات پر تصرُّف کے جو اختیارات اُسے دیے گئے تھے، اُن کو اُس نے کس طرح استعمال کیا۔ جس نظامِ کائنات میں سب کچھ بامقصد ہے، اُس میں صرف انسان جیسی عظیم مخلوق کی تخلیق کیسے بے مقصد ہو سکتی ہے؟ جس نظام میں ہر چیز مبنی بر حکمت ہے، اُس میں تنہا ایک انسان ہی کی تخلیق کیسے فضول اور عَبَث ہو سکتی ہے؟ مخلوقات کی جو اقسام عقل و شُعُور نہیں رکھتیں، ان کی تخلیق کی مَصلَحت تو اِسی عالمِ طبیعی میں پُوری ہو جاتی ہے۔ اس لیے اگر وہ اپنی مدتِ عمر ختم ہونے کے بعد ضائع کر دی جائیں تو یہ عین معقول بات ہے، کیونکہ انھیں کوئی اختیارات دیے ہی نہیں گئے ہیں کہ ان سے محاسبے کا کوئی سوال پیدا ہو۔ مگر عقل و شُعُور اور اختیارات رکھنے والی مخلوق، جس کے افعال محض عالَمِ طبیعت تک محدود نہیں ہیں بلکہ اَخلاقی نوعیت بھی رکھتے ہیں، اور جس کے اَخلاقی نتائج پیدا کرنے والے اعمال کا سلسلہ محض زندگی کی آخری ساعت تک ہی

نہیں چلتا بلکہ مرنے کے بعد بھی اُس پر اخلاقی نتائج مُتَرَتّب ہوتے رہتے ہیں، اُسے صرف اُس کا طبیعی کام ختم ہو جانے کے بعد نباتات وحیوانات کی طرح کیسے ضائع کیا جا سکتا ہے؟ اُس نے تو اپنے اختیار وارادہ سے جو نیکی یا بدی بھی کی ہے، اس کی ٹھیک ٹھیک مبنی برحق وانصاف جزا اس کو لازماً ملنی ہی چاہیے، کیونکہ یہ اُس مَصلَحت کا بنیادی تقاضا ہے جس کے تحت دوسری مخلوقات کے برعکس اس کو ایک ذی اختیار مخلوق بنایا گیا ہے۔ اُس سے محاسبہ نہ ہو، اس کے اَخلاقی اعمال پر جزا وسزا نہ ہو، اور اس کو بھی بے اختیار مخلوقات کی طرح عمرِ طبیعی ختم ہونے پر ضائع کر دیا جائے، تو لامحالہ اس کی تخلیق سراسر عبث ہوگی، اور ایک حکیم سے فعلِ عَبَث کی توقع نہیں کی جا سکتی۔

اِس کے علاوہ آخرت اور جزا وسزا کے وقوع پر اِن چار مظاہرِ کائنات کی قسم کھانے کی ایک اور وجہ بھی ہے۔ منکرینِ آخرت زندگی بعدِ موت کو جس بنا پر غیر ممکن سمجھتے ہیں، وہ یہ ہے کہ ہم جب مر کر خاک میں رَل مِل جائیں گے اور ہمارا ذرہ ذرہ جب زمین میں منتشر ہو جائے گا تو کیسے ممکن ہے کہ یہ سارے منتشر اجزائے جسم پھر اکٹھے ہو جائیں اور ہمیں دوبارہ بنا کھڑا کیا جائے۔ اس شبہے کی غَلَطی اُن چاروں مظاہرِ کائنات پر غور کرنے سے خود بخود رفع ہو جاتی ہے جنھیں آخرت کے لیے دلیل کے طور پر پیش کیا گیا ہے۔ سورج کی شعاعیں رُوئے زمین کے اُن تمام ذخائرِ آب پر اثر انداز ہوتی ہیں جن تک ان کی حرارت پہنچتی ہے۔ اس عمل سے پانی کے بے حد وحساب قطرے اُڑ جاتے ہیں اور اپنے مَخزَن میں باقی نہیں رہتے۔ مگر وہ فنا نہیں ہو جاتے بلکہ بھاپ بن کر ایک ایک قطرہ ہَوا میں محفوظ رہتا ہے۔ پھر جب خدا کا حکم ہوتا ہے تو یہی ہَوا اُن قطروں کی بھاپ کو سمیٹ لاتی ہے، اُس کو کثیف بادلوں کی شکل میں جمع کرتی ہے، اُن بادلوں کو لے کر رُوئے زمین کے مختلف حصّوں میں پھیل جاتی ہے، اور خدا کی طرف سے جو وقت مقرر ہے، ٹھیک اُسی وقت ایک ایک قطرے کو اُسی شکل میں جس میں وہ پہلے تھا، زمین پر واپس پہنچا دیتی ہے۔ یہ منظر جو آئے دن انسان کی آنکھوں کے سامنے گزر رہا ہے، اس بات کی شہادت دیتا ہے کہ مرے ہوئے انسانوں کے اجزائے جسم بھی اللہ تعالیٰ کے ایک اشارے پر جمع ہو سکتے ہیں اور ان انسانوں کو اسی شکل میں پھر اٹھا کھڑا کیا جا سکتا ہے جس میں وہ پہلے موجود تھے۔ یہ اجزا خواہ مٹی میں ہوں، یا پانی میں، یا ہوا میں، بہرحال رہتے اِسی زمین اور اِس کے ماحول ہی میں ہیں۔ جو خدا پانی کے بخارات کو ہوا میں منتشر ہو جانے کے بعد پھر اُسی ہوا کے ذریعے سے سمیٹ لاتا ہے اور انھیں پھر پانی کی شکل میں برسا دیتا ہے، اس کے لیے انسانی جسموں کے بکھرے ہوئے اجزا کو ہوا، پانی اور مٹی میں سے سمیٹ لانا اور پھر سابق شکلوں میں جمع کر دینا آخر کیوں مشکل ہو؟

۵- اصل میں لفظ ذَاتِ الْحُبُكِ استعمال ہوا ہے۔ حُبُک راستوں کو بھی کہتے ہیں۔ اُن لہروں کو بھی کہتے ہیں جو ہوا کے چلنے سے ریگستان کی ریت اور ٹھیرے ہوئے پانی میں پیدا ہو جاتی ہیں۔ اور گھونگھر والے بالوں میں جو لٹیں سی بن جاتی ہیں اُن کے لیے بھی یہ لفظ بولا جاتا ہے۔ یہاں آسمان کو حُبُک والا یا تو اِس لحاظ سے فرمایا گیا ہے کہ آسمان پر اکثر طرح طرح کی شکلوں والے بادل چھائے رہتے ہیں، جن میں ہوا کے اثر سے بار بار تغیّر ہوتا ہے، اور کبھی کوئی شکل نہ خود قائم رہتی ہے نہ کسی دوسری شکل سے مشابہ ہوتی ہے۔ یا اس بنا پر فرمایا گیا ہے کہ رات کے وقت آسمان پر جب تارے بکھرے ہوتے ہیں تو آدمی دیکھتا ہے کہ ان کی بہت سی مختلف شکلیں ہیں اور کوئی شکل دوسری شکل سے نہیں ملتی۔

مُّخۡتَلِفٍ ۙ﴿۸﴾ یُّؤۡفَکُ عَنۡہُ مَنۡ اُفِکَ ؕ﴿۹﴾ قُتِلَ الۡخَرّٰصُوۡنَ ﴿ۙ۱۰﴾
الَّذِیۡنَ ہُمۡ فِیۡ غَمۡرَۃٍ سَاہُوۡنَ ﴿ۙ۱۱﴾ یَسۡـَٔلُوۡنَ اَیَّانَ یَوۡمُ الدِّیۡنِ ﴿ؕ۱۲﴾
یَوۡمَ ہُمۡ عَلَی النَّارِ یُفۡتَنُوۡنَ ﴿۱۳﴾ ذُوۡقُوۡا فِتۡنَتَکُمۡ ؕ ہٰذَا الَّذِیۡ

مختلف ہے[۶]۔ اُس سے وہی برگشتہ ہوتا ہے جو حق سے پِھرا ہُوا ہے[۷]۔
مارے گئے قیاس و گمان سے حکم لگانے والے[۸]، جو جہالت میں غرق اور غفلت میں مدہوش ہیں[۹]۔ پُوچھتے ہیں: آخر وہ روزِ جزا کب آئے گا؟ وہ اُس روز آئے گا جب یہ لوگ آگ پر تپائے جائیں گے[۱۰]۔ (اِن سے کہا جائے گا:) اب چکھو مزا اپنے فتنے کا[۱۱]۔ یہ وہی چیز ہے

۶ - اِس اختلافِ اقوال پر متفرق شکلوں والے آسمان کی قسم تشبیہ کے طور پر کھائی گئی ہے۔ یعنی جس طرح آسمان کے بادلوں اور تاروں کے جُھرمٹوں کی شکلیں مختلف ہیں اور ان میں کوئی مُطابقت نہیں پائی جاتی، اسی طرح آخرت کے متعلق تم لوگ بھانت بھانت کی بولیاں بول رہے ہو اور ہر ایک کی بات دوسرے سے مختلف ہے۔ کوئی کہتا ہے کہ یہ دنیا اَزَلی و ابدی ہے اور کوئی قیامت برپا نہیں ہوسکتی۔ کوئی کہتا ہے کہ یہ نظام حادث ہے اور ایک وقت میں یہ جا کر ختم بھی ہوسکتا ہے، مگر انسان سمیت جو چیز بھی فنا ہوگئی، پھر اس کا اعادہ ممکن نہیں ہے۔ کوئی اعادے کو ممکن مانتا ہے، مگر اس کا عقیدہ یہ ہے کہ انسان اپنے اعمال کے اچھے اور بُرے نتائج بھگتنے کے لیے بار بار اِسی دنیا میں جنم لیتا ہے۔ کوئی جنّت اور جہنّم کا بھی قائل ہے، مگر اس کے ساتھ تناسُخ کو بھی ملاتا ہے، یعنی اس کا خیال یہ ہے کہ گناہ گار جہنّم میں بھی جا کر سزا بھگتتا ہے اور پھر اِس دنیا میں بھی سزا پانے کے لیے جنم لیتا رہتا ہے۔ کوئی کہتا ہے کہ دنیا کی زندگی خود ایک عذاب ہے، جب تک انسان کے نفس کو مادّی زندگی سے لگاؤ باقی رہتا ہے، اُس وقت تک وہ اِس دنیا میں مر مر کر پھر جنم لیتا رہتا ہے، اور اس کی حقیقی نجات (نِروان) یہ ہے کہ وہ بالکل فنا ہو جائے۔ کوئی آخرت اور جنّت و جہنّم کا قائل ہے، مگر کہتا ہے کہ خدا نے اپنے اِکلَوتے بیٹے کو صلیب پر موت دے کر انسان کے اَزَلی گناہ کا کفّارہ ادا کر دیا ہے، اور اُس بیٹے پر ایمان لا کر آدمی اپنے اعمالِ بد کے بُرے نتائج سے بچ جائے گا۔ کچھ دوسرے لوگ آخرت اور جزا و سزا، ہر چیز کو مان کر بعض ایسے بزرگوں کو شفیع تجویز کر لیتے ہیں جو اللہ کے ایسے پیارے ہیں، یا اللہ کے ہاں ایسا زور رکھتے ہیں کہ جو اُن کا دامن گرفتہ ہو، وہ دنیا میں سب کچھ کر کے بھی سزا سے بچ سکتا ہے۔ اِن بزرگ ہستیوں کے بارے میں بھی اِس عقیدے کے ماننے والوں میں اتفاق نہیں ہے، بلکہ ہر ایک گروہ نے اپنے الگ الگ شفیع بنا رکھے ہیں۔ یہ اختلافِ اقوال خود ہی اِس امر کا ثبوت ہے کہ وحی و رسالت سے بے نیاز ہو کر انسان نے اپنے اور اِس دنیا کے انجام پر جب بھی کوئی رائے قائم کی ہے، علم کے بغیر قائم کی ہے۔ ورنہ اگر انسان کے پاس اِس معاملے میں فی الواقع براہِ راست علم کا کوئی ذریعہ ہوتا تو اتنے

مختلف اور متضاد عقیدے پیدا نہ ہوتے۔

۷- اصل الفاظ ہیں: يُؤْفَكُ عَنْهُ مَنْ أُفِكَ۔ اس فقرے میں عَنْهُ کی ضمیر کے دو مَرجع ہو سکتے ہیں: ایک، جزائے اعمال۔ دوسرے، قولِ مختلف۔ پہلی صورت میں اس ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ ”جزائے اعمال کو تو ضرور پیش آنا ہے، تم لوگ اُس کے بارے میں طرح طرح کے مختلف عقیدے رکھتے ہو، مگر اُس کو ماننے سے وہی شخص برگشتہ ہوتا ہے جو حق سے پھرا ہوا ہے۔“ دوسری صورت میں مطلب یہ ہے کہ ”اِن مختلف اقوال سے وہی شخص گمراہ ہوتا ہے جو دراصل حق سے برگشتہ ہے۔“

۸- ان الفاظ میں قرآنِ مجید ایک اہم حقیقت پر انسان کو مُتنبِّہ کر رہا ہے۔ قیاس و گمان کی بنا پر کوئی اندازہ کرنا یا تخمینہ لگانا، دنیوی زندگی کے چھوٹے چھوٹے معاملات میں تو کسی حد تک چل سکتا ہے، اگرچہ علم کا قائم مقام پھر بھی نہیں ہو سکتا، لیکن اتنا بڑا بنیادی مسئلہ کہ ہم اپنی پُوری زندگی کے اعمال کے لیے کسی کے سامنے ذِمہ دار و جواب دہ ہیں یا نہیں، اور ہیں تو کس کے سامنے، کب اور کیا جواب دہی ہمیں کرنی ہوگی، اور اُس جواب دہی میں کامیابی و ناکامی کے نتائج کیا ہوں گے، یہ ایسا مسئلہ نہیں ہے کہ اِس کے متعلق آدمی محض اپنے قیاس و گمان کے مطابق ایک اندازہ قائم کر لے اور پھر اسی جوئے کے داؤں پر اپنا تمام سرمایۂ حیات لگا دے۔ اس لیے کہ یہ اندازہ اگر غلط نکلے تو اس کے معنٰی یہ ہوں گے کہ آدمی نے اپنے آپ کو بالکل تباہ و برباد کر لیا۔ مزید برآں یہ مسئلہ سرے سے اُن مسائل میں سے ہے ہی نہیں جن کے بارے میں آدمی محض قیاس اور ظن و تخمین سے کوئی صحیح رائے قائم کر سکتا ہو۔ کیونکہ قیاس اُن اُمور میں چل سکتا ہے جو انسان کے دائرۂ محسوسات میں شامل ہوں، اور یہ مسئلہ ایسا ہے جس کا کوئی پہلو بھی محسوسات کے دائرے میں نہیں آتا۔ لہٰذا یہ بات ممکن ہی نہیں ہے کہ اِس کے بارے میں کوئی قیاسی اندازہ صحیح ہو سکے۔ اب رہا یہ سوال کہ پھر آدمی کے لیے اِن ماورائے حِسّ و ادراک مسائل کے بارے میں رائے قائم کرنے کی صحیح صورت کیا ہے، تو اس کا جواب قرآنِ مجید میں جگہ جگہ یہ دیا گیا ہے، اور خود اِس سورہ سے بھی یہی جواب مُترشّح ہوتا ہے کہ انسان[۱] براہِ راست خود حقیقت تک نہیں پہنچ سکتا، حقیقت[۲] کا علم اللہ تعالیٰ اپنے نبی کے ذریعے سے دیتا ہے، اور[۳] اُس علم کی صحت کے متعلق آدمی اپنا اطمینان اِس طریقے سے کر سکتا ہے کہ زمین اور آسمان اور خود اُس کے اپنے نفس میں جو بے شمار نشانیاں موجود ہیں، اُن پر غائر نگاہ ڈال کر دیکھے اور پھر بے لاگ طرز پر سوچے کہ یہ نشانیاں آیا اُس حقیقت کی شہادت دے رہی ہیں جو نبی بیان کر رہا ہے، یا اُن مختلف نظریات کی تائید کرتی ہیں جو دوسرے لوگوں نے اس کے بارے میں پیش کیے ہیں؟ خدا اور آخرت کے متعلق علمی تحقیق کا یہی ایک طریقہ ہے جو قرآن میں بتایا گیا ہے۔ اس سے ہٹ کر جو بھی اپنے قیاسی اندازوں پر چلا، وہ مارا گیا۔

۹- یعنی انھیں کچھ پتا نہیں ہے کہ اپنے اِن غلط اندازوں کی وجہ سے وہ کس انجام کی طرف چلے جا رہے ہیں۔ اِن اندازوں کی بنا پر جو راستہ بھی کسی نے اختیار کیا ہے، وہ سیدھا تباہی کی طرف جاتا ہے۔ جو شخص آخرت کا منکر ہے وہ سرے سے کسی جواب دہی کی تیاری ہی نہیں کر رہا ہے اور اس خیال میں مگن ہے کہ مرنے کے بعد کوئی دوسری زندگی نہیں ہوگی، حالانکہ اچانک وہ وقت آ جائے گا جب اس کی توقعات کے بالکل خلاف دوسری زندگی میں اُس کی آنکھیں کھلیں گی اور اسے معلوم ہوگا

کہ یہاں اس کو اپنے ایک ایک عمل کی جواب دہی کرنی ہے۔ جو شخص اِس خیال میں ساری عمر کھپا رہا ہے کہ مر کر پھر اِسی دنیا میں واپس آؤں گا، اُسے مرتے ہی معلوم ہو جائے گا کہ اب واپسی کے سارے دروازے بند ہیں، کسی نئے عمل سے پچھلی زندگی کے اعمال کی تلافی کا اب کوئی موقع نہیں، اور آگے ایک اور زندگی ہے جس میں ہمیشہ ہمیشہ کے لیے اُسے اپنی دنیوی زندگی کے نتائج دیکھنے اور بھگتنے ہیں۔ جو شخص اِس امید میں اپنے آپ کو ہلاک کیے ڈالتا ہے کہ نفس اور اس کی خواہشات کو جب پُوری طرح ماردوں گا تو فنائے محض کی شکل میں مجھے عذابِ ہستی سے نجات مل جائے گی، وہ موت کے دروازے سے گزرتے ہی دیکھ لے گا کہ آگے فنا نہیں بلکہ بقا ہے، اور اسے اب اِس امر کی جواب دہی کرنی ہے کہ کیا تجھے وجود کی نعمت اسی لیے دی گئی تھی کہ تو اسے بنانے اور سنوارنے کے بجائے مٹانے میں اپنی ساری محنتیں صَرف کر دیتا؟ اسی طرح جو شخص کسی ابن اللہ کے کفارہ بن جانے یا کسی بزرگ ہستی کے شفیع بن جانے پر بھروسا کر کے عمر بھر خدا کی نافرمانیاں کرتا رہا، اُسے خدا کے سامنے پہنچتے ہی پتا چل جائے گا کہ یہاں نہ کوئی کسی کا کفارہ ادا کرنے والا ہے اور نہ کسی میں یہ طاقت ہے کہ اپنے زور سے یا اپنی محبُوبیت کے صدقے میں کسی کو خدا کی پکڑ سے بچا لے۔ پس یہ تمام قیاسی عقیدے درحقیقت ایک افسون ہیں جس کی پینک میں یہ لوگ بے سُدھ پڑے ہوئے ہیں اور انھیں کچھ خبر نہیں ہے کہ خدا اور انبیاءؑ کے دیے ہوئے صحیح علم کو نظر انداز کر کے اپنی جس جہالت پر یہ مگن ہیں، وہ انھیں کدھر لیے جا رہی ہے۔

۱۰ – کفار کا یہ سوال کہ روزِ جزا کب آئے گا، علم حاصل کرنے کے لیے نہ تھا بلکہ طعن اور استہزا کے طور پر تھا، اس لیے اُن کو جواب اِس انداز سے دیا گیا۔ یہ بالکل ایسا ہی ہے جیسے آپ کسی شخص کو بدکرداریوں سے باز آنے کی نصیحت کرتے ہوئے اس سے کہیں کہ ایک روز اِن حرکات کا بُرا نتیجہ دیکھو گے، اور وہ اس پر ایک ٹھٹھا مار کر آپ سے پوچھے کہ حضرت! آخر وہ دن کب آئے گا؟ ظاہر ہے کہ اس کا یہ سوال اُس بُرے انجام کی تاریخ معلوم کرنے کے لیے نہیں بلکہ آپ کی نصیحتوں کا مذاق اڑانے کے لیے ہوگا۔ اس لیے اس کا صحیح جواب یہی ہے کہ وہ اُس روز آئے گا جب تمھاری شامت آئے گی۔ اس کے ساتھ یہ بات بھی اچھی طرح سمجھ لینی چاہیے کہ آخرت کے مسئلے پر اگر کوئی منکرِ آخرت سنجیدگی کے ساتھ بحث کر رہا ہو تو وہ اُس کے موافق و مخالف دلائل پر تو بات کر سکتا ہے، مگر جب تک اس کا دماغ بالکل ہی خراب نہ ہو چکا ہو، یہ سوال وہ کبھی نہیں کر سکتا کہ بتاؤ، وہ آخرت کس تاریخ کو آئے گی۔ اُس کی طرف سے یہ سوال جب بھی ہوگا، طنز اور تمسخر کے طور پر ہی ہوگا۔ اس لیے کہ آخرت کے آنے کی تاریخ بیان کرنے اور نہ کرنے کا کوئی اثر بھی اصل بحث پر نہیں پڑتا۔ کوئی شخص نہ اِس بنا پر آخرت کا انکار کرتا ہے کہ اس کی آمد کا سال، مہینا اور دن نہیں بتایا گیا ہے، اور نہ یہ سُن کر اُس کی آمد کو مان سکتا ہے کہ وہ فُلاں سال فُلاں مہینے کی فُلاں تاریخ کو آئے گی۔ تاریخ کا تعیُّن سرے سے کوئی دلیل ہی نہیں ہے کہ وہ کسی منکر کو اقرار پر آمادہ کر دے، کیونکہ اس کے بعد پھر یہ سوال پیدا ہو جاتا ہے کہ وہ دن آنے سے پہلے آخر کیسے یہ یقین کر لیا جائے کہ اُس روز واقعی آخرت برپا ہو جائے گی۔

۱۱ – فتنے کا لفظ یہاں دو معنی دے رہا ہے: ایک معنی یہ ہیں کہ اپنے اِس عذاب کا مزا چکھو۔ دوسرے معنی یہ کہ اپنے اُس فتنے کا مزا چکھو جو تم نے دنیا میں برپا کر رکھا تھا۔ عربی زبان میں اس لفظ کے اِن دونوں مفہُوموں کی

كُنْتُمْ بِهٖ تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۱۴﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۱۵﴾
اٰخِذِيْنَ مَآ اٰتٰىهُمْ رَبُّهُمْ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُحْسِنِيْنَ ﴿۱۶﴾

جس کے لیے تم جلدی مچا رہے تھے[۱۲]۔ البتہ متقی لوگ[۱۳] اُس روز باغوں اور چشموں میں ہوں گے، جو کچھ اُن کا رب انھیں دے گا اسے خوشی خوشی لے رہے ہوں گے[۱۴]۔ وہ اُس دن کے آنے سے پہلے نیکو کار تھے،

یکساں گنجایش ہے۔

۱۲- کفّار کا یہ پوچھنا کہ ”آخر وہ روزِ جزا کب آئے گا“ اپنے اندر خود یہ مفہوم رکھتا تھا کہ اس کے آنے میں دیر کیوں لگ رہی ہے؟ جب ہم اُس کا انکار کر رہے ہیں اور اس کے جھٹلانے کی سزا ہمارے لیے لازم ہو چکی ہے تو وہ آ کیوں نہیں جاتا؟ اسی لیے جہنّم کی آگ میں جب وہ تپ رہے ہوں گے، اُس وقت اُن سے کہا جائے گا کہ یہ ہے وہ چیز جس کے لیے تم جلدی مچا رہے تھے۔ اِس فقرے سے یہ مفہوم آپ سے آپ نکلتا ہے کہ یہ تو اللہ تعالیٰ کی مہربانی تھی کہ اس نے تم سے نافرمانی کا ظہور ہوتے ہی تمھیں فوراً نہ پکڑ لیا اور سوچنے، سمجھنے اور سنبھلنے کے لیے وہ تم کو ایک لمبی مہلت دیتا رہا۔ مگر تم ایسے احمق تھے کہ اس مہلت سے فائدہ اٹھانے کے بجائے اُلٹا یہ مطالبہ کرتے رہے کہ یہ وقت تم پر جلدی لے آیا جائے۔ اب دیکھ لو کہ وہ کیا چیز تھی جس کے جلدی آ جانے کا مطالبہ تم کر رہے تھے۔

۱۳- اِس سیاق وسباق میں لفظ مُتّقی صاف طور پر یہ معنیٰ دے رہا ہے کہ اس سے مراد وہ لوگ ہیں جنھوں نے خدا کی کتاب اور اس کے رسول کی دی ہوئی خبر پر یقین لا کر آخرت کو مان لیا، اور وہ رَوِیّہ اختیار کر لیا جو حیاتِ اُخروی کی کامیابی کے لیے انھیں بتایا گیا تھا، اور اُس رَوِش سے اجتناب کیا جس کے متعلق اُنھیں بتا دیا گیا تھا کہ یہ خدا کے عذاب میں مبتلا کرنے والی ہے۔

۱۴- اگرچہ اصل الفاظ ہیں: اٰخِذِيْنَ مَآ اٰتٰىهُمْ رَبُّهُمْ، اور ان کا لفظی ترجمہ صرف یہ ہے کہ ”لے رہے ہوں گے جو کچھ اُن کے رب نے اُن کو دیا ہو گا“، لیکن موقع ومحل کی مناسبت سے اِس جگہ ”لینے“ کا مطلب محض ”لینا“ نہیں بلکہ خوشی خوشی لینا ہے، جیسے کچھ لوگوں کو ایک سخی داتا مُٹھیاں بھر بھر کر انعام دے رہا ہو اور وہ لپک لپک کر اسے لے رہے ہوں۔ جب کسی شخص کو اس کی پسند کی چیز دی جائے تو اس لینے میں آپ سے آپ بخوشی قبول کرنے کا مفہوم پیدا ہو جاتا ہے۔ قرآنِ مجید میں ایک جگہ فرمایا گیا ہے کہ اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَيَاْخُذُ الصَّدَقٰتِ (التوبہ: ۱۰۴) ”کیا لوگ نہیں جانتے کہ وہ اللہ ہی ہے جو اپنے بندوں سے توبہ قبول کرتا ہے اور صدقات لیتا ہے۔“ اس جگہ صدقات لینے سے مراد محض ان کو وصول کرنا نہیں بلکہ پسندیدگی کے ساتھ ان کو قبول کرنا ہے۔

كَانُوْا قَلِيْلًا مِّنَ الَّيْلِ مَا يَهْجَعُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَبِالْاَسْحَارِ هُمْ
يَسْتَغْفِرُوْنَ ﴿۱۸﴾ وَفِيْٓ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ لِّلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِ ﴿۱۹﴾

راتوں کو کم ہی سوتے تھے۔[۱۵] پھر وہی رات کے پچھلے پہروں میں معافی مانگتے تھے،[۱۶] اور اُن کے مالوں میں حق تھا سائل اور محروم کے لیے۔[۱۷]

۱۵- مفسّرین کے ایک گروہ نے اس آیت کا مطلب یہ لیا ہے کہ کم ہی ایسا ہوتا تھا کہ وہ رات بھر سو کر گزار دیں اور اس کا کچھ نہ کچھ حصّہ، کم یا زیادہ، ابتدائے شب میں یا وسطِ شب میں یا آخرِ شب میں، جاگ کر اللہ تعالیٰ کی عبادت میں صَرف نہ کریں۔ یہ تفسیر تھوڑے لفظی اختلافات کے ساتھ حضرات ابنِ عباسؓ، اَنَس بن مالکؓ، محمد الباقر، مطرف بن عبداللہ، ابوالعالیہ، مجاہد، قَتَادہ، ربیع بن اَنَس وغیرہم سے منقول ہے۔ دوسرے گروہ نے اس کے معنیٰ یہ بیان کیے ہیں کہ وہ اپنی راتوں کا زیادہ حصہ اللہ جَلّ شانہٗ کی عبادت میں گزارتے تھے اور کم سوتے تھے۔ یہ قول حضرات حسن بصریؒ، اَحنف بن قیسؒ اور ابنِ شِہاب زُہریؒ کا ہے، اور بعد کے مفسّرین و مترجمین نے اسی کو ترجیح دی ہے، کیونکہ آیت کے الفاظ اور موقع و محل کے لحاظ سے یہی تفسیر زیادہ مناسبت رکھتی نظر آتی ہے۔ اِسی لیے ہم نے ترجمے میں یہی معنیٰ اختیار کیے ہیں۔

۱۶- یعنی وہ اُن لوگوں میں سے نہ تھے جو اپنی راتیں فِسق و فُجور اور فواحش میں گزارتے رہے اور پھر بھی کسی اِستِغفار کا خیال تک اُنھیں نہ آیا۔ اس کے برعکس ان کا حال یہ تھا کہ رات کا اچھا خاصا حصہ عبادتِ الٰہی میں صرف کر دیتے تھے، اور پھر بھی پچھلے پہروں میں اپنے رب کے حضور معافی مانگتے تھے کہ آپ کی بندگی کا جو حق ہم پر تھا، اس کے ادا کرنے میں ہم سے تقصیر ہوئی۔ هُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ کے الفاظ میں ایک اشارہ اس بات کی طرف بھی نکلتا ہے کہ یہ رَوِش انھی کو زیبا تھی۔ وہی اِس شانِ عُبودیت کے اہل تھے کہ اپنے رب کی بندگی میں جان بھی لڑائیں اور پھر اُس پر پُھولنے اور اپنی نیکی پر فخر کرنے کے بجائے گڑگڑا کر اپنی کوتاہیوں کی معافی بھی مانگیں۔ یہ اُن بے شرم گناہ گاروں کا رَوِیّہ نہ ہو سکتا تھا جو گناہ بھی کرتے تھے اور اُوپر سے اکڑتے بھی تھے۔

۱۷- بالفاظِ دیگر، ایک طرف اپنے رب کا حق وہ اِس طرح پہچانتے اور ادا کرتے تھے، دوسری طرف بندوں کے ساتھ اُن کا معاملہ یہ تھا۔ جو کچھ بھی اللہ نے ان کو دیا تھا، خواہ تھوڑا یا بہت، اُس میں وہ صرف اپنا اور اپنے بال بچوں ہی کا حق نہیں سمجھتے تھے، بلکہ اُن کو یہ احساس تھا کہ ہمارے اِس مال میں ہر اُس بندۂ خدا کا حق ہے جو ہماری مدد کا محتاج ہو۔ وہ بندوں کی مدد خیرات کے طور پر نہیں کرتے تھے کہ اُس پر اُن سے شکریے کے طالب ہوتے اور اُن کو اپنا زیرِ بار احسان ٹھیراتے، بلکہ وہ اِسے اُن کا حق سمجھتے تھے اور اپنا فرض سمجھ کر ادا کرتے تھے۔ پھر اُن کی یہ خدمتِ خلق صرف اُنھی لوگوں تک محدود نہ تھی جو خود سائل بن کر اُن کے پاس مدد مانگنے کے لیے آتے، بلکہ جس کے متعلق بھی ان کے علم میں یہ بات آجاتی تھی کہ وہ اپنی روزی پانے سے محروم رہ گیا ہے، اس کی مدد کے لیے وہ خود بے چین ہو جاتے تھے۔ کوئی یتیم بچہ جو بے سہارا

وَ فِي الْاَرْضِ اٰيٰتٌ لِّلْمُوْقِنِيْنَ ﴿۲۰﴾ وَ فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ ؕ اَفَلَا

زمین میں بہت سی نشانیاں ہیں یقین لانے والوں کے لیے،[۱۸] اور خود تمھارے اپنے وجود میں ہیں۔[۱۹] کیا

رہ گیا ہو، کوئی بیوہ جس کا کوئی سردھرا نہ ہو، کوئی معذور جو اپنی روزی کے لیے ہاتھ پاؤں نہ مار سکتا ہو، کوئی شخص جس کا روزگار چھوٹ گیا ہو یا جس کی کمائی اس کی ضروریات کے لیے کافی نہ ہو رہی ہو، کوئی شخص جو کسی آفت کا شکار ہو گیا ہو اور اپنے نقصان کی تلافی خود نہ کر سکتا ہو، غرض کوئی حاجت مند ایسا نہ تھا جس کی حالت ان کے علم میں آئی ہو اور وہ اس کی دستگیری کر سکتے ہوں، اور پھر بھی انھوں نے اس کا حق مان کر اس کی مدد کرنے سے دریغ کیا ہو۔

یہ تین صفات ہیں جن کی بنا پر اللہ تعالیٰ ان کو متقی اور مُحسن قرار دیتا ہے اور فرماتا ہے کہ انھی صفات نے ان کو جنّت کا مستحق بنایا ہے۔ ایک یہ کہ آخرت پر ایمان لا کر انھوں نے ہر اُس رَوِش سے پرہیز کیا جسے اللہ اور اس کے رسولؐ نے اُخروی زندگی کے لیے تباہ کُن بتایا تھا۔ دوسرے یہ کہ انھوں نے اللہ کی بندگی کا حق اپنی جان لڑا کر ادا کیا اور اُس پر فخر کرنے کے بجائے استغفار ہی کرتے رہے۔ تیسرے یہ کہ انھوں نے اللہ کے بندوں کی خدمت اُن پر احسان سمجھ کر نہیں بلکہ اپنا فرض اور اُن کا حق سمجھ کر کی۔

اس مقام پر یہ بات اور جان لینی چاہیے کہ اہلِ ایمان کے اموال میں سائل اور محروم کے جس حق کا یہاں ذکر کیا گیا ہے، اُس سے مُراد زکوٰۃ نہیں ہے جسے شرعاً اُن پر فرض کر دیا گیا ہے، بلکہ یہ وہ حق ہے جو زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد بھی ایک صاحبِ استطاعت مومن اپنے مال میں خود محسوس کرتا ہے اور اپنے دل کی رغبت سے اس کو ادا کرتا ہے، بغیر اس کے کہ شریعت نے اسے لازم کیا ہو۔ ابنِ عباسؓ، مجاہدؒ اور زید بن اسلمؒ وغیرہ بزرگوں نے اس آیت کا یہی مطلب بیان کیا ہے۔ درحقیقت اِس ارشادِ الٰہی کی اصل روح یہ ہے کہ ایک متّقی و مُحسن انسان کبھی اِس غلط فہمی میں مبتلا نہیں ہوتا کہ خدا اور اس کے بندوں کا جو حق میرے مال میں تھا، زکوٰۃ ادا کر کے میں اُس سے بالکل سُبکدوش ہو چکا ہوں، اب میں نے اس بات کا کوئی ٹھیکا نہیں لے لیا ہے کہ ہر ننگے، بھوکے، مصیبت زدہ آدمی کی مدد کرتا پھروں۔ اس کے برعکس جو اللہ کا بندہ واقعی متقی و مُحسن ہوتا ہے، وہ ہر وقت ہر اُس بھلائی کے لیے جو اُس کے بس میں ہو، دل و جان سے تیار رہتا ہے، اور جو موقع بھی اسے دنیا میں کوئی نیک کام کرنے کے لیے ملے، اُسے ہاتھ سے نہیں جانے دیتا۔ اُس کے سوچنے کا یہ انداز ہی نہیں ہوتا کہ جو نیکی مجھ پر فرض کی گئی تھی وہ میں کر چکا ہوں، اب مزید نیکی کیوں کروں؟ نیکی کی قدر جو شخص پہچان چکا ہو، وہ اسے بار سمجھ کر برداشت نہیں کرتا، بلکہ اپنے ہی نفع کا سودا سمجھ کر زیادہ سے زیادہ کمانے کا حریص ہو جاتا ہے۔

**۱۸** — نشانیوں سے مراد وہ نشانیاں ہیں جو آخرت کے امکان اور اس کے وجوب ولُزوم کی شہادت دے رہی ہیں۔ زمین کا اپنا وجود اور اس کی ساخت، اس کا سورج سے ایک خاص فاصلے پر اور ایک خاص زاویے پر رکھا جانا، اُس پر حرارت اور روشنی کا انتظام، اُس پر مختلف موسموں کی آمد و رفت، اس کے اُوپر ہوا اور پانی کی فراہمی، اس کے پیٹ میں طرح طرح کے بے شمار خزانوں کا مہیا کیا جانا، اس کی سطح پر ایک زرخیز چھلکا چڑھایا جانا، اس میں قسم قسم کی بے حد وحساب

نباتات کا اُگایا جانا، اُس کے اندر خشکی اور تری اور ہوا کے جانوروں کی بے شمار نسلیں جاری کرنا، اس میں ہر نوع کی زندگی کے لیے مناسب حالات اور موزوں خوراک کا انتظام کرنا، اُس پر انسان کو وجود میں لانے سے پہلے وہ تمام ذرائع و وسائل فراہم کر دینا جو تاریخ کے ہر مرحلے میں اس کی روز افزوں ضروریات ہی کا نہیں بلکہ اس کی تہذیب و تمدّن کے ارتقا کا ساتھ بھی دیتے چلے جائیں، یہ اور دوسری اَن گنت نشانیاں ایسی ہیں کہ دیدۂ بینا رکھنے والا جس طرف بھی زمین اور اس کے ماحول میں نگاہ ڈالے، وہ اس کا دامنِ دل کھینچ لیتی ہیں۔ جو شخص یقین کے لیے اپنے دل کے دروازے بند کر چکا ہو، اس کی بات تو دوسری ہے۔ وہ ان میں اَور سب کچھ دیکھ لے گا، بس حقیقت کی طرف اشارہ کرنے والی کوئی نشانی ہی نہ دیکھے گا۔ مگر جس کا دل تعصّب سے پاک اور سچائی کے لیے کُھلا ہوا ہے، وہ ان چیزوں کو دیکھ کر ہرگز یہ تصوّر قائم نہ کرے گا کہ یہ سب کچھ کسی اتفاقی دھماکے کا نتیجہ ہے جو کئی ارب سال پہلے کائنات میں اچانک برپا ہوا تھا، بلکہ اسے یقین آ جائے گا کہ یہ کمال درجے کی حکیمانہ صنعت ضرور ایک قادرِ مُطلَق اور دانا و بینا خدا کی تخلیق ہے، اور وہ خدا جس نے یہ زمین بنائی ہے، نہ اِس بات سے عاجز ہو سکتا ہے کہ انسان کو مرنے کے بعد دوبارہ پیدا کر دے، اور نہ ایسا نادان ہو سکتا ہے کہ اپنی زمین میں عقل وشُعُور رکھنے والی ایک مخلوق کو اختیارات دے کر بے نتھے بیل کی طرح چھوڑ دے۔ اختیارات کا دیا جانا آپ سے آپ محاسبے کا تقاضا کرتا ہے، جو اگر نہ ہو تو حکمت اور انصاف کے خلاف ہوگا۔ اور قدرتِ مُطلَقہ کا پایا جانا خود بخود اس بات کا ثبوت ہے کہ دنیا میں نوعِ انسانی کا کام ختم ہونے کے بعد اس کا خالق جب چاہے محاسبے کے لیے اس کے تمام افراد کو زمین کے ہر گوشے سے، جہاں بھی وہ مرے پڑے ہوں، اٹھا کر لا سکتا ہے۔

۱۹ – یعنی باہر دیکھنے کی بھی حاجت نہیں، خود اپنے اندر دیکھو تو تمھیں اِسی حقیقت پر گواہی دینے والی بے شمار نشانیاں مل جائیں گی۔ کس طرح ایک خُردبینی کیڑے اور ایسے ہی ایک خُردبینی انڈے کو ملا کر ماں کے ایک گوشۂ جسم میں تمھاری تخلیق کی بِنا ڈالی گئی۔ کس طرح تمھیں اُس تاریک گوشے میں پرورش کر کے بتدریج بڑھایا گیا۔ کس طرح تمھیں ایک بے نظیر ساخت کا جسم اور حیرت انگیز قوتوں سے مالا مال نفس عطا کیا گیا۔ کس طرح تمھاری بناوٹ کی تکمیل ہوتے ہی شکمِ مادر کی تنگ و تاریک دنیا سے نکال کر تمھیں اِس وسیع و عریض دنیا میں اِس شان کے ساتھ لایا گیا کہ ایک زبردست خود کار مشین تمھارے اندر نصب ہے جو روزِ پیدائش سے جوانی اور بڑھاپے تک سانس لینے، غذا ہضم کرنے، خون بنانے اور رگ رگ میں اس کو دوڑانے، فضلات خارج کرنے، تحلیل شدہ اجزائے جسم کی جگہ دوسرے اجزا تیار کرنے، اور اندر سے پیدا ہونے والی یا باہر سے آنے والی آفات کا مقابلہ کرنے اور نقصانات کی تلافی کرنے، حتّٰی کہ تھکاوٹ کے بعد تمھیں آرام کے لیے سُلا دینے تک کا کام خود بخود کیے جاتی ہے، بغیر اس کے کہ تمھاری توجہات اور کوششوں کا کوئی حصّہ زندگی کی اِن بنیادی ضروریات پر صَرف ہو۔ ایک عجیب دماغ تمھارے کاسۂ سر میں رکھ دیا گیا ہے، جس کی پیچیدہ تہوں میں عقل، فکر، تخیُّل، شُعُور، تمیز، ارادہ، حافظہ، خواہش، احساسات وجذبات، مَیلانات ورُجحانات، اور دوسری ذہنی قوتوں کی ایک انمول دولت بھری پڑی ہے۔ بہت سے ذرائعِ علم تم کو دیے گئے ہیں جو آنکھ، ناک، کان اور پُورے جسم کی کھال سے تم کو ہر نوعیت کی اطلاعات بہم پہنچاتے ہیں۔ زبان اور گویائی کی طاقت تم کو دے دی گئی ہے، جس کے ذریعے

سے تم اپنے مافی الضمیر کا اظہار کر سکتے ہو۔ اور پھر تمھارے وجود کی اس پُوری سلطنت پر تمھاری اَنا کو ایک رئیس بنا کر بٹھا دیا گیا ہے کہ ان تمام قوتوں سے کام لے کر رائیں قائم کرو اور یہ فیصلہ کرو کہ تمھیں کن راہوں میں اپنے اوقات، محنتوں اور کوششوں کو صَرف کرنا ہے، کیا چیز رَدّ کرنی ہے اور کیا قبول کرنی ہے، کس چیز کو اپنا مقصود بنانا ہے اور کس کو نہیں بنانا۔

یہ ہستی بنا کر جب تمھیں دنیا میں لایا گیا تو ذرا دیکھو کہ یہاں آتے ہی کتنا سرو سامان تمھاری پرورش، نشو و نما، اور ترقی و تکمیلِ ذات کے لیے تیار تھا، جس کی بدولت تم زندگی کے ایک خاص مرحلے پر پہنچ کر اپنے اِن اختیارات کو استعمال کرنے کے قابل ہو گئے۔

اِن اختیارات کو استعمال کرنے کے لیے زمین میں تم کو ذرائع دیے گئے، مواقع فراہم کیے گئے، بہت سی چیزوں پر تم کو تصرّف کی طاقت دی گئی۔ بہت سے انسانوں کے ساتھ تم نے طرح طرح کے معاملات کیے۔ تمھارے سامنے کفر و ایمان، فسق و طاعت، ظلم و انصاف، نیکی و بدی، حق و باطل کی تمام راہیں کھلی ہوئی تھیں، اور ان راہوں میں سے ہر ایک کی طرف بلانے والے اور ہر ایک کی طرف لے جانے والے اسباب موجود تھے۔ تم میں سے جس نے جس راہ کو بھی انتخاب کیا اپنی ذمہ داری پر کیا، کیونکہ فیصلہ و انتخاب کی طاقت اُس کے اندر ودیعت تھی۔ ہر ایک کے اپنے ہی انتخاب کے مطابق اُس کی نیتوں اور ارادوں کو عمل میں لانے کے جو مواقع اس کو حاصل ہوئے، ان سے فائدہ اُٹھا کر کوئی نیک بنا اور کوئی بد، کسی نے ایمان کی راہ اختیار کی اور کسی نے کفر و شرک یا دہریت کی راہ لی، کسی نے اپنے نفس کو ناجائز خواہشات سے روکا اور کوئی بندگیِ نفس میں سب کچھ کر گزرا، کسی نے ظلم کیا اور کسی نے ظلم سہا، کسی نے حُقوق ادا کیے اور کسی نے حُقوق مارے، کسی نے مرتے دم تک دنیا میں بھلائی کی اور کوئی زندگی کی آخری ساعت تک بُرائیاں کرتا رہا، کسی نے حق کا بول بالا کرنے کے لیے جان لڑائی، اور کوئی باطل کو سربلند کرنے کے لیے اہلِ حق پر دست درازیاں کرتا رہا۔

اب کیا کوئی شخص جس کی بیے کی آنکھیں بالکل ہی پھوٹ نہ گئی ہوں، یہ کہہ سکتا ہے کہ اس طرح کی ایک ہستی زمین پر اتفاقاً وجود میں آ گئی ہے؟ کوئی حکمت اور کوئی منصوبہ اس کے پیچھے کارفرما نہیں ہے؟ زمین پر اُس کے ہاتھوں یہ سارے ہنگامے جو برپا ہو رہے ہیں، سب بے مقصد ہیں اور بے نتیجہ ہی ختم ہو جانے والے ہیں؟ کسی بھلائی کا کوئی ثمرہ اور کسی بدی کا کوئی پھل نہیں؟ کسی ظلم کی کوئی داد اور کسی ظالم کی کوئی باز پُرس نہیں؟ اِس طرح کی باتیں ایک عقل کا اندھا تو کہہ سکتا ہے، یا پھر وہ شخص کہہ سکتا ہے جو پہلے سے قسم کھائے بیٹھا ہے کہ تخلیقِ انسان کے پیچھے کسی حکیم کی حکمت کو نہیں ماننا ہے۔ مگر ایک غیر متعصب صاحبِ عقل آدمی یہ مانے بغیر نہیں رہ سکتا کہ انسان کو جس طرح، جن قوتوں اور قابلیتوں کے ساتھ اِس دنیا میں پیدا کیا گیا ہے اور جو حیثیت اس کو یہاں دی گئی ہے، وہ یقیناً ایک بہت بڑا حکیمانہ منصوبہ ہے، اور جس خدا کا یہ منصوبہ ہے، اُس کی حکمت لازماً یہ تقاضا کرتی ہے کہ انسان سے اس کے اعمال کی باز پُرس ہو، اور اس کی قدرت کے بارے میں یہ گمان کرنا ہرگز دُرست نہیں ہو سکتا کہ جس انسان کو وہ ایک خُردبینی خلیّے سے شروع کر کے اس مرتبے تک پہنچا چکا ہے، اسے پھر وجود میں نہ لا سکے گا۔

تُبۡصِرُوۡنَ ﴿۲۱﴾ وَ فِی السَّمَآءِ رِزۡقُکُمۡ وَ مَا تُوۡعَدُوۡنَ ﴿۲۲﴾ فَوَ رَبِّ
السَّمَآءِ وَ الۡاَرۡضِ اِنَّہٗ لَحَقٌّ مِّثۡلَ مَاۤ اَنَّکُمۡ تَنۡطِقُوۡنَ ﴿۲۳﴾ؑ هَلۡ ع ۲۲/۸
اَتٰىکَ حَدِیۡثُ ضَیۡفِ اِبۡرٰهِیۡمَ الۡمُکۡرَمِیۡنَ ﴿۲۴﴾ اِذۡ دَخَلُوۡا وقف لازم

تم کو سُوجھتا نہیں؟ آسمان ہی میں ہے تمھارا رزق بھی اور وہ چیز بھی جس کا تم سے وعدہ کیا جا رہا ہے[۲۰]۔ پس قسم ہے آسمان اور زمین کے مالک کی! یہ بات حق ہے، ایسی ہی یقینی جیسے تم بول رہے ہو۔ ع

اَے نبیؐ![۲۱] ابراہیمؑ کے معزّز مہمانوں کی حکایت بھی تمھیں پہنچی ہے[۲۲]؟ جب وہ اُس کے ہاں

۲۰- آسمان سے مراد یہاں عالَمِ بالا ہے۔ رزق سے مراد وہ سب کچھ ہے جو دنیا میں انسان کو جینے اور کام کرنے کے لیے دیا جاتا ہے۔ اور مَا تُوۡعَدُوۡنَ سے مراد قیامت، حشر و نشر، محاسبہ و بازپُرس، جزا و سزا، اور جنت و دوزخ ہیں، جن کے رُونما ہونے کا وعدہ تمام کُتُبِ آسمانی میں اور اِس قرآن میں کیا جاتا رہا ہے۔ ارشادِ الٰہی کا مطلب یہ ہے کہ عالَمِ بالا ہی سے یہ فیصلہ ہوتا ہے کہ تم میں سے کس کو کیا کچھ دنیا میں دیا جائے، اور وہیں سے یہ فیصلہ بھی ہونا ہے کہ تمھیں بازپُرس اور جزائے اعمال کے لیے کب بلایا جائے۔

۲۱- اب یہاں سے رُکوعِ دوم کے اختتام تک انبیا علیہم السلام اور بعض گزشتہ قوموں کے انجام کی طرف پے در پے مختصر اشارات کیے گئے ہیں جن سے دو باتیں ذہن نشین کرانی مقصود ہیں:

ایک یہ کہ انسانی تاریخ میں خدا کا قانونِ مُکافات برابر کام کرتا رہا ہے، جس میں نیکوکاروں کے لیے انعام اور ظالموں کے لیے سزا کی مثالیں مسلسل پائی جاتی ہیں۔ یہ اس بات کی کھلی علامت ہے کہ دنیا کی اس زندگی میں بھی انسان کے ساتھ اس کے خالق کا معاملہ صرف قوانینِ طبیعی (physical law) پر مبنی نہیں ہے، بلکہ اَخلاقی قانون (moral-law) اس کے ساتھ کارفرما ہے۔ اور جب سلطنتِ کائنات کا مزاج یہ ہے کہ جس مخلوق کو جسمِ طبیعی میں رہ کر اَخلاقی اعمال کا موقع دیا گیا ہو، اُس کے ساتھ حیوانات و نباتات کی طرح محض طبیعی قوانین پر معاملہ نہ کیا جائے، بلکہ اس کے اخلاقی اعمال پر اخلاقی قانون بھی نافذ کیا جائے، تو یہ بات بجائے خود اس حقیقت کی صاف نشان دہی کرتی ہے کہ اِس سلطنت میں ایک وقت ایسا ضرور آنا چاہیے جب اِس طبیعی دنیا میں انسان کا کام ختم ہو جانے کے بعد خالص اَخلاقی قانون کے مطابق اس کے اخلاقی اعمال کے نتائج پُوری طرح برآمد ہوں، کیونکہ اس طبیعی دنیا میں وہ مکمل طور پر برآمد نہیں ہو سکتے۔

عَلَيْهِ فَقَالُوْا سَلٰمًا ۭ قَالَ سَلٰمٌ ۚ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ ۝ ۲۵ فَرَاغَ اِلٰٓى اَهْلِهٖ
فَجَآءَ بِعِجْلٍ سَمِيْنٍ ۝ ۲۶ فَقَرَّبَهٗٓ اِلَيْهِمْ قَالَ اَلَا تَاْكُلُوْنَ ۝ ۲۷
فَاَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيْفَةً ۭ قَالُوْا لَا تَخَفْ ۭ وَبَشَّرُوْهُ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ ۝ ۲۸

---

آئے تو کہا: آپ کو سلام ہے۔ اُس نے کہا: ”آپ لوگوں کو بھی سلام ہے ـــــ کچھ نا آشنا سے لوگ ہیں۔“[۲۳] پھر وہ چپکے سے اپنے گھر والوں کے پاس گیا،[۲۴] اور ایک موٹا تازہ بچھڑا[۲۵] لا کر مہمانوں کے آگے پیش کیا۔ اُس نے کہا: ”آپ حضرات کھاتے نہیں؟“ پھر وہ اپنے دل میں ان سے ڈرا۔[۲۶] انھوں نے کہا: ”ڈریے نہیں!“ اور اُسے ایک ذی علم لڑکے کی پیدائش کا مُژدہ سُنایا۔[۲۷]

---

دوسری بات جو اِن تاریخی اشارات سے ذہن نشین کرائی گئی ہے، وہ یہ ہے کہ جن قوموں نے بھی انبیا علیہم السّلام کی بات نہ مانی اور اپنی زندگی کا پورا رَوِیّہ توحید، رسالت اور آخرت کے انکار پر قائم کیا، وہ آخرکار ہلاکت کی مستحق ہو کر رہیں۔ تاریخ کا یہ مسلسل تجربہ اس بات پر شاہد ہے کہ خدا کا قانونِ اَخلاق جو انبیاؑ کے ذریعے سے دیا گیا، اور اس کے مطابق انسانی اعمال کی باز پُرس جو آخرت میں ہونی ہے، سراسر مبنی بر حقیقت ہے، کیونکہ جس قوم نے بھی اس قانون سے بے نیاز ہو کر اپنے آپ کو غیر ذمہ دار اور غیر جواب دہ سمجھتے ہوئے دنیا میں اپنا رَوِیّہ متعین کیا ہے، وہ آخرکار سیدھی تباہی کی طرف گئی ہے۔

۲۲ – یہ قصّہ قرآنِ مجید میں تین مقامات پر پہلے گزر چکا ہے۔ مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد دوم، ص ۳۵۳ تا ۳۵۵، ۵۰۹ تا ۵۱۱۔ جلد سوم، ص ۶۹۶۔

۲۳ – سیاق وسباق کو دیکھتے ہوئے اس فقرے کے دو معنیٰ ہو سکتے ہیں: ایک یہ کہ حضرت ابراہیم علیہ السّلام نے خود اُن مہمانوں سے فرمایا کہ آپ حضرات سے کبھی پہلے شرفِ نیاز حاصل نہیں ہوا، آپ شاید اِس علاقے میں نئے نئے تشریف لائے ہیں۔ دوسرے یہ کہ ان کے سلام کا جواب دے کر حضرت ابراہیمؑ نے اپنے دل میں کہا، یا گھر میں ضیافت کا انتظام کرنے کے لیے جاتے ہوئے اپنے خادموں سے فرمایا کہ یہ کچھ اجنبی سے لوگ ہیں، پہلے کبھی اِس علاقے میں اِس شان اور وضع قطع کے لوگ دیکھنے میں نہیں آئے۔

۲۴ – یعنی اپنے مہمانوں سے یہ نہیں کہا کہ میں آپ کے لیے کھانے کا انتظام کرتا ہوں، بلکہ انھیں بٹھا کر خاموشی سے ضیافت کا انتظام کرنے چلے گئے، تاکہ مہمان تکلُّفاً یہ نہ کہیں کہ اس تکلیف کی کیا حاجت ہے۔

۲۵ – سورۂ ہود میں عِجْلٍ حَنِيْذٍ (بھنے ہوئے بچھڑے) کے الفاظ ہیں۔ یہاں بتایا گیا کہ آپ نے خوب چھانٹ کر موٹا تازہ بچھڑا بھنوایا تھا۔

فَاَقْبَلَتِ امْرَاَتُهٗ فِیْ صَرَّةٍ فَصَكَّتْ وَجْهَهَا وَ قَالَتْ عَجُوْزٌ عَقِیْمٌ ﴿۲۹﴾ قَالُوْا كَذٰلِكِ ۙ قَالَ رَبُّكِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْحَكِیْمُ الْعَلِیْمُ ﴿۳۰﴾

الجزء ۲۷

قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ اَیُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۳۱﴾ قَالُوْۤا اِنَّاۤ اُرْسِلْنَاۤ

یہ سُن کر اُس کی بیوی چیختی ہوئی آگے بڑھی اور اس نے اپنا منہ پیٹ لیا اور کہنے لگی: ”بوڑھی، بانجھ!“[28] انھوں نے کہا: ”یہی کچھ فرمایا ہے تیرے رب نے، وہ حکیم ہے اور سب کچھ جانتا ہے۔“[29]

ابراہیمؑ نے کہا: ”اے فرستادگانِ الٰہی! کیا مُہم آپ کو درپیش ہے؟“[30] انھوں نے کہا: ”ہم ایک

---

۲۶- یعنی جب ان کے ہاتھ کھانے کی طرف نہ بڑھے تو حضرت ابراہیمؑ کے دل میں خوف پیدا ہوا۔ اس خوف کی وجہ یہ بھی ہوسکتی ہے کہ اجنبی مسافروں کا کسی کے گھر جا کر کھانے سے پرہیز کرنا قبائلی زندگی میں اس بات کی علامت ہوتا ہے کہ وہ کسی بُرے ارادے سے آئے ہیں۔ لیکن اغلب یہ ہے کہ اُن کے اِس اجتناب ہی سے حضرت ابراہیمؑ سمجھ گئے کہ یہ فرشتے ہیں جو انسانی صورت میں آئے ہیں، اور چونکہ فرشتوں کا انسانی شکل میں آنا بڑے غیر معمولی حالات میں ہوتا ہے، اس لیے آپ کو خوف لاحق ہوا کہ کوئی خوفناک معاملہ درپیش ہے جس کے لیے یہ حضرات اس شان سے تشریف لائے ہیں۔

۲۷- سورۂ ہود میں تصریح ہے کہ یہ حضرت اسحاق علیہ السّلام کی پیدایش کا مُژدہ تھا، اور اس میں یہ بشارت بھی دی گئی تھی کہ حضرت اسحاقؑ سے اُن کو حضرت یعقوب علیہ السّلام جیسا پوتا نصیب ہوگا۔

۲۸- یعنی ایک تو میں بوڑھی، اُوپر سے بانجھ۔ اب میرے ہاں بچّہ ہوگا؟ بائبل کا بیان ہے کہ اس وقت حضرت ابراہیمؑ کی عمر سو سال، اور حضرت سارہ کی عمر ۹۰ سال تھی۔ (پیدایش، ۱۷:۱۷)

۲۹- اس قصّے سے یہ بتانا مقصود ہے کہ جس بندے نے اپنے رب کی بندگی کا حق دنیا میں ٹھیک ٹھیک ادا کیا تھا، اس کے ساتھ عُقبٰی میں تو جو معاملہ ہوگا سو ہوگا، اسی دنیا میں اُس کو یہ انعام دیا گیا کہ عام قوانینِ طبیعت کی رُو سے جس عمر میں اس کے ہاں اولاد پیدا نہ ہوسکتی تھی، اور اس کی سِن رسیدہ بیوی تمام عمر بے اولاد رہ کر اس طرف سے قطعی مایوس ہوچکی تھی، اُس وقت اللہ نے اسے نہ صرف اولاد دی بلکہ ایسی بے نظیر اولاد دی جو آج تک کسی کو نصیب نہیں ہوئی ہے۔ دنیا میں کوئی دوسرا انسان ایسا نہیں ہے جس کی نسل میں مسلسل چار انبیا پیدا ہوئے ہوں۔ وہ صرف حضرت ابراہیمؑ ہی تھے جن کے ہاں تین پشت تک نبوت چلتی رہی، اور حضرت اسماعیل، حضرت اسحاق، حضرت یعقوب اور حضرت یوسف علیہم السّلام جیسے جلیل القدر نبی اُن کے گھرانے سے اُٹھے۔

۳۰- چونکہ فرشتوں کا انسانی شکل میں آنا کسی بڑے اہم کام کے لیے ہوتا ہے، اس لیے حضرت ابراہیم علیہ السّلام نے ان کی آمد کا مقصد پوچھنے کے لیے خَطْب کا لفظ استعمال فرمایا۔ خَطْب عَرَبی زبان میں کسی معمولی کام کے لیے نہیں بلکہ

إِلَىٰ قَوْمٍ مُّجْرِمِينَ ﴿٣٢﴾ لِنُرْسِلَ عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّن طِينٍ ﴿٣٣﴾
مُّسَوَّمَةً عِندَ رَبِّكَ لِلْمُسْرِفِينَ ﴿٣٤﴾ فَأَخْرَجْنَا مَن كَانَ فِيهَا
مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ﴿٣٥﴾ فَمَا وَجَدْنَا فِيهَا غَيْرَ بَيْتٍ مِّنَ
الْمُسْلِمِينَ ﴿٣٦﴾ وَتَرَكْنَا فِيهَا آيَةً لِّلَّذِينَ يَخَافُونَ الْعَذَابَ

---

مُجرم قوم کی طرف بھیجے گئے ہیں[۳۱]، تاکہ اُس پر پکّی ہوئی مٹی کے پتھر برسا دیں جو آپ کے رب کے ہاں حد سے گزر جانے والوں کے لیے نشان زدہ ہیں[۳۲]"۔۔۔۔۔ پھر[۳۳] ہم نے اُن سب لوگوں کو نکال لیا جو اُس بستی میں مومن تھے، اور وہاں ہم نے ایک گھر کے سوا مسلمانوں کا کوئی گھر نہ پایا[۳۴]۔ اس کے بعد ہم نے وہاں بس ایک نشانی اُن لوگوں کے لیے چھوڑ دی جو دردناک عذاب سے

---

کسی امرِ عظیم کے لیے بولا جاتا ہے۔

۳۱- مراد ہے قومِ لُوط۔ اُس کے جرائم اس قدر بڑھ چکے تھے کہ صرف ”مجرم قوم“ کا لفظ ہی یہ بتانے کے لیے کافی تھا کہ اس سے مراد کون سی قوم ہے۔ اس سے پہلے قرآنِ مجید میں حسبِ ذیل مقامات پر اس کا ذکر گزر چکا ہے: تفہیم القرآن جلد دوم، ص ۵۱ تا ۵۳، ۳۵۵ تا ۳۵۹، ۵۱۰ تا ۵۱۵۔ جلد سوم، ص ۱۷۰، ۵۲۶ تا ۵۳۰، ۵۸۶-۵۸۷، ۵۹۴ تا ۵۹۸۔ جلد چہارم، الصّافات، ص ۳۰۶۔

۳۲- یعنی ایک ایک پتھر پر آپ کے رب کی طرف سے نشان لگا دیا گیا ہے کہ اُسے کس مجرم کی سرکوبی کرنی ہے۔ سورۂ ہُود اور الحِجر میں اس عذاب کی تفصیل یہ بتائی گئی ہے کہ اُن کی بستیوں کو تلپٹ کر دیا گیا اور اُوپر سے پکی ہوئی مٹی کے پتھر برسائے گئے۔ اس سے یہ تصوّر کیا جا سکتا ہے کہ شدید زلزلے کے اثر سے پورا علاقہ اُلٹ دیا گیا، اور جو لوگ زلزلے سے بچ کر بھاگے، ان کو آتش فشاں مادّے کے پتھروں کی بارش نے ختم کر دیا۔

۳۳- بیچ میں یہ قصّہ چھوڑ دیا گیا ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السّلام کے پاس سے یہ فرشتے کس طرح حضرت لُوطؑ کے ہاں پہنچے اور وہاں اُن کے اور قومِ لُوط کے درمیان کیا کچھ پیش آیا۔ یہ تفصیلات سورۂ ہُود، الحِجر اور العنکبوت میں گزر چکی ہیں۔ یہاں صرف اُس آخری وقت کا ذکر کیا جا رہا ہے جب اس قوم پر عذاب نازل ہونے والا تھا۔

۳۴- یعنی پُوری قوم میں، اور اُس کے پُورے علاقے میں صرف ایک گھر تھا جس میں ایمان و اسلام کی روشنی پائی جاتی تھی، اور وہ تنہا حضرت لُوط علیہ السّلام کا گھر تھا۔ باقی پُوری قوم فسق و فُجور میں ڈوبی ہوئی تھی، اور اُس کا سارا ملک گندگی سے لبریز ہو چکا تھا۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے اُس ایک گھر کے لوگوں کو بچا کر نکال لیا اور اس کے بعد اس ملک پر وہ تباہی

الْاَلِیْمَ ﴿۳۷﴾ وَ فِیْ مُوْسٰۤی اِذْ اَرْسَلْنٰهُ اِلٰی فِرْعَوْنَ بِسُلْطٰنٍ

ڈرتے ہوں۔[۳۵]

اور (تمھارے لیے نشانی ہے) موسیٰؑ کے قصّے میں۔ جب ہم نے اُسے صریح سند کے ساتھ فرعون

نازل کی جس سے اس بدکار قوم کا کوئی فرد بچ کر نہ جاسکا۔

اس آیت میں تین اہم مضامین بیان ہوئے ہیں:

ایک یہ کہ اللہ کا قانونِ مُکافات اُس وقت تک کسی قوم کی کامل تباہی کا فیصلہ نہیں کرتا جب تک اس میں کچھ قابلِ لحاظ بھلائی موجود رہے۔ بُرے لوگوں کی اکثریت کے مقابلے میں اگر ایک قلیل عُنصُر بھی ایسا پایا جاتا ہو جو بدی کو روکنے اور نیکی کے راستے کی طرف بلانے کے لیے کوشاں ہو، تو اللہ تعالیٰ اُسے کام کرنے کا موقع دیتا ہے اور اُس قوم کی مُہلت میں اضافہ کرتا رہتا ہے جو ابھی خیر سے بالکل خالی نہیں ہوئی ہے۔ مگر جب حالت یہ ہو جائے کہ کسی قوم کے اندر آٹے میں نمک کے برابر بھی خیر باقی نہ رہے تو ایسی صورت میں اللہ کا قانون یہ ہے کہ جو دو چار نیک انسان اس کی بستیوں میں بُرائی کے خلاف لڑتے لڑتے تھک کر عاجز آچکے ہوں، انھیں وہ اپنی قدرت سے کسی نہ کسی طرح بچا کر نکال دیتا ہے اور باقی لوگوں کے ساتھ وہی معاملہ کرتا ہے جو ہر ہوش مند مالک اپنے سڑے ہوئے پھلوں کے ساتھ کیا کرتا ہے۔

دوسرے یہ کہ ''مسلمان'' صرف اُسی اُمت کا نام نہیں ہے جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی پیرو ہے، بلکہ آپؐ سے پہلے کے تمام انبیاؑ اور ان کے پیرو بھی مسلمان ہی تھے۔ ان کے ادیان الگ الگ نہ تھے کہ کوئی دینِ ابراہیمی ہو اور کوئی موسوی اور کوئی عیسوی۔ بلکہ وہ سب مُسلم تھے اور ان کا دین یہی اسلام تھا۔ قرآنِ مجید میں یہ حقیقت جگہ جگہ اتنی وضاحت کے ساتھ بیان کی گئی ہے کہ اس میں کسی اِشتِباہ کی گنجایش نہیں ہے۔ مثال کے طور پر حسبِ ذیل آیات مُلاحظہ ہوں: البقرہ: ۱۲۸، ۱۳۱-۱۳۲-۱۳۳- آلِ عمران: ۶۷۔ المائدہ: ۴۴، ۱۱۱۔ یونُس: ۷۲، ۸۴۔ یوسف: ۱۰۱۔ الاعراف: ۱۲۶۔ النمل: ۳۱، ۴۲، ۴۴۔

تیسرے یہ کہ ''مومن'' اور ''مسلم'' کے الفاظ اِس آیت میں بالکل ہم معنیٰ استعمال ہوئے ہیں۔ اس آیت کو اگر سورۂ حُجُرات کی آیت ۱۴ کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے تو اُن لوگوں کے خیال کی غلطی پُوری طرح واضح ہو جاتی ہے جو یہ سمجھتے ہیں کہ ''مومن'' اور ''مسلم'' قرآنِ مجید کی دو ایسی مستقل اصطلاحیں ہیں جو ہر جگہ ایک ہی مفہوم کے لیے استعمال ہوئی ہیں، اور ''مسلم'' لازماً اُسی شخص کو کہتے ہیں جو ایمان کے بغیر محض بظاہر دائرۂ اسلام میں داخل ہو گیا ہو۔ (مزید تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد پنجم، تفسیر سورۂ حُجُرات، حاشیہ ۳۱)

۳۵- اس نشانی سے مُراد بُحیرۂ مردار (Dead sea) ہے جس کا جنوبی علاقہ آج بھی ایک عظیم الشان تباہی کے آثار پیش کر رہا ہے۔ ماہرینِ آثارِ قدیمہ کا اندازہ ہے کہ قومِ لُوط کے بڑے بڑے شہر غالباً شدید زلزلے سے زمین کے اندر دھنس گئے تھے اور ان کے اُوپر بحیرۂ مردار کا پانی پھیل گیا تھا، کیونکہ اِس بُحیرے کا وہ حصّہ جو ''اللّسان'' نامی چھوٹے سے

مُّبِيۡنٍ ﴿۳۸﴾ فَتَوَلّٰى بِرُكۡنِهٖ وَقَالَ سٰحِرٌ اَوۡ مَجۡنُوۡنٌ ﴿۳۹﴾
فَاَخَذۡنٰهُ وَجُنُوۡدَهٗ فَنَبَذۡنٰهُمۡ فِى الۡيَمِّ وَهُوَ مُلِيۡمٌ ﴿۴۰﴾ؕ

کے پاس بھیجا[۳۶] تو وہ اپنے بَل بُوتے پر اکڑ گیا اور بولا: "یہ جادُوگر ہے[۳۷] یا مجنون ہے۔" آخرکار ہم نے اُسے اور اس کے لشکروں کو پکڑا اور سب کو سمندر میں پھینک دیا، اور وہ ملامت زدہ ہو کر رہ گیا۔[۳۸]

جزیرہ نما کے جنوب میں واقع ہے، صاف طور پر بعد کی پیداوار معلوم ہوتا ہے، اور قدیم بُحَیرۂ مُردار کے جو آثار اِس جزیرہ نما کے شمال تک نظر آتے ہیں، وہ جنوب میں پائے جانے والے آثار سے بہت مختلف ہیں۔ اِس سے یہ قیاس کیا جاتا ہے کہ جنوب کا حصّہ پہلے اِس بُحَیرے کی سطح سے بلند تھا، بعد میں کسی وقت دھنس کر اس کے نیچے چلا گیا۔ اس کے دھنسنے کا زمانہ بھی دو ہزار برس قبلِ مسیح کے لگ بھگ معلوم ہوتا ہے، اور یہی تاریخی طور پر حضرت ابراہیمؑ اور حضرت لُوطؑ کا زمانہ ہے۔ ۱۹۶۵ء میں آثارِ قدیمہ کی تلاش کرنے والی ایک امریکی جماعت کو اَلِّسان پر ایک بہت بڑا قبرستان ملا ہے جس میں ۲۰ ہزار سے زیادہ قبریں ہیں۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ قریب میں کوئی بڑا شہر ضرور آباد ہوگا۔ مگر کسی ایسے شہر کے آثار آس پاس کہیں موجود نہیں ہیں جس سے متّصل اتنا بڑا قبرستان بن سکتا ہو۔ اس سے بھی یہ شبہ تقویت پاتا ہے کہ جس شہر کا یہ قبرستان تھا وہ بُحَیرے میں غرق ہو چکا ہے۔ بُحَیرے کے جنوب میں جو علاقہ ہے، اس میں اب بھی ہر طرف تباہی کے آثار موجود ہیں، اور زمین میں گندھک، رال، کول تار اور قدرتی گیس کے اتنے ذخائر پائے جاتے ہیں جنھیں دیکھ کر گمان ہوتا ہے کہ کسی وقت بجلیوں کے گرنے سے یا زلزلے کا لاوا نکلنے سے یہاں ایک جہنّم پھٹ پڑی ہوگی۔ (مزید تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد سوم، الشُّعَراء، حاشیہ ۱۱۴)

۳۶– یعنی ایسے صریح معجزات اور ایسی کُھلی کُھلی علامات کے ساتھ بھیجا جن سے یہ امر مُشتَبَہ نہ رہا تھا کہ آپ خالقِ ارض وسما کی طرف سے مامور ہو کر آئے ہیں۔

۳۷– یعنی کبھی اُس نے آپ کو ساحر قرار دیا، اور کبھی کہا کہ یہ شخص مجنون ہے۔

۳۸– اس چھوٹے سے فقرے میں تاریخ کی ایک پُوری داستان سمیٹ دی گئی ہے۔ اس کو سمجھنے کے لیے ذرا چشمِ تصوّر کے سامنے یہ نقشہ لے آئیے کہ فرعون اُس وقت دنیا کے سب سے بڑے مرکزِ تہذیب وتمدّن کا عظیم فرمانروا تھا، جس کی شوکت وسَطوَت سے گردوپیش کی ساری قومیں خوف زدہ تھیں۔ ظاہر بات ہے کہ وہ جب اپنے لشکروں سمیت اچانک ایک روز غرقاب ہوا ہوگا تو صرف مصر ہی میں نہیں، آس پاس کی تمام قوموں میں اِس واقعے کی دھوم مچ گئی ہوگی۔ مگر اس پر بجز اُن لوگوں کے جن کے اپنے قریبی رشتہ دار غرق ہوئے تھے، باقی کوئی نہ تھا جو اُن کے اپنے ملک میں، یا دنیا کی دوسری قوموں میں ماتم کرتا یا ان کا مرثیہ کہتا، یا کم از کم ہی کہنے والا ہوتا کہ افسوس! کیسے اچھے

وَ فِیۡ عَادٍ اِذۡ اَرۡسَلۡنَا عَلَیۡہِمُ الرِّیۡحَ الۡعَقِیۡمَ ﴿ۚ۴۱﴾ مَا تَذَرُ مِنۡ شَیۡءٍ اَتَتۡ عَلَیۡہِ اِلَّا جَعَلَتۡہُ کَالرَّمِیۡمِ ﴿ؕ۴۲﴾ وَ فِیۡ ثَمُوۡدَ اِذۡ قِیۡلَ لَہُمۡ تَمَتَّعُوۡا حَتّٰی حِیۡنٍ ﴿۴۳﴾ فَعَتَوۡا عَنۡ اَمۡرِ رَبِّہِمۡ فَاَخَذَتۡہُمُ

---

اور (تمھارے لیے نشانی ہے) عاد میں، جب کہ ہم نے ان پر ایک ایسی بے خیر ہوا بھیج دی کہ جس چیز پر بھی وہ گزر گئی، اسے بوسیدہ کر کے رکھ دیا۔[۳۹]

اور (تمھارے لیے نشانی ہے) ثمود میں، جب اُن سے کہا گیا تھا کہ ایک خاص وقت تک مزے کر لو۔[۴۰] مگر اس تنبیہ پر بھی انھوں نے اپنے رب کے حکم سے سرتابی کی۔ آخرکار ان کے دیکھتے دیکھتے

---

لوگ تھے جو اِس حادثے کے شکار ہو گئے۔ اس کے بجائے، چونکہ دنیا اُن کے ظلم سے تنگ آئی ہوئی تھی، اس لیے ان کے عبرت ناک انجام پر ہر شخص نے اطمینان کا سانس لیا، ہر زبان نے ان پر ملامت کی پھٹکار برسائی، اور جس نے بھی اس خبر کو سُنا، وہ پکار اُٹھا کہ یہ ظالم اِسی انجام کے مستحق تھے۔ سورۂ دُخان میں اِسی کیفیت کو ان الفاظ میں بیان کیا گیا ہے کہ فَمَا بَکَتۡ عَلَیۡہِمُ السَّمَآءُ وَ الۡاَرۡضُ، ''پھر نہ آسمان ان پر رویا اور نہ زمین۔'' (تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد چہارم، تفسیر سورۂ دُخان، حاشیہ ۲۵)

۳۹۔ اس ہوا کے لیے لفظ عَقِیۡم استعمال ہُوا ہے جو بانجھ عورت کے لیے بولا جاتا ہے، اور لُغت میں اس کے اصل معنی یابس (خشک) کے ہیں۔ اگر اسے لُغوی معنی میں لیا جائے تو اس کا مطلب یہ ہو گا کہ وہ ایسی سخت گرم و خشک ہوا تھی کہ جس چیز پر سے وہ گزر گئی، اُسے سکھا کر رکھ دیا۔ اور اگر اسے محاورے کے مفہوم میں لیا جائے تو اس کے معنی یہ ہوں گے کہ بانجھ عورت کی طرح وہ ایسی ہوا تھی جو اپنے اندر کوئی نفع نہ رکھتی تھی۔ نہ خوشگوار تھی، نہ بارش لانے والی، نہ درختوں کو بار آور کرنے والی، اور نہ اُن فائدوں میں سے کوئی فائدہ اُس میں تھا جن کے لیے ہوا کا چلنا مطلوب ہوتا ہے۔ دوسرے مقامات پر بتایا گیا ہے کہ یہ صرف بے خیر اور خشک ہی نہ تھی، بلکہ نہایت شدید آندھی کی شکل میں آئی تھی، جس نے لوگوں کو اُٹھا اُٹھا کر پٹخ دیا، اور یہ مسلسل آٹھ دن اور سات راتوں تک چلتی رہی، یہاں تک کہ قومِ عاد کے پُورے علاقے کو اس نے تہس نہس کر کے رکھ دیا۔ (تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد چہارم، تفسیر سورۂ حٰم السجدہ، حواشی ۲۰-۲۱۔ الاحقاف، حواشی ۲۵ تا ۲۸)

۴۰۔ مفسّرین میں اس امر پر اختلاف ہے کہ اِس سے مراد کون سی مُہلت ہے۔ حضرت قَتادہؒ کہتے ہیں کہ یہ اشارہ سورۂ ہُود کی اُس آیت کی طرف ہے، جس میں بیان کیا گیا ہے کہ ثمود کے لوگوں نے جب حضرت صالحؑ کی اُونٹنی کو ہلاک کر دیا تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان کو خبردار کر دیا گیا کہ تین دن تک مزے کر لو، اس کے بعد تم پر عذاب آ جائے گا۔ بخلاف اس کے

الصّٰعِقَةُ وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ ۝۴۴ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مِنْ قِيَامٍ وَّمَا كَانُوْا
مُنْتَصِرِيْنَ ۝۴۵ وَ قَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا
فٰسِقِيْنَ ۝۴۶ ع وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْىدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ ۝۴۷ وَالْاَرْضَ

ایک اچانک ٹوٹ پڑنے والے عذاب[۴۱] نے اُن کو آلیا۔ پھر نہ اُن میں اُٹھنے کی سکت تھی اور نہ وہ اپنا بچاؤ کر سکتے تھے[۴۲]۔

اور ان سب سے پہلے ہم نے نُوحؑ کی قوم کو ہلاک کیا، کیونکہ وہ فاسق لوگ تھے۔ ع

آسمان[۴۳] کو ہم نے اپنے زور سے بنایا ہے اور ہم اِس کی قدرت رکھتے ہیں[۴۴]۔ زمین کو ہم نے

حضرت حَسَن بصریؒ کا خیال ہے کہ یہ بات حضرت صالح علیہ السّلام نے اپنی دعوت کے آغاز میں اپنی قوم سے فرمائی تھی، اور اس سے ان کا مطلب یہ تھا کہ اگر تم توبہ و ایمان کی راہ اختیار نہ کرو گے تو ایک خاص وقت تک ہی تم کو دنیا میں عیش کرنے کی مُہلت نصیب ہو سکے گی اور اس کے بعد تمھاری شامت آجائے گی۔ ان دونوں تفسیروں میں سے دوسری تفسیر ہی زیادہ صحیح معلوم ہوتی ہے، کیونکہ بعد کی آیت فَعَتَوْا عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ (پھر انھوں نے اپنے رب کے حکم سے سرتابی کی) یہ بتاتی ہے کہ جس مُہلت کا یہاں ذکر کیا جا رہا ہے، وہ سرتابی سے پہلے دی گئی تھی اور انھوں نے سرتابی اس تنبیہ کے بعد کی۔ اس کے برعکس سورۂ ہود والی آیت میں تین دن کی جس مُہلت کا ذکر کیا گیا ہے، وہ ان ظالموں کی طرف سے آخری اور فیصلہ کُن سرتابی کا ارتکاب ہو جانے کے بعد دی گئی تھی۔

۴۱- قرآنِ مجید میں مختلف مقامات پر اس عذاب کے لیے مختلف الفاظ استعمال ہوئے ہیں۔ کہیں اسے رَجْفَة (دہلا دینے والی اور ہلا مارنے والی آفت) کہا گیا ہے۔ کہیں اس کو صَیْحَہ (دھماکے اور کڑکے) سے تعبیر کیا گیا ہے۔ کہیں اس کے لیے طَاغِیَہ (انتہائی شدید آفت) کا لفظ استعمال کیا گیا ہے۔ اور یہاں اسی کو صَاعِقَہ کہا گیا ہے، جس کے معنیٰ بجلی کی طرح اچانک ٹوٹ پڑنے والی آفت کے بھی ہیں اور سخت کڑک کے بھی۔ غالباً یہ عذاب ایک ایسے زلزلے کی شکل میں آیا تھا جس کے ساتھ خوفناک آواز بھی تھی۔

۴۲- اصل الفاظ ہیں: مَا کَانُوْا مُنْتَصِرِیْنَ۔ اِنتصار کا لفظ عربی زبان میں دو معنوں کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کے ایک معنیٰ ہیں اپنے آپ کو کسی کے حملے سے بچانا۔ اور دوسرے معنیٰ ہیں حملہ کرنے والے سے بدلہ لینا۔

۴۳- آخرت کے حق میں تاریخی دلائل پیش کرنے کے بعد اب پھر اُسی کے ثبوت میں آفاقی دلائل پیش کیے جا رہے ہیں۔

فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۴۹﴾ فَفِرُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ ؕ اِنِّيْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۵۰﴾ۚ

بچھایا ہے اور ہم بڑے اچھے ہموار کرنے والے ہیں۔[45] اور ہر چیز کے ہم نے جوڑے بنائے ہیں،[46] شاید کہ تم اس سے سبق لو۔[47] پس دَوڑو اللہ کی طرف، میں تمھارے لیے اس کی طرف سے صاف صاف خبردار کرنے والا

۴۴- اصل الفاظ ہیں: وَاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ۔ مُوسِع کے معنیٰ طاقت و مقدرت رکھنے والے کے بھی ہو سکتے ہیں اور وسیع کرنے والے کے بھی۔ پہلے معنیٰ کے لحاظ سے اس ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ یہ آسمان ہم نے کسی کی مدد سے نہیں بلکہ اپنے زور سے بنایا ہے اور اس کی تخلیق ہماری مقدرت سے باہر نہ تھی۔ پھر یہ تصوّر تم لوگوں کے دماغ میں آخر کیسے آ گیا کہ ہم تمھیں دوبارہ پیدا نہ کر سکیں گے؟ دوسرے معنیٰ کے لحاظ سے مطلب یہ ہے کہ اس عظیم کائنات کو ہم بس ایک دفعہ بنا کر نہیں رہ گئے ہیں، بلکہ مسلسل اس میں توسیع کر رہے ہیں، اور ہر آن اس میں ہماری تخلیق کے نئے نئے کرشمے رونما ہو رہے ہیں۔ ایسی زبردست خلّاق ہستی کو آخر تم نے اعادۂ خلق سے عاجز کیوں سمجھ رکھا ہے؟

۴۵- اس کی تشریح حاشیہ ۱۸ میں گزر چکی ہے۔ مزید تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد سوم، النمل، حاشیہ ۷۴۔ جلد چہارم، تفسیر سورۂ یٰسین، حاشیہ ۲۹۔ الزُّخرُف، حواشی ۷ تا ۱۰۔

۴۶- یعنی دنیا کی تمام اشیا تزویج کے اُصول پر بنائی گئی ہیں۔ یہ سارا کارخانۂ عالم اِس قاعدے پر چل رہا ہے کہ بعض چیزوں کا بعض چیزوں سے جوڑ لگتا ہے، اور پھر اُن کا جوڑ لگنے ہی سے طرح طرح کی ترکیبات وجود میں آتی ہیں۔ یہاں کوئی شے بھی ایسی منفرد نہیں ہے کہ دوسری کوئی شے اس کا جوڑ نہ ہو، بلکہ ہر چیز اپنے جوڑے سے مل کر ہی نتیجہ خیز ہوتی ہے۔ (مزید تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد چہارم، یٰسین، حاشیہ ۳۱۔ الزُّخرُف، حاشیہ ۱۲)

۴۷- مطلب یہ ہے کہ ساری کائنات کا تزویج کے اُصول پر بنایا جانا، اور دنیا کی تمام اشیا کا زَوج زَوج ہونا ایک ایسی حقیقت ہے جو آخرت کے وُجُوب پر صریح شہادت دے رہی ہے۔ اگر تم غور کرو تو اس سے خود تمھاری عقل یہ نتیجہ اخذ کر سکتی ہے کہ جب دنیا کی ہر چیز کا ایک جوڑا ہے، اور کوئی چیز اپنے جوڑے سے ملے بغیر نتیجہ خیز نہیں ہوتی، تو دنیا کی یہ زندگی کیسے بے جوڑ ہو سکتی ہے؟ اِس کا جوڑا لازماً آخرت ہے۔ وہ نہ ہو تو یہ قطعاً بے نتیجہ ہو کر رہ جائے۔

آگے کے مضمون کو سمجھنے کے لیے اس مقام پر یہ بات بھی سمجھ لینی چاہیے کہ اگرچہ یہاں تک ساری بحث آخرت کے موضوع پر چلی آ رہی ہے، لیکن اِسی بحث اور انھی دلائل سے توحید کا ثبوت بھی ملتا ہے۔ بارش کا انتظام، زمین کی ساخت، آسمان کی تخلیق، انسان کا اپنا وجود، کائنات میں قانونِ تزویج کی حیرت انگیز کارفرمائی، یہ ساری چیزیں جس طرح آخرت کے امکان و وجوب پر گواہ ہیں، اُسی طرح یہی اس بات کی شہادت بھی دے رہی ہیں کہ یہ کائنات نہ بے خدا ہے اور نہ اس کے بہت سے خدا ہیں، بلکہ ایک خدائے حکیم و قادرِ مُطلق ہی اس کا خالق اور مالک اور مُدبّر ہے۔ اس لیے آگے انھی دلائل کی بنیاد

وَ لَا تَجْعَلُوْا مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ؕ اِنِّیْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ۟ۚ ﴿۵۱﴾
كَذٰلِكَ مَاۤ اَتَى الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا قَالُوْا سَاحِرٌ اَوْ
مَجْنُوْنٌ ۟ۚ ﴿۵۲﴾ اَتَوَاصَوْا بِهٖ ۚ بَلْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ ۟ۚ ﴿۵۳﴾ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ

ہوں۔ اور نہ بناؤ اللہ کے ساتھ کوئی دُوسرا معبود، مَیں تمھارے لیے اُس کی طرف سے صاف صاف خبردار کرنے والا ہوں۔[۴۸]

یونہی ہوتا رہا ہے، اِن سے پہلے کی قوموں کے پاس بھی کوئی رسُول ایسا نہیں آیا جسے انھوں نے یہ نہ کہا ہو کہ یہ ساحر ہے یا مجنون۔[۴۹] کیا اِن سب نے آپس میں اِس پر کوئی سمجھوتا کرلیا ہے؟ نہیں، بلکہ یہ سب سرکش لوگ ہیں۔[۵۰] پس اے نبیؐ! ان سے رُخ پھیر لو،

پر توحید کی دعوت پیش کی جارہی ہے۔ علاوہ بریں آخرت کو ماننے کا لازمی نتیجہ یہ ہے کہ انسان خدا سے بغاوت کا رَوِیَّہ چھوڑ کر اطاعت و بندگی کی راہ اختیار کرے۔ وہ خدا سے اُسی وقت تک پھرا رہتا ہے جب تک وہ اِس غفلت میں مبتلا رہتا ہے کہ میں کسی کے سامنے جواب دہ نہیں ہوں اور اپنی دنیوی زندگی کے اعمال کا کوئی حساب مجھے کسی کو دینا نہیں ہے۔ یہ غلط فہمی جس وقت بھی رفع ہوجائے، اس کے ساتھ ہی فوراً آدمی کے ضمیر میں یہ احساس اُبھر آتا ہے کہ اپنے آپ کو غیر ذمہ دار سمجھ کر وہ بڑی بھاری غَلَطی کر رہا تھا، اور یہ احساس اُسے خدا کی طرف پلٹنے پر مجبور کر دیتا ہے۔ اِسی بنا پر آخرت کے دلائل ختم کرتے ہی معاً بعد یہ فرمایا گیا: ”پس دوڑو اللہ کی طرف“۔

۴۸– یہ فقرے اگرچہ اللہ ہی کا کلام ہیں، مگر ان میں متکلّم اللہ تعالیٰ نہیں بلکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ گویا بات دراصل یُوں ہے کہ اللہ اپنے نبی کی زبان سے یہ کہلوا رہا ہے کہ دوڑو اللہ کی طرف، میں تمھیں اُس کی طرف سے خبردار کرتا ہوں۔ اِس طرزِ کلام کی مثال قرآن کی اوّلین سورت، یعنی سورۂ فاتحہ میں موجود ہے، جس میں کلام تو اللہ تعالیٰ ہی کا ہے مگر متکلّم کی حیثیت سے بندے عرض کرتے ہیں: اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ؕ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۙ جس طرح وہاں یہ بات نہیں کہی گئی ہے کہ ”اے اہلِ ایمان! تم اپنے رب سے یوں دعا مانگو“، مگر فَحْوائے کلام سے خود بخود یہ بات مُتَرَشِّح ہوتی ہے کہ یہ ایک دعا ہے جو اللہ اپنے بندوں کو سکھا رہا ہے، اُسی طرح یہاں بھی یہ نہیں فرمایا گیا ہے کہ ”اے نبیؐ! تم اِن لوگوں سے کہو“، مگر فَحْوائے کلام خود بتا رہا ہے کہ یہ توحید کی ایک دعوت ہے جو اللہ تعالیٰ کی ہدایت کے مطابق نبی صلی اللہ علیہ وسلم پیش کر رہے ہیں۔ سورۂ فاتحہ کے علاوہ اِس طرزِ کلام کی اور بھی متعدِّد نظیریں قرآنِ مجید میں موجود ہیں جن میں کلام تو اللہ ہی کا ہوتا ہے مگر متکلّم کہیں فرشتے ہوتے ہیں اور کہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم، اور اس امر کی تصریح کے بغیر کہ یہاں متکلّم کون ہے، سیاقِ عبارت

سے خود بخود یہ بات ظاہر ہو جاتی ہے کہ اللہ اپنا یہ کلام کس کی زبان سے ادا کر رہا ہے۔ مثال کے طور پر مُلاحظہ ہو: سورۂ مریم: ۶۴-۶۵۔ الصّافات: ۱۵۹ تا ۱۶۷۔ الشُّوریٰ: ۱۰۔

۴۹- یعنی آج پہلی مرتبہ ہی یہ واقعہ پیش نہیں آیا ہے کہ اللہ کے بھیجے ہوئے رسول کی زبان سے آخرت کی خبر اور توحید کی دعوت سُن کر لوگ اُسے ساحر اور مجنون کہہ رہے ہیں۔ رسالت کی پُوری تاریخ گواہ ہے کہ جب سے نوعِ انسانی کی ہِدایت کے لیے رسول آنے شروع ہوئے ہیں، آج تک جاہل لوگ اِسی ایک حماقت کا پُوری یکسانی کے ساتھ اِعادہ کیے چلے جا رہے ہیں۔ جس رسول نے بھی آ کر خبردار کیا کہ تم بہت سے خداؤں کے بندے نہیں ہو بلکہ صرف ایک ہی خدا تمہارا خالق و معبُود اور تمہاری قسمتوں کا مالک و مختار ہے، جاہلوں نے شور مچا دیا کہ یہ جادُوگر ہے جو اپنے اَفسُوں سے ہماری عقلوں کو بگاڑنا چاہتا ہے۔ جس رسول نے بھی آ کر خبردار کیا کہ تم غیر ذمہ دار بنا کر دنیا میں نہیں چھوڑ دیے گئے ہو، بلکہ اپنا کارنامۂ حیات ختم کرنے کے بعد تمھیں اپنے خالق و مالک کے سامنے حاضر ہو کر اپنا حساب دینا ہے اور اس حساب کے نتیجے میں اپنے اعمال کی جزا و سزا پانی ہے، نادان لوگ چیخ اُٹھے کہ یہ پاگل ہے، اِس کی عقل ماری گئی ہے، بھلا مرنے کے بعد ہم کہیں دوبارہ بھی زندہ ہو سکتے ہیں؟

۵۰- یعنی یہ بات تو ظاہر ہے کہ ہزارہا برس تک ہر زمانے میں مختلف ملکوں اور قوموں کے لوگوں کا دعوتِ انبیاؑ کے مقابلے میں ایک ہی رَوِیّہ اختیار کرنا اور ایک ہی طرح کی باتیں اُن کے خلاف بنانا کچھ اِس بنا پر تو نہ ہو سکتا تھا کہ ایک کانفرنس کر کے اِن سب اگلی اور پچھلی نسلوں نے آپس میں یہ طے کر لیا ہو کہ جب کوئی نبی آ کر یہ دعوت پیش کرے تو اس کا یہ جواب دیا جائے۔ پھر اُن کے رَوِیّے کی یہ یکسانی اور ایک ہی طرزِ جواب کی یہ مسلسل تکرار کیوں ہے؟ اس کی کوئی وجہ اس کے سوا نہیں ہے کہ طُغیان و سرکشی اِن سب کا مشترک وصف ہے۔ چونکہ ہر زمانے کے جاہل لوگ خدا کی بندگی سے آزاد اور اُس کے محاسبے سے بے خوف ہو کر دنیا میں شُترِ بے مہار کی طرح جینے کے خواہاں رہے ہیں، اس لیے اور صرف اِسی لیے جس نے بھی اُن کو خدا کی بندگی اور خدا ترسانہ زندگی کی طرف بلایا، اس کو وہ ایک ہی لگا بندھا جواب دیتے رہے۔

اِس ارشاد سے ایک اور اہم حقیقت پر بھی روشنی پڑتی ہے، اور وہ یہ ہے کہ ضلالت اور ہدایت، نیکی اور بدی، ظلم اور عدل، اور ایسے ہی دوسرے اعمال کے جو محرکات نفسِ انسانی میں بالطبع موجود ہیں، اُن کا ظہور ہمیشہ ہر زمانے میں اور زمین کے ہر گوشے میں ایک ہی طرح ہوتا ہے، خواہ ذرائع و وسائل کی ترقی سے اس کی شکلیں بظاہر کتنی ہی مختلف نظر آتی ہوں۔ آج کا انسان خواہ ٹینکوں اور ہوائی جہازوں اور ہائیڈروجن بموں کے ذریعے سے لڑے، اور قدیم زمانے کا انسان چاہے پتھروں اور لاٹھیوں سے لڑتا ہو، مگر انسانوں کے درمیان جنگ کے بنیادی محرکات میں سرِمُو فرق نہیں آیا ہے۔ اِسی طرح آج کا ملحد اپنے اِلحاد کے لیے دلائل کے خواہ کتنے ہی انبار لگاتا رہے، اُس کے اِس راہ پر جانے کے محرکات بعینہٖ وہی ہیں جو آج سے ۶ ہزار برس پہلے کے کسی مُلحد کو اِس طرف لے گئے تھے، اور بنیادی طور پر وہ اپنے اِستدلال میں بھی اپنے سابق پیشواؤں سے کچھ مختلف نہیں ہے۔

فَمَآ اَنۡتَ بِمَلُوۡمٍ ﴿۵۴﴾ وَّ ذَكِّرۡ فَاِنَّ الذِّكۡرٰى تَنۡفَعُ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ ﴿۵۵﴾

تم پر کچھ ملامت نہیں۔[۵۱] البتہ نصیحت کرتے رہو، کیونکہ نصیحت ایمان لانے والوں کے لیے نافع ہے۔[۵۲]

۵۱ – اس آیت میں دین کی تبلیغ کا ایک قاعدہ بیان فرمایا گیا ہے جس کو اچھی طرح سمجھ لینا چاہیے۔ ایک داعیِ حق جب کسی شخص کے سامنے معقول دلائل کے ساتھ اپنی دعوت صاف صاف پیش کر دے اور اس کے شبہات و اعتراضات اور دلائل کا جواب بھی دے دے تو حق واضح کرنے کا جو فرض اس کے ذمّے تھا، اس سے وہ سُبکدوش ہو جاتا ہے۔ اِس کے بعد بھی اگر وہ شخص اپنے عقیدہ و خیال پر جما رہے تو اس کی کوئی ذمہ داری داعیِ حق پر عائد نہیں ہوتی۔ اب کچھ ضروری نہیں کہ وہ اُسی شخص کے پیچھے پڑا رہے، اُسی سے بحث میں اپنی عمر کھپائے چلا جائے، اور اس کا کام بس یہ رہ جائے کہ اُس ایک آدمی کو کسی نہ کسی طرح اپنا ہم خیال بنانا ہے۔ داعی اپنا فرض ادا کر چکا۔ وہ نہیں مانتا تو نہ مانے۔ اس کی طرف التفات نہ کرنے پر داعی کو یہ الزام نہیں دیا جا سکتا کہ تم نے ایک آدمی کو گمراہی میں مبتلا رہنے دیا، کیونکہ اب اپنی گمراہی کا وہ شخص خود ذمہ دار ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مُخاطَب کر کے یہ قاعدہ اس لیے بیان نہیں کیا گیا ہے کہ معاذ اللہ، آپؐ اپنی تبلیغ میں بے جا طریقے سے لوگوں کے پیچھے پڑ جاتے تھے اور اللہ تعالیٰ آپؐ کو اس سے روکنا چاہتا تھا۔ دراصل اس کے بیان کرنے کی وجہ یہ ہے کہ ایک داعیِ حق جب کچھ لوگوں کو زیادہ سے زیادہ معقول طریقے سے سمجھانے کا حق ادا کر چکتا ہے اور ان کے اندر ضد اور جھگڑالو پن کے آثار دیکھ کر اُن سے کنارہ کشی اختیار کرتا ہے، تو وہ اس کے پیچھے پڑ جاتے ہیں اور اس پر الزام رکھنا شروع کر دیتے ہیں کہ واہ صاحب! آپ اچھے دعوتِ حق کے عَلَم بَردار ہیں، ہم آپ سے بات سمجھنے کے لیے بحث کرنا چاہتے ہیں اور آپ ہماری طرف التفات نہیں کرتے۔ حالانکہ اُن کا مقصد بات کو سمجھنا نہیں بلکہ اپنی بحثا بحثی میں داعی کو اُلجھانا اور محض اس کی تضییعِ اوقات کرنا ہوتا ہے۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے خود اپنے کلامِ پاک میں بالفاظِ صریح یہ فرما دیا کہ "ایسے لوگوں کی طرف التفات نہ کرو، اُن سے بے التفاتی کرنے پر تمہیں کوئی ملامت نہیں کی جا سکتی۔" اس کے بعد کوئی شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ الزام نہیں دے سکتا تھا کہ جو کتاب آپؐ لے کر آئے ہیں، اس کی رُو سے تو آپؐ ہم کو اپنا دین سمجھانے پر مامور ہیں، پھر آپؐ ہماری باتوں کا جواب کیوں نہیں دیتے۔

۵۲ – اس آیت میں تبلیغ کا دوسرا قاعدہ بیان کیا گیا ہے۔ دعوتِ حق کا اصل مقصد اُن سعید روحوں تک ایمان کی نعمت پہنچانا ہے جو اس نعمت کی قدر شناس ہوں اور اُسے خود حاصل کرنا چاہیں۔ مگر داعی کو یہ معلوم نہیں ہوتا کہ انسانی معاشرے کے ہزاروں لاکھوں افراد میں وہ سعید روحیں کہاں ہیں۔ اس لیے اُس کا کام یہ ہے کہ اپنی دعوتِ عام

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ ﴿۵۶﴾ مَآ اُرِيْدُ مِنْهُمْ مِّنْ رِّزْقٍ وَّمَآ اُرِيْدُ اَنْ يُّطْعِمُوْنِ ﴿۵۷﴾ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ

میں نے جنّ اور انسانوں کو اس کے سوا کسی کام کے لیے پیدا نہیں کیا ہے کہ وہ میری بندگی کریں[۵۳]۔ میں اُن سے کوئی رزق نہیں چاہتا اور نہ یہ چاہتا ہوں کہ وہ مجھے کھلائیں[۵۴]۔ اللہ تو خود ہی رزّاق ہے،

کا سلسلہ برابر جاری رکھے، تاکہ جہاں جہاں بھی ایمان قبول کرنے والے افراد موجود ہوں، وہاں اس کی آواز پہنچ جائے۔ یہی لوگ اس کی اصل دولت ہیں۔ انھی کی تلاش اس کا اصل کام ہے۔ اور انھی کو سمیٹ سمیٹ کر خدا کے راستے پر لا کھڑا کرنا اس کے پیشِ نظر ہونا چاہیے۔ بیچ میں اولادِ آدم کا جو فضول عُنصُر اس کو ملے اُس کی طرف اُسی وقت تک داعی کو توجہ کرنی چاہیے جب تک اُسے تجرِبے سے یہ معلوم نہ ہو جائے کہ یہ جنس کاسد ہے۔ اُس کے کساد و فساد کا تجرِبہ ہو جانے کے بعد اُسے پھر اپنا قیمتی وقت اِس جنس کے لوگوں پر ضائع نہ کرنا چاہیے، کیونکہ یہ اُس کی تذکیر سے نفع اُٹھانے والے لوگ نہیں ہیں اور ان پر اپنی قوت صَرف کرنے سے نقصان اُن لوگوں کا ہوتا ہے جو اس سے نفع اٹھانے والے ہیں۔

**۵۳** - یعنی میں نے اِن کو دوسروں کی بندگی کے لیے نہیں بلکہ اپنی بندگی کے لیے پیدا کیا ہے۔ میری بندگی تو اِن کو اس لیے کرنی چاہیے کہ میں اِن کا خالق ہوں۔ دوسرے کسی نے جب اِن کو پیدا نہیں کیا ہے تو اُس کو کیا حق پہنچتا ہے کہ یہ اُس کی بندگی کریں، اور اِن کے لیے یہ کیسے جائز ہو سکتا ہے کہ اِن کا خالق تو ہوں میں، اور یہ بندگی کرتے پھریں دوسروں کی۔

یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ صرف جنّوں اور انسانوں ہی کا خالق تو نہیں ہے بلکہ سارے جہان اور اس کی ہر چیز کا خالق ہے، پھر یہاں صرف جنّوں اور انسانوں ہی کے متعلق کیوں فرمایا گیا کہ میں نے ان کو اپنے سوا کسی کی بندگی کے لیے پیدا نہیں کیا ہے؟ حالانکہ مخلوقات کا ذرہ ذرہ اللہ ہی کی بندگی کے لیے ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ زمین پر صرف جنّ اور انسان ایسی مخلوق ہیں جن کو یہ آزادی بخشی گئی ہے کہ اپنے دائرۂ اختیار میں اللہ تعالیٰ کی بندگی کرنا چاہیں تو کریں، ورنہ وہ بندگی سے منہ بھی موڑ سکتے ہیں اور اللہ کے سوا دوسروں کی بندگی بھی کر سکتے ہیں۔ دوسری جتنی مخلوقات بھی اس دنیا میں ہیں، وہ اِس نوعیت کی کوئی آزادی نہیں رکھتیں۔ اُن کے لیے سرے سے کوئی دائرۂ اختیار ہے ہی نہیں کہ وہ اس میں اللہ کی بندگی نہ کریں یا کسی اور کی بندگی کر سکیں۔ اس لیے یہاں صرف جنّوں اور انسانوں کے متعلق فرمایا گیا ہے کہ وہ اپنے اختیار کے حُدود میں اپنے خالق کی اطاعت و عُبُودیت سے مُنہ موڑ کر، اور خالق کے سوا دوسروں کی بندگی کر کے خود اپنی فطرت سے لڑ رہے ہیں، اُن کو یہ جاننا چاہیے کہ وہ خالق کے سوا کسی کی بندگی کے لیے پیدا نہیں کیے گئے ہیں، اور ان کے لیے سیدھی راہ یہ ہے کہ جو آزادی انھیں بخشی گئی ہے اسے غلط استعمال نہ کریں، بلکہ اِس آزادی کے حُدود میں بھی خود اپنی مرضی سے اُسی

ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ ﴿۵۸﴾ فَاِنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذَنُوْبًا مِّثْلَ ذَنُوْبِ

بڑی قوت والا اور زبردست ہے۔[۵۵] پس جن لوگوں نے ظلم کیا ہے،[۵۶] ان کے حصے کا بھی ویسا ہی عذاب تیار ہے

طرح خدا کی بندگی کریں جس طرح اُن کے جسم کا رونگٹا رونگٹا ان کی زندگی کے غیر اختیاری حُدُود میں اُس کی بندگی کر رہا ہے۔

عبادت کا لفظ اس آیت میں محض نماز، روزے اور اِسی نوعیت کی دوسری عبادات کے معنیٰ میں استعمال نہیں کیا گیا ہے کہ کوئی شخص اس کا مطلب یہ لے لے کہ جنّ اور انسان صرف نماز پڑھنے اور روزے رکھنے اور تسبیح وتہلیل کرنے کے لیے پیدا کیے گئے ہیں۔ یہ مفہوم بھی اگرچہ اس میں شامل ہے، مگر یہ اس کا پورا مفہوم نہیں ہے۔ اس کا پُورا مفہُوم یہ ہے کہ جنّ اور انسان اللہ کے سوا کسی اور کی پرستش، اطاعت، فرمانبرداری اور نیاز مندی کے لیے پیدا نہیں کیے گئے ہیں۔ ان کا کام کسی اور کے سامنے جھکنا، کسی اور کے احکام بجالانا، کسی اور سے تقویٰ کرنا، کسی اور کے بنائے ہوئے دین کی پیروی کرنا، کسی اور کو اپنی قسمتوں کا بنانے اور بگاڑنے والا سمجھنا، اور کسی دوسری ہستی کے آگے دعا کے لیے ہاتھ پھیلانا نہیں ہے۔ (مزید تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد چہارم، تفسیر سورۂ سبا، حاشیہ ۶۳۔ الزُّمَر، حاشیہ ۲۔ الجاثیہ، حاشیہ ۳۰)

ایک اور بات جو ضمنی طور پر اس آیت سے صاف ظاہر ہوتی ہے، وہ یہ ہے کہ جنّ انسانوں سے الگ ایک مستقل مخلوق ہے۔ اِس سے اُن لوگوں کے خیال کی غَلَطی بالکل واضح ہو جاتی ہے جو دعویٰ کرتے ہیں کہ انسانوں ہی میں سے کچھ لوگوں کو قرآن میں جنّ کہا گیا ہے۔ اِسی حقیقت پر قرآنِ مجید کی حسبِ ذیل آیات بھی ناقابلِ انکار شہادت بہم پہنچاتی ہیں: الانعام: ۱۰۰-۱۲۸۔ الاعراف: ۳۸-۱۷۹۔ ہود: ۱۱۹۔ الحِجر: ۲۷ تا ۳۳۔ بنی اسرائیل: ۸۸۔ الکہف: ۵۰۔ السجدہ: ۱۳۔ سبا: ۴۱۔ صٓ: ۷۵-۷۶۔ حٰم السجدہ: ۲۵۔ الاحقاف: ۱۸۔ الرحمٰن: ۱۵-۳۹-۵۶۔ (اس مسئلے پر مفصّل بحث کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد سوم، الانبیاء، حاشیہ ۲۱۔ النّمل، حاشیہ ۲۳ و ۴۵۔ جلد چہارم، تفسیر سورۂ سبا، حاشیہ ۲۴)

۵۴ — یعنی میری کوئی غرض جنّوں اور انسانوں سے اَٹکی ہوئی نہیں ہے کہ یہ میری عبادت کریں گے تو میری خدائی چلے گی اور یہ میری بندگی سے منہ موڑ لیں گے تو میں خدا نہ رہوں گا۔ میں اِن کی عبادت کا محتاج نہیں ہوں، بلکہ میری عبادت کرنا خود ان کی اپنی فطرت کا تقاضا ہے، اسی کے لیے یہ پیدا کیے گئے ہیں، اور اپنی فطرت سے لڑنے میں اِن کا اپنا نقصان ہے۔

اور یہ جو فرمایا کہ "میں ان سے رزق نہیں چاہتا اور نہ یہ چاہتا ہوں کہ وہ مجھے کھلائیں"، اِس میں ایک لطیف تعریض ہے۔ خدا سے برگشتہ لوگ دنیا میں جن جن کی بندگی بجالا رہے ہیں، وہ سب درحقیقت اپنے اِن بندوں کے محتاج ہیں۔ یہ اُن کی خدائی نہ چلائیں تو ایک دن بھی وہ نہ چلے۔ وہ اِن کے رازق نہیں بلکہ اُلٹے یہ اُن کو رزق پہنچاتے ہیں۔ وہ اِن کو نہیں کھلاتے بلکہ اُلٹے یہ اُن کو کھلاتے ہیں۔ وہ اِن کی جان کے محافظ نہیں بلکہ اُلٹے یہ اُن کی جانوں کی حفاظت کرتے ہیں۔ اُن کے لشکر یہ ہیں جن کے بل پر اُن کی خدائی چلتی ہے۔ جہاں بھی اِن جھوٹے خداؤں کی حمایت کرنے والے بندے نہ رہے، یا بندوں نے ان کی حمایت سے ہاتھ کھینچ لیا، وہاں ان کے سب ٹھاٹ پڑے رہ گئے اور دنیا کی آنکھوں نے اُن کی کَس مَپُرسی کا حال دیکھ لیا۔ سارے معبودوں میں اکیلا ایک اللہ جَلَّ شانُہٗ ہی وہ حقیقی معبُود ہے جس کی خدائی اپنے بل بُوتے پر چل رہی ہے، جو اپنے بندوں سے کچھ لیتا نہیں بلکہ

اَصۡحٰبِہِمۡ فَلَا یَسۡتَعۡجِلُوۡنِ ﴿۵۹﴾ فَوَیۡلٌ لِّلَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا مِنۡ
یَّوۡمِہِمُ الَّذِیۡ یُوۡعَدُوۡنَ ﴿۶۰﴾ ع

ع ۳

جیسا اِنھی جیسے لوگوں کو اُن کے حصّے کا مل چکا ہے، اس کے لیے یہ لوگ جلدی نہ مچائیں۔[۵۷]
آخر کو تباہی ہے کفر کرنے والوں کے لیے اُس روز جس کا انھیں خوف دلایا جا رہا ہے۔ ع

وہی اپنے بندوں کو سب کچھ دیتا ہے۔

۵۵ - اصل میں لفظ ''متین'' استعمال کیا گیا ہے، جس کے معنٰی ہیں: مضبوط اور غیر متزلزل، جسے کوئی ہلا نہ سکتا ہو۔

۵۶ - ظلم سے مراد یہاں حقیقت اور صداقت پر ظلم کرنا، اور خود اپنی فطرت پر ظلم کرنا ہے۔ سیاق و سباق خود بتا رہا ہے کہ یہاں ظلم کرنے والوں سے وہ لوگ مراد ہیں جو خداوندِ عالَم کے سوا دوسروں کی بندگی کر رہے ہیں، جو آخرت کے منکر ہیں اور اپنے آپ کو دنیا میں غیر ذمہ دار سمجھ رہے ہیں، اور اُن انبیاؑ کو جھٹلا رہے ہیں جنھوں نے ان کو حقیقت سے خبردار کرنے کی کوشش کی ہے۔

۵۷ - یہ جواب ہے کفار کے اس مطالبے کا کہ وہ یوم الجزا کہاں آتے آتے رہ گیا ہے، آخر وہ آ کیوں نہیں جاتا۔

# تفہیم القرآن

## الطّور

## (۵۲)

# الطُّور

**نام** پہلے ہی لفظ ''وَالطُّوْرِ'' سے ماخوذ ہے۔

**زمانۂ نُزُول** مضامین کی اندرونی شہادت سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ بھی مکّۂ معظمہ کے اُسی دَور میں نازل ہوئی ہے جس میں سورۂ ذاریات نازل ہوئی تھی۔ اس کو پڑھتے ہوئے یہ تو ضرور محسوس ہوتا ہے کہ اس کے نُزُول کے زمانے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف اعتراضات اور الزامات کی بوچھاڑ ہو رہی تھی، مگر یہ محسوس نہیں ہوتا کہ ظلم وستم کی چکّی زور شور سے چلنی شروع ہو گئی تھی۔

**موضوع اور مَباحِث** اس کے پہلے رُکوع کا موضوع آخرت ہے۔ سورۂ ذاریات میں اس کے امکان اور وجوب اور وقوع کے دلائل دیے جا چکے تھے، اس لیے یہاں اُن کا اعادہ نہیں کیا گیا ہے، البتہ آخرت کی شہادت دینے والے چند حقائق و آثار کی قسم کھا کر پُورے زور کے ساتھ یہ فرمایا گیا ہے کہ وہ یقیناً واقع ہو کر رہے گی اور کسی میں یہ طاقت نہیں ہے کہ اسے برپا ہونے سے روک دے۔ پھر یہ بتایا گیا ہے کہ جب وہ پیش آئے گی تو اس کے جھٹلانے والوں کا انجام کیا ہوگا، اور اسے مان کر تقویٰ کی رَوِش اختیار کر لینے والے کس طرح اللہ کے انعامات سے سرفراز ہوں گے۔

اس کے بعد دوسرے رُکوع میں سردارانِ قریش کے اُس رَوِیّے پر تنقید کی گئی ہے جو وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت کے مقابلے میں اختیار کیے ہوئے تھے۔ وہ آپؐ کو کبھی کاہن، کبھی مجنون اور کبھی شاعر قرار دے کر عوام النّاس کو آپؐ کے خلاف بہکاتے تھے، تاکہ لوگ آپؐ کے لائے ہوئے پیغام کی طرف سنجیدگی سے توجہ نہ کریں۔ وہ آپؐ کی ذات کو اپنے حق میں ایک بلائے ناگہانی سمجھتے تھے اور علانیہ کہتے تھے کہ کوئی آفت اِن پر نازل ہو جائے تو ہمارا اِن سے پیچھا چھُوٹے۔ وہ آپؐ پر الزام لگاتے تھے کہ یہ قرآن آپؐ خود گھڑ گھڑ کر خدا کے نام سے پیش کر رہے ہیں اور یہ معاذ اللہ، ایک فریب ہے جو آپؐ نے بنا رکھا ہے۔ وہ بار بار طنز کرتے تھے کہ خدا کو نبوت کے لیے ملے بھی تو بس یہ صاحب ملے۔ وہ آپؐ کی دعوت وتبلیغ سے ایسی بیزاری کا اظہار کرتے تھے جیسے آپؐ کچھ مانگنے کے لیے اُن کے پیچھے پڑے ہوئے ہیں اور وہ اپنی جان چھڑانے کے لیے آپؐ سے منہ چھپاتے پھرتے ہیں۔ وہ آپس میں بیٹھ بیٹھ کر سوچتے تھے کہ آپؐ کے خلاف کیا چال ایسی چلی جائے جس سے آپؐ کی اِس دعوت کا خاتمہ ہو جائے۔ اور یہ سب کچھ کرتے ہوئے انھیں اِس امر کا کوئی احساس نہ تھا کہ وہ کیسے جاہلانہ عقائد میں مبتلا ہیں جن کی تاریکی سے

لوگوں کو نکالنے کے لیے محمد صلی اللہ علیہ وسلم بالکل بے غرضانہ اپنی جان کھپا رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اُن کے اِسی رویّے پر تنقید کرتے ہوئے پے درپے کچھ سوالات کیے ہیں جن میں سے ہر سوال یا تو اُن کے کسی اعتراض کا جواب ہے، یا اُن کی کسی جہالت پر تبصرہ۔ پھر فرمایا ہے کہ ان لوگوں کو آپؐ کی نبوت کا قائل کرنے کے لیے کوئی معجزہ دکھانا قطعی لاحاصل ہے، کیونکہ یہ ایسے ہٹ دھرم لوگ ہیں کہ انھیں خواہ کچھ بھی دکھا دیا جائے، یہ اُس کی کوئی تاویل کر کے ایمان لانے سے گریز کر جائیں گے۔

اس رُکوع کے آغاز میں بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ہدایت فرمائی گئی ہے کہ اِن مخالفین و مُعاندین کے الزامات و اعتراضات کی پروا کیے بغیر اپنی دعوت و تذکیر کا کام مسلسل جاری رکھیں، اور آخر میں بھی آپؐ کو تاکید فرمائی گئی ہے کہ صبر کے ساتھ اِن مزاحمتوں کا مقابلہ کیے چلے جائیں، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کا فیصلہ آ جائے۔ اِس کے ساتھ آپؐ کو اطمینان دلایا گیا ہے کہ آپؐ کے رب نے آپؐ کو دشمنانِ حق کے مقابلے میں اُٹھا کر اپنے حال پر چھوڑ نہیں دیا ہے بلکہ وہ برابر آپؐ کی نگہبانی کر رہا ہے۔ جب تک اُس کے فیصلے کی گھڑی نہ آئے، آپؐ سب کچھ برداشت کرتے رہیں اور اپنے رب کی حمد و تسبیح سے وہ قوت حاصل کرتے رہیں جو ایسے حالات میں اللہ کا کام کرنے کے لیے درکار ہوتی ہے۔

---

۴۹ آیاتہا

سُوۡرَۃُ الطُّوۡرِ مَکِّیَّۃٌ

۲ رکوعاتہا

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَ الطُّوۡرِ ۙ﴿۱﴾ وَ کِتٰبٍ مَّسۡطُوۡرٍ ۙ﴿۲﴾ فِیۡ رَقٍّ مَّنۡشُوۡرٍ ۙ﴿۳﴾ وَّ الۡبَیۡتِ الۡمَعۡمُوۡرِ ۙ﴿۴﴾

قسم ہے طُور کی[1]، اور ایک ایسی کُھلی کتاب کی جو رقیق جِلد میں لکھی ہوئی ہے[2]، اور آباد گھر کی[3]،

---

۱۔ طُور کے اصل معنیٰ پہاڑ کے ہیں، اور الطُّور سے مراد وہ خاص پہاڑ ہے جس پر اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰؑ کو نبوت سے سرفراز فرمایا تھا۔

۲۔ قدیم زمانے میں جن کتابوں اور تحریروں کو زمانہ دراز تک محفوظ رکھنا ہوتا تھا، انھیں کاغذ کے بجائے ہرن کی کھال پر لکھا جاتا تھا۔ یہ کھال خاص طور پر لکھنے ہی کے لیے رقیق جِلد یا جھلّی کی شکل میں تیار کی جاتی تھی اور اِصطلاح میں اسے رَقّ کہا جاتا تھا۔ اہلِ کتاب بالعموم تورات، زبور، انجیل اور صُحُفِ انبیاؑ کو اِسی رَقّ پر لکھا کرتے تھے، تاکہ طویل مدّت تک محفوظ رہ سکیں۔ یہاں کُھلی کتاب سے مراد یہی مجموعۂ کُتُبِ مقدسہ ہے جو اہلِ کتاب کے ہاں موجود تھا۔ اُسے ''کُھلی کتاب'' اِس لیے کہا گیا ہے کہ وہ نایاب نہ تھا، پڑھا جاتا تھا، اور بآسانی معلوم کیا جاسکتا تھا کہ اس میں کیا لکھا ہے۔

۳۔ ''آباد گھر'' سے مراد حضرت حَسَن بصریؒ کے نزدیک بیت اللہ، یعنی خانہ کعبہ ہے جو کبھی حج اور عُمرہ اور طواف و زیارت کرنے والوں سے خالی نہیں رہتا۔ اور حضرت علیؓ، ابنِ عباسؓ، عِکرِمہ، مجاہد، قَتادہ، ضَحّاک، ابنِ زَید اور دوسرے مفسّرین اس سے مراد وہ بیتِ معمور لیتے ہیں جس کا ذکر معراج کے سلسلے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے، جس کی دیوار سے آپؐ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو ٹیک لگائے دیکھا تھا۔ مجاہد، قَتادہ اور ابنِ زَید کہتے ہیں کہ جس طرح خانہ کعبہ اہلِ زمین کے لیے خدا پرستوں کا مرکز و مرجَع ہے، اُسی طرح ہر آسمان میں اُس کے باشندوں کے لیے ایسا ہی ایک کعبہ ہے، جو اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے والوں کے لیے ایسی ہی مرکزیت رکھتا ہے۔ انھی میں سے ایک کعبہ وہ تھا جس کی دیوار سے ٹیک لگائے حضرت ابراہیم علیہ السلام معراج میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو نظر آئے تھے، اور اُس سے حضرت ابراہیمؑ کی مناسبت فطری تھی، کیونکہ آپ ہی زمین والے کعبے کے بانی ہیں۔ اِس تشریح کو نگاہ میں رکھا جائے تو یہ دوسری تفسیر حضرت حَسَن بصریؒ کی تفسیر کے خلاف نہیں پڑتی، بلکہ دونوں کو ملا کر ہم یُوں سمجھ سکتے ہیں کہ یہاں قسم صرف زمین ہی کے کعبے کی نہیں کھائی گئی ہے، بلکہ اس میں اُن تمام کعبوں کی قسم بھی شامل ہے جو ساری کائنات میں موجود ہیں۔

وَ السَّقۡفِ الۡمَرۡفُوۡعِ ۙ﴿۵﴾ وَ الۡبَحۡرِ الۡمَسۡجُوۡرِ ۙ﴿۶﴾ اِنَّ عَذَابَ رَبِّکَ
لَوَاقِعٌ ۙ﴿۷﴾ مَّا لَہٗ مِنۡ دَافِعٍ ۙ﴿۸﴾ یَّوۡمَ تَمُوۡرُ السَّمَآءُ مَوۡرًا ۙ﴿۹﴾

اور اُونچی چھت کی[۴]، اور موجزن سمندر کی[۵]، کہ تیرے رب کا عذاب ضرور واقع ہونے والا ہے، جسے کوئی دفع کرنے والا نہیں[۶]۔ وہ اُس روز واقع ہوگا جب آسمان بُری طرح ڈگمگائے گا[۷]

۴- اُونچی چھت سے مراد آسمان ہے جو زمین پر ایک قُبّے کی طرح چھایا ہوا نظر آتا ہے۔ اور یہاں یہ لفظ پُورے عالَمِ بالا کے لیے استعمال ہوا ہے۔ (تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد پنجم، تفسیر سورۂ قٓ، حاشیہ ۷)

۵- اصل میں لفظ اَلۡبَحۡرِ الۡمَسۡجُوۡرِ استعمال ہوا ہے۔ اس کے متعدد معنٰی بیان کیے گئے ہیں۔ بعض مفسّرین نے اس کو ''آگ سے بھرے ہوئے'' کے معنٰی میں لیا ہے۔ بعض اس کو فارغ اور خالی کے معنٰی میں لیتے ہیں، جس کا پانی زمین میں اُتر کر غائب ہو گیا ہو۔ بعض اسے محبُوس کے معنٰی میں لیتے ہیں، اور اس کا مطلب یہ بیان کرتے ہیں کہ سمندر کو روک کر رکھا گیا ہے، تاکہ اس کا پانی زمین میں اُتر کر غائب بھی نہ ہو جائے اور خشکی پر چھا بھی نہ جائے کہ زمین کے سب باشندے اس میں غرق ہو جائیں۔ بعض اسے مخلوط کے معنٰی میں لیتے ہیں، جس کے اندر میٹھا اور کھاری، گرم اور سرد ہر طرح کا پانی آکر مل جاتا ہے۔ اور بعض اس کو لبریز اور موجزن کے معنٰی میں لیتے ہیں۔ ان میں سے پہلے دو معنٰی تو موقع و محل سے کوئی مناسبت نہیں رکھتے۔ سمندر کی یہ دونوں کیفیات کہ اُس کی تہ پھٹ کر اُس کا پانی زمین کے اندر اُتر جائے اور وہ آگ سے بھر جائے، قیامت کے وقت ظاہر ہوں گی، جیسا کہ سورۂ تکویر، آیت ۶، اور سورۂ اِنفطار، آیت ۳ میں بیان ہوا ہے۔ یہ آیندہ رونما ہونے والی کیفیات اِس وقت موجود نہیں ہیں کہ اُن کی قسم کھا کر آج کے لوگوں کو آخرت کے وقوع کا یقین دلایا جائے۔ اس لیے اِن دو معنوں کو ساقط کر کے یہاں البحر المسجور کو محبُوس، مخلوط، اور لبریز و موجزن کے معنٰی ہی میں لیا جاسکتا ہے۔

۶- یہ ہے وہ حقیقت جس پر ان پانچ چیزوں کی قَسم کھائی گئی ہے۔ رب کے عذاب سے مراد آخرت ہے۔ چونکہ یہاں اُس پر ایمان لانے والے مُخاطَب نہیں ہیں بلکہ اُس کا انکار کرنے والے مُخاطَب ہیں، اور اُن کے حق میں اُس کا آنا عذاب ہی ہے، اس لیے اُس کو قیامت یا آخرت یا روزِ جزا کہنے کے بجائے ''رب کا عذاب'' کہا گیا ہے۔ اب غور کیجیے کہ اس کے وقوع پر وہ پانچ چیزیں کس طرح دلالت کرتی ہیں جن کی قسم کھائی گئی ہے۔

طُور وہ جگہ ہے جہاں ایک دبی اور پِسی ہوئی قوم کو اُٹھانے اور ایک غالب و قاہر قوم کو گرانے کا فیصلہ کیا گیا، اور یہ فیصلہ قانونِ طبیعی (physical law) کی بنیاد پر نہیں بلکہ قانونِ اخلاقی (moral law) اور قانونِ مُکافات (law of retribution) کی بنیاد پر تھا۔ اس لیے آخرت کے حق میں تاریخی اِستدلال کے طَور پر طُور کو

بطور ایک علامت کے پیش کیا گیا ہے۔ مراد یہ ہے کہ بنی اسرائیل جیسی ایک بے بس قوم کا اُٹھایا جانا اور فرعون جیسے ایک زبردست فرمانروا کا اپنے لشکروں سمیت غرق کر دیا جانا، جس کا فیصلہ ایک سُنسان رات میں کوہِ طُور پر کیا گیا تھا، انسانی تاریخ میں اِس امر کی ایک نمایاں ترین مثال ہے کہ سلطنتِ کائنات کا مزاج کس طرح انسان جیسی ایک ذی عقل و ذی اختیار مخلوق کے معاملے میں اَخلاقی محاسبے اور جزائے اعمال کا تقاضا کرتا ہے، اور اس تقاضے کی تکمیل کے لیے ایک ایسا یوم الحساب ضروری ہے جس میں پوری نوعِ انسانی کو اکٹھا کر کے اس کا محاسبہ کیا جائے۔ (مزید تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد پنجم، تفسیر سورۂ ذاریات، حاشیہ ۲۱)

کُتُبِ مقدّسہ کے مجموعے کی قسم اِس بنا پر کھائی گئی ہے کہ خداوندِ عالَم کی طرف سے دنیا میں جتنے بھی انبیاؑ آئے اور جو کتابیں بھی وہ لائے، اُن سب نے ہر زمانے میں وہی ایک خبر دی ہے جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم دے رہے ہیں، یعنی یہ کہ تمام اگلے پچھلے انسانوں کو ایک دن اَز سرِ نَو زندہ ہو کر اپنے خدا کے سامنے حاضر ہونا ہے اور اپنے اعمال کے مطابق جزا اور سزا پانی ہے۔ کوئی کتاب آسمانی کبھی ایسی نہیں آئی ہے جو اس خبر سے خالی ہو، یا جس نے انسان کو اُلٹی یہ اطلاع دی ہو کہ زندگی جو کچھ بھی ہے بس یہی دنیا کی زندگی ہے، اور انسان بس مر کر مٹی ہو جانے والا ہے، جس کے بعد نہ کوئی حساب ہے نہ کتاب۔

بیتِ معمور کی قسم اس لیے کھائی گئی ہے کہ خاص طور پر اہلِ عرب کے لیے اُس زمانے میں خانۂ کعبہ کی عمارت ایک ایسی کھُلی نشانی تھی جو اللہ کے پیغمبروں کی صداقت پر اور اِس حقیقت پر کہ اللہ جَلَّ شانُہٗ کی حکمتِ بالغہ و قدرتِ قاہرہ اُن کی پشت پر ہے، صریح شہادت دے رہی تھی۔ اِن آیات کے نُزول سے ڈھائی ہزار برس پہلے بے آب و گیاہ اور غیر آباد پہاڑوں میں ایک شخص کسی لاؤ لشکر اور سرو سامان کے بغیر آتا ہے اور اپنی ایک بیوی اور ایک شِیر خوار بچے کو بالکل بے سہارا چھوڑ کر چلا جاتا ہے۔ پھر کچھ مدّت بعد وہی شخص آ کر اس سُنسان جگہ پر اللہ تعالیٰ کی عبادت کے لیے ایک گھر بناتا ہے اور پکار دیتا ہے کہ لوگو! آؤ اور اس گھر کا حج کیا کرو۔ اِس تعمیر اور اِس پکار کو یہ حیرت انگیز مقبولیت حاصل ہوتی ہے کہ وہی گھر تمام اہلِ عرب کا مرکز بن جاتا ہے، اُس پکار پر عرب کے ہر گوشے سے لوگ لبّیک لبّیک کہتے ہوئے کھِنچے چلے آتے ہیں، ڈھائی ہزار برس تک یہ گھر ایسا امن کا گہوارہ بنا رہتا ہے کہ اِس کے گردوپیش سارے ملک میں کُشت و خون کا بازار گرم ہوتا ہے، مگر اس کے حُدُود میں آ کر کسی کو کسی پر ہاتھ اٹھانے کی ہمّت نہیں ہوتی، اور اسی گھر کی بدولت عرب کو ہر سال چار مہینے ایسے امن کے میسّر آ جاتے ہیں جن میں قافلے اطمینان سے سفر کرتے ہیں، تجارت چمکتی ہے اور بازار لگتے ہیں۔ پھر اُس گھر کا یہ دبدبہ تھا کہ اس پُوری مدّت میں کوئی بڑے سے بڑا جبّار بھی اس کی طرف آنکھ اُٹھا کر نہ دیکھ سکا، اور جس نے یہ جرأت کی وہ اللہ کے غضب کا ایسا شکار ہوا کہ عبرت بن کر رہ گیا۔ یہ کرشمہ اِن آیات کے نُزول سے صرف ۴۵ ہی برس پہلے لوگ اپنی آنکھوں سے دیکھ چکے تھے اور اس کے دیکھنے والے بہت سے آدمی اُس وقت مکّۂ معظّمہ میں زندہ موجود تھے جب یہ آیات اہلِ مکّہ کو سنائی جا رہی تھیں۔ اس سے بڑھ کر کیا چیز اس بات کی دلیل ہو سکتی تھی کہ خدا کے پیغمبر ہوائی باتیں نہیں کیا کرتے۔ اُن کی آنکھیں وہ کچھ دیکھتی ہیں جو دوسروں کو نظر نہیں آتا۔ اُن کی زبان پر وہ حقائق

جاری ہوتے ہیں جن تک دوسروں کی عقل نہیں پہنچ سکتی۔ وہ بظاہر ایسے کام کرتے ہیں جن کو ایک وقت کے لوگ دیکھیں تو دیوانگی سمجھیں اور صدیوں بعد کے لوگ انھی کو دیکھ کر ان کی بصیرت پر دنگ رہ جائیں۔ اِس شان کے لوگ جب بالاتفاق ہر زمانے میں یہ خبر دیتے رہے ہیں کہ قیامت آئے گی اور حشر و نشر ہوگا تو اِسے دیوانوں کی بڑ سمجھنا خود دیوانگی ہے۔

اُونچی چھت (آسمان) اور موجزن سمندر کی قسم اس لیے کھائی گئی ہے کہ یہ دونوں چیزیں اللہ کی حکمت اور اس کی قدرت پر دلالت کرتی ہیں، اور اسی حکمت و قدرت سے آخرت کا امکان بھی ثابت ہوتا ہے اور اس کا وقوع و وجوب بھی۔ آسمان کی دلالت پر ہم اس سے پہلے تفسیر سورۂ ق، حاشیہ ۷ میں کلام کر چکے ہیں۔ رہا سمندر، تو جو شخص بھی انکار کا پیشگی فیصلہ کیے بغیر اُس کو نگاہِ غور سے دیکھے گا، اس کا دل یہ گواہی دے گا کہ زمین پر پانی کے اتنے بڑے ذخیرے کا فراہم ہو جانا بجائے خود ایک ایسی کاریگری ہے جو کسی اتفاقی حادثے کا نتیجہ نہیں ہو سکتی۔ پھر اُس کے ساتھ اِتنی بے شمار حکمتیں وابستہ ہیں کہ اتفاقاً ایسا حکیمانہ نظام قائم ہو جانا ممکن نہیں ہے۔ اس میں بے حد و حساب حیوانات پیدا کیے گئے ہیں جن میں سے ہر نوَع کا نظامِ جسمانی ٹھیک اُس گہرائی کے لیے موزوں بنایا گیا ہے جس کے اندر اُسے رہنا ہے۔ اس کے پانی کو نمکین بنا دیا گیا ہے، تاکہ روزانہ کروڑوں جانور جو اس میں مرتے ہیں اُن کی لاشیں سڑ نہ جائیں۔ اِس کے پانی کو ایک خاص حد پر اس طرح روک رکھا گیا ہے کہ نہ تو وہ زمین کے شگافوں سے گزر کر اس کے پیٹ میں اُتر جاتا ہے اور نہ خشکی پر چڑھ کر اسے غرق کر دیتا ہے، بلکہ لاکھوں کروڑوں برس سے وہ اسی حد پر رُکا ہوا ہے۔ اِسی عظیم ذخیرۂ آب کے موجود اور برقرار رہنے سے زمین کے خشک حصّوں پر بارش کا انتظام ہوتا ہے، جس میں سورج کی گرمی اور ہواؤں کی گردش اِس کے ساتھ پوری باقاعدگی کے ساتھ تعاون کرتی ہے۔ اسی کے غیر آباد نہ ہونے اور طرح طرح کی مخلوقات اس میں پیدا ہونے سے یہ فائدہ حاصل ہوا ہے کہ انسان اس سے اپنی غذا اور اپنی ضرورت کی بہت سی چیزیں کثیر مقدار میں حاصل کر رہا ہے۔ اسی کے ایک حد پر رُکے رہنے سے وہ برّاعظم اور جزیرے قائم ہیں جن پر انسان بس رہا ہے۔ اور اسی کے چند اٹل قواعد کی پابندی کرنے سے یہ ممکن ہوا ہے کہ انسان اس میں جہازرانی کر سکے۔ ایک حکیم کی حکمت اور ایک قادرِ مُطلَق کی زبردست قدرت کے بغیر اس انتظام کا تصوّر نہیں کیا جا سکتا اور نہ یہ تصوّر کیا جا سکتا ہے کہ انسان اور زمین کی دوسری مخلوقات کے مفاد سے سمندر کے اِس انتظام کا یہ گہرا تعلق بس اَٹکل پَچّو ہی قائم ہو گیا ہے۔ اب اگر فی الواقع یہ اس امر کی ناقابلِ انکار شہادت ہے کہ ایک خدائے حکیم و قادر نے انسان کو زمین پر آباد کرنے کے لیے دوسرے بے شمار انتظامات کے ساتھ یہ بحرِ شور بھی اِس شان کا پیدا کیا ہے تو وہ شخص سخت احمق ہوگا جو اُس حکیم سے اِس نادانی کی توقع رکھے کہ وہ اِس سمندر سے انسان کی کھیتیاں سیراب کرنے اور اس کے ذریعے سے انسان کو رزق دینے کا انتظام تو کر دے گا مگر اس سے کبھی یہ نہ پوچھے گا کہ تو نے میرا رزق کھا کر اُس کا حق کیسے ادا کیا، اور وہ اِس سمندر کے سینے پر اپنے جہاز دوڑانے کی قدرت تو انسان کو عطا کر دے گا مگر اُس سے کبھی یہ نہ پوچھے گا کہ یہ جہاز تُو نے حق اور راستی کے ساتھ دوڑائے تھے یا اِن کے ذریعے سے دنیا میں ڈاکے مارتا پھرتا تھا۔ اسی طرح یہ تصوّر کرنا بھی ایک بہت بڑی کُند ذہنی ہے کہ جس

وَّ تَسِيْرُ الْجِبَالُ سَيْرًا ﴿۱۰﴾ فَوَيْلٌ يَّوْمَىِٕذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۱۱﴾
الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ خَوْضٍ يَّلْعَبُوْنَ ﴿۱۲﴾ يَوْمَ يُدَعُّوْنَ اِلٰى
نَارِ جَهَنَّمَ دَعًّا ﴿۱۳﴾ هٰذِهِ النَّارُ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿۱۴﴾

اور پہاڑ اُڑے اُڑے پھریں گے۔ تباہی ہے اُس روز اُن جُھٹلانے والوں کے لیے جو آج کھیل کے طور پر اپنی حجّت بازیوں میں لگے ہوئے ہیں۔[9] جس دن انھیں دھکّے مار مار کر نارِ جہنّم کی طرف لے چلا جائے گا، اُس وقت اُن سے کہا جائے گا کہ "یہ وہی آگ ہے جسے تم جُھٹلایا کرتے تھے،

قادرِ مُطلَق کی قدرت کا ایک ادنیٰ کرشمہ اِس عظیم الشان سمندر کی تخلیق ہے، جس نے فضا میں گھومنے والے اِس معلّق کُرے پر پانی کے اتنے بڑے ذخیرے کو تھام رکھا ہے، جس نے نمک کی اتنی بڑی مقدار اِس میں گھول دی ہے، جس نے طرح طرح کی اَن گنت مخلوقات اس میں پیدا کی ہیں اور ان سب کی رزق رسانی کا انتظام اِسی کے اندر کر دیا ہے، جو ہر سال اربوں ٹن پانی اِس میں سے اُٹھا کر ہوا کے دوش پر لے جاتا ہے اور کروڑوں مربع میل کے خشک علاقوں پر اُسے بڑی باقاعدگی کے ساتھ برساتا رہتا ہے، وہ انسان کو ایک دفعہ پیدا کر دینے کے بعد ایسا عاجز ہو جاتا ہے کہ پھر اُسے پیدا کرنا چاہے بھی تو نہیں کر سکتا۔

۷- اصل الفاظ ہیں: تَمُوْرُ السَّمَآءُ مَوْرًا۔ مَور عربی زبان میں گھومنے، اَوٹنے، پھڑکنے، جھوم جھوم کر چلنے، چکّر کھانے اور بار بار آگے پیچھے حرکت کرنے کے لیے بولا جاتا ہے۔ قیامت کے دن آسمان کی جو حالت ہوگی، اسے اِن الفاظ میں بیان کر کے یہ تصوّر دلایا گیا ہے کہ اُس روز عالَمِ بالا کا سارا نظام درہم برہم ہو جائے گا اور دیکھنے والا جب آسمان کی طرف دیکھے گا تو اُسے یوں محسوس ہوگا کہ وہ جما جمایا نقشہ جو ہمیشہ ایک ہی شان سے نظر آتا تھا، بگڑ چکا ہے اور ہر طرف ایک اضطراب برپا ہے۔

۸- دوسرے الفاظ میں زمین کی وہ گرفت جس نے پہاڑوں کو جما رکھا ہے، ڈھیلی پڑ جائے گی اور وہ اپنی جڑوں سے اُکھڑ کر فضا میں اس طرح اُڑنے لگیں گے جیسے بادل اُڑے پھرتے ہیں۔

۹- مطلب یہ ہے کہ نبی سے قیامت اور آخرت اور جنّت و دوزخ کی خبریں سُن کر انھیں مذاق کا موضوع بنا رہے ہیں، اور سنجیدگی کے ساتھ ان پر غور کرنے کے بجائے محض تفریحاً ان پر باتیں چھانٹ رہے ہیں۔ آخرت پر ان کی بحثوں کا مقصود حقیقت کو سمجھنے کی کوشش نہیں ہے، بلکہ ایک کھیل ہے جس سے یہ دل بہلاتے ہیں اور انھیں کچھ ہوش نہیں ہے کہ فی الواقع یہ کس انجام کی طرف چلے جا رہے ہیں۔

اَفَسِحْرٌ هٰذَآ اَمْ اَنْتُمْ لَا تُبْصِرُوْنَ ۝۱۵ اِصْلَوْهَا فَاصْبِرُوْٓا اَوْ لَا
تَصْبِرُوْا ۚ سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ ۭ اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝۱۶ اِنَّ
الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّنَعِيْمٍ ۝۱۷ فٰكِهِيْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمْ رَبُّهُمْ ۚ وَوَقٰىهُمْ رَبُّهُمْ
عَذَابَ الْجَحِيْمِ ۝۱۸ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓــًٔۢا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝۱۹ مُتَّكِـِٕيْنَ

اب بتاؤ یہ جادُو ہے یا تمھیں سوجھ نہیں رہا ہے؟[۱۰] جاؤ اب جھلسو اِس کے اندر، تم خواہ صبر کرو یا نہ کرو، تمھارے لیے یکساں ہے، تمھیں ویسا ہی بدلہ دیا جا رہا ہے جیسے تم عمل کر رہے تھے۔

متقی لوگ[۱۱] وہاں باغوں اور نعمتوں میں ہوں گے، لُطف لے رہے ہوں گے اُن چیزوں سے جو اُن کا رب اُنھیں دے گا، اور اُن کا رب اُنھیں دوزخ کے عذاب سے بچالے گا۔[۱۲] (ان سے کہا جائے گا:) کھاؤ اور پیو مزے[۱۳] سے اپنے اُن اعمال کے صلے میں جو تم کرتے رہے ہو۔ وہ آمنے سامنے بچھے ہوئے

---

۱۰ – یعنی دنیا میں جب رسول تمھیں اِس جہنم کے عذاب سے ڈراتے تھے تو تم کہتے تھے کہ یہ محض الفاظ کی جادُوگری ہے جس سے ہمیں بے وقوف بنایا جا رہا ہے۔ اب بولو، یہ جہنم جو تمھارے سامنے ہے، یہ اُسی جادُو کا کرشمہ ہے یا اب بھی تمھیں نہ سُوجھا کہ واقعی اُسی جہنم سے تمھارا پالا پڑ گیا ہے جس کی خبر تمھیں دی جا رہی تھی؟

۱۱ – یعنی وہ لوگ جنھوں نے انبیاؑ کی دی ہوئی خبر پر ایمان لا کر دنیا ہی میں اپنا بچاؤ کر لیا اور اُن افکار و اعمال سے پرہیز کیا جن سے انسان جہنّم کا مستحق بنتا ہے۔

۱۲ – کسی شخص کے داخلِ جنّت ہونے کا ذکر کر دینے کے بعد پھر دوزخ سے اس کے بچائے جانے کا ذکر کرنے کی بظاہر کوئی حاجت نہیں رہتی۔ مگر قرآنِ مجید میں متعدد مقامات پر یہ دونوں باتیں الگ الگ اس لیے بیان کی گئی ہیں کہ آدمی کا دوزخ سے بچ جانا بجائے خود ایک بہت بڑی نعمت ہے۔ اور یہ ارشاد کہ ’’اللہ نے ان کو عذابِ دوزخ سے بچالیا‘‘ دراصل اشارہ ہے اِس حقیقت کی طرف کہ آدمی کا دوزخ سے بچ جانا اللہ کے فضل و کرم ہی سے ممکن ہے، ورنہ بشری کمزوریاں ہر شخص کے عمل میں ایسی ایسی خامیاں پیدا کر دیتی ہیں کہ اگر اللہ اپنی فیاضی سے اُن کو نظر انداز نہ فرمائے اور سخت محاسبے پر اُتر آئے تو کوئی بھی گرفت سے نہیں چھوٹ سکتا۔ اسی لیے جنت میں داخل ہونا اللہ کی جتنی بڑی نعمت ہے، اس سے کچھ کم نعمت یہ نہیں ہے کہ آدمی دوزخ سے بچالیا جائے۔

عَلٰى سُرُرٍ مَّصْفُوْفَةٍ ۚ وَ زَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ ﴿۲۰﴾ وَ الَّذِيْنَ
اٰمَنُوْا وَ اتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِاِيْمَانٍ اَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَ مَاۤ
اَلَتْنٰهُمْ مِّنْ عَمَلِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ ؕ كُلُّ امْرِئٍۭ بِمَا كَسَبَ

تختوں پر تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے اور ہم خوبصورت آنکھوں والی حُوریں اُن سے بیاہ دیں[۱۴] گے۔ جو لوگ ایمان لائے ہیں اور اُن کی اولاد بھی کسی درجۂ ایمان میں ان کے نقشِ قدم پر چلی ہے، ان کی اُس اولاد کو بھی ہم (جنّت میں) اُن کے ساتھ ملا دیں گے اور اُن کے عمل میں کوئی گھاٹا ان کو نہ دیں[۱۵] گے۔ ہر شخص اپنے کسب کے

۱۳ – یہاں ''مزے سے'' کا لفظ اپنے اندر بڑا وسیع مفہوم رکھتا ہے۔ جنّت میں انسان کو جو کچھ ملے گا، کسی مشقّت اور محنت کے بغیر ملے گا۔ اس کے ختم ہو جانے یا اس کے اندر کمی واقع ہو جانے کا کوئی اندیشہ نہ ہوگا۔ اس کے لیے انسان کو کچھ خرچ کرنا نہیں پڑے گا۔ وہ عین اس کی خواہش اور اس کے دل کی پسند کے مطابق ہوگا۔ جتنا چاہے گا اور جب چاہے گا، حاضر کر دیا جائے گا۔ مہمان کے طور پر وہ وہاں مقیم نہ ہوگا کہ کچھ طلب کرتے ہوئے شرمائے، بلکہ سب کچھ اس کے اپنے گزشتہ اعمال کا صلہ اور اس کی اپنی پچھلی کمائی کا ثمرہ ہوگا۔ اس کے کھانے اور پینے سے کسی مرض کا خطرہ بھی نہ ہوگا۔ وہ بھوک مٹانے اور زندہ رہنے کے لیے نہیں بلکہ صرف لذّت حاصل کرنے کے لیے ہوگا، اور آدمی جتنی لذت بھی اُس سے اُٹھانا چاہے، اٹھا سکے گا، بغیر اس کے کہ اس سے کوئی سُوءِ ہضم لاحق ہو۔ اور وہ غذا کسی قسم کی غلاظت پیدا کرنے والی بھی نہ ہوگی۔ اس لیے دنیا میں ''مزے سے'' کھانے پینے کا جو مفہوم ہے، جنّت میں مزے سے کھانے پینے کا مفہوم اس سے بدرجہا زیادہ وسیع اور اعلیٰ وارفع ہے۔

۱۴ – تشریح کے لیے ملاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد چہارم، تفسیر سورۂ الصّافات، حواشی ۲۶-۲۹۔ الدُّخان، حاشیہ ۴۲۔

۱۵ – یہ مضمون اس سے پہلے سورۂ رعد آیت ۲۳، اور سورۂ مومن آیت ۸ میں بھی گزر چکا ہے، مگر یہاں اُن دونوں مقامات سے بھی زیادہ ایک بڑی خوشخبری سنائی گئی ہے۔ سورۂ رعد والی آیت میں صرف اتنی بات فرمائی گئی تھی کہ اہلِ جنت کے آبا و اجداد اور ان کی اولاد اور ان کی بیویوں میں سے جو جو افراد بھی صالح ہوں گے، وہ سب ان کے ساتھ جنت میں داخل ہوں گے۔ اور سورۂ مومن میں ارشاد ہوا تھا کہ فرشتے اہلِ ایمان کے حق میں اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں کہ ان کی اولاد اور ازواج اور آبا میں سے جو صالح ہوں، انھیں بھی جنت میں ان سے ملا دے۔ یہاں ان دونوں آیتوں سے زائد جو بات فرمائی گئی ہے، وہ یہ ہے کہ اگر اولاد کسی نہ کسی درجۂ ایمان میں بھی اپنے آبا کے نقشِ قدم کی پیروی کرتی رہی ہو، تو خواہ اپنے عمل کے لحاظ سے وہ اُس مرتبے کی مستحق نہ ہو جو آبا کو اُن کے بہتر ایمان و عمل کی

رَهِينٌ ﴿٢١﴾ وَأَمْدَدْنٰهُمْ بِفَاكِهَةٍ وَّلَحْمٍ مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿٢٢﴾

عوض رَہن ہے [16] ہم اُن کو ہر طرح کے پھل اور گوشت [17]، جس چیز کو بھی ان کا جی چاہے گا، خُوب دیے چلے جائیں گے۔

بنا پر حاصل ہوگا، پھر بھی یہ اولاد اپنے آبا کے ساتھ ملا دی جائے گی۔ اور یہ ملانا اُس نوعیت کا نہ ہوگا جیسے وقتاً فوقتاً کوئی کسی سے جا کر ملاقات کرلیا کرے، بلکہ اس کے لیے اَلْحَقْنَا بِهِمْ کے الفاظ استعمال کیے گئے ہیں، جن کے معنٰی یہ ہیں کہ وہ جنّت میں اُن کے ساتھ ہی رکھے جائیں گے۔ اس پر مزید یہ اطمینان دلایا گیا ہے کہ اولاد سے ملانے کے لیے آبا کا درجہ گھٹا کر انھیں نیچے نہیں اُتارا جائے گا، بلکہ آبا سے ملانے کے لیے اولاد کا درجہ بڑھا کر انھیں اُوپر پہنچا دیا جائے گا۔

اس مقام پر یہ بات بھی سمجھ لینی چاہیے کہ یہ ارشاد اُس بالغ اولاد کے بارے میں ہے جس نے سنِّ رُشد کو پہنچ کر اپنے اختیار اور ارادے سے ایمان لانے کا فیصلہ کیا ہو اور جو اپنی مرضی سے اپنے صالح بزرگوں کے نقشِ قدم پر چلی ہو۔ رہی ایک مومن کی وہ اولاد جو سنِّ رُشد کو پہنچنے سے پہلے ہی مرگئی ہو، تو اس کے معاملے میں کفر و ایمان اور طاعت و مَعصِیَت کا سرے سے کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ اُسے تو ویسے ہی جنّت میں جانا ہے اور اس کے آبا کی آنکھیں ٹھنڈی کرنے کے لیے انھی کے ساتھ رکھا جانا ہے۔

۱۶ – یہاں ''رہن'' کا استعارہ بہت معنٰی خیز ہے۔ ایک شخص اگر کسی سے کچھ قرض لے اور قرض دینے والا اپنے حق کی ادائیگی کے لیے ضمانت کے طور پر اس کی کوئی چیز اپنے پاس رہن رکھ لے، تو جب تک وہ قرض ادا نہ کر دے اس وقت تک فکِّ رہن نہیں ہوسکتا، اور اگر مدّتِ مقررہ گزر جانے پر بھی وہ فکِّ رہن نہ کرائے تو شَئے مَرہُونہ ضبط ہو جاتی ہے۔ انسان اور خدا کے درمیان معاملے کی نوعیت کو یہاں اِسی صورتِ معاملہ سے تشبیہ دی گئی ہے۔ خدا نے انسان کو جو سروسامان، جو طاقتیں اور صلاحیتیں اور جو اختیارات دنیا میں عطا کیے ہیں، وہ گویا ایک قرض ہے جو مالک نے اپنے بندے کو دیا ہے، اور اِس قرض کی ضمانت کے طور پر بندے کا نفس خدا کے پاس رہن ہے۔ بندہ اِس سروسامان اور اِن قوتوں اور اختیارات کو صحیح طریقے سے استعمال کر کے اگر وہ نیکیاں کمائے جن سے یہ قرض ادا ہو سکتا ہو تو وہ شَئے مَرہُونہ، یعنی اپنے نفس کو چُھڑا لے گا، ورنہ اسے ضبط کر لیا جائے گا۔ پچھلی آیت کے معاً بعد یہ بات اس لیے ارشاد فرمائی گئی ہے کہ مومنینِ صالحین خواہ بجائے خود کتنے ہی بڑے مرتبے کے لوگ ہوں، ان کی اولاد کا فکِّ رہن اِس کے بغیر نہیں ہو سکتا کہ وہ خود اپنے کسب سے اپنے نفس کو چُھڑائے۔ باپ دادا کی کمائی اولاد کو نہیں چھڑا سکتی۔ البتہ اولاد اگر کسی درجے کے بھی ایمان اور اتباعِ صالحین سے اپنے آپ کو چُھڑا لے جائے تو پھر یہ اللہ کا فضل اور اس کا کرم ہے کہ جنّت میں وہ اس کو نیچے کے مرتبوں سے اُٹھا کر اُونچے مراتب میں باپ دادا کے ساتھ لے جا کر ملا دے۔ باپ دادا کی نیکیوں کا یہ فائدہ تو اولاد کو مل سکتا ہے، لیکن اگر وہ اپنے کسب سے اپنے آپ کو دوزخ کا مستحق بنالے تو یہ کسی طرح ممکن نہیں ہے کہ باپ دادا کی خاطر اسے جنّت میں پہنچا دیا جائے۔ اس کے ساتھ یہ بات بھی اس آیت سے نکلتی ہے

يَتَنَازَعُوْنَ فِيْهَا كَاْسًا لَّا لَغْوٌ فِيْهَا وَلَا تَاْثِيْمٌ ﴿۲۳﴾ وَ يَطُوْفُ
عَلَيْهِمْ غِلْمَانٌ لَّهُمْ كَاَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ مَّكْنُوْنٌ ﴿۲۴﴾ وَ اَقْبَلَ بَعْضُهُمْ

وہاں وہ ایک دُوسرے سے جامِ شراب لپک لپک کر لے رہے ہوں گے، جس میں نہ یاوہ گوئی ہوگی نہ بدکرداری[۱۸]۔ اور اُن کی خدمت میں وہ لڑکے دَوڑتے پھر رہے ہوں گے جو انھی کے لیے مخصوص ہوں[۱۹] گے، ایسے خوبصورت جیسے چُھپا کر رکھے ہوئے موتی۔ یہ لوگ آپس میں ایک دُوسرے سے (دُنیا میں

کہ کم درجے کی نیک اولاد کا بڑے درجے کے نیک آبا سے لے جا کر ملا دیا جانا دراصل اُس اولاد کے کسب کا نتیجہ نہیں ہے، بلکہ اُن آبا کے کسب کا نتیجہ ہے۔ وہ اپنے عمل سے اِس فضل کے مستحق ہوں گے کہ ان کے دل خوش کرنے کے لیے ان کی اولاد کو ان سے لا ملایا جائے۔ اسی وجہ سے اللہ اُن کے درجے گھٹا کر انھیں اولاد کے پاس نہیں لے جائے گا، بلکہ اولاد کے درجے بڑھا کر اُن کے پاس لے جائے گا، تاکہ اُن پر خدا کی نعمتوں کے اِتمام میں یہ کسر باقی نہ رہ جائے کہ اپنی اولاد سے دُوری ان کے لیے باعث اذیت ہو۔

۱۷- اس آیت میں اہلِ جنت کو مطلقاً ہر قسم کا گوشت دیے جانے کا ذکر ہے، اور سورۂ واقعہ آیت ۲۱ میں فرمایا گیا ہے کہ پرندوں کے گوشت سے ان کی تواضع کی جائے گی۔ اس گوشت کی نوعیت ہمیں ٹھیک ٹھیک معلوم نہیں ہے۔ مگر جس طرح قرآن کی بعض تصریحات اور بعض احادیث میں جنت کے دودھ کے متعلق بتایا گیا ہے کہ وہ جانوروں کے تھنوں سے نکلا ہوا نہ ہوگا، اور جنت کے شہد کے متعلق بتایا گیا ہے کہ وہ مکھیوں کا بنایا ہوا نہ ہوگا، اور جنت کی شراب کے متعلق بتایا گیا ہے کہ وہ پھلوں کو سڑا کر کشید کی ہوئی نہ ہوگی، بلکہ اللہ کی قدرت سے یہ چیزیں چشموں سے نکلیں گی اور نہروں میں بہیں گی، اس سے یہ قیاس کیا جا سکتا ہے کہ جنت کا گوشت بھی جانوروں کا ذبیحہ نہ ہوگا بلکہ یہ بھی قُدرتی طور پر پیدا ہوگا۔ جو خدا زمین کے مادّوں سے براہِ راست دُودھ اور شہد اور شراب پیدا کر سکتا ہے، اس کی قدرت سے یہ بعید نہیں ہے کہ انھی مادّوں سے ہر طرح کا لذیذ ترین گوشت پیدا کر دے جو جانوروں کے گوشت سے بھی اپنی لذّت میں بڑھ کر ہو۔ (مزید تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد چہارم، تفسیر سورۂ صافات، حاشیہ ۲۵۔ جلد پنجم تفسیر سورۂ محمد، حواشی ۲۱ تا ۲۳)

۱۸- یعنی وہ شراب نشہ پیدا کرنے والی نہ ہوگی کہ اسے پی کر وہ بدمست ہوں اور بے ہودہ بکواس کرنے لگیں، یا گالم گلوچ اور دھول دَھپّے پر اُتر آئیں، یا اُس طرح کی فحش حرکات کرنے لگیں جیسی دنیا کی شراب پینے والے کرتے ہیں۔ (مزید تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد چہارم، تفسیر سورۂ صافات، حاشیہ ۲۷)

۱۹- یہ نکتہ قابلِ غور ہے کہ غِلْمَانُهُمْ نہیں فرمایا بلکہ غِلْمَانٌ لَّهُمْ فرمایا ہے۔ اگر غِلْمَانُهُمْ فرمایا جاتا تو اس سے یہ گمان ہو سکتا تھا کہ دنیا میں اُن کے جو خادم تھے وہی جنت میں بھی ان کے خادم بنا دیے جائیں گے، حالانکہ دنیا کا جو شخص بھی جنت میں جائے گا اپنے استحقاق کی بنا پر جائے گا، اور کوئی وجہ نہیں کہ جنت میں پہنچ کر وہ اپنے اُسی آقا کا خادم

عَلٰى بَعۡضٍ يَّتَسَآءَلُوۡنَ ﴿۲۵﴾ قَالُوۡۤا اِنَّا كُنَّا قَبۡلُ فِىۡۤ اَهۡلِنَا
مُشۡفِقِيۡنَ ﴿۲۶﴾ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيۡنَا وَوَقٰٮنَا عَذَابَ السَّمُوۡمِ ﴿۲۷﴾
اِنَّا كُنَّا مِنۡ قَبۡلُ نَدۡعُوۡهُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الۡبَرُّ الرَّحِيۡمُ ﴿۲۸﴾ ع
فَذَكِّرۡ فَمَاۤ اَنۡتَ بِنِعۡمَتِ رَبِّكَ بِكَاهِنٍ وَّلَا مَجۡنُوۡنٍ ﴿۲۹﴾ ؕ

گزرے ہوئے) حالات پُوچھیں گے۔ یہ کہیں گے کہ ہم پہلے اپنے گھر والوں میں ڈرتے ہوئے زندگی بسر کرتے تھے،[۲۰] آخرکار اللہ نے ہم پر فضل فرمایا اور ہمیں جُھلسا دینے والی ہوا[۲۱] کے عذاب سے بچالیا۔ ہم پچھلی زندگی میں اُسی سے دُعائیں مانگتے تھے، وہ واقعی بڑا ہی مُحسن اور رحیم ہے۔ ع

پس اَے نبیؐ! تم نصیحت کیے جاؤ، اپنے رب کے فضل سے نہ تم کاہن ہو اور نہ مجنون۔[۲۲]

---

بنا دیا جائے جس کی خدمت وہ دنیا میں کرتا رہا تھا۔ بلکہ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ کوئی خادم اپنے عمل کی وجہ سے اپنے مخدوم کی بہ نسبت زیادہ بلند مرتبہ جنت میں پائے۔ اِس لیے غِلْمَانٌ لَّهُمْ فرما کر اِس گمان کی گنجایش باقی نہیں رہنے دی گئی۔ یہ لفظ اس بات کی وضاحت کر دیتا ہے کہ یہ وہ لڑکے ہوں گے جو جنت میں اُن کی خدمت کے لیے مخصوص کر دیے جائیں گے۔ (مزید تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد چہارم، تفسیر سورۂ صافات، حاشیہ ۲۶)

**۲۰** – یعنی ہم وہاں عیش میں منہمک اور اپنی دنیا میں مگن ہو کر غفلت کی زندگی نہیں گزار رہے تھے، بلکہ ہر وقت ہمیں یہ دھڑکا لگا رہتا تھا کہ کہیں ہم سے کوئی ایسا کام نہ ہو جائے جس پر خدا کے ہاں ہماری پکڑ ہو۔ یہاں خاص طور پر اپنے گھر والوں کے درمیان ڈرتے ہوئے زندگی بسر کرنے کا ذکر اس لیے کیا گیا ہے کہ آدمی سب سے زیادہ جس وجہ سے گناہوں میں مبتلا ہوتا ہے، وہ اپنے بال بچّوں کو عیش کرانے اور ان کی دنیا بنانے کی فکر ہے۔ اسی کے لیے وہ حرام کماتا ہے، دوسروں کے حُقوق پر ڈاکے ڈالتا ہے، اور طرح طرح کی ناجائز تدبیریں کرتا ہے۔ اِسی بنا پر اہلِ جنت آپس میں کہیں گے کہ خاص طور پر جس چیز نے ہمیں عاقبت کی خرابی سے بچایا، وہ یہ تھی کہ اپنے بال بچوں میں زندگی بسر کرتے ہوئے ہمیں اُن کو عیش کرانے اور ان کا مستقبل شان دار بنانے کی اتنی فکر نہ تھی جتنی اِس بات کی تھی کہ ہم اُن کی خاطر وہ طریقے نہ اختیار کر بیٹھیں جن سے ہماری آخرت برباد ہو جائے، اور اپنی اولاد کو بھی ایسے راستے پر نہ ڈال جائیں جو اُن کو عذابِ الٰہی کا مستحق بنا دے۔

**۲۱** – اصل میں لفظ سَمُوْم استعمال ہوا ہے، جس کے معنی سخت گرم ہوا کے ہیں۔ اس سے مراد لُو کی وہ لپٹیں ہیں جو دوزخ سے اُٹھ رہی ہوں گی۔

**۲۲-** اُوپر آخرت کی تصویر پیش کرنے کے بعد اب تقریر کا رُخ کفّارِ مکّہ کی اُن ہٹ دھرمیوں کی طرف پھر رہا ہے جس سے وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت کا مقابلہ کر رہے تھے۔ یہاں خطاب بظاہر تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے، مگر دراصل آپؐ کے واسطے سے یہ باتیں کفّارِ مکّہ کو سنانی مقصود ہیں۔ اُن کے سامنے جب آپؐ قیامت، اور حشر و نشر، اور حساب و کتاب، اور جزا و سزا، اور جنّت و جہنّم کی باتیں کرتے تھے، اور اِن مضامین پر مشتمل قرآنِ مجید کی آیات اِس دعوے کے ساتھ اُن کو سناتے تھے کہ یہ خبریں اللہ کی طرف سے میرے پاس آئی ہیں اور یہ اللہ کا کلام ہے جو مجھ پر وحی کے ذریعے سے نازل ہوا ہے، تو اُن کے سردار اور مذہبی پیشوا اور اَوباش لوگ آپؐ کی اِن باتوں پر سنجیدگی کے ساتھ نہ خود غور کرتے تھے، نہ یہ چاہتے تھے کہ عوام اِن کی طرف توجہ کریں۔ اس لیے وہ آپؐ کے اُوپر کبھی یہ فقرہ کستے تھے کہ آپؐ کاہن ہیں، اور کبھی یہ کہ آپؐ مجنون ہیں، اور کبھی یہ کہ آپؐ شاعر ہیں، اور کبھی یہ کہ آپؐ خود اپنے دل سے یہ نرالی باتیں گھڑتے ہیں اور محض اپنا رنگ جمانے کے لیے اِنھیں خدا کی نازل کردہ وحی کہہ کر پیش کرتے ہیں۔ اُن کا خیال یہ تھا کہ اس طرح کے فقرے کس کر وہ لوگوں کو آپؐ کی طرف سے بدگمان کر دیں گے اور آپؐ کی ساری باتیں ہوا میں اُڑ جائیں گی۔ اس پر فرمایا جا رہا ہے کہ اَے نبیؐ! واقعی حقیقت تو وہی کچھ ہے جو سورت کے آغاز سے یہاں تک بیان کی گئی ہے۔ اب اگر یہ لوگ اِن باتوں پر تمھیں کاہن اور مجنون کہتے ہیں تو پروا نہ کرو اور بندگانِ خدا کو غفلت سے چونکانے اور حقیقت سے خبردار کرنے کا کام کرتے چلے جاؤ، کیونکہ خدا کے فضل سے نہ تم کاہن ہو نہ مجنون۔

''کاہن'' عَرَبی زبان میں جوتشی، غیب گو اور سیانے کے معنٰی میں بولا جاتا تھا۔ زمانۂ جاہلیّت میں یہ ایک مستقل پیشہ تھا۔ کاہنوں کا دعویٰ تھا، اور اُن کے بارے میں ضعیف الاعتقاد لوگ بھی یہ سمجھتے تھے کہ وہ ستارہ شناس ہیں، یا ارواح اور شیاطین اور جِنّوں سے ان کا خاص تعلق ہے، جس کی بدولت وہ غیب کی خبریں معلوم کر سکتے ہیں۔ کوئی چیز کھوئی جائے تو وہ بتا سکتے ہیں کہ وہ کہاں پڑی ہوئی ہے۔ کسی کے ہاں چوری ہو جائے تو وہ بتا سکتے ہیں کہ چور کون ہے۔ کوئی اپنی قسمت پوچھے تو وہ بتا سکتے ہیں کہ اس کی قسمت میں کیا لکھا ہے۔ اِنھی اغراض کے لیے لوگ اُن کے پاس جاتے تھے اور وہ کچھ نذر و نیاز لے کر انھیں غیب کی باتیں بتایا کرتے تھے۔ وہ خود بھی بسا اوقات بستیوں میں آواز لگاتے پھرتے تھے، تاکہ لوگ ان کی طرف رُجوع کریں۔ ان کی ایک خاص وضع قطع ہوتی تھی جس سے وہ الگ پہچانے جاتے تھے۔ ان کی زبان بھی عام بول چال سے مختلف ہوتی تھی۔ وہ مُقفّٰی اور مُسَجَّع فقرے خاص لہجے میں ذرا ترنّم کے ساتھ بولتے تھے، اور بالعموم ایسے گول مول فقرے استعمال کرتے تھے جن سے ہر شخص اپنے مطلب کی بات نکال لے۔ قریش کے سرداروں نے عوام کو فریب دینے کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر کاہن ہونے کا الزام صرف اِس بنا پر لگا دیا کہ آپؐ اُن حقائق کی خبر دے رہے تھے جو لوگوں کی نگاہ سے پوشیدہ ہیں، اور آپؐ کا دعویٰ یہ تھا کہ خدا کی طرف سے ایک فرشتہ آ کر آپؐ پر وحی نازل کرتا ہے، اور خدا کا جو کلام آپؐ پیش کر رہے تھے وہ بھی مُقفّٰی تھا۔ لیکن عرب میں کوئی شخص بھی اُن کے اِس الزام سے دھوکا نہ کھا سکتا تھا۔ اس لیے کہ کاہنوں کے پیشے اور

اَمْ يَقُوْلُوْنَ شَاعِرٌ نَّتَرَبَّصُ بِهٖ رَيْبَ الْمَنُوْنِ ﴿۳۰﴾ قُلْ تَرَبَّصُوْا فَاِنِّیْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُتَرَبِّصِيْنَ ﴿۳۱﴾ اَمْ تَاْمُرُهُمْ

کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ یہ شخص شاعر ہے جس کے حق میں ہم گردشِ ایّام کا انتظار کر رہے ہیں؟[۲۳] اِن سے کہو: اچھّا، انتظار کرو، مَیں بھی تمھارے ساتھ انتظار کرتا ہوں[۲۴]۔ کیا اِن کی عقلیں اِنھیں

ان کی وضع قطع اور ان کی زبان اور ان کے کاروبار سے کوئی بھی ناواقف نہ تھا۔ سب جانتے تھے کہ وہ کیا کام کرتے ہیں، کس مقصد کے لیے لوگ ان کے پاس جاتے ہیں، کیا باتیں وہ ان کو بتاتے ہیں، اُن کے مُسَجَّع فقرے کیسے ہوتے ہیں اور کن مضامین پر وہ مشتمل ہوتے ہیں۔ پھر سب سے بڑی بات یہ ہے کہ کسی کاہن کا سرے سے یہ کام ہی نہیں ہوسکتا تھا کہ قوم کے رائج الوقت عقائد کے خلاف ایک عقیدہ لے کر اُٹھتا اور شب و روز اس کی تبلیغ میں اپنی جان کھپاتا اور اس کی خاطر ساری قوم کی دشمنی مول لیتا۔ اس لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کہانت کا یہ الزام برائے نام بھی کوئی مناسبت نہ رکھتا تھا کہ یہ پھبتی آپؐ پر چسپاں ہوسکتی اور عرب کا کوئی کُند ذہن سے کُند ذہن آدمی بھی اس سے دھوکا کھا جاتا۔

اِسی طرح آپؐ پر جُنون کا الزام بھی کفارِ مکہ محض اپنے دل کی تسلّی کے لیے لگاتے تھے، جیسے موجودہ زمانے کے بعض بے شرم مغربی مصنّفین اسلام کے خلاف اپنے بغض کی آگ ٹھنڈی کرنے کے لیے یہ دعوے کرتے ہیں کہ معاذ اللہ، حضورؐ پر صَرَع (epilepsy) کے دَورے پڑتے تھے، اور انھی دَوروں کی حالت میں جو کچھ آپؐ کی زبان سے نکلتا تھا اسے لوگ وحی سمجھتے تھے۔ ایسے بے ہودہ الزامات کو کسی صاحبِ عقل آدمی نے نہ اُس زمانے میں قابلِ اعتنا سمجھا تھا، نہ آج کوئی شخص قرآن کو پڑھ کر اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قیادت و رہنمائی کے حیرت انگیز کارنامے دیکھ کر یہ باور کرسکتا ہے کہ یہ سب کچھ صَرَع کے دَوروں کا کرشمہ ہے۔

۲۳- یعنی ہم منتظر ہیں کہ اس شخص پر کوئی آفت آئے اور کسی طرح اِس سے ہمارا پیچھا چھُوٹے۔ غالباً اُن کا خیال یہ تھا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم چونکہ ہمارے معبُودوں کی مخالفت اور اُن کی کرامات کا انکار کرتے ہیں، اس لیے یا تو معاذ اللہ، اِن پر ہمارے کسی معبود کی مار پڑے گی، یا کوئی دل چلا اِن کی یہ باتیں سن کر آپے سے باہر ہوجائے گا اور انھیں قتل کر دے گا۔

۲۴- اس کے دو مطلب ہو سکتے ہیں: ایک یہ کہ میں بھی دیکھتا ہوں کہ تمھاری یہ آرزو پوری ہوتی ہے یا نہیں۔ دوسرے یہ کہ میں بھی منتظر ہوں کہ شامت میری آتی ہے یا تمھاری۔

أَمْ تَأْمُرُهُمْ أَحْلَامُهُم بِهَٰذَا ۚ أَمْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُونَ ﴿٣٢﴾ أَمْ يَقُولُونَ تَقَوَّلَهُ ۚ بَل
لَّا يُؤْمِنُونَ ﴿٣٣﴾ فَلْيَأْتُوا بِحَدِيثٍ مِّثْلِهِ إِن كَانُوا صَادِقِينَ ﴿٣٤﴾

ایسی ہی باتیں کرنے کے لیے کہتی ہیں؟ یا درحقیقت یہ عناد میں حد سے گزرے ہوئے لوگ ہیں؟[25]

کیا یہ کہتے ہیں کہ اِس شخص نے یہ قرآن خود گھڑ لیا ہے؟ اصل بات یہ ہے کہ یہ ایمان نہیں لانا چاہتے[26]۔ اگر یہ اپنے اِس قول میں سچّے ہیں تو اِسی شان کا ایک کلام بنا لائیں[27]۔

**۲۵** - اِن دو فقروں میں مخالفین کے سارے پروپیگنڈے کی ہوا نکال کر انھیں بالکل بے نقاب کر دیا گیا ہے۔ اِستدلال کا خلاصہ یہ ہے کہ یہ قریش کے سردار اور مشائخ بڑے عقل مند بنے پھرتے ہیں، مگر کیا اِن کی عقل یہی کہتی ہے کہ جو شخص شاعر نہیں ہے اُسے شاعر کہو، جسے ساری قوم ایک دانا آدمی کی حیثیت سے جانتی ہے اُسے مجنون کہو، اور جس شخص کا کہانت سے کوئی دُور دراز کا تعلق بھی نہیں ہے اسے خواہ مخواہ کاہن قرار دو۔ پھر اگر عقل ہی کی بنا پر یہ لوگ حکم لگاتے تو کوئی ایک حکم لگاتے۔ بہت سے متضاد حکم تو ایک ساتھ نہیں لگا سکتے تھے۔ ایک شخص آخر بیک وقت شاعر، مجنون اور کاہن کیسے ہو سکتا ہے۔ وہ مجنون ہے تو نہ کاہن ہو سکتا ہے نہ شاعر۔ کاہن ہے تو شاعر نہیں ہو سکتا، اور شاعر ہے تو کاہن نہیں ہو سکتا، کیونکہ شعر کی زبان اور اس کے موضوعات بحث الگ ہوتے ہیں اور کہانت کی زبان اور اس کے مضامین الگ۔ ایک ہی کلام کو بیک وقت شعر بھی کہنا اور کہانت بھی قرار دینا کسی ایسے آدمی کا کام نہیں ہو سکتا جو شعر اور کہانت کا فرق جانتا ہو۔ پس یہ بالکل کھلی ہوئی بات ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت میں یہ متضاد باتیں عقل سے نہیں بلکہ سراسر ضد اور ہٹ دھرمی سے کی جا رہی ہیں، اور قوم کے یہ بڑے بڑے سردار عناد کے جوش میں اندھے ہو کر محض بے سروپا الزامات لگا رہے ہیں جنھیں کوئی سنجیدہ انسان قابلِ اعتنا نہیں سمجھ سکتا۔ (مزید تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد دوم، الاعراف، حاشیہ ۱۰۴۔ یُونُس، حاشیہ ۳۔ بنی اسرائیل، حواشی ۵۳-۵۴۔ جلد سوم، الشُّعراء، حواشی ۱۳۰-۱۳۱-۱۴۰-۱۴۲-۱۴۳-۱۴۴)

**۲۶** - دوسرے الفاظ میں اس ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ قریش کے جو لوگ قرآن کو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنا تصنیف کردہ کلام کہتے ہیں خود اُن کا دل یہ جانتا ہے کہ یہ آپؐ کا کلام نہیں ہو سکتا، اور دوسرے وہ لوگ بھی جو اہلِ زبان ہیں، نہ صرف یہ کہ اِسے سُن کر صاف محسوس کر لیتے ہیں کہ یہ انسانی کلام سے بہت اعلیٰ و ارفع ہے، بلکہ اُن میں سے جو شخص بھی محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے واقف ہے وہ کبھی یہ گمان نہیں کر سکتا کہ یہ واقعی آپؐ ہی کا کلام ہے۔ پس صاف اور سیدھی بات یہ ہے کہ قرآن کو آپؐ کی تصنیف قرار دینے والے دراصل ایمان نہیں لانا چاہتے۔ اس لیے وہ طرح طرح کے جھوٹے بہانے گھڑ رہے ہیں، جن میں سے ایک بہانہ یہ بھی ہے۔ (مزید تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد دوم،

یونُس، حاشیہ ۲۱۔ جلد سوم، الفرقان، حاشیہ ۱۲۔ القصص، حاشیہ ۶۴۔ العنکبوت، حاشیہ ۸۸-۸۹۔ جلد چہارُم، السجدہ، حاشیہ ۱ تا ۴۔حٰم السجدہ، حاشیہ ۵۴۔الاحقاف، حاشیہ ۸ تا ۱۰)

۲۷- یعنی بات صرف اتنی ہی نہیں ہے کہ یہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا کلام نہیں ہے، بلکہ حقیقت یہ ہے کہ یہ سرے سے انسانی کلام ہی نہیں ہے اور یہ بات انسان کی قدرت سے باہر ہے کہ ایسا کلام تصنیف کر سکے۔ اگر تم اسے انسانی کلام کہتے ہو تو اِس پائے کا کوئی کلام لا کر دکھاؤ جسے کسی انسان نے تصنیف کیا ہو۔ یہ چیلنج نہ صرف قریش کو، بلکہ تمام دنیا کے منکرین کو سب سے پہلے اِس آیت میں دیا گیا تھا۔ اس کے بعد تین مرتبہ مکّۂ معظمہ میں اور پھر آخری بار مدینۂ منورہ میں اسے دُہرایا گیا۔ (ملاحظہ ہو: یونُس، آیت ۳۸۔ ہود: ۱۳۔ بنی اسرائیل: ۸۸۔ البقرہ: ۲۳) مگر کوئی اس کا جواب دینے کی نہ اُس وقت ہمت کر سکا، نہ اُس کے بعد آج تک کسی کی یہ جرأت ہوئی کہ قرآن کے مقابلے میں کسی انسانی تصنیف کو لے آئے۔

بعض لوگ اِس چیلنج کی حقیقی نوعیّت کو نہ سمجھنے کی وجہ سے یہ کہتے ہیں کہ ایک قرآن ہی کیا، کسی شخص کے اسٹائل میں بھی دوسرا کوئی شخص نثر یا نظم لکھنے پر قادر نہیں ہوتا۔ ہومر، رُومی، شیکسپیئر، گوئٹے، غالب، ٹیگور، اقبال، سب ہی اس لحاظ سے بے مثل ہیں کہ ان کی نقل اُتار کر انھی جیسا کلام بنا لانا کسی کے بس میں نہیں ہے۔ قرآن کے چیلنج کا یہ جواب دینے والے دراصل اس غلط فہمی میں ہیں کہ فَلْيَأْتُوا بِحَدِيثٍ مِّثْلِهِ کا مطلب قرآن کے اسٹائل میں اُس جیسی کوئی کتاب لکھ دینا ہے۔ حالانکہ اس سے مراد اسٹائل میں مماثلت نہیں ہے، بلکہ مراد یہ ہے کہ اِس پائے اور اس شان اور اِس مرتبے کی کوئی کتاب لے آؤ جو صرف عربی ہی میں نہیں، دنیا کی کسی زبان میں اُن خصوصیات کے لحاظ سے قرآن کی مدِّمقابل قرار پا سکے جن کی بنا پر قرآن ایک معجزہ ہے۔ مختصراً چند بڑی بڑی خصوصیات حسبِ ذیل ہیں جن کی بنا پر قرآن پہلے بھی معجزہ تھا اور آج بھی معجزہ ہے:

۱- جس زبان میں قرآنِ مجید نازل ہوا ہے، اُس کے ادب کا وہ بلند ترین اور مکمل ترین نمونہ ہے۔ پوری کتاب میں ایک لفظ اور ایک جملہ بھی معیار سے گرا ہُوا نہیں ہے۔ جس مضمون کو بھی ادا کیا گیا ہے، موزوں ترین الفاظ اور مناسب ترین اندازِ بیان میں ادا کیا گیا ہے۔ ایک ہی مضمون بار بار بیان ہوا ہے اور ہر مرتبہ پیرایۂ بیان نیا ہے، جس سے تکرار کی بدنُمائی کہیں پیدا نہیں ہوتی۔ اوّل سے لے کر آخر تک ساری کتاب میں الفاظ کی نشست ایسی ہے جیسے نگینے تراش تراش کر جڑے گئے ہوں۔ کلام اتنا مؤثّر ہے کہ کوئی زبان داں آدمی اسے سُن کر سر دُھنے بغیر نہیں رہ سکتا، حتّٰی کہ منکر اور مخالف کی رُوح بھی وجد کرنے لگتی ہے۔ ۱۴ سو برس گزرنے کے بعد بھی آج تک یہ کتاب اپنی زبان کے ادب کا سب سے اعلیٰ نمونہ ہے، جس کے برابر تو درکنار، جس کے قریب بھی عربی زبان کی کوئی کتاب اپنی ادبی قدر و قیمت میں نہیں پہنچتی۔ یہی نہیں، بلکہ یہ کتاب عربی زبان کو اس طرح پکڑ کر بیٹھ گئی ہے کہ ۱۴ صدیاں گزر جانے پر بھی اِس زبان کا معیارِ فصاحت وہی ہے جو اس کتاب نے قائم کر دیا تھا، حالانکہ اتنی مدّت میں زبانیں بدل کر کچھ سے کچھ ہو جاتی ہیں۔ دنیا کی کوئی زبان ایسی نہیں ہے جو اتنی طویل مدت تک اِملا، اِنشا، محاورے، قواعدِ

زبان اور استعمالِ الفاظ میں ایک ہی شان پر باقی رہ گئی ہو۔ لیکن یہ صرف قرآن کی طاقت ہے جس نے عربی زبان کو اپنے مقام سے ہلنے نہ دیا۔ اُس کا ایک لفظ بھی آج تک متروک نہیں ہُوا ہے۔ اُس کا ہر محاورہ آج تک عربی ادب میں مُستَعمَل ہے۔ اُس کا ادب آج بھی عربی کا معیاری ادب ہے، اور تقریر و تحریر میں آج بھی فصیح زبان وہی مانی جاتی ہے جو ۱۴ سو برس پہلے قرآن میں استعمال ہوئی تھی۔ کیا دنیا کی کسی زبان میں کوئی انسانی تصنیف اِس شان کی ہے؟

۲- یہ دنیا کی واحد کتاب ہے جس نے نوعِ انسانی کے افکار، اَخلاق، تہذیب اور طرزِ زندگی پر اتنی وسعت، اِتنی گہرائی اور اتنی ہمہ گیری کے ساتھ اثر ڈالا ہے کہ دنیا میں اس کی کوئی نظیر نہیں ملتی۔ پہلے اس کی تاثیر نے ایک قوم کو بدلا، اور پھر اُس قوم نے اُٹھ کر دنیا کے ایک بہت بڑے حصّے کو بدل ڈالا۔ کوئی دوسری کتاب ایسی نہیں ہے جو اس قدر انقلاب انگیز ثابت ہوئی ہو۔ یہ کتاب صرف کاغذ کے صفحات پر لکھی نہیں رہ گئی ہے، بلکہ عمل کی دنیا میں اس کے ایک ایک لفظ نے خیالات کی تشکیل اور ایک مستقل تہذیب کی تعمیر کی ہے، ۱۴ سو برس سے اس کے اِن اثرات کا سلسلہ جاری ہے، اور روز بروز اس کے یہ اثرات پھیلتے چلے جا رہے ہیں۔

۳- جس موضوع سے یہ کتاب بحث کرتی ہے — ایک وسیع ترین موضوع ہے، جس کا دائرہ اَزل سے اَبد تک پُوری کائنات پر حاوی ہے۔ وہ کائنات کی حقیقت اور اس کے آغاز و انجام اور اس کے نظم و آئین پر کلام کرتی ہے۔ وہ بتاتی ہے کہ اِس کائنات کا خالق اور ناظم و مدبّر کون ہے؟ کیا اُس کی صفات ہیں، کیا اُس کے اختیارات ہیں، اور وہ حقیقتِ نفس الامری کیا ہے جس پر اُس نے یہ پُورا نظامِ عالَم قائم کیا ہے۔ وہ اِس جہان میں انسان کی حیثیت اور اس کا مقام ٹھیک ٹھیک مُشَخَّص کر کے بتاتی ہے کہ یہ اُس کا فطری مَقام اور یہ اُس کی پیدائشی حیثیت ہے جسے بدل دینے پر وہ قادر نہیں ہے۔ وہ بتاتی ہے کہ اِس مَقام اور اِس حیثیت کے لحاظ سے انسان کے لیے فکر و عمل کا صحیح راستہ کیا ہے جو حقیقت سے پُوری مطابقت رکھتا ہے اور غلط راستے کیا ہیں جو حقیقت سے متصادم ہوتے ہیں۔ صحیح راستے کے صحیح ہونے اور غلط راستوں کے غلط ہونے پر وہ زمین و آسمان کی ایک ایک چیز سے، نظامِ کائنات کے ایک ایک گوشے سے، انسان کے اپنے نفس اور اس کے وجود سے اور انسان کی اپنی تاریخ سے بے شمار دلائل پیش کرتی ہے۔ اس کے ساتھ وہ یہ بھی بتاتی ہے کہ انسان غلط راستوں پر کیسے اور کن اسباب سے پڑتا رہا ہے، اور صحیح راستہ، جو ہمیشہ سے ایک ہی تھا اور ایک ہی رہے گا، کس ذریعے سے اُس کو معلوم ہو سکتا ہے، اور کس طرح ہر زمانے میں اُس کو بتایا جاتا رہا ہے۔ وہ صحیح راستے کی صرف نشان دہی کر کے نہیں رہ جاتی، بلکہ اُس راستے پر چلنے کے لیے ایک پُورے نظامِ زندگی کا نقشہ پیش کرتی ہے، جس میں عقائد، اَخلاق، تزکیۂ نفس، عبادات، معاشرت، تہذیب، تمدُّن، معیشت، سیاست، عدالت، قانون، غرض حیاتِ انسانی کے ہر پہلو سے متعلق ایک نہایت مربوط ضابطہ بیان کر دیا گیا ہے۔ مزید برآں وہ پُوری تفصیل کے ساتھ بتاتی ہے کہ اِس صحیح راستے کی پیروی کرنے اور اُن غلط راستوں پر چلنے کے کیا نتائج اِس دنیا میں ہیں اور کیا نتائج دنیا کا موجودہ نظام ختم ہونے کے بعد ایک دوسرے عالَم میں رُونما ہونے والے ہیں۔ وہ اِس دنیا کے ختم ہونے اور دوسرا

عالَم برپا ہونے کی نہایت مفصّل کیفیت بیان کرتی ہے، اِس تغیّر کے تمام مراحل ایک ایک کر کے بتاتی ہے، دوسرے عالَم کا پُورا نقشہ نگاہوں کے سامنے کھینچ دیتی ہے، اور پھر بڑی وضاحت کے ساتھ بیان کرتی ہے کہ وہاں انسان کیسے ایک دوسری زندگی پائے گا، کس طرح اس کی دنیوی زندگی کے اعمال کا محاسبہ ہو گا، کن اُمور کی اُس سے باز پُرس ہوگی، کیسی ناقابلِ انکار صورت میں اس کا پُورا نامۂ اعمال اُس کے سامنے رکھ دیا جائے گا، کیسی زبردست شہادتیں اُس کے ثبوت میں پیش کی جائیں گی، جزا اور سزا پانے والے کیوں جزا اور سزا پائیں گے، جزا پانے والوں کو کیسے انعامات ملیں گے اور سزا پانے والے کس کس شکل میں اپنے اعمال کے نتائج بھگتیں گے۔ اس وسیع مضمون پر جو کلام اِس کتاب میں کیا گیا ہے، وہ اِس حیثیت سے نہیں ہے کہ اس کا مصنف کچھ صُغریٰ کُبریٰ جوڑ کر چند قیاسات کی ایک عمارت تعمیر کر رہا ہے، بلکہ اس حیثیت سے ہے کہ اِس کا مصنف حقیقت کا براہِ راست علم رکھتا ہے، اُس کی نگاہ اَزَل سے اَبَد تک سب کچھ دیکھ رہی ہے، تمام حقائق اُس پر عیاں ہیں، کائنات پُوری کی پُوری اُس کے سامنے ایک کُھلی کتاب کی طرح ہے، نوعِ انسانی کے آغاز سے اُس کے خاتمے تک ہی نہیں بلکہ خاتمے کے بعد اُس کی دوسری زندگی تک بھی وہ اُس کو بیک نظر دیکھ رہا ہے، اور قیاس و گمان کی بنا پر نہیں بلکہ علم کی بنیاد پر انسان کی رہنمائی کر رہا ہے۔ جن حقائق کو علم کی حیثیت سے وہ پیش کرتا ہے، ان میں سے کوئی ایک بھی آج تک غلط ثابت نہیں کیا جا سکا ہے۔ جو تصوّرِ کائنات و انسان وہ پیش کرتا ہے، وہ تمام مظاہر اور واقعات کی مکمل توجیہ کرتا ہے اور ہر شعبۂ علم میں تحقیق کی بنیاد بن سکتا ہے۔ فلسفہ و سائنس اور عُلومِ عمران کے تمام آخری مسائل کے جوابات اُس کے کلام میں موجود ہیں اور ان سب کے درمیان ایسا منطقی ربط ہے کہ ان پر ایک مکمل، مربوط اور جامع نظامِ فکر قائم ہوتا ہے۔ پھر عملی حیثیت سے جو رہنمائی اس نے زندگی کے ہر پہلو کے متعلق انسان کو دی ہے، وہ صرف انتہائی معقول اور انتہائی پاکیزہ ہی نہیں ہے بلکہ ۱۴ سو سال سے رُوئے زمین کے مختلف گوشوں میں بے شمار انسان بالفعل اس کی پیروی کر رہے ہیں اور تجرِبے نے اس کو بہترین ثابت کیا ہے۔ کیا اس شان کی کوئی انسانی تصنیف دنیا میں موجود ہے یا کبھی موجود رہی ہے جسے اِس کتاب کے مقابلے میں لایا جا سکتا ہو؟

۴- یہ کتاب پُوری کی پُوری بیک وقت لکھ کر دنیا کے سامنے پیش نہیں کر دی گئی تھی، بلکہ چند ابتدائی ہدایات کے ساتھ ایک تحریکِ اصلاح کا آغاز کیا گیا تھا اور اس کے بعد ۲۳ سال تک وہ تحریک جن جن مرحلوں سے گزرتی رہی، اُن کے حالات اور ان کی ضروریات کے مطابق اِس کے اجزا اُس تحریک کے رہنما کی زبان سے کبھی طویل خطبوں اور کبھی مختصر جملوں کی شکل میں ادا ہوتے رہے۔ پھر اس مشن کی تکمیل پر مختلف اوقات میں صادر ہونے والے یہ اجزا اُس مکمل کتاب کی صورت میں مُرتّب کر کے دنیا کے سامنے رکھ دیے گئے جسے "قرآن" کے نام سے موسوم کیا گیا ہے۔ تحریک کے رہنما کا بیان ہے کہ یہ خطبے اور جُملے اس کے طبع زاد نہیں ہیں، بلکہ خداوندِ عالَم کی طرف سے اس پر نازل ہوئے ہیں۔ اگر کوئی شخص انھیں خود اُس رہنما کے طبع زاد قرار دیتا ہے تو وہ دنیا کی پُوری تاریخ سے کوئی نظیر ایسی پیش کرے کہ کسی انسان نے سالہا سال تک مسلسل ایک زبردست اجتماعی تحریک کی بطورِ خود رہنمائی کرتے ہوئے کبھی ایک واعظ اور معلّمِ اَخلاق کی حیثیت سے، کبھی ایک مظلوم جماعت کے سربراہ کی حیثیت سے، کبھی ایک مملکت کے فرمانروا کی حیثیت سے، کبھی ایک برسرِ جنگ

فوج کے قائد کی حیثیت سے، کبھی ایک فاتح کی حیثیت سے، کبھی ایک شارع اور مُقَنِّن کی حیثیت سے، غرض بکثرت مختلف حالات اور اوقات میں بہت سی مختلف حیثیتوں سے جو مختلف تقریریں کی ہوں یا باتیں کہی ہوں، وہ جمع ہو کر ایک مکمّل، مربوط اور جامع نظامِ فکر و عمل بنا دیں، ان میں کہیں کوئی تناقُض اور تضاد نہ پایا جائے، ان میں ابتدا سے انتہا تک ایک ہی مرکزی تخیّل اور سلسلۂ فکر کارفرما نظر آئے، اس نے اوّل روز سے اپنی دعوت کی جو بنیاد بیان کی ہو، آخری دن تک اُسی بنیاد پر وہ عقائد و اعمال کا ایک ایسا ہمہ گیر نظام بناتا چلا جائے جس کا ہر جُز دوسرے اجزا سے کامل مطابقت رکھتا ہو، اور اس مجموعے کو پڑھنے والا کوئی صاحبِ بصیرت آدمی یہ محسوس کیے بغیر نہ رہے کہ تحریک کا آغاز کرتے وقت اُس کے محرّک کے سامنے آخری مرحلے تک کا پُورا نقشہ موجود تھا، اور ایسا کبھی نہیں ہوا کہ بیچ کے کسی مقام پر اُس کے ذہن میں کوئی ایسا خیال آیا ہو جو پہلے اس پر منکشف نہ تھا یا جسے بعد میں اس کو بدلنا پڑا۔ اِس شان کا کوئی انسان اگر کبھی گزرا ہو جس نے اپنے ذہن کی خلّاقی کا یہ کمال دکھایا ہو تو اس کی نشان دہی کی جائے۔

۵- جس رہنما کی زبان پر یہ خطبے اور جُملے جاری ہوئے تھے، وہ یکایک کسی گوشے سے نکل کر صرف اِن کو سنانے کے لیے نہیں آ جاتا تھا اور انھیں سنانے کے بعد کہیں چلا نہیں جاتا تھا۔ وہ اِس تحریک کے آغاز سے پہلے بھی انسانی معاشرے میں زندگی بسر کر چکا تھا اور اُس کے بعد بھی وہ زندگی کی آخری ساعت تک ہر وقت اُسی معاشرے میں رہتا تھا۔ اس کی گفتگو اور تقریروں کی زبان اور طرزِ بیان سے لوگ بخوبی آشنا تھے۔ احادیث میں اُن کا ایک بڑا حصّہ اب بھی محفوظ ہے جسے بعد کے عربی دان لوگ پڑھ کر خود بآسانی دیکھ سکتے ہیں کہ اُس رہنما کا اپنا طرزِ کلام کیا تھا۔ اُس کے ہم زبان لوگ اُس وقت بھی صاف محسوس کرتے تھے اور آج بھی عربی زبان کے جاننے والے یہ محسوس کرتے ہیں کہ اِس کتاب کی زبان اور اس کا اسٹائل اُس رہنما کی زبان اور اُس کے اسٹائل سے بہت مختلف ہے، حتّٰی کہ جہاں اس کے کسی خطبے کے بیچ میں اِس کتاب کی کوئی عبارت آ جاتی ہے، وہاں دونوں کی زبان کا فرق بالکل نمایاں نظر آتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ کیا دنیا میں کوئی انسان کبھی اس بات پر قادر ہوا ہے یا ہو سکتا ہے کہ سال ہا سال تک دو قطعی مختلف اسٹائلوں میں کلام کرنے کا تکلُّف نباہتا چلا جائے اور کبھی یہ راز فاش نہ ہو سکے کہ یہ دو الگ اسٹائل دراصل ایک ہی شخص کے ہیں؟ عارضی اور وقتی طور پر اس قسم کے تصنُّع میں کامیاب ہو جانا تو ممکن ہے۔ لیکن مسلسل ۲۳ سال تک ایسا ہونا کسی طرح ممکن نہیں ہے کہ ایک شخص جب خدا کی طرف سے آئی ہوئی وحی کے طور پر کلام کرے تو اس کی زبان اور اسٹائل کچھ ہو اور جب خود اپنی طرف سے گفتگو یا تقریر کرے تو اس کی زبان اور اس کا اسٹائل بالکل ہی کچھ اور ہو۔

۶- وہ رہنما اس تحریک کی قیادت کے دَوران میں مختلف حالات سے دوچار ہوتا رہا۔ کبھی برسوں وہ اپنے ہم وطنوں اور اپنے قبیلے والوں کی تضحیک، توہین اور سخت ظلم و ستم کا نشانہ بنا رہا۔ کبھی اس کے ساتھیوں پر اس قدر تشدُّد کیا گیا کہ وہ ملک چھوڑ کر نکل جانے پر مجبور ہو گئے۔ کبھی دشمنوں نے اس کے قتل کی سازشیں کیں۔ کبھی خود اسے اپنے وطن سے ہجرت کرنی پڑی۔ کبھی اس کو انتہائی عُسرت اور فاقہ کشی کی زندگی گزارنی پڑی۔ کبھی اسے پیہم لڑائیوں سے سابقہ پیش آیا جن میں شکست اور فتح، دونوں ہی ہوتی رہیں۔ کبھی وہ دشمنوں پر غالب آیا اور وہی دشمن، جنھوں نے اس پر ظلم توڑے تھے، اس

اَمْ خُلِقُوْا مِنْ غَيْرِ شَيْءٍ اَمْ هُمُ الْخٰلِقُوْنَ ﴿۳۵﴾ اَمْ خَلَقُوا
السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ ۚ بَلْ لَّا يُوْقِنُوْنَ ﴿۳۶﴾ اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآئِنُ
رَبِّكَ اَمْ هُمُ الْمُصَيْطِرُوْنَ ﴿۳۷﴾ اَمْ لَهُمْ سُلَّمٌ يَّسْتَمِعُوْنَ فِيْهِ ۚ فَلْيَاْتِ

کیا یہ کسی خالق کے بغیر خود پیدا ہو گئے ہیں؟ یا یہ خود اپنے خالق ہیں؟ یا زمین اور آسمانوں کو اِنھوں نے پیدا کیا ہے؟ اصل بات یہ ہے کہ یہ یقین نہیں رکھتے۔[۲۸]
کیا تیرے رب کے خزانے اِن کے قبضے میں ہیں؟ یا اُن پر اِنھی کا حکم چلتا ہے؟[۲۹]
کیا اِن کے پاس کوئی سیڑھی ہے جس پر چڑھ کر یہ عالَمِ بالا کی سُن گُن لیتے ہیں؟ اِن میں سے

کے سامنے سرنگوں نظر آئے۔ کبھی اسے وہ اقتدار نصیب ہوا جو کم ہی کسی کو نصیب ہوتا ہے۔ اِن تمام حالات میں ایک انسان کے جذبات، ظاہر ہے کہ یکساں نہیں رہ سکتے۔ اُس رہنما نے اِن مختلف مواقع پر خود اپنی ذاتی حیثیت میں جب کبھی کلام کیا، اُس میں اُن جذبات کا اثر نمایاں نظر آتا ہے جو ایسے مواقع پر انسان کے دل میں پیدا ہوتے ہیں۔ لیکن خدا کی طرف سے آئی ہوئی وحی کے طور پر اِن مختلف حالات میں جو کلام اس کی زبان سے سنا گیا، وہ انسانی جذبات سے بالکل خالی ہے۔ کسی ایک مقام پر بھی کوئی بڑے سے بڑا نقاد انگلی رکھ کر یہ نہیں بتا سکتا کہ یہاں انسانی جذبات کارفرما نظر آتے ہیں۔

۷۔ جو وسیع اور جامع علم اِس کتاب میں پایا جاتا ہے، وہ اُس زمانے کے اہلِ عرب اور اہلِ روم و یونان و ایران تو درکنار، اِس بیسویں صدی کے اکابر اہلِ علم میں سے بھی کسی کے پاس نہیں ہے۔ آج حالت یہ ہے کہ فلسفہ و سائنس اور علوم عمران کی کسی ایک شاخ کے مطالعے میں اپنی عمر کھپا دینے کے بعد آدمی کو پتا چلتا ہے کہ اُس شعبۂ علم کے آخری مسائل کیا ہیں، اور پھر جب وہ غائر نگاہ سے قرآن کو دیکھتا ہے تو اُسے معلوم ہوتا ہے کہ اِس کتاب میں اُن مسائل کا ایک واضح جواب موجود ہے۔ یہ معاملہ کسی ایک علم تک محدود نہیں ہے، بلکہ اُن تمام عُلوم کے باب میں صحیح ہے جو کائنات اور انسان سے کوئی تعلق رکھتے ہیں۔ کیسے باور کیا جا سکتا ہے کہ ۱۴ سو برس پہلے ریگستانِ عرب میں ایک اُمّی کو علم کے ہر گوشے پر اتنی وسیع نظر حاصل تھی اور اُس نے ہر بنیادی مسئلے پر غور و خوض کر کے اس کا ایک صاف اور قطعی جواب سوچ لیا تھا؟

اعجازِ قرآن کے اگرچہ اور بھی متعدّد وجوہ ہیں، لیکن صرف اِن چند وُجوہ ہی پر اگر آدمی غور کرے تو اسے معلوم ہو جائے گا کہ قرآن کا معجزہ ہونا جتنا نزولِ قرآن کے زمانے میں واضح تھا، اُس سے بدرجہا زیادہ آج واضح ہے اور

مُسْتَمِعُهُمْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۳۸ اَمْ لَهُ الْبَنٰتُ وَلَكُمُ الْبَنُوْنَ ۳۹

جس نے سُن گُن لی ہو، وہ لائے کوئی کُھلی دلیل۔ کیا اللہ کے لیے تو ہیں بیٹیاں اور تم لوگوں کے لیے ہیں بیٹے[۳۰]؟

اِن شاء اللہ قیامت تک یہ واضح تر ہوتا چلا جائے گا۔

**۲۸**- اِس سے پہلے جو سوالات چھیڑے گئے تھے، وہ کفارِ مکّہ کو یہ احساس دلانے کے لیے تھے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے دعوائے رسالت کو جُھٹلانے کے لیے جو باتیں وہ بنا رہے ہیں، وہ کس قدر غیر معقول ہیں۔ اب اِس آیت میں ان کے سامنے یہ سوال رکھا گیا ہے کہ جو دعوت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پیش کر رہے ہیں، آخر اُس میں وہ بات کیا ہے جس پر تم لوگ اس قدر بگڑ رہے ہو۔ وہ یہی تو کہہ رہے ہیں کہ اللہ تمھارا خالق ہے اور اُسی کی تم کو بندگی کرنی چاہیے۔ اِس پر تمھارے بگڑنے کی آخر کیا معقول وجہ ہے؟ کیا تم خود بن گئے ہو، کسی بنانے والے نے تمھیں نہیں بنایا؟ یا اپنے بنانے والے تم خود ہو؟ یا یہ وسیع کائنات تمھاری بنائی ہوئی ہے؟ اگر ان میں سے کوئی بات بھی صحیح نہیں ہے اور تم خود مانتے ہو کہ تمھارا خالق بھی اللہ ہی ہے اور اِس کائنات کا خالق بھی وہی ہے، تو اُس شخص پر تمھیں غصہ کیوں آتا ہے جو تم سے کہتا ہے کہ وہی اللہ تمھاری بندگی و پرستش کا مستحق ہے؟ غصّے کے لائق بات یہ ہے یا یہ کہ جو خالق نہیں ہیں اُن کی بندگی کی جائے اور جو خالق ہے اُس کی بندگی نہ کی جائے؟ تم زبان سے یہ اقرار تو ضرور کرتے ہو کہ اللہ ہی تمھارا اور کائنات کا خالق ہے، لیکن اگر تمھیں واقعی اِس بات کا یقین ہوتا تو اُس کی بندگی کی طرف بلانے والے کے پیچھے اِس طرح ہاتھ دھو کر نہ پڑ جاتے۔

یہ ایسا زبردست چُبھتا ہوا سوال تھا کہ اِس نے مشرکین کے عقیدے کی چُولیں ہِلا دیں۔ بخاری و مسلم کی روایت ہے کہ جُبَیرؓ بن مُطْعِم جنگِ بدر کے بعد قریش کے قیدیوں کی رہائی پر بات چیت کرنے کے لیے کفارِ مکّہ کی طرف سے مدینہ آئے۔ یہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مغرب کی نماز پڑھا رہے تھے اور اُس میں سورۂ طُور زیرِ تلاوت تھی۔ اُن کا اپنا بیان یہ ہے کہ جب حضورؐ اِس مقام پر پہنچے تو میرا دل میرے سینے سے اُڑا جاتا تھا۔ بعد میں اُن کے مسلمان ہونے کی ایک بڑی وجہ یہ تھی کہ اُس روز یہ آیات سُن کر اسلام ان کے دل میں جڑ پکڑ چکا تھا۔

**۲۹**- یہ کفارِ مکّہ کے اِس اعتراض کا جواب ہے کہ آخر محمد بن عبداللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) ہی کیوں رسول بنائے گئے۔ اِس جواب کا مطلب یہ ہے کہ اِن لوگوں کو عبادتِ غیر اللہ کی گمراہی سے نکالنے کے لیے بہر حال کسی نہ کسی کو تو رسول مقرر کیا جانا ہی تھا۔ اب سوال یہ ہے کہ یہ فیصلہ کرنا کس کا کام ہے کہ خدا اپنا رسول کس کو بنائے اور کس کو نہ بنائے؟ اگر یہ لوگ خدا کے بنائے ہوئے رسول کو ماننے سے انکار کرتے ہیں تو اس کے معنٰی یہ ہیں کہ یا تو خدا کی خدائی کا مالک یہ اپنے آپ کو سمجھ بیٹھے ہیں، یا پھر ان کا زعم یہ ہے کہ اپنی خدائی کا مالک تو خدا ہی ہو مگر اُس میں حکم اِن کا چلے۔

اَمۡ تَسۡـَٔلُهُمۡ اَجۡرًا فَهُمۡ مِّنۡ مَّغۡرَمٍ مُّثۡقَلُوۡنَ ﴿٤٠﴾ اَمۡ عِنۡدَهُمُ الۡغَيۡبُ فَهُمۡ يَكۡتُبُوۡنَ ﴿٤١﴾ اَمۡ يُرِيۡدُوۡنَ كَيۡدًا ؕ فَالَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا هُمُ

کیا تم اِن سے کوئی اجر مانگتے ہو کہ یہ زبردستی پڑی ہوئی چٹی کے بوجھ تلے دبے جاتے ہیں؟[۳۱]

کیا اِن کے پاس غیب کے حقائق کا علم ہے کہ اُس کی بنا پر یہ لکھ رہے ہوں؟[۳۲]

کیا یہ کوئی چال چلنا چاہتے ہیں؟[۳۳] (اگر یہ بات ہے) تو کفر کرنے والوں پر ان کی چال

**۳۰-** اِن مختصر فقروں میں ایک بڑے مفصّل اِستدلال کو سمو دیا گیا ہے۔ تفصیل اس کی یہ ہے کہ اگر تمھیں رسُول کی بات ماننے سے انکار ہے تو تمھارے پاس خود حقیقت کو جاننے کا آخر ذریعہ کیا ہے؟ کیا تم میں سے کوئی شخص عالَمِ بالا میں پہنچا ہے اور اللہ تعالیٰ، یا اُس کے فرشتوں سے اُس نے براہِ راست یہ معلوم کر لیا ہے کہ وہ عقائد بالکل حقیقت کے مطابق ہیں جن پر تم لوگ اپنے دین کی بِنا رکھے ہوئے ہو؟ یہ دعویٰ اگر کسی کو ہے تو وہ سامنے آئے اور بتائے کہ اُسے کب اور کیسے عالَمِ بالا تک رسائی حاصل ہوئی ہے اور کیا علم وہ وہاں سے لے کر آیا ہے۔ اور اگر یہ دعویٰ تم نہیں رکھتے تو پھر خود ہی غور کرو کہ اِس سے زیادہ مضحکہ انگیز عقیدہ اور کیا ہو سکتا ہے کہ تم اللہ رب العالَمین کے لیے اولاد تجویز کرتے ہو، اور اولاد بھی لڑکیاں، جنھیں تم خود اپنے لیے باعثِ ننگ و عار سمجھتے ہو؟ علم کے بغیر اس قسم کی صریح جہالتوں کے اندھیرے میں بھٹک رہے ہو، اور خدا کی طرف سے جو شخص علم کی روشنی تمھارے سامنے پیش کرتا ہے، اس کی جان کے دشمن ہوئے جاتے ہو۔

**۳۱-** سوال کا اصل رُوئے سُخن کفار کی طرف ہے۔ مطلب یہ ہے کہ اگر رسول تم سے کوئی غرض رکھتا اور اپنی کسی ذاتی منفعت کے لیے یہ ساری دوڑ دھوپ کر رہا ہوتا تو اس سے تمھارے بھاگنے کی کم از کم ایک معقول وجہ ہوتی۔ مگر تم خود جانتے ہو کہ وہ اپنی اِس دعوت میں بالکل بے غرض ہے اور محض تمھاری بھلائی کے لیے اپنی جان کھپا رہا ہے۔ پھر کیا وجہ ہے کہ تم ٹھنڈے دل سے اُس کی بات سننے تک کے روادار نہیں ہو؟ اس سوال میں ایک لطیف تعریض بھی ہے۔ ساری دنیا کے بناوٹی پیشواؤں اور مذہبی آستانوں کے مجاوروں کی طرح عرب میں بھی مشرکین کے پیشوا اور پنڈت اور پروہت کُھلا کُھلا مذہبی کاروبار چلا رہے تھے۔ اِس پر یہ سوال اُن کے سامنے رکھ دیا گیا کہ ایک طرف یہ مذہب کے تاجر ہیں جو علانیہ تم سے نذریں، نیازیں اور ہر مذہبی خدمت کی اُجرتیں وصول کر رہے ہیں۔ دوسری طرف ایک شخص کامل بے غرضی کے ساتھ، بلکہ اپنے تجارتی کاروبار کو برباد کر کے تمھیں نہایت معقول دلائل سے دین کا سیدھا راستہ دکھانے کی کوشش کر رہا ہے۔ اب یہ صریح بے عقلی نہیں تو اور کیا ہے کہ تم اِس سے بھاگتے اور اُن کی طرف دوڑتے ہو۔

الْمَكِيْدُوْنَ ﴿٤٢﴾ اَمْ لَهُمْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿٤٣﴾

اُلٹی ہی پڑے گی۔[۳۴]

کیا اللہ کے سوا یہ کوئی اور معبود رکھتے ہیں؟ اللہ پاک ہے اُس شرک سے جو یہ لوگ کر رہے ہیں۔[۳۵]

۳۲- یعنی رسول تمھارے سامنے جو حقائق پیش کر رہا ہے، ان کو جھٹلانے کے لیے آخر تمھارے پاس وہ کون سا علم ہے جسے تم اس دعوے کے ساتھ پیش کر سکو کہ پردۂ ظاہر کے پیچھے چھپی ہوئی حقیقتوں کو تم براہِ راست جانتے ہو؟ کیا واقعی تمھیں یہ علم ہے کہ خدا ایک نہیں ہے بلکہ وہ سب بھی خدائی صفات و اختیارات رکھتے ہیں جنھیں تم نے معبود بنا رکھا ہے؟ کیا واقعی تم نے فرشتوں کو دیکھا ہے کہ وہ لڑکیاں ہیں اور نعوذ باللہ، خدا کے ہاں پیدا ہوئی ہیں؟ کیا واقعی تم یہ جانتے ہو کہ کوئی وحی نہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئی ہے، نہ خدا کی طرف سے کسی بندے کے پاس آ سکتی ہے؟ کیا واقعی تمھیں اس بات کا علم ہے کہ کوئی قیامت برپا نہیں ہونی ہے، اور مرنے کے بعد کوئی دوسری زندگی نہیں ہوگی، اور کوئی عالَمِ آخرت قائم نہ ہوگا جس میں انسان کا محاسبہ ہو اور اسے جزا و سزا دی جائے؟ اگر اس طرح کے کسی علم کا تمھیں دعویٰ ہے تو کیا تم یہ لکھ کر دینے کے لیے تیار ہو کہ اِن اُمور کے متعلق رسول کے بیانات کی تکذیب تم اِس بنا پر کر رہے ہو کہ پردۂ غیب کے پیچھے جھانک کر تم نے یہ دیکھ لیا ہے کہ حقیقت وہ نہیں ہے جو رسول بیان کر رہا ہے؟ اس مقام پر ایک شخص یہ شبہ ظاہر کر سکتا ہے کہ اس کے جواب میں اگر وہ لوگ ہٹ دھرمی کے ساتھ یہ بات لکھ کر دے دیتے تو کیا یہ اِستدلال بے معنیٰ نہ ہو جاتا؟ لیکن یہ شبہ اس لیے غلط ہے کہ ہٹ دھرمی کی بنا پر وہ لکھ بھی دیتے تو جس معاشرے میں یہ چیلنج برسرِ عام پیش کیا گیا تھا، اس کے عام لوگ اندھے تو نہ تھے۔ ہر شخص جان لیتا کہ یہ لکھا سراسر ہٹ دھرمی کے ساتھ دیا گیا ہے، اور درحقیقت رسول کے بیانات کو جھٹلانے کی بنیاد یہ ہرگز نہیں ہے کہ کسی کو اُن کے خلافِ واقعہ ہونے کا علم حاصل ہے۔

۳۳- اشارہ ہے اُن تدبیروں کی طرف جو کفارِ مکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو زک دینے اور آپؐ کو ہلاک کرنے کے لیے آپس میں بیٹھ بیٹھ کر سوچا کرتے تھے۔

۳۴- یہ قرآن کی صریح پیشین گوئیوں میں سے ایک ہے۔ مکی دَور کے ابتدائی زمانے میں، جب مٹھی بھر بے سروسامان مسلمانوں کے سوا بظاہر کوئی طاقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نہ تھی، اور پوری قوم آپؐ کے خلاف برسرِ پیکار تھی، اسلام اور کفر کا مقابلہ ہر دیکھنے والے کو انتہائی نامُساوی مقابلہ نظر آ رہا تھا۔ کوئی شخص بھی اُس وقت یہ اندازہ نہ کر سکتا تھا کہ چند سال کے بعد یہاں کفر کی بِساط بالکل اُلٹ جانے والی ہے۔ بلکہ ظاہر بین نگاہ تو یہ دیکھ رہی تھی کہ قریش اور سارے عرب کی مخالفت آخرکار اس دعوت کا خاتمہ کر کے چھوڑے گی۔ مگر اس حالت میں پوری تحدّی کے ساتھ کفار

وَ اِنْ يَّرَوْا كِسْفًا مِّنَ السَّمَآءِ سَاقِطًا يَّقُوْلُوْا سَحَابٌ مَّرْكُوْمٌ ﴿۴۴﴾
فَذَرْهُمْ حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ الَّذِيْ فِيْهِ يُصْعَقُوْنَ ﴿۴۵﴾ يَوْمَ لَا
يُغْنِيْ عَنْهُمْ كَيْدُهُمْ شَيْـًٔا وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَ اِنَّ لِلَّذِيْنَ
ظَلَمُوْا عَذَابًا دُوْنَ ذٰلِكَ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۷﴾

---

یہ لوگ آسمان کے ٹکڑے بھی گرتے ہوئے دیکھ لیں تو کہیں گے: ''یہ بادل ہیں جو اُمڈے چلے آرہے ہیں۔''[۳۶] پس اے نبیؐ! انھیں اِن کے حال پر چھوڑ دو، یہاں تک کہ یہ اپنے اُس دن کو پہنچ جائیں جس میں یہ مار گرائے جائیں گے، جس دن نہ اِن کی اپنی کوئی چال اِن کے کسی کام آئے گی نہ کوئی اِن کی مدد کو آئے گا۔ اور اُس وقت کے آنے سے پہلے بھی ظالموں کے لیے ایک عذاب ہے، مگر اِن میں سے اکثر جانتے نہیں ہیں۔[۳۷]

---

سے یہ صاف صاف کہہ دیا گیا کہ اس دعوت کو نیچا دکھانے کے لیے جو تدبیریں بھی تم کرنا چاہو، کر کے دیکھ لو۔ وہ سب اُلٹی تمھارے ہی خلاف پڑیں گی اور تم اِسے شکست دینے میں ہرگز کامیاب نہ ہو سکو گے۔

۳۵۔ یعنی امرِ واقعہ یہ ہے کہ جن کو اِنھوں نے الٰہ بنا رکھا ہے وہ حقیقت میں الٰہ نہیں ہیں، اور شرک سراسر ایک بے اصل چیز ہے۔ اس لیے جو شخص توحید کی دعوت لے کر اُٹھا ہے اس کے ساتھ سچائی کی طاقت ہے، اور جو لوگ شرک کی حمایت کر رہے ہیں وہ ایک بے حقیقت چیز کے لیے لڑ رہے ہیں۔ اس لڑائی میں شرک آخر کیسے جیت جائے گا۔

۳۶۔ اس ارشاد سے مقصود ایک طرف سردارانِ قریش کی ہٹ دھرمی کو بے نقاب کرنا، اور دوسری طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپؐ کے ساتھیوں کو تسلی دینا ہے۔ حضورؐ اور صحابۂ کرامؓ کے دل میں بار بار یہ خواہش پیدا ہوتی تھی کہ اِن لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے کوئی معجزہ ایسا دکھا دیا جائے جس سے اِن کو نبوتِ محمدیہ کی صداقت معلوم ہو جائے۔ اس پر فرمایا گیا ہے کہ یہ خواہ کوئی معجزہ بھی اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں، بہر حال یہ اس کی تاویل کر کے کسی نہ کسی طرح اپنے کفر پر جمے رہنے کا بہانہ ڈھونڈ نکالیں گے، کیونکہ ان کے دل ایمان لانے کے لیے تیار نہیں ہیں۔ قرآنِ مجید میں متعدد دوسرے مقامات پر بھی اُن کی اس ہٹ دھرمی کا ذکر کیا گیا ہے۔ مثلاً سورۂ انعام میں فرمایا: ''اگر ہم فرشتے بھی ان پر نازل کر دیتے اور مُردے اِن سے باتیں کرتے اور دنیا بھر کی چیزوں کو ہم اِن کی آنکھوں کے سامنے جمع کر دیتے، تب بھی یہ ماننے

وَاصۡبِرۡ لِحُكۡمِ رَبِّكَ فَاِنَّكَ بِاَعۡيُنِنَا وَسَبِّحۡ بِحَمۡدِ رَبِّكَ
حِيۡنَ تَقُوۡمُ ﴿۴۸﴾ وَمِنَ الَّيۡلِ فَسَبِّحۡهُ وَاِدۡبَارَ النُّجُوۡمِ ﴿۴۹﴾ ع

اے نبیؐ! اپنے رب کا فیصلہ آنے تک صبر کرو،[۳۸] تم ہماری نگاہ میں ہو۔[۳۹] تم جب اُٹھو تو اپنے رب کی حمد کے ساتھ اس کی تسبیح کرو،[۴۰] رات کو بھی اس کی تسبیح کیا کرو،[۴۱] اور ستارے جب پلٹتے ہیں اُس وقت بھی۔[۴۲] ع

والے نہ تھے۔'' (آیت ۱۱۱) اور سورۂ حِجر میں فرمایا: ''اگر ہم ان پر آسمان کا کوئی دروازہ بھی کھول دیتے اور یہ دن دہاڑے اس میں چڑھنے بھی لگتے، پھر بھی یہ لوگ یہی کہتے کہ ہماری آنکھیں دھوکا کھا رہی ہیں، بلکہ ہم پر جادو کیا گیا ہے۔'' (آیت ۱۵)

۳۷- یہ اُسی مضمون کا اعادہ ہے جو سورۂ السجدہ، آیت ۲۱ میں گزر چکا ہے کہ ''اُس بڑے عذاب سے پہلے ہم اِسی دنیا میں کسی نہ کسی چھوٹے عذاب کا مزا انھیں چکھاتے رہیں گے، شاید کہ یہ اپنی باغیانہ روش سے باز آجائیں۔'' یعنی دنیا میں وقتاً فوقتاً شخصی اور قومی مصیبتیں نازل کر کے ہم انھیں یہ یاد دلاتے رہیں گے کہ اُوپر کوئی بالاتر طاقت ان کی قسمتوں کے فیصلے کر رہی ہے اور کوئی اس کے فیصلوں کو بدلنے کی طاقت نہیں رکھتا۔ مگر جو لوگ جہالت میں مبتلا ہیں، انھوں نے نہ پہلے کبھی ان واقعات سے سبق لیا ہے نہ آیندہ کبھی لیں گے۔ وہ دنیا میں رونما ہونے والے حوادث کے معنی نہیں سمجھتے، اس لیے ان کی ہر وہ تاویل کرتے ہیں جو حقیقت کے فہم سے اِن کو اور زیادہ دُور لے جانے والی ہو، اور کسی ایسی تاویل کی طرف اُن کا ذہن کبھی مائل نہیں ہوتا جس سے اپنی دہریت یا اپنے شرک کی غلطی ان پر واضح ہو جائے۔ یہی بات ہے جو ایک حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمائی ہے کہ اِنَّ الْمُنَافِقَ اِذَا مَرِضَ ثُمَّ اُعْفِیَ کَانَ کَالْبَعِیْرِ عَقَلَهٗ اَهْلُهٗ ثُمَّ اَرْسَلُوْهُ فَلَمْ یَدْرِ لِمَ عَقَلُوْهُ وَلَمْ یَدْرِ لِمَ اَرْسَلُوْهُ (ابوداؤد، کتاب الجنائز)۔ یعنی ''منافق جب بیمار پڑتا ہے اور پھر اچھا ہو جاتا ہے تو اس کی مثال اُس اُونٹ کی سی ہوتی ہے جسے اس کے مالکوں نے باندھا تو اس کی کچھ سمجھ میں نہ آیا کہ کیوں باندھا ہے، اور جب کھول دیا تو وہ کچھ نہ سمجھا کہ کیوں کھول دیا ہے۔'' (مزید تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد سوم، الانبیاء، حاشیہ ۴۵۔ النمل، حاشیہ ۶۶۔ العنکبوت، حاشیہ ۷۲-۷۳)

۳۸- دوسرا مفہوم یہ بھی ہو سکتا ہے کہ صبر و استقامت کے ساتھ اپنے رب کے حکم کی تعمیل پر ڈٹے رہو۔

۳۹- یعنی ہم تمھاری نگہبانی کر رہے ہیں۔ تمھیں تمھارے حال پر چھوڑ نہیں دیا ہے۔

۴۰- اس ارشاد کے کئی مفہوم ہو سکتے ہیں، اور بعید نہیں کہ وہ سب ہی مراد ہوں۔

ایک مفہوم یہ ہے کہ جب بھی تم کسی مجلس سے اُٹھو تو اللہ کی حمد و تسبیح کر کے اُٹھو۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم خود بھی اس پر عمل فرماتے تھے، اور آپ نے مسلمانوں کو بھی یہ ہدایت فرمائی تھی کہ کسی مجلس سے اُٹھتے وقت اللہ کی حمد و تسبیح

کرلیا کریں، اس سے ان تمام باتوں کا کفّارہ ادا ہو جاتا ہے جو اس مجلس میں ہوئی ہوں۔ ابوداؤد، ترمذی، نَسائی اور حاکم نے حضرت ابوہریرہؓ کے واسطے سے حضورؐ کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ جو شخص کسی مجلس میں بیٹھا ہو اور اُس میں خوب قیل و قال ہوئی ہو، وہ اگر اُٹھنے سے پہلے یہ الفاظ کہے تو اللہ ان باتوں کو معاف کر دیتا ہے جو وہاں ہوئی ہوں: سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ، اَسْتَغْفِرُكَ وَ اَتُوْبُ اِلَيْكَ۔ ’’خداوندا! میں تیری حمد کے ساتھ تیری تسبیح کرتا ہوں، میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے، میں تجھ سے مغفرت چاہتا ہوں اور تیرے حضور توبہ کرتا ہوں۔‘‘

دوسرا مفہوم اس کا یہ ہے کہ جب تم نیند سے بیدار ہو کر اپنے بستر سے اُٹھو تو اپنے رب کی تسبیح کے ساتھ اس کی حمد کرو۔ اس پر بھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم خود عمل فرماتے تھے اور اپنے اصحاب کو آپؐ نے یہ تعلیم دی تھی کہ نیند سے جب بیدار ہوں تو یہ الفاظ کہا کریں: لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ ، وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ۔ (مُسندِ احمد، بخاری بَروایت عُبادہؓ بن الصّامت)

تیسرا مفہوم اس کا یہ ہے کہ جب تم نماز کے لیے کھڑے ہو تو اللہ کی حمد و تسبیح سے اس کا آغاز کرو۔ اسی حکم کی تعمیل میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ہدایت فرمائی کہ نماز کی ابتدا تکبیرِ تحریمہ کے بعد اِن الفاظ سے کی جائے: سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ۔

چوتھا مفہوم اس کا یہ ہے کہ جب تم اللہ کی طرف دعوت دینے کے لیے اُٹھو تو اللہ کی حمد و تسبیح سے اس کا آغاز کرو۔ یہ بھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا مستقل معمول تھا کہ آپؐ ہمیشہ اپنے خطبوں کا آغاز حمد و ثنا سے فرمایا کرتے تھے۔

مفسر ابنِ جَریرؒ نے اس کا ایک اور مفہوم یہ بیان کیا ہے کہ جب تم دوپہر کو قیلُولہ کر کے اُٹھو تو نماز پڑھو، اور اس سے مراد نمازِ ظہر ہے۔

۴۱ - اس سے مراد مغرب و عشا اور تہجد کی نمازیں بھی ہیں، اور تلاوتِ قرآن بھی، اور اللہ کا ذکر بھی۔

۴۲ - ستاروں کے پلٹنے سے مراد رات کے آخری حصے میں ان کا غروب ہونا اور سپیدۂ صبح کے نمودار ہونے پر ان کی روشنی کا ماند پڑ جانا ہے۔ یہ نمازِ فجر کا وقت ہے۔

---

# تفہیم القرآن

## النجم

(۵۳)

# النجم

**نام** پہلے ہی لفظ وَالنَّجْمِ سے ماخوذ ہے۔ یہ بھی مضمون کے لحاظ سے سورت کا عنوان نہیں ہے، بلکہ محض علامت کے طور پر اس کا نام قرار دیا گیا ہے۔

**زمانۂ نزول** بخاری، مسلم، ابوداؤد اور نسائی میں حضرت عبداللہؓ بن مسعود کی روایت ہے کہ اَوَّلُ سُوْرَةٍ اُنْزِلَتْ فِيْهَا سَجْدَةٌ اَلنَّجْمُ (پہلی سورت جس میں آیتِ سجدہ نازل ہوئی، النجم ہے)۔ اس حدیث کے جو اجزا اَسْوَد بن یزید، ابواسحاق اور زُہَیر بن معاویہ کی روایات میں حضرت ابنِ مسعودؓ سے منقول ہوئے ہیں، ان سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ قرآنِ مجید کی وہ پہلی سورت ہے جسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قریش کے ایک مجمعِ عام میں (اور ابنِ مَردُوَیہ کی روایت کے مطابق حرم میں) سنایا تھا۔ مجمع میں کافر اور مومن سب موجود تھے۔ آخر میں جب آپؐ نے آیتِ سجدہ پڑھ کر سجدہ فرمایا تو تمام حاضرین آپؐ کے ساتھ سجدے میں گر گئے، اور مشرکین کے وہ بڑے بڑے سردار تک، جو مخالفت میں پیش پیش تھے، سجدہ کیے بغیر نہ رہ سکے۔ ابنِ مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے کفار میں سے صرف ایک شخص اُمَیَّہ بن خَلَف کو دیکھا کہ اس نے سجدہ کرنے کے بجائے کچھ مٹی اُٹھا کر اپنی پیشانی سے لگا لی اور کہا کہ میرے لیے بس یہی کافی ہے۔ بعد میں میری آنکھوں نے دیکھا کہ وہ کفر کی حالت میں قتل ہوا۔

اس واقعے کے دوسرے عینی شاہد حضرت مُطَّلِبؓ بن ابی وَدَاعَہ ہیں، جو اس وقت تک مسلمان نہ ہوئے تھے۔ نَسائی اور مُسندِ احمد میں ان کا اپنا بیان یہ نقل ہوا ہے کہ جب حضورؐ نے سورۂ نجم پڑھ کر سجدہ فرمایا اور سب حاضرین آپؐ کے ساتھ سجدے میں گر گئے تو میں نے سجدہ نہ کیا، اور اسی کی تلافی اب میں اس طرح کرتا ہوں کہ اِس سورت کی تلاوت کے وقت سجدہ کبھی نہیں چھوڑتا۔

ابنِ سعدؒ کا بیان ہے کہ اس سے پہلے رجب ۵ نبوی میں صحابہ کرامؓ کی ایک مختصر سی جماعت حَبَش کی طرف ہجرت کر چکی تھی۔ پھر جب اُسی سال رمضان میں یہ واقعہ پیش آیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قریش کے مجمعِ عام میں سورۂ نجم کی تلاوت فرمائی اور کافر و مومن سب آپؐ کے ساتھ سجدے میں گر گئے، تو حَبَش کے مہاجرین تک یہ قصّہ اس شکل میں پہنچا کہ کفارِ مکّہ مسلمان ہو گئے ہیں۔ اِس خبر کو سُن کر اُن میں سے کچھ لوگ شوال ۵ نبوی میں مکہ واپس آ گئے۔ مگر یہاں آ کر معلوم ہوا کہ

ظلم کی چکی اسی طرح چل رہی ہے جس طرح پہلے چل رہی تھی۔ آخر کار دوسری ہجرتِ حبشہ واقع ہوئی، جس میں پہلی ہجرت سے بھی زیادہ لوگ مکہ چھوڑ کر چلے گئے۔

اس طرح یہ بات قریب قریب یقینی طور پر معلوم ہو جاتی ہے کہ یہ سورت رمضان ۵ نبوی میں نازل ہوئی ہے۔

**تاریخی پس منظر** زمانۂ نُزول کی اس تفصیل سے معلوم ہو جاتا ہے کہ وہ کیا حالات تھے جن میں یہ سورت نازل ہوئی۔ ابتدائے بِعثت کے بعد سے پانچ سال تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صرف نجی صحبتوں اور مخصوص مجلسوں ہی میں اللہ کا کلام سنا سنا کر لوگوں کو اللہ کے دین کی طرف دعوت دیتے رہے تھے۔ اس پوری مدت میں آپؐ کو کبھی کسی مجمعِ عام میں قرآن سنانے کا موقع نہ مل سکا تھا، کیونکہ کفار کی سخت مُزاحمت اس میں مانع تھی۔ اُن کو اس امر کا خوب اندازہ تھا کہ آپؐ کی شخصیت اور آپؐ کی تبلیغ میں کس بلا کی کشش، اور قرآنِ مجید کی آیات میں کس غضب کی تاثیر ہے۔ اس لیے وہ کوشش کرتے تھے کہ اس کلام کو نہ خود سنیں، نہ کسی کو سننے دیں، اور آپؐ کے خلاف طرح طرح کی غلط فہمیاں پھیلا کر محض اپنے جھوٹے پروپیگنڈے کے زور سے آپؐ کی دعوت کو دبا دیں۔ اس غرض کے لیے ایک طرف تو وہ جگہ جگہ یہ مشہور کرتے پھر رہے تھے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم بہک گئے ہیں اور لوگوں کو گمراہ کرنے کے درپے ہیں۔ دوسری طرف ان کا یہ مستقل طریقِ کار تھا کہ جہاں بھی آپؐ قرآن سنانے کی کوشش کریں وہاں شور مچا دیا جائے، تاکہ لوگ یہ جان ہی نہ سکیں کہ وہ بات کیا ہے جس کی بنا پر آپؐ کو گمراہ اور بہکا ہوا آدمی قرار دیا جا رہا ہے۔

ان حالات میں ایک روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حرم پاک میں، جہاں قریش کے لوگوں کا ایک بڑا مجمع موجود تھا، یکایک تقریر کرنے کھڑے ہو گئے، اور اس وقت اللہ تعالیٰ کی طرف سے آپؐ کی زبانِ مبارک پر یہ خطبہ جاری ہوا جو سورۂ نجم کی صورت میں ہمارے سامنے ہے۔ اس کلام کی شدتِ تاثیر کا حال یہ تھا کہ جب آپؐ نے اسے سنانا شروع کیا تو مخالفین کو اس پر شور مچانے کا ہوش ہی نہ رہا، اور خاتمے پر جب آپؐ نے سجدہ فرمایا تو وہ بھی سجدے میں گر گئے۔ بعد میں انھیں سخت پریشانی لاحق ہوئی کہ یہ ہم سے کیا کمزوری سرزد ہو گئی، اور لوگوں نے بھی انھیں اس پر مطعون کرنا شروع کیا کہ دوسروں کو تو یہ کلام سننے سے منع کرتے تھے، آج خود اسے نہ صرف کان لگا کر سنا بلکہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سجدہ بھی کر گزرے۔ آخر کار انھوں نے یہ بات بنا کر اپنا پیچھا چھڑایا کہ صاحب ہمارے کانوں نے تو اَفَرَءَيْتُمُ اللّٰتَ وَالْعُزّٰىۙ وَمَنٰوةَ الثَّالِثَةَ الْاُخْرٰى کے بعد محمدؐ کی زبان سے یہ الفاظ سنے تھے: تِلْكَ الْغَرَانِيْقُ الْعُلٰى، وَاِنَّ شَفَاعَتَهُنَّ لَتُرْتَجٰى (یہ بلند مرتبہ دیویاں ہیں اور ان کی شفاعت ضرور متوقع ہے)، اس لیے ہم نے سمجھا کہ محمدؐ ہمارے طریقے پر واپس آ گئے ہیں۔ حالانکہ کوئی پاگل آدمی ہی

یہ سوچ سکتا تھا کہ اس پوری سورت کے سیاق وسباق میں اُن فقروں کی بھی کوئی جگہ ہو سکتی ہے جو اُن کا دعوٰی تھا کہ اُن کے کانوں نے سنے ہیں۔(تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد سوم، الحج، حواشی ۹۶ تا ۱۰۱)

**موضوع اور مضمون** تقریر کا موضوع کفارِ مکہ کو اُس رَوِیّے کی غلطی پر مُتَنَبِّہ کرنا ہے جو وہ قرآن اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے مقابلے میں اختیار کیے ہوئے تھے۔

کلام کا آغاز اس طرح فرمایا گیا ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم بہکے اور بھٹکے ہوئے آدمی نہیں ہیں، جیسا کہ تم ان کے متعلق مشہور کرتے پھر رہے ہو، اور نہ اسلام کی یہ تعلیم اور دعوت انھوں نے خود اپنے دل سے گھڑلی ہے، جیسا کہ تم اپنے نزدیک سمجھے بیٹھے ہو، بلکہ جو کچھ وہ پیش کر رہے ہیں وہ خالص وحی ہے جو ان پر نازل کی جاتی ہے۔ جن حقیقتوں کو وہ تمھارے سامنے بیان کرتے ہیں، وہ ان کے اپنے قیاس وگمان کی آفریدہ نہیں ہیں، بلکہ ان کی آنکھوں دیکھی حقیقتیں ہیں۔ انھوں نے اس فرشتے کو خود دیکھا ہے جس کے ذریعے سے ان کو یہ علم دیا جاتا ہے۔ انھیں اپنے رب کی عظیم نشانیوں کا براہِ راست مشاہدہ کرایا گیا ہے۔ وہ جو کچھ کہہ رہے ہیں، سوچ کر نہیں، دیکھ کر کہہ رہے ہیں۔ ان سے تمھارا جھگڑنا بالکل ایسا ہی ہے جیسے کوئی اندھا آنکھوں والے سے اُس چیز پر جھگڑے جو اسے نظر نہیں آتی اور آنکھوں والے کو نظر آتی ہے۔

اس کے بعد علی الترتیب تین مضامین ارشاد ہوئے ہیں:

اوّلاً، سامعین کو سمجھایا گیا ہے کہ جس دین کی تم پیروی کر رہے ہو اس کی بنیاد محض گمان اور من مانے مفروضات پر قائم ہے۔ تم نے لات اور منات اور عُزّٰی جیسی چند دیویوں کو معبود بنا رکھا ہے، حالانکہ اُلُوہیّت میں برائے نام بھی ان کا کوئی حصہ نہیں ہے۔ تم نے فرشتوں کو اللہ کی بیٹیاں قرار دے رکھا ہے، حالانکہ خود اپنے لیے تم بیٹی کو عار سمجھتے ہو۔ تم نے اپنے نزدیک یہ فرض کر لیا ہے کہ تمھارے یہ معبود اللہ تعالٰی سے تمھارے کام بنوا سکتے ہیں، حالانکہ تمام ملائکۂ مُقَرَّبین مل کر بھی اللہ سے اپنی کوئی بات نہیں منوا سکتے۔ اس طرح کے عقائد جو تم نے اختیار کر رکھے ہیں، ان میں سے کوئی عقیدہ بھی کسی علم اور دلیل پر مبنی نہیں ہے، بلکہ کچھ خواہشات ہیں جن کی خاطر تم بعض اوہام کو حقیقت سمجھ بیٹھے ہو۔ یہ ایک بہت بڑی بنیادی غَلَطی ہے جس میں تم لوگ مبتلا ہو۔ دین وہی صحیح ہے جو حقیقت کے مطابق ہو۔ اور حقیقت لوگوں کی خواہشات کی تابع نہیں ہوا کرتی کہ جسے وہ حقیقت سمجھ بیٹھیں وہی حقیقت ہو جائے۔ اُس سے مُطابَقت کے لیے قیاس وگمان کام نہیں دیتا، بلکہ اس کے لیے علم درکار ہے۔ وہ علم تمھارے سامنے پیش کیا جاتا ہے تو تم اس سے منہ موڑتے ہو اور اُلٹا اُس شخص کو گمراہ ٹھیراتے ہو جو تمھیں صحیح بات بتا رہا ہے۔ اس غلطی میں تمھارے مبتلا ہونے کی اصل وجہ

یہ ہے کہ تمھیں آخرت کی کوئی فکر نہیں ہے، بس دنیا ہی تمھاری مطلوب بنی ہوئی ہے۔ اس لیے نہ تمھیں علمِ حقیقت کی کوئی طلب ہے، نہ اِس بات کی کوئی پروا کہ جن عقائد کی تم پیروی کر رہے ہو وہ حق کے مطابق ہیں یا نہیں۔

ثانیاً، لوگوں کو یہ بتایا گیا ہے کہ اللہ ہی ساری کائنات کا مالک و مختار ہے۔ راست رَو وہ ہے جو اس کے راستے پر ہو، اور گمراہ وہ جو اس کی راہ سے ہٹا ہوا ہو۔ گمراہ کی گمراہی اور راست رَو کی راست روی اس سے چُھپی ہوئی نہیں ہے۔ ہر ایک کے عمل کو وہ جانتا ہے اور اس کے ہاں لازماً بُرائی کا بدلہ بُرا اور بھلائی کا بدلہ بھلا مل کر رہنا ہے۔ اصل فیصلہ اِس پر نہیں ہونا کہ تم اپنے زُعم میں اپنے آپ کو کیا سمجھتے ہو اور اپنی زبان سے اپنی پاکیزگی کے کتنے لمبے چوڑے دعوے کرتے ہو، بلکہ فیصلہ اس پر ہونا ہے کہ خدا کے علم میں تم متقی ہو یا نہیں۔ اگر تم بڑے بڑے گناہوں سے اجتناب کرو تو اس کی رحمت اتنی وسیع ہے کہ چھوٹے چھوٹے قصوروں سے وہ درگزر فرمائے گا۔

ثالثاً، دینِ حق کے وہ چند بنیادی اُمور لوگوں کے سامنے پیش کیے گئے ہیں جو قرآنِ مجید کے نُزول سے صدہا برس پہلے حضرت ابراہیمؑ اور حضرت موسیٰؑ کے صحیفوں میں بیان ہو چکے تھے، تاکہ لوگ اِس غلط فہمی میں نہ رہیں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کوئی نیا اور نرالا دین لے آئے ہیں، بلکہ ان کو معلوم ہو جائے کہ یہ وہ اُصولی حقائق ہیں جو ہمیشہ سے خدا کے نبی بیان کرتے چلے آئے ہیں۔ اِس کے ساتھ اُنھی صحیفوں سے یہ بات بھی نقل کر دی گئی ہے کہ عاد اور ثمود اور قومِ نوح اور قومِ لوط کی تباہی اتفاقی حوادث کا نتیجہ نہ تھی، بلکہ اللہ تعالیٰ نے اُسی ظلم وطُغیان کی پاداش میں اُن کو ہلاک کیا تھا جس سے باز آنے پر کفّارِ مکّہ کسی طرح آمادہ نہیں ہو رہے ہیں۔

یہ مضامین ارشاد فرمانے کے بعد تقریر کا خاتمہ اس بات پر کیا گیا ہے کہ فیصلے کی گھڑی قریب آ لگی ہے جسے کوئی ٹالنے والا نہیں ہے۔ اُس گھڑی کے آنے سے پہلے محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور قرآنِ مجید کے ذریعے سے تم لوگوں کو اُسی طرح خبردار کیا جا رہا ہے جس طرح پہلے لوگوں کو خبردار کیا گیا تھا۔ اب کیا یہی وہ بات ہے جو تمھیں انوکھی لگتی ہے؟ جس کی تم ہنسی اُڑاتے ہو؟ جسے تم سننا نہیں چاہتے اور شور مچاتے ہو، تاکہ کوئی اور بھی اسے نہ سننے پائے؟ اپنی اس نادانی پر تمھیں رونا نہیں آتا؟ باز آ جاؤ اپنی اِس رَوِش سے، جھک جاؤ اللہ کے سامنے اور اُسی کی بندگی کرو۔

یہی وہ مؤثر خاتمۂ کلام تھا جسے سُن کر کٹّے سے کٹّے منکرین بھی ضبط نہ کر سکے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب کلامِ الٰہی کے یہ فقرے ادا کر کے سجدہ کیا تو وہ بھی بے اختیار سجدے میں گر گئے۔

۶۲ آیاتہا

سُوْرَةُ النَّجْمِ مَكِّيَّةٌ

۳ رکوعاتہا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰى ﴿۱﴾ مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَ مَا غَوٰى ﴿۲﴾

قسم ہے تارے[۱] کی جب کہ وہ غروب ہوا، تمھارا رفیق[۲] نہ بھٹکا ہے نہ بہکا ہے[۳]۔

۱- اصل میں لفظ ''النَّجْم'' استعمال ہوا ہے۔ ابنِ عباسؓ، مجاہدؒ اور سُفیان ثَوریؒ کہتے ہیں کہ اس سے مراد ثُریّا (Pleiades) ہے۔ ابنِ جَریر اور زَمَخشَری نے اسی قول کو ترجیح دی ہے، کیونکہ عَربی زبان میں جب مُطلقاً النجم کا لفظ بولا جاتا ہے تو عُموماً اس سے ثریا ہی مراد لیا جاتا ہے۔ سُدّی کہتے ہیں کہ اس سے مراد زُہرہ (Venus) ہے۔ اور ابوعبیدہ نَحوِی کا قول ہے کہ یہاں النجم بول کر جنسِ نُجوم مراد لی گئی ہے، یعنی مطلب یہ ہے کہ جب صبح ہوئی اور سب ستارے غروب ہو گئے۔ موقع ومحل کے لحاظ سے ہمارے نزدیک یہ آخری قول زیادہ قابلِ ترجیح ہے۔

۲- مراد ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور مُخاطَب ہیں قریش کے لوگ۔ اصل الفاظ استعمال کیے گئے ہیں: صَاحِبُكُمْ (تمھارا صاحب) ''صاحب'' عربی زبان میں دوست، رفیق، ساتھی، پاس رہنے والے اور ساتھ اُٹھنے بیٹھنے والے کو کہتے ہیں۔ اس مقام پر آپؐ کا نام لینے یا ''ہمارا رسول'' کہنے کے بجائے ''تمھارا صاحب'' کہہ کر آپؐ کا ذکر کرنے میں بڑی گہری معنویت ہے۔ اس سے قریش کے لوگوں کو یہ احساس دلانا مقصود ہے کہ جس شخص کا تم سے ذکر کیا جا رہا ہے، وہ تمھارے ہاں باہر سے آیا ہوا کوئی اجنبی آدمی نہیں ہے کہ اس سے تمھاری پہلے کی کوئی جان پہچان نہ ہو۔ تمھاری اپنی قوم کا آدمی ہے۔ تمھارے ساتھ ہی رہتا بستا ہے۔ تمھارا بچہ بچہ جانتا ہے کہ وہ کون ہے، کیا ہے، کس سیرت و کردار کا انسان ہے، کیسے اس کے معاملات ہیں، کیسی اس کی عادات وخصائل ہیں، اور آج تک تمھارے درمیان اس کی زندگی کیسی رہی ہے۔ اس کے بارے میں منہ پھاڑ کر کوئی کچھ کہہ دے تو تمھارے اندر ہزاروں آدمی اس کے جاننے والے موجود ہیں جو خود دیکھ سکتے ہیں کہ یہ بات اس شخص پر چسپاں ہوتی بھی ہے یا نہیں۔

۳- یہ ہے وہ اصل بات جس پر غروب ہونے والے تارے یا تاروں کی قسم کھائی گئی ہے۔ بھٹکنے سے مراد ہے کسی شخص کا راستہ نہ جاننے کی وجہ سے کسی غلط راستے پر چل پڑنا، اور بہکنے سے مراد ہے کسی شخص کا جان بُوجھ کر غلط راستہ اختیار کر لینا۔ ارشادِ الٰہی کا مطلب یہ ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم جو تمھارے جانے پہچانے آدمی ہیں، ان پر تم لوگوں کا یہ الزام بالکل غَلَط ہے کہ وہ گمراہ یا بدراہ ہو گئے ہیں۔ درحقیقت وہ نہ بھٹکے ہیں نہ بہکے ہیں۔ اس بات پر تاروں کے غروب ہونے کی

وَ مَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ۳ اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى ۴ عَلَّمَهٗ

وہ اپنی خواہشِ نفس سے نہیں بولتا، یہ تو ایک وحی ہے جو اُس پر نازل کی جاتی ہے۔[۴] اُسے

قسم جس مناسبت سے کھائی گئی ہے، وہ یہ ہے کہ رات کی تاریکی میں جب تارے نکلے ہوئے ہوں، ایک شخص اپنے گردوپیش کی اشیا کو صاف نہیں دیکھ سکتا اور مختلف اشیا کی دھندلی شکلیں دیکھ کر ان کے بارے میں غلط اندازے کر سکتا ہے۔ مثلاً اندھیرے میں دُور سے کسی درخت کو دیکھ کر اسے بھوت سمجھ سکتا ہے۔ کوئی رسّی پڑی دیکھ کر اُسے سانپ سمجھ سکتا ہے۔ ریت سے کوئی چٹان اُبھری دیکھ کر یہ خیال کر سکتا ہے کہ کوئی درندہ بیٹھا ہے۔ لیکن جب تارے ڈوب جائیں اور صبحِ روشن نمودار ہو جائے تو ہر چیز اپنی اصلی شکل میں آدمی کے سامنے آ جاتی ہے۔ اس وقت کسی چیز کی اصلیت کے بارے میں کوئی اِشتِباہ پیش نہیں آتا۔ ایسا ہی معاملہ تمھارے ہاں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا بھی ہے کہ ان کی زندگی اور شخصیت تاریکی میں چھپی ہوئی نہیں ہے بلکہ صبحِ روشن کی طرح عیاں ہے۔ تم جانتے ہو کہ تمھارا یہ "صاحب" ایک نہایت سلیم الطبع اور دانا و فرزانہ آدمی ہے۔ اس کے بارے میں قریش کے کسی شخص کو یہ غلط فہمی کیسے لاحق ہو سکتی ہے کہ وہ گمراہ ہو گیا ہے۔ تم یہ بھی جانتے ہو کہ وہ کمال درجے کا نیک نیت اور راست باز انسان ہے۔ اُس کے متعلق تم میں سے کوئی شخص کیسے یہ رائے قائم کر سکتا ہے کہ وہ جان بُوجھ کر نہ صرف خود ٹیڑھی راہ اختیار کر بیٹھا ہے بلکہ دوسروں کو بھی اسی ٹیڑھے راستے کی طرف دعوت دینے کے لیے کھڑا ہو گیا ہے۔

۴ – مطلب یہ ہے کہ جن باتوں کی وجہ سے تم اُس پر یہ الزام لگاتے ہو کہ وہ گمراہ یا بدراہ ہو گیا ہے، وہ اس نے اپنے دل سے نہیں گھڑلی ہیں، نہ ان کی محرک اس کی اپنی خواہشِ نفس ہے، بلکہ وہ خدا کی طرف سے اس پر وحی کے ذریعے سے نازل کی گئی ہیں اور کی جا رہی ہیں۔ اس کا خود نبی بننے کو جی نہیں چاہا تھا کہ اپنی یہ خواہش پوری کرنے کے لیے اُس نے دعوائے نبوت کر دیا ہو، بلکہ خدا نے جب وحی کے ذریعے سے اس کو اس منصب پر مامور کیا تب وہ تمھارے درمیان تبلیغ رسالت کے لیے اُٹھا اور اس نے تم سے کہا کہ میں تمھارے لیے خدا کا نبی ہوں۔ اِسی طرح اسلام کی یہ دعوت، توحید کی یہ تعلیم، آخرت اور حشر و نشر اور جزائے اعمال کی یہ خبریں، کائنات و انسان کے متعلق یہ حقائق، اور پاکیزہ زندگی بسر کرنے کے یہ اُصول، جو وہ پیش کر رہا ہے، یہ سب کچھ بھی اس کا اپنا بنایا ہوا کوئی فلسفہ نہیں ہے، بلکہ خدا نے وحی کے ذریعے سے اس کو اِن باتوں کا علم عطا کیا ہے۔ اسی طرح یہ قرآن جو وہ تمھیں سناتا ہے، یہ بھی اس کا اپنا تصنیف کردہ نہیں ہے، بلکہ یہ خدا کا کلام ہے جو وحی کے ذریعے سے اس پر نازل ہوتا ہے۔

یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ "آپؐ اپنی خواہشِ نفس سے نہیں بولتے، بلکہ جو کچھ آپؐ کہتے ہیں وہ ایک وحی ہے جو آپؐ پر نازل کی جاتی ہے"، آپؐ کی زبانِ مبارک سے نکلنے والی کن کن باتوں سے متعلق ہے؟ آیا اس کا اِطلاق اُن ساری باتوں پر ہوتا ہے جو آپؐ بولتے تھے، یا بعض باتوں پر

اس کا اِطلاق ہوتا ہے اور بعض باتوں پر نہیں ہوتا؟ اس کا جواب یہ ہے کہ جہاں تک قرآنِ مجید کا تعلق ہے، اُس پر تو اس ارشاد کا اِطلاق بدرجۂ اَولیٰ ہوتا ہے۔ رہیں وہ دوسری باتیں جو قرآن کے علاوہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانِ مبارک سے ادا ہوتی تھیں، تو وہ لامحالہ تین ہی قسموں کی ہوسکتی تھیں:

ایک قسم کی باتیں وہ تھیں جو آپؐ تبلیغِ دین اور دعوت الی اللہ کے لیے کرتے تھے، یا قرآنِ مجید کے مضامین، اس کی تعلیمات اور اس کے احکامات وہدایات کی تشریح کے طور پر کرتے تھے، یا قرآن ہی کے مقصد ومُدّعا کو پورا کرنے کے لیے وعظ ونصیحت فرماتے اور لوگوں کو تعلیم دیتے تھے۔ اُن کے متعلق ظاہر ہے کہ یہ شبہ کرنے کی سرے سے کوئی گنجایش نہیں ہے کہ یہ باتیں معاذ اللہ، آپؐ اپنے دل سے گھڑتے تھے۔ اِن اُمور میں تو آپؐ کی حیثیت درحقیقت قرآن کے سرکاری ترجمان، اور اللہ تعالیٰ کے نمایندۂ مجاز کی تھی۔ یہ باتیں اگرچہ اُس طرح لفظاً لفظاً آپؐ پر نازل نہیں کی جاتی تھیں جس طرح قرآن آپؐ پر نازل کیا جاتا تھا، مگر یہ لازماً تھیں اُسی علم پر مبنی جو وحی کے ذریعے سے آپؐ کو دیا گیا تھا۔ ان میں اور قرآن میں فرق صرف یہ تھا کہ قرآن کے الفاظ اور معانی سب کچھ اللہ کی طرف سے تھے، اور اِن دوسری باتوں میں معانی ومطالب وہ تھے جو اللہ نے آپؐ کو سکھائے تھے اور اُن کو ادا آپؐ اپنے الفاظ میں کرتے تھے۔ اِسی فرق کی بنا پر قرآن کو وحیِ جلی، اور آپؐ کے اِن دوسرے ارشادات کو وحیِ خفی کہا جاتا ہے۔

دوسری قسم کی باتیں وہ تھیں جو آپؐ اِعلائے کلمۃ اللہ کی جِدّوجُہد اور اِقامتِ دین کی خدمات کے سلسلے میں کرتے تھے۔ اس کام میں آپؐ کو مسلمانوں کی جماعت کے قائد ورہنما کی حیثیت سے مختلف نوعیت کے بے شمار فرائض انجام دینے ہوتے تھے، جن میں بسااوقات آپؐ نے اپنے ساتھیوں سے مشورہ بھی لیا ہے، اپنی رائے چھوڑ کر اُن کی رائے بھی مانی ہے، اُن کے دریافت کرنے پر کبھی کبھی یہ صراحت بھی فرمائی ہے کہ یہ بات میں خدا کے حکم سے نہیں بلکہ اپنی رائے کے طور پر کہہ رہا ہوں، اور متعدّد بار ایسا بھی ہوا ہے کہ آپؐ نے اپنے اجتہاد سے کوئی بات کی ہے اور بعد میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کے خلاف ہدایت آگئی ہے۔ اس نوعیت کی جتنی باتیں بھی آپؐ نے کی ہیں، ان میں سے بھی کوئی ایسی نہ تھی اور قطعاً نہ ہوسکتی تھی جو خواہشِ نفس پر مبنی ہو۔ رہا یہ سوال کہ کیا وہ وحی پر مبنی تھیں؟ اس کا جواب یہ ہے کہ بجز اُن باتوں کے جن میں آپؐ نے خود تصریح فرمائی ہے کہ یہ اللہ کے حکم سے نہیں ہیں، یا جن میں آپؐ نے صحابہؓ سے مشورہ طلب فرمایا ہے اور ان کی رائے قبول فرمائی ہے، یا جن میں آپؐ سے کوئی قول وفعل صادر ہونے کے بعد اللہ تعالیٰ نے اس کے خلاف ہدایت نازل فرمادی ہے، باقی تمام باتیں اُسی طرح وحیِ خفی پر مبنی تھیں جس طرح پہلی نوعیت کی باتیں۔ اس لیے کہ دعوتِ اسلامی کے قائد ورہنما اور جماعتِ مومنین کے سردار اور حکومتِ اسلامی کے فرمانروا کا جو منصب آپؐ کو حاصل تھا، وہ آپؐ کا خود ساختہ یا لوگوں کا عطا کردہ نہ تھا، بلکہ اُس پر آپؐ اللہ تعالیٰ کی طرف سے مامور ہوئے تھے، اور اِس منصب کے فرائض کی ادائیگی میں آپؐ جو کچھ کہتے اور کرتے تھے اس میں آپؐ کی حیثیت مرضیِ الٰہی کے نمایندے کی تھی۔ اس معاملے میں آپؐ نے جو باتیں اپنے اجتہاد سے کی ہیں، ان میں بھی آپؐ کا اجتہاد اللہ کو پسند تھا اور علم کی اُس روشنی سے ماخوذ تھا جو اللہ نے آپؐ کو دی تھی۔ اسی لیے جہاں آپؐ کا اجتہاد ذرا بھی اللہ کی پسند سے ہٹا ہے،

شَدِيْدُ الْقُوٰىۙ۝۵ ذُوْ مِرَّةٍ ۭ فَاسْتَوٰىۙ۝۶ وَ هُوَ بِالْاُفُقِ

زبردست قوّت والے نے تعلیم دی[5] ہے جو بڑا صاحبِ حکمت[6] ہے۔ وہ سامنے آ کھڑا ہوا جب کہ وہ

وہاں فوراً وحیِ جلی سے اس کی اصلاح کر دی گئی ہے۔ آپؐ کے بعض اجتہادات کی یہ اصلاح بجائے خود اس بات کی دلیل ہے کہ آپؐ کے باقی تمام اجتہادات عین مرضیِ الٰہی کے مطابق تھے۔

تیسری قسم کی باتیں وہ تھیں جو آپؐ ایک انسان ہونے کی حیثیت سے زندگی کے عام معاملات میں کرتے تھے، جن کا تعلق فرائضِ نبوّت سے نہ تھا، جو آپؐ نبی ہونے سے پہلے بھی کرتے تھے اور نبی ہونے کے بعد بھی کرتے رہے۔ اس نوعیت کی باتوں کے متعلق سب سے پہلے تو یہ سمجھ لینا چاہیے کہ اُن کے بارے میں کفار سے کوئی جھگڑا نہ تھا۔ کفار نے اُن کی بنا پر آپؐ کو گمراہ اور بدراہ نہیں کہا تھا، بلکہ پہلی دو قسم کی باتوں پر وہ یہ الزام لگاتے تھے۔ اس لیے وہ سرے سے زیرِ بحث ہی نہ تھیں کہ اللہ تعالیٰ ان کے بارے میں یہ آیت ارشاد فرماتا۔ لیکن اس مقام پر ان کے خارج از بحث ہونے کے باوجود یہ امرِ واقعہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانِ مبارک سے کوئی بات اپنی زندگی کے اِس نجی پہلو میں بھی کبھی خلافِ حق نہیں نکلتی تھی، بلکہ ہر وقت ہر حال میں آپؐ کے اقوال و افعال اُن حُدود کے اندر محدود رہتے تھے جو اللہ تعالیٰ نے ایک پیغمبرانہ اور متقیانہ زندگی کے لیے آپؐ کو بتا دی تھیں۔ اس لیے درحقیقت وحی کا نور اُن میں بھی کارفرما تھا۔ یہی بات ہے جو بعض صحیح احادیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہوئی ہے۔ مُسندِ احمد میں حضرت ابوہُریرہؓ کی روایت ہے کہ ایک موقع پر حضورؐ نے فرمایا: لَا اَقُوْلُ اِلَّا حَقًّا، ''میں کبھی حق کے سوا کوئی بات نہیں کہتا۔'' کسی صحابی نے عرض کیا: فَاِنَّكَ تُدَاعِبُنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ۔ ''یا رسولؐ اللہ! کبھی کبھی آپؐ ہم لوگوں سے ہنسی مذاق بھی تو کر لیتے ہیں۔'' فرمایا: اِنِّیْ لَا اَقُوْلُ اِلَّا حَقًّا، ''فی الواقع میں حق کے سوا کچھ نہیں کہتا۔'' مُسندِ احمد اور ابوداؤد میں حضرت عبداللہ بن عَمْروؓ بن عاص کی روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں جو کچھ بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانِ مبارک سے سنتا تھا وہ لکھ لیا کرتا تھا، تاکہ اسے محفوظ کر لوں۔ قریش کے لوگوں نے مجھے اس سے منع کیا اور کہنے لگے: ''تم ہر بات لکھتے چلے جاتے ہو، حالانکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انسان ہیں، کبھی غصے میں بھی کوئی بات فرما دیتے ہیں۔'' اس پر میں نے لکھنا چھوڑ دیا۔ بعد میں اس بات کا ذکر میں نے حضورؐ سے کیا تو آپؐ نے فرمایا: اُكْتُبْ فَوَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهٖ مَا خَرَجَ مِنِّیْ اِلَّا الْحَقُّ، ''تم لکھے جاؤ، اُس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، میری زبان سے کبھی کوئی بات حق کے سوا نہیں نکلی ہے۔''

(اس مسئلے پر مفصّل بحث کے لیے مُلاحظہ ہو میری کتاب تفہیمات، حصّہ اوّل، مضمون ''رسالت اور اس کے احکام'')

۵ — یعنی کوئی انسان اس کو سکھانے والا نہیں ہے، جیسا کہ تم گمان کرتے ہو، بلکہ یہ علم اُس کو ایک فوق البشر ذریعے سے حاصل ہو رہا ہے۔ ''زبردست قوت والے'' سے مراد بعض لوگوں کے نزدیک اللہ تعالیٰ کی ذات ہے، لیکن مفسّرین کی عظیم اکثریت اس پر متفق ہے کہ اس سے مراد جبریل علیہ السّلام ہیں۔ حضرت عبداللہؓ بن مسعود، حضرت عائشہؓ،

حضرت ابوہُریرہؓ، قَتادہ، مجاہد، اور ربیع بن اَنَس سے بھی قول منقول ہے۔ ابنِ جَریر، ابنِ کثیر، رازی اور آلُوسی وغیرہ حضرات نے بھی اسی قول کو اختیار کیا ہے۔ شاہ ولی اللہ صاحبؒ اور مولانا اشرف علی صاحبؒ نے بھی اپنے ترجموں میں اسی کی پیروی کی ہے۔ اور صحیح بات یہ ہے کہ خود قرآنِ مجید کی دوسری تصریحات سے بھی یہی ثابت ہے۔ سورۂ تکویر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ ۙ ذِيْ قُوَّةٍ عِنْدَ ذِي الْعَرْشِ مَكِيْنٍ ۙ مُّطَاعٍ ثَمَّ اَمِيْنٍ ؕ وَ مَا صَاحِبُكُمْ بِمَجْنُوْنٍ ۚ وَ لَقَدْ رَاٰهُ بِالْاُفُقِ الْمُبِيْنِ ۚ (آیات ۱۹ تا ۲۳) ’’درحقیقت یہ ایک بزرگ فرشتے کا بیان ہے جو زبردست قوت والا ہے، مالکِ عرش کے ہاں بڑا درجہ رکھتا ہے، اس کا حکم مانا جاتا ہے اور وہاں وہ معتبر ہے۔ تمھارا رفیق کچھ دیوانہ نہیں ہے، وہ اس فرشتے کو آسمان کے کُھلے کنارے پر دیکھ چکا ہے۔‘‘ پھر سورۂ بقرہ کی آیت ۹۷ میں اس فرشتے کا نام بھی بیان کر دیا گیا ہے جس کے ذریعے سے یہ تعلیم حضورؐ کے قلب پر نازل کی گئی تھی: قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ فَاِنَّهٗ نَزَّلَهٗ عَلٰى قَلْبِكَ بِاِذْنِ اللّٰهِ۔ ان تمام آیات کو اگر سورۂ نجم کی اِس آیت کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے تو اس امر میں کسی شک کی گنجایش نہیں رہتی کہ یہاں زبردست قوت والے معلّم سے مراد جبریلؑ امین ہی ہیں، نہ کہ اللہ تعالیٰ۔ اس مسئلے پر مفصّل بحث آگے آ رہی ہے۔

اس مقام پر بعض حضرات یہ شبہ ظاہر کرتے ہیں کہ جبریلِ امین کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا معلّم کیسے قرار دیا جا سکتا ہے، اس کے معنٰی تو یہ ہوں گے کہ وہ استاد ہیں اور حضورؐ شاگرد، اور اس سے حضورؐ پر جبریلؑ کی فضیلت لازم آئے گی۔ لیکن یہ شبہ اس لیے غلط ہے کہ جبریلؑ اپنے کسی ذاتی علم سے حضورؐ کو تعلیم نہیں دیتے تھے جس سے آپؐ پر ان کی فضیلت لازم آئے، بلکہ ان کو اللہ تعالیٰ نے آپؐ تک علم پہنچانے کا ذریعہ بنایا تھا اور وہ محض واسطۂ تعلیم ہونے کی حیثیت سے مجازاً آپؐ کے معلّم تھے۔ اس سے ان کی افضلیت کا کوئی پہلو نہیں نکلتا۔ یہ بالکل ایسا ہی ہے جیسے پانچ وقت کی نمازیں فرض ہونے کے بعد اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو نماز کے صحیح اوقات بتانے کے لیے جبریل علیہ السّلام کو آپؐ کے پاس بھیجا اور انھوں نے دو روز تک پانچوں وقت کی نمازیں آپؐ کو پڑھائیں۔ یہ قصّہ بخاری، مسلم، ابوداؤد، ترمذی اور مُوَطّا وغیرہ کُتُبِ حدیث میں صحیح سندوں کے ساتھ بیان ہوا ہے اور اس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خود ارشاد فرماتے ہیں کہ آپؐ مقتدی تھے اور جبریل نے امام بن کر آپؐ کو نماز پڑھائی تھی، لیکن اس طرح محض تعلیم کی غرض سے ان کا امام بنایا جانا یہ معنٰی نہیں رکھتا کہ وہ آپؐ سے افضل تھے۔

۶ - اصل میں لفظ ذُوْمِرَّةٍ استعمال فرمایا گیا ہے۔ ابنِ عباسؓ اور قَتادہؒ اس کو خوبصورت اور شاندار کے معنٰی میں لیتے ہیں۔ مجاہد، حَسَن بصری، ابنِ زید اور سُفیان ثَوری کہتے ہیں کہ اس کے معنٰی طاقت ور کے ہیں۔ سعید بن مُسَیَّب کے نزدیک اس سے مراد صاحبِ حکمت ہے۔ حدیث میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: لَا تَحِلُّ الصَّدَقَةُ لِغَنِيٍّ وَلَا لِذِيْ مِرَّةٍ سَوِيٍّ۔ اس ارشاد میں ذُومِرّہ کو آپؐ نے تندرست اور صحیح القُویٰ کے معنٰی میں استعمال فرمایا ہے۔ عربی محاورے میں یہ لفظ نہایت صائب الرائے اور عاقل و دانا کے معنٰی میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے یہاں جبریل علیہ السلام کے لیے یہ جامع لفظ اسی لیے منتخب فرمایا ہے کہ ان میں عقلی اور جسمانی، دونوں طرح کی قوتوں کا کمال

الْاَعْلٰى ۝٧ ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى ۝٨ فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ
اَدْنٰى ۝٩ فَاَوْحٰٓى اِلٰى عَبْدِهٖ مَآ اَوْحٰى ۝١٠ مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ

بالائی اُفُق پر تھا،[7] پھر قریب آیا اور اُوپر معلّق ہو گیا، یہاں تک کہ دو کمانوں کے برابر یا اس سے کچھ کم فاصلہ رہ گیا۔[8] تب اُس نے اللہ کے بندے کو وحی پہنچائی جو وحی بھی اُسے پہنچانی تھی۔[9] نظر نے جو کچھ

پایا جاتا ہے۔ اُردو زبان میں کوئی لفظ ان تمام معنوں کا جامع نہیں ہے، اس وجہ سے ہم نے ترجمے میں اس کے صرف ایک معنٰی کو اختیار کیا ہے، کیونکہ جسمانی قوتوں کے کمال کا ذکر اس سے پہلے کے فقرے میں آچکا ہے۔

۷ – اُفُق سے مراد ہے آسمان کا مشرقی کنارا جہاں سے سورج طُلوع ہوتا ہے اور دن کی روشنی پھیلتی ہے۔ اسی کو سورۂ تکویر کی آیت ۲۳ میں اُفقِ مُبین کہا گیا ہے۔ دونوں آیتیں صراحت کرتی ہیں کہ پہلی مرتبہ جبریل علیہ السلام جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو نظر آئے اُس وقت وہ آسمان کے مشرقی کنارے سے نمودار ہوئے تھے۔ اور متعدّد معتبر روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ اُس وقت وہ اپنی اصلی صورت میں تھے جس میں اللہ تعالیٰ نے ان کو پیدا کیا ہے۔ آگے چل کر ہم وہ تمام روایات نقل کریں گے جن میں یہ بات بیان کی گئی ہے۔

۸ – یعنی آسمان کے بالائی مشرقی کنارے سے نمودار ہونے کے بعد جبریل علیہ السلام نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف آگے بڑھنا شروع کیا، یہاں تک کہ بڑھتے بڑھتے وہ آپؐ کے اُوپر آکر فضا میں معلّق ہو گئے۔ پھر وہ آپؐ کی طرف جھکے اور اس قدر قریب ہو گئے کہ آپؐ کے اور ان کے درمیان صرف دو کمانوں کے برابر یا کچھ کم فاصلہ رہ گیا۔ عام طور پر مفسّرین نے قَابَ قَوْسَيْنِ کے معنٰی ”بقدرِ دو قوس“ ہی بیان کیے ہیں، لیکن حضرت عبداللہ بن عباسؓ اور حضرت عبداللہؓ بن مسعود نے قوس کو ذراع (ہاتھ) کے معنٰی میں لیا ہے اور کَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ کا مطلب وہ یہ بیان کرتے ہیں کہ دونوں کے درمیان صرف دو ہاتھ کا فاصلہ رہ گیا تھا۔

اور یہ جو فرمایا کہ فاصلہ دو کمانوں کے برابر یا اس سے کچھ کم تھا، تو اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ معاذ اللہ، فاصلے کی مقدار کے تعیُّن میں اللہ تعالیٰ کو کوئی شک لاحق ہو گیا ہے۔ دراصل یہ طرزِ بیان اس لیے اختیار کیا گیا ہے کہ تمام کمانیں لازماً ایک ہی ناپ کی نہیں ہوتیں، اور ان کے حساب سے کسی فاصلے کو جب بیان کیا جائے گا تو مقدارِ فاصلہ میں ضرور کمی بیشی ہو گی۔

۹ – اصل الفاظ ہیں: فَاَوْحٰٓى اِلٰى عَبْدِهٖ مَآ اَوْحٰى۔ اس فقرے کے دو ترجمے ممکن ہیں: ایک یہ کہ ”اس نے وحی کی اُس کے بندے پر جو کچھ بھی وحی کی۔“ اور دوسرا یہ کہ ”اس نے وحی کی اپنے بندے پر جو کچھ بھی وحی کی۔“ پہلا ترجمہ کیا جائے تو اس کے معنٰی یہ ہوں گے کہ جبریلؑ نے وحی کی اللہ کے بندے پر جو کچھ بھی اس کو وحی کرنی تھی۔ اور دوسرا ترجمہ کیا جائے تو مطلب یہ ہو گا کہ اللہ نے وحی کی جبریلؑ کے واسطے سے اپنے بندے پر جو کچھ بھی اس کو وحی کرنی تھی۔ مفسّرین نے یہ دونوں معنٰی بیان

مَا رَاٰی ⑪ اَفَتُمٰرُوْنَهٗ عَلٰی مَا یَرٰی ⑫ وَلَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً
اُخْرٰی ⑬ عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰی ⑭ عِنْدَهَا جَنَّةُ الْمَاْوٰی ⑮

دیکھا، دل نے اُس میں جھوٹ نہ ملایا[10]۔ اب کیا تم اُس چیز پر اُس سے جھگڑتے ہو جسے وہ آنکھوں سے دیکھتا ہے؟

اور ایک مرتبہ پھر اُس نے سِدْرَۃُ الْمُنْتَہٰی کے پاس اُس کو دیکھا جہاں پاس ہی جنّت الماوٰی ہے[11]۔

کیے ہیں۔ مگر سیاق و سباق کے ساتھ زیادہ مناسبت پہلا مفہوم ہی رکھتا ہے اور وہی حضرت حَسَن بصریؒ اور ابن زیدؒ سے منقول ہے۔ اس پر یہ سوال کیا جا سکتا ہے کہ عَبْدِہٖ کی ضمیر اَوْحٰی کے فاعل کی طرف پھرنے کے بجائے اللہ تعالیٰ کی طرف کیسے پھر سکتی ہے جب کہ آغازِ سورت سے یہاں تک اللہ کا نام سرے سے آیا ہی نہیں ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ جہاں ضمیر کا مَرْجَع کسی خاص شخص کی طرف سیاقِ کلام سے صاف ظاہر ہو رہا ہو وہاں ضمیر آپ سے آپ اسی کی طرف پھرتی ہے، خواہ اس کا ذکر پہلے نہ آیا ہو۔ اس کی متعدد نظیریں خود قرآنِ مجید میں موجود ہیں۔ مثال کے طور پر اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ ''ہم نے اُس کو شبِ قدر میں نازل کیا ہے۔'' یہاں قرآن کا سرے سے کہیں ذکر نہیں آیا ہے۔ مگر سیاقِ کلام خود بتا رہا ہے کہ ضمیر کا مَرْجَع قرآن ہے۔ ایک اور مقام پر ارشاد ہوا ہے: وَلَوْ یُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِمَا کَسَبُوْا مَا تَرَکَ عَلٰی ظَهْرِهَا مِنْ دَآبَّةٍ ''اگر اللہ لوگوں کو ان کے کرتوتوں پر پکڑنے لگے تو اس کی پیٹھ پر کسی جان دار کو نہ چھوڑے۔'' یہاں آگے پیچھے زمین کا ذکر کہیں نہیں آیا ہے۔ مگر سیاقِ کلام سے خود ظاہر ہوتا ہے کہ ''اس کی پیٹھ'' سے مراد زمین کی پیٹھ ہے۔ سورۂ یٰسین میں فرمایا گیا ہے: وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا یَنْۢبَغِیْ لَهٗ ''ہم نے اُسے شعر کی تعلیم نہیں دی ہے اور نہ شاعری اس کو زیب دیتی ہے''۔ یہاں پہلے یا بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کوئی ذکر نہیں آیا ہے۔ مگر سیاقِ کلام بتا رہا ہے کہ ضمیروں کے مَرْجَع آپ ہی ہیں۔ سورۂ رحمٰن میں فرمایا: کُلُّ مَنْ عَلَیْهَا فَانٍ ''وہ سب کچھ جو اس پر ہے، فانی ہے۔'' آگے پیچھے کوئی ذکر زمین کا نہیں ہے۔ مگر عبارت کا انداز ظاہر کر رہا ہے کہ علیہا کی ضمیر اسی کی طرف پھرتی ہے۔ سورۂ واقعہ میں ارشاد ہوا: اِنَّآ اَنْشَاْنٰهُنَّ اِنْشَآءً ''ہم نے ان کو خاص طور پر پیدا کیا ہو گا۔'' آس پاس کوئی چیز نہیں ہے جس کی طرف هُنَّ کی ضمیر پھرتی نظر آتی ہو۔ یہ فحوائے کلام سے ظاہر ہوتا ہے کہ مراد خواتینِ جنت ہیں۔ پس چونکہ اَوْحٰی اِلٰی عَبْدِہٖ کا یہ مطلب بہر حال نہیں ہو سکتا کہ جبریلؑ نے اپنے بندے پر وحی کی، اس لیے لازماً اس کے معنی یہی لیے جائیں گے کہ جبریلؑ نے اللہ کے بندے پر وحی کی، یا پھر یہ کہ اللہ نے جبریلؑ کے واسطے سے اپنے بندے پر وحی کی۔

۱۰ – یعنی یہ مشاہدہ جو دن کی روشنی میں اور پوری بیداری کی حالت میں کھلی آنکھوں سے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو ہوا، اس پر اُن کے دل نے یہ نہیں کہا کہ یہ نظر کا دھوکا ہے، یا یہ کوئی جنّ یا شیطان ہے جو مجھے نظر آ رہا ہے، یا میرے سامنے

کوئی خیالی صورت آ گئی ہے اور میں جاگتے میں کوئی خواب دیکھ رہا ہوں۔ بلکہ ان کے دل نے ٹھیک ٹھیک وہی کچھ سمجھا جو اُن کی آنکھیں دیکھ رہی تھیں۔ اُنھیں اس امر میں کوئی شک لاحق نہیں ہوا کہ فی الواقع یہ جبریل ہیں اور جو پیغام یہ پہنچا رہے ہیں وہ واقعی خدا کی طرف سے وحی ہے۔

اس مقام پر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ آخر وہ کیا بات ہے جس کی وجہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسے عجیب اور غیر معمولی مُشاہدے کے بارے میں قطعاً کوئی شک لاحق نہ ہوا اور آپؐ نے پورے یقین کے ساتھ جان لیا کہ آپؐ کی آنکھیں جو کچھ دیکھ رہی ہیں وہ واقعی حقیقت ہے، کوئی خیالی ہیُولیٰ نہیں ہے اور کوئی جنّ یا شیطان بھی نہیں ہے؟ اس سوال پر جب ہم غور کرتے ہیں تو اس کے پانچ وجوہ ہماری سمجھ میں آتے ہیں:

ایک یہ کہ وہ خارجی حالات جن میں مشاہدہ ہوا تھا، اِس کی صحت کا یقین دلانے والے تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ مشاہدہ اندھیرے میں، یا مراقبے کی حالت میں، یا خواب میں، یا نیم بیداری کی حالت میں نہیں ہوا تھا، بلکہ صبحِ روشن طُلوع ہو چکی تھی، آپؐ پوری طرح بیدار تھے، کھلی فضا میں اور دن کی پوری روشنی میں اپنی آنکھوں سے یہ منظر ٹھیک اُسی طرح دیکھ رہے تھے جس طرح کوئی شخص دنیا کے دوسرے مناظر دیکھتا ہے۔ اِس میں اگر شک کی گنجایش ہو تو ہم دن کے وقت دریا، پہاڑ، آدمی، مکان، غَرَض جو کچھ بھی دیکھتے ہیں، وہ سب بھی پھر مشکوک اور محض نظر کا دھوکا ہی ہو سکتا ہے۔

دوسرے یہ کہ آپؐ کی اپنی داخلی حالت بھی اُس کی صحت کا یقین دلانے والی تھی۔ آپؐ پوری طرح اپنے ہوش وحواس میں تھے۔ پہلے سے آپؐ کے ذہن میں اِس طرح کا سرے سے کوئی خیال نہ تھا کہ آپؐ کو ایسا کوئی مشاہدہ ہونا چاہیے یا ہونے والا ہے۔ ذہن اِس فکر سے اور اس کی تلاش سے بالکل خالی تھا۔ اور اس حالت میں اچانک آپؐ کو اِس معاملے سے سابقہ پیش آیا۔ اس پر یہ شک کرنے کی کوئی گنجایش نہ تھی کہ آنکھیں کسی حقیقی منظر کو نہیں دیکھ رہی ہیں بلکہ ایک خیالی ہیُولیٰ سامنے آ گیا ہے۔

تیسرے یہ کہ جو ہستی ان حالات میں آپؐ کے سامنے آئی تھی، وہ ایسی عظیم، ایسی شاندار، ایسی حسین اور اس قدر منور تھی کہ نہ آپؐ کے وہم وخیال میں کبھی اس سے پہلے ایسی ہستی کا تصور آیا تھا جس کی وجہ سے آپؐ کو یہ گمان ہوتا کہ وہ آپؐ کے اپنے خیال کی آفریدہ ہے، اور نہ کوئی جنّ یا شیطان اِس شان کا ہو سکتا ہے کہ آپؐ اسے فرشتے کے سوا اور کچھ سمجھتے۔ حضرت عبداللہؓ بن مسعود کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ’’میں نے جبریلؑ کو اس صورت میں دیکھا کہ ان کے چھ سو بازو تھے۔‘‘ (مُسندِ احمد) ایک دوسری روایت میں ابنِ مسعودؓ مزید تشریح کرتے ہیں کہ جبریل علیہ السّلام کا ایک ایک بازو اتنا عظیم تھا کہ اُفُق پر چھایا ہوا نظر آتا تھا۔ (مُسندِ احمد) اللہ تعالیٰ خود ان کی شان کو شَدِیۡدُ الۡقُوٰی اور ذُوۡ مِرَّۃٍ کے الفاظ میں بیان فرما رہا ہے۔

چوتھے یہ کہ جو تعلیم وہ ہستی دے رہی تھی وہ بھی اس مشاہدے کی صحت کا اطمینان دلانے والی تھی۔ اس کے ذریعے سے اچانک جو علم، اور تمام کائنات کے حقائق پر حاوی علم آپؐ کو ملا، اُس کا کوئی تصور پہلے سے آپؐ کے ذہن میں نہ تھا کہ آپؐ اُس پر یہ شبہ کرتے کہ یہ میرے اپنے ہی خیالات ہیں جو مُرتّب ہو کر میرے سامنے آ گئے ہیں۔ اسی طرح اُس علم پر یہ شک کرنے

کی بھی کوئی گنجایش نہ تھی کہ شیطان اس شکل میں آ کر آپؐ کو دھوکا دے رہا ہے۔ کیونکہ شیطان کا یہ کام آخر کب ہو سکتا ہے اور کب اس نے یہ کام کیا ہے کہ انسان کو شرک و بت پرستی کے خلاف توحیدِ خالص کی تعلیم دے؟ آخرت کی باز پرس سے خبردار کرے؟ جاہلیت اور اس کے طور طریقوں سے بیزار کرے؟ فضائلِ اَخلاق کی طرف دعوت دے؟ اور ایک شخص سے یہ کہے کہ نہ صرف تُو خود اس تعلیم کو قبول کر بلکہ ساری دنیا سے شرک اور ظلم اور فِسق و فُجور کو مٹانے اور ان برائیوں کی جگہ توحید اور عدل اور تقویٰ کی بھلائیاں قائم کرنے کے لیے اُٹھ کھڑا ہو؟

پانچویں اور سب سے اہم وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ جب کسی شخص کو اپنی نبوت کے لیے چُن لیتا ہے تو اس کے دل کو شکوک و شبہات اور وساوس سے پاک کر کے یقین و اِذعان سے بھر دیتا ہے۔ اس حالت میں اس کی آنکھیں جو کچھ دیکھتی ہیں، اور اس کے کان جو کچھ سنتے ہیں، اس کی صحت کے متعلق کوئی ادنیٰ سا تردُّد بھی اس کے ذہن میں پیدا نہیں ہوتا۔ وہ پورے شرحِ صدر کے ساتھ ہر اُس حقیقت کو قبول کر لیتا ہے جو اس کے رب کی طرف سے اس پر منکشف کی جاتی ہے، خواہ وہ کسی مشاہدے کی شکل میں ہو جو اسے آنکھوں سے دکھایا جائے، یا الہامی علم کی شکل میں ہو جو اس کے دل میں ڈالا جائے، یا پیغام وحی کی شکل میں ہو جو اس کو لفظ بلفظ سنایا جائے۔ ان تمام صورتوں میں پیغمبر کو اس امر کا پورا شُعور ہوتا ہے کہ وہ ہر قسم کی شیطانی مداخلت سے قطعی محفوظ و مامون ہے اور جو کچھ بھی اُس تک کسی شکل میں پہنچ رہا ہے وہ ٹھیک ٹھیک اس کے رب کی طرف سے ہے۔ تمام خداداد احساسات کی طرح پیغمبر کا یہ شُعور و احساس بھی ایک ایسی یقینی چیز ہے جس میں غلط فہمی کا کوئی امکان نہیں۔ جس طرح مچھلی کو اپنے تیراک ہونے کا، پرندے کو اپنے پرندہ ہونے کا، اور انسان کو اپنے انسان ہونے کا احساس بالکل خداداد ہوتا ہے اور اس میں غلط فہمی کا کوئی شائبہ نہیں ہو سکتا، اسی طرح پیغمبر کو اپنے پیغمبر ہونے کا احساس بھی خداداد ہوتا ہے، اس کے دل میں کبھی ایک لمحے کے لیے بھی یہ وسوسہ نہیں آتا کہ شاید اسے پیغمبر ہونے کی غلط فہمی لاحق ہو گئی ہے۔

۱۱ – یہ جبریل علیہ السّلام سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی دوسری ملاقات کا ذکر ہے جس میں وہ آپؐ کے سامنے اپنی اصلی صورت میں نمودار ہوئے۔ اس ملاقات کا مقام ''سِدرَۃُ المُنتَہٰی'' بتایا گیا ہے اور ساتھ ہی یہ فرمایا گیا ہے کہ اس کے قریب ''جنت الماویٰ'' واقع ہے۔

سِدرَہ عَربی زبان میں بیری کے درخت کو کہتے ہیں، اور مُنتَہیٰ کے معنی ہیں: آخری سرا۔ ''سِدرۃ المنتہیٰ'' کے لُغوی معنی ہیں ا ''وہ بیری کا درخت جو آخری یا انتہائی سرے پر واقع ہے۔'' علامہ آلُوسیؒ نے رُوح المعانی میں اس کی تشریح یہ کی ہے کہ اِلَیْھَا یَنْتَھِیْ عِلْمُ کُلِّ عَالِمٍ وَّمَا وَرَاءَھَا لَا یَعْلَمُہٗ اِلَّا اللہُ۔ ''اس پر ہر عالم کا علم ختم ہو جاتا ہے، آگے جو کچھ ہے اسے اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔'' قریب قریب یہی تشریح ابنِ جریرؒ نے اپنی تفسیر میں، اور ابنِ اَثیرؒ نے ''النِّھایہ فی غریبِ الحدیث والاثر'' میں کی ہے۔ ہمارے لیے یہ جاننا مشکل ہے کہ اس عالَمِ مادّی کی آخری سرحد پر وہ بیری کا درخت کیسا ہے اور اس کی حقیقی نوعیت و کیفیت کیا ہے۔ یہ کائناتِ خداوندی کے وہ اَسرار ہیں جن تک ہمارے فہم کی رسائی نہیں ہے۔ بہرحال وہ کوئی ایسی ہی چیز ہے جس کے لیے انسانی زبان کے الفاظ میں ''سِدرہ'' سے زیادہ موزوں لفظ اللہ تعالیٰ کے نزدیک اور کوئی نہ تھا۔

اِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ مَا يَغْشٰى ﴿١٦﴾ مَا زَاغَ الْبَصَرُ
وَمَا طَغٰى ﴿١٧﴾ لَقَدْ رَاٰى مِنْ اٰيٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى ﴿١٨﴾

اُس وقت سِدرہ پر چھا رہا تھا جو کچھ کہ چھا رہا تھا[۱۲]۔ نگاہ نہ چُندھیائی نہ حد سے متجاوز ہوئی[۱۳] اور اس نے اپنے رب کی بڑی بڑی نشانیاں دیکھیں[۱۴]۔

''جنّتُ الماوٰی'' کے لغوی معنی ہیں: ''وہ جنت جو قیام گاہ بنے''۔ حضرت حَسَن بصریؒ کہتے ہیں کہ یہ وہی جنّت ہے جو آخرت میں اہلِ ایمان وتقویٰ کو ملنے والی ہے، اور اسی آیت سے انھوں نے یہ اِستدلال کیا ہے کہ وہ جنّت آسمان میں ہے۔ قَتَادَہؒ کہتے ہیں کہ یہ وہ جنّت ہے جس میں شہدا کی ارواح رکھی جاتی ہیں، اس سے مراد وہ جنت نہیں ہے جو آخرت میں ملنے والی ہے۔ ابنِ عباسؓ بھی یہی کہتے ہیں اور اس پر وہ یہ اضافہ بھی کرتے ہیں کہ آخرت میں جو جنّت اہلِ ایمان کو دی جائے گی، وہ آسمان میں نہیں ہے بلکہ اُس کی جگہ یہی زمین ہے۔

۱۲- یعنی اس کی شان اور اس کی کیفیت بیان سے باہر ہے۔ وہ ایسی تجلّیات تھیں کہ نہ انسان ان کا تصوّر کرسکتا ہے اور نہ کوئی انسانی زبان اس کے وصف کی متحمل ہے۔

۱۳- یعنی ایک طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کمالِ تحمل کا حال یہ تھا کہ ایسی زبردست تجلّیات کے سامنے بھی آپؐ کی نگاہ میں کوئی چکا چوندھ پیدا نہ ہوئی اور آپؐ پُورے سُکون کے ساتھ اُن کو دیکھتے رہے۔ دوسری طرف آپؐ کے ضبط اور یکسوئی کا کمال یہ تھا کہ جس مقصد کے لیے آپؐ کو بلایا گیا تھا، اسی پر آپؐ اپنے ذہن اور اپنی نگاہ کو مرکوز کیے رہے اور جو حیرت انگیز مناظر وہاں تھے اُن کو دیکھنے کے لیے آپؐ نے ایک تماشائی کی طرح ہر طرف نگاہیں دوڑانی نہ شروع کر دیں۔ اس کی مثال ایسی ہے جیسے کسی شخص کو ایک عظیم وجلیل بادشاہ کے دربار میں حاضری کا موقع ملتا ہے اور وہاں وہ کچھ شان وشوکت اس کے سامنے آتی ہے جو اس کی چشمِ تصوّر نے بھی کبھی نہ دیکھی تھی۔ اب اگر وہ شخص کم ظرف ہو تو وہاں پہنچ کر بھونچکا رہ جائے گا، اور اگر آدابِ حُضوری سے ناآشنا ہو تو مقامِ شاہی سے غافل ہو کر دربار کی سجاوٹ کا نظارہ کرنے کے لیے ہر طرف مڑ مڑ کر دیکھنے لگے گا۔ لیکن ایک عالی ظرف، ادب آشنا اور فرض شناس آدمی نہ تو وہاں پہنچ کر مبہوت ہو گا اور نہ دربار کا تماشا دیکھنے میں مشغول ہو جائے گا، بلکہ وہ پُورے وقار کے ساتھ حاضر ہو گا اور اپنی ساری توجُّہ اُس مقصد پر مرتکز رکھے گا جس کے لیے دربارِ شاہی میں اس کو طلب کیا گیا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی یہی خوبی ہے جس کی تعریف اس آیت میں کی گئی ہے۔

۱۴- یہ آیت اِس امر کی تصریح کرتی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کو نہیں بلکہ اس کی عظیم الشان آیات کو دیکھا تھا۔ اور چونکہ سیاق وسَباق کی رُو سے یہ دوسری ملاقات بھی اُسی ہستی سے ہوئی تھی جس سے پہلی ملاقات ہوئی، اس لیے لامحالہ یہ ماننا پڑے گا کہ اُفُقِ اعلیٰ پر جس کو آپؐ نے پہلی مرتبہ دیکھا تھا وہ بھی اللہ نہ تھا، اور دوسری مرتبہ

سِدْرَةُ الْمُنْتَهٰی کے پاس جس کو دیکھا وہ بھی اللہ نہ تھا۔ اگر آپؐ نے اِن مواقع میں سے کسی موقع پر بھی اللہ جَلَّ شانُہٗ کو دیکھا ہوتا تو یہ اتنی بڑی بات تھی کہ یہاں ضرور اُس کی تصریح کر دی جاتی۔ حضرت موسیٰؑ کے متعلق قرآنِ مجید میں فرمایا گیا ہے کہ انھوں نے اللہ تعالیٰ کو دیکھنے کی درخواست کی تھی اور انھیں جواب دیا گیا تھا کہ لَنْ تَرٰىنِیْ ''تم مجھے نہیں دیکھ سکتے۔'' (الاعراف: ۱۴۳) اب یہ ظاہر ہے کہ اگر یہ شرف، جو حضرت موسیٰؑ کو عطا نہیں کیا گیا تھا، رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو عطا کر دیا جاتا تو اس کی اہمیت خود ایسی تھی کہ اسے صاف الفاظ میں بیان کر دیا جاتا۔ لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ قرآنِ مجید میں کہیں یہ نہیں فرمایا گیا ہے کہ حضورؐ نے اپنے رب کو دیکھا تھا، بلکہ واقعۂ معراج کا ذکر کرتے ہوئے سورۂ بنی اسرائیل میں بھی یہ ارشاد ہوا ہے کہ ہم اپنے بندے کو اس لیے لے گئے تھے کہ ''اُس کو اپنی نشانیاں دکھائیں'' (لِنُرِيَهٗ مِنْ اٰيٰتِنَا)، اور یہاں سِدْرَةُ الْمُنْتَهٰی پر حاضری کے سلسلے میں بھی یہ فرمایا گیا ہے کہ ''اس نے اپنے رب کی بڑی بڑی نشانیاں دیکھیں'' (لَقَدْ رَاٰى مِنْ اٰيٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى)۔

اِن وجوہ سے بظاہر اِس بحث کی کوئی گنجایش نہ تھی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اِن دونوں مواقع پر اللہ تعالیٰ کو دیکھا تھا یا جبریل علیہ السلام کو؟ لیکن جس وجہ سے یہ بحث پیدا ہوئی، وہ یہ ہے کہ اِس مسئلے پر احادیث کی روایات میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ ذیل میں ہم ترتیب وار اُن احادیث کو درج کرتے ہیں جو اس سلسلے میں مختلف صحابۂ کرامؓ سے منقول ہوئی ہیں۔

(۱) حضرت عائشہؓ کی روایات:

بخاری، کتاب التفسیر میں حضرت مَسْرُوقؒ کا بیان ہے کہ میں نے حضرت عائشہؓ سے عرض کیا: ''اماں جان! کیا محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا تھا؟'' انھوں نے جواب دیا: ''تمھاری اس بات سے میرے تو رونگٹے کھڑے ہو گئے۔ تم یہ کیسے بھول گئے کہ تین باتیں ایسی ہیں جن کا اگر کوئی شخص دعویٰ کرے تو جھوٹا دعویٰ کرے گا۔'' (ان میں سے پہلی بات حضرت عائشہؓ نے یہ فرمائی کہ) ''جو شخص تم سے یہ کہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا تھا وہ جھوٹ کہتا ہے۔'' پھر حضرت عائشہؓ نے یہ آیتیں پڑھیں: لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ (نگاہیں اُس کو نہیں پا سکتیں)، اور مَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْيًا اَوْ مِنْ وَّرَآئِ حِجَابٍ اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا فَيُوْحِيَ بِاِذْنِهٖ مَا يَشَآءُ (کسی بشر کا یہ مقام نہیں ہے کہ اللہ اس سے کلام کرے، مگر یا تو وحی کے طور پر، یا پردے کے پیچھے سے، یا یہ کہ ایک فرشتہ بھیجے اور وہ اس پر اللہ کے اذن سے وحی کرے جو کچھ وہ چاہے)۔ اس کے بعد انھوں نے فرمایا: ''لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جبریل علیہ السلام کو دو مرتبہ ان کی اصلی صورت میں دیکھا تھا۔''

اس حدیث کا ایک حصہ بخاری، کتاب التوحید، باب ۴ میں بھی ہے۔ اور کتاب بَدْءُ الْخَلْق میں مَسْرُوقؒ کی جو روایت امام بخاریؒ نے نقل کی ہے اُس میں وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہؓ کی یہ بات سُن کر عرض کیا کہ پھر اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کا کیا مطلب ہوگا: ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى ۙ فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى؟ اس پر انھوں نے فرمایا: ''اس سے مراد جبریلؑ ہیں۔ وہ ہمیشہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے انسانی شکل میں آیا کرتے تھے، مگر اِس موقع پر وہ اپنی اصلی شکل میں آپؐ

کے پاس آئے اور سارا اُفُق اُن سے بھر گیا۔"

مُسلم، کتاب الایمان، باب فی ذکر سِدرۃ المنتہیٰ میں حضرت عائشہؓ سے مَسروقؒ کی یہ گفتگو زیادہ تفصیل کے ساتھ نقل ہوئی ہے اور اس کا سب سے اہم حصّہ یہ ہے: حضرت عائشہؓ نے فرمایا: "جو شخص یہ دعویٰ کرتا ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا تھا، وہ اللہ تعالیٰ پر بہت بڑا افترا کرتا ہے۔" مَسروقؒ کہتے ہیں کہ میں ٹیک لگائے بیٹھا تھا۔ یہ بات سُن کر میں اُٹھ بیٹھا اور میں نے عرض کیا: ام المومنین! جلدی نہ فرمایئے۔ کیا اللہ تعالیٰ نے یہ نہیں فرمایا ہے کہ وَ لَقَدْ رَاٰہُ بِالْاُفُقِ الْمُبِیْنِ؟ اور لَقَدْ رَاٰہُ نَزْلَةً اُخْرٰى؟ حضرت عائشہؓ نے جواب دیا: "اِس اُمّت میں سب سے پہلے میں نے ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس معاملے کو دریافت کیا تھا۔ حضورؐ نے فرمایا: اِنَّمَا هُوَ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ، لَمْ اَرَهُ عَلٰى صُوْرَتِهِ الَّتِىْ خُلِقَ عَلَيْهَا غَيْرَ هَاتَيْنِ الْمَرَّتَيْنِ، رَاَيْتُهُ مُنْهَبِطًا مِّنَ السَّمَآءِ سَادًّا عِظَمُ خَلْقِهِ مَا بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ۔" وہ تو جبریل علیہ السّلام تھے۔ میں نے اُن کو اُن کی اُس اصلی صورت میں، جس پر اللہ نے ان کو پیدا کیا ہے، اِن دو مواقع کے سوا کبھی نہیں دیکھا۔ ان دو مواقع پر مَیں نے ان کو آسمان سے اترتے ہوئے دیکھا، اور ان کی عظیم ہستی زمین و آسمان کے درمیان ساری فضا پر چھائی ہوئی تھی۔"

ابن مَرْدُوْیَہ نے مَسروقؒ کی اس رِوایت کو جن الفاظ میں نقل کیا ہے، وہ یہ ہیں: "حضرت عائشہؓ نے فرمایا: "سب سے پہلے میں نے ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ پوچھا تھا کہ کیا آپؐ نے اپنے رب کو دیکھا تھا؟ حضورؐ نے جواب دیا: نہیں، میں نے تو جبریلؑ کو آسمان سے اُترتے دیکھا تھا۔"

(۲) حضرت عبداللہؓ بن مسعود کی رِوایات:

بخاری، کتاب التفسیر، مُسلم، کتاب الایمان اور تِرمِذی، ابواب التفسیر میں زِرّ بن حُبَیشؒ کی رِوایت ہے کہ حضرت عبداللہؓ بن مسعود نے فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى کی تفسیر یہ بیان فرمائی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جبریل علیہ السلام کو اِس صورت میں دیکھا کہ ان کے چھ سو بازو تھے۔

مُسلم کی دوسری رِوایات میں مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰى اور لَقَدْ رَاٰى مِنْ اٰيٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى کی بھی یہی تفسیر زِرّ بن حُبَیشؒ نے عبداللہؓ بن مسعود سے نقل کی ہے۔

مُسندِ احمد میں ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی یہ تفسیر زِرّ بن حُبَیش کے علاوہ عبدالرحمٰن بن یزید اور ابووائل کے واسطے سے بھی منقول ہوئی ہے، اور مزید برآں مُسندِ احمد میں زِرّ بن حُبَیشؒ کی دو رِوایتیں اور نقل ہوئی ہیں جن میں حضرت عبداللہؓ بن مسعود وَلَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰى ۙ عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى کی تفسیر بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاَيْتُ جِبْرِيْلَ عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى عَلَيْهِ سِتُّمِائَةِ جَنَاحٍ۔ "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے جبریلؑ کو سِدرۃُ المنتہیٰ کے پاس دیکھا، ان کے چھ سو بازو تھے۔" اسی مضمون کی روایت امام احمدؒ نے شقیق بن سَلَمَہ سے بھی نقل کی ہے جس میں وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہؓ بن مسعود کی زبان سے یہ سُنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود یہ فرمایا تھا کہ میں نے جبریل علیہ السّلام کو اِس صورت میں سدرۃ المنتہیٰ پر دیکھا تھا۔

(۳) حضرت ابوہریرہؓ سے عَطاء بن ابی رَباحؒ نے آیت لَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰى کا مطلب پوچھا تو انھوں نے جواب دیا کہ رَاٰى جِبْرِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ۔ ”حضورؐ نے جبریل علیہ السّلام کو دیکھا تھا۔“ (مسلم، کتاب الایمان)

(۴) حضرت ابوذرؓ غفاری سے عبداللہ بن شقیق کی دو رِوایتیں امام مسلمؒ نے کتاب الایمان میں نقل کی ہیں۔ ایک روایت میں وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا: ”کیا آپؐ نے اپنے رب کو دیکھا تھا؟“ حضورؐ نے جواب دیا: نُوْرٌ اَنّٰى اَرَاهُ۔ اور دوسری روایت میں فرماتے ہیں کہ میرے اس سوال کا جواب آپؐ نے یہ دیا کہ رَأَيْتُ نُوْرًا۔ حضورؐ کے پہلے ارشاد کا مطلب ابن القیمؒ نے زاد المعاد میں یہ بیان کیا ہے کہ ”میرے اور رُؤیتِ رب کے درمیان نور حائل تھا۔“ اور دوسرے ارشاد کا مطلب وہ یہ بیان کرتے ہیں کہ ”میں نے اپنے رب رب کو نہیں بلکہ بس ایک نُور دیکھا۔“

نَسائی اور ابنِ ابی حاتم نے حضرت ابوذرؓ کا قول ان الفاظ میں نقل کیا ہے کہ ”رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دل سے دیکھا تھا، آنکھوں سے نہیں دیکھا۔“

(۵) حضرت ابوموسیٰ اَشعَریؓ سے امام مسلمؒ کتاب الایمان میں یہ رِوایت لائے ہیں کہ حضورؐ نے فرمایا: ما انتھٰی الیه بصرہ من خلقه۔ ”اللہ تعالیٰ تک اس کی مخلوق میں سے کسی کی نگاہ نہیں پہنچی۔“

(۶) حضرت عبداللہ بن عباسؓ کی روایات

مُسلم کی روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰى، وَلَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰى کا مطلب پوچھا گیا تو انھوں نے کہا: ”رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دو مرتبہ اپنے دل سے دیکھا۔“ یہ روایت مُسندِ احمد میں بھی ہے۔

ابنِ مَرْدُوْیَہ نے عَطاء بن ابی رَباحؒ کے حوالے سے ابنِ عباسؓ کا یہ قول نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کو آنکھوں سے نہیں بلکہ دل سے دیکھا تھا۔

نَسائی میں عِکرِمَہ کی روایت ہے کہ ابنِ عباسؓ نے فرمایا: اتعجبون ان تکون الخلة لابراھیم والکلام لموسٰی والرؤیة لمحمد؟ ”کیا تمھیں اس بات پر تعجب ہے کہ ابراہیم علیہ السلام کو اللہ نے خلیل بنایا، موسیٰ علیہ السلام کو کلام سے سرفراز کیا اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو رُؤیت کا شرف بخشا۔“ حاکم نے بھی اس روایت کو نقل کیا ہے اور اسے صحیح قرار دیا ہے۔

تِرْمِذی میں شَعْبیؒ کی روایت ہے کہ ابنِ عباسؓ نے ایک مجلس میں فرمایا: ”اللہ نے اپنی رُؤیت اور اپنے کلام کو محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور موسیٰ علیہ السلام کے درمیان تقسیم کر دیا تھا۔ موسیٰ علیہ السلام سے اس نے دو مرتبہ کلام کیا، اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے دو مرتبہ اس کو دیکھا۔“ ابنِ عباسؓ کی اسی گفتگو کو سُن کر مَسْرُوقؒ حضرت عائشہؓ کے پاس گئے تھے اور ان سے پوچھا تھا: ”کیا محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا تھا؟“ انھوں نے فرمایا: ”تم نے وہ بات کہی ہے جسے سُن کر میرے تو رونگٹے کھڑے ہو گئے۔“ اس کے بعد حضرت عائشہؓ اور مَسْرُوقؒ کے درمیان وہ گفتگو ہوئی جسے ہم اُوپر حضرت عائشہؓ کی رِوایات میں نقل کر آئے ہیں۔

ترمذی ہی میں دوسری روایات جو ابنِ عباسؓ سے منقول ہوئی ہیں، ان میں سے ایک میں وہ فرماتے ہیں کہ حضورؐ نے اللہ تعالیٰ کو دیکھا تھا۔ دوسری میں فرماتے ہیں، دو مرتبہ دیکھا تھا۔ اور تیسری میں ان کا ارشاد یہ ہے کہ آپ نے اللہ کو دل سے دیکھا تھا۔

مُسندِ احمد میں ابنِ عباسؓ کی ایک روایت یہ ہے کہ قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم رأیت ربی تبارك وتعالٰی۔ ”مَیں نے اپنے رب تبارک وتعالیٰ کو دیکھا۔“ دوسری روایت میں وہ کہتے ہیں: ان رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم قال اتانی ربّی اللیلۃ فی احسن صورۃ، احسبہ یعنی فی النوم۔ ”رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”آج رات میرا رب بہترین صورت میں میرے پاس آیا۔“ میں سمجھتا ہوں کہ حضورؐ کے اس ارشاد کا مطلب یہ تھا کہ خواب میں آپؐ نے اللہ تعالیٰ کو دیکھا۔“

طَبَرانی اور ابنِ مَرْدُوْیَہ نے ابنِ عباسؓ سے ایک روایت یہ بھی نقل کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دو مرتبہ دیکھا، ایک مرتبہ آنکھوں سے اور دوسری مرتبہ دل سے۔

(۷) محمد بن کَعْب القُرَظیؒ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بعض صحابہؓ نے پوچھا: ”آپؐ نے اپنے رب کو دیکھا ہے؟“ حضورؐ نے جواب دیا: ”میں نے اس کو دو مرتبہ اپنے دل سے دیکھا۔“ (ابنِ ابی حاتم) اِس روایت کو ابنِ جَرِیرؒ نے ان الفاظ میں نقل کیا ہے کہ آپؐ نے فرمایا: ”میں نے اس کو آنکھ سے نہیں بلکہ دل سے دو مرتبہ دیکھا ہے۔“

(۸) حضرت اَنَسؓ بن مالک کی ایک روایت، جو قصۂ معراج کے سلسلے میں شریک بن عبداللہ کے حوالے سے امام بخاریؒ نے کتاب التوحید میں نقل کی ہے، اس میں یہ الفاظ آتے ہیں: حتّٰی جَآءَ سِدْرَۃَ الْمُنْتَھٰی وَدَنَا الجبّار ربّ العزۃ فتدلّٰی، حتّٰی کان منہ قاب قوسین او ادنٰی فاوحی اللّٰہ فیما اوحٰی الیہ خمسین صلٰوۃ۔ یعنی ”جب آپؐ سدرۃ المنتہٰی پر پہنچے تو اللہ رب العزت آپؐ کے قریب آیا اور آپؐ کے اُوپر معلّق ہو گیا، یہاں تک کہ آپؐ کے اور اس کے درمیان بقدر دو کمان یا اس سے بھی کچھ کم فاصلہ رہ گیا، پھر اللہ نے آپؐ پر جو اُمور وحی فرمائے ان میں سے ایک ۵۰ نمازوں کا حکم تھا۔“ لیکن علاوہ اُن اعتراضات کے جو اس روایت کی سند اور مضمون پر امام خَطّابیؒ، حافظ ابنِ حَجَرؒ، ابنِ حَزْمؒ اور حافظ عبدالحقؒ صاحبُ الجمع بین الصّحیحین نے کیے ہیں، سب سے بڑا اعتراض اس پر یہ وارد ہوتا ہے کہ یہ صریح قرآن کے خلاف پڑتی ہے۔ کیونکہ قرآنِ مجید دو الگ الگ رُوئیتوں کا ذکر کرتا ہے جن میں سے ایک ابتداءً اُفقِ اعلیٰ پر ہوئی تھی اور پھر اس میں دَنَا فَتَدَلّٰی ۙ فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى کا معاملہ پیش آیا تھا، اور دوسری سِدْرَۃ المنتہٰی کے پاس واقع ہوئی تھی۔ لیکن یہ روایت ان دونوں رُوئیتوں کو خلط مَلط کر کے ایک رُوئیت بنا دیتی ہے۔ اس لیے قرآنِ مجید سے متعارض ہونے کی بنا پر اِس کو تو کسی طرح قبول ہی نہیں کیا جا سکتا۔

اب رہیں وہ دوسری روایات جو ہم نے اُوپر نقل کی ہیں، تو ان میں سب سے زیادہ وزنی روایتیں وہ ہیں جو حضرت عبداللہؓ بن مسعود اور حضرت عائشہؓ سے منقول ہوئی ہیں، کیونکہ ان دونوں نے بالاتفاق خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد بیان کیا ہے کہ ان دونوں مواقع پر آپؐ نے اللہ تعالیٰ کو نہیں بلکہ جبریل علیہ السلام کو دیکھا تھا، اور یہ روایات

اَفَرَءَيْتُمُ اللّٰتَ وَالْعُزّٰى ﴿١٩﴾ وَمَنٰوةَ الثَّالِثَةَ الْاُخْرٰى ﴿٢٠﴾
اَلَكُمُ الذَّكَرُ وَلَهُ الْاُنْثٰى ﴿٢١﴾ تِلْكَ اِذًا قِسْمَةٌ ضِيْزٰى ﴿٢٢﴾

اب ذرا بتاؤ، تم نے کبھی اِس لات، اور اِس عُزّٰی، اور تیسری ایک اور دیوی مَنات کی حقیقت پر کچھ غور بھی کیا؟[15] کیا بیٹے تمھارے لیے ہیں اور بیٹیاں خدا کے لیے؟[16] یہ تو بڑی دھاندلی کی تقسیم ہوئی!

قرآنِ مجید کی تصریحات اور اشارات سے پُوری طرح مطابقت رکھتی ہیں۔ مزید برآں ان کی تائید حضورؐ کے اُن ارشادات سے بھی ہوتی ہے جو حضرت ابوذرؓ اور حضرت ابو موسیٰ اَشعَریؓ نے آپؐ سے نقل کیے ہیں۔ اس کے برعکس حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے جو روایات کُتُبِ حدیث میں منقول ہوئی ہیں، ان میں سخت اضطراب پایا جاتا ہے۔ کسی میں وہ دونوں رُؤیتوں کو عَینی کہتے ہیں، کسی میں دونوں کو قلبی قرار دیتے ہیں، کسی میں ایک کو عَینی اور دوسری کو قلبی بتاتے ہیں، اور کسی میں عَینی رُؤیَت کی صاف صاف نفی کر دیتے ہیں۔ ان میں سے کوئی روایت بھی ایسی نہیں ہے جس میں وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنا کوئی ارشاد نقل کر رہے ہوں۔ اور جہاں انھوں نے خود حضورؐ کا ارشاد نقل کیا ہے، وہاں اوّل تو قرآنِ مجید کی بیان کردہ ان دونوں رُؤیتوں میں سے کسی کا بھی ذکر نہیں ہے، اور مزید برآں ان کی ایک روایت کی تشریح دوسری روایت سے یہ معلوم ہوتی ہے کہ حضورؐ نے کسی وقت بحالتِ بیداری نہیں بلکہ خواب میں اللہ تعالیٰ کو دیکھا تھا۔ اس لیے درحقیقت اِن آیات کی تفسیر میں حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے منسوب روایات پر اعتماد نہیں کیا جا سکتا۔ اسی طرح محمد بن کَعب القُرَظیؒ کی روایات بھی، اگرچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک ارشاد نقل کرتی ہیں، لیکن ان میں اُن صحابہ کرامؓ کے ناموں کی کوئی تصریح نہیں ہے، جنھوں نے حضورؐ سے یہ بات سنی۔ نیز اُن میں سے ایک میں بتایا گیا ہے کہ حضورؐ نے عَینی رُؤیَت کی صاف صاف نفی فرما دی تھی۔

۱۵- مطلب یہ ہے کہ جو تعلیم محمد صلی اللہ علیہ وسلم تم کو دے رہے ہیں، اُس کو تو تم لوگ گمراہی اور بدراہی قرار دیتے ہو، حالانکہ یہ علم ان کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے دیا جا رہا ہے اور اللہ ان کو آنکھوں سے وہ حقائق دکھا چکا ہے جن کی شہادت وہ تمھارے سامنے دے رہے ہیں۔ اب ذرا تم خود دیکھو کہ جن عقائد کی پیروی پر تم اصرار کیے چلے جا رہے ہو وہ کس قدر غیر معقول ہیں، اور اِن کے مقابلے میں جو شخص تمھیں سیدھا راستہ بتا رہا ہے، اس کی مخالفت کر کے آخر تم کس کا نقصان کر رہے ہو۔ اس سلسلے میں خاص طور پر اُن تین دیویوں کو بطورِ مثال لیا گیا ہے جن کو مکّہ، طائف، مدینہ اور نواحیِ حجاز کے لوگ سب سے زیادہ پُوجتے تھے۔ ان کے بارے میں سوال کیا گیا ہے کہ کبھی تم نے عقل سے کام لے کر سوچا بھی کہ زمین و آسمان کی خدائی کے معاملات میں اِن کا کوئی ادنیٰ سا دخل بھی ہو سکتا ہے؟ یا خداوندِ عالم سے واقعی ان کا کوئی رشتہ ہو سکتا ہے؟

لات کا اِستھان طائف میں تھا اور بنی ثَقِیف اس کے اِس حد تک معتقد تھے کہ جب اَبرَہہ ہاتھیوں کی فوج لے کر

خانۂ کعبہ کو توڑنے کے لیے مکّہ پر چڑھائی کرنے جا رہا تھا، اس وقت ان لوگوں نے محض اپنے اِس معبود کے آستانے کو بچانے کی خاطر اُس ظالم کو مکّے کا راستہ بتانے کے لیے بدرقے فراہم کیے تاکہ وہ لات کو ہاتھ نہ لگائے، حالانکہ تمام اہلِ عرب کی طرح ثَقیف کے لوگ بھی یہ مانتے تھے کہ کعبہ اللہ کا گھر ہے۔ لات کے معنیٰ میں اہلِ علم کے درمیان اختلاف ہے۔ ابنِ جریر طَبَریؒ کی تحقیق یہ ہے کہ یہ اللہ کی تانیث ہے، یعنی اصل میں یہ لفظ اللّٰھَۃُ تھا جسے اللّات کر دیا گیا۔ زَمَخشری کے نزدیک یہ لَوٰی یَلْوِی سے مُشتق ہے، جس کے معنیٰ مڑنے اور کسی کی طرف جھکنے کے ہیں۔ چونکہ مشرکین عبادت کے لیے اس کی طرف رجوع کرتے اور اس کے آگے جھکتے اور اس کا طواف کرتے تھے، اس لیے اس کو لات کہا جانے لگا۔ ابنِ عباسؓ اس کو لاتّ بہ تشدیدِ تا پڑھتے ہیں اور اسے لتّ یلتّ سے مُشتق قرار دیتے ہیں، جس کے معنیٰ مَلنے اور لتھیڑنے کے ہیں۔ اُن کا اور مجاہدؒ کا بیان ہے کہ یہ دراصل ایک شخص تھا جو طائف کے قریب ایک چٹان پر رہتا تھا اور حج کے لیے جانے والوں کو سَتّو پلاتا اور کھانا کھلاتا تھا۔ جب وہ مر گیا تو لوگوں نے اسی چٹان پر اس کا اِستھان بنالیا اور اس کی عبادت کرنے لگے۔ مگر لات کی یہ تشریح ابنِ عباسؓ اور مجاہدؒ جیسے بزرگوں سے مروی ہونے کے باوجود دو وجوہ سے قابلِ قبول نہیں ہے: ایک یہ کہ قرآن میں اسے لات کہا گیا ہے نہ کہ لاتّ۔ دوسرے یہ کہ قرآنِ مجید اِن تینوں کو دیویاں بتا رہا ہے، اور اس روایت کی رُو سے لات مرد تھا، نہ کہ عورت۔

عُزّٰی عزت سے ہے اور اس کے معنیٰ عزت والی کے ہیں۔ یہ قریش کی خاص دیوی تھی اور اس کا اِستھان مکّہ اور طائف کے درمیان وادیِ نَخْلہ میں حراض کے مقام پر واقع تھا (نَخْلہ کی جائے وقوع کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد چہارم، الاحقاف، حاشیہ ۳۳)۔ بنی ہاشم کے حلیف قبیلۂ بنی شَیبان کے لوگ اس کے مجاور تھے۔ قریش اور دوسرے قبائل کے لوگ اس کی زیارت کرتے اور اس پر نذریں چڑھاتے اور اس کے لیے قربانیاں کرتے تھے۔ کعبے کی طرح اس کی طرف بھی ہَدی کے جانور لے جائے جاتے اور تمام بتوں سے بڑھ کر اس کی عزت کی جاتی تھی۔ ابنِ ہِشام کی روایت ہے کہ ابواُحَیحَہ جب مرنے لگا تو ابولہب اس کی عیادت کے لیے گیا۔ دیکھا کہ وہ رو رہا ہے۔ ابولہب نے کہا: ''کیوں روتے ہو ابواُحَیحَہ؟ کیا موت سے ڈرتے ہو؟ حالانکہ وہ سب ہی کو آنی ہے۔'' اس نے کہا: ''خدا کی قسم! میں موت سے ڈر کر نہیں روتا، بلکہ مجھے یہ غم کھائے جا رہا ہے کہ میرے بعد عُزّٰی کی پُوجا کیسے ہوگی۔'' ابولہب بولا: ''اس کی پُوجا نہ تمھاری زندگی میں تمھاری خاطر ہوتی تھی اور نہ تمھارے بعد اسے چھوڑا جائے گا۔'' ابواُحَیحَہ نے کہا: ''اب مجھے اطمینان ہو گیا کہ میرے بعد کوئی میری جگہ سنبھالنے والا ہے۔''

مَناۃ کا اِستھان مکّہ اور مدینہ کے درمیان بحرِ احمر کے کنارے قُدَید کے مقام پر تھا اور خاص طور پر خُزاعہ اور اَوس اور خَزرَج کے لوگ اس کے بہت معتقد تھے۔ اس کا حج اور طواف کیا جاتا اور اس پر نذر کی قربانیاں چڑھائی جاتی تھیں۔ زمانۂ حج میں جب حُجّاج طوافِ بیت اللہ اور عرفات اور مِنیٰ سے فارغ ہو جاتے تو وہیں سے مَناۃ کی زیارت کے لیے لبیک لبیک کی صدائیں بلند کر دی جاتیں، اور جو لوگ اِس دوسرے ''حج'' کی نیت کر لیتے، وہ صفا اور مَروَہ کے درمیان سعی نہ کرتے تھے۔

اِنۡ هِىَ اِلَّاۤ اَسۡمَآءٌ سَمَّيۡتُمُوۡهَاۤ اَنۡتُمۡ وَ اٰبَآؤُكُمۡ مَّاۤ اَنۡزَلَ
اللّٰهُ بِهَا مِنۡ سُلۡطٰنٍ ؕ اِنۡ يَّتَّبِعُوۡنَ اِلَّا الظَّنَّ وَ مَا تَهۡوَى
الۡاَنۡفُسُ ۚ وَ لَقَدۡ جَآءَهُمۡ مِّنۡ رَّبِّهِمُ الۡهُدٰى ؕ ﴿۲۳﴾ اَمۡ

دراصل یہ کچھ نہیں ہیں مگر بس چند نام جو تم نے اور تمھارے باپ دادا نے رکھ لیے ہیں۔ اللہ نے اِن کے لیے کوئی سند نازل نہیں کی[۱۷]۔ حقیقت یہ ہے کہ لوگ محض وہم و گمان کی پیروی کر رہے ہیں اور خواہشاتِ نفس کے مُرید بنے ہوئے ہیں[۱۸]۔ حالانکہ اُن کے رب کی طرف سے اُن کے پاس ہدایت آچکی[۱۹] ہے۔ کیا

۱۶– یعنی اِن دیویوں کو تم نے اللہ رب العالمین کی بیٹیاں قرار دے لیا اور یہ بیہودہ عقیدہ ایجاد کرتے وقت تم نے یہ بھی نہ سوچا کہ اپنے لیے تو تم بیٹی کی پیدائش کو ذلّت سمجھتے ہو اور چاہتے ہو کہ تمھیں اولادِ نرینہ ملے، مگر اللہ کے لیے تم اولاد بھی تجویز کرتے ہو تو بیٹیاں!

۱۷– یعنی تم جن کو دیوی اور دیوتا کہتے ہو، وہ نہ دیویاں ہیں اور نہ دیوتا، نہ ان کے اندر اُلوہیّت کی کوئی صفت پائی جاتی ہے، نہ خدائی کے اختیارات کا کوئی ادنیٰ سا حصّہ انھیں حاصل ہے۔ تم نے بطورِ خود ان کو خدا کی اولاد اور معبود اور خدائی میں شریک ٹھیرا لیا ہے۔ خدا کی طرف سے کوئی سند ایسی نہیں آئی ہے جسے تم اپنے ان مفروضات کے ثبوت میں پیش کر سکو۔

۱۸– بالفاظِ دیگر، اُن کی گمراہی کے بنیادی وجوہ دو ہیں: ایک یہ کہ وہ کسی چیز کو اپنا عقیدہ اور دین بنانے کے لیے علمِ حقیقت کی کوئی ضرورت محسوس نہیں کرتے، بلکہ محض قیاس و گمان سے ایک بات فرض کر لیتے ہیں اور پھر اِس پر اِس طرح ایمان لے آتے ہیں کہ گویا وہی حقیقت ہے۔ دوسرے یہ کہ اُنھوں نے یہ رَوِیّہ دراصل اپنی خواہشاتِ نفس کی پیروی میں اختیار کیا ہے۔ اُن کا دل یہ چاہتا ہے کہ کوئی ایسا معبود ہو جو دنیا میں اُن کے کام تو بناتا رہے اور آخرت اگر پیش آنے والی ہی ہو تو وہاں انھیں بخشوانے کا ذمّہ بھی لے لے، مگر حرام و حلال کی کوئی پابندی اُن پر نہ لگائے اور اخلاق کے کسی ضابطے میں ان کو نہ کسے۔ اسی لیے وہ انبیاؑ کے لائے ہوئے طریقے پر خدائے واحد کی بندگی کرنے کے لیے تیار نہیں ہوتے اور اِن خود ساختہ معبُودوں اور معبُودنیوں کی عبادت ہی اُن کو پسند آتی ہے۔

۱۹– یعنی ہر زمانے میں انبیا علیہم السلام اللہ تعالیٰ کی طرف سے اِن گمراہ لوگوں کو حقیقت بتاتے رہے ہیں، اور اب محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے آ کر ان کو بتا دیا ہے کہ کائنات میں دراصل خدائی کس کی ہے۔

ع ۵

لِلۡاِنۡسَانِ مَا تَمَنّٰی ﴿۲۴﴾ فَلِلّٰہِ الۡاٰخِرَۃُ وَ الۡاُوۡلٰی ﴿۲۵﴾ وَ کَمۡ مِّنۡ
مَّلَکٍ فِی السَّمٰوٰتِ لَا تُغۡنِیۡ شَفَاعَتُہُمۡ شَیۡئًا اِلَّا مِنۡۢ بَعۡدِ
اَنۡ یَّاۡذَنَ اللّٰہُ لِمَنۡ یَّشَآءُ وَ یَرۡضٰی ﴿۲۶﴾ اِنَّ الَّذِیۡنَ لَا یُؤۡمِنُوۡنَ
بِالۡاٰخِرَۃِ لَیُسَمُّوۡنَ الۡمَلٰٓئِکَۃَ تَسۡمِیَۃَ الۡاُنۡثٰی ﴿۲۷﴾ وَ مَا لَہُمۡ

انسان جو کچھ چاہے، اس کے لیے وہی حق[۲۰] ہے؟ دنیا اور آخرت کا مالک تو اللہ ہی ہے۔ع

آسمانوں میں کتنے ہی فرشتے موجود ہیں، اُن کی شَفاعت کچھ بھی کام نہیں آسکتی جب تک کہ اللہ کسی ایسے شخص کے حق میں اُس کی اجازت نہ دے جس کے لیے وہ کوئی عرضداشت سُننا چاہے اور اس کو پسند کرے۔[۲۱] مگر جو لوگ آخرت کو نہیں مانتے وہ فرشتوں کو دیویوں کے ناموں سے موسوم کرتے ہیں،[۲۲] حالانکہ اس معاملے

۲۰- اس آیت کا دوسرا مطلب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ کیا انسان کو یہ حق ہے کہ جس کو چاہے معبود بنالے؟ اور ایک تیسرا مطلب یہ بھی لیا جاسکتا ہے کہ کیا انسان اِن معبودوں سے اپنی مرادیں پالینے کی جو تمنا رکھتا ہے، وہ کبھی پوری ہوسکتی ہے؟

۲۱- یعنی تمام فرشتے مل کر بھی اگر کسی کی شفاعت کریں تو وہ اس کے حق میں نافع نہیں ہوسکتی، کجا کہ تمہارے اِن بناوٹی معبودوں کی شَفاعت کسی کی بگڑی بنا سکے۔ خدائی کے اختیارات سارے کے سارے بالکل اللہ کے ہاتھ میں ہیں۔ فرشتے بھی اُس کے حضور کسی کی سفارش کرنے کی اُس وقت تک جسارت نہیں کرسکتے جب تک وہ انھیں اس کی اجازت نہ دے اور کسی کے حق میں اُن کی سفارش سننے پر راضی نہ ہو۔

۲۲- یعنی ایک حماقت تو اُن کی یہ ہے کہ اِن بے اختیار فرشتوں کو جو اللہ تعالیٰ سے سفارش تک کرنے کا یارا نہیں رکھتے، اُنھوں نے معبود بنا لیا ہے۔ اس پر مزید حماقت یہ کہ وہ انھیں عورتیں سمجھتے ہیں اور ان کو خدا کی بیٹیاں قرار دیتے ہیں۔ ان ساری جہالتوں میں ان کے مبتلا ہونے کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ وہ آخرت کو نہیں مانتے۔ اگر وہ آخرت کے ماننے والے ہوتے تو کبھی ایسی غیر ذمہ دارانہ باتیں نہ کرسکتے تھے۔ انکارِ آخرت نے انھیں انجام سے بے فکر بنا دیا ہے اور وہ سمجھتے ہیں کہ خدا کو ماننے یا نہ ماننے، یا ہزاروں خدا مان بیٹھنے سے کوئی فرق نہیں ہوتا، کیونکہ اِن میں سے کسی عقیدے کا بھی کوئی اچھا یا بُرا نتیجہ دنیا کی موجودہ زندگی میں نکلتا نظر نہیں آتا۔ منکرینِ خدا ہوں یا مشرکین یا مُوَحِّدین، سب کی کھیتیاں پکتی بھی ہیں اور جلتی بھی ہیں۔ سب بیمار بھی ہوتے ہیں اور تندرست بھی ہوتے رہتے ہیں۔ ہر طرح کے اچھے اور بُرے حالات سب پر گزرتے ہیں۔ اس لیے اُن کے نزدیک یہ کوئی بڑا اہم اور سنجیدہ معاملہ نہیں ہے کہ آدمی کسی کو معبود مانے یا نہ مانے،

بِهٖ مِنْ عِلْمٍ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ ۚ وَ اِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ
مِنَ الْحَقِّ شَيْـًٔا ﴿۲۸﴾ فَاَعْرِضْ عَنْ مَّنْ تَوَلّٰى ۙ عَنْ ذِكْرِنَا
وَلَمْ يُرِدْ اِلَّا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿۲۹﴾ ذٰلِكَ مَبْلَغُهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ ؕ

کا کوئی علم انھیں حاصل نہیں ہے، وہ محض گمان کی پیروی کر رہے ہیں،[۲۳] اور گمان حق کی جگہ کچھ بھی کام نہیں دے سکتا۔

پس اَے نبیؐ! جو شخص ہمارے ذکر سے منہ پھیرتا ہے،[۲۴] اور دُنیا کی زندگی کے سوا جسے کچھ مطلوب نہیں ہے، اُسے اس کے حال پر چھوڑ دو۔[۲۵] ــــــ اِن لوگوں کا مَبلَغِ علم بس یہی کچھ ہے،[۲۶][۲۷]

یا جتنے اور جیسے چاہے معبود بنالے۔ حق اور باطل کا فیصلہ جب اُن کے نزدیک اِسی دنیا میں ہونا ہے، اور اُس کا مدار اِسی دنیا میں ظاہر ہونے والے نتائج پر ہے، تو ظاہر ہے کہ یہاں کے نتائج نہ کسی عقیدے کے حق ہونے کا قطعی فیصلہ کردیتے ہیں، نہ کسی دوسرے عقیدے کے باطل ہونے کا۔ لہٰذا ایسے لوگوں کے لیے ایک عقیدے کو اختیار کرنا اور دوسرے عقیدے کو رَدّ کر دینا محض ایک من کی موج کا معاملہ ہے۔

۲۳ – یعنی ملائکہ کے متعلق یہ عقیدہ انھوں نے کچھ اس بنا پر اختیار نہیں کیا ہے کہ انھیں کسی ذریعۂ علم سے یہ معلوم ہوگیا ہے کہ وہ عورتیں ہیں اور خدا کی بیٹیاں ہیں، بلکہ انھوں نے محض اپنے قیاس وگمان سے ایک بات فرض کر لی ہے اور اس پر یہ آستانے بنائے بیٹھے ہیں، جن سے مرادیں مانگی جارہی ہیں اور نذریں اور نیازیں اِن پر چڑھائی جارہی ہیں۔

۲۴ – ذِکر کا لفظ یہاں کئی معنی دے رہا ہے۔ اس سے مراد قرآن بھی ہوسکتا ہے، محض نصیحت بھی مراد ہوسکتی ہے، اور اس کا مطلب یہ بھی ہوسکتا ہے کہ خدا کا ذکر سننا ہی جسے گوارا نہیں ہے۔

۲۵ – یعنی اُس کے پیچھے نہ پڑو اور اُسے سمجھانے پر اپنا وقت ضائع نہ کرو۔ کیونکہ ایسا شخص کسی ایسی دعوت کو قبول کرنے کے لیے تیار نہ ہوگا جس کی بنیاد خدا پرستی پر ہو، جو دنیا کے مادّی فائدوں سے بلند تر مقاصد اور اقدار کی طرف بلاتی ہو، اور جس میں اصل مطلوب آخرت کی اَبدی فلاح وکامرانی کو قرار دیا جارہا ہو۔ اس قسم کے مادّہ پرست اور خدا بیزار انسان پر اپنی محنت صرف کرنے کے بجائے توجّہ اُن لوگوں کی طرف کرو جو خدا کا ذکر سننے کے لیے تیار ہوں اور دنیا پرستی کے مرض میں مبتلا نہ ہوں۔

۲۶ – یہ جملۂ مُعترضہ ہے جو سلسلۂ کلام کو بیچ میں توڑ کر پچھلی بات کی تشریح کے طور پر ارشاد فرمایا گیا ہے۔

۲۷ – یعنی یہ لوگ دنیا اور اس کے فوائد سے آگے نہ کچھ جانتے ہیں نہ سوچ سکتے ہیں، اس لیے اِن پر محنت صَرف کرنا لاحاصل ہے۔

إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيلِهِ ۙ وَهُوَ أَعْلَمُ
بِمَنِ اهْتَدَىٰ ﴿٣٠﴾ وَلِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۙ لِيَجْزِيَ الربع
الَّذِينَ أَسَاءُوا بِمَا عَمِلُوا وَيَجْزِيَ الَّذِينَ أَحْسَنُوا بِالْحُسْنَى ﴿٣١﴾ ع
الَّذِينَ يَجْتَنِبُونَ كَبَائِرَ الْإِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ إِلَّا اللَّمَمَ ۚ

یہ بات تیرا رب ہی زیادہ جانتا ہے کہ اُس کے راستے سے کون بھٹک گیا ہے اور کون سیدھے راستے پر ہے، اور زمین اور آسمانوں کی ہر چیز کا مالک اللہ ہی ہے[۲۸] ــــ تاکہ[۲۹] اللہ بُرائی کرنے والوں کو ان کے عمل کا بدلہ دے اور اُن لوگوں کو اچھی جزا سے نوازے جنھوں نے نیک رَوِیّہ اختیار کیا ہے، جو بڑے بڑے گناہوں[۳۰] اور کُھلے کُھلے قبیح افعال[۳۱] سے پرہیز کرتے ہیں، اِلّا یہ کہ کچھ قصور اُن سے سرزد[۳۲] ہو جائے۔

۲۸ – بالفاظِ دیگر، کسی آدمی کے گمراہ یا برسرِ ہدایت ہونے کا فیصلہ نہ اِس دنیا میں ہوتا ہے نہ اِس کا فیصلہ دنیا کے لوگوں کی رائے پر چھوڑا گیا ہے۔ اس کا فیصلہ تو اللہ کے ہاتھ میں ہے، وہی زمین و آسمان کا مالک ہے، اور اسی کو یہ معلوم ہے کہ دنیا کے لوگ جن مختلف راہوں پر چل رہے ہیں، اُن میں سے ہدایت کی راہ کون سی ہے اور ضلالت کی راہ کون سی۔ لہٰذا تم اس بات کی کوئی پروا نہ کرو کہ یہ مشرکینِ عرب اور یہ کفارِ مکہ تم کو بہکا اور بھٹکا ہوا آدمی قرار دے رہے ہیں اور اپنی جاہلیت ہی کو حق اور ہدایت سمجھ رہے ہیں۔ یہ اگر اپنے اِسی زَعمِ باطل میں مگن رہنا چاہتے ہیں تو انھیں مگن رہنے دو۔ اِن سے بحث و تکرار میں وقت ضائع کرنے اور سر کھپانے کی کوئی ضرورت نہیں۔

۲۹ – یہاں سے پھر وہی سلسلۂ کلام شروع ہو جاتا ہے جو اُوپر سے چلا آ رہا تھا۔ گویا جملۂ مُعترضہ کو چھوڑ کر سلسلۂ عبارت یُوں ہے: "اُسے اس کے حال پر چھوڑ دو تاکہ اللہ برائی کرنے والوں کو ان کے عمل کا بدلہ دے۔"

۳۰ – تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد اوّل، النساء، حاشیہ ۵۳۔

۳۱ – تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد اوّل، الانعام، حاشیہ ۱۳۰۔ جلد دوم، النحل، حاشیہ ۸۹۔

۳۲ – اصل الفاظ ہیں: اِلَّا اللَّمَمَ۔ عربی زبان میں لَمَمٌ کا لفظ کسی چیز کی تھوڑی سی مقدار، یا اُس کے خفیف سے اثر، یا اُس کے محض قُرب، یا اُس کے ذرا دیر رہنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً کہتے ہیں: اَلَمَّ بِالْمَكَانِ، وہ شخص فلاں جگہ تھوڑی دیر ہی ٹھیرا، یا تھوڑی دیر کے لیے ہی وہاں گیا۔ اَلَمَّ بِالطَّعَامِ، اس کا تھوڑا سا کھانا کھایا۔ بِهٖ لَمَمٌ، اس کا دماغ ذرا سا کھسکا ہوا ہے، یا میں کچھ جُنون کی لٹک ہے۔ یہ لفظ اس معنیٰ میں بولتے ہیں کہ ایک شخص نے ایک فعل کا ارتکاب تو نہیں کیا مگر ارتکاب کے قریب تک پہنچ گیا۔ فَرّاء کا قول ہے کہ میں نے عربوں کو اس طرح

کے فقرے بولتے سنا ہے: ضربه ما لمم القتل، فُلاں شخص نے اُسے اتنا مارا کہ بس مار ڈالنے کی کسر رہ گئی۔ اور الَمّ یفعل، قریب تھا کہ فُلاں شخص یہ فعل کر گزرتا۔ شاعر کہتا ہے: الَمّت فحیّت ثم قامت فودّعت، ’’وہ بس ذرا کی ذرا آئی، سلام کیا، اُٹھی اور رخصت ہوگئی۔‘‘

ان استعمالات کی بنا پر اہلِ تفسیر میں سے بعض نے لمم سے مراد چھوٹے گناہ لیے ہیں۔ بعض نے اس کا مطلب یہ لیا ہے کہ آدمی عملاً کسی بڑے گناہ کے قریب تک پہنچ جائے مگر اس کا ارتکاب نہ کرے۔ بعض اسے کچھ دیر کے لیے گناہ میں مبتلا ہونے اور پھر اس سے باز آجانے کے معنیٰ میں لیتے ہیں۔ اور بعض کے نزدیک اس سے مراد یہ ہے کہ آدمی گناہ کا خیال، یا اس کی خواہش، یا اس کا ارادہ تو کرے مگر عملاً کوئی اقدام نہ کرے۔ اس سلسلے میں صحابہؓ و تابعینؒ کے اقوال حسبِ ذیل ہیں:

زید بن اسلمؒ اور ابنِ زیدؒ کہتے ہیں، اور حضرت عبداللہ بن عباسؓ کا بھی ایک قول یہ ہے کہ اس سے مراد وہ مَعاصی ہیں جن کا ارتکاب اسلام سے پہلے جاہلیت کے زمانے میں لوگ کر چکے تھے، پھر اسلام قبول کرنے کے بعد انھوں نے اسے چھوڑ دیا۔

ابنِ عباسؓ کا دوسرا قول یہ ہے، اور یہی حضرت ابوہُریرہؓ، حضرت عبداللہؓ بن عَمرو بن عاص، مجاہدؒ، حَسَن بصریؒ اور ابوصالحؒ کا قول بھی ہے کہ اس سے مراد آدمی کا کسی بڑے گناہ یا کسی فُحش فعل میں کچھ دیر کے لیے، یا احیاناً مبتلا ہو جانا اور پھر اُسے چھوڑ دینا ہے۔

حضرت عبداللہؓ بن مسعود اور مَسْرُوقؒ اور شَعبیؒ فرماتے ہیں، اور حضرت ابوہریرہؓ اور حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے بھی معتبر رِوایات میں یہ قول منقول ہوا ہے کہ اس سے مراد آدمی کا کسی بڑے گناہ کے قریب تک پہنچ جانا اور اس کے ابتدائی مدارج تک طے کر گزرنا مگر آخری مرحلے پر پہنچ کر رُک جانا ہے۔ مثلاً کوئی شخص چوری کے لیے جائے، مگر چُرانے سے باز رہے۔ یا اجنبیہ سے اختلاط کرے، مگر زنا کا اقدام نہ کرے۔

حضرت عبداللہ بن زُبیرؓ، عِکرِمہؒ، قَتادہؒ اور ضَحّاکؒ کہتے ہیں کہ اس سے مراد وہ چھوٹے چھوٹے گناہ ہیں جن کے لیے دنیا میں بھی کوئی سزا مقرر نہیں کی گئی ہے اور آخرت میں بھی جن پر عذاب دینے کی کوئی وعید نہیں فرمائی گئی ہے۔

سعید بن المُسَیَّبؒ فرماتے ہیں کہ اس سے مراد ہے گناہ کا خیال دل میں آنا مگر عملاً اس کا ارتکاب نہ کرنا۔

یہ حضراتِ صحابہؓ و تابعینؒ کی مختلف تفسیریں ہیں جو رِوایات میں منقول ہوئی ہیں۔ بعد کے مفسّرین اور ائمہ و فقہا کی اکثریت اس بات کی قائل ہے کہ یہ آیت اور سورۂ نساء کی آیت ۳۱ صاف طور پر گناہوں کو دو بڑی اقسام پر تقسیم کرتی ہیں: ایک کبائر، دوسرے صغائر۔ اور یہ دونوں آیتیں انسان کو اُمید دلاتی ہیں کہ اگر وہ کبائر اور فواحش سے پرہیز کرے تو اللہ تعالیٰ صغائر سے درگزر فرمائے گا۔ اگرچہ بعض اکابر علما نے یہ خیال بھی ظاہر کیا ہے کہ کوئی مَعصِیت چھوٹی نہیں ہے، بلکہ خدا کی معصیت بجائے خود کبیرہ ہے۔ لیکن جیسا کہ امام غَزالیؒ نے فرمایا ہے، کبائر اور صغائر کا فرق ایک ایسی چیز ہے جس سے انکار نہیں کیا جاسکتا، کیونکہ جن ذرائع معلومات سے احکامِ شریعت کا علم حاصل ہوتا ہے،

اِنَّ رَبَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ ۭ هُوَ اَعْلَمُ بِكُمْ اِذْ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ
الْاَرْضِ وَاِذْ اَنْتُمْ اَجِنَّةٌ فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ فَلَا تُزَكُّوْٓا
اَنْفُسَكُمْ ۭ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقٰى ﴿۳۲﴾ ع اَفَرَءَيْتَ الَّذِيْ تَوَلّٰى ﴿۳۳﴾ ع
وَاَعْطٰى قَلِيْلًا وَّاَكْدٰى ﴿۳۴﴾ اَعِنْدَهٗ عِلْمُ الْغَيْبِ فَهُوَ يَرٰى ﴿۳۵﴾
اَمْ لَمْ يُنَبَّاْ بِمَا فِيْ صُحُفِ مُوْسٰى ﴿۳۶﴾ وَاِبْرٰهِيْمَ الَّذِيْ وَفّٰٓى ﴿۳۷﴾

---

بلاشبہ تیرے رب کا دامنِ مغفرت بہت وسیع ہے۔[33] وہ تمھیں اُس وقت سے خوب جانتا ہے جب اُس نے زمین سے تمھیں پیدا کیا اور جب تم اپنی ماؤں کے پیٹوں میں ابھی جنین ہی تھے۔ پس اپنے نفس کی پاکی کے دعوے نہ کرو، وہی بہتر جانتا ہے کہ واقعی متقی کون ہے۔ ع

پھر اَے نبیؐ! تم نے اُس شخص کو بھی دیکھا جو راہِ خدا سے پھر گیا اور تھوڑا سا دے کر رُک گیا۔[34] کیا اس کے پاس غیب کا علم ہے کہ وہ حقیقت کو دیکھ رہا ہے؟[35] کیا اُسے اُن باتوں کی کوئی خبر نہیں پہنچی جو موسیٰؑ کے صحیفوں اور اُس ابراہیمؑ کے صحیفوں میں بیان ہوئی ہیں جس نے وفا کا حق ادا کر دیا؟[36]

---

وہ سب اس کی نشان دہی کرتے ہیں۔

اب رہا یہ سوال کہ صغیرہ اور کبیرہ گناہوں میں فرق کیا ہے اور کس قسم کے گناہ صغیرہ اور کس قسم کے کبیرہ ہیں، تو اس معاملے میں جس بات پر ہمارا اطمینان ہے وہ یہ ہے کہ ”ہر وہ فعل گناہِ کبیرہ ہے جسے کتاب وسنت کی کسی نصِ صریح نے حرام قرار دیا ہو، یا اُس کے لیے اللہ اور اس کے رسولؐ نے دنیا میں کوئی سزا مقرر کی ہو، یا اُس پر آخرت میں عذاب کی وعید سنائی ہو، یا اس کے مرتکب پر لعنت کی ہو، یا اس کے مرتکبین پر نزولِ عذاب کی خبر دی ہو۔“ اس نوعیت کے گناہوں کے ماسوا جتنے افعال بھی شریعت کی نگاہ میں ناپسندیدہ ہیں، وہ سب صغائر کی تعریف میں آتے ہیں۔ اسی طرح کبیرہ کی محض خواہش یا اس کا ارادہ بھی کبیرہ نہیں بلکہ صغیرہ ہے۔ حتّٰی کہ کسی بڑے گناہ کے ابتدائی مراحل طے کر جانا بھی اُس وقت تک گناہِ کبیرہ نہیں ہے جب تک آدمی اس کا ارتکاب نہ کر گزرے۔ البتہ گناہِ صغیرہ بھی ایسی حالت میں کبیرہ ہو جاتا ہے جب کہ وہ دین کے اِستخفاف اور اللہ تعالیٰ کے مقابلے میں اِستکبار کے جذبے سے کیا جائے، اور اس کا مرتکب اُس شریعت

اَلَّا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ﴿۳۸﴾ وَ اَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى ﴿۳۹﴾

"یہ کہ کوئی بوجھ اُٹھانے والا دُوسرے کا بوجھ نہیں اُٹھائے گا،[۳۷]
اور یہ کہ انسان کے لیے کچھ نہیں ہے مگر وہ جس کی اُس نے سعی کی ہے،[۳۸]

کو کسی اعتنا کے لائق نہ سمجھے جس نے اسے ایک بُرائی قرار دیا ہے۔

۳۳- یعنی صغائر کے مرتکب کا معاف کر دیا جانا کچھ اس وجہ سے نہیں ہے کہ صغیرہ گناہ، گناہ نہیں ہے، بلکہ اس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کے ساتھ تنگ نظری اور خوردہ گیری کا معاملہ نہیں فرماتا۔ بندے اگر نیکی اختیار کریں، اور کبائر و فواحش سے اجتناب کرتے رہیں، تو وہ اُن کی چھوٹی چھوٹی باتوں پر گرفت نہ فرمائے گا اور اپنی رحمتِ بے پایاں کی وجہ سے ان کو ویسے ہی معاف کر دے گا۔

۳۴- اشارہ ہے وَلید بن مُغیرہ کی طرف جو قریش کے بڑے سرداروں میں سے ایک تھا۔ ابنِ جَریر طَبَریؒ کی روایت ہے کہ یہ شخص پہلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت قبول کرنے پر آمادہ ہو گیا تھا۔ مگر جب اس کے ایک مشرک دوست کو معلوم ہوا کہ وہ مسلمان ہونے کا ارادہ کر رہا ہے تو اس نے کہا کہ تم دینِ آبائی کو نہ چھوڑو، اگر تمھیں عذابِ آخرت کا خطرہ ہے تو مجھے اتنی رقم دے دو، میں ذمہ لیتا ہوں کہ تمھارے بدلے وہاں کا عذاب میں بھگت لوں گا۔ ولید نے یہ بات مان لی اور خدا کی راہ پر آتے آتے اُس سے پھر گیا، مگر جو رقم اس نے اپنے مشرک دوست کو دینی طے کی تھی، وہ بھی بس تھوڑی سی دی اور باقی روک لی۔ اس واقعے کی طرف اشارہ کرنے سے مقصود کفارِ مکہ کو یہ بتانا تھا کہ آخرت سے بے فکری اور دین کی حقیقت سے بے خبری نے اُن کو کیسی جہالتوں اور حماقتوں میں مبتلا کر رکھا ہے۔

۳۵- یعنی کیا اسے معلوم ہے کہ یہ رَوِش اس کے لیے نافع ہے؟ کیا وہ جانتا ہے کہ آخرت کے عذاب سے کوئی اس طرح بھی بچ سکتا ہے؟

۳۶- آگے اُن تعلیمات کا خلاصہ بیان کیا جا رہا ہے جو حضرت موسیٰؑ اور حضرت ابراہیمؑ کے صحیفوں میں نازل ہوئی تھیں۔ حضرت موسیٰؑ کے صحیفوں سے مراد توارت ہے۔ رہے حضرت ابراہیمؑ کے صحیفے، تو وہ آج دنیا میں کہیں موجود نہیں ہیں، اور یہود و نصاریٰ کی کُتُبِ مقدسہ میں بھی اُن کا کوئی ذکر نہیں پایا جاتا۔ صرف قرآن ہی وہ کتاب ہے جس میں دو مقامات پر صُحُفِ ابراہیمؑ کی تعلیمات کے بعض اجزا نقل کیے گئے ہیں، ایک یہ مقام، دوسرے سورۃ الاعلیٰ کی آخری آیات۔

۳۷- اِس آیت سے تین بڑے اُصول مُستنبط ہوتے ہیں: ایک یہ کہ ہر شخص خود اپنے فعل کا ذمہ دار ہے۔ دوسرے یہ کہ ایک شخص کے فعل کی ذمہ داری دوسرے پر نہیں ڈالی جا سکتی، اِلّا یہ کہ اُس فعل کے صُدور میں اس کا اپنا کوئی حصہ ہو۔ تیسرے یہ کہ کوئی شخص اگر چاہے بھی تو کسی دوسرے شخص کے فعل کی ذمہ داری اپنے اُوپر نہیں لے سکتا، نہ اصل مجرم کو اس بنا پر چھوڑا

جا سکتا ہے کہ اس کی جگہ سزا بھگتنے کے لیے کوئی اور آدمی اپنے آپ کو پیش کر رہا ہے۔

**۳۸-** اس ارشاد سے بھی تین اہم اُصول نکلتے ہیں: ایک یہ کہ ہر شخص جو کچھ بھی پائے گا، اپنے عمل کا پھل پائے گا۔ دوسرے یہ کہ ایک شخص کے عمل کا پھل دوسرا نہیں پا سکتا، اِلّا یہ کہ اُس عمل میں اُس کا اپنا کوئی حصّہ ہو۔ تیسرے یہ کہ کوئی شخص سعی و عمل کے بغیر کچھ نہیں پا سکتا۔

اِن تین اُصولوں کو بعض لوگ دنیا کے مَعاشی معاملات پر غلط طریقے سے منطبق کر کے اِن سے یہ نتیجہ نکالتے ہیں کہ کوئی شخص اپنی محنت کی کمائی (earned income) کے سوا کسی چیز کا جائز مالک نہیں ہوسکتا۔ لیکن یہ بات قرآنِ مجید ہی کے دیے ہوئے متعدّد قوانین اور احکام سے ٹکراتی ہے۔ مثلاً قانونِ وراثت، جس کی رُو سے ایک شخص کے ترکے میں سے بہت سے افراد حصہ پاتے ہیں اور اس کے جائز وارث قرار پاتے ہیں، دراں حالے کہ یہ میراث ان کی اپنی محنت کی کمائی نہیں ہوتی، بلکہ ایک شِیر خوار بچّے کے متعلق تو کسی کھینچ تان سے بھی یہ ثابت نہیں کیا جا سکتا کہ باپ کے چھوڑے ہوئے مال میں اس کی محنت کا بھی کوئی حصّہ تھا۔ اسی طرح احکام زکوٰۃ و صدقات، جن کی رُو سے ایک آدمی کا مال دوسروں کو محض ان کے شرعی و اَخلاقی استحقاق کی بنا پر ملتا ہے اور وہ اس کے جائز مالک ہوتے ہیں، حالانکہ اس مال کے پیدا کرنے میں ان کی محنت کا کوئی حصّہ نہیں ہوتا۔ اس لیے قرآن کی کسی ایک آیت کو لے کر اس سے ایسے نتائج نکالنا جو خود قرآن ہی کی دوسری تعلیمات سے متصادم ہوتے ہوں، قرآن کے منشا کے بالکل خلاف ہے۔

بعض دوسرے لوگ ان اُصولوں کو آخرت سے متعلق مان کر یہ سوالات اُٹھاتے ہیں کہ آیا ان اُصولوں کی رُو سے ایک شخص کا عمل دوسرے شخص کے لیے کسی صورت میں بھی نافع ہوسکتا ہے؟ اور کیا ایک شخص اگر دوسرے شخص کے لیے یا اُس کے بدلے کوئی عمل کرے تو وہ اس کی طرف سے قبول کیا جا سکتا ہے؟ اور کیا یہ بھی ممکن ہے کہ ایک شخص اپنے عمل کے اجر کو دوسرے کی طرف منتقل کر سکے؟ اِن سوالات کا جواب اگر نفی میں ہو تو ایصالِ ثواب اور حجِ بدل وغیرہ سب ناجائز ہو جاتے ہیں، بلکہ دوسرے کے حق میں دعائے اِستغفار بھی بے معنیٰ ہو جاتی ہے، کیونکہ یہ دعا بھی اُس شخص کا اپنا عمل نہیں ہے جس کے حق میں دعا کی جائے۔ مگر یہ انتہائی نقطۂ نظر مُعتزِلہ کے سوا اہلِ اسلام میں سے کسی نے اختیار نہیں کیا ہے۔ صرف وہ اِس آیت کا یہ مطلب لیتے ہیں کہ ایک شخص کی سعی دوسرے کے لیے کسی حال میں بھی نافع نہیں ہوسکتی۔ بخلاف اس کے، اہلِ سنّت ایک شخص کے لیے دوسرے کی دعا کے نافع ہونے کو تو بالاتفاق مانتے ہیں، کیونکہ وہ قرآن سے ثابت ہے، البتہ ایصالِ ثواب اور نیابتاً دوسرے کی طرف سے کسی نیک کام کے نافع ہونے میں ان کے درمیان اُصولاً نہیں بلکہ صرف تفصیلات میں اختلاف ہے۔

(۱) ایصالِ ثواب یہ ہے کہ ایک شخص کوئی نیک عمل کر کے اللہ سے دعا کرے کہ اس کا اجر و ثواب کسی دوسرے شخص کو عطا فرما دیا جائے۔ اس مسئلے میں امام مالکؒ اور امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ خالص بدنی عبادات، مثلاً نماز، روزہ اور تلاوتِ قرآن وغیرہ کا ثواب دوسرے کو نہیں پہنچ سکتا، البتہ مالی عبادات، مثلاً صدقہ، یا مالی و بدنی مرکّب عبادات، مثلاً حج کا ثواب دوسرے کو پہنچ سکتا ہے، کیونکہ اصل یہ ہے کہ ایک شخص کا عمل دوسرے کے لیے نافع نہ ہو، مگر چونکہ احادیثِ صحیحہ کی رُو سے صدقہ کا ثواب پہنچایا جا سکتا ہے اور حجِ بدل بھی کیا جا سکتا ہے، اس لیے ہم اِسی نوعیت کی عبادات تک ایصالِ ثواب

کی صحت تسلیم کرتے ہیں۔ بخلاف اس کے حَنفِیَہ کا مسلک یہ ہے کہ انسان اپنے ہر نیک عمل کا ثواب دوسرے کو ہبہ کرسکتا ہے، خواہ وہ نماز ہو یا روزہ یا تلاوتِ قرآن یا ذکر یا صدقہ یا حج و عُمرہ۔ اس کی دلیل یہ ہے کہ آدمی جس طرح مزدوری کر کے مالک سے یہ کہہ سکتا ہے کہ اس کی اجرت میرے بجائے فلاں شخص کو دے دی جائے، اسی طرح وہ کوئی نیک عمل کر کے اللہ تعالیٰ سے یہ دعا بھی کرسکتا ہے کہ اس کا اجر میری طرف سے فلاں شخص کو عطا کر دیا جائے۔ اس میں بعض اقسام کی نیکیوں کو مُستثنیٰ کرنے اور بعض دوسری اقسام کی نیکیوں تک اسے محدود رکھنے کی کوئی معقول وجہ نہیں ہے۔ یہی بات بکثرت احادیث سے بھی ثابت ہے:

بخاری، مسلم، مُسنَدِ احمد، ابنِ ماجہ، طَبَرانی (فی الاوسط)، مُستَدرَک اور ابنِ ابی شَیبہ میں حضرت عائشہؓ، حضرت ابوہُریرہؓ، حضرت جابِر بن عبداللہؓ، حضرت ابورافعؓ، حضرت ابوطلحہ انصاریؓ اور حُذَیفہؓ بن اَسِید الغِفاری کی مُتفقہ روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو مینڈھے لے کر ایک اپنی اور اپنے گھر والوں کی طرف سے قربان کیا اور دوسرا اپنی اُمّت کی طرف سے۔

مسلم، بخاری، مُسنَدِ احمد، ابوداؤد اور نَسائی میں حضرت عائشہؓ کی روایت ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ میری ماں کا اچانک انتقال ہوگیا ہے۔ میرا خیال ہے کہ اگر انھیں بات کرنے کا موقع ملتا تو وہ ضرور صدقہ کرنے کے لیے کہتیں۔ اب اگر میں ان کی طرف سے صدقہ کروں تو کیا ان کے لیے اجر ہے؟ فرمایا: ہاں۔

مُسنَدِ احمد میں حضرت عبداللہ بن عَمروؓ بن العاص کی روایت ہے کہ ان کے دادا عاص بن وائل نے زمانۂ جاہلیت میں سو اُونٹ ذبح کرنے کی نذر مانی تھی۔ ان کے چچا ہِشام بن العاص نے اپنے حصّے کے پچاس اُونٹ ذبح کر دیے۔ حضرت عَمروؓ بن العاص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ میں کیا کروں؟ حضورؐ نے فرمایا: ''اگر تمھارے باپ نے توحید کا اقرار کر لیا تھا تو تم ان کی طرف سے روزہ رکھو یا صدقہ کرو، وہ ان کے لیے نافع ہوگا۔''

مُسنَدِ احمد، ابوداؤد، نَسائی اور ابنِ ماجہ میں حضرت حسن بصریؒ کی روایت ہے کہ حضرت سعدؓ بن عُبادَہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ میری والدہ کا انتقال ہوگیا ہے، کیا میں ان کی طرف سے صدقہ کروں؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں۔ اسی مضمون کی متعدِد دوسری روایات بھی حضرت عائشہؓ، حضرت ابوہریرہؓ اور حضرت ابنِ عباسؓ سے بخاری، مسلم، مُسنَدِ احمد، نَسائی، تِرمِذی، ابوداؤد اور ابنِ ماجہ وغیرہ میں موجود ہیں، جن میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میّت کی طرف سے صدقہ کرنے کی اجازت دی ہے اور اسے میّت کے لیے نافع بتایا ہے۔

دارِقُطنی میں ہے کہ ایک شخص نے حضورؐ سے عرض کیا: ''میں اپنے والدین کی خدمت ان کی زندگی میں تو کرتا ہوں، ان کے مرنے کے بعد کیسے کروں؟'' فرمایا: ''یہ بھی ان کی خدمت ہی ہے کہ ان کے مرنے کے بعد تو اپنی نماز کے ساتھ ان کے لیے بھی نماز پڑھے، اور اپنے روزوں کے ساتھ ان کے لیے بھی روزے رکھے۔'' ایک دوسری روایت دارقُطنی میں حضرت علیؓ سے مروی ہے جس میں وہ بیان کرتے ہیں کہ حضورؐ نے فرمایا: ''جس شخص کا قبرستان پر گزر ہو اور وہ گیارہ مرتبہ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ پڑھ کر اس کا اجر مرنے والوں کو بخش دے تو جتنے مُردے ہیں اتنا ہی اجر عطا کر دیا جائے گا۔''

یہ کثیر روایات جو ایک دوسری کی تائید کر رہی ہیں، اس امر کی تصریح کرتی ہیں کہ ایصالِ ثواب نہ صرف ممکن ہے، بلکہ ہر طرح کی عبادات اور نیکیوں کے ثواب کا ایصال ہو سکتا ہے اور اس میں کسی خاص نوعیت کے اعمال کی تخصیص نہیں ہے۔ مگر اس سلسلے میں چار باتیں اچھی طرح سمجھ لینی چاہییں:

ایک یہ کہ ایصال اُسی عمل کے ثواب کا ہو سکتا ہے جو خالصتاً اللہ کے لیے اور قواعدِ شریعت کے مطابق کیا گیا ہو، ورنہ ظاہر ہے کہ غیر اللہ کے لیے یا شریعت کے خلاف جو عمل کیا جائے اس پر خود عمل کرنے والے ہی کو کسی قسم کا ثواب نہیں مل سکتا، کجا کہ وہ کسی دوسرے کی طرف منتقل ہو سکے۔

دوسری بات یہ ہے کہ جو لوگ اللہ تعالیٰ کے ہاں صالحین کی حیثیت سے مہمان ہیں، اُن کو تو ثواب کا ہدیہ یقیناً پہنچے گا، مگر جو وہاں مُجرم کی حیثیت سے حوالات میں بند ہیں، انھیں کوئی ثواب پہنچنا متوقع نہیں ہے۔ اللہ کے مہمانوں کو ہدیہ تو پہنچ سکتا ہے، مگر امید نہیں کہ اللہ کے مجرم کو تحفہ پہنچ سکے۔ اُس کے لیے اگر کوئی شخص کسی غلط فہمی کی بنا پر ایصالِ ثواب کرے گا تو اس کا ثواب ضائع نہ ہو گا بلکہ مجرم کو پہنچنے کے بجائے اصل عامل ہی کی طرف پلٹ آئے گا۔ جیسے منی آرڈر اگر مُرسَل اِلَیہ کو نہ پہنچے تو مُرسِل کو واپس مل جاتا ہے۔

تیسری بات یہ ہے کہ ایصالِ ثواب تو ممکن ہے مگر ایصالِ عذاب ممکن نہیں ہے۔ یعنی یہ تو ہو سکتا ہے کہ آدمی نیکی کر کے کسی دوسرے کے لیے اجر بخش دے اور وہ اس کو پہنچ جائے، مگر یہ نہیں ہو سکتا کہ آدمی گناہ کر کے اس کا عذاب کسی کو بخشے اور وہ اسے پہنچ جائے۔

اور چوتھی بات یہ ہے کہ نیک عمل کے دو فائدے ہیں: ایک، اس کے وہ نتائج جو عمل کرنے والے کی اپنی روح اور اس کے اخلاق پر مترتّب ہوتے ہیں اور جن کی بنا پر وہ اللہ کے ہاں بھی جزا کا مستحق ہوتا ہے۔ دوسرے، اس کا وہ اجر جو اللہ تعالیٰ بطورِ انعام اسے دیتا ہے۔ ایصالِ ثواب کا تعلق پہلی چیز سے نہیں ہے بلکہ صرف دوسری چیز سے ہے۔ اس کی مثال ایسی ہے جیسے ایک شخص ورزش کر کے کُشتی کے فن میں مہارت حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ اِس سے جو طاقت اور مہارت اس میں پیدا ہوتی ہے، وہ بہرحال اس کی ذات ہی کے لیے مخصوص ہے۔ دوسرے کی طرف وہ منتقل نہیں ہو سکتی۔ اِسی طرح اگر وہ کسی دربار کا ملازم ہے اور پہلوان کی حیثیت سے اس کے لیے ایک تنخواہ مقرر ہے تو وہ بھی اسی کو ملے گی، کسی اور کو نہ دے دی جائے گی۔ البتہ جو انعامات اس کی کارگزاری پر خوش ہو کر اس کا سرپرست اسے دے، اس کے حق میں وہ درخواست کر سکتا ہے کہ وہ اس کے استاد، یا ماں باپ، یا دوسرے محسنوں کو اُس کی طرف سے دے دیے جائیں۔ ایسا ہی معاملہ اعمالِ حسنہ کا ہے کہ ان کے روحانی فوائد قابلِ انتقال نہیں ہیں، اور ان کی جزا بھی کسی کو منتقل نہیں ہو سکتی، مگر ان کے اجر و ثواب کے متعلق وہ اللہ تعالیٰ سے دعا کر سکتا ہے کہ وہ اس کے کسی عزیز قریب یا اس کے کسی مُحسن کو عطا کر دیا جائے۔ اِسی لیے اِس کو ایصالِ جزا نہیں بلکہ ایصالِ ثواب کہا جاتا ہے۔

(۲) ایک شخص کی سعی کے کسی اور شخص کے لیے نافع ہونے کی دوسری شکل یہ ہے کہ آدمی یا تو دوسرے کی خواہش اور ایما کی بنا پر اس کے لیے کوئی نیک عمل کرے، یا اس کی خواہش اور ایما کے بغیر اُس کی طرف سے کوئی ایسا عمل کرے جو

دراصل واجب تو اُس کے ذمّے تھا مگر وہ خود اسے ادا نہ کر سکا۔ اِس کے بارے میں فقہائے حَنَفِیَہ کہتے ہیں کہ عبادات کی تین قسمیں ہیں: ایک خالص بدنی، جیسے نماز۔ دوسری خالص مالی، جیسے زکوٰۃ۔ اور تیسری مالی و بدنی مرکّب، جیسے حج۔ ان میں سے پہلی قسم میں نیابت نہیں چل سکتی، مثلاً ایک شخص کی طرف سے دوسرا شخص نیابتاً نماز نہیں پڑھ سکتا۔ دوسری قسم میں نیابت ہوسکتی ہے، مثلاً بیوی کے زیورات کی زکوٰۃ شوہر دے سکتا ہے۔ تیسری قسم میں نیابت صرف اُس حالت میں ہوسکتی ہے جب کہ اصل شخص، جس کی طرف سے کوئی فعل کیا جا رہا ہے، اپنا فریضہ خود ادا کرنے سے عارضی طور پر نہیں بلکہ مستقل طور پر عاجز ہو، مثلاً حجِّ بدل ایسے شخص کی طرف سے ہوسکتا ہے جو خود حج کے لیے جانے پر قادر نہ ہو اور نہ یہ اُمید ہو کہ وہ کبھی اس کے قابل ہو سکے گا۔ مالکیہ اور شافعیہ بھی اس کے قائل ہیں۔ البتہ امام مالکؒ حجِ بدل کے لیے یہ شرط لگاتے ہیں کہ اگر باپ نے وصیت کی ہو کہ اُس کا بیٹا اُس کے بعد اُس کی طرف سے حج کرے تو وہ حجِ بدل کر سکتا ہے، ورنہ نہیں۔ مگر احادیث اس معاملے میں بالکل صاف ہیں کہ باپ کا ایما یا وصیت ہو یا نہ ہو، بیٹا اس کی طرف سے حجِ بدل کر سکتا ہے۔

ابنِ عباسؓ کی روایت ہے کہ قبیلۂ خَثْعَم کی ایک عورت نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ میرے باپ کو فریضۂ حج کا حکم ایسی حالت میں پہنچا ہے کہ وہ بہت بوڑھا ہو چکا ہے، اُونٹ کی پیٹھ پر بیٹھ نہیں سکتا۔ آپؐ نے فرمایا: فَحُجِّيْ عَنْهُ ''تو اس کی طرف سے تُو حج کرلے۔'' (بخاری، مسلم، احمد، ترمذی، نَسائی) قریب قریب اسی مضمون کی روایت حضرت علیؓ نے بھی بیان کی ہے۔ (احمد، ترمذی)

حضرت عبداللہ بن زُبیرؓ قبیلۂ خَثْعَم ہی کے ایک مرد کا ذکر کرتے ہیں کہ اس نے بھی اپنے بوڑھے باپ کے متعلق یہی سوال کیا تھا۔ حضورؐ نے پوچھا: ''کیا تو اس کا سب سے بڑا لڑکا ہے؟'' اس نے عرض کیا: ''جی ہاں''۔ فرمایا: اَرَأَيْتَ لَوْ كَانَ عَلٰى اَبِيْكَ دَيْنٌ فَقَضَيْتَهٗ عَنْهُ اَكَانَ يَجْزِئُ ذٰلِكَ عَنْهُ؟ ''تیرا کیا خیال ہے، اگر تیرے باپ پر قرض ہو اور تو اُس کو ادا کر دے تو وہ اس کی طرف سے ادا ہو جائے گا؟'' اس نے عرض کیا: ''جی ہاں''۔ فرمایا: فَاحْجُجْ عَنْهُ۔ ''بس اسی طرح تُو اس کی طرف سے حج بھی کرلے۔'' (احمد، نَسائی)

ابنِ عباسؓ کہتے ہیں کہ قبیلۂ جُہَینَہ کی ایک عورت نے آ کر عرض کیا کہ میری ماں نے حج کرنے کی نذر مانی تھی مگر وہ اس سے پہلے ہی مرگئی، اب کیا میں اس کی طرف سے حج کرسکتی ہوں؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: ''تیری ماں پر اگر قرض ہوتا تو کیا تُو اس کو ادا نہ کرسکتی تھی؟ اسی طرح تم لوگ اللہ کا حق بھی ادا کرو، اور اللہ اس کا زیادہ مستحق ہے کہ اس کے ساتھ کیے ہوئے عہد پُورے کیے جائیں۔'' (بخاری، نَسائی) بخاری اور مُسْنَدِ احمد میں ایک دوسری روایت یہ ہے کہ ایک مرد نے آ کر اپنی بہن کے بارے میں وہی سوال کیا جو اُوپر مذکور ہوا ہے اور حضورؐ نے اس کو بھی یہی جواب دیا۔

ان روایات سے مالی و بدنی مرکّب عبادات میں نیابت کا واضح ثبوت ملتا ہے۔ رہیں خالص بدنی عبادات، تو بعض احادیث ایسی ہیں جن سے اِس نوعیت کی عبادات میں بھی نیابت کا جواز ثابت ہوتا ہے۔ مثلاً ابنِ عباسؓ کی یہ روایت کہ قبیلۂ جُہَینَہ کی ایک عورت نے حضورؐ سے پوچھا: ''میری ماں نے روزے کی نذر مانی تھی اور وہ پوری کیے بغیر مرگئی، کیا میں

وَ اَنَّ سَعْيَهٗ سَوْفَ يُرٰى ﴿۴۰﴾ ثُمَّ يُجْزٰىهُ الْجَزَآءَ الْاَوْفٰى ﴿۴۱﴾

اور یہ کہ اس کی سعی عنقریب دیکھی جائے گی[۳۹] اور اس کی پُوری جزا اسے دی جائے گی،

اس کی طرف سے روزہ رکھ سکتی ہوں؟" حضورؐ نے فرمایا: "اس کی طرف سے روزہ رکھ لے۔" (بخاری، مسلم، احمد، نسائی، ابوداؤد) اور حضرت بُرَیدَہؓ کی یہ روایت کہ ایک عورت نے اپنی ماں کے متعلق پوچھا کہ اُس کے ذمے ایک مہینے (یا دوسری روایت کے مطابق دو مہینے) کے روزے تھے، کیا میں یہ روزے ادا کر دوں؟ آپؐ نے اس کو بھی اس کی اجازت دے دی۔ (مسلم، احمد، ترمذی، ابوداؤد) اور حضرت عائشہؓ کی روایت کہ حضورؐ نے فرمایا: مَنْ مَّاتَ وَعَلَيْهِ صِيَامٌ صَامَ عَنْهُ وَلِيُّهٗ، "جو شخص مر جائے اور اس کے ذمے کچھ روزے ہوں تو اس کی طرف سے اس کا ولی وہ روزے رکھ لے۔" (بخاری، مسلم، احمد۔ بزّار کی روایت میں حضورؐ کے الفاظ یہ ہیں: فَلْيَصُمْ عَنْهُ وَلِيُّهٗ اِنْ شَآءَ، یعنی اس کا ولی اگر چاہے تو اس کی طرف سے یہ روزے رکھ لے)۔ اِنھی احادیث کی بنا پر اصحاب الحدیث اور امام اَوزاعیؒ اور ظاہریّہ اس کے قائل ہیں کہ بدنی عبادات میں بھی نیابت جائز ہے۔ مگر امام ابوحنیفہؒ، امام مالکؒ، اور امام شافعیؒ اور امام زید بن علیؒ کا فتویٰ یہ ہے کہ میّت کی طرف سے روزہ نہیں رکھا جا سکتا، اور امام احمد، امام لَیث اور اسحاق بن رَاہَوَیہ کہتے ہیں کہ صرف اُس صورت میں ایسا کیا جا سکتا ہے جب کہ مرنے والے نے اس کی نذر مانی ہو اور وہ اسے پورا نہ کر سکا ہو۔ مانعین کا اِستدلال یہ ہے کہ جن احادیث سے اِس کے جواز کا ثبوت ملتا ہے، اُن کے راویوں نے خود اس کے خلاف فتویٰ دیا ہے۔ ابنِ عباسؓ کا فتویٰ نَسائی نے اِن الفاظ میں نقل کیا ہے کہ لَا يُصَلِّ اَحَدٌ عَنْ اَحَدٍ وَلَا يَصُمْ اَحَدٌ عَنْ اَحَدٍ، "کوئی شخص کسی کی طرف سے نہ نماز پڑھے اور نہ روزہ رکھے۔" اور حضرت عائشہؓ کا فتویٰ عبدالرزاق کی رِوائت کے مطابق یہ ہے کہ لَا تَصُوْمُوْا عَنْ مَوْتٰكُمْ وَاَطْعِمُوْا عَنْهُمْ، "اپنے مُردوں کی طرف سے روزہ نہ رکھو بلکہ کھانا کھلاؤ۔" حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے بھی عبدالرزاق نے یہی بات نقل کی ہے کہ میّت کی طرف سے روزہ نہ رکھا جائے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ابتداءً بدنی عبادات میں نیابت کی اجازت تھی، مگر آخری حکم یہی قرار پایا کہ ایسا کرنا جائز نہیں ہے۔ ورنہ کس طرح ممکن تھا کہ جنھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ احادیث نقل کی ہیں، وہ خود اُن کے خلاف فتویٰ دیتے۔

اس سلسلے میں یہ بات اچھی طرح سمجھ لینی چاہیے کہ نیابتاً کسی فریضے کی ادائگی صرف اُنھی لوگوں کے حق میں مفید ہو سکتی ہے جو خود ادائے فرض کے خواہش مند ہوں اور معذوری کی وجہ سے قاصر رہ گئے ہوں۔ لیکن اگر کوئی شخص استطاعت کے باوجود قصداً حج سے مجتنب رہا اور اُس کے دل میں اِس فرض کا احساس تک نہ تھا، اُس کے لیے خواہ کتنے ہی حجِ بدل کیے جائیں، وہ اس کے حق میں مفید نہیں ہو سکتے۔ یہ ایسا ہی ہے جیسے ایک شخص نے کسی کا قرض جان بُوجھ کر مار کھایا اور مرتے دم تک اس کا کوئی ارادہ قرض ادا کرنے کا نہ تھا۔ اس کی طرف سے خواہ بعد میں پائی پائی ادا کر دی جائے، اللہ تعالیٰ کی نگاہ میں وہ قرض مارنے والا ہی شمار ہوگا۔ دوسرے کے ادا کرنے سے سُبکدوش صرف وہی شخص ہو سکتا ہے جو اپنی زندگی میں ادائے قرض کا خواہش مند ہو اور کسی مجبوری کی وجہ سے ادا نہ کر سکا ہو۔

وَ اَنَّ اِلٰى رَبِّكَ الْمُنْتَهٰى ۝٤٢ وَ اَنَّهٗ هُوَ اَضْحَكَ وَ اَبْكٰى ۝٤٣
وَ اَنَّهٗ هُوَ اَمَاتَ وَ اَحْيَا ۝٤٤ وَ اَنَّهٗ خَلَقَ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ
وَ الْاُنْثٰى ۝٤٥ مِنْ نُّطْفَةٍ اِذَا تُمْنٰى ۝٤٦ وَ اَنَّ عَلَيْهِ النَّشْاَةَ
الْاُخْرٰى ۝٤٧ وَ اَنَّهٗ هُوَ اَغْنٰى وَ اَقْنٰى ۝٤٨ وَ اَنَّهٗ هُوَ رَبُّ الشِّعْرٰى ۝٤٩

اور یہ کہ آخر کار پہنچنا تیرے رب ہی کے پاس ہے،[39]

اور یہ کہ اُسی نے ہنسایا اور اُسی نے رُلایا،[40]

اور یہ کہ اُسی نے موت دی اور اُسی نے زندگی بخشی،

اور یہ کہ اُسی نے نر اور مادہ کا جوڑا پیدا کیا ایک بوند سے جب وہ ٹپکائی جاتی ہے،[41]

اور یہ کہ دُوسری زندگی بخشنا بھی اُسی کے ذمّے ہے،[42]

اور یہ کہ اُسی نے غنی کیا اور جائداد بخشی،[43]

اور یہ کہ وہی شِعریٰ کا رب ہے،[44]

۳۹ – یعنی آخرت میں لوگوں کے اعمال کی جانچ پڑتال ہوگی اور یہ دیکھا جائے گا کہ کون کیا کر کے آیا ہے۔ یہ فقرہ چونکہ پہلے فقرے کے معاً بعد ارشاد ہوا ہے اس لیے اس سے خود بخود یہ بات ظاہر ہو جاتی ہے کہ پہلے فقرے کا تعلق آخرت کی جزا و سزا ہی سے ہے اور اُن لوگوں کی بات صحیح نہیں ہے جو اسے اِس دنیا کے لیے ایک معاشی اُصول بنا کر پیش کرتے ہیں۔ قرآنِ مجید کی کسی آیت کا ایسا مطلب لینا صحیح نہیں ہو سکتا جو سیاق و سباق کے بھی خلاف ہو اور قرآن کی دوسری تصریحات سے بھی متصادم ہو۔

۴۰ – یعنی خوشی اور غم، دونوں کے اسباب اُسی کی طرف سے ہیں۔ اچھی اور بُری قسمت کا سرِ رشتہ اُسی کے ہاتھ میں ہے۔ کسی کو اگر راحت و مسرّت نصیب ہوئی ہے تو اُسی کے دینے سے ہوئی ہے۔ اور کسی کو مصائب و آلام سے سابقہ پیش آیا ہے تو اُسی کی مشیّت سے پیش آیا ہے۔ کوئی دوسری ہستی اِس کائنات میں ایسی نہیں ہے جو قسمتوں کے بنانے اور بگاڑنے میں کسی قسم کا دخل رکھتی ہو۔

۴۱ – تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد سوم، الروم، حواشی ۲۷ تا ۳۰۔ جلد چہارم، الشُّوریٰ، حاشیہ ۷۷۔

۴۲ – اُوپر کی دونوں آیتوں کے ساتھ ملا کر اس آیت کو دیکھا جائے تو محسوس ہوتا ہے کہ ترتیبِ کلام سے خود بخود

وَ اَنَّهٗۤ اَهْلَكَ عَادَا ا۟لْاُوْلٰى ﴿۵۰﴾ وَ ثَمُوْدَاۡ فَمَاۤ اَبْقٰى ﴿۵۱﴾ وَ قَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا هُمْ اَظْلَمَ وَ اَطْغٰى ﴿۵۲﴾ وَ الْمُؤْتَفِكَةَ

اور یہ کہ اُسی نے عادِ اُولیٰ کو ہلاک کیا، اور ثمود کو ایسا مٹایا کہ ان میں سے کسی کو باقی نہ چھوڑا، اور اُن سے پہلے قومِ نوحؑ کو تباہ کیا کیونکہ وہ تھے ہی سخت ظالم و سرکش لوگ، اور اَوندھی گرنے والی بستیوں کو

حیات بعد الموت کی دلیل بھی برآمد ہو رہی ہے۔ جو خدا موت دینے اور زندگی بخشنے پر قدرت رکھتا ہے، اور جو خدا نُطفے کی حقیر سی بُوند سے انسان جیسی مخلوق پیدا کرتا ہے، بلکہ ایک ہی مادۂ تخلیق و طریقِ پیدایش سے عورت اور مرد کی دو الگ صِنفیں پیدا کر دکھاتا ہے، اس کے لیے انسان کو دوبارہ پیدا کرنا کچھ دشوار نہیں ہے۔

۴۳- اصل میں لفظ اَقْنٰی استعمال ہُوا ہے، جس کے مختلف معنیٰ اہلِ لُغت اور مفسّرین نے بیان کیے ہیں۔ قَتَادَہؒ کہتے ہیں کہ ابنِ عباسؓ نے اس کے معنیٰ اَرْضٰی (راضی کر دیا) بتائے ہیں۔ عِکْرِمہؒ نے ابنِ عباسؓ سے اس کے معنیٰ قَنَّعَ (مطمئن کر دیا) نقل کیے ہیں۔ امام رازیؒ کہتے ہیں کہ آدمی کی حاجت سے زیادہ جو کچھ بھی اس کو دیا جائے وہ اِقناء ہے۔ ابوعُبَیدہ اور دوسرے متعدّد اہلِ لغت کا قول ہے کہ اَقْنٰی قُنْیَۃٌ سے مُشتَق ہے، جس کے معنیٰ ہیں: باقی اور محفوظ رہنے والا مال، جیسے مکان، اراضی، باغات، مواشی وغیرہ۔ اِن سب سے الگ مفہوم ابنِ زیدؒ بیان کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ اَقْنٰی یہاں اَفْقَرَ (فقیر کر دیا) کے معنیٰ میں ہے، اور آیت کا مطلب یہ ہے کہ اُس نے جس کو چاہا غنی کیا اور جسے چاہا فقیر کر دیا۔

۴۴- شِعْرٰی آسمان کا روشن ترین تارا ہے جسے مِرزم الجوزا، الکَلْبُ الاکبر، الکلب الجبّار، الشّعری العَبُور وغیرہ ناموں سے بھی یاد کیا جاتا ہے۔ انگریزی میں اس کو Sirius اور Dog Star اور Canis Majoris کہتے ہیں۔ یہ سورج سے ۲۳ گنا زیادہ روشن ہے، مگر زمین سے اس کا فاصلہ آٹھ سالِ نوری سے بھی زیادہ ہے، اس لیے یہ سورج سے چھوٹا اور کم روشن نظر آتا ہے۔ اہلِ مصر اس کی پرستش کرتے تھے، کیونکہ اس کے طُلوع کے زمانے میں نیل کا فیضان شروع ہوتا تھا، اس لیے وہ سمجھتے تھے کہ یہ اُسی کے طلوع کا فیضان ہے۔ جاہلیت میں اہلِ عرب کا بھی یہ عقیدہ تھا کہ یہ ستارہ لوگوں کی قسمتوں پر اثر انداز ہوتا ہے۔ اسی بنا پر یہ عرب کے معبودوں میں شامل تھا، اور خاص طور پر قریش کا ہمسایہ قبیلہ خُزَاعہ اس کی پرستش کے لیے مشہور تھا۔ اللہ تعالیٰ کے ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ تمھاری قسمتیں شِعریٰ نہیں بناتا، بلکہ اُس کا رب بناتا ہے۔

۴۵- عادِ اُولیٰ سے مراد ہے قدیم قومِ عاد جس کی طرف حضرت ہود علیہ السلام بھیجے گئے تھے۔ یہ قوم جب حضرت ہودؑ کو جھٹلانے کی پاداش میں مبتلائے عذاب ہوئی تو صرف وہ لوگ باقی بچے جو اُن پر ایمان لائے تھے۔ ان کی نسل کو تاریخ میں عادِ اُخریٰ یا عادِ ثانیہ کہتے ہیں۔

اَهْوٰى ۝۵۳ فَغَشّٰىهَا مَا غَشّٰى ۝۵۴ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكَ تَتَمَارٰى ۝۵۵
هٰذَا نَذِيْرٌ مِّنَ النُّذُرِ الْاُوْلٰى ۝۵۶ اَزِفَتِ الْاٰزِفَةُ ۝۵۷ لَيْسَ لَهَا

اُٹھا پھینکا، پھر چھا دیا اُن پر وہ کچھ جو (تم جانتے ہی ہو کہ) کیا چھا دیا۔[۴۶]
پس[۴۷] اے مخاطب! اپنے رب کی کن کن نعمتوں میں تُو شک کرے[۴۸] گا؟"
یہ ایک تنبیہ ہے پہلے آئی ہوئی تنبیہات میں سے[۴۹]۔ آنے والی گھڑی قریب آ لگی ہے[۵۰]، اللہ کے

۴۶- اَوندھی گرنے والی بستیوں سے مراد قومِ لُوط کی بستیاں ہیں۔ اور "چھا دیا اُن پر جو کچھ چھا دیا" سے مراد غالباً بحرِ مُردار کا پانی ہے جو ان کی بستیوں کے زمین میں دھنس جانے کے بعد اُن پر پھیل گیا تھا اور آج تک وہ اس علاقے پر چھایا ہوا ہے۔

۴۷- بعض مفسّرین کے نزدیک یہ فقرہ بھی صُحُفِ ابراہیمؑ اور صُحُفِ موسیٰؑ کی عبارت کا ایک حصہ ہے۔ اور بعض مفسّرین کہتے ہیں کہ فَغَشّٰىهَا مَا غَشّٰى پر وہ عبارت ختم ہو گئی، یہاں سے دوسرا مضمون شروع ہوتا ہے۔ سیاقِ کلام کو دیکھتے ہوئے پہلا قول ہی زیادہ صحیح معلوم ہوتا ہے۔ کیونکہ بعد کی یہ عبارت کہ "یہ ایک تنبیہ ہے پہلے آئی ہوئی تنبیہات میں سے"، اس امر کی طرف اشارہ کر رہی ہے کہ اس سے پہلے کی تمام عبارت پچھلی تنبیہات میں سے ہے جو حضرت ابراہیمؑ اور حضرت موسیٰؑ کے صحیفوں میں ارشاد ہوئی تھیں۔

۴۸- اصل میں لفظ تَتَمَارٰى استعمال ہوا ہے، جس کے معنیٰ شک کرنے کے بھی ہیں اور جھگڑنے کے بھی۔ خطاب ہر سامع سے ہے۔ جو شخص بھی اِس کلام کو سن رہا ہو، اُس کو مُخاطَب کر کے فرمایا جا رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو جھٹلانے اور ان کے بارے میں پیغمبروں سے جھگڑا کرنے کا جو انجام انسانی تاریخ میں ہو چکا ہے، کیا اُس کے بعد بھی تُو اِسی حماقت کا ارتکاب کرے گا؟ پچھلی قوموں نے یہی تو شک کیا تھا کہ جن نعمتوں سے ہم اِس دنیا میں مستفید ہو رہے ہیں، یہ خدائے واحد کی نعمتیں ہیں، یا کوئی اور بھی اِن کے مہیّا کرنے میں شریک ہے، یا یہ کسی کی فراہم کی ہوئی نہیں ہیں بلکہ آپ سے آپ فراہم ہو گئی ہیں۔ اِسی شک کی بنا پر انھوں نے انبیا علیہم السلام سے جھگڑا کیا تھا۔ انبیاؑ اُن سے کہتے تھے کہ یہ ساری نعمتیں تمھیں خدا نے، اور اکیلے ایک ہی خدا نے عطا کی ہیں، اس لیے اُسی کا تمھیں شکر گزار ہونا چاہیے اور اُسی کی تم کو بندگی بجا لانی چاہیے۔ مگر وہ لوگ اِس کو نہیں مانتے تھے اور اِسی بات پر انبیاؑ سے جھگڑتے تھے۔ اب کیا تجھے تاریخ میں یہ نظر نہیں آتا کہ یہ قومیں اپنے اِس شک اور اس جھگڑے کا کیا انجام دیکھ چکی ہیں؟ کیا تُو بھی وہی شک اور وہی جھگڑا کرے گا جو دوسروں کے لیے تباہ کُن ثابت ہو چکا ہے؟

اس سلسلے میں یہ بات بھی نگاہ میں رہنی چاہیے کہ عاد اور ثمود اور قومِ نوحؑ کے لوگ حضرت ابراہیمؑ سے پہلے گزر چکے

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَاشِفَةٌ ﴿۵۸﴾ اَفَمِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ تَعْجَبُوْنَ ﴿۵۹﴾
وَتَضْحَكُوْنَ وَلَا تَبْكُوْنَ ﴿۶۰﴾ وَاَنْتُمْ سٰمِدُوْنَ ﴿۶۱﴾ فَاسْجُدُوْا
لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا ﴿۶۲﴾ السجدة

ع ۳ — السجدة ۱۲

سوا کوئی اُس کو ہٹانے والا نہیں[۵۱]۔ اب کیا یہی وہ باتیں ہیں جن پر تم اظہارِ تعجب کرتے ہو؟[۵۲] ہنستے ہو اور روتے نہیں ہو؟[۵۳] اور گا بجا کر انھیں ٹالتے ہو؟[۵۴] جُھک جاؤ اللہ کے آگے اور بندگی بجا لاؤ[۵۵]۔ ع سجدہ

تھے اور قومِ لُوطؑ خود حضرت ابراہیمؑ کے زمانے میں مبتلائے عذاب ہوئی تھی، اس لیے اِس عبارت کے صُحُفِ ابراہیمؑ کا ایک حصّہ ہونے میں کوئی اِشکال نہیں ہے۔

۴۹- اصل الفاظ ہیں: هٰذَا نَذِيْرٌ مِّنَ النُّذُرِ الْاُوْلٰى۔ اِس فقرے کی تفسیر میں مفسّرین کے تین اقوال ہیں: ایک یہ کہ نذیر سے مراد محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ دوسرے یہ کہ اس سے مراد قرآن ہے۔ تیسرے یہ کہ اس سے مراد پچھلی ہلاک شدہ قوموں کا انجام ہے جس کا حال اُوپر کی آیات میں بیان فرمایا گیا ہے۔ سیاقِ کلام کے لحاظ سے ہمارے نزدیک یہی تیسری تفسیر قابلِ ترجیح ہے۔

۵۰- یعنی یہ خیال نہ کرو کہ سوچنے کے لیے ابھی بہت وقت پڑا ہے، کیا جلدی ہے کہ اِن باتوں پر ہم فوراً ہی سنجیدگی کے ساتھ غور کریں اور انھیں ماننے کا بلا تاخیر فیصلہ کر ڈالیں۔ نہیں، تم میں سے کسی کو بھی یہ معلوم نہیں ہے کہ اس کے لیے زندگی کی کتنی مہلت باقی ہے۔ ہر وقت تم میں سے ہر شخص کی موت بھی آ سکتی ہے، اور قیامت بھی اچانک پیش آ سکتی ہے۔ اس لیے فیصلے کی گھڑی کو دُور نہ سمجھو۔ جس کو بھی اپنی عاقبت کی فکر کرنی ہے وہ ایک لمحے کی تاخیر کے بغیر سنبھل جائے۔ کیونکہ ہر سانس کے بعد یہ ممکن ہے کہ دوسرا سانس لینے کی نوبت نہ آئے۔

۵۱- یعنی فیصلے کی گھڑی جب آ جائے گی تو نہ تم اسے روک سکو گے اور نہ تمھارے معبُودانِ غیر اللہ میں سے کسی کا یہ بل بُوتا ہے کہ وہ اس کو ٹال سکے۔ ٹال سکتا ہے تو اللہ ہی ٹال سکتا ہے، اور وہ اسے ٹالنے والا نہیں ہے۔

۵۲- اصل میں لفظ هٰذَا الْحَدِيْثِ استعمال ہوا ہے، جس سے مراد وہ ساری تعلیم ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعے سے قرآنِ مجید میں پیش کی جا رہی تھی۔ اور تعجب سے مُراد وہ تعجُّب ہے جس کا اظہار آدمی کسی انوکھی اور ناقابلِ یقین بات کو سُن کر کیا کرتا ہے۔ آیت کا مطلب یہ ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم جس چیز کی طرف دعوت دے رہے ہیں، وہ یہی کچھ تو ہے جو تم نے سُن لی۔ اب کیا یہی وہ باتیں ہیں جن پر تم کان کھڑے کرتے ہو اور حیرت سے اِس طرح منہ تکتے ہو کہ گویا کوئی بڑی عجیب اور نرالی باتیں تمھیں سنائی جا رہی ہیں؟

۵۳- یعنی بجائے اس کے کہ تمھیں اپنی جہالت و گمراہی پر رونا آتا، تم لوگ اُلٹا اِس صداقت کا مذاق اُڑاتے ہو جو تمھارے سامنے پیش کی جا رہی ہے۔

۵۴- اصل میں لفظ سٰمِدُوْنَ استعمال ہوا ہے، جس کے دو معنیٰ اہلِ لغت نے بیان کیے ہیں۔ ابن عباسؓ، عِکرِمہ اور ابوعُبَیدہ نَحوی کا قول ہے کہ یمنی زبان میں سُمُود کے معنیٰ گانے بجانے کے ہیں اور آیت کا اشارہ اس طرف ہے کہ کفارِ مکّہ قرآن کی آواز کو دبانے اور لوگوں کی توجُّہ دوسری طرف ہٹانے کے لیے زور زور سے گانا شروع کر دیتے تھے۔ دوسرے معنیٰ ابنِ عباسؓ اور مجاہدؒ نے یہ بیان کیے ہیں کہ السّمود البرْطَمَة وھی رفع الراس تکبرا، کانوا یمرّون علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم غضابا مبرطمین۔ یعنی سُمُود تکبُّر کے طور پر سر نیوڑھانے کو کہتے ہیں۔ کفارِ مکّہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے جب گزرتے تھے تو غصّے کے ساتھ منہ اُوپر اُٹھائے ہوئے نکل جاتے تھے۔ راغب اَصفہانی نے مُفردات میں بھی یہی معنیٰ اختیار کیے ہیں، اور اسی معنیٰ کے لحاظ سے سٰمِدُوْنَ کا مفہوم قَتَادَہ نے غافِلون اور سعید بن جُبَیرؒ نے مُعرِضون بیان کیا ہے۔

۵۵- امام ابوحنیفہؒ، امام شافعیؒ اور اکثر اہلِ علم کے نزدیک اس آیت پر سجدہ کرنا لازم ہے۔ امام مالکؒ اگرچہ خود اس کی تلاوت کر کے سجدے کا التزام فرماتے تھے (جیسا کہ قاضی ابوبکر ابن العَرَبی نے احکام القرآن میں نقل کیا ہے)، مگر ان کا مسلک یہ تھا کہ یہاں سجدہ کرنا لازم نہیں ہے۔ ان کی اس رائے کی بنا حضرت زیدؓ بن ثابت کی یہ روایت ہے کہ ”میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے سورۂ نجم پڑھی اور حضورؐ نے سجدہ نہ کیا۔“ (بخاری، مسلم، احمد، تِرمِذی، ابوداؤد، نَسائی) لیکن یہ حدیث اس آیت پر سجدہ لازم ہونے کی نفی نہیں کرتی، کیونکہ اس بات کا احتمال ہے کہ حضورؐ نے اُس وقت کسی وجہ سے سجدہ نہ فرمایا ہو اور بعد میں کر لیا ہو۔ دوسری روایات اس باب میں صریح ہیں کہ اس آیت پر التزاماً سجدہ کیا گیا ہے۔ حضرت عبداللہؓ بن مسعود، ابنِ عباسؓ اور مُطَّلِبؓ بن ابی وَدَاعہ کی مُتَّفَق عَلَیْہ روایات یہ ہیں کہ حضورؐ نے جب پہلی مرتبہ حرم میں یہ سورت تلاوت فرمائی تو آپؐ نے سجدہ کیا اور آپؐ کے ساتھ مسلم و کافر سب سجدے میں گر گئے۔ (بخاری، احمد، نَسائی) ابنِ عمرؓ کی روایت ہے کہ حضورؐ نے نماز میں سورۂ نجم پڑھ کر سجدہ کیا اور دیر تک سجدے میں پڑے رہے۔ (بَیہَقی، ابنِ مَرْدُوْیَہ) سَبْرَۃ الجُہَنی کہتے ہیں کہ حضرت عمرؓ نے فجر کی نماز میں سورۂ نجم پڑھ کر سجدہ کیا اور پھر اُٹھ کر سورۂ زلزال پڑھی اور رُکوع کیا۔ (سعید بن منصور) خود امام مالکؒ نے بھی مُؤطّا، باب ما جاء فی سجود القرآن میں حضرت عمرؓ کا یہ فعل نقل کیا ہے۔

# تفہیم القرآن

## القمر

(۵۴)

# القمر

**نام** پہلی ہی آیت کے فقرے وَ انْشَقَّ الْقَمَرُ سے ماخوذ ہے۔ مطلب یہ ہے کہ وہ سورت جس میں لفظ ''القمر'' آیا ہے۔

**زمانۂ نزول** اِس میں شقّ القمر کے واقعے کا ذکر آیا ہے جس سے اِس کا زمانۂ نُزول متعیّن ہو جاتا ہے۔ محدّثین و مفسّرین کا اس پر اتفاق ہے کہ یہ واقعہ ہجرت سے تقریباً پانچ سال پہلے مکّہ معظمہ میں مِنٰی کے مقام پر پیش آیا تھا۔

**موضوع اور مضمون** اِس میں کفارِ مکّہ کو اُس ہٹ دھرمی پر مُتنبّہ کیا گیا ہے جو انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت کے مقابلے میں اختیار کر رکھی تھی۔ شق القمر کا حیرت انگیز واقعہ اِس بات کا صریح نشان تھا کہ وہ قیامت جس کے آنے کی خبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دے رہے تھے، فی الواقع برپا ہو سکتی ہے، اور اُس کی آمد کا وقت قریب آ لگا ہے۔ چاند جیسا عظیم الشان کُرہ اُن کی آنکھوں کے سامنے پھٹا تھا۔ اس کے دونوں ٹکڑے الگ ہو کر ایک دوسرے سے اتنی دُور چلے گئے تھے کہ دیکھنے والوں کو ایک ٹکڑا پہاڑ کے ایک طرف اور دوسرا ٹکڑا دوسری طرف نظر آیا تھا۔ پھر آن کی آن میں وہ دونوں پھر مل گئے تھے۔ یہ اس بات کا کُھلا ثبوت تھا کہ نظامِ عالم اَزَلی و اَبَدی اور غیر فانی نہیں ہے۔ وہ دَرہم بَرَہم ہو سکتا ہے۔ بڑے بڑے ستارے اور سیّارے پھٹ سکتے ہیں، بکھر سکتے ہیں، ایک دوسرے سے ٹکرا سکتے ہیں، اور وہ سب کچھ ہو سکتا ہے جس کا نقشہ قیامت کی تفصیلات بیان کرتے ہوئے قرآن میں کھینچا گیا ہے۔ یہی نہیں، بلکہ یہ اِس امر کا پتا بھی دے رہا تھا کہ نظامِ عالَم کے درہم برہم ہونے کا آغاز ہو گیا ہے اور وہ وقت قریب ہے جب قیامت برپا ہو گی۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی حیثیت سے لوگوں کو اس واقعے کی طرف توجہ دلائی اور فرمایا: ''دیکھو اور گواہ رہو۔'' مگر کفّار نے اسے جادُو کا کرشمہ قرار دیا اور اپنے انکار پر جمے رہے۔ اسی ہٹ دھرمی پر اِس سورہ میں اُنھیں ملامت کی گئی ہے۔

کلام کا آغاز کرتے ہوئے فرمایا گیا کہ یہ لوگ نہ سمجھانے سے مانتے ہیں، نہ تاریخ سے عبرت حاصل کرتے ہیں، نہ آنکھوں سے صریح نشانیاں دیکھ کر ایمان لاتے ہیں۔ اب یہ اُسی وقت مانیں گے جب قیامت فی الواقع برپا ہو جائے گی اور قبروں سے نکل کر یہ داوَرِ محشر کی طرف دوڑے جا رہے ہوں گے۔

اس کے بعد اُن کے سامنے قومِ نوح ، عاد، ثمود، قومِ لُوط اور آلِ فرعون کا حال مختصر الفاظ میں بیان کر کے بتایا گیا ہے کہ خدا کے بھیجے ہوئے رسولوں کی تنبیہات کو جھٹلا کر یہ قومیں کس درد ناک عذاب سے دوچار ہوئیں، اور ایک ایک قوم کا قصّہ بیان کرنے کے بعد بار بار یہ بات دُہرائی گئی ہے کہ یہ قرآن نصیحت کا آسان ذریعہ ہے، جس سے اگر کوئی قوم سبق لے کر راہِ راست پر آ جائے تو اُن عذابوں کی نوبت نہیں آ سکتی جو اِن قوموں پر نازل ہوئے۔ اب آخر یہ کیا حماقت ہے کہ اس آسان ذریعے سے نصیحت قبول کرنے کے بجائے کوئی اِسی پر اصرار کرے کہ عذاب دیکھے بغیر نہ مانے گا۔

اِس طرح پچھلی قوموں کی تاریخ سے عبرت ناک مثالیں دینے کے بعد کفّارِ مکّہ کو خطاب کر کے فرمایا گیا ہے کہ جس طرزِ عمل پر دوسری قومیں سزا پا چکی ہیں، وہی طرزِ عمل اگر تم اختیار کرو تو آخر تم کیوں نہ سزا پاؤ گے؟ کیا تمھارے کچھ سُرخاب کے پَر لگے ہوئے ہیں کہ تمھارے ساتھ دوسروں سے مختلف معاملہ کیا جائے؟ یا کوئی خاص معافی نامہ تمھارے پاس لکھا ہوا آ گیا ہے کہ جس جُرم پر دوسرے پکڑے گئے ہیں، وہی تم کرو گے تو تمھیں نہ پکڑا جائے گا؟ اور اگر تم اپنی جمعیت پر پُھولے ہوئے ہو تو عنقریب تمھاری یہ جمعیت شکست کھا کر بھاگتی نظر آئے گی، اور اس سے زیادہ سخت معاملہ تمھارے ساتھ قیامت کے روز ہو گا۔

آخر میں کفار کو بتایا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کو قیامت لانے کے لیے کسی بڑی تیاری کی حاجت نہیں ہے۔ اُس کا بس ایک حکم ہوتے ہی پلک جھپکاتے وہ برپا ہو جائے گی۔ مگر ہر چیز کی طرح نظامِ عالَم اور نوعِ انسانی کی بھی ایک تقدیر ہے۔ اِس تقدیر کے لحاظ سے جو وقت اِس کام کے لیے مقرر ہے، اُسی وقت پر وہ ہو گا۔ یہ نہیں ہو سکتا کہ جب کوئی چیلنج کرے، اُس کو قائل کرنے کے لیے قیامت لا کھڑی کی جائے۔ اُس کو آتے نہ دیکھ کر تم سرکشی اختیار کرو گے تو اپنی شامتِ اعمال کا نتیجہ بھگتو گے۔ تمھارا کچّا چٹھا خدا کے ہاں تیار ہو رہا ہے، جس میں تمھاری کوئی چھوٹی یا بڑی حرکت ثبت ہونے سے رہ نہیں گئی ہے۔

---

۵۵ آیاتہا

# سُوْرَۃُ الْقَمَرِ مَکِّیَّۃٌ

۳ رکوعاتہا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِقْتَرَبَتِ السَّاعَۃُ وَ انْشَقَّ الْقَمَرُ ﴿۱﴾ وَ اِنْ یَّرَوْا اٰیَۃً

قیامت کی گھڑی قریب آ گئی اور چاند پھٹ گیا[1] مگر ان لوگوں کا حال یہ ہے کہ خواہ کوئی نشانی دیکھ لیں

۱- یعنی چاند کا پھٹ جانا اِس بات کی علامت ہے کہ وہ قیامت کی گھڑی، جس کے آنے کی تم لوگوں کو خبر دی جاتی رہی ہے، قریب آ گئی ہے اور نظامِ عالَم کے درہم برہم ہونے کا آغاز ہو گیا ہے۔ نیز یہ واقعہ کہ چاند جیسا ایک عظیم کُرہ شق ہو کر دو ٹکڑے ہو گیا، اس امر کا کُھلا ثبوت ہے کہ جس قیامت کا تم سے ذکر کیا جا رہا ہے، وہ برپا ہو سکتی ہے۔ ظاہر ہے کہ جب چاند پھٹ سکتا ہے تو زمین بھی پھٹ سکتی ہے، تاروں اور سیاروں کے مدار بھی بدل سکتے ہیں، اور اَفلاک کا یہ سارا نظام درہم برہم ہو سکتا ہے۔ اس میں کوئی چیز اَزلی و اَبدی اور دائم و مستقل نہیں ہے کہ قیامت برپا نہ ہو سکے۔

بعض لوگوں نے اس فقرے کا مطلب یہ لیا ہے کہ ”چاند پھٹ جائے گا“۔ لیکن عربی زبان کے لحاظ سے چاہے یہ مطلب لینا ممکن ہو، عبارت کا سیاق و سباق اس معنٰی کو قبول کرنے سے صاف انکار کرتا ہے۔ اوّل تو یہ مطلب لینے سے پہلا فقرہ ہی بے معنٰی ہو جاتا ہے۔ چاند اگر اس کلام کے نُزول کے وقت پھٹا نہیں تھا، بلکہ وہ آیندہ کبھی پھٹنے والا ہے، تو اُس کی بنا پر یہ کہنا بالکل مُہمل بات ہے کہ قیامت کی گھڑی قریب آ گئی ہے۔ آخر مستقبل میں پیش آنے والا کوئی واقعہ اُس کے قُرب کی علامت کیسے قرار پا سکتا ہے کہ اسے شہادت کے طور پر پیش کرنا ایک معقول طرزِ اِستِدلال ہو۔ دوسرے، یہ مطلب لینے کے بعد جب ہم آگے کی عبارت پڑھتے ہیں تو محسوس ہوتا ہے کہ وہ اِس کے ساتھ کوئی مناسبت نہیں رکھتی۔ آگے کی عبارت صاف بتا رہی ہے کہ لوگوں نے اُس وقت کوئی نشانی دیکھی تھی جو امکانِ قیامت کی صریح علامت تھی، مگر انھوں نے اسے جادُو کا کرشمہ قرار دے کر جُھٹلا دیا، اور اپنے اِس خیال پر جمے رہے کہ قیامت کا آنا ممکن نہیں ہے۔ اِس سیاق و سباق میں اِنْشَقَّ الْقَمَرُ کے الفاظ اُسی صورت میں ٹھیک بیٹھ سکتے ہیں جب کہ ان کا مطلب ”چاند پھٹ گیا“ ہو۔ ”پھٹ جائے گا“ کے معنٰی میں ان کو لے لیا جائے تو بعد کی ساری بات بے جوڑ ہو جاتی ہے۔ سلسلۂ کلام میں اس فقرے کو رکھ کر دیکھ لیجیے، آپ کو خود محسوس ہو جائے گا کہ اس کی وجہ سے ساری عبارت بے معنٰی ہو گئی ہے:

> ”قیامت کی گھڑی قریب آ گئی اور چاند پھٹ جائے گا۔ اِن لوگوں کا حال یہ ہے کہ خواہ کوئی نشانی دیکھ لیں، مُنہ موڑ جاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ تو چلتا ہوا جادُو ہے۔ اِنھوں نے جُھٹلا دیا اور اپنی خواہشات

نفس کی پیروی کی۔"

پس حقیقت یہ ہے کہ شق القمر کا واقعہ قرآن کے صریح الفاظ سے ثابت ہے اور حدیث کی رِوایات پر اُس کا انحصار نہیں ہے۔ البتہ رِوایات سے اس کی تفصیلات معلوم ہوتی ہیں اور پتا چلتا ہے کہ یہ کب اور کیسے پیش آیا تھا۔ یہ رِوایات بخاری، مسلم، ترمذی، احمد، ابوعُوانہ، ابوداؤد طَیالسی، عبدالرزّاق، ابن جَریر، بَیہقی، طَبَرانی، ابن مَردُوْیَہ اور ابونُعَیم اَصفہانی نے بکثرت سندوں کے ساتھ حضرت علیؓ، حضرت عبداللہؓ بن مسعود، حضرت عبداللہ بن عباسؓ، حضرت عبداللہ بن عمرؓ، حضرت حُذَیفہؓ، حضرت اَنسؓ بن مالک اور حضرت جُبَیرؓ بن مُطْعِم سے نقل کی ہیں۔ ان میں سے تین بزرگ، یعنی حضرت عبداللہؓ بن مسعود، حضرت حُذَیفہؓ اور حضرت جُبَیرؓ بن مُطْعِم تصریح کرتے ہیں کہ وہ اس واقعے کے عینی شاہد ہیں۔ اور دو بزرگ ایسے ہیں جو اس کے عینی شاہد نہیں ہو سکتے، کیونکہ یہ ان میں سے ایک (یعنی عبداللہ بن عباسؓ) کی پیدائش سے پہلے کا واقعہ ہے، اور دوسرے (یعنی اَنسؓ بن مالک) اُس وقت بچّے تھے۔ لیکن چونکہ یہ دونوں حضرات صحابی ہیں، اس لیے ظاہر ہے کہ انھوں نے ایسے سِن رسیدہ صحابیوں سے سُن کر ہی اسے روایت کیا ہو گا جو اس واقعے کا براہِ راست علم رکھتے تھے۔

تمام روایات کو جمع کرنے سے اِس کی جو تفصیلات معلوم ہوتی ہیں، وہ یہ ہیں کہ یہ ہجرت سے تقریباً ۵ سال پہلے کا واقعہ ہے۔ قمری مہینے کی چودھویں شب تھی۔ چاند ابھی ابھی طُلوع ہوا تھا۔ یکایک وہ پھٹا اور اس کا ایک ٹکڑا سامنے کی پہاڑی کے ایک طرف اور دوسرا ٹکڑا دوسری طرف نظر آیا۔ یہ کیفیت بس ایک ہی لحظہ رہی اور پھر دونوں ٹکڑے باہم جُڑ گئے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اُس وقت مِنٰی میں تشریف فرما تھے۔ آپؐ نے لوگوں سے فرمایا: دیکھو اور گواہ رہو۔ کفّار نے کہا: محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نے ہم پر جادُو کر دیا تھا، اس لیے ہماری آنکھوں نے دھوکا کھایا۔ دوسرے لوگ بولے کہ محمدؐ ہم پر جادو کر سکتے تھے، تمام لوگوں پر تو نہیں کر سکتے تھے۔ باہر کے لوگوں کو آنے دو۔ اُن سے پوچھیں گے کہ یہ واقعہ انھوں نے بھی دیکھا ہے یا نہیں۔ باہر سے جب کچھ لوگ آئے تو انھوں نے شہادت دی کہ وہ بھی یہ منظر دیکھ چکے ہیں۔

بعض روایات جو حضرت اَنسؓ سے مروی ہیں، ان کی بنا پر یہ غلط فہمی پیدا ہوتی ہے کہ شق القمر کا واقعہ ایک مرتبہ نہیں بلکہ دو مرتبہ پیش آیا تھا۔ لیکن اوّل تو صحابہؓ میں سے کسی اور نے یہ بات بیان نہیں کی ہے۔ دوسرے خود حضرت اَنسؓ کی بھی بعض روایات میں مَرَّتَیْنِ (دو مرتبہ) کے الفاظ ہیں، اور بعض میں فِرقتین اور شقّتین (دو ٹکڑے) کے الفاظ۔ تیسرے یہ کہ قرآن مجید صرف ایک ہی اِنشقاق کا ذکر کرتا ہے۔ اس بنا پر صحیح بات یہی ہے کہ یہ واقعہ صرف ایک مرتبہ پیش آیا تھا۔ رہے وہ قصّے جو عوام میں مشہور ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُنگلی سے چاند کی طرف اشارہ کیا اور وہ دو ٹکڑے ہو گیا، اور یہ کہ چاند کا ایک ٹکڑا حضورؐ کے گریبان میں داخل ہو کر آپؐ کی آستین سے نکل گیا، تو یہ بالکل ہی بے اصل ہیں۔

یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اس واقعے کی حقیقی نوعیّت کیا تھی؟ کیا یہ ایک معجزہ تھا جو کفارِ مکّہ کے مطالبے

پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی رسالت کے ثبوت میں دکھایا تھا؟ یا یہ ایک حادثہ تھا جو اللہ تعالیٰ کی قدرت سے چاند میں پیش آیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو اُس کی طرف توجہ صرف اِس غرض کے لیے دلائی کہ یہ امکانِ قیامت اور قُربِ قیامت کی ایک نشانی ہے؟ علمائے اسلام کا ایک بڑا گروہ اِسے حضورؐ کے معجزات میں شمار کرتا ہے اور اُن کا خیال یہ ہے کہ کفار کے مطالبے پر یہ معجزہ دکھایا گیا تھا۔ لیکن اِس رائے کا مدار صرف بعض اُن روایات پر ہے جو حضرت انسؓ سے مروی ہیں۔ اُن کے سوا کسی صحابی نے بھی یہ بات بیان نہیں کی ہے۔ فتح الباری میں ابنِ حجرؒ کہتے ہیں کہ ”یہ قصہ جتنے طریقوں سے منقول ہوا ہے، ان میں سے کسی میں بھی حضرت انسؓ کی حدیث کے سوا یہ مضمون میری نگاہ سے نہیں گزرا کہ شق القمر کا واقعہ مشرکین کے مطالبے پر ہوا تھا۔“ (باب انشقاق القمر) ایک روایت ابونُعَیم اصفہانی نے دلائل النبوۃ میں حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے بھی اِس مضمون کی نقل کی ہے، مگر اس کی سند ضعیف ہے، اور قوی سندوں سے جتنی روایات کُتُبِ حدیث میں ابنِ عباسؓ سے منقول ہوئی ہیں، ان میں سے کسی میں بھی اس کا ذکر نہیں ہے۔ علاوہ بریں حضرت انسؓ اور حضرت عبداللہ بن عباسؓ، دونوں اِس واقعے کے ہم عصر نہیں ہیں۔ بخلاف اس کے جو صحابہ اُس زمانے میں موجود تھے، حضرت عبداللہؓ بن مسعود، حضرت حُذَیفہؓ، حضرت جُبَیرؓ بن مُطعِم، حضرت علیؓ، حضرت عبداللہ بن عمرؓ، ان میں سے کسی نے بھی یہ نہیں کہا ہے کہ مشرکینِ مکہ نے حضورؐ کی صداقت کے ثبوت میں کسی نشانی کا مطالبہ کیا تھا اور اس پر شق القمر کا یہ معجزہ اُن کو دکھایا گیا۔ سب سے بڑی بات یہ ہے کہ قرآنِ مجید خود بھی اس واقعے کو رسالتِ محمدی کی نہیں بلکہ قُربِ قیامت کی نشانی کے طور پر پیش کر رہا ہے۔ البتہ یہ اِس لحاظ سے حضورؐ کی صداقت کا ایک نمایاں ثبوت ضرور تھا کہ آپؐ نے قیامت کے آنے کی جو خبریں لوگوں کو دی تھیں، یہ واقعہ اُن کی تصدیق کر رہا تھا۔

معترضین اِس پر دو طرح کے اعتراضات کرتے ہیں: اوّل تو ان کے نزدیک ایسا ہونا ممکن ہی نہیں ہے کہ چاند جیسے عظیم کُرے کے دو ٹکڑے پھٹ کر الگ ہو جائیں اور سیکڑوں میل کے فاصلے تک ایک دوسرے سے دُور جانے کے بعد پھر باہم جُڑ جائیں۔ دوسرے، وہ کہتے ہیں کہ اگر ایسا ہوا ہوتا تو یہ واقعہ دنیا بھر میں مشہور ہو جاتا، تاریخوں میں اس کا ذکر آتا، اور علمِ نُجوم کی کتابوں میں اسے بیان کیا جاتا۔ لیکن درحقیقت یہ دونوں اعتراضات بے وزن ہیں۔ جہاں تک اس کے امکان کی بحث ہے، قدیم زمانے میں تو شاید وہ چل بھی سکتی تھی، لیکن موجودہ دَور میں سیاروں کی ساخت کے متعلق انسان کو جو معلومات حاصل ہوئی ہیں، ان کی بنا پر یہ بات بالکل ممکن ہے کہ ایک کُرہ اپنے اندر کی آتش فشانی کے باعث پھٹ جائے اور اس زبردست انفجار سے اس کے دو ٹکڑے دُور تک چلے جائیں، اور پھر اپنے مرکز کی مقناطیسی قوت کے سبب سے وہ ایک دوسرے کے ساتھ آملیں۔ رہا دوسرا اعتراض، تو وہ اس لیے بے وزن ہے کہ یہ واقعہ اچانک بس ایک لحظے کے لیے پیش آیا تھا۔ ضروری نہیں تھا کہ اُس خاص لمحے میں دنیا بھر کی نگاہیں چاند کی طرف لگی ہوئی ہوں۔ اس سے کوئی دھماکا نہیں ہوا تھا کہ لوگوں کی توجہ اس کی طرف مُنعطِف ہوتی۔ پہلے سے کوئی اطلاع اُس کی نہ تھی کہ لوگ اس کے منتظر ہو کر آسمان کی طرف دیکھ رہے ہوتے۔ پُوری رُوئے زمین پر اُسے دیکھا

يُّعْرِضُوْا وَ يَقُوْلُوْا سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ ۝۲ وَ كَذَّبُوْا وَاتَّبَعُوْۤا اَهْوَآءَهُمْ
وَكُلُّ اَمْرٍ مُّسْتَقِرٌّ ۝۳ وَ لَقَدْ جَآءَهُمْ مِّنَ الْاَنْۢبَآءِ مَا فِيْهِ

مُنہ موڑ جاتے ہیں اور کہتے ہیں: یہ تو چلتا ہوا جادُو ہے۔[۲] اِنھوں نے (اس کو بھی) جُھٹلا دیا اور اپنی خواہشاتِ نفس ہی کی پیروی کی۔[۳] ہر معاملے کو آخر کار ایک انجام پر پہنچ کر رہنا ہے۔[۴]

اِن لوگوں کے سامنے (پچھلی قوموں کے) وہ حالات آ چکے ہیں جن میں سرکشی سے باز

بھی نہیں جا سکتا تھا، بلکہ صرف عرب اور اس کے مشرقی جانب کے مُمالک ہی میں اُس وقت چاند نکلا ہوا تھا۔ تاریخ نگاری کا ذوق اور فن بھی اُس وقت تک اتنا ترقی یافتہ نہ تھا کہ مشرقی مُمالک میں جن لوگوں نے اسے دیکھا ہوتا، وہ اسے ثبت کر لیتے، اور کسی مؤرخ کے پاس یہ شہادتیں جمع ہوتیں اور وہ تاریخ کی کسی کتاب میں ان کو درج کر لیتا۔ تاہم مالابار کی تاریخوں میں یہ ذکر آیا ہے کہ اُس رات وہاں کے ایک راجا نے یہ منظر دیکھا تھا۔ رہیں علمِ نُجوم کی کتابیں اور جنتریاں، تو ان میں اس کا ذکر آنا صرف اُس حالت میں ضروری تھا جب کہ چاند کی رفتار، اور اس کی گردش کے راستے، اور اس کے طُلوع و غُروب کے اوقات میں اس سے کوئی فرق واقع ہوا ہوتا۔ یہ صورت چونکہ پیش نہیں آئی، اس لیے قدیم زمانے کے اہلِ تنجیم کی توجہ اس کی طرف منعطف نہیں ہوئی۔ اُس زمانے میں رصد گاہیں اس حد تک ترقی یافتہ نہ تھیں کہ افلاک میں پیش آنے والے ہر واقعے کا نوٹس لیتیں اور اس کو ریکارڈ پر محفوظ کر لیتیں۔

۲- اصل الفاظ ہیں: سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ۔ اس کے کئی مطلب ہو سکتے ہیں۔ ایک یہ کہ معاذ اللہ، شب و روز کی جادُوگری کا جو سلسلہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے چلا رکھا ہے، یہ جادو بھی اسی میں سے ہے۔ دوسرے یہ کہ یہ پکّا جادُو ہے، بڑی مہارت سے دکھایا گیا ہے۔ تیسرے یہ کہ جس طرح اور جادُو گزر گئے ہیں، یہ بھی گزر جائے گا، اس کا کوئی دیرپا اثر رہنے والا نہیں ہے۔

۳- یعنی جو فیصلہ اِنھوں نے قیامت کو نہ ماننے کا کر رکھا ہے، اِس نشانی کو دیکھ کر بھی یہ اُسی پر جمے رہے۔ قیامت کو مان لینا چونکہ اِن کی خواہشاتِ نفس کے خلاف تھا، اِس لیے صریح مشاہدے کے بعد بھی یہ اُسے تسلیم کرنے پر راضی نہ ہوئے۔

۴- مطلب یہ ہے کہ یہ سلسلہ بلا نہایت نہیں چل سکتا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم تمھیں حق کی طرف بلاتے رہیں، اور تم ہٹ دھرمی کے ساتھ اپنے باطل پر جمے رہو، اور اُن کا حق پر ہونا اور تمھارا باطل پر ہونا کبھی ثابت نہ ہو۔ تمام معاملات آخر کار ایک انجام کو پہنچ کر رہتے ہیں، اِسی طرح تمھاری اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی اِس کشمکش کا بھی لامحالہ ایک انجام ہے جس پر یہ پہنچ کر رہے گی۔ ایک وقت لازماً ایسا آنا ہے جب علی الاعلان یہ ثابت ہو جائے گا کہ وہ حق

مُزۡدَجَرٌ ﴿۴﴾ حِكۡمَةٌۢ بَالِغَةٌ فَمَا تُغۡنِ النُّذُرُ ﴿۵﴾ فَتَوَلَّ
عَنۡهُمۡ ۘ يَوۡمَ يَدۡعُ الدَّاعِ اِلٰى شَىۡءٍ نُّكُرٍ ﴿۶﴾ خُشَّعًا اَبۡصَارُهُمۡ وقف لازم
يَخۡرُجُوۡنَ مِنَ الۡاَجۡدَاثِ كَاَنَّهُمۡ جَرَادٌ مُّنۡتَشِرٌ ﴿۷﴾
مُّهۡطِعِيۡنَ اِلَى الدَّاعِ ؕ يَقُوۡلُ الۡكٰفِرُوۡنَ هٰذَا يَوۡمٌ عَسِرٌ ﴿۸﴾

---

رکھنے کے لیے کافی سامانِ عبرت ہے اور ایسی حکمت جو نصیحت کے مقصد کو بدرجۂ اتم پُورا کرتی ہے۔ مگر تنبیہات اِن پر کارگر نہیں ہوتیں۔ پس اَے نبیؐ! اِن سے رُخ پھیر لو۔[5] جس روز پکارنے والا ایک سخت ناگوار[6] چیز کی طرف پکارے گا، لوگ سہمی ہوئی نگاہوں کے ساتھ[7] اپنی قبروں[8] سے اِس طرح نکلیں گے گویا وہ بکھری ہوئی ٹِڈّیاں ہیں۔ پکارنے والے کی طرف دوڑے جا رہے ہوں گے، اور وہی منکرین (جو دنیا میں اس کا انکار کرتے تھے) اُس وقت کہیں گے کہ یہ دن تو بڑا کٹھن ہے۔

---

پر تھے اور تم سراسر باطل کی پیروی کر رہے تھے۔ اِسی طرح حق پرست اپنی حق پرستی کا، اور باطل پرست اپنی باطل پرستی کا نتیجہ بھی ایک دن ضرور دیکھ کر رہیں گے۔

۵ – بالفاظِ دیگر اِنھیں اِن کے حال پر چھوڑ دو۔ جب اِنھیں زیادہ سے زیادہ معقول طریقے سے سمجھایا جا چکا ہے، اور انسانی تاریخ سے مثالیں دے کر بھی بتا دیا گیا ہے کہ انکارِ آخرت کے نتائج کیا ہیں اور رسولوں کی بات نہ ماننے کا کیا عبرت ناک انجام دوسری قومیں دیکھ چکی ہیں، پھر بھی یہ اپنی ہٹ دھرمی سے باز نہیں آتے، تو اِنھیں اِسی حماقت میں پڑا رہنے دو۔ اب یہ اُسی وقت مانیں گے جب مرنے کے بعد قبروں سے نکل کر اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں گے کہ وہ قیامت واقعی برپا ہو گئی جس سے قبل از وقت خبردار کر کے راہِ راست اختیار کر لینے کا مشورہ اِنھیں دیا جا رہا تھا۔

۶ – دوسرا مطلب انجانی چیز بھی ہو سکتا ہے۔ یعنی ایسی چیز جو کبھی اُن کے سان گمان میں بھی نہ تھی، جس کا کوئی نقشہ اور کوئی تصوّر ان کے ذہن میں نہ تھا، جس کا کوئی اندازہ ہی وہ نہ کر سکتے تھے کہ یہ کچھ بھی کبھی پیش آ سکتا ہے۔

۷ – اصل الفاظ ہیں: خُشَّعًا اَبۡصَارُهُمۡ۔ یعنی اُن کی نگاہیں خُشوع کی حالت میں ہوں گی۔ اِس کے کئی مطلب ہو سکتے ہیں۔ ایک یہ کہ اُن پر خوف زدگی طاری ہو گی۔ دوسرے یہ کہ ذلّت اور ندامت اُن سے جھلک رہی ہو گی، کیونکہ قبروں سے نکلتے ہی انھیں محسوس ہو جائے گا کہ یہ وہی دوسری زندگی ہے جس کا ہم انکار کرتے تھے،

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ فَكَذَّبُوا عَبْدَنَا وَقَالُوا مَجْنُونٌ
وَّازْدُجِرَ ۝۹ فَدَعَا رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَغْلُوبٌ فَانْتَصِرْ ۝۱۰ فَفَتَحْنَآ
اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ ۝۱۱ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُونًا
فَالْتَقَى الْمَآءُ عَلٰٓى اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ۝۱۲ وَحَمَلْنٰهُ عَلٰى ذَاتِ اَلْوَاحٍ
وَّدُسُرٍ ۝۱۳ تَجْرِيْ بِاَعْيُنِنَا ۚ جَزَآءً لِّمَنْ كَانَ كُفِرَ ۝۱۴

اِن سے پہلے نوحؑ کی قوم جُھٹلا چکی ہے۔[۹] اُنھوں نے ہمارے بندے کو جھُوٹا قرار دیا اور کہا کہ یہ دیوانہ ہے، اور وہ بُری طرح جِھڑکا گیا۔[۱۰] آخرکار اُس نے اپنے رب کو پُکارا کہ "میں مغلوب ہو چکا، اب تُو اِن سے انتقام لے۔" تب ہم نے مُوسلا دھار بارش سے آسمان کے دروازے کھول دیے اور زمین کو پھاڑ کر چشموں میں تبدیل کر دیا،[۱۱] اور یہ سارا پانی اُس کام کو پُورا کرنے کے لیے مل گیا جو مقدّر ہو چکا تھا، اور نوحؑ کو ہم نے ایک تختوں اور کیلوں[۱۲] والی پر سوار کر دیا جو ہماری نگرانی میں چل رہی تھی۔ یہ تھا بدلہ اُس شخص کی خاطر جس کی ناقدری کی گئی تھی۔[۱۳]

جس کے لیے کوئی تیاری کر کے ہم نہیں آئے ہیں، جس میں اب مجرم کی حیثیت سے ہمیں اپنے خدا کے سامنے پیش ہونا ہے۔ تیسرے یہ کہ وہ گھبرائے ہوئے اُس ہولناک منظر کو دیکھ رہے ہوں گے جو اُن کے سامنے ہوگا، اُس سے نظر ہٹانے کا انھیں ہوش نہ ہوگا۔

۸۔ قبروں سے مراد وہی قبریں نہیں ہیں جن میں کسی شخص کو زمین کھود کر باقاعدہ دفن کیا گیا ہو۔ بلکہ جس جگہ بھی کوئی شخص مرا تھا، یا جہاں بھی اس کی خاک پڑی ہوئی تھی، وہیں سے وہ محشر کی طرف پکارنے والے کی ایک آواز پر اُٹھ کھڑا ہوگا۔

۹۔ یعنی اِس خبر کو جُھٹلا چکی ہے کہ آخرت برپا ہونی ہے جس میں انسان کو اپنے اعمال کا حساب دینا ہوگا، اُس نبی کی نبوت کو جُھٹلا چکی ہے جو اپنی قوم کو اِس حقیقت سے آگاہ کر رہا تھا، اور نبی کی اُس تعلیم کو جُھٹلا چکی ہے جو یہ بتاتی تھی کہ آخرت کی باز پُرس میں کامیاب ہونے کے لیے لوگوں کو کیا عقیدہ اور کیا عمل اختیار کرنا چاہیے اور کس چیز سے بچنا چاہیے۔

وَلَقَدْ تَّرَكْنٰهَآ اٰيَةً فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ۝۱۵ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ
وَنُذُرِ ۝۱۶ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ۝۱۷

اُس کشتی کو ہم نے ایک نشانی بنا کر چھوڑ دیا،[14] پھر کوئی ہے نصیحت قبول کرنے والا؟ دیکھ لو، کیسا تھا میرا عذاب، اور کیسی تھیں میری تنبیہات۔ ہم نے اِس قرآن کو نصیحت کے لیے آسان ذریعہ بنا دیا ہے،[15] پھر کیا ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والا؟

۱۰- یعنی ان لوگوں نے محض نبی کی تکذیب ہی پر اکتفا نہ کیا، بلکہ اُلٹا اسے دیوانہ قرار دیا، اس کو دھمکیاں دیں، اس پر لعنت ملامت کی بوچھاڑ کی، اسے ڈانٹ ڈپٹ کر صداقت کی تبلیغ سے باز رکھنے کی کوشش کی، اور اس کا جینا دُوبھر کر دیا۔

۱۱- یعنی اللہ کے حکم سے زمین اِس طرح پھوٹ بہی کہ گویا وہ زمین نہ تھی بلکہ بس چشمے ہی چشمے تھے۔

۱۲- مراد ہے وہ کشتی جو طوفان کی آمد سے پہلے ہی اللہ تعالیٰ کی ہدایات کے مطابق حضرت نوحؑ نے بنائی تھی۔

۱۳- اصل الفاظ ہیں: جَزَآءً لِّمَنْ كَانَ كُفِرَ، یعنی "یہ سب کچھ اُس شخص کی خاطر بدلہ لینے کے لیے کیا گیا جس کا کفر کیا گیا تھا"۔ کفر اگر انکار کے معنی میں ہو تو مطلب یہ ہوگا کہ "جس کی بات ماننے سے انکار کیا گیا تھا"۔ اور اگر اسے کفرانِ نعمت کے معنی میں لیا جائے تو مطلب یہ ہوگا کہ "جس کا وجود ایک نعمت تھا مگر اُس کی ناقدری کی گئی تھی"۔

۱۴- یہ معنی بھی ہو سکتے ہیں کہ ہم نے اِس عقوبت کو ایک نشانِ عبرت بنا کر چھوڑ دیا۔ لیکن ہمارے نزدیک زیادہ قابلِ ترجیح معنی یہ ہیں کہ اُس کشتی کو نشانِ عبرت بنا دیا گیا۔ ایک بلند و بالا پہاڑ پر اُس کا موجود ہونا سیکڑوں ہزاروں برس تک لوگوں کو خدا کے غضب سے خبردار کرتا رہا اور انھیں یاد دلاتا رہا کہ اِس سرزمین پر خدا کی نافرمانی کرنے والوں کی کیسی شامت آئی تھی اور ایمان لانے والوں کو کس طرح اُس سے بچایا گیا تھا۔ امام بخاریؒ، ابنِ ابی حاتم، عبدالرزّاق اور ابنِ جَریرؒ نے قَتَادہؒ سے یہ رِوایات نقل کی ہیں کہ مسلمانوں کی فتح عراق و الجزیرہ کے زمانے میں یہ کشتی جُودی پر (اور ایک رِوایت کے مطابق باقِرْدیٰ نامی بستی کے قریب) موجود تھی اور ابتدائی دَور کے اہلِ اسلام نے اس کو دیکھا تھا۔ موجودہ زمانے میں بھی ہوائی جہازوں سے پرواز کرتے ہوئے بعض لوگوں نے اِس علاقے کی ایک چوٹی پر ایک کشتی نما چیز پڑی دیکھی ہے جس پر شبہ کیا جاتا ہے کہ وہ سفینۂ نوح ہے، اور اسی بنا پر وقتاً فوقتاً اس کی تلاش کے لیے مہمات جاتی رہی ہیں۔ (مزید تفصیل کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد دوم، الاعراف، حاشیہ ۴۷، ہود، حاشیہ ۴۶۔ جلد سوم، العنکبوت، حاشیہ ۲۵)

۱۵- بعض لوگوں نے يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ کے الفاظ سے یہ غلط مطلب نکال لیا ہے کہ قرآن ایک آسان

كَذَّبَتْ عَادٌ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِىْ وَ نُذُرِ ﴿١٨﴾ اِنَّاۤ اَرْسَلْنَا
عَلَيْهِمْ رِيْحًا صَرْصَرًا فِىْ يَوْمِ نَحْسٍ مُّسْتَمِرٍّ ﴿١٩﴾ تَنْزِعُ النَّاسَ

**عاد نے جھٹلایا، تو دیکھ لو کہ کیسا تھا میرا عذاب اور کیسی تھیں میری تنبیہات۔ ہم نے ایک پیہم نحوست کے دن سخت طوفانی ہوا اُن پر بھیج دی[16]، جو لوگوں کو اُٹھا اُٹھا کر اس طرح پھینک رہی تھی**

کتاب ہے، اِسے سمجھنے کے لیے کسی علم کی ضرورت نہیں، حتیٰ کہ عربی زبان تک سے واقفیت کے بغیر جو شخص چاہے اِس کی تفسیر کر سکتا ہے، اور حدیث وفقہ سے بے نیاز ہو کر اُس کی آیات سے جو احکام چاہے مُستنبط کر سکتا ہے۔ حالانکہ جس سیاق و سَباق میں یہ الفاظ آئے ہیں، اُس کو نگاہ میں رکھ کر دیکھا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ اِس ارشاد کا مدّعا لوگوں کو یہ سمجھانا ہے کہ نصیحت کا ایک ذریعہ تو ہیں وہ عبرتناک عذاب جو سرکش قوموں پر نازل ہوئے، اور دوسرا ذریعہ ہے یہ قرآن جو دلائل اور وعظ و تلقین سے تم کو سیدھا راستہ بتا رہا ہے۔ اُس ذریعے کے مقابلے میں نصیحت کا یہ ذریعہ زیادہ آسان ہے۔ پھر کیوں تم اِس سے فائدہ نہیں اُٹھاتے اور عذاب ہی دیکھنے پر اصرار کیے جاتے ہو؟ یہ تو سراسر اللہ تعالیٰ کا فضل ہے کہ اپنے نبی کے ذریعے سے یہ کتاب بھیج کر وہ تمھیں خبردار کر رہا ہے کہ جن راہوں پر تم لوگ جا رہے ہو وہ کس تباہی کی طرف جاتی ہیں اور تمھاری خیر کس راہ میں ہے۔ نصیحت کا یہ طریقہ اِسی لیے تو اختیار کیا گیا ہے کہ تباہی کے گڑھے میں گرنے سے پہلے تمھیں اُس سے بچا لیا جائے۔ اب اُس سے زیادہ نادان اور کون ہوگا جو سیدھی طرح سمجھانے سے نہ مانے اور گڑھے میں گر کر ہی یہ تسلیم کرے کہ واقعی یہ گڑھا تھا۔

۱۶ — یعنی ایک ایسے دن جس کی نحوست کئی روز تک مسلسل جاری رہی۔ سورۂ حٰمٓ السجدہ، آیت ۱۶ میں فِیٓ اَیَّامٍ نَّحِسَاتٍ کے الفاظ استعمال ہوئے ہیں، اور سورۂ الحاقّہ، آیت ۷ میں فرمایا گیا ہے کہ ہوا کا یہ طوفان مسلسل سات رات اور آٹھ دن جاری رہا۔ مشہور یہ ہے کہ جس دن یہ عذاب شروع ہوا وہ بُدھ کا دن تھا۔ اسی سے لوگوں میں یہ خیال پھیل گیا کہ بُدھ کا دن منحوس ہے اور کوئی کام اس دن شروع نہ کرنا چاہیے۔ بعض نہایت ضعیف احادیث بھی اس سلسلے میں نقل کی گئی ہیں، جن سے اِس دن کی نحوست کا عقیدہ عوام کے ذہن میں بیٹھ گیا ہے۔ مثلاً ابنِ مَرْدُوْیَہ اور خطیب بغدادی کی یہ رِوایَت کہ اٰخر اربعاء فی الشھر یوم نحس مستمر (مہینے کا آخری بدھ منحوس ہے جس کی نحوست مسلسل جاری رہتی ہے)۔ ابنِ جَوزیؒ اسے موضوع کہتے ہیں۔ ابنِ رجبؒ نے کہا ہے کہ یہ حدیث صحیح نہیں ہے۔ حافظ سَخاوِیؒ کہتے ہیں کہ جتنے طریقوں سے یہ منقول ہوئی ہے، وہ سب واہی ہیں۔ اسی طرح طَبَرانی کی اس روایت کو بھی محدثین نے ضعیف قرار دیا ہے کہ یوم الاربعاء یوم نحس مستمر (بدھ کا دن پیہم نحوست کا دن ہے)۔ بعض اور روایات میں یہ باتیں بھی مروی ہیں کہ بدھ کو سفر نہ کیا جائے، لین دین نہ کیا جائے، ناخن نہ کٹوائے جائیں، مریض کی عیادت نہ کی جائے، اور یہ کہ جُذام اور برص اِسی روز شروع ہوتے ہیں۔ مگر یہ تمام رِوایات ضعیف ہیں اور ان پر کسی عقیدے

كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ مُّنْقَعِرٍ ﴿۲۰﴾ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ وَنُذُرِ ﴿۲۱﴾ وَ
ع ۲ لَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿۲۲﴾ ع كَذَّبَتْ
ثَمُوْدُ بِالنُّذُرِ ﴿۲۳﴾ فَقَالُوْٓا اَبَشَرًا مِّنَّا وَاحِدًا نَّتَّبِعُهٗٓ ۙ اِنَّآ اِذًا
لَّفِيْ ضَلٰلٍ وَّسُعُرٍ ﴿۲۴﴾ ءَاُلْقِيَ الذِّكْرُ عَلَيْهِ مِنْۢ بَيْنِنَا

---

جیسے وہ جڑ سے اُکھڑے ہوئے کھجور کے تنے ہوں۔ پس دیکھ لو کہ کیسا تھا میرا عذاب اور کیسی تھیں میری تنبیہات۔ ہم نے اِس قرآن کو نصیحت کے لیے آسان ذریعہ بنا دیا ہے، پھر کیا ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والا؟ ع

ثمود نے تنبیہات کو جُھٹلایا اور کہنے لگے: ”ایک اکیلا آدمی جو ہم ہی میں سے ہے، کیا اب ہم اُس کے پیچھے چلیں؟[17] اِس کا اتباع ہم قبول کرلیں تو اِس کے معنیٰ یہ ہوں گے کہ ہم بہک گئے ہیں اور ہماری عقل ماری گئی ہے۔ کیا ہمارے درمیان بس یہی ایک شخص تھا جس پر خدا کا ذکر نازل کیا گیا؟

---

کی بِنا نہیں رکھی جا سکتی۔ محقق مُناوِی کہتے ہیں: توقی الاربعاء علی جهة الطيرة وظن اعتقاد المنجمين حرام شدید التحریم، اذ الایام کلها للہ تعالٰی، لا تنفع ولا تضر بذاتها۔ ”بدفالی کے خیال سے بدھ کے دن کو منحوس سمجھ کر چھوڑنا اور نجومیوں کے سے اعتقادات اس باب میں رکھنا حرام، سخت حرام ہے، کیونکہ سارے دن اللہ کے ہیں، کوئی دن بذاتِ خود نہ نفع پہنچانے والا ہے نہ نقصان۔“ علامہ آلوسیؒ کہتے ہیں: ”سارے دن یکساں ہیں، بدھ کی کوئی تخصیص نہیں۔ رات دن میں کوئی گھڑی ایسی نہیں ہے جو کسی کے لیے اچھی اور کسی دوسرے کے لیے بُری نہ ہو۔ ہر وقت اللہ تعالیٰ کسی کے لیے موافق اور کسی کے لیے ناموافق حالات پیدا کرتا رہتا ہے“۔

۱۷- بالفاظِ دیگر، حضرت صالحؑ کی پیروی سے ان کا انکار تین وجوہ سے تھا: ایک یہ کہ وہ بشر ہیں، انسانیت سے بالاتر نہیں ہیں کہ ہم اُن کی بڑائی مان لیں۔ دوسرے یہ کہ وہ ہماری اپنی ہی قوم کے ایک فرد ہیں، ہم پر ان کی فضیلت کی کوئی وجہ نہیں۔ تیسرے یہ کہ اکیلے ہیں، ہمارے عام آدمیوں میں سے ایک آدمی ہیں، کوئی بڑے سردار نہیں ہیں جس کے ساتھ کوئی بڑا جتھا ہو، لاؤ لشکر ہو، خَدَم و حَشَم ہوں، اور اس بنا پر ہم ان کی بڑائی تسلیم کرلیں۔ وہ چاہتے تھے کہ نبی یا تو کوئی فوق البشر ہستی ہو، یا اگر وہ انسان ہی ہو تو ہمارے اپنے ملک اور قوم میں پیدا نہ ہوا ہو، بلکہ کہیں اُوپر سے اُتر کر آئے یا باہر سے بھیجا جائے، اور اگر یہ بھی نہیں تو کم از کم اُسے کوئی رئیس ہونا چاہیے، جس کی غیر معمولی شان و شوکت

بَلْ هُوَ كَذَّابٌ اَشِرٌ ﴿۲۵﴾ سَيَعْلَمُوْنَ غَدًا مَّنِ الْكَذَّابُ
الْاَشِرُ ﴿۲۶﴾ اِنَّا مُرْسِلُوا النَّاقَةِ فِتْنَةً لَّهُمْ فَارْتَقِبْهُمْ
وَاصْطَبِرْ ﴿۲۷﴾ وَ نَبِّئْهُمْ اَنَّ الْمَآءَ قِسْمَةٌۢ بَيْنَهُمْ ۚ كُلُّ شِرْبٍ
مُّحْتَضَرٌ ﴿۲۸﴾ فَنَادَوْا صَاحِبَهُمْ فَتَعَاطٰى فَعَقَرَ ﴿۲۹﴾ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِىْ

---

نہیں، بلکہ یہ پرلے درجے کا جھوٹا اور برخود غلط ہے۔[18]" (ہم نے اپنے پیغمبر سے کہا:) "کل ہی اِنھیں معلوم ہوا جاتا ہے کہ کون پرلے درجے کا جھوٹا اور برخود غلط ہے۔ ہم اُونٹنی کو اِن کے لیے فتنہ بنا کر بھیج رہے ہیں۔ اب ذرا صبر کے ساتھ دیکھ کہ اِن کا کیا انجام ہوتا ہے۔ اِن کو جتادے کہ پانی اِن کے اور اُونٹنی کے درمیان تقسیم ہوگا اور ہر ایک اپنی باری کے دن پانی پر آئے گا۔"[19] آخر کار اُن لوگوں نے اپنے آدمی کو پکارا اور اُس نے اِس کام کا بیڑا اُٹھایا اور اُونٹنی کو مار ڈالا۔[20] پھر دیکھ لو کہ کیسا تھا میرا عذاب

---

کی وجہ سے یہ مان لیا جائے کہ رہنمائی کے لیے خدا کی نظرِ انتخاب اس پر پڑی ہے۔ یہی وہ جہالت تھی جس میں کفارِ مکّہ مبتلا تھے۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت ماننے سے ان کا انکار بھی اسی بنیاد پر تھا کہ آپؐ بشر ہیں، عام آدمیوں کی طرح بازاروں میں چلتے پھرتے ہیں، کل ہمارے ہی درمیان پیدا ہوئے اور آج یہ دعویٰ کر رہے ہیں کہ مجھے خدا نے نبی بنایا ہے۔

۱۸- اصل میں لفظ اَشِرٌ استعمال ہوا ہے، جس کے معنی ہیں ایسا خود پسند اور برخود غلط شخص جس کے دماغ میں اپنی بڑائی کا سودا سما گیا ہو اور اس بنا پر وہ ڈینگیں مارتا ہو۔

۱۹- یہ تشریح ہے اِس ارشاد کی کہ "ہم اُونٹنی کو ان کے لیے فتنہ بنا کر بھیج رہے ہیں۔" وہ فتنہ یہ تھا کہ یکایک ایک اُونٹنی لا کر ان کے سامنے کھڑی کر دی گئی اور ان سے کہہ دیا گیا کہ ایک دن یہ اکیلی پانی پیے گی اور دوسرے دن تم سب لوگ اپنے لیے اور اپنے جانوروں کے لیے پانی لے سکو گے۔ اُس کی باری کے دن تم میں سے کوئی شخص کسی چشمے اور کنویں پر نہ خود پانی لینے کے لیے آئے، نہ اپنے جانوروں کو پلانے کے لیے لائے۔ یہ چیلنج اُس شخص کی طرف سے دیا گیا تھا جس کے متعلق وہ خود کہتے تھے کہ یہ کوئی لاؤ لشکر نہیں رکھتا، نہ کوئی بڑا جتھا اس کی پُشت پر ہے۔

۲۰- اِن الفاظ سے خود بخود یہ صورت حال مُترشّح ہوتی ہے کہ وہ اُونٹنی ایک مدّت تک اُن کی بستیوں میں دندناتی پھری۔ اس کی باری کے دن کسی کو پانی پر آنے کی ہمت نہ ہوتی تھی۔ آخر کار اپنی قوم کے ایک من چلے سردار کو انھوں نے پکارا کہ تُو بڑا جری اور بے باک آدمی ہے، بات بات پر آستینیں چڑھا کر مارنے اور مرنے کے لیے تیار

وَ نُذُرِ ﴿۳۰﴾ اِنَّاۤ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَكَانُوْا كَهَشِيْمِ
الْمُحْتَظِرِ ﴿۳۱﴾ وَ لَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿۳۲﴾
كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوْطٍۭ بِالنُّذُرِ ﴿۳۳﴾ اِنَّاۤ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ حَاصِبًا اِلَّاۤ اٰلَ
لُوْطٍ ؕ نَجَّيْنٰهُمْ بِسَحَرٍ ﴿۳۴﴾ نِّعْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِيْ مَنْ
شَكَرَ ﴿۳۵﴾ وَ لَقَدْ اَنْذَرَهُمْ بَطْشَتَنَا فَتَمَارَوْا بِالنُّذُرِ ﴿۳۶﴾

---

اور کیسی تھیں میری تنبیہات۔ ہم نے اُن پر بس ایک ہی دھماکا چھوڑا اور وہ باڑے والے کی روندی ہوئی باڑھ کی طرح بُھس ہو کر رہ گئے[21]۔ ہم نے اِس قرآن کو نصیحت کے لیے آسان ذریعہ بنا دیا ہے، اب ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والا؟

لُوط کی قوم نے تنبیہات کو جُھٹلایا اور ہم نے پتھراؤ کرنے والی ہوا اس پر بھیج دی۔ صرف لُوط کے گھر والے اُس سے محفوظ رہے۔ اُن کو ہم نے اپنے فضل سے رات کے پچھلے پہر بچا کر نکال دیا۔ یہ جزا دیتے ہیں ہم ہر اُس شخص کو جو شکر گزار ہوتا ہے۔ لُوط نے اپنی قوم کے لوگوں کو ہماری پکڑ سے خبردار کیا، مگر وہ ساری تنبیہات کو مشکوک سمجھ کر باتوں میں اُڑاتے رہے۔

---

ہو جاتا ہے، ذرا ہمّت کر کے اِس اُونٹنی کا قصہ بھی پاک کر دکھا۔ اُن کے بڑھاوے چڑھاوے دینے پر اُس نے یہ مہم سر کرنے کا بیڑا اُٹھا لیا اور اُونٹنی کو مار ڈالا۔ اِس کے صاف معنٰی یہ ہیں کہ وہ لوگ اس اُونٹنی سے سخت مرعوب تھے، ان کو یہ احساس تھا کہ اس کی پُشت پر کوئی غیر معمولی طاقت ہے، اس پر ہاتھ ڈالتے ہوئے وہ ڈرتے تھے، اور اِسی بنا پر محض ایک اُونٹنی کو مار ڈالنا، ایسی حالت میں بھی جب کہ اُس کے پیش کرنے والے پیغمبر کے پاس کوئی فوج نہ تھی جس کا انھیں ڈر ہوتا، اُن کے لیے ایک بڑی مہم سر کرنے کا ہم معنٰی تھا۔ (مزید تفصیل کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد دوم، الاعراف، حاشیہ ۵۸۔ جلد سوم، الشُّعَراء، حاشیہ ۱۰۴-۱۰۵)

۲۱- جو لوگ مویشی پالتے ہیں وہ اپنے جانوروں کے باڑے کو محفوظ کرنے کے لیے لکڑیوں اور جھاڑیوں کی ایک باڑھ بنا دیتے ہیں۔ اِس باڑھ کی جھاڑیاں رفتہ رفتہ سوکھ کر جھڑ جاتی ہیں اور جانوروں کی آمد و رفت سے پامال ہو کر اُن کا بُرادہ بن جاتا ہے۔ قومِ ثمود کی کُچلی ہوئی بوسیدہ لاشوں کو اسی بُرادے سے تشبیہ دی گئی ہے۔

وَ لَقَدْ رَاوَدُوْهُ عَنْ ضَيْفِهٖ فَطَمَسْنَاۤ اَعْيُنَهُمْ فَذُوْقُوْا
عَذَابِیْ وَ نُذُرِ ﴿۳۷﴾ وَ لَقَدْ صَبَّحَهُمْ بُكْرَةً عَذَابٌ مُّسْتَقِرٌّ ﴿۳۸﴾
فَذُوْقُوْا عَذَابِیْ وَ نُذُرِ ﴿۳۹﴾ وَ لَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ
فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿۴۰﴾ وَ لَقَدْ جَآءَ اٰلَ فِرْعَوْنَ النُّذُرُ ﴿۴۱﴾
كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كُلِّهَا فَاَخَذْنٰهُمْ اَخْذَ عَزِيْزٍ مُّقْتَدِرٍ ﴿۴۲﴾

ع ۲ / ۸

پھر انھوں نے اُسے اپنے مہمانوں کی حفاظت سے باز رکھنے کی کوشش کی۔ آخر کار ہم نے اُن کی آنکھیں موند دیں کہ چکھو اب میرے عذاب اور میری تنبیہات کا مزا۔[۲۲] صبح سویرے ہی ایک اٹل عذاب نے ان کو آلیا۔ چکھو مزا اب میرے عذاب کا اور میری تنبیہات کا۔ ہم نے اِس قرآن کو نصیحت کے لیے آسان ذریعہ بنا دیا ہے، پس ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والا؟ ع

اور آلِ فرعون کے پاس بھی تنبیہات آئی تھیں، مگر انھوں نے ہماری ساری نشانیوں کو جھٹلا دیا۔ آخر کو ہم نے انھیں پکڑا جس طرح کوئی زبردست قدرت والا پکڑتا ہے۔

۲۲- اس قصے کی تفصیلات سورۂ ہود (آیات ۷۷ تا ۸۳) اور سورۂ حِجر (آیات ۶۱ تا ۷۴) میں گزر چکی ہیں۔ خلاصہ ان کا یہ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے اس قوم پر عذاب بھیجنے کا فیصلہ فرمایا تو چند فرشتوں کو نہایت خوبصورت لڑکوں کی شکل میں حضرت لُوطؑ کے ہاں مہمان کے طور پر بھیج دیا۔ ان کی قوم کے لوگوں نے جب دیکھا کہ اُن کے ہاں ایسے خوبصورت مہمان آئے ہیں تو وہ ان کے گھر پر چڑھ دوڑے اور ان سے مطالبہ کیا کہ وہ اپنے ان مہمانوں کو بدکاری کے لیے ان کے حوالے کر دیں۔ حضرت لُوطؑ نے ان کی بے انتہا منت سماجت کی کہ وہ اس ذلیل حرکت سے باز رہیں، مگر وہ نہ مانے اور گھر میں گھس کر زبردستی مہمانوں کو نکال لینے کی کوشش کی۔ اس آخری مرحلے پر یکایک ان کی آنکھیں اندھی ہو گئیں۔ پھر فرشتوں نے حضرت لُوطؑ سے کہا کہ وہ اور ان کے گھر والے صبح ہونے سے پہلے اس بستی سے نکل جائیں، اور ان کے نکلتے ہی اس قوم پر ایک ہولناک عذاب نازل ہو گیا۔ بائبل میں بھی یہ واقعہ اسی طرح بیان کیا گیا ہے۔ اس کے الفاظ یہ ہیں: "تب وہ اُس مرد یعنی لُوطؑ پر پل پڑے اور نزدیک آئے، تاکہ کواڑ توڑ ڈالیں۔ لیکن اُن مَردوں (یعنی فرشتوں) نے اپنے ہاتھ بڑھا کر لوطؑ کو اپنے پاس گھر میں کھینچ لیا اور دروازہ بند کر دیا اور ان مَردوں کو جو گھر

اَكُفَّارُكُمْ خَيْرٌ مِّنْ اُولٰٓئِكُمْ اَمْ لَكُمْ بَرَآءَةٌ فِي الزُّبُرِ ۝۴۳
اَمْ يَقُوْلُوْنَ نَحْنُ جَمِيْعٌ مُّنْتَصِرٌ ۝۴۴ سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَ
يُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ ۝۴۵ بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَ السَّاعَةُ
اَدْهٰى وَ اَمَرُّ ۝۴۶ اِنَّ الْمُجْرِمِيْنَ فِيْ ضَلٰلٍ وَّ سُعُرٍ ۝۴۷ يَوْمَ
يُسْحَبُوْنَ فِي النَّارِ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ ؕ ذُوْقُوْا مَسَّ سَقَرَ ۝۴۸

وقف لازم

کیا تمھارے کُفّار کچھ اُن لوگوں سے بہتر ہیں؟[۲۳] یا آسمانی کتابوں میں تمھارے لیے کوئی معافی لکھی ہوئی ہے؟ یا اِن لوگوں کا کہنا یہ ہے کہ ہم ایک مضبوط جتھا ہیں، اپنا بچاؤ کرلیں گے؟ عنقریب یہ جتھا شکست کھا جائے گا اور یہ سب پیٹھ پھیر کر بھاگتے نظر آئیں گے۔[۲۴] بلکہ اِن سے نمٹنے کے لیے اصل وعدے کا وقت تو قیامت ہے اور وہ بڑی آفت اور زیادہ تلخ ساعت ہے۔ یہ مجرم لوگ درحقیقت غلط فہمی میں مُبتلا ہیں اور اِن کی عقل ماری گئی ہے۔ جس روز یہ منہ کے بل آگ میں گھسیٹے جائیں گے، اُس روز اِن سے کہا جائے گا کہ اب چکھو جہنّم کی لپٹ کا مزا۔

کے دروازے پر تھے، کیا چھوٹے کیا بڑے، اندھا کردیا۔ سو وہ دروازہ ڈھونڈتے ڈھونڈتے تھک گئے۔'' (پیدائش، ۱۹:۹-۱۱)

۲۳- خطاب ہے قریش کے لوگوں سے۔ مطلب یہ ہے کہ تم میں آخر کیا خوبی ہے، کون سے لعل تمھارے لٹکے ہوئے ہیں کہ جس کفر اور تکذیب اور ہٹ دھرمی کی رَوِش پر دوسری قوموں کو سزا دی جا چکی ہے، وہی روش تم اختیار کرو تو تمھیں سزا نہ دی جائے؟

۲۴- یہ صریح پیش گوئی ہے جو ہجرت سے پانچ سال پہلے کردی گئی تھی کہ قریش کی جمعیت، جس کی طاقت کا اُنھیں بڑا زعم تھا، عنقریب مسلمانوں سے شکست کھا جائے گی۔ اُس وقت کوئی شخص یہ تصور تک نہ کرسکتا تھا کہ مستقبل قریب میں یہ انقلاب کیسے ہوگا۔ مسلمانوں کی بے بسی کا حال یہ تھا کہ ان میں سے ایک گروہ ملک چھوڑ کر حَبَش میں پناہ گزین ہو چکا تھا، اور باقی ماندہ اہلِ ایمان شِعْبِ ابی طالب میں محصور تھے، جنھیں قریش کے مقاطعے

إِنَّا كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنَٰهُ بِقَدَرٍ ۴۹ وَمَآ أَمْرُنَآ إِلَّا وَٰحِدَةٌ
كَلَمْحٍۭ بِٱلْبَصَرِ ۵۰ وَلَقَدْ أَهْلَكْنَآ أَشْيَاعَكُمْ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ ۵۱ وَكُلُّ
شَيْءٍ فَعَلُوهُ فِى ٱلزُّبُرِ ۵۲ وَكُلُّ صَغِيرٍ وَكَبِيرٍ مُّسْتَطَرٌ ۵۳

---

ہم نے ہر چیز ایک تقدیر کے ساتھ پیدا کی ہے،[۲۵] اور ہمارا حکم بس ایک ہی حکم ہوتا ہے اور پلک جھپکاتے وہ عمل میں آ جاتا ہے۔[۲۶] تم جیسے بہت سوں کو ہم ہلاک کر چکے ہیں،[۲۷] پھر ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والا؟ جو کچھ اِنھوں نے کیا ہے وہ سب دفتروں میں درج ہے اور ہر چھوٹی بڑی بات لکھی ہوئی موجود ہے۔[۲۸]

---

اور محاصرے نے بھوکوں مار دیا تھا۔ اس حالت میں کون یہ سمجھ سکتا تھا کہ سات ہی برس کے اندر نقشہ بدل جانے والا ہے۔ حضرت عبداللہ بن عباسؓ کے شاگرد عِکْرِمَہ کی روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے تھے: جب سورۂ قمر کی یہ آیت نازل ہوئی تو میں حیران تھا کہ آخر یہ کون سی جمعیت ہے جو شکست کھائے گی؟ مگر جب جنگِ بدر میں کفار شکست کھا کر بھاگ رہے تھے، اُس وقت مَیں نے دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم زرہ پہنے ہوئے آگے کی طرف جھپٹ رہے ہیں اور آپؐ کی زبانِ مبارک پر یہ الفاظ جاری ہیں کہ سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّونَ الدُّبُرَ، تب میری سمجھ میں آیا کہ یہ تھی وہ ہزیمت جس کی خبر دی گئی تھی۔ (ابنِ جَریر، ابنِ ابی حاتم)

۲۵- یعنی دنیا کی کوئی چیز بھی اَلَل ٹَپ نہیں پیدا کر دی گئی ہے، بلکہ ہر چیز کی ایک تقدیر ہے جس کے مطابق وہ ایک مقرر وقت پر بنتی ہے، ایک خاص شکل اختیار کرتی ہے، ایک خاص حد تک نَشْوونُما پاتی ہے، ایک خاص مدت تک باقی رہتی ہے، اور ایک خاص وقت پر ختم ہو جاتی ہے۔ اِسی عالمگیر ضابطے کے مطابق خود اِس دنیا کی بھی ایک تقدیر ہے جس کے مطابق ایک وقتِ خاص تک یہ چل رہی ہے اور ایک وقتِ خاص ہی پر اِسے ختم ہونا ہے۔ جو وقت اِس کے خاتمے کے لیے مقرر کر دیا گیا ہے، نہ اُس سے ایک گھڑی پہلے یہ ختم ہوگی، نہ اس کے ایک گھڑی بعد یہ باقی رہے گی۔ یہ نہ اَزَلی و اَبَدی ہے کہ ہمیشہ سے ہو اور ہمیشہ قائم رہے، اور نہ کسی بچے کا کھلونا ہے کہ جب تم کہو اُسی وقت وہ اسے توڑ پھوڑ کر دکھا دے۔

۲۶- یعنی قیامت برپا کرنے کے لیے ہمیں کوئی بڑی تیاری نہیں کرنی ہوگی اور نہ اسے لانے میں کوئی بڑی مدت صَرف ہوگی۔ ہماری طرف سے بس ایک حکم صادر ہونے کی دیر ہے۔ اُس کے صادر ہوتے ہی پلک جھپکاتے وہ برپا ہو جائے گی۔

اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّ نَهَرٍ ﴿۵۴﴾ فِيْ مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِيْكٍ مُّقْتَدِرٍ ﴿۵۵﴾ ع

ع ۳

نافرمانی سے پرہیز کرنے والے یقیناً باغوں اور نہروں میں ہوں گے، سچی عزّت کی جگہ، بڑے ذی اقتدار بادشاہ کے قریب ؏

۲۷- یعنی اگر تم یہ سمجھتے ہو کہ یہ کسی خدائے حکیم و عادل کی خدائی نہیں بلکہ کسی اندھے راجا کی چوپٹ نگری ہے جس میں آدمی جو کچھ چاہے کرتا پھرے، کوئی اس سے باز پُرس کرنے والا نہیں ہے، تو تمہاری آنکھیں کھولنے کے لیے انسانی تاریخ موجود ہے، جس میں اِسی روش پر چلنے والی قومیں پے در پے تباہ کی جاتی رہی ہیں۔

۲۸- یعنی یہ لوگ اس غلط فہمی میں بھی نہ رہیں کہ اِن کا کیا دھرا کہیں غائب ہو گیا ہے۔ نہیں، ہر شخص، ہر گروہ اور ہر قوم کا پُورا پُورا ریکارڈ محفوظ ہے اور اپنے وقت پر وہ سامنے آجائے گا۔

# تفہیم القرآن

## الرحمٰن

## (۵۵)

# الرَّحمٰن

**نام** پہلے ہی لفظ کو اِس سورہ کا نام قرار دیا گیا ہے۔ اِس کا مطلب یہ ہے کہ یہ وہ سورت ہے جو لفظ "الرحمٰن" سے شروع ہوتی ہے۔ تاہم اس نام کو سورت کے مضمون سے بھی گہری مناسبت ہے، کیونکہ اِس میں شروع سے آخر تک اللہ تعالیٰ کی صفتِ رحمت کے مظاہر و ثمرات کا ذکر فرمایا گیا ہے۔

**زمانۂ نزُول** علمائے تفسیر بالعموم اِس سورت کو مکّی قرار دیتے ہیں۔ اگرچہ بعض روایات میں حضرت عبداللہ بن عباسؓ اور عِکْرِمَہؒ اور قَتَادَہؒ سے یہ قول منقول ہے کہ یہ سورت مدنی ہے، لیکن اوّل تو اِنھی بزرگوں سے بعض دوسری رِوایات اِس کے خلاف بھی منقول ہوئی ہیں، دوسرے اس کا مضمون مدنی سورتوں کی بہ نسبت مکّی سورتوں سے زیادہ مشابہ ہے، بلکہ اپنے مضمون کے لحاظ سے یہ مکّے کے بھی ابتدائی دَور کی معلوم ہوتی ہے۔ اور مزید برآں متعدّد معتبر رِوایات سے اِس امر کا ثبوت ملتا ہے کہ یہ مکّہ معظّمہ ہی میں ہجرت سے کئی سال قبل نازل ہوئی تھی۔

مُسندِ احمد میں حضرت اَسماء بنتِ ابی بکر رضی اللہ عنہما کی رِوایت ہے کہ "میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حرم میں خانۂ کعبہ کے اُس گوشے کی طرف رُخ کر کے نماز پڑھتے دیکھا جس میں حَجَرِ اَسْوَد نصب ہے۔ یہ اُس زمانے کی بات ہے جب کہ ابھی فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ (جس چیز کا تمھیں حکم دیا جا رہا ہے، اُسے ہانکے پکارے کہہ دو) کا فرمانِ الٰہی نازل نہیں ہوا تھا۔ مشرکین اس نماز میں آپؐ کی زبان سے فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ کے الفاظ سُن رہے تھے۔" اس سے معلوم ہوا کہ یہ سورت سورۂ الحِجر سے پہلے نازل ہو چکی تھی۔

بزّار، ابنِ جَرِیر، ابن المُنْذِر، دارقُطنی (فی الافراد)، ابنِ مَرْدُوْیَہ اور الخطیب (فی التاریخ) نے حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے یہ روایت نقل کی ہے کہ ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۂ رحمٰن خود تلاوت فرمائی، یا آپؐ کے سامنے یہ سورت پڑھی گئی۔ پھر آپؐ نے لوگوں سے فرمایا کہ "کیا وجہ ہے کہ میں تم سے ویسا اچھا جواب نہیں سُن رہا ہوں جیسا جنّوں نے اپنے رب کو دیا تھا؟" لوگوں نے عرض کیا: "وہ کیا جواب تھا؟" آپؐ نے فرمایا کہ "جب میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ پڑھتا تو جن اُس کے جواب میں کہتے جاتے تھے کہ لَا بِشَيْءٍ مِّنْ نِعْمَةِ رَبِّنَا نُكَذِّبُ، "ہم اپنے رب کی کسی نعمت کو نہیں جھٹلاتے۔"

اِسی سے مِلتا جُلتا مضمون ترمذی، حاکم اور حافظ ابوبکر بزّار نے حضرت جابر بن عبداللہؓ سے نقل کیا ہے۔ اُن کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ جب لوگ سورۂ رحمٰن کو سُن کر خاموش رہے تو حضورؐ نے فرمایا: لقد قراءتها علی الجن لیلة الجن فکانوا احسن مردودًا منکم، کنت کلما اتیت علی قوله فَبِأَيِّ الَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ قالوا لَا بِشَیْءٍ مِّنْ نِّعَمِكَ رَبَّنَا نکذب فلك الحمد، یعنی ”میں نے یہ سورت اُس رات جِنّوں کو سنائی تھی جس میں وہ قرآن سننے کے لیے جمع ہوئے تھے۔ وہ اِس کا جواب تم سے بہتر دے رہے تھے۔ جب میں اللہ تعالیٰ کے اِس ارشاد پر پہنچتا تھا کہ اَے جِنّ و انس! تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے، تو وہ اس کے جواب میں کہتے تھے کہ اے ہمارے پروردگار! ہم تیری کسی نعمت کو نہیں جھٹلاتے، حمد تیرے ہی لیے ہے۔“

اِس روایت سے معلوم ہوا کہ سورۂ اَحقاف (آیات ۲۹-۳۲) میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانِ مبارک سے جِنّوں کے قرآن سننے کا جو واقعہ بیان کیا گیا ہے، اُس موقع پر حضورؐ نماز میں سورۂ رحمٰن تلاوت فرما رہے تھے۔ یہ ۱۰ نبوی کا واقعہ ہے جب آپؐ سفرِ طائف سے واپسی پر نَخلَہ میں کچھ مدت ٹھیرے تھے۔ اگرچہ بعض دوسری روایات میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ اُس موقع پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ معلوم نہ تھا کہ جن آپؐ سے قرآن سُن رہے ہیں، بلکہ بعد میں اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو یہ خبر دی کہ وہ آپؐ کی تلاوت سُن رہے تھے، لیکن یہ بات بعید از قیاس نہیں ہے کہ جس طرح اللہ تعالیٰ نے حضورؐ کو جِنّوں کی سماعتِ قرآن پر مُطّلع فرمایا تھا، اُسی طرح اللہ تعالیٰ ہی نے آپؐ کو یہ اطلاع بھی دے دی ہو کہ سورۂ رحمٰن سنتے وقت وہ اس کا کیا جواب دیتے جا رہے تھے۔

اِن روایات سے تو صرف اِس قدر معلوم ہوتا ہے کہ سورۂ رحمٰن سورۂ حِجر اور سورۂ اَحقاف سے پہلے نازل ہو چکی تھی۔ اِس کے بعد ایک اور رِوایت ہمارے سامنے آتی ہے جس سے پتا چلتا ہے کہ یہ مکّۂ معظمہ کے ابتدائی دَور کی نازل شدہ سورتوں میں سے ہے۔ ابنِ اسحاقؒ حضرت عُروَہؓ بن زُبیرؓ سے یہ واقعہ نقل کرتے ہیں کہ ایک روز صحابۂ کرامؓ نے آپس میں کہا کہ قریش نے کبھی کسی کو عَلانِیَہ باآوازِ بلند قرآن پڑھتے نہیں سنا ہے، ہم میں کون ہے جو ایک دفعہ اُن کو یہ کلامِ پاک سنا ڈالے؟ حضرت عبداللہؓ بن مسعود نے کہا: ”میں یہ کام کرتا ہوں۔“ صحابہؓ نے کہا: ”ہمیں ڈر ہے کہ وہ تم پر زیادتی کریں گے۔ ہمارے خیال میں کسی ایسے شخص کو یہ کام کرنا چاہیے جس کا خاندان زبردست ہو، تاکہ اگر قریش کے لوگ اُس پر دست درازی کریں تو اس کے خاندان والے اس کی حمایت پر اُٹھ کھڑے ہوں۔“ حضرت عبداللہؓ نے فرمایا: ”مجھے یہ کام کر ڈالنے دو، میرا محافظ اللہ ہے۔“ پھر وہ دن چڑھے حرم میں پہنچے جب کہ قریش کے سردار وہاں اپنی اپنی مجلسوں میں بیٹھے تھے۔ حضرت عبداللہؓ نے مقامِ ابراہیم پر پہنچ کر پُورے زور سے سورۂ رحمٰن کی تلاوت شروع کر دی۔ قریش کے لوگ پہلے تو سوچتے رہے کہ عبداللہؓ کیا کہہ رہے ہیں۔ پھر جب

انھیں پتا چلا کہ یہ وہ کلام ہے جسے محمد صلی اللہ علیہ وسلم خدا کے کلام کی حیثیت سے پیش کرتے ہیں تو وہ اُن پر ٹوٹ پڑے اور ان کے منہ پر تھپڑ مارنے لگے۔ مگر حضرت عبداللہؓ نے پروا نہ کی۔ پٹتے جاتے تھے اور پڑھتے جاتے تھے۔ جب تک ان کے دَم میں دَم رہا، قرآن سنائے چلے گئے۔ آخرکار جب وہ اپنا سُوجا ہوا منہ لے کر پلٹے تو ساتھیوں نے کہا: ''ہمیں اسی چیز کا ڈر تھا۔'' انھوں نے جواب دیا: ''آج سے بڑھ کر یہ خدا کے دشمن میرے لیے کبھی ہلکے نہ تھے، تم کہو تو کل پھر انھیں قرآن سناؤں۔'' سب نے کہا: ''بس اتنا ہی کافی ہے۔ جو کچھ وہ نہیں سننا چاہتے تھے، وہ تم نے انھیں سنا دیا۔'' (سیرت ابنِ ہِشَام، جلد اوّل، ص ۳۳۶)

## موضوع اور مضمون

قرآنِ مجید کی یہ ایک ہی سورت ہے جس میں انسان کے ساتھ زمین کی دوسری بااختیار مخلوق، جِنّوں کو بھی براہِ راست خطاب کیا گیا ہے، اور دونوں کو اللہ تعالیٰ کی قدرت کے کمالات، اُس کے بے حد وحساب احسانات، اس کے مقابلے میں اُن کی عاجزی و بے بسی اور اُس کے حضور اُن کی جواب دہی کا احساس دلا کر اُس کی نافرمانی کے انجامِ بد سے ڈرایا گیا ہے اور فرماں برداری کے بہترین نتائج سے آگاہ کیا گیا ہے۔ اگرچہ قرآنِ پاک میں متعدّد مقامات پر ایسی تصریحات موجود ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ انسانوں کی طرح جِنّ بھی ایک ذی اختیار اور جواب دِہ مخلوق ہیں جنھیں کفر و ایمان اور طاعت و عصیان کی آزادی بخشی گئی ہے، اور اُن میں بھی انسانوں ہی کی طرح کافر و مومن اور مطیع و سرکش پائے جاتے ہیں، اور اُن کے اندر بھی ایسے گروہ موجود ہیں جو انبیا علیہم السلام اور کُتُبِ آسمانی پر ایمان لائے ہیں، لیکن یہ سورت اس امر کی قطعی صراحت کرتی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور قرآنِ مجید کی دعوت جِنّ اور اِنس دونوں کے لیے ہے اور حضورؐ کی رسالت صرف انسانوں تک محدود نہیں ہے۔

سورت کے آغاز میں تو خطاب کا رُخ انسانوں کی طرف ہی ہے، کیونکہ زمین کی خلافت انھی کو حاصل ہے، خدا کے رسول انھی میں سے آئے ہیں، اور خدا کی کتابیں اُنھی کی زبانوں میں نازل کی گئی ہیں، لیکن آگے چل کر آیت ۱۳ سے انسان اور جِنّ دونوں کو یکساں مُخاطَب کیا گیا ہے اور ایک ہی دعوت دونوں کے سامنے پیش کی گئی ہے۔

سورت کے مضامین چھوٹے چھوٹے فقروں میں ایک خاص ترتیب سے ارشاد ہوئے ہیں:

آیت ۱ سے ۴ تک یہ مضمون بیان فرمایا گیا ہے کہ اِس قرآن کی تعلیم اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور یہ عین اُس کی رحمت کا تقاضا ہے کہ وہ اِس تعلیم سے نوعِ انسانی کی ہِدایت کا سامان کرے، کیونکہ انسان کو ایک ذی عقل و شُعور مخلوق کی حیثیت سے اُسی نے پیدا کیا ہے۔

آیت ۵-۶ میں بتایا گیا ہے کہ کائنات کا سارا نظام اللہ تعالیٰ کی فرمانروائی میں چل رہا ہے اور زمین و

آسمان کی ہر چیز اس کی تابع فرمان ہے۔ یہاں کوئی دوسرا نہیں ہے جس کی خدائی چل رہی ہو۔

آیت ۷-۹ میں ایک دوسری اہم حقیقت یہ بیان کی گئی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کائنات کے اِس پورے نظام کو ٹھیک ٹھیک توازُن کے ساتھ عدل پر قائم کیا ہے اور اِس نظام کی فطرت یہ چاہتی ہے کہ اِس میں رہنے والے اپنے حُدودِ اختیار میں بھی عدل ہی پر قائم ہوں اور توازُن نہ بگاڑیں۔

آیت ۱۰ سے ۲۵ تک اللہ تعالیٰ کی قدرت کے عجائب و کمالات بیان کرنے کے ساتھ ساتھ اُس کی اُن نعمتوں کی طرف اشارے کیے گئے ہیں جن سے انسان اور جن متمتّع ہو رہے ہیں۔

آیت ۲۶ سے ۳۰ تک انسان اور جن دونوں کو یہ حقیقت یاد دلائی گئی ہے کہ اِس کائنات میں ایک خدا کے سوا کوئی غیر فانی اور لازوال نہیں ہے، اور چھوٹے سے بڑے تک کوئی موجود ایسا نہیں جو اپنے وجود اور ضروریاتِ وجود کے لیے خدا کا محتاج نہ ہو۔ زمین سے لے کر آسمانوں تک شب و روز جو کچھ بھی ہو رہا ہے، اُسی کی کارفرمائی سے ہو رہا ہے۔

آیت ۳۱ سے ۳۶ تک اِن دونوں گروہوں کو خبردار کیا گیا ہے کہ عنقریب وہ وقت آنے والا ہے جب تم سے بازپُرس کی جائے گی۔ اِس باز پُرس سے بچ کر تم کہیں نہیں جا سکتے۔ خدا کی خدائی تمھیں ہر طرف سے گھیرے ہوئے ہے۔ اُس سے نکل کر بھاگ جانا تمھارے بس میں نہیں ہے۔ اگر تم اِس گھمنڈ میں مبتلا ہو کہ اُس سے بھاگ سکتے ہو تو بھاگ دیکھو۔

آیات ۳۷-۳۸ میں بتایا گیا ہے کہ یہ بازپرس قیامت کے روز ہونے والی ہے۔

آیت ۳۹ سے ۴۵ تک اُن مجرم انسانوں اور جنوں کا انجام بتایا گیا ہے جو دنیا میں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرتے رہے ہیں۔

اور آیت ۴۶ سے آخر سورت تک تفصیل کے ساتھ وہ انعامات بیان کیے گئے ہیں جو آخرت میں اُن نیک انسانوں اور جنّوں کو عطا کیے جائیں گے جنھوں نے دنیا میں خداترسی کی زندگی بسر کی ہے اور یہ سمجھتے ہوئے کام کیا ہے کہ ہمیں ایک روز اپنے رب کے سامنے پیش ہو کر اپنے اعمال کا حساب دینا ہے۔

یہ پُوری تقریر خطابت کی زبان میں ہے۔ ایک پُرجوش اور نہایت بلیغ خطبہ ہے جس کے دوران میں اللہ تعالیٰ کی قدرت کے ایک ایک عجوبے، اور اس کی عطا کردہ نعمتوں میں سے ایک ایک نعمت، اور اس کی سلطانی و قہّاری کے مظاہر میں سے ایک ایک مظہر، اور اس کی جزا و سزا کی تفصیلات میں سے ایک ایک چیز کو بیان کر کے بار بار جنّ و اِنس سے سوال کیا گیا ہے کہ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ۔ آگے چل کر ہم اس کی وضاحت کریں گے کہ آلاء ایک وسیع المعنٰی لفظ ہے جس کو اس خطبے میں مختلف مواقع پر مختلف معنوں میں استعمال کیا گیا ہے، اور جنّ و اِنس سے یہ سوال ہر جگہ موقع و محل کے لحاظ سے اپنا ایک خاص مفہوم رکھتا ہے۔

۷۸ اٰیاتُھا — سُوۡرَۃُ الرَّحۡمٰنِ مَدَنِیَّۃٌ — ۳ رکوعاتُھا

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلرَّحۡمٰنُ ۙ﴿۱﴾ عَلَّمَ الۡقُرۡاٰنَ ؕ﴿۲﴾ خَلَقَ الۡاِنۡسَانَ ۙ﴿۳﴾ عَلَّمَہُ الۡبَیَانَ ﴿۴﴾

رحمٰن نے اِس قرآن کی تعلیم دی ہے[1]۔ اُسی نے انسان کو پیدا کیا[2] اور اسے بولنا سکھایا[3]۔

۱ – یعنی اس قرآن کی تعلیم کسی انسان کی طبع زاد نہیں ہے بلکہ اس کا معلّم خود خدائے رحمٰن ہے۔ اس مقام پر یہ بات بیان کرنے کی حاجت نہیں تھی کہ اللہ نے قرآن کی یہ تعلیم کس کو دی ہے، کیونکہ لوگ اس کو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان سے سُن رہے تھے، اس لیے مقتضائے حال سے کلام کا یہ مُدّعا آپ سے آپ ظاہر ہو رہا تھا کہ یہ تعلیم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو دی گئی ہے۔

آغاز اس فقرے سے کرنے کا پہلا مقصد تو یہی بتانا ہے کہ حضورؐ خود اِس کے مصنف نہیں ہیں بلکہ اِس تعلیم کا دینے والا اللہ تعالیٰ ہے۔ مزید برآں دوسرا ایک مقصد اور بھی ہے جس کی طرف لفظ "رحمٰن" اشارہ کر رہا ہے۔ اگر بات صرف اتنی ہی کہنی ہوتی کہ یہ تعلیم اللہ کی طرف سے ہے، نبی کی طبع زاد نہیں ہے تو اللہ کا اسمِ ذات چھوڑ کر کوئی اسمِ صفت استعمال کرنے کی حاجت نہ تھی، اور اسمِ صفت ہی استعمال کرنا ہوتا تو محض اِس مضمون کو ادا کرنے کے لیے اسمائے الٰہیہ میں سے کوئی اسم بھی اختیار کیا جا سکتا تھا۔ لیکن جب یہ کہنے کے بجائے کہ اللہ نے، یا خالق نے، یا رزّاق نے یہ تعلیم دی ہے، فرمایا یہ گیا کہ اس قرآن کی تعلیم رحمٰن نے دی ہے، تو اس سے خود بخود یہ مضمون نکل آیا کہ بندوں کی ہدایت کے لیے قرآنِ مجید کا نازل کیا جانا سراسر اللہ کی رحمت ہے۔ وہ چونکہ اپنی مخلوق پر بے انتہا مہربان ہے، اس لیے اس نے یہ گوارا نہ کیا کہ تمھیں تاریکی میں بھٹکتا چھوڑ دے، اور اُس کی رحمت اِس بات کی مقتضی ہوئی کہ یہ قرآن بھیج کر تمھیں وہ علم عطا فرمائے جس پر دنیا میں تمھاری راست روی اور آخرت میں تمھاری فلاح کا انحصار ہے۔

۲ – بالفاظِ دیگر، چونکہ اللہ تعالیٰ انسان کا خالق ہے، اور خالق ہی کی یہ ذمّہ داری ہے کہ اپنی مخلوق کی رہنمائی کرے اور اُسے وہ راستہ بتائے جس سے وہ اپنا مقصدِ وجود پُورا کر سکے، اس لیے اللہ تعالیٰ کی طرف سے قرآن کی اِس تعلیم کا نازل ہونا محض اُس کی رحمانیت ہی کا تقاضا نہیں ہے، بلکہ اُس کے خالق ہونے کا بھی لازمی اور فطری تقاضا ہے۔ خالق اپنی مخلوق کی رہنمائی نہ کرے گا تو اور کون کرے گا؟ اور خالق ہی رہنمائی نہ کرے تو اور کون کر سکتا ہے؟ اور خالق کے لیے اس سے بڑا عیب اور کیا ہو سکتا ہے کہ جس چیز کو وہ وجود میں لائے، اسے اپنے وجود کا مقصد پورا کرنے کا طریقہ نہ سکھائے؟ پس درحقیقت اللہ تعالیٰ کی طرف سے انسان کی تعلیم کا انتظام ہونا عجیب بات نہیں ہے، بلکہ یہ انتظام اگر اس کی طرف سے نہ ہوتا تو قابلِ تعجب ہوتا۔ پُوری کائنات میں جو چیز بھی اُس نے بنائی ہے، اُس کو محض

پیدا کر کے نہیں چھوڑ دیا ہے، بلکہ اس کو وہ موزوں ترین ساخت دی ہے جس سے وہ نظامِ فطرت میں اپنے حصے کا کام کرنے کے قابل ہو سکے، اور اُس کام کو انجام دینے کا طریقہ اُسے سکھایا ہے۔ خود انسان کے اپنے جسم کا ایک ایک رونگٹا اور ایک ایک خَلِیَہ (cell) وہ کام سیکھ کر پیدا ہوا ہے جو اُسے انسانی جسم میں انجام دینا ہے۔ پھر آخر انسان بجائے خود اپنے خالق کی تعلیم و رہنمائی سے بے نیاز یا محروم کیسے ہو سکتا تھا؟ قرآنِ مجید میں اس مضمون کو مختلف مقامات پر مختلف طریقوں سے سمجھایا گیا ہے۔ سورۂ لَیل (آیت ۱۲) میں فرمایا: اِنَّ عَلَيْنَا لَلْهُدٰى ''رہنمائی کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔'' سورۂ نَحل (آیت ۹) میں ارشاد ہوا: وَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيْلِ وَمِنْهَا جَآئِرٌ ''یہ اللہ کے ذمے ہے کہ سیدھا راستہ بتائے اور ٹیڑھے راستے بہت سے ہیں۔'' سورۂ طٰہٰ (آیات ۴۷-۵۰) میں ذکر آتا ہے کہ جب فرعون نے حضرت موسیٰؑ کی زبان سے پیغامِ رسالت سُن کر حیرت سے پوچھا کہ آخر وہ تمھارا رب کون سا ہے جو میرے پاس رسول بھیجتا ہے، تو حضرت موسیٰؑ نے جواب دیا کہ رَبُّنَا الَّذِيْٓ اَعْطٰى كُلَّ شَيْءٍ خَلْقَهٗ ثُمَّ هَدٰى ''ہمارا رب وہ ہے جس نے ہر چیز کو اس کی مخصوص ساخت عطا کی اور پھر اس کی رہنمائی کی''، یعنی وہ طریقہ سکھایا جس سے وہ نظامِ وجود میں اپنے حصّے کا کام کر سکے۔ یہی وہ دلیل ہے جس سے ایک غیر متعصّب ذہن اِس بات پر مطمئن ہو جاتا ہے کہ انسان کی تعلیم کے لیے اللہ تعالیٰ کی طرف سے رسولوں اور کتابوں کا آنا عین تقاضائے فطرت ہے۔

۳- اصل میں لفظ ''بیان'' استعمال ہوا ہے۔ اس کے ایک معنیٰ تو اظہارِ مافی الضمیر کے ہیں، یعنی بولنا اور اپنا مطلب و مدّعا بیان کرنا۔ اور دوسرے معنیٰ ہیں: فرق و امتیاز کی وضاحت، جس سے مراد اِس مقام پر خیر و شر اور بھلائی اور بُرائی کا امتیاز ہے۔ ان دونوں معنوں کے لحاظ سے یہ چھوٹا سا فقرہ اُوپر کے اِستِدلال کو مکمل کر دیتا ہے۔ بولنا وہ امتیازی وصف ہے جو انسان کو حیوانات اور دوسری ارضی مخلوقات سے مُمَیَّز کرتا ہے۔ یہ محض قوتِ گویائی ہی نہیں ہے، بلکہ اس کے پیچھے عقل و شُعور، فہم و اِدراک، تمیز و ارادہ اور دوسری ذہنی قوتیں کارفرما ہوتی ہیں، جن کے بغیر انسان کی قوتِ ناطقہ کام نہیں کر سکتی۔ اس لیے بولنا دراصل انسان کے ذی شُعور اور ذی اختیار مخلوق ہونے کی صریح علامت ہے۔ اور یہ امتیازی وصف جب اللہ تعالیٰ نے انسان کو عطا فرمایا ہے تو ظاہر ہے کہ اس کے لیے تعلیم کی نوعیت بھی وہ نہیں ہو سکتی جو بے شُعور اور بے اختیار مخلوق کی رہنمائی کے لیے موزوں ہے۔ اِسی طرح انسان کا دوسرا اہم ترین امتیازی وصف یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کے اندر ایک اَخلاقی حِس (moral sense) رکھ دی ہے جس کی وجہ سے وہ فطری طور پر نیکی اور بدی، حق اور ناحق، ظلم اور انصاف، بجا اور بے جا کے درمیان فرق کرتا ہے، اور یہ وِجدان اور احساس انتہائی گمراہی و جہالت کی حالت میں بھی اُس کے اندر سے نہیں نکلتا۔ ان دونوں امتیازی خُصوصیات کا لازمی تقاضا یہ ہے کہ انسان کی شُعوری و اختیاری زندگی کے لیے تعلیم کا طریقہ اُس پیدائشی طریقِ تعلیم سے مختلف ہو جس کے تحت مچھلی کو تیرنا اور پرندے کو اُڑنا، اور خود انسانی جسم کے اندر پلک کو جھپکنا، آنکھ کو دیکھنا، کان کو سننا، اور معدے کو ہضم کرنا سکھایا گیا ہے۔ انسان خود اپنی زندگی کے اِس شعبے میں استاد اور کتاب اور مدرسے اور تبلیغ و تلقین اور تحریر و تقریر اور بحث و اِستِدلال جیسے ذرائع ہی کو وسیلۂ تعلیم مانتا ہے، اور پیدائشی علم و شعور کو کافی نہیں سمجھتا۔ پھر یہ بات آخر

اَلشَّمۡسُ وَ الۡقَمَرُ بِحُسۡبَانٍ ۪﴿۵﴾ وَّ النَّجۡمُ وَ الشَّجَرُ یَسۡجُدٰنِ ﴿۶﴾

سُورج اور چاند ایک حساب کے پابند ہیں[۴] اور تارے[۵] اور درخت سب سجدہ ریز ہیں۔[۶]

کیوں عجیب ہو کہ انسان کے خالق پر اُس کی رہنمائی کی جو ذمہ داری عائد ہوتی ہے، اُسے ادا کرنے کے لیے اُس نے رسول اور کتاب کو تعلیم کا ذریعہ بنایا ہے؟ جیسی مخلوق ویسی ہی اُس کی تعلیم۔ یہ سراسر ایک معقول بات ہے۔ ''بیان'' جس مخلوق کو سکھایا گیا ہو، اس کے لیے ''قرآن'' ہی ذریعۂ تعلیم ہو سکتا ہے، نہ کہ کوئی ایسا ذریعہ جو اُن مخلوقات کے لیے موزوں ہے جنھیں بیان نہیں سکھایا گیا ہے۔

۴۔ یعنی ایک زبردست قانون اور ایک اٹل ضابطہ ہے جس سے یہ عظیم الشان سیّارے بندھے ہوئے ہیں۔ انسان وقت اور دن اور تاریخوں اور فصلوں اور موسموں کا حساب اِسی وجہ سے کر رہا ہے کہ سورج کے طلوع و غروب اور مختلف منزلوں سے اس کے گزرنے کا جو قاعدہ مقرر کر دیا گیا ہے، اُس میں کوئی تغیّر رُونما نہیں ہوتا۔ زمین پر بے حد و حساب مخلوق زندہ ہی اس وجہ سے ہے کہ سورج اور چاند کو ٹھیک ٹھیک حساب کر کے زمین سے ایک خاص فاصلے پر رکھا گیا ہے اور اس فاصلے میں کمی و بیشی صحیح ناپ تول سے ایک خاص ترتیب کے ساتھ ہوتی ہے۔ ورنہ زمین سے ان کا فاصلہ کسی حساب کے بغیر بڑھ یا گھٹ جائے تو یہاں کسی کا جینا ہی ممکن نہ رہے۔ اسی طرح زمین کے گرد چاند اور سورج کے درمیان حرکات میں ایسا مکمل تناسُب قائم کیا گیا ہے کہ چاند ایک عالمگیر جنتری بن کر رہ گیا ہے جو پوری باقاعدگی کے ساتھ ہر رات ساری دنیا کو قمری تاریخ بتا دیتی ہے۔

۵۔ اصل میں لفظ اَلنَّجْمُ استعمال ہوا ہے، جس کے معروف اور متبادِر معنٰی تارے کے ہیں۔ لیکن لُغتِ عرب میں یہ لفظ ایسے پودوں اور بیل بُوٹوں کے لیے بھی بولا جاتا ہے جن کا تنا نہیں ہوتا، مثلاً ترکاریاں، خربوزے، تربوز وغیرہ۔ مفسّرین کے درمیان اس امر میں اختلاف ہے کہ یہاں یہ لفظ کس معنٰی میں استعمال ہوا ہے۔ ابنِ عباسؓ، سعید بن جُبیرؒ، سُدِّیؒ اور سُفیان ثَوریؒ اس کو بے تنے والی نباتات کے معنٰی میں لیتے ہیں، کیونکہ اس کے بعد لفظ اَلشَّجَرُ (درخت) استعمال فرمایا گیا ہے، اور اُس کے ساتھ یہی معنٰی زیادہ مناسبت رکھتے ہیں۔ بخلاف اس کے مجاہدؒ، قَتَادَہؒ اور حَسَن بصریؒ کہتے ہیں کہ ''نجم'' سے مراد یہاں بھی زمین کے بُوٹے نہیں بلکہ آسمان کے تارے ہی ہیں، کیونکہ یہی اس کے معروف معنٰی ہیں، اس لفظ کو سُن کر سب سے پہلے آدمی کا ذہن اسی معنٰی کی طرف جاتا ہے، اور شمس و قمر کے بعد تاروں کا ذکر بالکل فطری مناسبت کے ساتھ کیا گیا ہے۔ مفسرین و مترجمین کی اکثریت نے اگرچہ پہلے معنٰی کو ترجیح دی ہے، اور اُس کو بھی غلط نہیں کہا جا سکتا، لیکن ہمارے نزدیک حافظ ابنِ کثیرؒ کی یہ رائے صحیح ہے کہ زبان اور مضمون دونوں کے لحاظ سے دوسرا مفہوم زیادہ قابلِ ترجیح نظر آتا ہے۔ قرآنِ مجید میں ایک دوسرے مقام پر بھی نجوم اور شجر کے سجدہ ریز ہونے کا ذکر آیا ہے، اور وہاں نجوم کو تاروں کے سوا اور کسی معنٰی میں نہیں لیا جا سکتا۔ آیت کے الفاظ یہ ہیں: اَلَمۡ تَرَ اَنَّ اللّٰہَ یَسۡجُدُ لَہٗ مَنۡ فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَنۡ فِی الۡاَرۡضِ وَ الشَّمۡسُ وَ الۡقَمَرُ وَ النُّجُوۡمُ وَ الۡجِبَالُ وَ الشَّجَرُ وَ الدَّوَآبُّ

وَالسَّمَآءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ الْمِيْزَانَ ۝۷ اَلَّا تَطْغَوْا فِي
الْمِيْزَانِ ۝۸ وَاَقِيْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِيْزَانَ ۝۹

آسمان کو اُس نے بلند کیا اور میزان قائم کر دی ۷۔ اِس کا تقاضا یہ ہے کہ تم میزان میں خلل نہ ڈالو، انصاف کے ساتھ ٹھیک تولو اور ترازو میں ڈنڈی نہ مارو ۸۔

وَ كَثِيْرٌ مِّنَ النَّاسِ...... (الحج: ۱۸) یہاں نُجوم کا ذکر شمس و قمر کے ساتھ ہے اور شجر کا ذکر پہاڑوں اور جانوروں کے ساتھ، اور فرمایا گیا ہے کہ یہ سب اللہ کے آگے سجدہ ریز ہیں۔

۶ – یعنی آسمان کے تارے اور زمین کے درخت، سب اللہ تعالیٰ کے مطیعِ فرمان اور اس کے قانون کے پابند ہیں، جو ضابطہ اُن کے لیے بنا دیا گیا ہے اس سے یک سرِ مُو تجاوُز نہیں کر سکتے۔

ان دونوں آیتوں میں جو کچھ بیان کیا گیا ہے، اس سے یہ بتانا مقصود ہے کہ کائنات کا سارا نظام اللہ تعالیٰ کا آفریدہ ہے اور اسی کی اطاعت میں چل رہا ہے۔ زمین سے لے کر آسمانوں تک نہ کوئی خود مختار ہے، نہ کسی اور کی خدائی اِس جہان میں چل رہی ہے، نہ خدا کی خدائی میں کسی کا کوئی دخل ہے، اور نہ کسی کا یہ مقام ہے کہ اسے معبُود بنایا جائے۔ سب بندے اور غلام ہیں، آقا تنہا ایک ربِّ قدیر ہے۔ لہٰذا توحید ہی حق ہے جس کی تعلیم یہ قرآن دے رہا ہے۔ اس کو چھوڑ کر جو شخص بھی شرک یا کفر کر رہا ہے، وہ دراصل کائنات کے پُورے نظام سے برسرِ پیکار ہے۔

۷ – قریب قریب تمام مفسّرین نے یہاں میزان (ترازو) سے مراد عدل لیا ہے، اور میزان قائم کرنے کا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کائنات کے اس پُورے نظام کو عدل پر قائم کیا ہے۔ یہ بے حد و حساب تارے اور سیّارے جو فضا میں گھوم رہے ہیں، یہ عظیم الشان قوتیں جو اس عالَم میں کام کر رہی ہیں، اور یہ لاتعداد مخلوقات اور اشیا جو اس جہان میں پائی جاتی ہیں، اِن سب کے درمیان اگر کمال درجے کا عدل و توازُن نہ قائم کیا گیا ہوتا تو یہ کارگاہِ ہستی ایک لمحے کے لیے بھی نہ چل سکتی تھی۔ خود اِس زمین پر کروڑوں برس سے ہوا اور پانی اور خشکی میں جو مخلوقات موجود ہیں، اُنھی کو دیکھ لیجیے۔ اُن کی زندگی اسی لیے تو برقرار ہے کہ ان کے اسبابِ حیات میں پُورا پُورا عدل اور توازُن پایا جاتا ہے، ورنہ اِن اسباب میں ذرہ برابر بھی بے اعتدالی پیدا ہو جائے تو یہاں زندگی کا نام و نشان تک باقی نہ رہے۔

۸ – یعنی چونکہ تم ایک متوازن کائنات میں رہتے ہو جس کا سارا نظام عدل پر قائم کیا گیا ہے، اس لیے تمھیں بھی عدل پر قائم ہونا چاہیے۔ جس دائرے میں تمھیں اختیار دیا گیا ہے اُس میں اگر تم بے انصافی کرو گے، اور جن حق داروں کے حقوق تمھارے ہاتھ میں دیے گئے ہیں اگر تم ان کے حق مارو گے تو یہ فطرتِ کائنات سے تمھاری بغاوت ہو گی۔ اس کائنات کی فطرت ظلم و بے انصافی اور حق ماری کو قبول نہیں کرتی۔ یہاں ایک بڑا ظلم تو درکنار، ترازو میں ڈنڈی مار کر اگر کوئی شخص خریدار کے حصّے کی ایک تولہ بھر چیز بھی مار لیتا ہے تو میزانِ عالَم میں خلل برپا کر دیتا ہے ـــــ یہ قرآن کی تعلیم کا

وَالْاَرْضَ وَضَعَهَا لِلْاَنَامِ ۝١٠ فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّالنَّخْلُ
ذَاتُ الْاَكْمَامِ ۝١١ وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ وَالرَّيْحَانُ ۝١٢

زمینؔ کو اس نے سب مخلوقات کے لیے بنایا[10]۔ اس میں ہر طرح کے بکثرت لذیذ پھل ہیں۔ کھجور کے درخت ہیں جن کے پھل غلافوں میں لپٹے ہوئے ہیں طرح طرح کے غلّے ہیں جن میں بُھوسا بھی ہوتا ہے اور دانہ بھی[11]۔

دوسرا اہم حصّہ ہے جو اِن تین آیتوں میں بیان کیا گیا ہے۔ پہلی تعلیم ہے توحید۔ اور دوسری تعلیم ہے عدل۔ اِس طرح چند مختصر فقروں میں لوگوں کو بتا دیا گیا ہے کہ انسان کی رہنمائی کے لیے خدائے رحمٰن نے جو قرآن بھیجا ہے وہ کیا تعلیم لے کر آیا ہے۔

۹ – اب یہاں سے آیت ۲۵ تک اللہ تعالیٰ کی اُن نعمتوں اور اُس کے اُن احسانات اور اُس کی قدرت کے اُن کرشموں کا ذکر کیا جا رہا ہے جن سے انسان اور جنّ دونوں متمتّع ہو رہے ہیں، اور جن کا فطری اور اخلاقی تقاضا یہ ہے کہ وہ کفر و ایمان کا اختیار رکھنے کے باوجود خود اپنی مرضی سے بطَوع و رغبت اپنے رب کی بندگی اور اطاعت کا راستہ اختیار کریں۔

۱۰ – اصل الفاظ ہیں: زمین کو ''اَنام'' کے لیے وضع کیا۔ وضع کرنے سے مراد ہے: تالیف کرنا، بنانا، تیار کرنا، رکھنا، ثبت کرنا۔ اور اَنام عربی زبان میں خلق کے لیے استعمال ہوتا ہے، جس میں انسان اور دوسری سب زندہ مخلوقات شامل ہیں۔ ابنِ عباسؓ کہتے ہیں: کل شی ءٍ فیہ الرّوح، اَنام میں ہر وہ چیز شامل ہے جس کے اندر روح ہے۔ مجاہدؒ اس کے معنٰی بیان کرتے ہیں: خلائق۔ قَتادَہؒ، ابنِ زیدؒ اور شَعْبیؒ کہتے ہیں کہ سب جان دار اَنام ہیں۔ حسن بصریؒ کہتے ہیں کہ اِنس و جنّ دونوں اِس کے مفہوم میں داخل ہیں۔ یہی معنٰی تمام اہلِ لغت نے بیان کیے ہیں۔ اِس سے معلوم ہوا کہ جو لوگ اِس آیت سے زمین کو ریاست کی ملکیت بنانے کا حکم نکالتے ہیں، وہ ایک فضول بات کہتے ہیں۔ یہ باہر کے نظریات لا کر قرآن میں زبردستی ٹھونسنے کی ایک بھونڈی کوشش ہے، جس کا ساتھ نہ آیت کے الفاظ دیتے ہیں نہ سیاق و سباق۔ اَنام صرف انسانی معاشرے کو نہیں کہتے بلکہ زمین کی دوسری مخلوقات بھی اس میں شامل ہیں۔ اور زمین کو اَنام کے لیے وضع کرنے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ وہ سب کی مشترک ملکیت ہو۔ اور سیاقِ عبارت بھی یہ نہیں بتا رہا ہے کہ کلام کا مدّعا اِس جگہ کوئی معاشی ضابطہ بیان کرنا ہے۔ یہاں تو مقصود دراصل یہ بتانا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اِس زمین کو اِس طرح بنایا اور تیار کر دیا کہ یہ قسم قسم کی زندہ مخلوقات کے لیے رہنے بسنے اور زندگی بسر کرنے کے قابل ہو گئی۔ یہ آپ سے آپ ایسی نہیں ہو گئی ہے۔ خالق کے بنانے سے ایسی بنی ہے۔ اُس نے اپنی حکمت سے اس کو ایسی جگہ رکھا اور ایسے حالات اُس میں پیدا کیے جن سے یہاں زندہ انواع کا رہنا ممکن ہوا۔ (تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد سوم، النمل، حواشی ۷۳–۷۴۔ جلد چہارم، یٰسین، حواشی ۲۹–۳۲۔ المومن، حواشی ۹۰–۹۱۔ حٰم السجدہ، حواشی ۱۱ تا ۱۳۔ الزُّخرُف، حواشی ۷ تا ۱۰۔ الجاثیہ، حاشیہ ۷)

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۱۳﴾ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ
صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ ﴿۱۴﴾ وَ خَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ

پس اے جنّ وانس! تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں[12] کو جھٹلاؤ گے؟[13]
انسان کو اُس نے ٹھیکری جیسے سُوکھے سڑے ہوئے گارے سے بنایا[14] اور جنّ کو آگ کی لَپَٹ سے

۱۱- یعنی آدمیوں کے لیے دانہ اور جانوروں کے لیے چارا۔

۱۲- اصل میں لفظ آلاء استعمال ہوا ہے، جسے آگے کی آیتوں میں بار بار دہرایا گیا ہے اور ہم نے مختلف مقامات پر اِس کا مفہوم مختلف الفاظ میں ادا کیا ہے۔ اس لیے آغاز ہی میں یہ سمجھ لینا چاہیے کہ اس لفظ میں معنیٰ کی کتنی وُسعت ہے اور اس میں کیا کیا مفہومات شامل ہیں۔

آلاء کے معنیٰ اہلِ لغت اور اہلِ تفسیر نے بالعُموم ''نعمتوں'' کے بیان کیے ہیں۔ تمام مترجمین نے بھی یہی اس لفظ کا ترجمہ کیا ہے۔ اور یہی معنیٰ ابنِ عباسؓ، قَتَادَہؒ اور حَسَن بصریؒ سے منقول ہیں۔ سب سے بڑی دلیل اس معنیٰ کے صحیح ہونے کی یہ ہے کہ خود نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جنّوں کے اس قول کو نقل فرمایا ہے کہ وہ اس آیت کو سُن کر بار بار لَا بِشَیْءٍ مِّنْ نِّعَمِكَ رَبَّنَا نُكَذِّبُ کہتے تھے۔ لہٰذا زمانۂ حال کے بعض محققین کی اس رائے سے ہمیں اتفاق نہیں ہے کہ آلاء نعمتوں کے معنیٰ میں سرے سے استعمال ہی نہیں ہوتا۔

دوسرے معنیٰ اس لفظ کے قدرت اور عجائبِ قدرت یا کمالاتِ قدرت ہیں۔ ابنِ جَرِیر طَبَریؒ نے ابنِ زید کا قول نقل کیا ہے کہ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا کے معنیٰ ہیں: فَبِاَیِّ قُدْرَۃِ اللّٰہِ۔ ابنِ جَرِیرؒ نے خود بھی آیات ۳۷-۳۸ کی تفسیر میں ''آلاء'' کو قدرت کے معنیٰ میں لیا ہے۔ امام رازیؒ نے بھی آیات ۱۴-۱۵-۱۶ کی تفسیر میں لکھا ہے: ''یہ آیات بیانِ نعمت کے لیے نہیں بلکہ بیانِ قدرت کے لیے ہیں۔'' اور آیات ۲۲-۲۳ کی تفسیر میں وہ فرماتے ہیں: ''یہ اللہ تعالیٰ کے عجائبِ قدرت کے بیان میں ہے، نہ کہ نعمتوں کے بیان میں۔''

اس کے تیسرے معنیٰ ہیں: خوبیاں، اوصافِ حمیدہ اور کمالات و فضائل۔ اس معنیٰ کو اہلِ لغت اور اہلِ تفسیر نے بیان نہیں کیا ہے، مگر اشعارِ عرب میں یہ لفظ کثرت سے اس معنیٰ میں استعمال ہوا ہے۔ نابغہ کہتا ہے:

هم الملوك و ابناء الملوك لهم     فضلٌ على الناس فی الألاء والنِّعَمِ

''وہ بادشاہ اور شاہزادے ہیں۔ اُن کو لوگوں پر اپنی خوبیوں اور نعمتوں میں فضیلت حاصل ہے۔''

مُہَلہِل اپنے بھائی کُلَیب کے مرثیے میں کہتا ہے:

الحزم و العزم کانا من طبائعه     ما کلّ الائه یا قوم اُحصیها

''حزم اور عزم اس کے اوصاف میں سے تھے۔ لوگو! میں اس کی ساری خوبیاں شمار نہیں کر رہا ہوں۔''

فضالہ بن زید العدوانی غریبی کی بُرائیاں بیان کرتے ہوئے کہتا ہے کہ غریب اچھا کام بھی کرے تو بُرا بنتا ہے اور:

وتحمد اٰلاء البخیل المدرھم

''مال دار بخیل کے کمالات کی تعریف کی جاتی ہے۔''

اَجْدَع ہمدانی اپنے گھوڑے کُمَیت کی تعریف میں کہتا ہے:

ورضیت اٰلاء الکمیت فمن یبع فرسًا فلیس جوادنا بمباع

''مجھے کُمَیت کے عمدہ اوصاف پسند ہیں۔ اگر کوئی شخص کسی گھوڑے کو بیچتا ہے تو بیچے، ہمارا گھوڑا بِکنے والا نہیں ہے۔''

حَماسہ کا ایک شاعر، جس کا نام ابوتمام نے نہیں لیا ہے، اپنے ممدوح ولید بن اَدہم کے اقتدار کا مرثیہ کہتا ہے:

اذا ما امرؤا اثنی باٰلاء میتٍ فلا یبعد اللّٰہ الولید بن ادھما

''جب بھی کوئی شخص کسی مرنے والے کی خوبیاں بیان کرے تو خدا نہ کرے کہ ولید بن اَدہم اس موقع پر فراموش ہو۔''

فما کان مفراحًا اذا الخیر مسّہٗ ولا کان منّانًا اذا ھو انعما

''اس پر اچھے حالات آتے تو پھولتا نہ تھا اور کسی پر احسان کرتا تو جتاتا نہ تھا۔''

طَرَفہ ایک شخص کی تعریف میں کہتا ہے:

کامل یجمع اٰلاء الفتٰی نَبَہٌ سیّد ساداتٍ خِضَمّ

''وہ کامل اور جوانمردی کے اوصاف کا جامع ہے۔ شریف ہے، سرداروں کا سردار، دریا دل''۔

اِن شواہد و نظائر کو نگاہ میں رکھ کر ہم نے لفظ ''آلاء'' کو اس کے وسیع معنٰی میں لیا ہے اور ہر جگہ موقع و محل کے لحاظ سے اُس کے جو معنٰی مناسب تر نظر آئے ہیں وہی ترجمے میں درج کر دیے ہیں۔ لیکن بعض مقامات پر ایک ہی جگہ ''آلاء'' کے کئی مفہوم ہو سکتے ہیں، اور ترجمے کی مجبوریوں سے ہم کو اس کے ایک ہی معنٰی اختیار کرنے پڑے ہیں، کیونکہ اُردو زبان میں کوئی لفظ اتنا جامع نہیں ہے کہ وہ ان سارے مفہومات کو بیک وقت ادا کر سکے۔ مثلاً اِس آیت میں زمین کی تخلیق اور اس میں مخلوقات کی رزق رسانی کے بہترین انتظامات کا ذکر کرنے کے بعد فرمایا گیا ہے کہ تم اپنے رب کے کن کن ''آلاء'' کو جھٹلاؤ گے۔ اس موقع پر ''آلاء'' صرف نعمتوں کے معنٰی ہی میں نہیں ہے، بلکہ اللہ جَلّ شانُہٗ کی قدرت کے کمالات اور اُس کی صفاتِ حمیدہ کے معنٰی میں بھی ہے۔ یہ اُس کی قدرت کا کمال ہے کہ اس نے اِس کُرۂ خاکی کو اِس عجیب طریقے سے بنایا کہ اُس میں بے شمار اقسام کی زندہ مخلوقات رہتی ہیں اور طرح طرح کے پھل اور غلّے اس کے اندر پیدا ہوتے ہیں۔ اور یہ اُس کی صفاتِ حمیدہ ہی ہیں کہ اُس نے اِن مخلوقات کو پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ

یہاں ان کی پرورش اور رزق رسانی کا بھی انتظام کیا، اور انتظام بھی اِس شان کا کہ ان کی خوراک میں نری غذائیت ہی نہیں ہے بلکہ لذتِ کام و دَہن اور ذوقِ نظر کی بھی اَن گنت رعایتیں ہیں۔ اس سلسلے میں اللہ تعالیٰ کی کاریگری کے صرف ایک کمال کی طرف بطورِ نمونہ اشارہ کیا گیا ہے کہ کھجور کے درختوں میں پھل کس طرح غلافوں میں لپیٹ کر پیدا کیا جاتا ہے۔ اِس ایک مثال کو نگاہ میں رکھ کر ذرا دیکھیے کہ کیلے، انار، سنترے، ناریل اور دوسرے پھلوں کے پیکنگ میں آرٹ کے کیسے کیسے کمالات دکھائے گئے ہیں، اور یہ طرح طرح کے غلّے اور دالیں اور حبُوب، جو ہم بے فکری کے ساتھ پکا پکا کر کھاتے ہیں، ان میں سے ہر ایک کو کیسی کیسی نفیس بالوں اور خوشوں کی شکل میں پیک کر کے اور نازک چھلکوں میں لپیٹ کر پیدا کیا جاتا ہے۔

۱۳- جھُٹلانے سے مراد وہ متعدّد رَوِیّے ہیں جو اللہ تعالیٰ کی نعمتوں اور اس کی قدرت کے کرشموں اور اس کی صفاتِ حمیدہ کے معاملے میں لوگ اختیار کرتے ہیں، مثلاً:

بعض لوگ سرے سے یہی نہیں مانتے کہ اِن ساری چیزوں کا خالق اللہ تعالیٰ ہے۔ اُن کا خیال ہے کہ یہ سب کچھ محض مادّے کے اتفاقی ہیجان کا نتیجہ ہے، یا ایک حادثہ ہے جس میں کسی حکمت اور صنّاعی کا کوئی دخل نہیں۔ یہ کھلی تکذیب ہے۔

بعض دوسرے لوگ یہ تو تسلیم کرتے ہیں کہ اِن چیزوں کا پیدا کرنے والا اللہ ہی ہے، مگر اس کے ساتھ دوسروں کو خدائی میں شریک ٹھیراتے ہیں، اُس کی نعمتوں کا شکریہ دوسروں کو ادا کرتے ہیں، اور اس کا رزق کھا کر دوسروں کے گُن گاتے ہیں۔ یہ تکذیب کی ایک اور شکل ہے۔ ایک آدمی جب تسلیم کرلے کہ آپ نے اُس پر فلاں احسان کیا ہے، اور پھر اُسی وقت آپ کے سامنے کسی ایسے شخص کا شکریہ ادا کرنے لگے جس نے درحقیقت اس پر وہ احسان نہیں کیا ہے، تو آپ خود کہہ دیں گے کہ اس نے بدترین احسان فراموشی کا ارتکاب کیا ہے، کیونکہ اس کی یہ حرکت اس بات کا صریح ثبوت ہے کہ وہ آپ کو نہیں بلکہ اس شخص کو اپنا محسن مان رہا ہے جس کا وہ شکریہ ادا کر رہا ہے۔

کچھ اور لوگ ہیں جو ساری چیزوں کا خالق اور تمام نعمتوں کا دینے والا اللہ تعالیٰ ہی کو مانتے ہیں، مگر اِس بات کو نہیں مانتے کہ انھیں اپنے خالق و پروردگار کے احکام کی اطاعت اور اس کی ہدایات کی پیروی کرنی چاہیے۔ یہ احسان فراموشی اور انکارِ نعمت کی ایک اور صورت ہے، کیونکہ جو شخص یہ حرکت کرتا ہے، وہ نعمت کو ماننے کے باوجود نعمت دینے والے کے حق کو جھٹلاتا ہے۔

کچھ اور لوگ زبان سے نہ نعمت کا انکار کرتے ہیں نہ نعمت دینے والے کے حق کو جھٹلاتے ہیں، مگر عملاً اُن کی زندگی اور ایک مُنکِر و مکذِّب کی زندگی میں کوئی قابلِ ذکر فرق نہیں ہوتا۔ یہ تکذیب بالقول نہیں بلکہ تکذیب بالفعل ہے۔

۱۴- تخلیقِ انسانی کے ابتدائی مراتب جو قرآنِ مجید میں بیان کیے گئے ہیں، ان کی سلسلہ وار ترتیب مختلف مقامات کی تصریحات کو جمع کرنے سے یہ معلوم ہوتی ہے: (۱) تُراب، یعنی مٹی یا خاک۔ (۲) طِین، یعنی گارا جو مٹی میں

نَارٍ ﴿۱۵﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۱۶﴾ رَبُّ الْمَشْرِقَیْنِ
وَرَبُّ الْمَغْرِبَیْنِ ﴿۱۷﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۱۸﴾

پیدا کیا۔[15] پس اے جِنّ و اِنس! تم اپنے رب کے کن کن عجائبِ قدرت[16] کو جھٹلاؤ گے؟

دونوں مشرق اور دونوں مغرب، سب کا مالک و پروردگار وہی ہے۔[17] پس اے جِنّ و اِنس! تم اپنے رب کی کن کن قدرتوں[18] کو جھٹلاؤ گے؟

ملا کر بنایا جاتا ہے۔ (۳) طِینِ لازِب، لیس دار گارا، یعنی وہ گارا جس کے اندر کافی دیر تک پڑے رہنے کے باعث لیس پیدا ہو جائے۔ (۴) حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ، وہ گارا جس کے اندر بُو پیدا ہو جائے۔ (۵) صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ کَالْفَخَّارِ، یعنی وہ سڑا ہوا گارا جو سُوکھنے کے بعد پکی ہوئی مٹی کے ٹھیکرے جیسا ہو جائے۔ (۶) بَشَر، جو مٹی کی اِس آخری صورت سے بنایا گیا، جس میں اللہ تعالیٰ نے اپنی خاص روح پھونکی، جس کو فرشتوں سے سجدہ کرایا گیا، اور جس کی جنس سے اُس کا جوڑا پیدا کیا گیا۔ (۷) ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ۔ پھر آگے اس کی نسل ایک حقیر پانی جیسے سَت سے چلائی گئی، جس کے لیے دوسرے مقامات پر نُطفہ کا لفظ استعمال کیا گیا ہے۔

اِن مدارج کے لیے قرآنِ مجید کی حسبِ ذیل آیات کو ترتیب وار مُلاحظہ کیجیے: كَمَثَلِ اٰدَمَ ؕ خَلَقَهٗ مِنْ تُرَابٍ۔ (آلِ عمران:۵۹) بَدَاَ خَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ طِيْنٍ ۚ (السجدہ:۷) اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ۔ (الصّٰفّٰت:۱۱) چوتھا اور پانچواں مرتبہ آیتِ زیرِ تفسیر میں بیان ہو چکا ہے، اور اس کے بعد کے مراتب اِن آیات میں بیان کیے گئے ہیں: اِنِّيْ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنْ طِيْنٍ ○ فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ۔ (صٓ:۷۱-۷۲) خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّنِسَآءً (النساء:۱) ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ (السجدہ:۸) فَاِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ (الحج:۵)

۱۵ - اصل الفاظ ہیں: مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ۔ نار سے مراد ایک خاص نوعیت کی آگ ہے، نہ کہ وہ آگ جو لکڑی یا کوئلا جلانے سے پیدا ہوتی ہے۔ اور مارِج کے معنی ہیں: خالص شعلہ جس میں دھواں نہ ہو۔ اِس ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ جس طرح پہلا انسان مٹی سے بنایا گیا، پھر تخلیق کے مختلف مدارج سے گزرتے ہوئے اُس کے قالَبِ خاکی نے گوشت پوست کے زندہ بشر کی شکل اختیار کی اور آگے اس کی نسل نطفے سے چلی، اُسی طرح پہلا جِنّ خالص آگ کے شعلے، یا آگ کی لَپَٹ سے پیدا کیا گیا، اور بعد میں اس کی ذُرّیّت سے جِنّوں کی نسل پیدا ہوئی۔ اُس پہلے جِنّ کی حیثیت جِنّوں کے معاملے میں وہی ہے جو آدم علیہ السّلام کی حیثیت انسانوں کے معاملے میں ہے۔ زندہ بشر بن جانے کے بعد حضرت

آدمؑ اور ان کی نسل سے پیدا ہونے والے انسانوں کے جسم کو اُس مٹی سے کوئی مناسبت باقی نہ رہی جس سے اِن کو پیدا کیا گیا تھا۔ اگرچہ اب بھی ہمارا جسم پورا کا پورا زمین ہی کے اجزا سے مرکب ہے، لیکن اِن اجزا نے گوشت پوست اور خون کی شکل اختیار کر لی ہے اور جان پڑنے کے بعد وہ تودۂ خاک کی بہ نسبت ایک بالکل ہی مختلف چیز بن گیا ہے۔ ایسا ہی معاملہ جِنّوں کا بھی ہے۔ اُن کا وجود بھی اصلاً ایک آتشیں وجود ہی ہے، لیکن جس طرح ہم محض تودۂ خاک نہیں ہیں، اسی طرح وہ بھی محض شعلۂ آتش نہیں ہیں۔

اِس آیت سے دو باتیں معلوم ہوئیں: ایک یہ کہ جِنّ مُجرّد رُوح نہیں ہیں بلکہ ایک خاص نوعیت کے مادّی اجسام ہی ہیں، مگر چونکہ وہ خالص آتشیں اجزا سے مرکّب ہیں، اس لیے وہ خاکی اجزا سے بنے ہوئے انسانوں کو نظر نہیں آتے۔ اِسی چیز کی طرف یہ آیت اشارہ کرتی ہے کہ اِنَّهٗ يَرٰىكُمْ هُوَ وَقَبِيْلُهٗ مِنْ حَيْثُ لَا تَرَوْنَهُمْ ”شیطان اور اس کا قبیلہ تم کو ایسی جگہ سے دیکھ رہا ہے جہاں تم اُس کو نہیں دیکھتے۔“ (الاعراف: ۲۷) اسی طرح جِنّوں کا سریع الحرکت ہونا، ان کا بآسانی مختلف شکلیں اختیار کر لینا، اور اُن مقامات پر غیر محسوس طریقے سے نفوذ کر جانا جہاں خاکی اجزا سے بنی ہوئی چیزیں نفوذ نہیں کر سکتیں، یا نفوذ کرتی ہیں تو اُن کا نفوذ محسوس ہو جاتا ہے، یہ سب اُمور بھی اسی وجہ سے ممکن اور قابلِ فہم ہیں کہ وہ فی الاصل آتشیں مخلوق ہیں۔

دوسری بات اِس سے یہ معلوم ہوئی کہ جِنّ نہ صرف یہ کہ انسان سے بالکل الگ نوعیت کی مخلوق ہیں، بلکہ ان کا مادّۂ تخلیق ہی انسان، حیوان، نباتات اور جمادات سے قطعی مختلف ہے۔ یہ آیت صریح الفاظ میں اُن لوگوں کے خیال کی غَلَطی ثابت کر رہی ہے جو جِنّوں کو انسانوں ہی کی ایک قسم قرار دیتے ہیں۔ وہ اس کی تاویل یہ کرتے ہیں کہ مٹی سے انسان کو اور آگ سے جِنّ کو پیدا کرنے کا مطلب دراصل دو قسم کے لوگوں کی مزاجی کیفیت کا فرق بیان کرنا ہے۔ ایک قسم کے انسان منکسر المزاج ہوتے ہیں، اور وہی سچے معنوں میں انسان ہیں، اور دوسری قسم کے انسان آتش کے پرکالے اور شعلہ مزاج ہوتے ہیں، جنھیں آدمی کے بجائے شیطان کہنا زیادہ صحیح ہوتا ہے۔ لیکن یہ قرآن کی تفسیر نہیں بلکہ تحریف ہے۔ اُوپر حاشیہ ۱۴ میں ہم نے تفصیل کے ساتھ یہ دکھایا ہے کہ قرآنِ مجید مٹی سے انسان کے پیدا کیے جانے کا مطلب کتنی وضاحت کے ساتھ خود بیان کرتا ہے۔ کیا ان ساری تفصیلات کو پڑھ کر کوئی معقول آدمی یہ معنٰی لے سکتا ہے کہ اِن ساری باتوں کا مقصد محض اچھے انسانوں کے منکسر المزاج ہونے کی تعریف بیان کرنا ہے؟ پھر آخر یہ بات کسی صحیح العقل آدمی کے ذہن میں کیسے آ سکتی ہے کہ انسان کی تخلیق سڑی ہوئی مٹی کے سُوکھے گارے سے کرنے، اور جِنّ کی تخلیق خالص آگ کے شعلے سے کرنے کا مطلب ایک ہی نوعِ انسانی کے دو مختلف المزاج افراد یا گروہوں کی جداگانہ اَخلاقی خصوصیات کا فرق ہے؟ (مزید تشریح کے لیے ملاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد پنجم، تفسیر سورۂ ذاریات، حاشیہ ۵۳)

۱۶- یہاں موقع کی مناسبت سے ”آلاء“ کے معنٰی ”عجائبِ قدرت“ زیادہ موزوں ہیں، لیکن اس میں نعمت کا پہلو بھی موجود ہے۔ مٹی سے انسان جیسی، اور آگ کے شعلے سے جِنّ جیسی حیرت انگیز مخلوقات کو وجود میں لے

آنا جس طرح خدا کی قدرت کا ایک عجیب کرشمہ ہے، اسی طرح ان دونوں مخلوقوں کے لیے یہ بات ایک عظیم نعمت بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو نہ صرف وجود بخشا، بلکہ ہر ایک کی ساخت ایسی رکھی اور ہر ایک کے اندر ایسی قوتیں اور صلاحیتیں ودیعت فرما دیں جن سے یہ دنیا میں بڑے بڑے کام کرنے کے قابل ہو گئے۔ اگرچہ جنوں کے متعلق ہمارے پاس زیادہ معلومات نہیں ہیں، مگر انسان تو ہمارے سامنے موجود ہے۔ اس کو انسانی دماغ دینے کے ساتھ مچھلی یا پرندے یا بندر کا جسم دے دیا جاتا تو کیا اُس جسم کے ساتھ وہ اِس دماغ کی صلاحیتوں سے کوئی کام لے سکتا تھا؟ پھر کیا یہ اللہ کی نعمتِ عظمیٰ نہیں ہے کہ جن قوتوں سے اس نے انسان کے دماغ کو سرفراز فرمایا تھا، ان سے کام لینے کے لیے موزوں ترین جسم بھی عطا فرمایا؟ یہ ہاتھ، یہ پاؤں، یہ آنکھیں، یہ کان، یہ زبان اور یہ قامتِ راست ایک طرف، اور یہ عقل وشُعور، یہ فکر وخیال، یہ قوتِ ایجاد وقوتِ اِستدلال، اور یہ صَنَّاعی وکاریگری کی صلاحیتیں دوسری طرف، اِن دونوں کو ایک دوسرے کے بالمقابل رکھ کر دیکھیے تو محسوس ہو گا کہ بنانے والے نے اِن کے درمیان غایت درجے کی مناسبت رکھی ہے، جو اگر نہ ہوتی تو دنیا میں انسان کا وجود بے معنیٰ ہو کر رہ جاتا۔ پھر یہی چیز اللہ تعالیٰ کی صفاتِ حمیدہ پر بھی دلالت کرتی ہے۔ آخر علم، حکمت، رحمت اور کمال درجے کی قوتِ تخلیق کے بغیر اِس شان کے انسان اور جنّ کیسے پیدا ہو سکتے تھے؟ اتفاقی حوادث اور خود بخود کام کرنے والے اندھے بہرے قوانینِ فطرت تخلیق کے یہ معجزے کیسے دکھا سکتے ہیں؟

۱۷۔ دو مشرقوں اور دو مغربوں سے مراد جاڑے کے چھوٹے سے چھوٹے دن اور گرمی کے بڑے سے بڑے دن کے مشرق ومغرب بھی ہو سکتے ہیں، اور زمین کے دونوں نصف کُروں کے مشرق ومغرب بھی۔ جاڑے کے سب سے چھوٹے دن میں سورج ایک نہایت تنگ زاویہ بنا کر طُلوع وغُروب ہوتا ہے، اور اس کے برعکس گرمی کے سب سے بڑے دن میں وہ انتہائی وسیع زاویہ بناتے ہوئے نکلتا اور ڈوبتا ہے۔ ان دونوں کے درمیان ہر روز اس کا مَطلَع اور مغرب مختلف ہوتا رہتا ہے، جس کے لیے ایک دوسرے مقام پر قرآن میں رَبُّ الْمَشٰرِقِ وَ الْمَغٰرِبِ (المعارج:۴۰) کے الفاظ استعمال کیے گئے ہیں۔ اسی طرح زمین کے ایک نصف کُرے میں جس وقت سورج طُلوع ہوتا ہے، اُسی وقت دوسرے نصف کُرے میں وہ غروب ہوتا ہے۔ یوں بھی زمین کے دو مشرق اور دو مغرب بن جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کو ان دونوں مشرقوں اور مغربوں کا رب کہنے کے کئی معنیٰ ہیں۔ ایک یہ کہ اسی کے حکم سے سورج کے طُلوع وغروب اور سال کے دوران میں ان کے مسلسل بدلتے رہنے کا یہ نظام قائم ہے۔ دوسرے یہ کہ زمین اور سورج کا مالک وفرمانروا وہی ہے، ورنہ ان دونوں کے رب الگ الگ ہوتے تو زمین پر سورج کے طلوع وغروب کا یہ باقاعدہ نظام کیسے قائم ہو سکتا تھا اور دائماً کیسے قائم رہ سکتا تھا؟ تیسرے یہ کہ ان دونوں مشرقوں اور دونوں مغربوں کا مالک وپروردگار وہی ہے، ان کے درمیان رہنے والی مخلوقات اُسی کی مِلک ہیں، وہی ان کو پال رہا ہے، اور اِسی پرورش کے لیے اُس نے زمین پر سورج کے ڈوبنے اور نکلنے کا یہ حکیمانہ نظام قائم کیا ہے۔

مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ ﴿۱۹﴾ بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيٰنِ ﴿۲۰﴾
فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۲۱﴾ يَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ
وَالْمَرْجَانُ ﴿۲۲﴾ فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۲۳﴾

---

دو سمندروں کو اس نے چھوڑ دیا کہ باہم مل جائیں، پھر بھی اُن کے درمیان ایک پردہ حائل ہے جس سے وہ تجاوز نہیں کرتے۔[19] پس اَے جنّ و اِنس! تم اپنے رب کی قدرت کے کن کن کرشموں کو جھٹلاؤ گے؟

اِن سمندروں سے موتی اور[20] مونگے نکلتے ہیں۔[21] پس اے جنّ و اِنس! تم اپنے رب کی قدرت کے کن کن کمالات کو جھٹلاؤ گے؟[22]

---

۱۸- یہاں بھی اگرچہ موقع و محل کے لحاظ سے ’’آلاء‘‘ کا مفہوم ’’قدرت‘‘ زیادہ نمایاں محسوس ہوتا ہے، مگر ساتھ ہی ’’نعمت‘‘ اور ’’صفاتِ حمیدہ‘‘ کا پہلو بھی اس میں موجود ہے۔ یہ بڑی نعمت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے سورج کے طلوع و غروب کا یہ قاعدہ مقرر کیا، کیونکہ اس کی بدولت فصلوں اور موسموں کے وہ تغیّرات باقاعدگی سے رونما ہوتے ہیں جن سے انسان و حیوان اور نباتات سب کے بے شمار مَصالح وابستہ ہیں۔ اسی طرح یہ اللہ تعالیٰ کی رحمت و رُبوبیّت اور حکمت ہی تو ہے کہ اُس نے جن مخلوقات کو زمین پر پیدا کیا تھا، ان کی ضرورتوں کو ملحوظ رکھ کر اپنی قدرت سے یہ انتظامات کر دیے۔

۱۹- تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد سوم، سورۂ فُرقان، حاشیہ ۶۸۔

۲۰- اصل میں لفظ مَرجان استعمال ہوا ہے۔ ابنِ عباسؓ، قَتادَہ، ابنِ زید اور ضَحّاک رحمہم اللہ کا قول ہے کہ اِس سے مراد چھوٹے موتی ہیں۔ اور حضرت عبداللہؓ بن مسعود فرماتے ہیں کہ یہ لفظ عَرَبی میں مونگوں کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

۲۱- اصل الفاظ ہیں: یَخْرُجُ مِنْهُمَا، ’’ان دونوں سمندروں سے نکلتے ہیں۔‘‘ معترضین اس پر اعتراض کرتے ہیں کہ موتی اور مونگے تو صرف کھاری پانی سے نکلتے ہیں، پھر یہ کیسے کہا گیا کہ میٹھے اور کھاری دونوں پانیوں سے یہ چیزیں نکلتی ہیں؟ اس کا جواب یہ ہے کہ سمندروں میں میٹھا اور کھاری دونوں طرح کا پانی جمع ہو جاتا ہے، اس لیے خواہ یہ کہا جائے کہ دونوں کے مجموعے سے یہ چیزیں نکلتی ہیں، یا یہ کہا جائے کہ وہ دونوں پانیوں سے نکلتی ہیں، بات ایک ہی رہتی ہے۔ اور کچھ عجب نہیں کہ مزید تحقیقات سے یہ ثابت ہو کہ اِن چیزوں کی پیدائش سمندر میں

النصف وَلَهُ الْجَوَارِ الْمُنْشَـٰٔتُ فِي الْبَحْرِ كَالْأَعْلَامِ ﴿٢٤﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ
رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿٢٥﴾ كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ ﴿٢٦﴾ وَيَبْقَىٰ وَجْهُ رَبِّكَ ع

اور یہ جہاز اُسی کے ہیں[23] جو سمندر میں پہاڑوں کی طرح اُونچے اُٹھے ہوئے ہیں۔ پس اے جنّ و اِنس! تم اپنے رب کے کن کن احسانات کو جھٹلاؤ گے؟[24] ع

ہر چیز[25] جو اس زمین پر ہے فنا ہو جانے والی ہے اور صرف تیرے رب کی جلیل و کریم ذات ہی

اُس جگہ ہوتی ہے جہاں اُس کی تہ سے میٹھے پانی کے چشمے پھوٹتے ہیں، اور ان کی پیدائش و پرورش میں دونوں طرح کے پانیوں کے اجتماع کا کچھ دخل ہے۔ بحرین میں جہاں قدیم ترین زمانے سے موتی نکالے جا رہے ہیں، وہاں تو یہ بات ثابت ہے کہ خلیج کی تہ میں میٹھے پانی کے چشمے موجود ہیں۔

۲۲- یہاں بھی اگرچہ ’’آلاء‘‘ میں قدرت کا پہلو نمایاں ہے، لیکن نعمت اور اوصافِ حمیدہ کا پہلو بھی مخفی نہیں ہے۔ یہ خدا کی نعمت ہے کہ سمندر سے یہ قیمتی چیزیں برآمد ہوتی ہیں، اور یہ اس کی شانِ رُبوبیت ہے کہ جس مخلوق کو اس نے ذوقِ جمال اور شوقِ زینت بخشا تھا، اس کے ذوق و شوق کی تسکین کے لیے طرح طرح کی حسین چیزیں اس نے اپنی دنیا میں پیدا کر دیں۔

۲۳- یعنی اُسی کی قدرت سے بنے ہیں۔ اُسی نے انسان کو یہ صلاحیت بخشی کہ سمندروں کو پار کرنے کے لیے جہاز بنائے۔ اُسی نے زمین پر وہ سامان پیدا کیا جس سے جہاز بن سکتے ہیں۔ اور اُسی نے پانی کو اُن قواعد کا پابند کیا جن کی بدولت غضب ناک سمندروں کے سینے پر پہاڑ جیسے جہازوں کا چلنا ممکن ہوا۔

۲۴- یہاں ’’آلاء‘‘ میں نعمت و احسان کا پہلو نمایاں ہے، مگر اُوپر کی تشریح سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ قدرت اور صفاتِ حَسَنَہ کا پہلو بھی اس میں موجود ہے۔

۲۵- یہاں سے آیت ۳۰ تک جنّ و اِنس کو دو حقیقتوں سے آگاہ کیا گیا ہے:

ایک یہ کہ نہ تم خود لافانی ہو اور نہ وہ سروسامان لازوال ہے جس سے تم اس دنیا میں مُتمتّع ہو رہے ہو۔ لافانی اور لازوال تو صرف اُس خدائے بزرگ و برتر کی ذات ہے جس کی عظمت پر یہ کائنات گواہی دے رہی ہے اور جس کے کرم سے تم کو یہ کچھ نعمتیں نصیب ہوئی ہیں۔ اب اگر تم میں سے کوئی شخص ہم چو مَن دیگرے نیست کے گھمنڈ میں مبتلا ہوتا ہے تو یہ محض اس کی کم ظرفی ہے۔ اپنے ذرا سے دائرۂ اختیار میں کوئی بے وقوف کبریائی کے ڈنکے بجا لے، یا چند بندے جو اُس کے ہتے چڑھیں، اُن کا خدا بن بیٹھے، تو یہ دھوکے کی ٹَٹّی کتنی دیر کھڑی رہ سکتی ہے۔ کائنات کی وسعتوں میں جس زمین کی حیثیت ایک مٹر کے دانے برابر بھی نہیں ہے، اُس کے ایک کونے میں دس بیس یا

ذُو الْجَلٰلِ وَ الْاِكْرَامِ ﴿۲۷﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۲۸﴾
يَسْـَٔلُهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِيْ شَاْنٍ ﴿۲۹﴾

باقی رہنے والی ہے۔ پس اَے جنّ و اِنس! تم اپنے رب کے کن کن کمالات کو جھٹلاؤ گے؟[۲۶] زمین اور آسمانوں میں جو بھی ہیں، سب اپنی حاجتیں اُسی سے مانگ رہے ہیں۔ ہر آن وہ نئی شان میں ہے۔[۲۷]

پچاس ساٹھ برس جو خدائی اور کبریائی چلے اور پھر قصّہ ماضی بن کر رہ جائے، وہ آخر کیا خدائی اور کیا کبریائی ہے جس پر کوئی پھُولے۔

دوسری اہم حقیقت، جس پر ان دونوں مخلوقوں کو مُتنبّہ کیا گیا ہے، یہ ہے کہ اللہ جَلّ شانُہٗ کے سوا دوسری جن ہستیوں کو بھی تم معبُود و مشکل کُشا اور حاجت روا بناتے ہو، خواہ وہ فرشتے ہوں یا انبیا و اولیا، یا چاند اور سورج، یا اور کسی قسم کی مخلوق، ان میں سے کوئی تمھاری کسی حاجت کو پورا نہیں کر سکتا۔ وہ بیچارے تو خود اپنی حاجات و ضروریات کے لیے اللہ کے محتاج ہیں۔ ان کے ہاتھ تو خود اس کے آگے پھیلے ہوئے ہیں۔ وہ خود اپنی مشکل کُشائی بھی اپنے بل بُوتے پر نہیں کر سکتے تو تمھاری مشکل کُشائی کیا کریں گے۔ زمین سے آسمانوں تک اِس ناپیدا کنار کائنات میں جو کچھ ہو رہا ہے، تنہا ایک خدا کے حکم سے ہو رہا ہے۔ کارفرمائی میں کسی کا کوئی دخل نہیں ہے کہ وہ کسی معاملے میں کسی بندے کی قسمت پر اثر انداز ہو سکے۔

۲۶ – یہاں موقع و محل خود بتا رہا ہے کہ "آلاء" کا لفظ کمالات کے معنیٰ میں استعمال ہوا ہے۔ فانی مخلوقات میں سے جو کوئی بھی کبریائی کے زُعم میں مبتلا ہوتا ہے اور اپنی جھوٹی خدائی کو لازوال سمجھ کر اَینٹھتا اور اکڑتا ہے، وہ اگر زبان سے نہیں تو اپنے عمل سے ضرور رب العالمین کی عظمت و جلالت کو جھٹلاتا ہے۔ اُس کا غرور بجائے خود اللہ کی کبریائی کی تکذیب ہے۔ جو دعویٰ بھی وہ کسی کمال کا اپنی زبان سے کرتا ہے یا جس کا اِدّعا اپنے نفس میں رکھتا ہے، وہ اصل صاحبِ کمال کے مقام و منصب کا انکار ہے۔

۲۷ – یعنی ہر وقت اِس کارگاہِ عالَم میں اُس کی کارفرمائی کا ایک لامتناہی سلسلہ جاری ہے۔ کسی کو مار رہا ہے اور کسی کو جِلا رہا ہے۔ کسی کو اُٹھا رہا ہے اور کسی کو گرا رہا ہے۔ کسی کو شفا دے رہا ہے اور کسی کو بیماری میں مبتلا کر رہا ہے۔ کسی ڈوبتے کو بچا رہا ہے اور کسی تیرتے کو ڈبو رہا ہے۔ بے شمار مخلوقات کو طرح طرح سے رزق دے رہا ہے۔ بے حد و حساب چیزیں نئی سے نئی وضع اور شکل اور اوصاف کے ساتھ پیدا کر رہا ہے۔ اُس کی دنیا کبھی ایک حال پر نہیں رہتی۔ ہر لمحہ اس کے حالات بدلتے رہتے ہیں اور اس کا خالق ہر بار اُسے ایک نئی صورت سے ترتیب دیتا ہے جو پچھلی تمام صورتوں سے مختلف ہوتی ہے۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۰﴾ سَنَفْرُغُ لَكُمْ اَيُّهَ الثَّقَلٰنِ ﴿۳۱﴾

پس اَے جنّ و انس! تم اپنے رب کی کن کن صفاتِ حمیدہ کو جھٹلاؤ گے؟[۲۸]

اے زمین کے بوجھو[۲۹]! عنقریب ہم تم سے باز پُرس کرنے کے لیے فارغ ہوئے جاتے ہیں،[۳۰]

**۲۸-** یہاں ''آلاء'' کا مفہوم اَوصاف ہی زیادہ موزوں نظر آتا ہے۔ ہر شخص جو کسی نوعیت کا شرک کرتا ہے، دراصل وہ اللہ تعالیٰ کی کسی نہ کسی صفت کی تکذیب کرتا ہے۔ کسی کا یہ کہنا کہ فُلاں حضرت نے میری بیماری دُور کر دی، اصل میں یہ معنیٰ رکھتا ہے کہ اللہ شافی نہیں ہے بلکہ وہ حضرت شافی ہیں۔ کسی کا یہ کہنا کہ فلاں بزرگ کی عنایت سے مجھے روزگار مل گیا، حقیقت میں یہ کہنا ہے کہ رازق اللہ نہیں ہے بلکہ وہ بزرگ رازق ہیں۔ کسی کا یہ کہنا کہ فُلاں آستانے سے میری مراد بر آئی، گویا دراصل یہ کہنا ہے کہ دنیا میں حکم اللہ کا نہیں بلکہ اُس آستانے کا چل رہا ہے۔ غرض ہر مشرکانہ عقیدہ اور مشرکانہ قول آخری تجزیے میں صفاتِ الٰہی کی تکذیب ہی پر منتہی ہوتا ہے۔ شرک کے معنیٰ ہی یہ ہیں کہ آدمی دوسروں کو سمیع و بصیر، عالم الغیب، فاعلِ مختار، قادر و مُتَصَرِّف اور اُلوہیّت کے دوسرے اوصاف سے مُتَّصِف قرار دے رہا ہے اور اس بات کا انکار کر رہا ہے کہ اکیلا اللہ ہی اِن صفات کا مالک ہے۔

**۲۹-** اصل میں لفظ ثَقَلان استعمال ہوا ہے جس کا مادّہ ثِقل ہے۔ ثِقل کے معنیٰ بوجھ کے ہیں، اور ثَقَل اُس بار کو کہتے ہیں جو سواری پر لدا ہوا ہو۔ ثَقَلَین کا لفظی ترجمہ ہوگا: ''دو لدے ہوئے بوجھ''۔ اِس جگہ یہ لفظ جنّ و انس کے لیے استعمال کیا گیا ہے، کیونکہ یہ دونوں زمین پر لدے ہوئے ہیں، اور چونکہ اُوپر سے خطاب اُن انسانوں اور جنّوں سے ہوتا چلا آ رہا ہے جو اپنے رب کی طاعت و بندگی سے منحرف ہیں، اور آگے بھی آیت ۴۵ تک وہی مُخاطَب ہیں، اِس لیے اُن کو اَيُّهَ الثَّقَلٰنِ کہہ کر خطاب فرمایا گیا ہے، گویا خالق اپنی مخلوق کے اِن دونوں نالائق گروہوں سے فرما رہا ہے کہ اَے وہ لوگو جو میری زمین پر بار بنے ہوئے ہو، عنقریب میں تمھاری خبر لینے کے لیے فارغ ہوا جاتا ہوں۔

**۳۰-** اس کا یہ مطلب نہیں کہ اِس وقت اللہ تعالیٰ ایسا مشغول ہے کہ اسے اِن نافرمانوں سے باز پُرس کرنے کی فرصت نہیں ملتی۔ بلکہ اس کا مطلب دراصل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ایک خاص اوقات نامہ مقرر کر رکھا ہے، جس کے مطابق پہلے وہ ایک مُعَیَّن مدت تک اِس دنیا میں انسانوں اور جنّوں کی نسلوں پر نسلیں پیدا کرتا رہے گا اور انھیں دنیا کی اِس امتحان گاہ میں لا کر کام کرنے کا موقع دے گا۔ پھر ایک مخصوص ساعت میں امتحان کا یہ سلسلہ یک لخت بند کر دیا جائے گا اور تمام جنّ و انس جو اُس وقت موجود ہوں گے، بیک وقت ہلاک کر دیے جائیں گے۔ پھر ایک اور ساعت نوعِ انسانی اور نوعِ جن، دونوں سے باز پُرس کرنے کے لیے اُس کے ہاں طے شدہ ہے، جب اُن کے اوّلین و آخرین کو از سرِ نو زندہ کر کے بیک وقت جمع کیا جائے گا۔ اِس اوقات نامے کے لحاظ سے فرمایا گیا ہے

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۲﴾ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ
اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ
فَانْفُذُوْا ؕ لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ﴿۳۳﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

(پھر دیکھ لیں گے کہ) تم اپنے رب کے کن کن احسانات کو جھٹلاتے ہو۔[۳۱] اَے گروہِ جنّ و اِنس! اگر تم زمین اور آسمانوں کی سرحدوں سے نکل کر بھاگ سکتے ہو تو بھاگ دیکھو۔ نہیں بھاگ سکتے۔ اس کے لیے بڑا زور چاہیے۔[۳۲] اپنے رب کی کن کن قدرتوں کو تم

کہ ابھی ہم پہلے دَور کا کام کر رہے ہیں اور دوسرے دَور کا وقت ابھی نہیں آیا ہے، کجا کہ تیسرے دَور کا کام اِس وقت شروع کر دیا جائے۔ مگر تم گھبراؤ نہیں، عنقریب وہ وقت آیا چاہتا ہے جب ہم تمھاری خبر لینے کے لیے فارغ ہو جائیں گے۔ یہ عدمِ فراغت اس معنٰی میں نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ کو ایک کام نے ایسا مشغول کر رکھا ہے کہ دوسرے کام کی فرصت وہ نہیں پا رہا ہے۔ بلکہ اس کی نوعیت ایسی ہے جیسے ایک شخص نے مختلف کاموں کے لیے ایک ٹائم ٹیبل بنا رکھا ہو اور اُس کی رُو سے جس کام کا وقت ابھی نہیں آیا ہے، اُس کے بارے میں وہ کہے کہ میں سرِدست اُس کے لیے فارغ نہیں ہوں۔

۳۱- یہاں ''آلاء'' کو قدرتوں کے معنٰی میں بھی لیا جا سکتا ہے۔ سلسلۂ کلام کو نگاہ میں رکھا جائے تو یہ دونوں معنٰی ایک ایک لحاظ سے مناسب نظر آتے ہیں۔ ایک معنٰی لیے جائیں تو مطلب یہ ہوگا کہ آج تم ہماری نعمتوں کی ناشکریاں کر رہے ہو اور کفر، شرک، دہریّت، فِسق اور نافرمانی کے مختلف رَوِیّے اختیار کر کے طرح طرح کی نمک حرامیاں کیے چلے جاتے ہو، مگر کل جب بازپُرس کا وقت آئے گا اس وقت ہم دیکھیں گے کہ ہماری کس کس نعمت کو تم اتفاقی حادثہ، یا اپنی قابلیت کا ثمرہ، یا کسی دیوی دیوتا یا بزرگ ہستی کی مہربانی کا کرشمہ ثابت کرتے ہو۔ دوسرے معنٰی لیے جائیں تو مطلب یہ ہوگا کہ آج تم قیامت اور حشر و نشر اور حساب و کتاب اور جنت و دوزخ کا مذاق اڑاتے ہو اور اپنے نزدیک اس خیالِ خام میں مبتلا ہو کہ ایسا ہونا ممکن ہی نہیں ہے، مگر جب ہم بازپُرس کے لیے تم کو گھیر لائیں گے اور وہ سب کچھ تمھارے سامنے آ جائے گا جس کا آج تم انکار کر رہے ہو، اُس وقت ہم دیکھیں گے کہ ہماری کس کس قدرت کو تم جھٹلاتے ہو۔

۳۲- زمین اور آسمانوں سے مراد ہے کائنات، یا بالفاظِ دیگر، خدا کی خدائی۔ آیت کا مطلب یہ ہے کہ خدا کی گرفت سے بچ نکلنا تمھارے بس میں نہیں ہے۔ جس بازپُرس کی تمھیں خبر دی جا رہی ہے، اُس کا وقت آنے پر تم خواہ کسی جگہ بھی ہو، بہر حال پکڑ لائے جاؤ گے۔ اُس سے بچنے کے لیے تمھیں خدا کی خدائی سے بھاگ نکلنا ہوگا اور اِس کا

تُكَذِّبٰنِ ﴿٣٤﴾ يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ۙ وَّ نُحَاسٌ فَلَا
تَنْتَصِرٰنِ ﴿٣٥﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٣٦﴾ فَاِذَا انْشَقَّتِ
السَّمَآءُ فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ ﴿٣٧﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا
تُكَذِّبٰنِ ﴿٣٨﴾ فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُسْـَٔلُ عَنْ ذَنْۢبِهٖۤ اِنْسٌ وَّلَا جَآنٌّ ﴿٣٩﴾

جھٹلاؤ گے؟ (بھاگنے کی کوشش کرو گے تو) تم پر آگ کا شُعلہ اور دھواں[۳۳] چھوڑ دیا جائے گا، جس کا تم مقابلہ نہ کرسکو گے۔ اَے جنّ و اِنس! تم اپنے رب کی کن کن قدرتوں کا انکار کرو گے؟

پھر (کیا بنے گی اُس وقت) جب آسمان پھٹے گا اور لال چمڑے کی طرح سُرخ ہو جائے گا؟[۳۴] اَے جنّ و اِنس! (اُس وقت) تم اپنے رب کی کن کن قدرتوں کو جھٹلاؤ گے؟[۳۵]

اُس روز کسی انسان اور کسی جنّ سے اُس کا گناہ پُوچھنے کی ضرورت نہ ہوگی،[۳۶] پھر (دیکھ لیا

بل بُوتا تم میں نہیں ہے۔ اگر ایسا گھمنڈ تم اپنے دل میں رکھتے ہو تو اپنا زور لگا کر دیکھ لو۔

۳۳۔ اصل میں شُواظ اور نُحاس کے الفاظ استعمال کیے گئے ہیں۔ شُواظ اُس خالص شُعلے کو کہتے ہیں جس کے ساتھ دھواں نہ ہو۔ اور نُحاس اُس خالص دھوئیں کو کہتے ہیں جس میں شعلہ نہ ہو۔ یہ دونوں چیزیں یکے بعد دیگرے انسانوں اور جنّوں پر اُس حالت میں چھوڑی جائیں گی جب کہ وہ اللہ تعالیٰ کی باز پُرس سے بچ کر بھاگنے کی کوشش کریں۔

۳۴۔ یہ روزِ قیامت کا ذکر ہے۔ آسمان کے پھٹنے سے مُراد ہے: بندشِ افلاک کا کُھل جانا، اَجرام ساوی کا منتشر ہو جانا، عالَمِ بالا کے نظم کا درہم برہم ہو جانا۔ اور یہ جو فرمایا کہ آسمان اُس وقت لال چمڑے کی طرح سُرخ ہو جائے گا، اِس کا مطلب یہ ہے کہ اُس ہنگامۂ عظیم کے وقت جو شخص زمین سے آسمان کی طرف دیکھے گا، اُسے یوں محسوس ہوگا کہ جیسے سارے عالَمِ بالا پر ایک آگ سی لگی ہوئی ہے۔

۳۵۔ یعنی آج تم قیامت کو ناممکن قرار دیتے ہو، جس کے معنٰی یہ ہیں کہ تمھارے نزدیک اللہ تعالیٰ اس کے برپا کرنے پر قادر نہیں ہے۔ مگر جب وہ برپا ہو جائے گی اور اپنی آنکھوں سے تم وہ سب کچھ دیکھ لو گے جس کی تمھیں خبر دی جا رہی ہے، اُس وقت تم اللہ کی کس کس قدرت کا انکار کرو گے؟

۳۶۔ اِس کی تشریح آگے کا یہ فقرہ کر رہا ہے کہ "مجرم وہاں اپنے چہروں سے پہچان لیے جائیں گے"۔ مطلب یہ

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۴۰﴾ یُعْرَفُ الْمُجْرِمُوْنَ بِسِیْمٰھُمْ
فَیُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِیْ وَ الْاَقْدَامِ ﴿۴۱﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا
تُکَذِّبٰنِ ﴿۴۲﴾ ھٰذِہٖ جَھَنَّمُ الَّتِیْ یُکَذِّبُ بِھَا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۴۳﴾ یَطُوْفُوْنَ وقف لازم
بَیْنَھَا وَ بَیْنَ حَمِیْمٍ اٰنٍ ﴿۴۴﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۴۵﴾ ع

---

جائے گا کہ ) تم دونوں گروہ اپنے رب کے کن کن احسانات کا انکار کرتے ہو[37]۔ مجرم وہاں اپنے چہروں سے پہچان لیے جائیں گے اور انھیں پیشانی کے بال اور پاؤں پکڑ پکڑ کر گھسیٹا جائے گا۔ اُس وقت تم اپنے رب کی کن کن قدرتوں کو جھٹلاؤ گے؟ (اُس وقت کہا جائے گا:) یہ وہی جہنّم ہے جس کو مجرمین جھوٹ قرار دیا کرتے تھے۔ اُسی جہنّم اور کھولتے ہوئے پانی کے درمیان وہ گردش کرتے رہیں[38] گے۔ پھر اپنے رب کی کن کن قدرتوں کو تم جھٹلاؤ[39] گے؟ ع

---

ہے کہ اُس عظیم الشان مجمع میں، جہاں تمام اوّلین و آخرین اکٹھے ہوں گے، یہ پوچھتے پھرنے کی ضرورت نہ ہوگی کہ کون کون لوگ مجرم ہیں، نہ کسی انسان یا جنّ سے یہ دریافت کرنے کی ضرورت پیش آئے گی کہ وہ مجرم ہے یا نہیں۔ مجرموں کے اُترے ہوئے چہرے اور اُن کی خوف زدہ آنکھیں اور اُن کی گھبرائی ہوئی صورتیں اور اُن کے چھوٹتے ہوئے پسینے خود ہی یہ راز فاش کر دینے کے لیے کافی ہوں گے کہ وہ مجرم ہیں۔ پولیس کے گھیرے میں اگر ایک ایسا مجمع آجائے جس میں بے گناہ اور مجرم، دونوں قسم کے لوگ ہوں، تو بے گناہوں کے چہرے کا اطمینان اور مجرموں کے چہروں کا اضطراب بیک نظر بتا دیتا ہے کہ اس مجمع میں مجرم کون ہے اور بے گناہ کون۔ دنیا میں یہ کلیّہ بسا اوقات اس لیے غلط ثابت ہوتا ہے کہ دنیا کی پولیس کے بے لاگ انصاف پسند ہونے پر لوگوں کو بھروسا نہیں ہوتا، بلکہ بار بار اس کے ہاتھوں مجرموں کی بہ نسبت شریف لوگ زیادہ پریشان ہوتے ہیں، اس لیے یہاں یہ ممکن ہے کہ اِس پولیس کے گھیرے میں آکر شریف لوگ مجرموں سے بھی زیادہ خوف زدہ ہو جائیں۔ مگر آخرت میں، جہاں ہر شریف آدمی کو اللہ تعالیٰ کے انصاف پر کامل اعتماد ہوگا، یہ گھبراہٹ صرف انھی لوگوں پر طاری ہوگی جن کے ضمیر خود اپنے مجرم ہونے سے آگاہ ہوں گے اور جنھیں میدانِ حشر میں پہنچتے ہی یقین ہو جائے گا کہ اب اُن کی وہ شامت آگئی ہے جسے ناممکن یا مُشتبہ سمجھ کر وہ دنیا میں جرائم کرتے رہے تھے۔

۳۷- جرم کی حقیقی بنیاد قرآن کی نگاہ میں یہ ہے کہ بندہ جو اپنے رب کی نعمتوں سے مُتمتّع ہو رہا ہے، اپنے نزدیک

وَ لِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ ﴿۴۶﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

اور ہر اُس شخص کے لیے جو اپنے رب کے حضور پیش ہونے کا خوف رکھتا ہو،[40] دو باغ ہیں[41]۔ اپنے رب کے

یہ سمجھ بیٹھے کہ یہ نعمتیں کسی کی دی ہوئی نہیں ہیں بلکہ آپ سے آپ اسے مل گئی ہیں، یا یہ کہ یہ نعمتیں خدا کا عطیہ نہیں بلکہ اس کی اپنی قابلیت یا خوش نصیبی کا ثمرہ ہیں، یا یہ کہ یہ ہیں تو خدا کا عطیہ مگر اُس خدا کا اپنے بندے پر کوئی حق نہیں ہے، یا یہ کہ خدا نے خود یہ مہربانیاں اُس پر نہیں کی ہیں بلکہ یہ کسی دوسری ہستی نے اُس سے کروا دی ہیں۔ یہی وہ غلط تصوُّرات ہیں جن کی بنا پر آدمی خدا سے بے نیاز اور اُس کی اطاعت و بندگی سے آزاد ہو کر دنیا میں وہ افعال کرتا ہے جن سے خدا نے منع کیا ہے اور وہ افعال نہیں کرتا جن کا اس نے حکم دیا ہے۔ اس لحاظ سے ہر جرم اور ہر گناہ اپنی حقیقت کے اعتبار سے اللہ تعالیٰ کے احسانات کی تکذیب ہے، قطعِ نظر اس سے کہ کوئی شخص زبان سے ان کا انکار کرتا ہو یا اقرار۔ مگر جو شخص فی الواقع تکذیب کا ارادہ نہیں رکھتا، بلکہ اُس کے ذہن کی گہرائیوں میں تصدیق موجود ہوتی ہے، وہ اِحیاناً کسی بشری کمزوری سے کوئی قصور کر بیٹھے تو اس پر اِستغفار کرتا ہے اور اس سے بچنے کی کوشش کرتا ہے۔ یہ چیز اُسے مکذِّبین میں شامل ہونے سے بچا لیتی ہے۔ اِس کے سوا باقی تمام مجرم درحقیقت اللہ کی نعمتوں کے مکذِّب اور اس کے احسانات کے منکر ہیں۔ اسی لیے فرمایا کہ جب تم لوگ مجرم کی حیثیت سے گرفتار ہو جاؤ گے، اُس وقت ہم دیکھیں گے کہ تم ہمارے کس کس احسان کا انکار کرتے ہو۔ سورۂ تکاثُر میں یہی بات اِس طرح فرمائی گئی ہے کہ لَتُسْـَٔلُنَّ يَوْمَىِٕذٍ عَنِ النَّعِيْمِ، اُس روز ضرور تم سے اُن نعمتوں کے بارے میں باز پُرس کی جائے گی جو تمھیں دی گئی تھیں۔ یعنی پوچھا جائے گا کہ یہ نعمتیں ہم نے تمھیں دی تھیں یا نہیں؟ اور انھیں پا کر تم نے اپنے محسن کے ساتھ کیا رَوِیّہ اختیار کیا؟ اور اُس کی نعمتوں کو کس طرح استعمال کیا؟

۳۸- یعنی جہنّم میں بار بار پیاس کے مارے ان کا بُرا حال ہو گا، بھاگ بھاگ کر پانی کے چشموں کی طرف جائیں گے، مگر وہاں کھولتا ہوا پانی ملے گا، جس کے پینے سے کوئی پیاس نہ بجھے گی۔ اِس طرح جہنّم اور ان چشموں کے درمیان گردش کرنے ہی میں اُن کی عمریں بیت جائیں گی۔

۳۹- یعنی کیا اُس وقت بھی تم اِس کا انکار کر سکو گے کہ خدا قیامت لا سکتا ہے، تمھیں موت کے بعد دوسری زندگی دے سکتا ہے، تم سے باز پُرس بھی کر سکتا ہے، اور یہ جہنّم بھی بنا سکتا ہے جس میں آج تم سزا پا رہے ہو۔

۴۰- یعنی جس نے دنیا میں خدا سے ڈرتے ہوئے زندگی بسر کی ہو، جسے ہمیشہ یہ احساس رہا ہو کہ میں دنیا میں غیر ذمہ دار شُترِ بے مہار بنا کر نہیں چھوڑ دیا گیا ہوں، بلکہ ایک روز مجھے اپنے رب کے سامنے کھڑا ہونا اور اپنے اعمال کا حساب دینا ہے۔ یہ عقیدہ جس شخص کا ہو، وہ لامحالہ خواہشاتِ نفس کی بندگی سے بچے گا۔ اندھا دُھند ہر راستے پر نہ چل کھڑا ہو گا۔ حق و باطل، ظلم و انصاف، پاک و ناپاک اور حلال و حرام میں تمیز کرے گا۔

تُكَذِّبٰنِ ﴿٤٧﴾ ذَوَاتَآ اَفْنَانٍ ﴿٤٨﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٤٩﴾
فِيْهِمَا عَيْنٰنِ تَجْرِيٰنِ ﴿٥٠﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٥١﴾

کن کن انعامات کو تم جھٹلاؤ گے؟ ہری بھری ڈالیوں سے بھرپور۔ اپنے رب کے کن کن انعامات کو تم جھٹلاؤ گے؟ دونوں باغوں میں دو چشمے رواں۔ اپنے رب کے کن کن انعامات کو تم جھٹلاؤ گے؟

اور جان بُوجھ کر خدا کے احکام کی پیروی سے منہ نہ موڑے گا۔ یہی اُس جزا کی اصل علت ہے جو آگے بیان کی جارہی ہے۔

۴۱ – جنت کے اصل معنیٰ باغ کے ہیں۔ قرآنِ مجید میں کہیں تو اُس پورے عالَم کو، جس میں نیک لوگ رکھے جائیں گے، جنت کہا گیا ہے، گویا کہ وہ پُورا کا پُورا ایک باغ ہے۔ اور کہیں فرمایا گیا ہے کہ ان کے لیے جنّتیں ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی۔ اس کے معنیٰ یہ ہیں کہ اُس بڑے باغ میں بے شمار باغات ہوں گے۔ اور یہاں تعیّن کے ساتھ ارشاد ہوا ہے کہ ہر نیک شخص کو اُس بڑی جنّت میں دو دو جنّتیں دی جائیں گی جو اسی کے لیے مخصوص ہوں گی، جن میں اس کے اپنے قصر ہوں گے، جن میں وہ اپنے متعلقین اور خدام کے ساتھ شاہانہ ٹھاٹ کے ساتھ رہے گا، جن میں اس کے لیے وہ کچھ سروسامان فراہم ہوگا جس کا ذکر آگے آرہا ہے۔

۴۲ – یہاں سے آخر تک ''آلاء'' کا لفظ نعمتوں کے معنیٰ میں بھی استعمال ہوا ہے اور قدرتوں کے معنیٰ میں بھی۔ اور ایک پہلو اس میں صفاتِ حمیدہ کا بھی ہے۔ اگر پہلے معنیٰ لیے جائیں تو اس سلسلۂ بیان میں اِس فقرے کو بار بار دُہرانے کا مطلب یہ ہوگا کہ تم جھٹلانا چاہتے ہو تو جھٹلاتے رہو، خدا ترس لوگوں کو تو ان کے رب کی طرف سے یہ نعمتیں ضرور مل کر رہیں گی۔ دوسرے معنیٰ لیے جائیں تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ تمھارے نزدیک اللہ کا جنّت بنانے پر قادر ہونا اور اس میں یہ نعمتیں اپنے نیک بندوں کو عطا کرنا غیر ممکن ہے تو ہوتا رہے، اللہ یقیناً اس کی قدرت رکھتا ہے اور وہ یہ کام کر کے رہے گا۔ تیسرے معنیٰ کے لحاظ سے اس کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو تم نیکی اور بدی کی تمیز سے عاری سمجھتے ہو۔ تمھارے نزدیک وہ اتنی بڑی دنیا تو بنا بیٹھا ہے مگر اس میں خواہ کوئی ظلم کرے یا انصاف، حق کے لیے کام کرے یا باطل کے لیے، شر پھیلائے یا خیر، اُسے اِس کی کوئی پروا نہیں۔ وہ نہ ظالم کو سزا دینے والا ہے، نہ مظلوم کی دادرسی کرنے والا۔ نہ خیر کا قدر شناس ہے نہ شر سے نفور۔ پھر وہ تمھارے خیال میں عاجز بھی ہے۔ زمین و آسمان تو وہ بنا لیتا ہے، مگر ظالموں کی سزا کے لیے جہنم اور حق کی پیروی کرنے والوں کو اجر دینے کے لیے جنّت بنا دینے پر وہ قادر نہیں ہے۔ اُس کے اوصافِ حمیدہ کی یہ تکذیب آج تم جتنی چاہو کرلو۔ کل جب وہ ظالموں کو جہنّم میں جھونک دے گا اور حق پرستوں کو جنّت میں یہ کچھ نعمتیں دے گا، کیا اُس وقت بھی تم اس کے اِن اوصاف کو جھٹلا سکو گے؟

فِيْهِمَا مِنْ كُلِّ فَاكِهَةٍ زَوْجٰنِ ﴿٥٢﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا
تُكَذِّبٰنِ ﴿٥٣﴾ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى فُرُشٍۭ بَطَآىِٕنُهَا مِنْ اِسْتَبْرَقٍ ؕ وَجَنَا
الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ ﴿٥٤﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٥٥﴾ فِيْهِنَّ
قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ ۙ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ﴿٥٦﴾

دونوں باغوں میں ہر پھل کی دو قسمیں[43]۔ اپنے رب کے کن کن انعامات کو تم جھٹلاؤ گے؟ جنّتی لوگ ایسے فرشوں پر تکیے لگا کے بیٹھیں گے جن کے اَستر دبیز ریشم کے ہوں[44] گے، اور باغوں کی ڈالیاں پھلوں سے جھکی پڑ رہی ہوں گی۔ اپنے رب کے کن کن انعامات کو تم جھٹلاؤ گے؟ اِن نعمتوں کے درمیان شرمیلی نگاہوں والیاں ہوں[45] گی جنھیں اِن جنّتیوں سے پہلے کسی انسان یا جن نے چھوا نہ ہو گا[46]۔

۴۳- اس کا ایک مطلب یہ ہو سکتا ہے کہ دونوں باغوں کے پھلوں کی شان نرالی ہو گی۔ ایک باغ میں جائے گا تو ایک شان کے پھل اس کی ڈالیوں میں لدے ہوئے ہوں گے۔ دوسرے باغ میں جائے گا تو اس کے پھلوں کی شان کچھ اور ہی ہو گی۔ دوسرا مطلب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اِن میں سے ہر باغ میں ایک قسم کے پھل معروف ہوں گے جن سے وہ دنیا میں بھی آشنا تھا، خواہ مزے میں وہ دنیا کے پھلوں سے کتنے ہی فائق ہوں، اور دوسری قسم کے پھل نادر ہوں گے جو دنیا میں کبھی اُس کے خواب و خیال میں بھی نہ آئے تھے۔

۴۴- یعنی جب اُن کے اَستر اِس شان کے ہوں گے تو اندازہ کر لو کہ اَبرے کس شان کے ہوں گے۔

۴۵- یہ عورت کی اصل خوبی ہے کہ وہ بے شرم اور بے باک نہ ہو بلکہ نظر میں حیا رکھتی ہو۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ نے جنّت کی نعمتوں کے درمیان عورتوں کا ذکر کرتے ہوئے سب سے پہلے اُن کے حسن و جمال کی نہیں بلکہ ان کی حیاداری اور عفّت مآبی کی تعریف فرمائی ہے۔ حسین عورتیں تو مخلوط کلبوں اور فلمی نگار خانوں میں بھی جمع ہو جاتی ہیں، اور حُسن کے مقابلوں میں تو چھانٹ چھانٹ کر ایک سے ایک حسین عورت لائی جاتی ہے، مگر صرف ایک بدذوق اور بدقوارہ آدمی ہی اُن سے دلچسپی لے سکتا ہے۔ کسی شریف آدمی کو وہ حسن اپیل نہیں کر سکتا جو ہر بدنظر کو دعوتِ نظارہ دے اور ہر آغوش کی زینت بننے کے لیے تیار ہو۔

۴۶- اس کا مطلب یہ ہے کہ دنیا کی زندگی میں خواہ کوئی عورت کنواری مر گئی ہو یا کسی کی بیوی رہ چکی ہو، جوان مری ہو یا بوڑھی ہو کر دنیا سے رخصت ہوئی ہو، آخرت میں جب یہ سب نیک خواتین جنّت میں داخل ہوں گی تو جوان اور کنواری بنا دی جائیں گی، اور وہاں ان میں سے جس خاتون کو بھی کسی نیک مرد کی رفیقۂ حیات بنایا جائے گا، وہ جنّت میں

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۵۷﴾ کَاَنَّھُنَّ الْیَاقُوْتُ وَ
الْمَرْجَانُ ﴿۵۸﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۵۹﴾ ھَلْ جَزَآءُ
الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ ﴿۶۰﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۶۱﴾

---

اپنے رب کے کن کن انعامات کو تم جھٹلاؤ گے؟ ایسی خوبصورت جیسے ہیرے اور موتی۔ اپنے رب کے کن کن انعامات کو تم جھٹلاؤ گے؟

نیکی کا بدلہ نیکی کے سوا اور کیا ہو سکتا ہے۔[۴۷] پھر اے جنّ و اِنس! اپنے رب کے کن کن اوصافِ حمیدہ کا تم انکار کرو گے؟[۴۸]

---

اپنے اُس شوہر سے پہلے کسی کے تصرّف میں آئی ہوئی نہ ہو گی۔

اس آیت سے ایک بات یہ بھی معلوم ہوئی کہ جنّت میں نیک انسانوں کی طرح نیک جن بھی داخل ہوں گے، اور وہاں جس طرح انسان مَردوں کے لیے انسان عورتیں ہوں گی، اسی طرح جِنّ مردوں کے لیے جِنّ عورتیں بھی ہوں گی۔ دونوں کی رفاقت کے لیے اُنھی کے ہم جنس جوڑے ہوں گے۔ ایسا نہ ہو گا کہ اُن کا جوڑ کسی ناجنس مخلوق سے لگا دیا جائے جس سے وہ فطرتاً مانوس نہیں ہو سکتے۔ آیت کے یہ الفاظ کہ ''اُن سے پہلے کسی انسان یا جنّ نے ان کو نہ چھُوا ہو گا''، اس معنیٰ میں نہیں ہیں کہ وہاں عورتیں صرف انسان ہوں گی اور اُن کو اُن کے شوہروں سے پہلے کسی انسان یا جنّ نے نہ چھُوا ہو گا، بلکہ اِن کا اصل مطلب یہ ہے کہ وہاں جنّ اور انسان، دونوں جنسوں کی عورتیں ہوں گی، سب حیادار اور اچھوتی ہوں گی، نہ کسی جِنّ عورت کو اس کے جنّتی شوہر سے پہلے کسی جِنّ مرد نے ہاتھ لگایا ہو گا اور نہ کسی انسان عورت کو اس کے جنّتی شوہر سے پہلے کسی انسان مرد نے ملوّث کیا ہو گا۔

۴۷- یعنی آخر یہ کیسے ممکن ہے کہ جو لوگ اللہ تعالیٰ کی خاطر دنیا میں عمر بھر اپنے نفس پر پابندیاں لگائے رہے ہوں، حرام سے بچتے اور حلال پر اکتفا کرتے رہے ہوں، فرض کو فرض جان کر اپنے فرائض بجا لاتے رہے ہوں، حق کو حق مان کر تمام حق داروں کے حُقوق ادا کرتے رہے ہوں، اور شر کے مقابلے میں ہر طرح کی تکلیفیں اور مشقّتیں برداشت کر کے خیر کی حمایت کرتے رہے ہوں، اللہ اُن کی یہ ساری قربانیاں ضائع کر دے اور انھیں کبھی اِن کا اجر نہ دے؟

۴۸- ظاہر بات ہے کہ جو شخص جنّت اور اس کے اجر و ثواب کا منکر ہے، وہ دراصل اللہ تعالیٰ کی بہت سی صفاتِ حَسَنہ کا انکار کرتا ہے۔ وہ اگر خدا کو مانتا بھی ہے تو اس کے متعلق بہت بُری رائے رکھتا ہے۔ اس کے نزدیک وہ ایک چَوپٹ راجا ہے جس کی اندھیر نگری میں نیکی کرنا گویا اُسے دریا میں ڈال دینا ہے۔ وہ یا تو اُسے اندھا اور بہرا سمجھتا ہے،

وَ مِنْ دُوْنِهِمَا جَنَّتٰنِ ﴿۶۲﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۳﴾
مُدْهَآمَّتٰنِ ﴿۶۴﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۵﴾ فِيْهِمَا عَيْنٰنِ

اور اُن دو باغوں کے علاوہ دو باغ اور ہوں[۴۹] گے۔ اپنے رب کے کن کن انعامات کو تم جھٹلاؤ گے؟
گھنے سرسبز و شاداب باغ[۵۰]۔ اپنے رب کے کن کن انعامات کو تم جھٹلاؤ گے؟ دونوں باغوں میں دو چشمے

جسے کچھ خبر ہی نہیں کہ اس کی خدائی میں کون اُس کی رضا کی خاطر جان، مال، نفس اور محنتوں کی قربانیاں دے رہا ہے۔ یا اس کے نزدیک وہ بے حس اور ناقدر شناس ہے، جسے بھلے اور بُرے کی کچھ تمیز نہیں۔ یا پھر اس کے خیالِ ناقص میں وہ عاجز و درماندہ ہے، جس کی نگاہ میں نیکی کی قدر چاہے کتنی ہی ہو، مگر اس کا اجر دینا اُس کے بس ہی میں نہیں ہے۔ اسی لیے فرمایا کہ جب آخرت میں نیکی کا نیک بدلہ تمھاری آنکھوں کے سامنے دے دیا جائے گا، کیا اُس وقت بھی تم اپنے رب کے اوصافِ حمیدہ کا انکار کرسکو گے۔

۴۹ – اصل الفاظ ہیں: وَمِنْ دُوْنِهِمَا جَنَّتٰنِ۔ دُوْن کا لفظ عربی زبان میں تین مختلف معنوں کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ ایک، کسی اُونچی چیز کے مقابلے میں نیچے ہونا۔ دوسرے، کسی افضل و اشرف چیز کے مقابلے میں کم تر ہونا۔ تیسرے، کسی چیز کے ماسوا یا اس کے علاوہ ہونا۔ اِس اختلافِ معنیٰ کی بنا پر اِن الفاظ میں ایک احتمال یہ ہے کہ ہر جنتی کو پہلے کے دو باغوں کے علاوہ یہ دو باغ اور دیے جائیں گے۔ دوسرا احتمال یہ ہے کہ یہ دو باغ اُوپر کے دونوں باغوں کی بہ نسبت مقام یا مرتبے میں فروتر ہوں گے۔ یعنی پہلے دو باغ یا تو بلندی پر ہوں گے اور یہ اُن سے نیچے واقع ہوں گے، یا پہلے دو باغ بہت اعلیٰ درجے کے ہوں گے اور یہ ان کے مقابلے میں کم تر درجے کے ہوں گے۔ اگر پہلے احتمال کو اختیار کیا جائے تو اس کے معنیٰ یہ ہیں کہ یہ دو مزید باغ بھی انھی جنتیوں کے لیے ہیں جن کا ذکر اُوپر کیا گیا ہے۔ اور دوسرے احتمال کو اختیار کرنے کی صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ پہلے دو باغ مُقرّبین کے لیے ہیں اور یہ دو باغ اصحاب الیمین کے لیے۔ اِس دوسرے احتمال کو جو چیز تقویت پہنچاتی ہے وہ یہ ہے کہ سورۂ واقعہ میں نیک انسانوں کی دو قسمیں بیان کی گئی ہیں: ایک سابقین، جن کو مُقرّبین بھی کہا گیا ہے، دوسرے اصحاب الیمین، جن کو اصحاب المَیْمَنَہ کے نام سے بھی موسوم کیا گیا ہے۔ اور ان دونوں کے لیے دو جنتوں کے اوصاف الگ الگ ارشاد فرمائے گئے ہیں۔ مزید برآں اس احتمال کو وہ حدیث بھی تقویت پہنچاتی ہے جو حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ سے اُن کے صاحبزادے ابو بکر نے روایت کی ہے۔ اس میں وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "دو جنتیں سابقین، یا مُقرّبین کے لیے ہوں گی جن کے برتن اور آرائش کی ہر چیز سونے کی ہوگی، اور دو جنتیں تابعین، یا اصحاب الیمین کے لیے ہوں گی جن کی ہر چیز چاندی کی ہوگی۔ (فتح الباری، کتاب التفسیر، تفسیر سورۂ رحمٰن)

۵۰ – ان باغوں کی تعریف میں لفظ مُدْهَآمَّتٰنِ استعمال فرمایا گیا ہے۔ مُدْهَامَّہ ایسی گھنی سرسبزی

نَضَّاخَتٰنِ ﴿٦٦﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿٦٧﴾ فِیۡہِمَا فَاکِہَۃٌ وَّ
نَخۡلٌ وَّ رُمَّانٌ ﴿٦٨﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿٦٩﴾ فِیۡہِنَّ
خَیۡرٰتٌ حِسَانٌ ﴿٧٠﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿٧١﴾ حُوۡرٌ
مَّقۡصُوۡرٰتٌ فِی الۡخِیَامِ ﴿٧٢﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿٧٣﴾

فواروں کی طرح اُبلتے ہوئے۔ اپنے رب کے کن کن انعامات کو تم جھٹلاؤ گے؟ اُن میں بکثرت پھل اور کھجوریں اور انار۔ اپنے رب کے کن کن انعامات کو تم جھٹلاؤ گے؟ اِن نعمتوں کے درمیان خوب سیرت اور خوب صورت بیویاں۔ اپنے رب کے کن کن انعامات کو تم جھٹلاؤ گے؟ خیموں میں ٹھیرائی ہوئی حُوریں[51]۔ اپنے رب کے کن کن انعامات کو تم جھٹلاؤ گے؟

کو کہتے ہیں جو انتہائی شادابی کے باعث سیاہی مائل ہو گئی ہو۔

۵۱ – حُور کی تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد چہارم، تفسیر سورۂ صافات، حاشیہ ۲۸-۲۹، اور تفسیر سورۂ دُخان، حاشیہ ۴۲۔ خیموں سے مراد غالباً اُس طرح کے خیمے ہیں جیسے اُمَرا اور رُؤسا کے لیے سیر گاہوں میں لگائے جاتے ہیں۔ اغلب یہ ہے کہ اہلِ جنّت کی بیویاں ان کے ساتھ اُن کے قصروں میں رہیں گی اور ان کی سیر گاہوں میں جگہ جگہ خیمے لگے ہوں گے، جن میں حوریں اُن کے لیے لُطف ولذّت کا سامان فراہم کریں گی۔ ہمارے اس قیاس کی بنا یہ ہے کہ پہلے خوب سیرت اور خوبصورت بیویوں کا ذکر کیا جا چکا ہے۔ اس کے بعد اب حوروں کا ذکر الگ کرنے کے معنی یہ ہیں کہ یہ اُن بیویوں سے مختلف قسم کی خواتین ہوں گی۔ اس قیاس کو مزید تقویت اُس حدیث سے حاصل ہوتی ہے جو حضرت اُمِّ سَلَمہؓ سے مروی ہے۔ وہ فرماتی ہیں کہ "میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا: "یا رسولؐ اللہ! دنیا کی عورتیں بہتر ہیں یا حُوریں؟" حضورؐ نے جواب دیا: "دنیا کی عورتوں کو حُوروں پر وہی فضیلت حاصل ہے جو اَبرے کو اَستر پر ہوتی ہے۔" میں نے پوچھا: "کس بنا پر؟" فرمایا: "اس لیے کہ اِن عورتوں نے نمازیں پڑھی ہیں، روزے رکھے ہیں اور عبادتیں کی ہیں۔" (طَبَرانی) اِس سے معلوم ہوا کہ اہلِ جنت کی بیویاں تو وہ خواتین ہوں گی جو دنیا میں ایمان لائیں اور اعمالِ صالحہ کرتی ہوئی دنیا سے رخصت ہوئیں۔ یہ اپنے ایمان وحسنِ عمل کے نتیجے میں داخلِ جنت ہوں گی اور بذاتِ خود جنّت کی نعمتوں کی مستحق ہوں گی۔ یہ اپنی مرضی اور پسند کے مطابق یا تو اپنے سابق شوہروں کی بیویاں بنیں گی اگر وہ بھی جنّتی ہوں، یا پھر اللہ تعالیٰ کسی دوسرے جنّتی سے ان کو بیاہ دے گا جب کہ وہ دونوں ایک دوسرے کی رفاقت پسند کریں۔ رہیں حُوریں، تو وہ اپنے کسی حُسنِ عمل کے نتیجے میں خود اپنے استحقاق کی بنا پر جنّتی نہیں بنیں گی بلکہ اللہ تعالیٰ جنّت

لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَ لَا جَآنٌّ ﴿۷۴﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا
تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۵﴾ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَّ عَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ﴿۷۶﴾
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۷﴾ تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِي
الْجَلٰلِ وَ الْاِكْرَامِ ﴿۷۸﴾ ع

اِن جنّتیوں سے پہلے کبھی کسی انسان یا جِنّ نے اُن کو نہ چھوا ہو گا۔ اپنے رب کے کن کن انعامات کو تم جھٹلاؤ گے؟ وہ جنّتی سبز قالینوں اور نفیس و نادر فرشوں[۵۲] پر تکیے لگا کے بیٹھیں گے۔ اپنے رب کے کن کن انعامات کو تم جھٹلاؤ گے؟

بڑی برکت والا ہے تیرے ربِّ جلیل و کریم کا نام ؏

کی دوسری نعمتوں کی طرح انھیں بھی اہلِ جنّت کے لیے ایک نعمت کے طور پر جوان اور حسین و جمیل عورتوں کی شکل دے کر جنّتیوں کو عطا کر دے گا، تاکہ وہ ان کی صحبت سے لطف اندوز ہوں۔ لیکن بہر حال یہ جنّ و پری کی قسم کی مخلوق نہ ہوں گی، کیونکہ انسان کبھی صحبتِ ناجنس سے مانوس نہیں ہو سکتا۔ اس لیے اغلب یہ ہے کہ یہ وہ معصوم لڑکیاں ہوں گی جو نابالغی کی حالت میں فوت ہو گئیں اور اُن کے والدین جنّت کے مستحق نہ ہوئے کہ وہ اُن کی ذرّیت کی حیثیّت سے جنّت میں اُن کے ساتھ رکھی جائیں۔

۵۲ – اصل میں لفظ عَبْقَرِيٍّ استعمال ہوا ہے۔ عرب جاہلیّت کے افسانوں میں جنوں کے دار السلطنت کا نام عَبْقَر تھا، جسے ہم اُردو میں پرستان کہتے ہیں۔ اُسی کی نسبت سے عرب کے لوگ ہر نفیس و نادر چیز کو عَبْقَرِی کہتے تھے، گویا وہ پرستان کی چیز ہے جس کا مقابلہ اِس دنیا کی عام چیزیں نہیں کر سکتیں۔ حتّٰی کہ اُن کے محاورے میں ایسے آدمی کو بھی عَبْقَرِی کہا جاتا تھا جو غیر معمولی قابلیتوں کا مالک ہو، جس سے عجیب و غریب کارنامے صادر ہوں۔ انگریزی میں لفظ genius بھی اسی معنی میں بولا جاتا ہے، اور وہ بھی genii سے ماخوذ ہے جو جنّ کا ہم معنٰی ہے۔ اسی لیے یہاں اہلِ عرب کو جنّت کے سر و سامان کی غیر معمولی نفاست و خوبی کا تصور دلانے کے لیے عبقری کا لفظ استعمال کیا گیا ہے۔

# تفہیم القرآن

## الواقعہ

## (۵۶)

# الواقعہ

## نام

پہلی ہی آیت کے لفظ اَلْوَاقِعَةُ کو اس سُورت کا نام قرار دیا گیا ہے۔

## زمانۂ نُزُول

حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے سورتوں کی جو ترتیبِ نُزُول بیان کی ہے، اس میں وہ فرماتے ہیں کہ پہلے سورۂ طٰہٰ نازل ہوئی، پھر الواقعہ اور اس کے بعد الشُّعراء۔ (الاِتقان للسُّیُوطی) یہی ترتیب عِکرِمَہ نے بھی بیان کی ہے۔ (بَیْہَقی، دلائل النُّبوۃ)

اس کی تائید اُس قصّے سے بھی ہوتی ہے جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ایمان لانے کے بارے میں ابنِ ہِشامؒ نے ابنِ اسحاقؒ سے نقل کیا ہے۔ اس میں یہ ذکر آتا ہے کہ جب حضرت عمرؓ اپنی بہن کے گھر میں داخل ہوئے تو سورۂ طٰہٰ پڑھی جا رہی تھی۔ اُن کی آہٹ سُن کر اِن لوگوں نے قرآن کے اوراق چھپا دیے۔ حضرت عمرؓ پہلے تو بہنوئی پر پِل پڑے، اور جب بہن اُن کو بچانے آئیں تو اُن کو بھی مارا، یہاں تک کہ ان کا سر پھٹ گیا۔ بہن کا خون بہتے دیکھ کر حضرت عمرؓ کو سخت ندامت ہوئی اور انھوں نے کہا: ”اچھا مجھے وہ صحیفہ دکھاؤ جسے تم نے چھپا لیا ہے۔ دیکھوں تو سہی، اُس میں کیا لکھا ہے۔“ بہن نے کہا: ”آپ اپنے شرک کی وجہ سے نجس ہیں، وانہ لا یمسھا الا الطاھر،“ ”اس صحیفے کو صرف طاہر آدمی ہی ہاتھ لگا سکتا ہے۔“ چنانچہ حضرت عمرؓ نے اُٹھ کر غسل کیا اور پھر اس صحیفے کو لے کر پڑھا۔ اِس سے معلوم ہوا کہ اُس وقت سورۂ واقعہ نازل ہو چکی تھی، کیونکہ اسی میں آیت لَّا يَمَسُّهٗٓ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ وارد ہوئی ہے۔ اور یہ تاریخی طور پر ثابت ہے کہ حضرت عمرؓ ہجرتِ حبشہ کے بعد ۵ نبوی میں ایمان لائے ہیں۔

## موضوع اور مضمون

اِس کا موضوع آخرت، توحید اور قرآن کے متعلق کفارِ مکّہ کے شبہات کی تردید ہے۔ وہ سب سے زیادہ جس چیز کو ناقابلِ یقین قرار دیتے تھے، وہ یہ تھی کہ کبھی قیامت برپا ہوگی جس میں زمین و آسمان کا سارا نظام درہم برہم ہو جائے گا اور پھر تمام مرے ہوئے انسان دوبارہ جِلا اٹھائے جائیں گے اور اُن کا محاسبہ ہوگا اور نیک انسان جنت کے باغوں میں رکھے جائیں گے اور گناہ گار انسان دوزخ میں ڈالے جائیں گے۔ اُن کا کہنا یہ تھا کہ یہ سب خیالی باتیں ہیں جن کا عالَمِ واقعہ میں پیش آنا غیر ممکن ہے۔ اِس کے جواب میں فرمایا کہ جب وہ واقعہ پیش آ جائے گا، اُس وقت کوئی یہ جھوٹ بولنے والا نہ ہوگا کہ وہ پیش نہیں آیا ہے، نہ کسی کی یہ طاقت ہوگی کہ اُسے آتے آتے روک دے، یا واقعہ سے غیر واقعہ بنا دے۔ اُس وقت لازماً تمام انسان تین طبقات میں تقسیم ہو جائیں گے: ایک، سابقین۔ دوسرے، عام صالحین۔ تیسرے، وہ لوگ جو آخرت کے منکر رہے اور مرتے دم تک کفر و شرک اور گناہِ کبیرہ پر جمے رہے۔ اِن تینوں طبقات کے ساتھ جو معاملہ ہوگا اسے تفصیل کے ساتھ آیت ۷ سے ۵۶ تک بیان کیا گیا ہے۔

اس کے بعد آیت ۵۷ سے ۷۴ تک اسلام کے اُن دونوں بنیادی عقائد کی صداقت پر پے در پے

دلائل دیے گئے ہیں جن کو ماننے سے کفار انکار کر رہے تھے، یعنی توحید اور آخرت۔ اِن دلائل میں زمین و آسمان کی دوسری تمام چیزوں کو چھوڑ کر انسان کو خود اس کے اپنے وجود کی طرف اور اُس غذا کی طرف جسے وہ کھاتا ہے اور اُس پانی کی طرف جسے وہ پیتا ہے اور اس آگ کی طرف جس سے وہ اپنا کھانا پکاتا ہے، توجہ دلائی گئی ہے اور اسے اِس سوال پر غور و فکر کی دعوت دی گئی ہے کہ تو جس خدا کے بنانے سے بنا ہے اور جس کے دیے ہوئے سامانِ زیست پر پل رہا ہے، اس کے مقابلے میں خود مختار ہونے، یا اس کے سوا کسی اور کی بندگی بجالانے کا آخر تجھے حق کیا ہے؟ اور اس کے متعلق تو نے یہ کیسے گمان کر لیا کہ وہ ایک دفعہ تجھے وجود میں لے آنے کے بعد ایسا عاجز و درماندہ ہو جاتا ہے کہ دوبارہ تجھ کو وجود میں لانا چاہے بھی تو نہیں لا سکتا؟

پھر آیت ۷۵ سے ۸۲ تک قرآن کے بارے میں اُن کے شکوک کی تردید کی گئی ہے اور ان کو یہ احساس دلایا گیا ہے کہ بدنصیبو! یہ عظیم الشان نعمت تمھارے پاس آئی ہے اور تم نے اپنا حصّہ اِس نعمت میں یہ رکھا ہے کہ اِسے جھٹلاتے ہو اور اِس سے فائدہ اٹھانے کے بجائے اُلٹی بے اعتنائی برتتے ہو۔ قرآن کی صداقت پر دو مختصر سے فقروں میں یہ بے نظیر دلیل پیش کی گئی ہے کہ اِس پر کوئی غور کرے تو اس کے اندر ویسا ہی محکم نظام پائے گا جیسا کائنات کے تاروں اور سیاروں کا نظام محکم ہے، اور یہی اس بات کی دلیل ہے کہ اس کا مصنف وہی ہے جس نے کائنات کا یہ نظام بنایا ہے۔ پھر کفار سے کہا گیا ہے کہ یہ کتاب اُس نَوِشْتۂ تقدیر میں ثبت ہے جو مخلوقات کی دست رَس سے باہر ہے۔ تم سمجھتے ہو کہ اِسے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس شیاطین لاتے ہیں، حالانکہ لوحِ محفوظ سے محمد صلی اللہ علیہ وسلم تک جس ذریعے سے یہ پہنچتی ہے، اس میں پاک نفس فرشتوں کے سوا کسی کا ذرّہ برابر بھی کوئی دخل نہیں ہے۔

آخر میں انسان کو بتایا گیا ہے کہ تو کتنی ہی لن ترانیاں ہانکے اور اپنی خود مختاری کے گھمنڈ میں کتنا ہی حقائق کی طرف سے اندھا ہو جائے، مگر موت کا وقت تیری آنکھیں کھول دینے کے لیے کافی ہے۔ اُس وقت تُو بالکل بے بس ہوتا ہے۔ اپنے ماں باپ کو نہیں بچا سکتا۔ اپنی اولاد کو نہیں بچا سکتا۔ اپنے پیروں اور پیشواؤں اور محبُوب ترین لیڈروں کو نہیں بچا سکتا۔ سب تیری آنکھوں کے سامنے مرتے ہیں اور تُو دیکھتا رہ جاتا ہے۔ اگر کوئی بالاتر طاقت تیرے اُوپر فرمانروا نہیں ہے اور تیرا یہ زَعْم دُرست ہے کہ دنیا میں بس تو ہی تو ہے، کوئی خدا نہیں ہے، تو کسی مرنے والے کی نکلتی ہوئی جان کو پلٹا کیوں نہیں لاتا؟ جس طرح تو اِس معاملے میں بے بس ہے، اُسی طرح خدا کے محاسبے اور اس کی جزا و سزا کو بھی روک دینا تیرے اختیار میں نہیں ہے۔ تو خواہ مانے یا نہ مانے، موت کے بعد ہر مرنے والا اپنا انجام دیکھ کر رہے گا۔ مُقَرَّبِین میں سے ہو تو مُقَرَّبِین کا انجام دیکھے گا۔ صالحین میں سے ہو تو صالحین کا انجام دیکھے گا۔ اور جھٹلانے والے گمراہوں میں سے ہو تو وہ انجام دیکھے گا جو ایسے مجرموں کے لیے مقدر ہے۔

۹۶ آیاتھا سُوْرَةُ الْوَاقِعَةِ مَكِّيَّةٌ ۳ رکوعاتھا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رکوع ۱ اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ﴿۱﴾ لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ ﴿۲﴾ خَافِضَةٌ
رَّافِعَةٌ ﴿۳﴾ اِذَا رُجَّتِ الْاَرْضُ رَجًّا ﴿۴﴾ وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ

جب وہ ہونے والا واقعہ پیش آ جائے گا تو کوئی اس کے وقوع کو جھٹلانے والا نہ ہوگا۔[1] وہ تہ و بالا کر دینے والی آفت[2] ہوگی۔ زمین اس وقت یکبارگی ہلا ڈالی جائے[3] گی اور پہاڑ اس طرح ریزہ ریزہ

۱ – اِس فقرے سے کلام کا آغاز خود یہ ظاہر کر رہا ہے کہ یہ اُن باتوں کا جواب ہے جو اُس وقت کفار کی مجلسوں میں قیامت کے خلاف بنائی جا رہی تھیں۔ زمانہ وہ تھا جب مکّے کے لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانِ مبارک سے نئی نئی اسلام کی دعوت سُن رہے تھے۔ اُس میں جو چیز انھیں سب سے زیادہ عجیب اور بعید از عقل و امکان نظر آتی تھی، وہ یہ تھی کہ ایک روز زمین و آسمان کا یہ سارا نظام درہم برہم ہو جائے گا اور پھر ایک دوسرا عالَم برپا ہو گا جس میں سب اگلے پچھلے مرے ہوئے لوگ دوبارہ زندہ کیے جائیں گے۔ یہ بات سُن کر حیرت سے اُن کے دِیدے پھٹے کے پھٹے رہ جاتے تھے۔ وہ کہتے تھے کہ ایسا ہونا بالکل ناممکن ہے۔ آخر یہ زمین، یہ پہاڑ، یہ سمندر، یہ چاند، یہ سورج کہاں چلے جائیں گے؟ صدیوں کے گڑے مُردے کیسے جی اُٹھیں گے؟ مرنے کے بعد دوسری زندگی، اور پھر اُس میں بہشت کے باغ اور جہنم کی آگ، آخر یہ خواب و خیال کی باتیں عقل و ہوش رکھتے ہوئے ہم کیسے مان لیں؟ یہی چہ میگوئیاں اُس وقت مکّے میں ہر جگہ ہو رہی تھیں۔ اِس پس منظر میں فرمایا گیا ہے کہ جب وہ ہونے والا واقعہ پیش آ جائے گا، اُس وقت کوئی اُسے جھٹلانے والا نہ ہو گا۔

اِس ارشاد میں قیامت کے لیے "واقعہ" کا لفظ استعمال کیا گیا ہے، جس کے معنیٰ قریب قریب وہی ہیں جس کے لیے اُردو زبان میں ہونی شُدنی کے الفاظ بولے جاتے ہیں، یعنی وہ ایسی چیز ہے جسے لازماً پیش آ کر ہی رہنا ہے۔ پھر اس کے پیش آنے کو "وَقْعَة" کہا گیا ہے، جو عربی زبان میں کسی بڑے حادثے کے اچانک برپا ہو جانے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ کے دو معنیٰ ہو سکتے ہیں: ایک یہ کہ اس کے وقوع کا ٹل جانا اور اس کا آتے آتے رُک جانا اور اُس کی آمد کا پھیر دیا جانا ممکن نہ ہو گا، یا بالفاظِ دیگر، کوئی طاقت پھر اُس کو واقعہ سے غیر واقعہ بنا دینے والی نہ ہو گی۔ دوسرے یہ کہ کوئی مُتنفّس اُس وقت یہ جھوٹ بولنے والا نہ ہو گا کہ وہ واقعہ پیش نہیں آیا ہے۔

۲ – اصل الفاظ ہیں: خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ، "گرانے والی اور اٹھانے والی"۔ اس کا ایک مطلب یہ ہو سکتا ہے کہ

بَسًّا ۝۵ فَكَانَتۡ هَبَآءً مُّنۡۢبَثًّا ۝۶ وَّ كُنۡتُمۡ اَزۡوَاجًا
ثَلٰثَةً ۝۷ فَاَصۡحٰبُ الۡمَيۡمَنَةِ ۙ مَاۤ اَصۡحٰبُ الۡمَيۡمَنَةِ ۝۸
وَ اَصۡحٰبُ الۡمَشۡـَٔمَةِ ۙ مَاۤ اَصۡحٰبُ الۡمَشۡـَٔمَةِ ۝۹ وَ السّٰبِقُوۡنَ
السّٰبِقُوۡنَ ۝۱۰ اُولٰٓئِكَ الۡمُقَرَّبُوۡنَ ۝۱۱ فِیۡ جَنّٰتِ النَّعِيۡمِ ۝۱۲

کر دیے جائیں گے کہ پراگندہ غبار بن کر رہ جائیں گے۔
تم لوگ اُس وقت تین گروہوں میں تقسیم ہو جاؤ گے[۴]:
دائیں بازو والے[۵]، سو دائیں بازو والوں (کی خوش نصیبی) کا کیا کہنا۔
اور بائیں بازو والے[۶]، تو بائیں بازو والوں (کی بدنصیبی) کا کیا ٹھکانا۔
اور آگے والے تو پھر آگے والے ہی ہیں[۷]۔ وہی تو مقرّب لوگ ہیں۔ نعمت بھری جنّتوں میں رہیں گے۔

---

وہ سب کچھ اُلٹ پلٹ کر کے رکھ دے گی۔ نیچے کی چیزیں اُوپر اور اُوپر کی چیزیں نیچے ہو جائیں گی۔ دوسرا مطلب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ وہ گرے ہوئے لوگوں کو اُٹھانے والی اور اُٹھے ہوئے لوگوں کو گرانے والی ہوگی، یعنی اس کے آنے پر انسانوں کے درمیان عزّت و ذلّت کا فیصلہ ایک دوسری ہی بنیاد پر ہوگا۔ جو دنیا میں عزت والے بنے پھرتے تھے وہ ذلیل ہو جائیں گے، اور جو ذلیل سمجھے جاتے تھے وہ عزت پائیں گے۔

۳- یعنی وہ کوئی مقامی زلزلہ نہ ہوگا جو کسی محدود علاقے میں آئے، بلکہ پُوری کی پُوری زمین بیک وقت ہلا ماری جائے گی۔ اُس کو یک لخت ایک زبردست جھٹکا لگے گا جس سے وہ لرز کر رہ جائے گی۔

۴- خطاب اگرچہ بظاہر اُن لوگوں سے ہے جنہیں یہ کلام سنایا جا رہا تھا، یا جو اَب اِسے پڑھیں یا سُنیں، لیکن دراصل پوری نوعِ اِنسانی اِس کی مخاطب ہے۔ تمام انسان جو اوّل روزِ آفرینش سے قیامت تک پیدا ہوئے ہیں، وہ سب آخرکار تین گروہوں میں تقسیم ہو جائیں گے۔

۵- اصل میں لفظ اَصۡحٰبُ الۡمَیۡمَنَةِ استعمال ہوا ہے۔ مَیۡمَنہ عربی قاعدے کے مطابق یَمِین سے بھی ہو سکتا ہے جس کے معنٰی سیدھے ہاتھ کے ہیں، اور یُمۡن سے بھی ہو سکتا ہے جس کے معنٰی ہیں فالِ نیک۔ اگر اس کو یمین سے ماخوذ مانا جائے تو اَصۡحٰبُ الۡمَیۡمَنَةِ کے معنٰی ہوں گے: "سیدھے ہاتھ والے"۔ لیکن اس سے لُغوی معنٰی مراد نہیں ہیں بلکہ اس کا مطلب ہے عالی مرتبہ لوگ۔ اہلِ عرب سیدھے ہاتھ کو قوت اور رفعت اور عزت کا نشان سمجھتے تھے۔ جس کا احترام مقصود ہوتا تھا، اُسے

ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ۝١٣ وَ قَلِيْلٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ۝١٤ عَلٰى
سُرُرٍ مَّوْضُوْنَةٍ ۝١٥ مُّتَّكِـِٕيْنَ عَلَيْهَا مُتَقٰبِلِيْنَ ۝١٦ يَطُوْفُ

اگلوں میں سے، بہت ہوں گے اور پچھلوں میں سے کم۔^٨ مُرصَّع تختوں پر تکیے لگائے آمنے سامنے بیٹھیں گے۔

مجلس میں سیدھے ہاتھ پر بٹھاتے تھے۔ کسی کے متعلق یہ کہنا ہوتا کہ میرے دل میں اس کی بڑی عزت ہے تو کہتے: فُلانٌ مِنّی بالیمین، ''وہ تو میرے سیدھے ہاتھ کی طرف ہے''۔ اُردو میں بھی کسی شخص کو کسی بڑی ہستی کا دستِ راست اِس معنٰی میں کہا جاتا ہے کہ وہ اُس کا خاص آدمی ہے۔ اور اگر اس کو یُمن سے ماخوذ مانا جائے تو اصحاب المیمنہ کے معنٰی ہوں گے: خوش نصیب اور نیک بخت لوگ۔

٦ - اصل میں لفظ اَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ استعمال ہوا ہے۔ مَشْئَمَة، شُؤم سے ہے جس کے معنٰی بدبختی، نحوست اور بدفالی کے ہیں۔ اور عربی زبان میں بائیں ہاتھ کو بھی شُوْمیٰ کہا جاتا ہے۔ اُردو میں شُومیِ قسمت اسی لفظ سے ماخوذ ہے۔ اہلِ عرب شِمال (بائیں ہاتھ) اور شُوم (فالِ بد) کو ہم معنٰی سمجھتے تھے۔ ان کے ہاں بایاں ہاتھ کمزوری اور ذلّت کا نشان تھا۔ سفر کو جاتے ہوئے اگر پرندہ اُڑ کر بائیں ہاتھ کی طرف جاتا تو وہ اُس کو بُری فال سمجھتے تھے۔ کسی کو اپنے بائیں ہاتھ بٹھاتے تو اس کے معنٰی یہ تھے کہ وہ اسے کم تر درجے کا آدمی سمجھتے ہیں۔ کسی کے متعلق یہ کہنا ہو کہ میرے ہاں اس کی کوئی عزت نہیں، تو کہا جاتا کہ فُلانٌ مِنِّیْ بِالشِّمَال، ''وہ میرے بائیں ہاتھ کی طرف ہے''۔ اُردو میں بھی کسی کام کو بہت ہلکا اور آسان قرار دینا ہو تو کہا جاتا ہے: یہ میرے بائیں ہاتھ کا کھیل ہے۔ پس اَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ سے مراد ہیں بدبخت لوگ، یا وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ کے ہاں ذلّت سے دوچار ہوں گے اور دربارِ الٰہی میں بائیں طرف کھڑے کیے جائیں گے۔

٧ - سابقین (آگے والوں) سے مراد وہ لوگ ہیں جو نیکی اور حق پرستی میں سب پر سبقت لے گئے ہوں، بھلائی کے ہر کام میں سب سے آگے ہوں، خدا اور رسول کی پکار پر سب سے پہلے لبیک کہنے والے ہوں، جہاد کا معاملہ ہو، یا اِنفاق فی سبیل اللہ کا، یا خدمتِ خلق کا، یا دعوتِ خیر اور تبلیغِ حق کا، غرض دنیا میں بھلائی پھیلانے اور بُرائی مٹانے کے لیے ایثار و قربانی اور محنت و جانفشانی کا جو موقع بھی پیش آئے، اس میں وہی آگے بڑھ کر کام کرنے والے ہوں۔ اس بنا پر آخرت میں بھی سب سے آگے وہی رکھے جائیں گے۔ گویا وہاں اللہ تعالیٰ کے دربار کا نقشہ یہ ہوگا کہ دائیں بازو میں صالحین، بائیں بازو میں فاسقین، اور سب سے آگے بارگاہِ خداوندی کے قریب سابقین۔ حدیث میں حضرت عائشہؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں سے پوچھا: ''جانتے ہو قیامت کے روز کون لوگ سب سے پہلے پہنچ کر اللہ کے سایے میں جگہ پائیں گے؟'' لوگوں نے عرض کیا: ''اللہ اور اللہ کا رسول ہی زیادہ جانتا ہے۔'' فرمایا: الذین اعطوا الحق قبلوہ، واذا سُئِلوہ بذلوہ، وحکموا الناس کحکمھم لانفسھم، ''وہ جن کا حال یہ تھا کہ جب ان کے آگے

عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ ﴿۱۷﴾ بِاَكْوَابٍ وَّاَبَارِيْقَ ۙ وَكَاْسٍ مِّنْ
مَّعِيْنٍ ﴿۱۸﴾ لَّا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَفَاكِهَةٍ

اُن کی مجلسوں میں اَبَدی لڑکے[9] شرابِ چشمۂ جاری سے لبریز پیالے اور کنٹر اور ساغر لیے دَوڑتے پھرتے ہوں گے، جسے پی کر نہ اُن کا سر چکرائے گا نہ ان کی عقل میں فتور آئے گا۔[10] اور وہ اُن کے سامنے طرح طرح

حق پیش کیا گیا انھوں نے قبول کر لیا، جب ان سے حق مانگا گیا انھوں نے ادا کر دیا، اور دوسروں کے معاملے میں ان کا فیصلہ وہی کچھ تھا جو خود اپنی ذات کے معاملے میں تھا۔" (مُسندِ احمد)

۸ – مفسّرین کے درمیان اس امر میں اختلاف ہے کہ اوّلین اور آخرین یعنی اگلوں اور پچھلوں سے مُراد کون ہیں۔ ایک گروہ کا خیال ہے کہ آدم علیہ السّلام کے وقت سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بِعثت تک جتنی اُمّتیں گزری ہیں وہ اوّلین ہیں، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بِعثت کے بعد قیامت تک کے لوگ آخرین ہیں۔ اس لحاظ سے آیت کا مطلب یہ ہوگا کہ بِعثتِ محمدی سے پہلے ہزارہا برس کے دوران میں جتنے انسان گزرے ہیں اُن کے سابقین کی تعداد زیادہ ہوگی، اور حضورؐ کی بِعثت کے بعد سے قیامت تک آنے والے انسانوں میں سے جو لوگ سابقین کا مرتبہ پائیں گے اُن کی تعداد کم ہوگی۔ دوسرا گروہ کہتا ہے کہ یہاں اوّلین و آخرین سے مراد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اُمّت کے اوّلین و آخرین ہیں۔ یعنی آپؐ کی اُمّت میں ابتدائی دَور کے لوگ اوّلین ہیں جن میں سابقین کی تعداد زیادہ ہوگی، اور بعد کے لوگ آخرین ہیں جن میں سابقین کی تعداد کم ہوگی۔ تیسرا گروہ کہتا ہے کہ اس سے مراد ہر نبی کی اُمّت کے اوّلین و آخرین ہیں، یعنی ہر نبی کے ابتدائی پیرووں میں سابقین بہت ہوں گے اور بعد کے آنے والوں میں وہ کم پائے جائیں گے۔ آیت کے الفاظ اِن تینوں مفہوموں کے حامل ہیں اور بعید نہیں کہ یہ تینوں ہی صحیح ہوں، کیونکہ درحقیقت ان میں کوئی تضاد نہیں ہے۔ اِن کے علاوہ ایک اور مطلب بھی اِن الفاظ سے نکلتا ہے اور وہ بھی صحیح ہے کہ ہر پہلے دَور میں انسانی آبادی کے اندر سابقین کا تناسُب زیادہ ہوگا اور بعد کے دَور میں ان کا تناسُب کم نکلے گا۔ اس لیے کہ انسانی آبادی جس رفتار سے بڑھتی ہے، سبقت فی الخیرات کرنے والوں کی تعداد اُسی رفتار سے نہیں بڑھتی۔ گنتی کے اعتبار سے یہ لوگ چاہے پہلے دَور کے سابقین سے تعداد میں زیادہ ہوں، لیکن بحیثیتِ مجموعی دنیا کی آبادی کے مقابلے میں ان کا تناسُب گھٹتا ہی چلا جاتا ہے۔

۹ – اِس سے مراد ہیں ایسے لڑکے جو ہمیشہ لڑکے ہی رہیں گے، اُن کی عمر ہمیشہ ایک ہی حالت پر ٹھیری رہے گی۔ حضرت علیؓ اور حضرت حَسَن بصریؒ فرماتے ہیں کہ یہ اہلِ دنیا کے وہ بچے ہیں جو بالغ ہونے سے پہلے مر گئے، اِس لیے نہ ان کی کچھ نیکیاں ہوں گی کہ ان کی جزا پائیں اور نہ بدیاں ہوں گی کہ ان کی سزا پائیں۔ لیکن ظاہر بات ہے کہ اس سے مراد صرف وہی اہلِ دنیا ہو سکتے ہیں جن کو جنت نصیب نہ ہوئی ہو۔ رہے مومنینِ صالحین، تو ان کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے خود قرآن میں یہ ضمانت دی ہے کہ اُن کی ذرّیّت ان کے ساتھ جنّت میں لا ملائی جائے گی۔ (الطُّور، آیت ۲۱) اسی کی تائید اُس حدیث سے ہوتی ہے جو

مِمَّا يَتَخَيَّرُوْنَ ﴿٢٠﴾ وَلَحْمِ طَيْرٍ مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿٢١﴾ وَحُوْرٌ
عِيْنٌ ﴿٢٢﴾ كَاَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُوْنِ ﴿٢٣﴾ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٢٤﴾
لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا تَاْثِيْمًا ﴿٢٥﴾ اِلَّا قِيْلًا سَلٰمًا سَلٰمًا ﴿٢٦﴾

---

کے لذیذ پھل پیش کریں گے کہ جسے چاہیں چُن لیں، اور پرندوں کے گوشت پیش کریں گے کہ جس پرندے کا چاہیں استعمال کریں۔[11] اور ان کے لیے خوب صورت آنکھوں والی حُوریں ہوں گی، ایسی حسین جیسے چھُپا کر رکھے ہوئے موتی۔[12] یہ سب کچھ اُن اعمال کی جزا کے طور پر انھیں ملے گا جو وہ دنیا میں کرتے رہے تھے۔ وہاں وہ کوئی بیہودہ کلام یا گناہ کی بات نہ سُنیں گے۔[13] جو بات بھی ہو گی ٹھیک ہو گی۔[14]

---

ابوداؤد طَیالسی، طَبَرانی اور بزّار نے حضرت اَنَسؓ اور حضرت سَمُرَہؓ بن جُندُب سے نقل کی ہے۔ اس میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ مشرکین کے بچے اہلِ جنّت کے خادم ہوں گے۔ (مزید تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد چہارم، تفسیر سورۂ صافّات، حاشیہ ۲۶۔ جلد پنجم، الطُّور، حاشیہ ۱۹)

۱۰- تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد چہارم، تفسیر سورۂ صافّات، حاشیہ ۲۷۔ جلد پنجم، سورۂ محمد، حاشیہ ۲۲۔ الطُّور، حاشیہ ۱۸۔

۱۱- تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد پنجم، تفسیر سورۂ طُور، حاشیہ ۱۷۔

۱۲- تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد چہارم، تفسیر سورۂ صافّات، حاشیہ ۲۸-۲۹۔ الدُّخان، حاشیہ ۴۲۔ جلد پنجم، الرحمٰن، حاشیہ ۵۱۔

۱۳- یہ جنت کی بڑی نعمتوں میں سے ایک ہے، جسے قرآنِ مجید میں متعدِّد مقامات پر بیان کیا گیا ہے کہ انسان کے کان وہاں بیہودگی، یاوہ گوئی، جھوٹ، غیبت، چغلی، بہتان، گالی، لاف وگزاف، طنز وتمسخُر اور طعن وتشنیع کی باتیں سننے سے محفوظ ہوں گے۔ وہ بدزبان اور بدتمیز لوگوں کی سوسائٹی نہ ہو گی جس میں لوگ ایک دوسرے پر کیچڑ اُچھالیں۔ وہ شریف اور مُہذَّب لوگوں کا معاشرہ ہو گا جس کے اندر یہ لغویات ناپید ہوں گی۔ اگر کسی شخص کو اللہ نے کچھ بھی شائستگی اور مذاقِ سلیم سے نوازا ہو تو وہ اچھی طرح محسوس کر سکتا ہے کہ دنیوی زندگی کا یہ کتنا بڑا عذاب ہے جس سے انسان کو جنّت میں نجات پانے کی اُمید دلائی گئی ہے۔

۱۴- اصل الفاظ ہیں: اِلَّا قِيْلًا سَلٰمًا سَلٰمًا۔ بعض مفسّرین ومترجمین نے اس کا مطلب یہ لیا ہے کہ وہاں ہر

وَ اَصۡحٰبُ الۡيَمِيۡنِ ۙ۬ مَاۤ اَصۡحٰبُ الۡيَمِيۡنِ ؕ﴿۲۷﴾ فِيۡ سِدۡرٍ مَّخۡضُوۡدٍ ۙ﴿۲۸﴾
وَّ طَلۡحٍ مَّنۡضُوۡدٍ ۙ﴿۲۹﴾ وَّ ظِلٍّ مَّمۡدُوۡدٍ ۙ﴿۳۰﴾ وَّ مَآءٍ مَّسۡكُوۡبٍ ۙ﴿۳۱﴾ وَّ فَاكِهَةٍ
كَثِيۡرَةٍ ۙ﴿۳۲﴾ لَّا مَقۡطُوۡعَةٍ وَّ لَا مَمۡنُوۡعَةٍ ۙ﴿۳۳﴾ وَّ فُرُشٍ
مَّرۡفُوۡعَةٍ ؕ﴿۳۴﴾ اِنَّاۤ اَنۡشَاۡنٰهُنَّ اِنۡشَآءً ۙ﴿۳۵﴾ فَجَعَلۡنٰهُنَّ اَبۡكَارًا ۙ﴿۳۶﴾

اور دائیں بازو والے، دائیں بازو والوں کی خوش نصیبی کا کیا کہنا۔ وہ بے خار بیریوں[15]، اور تہ بر تہ چڑھے ہوئے کیلوں، اور دُور تک پھیلی ہوئی چھاؤں، اور ہر دم رواں پانی، اور کبھی ختم نہ ہونے والے اور بے روک ٹوک ملنے والے بکثرت پھلوں[16]، اور اُونچی نشست گاہوں میں ہوں گے۔ ان کی بیویوں کو ہم خاص طور پر نئے سرے سے پیدا کریں گے اور انھیں باکرہ بنا دیں گے،[17]

---

طرف سلام سلام ہی کی آوازیں سننے میں آئیں گی۔ لیکن صحیح بات یہ ہے کہ اس سے مراد ہے قولِ سلیم، یعنی ایسی گفتگو جو عُیوبِ کلام سے پاک ہو، جس میں وہ خرابیاں نہ ہوں جو پچھلے فقرے میں بیان کی گئی ہیں۔ یہاں سلام کا لفظ قریب قریب اسی مفہوم میں استعمال کیا گیا ہے، جس کے لیے انگریزی میں لفظ sane استعمال ہوتا ہے۔

۱۵- یعنی ایسی بیریاں جن کے درختوں میں کانٹے نہ ہوں گے۔ ایک شخص تعجب کا اظہار کر سکتا ہے کہ بیر ایسا کون سا نفیس پھل ہے جس کے جنت میں ہونے کی خوشخبری سنائی جائے۔ لیکن واقعہ یہ ہے کہ جنت کے بیروں کا تو کیا ذکر، خود اِس دنیا کے بھی بعض علاقوں میں یہ پھل اتنا لذیذ، خوشبودار اور میٹھا ہوتا ہے کہ ایک دفعہ منہ کو لگنے کے بعد اسے چھوڑنا مشکل ہو جاتا ہے۔ اور بیر جتنے اعلیٰ درجے کے ہوتے ہیں، ان کے درختوں میں کانٹے اتنے ہی کم ہوتے ہیں۔ اسی لیے جنّت کے بیروں کی یہ تعریف بیان کی گئی ہے کہ ان کے درخت بالکل ہی کانٹوں سے خالی ہوں گے، یعنی ایسی بہترین قسم کے ہوں گے جو دنیا میں نہیں پائی جاتی۔

۱۶- اصل الفاظ ہیں: لَّا مَقۡطُوۡعَةٍ وَّ لَا مَمۡنُوۡعَةٍ۔ لَّا مَقۡطُوۡعَةٍ سے مراد یہ ہے کہ یہ پھل نہ موسمی ہوں گے کہ موسم گزر جانے کے بعد نہ مل سکیں، نہ ان کی پیداوار کا سلسلہ کبھی منقطع ہوگا کہ کسی باغ کے سارے پھل اگر توڑ لیے جائیں تو ایک مدت تک وہ بے ثمر رہ جائے، بلکہ ہر پھل وہاں ہر موسم میں ملے گا، اور خواہ کتنا ہی کھایا جائے، لگاتار پیدا ہوتا چلا جائے گا۔ اور لَا مَمۡنُوۡعَةٍ کا مطلب یہ ہے کہ دنیا کے باغوں کی طرح وہاں کوئی روک ٹوک نہ ہوگی، نہ پھلوں کے توڑنے اور کھانے میں کوئی امر مانع ہوگا کہ درختوں پر کانٹے ہونے یا زیادہ بلندی پر ہونے کی وجہ سے توڑنے میں کوئی زحمت پیش آئے۔

۱۷- اس سے مراد دنیا کی وہ نیک خواتین ہیں جو اپنے ایمان وعملِ صالح کی بنا پر جنت میں جائیں گی۔ اللہ تعالیٰ

عُرُبًا اَتْرَابًا ۙ﴿۳۷﴾ لِّاَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿۳۸﴾ ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ۙ﴿۳۹﴾
وَثُلَّةٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ﴿۴۰﴾ وَاَصْحٰبُ الشِّمَالِ ۬ۙ مَاۤ اَصْحٰبُ الشِّمَالِ ﴿۴۱﴾
فِيْ سَمُوْمٍ وَّحَمِيْمٍ ۙ﴿۴۲﴾ وَّظِلٍّ مِّنْ يَّحْمُوْمٍ ۙ﴿۴۳﴾ لَّا بَارِدٍ وَّلَا كَرِيْمٍ ﴿۴۴﴾

اپنے شوہروں کی عاشق[18] اور عمر میں ہم سِن[19]۔ یہ کچھ دائیں بازو والوں کے لیے ہے[20]۔ وہ اگلوں میں سے بہت ہوں گے اور پچھلوں میں سے بھی بہت۔

اور بائیں بازو والے، بائیں بازو والوں کی بدنصیبی کا کیا پُوچھنا۔ وہ لُو کی لَپٹ اور کھَولتے ہوئے پانی اور کالے دُھوئیں کے سایے میں ہوں گے، جو نہ ٹھنڈا ہوگا نہ آرام دہ۔

---

ان سب کو وہاں جوان بنا دے گا، خواہ وہ کتنی ہی بوڑھی ہو کر مری ہوں۔ نہایت خوب صورت بنا دے گا، خواہ دنیا میں وہ حسین رہی ہوں یا نہ رہی ہوں۔ باکرہ بنا دے گا، خواہ دنیا میں وہ کنواری مری ہوں یا بال بچّوں والی ہو کر۔ ان کے شوہر بھی اگر ان کے ساتھ جنّت میں پہنچیں گے تو وہ ان سے ملا دی جائیں گی، ورنہ اللہ تعالیٰ کسی اور جنّتی سے ان کو بیاہ دے گا۔ اس آیت کی یہی تشریح متعدِّد احادیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔ شمائلِ ترمذی میں روایت ہے کہ ایک بُڑھیا نے حضورؐ سے عرض کیا: ”میرے حق میں جنّت کی دُعا فرمائیں۔“ آپؐ نے فرمایا: ”جنت میں کوئی بُڑھیا داخل نہ ہوگی۔“ وہ روتی ہوئی واپس چلی گئی تو آپؐ نے لوگوں سے فرمایا کہ ”اُسے بتاؤ، وہ بڑھاپے کی حالت میں داخلِ جنت نہیں ہوگی، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ ہم انھیں خاص طور پر نئے سرے سے پیدا کریں گے اور باکرہ بنا دیں گے۔“ ابنِ ابی حاتم نے حضرت سَلَمہؓ بن یزید کی یہ روایت نقل کی ہے کہ میں نے اس آیت کی تشریح میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سُنا: ”اِس سے مراد دنیا کی عورتیں ہیں، خواہ وہ باکرہ مری ہوں یا شادی شدہ۔“ طَبَرانی میں حضرت اُمِّ سَلَمہؓ کی ایک طویل روایت ہے جس میں وہ جنّت کی عورتوں کے متعلق قرآنِ مجید کے مختلف مقامات کا مطلب حضورؐ سے دریافت فرماتی ہیں۔ اس سلسلے میں حضورؐ اس آیت کی تشریح کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ هن اللّواتي قبضن في دار الدنيا عجائز رمصًا شمطًا خلقهن الله بعد الكبر فجعلهن عذارٰى ”یہ وہ عورتیں ہیں جو دنیا کی زندگی میں مری ہیں۔ بوڑھی پھونس، آنکھوں میں چیپڑ، سر کے بال سفید۔ اس بڑھاپے کے بعد اللہ تعالیٰ ان کو پھر سے باکرہ پیدا کر دے گا۔“ حضرت اُمِّ سَلَمہؓ پوچھتی ہیں: ”اگر کسی عورت کے دنیا میں کئی شوہر رہ چکے ہوں اور وہ سب جنّت میں جائیں تو وہ ان میں سے کس کو ملے گی؟“ حضورؐ فرماتے ہیں: انها تُخيَّر فتختار احسنهم خلقا فتقول يا رب ان هٰذا كان احسن خلقًا معي فزوجنيها، يا ام سلمه! ذهب حسن الخلق بخير الدنيا والاٰخرة۔ ”اس کو اختیار دیا جائے گا کہ وہ جسے چاہے چُن لے، اور وہ اُس شخص کو چُنے گی جو ان میں سب سے زیادہ اچھے اَخلاق کا تھا۔ وہ اللہ تعالیٰ سے عرض کرے گی کہ اَے رب!

إِنَّهُمْ كَانُوا قَبْلَ ذَٰلِكَ مُتْرَفِينَ ﴿٤٥﴾ وَكَانُوا يُصِرُّونَ عَلَى
الْحِنْثِ الْعَظِيمِ ﴿٤٦﴾ وَكَانُوا يَقُولُونَ أَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا
وَعِظَامًا أَإِنَّا لَمَبْعُوثُونَ ﴿٤٧﴾ أَوَآبَاؤُنَا الْأَوَّلُونَ ﴿٤٨﴾ قُلْ إِنَّ
الْأَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ ﴿٤٩﴾ لَمَجْمُوعُونَ إِلَىٰ مِيقَاتِ يَوْمٍ

---

یہ وہ لوگ ہوں گے جو اِس انجام کو پہنچنے سے پہلے خوشحال تھے اور گناہِ عظیم پر اصرار کرتے تھے۔[۲۰] کہتے تھے: ”کیا جب ہم مر کر خاک ہو جائیں گے اور ہڈیوں کا پنجر رہ جائیں گے تو پھر اُٹھا کھڑے کیے جائیں گے؟ اور کیا ہمارے وہ باپ دادا بھی اُٹھائے جائیں گے جو پہلے گزر چکے ہیں؟“ اے نبیؐ! اِن لوگوں سے کہو: یقیناً اگلے اور پچھلے، سب ایک دن ضرور جمع کیے جانے والے ہیں جس کا وقت مقرر

---

اس کا برتاؤ میرے ساتھ سب سے اچھا تھا، اس لیے مجھے اسی کی بیوی بنا دے۔ اے اُمِّ سَلَمَہ! حسنِ اَخلاق دنیا اور آخرت کی ساری بھلائی لُوٹ لے گیا ہے۔“ (مزید تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد پنجم، تفسیر سورۂ رحمٰن، حاشیہ ۵۱)

۱۸– اصل میں لفظ عُرُبًا استعمال ہوا ہے۔ یہ لفظ عربی زبان میں عورت کی بہترین نسوانی خوبیوں کے لیے بولا جاتا ہے۔ اس سے مُراد ایسی عورت ہے جو طرح دار ہو، خوش اطوار ہو، خوش گفتار ہو، نسوانی جذبات سے لبریز ہو، اپنے شوہر کو دل و جان سے چاہتی ہو، اور اس کا شوہر بھی اس کا عاشق ہو۔

۱۹– اس کے دو مفہُوم ہو سکتے ہیں: ایک یہ کہ وہ اپنے شوہروں کی ہم سِن ہوں گی۔ دوسرا یہ کہ وہ آپس میں ہم سِن ہوں گی، یعنی تمام جنّتی عورتیں ایک ہی عمر کی ہوں گی اور ہمیشہ اسی عمر کی رہیں گی۔ بعید نہیں کہ یہ دونوں ہی باتیں بیک وقت صحیح ہوں، یعنی یہ خواتین خود بھی ہم سِن ہوں اور ان کے شوہر بھی ان کے ہم سِن بنا دیے جائیں۔ ایک حدیث میں آتا ہے کہ یدخل اھل الجنة الجنة جردا مردا بیضا جعادا مکحلین ابناء ثلاث وثلاثین۔ ”اہلِ جنّت جب جنّت میں داخل ہوں گے تو ان کے جسم بالوں سے صاف ہوں گے۔ مَسیں بھیگ رہی ہوں گی مگر ڈاڑھی نہ نکلی ہوگی۔ گورے چِٹّے ہوں گے۔ گُتھے ہوئے بدن ہوں گے۔ آنکھیں سُرمگیں ہوں گی۔ سب کی عمریں ۳۳ سال کی ہوں گی۔“ (مُسندِ احمد، مَرویاتِ ابی ہریرہؓ) قریب قریب یہی مضمون ترمذی میں حضرت مُعاذؓ بن جَبَل اور حضرت ابوسعید خُدریؓ سے بھی مروی ہے۔

۲۰– یعنی خوش حالی نے اُن پر اُلٹا اثر کیا تھا۔ اللہ تعالیٰ کے شکر گزار ہونے کے بجائے وہ اُلٹے کافرِ نعمت ہو گئے تھے۔ اپنی لذّاتِ نفس میں منہمک ہو کر خدا کو بھول گئے تھے اور گناہِ عظیم پر مُصِرّ تھے۔ ”گناہِ عظیم“ کا لفظ جامع ہے۔ اس سے مراد کفر و شرک اور دہریّت بھی ہے اور اَخلاق و اعمال کا ہر بڑا گناہ بھی۔

مَّعۡلُوۡمٍ ﴿۵۰﴾ ثُمَّ اِنَّكُمۡ اَيُّهَا الضَّآلُّوۡنَ الۡمُكَذِّبُوۡنَ ﴿۵۱﴾ لَاٰكِلُوۡنَ
مِنۡ شَجَرٍ مِّنۡ زَقُّوۡمٍ ﴿۵۲﴾ فَمَالِــُٔوۡنَ مِنۡهَا الۡبُطُوۡنَ ﴿۵۳﴾ فَشٰرِبُوۡنَ
عَلَيۡهِ مِنَ الۡحَمِيۡمِ ﴿۵۴﴾ فَشٰرِبُوۡنَ شُرۡبَ الۡهِيۡمِ ﴿۵۵﴾ هٰذَا نُزُلُهُمۡ يَوۡمَ
الدِّيۡنِ ﴿۵۶﴾ نَحۡنُ خَلَقۡنٰكُمۡ فَلَوۡلَا تُصَدِّقُوۡنَ ﴿۵۷﴾ اَفَرَءَيۡتُمۡ مَّا
تُمۡنُوۡنَ ﴿۵۸﴾ ءَاَنۡتُمۡ تَخۡلُقُوۡنَهٗۤ اَمۡ نَحۡنُ الۡخٰلِقُوۡنَ ﴿۵۹﴾ نَحۡنُ

کیا جا چکا ہے۔ پھر اَے گمراہو اور جھٹلانے والو! تم شجرِ زقّوم[۲۱] کی غذا کھانے والے ہو۔ اُسی سے تم پیٹ بھرو گے اور اُوپر سے کھولتا ہوا پانی تونس لگے ہوئے اُونٹ کی طرح پیو گے۔ یہ ہے بائیں والوں کی ضیافت کا سامان روزِ جزا میں۔

ہم نے تمھیں[۲۲] پیدا کیا ہے، پھر کیوں تصدیق نہیں کرتے[۲۳]؟ کبھی تم نے غور کیا، یہ نطفہ جو تم ڈالتے ہو، اس سے بچّہ تم بناتے ہو، یا اس کے بنانے والے ہم ہیں[۲۴]؟ ہم نے

۲۱ – زقّوم کی تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد چہارم، تفسیر سورۂ صافات، حاشیہ ۳۴۔

۲۲ – یہاں سے آیت ۷۴ تک جو دلائل پیش کیے گئے ہیں، ان میں بیک وقت آخرت اور توحید، دونوں پر اِستدلال کیا گیا ہے۔ چونکہ مکّے کے لوگ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم کے اِن دونوں بنیادی اجزا پر معترض تھے، اس لیے یہاں دلائل اِس انداز سے دیے گئے ہیں کہ آخرت کا ثبوت بھی ان سے ملتا ہے اور توحید کی صداقت کا بھی۔

۲۳ – یعنی اِس بات کی تصدیق کہ ہم ہی تمھارے رب اور معبود ہیں، اور ہم تمھیں دوبارہ بھی پیدا کر سکتے ہیں۔

۲۴ – اس مختصر سے فقرے میں ایک بڑا اہم سوال انسان کے سامنے پیش کیا گیا ہے۔ دنیا کی تمام دوسری چیزوں کو چھوڑ کر انسان اگر صرف اِسی ایک بات پر غور کرے کہ وہ خود کس طرح پیدا ہوا ہے، تو اسے نہ قرآن کی تعلیم توحید میں کوئی شک رہ سکتا ہے نہ اس کی تعلیم آخرت میں۔ انسان آخر اِسی طرح تو پیدا ہوتا ہے کہ مرد اپنا نطفہ عورت کے رحم تک پہنچا دیتا ہے۔ مگر کیا اس نُطفے میں بچہ پیدا کرنے کی، اور لازماً انسان ہی کا بچہ پیدا کرنے کی صلاحیت آپ سے آپ پیدا ہوگئی ہے؟ یا انسان نے خود پیدا کی ہے؟ یا خدا کے سوا کسی اور نے پیدا کر دی ہے؟ اور کیا یہ مرد کے، یا عورت کے، یا دنیا کی کسی طاقت کے اختیار میں ہے کہ اِس نطفے سے حمل کا استقرار کرے؟ پھر استقرارِ حمل سے وضعِ حمل تک ماں کے پیٹ

قَدَّرۡنَا بَیۡنَکُمُ الۡمَوۡتَ وَ مَا نَحۡنُ بِمَسۡبُوۡقِیۡنَ ۙ﴿۶۰﴾ عَلٰۤی
اَنۡ نُّبَدِّلَ اَمۡثَالَکُمۡ وَ نُنۡشِئَکُمۡ فِیۡ مَا لَا تَعۡلَمُوۡنَ ﴿۶۱﴾
وَ لَقَدۡ عَلِمۡتُمُ النَّشۡاَۃَ الۡاُوۡلٰی فَلَوۡ لَا تَذَکَّرُوۡنَ ﴿۶۲﴾

---

تمھارے درمیان موت کو تقسیم کیا ہے[۲۵]، اور ہم اِس سے عاجز نہیں ہیں کہ تمھاری شکلیں بدل دیں اور کسی ایسی شکل میں تمھیں پیدا کر دیں جس کو تم نہیں جانتے[۲۶]۔ اپنی پہلی پیدایش کو تو تم جانتے ہو، پھر کیوں سبق نہیں لیتے[۲۷]؟

---

میں بچّے کی درجہ بدرجہ تخلیق و پرورش، اور ہر بچّے کی الگ صورت گری، اور ہر بچّے کے اندر مختلف ذہنی و جسمانی قوتوں کو ایک خاص تناسُب کے ساتھ رکھنا جس سے وہ ایک خاص شخصیت کا انسان بن کر اُٹھے، کیا یہ سب کچھ ایک خدا کے سوا کسی اور کا کام ہے؟ کیا اِس میں کسی اور کا ذرہ برابر بھی کوئی دخل ہے؟ کیا یہ کام ماں باپ خود کرتے ہیں؟ یا کوئی ڈاکٹر کرتا ہے؟ یا وہ انبیاؑ اور اولیا کرتے ہیں جو خود اِسی طرح پیدا ہوئے ہیں؟ یا سورج اور چاند اور تارے کرتے ہیں جو خود ایک قانون کے غلام ہیں؟ یا وہ فطرت (nature) کرتی ہے جو بجائے خود کوئی علم، حکمت، ارادہ اور اختیار نہیں رکھتی؟ پھر کیا یہ فیصلہ کرنا بھی خدا کے سوا کسی کے اختیار میں ہے کہ بچہ لڑکی ہو یا لڑکا؟ خوبصورت ہو یا بدصورت؟ طاقتور ہو یا کمزور؟ اندھا، بہرا، لنگڑا لُولا ہو یا صحیح الاعضاء؟ ذہین ہو یا کُند ذہن؟ پھر کیا خدا کے سوا کوئی اور یہ طے کرتا ہے کہ قوموں کی تاریخ میں کس وقت کس قوم کے اندر کن اچھی یا بُری صلاحیتوں کے آدمی پیدا کرے جو اُسے عروج پر لے جائیں، یا زوال کی طرف دھکیل دیں؟ اگر کوئی شخص ضد اور ہٹ دھرمی میں مبتلا نہ ہو تو وہ خود محسوس کرے گا کہ شرک یا دہریت کی بنیاد پر اِن سوالات کا کوئی معقول جواب نہیں دیا جا سکتا۔ اِن کا معقول جواب ایک ہی ہے اور وہ یہ ہے کہ انسان پُورا کا پُورا خدا کا ساختہ و پرداختہ ہے۔ اور جب حقیقت یہ ہے تو خدا کے ساختہ و پرداختہ اِس انسان کو کیا حق پہنچتا ہے کہ اپنے خالق کے مقابلے میں آزادی و خودمختاری کا دعویٰ کرے؟ یا اُس کے سوا کسی دوسرے کی بندگی بجا لائے؟

توحید کی طرح یہ سوال آخرت کے معاملے میں بھی فیصلہ کُن ہے۔ انسان کی تخلیق ایک ایسے کیڑے سے ہوتی ہے جو طاقت ور خُردبین کے بغیر نظر تک نہیں آ سکتا۔ یہ کیڑا عورت کے جسم کی تاریکیوں میں کسی وقت اُس نسوانی انڈے سے جا ملتا ہے جو اسی کی طرح ایک حقیر سا خُردبِینی وجود ہوتا ہے۔ پھر ان دونوں کے ملنے سے ایک چھوٹا سا زندہ خَلیَہ (cell) بن جاتا ہے جو حیاتِ انسانی کا نقطۂ آغاز ہے، اور یہ خَلیَہ بھی اتنا چھوٹا ہوتا ہے کہ خُردبین کے بغیر اس کو نہیں دیکھا جا سکتا۔ اس ذرا سے خَلیے کو ترقی دے کر اللہ تعالیٰ ۹ مہینے چند روز کے اندر رحمِ مادر میں ایک جیتا جاگتا انسان بنا دیتا ہے، اور جب اس کی تخلیق مکمل ہو جاتی ہے تو ماں کا جسم خود ہی اسے دھکیل کر دنیا میں اُودھم مچانے کے لیے باہر پھینک دیتا ہے۔

تمام انسان اسی طرح دنیا میں آئے ہیں اور شب و روز اپنے ہی جیسے انسانوں کی پیدائش کا یہ منظر دیکھ رہے ہیں۔ اس کے بعد صرف ایک عقل کا اندھا ہی یہ کہہ سکتا ہے کہ جو خدا اِس طرح انسانوں کو آج پیدا کر رہا ہے، وہ کل کسی وقت اپنے ہی پیدا کیے ہوئے اِن انسانوں کو دوبارہ کسی اور طرح پیدا نہ کر سکے گا۔

**۲۵** – یعنی تمھاری پیدائش کی طرح تمھاری موت بھی ہمارے اختیار میں ہے۔ ہم یہ طے کرتے ہیں کہ کس کو ماں کے پیٹ ہی میں مر جانا ہے، اور کسے پیدا ہوتے ہی مر جانا ہے، اور کسے کس عمر تک پہنچ کر مرنا ہے۔ جس کی موت کا جو وقت ہم نے مقدّر کر دیا ہے اس سے پہلے دنیا کی کوئی طاقت اسے مار نہیں سکتی، اور اس کے بعد ایک لمحے کے لیے بھی زندہ نہیں رکھ سکتی۔ مرنے والے بڑے بڑے ہسپتالوں میں بڑے سے بڑے ڈاکٹروں کی آنکھوں کے سامنے مرتے ہیں، بلکہ ڈاکٹر خود بھی اپنے وقت پر مر جاتے ہیں۔ کبھی کوئی نہ موت کے وقت کو جان سکا ہے، نہ آتی ہوئی موت کو روک سکا ہے، نہ یہ معلوم کر سکا ہے کہ کس کی موت کس ذریعے سے، کہاں، کس طرح واقع ہونے والی ہے۔

**۲۶** – یعنی جس طرح ہم اِس سے عاجز نہ تھے کہ تمھیں تمھاری موجودہ شکل و ہیئت میں پیدا کریں، اُسی طرح ہم اِس سے بھی عاجز نہیں ہیں کہ تمھاری تخلیق کا طریقہ بدل کر کسی اور شکل و ہیئت میں، کچھ دوسری صفات و خصوصیات کے ساتھ تم کو پیدا کر دیں۔ آج تم کو ہم اِس طرح پیدا کرتے ہیں کہ تمھارا نطفہ قرار پاتا ہے اور تم ماں کے پیٹ میں درجہ بدرجہ بن کر ایک بچے کی صورت میں برآمد ہوتے ہو۔ یہ طریقِ تخلیق بھی ہمارا ہی مقرر کیا ہوا ہے۔ مگر ہمارے پاس بس یہی ایک لگا بندھا طریقہ نہیں ہے جس کے سوا ہم کوئی اور طریقہ نہ جانتے ہوں، یا نہ عمل میں لا سکتے ہوں۔ قیامت کے روز ہم تمھیں اُسی عمر کے انسان کی شکل میں پیدا کر سکتے ہیں جس عمر میں تم مرے تھے۔ آج تمھاری بینائی، سماعت اور دوسرے حواس کا پیمانہ ہم نے کچھ اور رکھا ہے۔ مگر ہمارے پاس انسان کے لیے بس یہی ایک پیمانہ نہیں ہے جسے ہم بدل نہ سکتے ہوں۔ قیامت کے روز ہم اُسے بدل کر کچھ سے کچھ کر دیں گے، یہاں تک کہ تم وہ کچھ دیکھ اور سن سکو گے جو یہاں نہیں دیکھ سکتے اور نہیں سُن سکتے۔ آج تمھاری کھال اور تمھارے ہاتھ پاؤں اور تمھاری آنکھوں میں کوئی گویائی نہیں ہے۔ مگر زبان کو بولنے کی طاقت ہم ہی نے تو دی ہے۔ ہم اس سے عاجز نہیں ہیں کہ قیامت کے روز تمھارا ہر عضو اور تمھارے جسم کی کھال کا ہر ٹکڑا ہمارے حکم سے بولنے لگے۔ آج تم ایک خاص عمر تک ہی جیتے ہو اور اس کے بعد مر جاتے ہو۔ یہ تمھارا جینا اور مرنا بھی ہمارے ہی مقرر کردہ ایک قانون کے تحت ہوتا ہے۔ کل ہم ایک دوسرا قانون تمھاری زندگی کے لیے بنا سکتے ہیں، جس کے تحت تمھیں کبھی موت نہ آئے۔ آج تم ایک خاص حد تک ہی عذاب برداشت کر سکتے ہو، جس سے زائد عذاب اگر تمھیں دیا جائے تو تم زندہ نہیں رہ سکتے۔ یہ ضابطہ بھی ہمارا ہی بنایا ہوا ہے۔ کل ہم تمھارے لیے ایک دوسرا ضابطہ بنا سکتے ہیں، جس کے تحت تم ایسا عذاب ایسی طویل مدت تک بھگت سکو گے جس کا تم تصور تک نہیں کر سکتے، اور کسی سخت سے سخت عذاب سے بھی تمھیں موت نہ آئے گی۔ آج تم سوچ نہیں سکتے کہ کوئی بوڑھا جوان ہو جائے، کبھی بیمار نہ ہو، کبھی اُس پر بڑھاپا نہ آئے اور ہمیشہ ہمیشہ وہ ایک ہی عمر کا جوان رہے۔ مگر یہاں جوانی پر بڑھاپا ہمارے بنائے ہوئے قوانینِ حیات ہی کے مطابق تو آتا ہے۔ کل ہم تمھاری زندگی کے لیے کچھ دوسرے قوانین بنا سکتے ہیں جن کے

اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَحْرُثُوْنَ ﴿۶۳﴾ ءَاَنْتُمْ تَزْرَعُوْنَهٗٓ اَمْ نَحْنُ الزّٰرِعُوْنَ ﴿۶۴﴾

کبھی تم نے سوچا، یہ بیج جو تم بوتے ہو، اِن سے کھیتیاں تم اُگاتے ہو یا اُن کے اُگانے والے ہم ہیں؟[۲۸]

مطابق جنت میں جاتے ہی ہر بوڑھا جوان ہو جائے اور اس کی جوانی و تندرستی لازوال ہو۔

۲۷- یعنی تم یہ تو جانتے ہی ہو کہ پہلے تم کیسے پیدا کیے گئے تھے۔ کس طرح باپ کی صُلب سے وہ نطفہ منتقل ہوا جس سے تم وجود میں آئے۔ کس طرح رِحمِ مادر میں، جو قبر سے کچھ کم تاریک نہ تھا، تمھیں پرورش کر کے زندہ انسان بنایا گیا۔ کس طرح ایک ذرّۂ بے مقدار کو نشوونما دے کر یہ دل و دماغ، یہ آنکھ کان اور یہ ہاتھ پاؤں اس میں پیدا کیے گئے، اور عقل و شعور، علم و حکمت، صنعت و ایجاد اور تدبیر و تسخیر کی یہ حیرت انگیز صلاحیتیں اس کو عطا کی گئیں۔ کیا یہ معجزہ مُردوں کو دوبارہ جِلا اٹھانے سے کچھ کم عجیب ہے؟ اس عجیب معجزے کو جب تم آنکھوں سے دیکھ رہے ہو اور خود اس کی زندہ شہادت کے طور پر دنیا میں موجود ہو، تو کیوں اس سے یہ سبق نہیں لیتے کہ جس خدا کی قدرت سے یہ معجزہ شب و روز رونما ہو رہا ہے، اسی کی قدرت سے زندگی بعد موت اور حشر و نشر اور جنت و دوزخ کا معجزہ بھی رُونما ہو سکتا ہے؟

۲۸- اُوپر کا سوال لوگوں کو اِس حقیقت کی طرف توجہ دلا رہا تھا کہ تم اللہ تعالیٰ کے ساختہ و پرداختہ ہو اور اسی کی تخلیق سے وجود میں آئے ہو۔ اب یہ دوسرا سوال اُنھیں اِس دوسری اہم حقیقت کی طرف توجہ دلا رہا ہے کہ جس رزق پر تم پلتے ہو، وہ بھی اللہ ہی تمھارے لیے پیدا کرتا ہے۔ جس طرح تمھاری پیدایش میں انسانی کوشش کا دخل اِس سے زائد کچھ نہیں ہے کہ تمھارا باپ تمھاری ماں کے اندر نطفہ ڈال دے، اسی طرح تمھارے رزق کی پیداوار میں بھی انسان کی کوشش کا دخل اس سے بڑھ کر کچھ نہیں ہے کہ کسان کھیتی میں بیج ڈال دے۔ زمین، جس میں یہ کاشت کی جاتی ہے، تمھاری بنائی ہوئی نہیں ہے۔ اِس زمین کو روئیدگی کی صلاحیت تم نے نہیں بخشی ہے۔ اس میں وہ مادّے، جن سے تمھاری غذا کا سامان بہم پہنچتا ہے، تم نے فراہم نہیں کیے ہیں۔ اس کے اندر جو بیج تم ڈالتے ہو، اُن کو نشوونما کے قابل تم نے نہیں بنایا ہے۔ ان بیجوں میں یہ صلاحیت کہ ہر بیج سے اُسی نوع کا درخت پھوٹے جس کا وہ بیج ہے، تم نے پیدا نہیں کی ہے۔ اس کاشت کو لہلہاتی کھیتیوں میں تبدیل کرنے کے لیے زمین کے اندر جس عمل اور زمین کے اُوپر جس ہوا، پانی، حرارت، بُرودت اور موسمی کیفیت کی ضرورت ہے، ان میں سے کوئی چیز بھی تمھاری کسی تدبیر کا نتیجہ نہیں ہے۔ یہ سب کچھ اللہ ہی کی قدرت اور اسی کی پروردگاری کا کرشمہ ہے۔ پھر جب تم وجود میں اُسی کے لانے سے آئے ہو، اور اسی کے رزق سے پل رہے ہو، تو تم کو اُس کے مقابلے میں خود مختاری کا، یا اس کے سوا کسی اور کی بندگی کرنے کا حق آخر کیسے پہنچتا ہے؟

اس آیت کا ظاہر اِستدلال تو توحید کے حق میں ہے، مگر اس میں جو مضمون بیان کیا گیا ہے، اس پر اگر آدمی تھوڑا سا مزید غور کرے تو اِسی کے اندر آخرت کی دلیل بھی مل جاتی ہے۔ جو بیج زمین میں بویا جاتا ہے وہ بجائے خود مُردہ ہوتا ہے، مگر زمین کی قبر میں جب کسان اُس کو دفن کر دیتا ہے تو اللہ تعالیٰ اُس کے اندر وہ نباتی زندگی پیدا کر دیتا ہے جس سے کونپلیں

لَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنٰهُ حُطَامًا فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُوْنَ ﴿۶۵﴾ اِنَّا
لَمُغْرَمُوْنَ ﴿۶۶﴾ بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ﴿۶۷﴾ اَفَرَءَيْتُمُ الْمَآءَ الَّذِيْ
تَشْرَبُوْنَ ﴿۶۸﴾ ءَاَنْتُمْ اَنْزَلْتُمُوْهُ مِنَ الْمُزْنِ اَمْ نَحْنُ
الْمُنْزِلُوْنَ ﴿۶۹﴾ لَوْ نَشَآءُ جَعَلْنٰهُ اُجَاجًا فَلَوْلَا تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۰﴾

---

ہم چاہیں تو اِن کھیتیوں کو بُھس بنا کر رکھ دیں اور تم طرح طرح کی باتیں بناتے رہ جاؤ کہ ہم پر تو اُلٹی چٹّی پڑ گئی، بلکہ ہمارے تو نصیب ہی پُھوٹے ہوئے ہیں۔

کبھی تم نے آنکھیں کھول کر دیکھا، یہ پانی جو تم پیتے ہو، اِسے تم نے بادل سے برسایا ہے یا اِس کے برسانے والے ہم ہیں؟[۲۹] ہم چاہیں تو اسے سخت کھاری بنا کر رکھ دیں[۳۰]، پھر کیوں تم شکر گزار نہیں ہوتے؟[۳۱]

---

پھوٹتی ہیں اور لہلہاتی ہوئی کھیتیاں شانِ بہار دکھاتی ہیں۔ یہ بے شمار مُردے ہماری آنکھوں کے سامنے آئے دن قبروں سے جی جی کر اُٹھ رہے ہیں۔ یہ معجزہ کیا کچھ کم عجیب ہے کہ کوئی شخص اُس دوسرے عجیب معجزے کو ناممکن قرار دے جس کی خبر قرآن ہمیں دے رہا ہے، یعنی انسانوں کی زندگی بعدِ موت۔

۲۹۔ یعنی تمھاری بھوک مٹانے ہی کا نہیں، تمھاری پیاس بجھانے کا انتظام بھی ہمارا ہی کیا ہوا ہے۔ یہ پانی، جو تمھاری زندگی کے لیے روٹی سے بھی زیادہ ضروری ہے، تمھارا اپنا فراہم کیا ہوا نہیں ہے، بلکہ اسے ہم فراہم کرتے ہیں۔ زمین میں یہ سمندر ہم نے پیدا کیے ہیں۔ ہمارے سورج کی گرمی سے اُن کا پانی بھاپ بن کر اُٹھتا ہے۔ ہم نے اُس پانی میں یہ خاصیت پیدا کی ہے کہ ایک خاص درجۂ حرارت پر وہ بھاپ میں تبدیل ہو جائے۔ ہماری ہوائیں اسے لے کر اُٹھتی ہیں۔ ہماری قدرت اور حکمت سے وہ بھاپ جمع ہو کر بادل کی شکل اختیار کرتی ہے۔ ہمارے حکم سے یہ بادل ایک خاص تناسب سے تقسیم ہو کر زمین کے مختلف خطّوں پر پھیلتے ہیں، تاکہ جس خطّۂ زمین کے لیے پانی کا جو حصّہ مقرر کیا گیا ہے وہ اُس کو پہنچ جائے۔ اور ہم بالائی فضا میں وہ بُرودت پیدا کرتے ہیں جس سے یہ بھاپ پھر سے پانی میں تبدیل ہوتی ہے۔ ہم تمھیں صرف وجود میں لا کر ہی نہیں رہ گئے ہیں، بلکہ تمھاری پرورش کے یہ سارے انتظامات بھی ہم کر رہے ہیں جن کے بغیر تم جی نہیں سکتے۔ پھر ہماری تخلیق سے وجود میں آ کر، ہمارا رزق کھا کر اور ہمارا پانی پی کر یہ حق تمھیں کہاں سے حاصل ہو گیا کہ ہمارے مقابلے میں خود مختار بنو، یا ہمارے سوا کسی اور کی بندگی بجا لاؤ؟

۳۰۔ اس فقرے میں اللہ کی قدرت و حکمت کے ایک اہم کرشمے کی نشان دہی کی گئی ہے۔ پانی کے اندر اللہ تعالیٰ نے جو حیرت انگیز خواص رکھے ہیں، ان میں سے ایک خاصہ یہ بھی ہے کہ اس کے اندر خواہ کتنی ہی چیزیں تحلیل ہو جائیں، جب

أَفَرَءَيْتُمُ النَّارَ الَّتِي تُورُونَ ﴿٧١﴾ ءَأَنتُمْ أَنشَأْتُمْ شَجَرَتَهَا أَمْ
نَحْنُ الْمُنشِئُونَ ﴿٧٢﴾ نَحْنُ جَعَلْنَاهَا تَذْكِرَةً وَمَتَاعًا لِّلْمُقْوِينَ ﴿٧٣﴾

کبھی تم نے خیال کیا، یہ آگ جو تم سُلگاتے ہو، اِس کا درخت[۳۲] تم نے پیدا کیا ہے، یا اِس کے پیدا کرنے والے ہم ہیں؟ ہم نے اُس کو یاد دہانی کا ذریعہ[۳۳] اور حاجت مندوں[۳۴] کے لیے سامانِ زیست بنایا ہے؟

وہ حرارت کے اثر سے بھاپ میں تبدیل ہوتا ہے تو ساری آمیزشیں نیچے چھوڑ دیتا ہے اور صرف اپنے اصل آبی اجزا کو لے کر ہوا میں اُڑتا ہے۔ یہ خاصیت اگر اس میں نہ ہوتی تو بھاپ میں تبدیل ہوتے وقت بھی وہ سب چیزیں اس میں شامل رہتیں جو پانی ہونے کی حالت میں اس کے اندر تحلیل شدہ تھیں۔ اس صورت میں سمندر سے جو بھاپیں اُٹھتیں، ان میں سمندر کا نمک بھی شامل ہوتا اور ان کی بارش تمام رُوئے زمین کو زمینِ شور بنا دیتی۔ نہ انسان اُس پانی کو پی کر جی سکتا تھا، نہ کسی قسم کی نباتات اس سے اُگ سکتی تھی۔ اب کیا کوئی شخص دماغ میں ذرا سی بھی عقل رکھتے ہوئے یہ دعویٰ کر سکتا ہے کہ اندھی بہری فطرت سے خود بخود پانی میں یہ حکیمانہ خاصیت پیدا ہو گئی ہے؟ یہ خاصیت، جس کی بدولت کھاری سمندروں سے صاف ستھرا میٹھا پانی کشید ہو کر بارش کی شکل میں برستا ہے اور پھر دریاؤں، نہروں، چشموں اور کنووں کی شکل میں آب رسانی و آب پاشی کی خدمت انجام دیتا ہے، اِس بات کی صریح شہادت فراہم کرتی ہے کہ وَدیعت کرنے والے نے پانی میں اِس کو خوب سوچ سمجھ کر بالارادہ اِس مقصد کے لیے ودیعت کیا ہے کہ وہ اُس کی پیدا کردہ مخلوقات کی پرورش کا ذریعہ بن سکے۔ جو مخلوق کھاری پانی سے پرورش پا سکتی تھی، وہ اُس نے سمندر میں پیدا کی اور وہاں وہ خوب جی رہی ہے۔ مگر جس مخلوق کو اس نے خشکی اور ہوا میں پیدا کیا تھا، اس کی پرورش کے لیے میٹھا پانی درکار تھا اور اس کی فراہمی کے لیے بارش کا انتظام کرنے سے پہلے اس نے پانی کے اندر یہ خاصیت رکھ دی کہ گرمی سے بھاپ بنتے وقت وہ کوئی ایسی چیز لے کر نہ اُڑے جو اس کے اندر تحلیل ہو گئی ہو۔

۳۱- بالفاظِ دیگر، کیوں یہ کفرانِ نعمت کرتے ہو کہ تم میں سے کوئی اِس بارش کو دیوتاؤں کا کرشمہ سمجھتا ہے، اور کوئی یہ خیال کرتا ہے کہ سمندر سے بادلوں کا اُٹھنا اور پھر آسمان سے پانی بن کر برسنا ایک فطری چکّر ہے جو آپ سے آپ چلے جا رہا ہے، اور کوئی اسے خدا کی رحمت سمجھتا بھی ہے تو اُس خدا کا اپنے اُوپر یہ حق نہیں مانتا کہ اُسی کے آگے سرِ اطاعت جھکائے؟ خدا کی اِتنی بڑی نعمت سے فائدہ اٹھاتے ہو اور پھر جواب میں کفر و شرک اور فسق و نافرمانی کرتے ہو؟

۳۲- درخت سے مُراد یا تو وہ درخت ہیں جن سے آگ جلانے کے لیے لکڑی فراہم ہوتی ہے، یا مَرخ اور عفار نامی وہ دو درخت ہیں جن کی ہری بھری ٹہنیوں کو ایک دوسرے پر مار کر قدیم زمانے میں اہلِ عرب آگ جھاڑا کرتے تھے۔

۳۳- اِس آگ کو یاد دہانی کا ذریعہ بنانے کا مطلب یہ ہے کہ یہ وہ چیز ہے جو ہر وقت روشن ہو کر انسان کو اُس

ع ۲/۱۵ | فَسَبِّحۡ بِاسۡمِ رَبِّكَ الۡعَظِيۡمِ ﴿۷۴﴾ فَلَاۤ اُقۡسِمُ بِمَوٰقِعِ
النُّجُوۡمِ ﴿۷۵﴾ وَ اِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوۡ تَعۡلَمُوۡنَ عَظِيۡمٌ ﴿۷۶﴾ اِنَّهٗ لَقُرۡاٰنٌ
كَرِيۡمٌ ﴿۷۷﴾ فِىۡ كِتٰبٍ مَّكۡنُوۡنٍ ﴿۷۸﴾ لَّا يَمَسُّهٗۤ اِلَّا الۡمُطَهَّرُوۡنَ ﴿۷۹﴾

---

پس اے نبیؐ! اپنے ربِّ عظیم کے نام کی تسبیح کرو[۳۵]۔ ع
پس نہیں[۳۶]، میں قسم کھاتا ہوں تاروں کے مواقع کی، اور اگر تم سمجھو تو یہ بہت بڑی قسم ہے، کہ یہ ایک بلند پایہ قرآن ہے[۳۷]، ایک محفوظ کتاب میں ثبت[۳۸]، جسے مُطَہَّرین کے سوا کوئی چھو نہیں سکتا[۳۹]۔

---

کا بھولا ہوا سبق یاد دلاتی ہے۔ اگر آگ نہ ہوتی تو انسان کی زندگی حیوان کی زندگی سے مختلف نہ ہوسکتی۔ آگ ہی سے انسان نے حیوانات کی طرح کچی غذائیں کھانے کے بجائے ان کو پکا کر کھانا شروع کیا اور پھر اس کے لیے صنعت وایجاد کے نئے نئے دروازے کُھلتے چلے گئے۔ ظاہر ہے کہ اگر خدا وہ ذرائع پیدا نہ کرتا جن سے آگ جلائی جاسکے، اور وہ آتش پذیر مادّے پیدا نہ کرتا جو آگ سے جل سکیں، تو انسان کی ایجادی صلاحیتوں کا قُفل ہی نہ کھلتا۔ مگر انسان یہ بات فراموش کرگیا ہے کہ اُس کا خالق کوئی پروردگارِ حکیم ہے جس نے اُسے ایک طرف انسانی قابلیتیں دے کر پیدا کیا تو دوسری طرف زمین میں وہ سروسامان بھی پیدا کردیا جس سے اُس کی یہ قابلیتیں رُوبعمل آسکیں۔ وہ اگر غفلت میں مدہوش نہ ہو تو تنہا ایک آگ ہی اسے یہ یاد دلانے کے لیے کافی ہے کہ یہ کس کے احسانات اور کس کی نعمتیں ہیں جن سے وہ دنیا میں مُتَمتّع ہو رہا ہے۔

۳۴- اصل میں لفظ مُقْوِیْن استعمال کیا گیا ہے۔ اس کے مختلف معنی اہلِ لغت نے بیان کیے ہیں۔ بعض اسے صحرا میں اُترے ہوئے مسافروں کے معنیٰ میں لیتے ہیں۔ بعض اس کے معنیٰ بھوکے آدمی کے لیتے ہیں۔ اور بعض کے نزدیک اس سے مُراد وہ سب لوگ ہیں جو آگ سے فائدہ اُٹھاتے ہیں، خواہ وہ کھانا پکانے کا فائدہ ہو، یا روشنی کا، یا تپش کا۔

۳۵- یعنی اُس کا مبارک نام لے کر یہ اظہار واعلان کرو کہ وہ اُن تمام عیوب ونقائص اور کمزوریوں سے پاک ہے جو کُفّار ومشرکین اُس کی طرف منسوب کرتے ہیں اور جو کفر وشرک کے ہر عقیدے اور منکرینِ آخرت کے ہر استدلال میں مضمر ہیں۔

۳۶- یعنی بات وہ نہیں ہے جو تم سمجھے بیٹھے ہو۔ یہاں قرآن کے مِن جانبِ اللہ ہونے پر قسم کھانے سے پہلے لفظِ لَا کا استعمال خود یہ ظاہر کر رہا ہے کہ لوگ اِس کتابِ پاک کے متعلق کچھ باتیں بنا رہے تھے جن کی تردید کرنے کے لیے یہ قسم کھائی جارہی ہے۔

۳۷- تاروں اور سیّاروں کے مواقع سے مراد اُن کے مقامات، اُن کی منزلیں اور اُن کے مدار ہیں۔ اور قرآن کے بلند پایہ کتاب ہونے پر اُن کی قسم کھانے کا مطلب یہ ہے کہ عالَمِ بالا میں اَجرامِ فلکی کا نظام جیسا مُحکم اور مضبوط ہے، ویسا ہی مضبوط

اور محکم یہ کلام بھی ہے۔ جس خدا نے وہ نظام بنایا ہے، اُسی خدا نے یہ کلام بھی نازل کیا ہے۔ کائنات کی بے شمار کہکشانوں (galaxies) اور اُن کہکشانوں کے اندر بے حد وحساب تاروں (stars) اور سیّاروں (planets) میں جو کمال درجے کا ربط ونظم قائم ہے، درآنحالیکہ بظاہر وہ بالکل بکھرے ہوئے نظر آتے ہیں، اسی طرح یہ کتاب بھی ایک کمال درجے کا مربوط ومنظم ضابطۂ حیات پیش کرتی ہے، جس میں عقائد کی بنیاد پر اَخلاق، عبادات، تہذیب وتمدُّن، معیشت و معاشرت، قانون وعدالت، صلح وجنگ، غرض انسانی زندگی کے تمام پہلوؤں پر مفصّل ہدایات دی گئی ہیں، اور ان میں کوئی چیز کسی دوسری چیز سے بے جوڑ نہیں ہے، درآنحالیکہ یہ نظامِ فکر متفرِّق آیات اور مختلف مواقع پر دیے ہوئے خطبوں میں بیان کیا گیا ہے۔ پھر جس طرح خدا کے باندھے ہوئے عالَمِ بالا کا نظم اٹل ہے جس میں کبھی ذرّہ برابر فرق واقع نہیں ہوتا، اسی طرح اِس کتاب میں بھی جو حقائق بیان کیے گئے ہیں اور جو ہدایات دی گئی ہیں، وہ بھی اٹل ہیں، ان کا ایک شوشہ بھی اپنی جگہ سے ہلایا نہیں جا سکتا۔

۳۸- اس سے مراد ہے لَوحِ محفوظ۔ اُس کے لیے ''کتابِ مَکْنُون'' کا لفظ استعمال کیا گیا ہے، جس کے معنی ہیں: ایسا نَوِشتہ جو چھپا کر رکھا گیا ہے، یعنی جس تک کسی کی رسائی نہیں ہے۔ اُس محفوظ نَوِشتے میں قرآن کے ثبت ہونے کا مطلب یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل کیے جانے سے پہلے وہ اللہ تعالیٰ کے ہاں اُس نَوِشتۂ تقدیر میں ثبت ہو چکا ہے جس کے اندر کسی ردّ وبدل کا امکان نہیں ہے، کیونکہ وہ ہر مخلوق کی دست رَس سے بالاتر ہے۔

۳۹- یہ تردید ہے کفّار کے اُن الزامات کی جو وہ قرآن پر لگایا کرتے تھے۔ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کاہن قرار دیتے تھے اور کہتے تھے کہ یہ کلام آپؐ پر جن اور شیاطین اِلقا کرتے ہیں۔ اِس کا جواب قرآنِ مجید میں متعدِّد مقامات پر دیا گیا ہے۔ مثلاً سورۂ شُعَراء میں ارشاد ہُوا ہے: وَمَا تَنَزَّلَتْ بِهِ الشَّيٰطِيْنُ ۝ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهُمْ وَمَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ۝ اِنَّهُمْ عَنِ السَّمْعِ لَمَعْزُوْلُوْنَ ۝ ''اِس کو لے کر شیاطین نہیں اُترے ہیں، نہ یہ کلام اُن کو سجتا ہے اور نہ وہ ایسا کر ہی سکتے ہیں۔ وہ تو اِس کی سَماعت تک سے دُور رکھے گئے ہیں۔'' (آیات ۲۱۰ تا ۲۱۲) اسی مضمون کو یہاں اِن الفاظ میں بیان کیا گیا ہے کہ ''اسے مُطَہَّرین کے سوا کوئی چھو نہیں سکتا''، یعنی شیاطین کا اِسے لانا، یا اس کے نُزول کے وقت اس میں دخل انداز ہونا تو درکنار، جس وقت یہ لوحِ محفوظ سے نبی پر نازل کیا جاتا ہے اُس وقت مُطَہَّرین، یعنی پاک فرشتوں کے سوا کوئی قریب پھٹک بھی نہیں سکتا۔ فرشتوں کے لیے مُطَہَّرین کا لفظ اس معنی میں استعمال کیا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو ہر قسم کے ناپاک جذبات اور خواہشات سے پاک رکھا ہے۔

اس آیت کی یہی تفسیر انسؓ بن مالک، ابنِ عباسؓ، سعید بن جُبَیر، عِکرِمہ، مجاہد، قَتادہ، ابو العالیہ، سُدِّی، ضَحّاک اور ابنِ زید نے بیان کی ہے، اور نظمِ کلام کے ساتھ بھی یہی مناسبت رکھتی ہے۔ کیونکہ سلسلۂ کلام خود یہ بتا رہا ہے کہ توحید اور آخرت کے متعلق کفّارِ مکّہ کے غلط تصوّرات کی تردید کرنے کے بعد اب قرآنِ مجید کے بارے میں اُن کے جھوٹے گمانوں کی تردید کی جا رہی ہے اور مواقعِ نُجوم کی قسم کھا کر یہ بتایا جا رہا ہے کہ یہ ایک بلند پایہ کتاب ہے، اللہ تعالیٰ کے محفوظ نَوِشتے میں ثبت ہے، جس میں کسی مخلوق کی دراندازی کا کوئی امکان نہیں، اور نبی پر یہ ایسے طریقے سے نازل ہوتی ہے کہ

پاکیزہ فرشتوں کے سوا کوئی اسے چھو تک نہیں سکتا۔

بعض مفسّرین نے اس آیت میں لَا کو نہی کے معنیٰ میں لیا ہے اور آیت کا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ "کوئی ایسا شخص اسے نہ چھوئے جو پاک نہ ہو"، یا "کسی ایسے شخص کو اسے نہ چھُونا چاہیے جو ناپاک ہو"۔ اور بعض دوسرے مفسّرین اگرچہ لَا کو نفی کے معنیٰ میں لیتے ہیں اور آیت کا مطلب یہ بیان کرتے ہیں کہ "اس کتاب کو مُطَہَّرین کے سوا کوئی نہیں چھوتا"، مگر اُن کا کہنا یہ ہے کہ یہ نفی اُسی طرح نہی کے معنیٰ میں ہے جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد کہ اَلْمُسْلِمُ اَخُو الْمُسْلِمِ لَا یَظْلِمُہٗ (مسلمان مسلمان کا بھائی ہے، وہ اس پر ظلم نہیں کرتا)۔ اِس میں اگرچہ خبر دی گئی ہے کہ مسلمان مسلمان پر ظلم نہیں کرتا، لیکن دراصل اس سے یہ حکم نکلتا ہے کہ مسلمان مسلمان پر ظلم نہ کرے۔ اسی طرح اس آیت میں اگرچہ فرمایا یہ گیا ہے کہ پاک لوگوں کے سوا قرآن کو کوئی نہیں چھوتا، مگر اس سے حکم یہ نکلتا ہے کہ جب تک کوئی شخص پاک نہ ہو، وہ اس کو نہ چھوئے۔

لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ تفسیر آیت کے سیاق وسباق سے مطابقت نہیں رکھتی۔ سیاق وسباق سے الگ کر کے تو اِس کے الفاظ سے یہ مطلب نکالا جا سکتا ہے، مگر جس سلسلۂ کلام میں یہ وارد ہوئی ہے، اس میں رکھ کر اسے دیکھا جائے تو یہ کہنے کا سرے سے کوئی موقع نظر نہیں آتا کہ "اِس کتاب کو پاک لوگوں کے سوا کوئی نہ چھوئے"۔ کیونکہ یہاں تو کفار مُخاطَب ہیں اور ان کو یہ بتایا جا رہا ہے کہ یہ اللہ رب العالمین کی نازل کردہ کتاب ہے، اس کے بارے میں تمھارا یہ گمان قطعی غلط ہے کہ اسے شیاطین نبی پر اِلقا کرتے ہیں۔ اس جگہ یہ شرعی حکم بیان کرنے کا آخر کیا موقع ہو سکتا تھا کہ کوئی شخص طہارت کے بغیر اس کو ہاتھ نہ لگائے؟ زیادہ سے زیادہ جو بات کہی جا سکتی ہے وہ یہ ہے کہ اگرچہ آیت یہ حکم دینے کے لیے نازل نہیں ہوئی ہے، مگر فحوائے کلام اِس بات کی طرف اشارہ کر رہا ہے کہ جس طرح اللہ تعالیٰ کے ہاں اس کتاب کو صرف مطہَّرین ہی چھو سکتے ہیں، اُسی طرح دنیا میں بھی کم از کم وہ لوگ جو اِس کے کلامِ الٰہی ہونے پر ایمان رکھتے ہیں، اِسے ناپاکی کی حالت میں چھونے سے اجتناب کریں۔

اس مسئلے میں جو رِوایات ملتی ہیں وہ حسبِ ذیل ہیں:

(۱) امام مالکؒ نے مُوَطّا میں عبداللہ بن ابی بکر محمد بن عَمرو بن حَزم کی یہ روایت نقل کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو تحریری احکام عَمروؓ بن حَزم کے ہاتھ یمن کے رُوسا کو لکھ کر بھیجے تھے، ان میں ایک حکم یہ بھی تھا کہ لَا یَمَسُّ القراٰنَ اِلَّا طاھِرٌ (کوئی شخص قرآن کو نہ چھوئے مگر طاہر)۔ یہی بات ابوداؤد نے مَراسیل میں امام زُہریؒ سے نقل کی ہے کہ انھوں نے ابوبکر محمد بن عَمرو بن حَزم کے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جو تحریر دیکھی تھی، اس میں یہ حکم بھی تھا۔

(۲) حضرت علیؓ کی روایت، جس میں وہ فرماتے ہیں کہ ان رسُول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم لم یکن یحجزہ عن القراٰن شیء لیس الجنابۃ۔ "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کوئی چیز قرآن کی تلاوت سے نہ روکتی تھی، سوائے جنابت کے۔" (ابوداؤد، نَسائی، ترمِذی)

(۳) ابنِ عمرؓ کی روایت، جس میں وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لا تقرأ الحائض

والجنب شیئا من القراٰن۔" حائضہ اور جُنُبی قرآن کا کوئی حصّہ نہ پڑھے۔" (ابوداؤد، ترمذی)

(۴) بخاری کی روایت، جس میں یہ بیان ہوا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قیصرِ روم ہِرَقل کو جو نامۂ مبارک بھیجا تھا اس میں قرآنِ مجید کی یہ آیت بھی لکھی ہوئی تھی کہ یٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَآءٍۭ بَیْنَنَا وَبَیْنَكُمْ......

صحابہؓ وتابعینؒ سے اس مسئلے میں جو مسالک منقول ہیں وہ یہ ہیں:

حضرت سَلمان فارسیؓ وضو کے بغیر قرآن پڑھنے میں مضایقہ نہیں سمجھتے تھے، مگر ان کے نزدیک اس حالت میں قرآن کو ہاتھ لگانا جائز نہ تھا۔ یہی مسلک حضرت سعدؓ بن ابی وقّاص اور حضرت عبداللہ بن عمرؓ کا بھی تھا۔ اور حضرت حَسَن بصریؒ اور ابراہیم نَخَعیؒ بھی وضو کے بغیر مُصحَف کو ہاتھ لگانا مکروہ سمجھتے تھے۔ (احکام القرآن للجصّاص) عطاء اور طاؤس اور شَعْبی اور قاسم بن محمد سے بھی یہی بات منقول ہے۔ (المُغنی لِابنِ قُدامہ) البتہ قرآن کو ہاتھ لگائے بغیر اس میں دیکھ کر پڑھنا، یا اس کو یاد سے پڑھنا ان سب کے نزدیک بے وضو بھی جائز تھا۔

جَنابت اور حیض ونفاس کی حالت میں قرآن پڑھنا حضرت عمرؓ، حضرت علیؓ، حضرت حَسَن بصری، حضرت ابراہیم نَخَعی اور امام زُہری کے نزدیک مکروہ تھا۔ مگر ابنِ عباسؓ کی رائے یہ تھی اور اسی پر ان کا عمل بھی تھا کہ قرآن کا جو حصّہ پڑھنا آدمی کا معمول ہو، وہ اسے یاد سے پڑھ سکتا ہے۔ حضرت سعید بن المُسَیّب اور سعید بن جُبَیر سے اس مسئلے میں دریافت کیا گیا تو انھوں نے فرمایا: "کیا قرآن اس کے حافظے میں محفوظ نہیں ہے؟ پھر اس کے پڑھنے میں کیا حرج ہے؟" (المُغنی، اور المُحلّٰی لِابنِ حزم)

فقہا کے مسالک اس مسئلے میں حسبِ ذیل ہیں:

مسلکِ حَنَفی کی تشریح امام علاء الدین الکاسانی نے بَدائع الصَّنائع میں یوں کی ہے: "جس طرح بے وضو نماز پڑھنا جائز نہیں ہے، اُسی طرح قرآنِ مجید کو ہاتھ لگانا بھی جائز نہیں۔ البتہ اگر وہ غلاف کے اندر ہو تو ہاتھ لگایا جا سکتا ہے۔ غلاف سے مراد بعض فقہا کے نزدیک جِلد ہے اور بعض کے نزدیک وہ خَریطہ یا لفافہ یا جُزدان ہے جس کے اندر قرآن رکھا جاتا ہے اور اس میں سے نکالا بھی جا سکتا ہے۔ اِسی طرح تفسیر کی کتابوں کو بھی بے وضو ہاتھ نہ لگانا چاہیے، نہ کسی ایسی چیز کو جس میں قرآن کی کوئی آیت لکھی ہوئی ہو۔ البتہ فقہ کی کتابوں کو ہاتھ لگایا جا سکتا ہے، اگرچہ مستحب یہی ہے کہ ان کو بھی بے وضو ہاتھ نہ لگایا جائے، کیونکہ ان میں بھی آیاتِ قرآنی بطورِ اِستِدلال درج ہوتی ہیں۔ بعض فقہائے حَنَفِیّہ اس بات کے قائل ہیں کہ مُصحَف کے صرف اُس حصّے کو بے وضو ہاتھ لگانا دُرست نہیں ہے جہاں قرآن کی عبارت لکھی ہوئی ہو، باقی رہے حواشی، تو خواہ وہ سادہ ہوں یا ان میں بطورِ تشریح کچھ لکھا ہوا ہو، ان کو ہاتھ لگانے میں مضایقہ نہیں۔ مگر صحیح بات یہ ہے کہ حواشی بھی مُصحَف ہی کا ایک حصہ ہیں اور ان کو ہاتھ لگانا مُصحَف ہی کو ہاتھ لگانا ہے۔ رہا قرآن پڑھنا، تو وہ وضو کے بغیر جائز ہے۔" فتاویٰ عالمگیری میں بچوں کو اس حکم سے مُستَثنیٰ قرار دیا گیا ہے۔ تعلیم کے لیے قرآنِ مجید بچّوں کے ہاتھ میں دیا جا سکتا ہے، خواہ وہ وضو سے ہوں یا بے وضو۔

تَنۡزِيۡلٌ مِّنۡ رَّبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿۸۰﴾ اَفَبِهٰذَا الۡحَدِيۡثِ اَنۡتُمۡ
مُّدۡهِنُوۡنَ ﴿۸۱﴾ وَتَجۡعَلُوۡنَ رِزۡقَكُمۡ اَنَّكُمۡ تُكَذِّبُوۡنَ ﴿۸۲﴾

یہ ربُّ العالمین کا نازل کردہ ہے۔ پھر کیا اس کلام کے ساتھ تم بے اعتنائی برتتے ہو،[۴۰] اور اِس نعمت میں اپنا حصّہ تم نے یہ رکھا ہے کہ اِسے جھُٹلاتے ہو؟[۴۱]

مسلکِ شافعیؒ کو امام نَوَوِیؒ نے المِنہاج میں اس طرح بیان کیا ہے: ”نماز اور طواف کی طرح مُصحَف کو ہاتھ لگانا اور اس کے کسی ورق کو چھُونا بھی وضو کے بغیر حرام ہے۔ اسی طرح قرآن کی جِلد کو چھُونا بھی ممنوع ہے۔ اور اگر قرآن کسی خریطے، غلاف یا صندوق میں ہو، یا درسِ قرآن کے لیے اس کا کوئی حصّہ تختی پر لکھا ہوا ہو تو اس کو بھی ہاتھ لگانا جائز نہیں۔ البتہ قرآن کسی کے سامان میں رکھا ہو، یا تفسیر کی کتابوں میں لکھا ہوا ہو، یا کسی سکّے میں اس کا کوئی حصّہ درج ہو تو اسے ہاتھ لگانا حلال ہے۔ بچّہ اگر بے وضو ہو تو وہ بھی قرآن کو ہاتھ لگا سکتا ہے۔ اور بے وضو آدمی اگر قرآن پڑھے تو لکڑی یا کسی اور چیز سے وہ اس کا ورق پلٹ سکتا ہے۔“

مالکیہ کا مسلک جو الفقہ علی المذاہب الاربعہ میں نقل کیا گیا ہے، وہ یہ ہے کہ جُمہور فقہا کے ساتھ وہ اس امر میں متفق ہیں کہ مُصحَف کو ہاتھ لگانے کے لیے وضو شرط ہے۔ لیکن قرآن کی تعلیم کے لیے وہ استاد اور شاگرد دونوں کو اس سے مُستثنیٰ کرتے ہیں۔ بلکہ حائضہ عورت کے لیے بھی وہ بغرضِ تعلیم مُصحَف کو ہاتھ لگانا جائز قرار دیتے ہیں۔ ابنِ قُدامہؒ نے المُغنی میں امام مالکؒ کا یہ قول بھی نقل کیا ہے کہ جنابت کی حالت میں تو قرآن پڑھنا ممنوع ہے، مگر حیض کی حالت میں عورت کو قرآن پڑھنے کی اجازت ہے، کیونکہ ایک طویل مدت تک اگر ہم اسے قرآن پڑھنے سے روکیں گے تو وہ بھول جائے گی۔

حنبلی مذہب کے احکام جو ابنِ قُدامہؒ نے نقل کیے ہیں، یہ ہیں کہ ”جنابت کی حالت میں اور حیض ونفاس کی حالت میں قرآن یا اس کی کسی پُوری آیت کو پڑھنا جائز نہیں ہے، البتہ بسم اللہ، الحمد للہ وغیرہ کہنا جائز ہے، کیونکہ اگرچہ یہ بھی کسی نہ کسی آیت کے اجزا ہیں، مگر ان سے تلاوتِ قرآن مقصود نہیں ہوتی۔ رہا قرآن کو ہاتھ لگانا، تو وہ کسی حال میں وضو کے بغیر جائز نہیں، البتہ قرآن کی کوئی آیت کسی خط، یا فقہ کی کسی کتاب، یا کسی اور تحریر کے سلسلے میں درج ہو تو اسے ہاتھ لگانا ممنوع نہیں ہے۔ اسی طرح قرآن اگر کسی چیز میں رکھا ہوا ہو تو اسے وضو کے بغیر اٹھایا جا سکتا ہے۔ تفسیر کی کتابوں کو ہاتھ لگانے کے لیے بھی وضو شرط نہیں ہے۔ نیز بے وضو آدمی کو اگر کسی فوری ضرورت کے لیے قرآن کو ہاتھ لگانا پڑے تو وہ تیمُّم کر سکتا ہے۔“ الفقہ علی المذاہب الاربعہ میں مسلکِ حنبلی کا یہ مسئلہ بھی درج ہے کہ بچّوں کے لیے تعلیم کی غرض سے بھی وضو کے بغیر قرآن کو ہاتھ لگانا درست نہیں ہے اور یہ ان کے سرپرستوں کا فرض ہے کہ وہ قرآن ان کے ہاتھ میں دینے سے پہلے انھیں وضو کرائیں۔

فَلَوۡ لَاۤ اِذَا بَلَغَتِ الۡحُلۡقُوۡمَ ﴿۸۳﴾ وَ اَنۡتُمۡ حِيۡنَئِذٍ تَنۡظُرُوۡنَ ﴿۸۴﴾ وَ
نَحۡنُ اَقۡرَبُ اِلَيۡهِ مِنۡكُمۡ وَ لٰكِنۡ لَّا تُبۡصِرُوۡنَ ﴿۸۵﴾ فَلَوۡ لَاۤ اِنۡ
كُنۡتُمۡ غَيۡرَ مَدِيۡنِيۡنَ ﴿۸۶﴾ تَرۡجِعُوۡنَهَاۤ اِنۡ كُنۡتُمۡ صٰدِقِيۡنَ ﴿۸۷﴾ فَاَمَّاۤ اِنۡ
كَانَ مِنَ الۡمُقَرَّبِيۡنَ ﴿۸۸﴾ فَرَوۡحٌ وَّ رَيۡحَانٌ ۙ وَّ جَنَّتُ نَعِيۡمٍ ﴿۸۹﴾ وَ اَمَّاۤ
اِنۡ كَانَ مِنۡ اَصۡحٰبِ الۡيَمِيۡنِ ﴿۹۰﴾ فَسَلٰمٌ لَّكَ مِنۡ اَصۡحٰبِ
الۡيَمِيۡنِ ﴿۹۱﴾ وَ اَمَّاۤ اِنۡ كَانَ مِنَ الۡمُكَذِّبِيۡنَ الضَّآلِّيۡنَ ﴿۹۲﴾

اب اگر تم کسی کے محکوم نہیں ہو اور اپنے اِس خیال میں سچّے ہو، تو جب مرنے والے کی جان حلق تک پہنچ چکی ہوتی ہے اور تم آنکھوں دیکھ رہے ہوتے ہو کہ وہ مر رہا ہے، اُس وقت اُس کی نکلتی ہوئی جان کو واپس کیوں نہیں لے آتے؟ اُس وقت تمھاری بہ نسبت ہم اُس کے زیادہ قریب ہوتے ہیں مگر تم کو نظر نہیں آتے۔ پھر وہ مرنے والا اگر مقرّبین میں سے ہو تو اس کے لیے راحت اور عمدہ رزق اور نعمت بھری جنّت ہے۔ اور اگر وہ اصحابِ یمین میں سے ہو تو اس کا استقبال یُوں ہوتا ہے کہ سلام ہے تجھے! تُو اصحاب الیمین میں سے ہے۔ اور اگر وہ جھُٹلانے والے گمراہ لوگوں میں سے ہو

ظاہر یہ کا مسلک یہ ہے کہ قرآن پڑھنا اور اس کو ہاتھ لگانا ہر حال میں جائز ہے، خواہ آدمی بے وضو ہو، یا جنابت کی حالت میں ہو، یا عورت حیض کی حالت میں ہو۔ ابنِ حزم نے المحلّٰی (جلد اوّل، صفحہ ۷۷ تا ۸۴) میں اس مسئلے پر مفصّل بحث کی ہے، جس میں انھوں نے اس مسلک کی صحت کے دلائل دیے ہیں اور یہ بتایا ہے کہ فقہا نے قرآن پڑھنے اور اُس کو ہاتھ لگانے کے لیے جو شرائط بیان کی ہیں ان میں سے کوئی بھی قرآن وسنت سے ثابت نہیں ہے۔

۴۰- اصل الفاظ ہیں: اَنۡتُمۡ مُّدۡهِنُوۡنَ۔ اِدۡھَان کے معنٰی ہیں: کسی چیز سے مُداہنت برتنا، اس کو اہمیت نہ دینا، اس کو سنجیدہ توجہ کے قابل نہ سمجھنا۔ انگریزی میں (to take lightly) کے الفاظ اس مفہوم سے قریب تر ہیں۔

۴۱- امام رازیؒ نے تَجۡعَلُوۡنَ رِزۡقَكُمۡ کی تفسیر میں ایک احتمال یہ بھی ظاہر کیا ہے کہ یہاں لفظِ ”رزق“ معاش کے معنٰی میں ہو۔ چونکہ کفارِ قریش قرآن کی دعوت کو اپنے مَعاشی مفاد کے لیے نقصان دہ سمجھتے تھے اور ان کا خیال یہ تھا کہ یہ

فَنُزُلٌ مِّنْ حَمِيْمٍ ﴿۹۳﴾ وَّتَصْلِيَةُ جَحِيْمٍ ﴿۹۴﴾ إِنَّ هٰذَا لَهُوَ حَقُّ الْيَقِيْنِ ﴿۹۵﴾

فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿۹۶﴾

ع ۳ ۱۶

تو اس کی تواضع کے لیے کھولتا ہوا پانی ہے اور جہنّم میں جھونکا جانا۔

یہ سب کچھ قطعی حق ہے، پس اے نبیؐ! اپنے ربِّ عظیم کے نام کی تسبیح کرو۔[۴۲] ع

دعوت اگر کامیاب ہوگئی تو ہمارا رزق مارا جائے گا، اس لیے اِس آیت کا یہ مطلب بھی ہو سکتا ہے کہ تم نے اس قرآن کی تکذیب کو اپنے پیٹ کا دھندا بنا رکھا ہے۔ تمھارے نزدیک حق اور باطل کا سوال کوئی اہمیت نہیں رکھتا، اصل اہمیت تمھاری نگاہ میں روٹی کی ہے اور اس کی خاطر حق کی مخالفت کرنے اور باطل کا سہارا لینے میں تمھیں کوئی تأمّل نہیں۔

۴۲۔ حضرت عُقبہؓ بن عامر جُہنی کی رِوایت ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ اس کو تم لوگ اپنے رکوع میں رکھ دو، یعنی رُکوع میں سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ کہا کرو۔ اور جب آیت سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى نازل ہوئی تو آپؐ نے فرمایا: اسے اپنے سجدے میں رکھو، یعنی سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى کہا کرو۔ (مُسْنَدِ احمد، ابوداؤد، ابنِ ماجہ، ابنِ حِبّان، حاکم) اس سے پتا چلتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز کا جو طریقہ مقرر فرمایا ہے، اس کے چھوٹے سے چھوٹے اجزا تک قرآنِ پاک کے اشاروں سے ماخوذ ہیں۔

# تفہیم القرآن

## الحَدِید

## (۵۷)

# الحَدِید

## نام

آیت ۲۵ کے فقرے وَاَنْزَلْنَا الْحَدِیْدَ سے ماخوذ ہے۔

## زمانۂ نزول

یہ بالاتفاق مدنی سورت ہے اور اس کے مضامین پر غور کرنے سے محسوس ہوتا ہے کہ غالباً یہ جنگِ اُحُد اور صلحِ حُدَیبیَہ کے درمیان کسی زمانے میں نازل ہوئی ہے۔ وہی زمانہ تھا جب مدینے کی مختصر سی اسلامی ریاست کو ہر طرف سے کفّار نے اپنے نرغے میں لے رکھا تھا اور سخت بے سروسامانی کی حالت میں اہلِ ایمان کی مٹھی بھر جماعت پُورے عرب کی طاقت کا مقابلہ کر رہی تھی۔ اِس حالت میں اسلام کو اپنے پیرووُں سے صرف جانی قربانی ہی درکار نہ تھی بلکہ مالی قربانی بھی درکار تھی، اور اس سورت میں اِسی قربانی کے لیے پُرزور اپیل کی گئی ہے۔ اس قیاس کو آیت ۱۰ مزید تقویت پہنچاتی ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے اہلِ ایمان کی جماعت کو خطاب کر کے فرمایا ہے کہ فتح کے بعد جو لوگ اپنے مال خرچ کریں گے اور خدا کی راہ میں جنگ کریں گے، وہ اُن لوگوں کے برابر کبھی نہیں ہو سکتے جو فتح سے پہلے جان و مال کی قربانیاں دیں۔ اور اسی کی تائید حضرت اَنَسؓ کی وہ روایت کرتی ہے جسے ابنِ مَرْدُوْیَہ نے نقل کیا ہے۔ وہ آیت اَلَمْ یَاْنِ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُهُمْ لِذِكْرِ اللّٰهِ کے متعلق فرماتے ہیں کہ نزولِ قرآن کے آغاز سے ۱۷ برس بعد اہلِ ایمان کو جھنجوڑنے والی یہ آیت نازل ہوئی۔ اس حساب سے اس کا زمانۂ نزول ۴ھ اور ۵ھ کے درمیان قرار پاتا ہے۔

## موضوع اور مضمون

اس کا موضوع اِنفاق فی سبیل اللہ کی تلقین ہے۔ اسلام کی تاریخ کے اس نازک ترین دَور میں، جب کہ عرب کی جاہلیت سے اسلام کا فیصلہ کُن معرکہ برپا تھا، یہ سورت اِس غرض کے لیے نازل فرمائی گئی تھی کہ مسلمانوں کو خاص طور پر مالی قربانیوں کے لیے آمادہ کیا جائے اور یہ بات اُن کے ذہن نشین کرائی جائے کہ ایمان محض زبانی اقرار اور کچھ ظاہری اعمال کا نام نہیں ہے، بلکہ اللہ اور اس کے دین کے لیے مخلص ہونا اس کی اصل روح اور حقیقت ہے۔ جو شخص اِس رُوح سے خالی ہو اور خدا اور اس کے دین کے مقابلے میں اپنی جان و مال اور مفاد کو عزیز تر رکھے، اس کا اقرارِ ایمان کھوکھلا ہے جس کی کوئی قدر و قیمت خدا کے ہاں نہیں ہے۔

اس مقصد کے لیے سب سے پہلے اللہ تعالیٰ کی صفات بیان کی گئی ہیں، تاکہ سامعین کو اچھی طرح یہ احساس ہو جائے کہ کس عظیم ہستی کی طرف سے اُن کو مخاطب کیا جا رہا ہے۔ اس کے بعد حسبِ ذیل

مضامین سلسلہ وار ارشاد ہوئے ہیں:

—— ایمان کا لازمی تقاضا یہ ہے کہ آدمی راہِ خدا میں مال صَرف کرنے سے پہلوتہی نہ کرے۔ ایسا کرنا صرف ایمان ہی کے منافی نہیں ہے بلکہ حقیقت کے اعتبار سے بھی غلط ہے۔ کیونکہ یہ مال دراصل خدا ہی کا مال ہے جس پر تم کو خلیفہ کی حیثیت سے تصرُّف کے اختیارات دیے گئے ہیں۔ کل یہی مال دوسروں کے پاس تھا، آج تمھارے پاس ہے، اور کل کسی اور کے پاس چلا جائے گا۔ آخرکار اسے خدا ہی کے پاس رہ جانا ہے جو کائنات کی ہر چیز کا وارث ہے۔ تمھارے کام اِس مال کا کوئی حصّہ اگر آ سکتا ہے تو صرف وہ جسے تم اپنے زمانۂ تصرُّف میں خدا کے کام پر لگا دو۔

—— خدا کی راہ میں جان و مال کی قربانی دینا اگرچہ ہر حال میں قابلِ قدر ہے، مگر اِن قربانیوں کی قدر و قیمت مواقع کی نزاکت کے لحاظ سے متعین ہوتی ہے۔ ایک موقع وہ ہوتا ہے جب کفر کی طاقت بڑی زبردست ہو اور ہر وقت یہ خطرہ ہو کہ کہیں اسلام اس کے مقابلے میں مغلوب نہ ہو جائے۔ دوسرا موقع وہ ہوتا ہے جب کفر و اسلام کی کشمکش میں اسلام کی طاقت کا پلڑا بھاری ہو جائے اور اہلِ ایمان کو دشمنانِ حق کے مقابلے میں فتح نصیب ہو رہی ہو۔ یہ دونوں حالتیں اپنی اہمیت کے لحاظ سے یکساں نہیں ہیں۔ اس لیے جو قربانیاں اِن مختلف حالتوں میں دی جائیں، وہ بھی اپنی قیمت میں برابر نہیں ہیں۔ جو لوگ اسلام کے ضعف کی حالت میں اُس کو سربلند کرنے کے لیے جانیں لڑائیں اور مال صرف کریں، اُن کے درجے کو وہ لوگ نہیں پہنچ سکتے جو اسلام کے غلبے کی حالت میں اُس کو مزید فروغ دینے کے لیے جان و مال قربان کریں۔

—— راہِ حق میں جو مال بھی صَرف کیا جائے، وہ اللہ کے ذمّے قرض ہے، اور اللہ اسے نہ صرف یہ کہ کئی گنا بڑھا چڑھا کر واپس دے گا، بلکہ اپنی طرف سے مزید اجر بھی عنایت فرمائے گا۔

—— آخرت میں نُور اُنھی اہلِ ایمان کو نصیب ہو گا جنھوں نے راہِ خدا میں اپنا مال خرچ کیا ہو۔ رہے وہ منافق جو دنیا میں اپنے ہی مفاد کو دیکھتے رہے اور جنھیں اس بات کی کوئی پروا نہیں رہی کہ حق غالب ہوتا ہے یا باطل، وہ خواہ دنیا کی اِس زندگی میں مومنوں کے ساتھ ملے جُلے رہے ہوں، مگر آخرت میں ان کو مومنوں سے الگ کر دیا جائے گا، نُور سے وہ محروم ہوں گے اور ان کا حشر کافروں کے ساتھ ہو گا۔

—— مسلمانوں کو اُن اہلِ کتاب کی طرح نہ ہو جانا چاہیے جن کی عمریں دنیا پرستی میں بیت گئی ہیں اور جن کے دل زمانۂ دراز کی غفلتوں سے پتھر ہو گئے ہیں۔ وہ مومن ہی کیا جس کا دل خدا کے ذکر سے نہ پگھلے اور اس کے نازل کردہ حق کے آگے نہ جھکے۔

—— اللہ کے نزدیک صدّیق اور شہید صرف وہ اہلِ ایمان ہیں جو اپنا مال کسی جذبۂ ریا کے بغیر صدقِ دل سے اس کی راہ میں صرف کرتے ہیں۔

—— دنیا کی زندگی محض چند روز کی بہار اور ایک متاعِ غرور ہے۔ یہاں کا کھیل کود، یہاں کی دلچسپیاں،

یہاں کی آرایش و زیبایش، یہاں کی بڑائیوں پر فخر، اور یہاں کا دھن دولت، جس میں لوگ ایک دوسرے سے بڑھ جانے کی کوششیں کرتے ہیں، سب کچھ ناپائدار ہے۔ اس کی مثال اُس کھیتی کی سی ہے جو پہلے سرسبز ہوتی ہے، پھر زرد پڑ جاتی ہے، اور آخرکار بُھس بن کر رہ جاتی ہے۔ پائدار زندگی دراصل آخرت کی زندگی ہے جہاں بڑے نتائج نکلنے والے ہیں۔ تمھیں ایک دوسرے سے آگے نکلنے کی کوشش کرنی ہے تو یہ کوشش جنت کی طرف دوڑنے میں صَرف کرو۔

—— دنیا میں راحت اور مصیبت جو بھی آتی ہے، اللہ کے پہلے سے لکھے ہوئے فیصلے کے مطابق آتی ہے۔ مومن کا کردار یہ ہونا چاہیے کہ مصیبت آئے تو ہمت نہ ہار بیٹھے، اور راحت آئے تو اِترا نہ جائے۔ یہ تو ایک منافق اور کافر کا کردار ہے کہ اللہ اس کو نعمت بخشے تو وہ اپنی جگہ پھُول جائے، فخر جتانے لگے، اور اُسی نعمت دینے والے خدا کے کام میں خرچ کرتے ہوئے خود بھی تنگ دلی دکھائے اور دوسروں کو بھی بخل کرنے کا مشورہ دے۔

—— اللہ نے اپنے رسول کھلی کھلی نشانیوں اور کتاب اور میزانِ عدل کے ساتھ بھیجے تاکہ لوگ انصاف پر قائم ہوں، اور اس کے ساتھ لوہا بھی نازل کیا تاکہ حق قائم کرنے اور باطل کا سر نیچا کرنے کے لیے طاقت استعمال کی جائے۔ اس طرح اللہ یہ دیکھنا چاہتا ہے کہ انسانوں میں سے کون لوگ ایسے نکلتے ہیں جو اُس کے دین کی حمایت و نُصرت کے لیے اُٹھ کھڑے ہوں اور اس کی خاطر جان لڑا دیں۔ یہ مواقع اللہ نے تمھاری اپنی ہی ترقی و سرفرازی کے لیے پیدا کیے ہیں، ورنہ اللہ اپنے کام کے لیے کسی کا محتاج نہیں ہے۔

—— اللہ تعالیٰ کی طرف سے پہلے انبیا آتے رہے، جن کی دعوت سے کچھ لوگ راہِ راست پر آئے اور اکثر فاسق بنے رہے۔ پھر عیسیٰ علیہ السلام آئے، جن کی تعلیم سے لوگوں میں بہت سی اخلاقی خوبیاں پیدا ہوئیں، مگر ان کی اُمت نے رہبانیت کی بدعت اختیار کر لی۔ اب اللہ تعالیٰ نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو بھیجا ہے۔ اُن پر جو لوگ ایمان لائیں گے اور خدا سے ڈرتے ہوئے زندگی بسر کریں گے، اللہ اُن کو اپنی رحمت کا دُہرا حصّہ دے گا اور انھیں وہ نُور بخشے گا جس سے دنیا کی زندگی میں وہ ہر ہر قدم پر ٹیڑھے راستوں کے درمیان سیدھی راہ صاف دیکھ کر چل سکیں گے۔ اہلِ کتاب چاہے اپنے آپ کو اللہ کے فضل کا ٹھیکے دار سمجھتے رہیں، مگر اللہ کا فضل اس کے اپنے ہی ہاتھ میں ہے، اُسے اختیار ہے جسے چاہے اپنے فضل سے نواز دے۔

یہ ہے اُن مضامین کا خلاصہ جو اس سورت میں ایک ترتیب کے ساتھ مسلسل بیان ہوئے ہیں۔

آیاتہا ۲۹ سُوْرَةُ الْحَدِيْدِ مَدَنِيَّةٌ رکوعاتہا ۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۚ وَ هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ①

اللہ کی تسبیح کی ہے ہر اُس چیز نے جو زمین اور آسمانوں میں ہے[1]، اور وہی زبردست دانا ہے[2]۔

۱ – یعنی ہمیشہ کائنات کی ہر چیز نے اِس حقیقت کا اظہار و اعلان کیا ہے کہ اُس کا خالق و پروردگار ہر عیب اور نقص اور کمزوری اور خطا اور برائی سے پاک ہے۔ اُس کی ذات پاک ہے، اس کی صفات پاک ہیں، اس کے افعال پاک ہیں، اور اس کے احکام بھی، خواہ وہ تکوینی احکام ہوں یا شرعی، سراسر پاک ہیں۔ یہاں سَبَّحَ صیغۂ ماضی استعمال کیا گیا ہے، اور بعض دوسرے مقامات پر یُسَبِّحُ صیغۂ مضارع استعمال ہوا ہے، جس میں حال اور مستقبل دونوں کا مفہوم شامل ہے۔ اس کے معنی یہ ہوئے کہ کائنات کا ذرہ ذرہ ہمیشہ اپنے خالق و رب کی پاکی بیان کرتا رہا ہے، آج بھی کر رہا ہے، اور ہمیشہ کرتا رہے گا۔

۲ – اصل الفاظ ہیں: هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ۔ لفظ هُوَ کو پہلے لانے سے خود بخود حصر کا مفہوم پیدا ہوتا ہے، یعنی بات صرف اتنی ہی نہیں ہے کہ وہ عزیز اور حکیم ہے، بلکہ حقیقت یہ ہے کہ وہی ایسی ہستی ہے جو عزیز بھی ہے اور حکیم بھی۔ عزیز کے معنی ہیں: ایسا زبردست اور قادر و قاہر جس کے فیصلے کو نافذ ہونے سے دنیا کی کوئی طاقت روک نہیں سکتی، جس کی مزاحمت کسی کے بس میں نہیں ہے، جس کی اطاعت ہر ایک کو کرنی ہی پڑتی ہے، خواہ کوئی چاہے یا نہ چاہے، جس کی نافرمانی کرنے والا اُس کی پکڑ سے کسی طرح بچ ہی نہیں سکتا۔ اور حکیم کے معنی یہ ہیں کہ وہ جو کچھ بھی کرتا ہے حکمت اور دانائی کے ساتھ کرتا ہے۔ اس کی تخلیق، اس کی تدبیر، اس کی فرمانروائی، اس کے احکام، اس کی ہدایات، سب حکمت پر مبنی ہیں۔ اُس کے کسی کام میں نادانی اور حماقت و جہالت کا شائبہ تک نہیں ہے۔

اس مقام پر ایک لطیف نکتہ اور بھی ہے جسے اچھی طرح سمجھ لینا چاہیے۔ قرآنِ کریم میں کم ہی مقامات ایسے ہیں جہاں اللہ تعالیٰ کی صفتِ عزیز کے ساتھ قوی، مُقتَدِر، جبّار اور ذُوانتقام جیسے الفاظ استعمال ہوئے ہیں، جن سے محض اُس کے اقتدارِ مُطلَق کا اظہار ہوتا ہے، اور یہ صرف اُن مواقع پر ہوا ہے جہاں سلسلۂ کلام اِس بات کا متقاضی تھا کہ ظالموں اور نافرمانوں کو اللہ کی پکڑ سے ڈرایا جائے۔ اِس طرح کے چند مقامات کو چھوڑ کر باقی جہاں بھی اللہ تعالیٰ کے لیے عزیز کا لفظ استعمال کیا گیا ہے، وہاں اس کے ساتھ حکیم، علیم، رحیم، غفور، وہّاب اور حمید میں سے کوئی لفظ ضرور لایا گیا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اگر کوئی ہستی ایسی ہو جسے بے پناہ طاقت حاصل ہو مگر اس کے ساتھ وہ نادان ہو، جاہل ہو، بے رحم ہو، درگزر اور معاف کرنا جانتی ہی نہ ہو، بخیل ہو، اور بدسیرت ہو تو اس کے اقتدار کا نتیجہ ظلم کے سوا اور کچھ نہیں ہو سکتا۔ دنیا میں جہاں کہیں بھی ظلم ہو رہا ہے، اس کا بنیادی سبب یہی ہے کہ جس شخص کو دوسروں پر بالاتری حاصل ہے، وہ یا تو اپنی طاقت کو نادانی اور جہالت کے ساتھ

# لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۚ يُحْيٖ وَ يُمِيْتُ ۚ وَ هُوَ عَلٰى كُلِّ

## زمین اور آسمانوں کی سلطنت کا مالک وہی ہے، زندگی بخشتا ہے اور موت دیتا ہے، اور ہر چیز پر

استعمال کر رہا ہے، یا وہ بے رحم اور سنگدل ہے، یا بخیل اور تنگ دل ہے، یا بدخُو اور بدکردار ہے۔ طاقت کے ساتھ اِن بُری صفات کا اجتماع جہاں بھی ہو، وہاں کسی خیر کی توقع نہیں کی جا سکتی۔ اسی لیے قرآنِ مجید میں اللہ تعالیٰ کی صِفتِ عزیز کے ساتھ اس کے حکیم وعلیم اور رحیم وغفور اور حمید ووَہّاب ہونے کا ذکر لازماً کیا گیا ہے، تاکہ انسان یہ جان لے کہ جو خدا اِس کائنات پر فرمانروائی کر رہا ہے، وہ ایک طرف تو ایسا کامل اقتدار رکھتا ہے کہ زمین سے لے کر آسمانوں تک کوئی اس کے فیصلوں کو نافذ ہونے سے روک نہیں سکتا، مگر دوسری طرف وہ حکیم بھی ہے، اس کا ہر فیصلہ سراسر دانائی پر مبنی ہوتا ہے۔ علیم بھی ہے، جو فیصلہ بھی کرتا ہے ٹھیک ٹھیک علم کے مطابق کرتا ہے۔ رحیم بھی ہے، اپنے بے پناہ اقتدار کو بے رحمی کے ساتھ استعمال نہیں کرتا۔ غفور بھی ہے، اپنے زیردستوں کے ساتھ خُردہ گیری کا نہیں بلکہ چشم پوشی و درگزر کا معاملہ کرتا ہے۔ وہّاب بھی ہے، اپنی رعیّت کے ساتھ بخیلی کا نہیں بلکہ بے انتہا فیاضی کا برتاؤ کر رہا ہے۔ اور حمید بھی ہے، تمام قابلِ تعریف صفات وکمالات اس کی ذات میں جمع ہیں۔

قرآن کے اِس بیان کی پُوری اہمیّت وہ لوگ زیادہ اچھی طرح سمجھ سکتے ہیں جو حاکمیّت (sovereignty) کے مسئلے پر فلسفۂ سیاست اور فلسفۂ قانون کی بحثوں سے واقف ہیں۔ حاکمیّت نام ہی اِس چیز کا ہے کہ صاحبِ حاکمیّت غیر محدود اقتدار کا مالک ہو، کوئی داخلی و خارجی طاقت اُس کے حکم اور فیصلے کو نفاذ سے روکنے، یا اُس کو بدلنے، یا اُس پر نظرِ ثانی کرنے والی نہ ہو، اور کسی کے لیے اُس کی اطاعت کے سوا کوئی چارۂ کار نہ ہو۔ اِس غیر محدود اقتدار کا تصوّر کرتے ہی انسانی عقل لازماً یہ مطالبہ کرتی ہے کہ ایسا اقتدار جس کو بھی حاصل ہو، اسے بے عیب اور علم وحکمت میں کامل ہونا چاہیے۔ کیونکہ اگر اِس اقتدار کا حامل نادان، جاہل، بے رحم، اور بدخُو ہو تو اس کی حاکمیّت سراسر ظلم و فساد ہوگی۔ اِسی لیے جن فلسفیوں نے کسی انسان، یا انسانی ادارے، یا انسانوں کے مجموعے کو حاکمیّت کا حامل قرار دیا ہے، ان کو یہ فرض کرنا پڑا ہے کہ وہ غلطی سے مُبَرّا ہوگا۔ مگر ظاہر ہے کہ نہ تو غیر محدود حاکمیّت فی الواقع کسی انسانی اقتدار کو حاصل ہوسکتی ہے، اور نہ یہی ممکن ہے کہ کسی بادشاہ، یا پارلیمنٹ، یا قوم، یا پارٹی کو ایک محدُود دائرے میں جو حاکمیّت حاصل ہو، اُسے وہ بے عیب اور بے خطا طریقے سے استعمال کر سکے۔ اِس لیے کہ ایسی حکمت جس میں نادانی کا شائبہ نہ ہو، اور ایسا علم جو تمام متعلقہ حقائق پر حاوی ہو، سرے سے پوری نوعِ انسانی ہی کو حاصل نہیں ہے، کجا کہ وہ انسانوں میں سے کسی شخص یا ادارے یا قوم کو نصیب ہو جائے۔ اور اِسی طرح انسان جب تک انسان ہے، اس کا خودغرضی، نفسانیت، خوف، لالچ، خواہشات، تعصّب اور جذباتی رضا ورغبت اور محبّت ونفرت سے بالکل پاک اور بالاتر ہونا بھی ممکن نہیں ہے۔ اِن حقائق کو اگر کوئی شخص نگاہ میں رکھ کر غور کرے تو اسے محسوس ہوگا کہ قرآن اپنے اِس بیان میں درحقیقت حاکمیّت کا بالکل صحیح اور مکمل تصوّر پیش کر رہا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ ''عزیز'' یعنی اقتدارِ مُطلَق کا حامل اِس کائنات میں اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں ہے، اور اِس غیر محدُود اقتدار کے ساتھ وہی ایک ہستی

شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ ﴿۲﴾ هُوَ الۡاَوَّلُ وَ الۡاٰخِرُ وَ الظَّاهِرُ وَ الۡبَاطِنُ ۚ وَ هُوَ
بِکُلِّ شَیۡءٍ عَلِیۡمٌ ﴿۳﴾ هُوَ الَّذِیۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ فِیۡ
سِتَّةِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسۡتَوٰی عَلَی الۡعَرۡشِ ؕ یَعۡلَمُ مَا یَلِجُ

قدرت رکھتا ہے۔ وہی اوّل بھی ہے اور آخر بھی، اور ظاہر بھی ہے اور مخفی بھی،[۳] اور وہ ہر چیز کا علم رکھتا ہے۔ وہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں میں پیدا کیا اور پھر عرش پر جلوہ فرما ہوا۔[۴] اُس کے علم میں ہے جو کچھ

ایسی ہے جو بے عیب ہے، حکیم و علیم ہے، رحیم و غفور ہے اور حمید و وہاب ہے۔

۳۔ یعنی جب کچھ نہ تھا تو وہ تھا، اور جب کچھ نہ رہے گا تو وہ رہے گا۔ وہ سب ظاہروں سے بڑھ کر ظاہر ہے، کیونکہ دنیا میں جو کچھ بھی ظہور ہے اُسی کی صفات اور اسی کے افعال اور اسی کے نُور کا ظُہور ہے۔ اور وہ ہر مخفی سے بڑھ کر مخفی ہے، کیونکہ حواس سے اس کی ذات کو محسوس کرنا تو درکنار، عقل و فکر و خیال تک اس کی کُنہ و حقیقت کو نہیں پا سکتے۔ اِس کی بہترین تفسیر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک دُعا کے یہ الفاظ ہیں جنھیں امام احمد، مسلم، ترمذی اور بیہقی نے حضرت ابو ہریرہؓ سے اور حافظ ابو یعلیٰ مَوصلی نے اپنی مُسند میں حضرت عائشہؓ سے نقل کیا ہے:

| | |
|---|---|
| انت الاوّل فلیس قبلك شیء | تو ہی پہلا ہے، کوئی تجھ سے پہلے نہیں |
| وانت الاٰخر فلیس بعدك شیء | تو ہی آخر ہے، کوئی تیرے بعد نہیں |
| وانت الظاهر فلیس فوقك شیء | تو ہی ظاہر ہے، کوئی تجھ سے اُوپر نہیں |
| وانت الباطن فلیس دونك شیء | تو ہی باطن ہے، کوئی تجھ سے مخفی تر نہیں |

یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ قرآنِ مجید میں اہلِ جنت اور اہلِ دوزخ کے لیے خُلُود اور اَبدی زندگی کا جو ذکر کیا گیا ہے، اس کے ساتھ یہ بات کیسے نبھ سکتی ہے کہ اللہ تعالیٰ آخر ہے، یعنی جب کچھ نہ رہے گا تو وہ رہے گا؟ اس کا جواب خود قرآنِ مجید ہی میں موجود ہے کہ کُلُّ شَیۡءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجۡهَهٗ (القصص: ۸۸) یعنی "ہر چیز فانی ہے اللہ کی ذات کے سوا"۔ دوسرے الفاظ میں ذاتی بقا کسی مخلوق کے لیے نہیں ہے۔ اگر کوئی چیز باقی ہے یا باقی رہے تو وہ اللہ کے باقی رکھنے ہی سے باقی ہے اور اس کے باقی رکھنے ہی سے باقی رہ سکتی ہے، ورنہ بذاتِ خود اُس کے سوا سب فانی ہیں۔ جنت اور دوزخ میں کسی کو خلود اس لیے نہیں ملے گا کہ وہ بجائے خود غیر فانی ہے، بلکہ اس لیے ملے گا کہ اللہ اس کو حیاتِ اَبدی عطا فرمائے گا۔ یہی معاملہ فرشتوں کا بھی ہے کہ وہ بذاتِ خود غیر فانی نہیں ہیں۔ جب اللہ نے چاہا تو وہ وجود میں آئے، اور جب تک وہ چاہے اُسی وقت تک وہ موجود رہ سکتے ہیں۔

۴۔ یعنی کائنات کا خالق بھی وہی ہے اور فرمانروا بھی وُہی۔ (مزید تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد دوم،

فِي الْاَرْضِ وَ مَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَ مَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَ مَا يَعْرُجُ
فِيهَا ؕ وَ هُوَ مَعَكُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ ؕ وَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝۴ لَهٗ
مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ وَ اِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝۵ يُوْلِجُ الَّيْلَ
فِي النَّهَارِ وَ يُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ؕ وَ هُوَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝۶

---

زمین میں جاتا ہے اور جو کچھ اس سے نکلتا ہے، اور جو کچھ آسمان سے اُترتا ہے اور جو کچھ اُس میں چڑھتا ہے۔[۵] وہ تمھارے ساتھ ہے جہاں بھی تم ہو۔[۶] جو کام بھی تم کرتے ہو اسے وہ دیکھ رہا ہے۔ وہی زمین اور آسمانوں کی بادشاہی کا مالک ہے اور تمام معاملات فیصلے کے لیے اُسی کی طرف رُجوع کیے جاتے ہیں۔ وہی رات کو دن میں اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے، اور دلوں کے چھُپے ہوئے راز تک جانتا ہے۔

---

الاعراف، حواشی ۴۱ - ۴۲۔ یونس، حاشیہ ۴۔ الرعد، حواشی ۲ تا ۵۔ جلد چہارم، حٰم السجدہ، حواشی ۱۱ تا ۱۵)

۵ - بالفاظِ دیگر، وہ محض کُلّیات ہی کا عالم نہیں ہے بلکہ جزئیات کا علم بھی رکھتا ہے۔ ایک ایک دانہ جو زمین کی تہوں میں جاتا ہے، ایک ایک پتّی اور کونپل جو زمین سے پھُوٹتی ہے، بارش کا ایک ایک قطرہ جو آسمان سے گرتا ہے، اور بخارات کی ہر مقدار جو سمندروں اور جھیلوں سے اُٹھ کر آسمان کی طرف جاتی ہے، اس کی نگاہ میں ہے۔ اس کو معلوم ہے کہ کون سا دانہ زمین میں کس جگہ پڑا ہے، تبھی تو وہ اسے پھاڑ کر اس میں سے کونپل نکالتا ہے اور اسے پرورش کر کے بڑھاتا ہے۔ اس کو معلوم ہے کہ بخارات کی کتنی کتنی مقدار کہاں کہاں سے اُٹھی ہے اور کہاں پہنچی ہے، تبھی تو وہ ان سب کو جمع کر کے بادل بناتا ہے اور زمین کے مختلف حصّوں پر بانٹ کر ہر جگہ ایک حساب سے بارش برساتا ہے۔ اِسی پر اُن دوسری تمام چیزوں کی تفصیلات کو قیاس کیا جا سکتا ہے جو زمین میں جاتی اور اس سے نکلتی ہیں، اور آسمان کی طرف چڑھتی اور اس سے نازل ہوتی ہیں۔ ان سب پر اللہ کا علم حاوی نہ ہو تو ہر چیز کی علٰیحدہ علٰیحدہ تدبیر اور ہر ایک کا انتہائی حکیمانہ طریقے سے انتظام کیسے ممکن ہے۔

۶ - یعنی کسی جگہ بھی تم اُس کے علم، اُس کی قدرت، اُس کی فرمانروائی اور اس کی تدبیر و انتظام سے باہر نہیں ہو۔ زمین میں، ہوا میں، پانی میں، یا کسی گوشۂ تنہائی میں، جہاں بھی تم ہو، اللہ کو معلوم ہے کہ تم کہاں ہو۔ وہاں تمھارا زندہ ہونا بجائے خود اِس کی علامت ہے کہ اللہ اُسی جگہ تمھاری زندگی کا سامان کر رہا ہے۔ تمھارا دل اگر دھڑک رہا ہے،

اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ وَ اَنْفِقُوْا مِمَّا جَعَلَكُمْ مُّسْتَخْلَفِيْنَ فِيْهِ ؕ

ایمان لاؤ اللہ اور اس کے رسولؐ پر اور خرچ کرو اُن چیزوں میں سے جن پر اس نے تم کو خلیفہ

تمھارے پھیپھڑے اگر سانس لے رہے ہیں، تمھاری سماعت اور بینائی اگر کام کر رہی ہے تو یہ سب کچھ اِسی وجہ سے ہے کہ اللہ کے انتظام سے تمھارے جسم کے سب کل پُرزے چل رہے ہیں۔ اور اگر کسی جگہ بھی تمھیں موت آتی ہے تو اِسی وجہ سے آتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے تمھاری بقا کا انتظام ختم کر کے تمھیں واپس بُلا لینے کا فیصلہ کر دیا جاتا ہے۔

۷ - یہ خطاب غیر مسلموں سے نہیں ہے، بلکہ بعد کی پوری تقریر یہ ظاہر کر رہی ہے کہ مخاطب وہ مسلمان ہیں جو کلمۂ اسلام کا اقرار کر کے ایمان لانے والوں کے گروہ میں شامل ہو چکے تھے، مگر ایمان کے تقاضے پُورے کرنے اور مومن کا سا طرزِ عمل اختیار کرنے سے پہلوتہی کر رہے تھے۔ ظاہر ہے کہ غیر مسلموں کو ایمان کی دعوت دینے کے ساتھ ہی فوراً اُن سے یہ نہیں کہا جا سکتا کہ جہاد فی سبیل اللہ کے مَصارف میں دل کھول کر اپنا حصّہ ادا کرو، اور نہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ تم میں سے جو فتح سے پہلے جہاد اور اِنفاق فی سبیل اللہ کرے گا، اُس کا درجہ اُن لوگوں سے بلند تر ہو گا جو بعد میں یہ خدمات انجام دیں گے۔ غیر مسلم کو دعوتِ ایمان دینے کی صورت میں تو پہلے اُس کے سامنے ایمان کے ابتدائی تقاضے پیش کیے جاتے ہیں نہ کہ انتہائی۔ اس لیے فحوائے کلام کے لحاظ سے یہاں اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ کہنے کا مطلب یہ ہے کہ اے وہ لوگو جو ایمان کا دعویٰ کر کے مسلمانوں کے گروہ میں شامل ہو گئے ہو، اللہ اور اس کے رسولؐ کو سچے دل سے مانو اور وہ طرزِ عمل اختیار کرو جو اخلاص کے ساتھ ایمان لانے والوں کو اختیار کرنا چاہیے۔

۸ - اس مقام پر خرچ کرنے سے مُراد عام بھلائی کے کاموں میں خرچ کرنا نہیں ہے، بلکہ آیت ۱۰ کے الفاظ صاف بتا رہے ہیں کہ یہاں اِس سے مُراد اُس جدّوجُہد کے مصارف میں حصہ لینا ہے جو اُس وقت کفر کے مقابلے میں اسلام کو سر بلند کرنے کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قیادت میں برپا تھی۔ خاص طور پر دو ضرورتیں اُس وقت ایسی تھیں جن کے لیے اسلامی حکومت کو مالی مدد کی سخت حاجت درپیش تھی۔ ایک، جنگی ضروریات۔ دوسرے، اُن مظلوم مسلمانوں کو سہارا دینا جو کفار کے ظلم وستم سے تنگ آ کر عرب کے ہر حصے سے ہجرت کر کے مدینے آئے تھے اور آ رہے تھے۔ مخلص اہلِ ایمان ان مصارف کو پُورا کرنے کے لیے اپنی ذات پر اتنا بوجھ برداشت کر رہے تھے جو ان کی طاقت اور وسعت سے بہت زیادہ تھا، اور اِسی چیز کی داد اُن کو آگے آیات ۱۰-۱۲-۱۸ اور ۱۹ میں دی گئی ہے۔ لیکن مسلمانوں کے گروہ میں بکثرت اچھے خاصے کھاتے پیتے لوگ ایسے موجود تھے جو کفر و اسلام کی اِس کشمکش کو محض تماشائی بن کر دیکھ رہے تھے اور اِس بات کا انھیں کوئی احساس نہ تھا کہ جس چیز پر ایمان لانے کا وہ دعویٰ کر رہے ہیں، اس کے کچھ حُقوق بھی ان کی جان و مال پر عائد ہوتے ہیں۔ یہی دوسری قسم کے لوگ اِس آیت کے مخاطَب ہیں۔ اُن سے کہا جا رہا ہے کہ سچّے مومن بنو اور اللہ کی راہ میں مال خرچ کرو۔

فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَاَنْفَقُوْا لَهُمْ اَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝ وَ مَا لَكُمْ

بنایا ہے۔[9] جو لوگ تم میں سے ایمان لائیں گے اور مال خرچ کریں گے،[10] ان کے لیے بڑا اجر ہے۔ تمھیں کیا ہو گیا ہے

۹۔ اس کے دو مطلب ہیں اور دونوں ہی یہاں مُراد بھی ہیں۔ ایک مطلب یہ ہے کہ جو مال تمھارے پاس ہے، یہ دراصل تمھارا ذاتی مال نہیں بلکہ اللہ کا بخشا ہوا مال ہے۔ تم بذاتِ خود اِس کے مالک نہیں ہو، اللہ نے اپنے خلیفہ کی حیثیت سے یہ تمھارے تصرّف میں دیا ہے۔ لہٰذا مال کے اصل مالک کی خدمت میں اِسے صَرف کرنے سے دریغ نہ کرو۔ نائب کا یہ کام نہیں ہے کہ مالک کے مال کو مالک ہی کے کام میں خرچ کرنے سے جی چُرائے۔ دوسرا مطلب یہ ہے کہ یہ مال نہ ہمیشہ سے تمھارے پاس تھا، نہ ہمیشہ تمھارے پاس رہنے والا ہے۔ کل یہ کچھ دوسرے لوگوں کے پاس تھا، پھر اللہ نے تم کو اُن کا جانشین بنا کر اِسے تمھارے حوالے کیا، پھر ایک وقت ایسا آئے گا جب یہ تمھارے پاس نہ رہے گا اور کچھ دوسرے لوگ اِس پر تمھارے جانشین بن جائیں گے۔ اِس عارضی جانشینی کی تھوڑی سی مدّت میں، جب کہ یہ تمھارے قبض و تصرّف میں ہے، اسے اللہ کے کام میں خرچ کرو، تاکہ آخرت میں اس کا مستقل اور دائمی اجر تمھیں حاصل ہو۔ یہی بات ہے جس کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک حدیث میں بیان فرمایا ہے۔ ترمذی کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ آپؐ کے ہاں ایک بکری ذبح کر کے اُس کا گوشت تقسیم کیا گیا۔ آپؐ گھر میں تشریف لائے تو پوچھا: ''بکری میں سے کیا باقی رہا؟'' حضرت عائشہؓ نے عرض کیا: مَا بَقِیَ اِلَّا کَتِفُھَا ''ایک شانے کے سوا کچھ نہیں بچا۔'' فرمایا: بَقِیَ کلّھا غیر کتفھا ''ایک شانے کے سوا ساری بکری بچ گئی۔'' یعنی جو کچھ خدا کی راہ میں صرف ہوا، وہی دراصل باقی رہ گیا۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ ایک شخص نے پوچھا: ''یارسولؐ اللہ! کس صدقے کا اجر سب سے زیادہ ہے؟'' فرمایا: اَنْ تَصَدَّقَ وانت صحیح شحیح تخشی الفقر و تأمل الغنٰی، ولا تُمْھِل حتّٰی اذا بلغت الحلقوم قلت لفلان کذا ولفلان کذا وقد کان لفلان۔ ''یہ کہ تو صدقہ کرے اس حال میں کہ تو صحیح و تندرست ہو، مال کی کمی کے باعث اُسے بچا کر رکھنے کی ضرورت محسوس کرتا ہو اور اسے کسی کام میں لگا کر زیادہ کما لینے کی اُمید رکھتا ہو۔ اُس وقت کا انتظار نہ کر کہ جب جان نکلنے لگے تو تُو کہے کہ یہ فلاں کو دیا جائے اور یہ فلاں کو۔ اُس وقت تو یہ مال فلاں کو جانا ہی ہے۔'' (بخاری و مسلم) ایک اور حدیث میں ہے کہ حضورؐ نے فرمایا: یقول ابن اٰدم مالی مالی، وھل لک من مالک الا ما اکلت فافنیت، اولبست فابلیت، اوتصدقت فامضیت؟ وما سوٰی ذٰلک فذاھب و تارکہ للناس۔ ''آدمی کہتا ہے: میرا مال، میرا مال۔ حالانکہ تیرے مال میں سے تیرا حصّہ اُس کے سوا کیا ہے جو تُو نے کھا کر ختم کر دیا، یا پہن کر پُرانا کر دیا، یا صدقہ کر کے آگے بھیج دیا؟ اُس کے سوا جو کچھ بھی ہے وہ تیرے ہاتھ سے جانے والا ہے اور تو اسے دوسروں کے لیے چھوڑ جانے والا ہے۔'' (مسلم)

۱۰۔ یہاں پھر جہاد میں مال خرچ کرنے کو ایمان کا لازمی تقاضا اور اخلاص فی الایمان کی ضروری علامت قرار دیا گیا ہے۔ بالفاظِ دیگر، گویا یہ فرمایا گیا ہے کہ حقیقی اور مخلص مومن وہی ہے جو ایسے موقع پر مال صرف کرنے سے جی نہ چُرائے۔

لَا تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ۚ وَ الرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ لِتُؤْمِنُوْا بِرَبِّكُمْ وَقَدْ اَخَذَ
مِيْثَاقَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝٨ هُوَ الَّذِيْ يُنَزِّلُ عَلٰى عَبْدِهٖۤ
اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَ اِنَّ اللّٰهَ
بِكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝٩ وَمَا لَكُمْ اَلَّا تُنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

کہ تم اللہ پر ایمان نہیں لاتے، حالانکہ رسول تمھیں اپنے رب پر ایمان لانے کی دعوت دے رہا ہے[11] اور وہ تم سے عہد لے چکا ہے[12] اگر تم واقعی ماننے والے ہو۔ وہ اللہ ہی تو ہے جو اپنے بندے پر صاف صاف آیتیں نازل کر رہا ہے، تاکہ تمھیں تاریکیوں سے نکال کر روشنی میں لے آئے، اور حقیقت یہ ہے کہ اللہ تم پر نہایت شفیق اور مہربان ہے۔ آخر کیا وجہ ہے کہ تم اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے حالانکہ زمین

۱۱- یعنی تم یہ غیر ایمانی رَوِش اِس حالت میں اختیار کر رہے ہو کہ اللہ کا رسولؐ خود تمھارے درمیان موجود ہے اور دعوتِ ایمانی تمھیں کسی دُور دراز واسطے سے نہیں بلکہ براہِ راست اللہ کے رسولؐ کی زبان سے پہنچ رہی ہے۔

۱۲- بعض مفسّرین نے اِس عہد سے مُراد اللہ کی بندگی کا وہ عہد لیا ہے جو ابتدائے آفرینش میں آدم علیہ السّلام کی پُشت سے اُن کی ذُرّیّت کو نکال کر لیا گیا تھا۔ اور بعض دوسرے مفسّرین نے اس سے مُراد وہ عہد لیا ہے جو ہر انسان کی فطرت اور اس کی فطری عقل میں اللہ کی بندگی کے لیے موجود ہے۔ لیکن صحیح بات یہ ہے کہ اس سے مراد اللہ اور اس کے رسولؐ کی اطاعت کا وہ شُعُوری عہد ہے جو ہر مسلمان ایمان لا کر اپنے رب سے باندھتا ہے۔ قرآنِ مجید میں ایک دوسری جگہ اِس عہد کا ذکر اِن الفاظ میں کیا گیا ہے:

وَ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَ مِيْثَاقَهُ الَّذِيْ وَاثَقَكُمْ بِهٖۤ ۙ اِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَ اَطَعْنَا ۫ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ (المائدہ:۷)

یاد رکھو اُس نعمت کو جو اللہ نے تم کو عطا کی ہے اور اُس عہد و پیمان کو جو اللہ نے تم سے لیا ہے، جب کہ تم نے کہا: "ہم نے سُنا اور اطاعت قبول کی۔" اور اللہ سے ڈرو، اللہ دلوں کا حال جانتا ہے۔

حدیث میں حضرت عُبادہؓ بن صامت کی رِوایت ہے کہ:

بَايَعَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسلم على السّمع والطاعة فى النشاط والكسل وعلى النفقة فى العسر واليسر

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے اس بات پر بیعت لی تھی کہ ہم چُستی اور سُستی، ہر حال میں سَمع و طاعت پر قائم رہیں گے، خوش حالی اور تنگ حالی،

وَ لِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۭ لَا يَسْتَوِيْ مِنْكُمْ مَّنْ اَنْفَقَ مِنْ قَبْلِ الْفَتْحِ وَ قٰتَلَ ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَعْظَمُ دَرَجَةً مِّنَ الَّذِيْنَ اَنْفَقُوْا مِنْۢ بَعْدُ وَ قٰتَلُوْا ۭ وَ كُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى ۭ وَ اللّٰهُ بِمَا

اور آسمانوں کی میراث اللہ ہی کے لیے ہے۔[۱۳] تم میں سے جو لوگ فتح کے بعد خرچ اور جہاد کریں گے وہ کبھی اُن لوگوں کے برابر نہیں ہو سکتے جنھوں نے فتح سے پہلے خرچ اور جہاد کیا ہے۔ اُن کا درجہ بعد میں خرچ اور جہاد کرنے والوں سے بڑھ کر ہے اگرچہ اللہ نے دونوں ہی سے اچھے وعدے فرمائے ہیں۔[۱۴] جو کچھ

وعلی الامر بالمعروف والنھی عن المنکر وعلی ان نقول فی اللہ تعالٰی ولا نخاف لَوْمَةَ لَائِمٍ (مُسندِ احمد)

دونوں حالتوں میں راہِ خدا پر خرچ کریں گے، نیکی کا حکم دیں گے اور بدی سے منع کریں گے، اللہ کی خاطر حق بات کہیں گے، اور اس معاملے میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہ ڈریں گے۔

۱۳ – اس کے دو مطلب ہیں: ایک یہ کہ یہ مال تمھارے پاس ہمیشہ رہنے والا نہیں ہے، ایک دن تمھیں لازماً اسے چھوڑ کر ہی جانا ہے اور اللہ ہی اِس کا وارث ہونے والا ہے، پھر کیوں نہ اپنی زندگی میں اِسے اپنے ہاتھ سے اللہ کی راہ میں خرچ کر دو، تا کہ اللہ کے ہاں اس کا اجر تمھارے لیے ثابت ہو جائے۔ نہ خرچ کرو گے تب بھی یہ اللہ ہی کے پاس واپس جا کر رہے گا، البتہ فرق یہ ہو گا کہ اُس پر تم کسی اجر کے مستحق نہ ہو گے۔ دوسرا مطلب یہ ہے کہ اللہ کی راہ میں مال خرچ کرتے ہوئے تم کو کسی فقر اور تنگ دستی کا اندیشہ لاحق نہ ہونا چاہیے، کیونکہ جس خدا کی خاطر تم اسے خرچ کرو گے، وہ زمین و آسمان کے سارے خزانوں کا مالک ہے، اُس کے پاس تمھیں دینے کو بس اُتنا ہی کچھ نہ تھا جو اس نے آج تمھیں دے رکھا ہے، بلکہ کل وہ تمھیں اس سے بہت زیادہ دے سکتا ہے۔ یہی بات ایک دوسری جگہ اس طرح فرمائی گئی ہے:

قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَاۗءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ لَهٗ ۭ وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَهُوَ يُخْلِفُهٗ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝ (سبا: ۳۹)

اَے نبیؐ! ان سے کہو کہ میرا رب اپنے بندوں میں سے جس کے لیے چاہتا ہے رزق کشادہ کرتا ہے، اور جس کے لیے چاہتا ہے تنگ کر دیتا ہے، اور جو کچھ تم خرچ کرتے ہو، اس کی جگہ وہی مزید رزق تمھیں دیتا ہے، اور وہ بہترین رازق ہے۔

۱۴ – یعنی اجر کے مستحق تو دونوں ہی ہیں، لیکن ایک گروہ کا رُتبہ دوسرے گروہ سے لازماً بلند تر ہے، کیونکہ اُس نے زیادہ سخت حالات میں اللہ تعالیٰ کی خاطر وہ خطرات مُول لیے جو دوسرے گروہ کو درپیش نہ تھے۔ اس نے ایسی حالت میں مال

ع۱۰ ۱۷

تَعۡمَلُوۡنَ خَبِيۡرٌ ﴿١٠﴾ مَنۡ ذَا الَّذِىۡ يُقۡرِضُ اللّٰهَ قَرۡضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ
لَهٗ وَلَهٗۤ اَجۡرٌ كَرِيۡمٌ ﴿١١﴾ يَوۡمَ تَرَى الۡمُؤۡمِنِيۡنَ وَالۡمُؤۡمِنٰتِ يَسۡعٰى

تم کرتے ہو اللہ اس سے باخبر ہے[15] ؏

کون ہے جو اللہ کو قرض دے؟ اچھا قرض، تا کہ اللہ اسے کئی گنا بڑھا کر واپس دے، اور اُس کے لیے بہترین اجر ہے[16] اُس دن جب کہ تم مومن مردوں اور عورتوں کو دیکھو گے کہ ان کا نور

خرچ کیا جب دُور دُور کہیں یہ امکان نظر نہ آتا تھا کہ کبھی فتوحات سے اِس خرچ کی تلافی ہو جائے گی، اور اُس نے ایسے نازک دَور میں کفّار سے جنگ کی جب ہر وقت یہ اندیشہ تھا کہ دشمن غالب آ کر اسلام کا نام لینے والوں کو پیس ڈالیں گے۔ مفسّرین میں سے مجاہد، قتادہ اور زید بن اسلم کہتے ہیں کہ اس آیت میں جس چیز کے لیے لفظ "فتح" استعمال کیا گیا ہے، اس کا اِطلاق فتحِ مکّہ پر ہوتا ہے، اور عامر شَعبیؒ کہتے ہیں کہ اس سے مراد صُلحِ حُدَیبیہ ہے۔ پہلے قول کو اکثر مفسّرین نے اختیار کیا ہے، اور دوسرے قول کی تائید میں حضرت ابو سعید خُدریؓ کی یہ روایت پیش کی جاتی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے صُلحِ حُدَیبیہ کے زمانے میں فرمایا: "عنقریب ایسے لوگ آنے والے ہیں جن کے اعمال کو دیکھ کر تم لوگ اپنے اعمال کو حقیر سمجھو گے، مگر لو کان لاحدھم جبل من ذھب فانفقه ما ادرك مُدّ احدكم ولا نصيفه۔" ان میں سے کسی کے پاس پہاڑ برابر بھی سونا ہو اور وہ سارا کا سارا خدا کی راہ میں خرچ کر دے تو وہ تمہارے دو رَطل بلکہ ایک رَطل خرچ کرنے کے برابر بھی نہ پہنچ سکے گا۔" (ابنِ جَریر، ابنِ ابی حاتم، ابنِ مَردُویہ، ابو نُعَیم اَصفہانی) نیز اس کی تائید اُس حدیث سے بھی ہوتی ہے جو امام احمدؒ نے حضرت اَنَسؓ سے نقل کی ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت خالدؓ بن ولید اور حضرت عبدالرحمٰنؓ بن عوف کے درمیان جھگڑا ہو گیا۔ دورانِ نزاع میں حضرت خالدؓ نے حضرت عبدالرحمٰنؓ سے کہا: "تم لوگ اپنی پچھلی خدمات کی بنا پر ہم سے دوں کی لیتے ہو۔" یہ بات جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچی تو آپؐ نے فرمایا: "اُس خدا کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، اگر تم لوگ اُحُد کے برابر، یا پہاڑوں کے برابر سونا بھی خرچ کرو تو اِن لوگوں کے اعمال کو نہ پہنچ سکو گے۔" اس سے اِستدلال کیا جاتا ہے کہ اس آیت میں فتح سے مراد صُلحِ حُدَیبیہ ہے، کیونکہ حضرت خالدؓ اسی صلح کے بعد ایمان لائے تھے اور فتحِ مکّہ میں شریک تھے۔ لیکن اس خاص موقع پر فتح سے مراد خواہ صُلحِ حُدَیبیہ لی جائے یا فتحِ مکّہ، بہرحال اِس آیت کا مطلب یہ نہیں ہے کہ درجات کا یہ فرق بس اسی ایک فتح پر ختم ہو گیا ہے۔ بلکہ اُصولاً اس سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ جب کبھی اسلام پر ایسا کوئی وقت آ جائے جس میں کفر اور کفّار کا پلڑا بہت بھاری ہو اور بظاہر اسلام کے غلبے کے آثار دُور دُور کہیں نظر نہ آتے ہوں، اُس وقت جو لوگ اسلام کی حمایت میں جانیں لڑائیں اور مال خرچ کریں، اُن کے مرتبے کو وہ لوگ نہیں پہنچ سکتے جو کفر و اسلام کی کشمکش کا فیصلہ اسلام کے حق میں ہو جانے کے بعد قربانیاں دیں۔

۱۵- یعنی اللہ جس کو جو اجر اور مرتبہ بھی دیتا ہے، یہ دیکھ کر دیتا ہے کہ کس نے کن حالات میں کس جذبے کے

نُوْرُهُمْ بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ بُشْرٰىكُمُ الْيَوْمَ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ
مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۲﴾

اُن کے آگے آگے اور ان کے دائیں جانب دَوڑ رہا ہوگا۔[۱۷] (ان سے کہا جائے گا کہ) "آج بشارت ہے تمھارے لیے"۔ جنّتیں ہوں گی جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہوں گی جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔ یہی ہے بڑی کامیابی۔

ساتھ کیا عمل کیا ہے۔ اُس کی بانٹ اندھی بانٹ نہیں ہے۔ وہ ہر ایک کا درجہ اور اس کے عمل کا اجر پُوری باخبری کے ساتھ متعیّن کرتا ہے۔

۱۶ – یہ اللہ تعالیٰ کی شانِ کریمی ہے کہ آدمی اگر اس کے بخشے ہوئے مال کو اُسی کی راہ میں صرف کرے تو اسے وہ اپنے ذمّے قرض قرار دیتا ہے، بشرطیکہ وہ قرضِ حَسَن (اچھا قرض) ہو، یعنی خالص نیت کے ساتھ کسی ذاتی غرض کے بغیر دیا جائے، کسی قسم کی ریاکاری اور شہرت و ناموری کی طلب اُس میں شامل نہ ہو، اُسے دے کر کسی پر احسان نہ جتایا جائے، اُس کا دینے والا صرف اللہ کی رضا کے لیے دے اور اُس کے سوا کسی کے اجر اور کسی کی خوشنودی پر نگاہ نہ رکھے۔ اس قرض کے متعلق اللہ کے دو وعدے ہیں: ایک یہ کہ وہ اس کو کئی گنا بڑھا چڑھا کر واپس دے گا۔ دوسرے یہ کہ وہ اس پر اپنی طرف سے بہترین اجر بھی عطا فرمائے گا۔

حدیث میں حضرت عبداللہؓ بن مسعود کی رِوایت ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی اور حضورؐ کی زبانِ مبارک سے لوگوں نے اس کو سُنا تو حضرت ابوالدَّحداح انصاریؓ نے عرض کیا: "یا رسولؐ اللہ! کیا اللہ تعالیٰ ہم سے قرض چاہتا ہے؟" حضورؐ نے جواب دیا: "ہاں، اے ابوالدَّحداح"۔ انھوں نے کہا: "ذرا اپنا ہاتھ مجھے دکھائیے۔" آپؐ نے اپنا ہاتھ ان کی طرف بڑھا دیا۔ انھوں نے آپؐ کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے کر کہا: "میں نے اپنے رب کو اپنا باغ قرض دے دیا۔" حضرت عبداللہؓ بن مسعود فرماتے ہیں کہ اُس باغ میں کھجور کے ۶ سو درخت تھے، اُسی میں ان کا گھر تھا، وہیں ان کے بال بچّے رہتے تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ بات کر کے وہ سیدھے گھر پہنچے اور بیوی کو پکار کر کہا: "دَحداح کی ماں! نکل آؤ، میں نے یہ باغ اپنے رب کو قرض دے دیا ہے۔" وہ بولیں: "تم نے نفع کا سودا کیا دَحداح کے باپ!"، اور اسی وقت اپنا سامان اور اپنے بچّے لے کر باغ سے نکل گئیں۔ (ابنِ ابی حاتم) اِس واقعے سے اندازہ ہوتا ہے کہ مخلص اہلِ ایمان کا طرزِ عمل اُس وقت کیا تھا، اور اِسی سے یہ بات بھی سمجھ میں آسکتی ہے کہ وہ کیسا قرضِ حَسَن ہے جسے کئی گنا بڑھا کر واپس دینے اور پھر اُوپر سے اجرِ کریم عطا کرنے کا اللہ تعالیٰ نے وعدہ فرمایا ہے۔

۱۷ – اس آیت اور بعد والی آیات سے معلوم ہوتا ہے کہ میدانِ حشر میں نور صرف مومنینِ صالحین کے لیے مخصوص ہوگا، رہے کفّار و منافقین اور فُسّاق و فُجّار، تو وہ وہاں بھی اُسی طرح تاریکی میں بھٹک رہے ہوں گے جس طرح دنیا میں بھٹکتے رہے تھے۔ وہاں روشنی جو کچھ بھی ہوگی، صالح عقیدے اور صالح عمل کی ہوگی۔ ایمان کی صداقت اور سیرت و کردار کی پاکیزگی

يَوۡمَ يَقُوۡلُ الۡمُنٰفِقُوۡنَ وَ الۡمُنٰفِقٰتُ لِلَّذِيۡنَ اٰمَنُوا انۡظُرُوۡنَا نَقۡتَبِسۡ مِنۡ نُّوۡرِكُمۡ‌ ۚ قِيۡلَ ارۡجِعُوۡا وَرَآءَكُمۡ فَالۡتَمِسُوۡا نُوۡرًا ؕ فَضُرِبَ بَيۡنَهُمۡ بِسُوۡرٍ لَّهٗ بَابٌ ؕ بَاطِنُهٗ فِيۡهِ الرَّحۡمَةُ وَظَاهِرُهٗ مِنۡ

اُس روز منافق مردوں اور عورتوں کا حال یہ ہوگا کہ وہ مومنوں سے کہیں گے: ذرا ہماری طرف دیکھو تاکہ ہم تمھارے نُور سے کچھ فائدہ اُٹھائیں[18]۔ مگر ان سے کہا جائے گا: پیچھے ہٹ جاؤ، اپنا نور کہیں اور تلاش کرو۔ پھر ان کے درمیان ایک دیوار حائل کر دی جائے گی جس میں ایک دروازہ ہوگا۔ اُس دروازے کے اندر رحمت ہوگی

ہی نور میں تبدیل ہو جائے گی، جس سے نیک بندوں کی شخصیت جگمگا اُٹھے گی۔ جس شخص کا عمل جتنا تابندہ ہوگا، اُس کے وجود کی روشنی اتنی ہی زیادہ تیز ہوگی، اور جب وہ میدانِ حشر سے جنّت کی طرف چلے گا تو اس کا نور اُس کے آگے آگے دوڑ رہا ہوگا۔ اِس کی بہترین تشریح قَتَادَہؒ کی وہ مُرسَل روایت ہے، جس میں وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''کسی کا نور اتنا تیز ہوگا کہ مدینے سے عدن تک کی مسافت کے برابر فاصلے تک پہنچ رہا ہوگا، اور کسی کا نور مدینے سے صَنعا تک، اور کسی کا اس سے کم، یہاں تک کہ کوئی مومن ایسا بھی ہوگا جس کا نُور اس کے قدموں سے آگے نہ بڑھے گا۔'' (ابنِ جَرِیر) بالفاظِ دیگر، جس کی ذات سے دنیا میں جتنی بھلائی پھیلی ہوگی، اس کا نُور اتنا ہی تیز ہوگا، اور جہاں جہاں تک دنیا میں اس کی بھلائی پہنچی ہوگی، میدانِ حشر میں اتنی ہی مسافت تک اس کے نُور کی شعاعیں دوڑ رہی ہوں گی۔

یہاں ایک سوال آدمی کے ذہن میں کھٹک پیدا کر سکتا ہے۔ وہ یہ کہ آگے آگے نور کا دوڑنا تو سمجھ میں آتا ہے، مگر نور کا صرف دائیں جانب دوڑنا کیا معنٰی؟ کیا ان کے بائیں جانب تاریکی ہوگی؟ اس کا جواب یہ ہے کہ اگر ایک شخص اپنے دائیں ہاتھ پر روشنی لیے ہوئے چل رہا ہو تو اس سے روشن تو بائیں جانب بھی ہوگی، مگر امرِ واقعہ یہی ہوگا کہ روشنی اس کے دائیں ہاتھ پر ہے۔ اس بات کی وضاحت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی وہ حدیث کرتی ہے جسے حضرت ابوذرؓ اور ابوالدَّرداءؓ نے روایت کیا ہے کہ آپؐ نے فرمایا: اعرفهم بنورهم الذی یسعٰی بین ایدیهم وعن ایمانهم وعن شمائلهم۔ ''میں اپنی اُمّت کے صالحین کو وہاں ان کے اُس نور سے پہچانوں گا جو اُن کے آگے اور ان کے دائیں اور بائیں دوڑ رہا ہوگا۔'' (حاکم، ابنِ ابی حاتم، ابنِ مَرْدُوْیَہ)

۱۸ - مطلب یہ ہے کہ اہلِ ایمان جب جنّت کی طرف جا رہے ہوں گے تو روشنی ان کے آگے ہوگی اور پیچھے منافقین اندھیرے میں ٹھوکریں کھا رہے ہوں گے۔ اُس وقت وہ اُن اہلِ ایمان کو جو دنیا میں اُن کے ساتھ ایک ہی مُسلم معاشرے میں رہتے تھے، پکار پکار کر کہیں گے کہ ذرا ہماری طرف پلٹ کر دیکھو تاکہ ہمیں بھی کچھ روشنی مل جائے۔

قِبَلِهِ الْعَذَابُ ﴿١٣﴾ يُنَادُونَهُمْ اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ۭ قَالُوْا بَلٰى
وَلٰكِنَّكُمْ فَتَنْتُمْ اَنْفُسَكُمْ وَتَرَبَّصْتُمْ وَارْتَبْتُمْ وَغَرَّتْكُمُ

اور باہر عذاب۔[19] وہ مومنوں سے پکار پکار کر کہیں گے: کیا ہم تمھارے ساتھ نہ تھے؟[20] مومن جواب دیں گے: ہاں، مگر تم نے اپنے آپ کو خود فتنے میں ڈالا،[21] موقع پرستی کی،[22] شک میں پڑے رہے،[23] اور جھوٹی توقعات

۱۹- اس کا مطلب یہ ہے کہ اہلِ جنت اس دروازے سے جنت میں داخل ہو جائیں گے اور دروازہ بند کر دیا جائے گا۔ دروازے کے ایک طرف جنت کی نعمتیں ہوں گی، اور دوسری طرف دوزخ کا عذاب۔ منافقین کے لیے اُس حدِ فاصل کو پار کرنا ممکن نہ ہو گا جو اُن کے اور جنت کے درمیان حائل ہو گی۔

۲۰- یعنی کیا ہم تمھارے ساتھ ایک ہی مسلم معاشرے میں شامل نہ تھے؟ کیا ہم کلمہ گو نہ تھے؟ کیا تمھاری طرح ہم بھی نمازیں نہ پڑھتے تھے؟ روزے نہ رکھتے تھے؟ حج اور زکوٰۃ ادا نہ کرتے تھے؟ کیا تمھاری مجلسوں میں ہم شریک نہ ہوتے تھے؟ تمھارے ساتھ ہمارے شادی بیاہ اور رشتہ داری کے تعلقات نہ تھے؟ پھر آج ہمارے اور تمھارے درمیان یہ جدائی کیسی پڑ گئی؟

۲۱- یعنی مسلمان ہو کر بھی تم مخلص مسلمان نہ بنے، ایمان اور کفر کے درمیان لٹکتے رہے، کفر اور کفار سے تمھاری دلچسپیاں کبھی ختم نہ ہوئیں، اور اسلام سے تم نے کبھی اپنے آپ کو پُوری طرح وابستہ نہ کیا۔

۲۲- اصل الفاظ ہیں: تَرَبَّصْتُمْ۔ تَرَبُّص عربی زبان میں انتظار کرنے اور موقع کی تلاش میں ٹھیرے رہنے کو کہتے ہیں۔ جب کوئی شخص دو راستوں میں سے کسی ایک پر جانے کا قطعی فیصلہ نہ کرے، بلکہ اِس فکر میں کھڑا ہو کہ جدھر جانا مفید ہوتا نظر آئے اسی طرف چل پڑے، تو کہا جائے گا کہ وہ تَرَبُّص میں مبتلا ہے۔ منافقین نے کفر و اسلام کی کشکش کے اُس نازک دَور میں یہی رَوِیَّہ اختیار کر رکھا تھا۔ وہ نہ کھل کر کفر کا ساتھ دے رہے تھے، نہ پُورے اطمینان کے ساتھ اپنی طاقت اسلام کی نصرت و حمایت میں صرف کر رہے تھے۔ بس اپنی جگہ بیٹھے یہ دیکھ رہے تھے کہ اِس قوت آزمائی میں آخر کار پلڑا کدھر جھکتا ہے، تاکہ اسلام کامیاب ہوتا نظر آئے تو اس کی طرف جھک جائیں اور اُس وقت مسلمانوں کے ساتھ کلمہ گوئی کا تعلق ان کے کام آئے، اور کفر کو غلبہ حاصل ہو تو اس کے حامیوں سے جا ملیں اور اسلام کی طرف سے جنگ میں کسی قسم کا حصّہ نہ لینا اُس وقت ان کے حق میں مفید ثابت ہو۔

۲۳- اس سے مراد مختلف قسم کے شکوک ہیں جو ایک منافق کو لاحق ہوتے ہیں، اور وہی اس کی منافقت کا اصل سبب ہوا کرتے ہیں۔ اسے خدا کی ہستی میں شک ہوتا ہے، رسول کی رسالت میں شک ہوتا ہے، قرآن کے کتاب اللہ ہونے میں شک ہوتا ہے، آخرت اور وہاں کی باز پُرس اور جزا و سزا میں شک ہوتا ہے، اور اس امر میں شک ہوتا ہے کہ حق اور باطل کا یہ جھگڑا واقعی کوئی حقیقت بھی رکھتا ہے یا یہ سب محض ڈھکوسلے ہیں اور اصل چیز بس یہ ہے کہ خوش باش دے کہ زندگانی این است۔

الْاَمَانِیُّ حَتّٰی جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ وَ غَرَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ﴿۱۴﴾ فَالْیَوْمَ لَا
یُؤْخَذُ مِنْكُمْ فِدْیَةٌ وَّ لَا مِنَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا ؕ مَاْوٰىكُمُ النَّارُ ؕ هِیَ
مَوْلٰىكُمْ ؕ وَ بِئْسَ الْمَصِیْرُ ﴿۱۵﴾ اَلَمْ یَاْنِ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْ تَخْشَعَ
قُلُوْبُهُمْ لِذِكْرِ اللّٰهِ وَ مَا نَزَلَ مِنَ الْحَقِّ ۙ وَ لَا یَكُوْنُوْا كَالَّذِیْنَ

تمھیں فریب دیتی رہیں، یہاں تک کہ اللہ کا فیصلہ آ گیا[۲۴]، اور آخر وقت تک وہ بڑا دھوکے باز[۲۵] تمھیں اللہ کے معاملے میں دھوکا دیتا رہا۔ لہٰذا آج نہ تم سے کوئی فدیہ قبول کیا جائے گا اور نہ اُن لوگوں سے جنھوں نے کھُلا کھُلا کفر کیا تھا[۲۶]۔ تمھارا ٹھکانا جہنّم ہے، وہی تمھاری خبر گیری کرنے والی ہے[۲۷]، اور یہ بدترین انجام ہے۔

کیا ایمان لانے والوں کے لیے ابھی وہ وقت نہیں آیا کہ اُن کے دل اللہ کے ذکر سے پگھلیں اور اُس کے نازل کردہ حق کے آگے جھکیں[۲۸]، اور وہ اُن لوگوں کی طرح نہ ہو جائیں جنھیں

کوئی شخص جب تک ان شکوک میں مبتلا نہ ہو وہ کبھی منافق نہیں ہو سکتا۔

۲۴- اس کے دو معنی ہو سکتے ہیں: ایک یہ کہ تم کو موت آگئی اور مرتے دم تک تم اس فریب سے نہ نکلے۔ دوسرے یہ کہ اسلام کو غلبہ نصیب ہو گیا اور تم تماشا دیکھتے رہ گئے۔

۲۵- مُراد ہے شیطان۔

۲۶- یہاں اس امر کی تصریح ہے کہ آخرت میں منافق کا انجام وہی ہو گا جو کافر کا ہو گا۔

۲۷- اصل الفاظ ہیں: ھِیَ مَوْلٰکُمْ، ''دوزخ ہی تمھاری مَولیٰ ہے''۔ اس کے دو مطلب ہو سکتے ہیں: ایک یہ کہ وہی تمھارے لیے موزوں جگہ ہے۔ دوسرا یہ کہ اللہ کو تو تم نے اپنا مَولیٰ بنایا نہیں کہ وہ تمھاری خبر گیری کرے، اب تو دوزخ ہی تمھاری مَولیٰ ہے، وہی تمھاری خوب خبر گیری کرے گی۔

۲۸- یہاں پھر ''ایمان لانے والوں'' کے الفاظ تو عام ہیں مگر ان سے مُراد تمام مسلمان نہیں بلکہ مسلمانوں کا وہ خاص گروہ ہے جو ایمان کا اقرار کر کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ماننے والوں میں شامل ہو گیا تھا اور اس کے باوجود اسلام کے درد سے اس کا دل خالی تھا۔ آنکھوں سے دیکھ رہا تھا کہ کفر کی تمام طاقتیں اسلام کو مٹا دینے پر تُلی ہوئی ہیں، چاروں طرف سے اُنھوں نے اہلِ ایمان کی مٹھی بھر جماعت پر نرغہ کر رکھا ہے، عرب کی سرزمین میں جگہ جگہ مسلمان تختۂ مشقِ ستم بنائے جا رہے ہیں، ملک کے

اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلُ فَطَالَ عَلَيْهِمُ الْاَمَدُ فَقَسَتْ قُلُوْبُهُمْ ؕ وَ
كَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۱۶﴾ اِعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ يُحْيِ الْاَرْضَ
بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۷﴾

پہلے کتاب دی گئی تھی، پھر ایک لمبی مدت اُن پر گزر گئی تو ان کے دل سخت ہو گئے اور آج ان میں سے اکثر فاسق بنے ہوئے ہیں؟[۲۹] خوب جان لو کہ اللہ زمین کو اُس کی موت کے بعد زندگی بخشتا ہے، ہم نے نشانیاں تم کو صاف صاف دکھا دی ہیں، شاید کہ تم عقل سے کام لو۔[۳۰]

گوشے گوشے سے مظلوم مسلمان سخت بے سروسامانی کی حالت میں پناہ لینے کے لیے مدینے کی طرف بھاگے چلے آرہے ہیں، مخلص مسلمانوں کی کمر ان مظلوموں کو سہارا دیتے دیتے ٹوٹی جا رہی ہے، اور دشمنوں کے مقابلے میں بھی یہی مخلص مومن سر بکف ہیں، مگر یہ سب کچھ دیکھ کر بھی ایمان کا دعویٰ کرنے والا یہ گروہ ٹس سے مَس نہیں ہو رہا تھا۔ اِس پر اُن لوگوں کو شرم دلائی جا رہی ہے کہ تم کیسے ایمان لانے والے ہو؟ اسلام کے لیے حالات نزاکت کی اِس حد کو پہنچ چکے ہیں، کیا اب بھی وہ وقت نہیں آیا کہ اللہ کا ذکر سُن کر تمھارے دل پگھلیں اور اس کے دین کے لیے تمھارے دلوں میں ایثار و قربانی اور سرفروشی کا جذبہ پیدا ہو؟ کیا ایمان لانے والے ایسے ہی ہوتے ہیں کہ اللہ کے دین پر بُرا وقت آئے اور وہ اس کی ذرا سی ٹیس بھی اپنے دل میں محسوس نہ کریں؟ اللہ کے نام پر انھیں پکارا جائے اور وہ اپنی جگہ سے ہلیں تک نہیں؟ اللہ اپنی نازل کردہ کتاب میں خود چندے کی اپیل کرے، اور اسے اپنے ذمے قرض قرار دے، اور صاف صاف یہ بھی سُنا دے کہ ان حالات میں جو اپنے مال کو میرے دین سے عزیز تر رکھے گا وہ مومن نہیں بلکہ منافق ہوگا، اِس پر بھی ان کے دل نہ خدا کے خوف سے کانپیں، نہ اس کے حکم کے آگے جھکیں؟

۲۹ — یعنی یہود و نصاریٰ تو اپنے انبیاؑ کے سیکڑوں برس بعد آج تمھیں اِس بے حسی اور رُوح کی مُردنی اور اَخلاق کی پستی میں مبتلا نظر آ رہے ہیں۔ کیا تم اِتنے گئے گزرے ہو کہ ابھی رسول تمھارے سامنے موجود ہے، خدا کی کتاب نازل ہو رہی ہے، تمھیں ایمان لائے کچھ زیادہ زمانہ بھی نہیں گزرا ہے، اور ابھی سے تمھارا حال وہ ہو رہا ہے جو صدیوں تک خدا کے دین اور اس کی آیات سے کھیلتے رہنے کے بعد یہود و نصاریٰ کا ہوا ہے؟

۳۰ — یہاں جس مناسبت سے یہ بات ارشاد ہوئی ہے اس کو اچھی طرح سمجھ لینا چاہیے۔ قرآنِ مجید میں متعدّد مقامات پر نبوت اور کتاب کے نُزول کو بارش کی برکات سے تشبیہ دی گئی ہے، کیونکہ انسانیت پر اس کے وہی اثرات مترتّب ہوتے ہیں جو زمین پر بارش کے ہُوا کرتے ہیں۔ جس طرح مُردہ پڑی ہوئی زمین بارانِ رحمت کا ایک چھینٹا پڑتے ہی لہلہا اُٹھتی ہے، اسی طرح جس مُلک میں اللہ کی رحمت سے ایک نبی مبعوث ہوتا ہے اور وحی و کتاب کا نُزول شروع ہوتا ہے، وہاں مری ہوئی انسانیت

اِنَّ الْمُصَّدِّقِیْنَ وَ الْمُصَّدِّقٰتِ وَ اَقْرَضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا یُّضٰعَفُ
لَهُمْ وَ لَهُمْ اَجْرٌ كَرِیْمٌ ﴿۱۸﴾ وَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَ رُسُلِهٖۤ اُولٰٓئِكَ
هُمُ الصِّدِّیْقُوْنَ ۖۗ وَ الشُّهَدَآءُ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ لَهُمْ اَجْرُهُمْ

مَردوں اور عورتوں میں سے جو لوگ صدقات[۳۱] دینے والے ہیں اور جنھوں نے اللہ کو قرضِ حَسَن دیا ہے، اُن کو یقیناً کئی گنا بڑھا کر دیا جائے گا اور ان کے لیے بہترین اجر ہے۔ اور جو لوگ اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لائے ہیں[۳۲] وہی اپنے رب کے نزدیک صِدّیق[۳۳] اور شہید ہیں[۳۴]، اُن کے لیے اُن کا اجر اور

یکایک جی اُٹھتی ہے۔ اُس کے وہ جوہر کُھلنے لگتے ہیں جنھیں زمانہ ہائے دراز سے جاہلیّت نے پیوندِ خاک کر رکھا تھا۔ اُس کے اندر سے اَخلاقِ فاضلہ کے چشمے پھوٹنے لگتے ہیں اور خیرات وحَسَنات کے گلزار لہلہانے لگتے ہیں۔ اِس حقیقت کی طرف جس غرض کے لیے یہاں اشارہ کیا گیا ہے، وہ یہ ہے کہ ضعیف الایمان مسلمانوں کی آنکھیں کُھلیں اور وہ اپنی حالت پر غور کریں۔ نبوت اور وحی کے بارانِ رحمت سے انسانیت جس شان سے ازسرِ نو زندہ ہو رہی تھی اور جس طرح اس کا دامن برکات سے مالامال ہو رہا تھا، وہ ان کے لیے کوئی دُور کی داستان نہ تھی۔ وہ خود اپنی آنکھوں سے صحابۂ کرامؓ کے پاکیزہ معاشرے میں اس کا مشاہدہ کر رہے تھے۔ رات دن اس کا تجرِبہ اُن کو ہو رہا تھا۔ جاہلیّت بھی اپنے تمام مفاسد کے ساتھ ان کے سامنے موجود تھی، اور اسلام سے پیدا ہونے والے محَاسن بھی اُن کے مقابلے میں اپنی پُوری بہار دکھا رہے تھے۔ اس لیے ان کو تفصیل کے ساتھ یہ باتیں بتانے کی کوئی حاجت نہ تھی۔ بس یہ اشارہ کر دینا کافی تھا کہ مُردہ زمین کو اللہ اپنے بارانِ رحمت سے کس طرح زندگی بخشتا ہے، اس کی نشانیاں تم کو صاف صاف دکھا دی گئی ہیں، اب تم خود عقل سے کام لے کر اپنی حالت پر غور کر لو کہ اس نعمت سے تم کیا فائدہ اُٹھا رہے ہو۔

۳۱- صَدَقہ اُردو زبان میں تو بہت ہی بُرے معنوں میں بولا جاتا ہے، مگر اسلام کی اصطلاح میں یہ اُس عطیّے کو کہتے ہیں جو سچّے دل اور خالص نیت کے ساتھ محض اللہ کی خوشنودی کے لیے دیا جائے، جس میں کوئی ریاکاری نہ ہو، کسی پر احسان نہ جتایا جائے، دینے والا صرف اس لیے دے کہ وہ اپنے رب کے لیے عُبودیّت کا سچّا جذبہ رکھتا ہے۔ یہ لفظ صِدق سے ماخوذ ہے، اس لیے صداقت عین اس کی حقیقت میں شامل ہے۔ کوئی عطیّہ اور کوئی صَرفِ مال اُس وقت تک صَدَقہ نہیں ہو سکتا جب تک اس کی تہ میں اِنفاق فی سبیل اللہ کا خالص اور بے کھوٹ جذبہ موجود نہ ہو۔

۳۲- یہاں ایمان لانے والوں سے مراد وہ صادق الایمان لوگ ہیں جن کا طرزِ عمل جھوٹے مدّعیانِ ایمان اور ضعیف الایمان لوگوں سے بالکل مختلف تھا۔ جو اُس وقت ایک دوسرے سے بڑھ کر مالی قربانیاں دے رہے تھے اور اللہ کے دین کی خاطر جانیں لڑا رہے تھے۔

۳۳- یہ صِدق کا مبالغہ ہے۔ صادق سچّا، اور صِدّیق نہایت سچّا۔ مگر یہ بات اچھی طرح سمجھ لینی چاہیے کہ صِدق محض سچّے اور مطابقِ حقیقت قول کو نہیں کہتے، بلکہ اس کا اطلاق صرف اُس قول پر ہوتا ہے جو بجائے خود بھی سچّا ہو اور جس کا قائل بھی سچّے دل سے اُس حقیقت کو مانتا ہو جسے وہ زبان سے کہہ رہا ہے۔ مثلاً ایک شخص اگر کہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں، تو یہ بات بجائے خود عین حقیقت کے مطابق ہے، کیونکہ آپؐ واقعی اللہ کے رسول ہیں، لیکن وہ شخص اپنے اِس قول میں صادق صرف اُسی وقت کہا جائے گا جب کہ اس کا اپنا عقیدہ بھی یہی ہو کہ آپؐ اللہ کے رسول ہیں۔ لہٰذا صِدق کے لیے ضروری ہے کہ قول کی مطابقت حقیقت کے ساتھ بھی ہو اور قائل کے ضمیر کے ساتھ بھی۔ اسی طرح صدق کے مفہوم میں وفا اور خلوص اور عملی راست بازی بھی شامل ہے۔ صادق الوعد (وعدے کا سچّا) اس شخص کو کہیں گے جو عملاً اپنا وعدہ پُورا کرتا ہو اور کبھی اس کی خلاف ورزی نہ کرتا ہو۔ صَدِیق (سچّا دوست) اسی کو کہا جائے گا جس نے آزمایش کے مواقع پر دوستی کا حق ادا کیا ہو اور کبھی آدمی کو اس سے بے وفائی کا تجربہ نہ ہوا ہو۔ جنگ میں صادق فی القتال (سچّا سپاہی) صرف وہی شخص کہلائے گا جو جان توڑ کر لڑا ہو اور جس نے اپنے عمل سے اپنی بہادری ثابت کر دی ہو۔ پس صِدق کی حقیقت میں یہ بات بھی شامل ہے کہ قائل کا عمل اُس کے قول سے مطابقت رکھتا ہو۔ قول کے خلاف عمل کرنے والا صادق قرار نہیں دیا جا سکتا۔ اسی بنا پر تو آپ اُس شخص کو جھوٹا واعظ کہتے ہیں جو کہے کچھ اور کرے کچھ۔ اب غور کرنا چاہیے کہ یہ تعریف جب صِدق اور صادق کی ہے تو مبالغے کے صیغے میں کسی کو صِدّیق کہنے کا مطلب کیا ہوگا۔ اس کے معنٰی لازماً ایسے راست باز آدمی کے ہیں جس میں کوئی کھوٹ نہ ہو، جو کبھی حق اور راستی سے نہ ہٹا ہو، جس سے یہ توقع ہی نہ کی جا سکتی ہو کہ وہ کبھی اپنے ضمیر کے خلاف کوئی بات کہے گا، جس نے کسی بات کو مانا ہو تو پُورے خلوص کے ساتھ مانا ہو، اُس کی وفاداری کا حق ادا کیا ہو، اور اپنے عمل سے ثابت کر دیا ہو کہ وہ فی الواقع ویسا ہی ماننے والا ہے جیسا ایک ماننے والے کو ہونا چاہیے۔ (مزید تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد اوّل، النساء، حاشیہ ۹۹)

۳۴- اس آیت کی تفسیر میں اکابر مفسّرین کے درمیان اختلاف ہے۔ ابنِ عباسؓ، مَسرُوق، ضَحّاک، مُقاتِل بن حَیّان وغیرہ کہتے ہیں کہ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصِّدِّيْقُوْنَ پر ایک جملہ ختم ہو گیا۔ اُس کے بعد وَ الشُّهَدَآءُ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ لَهُمْ اَجْرُهُمْ وَ نُوْرُهُمْ ایک الگ مستقل جُملہ ہے۔ اس تفسیر کے لحاظ سے آیت کا ترجمہ یہ ہوگا کہ ”جو لوگ اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لائے ہیں، وہی صِدّیق ہیں۔ اور شہدا کے لیے اُن کے رب کے ہاں اُن کا اجر اور اُن کا نُور ہے۔“ بخلاف اس کے مجاہدؒ اور متعدِّد دوسرے مفسّرین اس پُوری عبارت کو ایک ہی جملہ مانتے ہیں اور ان کی تفسیر کے لحاظ سے ترجمہ وہ ہوگا جو اُوپر ہم نے متن میں کیا ہے۔ دونوں تفسیروں میں اختلاف کی وجہ یہ ہے کہ پہلے گروہ نے شہید کو مقتول فی سبیل اللہ کے معنٰی میں لیا ہے، اور یہ دیکھ کر کہ ہر مومن اس معنٰی میں شہید نہیں ہوتا، انھوں نے وَ الشُّهَدَآءُ عِنْدَ رَبِّهِمْ کو ایک الگ جملہ قرار دے دیا ہے۔ مگر دوسرا گروہ شہید کو مقتول فی سبیل اللہ کے معنٰی میں نہیں بلکہ حق کی گواہی دینے والے کے معنٰی میں لیتا ہے، اور اس لحاظ سے ہر مومن شہید ہے۔ ہمارے نزدیک یہی دوسری تفسیر قابلِ ترجیح ہے اور قرآن و حدیث سے اس کی تائید ہوتی ہے۔ قرآنِ مجید میں ارشاد ہوا ہے:

وَ نُوۡرُهُمۡ ؕ وَ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا وَ کَذَّبُوۡا بِاٰیٰتِنَاۤ اُولٰٓئِکَ اَصۡحٰبُ
الۡجَحِیۡمِ ﴿۱۹﴾ اِعۡلَمُوۡۤا اَنَّمَا الۡحَیٰوۃُ الدُّنۡیَا لَعِبٌ وَّ لَهۡوٌ وَّ زِیۡنَۃٌ
وَّ تَفَاخُرٌۢ بَیۡنَکُمۡ وَ تَکَاثُرٌ فِی الۡاَمۡوَالِ وَ الۡاَوۡلَادِ ؕ کَمَثَلِ غَیۡثٍ
اَعۡجَبَ الۡکُفَّارَ نَبَاتُهٗ ثُمَّ یَهِیۡجُ فَتَرٰىهُ مُصۡفَرًّا ثُمَّ یَکُوۡنُ
حُطَامًا ؕ وَ فِی الۡاٰخِرَۃِ عَذَابٌ شَدِیۡدٌ ۙ وَّ مَغۡفِرَۃٌ مِّنَ اللّٰهِ وَ

اُن کا نُور ہے[۳۵]۔ اور جن لوگوں نے کُفر کیا ہے اور ہماری آیات کو جُھٹلایا ہے وہ دوزخی ہیں ؏
خُوب جان لو کہ یہ دنیا کی زندگی اس کے سوا کچھ نہیں کہ ایک کھیل اور دل لگی اور ظاہری ٹیپ ٹاپ اور تمھارا آپس میں ایک دُوسرے پر فخر جتانا اور مال و اولاد میں ایک دُوسرے سے بڑھ جانے کی کوشش کرنا ہے۔ اس کی مثال ایسی ہے جیسے ایک بارش ہوگئی تو اس سے پیدا ہونے والی نباتات کو دیکھ کر کاشت کار خوش ہو گئے۔ پھر وہی کھیتی پک جاتی ہے اور تم دیکھتے ہو کہ وہ زرد ہوگئی۔ پھر وہ بُھس بن کر رہ جاتی ہے۔ اِس کے برعکس آخرت وہ جگہ ہے جہاں سخت عذاب ہے اور اللہ کی مغفرت اور

| | |
|---|---|
| وَ کَذٰلِکَ جَعَلۡنٰکُمۡ اُمَّۃً وَّسَطًا لِّتَکُوۡنُوۡا شُهَدَآءَ عَلَی النَّاسِ وَ یَکُوۡنَ الرَّسُوۡلُ عَلَیۡکُمۡ شَهِیۡدًا ؕ (البقرہ: ۱۴۳) | اور اسی طرح ہم نے تم کو ایک متوسط اُمت بنایا ہے، تاکہ تم لوگوں پر گواہ ہو اور رسول تم پر گواہ ہو۔ |
| هُوَ سَمّٰىکُمُ الۡمُسۡلِمِیۡنَ ۬ۙ مِنۡ قَبۡلُ وَ فِیۡ هٰذَا لِیَکُوۡنَ الرَّسُوۡلُ شَهِیۡدًا عَلَیۡکُمۡ وَ تَکُوۡنُوۡا شُهَدَآءَ عَلَی النَّاسِ ۚ (الحج: ۷۸) | اللہ نے پہلے بھی تمھارا نام مسلم رکھا تھا اور اس قرآن میں بھی (تمھارا یہی نام ہے) تاکہ رسول تم پر گواہ ہو اور تم لوگوں پر گواہ۔ |

حدیث میں حضرت براءؓ بن عازب کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو انھوں نے یہ فرماتے سُنا: مؤمنوا امّتی شھدآء، "میری اُمّت کے مومن شہید ہیں"، پھر حضورؐ نے سورۂ حدید کی یہی آیت تلاوت فرمائی۔ (ابنِ جریر) ابنِ مَردُوْیہ نے اسی معنیٰ میں حضرت ابوالدَّرداءؓ سے یہ روایت نقل کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: من فرّ بدینہ من ارضٍ مخافۃ الفتنۃ علی نفسہ ودینہ کتب عند اللہ صدیقا فاذا مات قبضہ اللہ شھیدًا ثم تلا ھذہ الاٰیۃ "جو شخص اپنی جان اور اپنے دین کو فتنے سے بچانے کے لیے کسی سرزمین سے نکل جائے، وہ اللہ کے ہاں

رِضْوَانٌ ۭ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ۝۲۰ سَابِقُوْٓا اِلٰى
مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا كَعَرْضِ السَّمَاۗءِ وَالْاَرْضِ ۙ

اس کی خوشنودی ہے۔ دنیا کی زندگی ایک دھوکے کی ٹٹّی کے سوا کچھ نہیں۔[36] دَوڑو اور ایک دُوسرے سے آگے بڑھنے کی کوشش کرو[37] اپنے رب کی مغفرت اور اُس جنّت کی طرف جس کی وسعت آسمان وزمین

صدیق لکھا جاتا ہے، اور جب وہ مرتا ہے تو اللہ شہید کی حیثیت سے اس کی رُوح قبض فرماتا ہے''، پھر یہ بات ارشاد فرمانے کے بعد حضورؐ نے یہی آیت پڑھی۔ (شہادت کے اس مفہوم کی تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد اوّل، البقرہ، حاشیہ ۱۴۴۔ النساء، حاشیہ ۹۹۔ جلد چہارم، الاحزاب، حاشیہ ۸۲)

۳۵– یعنی ان میں سے ہر ایک جس مرتبے کے اجر اور جس درجے کے نُور کا مستحق ہوگا، وہ اس کو ملے گا۔ وہ اپنا اپنا اجر اور اپنا اپنا نُور پائیں گے۔ اُن کے لیے ان کا حصّہ آج ہی سے محفوظ ہے۔

۳۶– اس مضمون کو پُوری طرح سمجھنے کے لیے قرآنِ مجید کے حسبِ ذیل مقامات کو نگاہ میں رکھنا چاہیے: سورۂ آلِ عمران، آیات ۱۴-۱۵، یونُس: ۲۴-۲۵، ابراہیم: ۱۸، الکہف: ۴۵-۴۶، النور: ۳۹۔ اِن سب مقامات پر جو بات انسان کے ذہن نشین کرانے کی کوشش کی گئی ہے، وہ یہ ہے کہ یہ دنیا کی زندگی دراصل ایک عارضی زندگی ہے۔ یہاں کی بہار بھی عارضی ہے اور خزاں بھی عارضی۔ دل بہلانے کا سامان یہاں بہت کچھ ہے، مگر درحقیقت وہ نہایت حقیر اور چھوٹی چھوٹی چیزیں ہیں، جنھیں اپنی کم ظرفی کی وجہ سے آدمی بڑی چیز سمجھتا ہے اور اِس دھوکے میں پڑ جاتا ہے کہ انھی کو پالینا گویا کامیابی کے منتہا تک پہنچ جانا ہے۔ حالانکہ جو بڑے سے بڑے فائدے اور لطف ولذّت کے سامان بھی یہاں حاصل ہونے ممکن ہیں، وہ بہت حقیر اور صرف چند سال کی حیاتِ مستعار تک محدود ہیں، اور ان کا حال بھی یہ ہے کہ تقدیر کی ایک ہی گردش خود اِسی دنیا میں ان سب پر جھاڑو پھیر دینے کے لیے کافی ہے۔ اس کے برعکس آخرت کی زندگی ایک عظیم اور اَبدی زندگی ہے۔ وہاں کے فائدے بھی عظیم اور مستقل ہیں اور نقصان بھی عظیم اور مستقل۔ کسی نے اگر وہاں اللہ کی مغفرت اور اس کی خوشنودی پالی تو اس کو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے وہ نعمت نصیب ہوگئی جس کے سامنے دنیا بھر کی دولت وحکومت بھی ہیچ ہے۔ اور جو وہاں خدا کے عذاب میں گرفتار ہوگیا، اس نے اگر دنیا میں وہ سب کچھ بھی پالیا ہو جسے وہ اپنے نزدیک بڑی چیز سمجھتا تھا، تو اسے معلوم ہو جائے گا کہ وہ بڑے خسارے کا سودا کر کے آیا ہے۔

۳۷– اصل میں لفظ سَابِقُوْٓا استعمال ہوا ہے، جس کا مفہوم محض ''دوڑو'' کے لفظ سے ادا نہیں ہوتا۔ مُسابقت کے معنی مقابلے میں ایک دوسرے سے آگے نکلنے کی کوشش کرنے کے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ تم دنیا کی دولت اور لذّتیں اور فائدے سمیٹنے میں ایک دوسرے سے بڑھ جانے کی جو کوشش کر رہے ہو، اسے چھوڑ کر اِس چیز کو ہدفِ مقصود بناؤ اور اِس کی طرف دوڑنے میں بازی جیت لے جانے کی کوشش کرو۔

أُعِدَّتْ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۭ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ
يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۲۱﴾ مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ فِي
الْاَرْضِ وَلَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّبْرَاَهَا ۭ اِنَّ
ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿۲۲﴾ۚ لِّكَيْلَا تَاْسَوْا عَلٰي مَا فَاتَكُمْ وَلَا تَفْرَحُوْا

---

جیسی ہے[۳۸]، جو مہیا کی گئی ہے اُن لوگوں کے لیے جو اللہ اور اُس کے رسولوں پر ایمان لائے ہوں۔ یہ اللہ کا فضل ہے، جسے چاہتا ہے عطا فرماتا ہے، اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔

کوئی مصیبت ایسی نہیں ہے جو زمین میں یا تمھارے اپنے نفس پر نازل ہوتی ہو اور ہم نے اس کو پیدا کرنے سے پہلے[۳۹] ایک کتاب میں لکھ نہ رکھا ہو[۴۰]۔ ایسا کرنا اللہ کے لیے بہت آسان کام ہے[۴۱]۔ (یہ سب کچھ اس لیے ہے) تاکہ جو کچھ بھی نقصان تمھیں ہو اس پر تم دل شکستہ نہ ہو اور جو کچھ اللہ تمھیں

---

۳۸- اصل الفاظ ہیں: عَرْضُهَا كَعَرْضِ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ۔ بعض مفسرین نے عرض کو چوڑائی کے معنی میں لیا ہے۔ لیکن دراصل یہاں یہ لفظ وسعت و پہنائی کے معنی میں استعمال ہوا ہے۔ عربی زبان میں لفظ ''عرض'' صرف چوڑائی ہی کے لیے نہیں بولا جاتا جو طول کا مدِ مقابل ہے، بلکہ اسے مجرّد وسعت کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے، جیسا کہ ایک دوسری جگہ قرآن میں ارشاد ہوا ہے: فَذُوْ دُعَآءٍ عَرِيْضٍ، ''انسان پھر لمبی چوڑی دعائیں کرنے لگتا ہے۔'' (حٰمٓ السجدہ:۵۱) اس کے ساتھ یہ بات بھی سمجھ لینی چاہیے کہ اس ارشاد سے مقصود جنت کا رقبہ بتانا نہیں ہے بلکہ اس کی وسعت کا تصوّر دلانا ہے۔ یہاں اس کی وسعت آسمان و زمین جیسی بتائی گئی ہے، اور سورۂ آلِ عمران میں فرمایا گیا ہے: سَارِعُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ ۙ اُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِيْنَ ۝ (آیت:۱۳۳) ''دوڑو اپنے رب کی مغفرت اور اُس جنّت کی طرف جس کی وسعت ساری کائنات ہے، جو مہیا کی گئی ہے متقی لوگوں کے لیے۔'' ان دونوں آیتوں کو ملا کر پڑھنے سے کچھ ایسا تصوّر ذہن میں آتا ہے کہ جنت میں ایک انسان کو جو باغ اور محلات ملیں گے، وہ تو صرف اُس کے قیام کے لیے ہوں گے، مگر درحقیقت پُوری کائنات اُس کی سیر گاہ ہوگی۔ کہیں وہ بند نہ ہوگا۔ وہاں اس کا حال اِس دنیا کی طرح نہ ہوگا کہ چاند جیسے قریب ترین سیارے تک پہنچنے کے لیے بھی وہ برسوں پاپڑ بیلتا رہا اور اِس ذرا سے سفر کی مشکلات کو رفع کرنے میں اسے بے تحاشا وسائل صرف کرنے پڑے۔ وہاں ساری کائنات اس کے لیے کھلی ہوگی، جو کچھ چاہے گا اپنی جگہ سے بیٹھے بیٹھے دیکھ لے گا، اور جہاں چاہے گا بے تکلّف جا سکے گا۔

بِمَآ اٰتٰىكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرِ ۙ۝۲۳ الَّذِيْنَ
يَبْخَلُوْنَ وَيَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ ؕ وَمَنْ يَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ

عطا فرمائے اس پر پھول نہ جاؤ۔[42] اللہ ایسے لوگوں کو پسند نہیں کرتا جو اپنے آپ کو بڑی چیز سمجھتے ہیں اور فخر جتاتے ہیں، جو خود بُخل کرتے ہیں اور دُوسروں کو بُخل کرنے پر اکساتے ہیں۔[43] اب اگر کوئی رُوگردانی کرتا ہے تو اللہ

۳۹- ''اُس کو'' کا اشارہ مصیبت کی طرف بھی ہو سکتا ہے، زمین کی طرف بھی، نفس کی طرف بھی، اور فحوائے کلام کے لحاظ سے مخلوقات کی طرف بھی۔

۴۰- کتاب سے مراد ہے نوشتۂ تقدیر۔

۴۱- یعنی اپنی مخلوقات میں سے ایک ایک کی تقدیر پہلے سے لکھ دینا اللہ کے لیے کوئی مشکل کام نہیں ہے۔

۴۲- اس سلسلۂ بیان میں یہ بات جس غرض کے لیے فرمائی گئی ہے، اسے سمجھنے کے لیے اُن حالات کو نگاہ میں رکھنا چاہیے جو اِس سورت کے نُزول کے وقت اہلِ ایمان کو پیش آ رہے تھے۔ ہر وقت دشمنوں کے حملے کا خطرہ، پے در پے لڑائیاں، دائماً محاصرے کی سی کیفیت، کفّار کے معاشی مقاطعے کی وجہ سے سخت بدحالی، عرب کے گوشے گوشے میں ایمان لانے والوں پر کفار کا ظلم وستم، یہ کیفیات تھیں جن سے مسلمان اُس وقت گزر رہے تھے۔ کفّار اِن کو مسلمانوں کے مخذول اور راندۂ درگاہ ہونے کی دلیل قرار دیتے تھے۔ منافقین اِنھیں اپنے شکوک وشبہات کی تائید میں استعمال کرتے تھے۔ اور مخلص اہلِ ایمان اگرچہ بڑی ثابت قدمی کے ساتھ اِن حالات کا مقابلہ کر رہے تھے، مگر بعض اوقات مصائب کا ہجوم ان کے لیے بھی انتہائی صبر آزما ہو جاتا تھا۔ اس پر مسلمانوں کو تسلّی دینے کے لیے فرمایا جا رہا ہے کہ تم پر کوئی مصیبت بھی معاذ اللہ تمھارے رب کی بے خبری میں نازل نہیں ہو گئی ہے۔ جو کچھ پیش آ رہا ہے، یہ سب اللہ کی طے شدہ اسکیم کے مطابق ہے، جو پہلے سے اس کے دفتر میں لکھی ہوئی موجود ہے۔ اور اِن حالات سے تمھیں اس لیے گزارا جا رہا ہے کہ تمھاری تربیت پیشِ نظر ہے۔ جو کارِ عظیم اللہ تعالیٰ تم سے لینا چاہتا ہے، اس کے لیے یہ تربیت ضروری ہے۔ اس سے گزارے بغیر تمھیں کامیابی کی منزل پر پہنچا دیا جائے تو تمھاری سیرت میں وہ خامیاں باقی رہ جائیں گی جن کی بدولت نہ تم عظمت واقتدار کی ثقیل خوراک ہضم کر سکو گے اور نہ باطل کی طوفان خیز موجوں کے تھپیڑے سہ سکو گے۔

۴۳- یہ اشارہ ہے اُس سیرت کی طرف جو خود مُسلم معاشرے کے منافقین میں اُس وقت سب کو نظر آ رہی تھی۔ ظاہری اقرارِ ایمان کے لحاظ سے اُن میں اور مُخلص مسلمانوں میں کوئی فرق نہ تھا۔ لیکن اخلاص کے فُقدان کی وجہ سے وہ اُس تربیت میں شامل نہ ہوئے تھے جو مُخلصین کو دی جا رہی تھی، اس لیے ان کا حال یہ تھا کہ جو ذرا سی خوش حالی اور مَشیخت اُن کو عرب کے ایک معمولی قصبے میں میسّر آئی ہوئی تھی، وہی اُن کے چھوٹے سے ظرف کو پُھلائے دے رہی تھی، اُسی پر وہ پھٹے پڑتے تھے، اور دل کی تنگی اِس درجے کی تھی کہ جس خدا پر ایمان لانے اور جس رسول کے پیرو ہونے اور جس دین کو ماننے کا دعویٰ

الْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ ﴿۲۴﴾ لَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَیِّنٰتِ وَ اَنْزَلْنَا
مَعَهُمُ الْكِتٰبَ وَ الْمِیْزَانَ لِیَقُوْمَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ ۚ وَ اَنْزَلْنَا
الْحَدِیْدَ فِیْهِ بَاْسٌ شَدِیْدٌ وَّ مَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَ لِیَعْلَمَ اللّٰهُ

بے نیاز اور ستودہ صفات ہے۔[۴۴]

ہم نے اپنے رسولوں کو صاف صاف نشانیوں اور ہدایات کے ساتھ بھیجا، اور اُن کے ساتھ کتاب اور میزان نازل کی تاکہ لوگ انصاف پر قائم ہوں[۴۵]، اور لوہا اُتارا جس میں بڑا زور ہے اور لوگوں کے لیے منافع ہیں۔[۴۶] یہ اس لیے کیا گیا ہے کہ اللہ کو معلوم ہو جائے کہ

کرتے تھے، اس کے لیے خود ایک پیسا تو کیا دیتے، دوسرے دینے والوں کو بھی یہ کہہ کر روکتے تھے کہ کیوں اپنا پیسا اِس بھاڑ میں جھونک رہے ہو۔ ظاہر بات ہے کہ اگر مصائب کی بھٹی گرم نہ کی جاتی تو اس کھوٹے مال کو، جو اللہ کے کسی کام کا نہ تھا، زرِ خالص سے الگ نہ کیا جا سکتا تھا، اور اُس کو الگ کیے بغیر کچے پکّے مسلمانوں کی ایک مخلوط بھیڑ کو دنیا کی امامت کا وہ منصبِ عظیم نہ سونپا جا سکتا تھا جس کی عظیم الشان برکات کا مشاہدہ آخر کار دنیا نے خلافتِ راشدہ میں کیا۔

۴۴- یعنی یہ کلماتِ نصیحت سننے کے بعد بھی اگر کوئی شخص اللہ اور اس کے دین کے لیے خلوص، فرمانبرداری اور ایثار و قربانی کا طریقہ اختیار نہیں کرتا اور اپنی اُسی کج روی پر اَڑا رہنا چاہتا ہے جو اللہ کو سخت ناپسند ہے، تو اللہ کو اُس کی کچھ پروا نہیں۔ وہ غنی ہے، اس کی کوئی حاجت اِن لوگوں سے اَٹکی ہوئی نہیں ہے۔ اور وہ ستودہ صفات ہے، اُس کے ہاں اچھی صفات رکھنے والے لوگ ہی مقبول ہو سکتے ہیں، بدکردار لوگ اُس کی نگاہِ التفات کے مستحق نہیں ہو سکتے۔

۴۵- اس مختصر سے فقرے میں انبیا علیہم السلام کے مشن کا پورا لُبِّ لُباب بیان کر دیا گیا ہے جسے اچھی طرح سمجھ لینا چاہیے۔ اس میں بتایا گیا ہے کہ دنیا میں خدا کے جتنے رسول بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے آئے، وہ سب تین چیزیں لے کر آئے تھے:

(۱) بیّنات، یعنی کھلی کھلی نشانیاں، جو واضح کر رہی تھیں کہ یہ واقعی اللہ کے رسول ہیں، بنے ہوئے لوگ نہیں ہیں۔ روشن دلائل، جو اس بات کو ثابت کرنے کے لیے بالکل کافی تھے کہ جس چیز کو وہ حق کہہ رہے ہیں وہ واقعی حق ہے، اور جس چیز کو وہ باطل قرار دے رہے ہیں وہ واقعی باطل ہے۔ واضح ہدایات، جن میں کسی اشتباہ کے بغیر صاف صاف بتا دیا گیا تھا کہ عقائد، اَخلاق، عبادات اور معاملات میں لوگوں کے لیے راہِ راست کیا ہے جسے وہ اختیار کریں، اور غلط راستے کون سے ہیں جن سے وہ اجتناب کریں۔

ع ۱۹

مَنۡ یَّنۡصُرُہٗ وَ رُسُلَہٗ بِالۡغَیۡبِ ؕ اِنَّ اللّٰہَ قَوِیٌّ عَزِیۡزٌ ﴿۲۵﴾ ع

کون اُس کو دیکھے بغیر اس کی اور اُس کے رسولوں کی مدد کرتا ہے۔ یقیناً اللہ بڑی قوت والا اور زبردست ہے۔[۴۷] ع

(۲) کتاب، جس میں وہ ساری تعلیمات لکھ دی گئی تھیں جو انسان کی ہدایت کے لیے درکار تھیں، تاکہ لوگ رہنمائی کے لیے اُس کی طرف رُجوع کر سکیں۔

(۳) میزان، یعنی وہ معیارِ حق و باطل جو ٹھیک ٹھیک ترازُو کی تول تول کر یہ بتا دے کہ افکار، اخلاق اور معاملات میں اِفراط و تفریط کی مختلف انتہاؤں کے درمیان انصاف کی بات کیا ہے۔

اِن تین چیزوں کے ساتھ انبیا علیہم السّلام کو جس مقصد کے لیے بھیجا گیا وہ یہ تھا کہ دُنیا میں انسان کا رَوِیّہ اور انسانی زندگی کا نظام، فرداً فرداً بھی اور اجتماعی طور پر بھی، عدل پر قائم ہو۔ ایک طرف ہر انسان اپنے خدا کے حُقوق، اپنے نفس کے حقوق اور اُن تمام بندگانِ خدا کے حقوق، جن سے اُس کو کسی طور پر سابقہ پیش آتا ہے، ٹھیک ٹھیک جان لے اور پُورے انصاف کے ساتھ اُن کو ادا کرے۔ اور دوسری طرف اجتماعی زندگی کا نظام ایسے اُصولوں پر تعمیر کیا جائے جن سے معاشرے میں کسی نوعیت کا ظلم باقی نہ رہے، تمدُّن و تہذیب کا ہر پہلو اِفراط و تفریط سے محفوظ ہو، حیاتِ اجتماعی کے تمام شعبوں میں صحیح صحیح توازُن قائم ہو، اور معاشرے کے تمام عناصر انصاف کے ساتھ اپنے حُقوق پائیں اور اپنے فرائض ادا کریں۔ بالفاظِ دیگر، انبیا علیہم السّلام کی بِعثَت کا مقصود عدلِ انفرادی بھی تھا اور عدلِ اجتماعی بھی۔ وہ ایک ایک فرد کی شخصی زندگی میں بھی عدل قائم کرنا چاہتے تھے، تاکہ اس کے ذہن، اس کی سیرت، اس کے کردار اور اس کے برتاؤ میں توازُن پیدا ہو۔ اور انسانی معاشرے کے پُورے نظام کو بھی عدل پر قائم کرنا چاہتے تھے، تاکہ فرد اور جماعت دونوں ایک دوسرے کی روحانی، اَخلاقی اور مادّی فلاح میں مانع و مزاحم ہونے کے بجائے معاون و مددگار ہوں۔

۴۶۔ ”لوہا اُتارنے“ کا مطلب زمین میں لوہا پیدا کرنا ہے، جیسا کہ ایک دوسری جگہ قرآن میں فرمایا: وَ اَنۡزَلَ لَکُمۡ مِّنَ الۡاَنۡعَامِ ثَمٰنِیَۃَ اَزۡوَاجٍ (الزُّمَر:۶) ”اُس نے تمھارے لیے مویشیوں کی قسم کے آٹھ نر و مادہ اُتارے۔“ چونکہ زمین میں جو کچھ پایا جاتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے یہاں آیا ہے، خود بخود نہیں بن گیا ہے، اس لیے ان کے پیدا کیے جانے کو قرآنِ مجید میں نازل کیے جانے سے تعبیر کیا گیا ہے۔

انبیا علیہم السّلام کے مشن کو بیان کرنے کے معاً بعد یہ فرمانا کہ ”ہم نے لوہا نازل کیا، جس میں بڑا زور اور لوگوں کے لیے منافع ہیں“، خود بخود اس امر کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ یہاں لوہے سے مراد سیاسی اور جنگی طاقت ہے، اور کلام کا مدّعا یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رُسولوں کو قیامِ عدل کی محض ایک اسکیم پیش کر دینے کے لیے مبعوث نہیں فرمایا تھا، بلکہ یہ بات بھی ان کے مشن میں شامل تھی کہ اُس کو عملاً نافذ کرنے کی کوشش کی جائے اور وہ قوت فراہم کی جائے جس سے فی الواقع عدل قائم ہو سکے، اُسے درہم برہم کرنے والوں کو سزا دی جا سکے اور اُس کی مزاحمت کرنے والوں

وَ لَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا وَّ اِبْرٰهِيْمَ وَ جَعَلْنَا فِيْ ذُرِّيَّتِهِمَا النُّبُوَّةَ
وَ الْكِتٰبَ فَمِنْهُمْ مُّهْتَدٍ ۚ وَ كَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۲۶﴾ ثُمَّ قَفَّيْنَا

ہم[۴۸] نے نوحؑ اور ابراہیمؑ کو بھیجا اور اُن دونوں کی نسل میں نبوّت اور کتاب رکھ دی۔[۴۹] پھر ان کی اولاد میں سے کسی نے ہدایت اختیار کی اور بہت سے فاسق ہو گئے۔[۵۰] اُن کے بعد ہم نے پے در پے

کا زور توڑا جا سکے۔

۴۷۔ یعنی اللہ کو اِس مدد کی ضرورت کچھ اس وجہ سے نہیں ہے کہ وہ کمزور ہے، اپنی طاقت سے یہ کام نہیں کر سکتا۔ بلکہ یہ طریقِ کار اس نے انسانوں کی آزمائش کے لیے اختیار فرمایا ہے اور اِسی آزمائش سے گزر کر انسان اپنی ترقی اور فلاح کی راہ پر آگے بڑھ سکتا ہے۔ اللہ تو ہر وقت یہ قدرت رکھتا ہے کہ جب چاہے اپنے ایک اشارے سے تمام کافروں کو مغلوب کر دے اور اپنے رسولوں کو اُن پر غلبہ وتسلّط عطا فرما دے۔ مگر اِس میں پھر رسولوں پر ایمان لانے والوں کا کیا کمال ہوگا جس کی بنا پر وہ کسی انعام کے مستحق ہوں؟ اسی لیے اللہ نے اس کام کو اپنی غالب قدرت سے انجام دینے کے بجائے طریقِ کار یہ اختیار فرمایا کہ اپنے رسولوں کو بیّنات اور کتاب اور میزان دے کر انسانوں کے درمیان مبعوث کر دیا۔ ان کو اس بات پر مامور فرمایا کہ لوگوں کے سامنے عدل کا راستہ پیش کریں اور ظلم و جور اور بے انصافی سے باز آ جانے کی اُن کو دعوت دیں۔ انسانوں کو اِس امر کا پُورا اختیار دے دیا کہ ان میں سے جو چاہے رسولوں کی دعوت قبول کرے اور جو چاہے اسے ردّ کر دے۔ قبول کرنے والوں کو پکارا کہ آؤ، اِس عدل کے نظام کو قائم کرنے میں میرا اور میرے رسولوں کا ساتھ دو اور اُن لوگوں کے مقابلے میں جان توڑ جدّوجُہد کرو جو ظلم و جور کے نظام کو باقی رکھنے پر تُلے ہوئے ہیں۔ اس طرح اللہ تعالیٰ یہ دیکھنا چاہتا ہے کہ انسانوں میں سے کون ہیں جو انصاف کی بات کو ردّ کرتے ہیں، اور کون ہیں جو انصاف کے مقابلے میں بے انصافی قائم رکھنے کے لیے اپنی جان لڑاتے ہیں، اور کون ہیں جو انصاف کی بات قبول کر لینے کے بعد اُس کی حمایت اور اُس کی خاطر جدّوجُہد کرنے سے جی چُراتے ہیں، اور کون ہیں جو اَن دیکھے خدا کی خاطر دنیا میں اِس حق کو غالب کرنے کے لیے جان و مال کی بازی لگا دیتے ہیں۔ اِس امتحان سے جو لوگ کامیاب ہو کر نکلیں گے، انھی کے لیے آیندہ ترقیوں کے دروازے کھلیں گے۔

۴۸۔ اب یہ بتایا جا رہا ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے جو رسول بیّنات اور کتاب اور میزان لے کر آئے تھے، ان کے ماننے والوں میں کیا بگاڑ پیدا ہوا۔

۴۹۔ یعنی جو رسول بھی اللہ کی کتاب لے کر آئے، وہ حضرت نوحؑ کی، اور ان کے بعد حضرت ابراہیمؑ کی نسل سے تھے۔

۵۰۔ یعنی نافرمان ہو گئے، اللہ کی اطاعت کے دائرے سے نکل گئے۔

عَلٰۤى اٰثَارِهِمْ بِرُسُلِنَا وَ قَفَّيْنَا بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ وَ اٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ ۙ۬ وَ جَعَلْنَا فِیْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ رَاْفَةً وَّ رَحْمَةً ؕ وَ رَهْبَانِيَّةَ ٰ ابْتَدَعُوْهَا مَا كَتَبْنٰهَا عَلَيْهِمْ اِلَّا ابْتِغَآءَ رِضْوَانِ اللّٰهِ

اپنے رسول بھیجے، اور ان سب کے بعد عیسٰی ابنِ مریمؑ کو مبعوث کیا اور اُس کو انجیل عطا کی، اور جن لوگوں نے اس کی پیروی اختیار کی اُن کے دلوں میں ہم نے ترس اور رحم ڈال دیا۔[51] اور رہبانیت[52] انھوں نے خود ایجاد کرلی، ہم نے اُسے اُن پر فرض نہیں کیا تھا، مگر اللہ کی خوشنودی کی طلب میں انھوں نے آپ ہی یہ بدعت نکالی[53]

۵۱ - اصل الفاظ ہیں: رافت اور رحمت۔ یہ دونوں لفظ قریب قریب ہم معنٰی ہیں، مگر جب یہ ایک ساتھ بولے جاتے ہیں تو رافت سے مراد وہ رقیق القلبی ہوتی ہے جو کسی کو تکلیف و مصیبت میں دیکھ کر ایک شخص کے دل میں پیدا ہو۔ اور رحمت سے مراد وہ جذبہ ہوتا ہے جس کے تحت وہ اس کی مدد کی کوشش کرے۔ حضرت عیسٰی علیہ السّلام چونکہ نہایت رقیق القلب اور خلقِ خدا کے لیے رحیم و شفیق تھے، اس لیے ان کی سیرت کا یہ اثر ان کے پیرووں میں سرایت کر گیا کہ وہ اللہ کے بندوں پر ترس کھاتے تھے اور ہمدردی کے ساتھ ان کی خدمت کرتے تھے۔

۵۲ - اس کا تلفظ رَہبانیت بھی کیا جاتا ہے اور رُہبانیت بھی۔ اس کا مادہ رَہب ہے، جس کے معنٰی خوف کے ہیں۔ رَہبانیّت کا مطلب ہے: مسلکِ خوف زدگی، اور رُہبانیت کے معنٰی ہیں: مسلکِ خوف زدگان۔ اصطلاحاً اس سے مراد ہے کسی شخص کا خوف کی بنا پر (قطعِ نظر اس سے کہ وہ کسی کے ظلم کا خوف ہو، یا دنیا کے فتنوں کا خوف، یا اپنے نفس کی کمزوریوں کا خوف) تارک الدنیا بن جانا اور دنیوی زندگی سے بھاگ کر جنگلوں اور پہاڑوں میں پناہ لینا، یا گوشہ ہائے عُزلت میں جا بیٹھنا۔

۵۳ - اصل الفاظ ہیں: اِلَّا ابْتِغَآءَ رِضْوَانِ اللّٰهِ۔ اس کے دو مطلب ہو سکتے ہیں: ایک یہ کہ ہم نے اُن پر اس رہبانیت کو فرض نہیں کیا تھا، بلکہ جو چیز اُن پر فرض کی تھی وہ یہ تھی کہ وہ اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کی کوشش کریں۔ اور دوسرا مطلب یہ کہ یہ رہبانیت ہماری فرض کی ہوئی نہ تھی، بلکہ اللہ کی خوشنودی کی طلب میں انھوں نے اسے خود اپنے اُوپر فرض کرلیا تھا۔ دونوں صورتوں میں یہ آیت اس بات کی صراحت کرتی ہے کہ رہبانیت ایک غیر اسلامی چیز ہے اور یہ کبھی دینِ حق میں شامل نہیں رہی ہے۔ یہی بات ہے جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمائی ہے کہ لَا رَھْبَانِیَّةَ فِی الْاِسْلَامِ، ”اسلام میں کوئی رہبانیّت نہیں۔“ (مُسندِ احمد) ایک اور حدیث میں حضورؐ نے فرمایا: رھبانیة ھٰذہ الامّة الجھاد فی سبیل اللّٰہ، ”اِس اُمت کی رہبانیت جہاد فی سبیل اللہ ہے۔“ (مُسندِ احمد، مُسندِ ابی یعلیٰ) یعنی اِس اُمت کے لیے روحانی ترقی کا راستہ ترکِ دنیا نہیں بلکہ اللہ کی راہ میں جہاد ہے، اور یہ اُمت فتنوں سے ڈر کر جنگلوں اور پہاڑوں کی طرف نہیں بھاگتی بلکہ

فَمَا رَعَوْهَا حَقَّ رِعَايَتِهَا ۚ فَاٰتَيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْهُمْ اَجْرَهُمْ ۚ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۲۷﴾

اور پھر اس کی پابندی کرنے کا جو حق تھا اسے ادا نہ کیا۔[۵۴] اُن میں سے جو لوگ ایمان لائے ہوئے تھے اُن کا اجر ہم نے ان کو عطا کیا، مگر ان میں سے اکثر لوگ فاسق ہیں۔

راہِ خدا میں جہاد کر کے اُن کا مقابلہ کرتی ہے۔ بخاری و مسلم کی مُتَّفَق عَلَیْہِ روایت ہے کہ صحابہؓ میں سے ایک صاحب نے کہا: ''میں ہمیشہ ساری رات نماز پڑھا کروں گا۔'' دوسرے نے کہا: ''میں ہمیشہ روزہ رکھوں گا اور کبھی ناغہ نہ کروں گا۔'' تیسرے نے کہا: ''میں کبھی شادی نہ کروں گا اور عورت سے کوئی واسطہ نہ رکھوں گا۔'' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کی یہ باتیں سنیں تو فرمایا: اما واللہ انی لأخشاکم للہ واتقاکم لہٗ لکنی اصوم وأفطر وأصلی وارقد واتزوج النساء، فمن رغب عن سنّتی فلیس منّی۔ ''خدا کی قسم! میں تم سے زیادہ اللہ سے ڈرتا اور اُس سے تقویٰ کرتا ہوں۔ مگر میرا طریقہ یہ ہے کہ روزہ رکھتا بھی ہوں اور نہیں بھی رکھتا، راتوں کو نماز بھی پڑھتا ہوں اور سوتا بھی ہوں، اور عورتوں سے نکاح بھی کرتا ہوں۔ جس کو میرا طریقہ پسند نہ ہو اس کا مجھ سے کوئی واسطہ نہیں۔'' حضرت اَنَسؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے: لا تشددوا علی انفسکم فیشدد اللہ علیکم فان قوما شددوا فشدد اللہ علیھم فتلك بقایاھُمْ فی الصّوامع والدیار۔ ''اپنے اوپر سختی نہ کرو کہ اللہ تم پر سختی کرے۔ ایک گروہ نے یہی تشدُّد اختیار کیا تھا تو اللہ نے بھی پھر اسے سخت پکڑا۔ دیکھ لو، وہ ان کے بقایا راہب خانوں اور کنیسوں میں موجود ہیں۔'' (ابوداؤد)

۵۴ - یعنی وہ دُہری غلطی میں مبتلا ہو گئے۔ ایک غلطی یہ کہ اپنے اُوپر وہ پابندیاں عائد کیں جن کا اللہ نے کوئی حکم نہ دیا تھا۔ اور دوسری غلطی یہ کہ جن پابندیوں کو اپنے نزدیک اللہ کی خوشنودی کا ذریعہ سمجھ کر خود اپنے اُوپر عائد کر بیٹھے تھے اُن کا حق ادا نہ کیا اور وہ حرکتیں کیں جن سے اللہ کی خوشنودی کے بجائے اُلٹا اس کا غضب مول لے بیٹھے۔

اِس مقام کو پُوری طرح سمجھنے کے لیے ایک نظر مسیحی رہبانیت کی تاریخ پر ڈال لینی چاہیے:

حضرت عیسٰی علیہ السّلام کے بعد دو سو سال تک عیسائی کلیسا رہبانیت سے نا آشنا تھا۔ مگر ابتدا ہی سے مسیحیت میں اس کے جراثیم پائے جاتے تھے اور وہ تخیُّلات اُس کے اندر موجود تھے جو اِس چیز کو جنم دیتے ہیں۔ ترک و تجرید کو اَخلاقی آئیڈیل قرار دینا اور درویشانہ زندگی کو شادی بیاہ اور دنیوی کاروبار کی زندگی کے مقابلے میں اعلیٰ و افضل سمجھنا ہی رہبانیت کی بنیاد ہے اور یہ دونوں چیزیں مسیحیت میں ابتدا سے موجود تھیں۔ خصوصیت کے ساتھ تجرد کو تقدُّس کا ہم معنی سمجھنے کی وجہ سے کلیسا میں مذہبی خدمات انجام دینے والوں کے لیے یہ بات ناپسندیدہ خیال کی جاتی تھی کہ وہ شادی کریں، بال بچوں والے ہوں اور خانہ داری کے بکھیڑوں میں پڑیں۔ اسی چیز نے تیسری صدی تک پہنچتے پہنچتے ایک فتنے کی شکل اختیار کر لی اور رہبانیت

ایک وبا کی طرح مسیحیت میں پھیلنی شروع ہوئی۔ تاریخی طور پر اس کے تین بڑے اسباب تھے:

ایک یہ کہ قدیم مشرک سوسائٹی میں شہوانیت، بدکرداری اور دنیا پرستی جس شدّت کے ساتھ پھیلی ہوئی تھی، اس کا توڑ کرنے کے لیے عیسائی علما نے اعتدال کی راہ اختیار کرنے کے بجائے انتہا پسندی کی راہ اختیار کی۔ انھوں نے عِفّت پر اتنا زور دیا کہ عورت اور مرد کا تعلق بجائے خود نجس قرار پا گیا، خواہ وہ نکاح ہی کی صورت میں ہو۔ انھوں نے دنیا پرستی کے خلاف اتنی شدت برتی کہ آخر کار ایک دین دار آدمی کے لیے سرے سے کسی قسم کی اَملاک رکھنا ہی گناہ بن گیا اور اَخلاق کا معیار یہ ہو گیا کہ آدمی بالکل مُفلس اور ہر لحاظ سے تارک الدنیا ہو۔ اسی طرح مشرک سوسائٹی کی لذّت پرستی کے جواب میں وہ اس انتہا پر جا پہنچے کہ ترکِ لذّات، نفس کو مارنا اور خواہشات کا قَلْع قَمْع کر دینا اَخلاق کا مقصود بن گیا، اور طرح طرح کی ریاضتوں سے جسم کو اذیتیں دینا آدمی کی روحانیت کا کمال اور اُس کا ثبوت سمجھا جانے لگا۔

دوسرے یہ کہ مسیحیت جب کامیابی کے دَور میں داخل ہو کر عوام میں پھیلنی شروع ہوئی تو اپنے مذہب کی توسیع و اشاعت کے شوق میں کلیسا ہر اُس بُرائی کو اپنے دائرے میں داخل کرتا چلا گیا جو عام لوگوں میں مقبول تھی۔ اولیا پرستی نے قدیم معبودوں کی جگہ لے لی۔ ہورَس (Horus) اور آئسس (Isis) کے مجسّموں کی جگہ مسیحؑ اور مریمؑ کے بُت پوجے جانے لگے۔ سیٹرنیلیا (Saturnalia) کی جگہ کرسمس کا تہوار منایا جانے لگا۔ قدیم زمانے کے تعویذ گنڈے، عملیات، فال گیری وغیب گوئی، جن بھوت بھگانے کے عمل، سب عیسائی درویشوں نے شروع کر دیے۔ اِسی طرح چونکہ عوام اُس شخص کو خدا رسیدہ سمجھتے تھے جو گندا اور ننگا ہو اور کسی بَھٹ یا کھوہ میں رہے، اس لیے عیسائی کلیسا میں ولایت کا یہی تصوّر مقبول ہو گیا اور ایسے ہی لوگوں کی کرامتوں کے قصّوں سے عیسائیوں کے ہاں تذکرۃ الاولیاء قسم کی کتابیں لبریز ہو گئیں۔

تیسرے یہ کہ عیسائیوں کے پاس دین کی سرحدیں متعین کرنے کے لیے کوئی مفصّل شریعت اور کوئی واضح سنّت موجود نہ تھی۔ شریعتِ موسوی کو وہ چھوڑ چکے تھے، اور تنہا انجیل کے اندر کوئی مکمل ہدایت نامہ نہ پایا جاتا تھا۔ اس لیے مسیحی علما کچھ باہر کے فلسفوں اور طور طریقوں سے متأثّر ہو کر اور کچھ خود اپنے رُجحانات کی بنا پر طرح طرح کی بدعتیں دین میں داخل کرتے چلے گئے۔ رہبانیت بھی انھی بدعتوں میں سے ایک تھی۔ مسیحی مذہب کے علما اور ائمّہ نے اُس کا فلسفہ اور اُس کا طریق کار بدھ مذہب کے بِھکشوؤں سے، ہندو جوگیوں اور سنیاسیوں سے، قدیم مصری فقرا (anchorites) سے، ایران کے مانویوں سے، اور افلاطون اور فلاطینوس کے پیرو اِشراقیوں سے اخذ کیا اور اسی کو تزکیۂ نفس کا طریقہ، روحانی ترقی کا ذریعہ، اور تقرّب الی اللہ کا وسیلہ قرار دے لیا۔ اِس غلطی کے مرتکب کوئی معمولی درجے کے لوگ نہ تھے۔ تیسری صدی سے ساتویں صدی عیسوی (یعنی نُزُولِ قرآن کے زمانے) تک جو لوگ مشرق اور مغرب میں مسیحیّت کے اکابر علما، بزرگ ترین پیشوا اور امام مانے جاتے ہیں، سینٹ اَتھاناسیوس، سینٹ باسِل، سینٹ گریگوری نازیانزین، سینٹ کرائی سُوسٹَم، سینٹ اَیمبروز، سینٹ جیرُوم، سینٹ آگسٹائن، سینٹ بینیڈکٹ، گریگوری اعظم، سب کے سب خود راہب اور رہبانیت کے زبردست عَلَم بردار تھے۔ انھی کی کوششوں سے کلیسا میں رہبانیت نے رواج پایا۔

تاریخ سے معلوم ہوتا ہے کہ عیسائیوں میں رہبانیت کا آغاز مصر سے ہوا۔ اس کا بانی سینٹ اَینتھنی (St.Anthony) تھا جو ۲۵۰ء میں پیدا ہوا اور ۳۵۰ء میں دنیا سے رخصت ہوا۔ اسے پہلا مسیحی راہب قرار دیا جاتا ہے۔ اس نے فَیّوم کے علاقے میں پَسپیر کے مقام پر (جو اَب دَیر المیمون کے نام سے معروف ہے) پہلی خانقاہ قائم کی۔ اس کے بعد دوسری خانقاہ اس نے بحرِ احمر کے ساحل پر قائم کی، جسے اب دَیر مار اَنطُونیُوس کہا جاتا ہے۔ عیسائیوں میں رہبانیت کے بنیادی قواعد اُسی کی تحریروں اور ہدایات سے ماخوذ ہیں۔ اِس آغاز کے بعد یہ سلسلہ مصر میں سیلاب کی طرح پھیل گیا اور جگہ جگہ راہبوں اور راہبات کے لیے خانقاہیں قائم ہوگئیں، جن میں سے بعض میں تین تین ہزار راہب بیک وقت رہتے تھے۔ ۳۲۵ء میں مصر ہی کے اندر ایک اور مسیحی ولی پاخومیُوس نمودار ہُوا، جس نے دس بڑی خانقاہیں راہبین و راہبات کے لیے بنائیں۔ اِس کے بعد یہ سلسلہ شام و فلسطین اور افریقا و یورپ کے مختلف ملکوں میں پھیلتا چلا گیا۔ کلیسائی نظام کو اوّل اوّل اِس رہبانیت کے معاملے میں سخت اُلجھن سے سابقہ پیش آیا، کیونکہ وہ ترکِ دنیا اور تجرّد اور غریبی و مفلسی کو روحانی زندگی کا آئیڈیل تو سمجھتا تھا، مگر راہبوں کی طرح شادی بیاہ اور اولاد پیدا کرنے اور ملکیت رکھنے کو گناہ بھی نہ ٹھیرا سکتا تھا۔ بالآخر سینٹ اَتھاناسیُوس (مُتوفّٰی ۳۷۳ء)، سینٹ باسِل (مُتوفّٰی ۳۷۹ء)، سینٹ آگسٹائن (مُتوفّٰی ۴۳۰ء) اور گریگوری اعظم (مُتوفّٰی ۶۰۹ء) جیسے لوگوں کے اثر سے رہبانیت کے بہت سے قواعد چرچ کے نظام میں باقاعدہ داخل ہو گئے۔

اِس راہبانہ بدعت کی چند خصوصیات تھیں جنھیں ہم اختصار کے ساتھ بیان کرتے ہیں:

(۱) سخت ریاضتوں اور نت نئے طریقوں سے اپنے جسم کو اذیتیں دینا۔ اس معاملے میں ہر راہب دوسرے پر سبقت لے جانے کی کوشش کرتا تھا۔ عیسائی اولیا کے تذکروں میں اِن لوگوں کے جو کمالات بیان کیے گئے ہیں، وہ کچھ اس قسم کے ہیں: اسکندریہ کا سینٹ مَکاریُوس ہر وقت اپنے جسم پر ۸۰ پونڈ کا بوجھ اٹھائے رکھتا تھا۔ ۶ مہینے تک وہ ایک دلدل میں سوتا رہا اور زہریلی مکھیاں اس کے برہنہ جسم کو کاٹتی رہیں۔ اس کے مرید سینٹ یُوسیبیُوس نے پیر سے بھی بڑھ کر ریاضت کی۔ وہ ۱۵۰ پونڈ کا بوجھ اُٹھائے پھرتا تھا اور ۳ سال تک ایک خشک کنویں میں پڑا رہا۔ سینٹ سابیُوس صرف وہ مکئی کھاتا تھا جو مہینا بھر پانی میں بھیگ کر بدبُودار ہو جاتی تھی۔ سینٹ بَیساریون ۴۰ دن تک خار دار جھاڑیوں میں پڑا رہا اور ۴۰ سال تک اس نے زمین کو پیٹھ نہیں لگائی۔ سینٹ پاخُومیوس نے ۱۵ سال، اور ایک روایت کے مطابق ۵۰ سال زمین کو پیٹھ لگائے بغیر گزار دیے۔ ایک ولی سینٹ جان تین سال تک عبادت میں کھڑا رہا۔ اس پُوری مدت میں وہ نہ کبھی بیٹھا نہ لیٹا۔ آرام کے لیے بس ایک چٹان کا سہارا لے لیتا تھا اور اس کی غذا صرف ▪ تبرّک تھا جو ہر اتوار کو اس کے لیے لایا جاتا تھا۔ سینٹ سیمیُون اِسٹائلائٹ (۳۹۰ء۔۴۴۹ء) جو عیسائیوں کے اولیائے کبار میں شمار ہوتا ہے، ہر ایسٹر سے پہلے پُورے چالیس دن فاقہ کرتا تھا۔ ایک دفعہ وہ پُورے ایک سال تک ایک ٹانگ پر کھڑا رہا۔ بسا اوقات وہ اپنی خانقاہ سے نکل کر ایک کنویں میں جا رہتا تھا۔ آخر کار اُس نے شمالی شام کے قلعۂ سیمان کے قریب ۶۰ فٹ بلند ایک ستون بنوایا جس کا بالائی حصّہ صرف تین فُٹ کے گھیر میں تھا اور اُوپر کٹہرا بنا دیا گیا تھا۔ اِس ستون پر اس نے پُورے تیس سال گزار دیے۔ دھوپ، بارش،

سردی، گرمی سب اُس پر گزرتی رہتی تھیں اور وہ کبھی ستون سے نہ اُترتا تھا۔ اس کے مُرید سیڑھی لگا کر اس کو کھانا پہنچاتے اور اس کی گندگی صاف کرتے تھے۔ پھر اس نے ایک رسّی لے کر اپنے آپ کو اس ستون سے باندھ لیا، یہاں تک کہ رسّی اس کے گوشت میں پیوست ہو گئی، گوشت سڑ گیا اور اس میں کیڑے پڑ گئے۔ جب کوئی کیڑا اس کے پھوڑوں سے گر جاتا تو وہ اسے اُٹھا کر پھر پھوڑے ہی میں رکھ لیتا اور کہتا: ''کھا جو کچھ خدا نے تجھے دیا ہے۔'' مسیحی عوام دُور دُور سے اس کی زیارت کے لیے آتے تھے۔ جب وہ مرا تو مسیحی عوام کا فیصلہ یہ تھا کہ وہ عیسائی ولی کی بہترین مثال تھا۔

اس دَور کے عیسائی اولیا کی جو خوبیاں بیان کی گئی ہیں، وہ ایسی ہی مثالوں سے بھری پڑی ہیں۔ کسی ولی کی تعریف یہ تھی کہ ۳۰ سال تک وہ بالکل خاموش رہا اور کبھی اسے بولتے نہ دیکھا گیا۔ کسی نے اپنے آپ کو ایک چٹان سے باندھ رکھا تھا۔ کوئی جنگلوں میں مارا مارا پھرتا اور گھاس پھوس کھا کر گزارا کرتا۔ کوئی بھاری بوجھ ہر وقت اُٹھائے پھرتا۔ کوئی طوق و سلاسل سے اپنے اعضا جکڑے رکھتا۔ کچھ حضرات جانوروں کے بھٹوں، یا خشک کنوؤں، یا پُرانی قبروں میں رہتے تھے۔ اور کچھ دوسرے بزرگ ہر وقت ننگے رہتے اور اپنا ستر اپنے لمبے لمبے بالوں سے چھپاتے اور زمین پر رینگ کر چلتے تھے۔ ایسے ہی ولیوں کی کرامات کے چرچے ہر طرف پھیلے ہوئے تھے اور ان کے مرنے کے بعد ان کی ہڈیاں خانقاہوں میں محفوظ رکھی جاتی تھیں۔ مَیں نے خود کوہِ سینا کے نیچے سینٹ کیتھرائن کی خانقاہ میں ایسی ہی ہڈیوں کی ایک پُوری لائبریری سجی ہوئی دیکھی ہے جس میں کہیں اولیا کی کھوپڑیاں قرینے سے رکھی ہوئی تھیں، کہیں پاؤں کی ہڈیاں، اور کہیں ہاتھوں کی ہڈیاں۔ اور ایک ولی کا تو پُورا ڈھانچا ہی شیشے کی ایک الماری میں رکھا ہوا تھا۔

(۲) ان کی دوسری خصوصیت یہ تھی کہ وہ ہر وقت گندے رہتے اور صفائی سے سخت پرہیز کرتے تھے۔ نہانا یا جسم کو پانی لگانا ان کے نزدیک خدا پرستی کے خلاف تھا۔ جسم کی صفائی کو وہ روح کی نجاست سمجھتے تھے۔ سینٹ اَتھاناسیوس بڑی عقیدت کے ساتھ سینٹ اَینٹھنی کی یہ خوبی بیان کرتا ہے کہ اس نے مرتے دم تک کبھی اپنے پاؤں نہیں دھوئے۔ سینٹ ابراہام جب سے داخلِ مسیحیت ہوا، پُورے ۵۰ سال اس نے نہ منہ دھویا نہ پاؤں۔ ایک مشہور راہبہ کنواری سلوِیا نے عمر بھر اپنی انگلیوں کے سوا جسم کے کسی حصّے کو پانی نہیں لگنے دیا۔ ایک کانونیٹ کی ۱۳۰ راہبات کی تعریف میں لکھا ہے کہ انھوں نے کبھی اپنے پاؤں نہیں دھوئے، اور غسل کا تو نام سن کر ہی ان کے بدن پر لرزہ چڑھ جاتا تھا۔

(۳) اِس رہبانیت نے اِزدِواجی زندگی کو عملاً بالکل حرام کر دیا اور نکاح کے رشتے کو کاٹ پھینکنے میں سخت بے دردی سے کام لیا۔ چوتھی اور پانچویں صدی کی تمام مذہبی تحریریں اس خیال سے بھری ہوئی ہیں کہ تجرّد سب سے بڑی اَخلاقی قدر ہے، اور عفّت کے معنیٰ یہ ہیں کہ آدمی جنسی تعلق سے قطعی احتراز کرے، خواہ وہ میاں اور بیوی کا تعلق ہی کیوں نہ ہو۔ پاکیزہ روحانی زندگی کا کمال یہ سمجھا جاتا تھا کہ آدمی اپنے نفس کو بالکل مار دے اور اس میں جسمانی لذّت کی کوئی خواہش تک باقی نہ چھوڑے۔ ان لوگوں کے نزدیک خواہش کو مار دینا اس لیے ضروری تھا کہ اُس سے حیوانیت کو تقویت پہنچتی ہے۔ ان کے نزدیک لذت اور گناہ، ہم معنیٰ تھے، حتیٰ کہ مَسرّت بھی ان کی نگاہ میں خدا فراموشی کی مترادف تھی۔ سینٹ باسل ہنسنے اور مسکرانے تک کو ممنوع قرار دیتا ہے۔ انھی تصوّرات کی بنا پر عورت اور مرد کے درمیان شادی کا تعلق ان کے ہاں قطعی نجس قرار پا گیا تھا۔

راہب کے لیے ضروری تھا کہ وہ شادی کرنا تو درکنار، عورت کی شکل تک نہ دیکھے، اور اگر شادی شدہ ہو تو بیوی کو چھوڑ کر نکل جائے۔ مَردوں کی طرح عورتوں کے دل میں بھی یہ بات بٹھائی گئی تھی کہ وہ اگر آسمانی بادشاہت میں داخل ہونا چاہتی ہیں تو ہمیشہ کنواری رہیں، اور شادی شدہ ہوں تو اپنے شوہروں سے الگ ہو جائیں۔ سینٹ جیرُوم جیسا ممتاز مسیحی عالم کہتا ہے کہ ''جو عورت مسیحؑ کی خاطر راہبہ بن کر ساری عمر کنواری رہے، وہ مسیحؑ کی دُلھن ہے اور اُس عورت کی ماں کو خدا، یعنی مسیحؑ کی ساس (mother in law of God) ہونے کا شرف حاصل ہے۔'' ایک اور مقام پر سینٹ جیرُوم کہتا ہے کہ ''عِفّت کی کلھاڑی سے اِزدِواجی تعلق کی لکڑی کو کاٹ پھینکنا سالک کا اوّلین کام ہے۔'' ان تعلیمات کی وجہ سے مذہبی جذبہ طاری ہونے کے بعد ایک مسیحی مرد یا ایک مسیحی عورت پر اُس کا پہلا اثر یہ ہوتا تھا کہ اس کی خوش گوار اِزدِواجی زندگی ہمیشہ کے لیے ختم ہو جاتی تھی۔ اور چونکہ مسیحیت میں طلاق و تفریق کا راستہ بند تھا، اس لیے نکاح کے رشتے میں رہتے ہوئے میاں اور بیوی ایک دوسرے سے جُدا ہو جاتے تھے۔ سینٹ نائلس (St. Nilus) دو بچّوں کا باپ تھا۔ جب اس پر رہبانیّت کا دَورہ پڑا تو اس کی بیوی روتی رہ گئی اور وہ اس سے الگ ہو گیا۔ سینٹ اَمّون (St. Ammon) نے شادی کی پہلی رات ہی اپنی دُلھن کو اِزدِواجی تعلق کی نجاست پر وعظ سنایا اور دونوں نے بالاتفاق طے کر لیا کہ جیتے جی ایک دوسرے سے الگ رہیں گے۔ سینٹ ابراہام شادی کی پہلی رات ہی اپنی بیوی کو چھوڑ کر فرار ہو گیا۔ یہی حرکت سینٹ ایلیکس (St.Alekces) نے کی۔ اس طرح کے واقعات سے عیسائی اولیا کے تذکرے بھرے پڑے ہیں۔

کلیسا کا نظام تین صدیوں تک اپنے حُدود میں اِن انتہا پسندانہ تصوّرات کی کسی نہ کسی طرح مزاحمت کرتا رہا۔ اُس زمانے میں ایک پادری کے لیے مجرّد ہونا لازم نہ تھا۔ اگر اُس نے پادری کے منصب پر فائز ہونے سے پہلے شادی کر رکھی ہو تو وہ بیوی کے ساتھ رہ سکتا تھا، البتہ تقرر کے بعد شادی کرنا اس کے لیے ممنوع تھا۔ نیز کسی ایسے شخص کو پادری مقرر نہیں کیا جا سکتا تھا جس نے کسی بیوہ یا مُطَلّقہ سے شادی کی ہو، یا جس کی دو بیویاں ہوں، یا جس کے گھر میں لونڈی ہو۔ رفتہ رفتہ چوتھی صدی میں یہ خیال پُوری طرح زور پکڑ گیا کہ جو شخص کلیسا میں مذہبی خدمات انجام دیتا ہو، اس کے لیے شادی شدہ ہونا بڑی گھناؤنی بات ہے۔ ۳۶۲ء کی گنگرا کونسل (Council of Gengra) آخری مجلس تھی جس میں اِس طرح کے خیالات کو خلافِ مذہب ٹھیرایا گیا۔ مگر اس کے تھوڑی ہی مدّت بعد ۳۸۶ء کی رومن سینوڈ (Synod) نے تمام پادریوں کو مشورہ دیا کہ وہ اِزدِواجی تعلقات سے کنارہ کش رہیں، اور دوسرے سال پوپ سائریکیس (Siricius) نے حکم دے دیا کہ جو پادری شادی کرے، یا شادی شدہ ہونے کی صورت میں اپنی بیوی سے تعلق رکھے، اُس کو منصب سے معزول کر دیا جائے۔ سینٹ جِیرُوم، سینٹ ایمبروز اور سینٹ آگسٹائن جیسے اکابر علما نے بڑے زور شور سے اس فیصلے کی حمایت کی، اور تھوڑی سی مزاحمت کے بعد مغربی کلیسا میں یہ پُوری شدّت کے ساتھ نافذ ہو گیا۔ اس دَور میں متعدّد کونسلیں اِن شکایات پر غور کرنے کے لیے منعقد ہوئیں کہ جو لوگ پہلے سے شادی شُدہ تھے، وہ مذہبی خدمات پر مقرر ہونے کے بعد بھی اپنی بیویوں کے ساتھ ''ناجائز'' تعلقات رکھتے ہیں۔ آخر کار ان کی اصلاح کے لیے یہ قواعد بنائے گئے کہ وہ کھلے مقامات پر سوئیں، اپنی بیویوں سے کبھی علیحدگی میں نہ ملیں، اور اُن کی ملاقات کے وقت کم از کم دو آدمی موجود ہوں۔

سینٹ گریگوری ایک پادری کی تعریف میں لکھتا ہے کہ ۴۰ سال تک وہ اپنی بیوی سے الگ رہا، حتّٰی کہ مرتے وقت جب اس کی بیوی اس کے قریب گئی تو اس نے کہا: "عورت! دُور ہٹ جا!"

(۴) سب سے زیادہ دردناک باب اِس رہبانیت کا یہ ہے کہ اس نے ماں باپ، بھائی بہنوں اور اولاد تک سے آدمی کا رشتہ کاٹ دیا۔ مسیحی ولیوں کی نگاہ میں بیٹے کے لیے ماں باپ کی محبّت، بھائی کے لیے بھائی بہنوں کی محبّت، اور باپ کے لیے اولاد کی محبّت بھی ایک گناہ تھی۔ ان کے نزدیک روحانی ترقی کے لیے یہ ناگزیر تھا کہ آدمی اِن سارے تعلقات کو توڑ دے۔ مسیحی اولیا کے تذکروں میں اس کے ایسے ایسے دل دوز واقعات ملتے ہیں جنھیں پڑھ کر انسان کے لیے ضبط کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ ایک راہب ایواگریس (Evagrius) سالہا سال سے صحرا میں ریاضتیں کر رہا تھا۔ ایک روز یکایک اس کے پاس اس کی ماں اور اس کے باپ کے خطوط پہنچے جو برسوں سے اس کی جدائی میں تڑپ رہے تھے۔ اسے اندیشہ ہوا کہ کہیں اِن خطوں کو پڑھ کر اس کے دل میں انسانی محبّت کے جذبات نہ جاگ اُٹھیں۔ اس نے ان کو کھولے بغیر فوراً آگ میں جھونک دیا۔ سینٹ تھیوڈورس کی ماں اور بہن بہت سے پادریوں کے سفارشی خُطوط لے کر اُس خانقاہ میں پہنچیں جس میں وہ مقیم تھا اور خواہش کی کہ وہ صرف ایک نظر بیٹے اور بھائی کو دیکھ لیں۔ مگر اس نے ان کے سامنے آنے تک سے انکار کر دیا۔ سینٹ مارکُس (St. Marcus) کی ماں اس سے ملنے کے لیے اُس کی خانقاہ میں گئی اور خانقاہ کے شیخ (Abbot) کی خوشامدیں کر کے اس کو راضی کیا کہ وہ بیٹے کو ماں کے سامنے آنے کا حکم دے۔ مگر بیٹا کسی طرح ماں سے نہ ملنا چاہتا تھا۔ آخر کار اس نے شیخ کے حکم کی تعمیل اس طرح کی کہ بھیس بدل کر ماں کے سامنے گیا اور آنکھیں بند کر لیں۔ اس طرح نہ ماں نے بیٹے کو پہچانا، نہ بیٹے نے ماں کی شکل دیکھی۔ ایک اور ولی سینٹ پوئمن (St. Poemen) اور اس کے ۶ بھائی مصر کی ایک صحرائی خانقاہ میں رہتے تھے۔ برسوں بعد ان کی بوڑھی ماں کو ان کا پتا معلوم ہوا اور وہ ان سے ملنے کے لیے وہاں پہنچی۔ بیٹے ماں کو دُور سے دیکھتے ہی بھاگ کر اپنے حُجرے میں چلے گئے اور دروازہ بند کر لیا۔ ماں باہر بیٹھ کر رونے لگی اور اس نے چیخ چیخ کر کہا: "میں اِس بڑھاپے میں اتنی دُور چل کر صرف تمھیں دیکھنے آئی ہوں، تمھارا کیا نقصان ہوگا اگر میں تمھاری شکلیں دیکھ لوں۔ کیا میں تمھاری ماں نہیں ہوں؟" مگر ان ولیوں نے دروازہ نہ کھولا اور ماں سے کہہ دیا کہ ہم تجھ سے خدا کے ہاں ملیں گے۔ اس سے بھی زیادہ دردناک قصّہ سینٹ سیمیون اِسٹائلائٹس (St. Simeon Stylites) کا ہے جو ماں باپ کو چھوڑ کر ۲۷ سال غائب رہا۔ باپ اس کے غم میں مر گیا۔ ماں زندہ تھی۔ بیٹے کی ولایت کے چرچے جب دُور و نزدیک پھیل گئے تو اُس کو پتا چلا کہ وہ کہاں ہے۔ بے چاری اس سے ملنے کے لیے اس کی خانقاہ پر پہنچی۔ مگر وہاں کسی عورت کو داخلے کی اجازت نہ تھی۔ اس نے لاکھ منت سماجت کی کہ "بیٹا! یا تو اُسے اندر بلا لے یا باہر نکل کر اسے اپنی صورت دکھا دے۔" مگر اس "ولی اللہ" نے صاف انکار کر دیا۔ تین رات اور تین دن وہ خانقاہ کے دروازے پر پڑی رہی اور آخر کار وہیں لیٹ کر اس نے جان دے دی۔ تب ولی صاحب نکل کر آئے، ماں کی لاش پر آنسو بہائے اور اس کی مغفرت کے لیے دعا کی۔

ایسی ہی بے دردی ان ولیوں نے بہنوں کے ساتھ اور اپنی اولاد کے ساتھ برتی۔ ایک شخص میوٹیس (Mutius) کا قصہ لکھا ہے کہ وہ خوشحال آدمی تھا۔ یکایک اس پر مذہبی جذبہ طاری ہوا اور وہ اپنے ۸ سال کے اِکلوتے بیٹے کو لے کر

ایک خانقاہ میں جا پہنچا۔ وہاں اس کی روحانی ترقی کے لیے ضروری تھا کہ وہ بیٹے کی محبّت دل سے نکال دے۔ اس لیے پہلے تو بیٹے کو اُس سے جُدا کر دیا گیا۔ پھر اُس کی آنکھوں کے سامنے ایک مدت تک طرح طرح کی سختیاں اُس معصوم بچے پر کی جاتی رہیں اور وہ سب کچھ دیکھتا رہا۔ پھر خانقاہ کے شیخ نے اسے حکم دیا کہ اسے لے جا کر اپنے ہاتھ سے دریا میں پھینک دے۔ جب وہ اس حکم کی تعمیل کے لیے بھی تیار ہو گیا تو عین اُس وقت راہبوں نے بچّے کی جان بچائی جب وہ اسے دریا میں پھینکنے لگا تھا۔ اس کے بعد تسلیم کر لیا گیا کہ وہ واقعی مرتبۂ ولایت کو پہنچ گیا ہے۔

مسیحی رہبانیت کا نقطۂ نظر ان معاملات میں یہ تھا کہ جو شخص خدا کی محبّت چاہتا ہو، اسے انسانی محبّت کی وہ ساری زنجیریں کاٹ دینی چاہییں جو دنیا میں اس کو اپنے والدین، بھائی بہنوں اور بال بچّوں کے ساتھ باندھتی ہیں۔ سینٹ جیرُوم کہتا ہے کہ ”اگرچہ تیرا بھتیجا تیرے گلے میں بانہیں ڈال کر تجھ سے لپٹے، اگرچہ تیری ماں اپنے دودھ کا واسطہ دے کر تجھے روکے، اگرچہ تیرا باپ تجھے روکنے کے لیے تیرے آگے لیٹ جائے، پھر بھی تو سب کو چھوڑ کر اور باپ کے جسم کو روند کر ایک آنسو بہائے بغیر صلیب کے جھنڈے کی طرف دوڑ جا۔ اس معاملے میں بے رحمی ہی تقویٰ ہے۔“ سینٹ گریگوری لکھتا ہے کہ ”ایک نوجوان راہب ماں باپ کی محبّت دل سے نہ نکال سکا اور ایک رات چُپکے سے بھاگ کر اُن سے مل آیا۔ خدا نے اس قصور کی سزا اُسے یہ دی کہ خانقاہ واپس پہنچتے ہی وہ مر گیا۔ اس کی لاش زمین میں دفن کی گئی تو زمین نے اسے قبول نہ کیا۔ بار بار قبر میں ڈالا جاتا اور زمین اسے نکال کر پھینک دیتی۔ آخر کار سینٹ بینیڈکٹ نے اُس کے سینے پر تبرک رکھا، تب قبر نے اسے قبول کیا۔“ ایک راہبہ کے بارے میں لکھا ہے کہ وہ مرنے کے بعد تین دن عذاب میں اس لیے مبتلا رہی کہ وہ اپنی ماں کی محبّت دل سے نہ نکال سکی تھی۔ ایک ولی کی تعریف میں لکھا ہے کہ اس نے کبھی اپنے رشتہ داروں کے سوا کسی کے ساتھ بے دردی نہیں برتی۔

(۵) اپنے قریب ترین رشتہ داروں کے ساتھ بے رحمی، سنگدلی اور قساوت برتنے کی جو مشق یہ لوگ کرتے تھے، اس کی وجہ سے ان کے انسانی جذبات مر جاتے تھے، اور اسی کا نتیجہ تھا کہ جن لوگوں سے انھیں مذہبی اختلاف ہوتا تھا، ان کے مقابلے میں یہ ظلم و ستم کی انتہا کر دیتے تھے۔ چوتھی صدی تک پہنچتے پہنچتے مسیحیّت میں ۸۰--۹۰ فرقے پیدا ہو چکے تھے۔ سینٹ آگسٹائن نے اپنے زمانے میں ۸۸ فرقے گنائے ہیں۔ یہ فرقے ایک دوسرے کے خلاف سخت نفرت رکھتے تھے۔ اس نفرت کی آگ کو بھڑکانے والے بھی راہب ہی تھے، اور اس آگ میں مخالف گروہوں کو جلا کر خاک کر دینے کی کوششوں میں بھی راہب ہی پیش پیش ہوتے تھے۔ اسکندریہ اِس فرقہ وارانہ کشمکش کا ایک بڑا اکھاڑا تھا۔ وہاں پہلے ایریَن (Arian) فرقے کے بِشَپ نے اَتھاناسیُوس کی پارٹی پر حملہ کیا، اس کی خانقاہوں سے کنواری راہبات پکڑ پکڑ کر نکالی گئیں، ان کو ننگا کر کے خاردار شاخوں سے پیٹا گیا اور ان کے جسم پر داغ لگائے گئے، تاکہ وہ اپنے عقیدے سے توبہ کریں۔ پھر جب مصر میں کیتھولک گروہ کو غلبہ حاصل ہوا تو اس نے ایریَن فرقے کے خلاف بھی سب کچھ کیا، حتّٰی کہ غالب خیال یہ ہے کہ خود ایرِیس (Arius) کو بھی زہر دے کر مار دیا گیا۔ اسی اسکندریہ میں ایک مرتبہ سینٹ سائرِل (St.Cyril) کے مرید راہبوں نے ہنگامۂ عظیم برپا کیا، یہاں تک کہ مخالف فرقے کی ایک راہبہ کو پکڑ کر اپنے کلیسا میں لے گئے، اسے قتل کیا، اس کی لاش کی بوٹی بوٹی نوچ ڈالی اور پھر اسے آگ میں جھونک دیا۔ روم کا حال بھی اس سے کچھ مختلف نہ تھا۔ ۳۶۶ء میں پوپ لِبیرِیس (Liberius) کی

وفات پر دو گروہوں نے پاپائی کے لیے اپنے اپنے امیدوار کھڑے کیے۔ دونوں کے درمیان سخت خون ریزی ہوئی۔ حتّٰی کہ ایک دن میں صرف ایک چرچ سے ۱۳۷ لاشیں نکالی گئیں۔

(۶) اس ترک و تجرید اور فقر و درویشی کے ساتھ دولتِ دنیا سمیٹنے میں بھی کمی نہ کی گئی۔ پانچویں صدی کے آغاز ہی میں حالت یہ ہو چکی تھی کہ روم کا بِشَپ بادشاہوں کی طرح اپنے محل میں رہتا تھا اور اس کی سواری جب شہر میں نکلتی تھی تو اس کے ٹھاٹ باٹ قیصر کی سواری سے کم نہ ہوتے تھے۔ سینٹ جیرُوم اپنے زمانے (چوتھی صدی کے آخری دَور) میں شکایت کرتا ہے کہ بہت سے بِشپوں کی دعوتیں اپنی شان میں گورنروں کی دعوتوں کو شرماتی ہیں۔ خانقاہوں اور کنیسوں کی طرف دولت کا یہ بہاؤ ساتویں صدی (نُزولِ قرآن کے زمانے) تک پہنچتے پہنچتے سیلاب کی شکل اختیار کر چکا تھا۔ یہ بات عوام کے ذہن نشین کرا دی گئی تھی کہ جس کسی سے کوئی گناہِ عظیم سرزد ہو جائے، اس کی بخشش کسی نہ کسی ولی کی درگاہ پر نذرانہ چڑھانے، یا کسی خانقاہ یا چرچ کو بھینٹ دینے ہی سے ہو سکتی ہے۔ اس کے بعد وہی دنیا راہبوں کے قدموں میں آ رہی جس سے فرار اُن کا طُرّۂ امتیاز تھا۔ خاص طور پر جو چیز اس تنزل کی مُوجِب ہوئی، وہ یہ تھی کہ راہبوں کی غیر معمولی ریاضتیں اور ان کی نفس کُشی کے کمالات دیکھ کر جب عوام میں ان کے لیے بے پناہ عقیدت پیدا ہو گئی، تو بہت سے دنیا پرست لوگ لباسِ درویشی پہن کر راہبوں کے گروہ میں داخل ہو گئے، اور انھوں نے ترکِ دنیا کے بھیس میں جلبِ دنیا کا کاروبار ایسا چمکایا کہ بڑے بڑے طالبینِ دنیا اُن سے مات کھا گئے۔

(۷) عِفّت کے معاملے میں بھی فطرت سے لڑ کر رہبانیت نے بارہا شکست کھائی، اور جب شکست کھائی تو بُری طرح کھائی۔ خانقاہوں میں نفس کُشی کی کچھ مشقیں ایسی بھی تھیں جن میں راہب اور راہبات مل کر ایک ہی جگہ رہتے تھے، اور بسا اوقات ذرا زیادہ مشق کرنے کے لیے ایک ہی بستر پر رات گزارتے تھے۔ مشہور راہب سینٹ اِیواگرِیس (St. Evagrius) بڑی تعریف کے ساتھ فلسطین کے اُن راہبوں کے ضبطِ نفس کا ذکر کرتا ہے جو ”اپنے جذبات پر اتنا قابو پا گئے تھے کہ عورتوں کے ساتھ یک جا غسل کرتے تھے، اور اُن کی دِید سے، ان کے لَمس سے، حتّٰی کہ ان کے ساتھ ہم آغوشی سے بھی ان کے اُوپر فطرت غلبہ نہ پاتی تھی۔“ غسل اگرچہ رہبانیت میں سخت ناپسندیدہ تھا، مگر نفس کُشی کی مشق کے لیے اِس طرح کے غسل بھی کر لیے جاتے تھے۔ آخر کار اسی فلسطین کے متعلق نیسا (Nyssa) کا سینٹ گریگوری (مُتَوَفّٰی ۳۹۶ء) لکھتا ہے کہ وہ بدکرداری کا اڈّا بن گیا ہے۔ انسانی فطرت کبھی اُن لوگوں سے انتقام لیے بغیر نہیں رہتی جو اُس سے جنگ کریں۔ رہبانیت اُس سے لڑ کر بالآخر بداَخلاقی کے جس گڑھے میں جا گری، اس کی داستان آٹھویں صدی سے گیارھویں صدی عیسوی تک کی مذہبی تاریخ کا بدنُما ترین داغ ہے۔ دسویں صدی کا ایک اطالوی بِشَپ لکھتا ہے کہ ”اگر چرچ میں مذہبی خدمات انجام دینے والوں کے خلاف بدچلنی کی سزائیں نافذ کرنے کا قانون عملاً جاری کر دیا جائے تو لڑکوں کے سوا کوئی سزا سے نہ بچ سکے گا، اور اگر حرامی بچوں کو بھی مذہبی خدمات سے الگ کر دینے کا قاعدہ نافذ کیا جائے تو شاید چرچ کے خادموں میں کوئی لڑکا تک باقی نہ رہے۔“ قُرونِ مُتَوَسِّطہ کے مصنّفین کی کتابیں اِن شکایتوں سے بھری ہوئی ہیں کہ راہبات کی خانقاہیں بداَخلاقی کے چکلے بن گئی ہیں، اُن کی چار دیواریوں میں نوزائیدہ بچوں کا قتل عام ہو رہا ہے، پادریوں اور چرچ کے مذہبی کارکنوں میں مُحرّمات تک سے ناجائز تعلقات اور خانقاہوں میں خلافِ وضعِ فطری

يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَاٰمِنُوْا بِرَسُوْلِهٖ يُؤْتِكُمْ كِفْلَيْنِ مِنْ رَّحْمَتِهٖ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ نُوْرًا تَمْشُوْنَ بِهٖ

اے لوگو جو ایمان لائے ہو، اللہ سے ڈرو اور اس کے رسول (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) پر ایمان لاؤ،[۵۵] اللہ تمھیں اپنی رحمت کا دُہرا حصّہ عطا فرمائے گا اور تمھیں وہ نور بخشے گا جس کی روشنی میں تم چلو گے،[۵۶]

جرائم تک پھیل گئے ہیں، اور کلیساؤں میں اعترافِ گناہ (confession) کی رسم بدکرداری کا ذریعہ بن کر رہ گئی ہے۔

ان تفصیلات سے صحیح طور پر اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ قرآنِ مجید یہاں رہبانیت کی بدعت ایجاد کرنے اور پھر اس کا حق ادا نہ کرنے کا ذکر کر کے مسیحیت کے کس بگاڑ کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔

۵۵- اس آیت کی تفسیر میں مفسّرین کے درمیان اختلاف ہے۔ ایک گروہ کہتا ہے کہ یہاں یٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا کا خطاب اُن لوگوں سے ہے جو حضرت عیسیٰؑ پر ایمان لائے ہوئے تھے۔ اُن سے فرمایا جارہا ہے کہ اب محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لاؤ، تمھیں اِس پر دُہرا اجر ملے گا، ایک اجر ایمان بر عیسیٰؑ کا، اور دوسرا اجر ایمان بر محمدؐ کا۔ دوسرا گروہ کہتا ہے کہ یہ خطاب محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانے والوں سے ہے۔ اُن سے ارشاد ہو رہا ہے کہ تم محض زبان سے آپؐ کی نبوت کا اقرار کر کے نہ رہ جاؤ، بلکہ صدقِ دل سے ایمان لاؤ اور ایمان لانے کا حق ادا کرو۔ اِس پر تمھیں دُہرا اجر ملے گا۔ ایک اجر کفر سے اسلام کی طرف آنے کا، اور دوسرا اجر اسلام میں اخلاص اختیار کرنے اور اس پر ثابت قدم رہنے کا۔ پہلی تفسیر کی تائید سورۂ قصص کی آیات ۵۲ تا ۵۴ کرتی ہیں، اور مزید برآں اس کی تائید حضرت ابوموسیٰ اَشعریؓ کی یہ روایت بھی کرتی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین آدمی ہیں جن کے لیے دُہرا اجر ہے۔ ان میں سے ایک ہے رجل مّن اهل الکتاب اٰمن بنبیّه واٰمن بمحمّدٍ۔ ”اہلِ کتاب میں سے وہ شخص جو اپنے سابق نبی پر ایمان رکھتا تھا اور پھر محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر بھی ایمان لے آیا“ (بخاری و مسلم) دوسری تفسیر کی تائید سورۂ سبا کی آیت ۳۷ کرتی ہے، جس میں فرمایا گیا ہے کہ مومنین صالحین کے لیے دوگُنا اجر ہے۔ دلیل کے اعتبار سے دونوں تفسیروں کا وزن مُساوی ہے۔ لیکن آگے کے مضمون پر غور کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ دوسری تفسیر ہی اِس مقام سے زیادہ مناسبت رکھتی ہے، بلکہ درحقیقت اِس سورت کا پورا مضمون از اوّل تا آخر اِسی تفسیر کی تائید کرتا ہے۔ شروع سے اِس سورت کے مخاطَب وہی لوگ ہیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کا اقرار کر کے داخلِ اسلام ہوئے تھے، اور پُوری سورت میں انھی کو یہ دعوت دی گئی ہے کہ وہ محض زبان کے مومن نہ بنیں بلکہ اخلاص کے ساتھ سچّے دل سے ایمان لائیں۔

۵۶- یعنی دنیا میں علم و بصیرت کا وہ نور عطا فرمائے گا جس کی روشنی میں تم کو قدم قدم پر صاف نظر آتا رہے گا کہ زندگی کے مختلف معاملات میں جاہلیت کی ٹیڑھی راہوں کے درمیان اسلام کی سیدھی راہ کون سی ہے۔ اور آخرت میں وہ نور بخشے گا جس کا ذکر آیت ۱۲ میں گزر چکا ہے۔

وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۚ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٢٨﴾ لِّئَلَّا يَعْلَمَ اَهْلُ
الْكِتٰبِ اَلَّا يَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَيْءٍ مِّنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَ اَنَّ الْفَضْلَ
بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَ اللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿٢٩﴾ ع

ع ۴ ۲۰

اور تمہارے قصور معاف کر دے گا،57 اللہ بڑا معاف کرنے والا اور مہربان ہے۔ (تم کو یہ رَوِش اختیار کرنی چاہیے) تاکہ اہلِ کتاب کو معلوم ہو جائے کہ اللہ کے فضل پر اُن کا کوئی اجارہ نہیں ہے، اور یہ کہ اللہ کا فضل اس کے اپنے ہی ہاتھ میں ہے، جسے چاہتا ہے عطا فرماتا ہے، اور وہ بڑے فضل والا ہے۔ ع

۵۷ - یعنی ایمان کے تقاضے پُورے کرنے کی مخلصانہ کوشش کے باوجود بَشَری کمزوریوں کی بنا پر جو قصور بھی تم سے سرزد ہو جائیں ان سے درگزر فرمائے گا، اور وہ قُصور بھی معاف کرے گا جو ایمان لانے سے پہلے جاہلیت کی حالت میں تم سے سرزد ہوئے تھے۔

# تفہیم القرآن

# المجادلہ

(۵۸)

# المُجادَلہ

**نام** اس سورت کا نام المُجَادَلہ بھی ہے اور المُجادِلہ بھی۔ یہ نام پہلی ہی آیت کے لفظ تُجَادِلُكَ سے ماخوذ ہے۔ چونکہ سورت کے آغاز میں اُن خاتون کا ذکر آیا ہے جنھوں نے اپنے شوہر کے ظِہار کا قَضِیَّہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پیش کر کے بار بار اصرار کیا تھا کہ آپؐ کوئی ایسی صورت بتائیں جس سے اُن کی اور ان کے بچوں کی زندگی تباہ ہونے سے بچ جائے، اور اللہ تعالیٰ نے اُن کے اِس اصرار کو لفظِ مُجادلہ سے تعبیر فرمایا ہے، اس لیے یہی اِس سورت کا نام قرار دیا گیا۔ اس کو اگر مُجادَلہ پڑھا جائے تو اس کے معنیٰ ہوں گے: ”بحث و تکرار“۔ اور مُجادِلہ پڑھا جائے تو معنیٰ ہوں گے: ”بحث و تکرار کرنے والی“۔

**زمانۂ نُزُول** کسی رِوایت میں اِس امر کی تصریح نہیں کی گئی ہے کہ مُجادَلہ کا یہ واقعہ کب پیش آیا تھا۔ مگر ایک علامت اِس سورہ کے مضمون میں ایسی ہے جس کی بنا پر یہ بات تعیُّن کے ساتھ کہی جاسکتی ہے کہ اِس کا زمانہ غزوۂ اَحزاب (شوال ۵ ھ) کے بعد کا ہے۔ سورۂ اَحزاب میں اللہ تعالیٰ نے منہ بولے بیٹے کے حقیقی بیٹا ہونے کی نفی کرتے ہوئے صرف یہ ارشاد فرما کر چھوڑ دیا تھا کہ وَ مَا جَعَلَ اَزْوَاجَكُمُ الّٰٓیْٔ تُظٰهِرُوْنَ مِنْهُنَّ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ (اور اللہ نے تمھاری اُن بیویوں کو، جن سے تم ظِہار کرتے ہو، تمھاری مائیں نہیں بنا دیا ہے)۔ مگر اس میں یہ نہیں بتایا گیا تھا کہ ظِہار کرنا کوئی گناہ یا جُرم ہے، اور نہ یہ بتایا گیا تھا کہ اس فعل کا شرعی حکم کیا ہے۔ بخلاف اِس کے، اِس سورہ میں ظِہار کا پُورا قانون بیان کر دیا گیا ہے۔ اِس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ مفصّل احکام اُس مُجمل ہدایت کے بعد نازل ہوئے ہیں۔

**موضوع اور مَباحِث** اِس سورت میں مسلمانوں کو اُن مختلف مسائل کے متعلق ہدایات دی گئی ہیں جو اُس وقت درپیش تھے۔

آغازِ سورت سے آیت ۶ تک ظِہار کے شرعی احکام بیان کیے گئے ہیں، اور اس کے ساتھ مسلمانوں کو پُوری سختی کے ساتھ مُتنبِّہ کیا گیا ہے کہ اسلام کے بعد بھی جاہلیت کے طریقوں پر قائم رہنا اور اللہ کی مقرر کی ہوئی حدوں کو توڑنا، یا ان کی پابندی سے انکار کرنا، یا ان کے مقابلے میں خود اپنی مرضی سے کچھ اور قاعدے اور قوانین بنا لینا، قطعی طور پر ایمان کے منافی حرکت ہے، جس کی سزا دنیا میں بھی ذلّت و رُسوائی ہے اور آخرت میں بھی اس پر سخت باز پُرس ہونی ہے۔

آیات ۷ تا ۱۰ میں منافقین کی اِس رَوِش پر گرفت کی گئی ہے کہ وہ آپس میں خفیہ سرگوشیاں کر کے

طرح طرح کی شرارتوں کے منصوبے بناتے تھے، اور ان کے دلوں میں جو بغض چھپا ہوا تھا، اس کی بنا پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہودیوں کی طرح ایسے طریقے سے سلام کرتے تھے جس سے دُعا کے بجائے بددُعا کا پہلو نکلتا تھا۔ اِس سلسلے میں مسلمانوں کو تسلّی دی گئی ہے کہ منافقین کی یہ سرگوشیاں تمھارا کچھ نہیں بگاڑ سکتیں، اس لیے تم اللہ کے بھروسے پر اپنا کام کرتے رہو۔ اور اس کے ساتھ ان کو یہ اَخلاقی تعلیم بھی دی گئی ہے کہ سچّے اہلِ ایمان کا کام گناہ اور ظلم و زیادتی اور رسولؐ کی نافرمانی کے لیے سرگوشیاں کرنا نہیں ہے، وہ اگر آپس میں بیٹھ کر تخلیے میں کوئی بات کریں بھی تو وہ نیکی اور تقویٰ کی بات ہونی چاہیے۔

آیت ۱۱ تا ۱۳ میں مسلمانوں کو مجلسی تہذیب کے کچھ آداب سکھائے گئے ہیں اور بعض ایسے معاشرتی عُیوب کو دُور کرنے کے لیے ہِدایات دی گئی ہیں جو پہلے بھی لوگوں میں پائے جاتے تھے اور آج بھی پائے جاتے ہیں۔ کسی مجلس میں اگر بہت سے لوگ بیٹھے ہوئے ہوں اور باہر سے کچھ لوگ آجائیں تو پہلے سے بیٹھے ہوئے اصحاب اِتنی سی زحمت گوارا نہیں کرتے کہ ذرا سمٹ کر بیٹھ جائیں اور دوسروں کے لیے گنجایش پیدا کر دیں۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ بعد کے آنے والے کھڑے رہ جاتے ہیں، یا دہلیز میں بیٹھنے پر مجبُور ہوتے ہیں، یا واپس چلے جاتے ہیں، یا یہ دیکھ کر کہ مجلس میں ابھی کافی گنجایش موجود ہے، حاضرین کے اُوپر سے پھاندتے ہوئے اندر گھُستے ہیں۔ یہ صورتِ حال نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلسوں میں اکثر پیش آتی رہتی تھی۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے لوگوں کو یہ ہدایت فرمائی کہ اپنی مجلسوں میں خود غرضی اور تنگ دلی کا مظاہرہ نہ کیا کریں، بلکہ بعد کے آنے والوں کو کھُلے دل سے جگہ دے دیا کریں۔

اسی طرح ایک عیب لوگوں میں یہ بھی ہوتا ہے کہ کسی کے ہاں (خصوصاً کسی اہم شخصیّت کے ہاں) جاتے ہیں تو جم کر بیٹھ جاتے ہیں اور اس بات کا کچھ خیال نہیں کرتے کہ ضرورت سے زیادہ اُس کا وقت لینا اُس کے لیے باعثِ زحمت ہوگا۔ اگر وہ کہے کہ حضرت اب تشریف لے جائیے، تو بُرا مانتے ہیں۔ اُن کو چھوڑ کر اُٹھ جائے تو بد اَخلاقی کی شکایت کرتے ہیں۔ اِشارے کِنایے سے اُن کو بتائے کہ اب کچھ دوسرے ضروری کاموں کے لیے اُس کو وقت ملنا چاہیے تو سُنی اَن سُنی کر جاتے ہیں۔ لوگوں کے اِس طرزِ عمل سے خود نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی سابقہ پیش آتا تھا، اور آپؐ کی صحبت سے فائدہ اٹھانے کے شوق میں اللہ کے بندے اس بات کا لحاظ نہیں کرتے تھے کہ وہ بہت زیادہ قیمتی کاموں کا نقصان کر رہے ہیں۔ آخرکار اللہ تعالیٰ نے یہ تکلیف دہ عادت چھڑانے کے لیے حکم دیا کہ جب مجلس برخاست کرنے کے لیے کہا جائے تو اُٹھ جایا کرو۔

ایک اور عیب لوگوں میں یہ بھی تھا کہ ایک ایک آدمی آ کر خواہ مخواہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے تخلیے میں بات کرنے کی خواہش کرتا تھا یا مجلسِ عام میں یہ چاہتا تھا کہ آپؐ کے قریب جا کر سرگوشی کے انداز میں آپؐ سے بات کرے۔ یہ چیز حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے بھی تکلیف دہ تھی اور دوسرے لوگ جو مجلس میں موجود ہوتے، ان کو بھی ناگوار ہوتی تھی۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے یہ پابندی لگا دی کہ جو شخص بھی آپؐ سے علیحدگی میں بات کرنا چاہے، وہ پہلے

صدقہ دے۔ اس سے مقصود صرف یہ تھا کہ لوگوں کو اِس بُری عادت پر مُتنبِّہ کیا جائے، تاکہ وہ اسے چھوڑ دیں۔ چنانچہ یہ پابندی بس تھوڑی دیر تک باقی رکھی گئی، اور جب لوگوں نے اپنا طرزِ عمل دُرست کرلیا تو اسے منسوخ کردیا گیا۔

آیت ۱۴ سے آخر سورہ تک مُسلم معاشرے کے لوگوں کو، جن میں مخلص اہلِ ایمان اور منافقین اور مذبذبین سب ملے جُلے تھے، بالکل دوٹوک طریقے سے بتایا گیا ہے کہ دین میں آدمی کے مخلص ہونے کا معیار کیا ہے۔ ایک قسم کے مسلمان وہ ہیں جو اسلام کے دشمنوں سے دوستی رکھتے ہیں، اپنے مفاد کی خاطر اُس دین سے غداری کرنے میں کوئی تأمّل نہیں کرتے جس پر ایمان رکھنے کا دعویٰ کرتے ہیں، اور اسلام کے خلاف طرح طرح کے شبہات اور وسوسے پھیلا کر اللہ کے بندوں کو اللہ کی راہ پر آنے سے روکتے ہیں، مگر چونکہ وہ مسلمانوں کے گروہ میں شامل ہیں، اس لیے ان کا جھوٹا اقرارِ ایمان اُن کے لیے ڈھال کا کام دیتا ہے۔ دوسری قسم کے مسلمان وہ ہیں جو اللہ کے دین کے معاملے میں کسی اور کا لحاظ تو درکنار، خود اپنے باپ، بھائی، اولاد اور خاندان تک کی پروا نہیں کرتے۔ ان کا حال یہ ہے کہ جو خدا اور رسولؐ اور اس کے دین کا دشمن ہے، اس کے لیے ان کے دل میں کوئی محبت نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اِن آیات میں صاف فرما دیا ہے کہ پہلی قسم کے لوگ چاہے کتنی ہی قسمیں کھا کھا کر اپنے مسلمان ہونے کا یقین دلائیں، درحقیقت وہ شیطان کی پارٹی کے لوگ ہیں، اور اللہ کی پارٹی میں شامل ہونے کا شرف صرف دوسری قسم کے مسلمانوں کو حاصل ہے۔ وہی سچّے مومن ہیں۔ انھی سے اللہ راضی ہے۔ فلاح وہی پانے والے ہیں۔

۲۲ ایاتھا سُوْرَةُ الْمُجَادَلَةِ مَدَنِيَّةٌ ۳ رکوعاتھا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الجزء ۲۸ قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِيْ تُجَادِلُكَ فِيْ زَوْجِهَا وَ تَشْتَكِيْۤ اِلَى
اللّٰهِ ۖۗ وَ اللّٰهُ يَسْمَعُ تَحَاوُرَكُمَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ①
اَلَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ مِنْكُمْ مِّنْ نِّسَآئِهِمْ مَّا هُنَّ اُمَّهٰتِهِمْ ؕ

---

اللہ نے سُن لی[1] اُس عورت کی بات جو اپنے شوہر کے معاملے میں تم سے تکرار کر رہی ہے اور اللہ سے فریاد کیے جاتی ہے۔ اللہ تم دونوں کی گفتگو سُن رہا ہے[2]، وہ سب کچھ سُننے اور دیکھنے والا ہے۔

تم میں سے جو لوگ اپنی بیویوں سے ظِہار کرتے ہیں[3] ان کی بیویاں ان کی مائیں نہیں ہیں،

---

۱ – یہاں سننے سے مُراد محض سُن لینا نہیں ہے، بلکہ فریاد رسی کرنا ہے، جیسے ہم اُردو زبان میں کہتے ہیں: ”اللہ نے دُعا سُن لی“ اور اس سے مراد دعا قبول کر لینا ہوتا ہے۔

۲ – عام طور پر مترجمین نے اس مقام پر ”مُجادلہ کر رہی تھی“، ”فریاد کر رہی تھی“، اور ”اللہ سُن رہا تھا“ ترجمہ کیا ہے، جس سے پڑھنے والے کا ذہن یہ مفہوم اخذ کرتا ہے کہ وہ خاتون اپنی شکایت سنا کر چلی گئی ہوں گی اور بعد میں کسی وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی آئی ہو گی، اسی لیے تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اس عورت کی بات ہم نے سُن لی جو تم سے تکرار اور ہم سے فریاد کر رہی تھی، اور ہم اُس وقت تم دونوں کی بات سُن رہے تھے۔ لیکن اِس واقعے کے متعلق جو روایات احادیث میں آئی ہیں، ان میں سے اکثر میں یہ بتایا گیا ہے کہ جس وقت وہ خاتون اپنے شوہر کے ظِہار کا قصّہ سُنا سُنا کر بار بار حضورؐ سے عرض کر رہی تھیں کہ اگر ہم دونوں کی جدائی ہو گئی تو میں مصیبت میں پڑ جاؤں گی اور میرے بچے تباہ ہو جائیں گے، عین اُسی حالت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر نُزولِ وحی کی کیفیت طاری ہوئی اور یہ آیات نازل ہوئیں۔ اس بنا پر ہم نے اس کو ترجیح دی ہے کہ ترجمہ حال کے صیغوں میں کیا جائے۔

یہ خاتون جن کے معاملے میں یہ آیات نازل ہوئی ہیں، قبیلۂ خَزرَج کی خَولہؓ بنت ثَعلَبہ تھیں، اور ان کے شوہر اَوسؓ بن صامت انصاری، قبیلۂ اَوس کے سردار حضرت عُبادہؓ بن صامت کے بھائی تھے۔ ان کے ظِہار کا قصّہ آگے چل کر ہم تفصیل کے ساتھ نقل کریں گے۔ یہاں قابلِ ذکر بات یہ ہے کہ اِن صحابیہ کی فریاد کا بارگاہِ الٰہی میں مسموع ہونا اور فوراً ہی وہاں سے ان کی فریاد رسی

کے لیے فرمانِ مبارک نازل ہو جانا ایک ایسا واقعہ تھا جس کی وجہ سے صحابۂ کرامؓ میں ان کو ایک خاص قدر و منزلت حاصل ہوگئی تھی۔ ابنِ ابی حاتم اور بَیْہَقِی نے یہ روایت نقل کی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت عمرؓ کچھ اصحاب کے ساتھ کہیں جا رہے تھے۔ راستے میں ایک عورت ملی اور اس نے ان کو روکا۔ آپ فوراً رُک گئے۔ سر جُھکا کر دیر تک اس کی بات سنتے رہے، اور جب تک اس نے بات ختم نہ کر لی، آپ کھڑے رہے۔ ساتھیوں میں سے ایک صاحب نے عرض کیا: ''امیر المومنین! آپ نے قریش کے سرداروں کو اِس بُڑھیا کے لیے اتنی دیر روکے رکھا۔'' فرمایا: ''جانتے بھی ہو، یہ کون ہے؟ یہ خَولہؓ بنتِ ثَعْلَبہ ہے۔ یہ وہ عورت ہے جس کی شکایت سات آسمانوں پر سُنی گئی۔ خدا کی قسم! اگر یہ رات تک مجھے کھڑا رکھتی تو مَیں کھڑا رہتا، بس نمازوں کے اوقات پر اس سے معذرت کر دیتا۔'' ابنِ عبدالبرؒ نے اِستیعاب میں قَتَادَہؒ کی روایت نقل کی ہے کہ یہ خاتون راستے میں حضرت عمرؓ کو ملیں تو آپ نے اِن کو سلام کیا۔ یہ سلام کا جواب دینے کے بعد کہنے لگیں: ''اوہو، اے عمر! ایک وقت تھا جب میں نے تم کو بازارِ عُکاظ میں دیکھا تھا۔ اُس وقت تم عُمَیر کہلاتے تھے۔ لاٹھی ہاتھ میں لیے بکریاں چَراتے پھرتے تھے۔ پھر کچھ زیادہ مدّت نہ گزری تھی کہ تم عمرؓ کہلانے لگے۔ پھر ایک وقت آیا کہ تم امیر المومنین کہے جانے لگے۔ ذرا رعیّت کے معاملے میں اللہ سے ڈرتے رہو اور یاد رکھو کہ جو اللہ کی وعید سے ڈرتا ہے اس کے لیے دُور کا آدمی بھی قریبی رشتہ دار کی طرح ہوتا ہے اور جو موت سے ڈرتا ہے، اس کے حق میں اندیشہ ہے کہ وہ اُسی چیز کو کھو دے گا جسے بچانا چاہتا ہے۔'' اس پر جارُود عَبدِی، جو حضرت عمرؓ کے ساتھ تھے، بولے: ''اے عورت! تو نے امیر المومنینؓ کے ساتھ بہت زبان درازی کی۔'' حضرت عمرؓ نے فرمایا: ''اِنھیں کہنے دو۔ جانتے بھی ہو یہ کون ہیں؟ اِن کی بات تو سات آسمانوں کے اُوپر سُنی گئی تھی، عمرؓ کو تو بدرجۂ اَولیٰ سُننی چاہیے۔'' امام بخاریؒ نے بھی اپنی تاریخ میں اختصار کے ساتھ اس سے ملتا جُلتا قصہ نقل کیا ہے۔

۳- عرب میں بسا اوقات یہ صورت پیش آتی تھی کہ شوہر اور بیوی میں لڑائی ہوتی تو شوہر غصّے میں آ کر کہتا: اَنْتِ عَلَیَّ کَظَھْرِ اُمِّیْ۔ اِس کے لُغوی معنیٰ تو یہ ہیں کہ ''تُو میرے اُوپر ایسی ہے جیسے میری ماں کی پیٹھ''، لیکن اس کا اصل مفہُوم یہ ہے کہ ''تجھ سے مباشرت کرنا میرے لیے ایسا ہے جیسے میں اپنی ماں سے مباشرت کروں۔'' اِس زمانے میں بھی بہت سے نادان لوگ بیوی سے لڑ کر اس کو ماں، بہن، بیٹی سے تشبیہ دے بیٹھتے ہیں، جس کا صاف مطلب یہ ہوتا ہے کہ آدمی گویا اب اسے بیوی نہیں بلکہ اُن عورتوں کی طرح سمجھتا ہے جو اس کے لیے حرام ہیں۔ اِسی فعل کا نام ظِہار ہے۔ ظَہر عربی زبان میں استعارے کے طور پر سواری کے لیے بولا جاتا ہے۔ مثلاً سواری کے جانور کو ظَہر کہتے ہیں، کیونکہ اس کی پیٹھ پر آدمی سوار ہوتا ہے۔ چونکہ وہ لوگ بیوی کو اپنے اُوپر حرام کرنے کے لیے کہتے تھے کہ تجھے ظَہر بنانا میرے اُوپر ایسا حرام ہے جیسے اپنی ماں کو ظَہر بنانا، اس لیے یہ کلمات زبان سے نکالنا اُن کی اِصطِلاح میں ''ظِہار'' کہلاتا تھا۔ جاہلیّت کے زمانے میں اہلِ عرب کے ہاں یہ طلاق، بلکہ اس سے بھی زیادہ شدید قطعِ تعلق کا اعلان سمجھا جاتا تھا، کیونکہ ان کے نزدیک اس کے معنیٰ یہ تھے کہ شوہر اپنی بیوی سے نہ صرف اِزدِواجی رشتہ توڑ رہا ہے، بلکہ اسے ماں کی طرح اپنے اُوپر حرام قرار دے رہا ہے۔ اسی بنا پر اہلِ عرب کے نزدیک طلاق کے بعد تو رُجوع کی گنجایش ہو سکتی تھی، مگر ظِہار کے بعد رُجوع کا کوئی امکان باقی نہ رہتا تھا۔

اِنْ اُمَّهٰتُهُمْ اِلَّا الّٰٓـِٔیْ وَلَدْنَهُمْ ؕ وَ اِنَّهُمْ لَیَقُوْلُوْنَ مُنْكَرًا مِّنَ الْقَوْلِ وَ زُوْرًا ؕ وَ اِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ۝۲

ان کی مائیں تو وہی ہیں جنھوں نے ان کو جنا ہے۔[۴] یہ لوگ ایک سخت ناپسندیدہ اور جھوٹی بات کہتے ہیں،[۵] اور حقیقت یہ ہے کہ اللہ بڑا معاف کرنے والا اور درگزر فرمانے والا ہے۔[۶]

۴ – یہ ظہار کے متعلق اللہ تعالیٰ کا پہلا فیصلہ ہے۔ اِس کا مطلب یہ ہے کہ اگر ایک شخص مُنہ پھوڑ کر بیوی کو ماں سے تشبیہ دے دیتا ہے تو اس کے ایسا کہنے سے بیوی ماں نہیں ہو سکتی، نہ اس کو وہ حرمت حاصل ہو سکتی ہے جو ماں کو حاصل ہے۔ ماں کا ماں ہونا تو ایک حقیقی امرِ واقعہ ہے، کیونکہ اس نے آدمی کو جنا ہے۔ اسی بنا پر اُسے اَبدی حُرمت حاصل ہے۔ اب آخر وہ عورت جس نے اس کو نہیں جنا ہے، محض منہ سے کہہ دینے پر اس کی ماں کیسے ہو جائے گی، اور اس کے بارے میں عقل، اَخلاق، قانون، کسی چیز کے اعتبار سے بھی وہ حُرمت کیسے ثابت ہو گی جو اِس امرِ واقعی کی بنا پر جننے والی ماں کے لیے ہے۔ اس طرح یہ بات ارشاد فرما کر اللہ تعالیٰ نے جاہلیّت کے اُس قانون کو منسوخ کر دیا جس کی رُو سے ظہار کرنے والے شوہر سے اس کی بیوی کا نکاح ٹوٹ جاتا تھا اور وہ اس کے لیے ماں کی طرح قطعی حرام سمجھ لی جاتی تھی۔

۵ – یعنی بیوی کو ماں سے تشبیہ دینا اوّل تو ایک نہایت ہی بیہودہ اور شرمناک بات ہے، جس کا تصوّر بھی کسی شریف آدمی کو نہ کرنا چاہیے، کجا کہ وہ اسے زبان سے نکالے۔ دوسرے یہ جھوٹ بھی ہے۔ کیونکہ ایسی بات کہنے والا اگر یہ خبر دے رہا ہے کہ اس کی بیوی اس کے لیے اب ماں ہو گئی ہے تو جھوٹی خبر دے رہا ہے۔ اور اگر وہ اپنا یہ فیصلہ سنا رہا ہے کہ آج سے اس نے اپنی بیوی کو ماں کی سی حُرمت بخش دی ہے تو بھی اس کا یہ دعویٰ جھوٹا ہے، کیونکہ خدا نے اسے یہ اختیارات نہیں دیے ہیں کہ جب تک چاہے ایک عورت کو بیوی کے حکم میں رکھے، اور جب چاہے اسے ماں کے حکم میں کر دے۔ شارع وہ نہیں ہے بلکہ اللہ تعالیٰ ہے، اور اللہ تعالیٰ نے جننے والی ماں کے ساتھ مادری کے حکم میں دادی، نانی، ساس، دودھ پلانے والی عورت اور اَزواجِ نبیؐ کو شامل کیا ہے۔ کسی کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ اس حکم میں اپنی طرف سے کسی اور عورت کو داخل کر دے، کجا کہ اُس عورت کو جو اس کی بیوی رہ چکی ہے ــــــ اِس ارشاد سے یہ دوسرا قانونی حکم نکلا کہ ظہار کرنا ایک بڑا گناہ اور حرام فعل ہے، جس کا مُرتکب سزا کا مستحق ہے۔

۶ – یعنی یہ حرکت تو ایسی ہے کہ اس پر آدمی کو بہت ہی سخت سزا ملنی چاہیے، لیکن یہ اللہ تعالیٰ کی مہربانی ہے کہ اُس نے اوّل تو ظہار کے معاملے میں جاہلیّت کے قانون کو منسوخ کر کے تمھاری خانگی زندگی کو تباہی سے بچا لیا، دوسرے اس فعل کا ارتکاب کرنے والوں کے لیے وہ سزا تجویز کی جو اِس جُرم کی ہلکی سے ہلکی سزا ہو سکتی تھی، اور سب سے بڑی مہربانی یہ ہے کہ سزا کسی ضرب یا قید کی شکل میں نہیں بلکہ چند ایسی عبادات اور نیکیوں کی شکل میں تجویز کی جو تمھارے نفس کی اصلاح کرنے والی اور تمھارے معاشرے میں بھلائی پھیلانے والی ہیں۔ اِس سلسلے میں یہ بات بھی سمجھ لینی چاہیے کہ اسلام میں بعض جرائم

وَ الَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ مِنْ نِّسَآىِٕهِمْ ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ لِمَا قَالُوْا

جو لوگ اپنی بیویوں سے ظِہار کریں پھر اپنی اُس بات سے رُجوع کریں جو انھوں نے کہی تھی،[۸]

اور گناہوں پر جو عبادات بطورِ کَفّارہ مقرر کی گئی ہیں، وہ نہ محض سزا ہیں کہ عبادت کی رُوح سے خالی ہوں اور نہ محض عبادت ہیں کہ سزا کی اذیّت کا کوئی پہلو اُن میں نہ ہو، بلکہ ان میں یہ دونوں پہلو جمع کر دیے گئے ہیں، تاکہ آدمی کو اذیّت بھی ہو اور ساتھ ساتھ وہ ایک نیکی اور عبادت کر کے اپنے گناہ کی تلافی بھی کر دے۔

۷ – یہاں سے ظِہار کے قانونی حکم کا بیان شروع ہو رہا ہے۔ اس کو سمجھنے کے لیے ضروری ہے کہ ظِہار کے وہ واقعات نگاہ میں رہیں جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے عہدِ مبارک میں پیش آئے تھے، کیونکہ اسلام میں ظِہار کا مفصّل قانون اِنھی آیات اور اُن فیصلوں سے ماخوذ ہے جو اِن آیات کے نُزول کے بعد حضورؐ نے پیش آمدہ واقعات میں صادر فرمائے۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ کے بیان کے مطابق اسلام میں ظِہار کا پہلا واقعہ اَوسؓ بن صامت انصاری کا ہے، جن کی بیوی خَولہؓ کی فریاد پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیات نازل فرمائیں۔ محدّثین نے اس واقعے کی جو تفصیلات متعدّد راویوں سے نقل کی ہیں، اُن میں فُرُوعی اختلافات تو بہت سے ہیں، مگر قانونی اہمیت رکھنے والے ضروری اجزا قریب قریب مُتَّفَق عَلَیہ ہیں۔ خلاصہ ان رِوایات کا یہ ہے کہ حضرت اَوسؓ بن صامت بڑھاپے میں کچھ چڑچڑے بھی ہو گئے تھے، اور بعض روایات کی رُو سے ان کے اندر کچھ جُنون کی سی لٹک بھی پیدا ہو گئی تھی، جس کے لیے راویوں نے کَانَ بِهٖ لَمَمٌ کے الفاظ استعمال کیے ہیں۔ لَمَمٌ عربی زبان میں دیوانگی کو نہیں کہتے بلکہ اُس طرح کی ایک کیفیت کو کہتے ہیں جسے ہم اُردو زبان میں ''غصّے میں پاگل ہو جانے'' کے الفاظ سے تعبیر کرتے ہیں۔ اِس حالت میں وہ پہلے بھی متعدّد مرتبہ اپنی بیوی سے ظِہار کر چکے تھے، مگر اسلام میں یہ پہلا موقع تھا کہ بیوی سے لڑ کر ان سے پھر اِس حرکت کا صُدُور ہو گیا۔ اس پر ان کی اہلیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور سارا قصّہ آپؐ سے بیان کر کے عرض کیا کہ یا رسولؐ اللہ! کیا میری اور میرے بچّوں کی زندگی کو تباہی سے بچانے کے لیے رخصت کا کوئی پہلو نکل سکتا ہے؟ حضورؐ نے جو جواب دیا، وہ مختلف راویوں نے مختلف الفاظ میں نقل کیا ہے۔ بعض رِوایات میں الفاظ یہ ہیں کہ ''ابھی تک اِس مسئلے میں مجھے کوئی حکم نہیں دیا گیا ہے۔'' اور بعض میں یہ الفاظ ہیں کہ ''میرا خیال یہ ہے کہ تم اُس پر حرام ہو گئی ہو۔'' اور بعض میں یہ ہے کہ آپؐ نے فرمایا: ''تم اس پر حرام ہو گئی ہو۔'' اس جواب کو سُن کر وہ نالہ و فریاد کرنے لگیں۔ بار بار انھوں نے حضورؐ سے عرض کیا کہ انھوں نے طلاق کے الفاظ تو نہیں کہے ہیں، آپؐ کوئی صورت ایسی بتائیں جس سے میں اور میرے بچّے اور میرے بوڑھے شوہر کی زندگی تباہ ہونے سے بچ جائے۔ مگر ہر مرتبہ حضورؐ ان کو وہی جواب دیتے رہے۔ اتنے میں آپؐ پر نُزُولِ وحی کی کیفیت طاری ہوئی اور یہ آیات نازل ہوئیں۔ اس کے بعد آپؐ نے ان سے کہا (اور بعض رِوایات کی رُو سے ان کے شوہر کو بلا کر ان سے فرمایا) کہ ایک غلام آزاد کرنا ہو گا۔ انھوں نے اس سے معذوری ظاہر کی، تو فرمایا: دو مہینے کے لگاتار روزے رکھنے ہوں گے۔ انھوں نے عرض کیا کہ اَوس کا حال تو یہ ہے کہ دن میں تین مرتبہ کھائیں

بیبیں نہیں تو ان کی بینائی جواب دینے لگتی ہے۔ آپؐ نے فرمایا: پھر ۶۰ مسکینوں کو کھانا دینا پڑے گا۔ انھوں نے عرض کیا: وہ اتنی مَقدِرَت نہیں رکھتے، اِلّا یہ کہ آپؐ مدد فرمائیں۔ تب آپؐ نے انھیں اِتنی مقدار میں سامانِ خوراک عطا فرمایا جو ۶۰ آدمیوں کی دو وقت کی غذا کے لیے کافی ہو۔ اس کی مقدار مختلف رِوایات میں مختلف بیان کی گئی ہے، اور بعض روایات میں یہ ہے کہ جتنی مقدار حضورؐ نے عطا فرمائی، اُتنی ہی خود حضرت خَولہؓ نے اپنے شوہر کو دی تاکہ وہ کفّارہ ادا کر سکیں۔ (ابنِ جَریر، مُسنَدِ احمد، ابوداؤد، ابنِ ابی حاتم)

ظِہار کا دوسرا واقعہ سَلَمہؓ بن صَخر بیاضی کا ہے۔ اِن صاحب پر اعتدال سے کچھ زیادہ شَہوَت کا غلبہ تھا۔ رمضان آیا تو انھوں نے اس اندیشے سے کہ کہیں روزے کی حالت میں دن کے وقت بے صبری نہ کر بیٹھیں، رمضان کے اختتام تک کے لیے بیوی سے ظِہار کر لیا۔ مگر اپنی اس بات پر قائم نہ رہ سکے اور ایک رات بیوی کے پاس چلے گئے۔ پھر نادم ہو کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ماجرا عرض کیا۔ آپؐ نے فرمایا: ایک غلام آزاد کرو۔ انھوں نے کہا: میرے پاس تو اپنی بیوی کے سوا کوئی نہیں جسے آزاد کر دوں۔ فرمایا: دو مہینے کے مسلسل روزے رکھو۔ انھوں نے عرض کیا کہ روزوں ہی میں تو صبر نہ کر سکنے کی وجہ سے اِس مصیبت میں پھنسا ہوں۔ حضورؐ نے فرمایا: پھر ۶۰ مسکینوں کو کھانا کھلاؤ۔ انھوں نے کہا: ہم تو اس قدر غریب ہیں کہ رات بے کھائے سوئے ہیں۔ اس پر آپؐ نے بنی زُرَیق کے مُحَصِّلِ زکوٰۃ سے ان کو اِتنا سامانِ خوراک دلوایا کہ ۶۰ آدمیوں میں بانٹ دیں اور کچھ اپنے بال بچوں کی ضروریات کے لیے بھی رکھ لیں۔ (مُسنَدِ احمد، ابوداؤد، ترمِذی)

تیسرا واقعہ نام کی تصریح کے بغیر یہ بیان کیا گیا ہے کہ ایک شخص نے اپنی بیوی سے ظِہار کیا اور پھر کفّارہ ادا کرنے سے پہلے ہی اس سے مباشرت کر لی۔ بعد میں حضورؐ سے مسئلہ پوچھا تو آپؐ نے حکم دیا کہ اس سے الگ رہو جب تک کفّارہ ادا نہ کر دو۔ (ابوداؤد، ترمِذی، نَسائی، ابنِ ماجہ)

چوتھا واقعہ یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو سنا کہ اپنی بیوی کو بہن کہہ کر پکار رہا ہے۔ اس پر آپؐ نے غصّے سے فرمایا: ''یہ تیری بہن ہے؟'' مگر آپؐ نے اسے ظِہار قرار نہیں دیا۔ (ابوداؤد)

یہ چار معتبر واقعات ہیں جو مُستند ذرائع سے احادیث میں ملتے ہیں اور انھی کی مدد سے قرآنِ مجید کے اس حکم کو اچھی طرح سمجھا جا سکتا ہے جو آگے کی آیتوں میں بیان ہوا ہے۔

۸ – اصل الفاظ ہیں: يَعُوْدُوْنَ لِمَا قَالُوْا۔ لفظی ترجمہ یہ ہوگا کہ ''پلٹیں اُس بات کی طرف جو انھوں نے کہی''۔ لیکن عربی زبان اور محاورے کے لحاظ سے اِن الفاظ کے معنیٰ میں بڑا اختلاف واقع ہو گیا ہے:

ایک مفہوم ان کا یہ ہو سکتا ہے کہ ایک دفعہ ظِہار کے الفاظ منہ سے نکل جانے کے بعد پھر ان کا اعادہ کریں۔ ظاہریہ اور بُکَیر بن الاَشَجّ اور یحییٰ بن زیاد الفَرّاء اِسی کے قائل ہیں، اور عطاء بن ابی رَباحؒ سے بھی ایک قول اِسی کی تائید میں منقول ہوا ہے۔ ان کے نزدیک ایک دفعہ کا ظِہار تو معاف ہے، البتہ آدمی اُس کی تکرار کرے تب اس پر کفّارہ لازم آتا ہے۔ لیکن یہ تفسیر دو وجوہ سے صریحاً غلط ہے: ایک یہ کہ اللہ تعالیٰ نے ظِہار کو بیہودہ اور جھوٹی بات قرار دے کر اس کے لیے سزا تجویز فرمائی ہے۔ اب کیا یہ بات قابلِ تصور ہے کہ ایک مرتبہ جھوٹی اور بے ہودہ بات آدمی کہے تو معاف ہو اور دوسری مرتبہ کہے تو سزا

فَتَحۡرِيۡرُ رَقَبَةٍ مِّنۡ قَبۡلِ اَنۡ يَّتَمَآسَّا ؕ ذٰلِكُمۡ تُوۡعَظُوۡنَ بِهٖ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ خَبِيۡرٌ ﴿۳﴾ فَمَنۡ لَّمۡ يَجِدۡ فَصِيَامُ شَهۡرَيۡنِ مُتَتَابِعَيۡنِ

تو قبل اس کے کہ دونوں ایک دُوسرے کو ہاتھ لگائیں، ایک غلام آزاد کرنا ہوگا۔ اِس سے تم کو نصیحت کی جاتی ہے،[9] اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس سے باخبر ہے۔[10] اور جو شخص غلام نہ پائے وہ دو مہینے کے پے در پے روزے رکھے

کا مستحق ہو جائے؟ دوسری وجہ اس کے غلط ہونے کی یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہار کرنے والے کسی شخص سے بھی یہ سوال نہیں کیا کہ آیا اس نے ایک بار ظہار کیا ہے یا دو بار۔

دوسرا مفہوم اس کا یہ ہے کہ جو لوگ زمانۂ جاہلیّت میں یہ حرکت کرنے کے عادی تھے، وہ اگر اسلام میں اس کا اعادہ کریں تو اس کی یہ سزا ہے۔ اس کے معنیٰ یہ ہوں گے کہ ظہار کرنا بجائے خود مُستوجِبِ سزا ہو اور جو شخص بھی اپنی بیوی کے لیے ظہار کے الفاظ منہ سے نکالے اس پر کفارہ لازم آ جائے، خواہ وہ اس کے بعد بیوی کو طلاق دے دے، یا اس کی بیوی مر جائے، یا اس کا کوئی ارادہ اپنی بیوی سے تعلقِ زن و شَو رکھنے کا نہ ہو۔ فقہا میں سے طاؤس، مجاہد، شَعْبی، زُہری، سُفیان ثَوری اور قَتَادَہ کا یہی مسلک ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ظہار کے بعد اگر عورت مر جائے تو شوہر اس وقت تک اس کی میراث نہیں پا سکتا جب تک کفارہ ادا نہ کر دے۔

تیسرا مفہوم یہ ہے کہ ظہار کے الفاظ زبان سے نکالنے کے بعد آدمی پلٹ کر اُس بات کا تدارُک کرنا چاہے جو اس نے کہی ہے۔ بالفاظِ دیگر عَادَ لِمَا قَالَ کے معنیٰ ہیں: کہنے والے نے اپنی بات سے رُجوع کر لیا۔

چوتھا مفہوم یہ ہے کہ جس چیز کو آدمی نے ظِہار کر کے اپنے لیے حرام کیا تھا، اسے پلٹ کر پھر اپنے لیے حلال کرنا چاہے۔ بالفاظِ دیگر عَادَ لِمَا قَالَ کے معنیٰ یہ ہیں کہ جو شخص تحریم کا قائل ہو گیا تھا، وہ اب تحلیل کی طرف پلٹ آیا۔

اکثر و بیشتر فقہا نے انھی دو مفہوموں میں سے کسی ایک کو ترجیح دی ہے۔

۹- بالفاظِ دیگر، یہ حکم تمھاری تادیب کے لیے دیا جا رہا ہے، تاکہ مسلم معاشرے کے لوگ جاہلیت کی اِس بُری عادت کو چھوڑ دیں اور تم میں سے کوئی شخص اِس بیہودہ حرکت کا ارتکاب نہ کرے۔ بیوی سے لڑنا ہے تو بھلے آدمیوں کی طرح لڑو۔ طلاق ہی دینا ہو تو سیدھی طرح طلاق دے دو۔ یہ آخر کیا شرافت ہے کہ آدمی جب بیوی سے لڑے تو اسے ماں بہن بنا کر ہی چھوڑے۔

۱۰- یعنی اگر آدمی گھر میں چپکے سے بیوی کے ساتھ ظِہار کر بیٹھے اور پھر کفارہ ادا کیے بغیر میاں اور بیوی کے درمیان حسبِ سابق زوجیّت کے تعلقات چلتے رہیں، تو چاہے دنیا میں کسی کو بھی اس کی خبر نہ ہو، اللہ کو تو بہر حال اس کی خبر ہوگی۔ اللہ کے مواخذے سے بچ نکلنا ان کے لیے کسی طرح ممکن نہیں ہے۔

مِنۡ قَبۡلِ اَنۡ يَّتَمَآسَّا ۚ فَمَنۡ لَّمۡ يَسۡتَطِعۡ فَاِطۡعَامُ سِتِّيۡنَ مِسۡكِيۡنًا ؕ

قبل اس کے کہ دونوں ایک دُوسرے کو ہاتھ لگائیں۔ اور جو اس پر بھی قادر نہ ہو وہ ۶۰ مسکینوں کو کھانا کھلائے[11]۔

۱۱- یہ ہے ظہار کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا حکم۔ فقہائے اسلام نے اس آیت کے الفاظ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلوں، اور اسلام کے اُصولِ عامّہ سے اس مسئلے میں جو قانون اخذ کیا ہے، اس کی تفصیلات یہ ہیں:

۱- ظہار کا یہ قانون عربِ جاہلیت کے اُس رواج کو منسوخ کرتا ہے جس کی رُو سے یہ فعل نکاح کے رشتے کو توڑ دیتا تھا اور عورت شوہر کے لیے اَبَداً حرام ہو جاتی تھی۔ اسی طرح یہ قانون اُن تمام قوانین اور رواجوں کو بھی منسوخ کرتا ہے جو ظہار کو بے معنیٰ اور بے اثر سمجھتے ہوں اور آدمی کے لیے اس بات کو جائز رکھتے ہوں کہ وہ اپنی بیوی کو ماں یا مُحرّمات سے تشبیہ دے کر بھی اُس کے ساتھ حسبِ سابق زن و شَو کا تعلق جاری رکھے، کیونکہ اسلام کی نگاہ میں ماں اور دوسری مُحرّمات کی حرمت ایسی معمولی چیز نہیں ہے کہ انسان ان کے اور بیوی کے درمیان مشابہت کا خیال بھی کرے، کجا کہ اس کو زبان پر لائے۔ اِن دونوں انتہاؤں کے درمیان اسلامی قانون نے اس معاملے میں جو مَوقِف اختیار کیا ہے، وہ تین بنیادوں پر قائم ہے: ایک یہ کہ ظہار سے نکاح نہیں ٹوٹتا بلکہ عورت بدستور شوہر کی بیوی رہتی ہے۔ دوسرے یہ کہ ظہار سے عورت وقتی طور پر شوہر کے لیے حرام ہو جاتی ہے۔ تیسرے یہ کہ یہ حرمت اس وقت تک باقی رہتی ہے جب تک شوہر کفّارہ ادا نہ کر دے، اور یہ کہ صرف کفّارہ ہی اِس حرمت کو رفع کر سکتا ہے۔

۲- ظہار کرنے والے شخص کے بارے میں یہ امر مُتَّفَق عَلَیْہ ہے کہ اُس شوہر کا ظہار معتبر ہے جو عاقل و بالغ ہو اور بحالتِ ہوش و حواس ظہار کے الفاظ زبان سے ادا کرے۔ بچّے اور مجنون کا ظہار معتبر نہیں ہے۔ نیز ایسے شخص کا ظہار بھی معتبر نہیں جو اِن الفاظ کو ادا کرتے وقت اپنے ہوش و حواس میں نہ ہو، مثلاً سوتے میں بڑبڑائے، یا کسی نوعیت کی بے ہوشی میں مبتلا ہو گیا ہو۔ اس کے بعد حسبِ ذیل اُمور میں فقہا کے درمیان اختلاف ہے:

الف- نشے کی حالت میں ظہار کرنے والے کے متعلق ائمۂ اربعہ سمیت فقہا کی عظیم اکثریت یہ کہتی ہے کہ اگر کسی شخص نے کوئی نشہ آور چیز جان بُوجھ کر استعمال کی ہو تو اس کا ظہار اس کی طلاق کی طرح قانوناً صحیح مانا جائے گا، کیونکہ اس نے یہ حالت اپنے اُوپر خود طاری کی ہے۔ البتہ اگر مرض کی وجہ سے اس نے کوئی دوا پی ہو اور اس سے نشہ لاحق ہو گیا ہو، یا پیاس کی شدّت میں وہ جان بچانے کے لیے شراب پینے پر مجبور ہوا ہو، تو اس طرح کے نشے کی حالت میں اس کے ظہار و طلاق کو نافذ نہیں کیا جائے گا۔ اَحناف اور شَوافع اور حَنابلہ کی رائے یہی ہے، اور صحابہؓ کا عام مسلک بھی یہی تھا۔ بخلاف اس کے حضرت عثمانؓ کا قول یہ ہے کہ نشے کی حالت میں طلاق و ظہار معتبر نہیں ہے۔ احناف میں سے امام طَحاویؒ اور کَرخیؒ اِس قول کو ترجیح دیتے ہیں، اور امام شافعیؒ کا بھی ایک قول اس کی تائید میں ہے۔ مالکیہ کے نزدیک ایسے نشے کی حالت میں ظہار معتبر ہوگا جس میں آدمی بالکل بہک نہ گیا ہو، بلکہ وہ مربوط اور مرتّب کلام کر رہا ہو اور اسے یہ احساس ہو کہ وہ کیا کہہ رہا ہے۔

ب۔ امام ابوحنیفہؒ اور امام مالکؒ کے نزدیک ظِہار صرف اُس شوہر کا معتبر ہے جو مسلمان ہو۔ ذمّیوں پر ان احکام کا اطلاق نہیں ہوتا، کیونکہ قرآنِ مجید میں اَلَّذِیۡنَ یُظٰهِرُوۡنَ مِنۡكُمۡ کے الفاظ ارشاد ہوئے ہیں، جن کا خطاب مسلمانوں سے ہے، اور تین قسم کے کفّاروں میں سے ایک کفارہ قرآن میں روزہ بھی تجویز کیا گیا ہے، جو ظاہر ہے کہ ذمّیوں کے لیے نہیں ہوسکتا۔ امام شافعیؒ اور امام احمدؒ کے نزدیک یہ احکام ذِمّی اور مسلمان، دونوں کے ظہار پر نافذ ہوں گے، البتہ ذِمّی کے لیے روزہ نہیں ہے۔ وہ یا غلام آزاد کرے، یا ۶۰ مسکینوں کو کھانا کھلائے۔

ج۔ کیا مرد کی طرح عورت بھی ظہار کرسکتی ہے؟ مثلاً اگر وہ شوہر سے کہے کہ تُو میرے لیے میرے باپ کی طرح ہے، یا میں تیرے لیے تیری ماں کی طرح ہوں، تو کیا یہ بھی ظہار ہوگا؟ ائمۂ اربعہ کہتے ہیں کہ یہ ظِہار نہیں ہے اور اس پر ظہار کے قانونی احکام کا سرے سے اطلاق نہیں ہوتا۔ کیونکہ قرآنِ مجید نے صریح الفاظ میں یہ احکام صرف اُس صورت کے لیے بیان کیے ہیں جب کہ شوہر بیویوں سے ظہار کریں (اَلَّذِیۡنَ یُظٰهِرُوۡنَ مِنۡ نِّسَآئِهِمۡ) اور ظِہار کرنے کے اختیارات اُسی کو حاصل ہو سکتے ہیں جسے طلاق دینے کا اختیار ہے۔ عورت کو شریعت نے جس طرح یہ اختیار نہیں دیا کہ شوہر کو طلاق دے دے، اُسی طرح اُسے یہ اختیار بھی نہیں دیا کہ اپنے آپ کو شوہر کے لیے حرام کرلے۔ یہی رائے سُفیان ثَوری، اسحاق بن رَاہَوَیہ، ابوثَور اور لَیث بن سعد کی ہے کہ عورت کا ایسا قول بالکل بے معنیٰ اور بے اثر ہے۔ امام ابو یُوسُفؒ کہتے ہیں کہ یہ ظہار تو نہیں ہے، مگر اِس سے عورت پر قسم کا کفارہ لازم آئے گا، کیونکہ عورت کا ایسے الفاظ کہنا یہ معنیٰ رکھتا ہے کہ اس نے اپنے شوہر سے تعلق نہ رکھنے کی قسم کھائی ہے۔ امام احمد بن حَنبلؒ کا مسلک بھی ابنِ قُدامہ نے یہی نقل کیا ہے۔ امام اَوزاعیؒ کہتے ہیں کہ اگر شادی سے پہلے عورت نے یہ بات کہی ہو کہ میں اُس شخص سے شادی کروں تو وہ میرے لیے ایسا ہے جیسے میرا باپ، تو یہ ظِہار ہوگا، اور اگر شادی کے بعد کہے تو یہ قسم کے معنیٰ میں ہوگا، جس سے کفّارۂ یمین لازم آئے گا۔ بخلاف اس کے حَسَن بصری، زُہری، ابراہیم نَخَعی اور حَسَن بن زیاد لُؤلُؤی کہتے ہیں کہ یہ ظِہار ہے اور ایسا کہنے سے عورت پر کفارۂ ظِہار لازم آئے گا، البتہ عورت کو یہ حق نہ ہوگا کہ کفارہ دینے سے پہلے شوہر کو اپنے پاس آنے سے روک دے۔ ابراہیم نَخَعیؒ اس کی تائید میں یہ واقعہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت طلحہؓ کی صاحبزادی عائشہ سے حضرت زبیرؓ کے صاحبزادے مُصعَب نے نکاح کا پیغام دیا۔ انھوں نے اسے ردّ کرتے ہوئے یہ الفاظ کہہ دیے کہ اگر میں ان سے نکاح کروں تو هُوَ عَلَيَّ كَظَهْرِ اَبِيْ (وہ میرے اُوپر ایسے ہوں جیسے میرے باپ کی پیٹھ)۔ کچھ مدت بعد وہ ان سے شادی کرنے پر راضی ہوگئیں۔ مدینہ کے علما سے اس کے متعلق فتویٰ لیا گیا تو بہت سے فقہا نے، جن میں متعدد صحابہؓ بھی شامل تھے، یہ فتویٰ دیا کہ عائشہ پر کفارۂ ظِہار لازم ہے۔ اس واقعے کو نقل کرنے کے بعد ابراہیم نَخَعی اپنی یہ رائے بیان کرتے ہیں کہ اگر عائشہ یہ بات شادی کے بعد کہتیں تو کفّارہ لازم نہ آتا، مگر انھوں نے شادی سے پہلے یہ کہا تھا جب انھیں نکاح کرنے یا نہ کرنے کا اختیار حاصل تھا، اس لیے کفارہ ان پر واجب ہوگیا۔

۳۔ جو عاقل و بالغ آدمی ظِہار کے صریح الفاظ بحالتِ ہوش و حواس زبان سے ادا کرے، اس کا یہ عذر قابلِ قبول نہیں ہوسکتا کہ اس نے غصّے میں، یا مذاق میں، یا پیار سے ایسا کہا، یا یہ کہ اس کی نیّت ظہار کی نہ تھی۔ البتہ جو الفاظ اس معاملے میں صریح نہیں ہیں، اور جن میں مختلف معنوں کا احتمال ہے، ان کا حکم الفاظ کی نوعیت پر منحصر ہے۔ آگے چل کر

ہم بتائیں گے کہ ظِہار کے صریح الفاظ کون سے ہیں اور غیر صریح کون سے۔

۴- یہ امر مُتَّفَق عَلَیْہِ ہے کہ ظِہار اُس عورت سے کیا جا سکتا ہے جو آدمی کے نکاح میں ہو۔ البتہ اس امر میں اختلاف ہے کہ کیا غیر عورت سے بھی ظِہار ہو سکتا ہے۔ اس معاملے میں مختلف مسالک یہ ہیں:

حَنَفِیَّہ کہتے ہیں کہ غیر عورت سے اگر آدمی یہ کہے کہ "میں تجھ سے نکاح کروں تو میرے اُوپر تو ایسی ہے جیسے میری ماں کی پیٹھ"، تو جب بھی وہ اس سے نکاح کرے گا، کفارہ ادا کیے بغیر اسے ہاتھ نہ لگا سکے گا۔ یہی حضرت عمرؓ کا فتویٰ ہے۔ اُن کے زمانے میں ایک شخص نے ایک عورت سے یہ بات کہی اور بعد میں اس سے نکاح کر لیا۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا: اُسے کفارۂ ظِہار دینا ہو گا۔

مالکیہ اور حنابلہ بھی یہی بات کہتے ہیں، اور وہ اس پر یہ اضافہ کرتے ہیں کہ اگر عورت کی تخصیص نہ کی گئی ہو بلکہ کہنے والے نے یوں کہا ہو کہ تمام عورتیں میرے اُوپر ایسی ہیں، تو جس سے بھی وہ نکاح کرے گا اسے ہاتھ لگانے سے پہلے کفّارہ دینا ہو گا۔ یہی رائے سعید بن المُسَیَّب، عُروَہ بن زبیر، عطاء بن ابی رَباح، حَسَن بصری اور اسحاق بن راھَوَیہ کی ہے۔

شافعیہ کہتے ہیں کہ نکاح سے پہلے ظِہار بالکل بے معنیٰ ہے۔ ابنِ عباسؓ اور قَتَادَہؒ کی بھی یہی رائے ہے۔

۵- کیا ظِہار ایک خاص وقت تک کے لیے ہو سکتا ہے؟ حَنَفی اور شافعی کہتے ہیں کہ اگر آدمی نے کسی خاص وقت کی تعیین کر کے ظِہار کیا ہو تو جب تک وہ وقت باقی ہے، بیوی کو ہاتھ لگانے سے کفارہ لازم آئے گا، اور اس وقت کے گزر جانے پر ظِہار غیر مؤثر ہو جائے گا۔ اس کی دلیل سَلَمہ بن صَخر بَیَاضی کا واقعہ ہے، جس میں انھوں نے اپنی بیوی سے رمضان کے لیے ظِہار کیا تھا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے یہ نہیں فرمایا تھا کہ وقت کی تعیین بے معنیٰ ہے۔ بخلاف اس کے، امام مالکؒ اور ابنِ ابی لیلیٰؒ کہتے ہیں کہ ظِہار جب بھی کیا جائے گا، ہمیشہ کے لیے ہو گا اور وقت کی تخصیص غیر مؤثر ہو گی، کیونکہ جو حرمت واقع ہو چکی ہے وہ وقت گزر جانے پر آپ سے آپ ختم نہیں ہو سکتی۔

۶- مشروط ظِہار کیا گیا ہو تو جس وقت بھی شرط کی خلاف ورزی ہو گی، کفارہ لازم آ جائے گا۔ مثلاً آدمی بیوی سے یہ کہتا ہے کہ "اگر میں گھر میں آؤں تو میرے اُوپر تُو ایسی ہے جیسے میری ماں کی پیٹھ"۔ اس صورت میں وہ جب بھی گھر میں داخل ہو گا، کفّارہ ادا کیے بغیر بیوی کو ہاتھ نہ لگا سکے گا۔

۷- ایک بیوی سے کئی مرتبہ ظِہار کے الفاظ کہے گئے ہوں تو حَنَفی اور شافعی کہتے ہیں کہ خواہ ایک ہی نِشَست میں ایسا کیا گیا ہو یا متعدّد نِشَستوں میں، بہرحال جتنی مرتبہ یہ الفاظ کہے گئے ہوں اُتنے ہی کفارے لازم آئیں گے، اِلّا یہ کہ کہنے والے نے ایک دفعہ کہنے کے بعد اس قول کی تکرار محض اپنے پہلے قول کی تاکید کے لیے کی ہو۔ بخلاف اس کے، امام مالکؒ اور امام احمد بن حَنبَلؒ کہتے ہیں کہ خواہ کتنی ہی مرتبہ اس قول کی تکرار کی گئی ہو، قطعِ نظر اس سے کہ اعادے کی نیت ہو یا تاکید کی، کفّارہ ایک ہی لازم ہو گا۔ یہی قول شَعْبِی، طاؤس، عطاء بن ابی رَباح، حسن بصری اور اَوزاعی رحمہم اللہ کا ہے۔ حضرت علیؓ کا فتویٰ یہ ہے کہ اگر تکرار ایک نِشَست میں کی گئی ہو تو ایک ہی کفارہ ہو گا، اور مختلف نِشَستوں میں ہو تو جتنی نِشَستوں میں کی گئی ہو، اُتنے ہی کفارے دینے ہوں گے۔ قَتَادَہ اور عَمرو بن دینار کی رائے بھی یہی ہے۔

۸- دو یا زائد بیویوں سے بیک وقت اور بیک لفظ ظِہار کیا جائے، مثلاً اُن کو مخاطب کر کے شوہر کہے کہ تم میرے اُوپر

ایسی ہو جیسے میری ماں کی پیٹھ، تو حَنَفِیَہ اور شافِعِیَہ کہتے ہیں کہ ہر ایک کو حلال کرنے کے لیے الگ الگ کفارے دینے ہوں گے۔ یہی رائے حضرت عمرؓ، حضرت علیؓ، عُروَہؒ بن زبیرؓ، طاؤس، عطاء، حسن بصری، ابراہیم نَخَعی، سفیان ثَوری اور ابن شہاب زُہری کی ہے۔ امام مالکؒ اور امام احمدؒ کہتے ہیں کہ اس صورت میں سب کے لیے ایک ہی کفارہ لازم ہوگا۔ رَبیعہ، اَوزاعی، اسحاق بن راہَوَیہ اور ابوثَور کی بھی یہی رائے ہے۔

۹- ایک ظِہار کا کفارہ دینے کے بعد اگر آدمی پھر ظِہار کر بیٹھے تو یہ امر مُتَّفَق عَلَیہ ہے کہ پھر کفارہ دیے بغیر بیوی اس کے لیے حلال نہ ہوگی۔

۱۰- کفّارہ ادا کرنے سے پہلے اگر بیوی سے تعلقِ زن وشو قائم کر بیٹھا ہو تو ائمۂ اربعہ کے نزدیک اگرچہ یہ گناہ ہے، اور آدمی کو اس پر اِستِغفار کرنا چاہیے، اور پھر اس کا اِعادہ نہ کرنا چاہیے، مگر کفارہ اسے ایک ہی دینا ہوگا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں جن لوگوں نے ایسا کیا تھا، ان سے آپؐ نے یہ تو فرمایا تھا کہ اِستِغفار کرو اور اُس وقت تک بیوی سے الگ رہو جب تک کفارہ ادا نہ کردو، مگر یہ حکم آپؐ نے نہیں دیا تھا کہ کفارۂ ظِہار کے علاوہ اِس پر اُنھیں کوئی اور کفارہ بھی دینا ہوگا۔ حضرت عَمرؓو بن عاص، قَبِیصَہ بن ذُؤَیب، سعید بن جُبَیر، زُہری اور قَتَادَہ کہتے ہیں کہ اس پر دو کفارے لازم ہوں گے۔ اور حسن بصری اور ابراہیم نَخَعی کی رائے یہ ہے کہ تین کفارے دینے ہوں گے۔ غالباً اِن حضرات کو وہ احادیث نہ پہنچی ہوں گی جن میں اِس مسئلے پر حضورؐ کا فیصلہ بیان ہوا ہے۔

۱۱- بیوی کو کس سے تشبیہ دینا ظِہار ہے؟ اِس مسئلے میں فقہا کے درمیان اختلاف ہے:

عامر شَعبی کہتے ہیں کہ صرف ماں سے تشبیہ ظِہار ہے، اور ظاہریہ کہتے ہیں کہ ماں کی بھی صرف پیٹھ سے تشبیہ ظِہار ہے، باقی اور کسی بات پر اِس حکم کا اِطلاق نہیں ہوتا۔ مگر فقہائے اُمّت میں سے کسی گروہ نے بھی اُن سے اِس معاملے میں اتفاق نہیں کیا ہے، کیونکہ قرآن نے ماں سے تشبیہ کو گناہ قرار دینے کی وجہ یہ بیان کی ہے کہ یہ نہایت بیہودہ اور جھوٹی بات ہے۔ اب یہ ظاہر ہے کہ جن عورتوں کی حُرمت ماں جیسی ہے، ان کے ساتھ بیوی کو تشبیہ دینا بے ہودگی اور جھوٹ میں اس سے کچھ مختلف نہیں ہے، اس لیے کوئی وجہ نہیں کہ اس کا حکم وہی نہ ہو جو ماں سے تشبیہ کا حکم ہے۔

حَنَفِیَہ کہتے ہیں کہ اس حکم میں تمام وہ عورتیں داخل ہیں جو نسب، یا رضاعت، یا اِزدِواجی رشتے کی بنا پر آدمی کے لیے ابداً حرام ہیں۔ مگر وقتی طور پر جو عورتیں حرام ہوں اور کسی وقت حلال ہو سکتی ہوں، وہ اس میں داخل نہیں ہیں، جیسے بیوی کی بہن، اس کی خالہ، اس کی پھوپھی، یا غیر عورت جو آدمی کے نکاح میں نہ ہو۔ ابدی مُحَرّمات میں سے کسی عورت کے کسی ایسے عُضو کے ساتھ تشبیہ دینا جس پر نظر ڈالنا آدمی کے لیے حلال نہ ہو، ظِہار ہوگا۔ البتہ بیوی کے ہاتھ، پاؤں، سر، بال، دانت وغیرہ کو ابداً حرام عورت کی پیٹھ سے، یا بیوی کو اُس کے سر، ہاتھ، پاؤں جیسے اجزائے جسم سے تشبیہ دینا ظِہار نہ ہوگا، کیونکہ ماں بہن کے اِن اعضا پر نگاہ ڈالنا حرام نہیں ہے۔ اسی طرح یہ کہنا کہ تیرا ہاتھ میری ماں کے ہاتھ جیسا ہے، یا تیرا پاؤں میری ماں کے پاؤں جیسا ہے، ظِہار نہیں ہے۔

شافعیہ کہتے ہیں کہ اس حکم میں صرف وہی عورتیں داخل ہیں جو ہمیشہ حرام تھیں اور ہمیشہ حرام رہیں، یعنی ماں، بہن، بیٹی وغیرہ۔

مگر وہ عورتیں اِس میں داخل نہیں ہیں جو کبھی حلال رہ چکی ہوں، جیسے رضاعی ماں، بہن، ساس اور بہو، یا کسی وقت حلال ہوسکتی ہوں، جیسے سالی۔ اِن عارضی یا وقتی حرام عورتوں کے ماسوا ابَدی حُرمت رکھنے والی عورتوں میں سے کسی کے اُن اعضا کے ساتھ بیوی کو تشبیہ دینا ظہار ہوگا جن کا ذکر بغرضِ اظہارِ اکرام و توقیر عادتاً نہیں کیا جاتا۔ رہے وہ اعضا جن کا اظہار اکرام و توقیر کے لیے کیا جاتا ہے، تو ان سے تشبیہ صرف اُس صورت میں ظہار ہوگی جب کہ یہ بات ظہار کی نیت سے کہی جائے۔ مثلاً بیوی سے یہ کہنا کہ تو میرے لیے میری ماں کی آنکھ یا جان کی طرح ہے، یا ماں کے ہاتھ، پاؤں یا پیٹ کی طرح ہے، یا ماں کے پیٹ یا سینے سے بیوی کے پیٹ یا سینے کو تشبیہ دینا، یا بیوی کے سر، پیٹھ یا ہاتھ کو اپنے لیے ماں کی پیٹھ جیسا قرار دینا، یا بیوی کو یہ کہنا کہ تو میرے لیے میری ماں جیسی ہے، ظہار کی نیت سے ہو تو ظہار ہے، اور عزت کی نیت سے ہو تو عزت ہے۔

مالکیّہ کہتے ہیں کہ ہر عورت جو آدمی کے لیے حرام ہو، اُس سے بیوی کو تشبیہ دینا ظہار ہے، حتّٰی کہ بیوی سے یہ کہنا بھی ظہار کی تعریف میں آتا ہے کہ تو میرے اُوپر فُلاں غیر عورت کی پیٹھ جیسی ہے۔ نیز وہ کہتے ہیں کہ ماں اور ابَدی مُحرّمات کے کسی عضو سے بیوی کو یا بیوی کے کسی عضو کو تشبیہ دینا ظہار ہے، اور اس میں یہ شرط نہیں ہے کہ وہ اعضا ایسے ہوں جن پر نظر ڈالنا حلال نہ ہو، کیونکہ ماں کے کسی عضو پر بھی اُس طرح کی نظر ڈالنا جیسی بیوی پر ڈالی جاتی ہے، حلال نہیں ہے۔

حنابلہ اس حکم میں تمام اُن عورتوں کو داخل سمجھتے ہیں جو ابداً حرام ہوں، خواہ وہ پہلے کبھی حلال رہ چکی ہوں، مثلاً ساس، یا دُودھ پلانے والی ماں۔ رہیں وہ عورتیں جو بعد میں کسی وقت حلال ہوسکتی ہوں (مثلاً سالی)، تو اُن کے معاملے میں امام احمدؒ کا ایک قول یہ ہے کہ ان سے تشبیہ بھی ظہار ہے، اور دوسرا قول یہ ہے کہ ان سے تشبیہ ظہار نہیں ہے۔ نیز حنابلہ کے نزدیک بیوی کے کسی عضو کو مُحرّمات کے کسی عضو سے تشبیہ دینا ظہار کی تعریف میں آجاتا ہے۔ البتہ بال، ناخن، دانت جیسے غیر مستقل اجزائے جسم اِس حکم سے خارج ہیں۔

۱۲- اس امر میں تمام فقہا کا اتفاق ہے کہ بیوی سے یہ کہنا کہ ”تو میرے اُوپر میری ماں کی پیٹھ جیسی ہے“ صریح ظہار ہے، کیونکہ اہلِ عرب میں یہی ظہار کا طریقہ تھا اور قرآنِ مجید کا حکم اِسی کے بارے میں نازل ہوا ہے۔ البتہ اس امر میں فقہا کے درمیان اختلاف ہے کہ دوسرے الفاظ میں سے کون سے ایسے ہیں جو صریح ظہار کے حکم میں ہیں، اور کون سے ایسے ہیں جن کے ظہار ہونے یا نہ ہونے کا فیصلہ قائل کی نیت پر کیا جائے گا۔

حَنَفیّہ کے نزدیک ظہار کے صریح الفاظ وہ ہیں جن میں صاف طور پر حلال عورت (بیوی) کو حرام عورت (یعنی مُحرّماتِ ابَدیّہ میں سے کسی عورت) سے تشبیہ دی گئی ہو، یا تشبیہ ایسے عضو سے دی گئی ہو جس پر نظر ڈالنا حلال نہیں ہے، جیسے یہ کہنا کہ تو میرے اُوپر ماں یا فلاں حرام عورت کے پیٹ یا ران جیسی ہے۔ ان کے سوا دوسرے الفاظ میں اختلاف کی گنجایش ہے۔ اگر کہے کہ ”تو میرے اُوپر حرام ہے جیسے میری ماں کی پیٹھ“ تو امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک یہ صریح ظہار ہے، لیکن امام ابو یوسفؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک ظہار کی نیت ہو تو ظہار ہے اور طلاق کی نیت ہو تو طلاق۔ اگر کہے کہ ”تو میری ماں جیسی ہے یا میری ماں کی طرح ہے“ تو حنفیہ کا عام فتویٰ یہ ہے کہ ظہار کی نیت سے ظہار ہے، طلاق کی نیت سے طلاقِ بائن، اور اگر کوئی نیت نہ ہو تو بے معنیٰ ہے۔ لیکن امام محمدؒ کے نزدیک یہ قطعی ظہار ہے۔ اگر بیوی کو ماں، یا بہن، یا بیٹی کہہ کر پکارے تو یہ سخت بیہودہ بات ہے، جس پر

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے غصّے کا اظہار فرمایا تھا، مگر اسے ظہار نہیں قرار دیا۔ اگر کہے کہ ’’تو میرے اُوپر ماں کی طرح حرام ہے‘‘ تو یہ ظِہار کی نیّت سے ظِہار ہے، طلاق کی نیت سے طلاق، اور کوئی نیت نہ ہو تو ظِہار ہے۔ اگر کہے کہ ’’تو میرے لیے ماں کی طرح یا ماں جیسی ہے‘‘ تو نیّت پُوچھی جائے گی۔ عزت اور توقیر کی نیّت سے کہا ہو تو عزّت اور توقیر ہے۔ ظِہار کی نیّت سے کہا ہو تو ظِہار ہے۔ طلاق کی نیت سے کہا ہو تو طلاق ہے۔ کوئی نیّت نہ ہو اور یوں ہی یہ بات کہہ دی ہو تو امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک بے معنیٰ ہے، امام ابو یوسفؒ کے نزدیک اس پر ظِہار کا تو نہیں مگر قسم کا کفارہ لازم آئے گا، اور امام محمدؒ کے نزدیک یہ ظِہار ہے۔

شافعیّہ کے نزدیک ظِہار کے صریح الفاظ یہ ہیں کہ کوئی شخص اپنی بیوی سے کہے تُو میرے نزدیک، یا میرے ساتھ، یا میرے لیے ایسی ہے جیسی میری ماں کی پیٹھ۔ یا تُو میری ماں کی پیٹھ کی طرح ہے۔ یا تیرا جسم، یا تیرا بدن، یا تیرا نفس میرے لیے میری ماں کے جسم یا بدن یا نفس کی طرح ہے۔ اِن کے سوا باقی تمام الفاظ میں قائل کی نیت پر فیصلہ ہوگا۔

حنابلہ کے نزدیک ہر وہ لفظ جس سے کسی شخص نے بیوی کو یا اس کے مستقل اعضا میں سے کسی عضو کو کسی ایسی عورت سے جو اس کے لیے حرام ہے، یا اُس کے مستقل اعضا میں سے کسی عضو سے صاف صاف تشبیہ دی ہو، ظِہار کے معاملے میں صریح مانا جائے گا۔

مالکیّہ کا مسلک بھی قریب قریب یہی ہے، البتہ تفصیلات میں اُن کے فتوے الگ الگ ہیں۔ مثلاً کسی شخص کا بیوی سے یہ کہنا کہ ’’تو میرے لیے میری ماں جیسی ہے، یا میری ماں کی طرح ہے‘‘ مالکیوں کے نزدیک ظِہار کی نیت سے ہو تو ظِہار ہے، طلاق کی نیت سے ہو تو طلاق، اور کوئی نیّت نہ ہو تو ظِہار ہے۔ حنبلیوں کے نزدیک یہ بشرطِ نیت صرف ظِہار قرار دیا جا سکتا ہے۔ اگر کوئی شخص بیوی سے کہے کہ ’’تو میری ماں ہے‘‘ تو مالکیہ کہتے ہیں کہ یہ ظِہار ہے اور حنابلہ کہتے ہیں کہ یہ بات اگر جھگڑے اور غصّے کی حالت میں کہی گئی ہو تو ظِہار ہے، اور پیار محبّت کی بات چیت میں کہی گئی ہو تو گو یہ بہت ہی بُری بات ہے، لیکن ظِہار نہیں ہے۔ اگر کوئی شخص کہے: ’’تجھے طلاق ہے، تُو میری ماں کی طرح ہے‘‘، تو حنابلہ کے نزدیک یہ طلاق ہے نہ کہ ظِہار، اور اگر کہے: ’’تو میری ماں کی طرح ہے، تجھے طلاق ہے‘‘، تو ظِہار اور طلاق دونوں واقع ہو جائیں گے۔ یہ کہنا کہ ’’تو میرے اُوپر ایسی حرام ہے جیسی میری ماں کی پیٹھ‘‘ مالکیہ اور حنابلہ دونوں کے نزدیک ظِہار ہے، خواہ طلاق ہی کی نیت سے یہ الفاظ کہے گئے ہوں، یا نیت کچھ بھی نہ ہو۔

الفاظِ ظِہار کی اِس بحث میں یہ بات اچھی طرح سمجھ لینی چاہیے کہ فقہا نے اس باب میں جتنی بحثیں کی ہیں، وہ سب عربی زبان کے الفاظ اور محاورات سے تعلق رکھتی ہیں، اور ظاہر ہے کہ دنیا کی دوسری زبانیں بولنے والے نہ عربی زبان میں ظِہار کریں گے، نہ ظِہار کرتے وقت عربی الفاظ اور فقروں کا ٹھیک ٹھیک ترجمہ زبان سے ادا کریں گے۔ اس لیے کسی لفظ یا فقرے کے متعلق اگر یہ فیصلہ کرنا ہو کہ وہ ظِہار کی تعریف میں آتا ہے یا نہیں، تو اسے اس لحاظ سے نہیں جانچنا چاہیے کہ وہ فقہا کے بیان کردہ الفاظ میں سے کس کا صحیح ترجمہ ہے، بلکہ صرف یہ دیکھنا چاہیے کہ آیا قائل نے بیوی کو جنسی (sexual) تعلق کے لحاظ سے مُحرّمات میں سے کسی کے ساتھ صاف صاف تشبیہ دی ہے، یا اس کے الفاظ میں دوسرے مفہومات کا بھی احتمال ہے؟ اس کی نمایاں ترین مثال خود وہ فقرہ ہے، جس کے متعلق تمام فقہا اور مفسرین کا اتفاق ہے کہ عرب میں ظِہار کے لیے وہی بولا جاتا تھا

اور قرآنِ مجید کا حکم اُسی کے بارے میں نازل ہوا ہے، یعنی اَنْتِ عَلَیَّ کَظَھْرِ اُمِّیْ (تُو میرے اُوپر میری ماں کی پیٹھ جیسی ہے)۔ غالباً دنیا کی کسی زبان میں، اور کم از کم اُردو کی حد تک تو ہم یقین کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ اِس زبان میں کوئی ظِہار کرنے والا ایسے الفاظ استعمال نہیں کرسکتا جو اس عربی فقرے کا لفظی ترجمہ ہوں۔ البتہ وہ اپنی زبان کے ایسے الفاظ ضرور استعمال کرسکتا ہے جن کا مفہُوم ٹھیک وہی ہو جسے ادا کرنے کے لیے ایک عرب یہ فقرہ بولا کرتا تھا۔ اس کا مفہُوم یہ تھا کہ ''تجھ سے مباشرت میرے لیے ایسی ہے جیسے اپنی ماں سے مباشرت''، یا جیسے بعض جُہلا بیوی سے کہہ بیٹھتے ہیں کہ ''تیرے پاس آؤں تو اپنی ماں کے پاس جاؤں''۔

۱۳- قرآنِ مجید میں جس چیز کو کفّارہ لازم آنے کا سبب قرار دیا گیا ہے، وہ محض ظِہار نہیں ہے بلکہ ظِہار کے بعد ''عَوْد'' ہے۔ یعنی اگر آدمی صرف ظِہار کر کے رہ جائے اور عَود نہ کرے تو اس پر کفارہ لازم نہیں آتا۔ اب سوال یہ ہے کہ وہ عَود کیا ہے جو کفّارے کا مُوجِب ہے؟ اس بارے میں فقہا کے مسالک یہ ہیں:

حَنفِیَہ کہتے ہیں کہ عَود سے مراد مباشرت کا ارادہ ہے۔ لیکن اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ محض ارادے اور خواہش پر کفارہ لازم آ جائے، حتیٰ کہ اگر آدمی ارادہ کر کے رہ جائے اور عملی اقدام نہ کرے تب بھی اسے کفارہ دینا پڑے۔ بلکہ اس کا صحیح مطلب یہ ہے کہ جو شخص اُس حرمت کو رفع کرنا چاہے جو اس نے ظِہار کر کے بیوی کے ساتھ تعلقِ زن و شَو کے معاملے میں اپنے اُوپر عائد کرلی تھی، وہ پہلے کفارہ دے، کیونکہ یہ حُرمت کفّارے کے بغیر رفع نہیں ہوسکتی۔

امام مالکؒ کے اِس معاملے میں تین قول ہیں، مگر مالکیہ کے ہاں اُن کا مشہور ترین اور صحیح ترین قول اُس مسلک کے مطابق ہے جو اُوپر حنفیہ کا بیان ہوا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ظِہار سے جس چیز کو اُس نے اپنے اُوپر حرام کرلیا تھا، وہ بیوی کے ساتھ مباشرت کا تعلق تھا۔ اُس کے بعد عَود یہ ہے کہ وہ اُس کے ساتھ یہی تعلق رکھنے کے لیے پلٹے۔

امام احمد بن حنبلؒ کا مسلک بھی ابنِ قُدامہؒ نے قریب قریب وہی نقل کیا ہے جو اُوپر دونوں اماموں کا بیان کیا گیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ظِہار کے بعد مباشرت کے حلال ہونے کے لیے کفارہ شرط ہے۔ ظِہار کرنے والا جو شخص اسے حلال کرنا چاہے، وہ گویا تحریم سے پلٹنا چاہتا ہے۔ اس لیے اسے حکم دیا گیا کہ اسے حلال کرنے سے پہلے کفارہ دے، ٹھیک اُسی طرح جیسے کوئی شخص ایک غیر عورت کو اپنے لیے حلال کرنا چاہے تو اس سے کہا جائے گا کہ اسے حلال کرنے سے پہلے نکاح کرے۔

امام شافعیؒ کا مسلک اِن تینوں سے مختلف ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ آدمی کا اپنی بیوی سے ظِہار کرنے کے بعد اُسے حسبِ سابق بیوی بنائے رکھنا، یا بالفاظِ دیگر، اسے بیوی کی حیثیت سے روکے رکھنا عَود ہے۔ کیونکہ جس وقت اس نے ظِہار کیا، اُسی وقت گویا اُس نے اپنے لیے یہ بات حرام کرلی کہ اُسے بیوی بنا کر رکھے۔ لہٰذا اگر اس نے ظِہار کرتے ہی فوراً اسے طلاق نہ دی اور اِتنی دیر تک اُسے روکے رکھا جس میں وہ طلاق کے الفاظ زبان سے نکال سکتا تھا، تو اس نے عَود کرلیا اور اس پر کفارہ واجب ہوگیا۔ اس کے معنیٰ یہ ہیں کہ ایک سانس میں ظِہار کرنے کے بعد اگر آدمی دوسرے ہی سانس میں طلاق نہ دے دے تو کفّارہ لازم آ جائے گا، خواہ بعد میں اُس کا فیصلہ یہی ہو کہ اِس عورت کو بیوی بنا کر نہیں رکھنا ہے، اور اُس کا کوئی ارادہ اس کے ساتھ تعلقِ زن و شَوہر رکھنے کا نہ ہو۔ حتیٰ کہ چند منٹ غور کر کے وہ بیوی کو طلاق بھی دے ڈالے تو امام شافعیؒ کے مسلک کی رُو سے کفارہ اس کے ذِمّے لازم رہے گا۔

۱۴- قرآن کا حکم ہے کہ ظِہار کرنے والا کفارہ دے قبل اس کے کہ زوجین ایک دوسرے کو ''مَس'' کریں۔ ائمۂ اربعہ کا اس بات پر اتفاق ہے کہ اِس آیت میں مَس سے مراد چُھونا ہے، اس لیے کفارے سے پہلے صرف مباشرت ہی حرام نہیں ہے بلکہ شوہر کسی طرح بھی بیوی کو چُھو نہیں سکتا۔ شافعیہ شہوت کے ساتھ چُھونے کو حرام کہتے ہیں، حنابلہ ہر طرح کے تلذُّذ کو حرام قرار دیتے ہیں، اور مالکیہ لذّت کے لیے بیوی کے جسم پر بھی نظر ڈالنے کو ناجائز ٹھیراتے ہیں اور ان کے نزدیک صرف چہرے اور ہاتھوں پر نظر ڈالنا اس سے مستثنیٰ ہے۔

۱۵- ظِہار کے بعد اگر آدمی بیوی کو طلاق دے دے تو رجعی طلاق ہونے کی صورت میں رُجوع کر کے بھی وہ کفارہ دیے بغیر اس کو ہاتھ نہیں لگا سکتا۔ بائن ہونے کی صورت میں اگر اس سے دوبارہ نکاح کرے تب بھی اسے ہاتھ لگانے سے پہلے کفارہ دینا ہوگا۔ حتّٰی کہ اگر تین طلاق دے چکا ہو، اور عورت دوسرے آدمی سے نکاح کرنے کے بعد بیوہ یا مُطلَّقہ ہو چکی ہو، اور اس کے بعد ظِہار کرنے والا شوہر اس سے ازسرِنو نکاح کر لے، پھر بھی کفارے کے بغیر وہ اس کے لیے حلال نہ ہوگی۔ کیونکہ وہ اسے ماں یا مُحرَّمات سے تشبیہ دے کر اپنے اُوپر ایک دفعہ حرام کر چکا ہے، اور یہ حُرمت کفّارے کے بغیر رفع نہیں ہوسکتی۔ اِس پر ائمۂ اربعہ کا اتفاق ہے۔

۱۶- عورت کے لیے لازم ہے کہ جس شوہر نے اس کے ساتھ ظِہار کیا ہے اسے ہاتھ نہ لگانے دے جب تک وہ کفارہ ادا نہ کرے۔ اور چونکہ تعلقِ زن و شو عورت کا حق ہے، جس سے ظِہار کر کے شوہر نے اسے محروم کیا ہے، اس لیے اگر وہ کفارہ نہ دے تو بیوی عدالت کی طرف رُجوع کر سکتی ہے۔ عدالت اس کے شوہر کو مجبور کرے گی کہ وہ کفارہ دے کر حُرمت کی وہ دیوار ہٹائے جو اس نے اپنے اور اُس کے درمیان حائل کر لی ہے۔ اور اگر وہ نہ مانے تو عدالت اسے ضرب یا قید یا دونوں طرح کی سزائیں دے سکتی ہے۔ یہ بات بھی چاروں مذاہبِ فقہ میں مُتَّفَق عَلَیہ ہے۔ البتہ فرق یہ ہے کہ مذہبِ حنفی میں عورت کے لیے صرف یہی ایک چارۂ کار ہے، ورنہ ظِہار پر خواہ کتنی ہی مدت گزر جائے، عورت کو اگر عدالت اِس مشکل سے نہ نکالے تو وہ تمام عمر معلّق رہے گی، کیونکہ ظِہار سے نکاح ختم نہیں ہوتا، صرف شوہر کا حقِ تمتُّع سلب ہوتا ہے۔ مالکی مذہب میں اگر شوہر عورت کو ستانے کے لیے ظِہار کر کے معلّق چھوڑ دے تو اس پر اِیلا کے احکام جاری ہوں گے، یعنی وہ چار مہینے سے زیادہ عورت کو روک کر نہیں رکھ سکتا۔ (احکامِ اِیلا کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد اوّل، البقرہ، حواشی ۲۴۵ تا ۲۴۷) شافعیہ کے نزدیک اگرچہ ظِہار میں احکامِ اِیلا تو صرف اُس وقت جاری ہوسکتے ہیں جب کہ شوہر نے ایک مدّتِ خاص کے لیے ظِہار کیا ہو اور وہ مدّت چار مہینے سے زیادہ ہو، لیکن چونکہ مذہبِ شافعی کی رُو سے شوہر پر اُسی وقت کفارہ واجب ہو جاتا ہے جب وہ عورت کو بیوی بنا کر رکھے رہے، اس لیے یہ ممکن نہیں رہتا کہ وہ کسی طویل مدت تک اس کو معلّق رکھے۔

۱۷- قرآن اور سنّت میں تصریح ہے کہ ظِہار کا پہلا کفارہ غلام آزاد کرنا ہے۔ اس سے آدمی عاجز ہو تب دو مہینے کے روزوں کی شکل میں کفارہ دے سکتا ہے۔ اور اس سے بھی عاجز ہو تب ۶۰ مسکینوں کو کھانا کھلا سکتا ہے۔ لیکن اگر تینوں کفّاروں سے کوئی شخص عاجز ہو تو چونکہ شریعت میں کفّارے کی کوئی اور شکل نہیں رکھی گئی ہے، اس لیے اُسے اُس وقت تک انتظار کرنا ہوگا جب تک وہ ان میں سے کسی ایک پر قادر نہ ہو جائے۔ البتہ سنّت سے یہ ثابت ہے کہ ایسے شخص کی مدد کی جانی چاہیے،

تاکہ وہ تیسرا کفارہ ادا کر سکے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بیت المال سے ایسے لوگوں کی مدد فرمائی ہے جو اپنی غلطی سے اِس مشکل میں پھنس گئے تھے اور تینوں کفّاروں سے عاجز تھے۔

۱۸- قرآنِ مجید کفارے میں رَقَبَہ آزاد کرنے کا حکم دیتا ہے، جس کا اِطلاق لونڈی اور غلام دونوں پر ہوتا ہے، اور اس میں عمر کی کوئی قید نہیں ہے۔ شیر خوار بچہ بھی اگر غلامی کی حالت میں ہو تو اسے آزاد کر دینا کفارے کے لیے کافی ہے۔ البتہ فقہا کے درمیان اس امر میں اختلاف ہے کہ آیا مومن اور کافر، دونوں قسم کے غلام آزاد کیے جا سکتے ہیں یا صرف مومن غلام ہی آزاد کرنا ہو گا۔ حَنفِیّہ اور ظاہریّہ کہتے ہیں کہ غلام خواہ مومن ہو یا کافر، اس کا آزاد کر دینا کفارۂ ظِہار کے لیے کافی ہے، کیونکہ قرآن میں مطلق رَقَبَہ کا ذکر ہے، یہ نہیں کہا گیا ہے کہ وہ مومن ہی ہونا چاہیے۔ بخلاف اس کے شافعیہ، مالکیہ اور حنابلہ اس کے لیے مومن کی شرط لگاتے ہیں، اور انھوں نے اس حکم کو اُن دوسرے کفّاروں پر قیاس کیا ہے جن میں رَقَبَہ کے ساتھ قرآنِ مجید میں مومن کی قید لگائی گئی ہے۔

۱۹- غلام نہ پانے کی صورت میں قرآن کا حکم ہے کہ ظِہار کرنے والا مسلسل دو مہینے کے روزے رکھے قبل اس کے کہ زوجین ایک دوسرے کو ہاتھ لگائیں۔ اس فرمانِ الٰہی پر عمل کرنے کی تفصیلات مختلف فقہی مذاہب میں حسبِ ذیل ہیں:

الف- اس امر پر اتفاق ہے کہ مہینوں سے مُراد ہِلالی مہینے ہیں۔ اگر طُلوعِ ہِلال سے روزوں کا آغاز کیا جائے تو دو مہینے پورے کرنے ہوں گے۔ اگر بیچ میں کسی تاریخ سے شروع کیا جائے تو حَنفِیّہ اور حَنابِلہ کہتے ہیں کہ ۶۰ روزے رکھنے چاہییں۔ اور شافعیہ کہتے ہیں کہ پہلے اور تیسرے مہینے میں مجموعی طور پر ۳۰ روزے رکھے اور بیچ کا ہِلالی مہینا خواہ ۲۹ کا ہو یا ۳۰ کا، اُس کے روزے رکھ لینے کافی ہیں۔

ب- حنفیہ اور شافعیہ کہتے ہیں کہ روزے ایسے وقت شروع کرنے چاہییں جب کہ بیچ میں نہ رمضان آئے نہ عیدین نہ یوم النحر اور ایّامِ تَشریق، کیونکہ کفارے کے روزے رکھنے کے دوران میں رمضان کے روزے رکھنے اور عیدین اور یوم النحر اور ایّامِ تشریق کے روزے چھوڑنے سے دو مہینے کا تسلسل ٹوٹ جائے گا اور نئے سرے سے روزے رکھنے پڑیں گے۔ حنابلہ کہتے ہیں کہ بیچ میں رمضان کے روزے رکھنے اور حرام دنوں کے روزے نہ رکھنے سے تسلسل نہیں ٹوٹتا۔

ج- دو مہینوں کے دوران میں خواہ آدمی کسی عذر کی بنا پر روزہ چھوڑے یا بلاعذر، دونوں صورتوں میں حَنفِیّہ اور شافعیہ کے نزدیک تسلسل ٹوٹ جائے گا اور نئے سرے سے روزے رکھنے ہوں گے۔ یہی رائے امام محمد باقرؒ، ابراہیم نَخَعیؒ، سعید بن جُبیرؒ اور سُفیان ثَوریؒ کی ہے۔ امام مالکؒ اور امام احمدؒ کے نزدیک مرض یا سفر کے عذر سے بیچ میں روزہ چھوڑا جا سکتا ہے اور اس سے تسلسل نہیں ٹوٹتا، البتہ بلاعذر روزہ چھوڑ دینے سے ٹوٹ جاتا ہے۔ ان کا اِستدلال یہ ہے کہ کفارے کے روزے رمضان کے فرض روزوں سے زیادہ مُؤکّد نہیں ہیں۔ جب اُن کو عذر کی بنا پر چھوڑا جا سکتا ہے تو کوئی وجہ نہیں کہ اِن کو نہ چھوڑا جا سکے۔ یہی قول حضرت عبداللہ بن عباسؓ، حسن بصری، عطاء بن ابی رَباح، سعید بن المُسَیّب، عَمرو بن دینار، شَعْبی، طاؤس، مجاہد، اسحاق بن راہَوَیہ، ابوعُبَید اور ابوثَور رحمہم اللہ کا ہے۔

د- دو مہینوں کے دوران میں اگر آدمی اُس بیوی سے مباشرت کر بیٹھے جس سے اس نے ظِہار کیا ہو، تو تمام ائمہ کے نزدیک

اس سے تسلسل ٹوٹ جائے گا اور نئے سرے سے روزے رکھنے ہوں گے، کیونکہ ہاتھ لگانے سے پہلے دو مہینے کے مسلسل روزے رکھنے کا حکم دیا گیا ہے۔

۲۰- قرآن اور سنت کی رُو سے تیسرا کفارہ (یعنی ۶۰ مسکینوں کا کھانا) وہ شخص دے سکتا ہے جو دوسرے کفارے (دو مہینے کے مسلسل روزوں) کی قدرت نہ رکھتا ہو۔ اِس حکم پر عمل درآمد کرنے کے لیے فقہا نے جو تفصیلی احکام مرتّب کیے ہیں، وہ حسبِ ذیل ہیں:

الف- ائمۂ اربعہ کے نزدیک روزوں پر قادر نہ ہونے کے معنٰی یہ ہیں کہ آدمی یا تو بڑھاپے کی وجہ سے قادر نہ ہو، یا مرض کے سبب سے، یا اِس سبب سے کہ وہ مسلسل دو مہینے تک مباشرت سے پرہیز نہ کر سکتا ہو اور اسے اندیشہ ہو کہ اس دوران میں کہیں بے صبری نہ کر بیٹھے۔ اِن تینوں عذرات کا صحیح ہونا اُن احادیث سے ثابت ہے جو اَوسؓ بن صامت انصاری اور سَلَمَہؓ بن صَخر بَیاضی کے معاملے میں وارد ہوئی ہیں۔ البتہ مرض کے معاملے میں فقہا کے درمیان تھوڑا سا اختلاف ہے۔ حَنَفِیہ کہتے ہیں کہ مرض کا عُذر اُس صورت میں صحیح ہو گا جب کہ یا تو اس کے زائل ہونے کی اُمید نہ ہو، یا روزوں سے مرض کے بڑھ جانے کا اندیشہ ہو۔ شافعیہ کہتے ہیں کہ اگر روزوں سے ایسی شدید مَشَقّت لاحق ہوتی ہو جس سے آدمی کو یہ خطرہ ہو کہ دو مہینے کے دوران میں کہیں سلسلہ منقطع نہ کرنا پڑے، تو یہ عُذر بھی صحیح ہو سکتا ہے۔ مالکیہ کہتے ہیں کہ اگر آدمی کا گمانِ غالب یہ ہو کہ وہ مستقبل میں روزہ رکھنے کے قابل ہو سکے گا تو انتظار کر لے، اور اگر گمانِ غالب اِس قابل نہ ہو سکنے کا ہو تو مسکینوں کو کھانا کھلا دے۔ حنابلہ کہتے ہیں کہ روزے سے مرض بڑھ جانے کا اندیشہ بالکل کافی عُذر ہے۔

ب- کھانا صرف اُن مساکین کو دیا جا سکتا ہے جن کا نَفقہ آدمی کے ذمے واجب نہ ہوتا ہو۔

ج- حنفیہ کہتے ہیں کہ کھانا مسلمان اور ذِمّی، دونوں قسم کے مساکین کو دیا جا سکتا ہے، البتہ حربی اور مُستامِن کُفّار کو نہیں دیا جا سکتا۔ مالکیہ، شافعیہ اور حنابلہ کی رائے یہ ہے کہ صرف مسلمان مساکین ہی کو دیا جا سکتا ہے۔

د- یہ امر مُتَّفَق عَلَیہ ہے کہ کھانا دینے سے مراد دو وقت کا پیٹ بھر کھانا دینا ہے۔ البتہ کھانا دینے کے مفہوم میں اختلاف ہے۔ حَنَفِیہ کہتے ہیں کہ دو وقت کی شکم سیری کے قابل غلّہ دے دینا، یا کھانا پکا کر دو وقت کھلا دینا، دونوں یکساں صحیح ہیں، کیونکہ قرآنِ مجید میں اِطعام کا لفظ استعمال ہوا ہے، جس کے معنٰی خوراک دینے کے بھی ہیں اور کھلانے کے بھی۔ مگر مالکیہ، شافعیہ اور حنابلہ پکا کر کھلانے کو صحیح نہیں سمجھتے، بلکہ غلّہ دے دینا ہی ضروری قرار دیتے ہیں۔ غلّہ دینے کی صورت میں یہ امر مُتَّفَق عَلَیہ ہے کہ وہ غلّہ دینا چاہیے جو اُس شہر یا علاقے کے لوگوں کی عام غذا ہو۔ اور سب مسکینوں کو برابر دینا چاہیے۔

ھ- حنفیہ کے نزدیک اگر ایک ہی مسکین کو ۶۰ دن تک کھانا دیا جائے تو یہ بھی صحیح ہے، البتہ یہ صحیح نہیں ہے کہ ایک ہی دن اُسے ۶۰ دنوں کی خوراک دے دی جائے۔ لیکن باقی تینوں مذاہب ایک مسکین کو دینا صحیح نہیں سمجھتے۔ ان کے نزدیک ۶۰ ہی مساکین کو دینا ضروری ہے۔ اور یہ بات چاروں مذاہب میں جائز نہیں ہے کہ ۶۰ آدمیوں کو ایک وقت کی خوراک اور دوسرے ۶۰ آدمیوں کو دوسرے وقت کی خوراک دی جائے۔

و- یہ بات چاروں مذاہب میں سے کسی میں جائز نہیں ہے کہ آدمی ۳۰ دن کے روزے رکھے اور ۳۰ مسکینوں کو کھانا دے۔

ذٰلِكَ لِتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ ؕ وَ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ؕ وَ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۴ اِنَّ الَّذِيْنَ يُحَآدُّوْنَ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ كُبِتُوْا كَمَا

یہ حکم اس لیے دیا جا رہا ہے کہ تم اللہ اور اُس کے رسولؐ پر ایمان لاؤ۔[۱۲] یہ اللہ کی مقرر کی ہوئی حدیں ہیں، اور کافروں کے لیے دردناک سزا ہے۔[۱۳] جو لوگ اللہ اور اس کے رسولؐ کی مخالفت کرتے ہیں[۱۴] وہ اسی طرح ذلیل و

دو کفّارے جمع نہیں کیے جا سکتے۔ روزے رکھنے ہوں تو پورے دو مہینوں کے مسلسل رکھنے چاہییں۔ کھانا کھلانا ہو تو ۶۰ مسکینوں کو کھلایا جائے۔

ز- اگرچہ قرآنِ مجید میں کفارۂ طعام کے متعلق یہ الفاظ استعمال نہیں کیے گئے ہیں کہ یہ کفارہ بھی زوجین کے ایک دوسرے کو چھُونے سے پہلے ادا ہونا چاہیے، لیکن فَحْوائے کلام اس کا مقتضی ہے کہ اِس تیسرے کفّارے پر بھی اِس قید کا اطلاق ہوگا۔ اسی لیے ائمۂ اربعہ نے اِس کو جائز نہیں رکھا ہے کہ کفارۂ طعام کے دوران میں آدمی بیوی کے پاس جائے۔ البتہ فرق یہ ہے کہ جو شخص ایسا کر بیٹھے، اس کے متعلق حنابلہ یہ حکم دیتے ہیں کہ اسے از سرِ نو کھانا دینا ہوگا۔ اور حنفیہ اس معاملے میں رعایت کرتے ہیں، کیونکہ اس تیسرے کفارے کے معاملے میں مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّتَمَآسَّا کی صراحت نہیں ہے، اور یہ چیز رعایت کی گنجایش دیتی ہے۔

یہ احکام فقہ کی حسبِ ذیل کتابوں سے اخذ کیے گئے ہیں: فقہ حنفی: ہدایہ، فتح القدیر، بدائع الصنائع، احکام القرآن للجصّاص۔ فقہ شافعی: المنہاج للنَّوَوِی مع شرح مُغنی المحتاج، تفسیرِ کبیر۔ فقہ مالکی: حاشیۃ الدُّسوقی علی الشرح الکبیر، بدایۃ المجتہد، احکام القرآن لابن عربی۔ فقہ حنبلی: المُغنی لابنِ قُدامہ۔ فقہ ظاہری: المُحَلّٰی لابنِ حَزم۔

۱۲- یہاں ”ایمان لانے“ سے مراد سچّے اور مخلص مومن کا سا رویّہ اختیار کرنا ہے۔ ظاہر ہے کہ آیت کے مخاطب کفار و مشرکین نہیں ہیں، بلکہ مسلمان ہیں، جو پہلے ہی ایمان لائے ہوئے تھے۔ اُن کو شریعت کا ایک حکم سنانے کے بعد یہ فرمانا کہ ”یہ حکم تم کو اس لیے دیا جا رہا ہے کہ تم اللہ اور اس کے رسولؐ پر ایمان لاؤ“، صاف طور پر یہ معنیٰ رکھتا ہے کہ جو شخص خدا کے اِس حکم کو سننے کے بعد بھی جاہلیّت کے پُرانے رواجی قانون کی پیروی کرتا رہے، اُس کا یہ طرزِ عمل ایمان کے منافی ہوگا۔ ایک مومن کا یہ کام نہیں ہے کہ اللہ اور اس کا رسولؐ جب زندگی کے کسی معاملے میں اس کے لیے ایک قانون مقرر کر دے، تو وہ اس کو چھوڑ کر دنیا کے کسی دوسرے قانون کی پیروی کرے، یا اپنے نفس کی خواہشات پر عمل کرتا رہے۔

۱۳- یہاں کافر سے مراد منکرِ خدا و رسالت نہیں ہے، بلکہ وہ شخص ہے جو خدا و رسولؐ کو ماننے کا اقرار و اظہار کرنے کے بعد بھی وہ طرزِ عمل اختیار کرے جو ایک کافر کے کرنے کا ہے۔ دوسرے الفاظ میں اس ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ یہ دراصل کافروں کا کام ہے کہ اللہ اور اس کے رسولؐ کا حکم سننے کے بعد بھی اپنی مرضی چلاتے رہیں، یا جاہلیت کے طریقوں ہی کی پیروی کرتے رہیں۔ ورنہ سچّے دل سے ایمان لانے والا تو کبھی یہ رَوِیّہ اختیار نہیں کر سکتا۔ یہی بات سورۂ آلِ عمران میں بھی حج کی فرضیت کا

كُبِتَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَ قَدْ اَنْزَلْنَاۤ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ ؕ وَ
لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝۵ يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا
عَمِلُوْا ؕ اَحْصٰىهُ اللّٰهُ وَ نَسُوْهُ ؕ وَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ۝۶ ع

خوار کر دیے جائیں گے جس طرح ان سے پہلے کے لوگ ذلیل و خوار کیے جا چکے ہیں[15]۔ ہم نے صاف صاف آیات نازل کر دی ہیں، اور کافروں کے لیے ذلّت کا عذاب ہے[16]۔ اُس دن (یہ ذلّت کا عذاب ہونا ہے) جب اللہ ان سب کو پھر سے زندہ کر کے اُٹھائے گا اور انھیں بتادے گا کہ وہ کیا کچھ کر کے آئے ہیں۔ وہ بُھول گئے ہیں مگر اللہ نے ان کا سب کیا دھرا گِن گِن کر محفوظ کر رکھا ہے[17] اور اللہ ایک ایک چیز پر شاہد ہے۔ ع

حکم دینے کے بعد فرمائی گئی ہے کہ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ۔" اور جو کفر کرے (یعنی اِس حکم کی اطاعت نہ کرے) تو اللہ دنیا والوں سے بے نیاز ہے۔" اِن دونوں مقامات پر "کفر" کا لفظ اس معنٰی میں نہیں ہے کہ جو شخص بھی ظِہار کرنے کے بعد کفّارہ ادا کیے بغیر بیوی سے تعلق رکھے، یا یہ سمجھے کہ ظِہار ہی سے بیوی کو طلاق ہوگئی ہے، یا استطاعت کے باوجود حج نہ کرے، اُسے قاضیِ شرع کافر و مرتد ٹھیرا دے اور سب مسلمان اسے خارج از اسلام قرار دے دیں۔ بلکہ یہ اس معنٰی میں ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں ایسے لوگوں کا شمار مومنین میں نہیں ہے جو اُس کے احکام کو قول یا عمل سے ردّ کر دیں اور اِس امر کی کوئی پروا نہ کریں کہ اُن کے رب نے اُن کے لیے کیا حُدود مقرر کی ہیں، کن چیزوں کو فرض کیا ہے، کن چیزوں کو حلال کیا ہے اور کیا چیزیں حرام کر دی ہیں۔

۱۴ – مخالفت کرنے سے مراد اللہ کی مقرر کی ہوئی حدوں کو نہ ماننا اور ان کے بجائے کچھ دوسری حدیں مقرر کر لینا ہے۔ ابنِ جَرِیر طبریؒ اِس آیت کی تفسیر یہ کرتے ہیں: ای یخالفون فی حدودہ وفرائضہ فیجعلون حدودًا غیر حدودہ۔ "یعنی وہ لوگ جو اللہ کی حدود اور اس کے فرائض کے معاملے میں اس کی مخالفت کرتے ہیں اور اُس کی مقرر کی ہوئی حدوں کی جگہ دوسری حدیں تجویز کر لیتے ہیں۔" بَیضاویؒ نے اس کی تفسیر یہ کی ہے: ای یعادونھما ویشاقونھما اویضعون اویختارون حدودًا غیر حدودھما۔ "یعنی اللہ اور اس کے رسولؐ سے مخاصمت اور جھگڑا کرتے ہیں، یا ان کی مقرر کی ہوئی حدوں کے سوا دوسری حدیں خود وضع کر لیتے ہیں، یا دوسروں کی وضع کردہ حدوں کو اختیار کرتے ہیں۔" آلُوسیؒ نے روح المعانی میں بَیضاوی کی اس تفسیر سے اتفاق کرتے ہوئے شیخ الاسلام سعد اللہ چَلپی کا یہ قول نقل کیا ہے کہ "اس آیت میں اُن بادشاہوں اور حُکّامِ سُوء کے لیے سخت وعید ہے جنھوں نے شریعت کی مقرر کردہ حدود کے خلاف بہت سے احکام وضع کر لیے ہیں اور ان

اَلَمۡ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَعۡلَمُ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الۡاَرۡضِ‌ؕ مَا يَكُوۡنُ

کیا[18] تم کو خبر نہیں ہے کہ زمین اور آسمانوں کی ہر چیز کا اللہ کو علم ہے؟ کبھی ایسا نہیں ہوتا کہ

کا نام قانون رکھا ہے۔" اس مقام پر علامۂ آلُوسیؒ شرعی قوانین کے مقابلے میں وضعی قوانین کی آئینی (یعنی اسلامی نقطۂ نظر سے آئینی) حیثیت پر مفصل بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"اُس شخص کے کفر میں تو کوئی شک ہی نہیں ہے جو اِس قانون کو مستحسن اور شریعت کے مقابلے میں افضل قرار دیتا ہے، اور کہتا ہے کہ یہ زیادہ حکیمانہ اور قوم کے لیے زیادہ مناسب و موزوں ہے، اور جب کسی معاملے میں اُس سے کہا جائے کہ شریعت کا حکم اِس کے بارے میں یہ ہے تو اس پر غصے میں بھڑک اٹھتا ہے، جیسا کہ ہم نے بعض ان لوگوں کو دیکھا ہے جن پر اللہ کی پھٹکار پڑی ہوئی ہے۔"

۱۵ – اصل میں لفظ کَبۡت استعمال ہوا ہے، جس کے معنی ہیں: رُسوا کرنا، ہلاک کرنا، لعنت کرنا، راندۂ درگاہ کر دینا، دھکے دے کر نکال دینا، تذلیل کرنا۔ ارشادِ الٰہی کا مدعا یہ ہے کہ اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت اور اس کے احکام سے بغاوت کا جو انجام پچھلے انبیاؑ کی اُمتیں دیکھ چکی ہیں، اُس سے وہ لوگ ہرگز نہ بچ سکیں گے جو اَب مسلمانوں میں سے وہی رَوِش اختیار کریں۔ اُنھوں نے بھی جب خدا کی شریعت کے خلاف خود قوانین بنائے، یا دوسروں کے بنائے ہوئے قوانین کو اختیار کیا، تب اللہ کے فضل اور اس کی نظرِ عنایت سے وہ محروم ہوئے، اور اسی کا نتیجہ یہ ہوا کہ ان کی زندگی ایسی گمراہیوں، بدکرداریوں اور اخلاقی و تمدّنی برائیوں سے لبریز ہوتی چلی گئی جنھوں نے بالآخر دنیا ہی میں ان کو ذلیل و خوار کر کے چھوڑا۔ یہی غلطی اگر اب اُمّتِ محمدیہ کرے تو کوئی وجہ نہیں کہ یہ مقبولِ بارگاہ بنی رہے اور اللہ اسے ذلّت کے گڑھے میں گرنے سے بچائے چلا جائے۔ اللہ کو نہ اپنے پچھلے رسولوں کی اُمت سے کوئی عداوت تھی، نہ اِس رسول کی اُمّت سے اس کا کوئی مخصوص رشتہ ہے۔

۱۶ – سیاقِ عبارت پر غور کرنے سے یہ بات مُترشّح ہوتی ہے کہ یہاں اِس رَوِش کی دو سزاؤں کا ذکر ہے: ایک، کَبۡت، یعنی وہ خواری و رسوائی جو اِس دنیا میں ہوئی اور ہو گی۔ دوسرے، عذابِ مُہین، یعنی ذلّت کا وہ عذاب جو آخرت میں ہونے والا ہے۔

۱۷ – یعنی اُن کے بھول جانے سے معاملہ رفت گزشت نہیں ہو گیا ہے۔ اُن کے لیے خدا کی نافرمانی اور اُس کے احکام کی خلاف ورزی ایسی معمولی چیز ہو سکتی ہے کہ اُس کا ارتکاب کر کے اسے یاد تک نہ رکھیں، بلکہ اسے کوئی قابلِ اعتراض چیز ہی نہ سمجھیں کہ اس کی کچھ پروا اُنھیں ہو۔ مگر خدا کے نزدیک یہ کوئی معمولی چیز نہیں ہے۔ اُس کے ہاں ان کا ہر کرتوت نوٹ ہو چکا ہے۔ کس شخص نے، کب، کہاں، کیا حرکت کی، اُس حرکت کے بعد اُس کا اپنا ردِّ عمل کیا تھا، اور اس کے کیا نتائج، کہاں کہاں، کس کس شکل میں برآمد ہوئے، یہ سب کچھ اس کے دفتر میں لکھ لیا گیا ہے۔

۱۸ – یہاں سے آیت ۱۰ تک مسلسل منافقین کے اُس طرزِ عمل پر گرفت کی گئی ہے جو انھوں نے اُس وقت مُسلم معاشرے

مِنۡ نَّجۡوٰی ثَلٰثَۃٍ اِلَّا ہُوَ رَابِعُہُمۡ وَ لَا خَمۡسَۃٍ اِلَّا ہُوَ سَادِسُہُمۡ وَ لَاۤ
اَدۡنٰی مِنۡ ذٰلِکَ وَ لَاۤ اَکۡثَرَ اِلَّا ہُوَ مَعَہُمۡ اَیۡنَ مَا کَانُوۡا ۚ ثُمَّ
یُنَبِّئُہُمۡ بِمَا عَمِلُوۡا یَوۡمَ الۡقِیٰمَۃِ ؕ اِنَّ اللّٰہَ بِکُلِّ شَیۡءٍ عَلِیۡمٌ ﴿۷﴾
اَلَمۡ تَرَ اِلَی الَّذِیۡنَ نُہُوۡا عَنِ النَّجۡوٰی ثُمَّ یَعُوۡدُوۡنَ لِمَا نُہُوۡا

تین آدمیوں میں کوئی سرگوشی ہو اور ان کے درمیان چوتھا اللہ نہ ہو، یا پانچ آدمیوں میں سرگوشی ہو اور ان کے اندر چھٹا اللہ نہ ہو۔[19] خُفیہ بات کرنے والے، خواہ اِس سے کم ہوں یا زیادہ، جہاں کہیں بھی وہ ہوں، اللہ ان کے ساتھ ہوتا ہے۔[20] پھر قیامت کے روز وہ ان کو بتا دے گا کہ انھوں نے کیا کچھ کیا ہے۔ اللہ ہر چیز کا علم رکھتا ہے۔ کیا تم نے دیکھا نہیں اُن لوگوں کو جنھیں سرگوشیاں کرنے سے منع کر دیا گیا تھا، پھر بھی وہ وہی حرکت کیے جاتے ہیں جس سے

میں اختیار کر رکھا تھا۔ وہ بظاہر مسلمانوں کی جماعت میں شامل تھے، مگر اندر ہی اندر انھوں نے اہلِ ایمان سے الگ اپنا ایک جتھا بنا رکھا تھا۔ مسلمان جب بھی انھیں دیکھتے، یہی دیکھتے کہ وہ آپس میں سر جوڑے کُھسر پُسر کر رہے ہیں۔ اِنھی خفیہ سرگوشیوں میں وہ مسلمانوں کے اندر پھوٹ ڈالنے اور فتنے برپا کرنے اور ہراس پھیلانے کے لیے طرح طرح کے منصوبے بناتے اور نئی نئی افواہیں گھڑتے تھے۔

۱۹ – سوال پیدا ہوتا ہے کہ یہاں دو اور تین کے بجائے تین اور پانچ کا ذکر کس مصلحت سے کیا گیا ہے؟ پہلے دو اور پھر چار کو کیوں چھوڑ دیا گیا؟ مفسّرین نے اس کے بہت سے جوابات دیے ہیں، مگر ہمارے نزدیک صحیح بات یہ ہے کہ یہ طرزِ بیان دراصل قرآن مجید کی عبارت کے ادبی حُسن کو برقرار رکھنے کے لیے اختیار کیا گیا ہے۔ اگر ایسا نہ کیا جاتا تو عبارت یوں ہوتی: مَا یَکُوۡنُ مِنۡ نَّجۡوَی اثۡنَیۡنِ اِلَّا ہُوَ ثَالِثُہُمۡ وَلَا ثَلٰثَۃٍ اِلَّا ہُوَ رَابِعُہُمۡ۔ اس میں نَجۡوَی اثۡنَیۡنِ بھی کوئی خوبصورت ترکیب نہ ہوتی اور ثَالِث اور ثَلٰثَۃٍ کا یکے بعد دیگرے آنا بھی حلاوت سے خالی ہوتا۔ یہی قباحت اِلَّا ہُوَ رَابِعُہُمۡ کے بعد وَلَاۤ اَرۡبَعَۃٍ کہنے میں بھی تھی۔ اس لیے تین اور پانچ سرگوشی کرنے والوں کا ذکر کرنے کے بعد دوسرے فقرے میں اِس خلا کو یہ کہہ کر بھر دیا گیا کہ وَلَاۤ اَدۡنٰی مِنۡ ذٰلِکَ وَلَاۤ اَکۡثَرَ اِلَّا ہُوَ مَعَہُمۡ، سرگوشی کرنے والے خواہ تین سے کم ہوں یا پانچ سے زیادہ، بہر حال اللہ ان کے ساتھ موجود ہوتا ہے۔

۲۰ – یہ معیّت درحقیقت اللہ جَلّ شانُہٗ کے علیم و خبیر، اور سمیع و بصیر، اور قادرِ مُطلَق ہونے کے لحاظ سے ہے، نہ کہ معاذ اللہ، اس معنیٰ میں کہ اللہ کوئی شخص ہے جو پانچ اشخاص کے درمیان ایک چھٹے شخص کی حیثیت سے کسی جگہ چُھپا بیٹھا ہوتا ہے۔ دراصل اس ارشاد سے لوگوں کو یہ احساس دلانا مقصود ہے کہ خواہ وہ کیسے ہی محفوظ مقامات پر خفیہ

عَنْهُ وَ يَتَنٰجَوْنَ بِالْاِثْمِ وَ الْعُدْوَانِ وَ مَعْصِيَتِ
الرَّسُوْلِ ۫ وَ اِذَا جَآءُوْكَ حَيَّوْكَ بِمَا لَمْ يُحَيِّكَ
بِهِ اللّٰهُ ۙ وَ يَقُوْلُوْنَ فِيْۤ اَنْفُسِهِمْ لَوْ لَا يُعَذِّبُنَا اللّٰهُ بِمَا
نَقُوْلُ ؕ حَسْبُهُمْ جَهَنَّمُ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۚ فَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۸

انھیں منع کیا گیا تھا؟[21] یہ لوگ چھُپ چھُپ کر آپس میں گناہ اور زیادتی اور رسولؐ کی نافرمانی کی باتیں کرتے ہیں اور جب تمھارے پاس آتے ہیں تو تمھیں اُس طریقے سے سلام کرتے ہیں جس طرح اللہ نے تم پر سلام نہیں کیا ہے،[22] اور اپنے دلوں میں کہتے ہیں کہ ہماری اِن باتوں پر اللہ ہمیں عذاب کیوں نہیں دیتا۔[23] اُن کے لیے جہنّم ہی کافی ہے۔ اُسی کا وہ ایندھن بنیں گے۔ بڑا ہی بُرا انجام ہے اُن کا۔

مشورہ کر رہے ہوں۔ ان کی بات دنیا بھر سے چھُپ سکتی ہے مگر اللہ سے نہیں چھُپ سکتی، اور وہ دنیا کی ہر طاقت کی گرفت سے بچ سکتے ہیں، مگر اللہ کی پکڑ سے نہیں بچ سکتے۔

۲۱ – اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اِس آیت کے نُزول سے پہلے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ان لوگوں کو اِس رَوِش سے منع فرما چکے تھے، اس پر بھی جب وہ باز نہ آئے تب براہِ راست اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ فرمانِ عتاب نازل ہوا۔

۲۲ – یہ یہود اور منافقین کا مشترک رویہ تھا۔ متعدّد روایتوں میں یہ بات آئی ہے کہ کچھ یہودی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور انھوں نے السام علیك یا ابا القاسم کہا۔ یعنی السلام علیک کا تلفّظ کچھ اس انداز سے کیا کہ سننے والا سمجھے سلام کہا ہے، مگر دراصل انھوں نے سام کہا تھا، جس کے معنی موت کے ہیں۔ حضورؐ نے جواب میں فرمایا: وعلیکم۔ حضرت عائشہؓ سے نہ رہا گیا اور انھوں نے کہا: موت تمھیں آئے اور اللہ کی لعنت اور پھٹکار پڑے۔ حضورؐ نے انھیں تنبیہ فرمائی کہ اے عائشہ! اللہ کو بدزبانی پسند نہیں ہے۔ حضرت عائشہؓ نے عرض کیا: یا رسولؐ اللہ! آپؐ نے سنا نہیں کہ انھوں نے کیا کہا؟ حضورؐ نے فرمایا: اور تم نے نہیں سنا کہ میں نے انھیں کیا جواب دیا؟ میں نے ان سے کہہ دیا: ''اور تم پر بھی'' (بخاری، مسلم، ابنِ جَریر، ابن ابی حاتم) حضرت عبداللہ بن عباسؓ کا بیان ہے کہ منافقین اور یہود، دونوں نے سلام کا یہی طریقہ اختیار کر رکھا تھا۔ (ابنِ جَریر)

۲۳ – یعنی وہ اپنے نزدیک اس بات کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے رسول نہ ہونے کی دلیل سمجھتے تھے۔ ان کا خیال یہ تھا کہ اگر یہ رسول ہوتے تو جس وقت ہم انھیں اِس طریقے سے سلام کرتے، اُسی وقت ہم پر عذاب آجاتا۔ اب چونکہ کوئی عذاب نہیں آتا، حالانکہ ہم شب و روز یہ حرکت کرتے رہتے ہیں، لہٰذا یہ رسول نہیں ہیں۔

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا تَنَاجَیْتُمْ فَلَا تَتَنَاجَوْا بِالْاِثْمِ وَ الْعُدْوَانِ وَ
مَعْصِیَتِ الرَّسُوْلِ وَ تَنَاجَوْا بِالْبِرِّ وَ التَّقْوٰی ؕ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِیْۤ
اِلَیْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝۹ اِنَّمَا النَّجْوٰی مِنَ الشَّیْطٰنِ لِیَحْزُنَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا
وَ لَیْسَ بِضَآرِّهِمْ شَیْـًٔا اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَ عَلَی اللّٰهِ فَلْیَتَوَکَّلِ

اَے لوگو جو ایمان لائے ہو، جب تم آپس میں پوشیدہ بات کرو تو گناہ اور زیادتی اور رسولؐ کی نافرمانی کی باتیں نہیں بلکہ نیکی اور تقویٰ کی باتیں کرو اور اُس خدا سے ڈرتے رہو جس کے حضور تمھیں حشر میں پیش ہونا ہے[۲۴]۔ کانا پُھوسی تو ایک شیطانی کام ہے، اور وہ اس لیے کی جاتی ہے کہ ایمان لانے والے لوگ اُس سے رنجیدہ ہوں، حالانکہ بے اِذنِ خدا وہ انھیں کچھ بھی نقصان نہیں پہنچا سکتی۔ اور مومنوں کو اللہ ہی پر بھروسا

۲۴- اس سے معلوم ہوا کہ نَجویٰ (آپس میں راز کی بات کرنا) بجائے خود ممنوع نہیں ہے، بلکہ اس کے جائز یا ناجائز ہونے کا انحصار اُن لوگوں کے کردار پر ہے جو ایسی بات کریں، اور اُن حالات پر ہے جن میں ایسی بات کی جائے، اور اُن باتوں کی نوعیت پر ہے جو اِس طریقے سے کی جائیں۔ جن لوگوں کا اخلاص، جن کی راست بازی، جن کے کردار کی پاکیزگی معاشرے میں معلوم و معروف ہو، اُنھیں کسی جگہ سر جوڑے بیٹھے دیکھ کر کسی کو یہ شبہ نہیں ہو سکتا کہ وہ آپس میں کسی شرارت کا منصوبہ بنا رہے ہیں۔ بخلاف اس کے جو لوگ شَر اور بدکرداری کے لیے معروف ہوں، اُن کی سرگوشیاں ہر شخص کے دل میں یہ کھٹک پیدا کر دیتی ہیں کہ ضرور کسی نئے فتنے کی تیاری ہو رہی ہے۔ اِسی طرح اتفاقاً کبھی دو چار آدمی باہم کسی معاملے پر سرگوشی کے انداز میں بات کر لیں تو یہ قابلِ اعتراض نہیں ہے۔ لیکن اگر کچھ لوگوں نے اپنا ایک جتھا بنا رکھا ہو اور ان کا مستقل وتیرہ یہی ہو کہ ہمیشہ جماعتِ مسلمین سے الگ ان کے درمیان کُھسر پُھسر ہوتی رہتی ہو، تو یہ لازماً خرابی کا پیش خیمہ ہے۔ اور کچھ نہیں تو اس کا کم سے کم نقصان یہ ہے کہ اس سے مسلمانوں میں پارٹی بازی کی بیماری پھیلتی ہے۔ اِن سب سے بڑھ کر جو چیز نَجویٰ کے جائز و ناجائز ہونے کا فیصلہ کرتی ہے، وہ اُن باتوں کی نوعیت ہے جو نَجویٰ میں کی جائیں۔ دو آدمی اگر اس لیے باہم سرگوشی کرتے ہیں کہ کسی جھگڑے کا تصفیہ کرانا ہے، یا کسی کا حق دلوانا ہے، یا کسی نیک کام میں حصہ لینا ہے، تو یہ کوئی بُرائی نہیں ہے، بلکہ کارِ ثواب ہے۔ اس کے برعکس اگر یہی نَجویٰ دو آدمیوں کے درمیان اِس غرض کے لیے ہو کہ کوئی فساد ڈلوانا ہے، یا کسی کا حق مارنا ہے، یا کسی گناہ کا ارتکاب کرنا ہے، تو ظاہر ہے کہ یہ غرض بجائے خود ایک بُرائی ہے اور اس کے لیے نَجویٰ بُرائی پر بُرائی۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اِس سلسلے میں آدابِ مجلس کی جو تعلیم دی ہے، وہ یہ ہے کہ اذا کنتم ثلاثۃ فلا یتناجی اثنان دون صاحبھما فان ذالک یحزنہٗ۔ ’’جب تین آدمی بیٹھے ہوں تو دو آدمی آپس میں کُھسر پُھسر نہ کریں،

الْمُؤْمِنُوْنَ ۞ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا قِيْلَ لَكُمْ تَفَسَّحُوْا فِي
الْمَجٰلِسِ فَافْسَحُوْا يَفْسَحِ اللّٰهُ لَكُمْ ۚ وَ اِذَا قِيْلَ انْشُزُوْا فَانْشُزُوْا

رکھنا چاہیے۔[25]

اے لوگو جو ایمان لائے ہو، جب تم سے کہا جائے کہ اپنی مجلسوں میں کُشادگی پیدا کرو تو جگہ کشادہ کر دیا کرو، اللہ تمھیں کُشادگی بخشے گا۔[26] اور جب تم سے کہا جائے کہ اُٹھ جاؤ تو اُٹھ جایا کرو۔[27]

کیونکہ یہ تیسرے آدمی کے لیے باعثِ رنج ہو گا" (بخاری، مسلم، مُسندِ احمد، ترمذی، ابوداؤد) دوسری حدیث میں حضورؐ کے الفاظ یہ ہیں: فلا یتناجی اثنان دون الثالث الا باذنه ذٰلك یحزنه۔ "دو آدمی باہم سرگوشی نہ کریں، مگر تیسرے سے اجازت لے کر، کیونکہ یہ اس کے لیے باعثِ رنج ہو گا۔" (مسلم) اِسی ناجائز سرگوشی کی تعریف میں یہ بات بھی آتی ہے کہ دو آدمی تیسرے شخص کی موجودگی میں کسی ایسی زبان میں بات کرنے لگیں جسے وہ نہ سمجھتا ہو۔ اور اس سے بھی زیادہ ناجائز بات یہ ہے کہ وہ اپنی سرگوشی کے دوران میں کسی کی طرف اِس طرح دیکھیں یا اشارے کریں جس سے یہ ظاہر ہو کہ اُن کے درمیان موضوعِ بحث وہی ہے۔

۲۵ — یہ بات اس لیے فرمائی گئی ہے کہ اگر کسی مسلمان کو کچھ لوگوں کی سرگوشیاں دیکھ کر یہ شبہ بھی ہو جائے کہ وہ اُسی کے خلاف کی جا رہی ہیں، تب بھی اسے اتنا رنجیدہ نہ ہونا چاہیے کہ محض شبہ ہی شبہ پر کوئی جوابی کارروائی کرنے کی فکر میں پڑ جائے، یا اپنے دل میں اِس پر کوئی غم، یا کینہ، یا غیر معمولی پریشانی پرورش کرنے لگے۔ اُس کو یہ سمجھنا چاہیے کہ اللہ کے اذن کے بغیر کوئی اس کا کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔ یہ اعتماد اس کے قلب میں ایسی قوت پیدا کر دے گا کہ بہت سے فضول اندیشوں اور خیالی خطروں سے اس کو نجات مل جائے گی اور وہ اشرار کو اُن کے حال پر چھوڑ کر پُورے اطمینان و سکون کے ساتھ اپنے کام میں لگا رہے گا۔ اللہ پر توکّل کرنے والا مومن نہ تھُڑدِلا ہوتا ہے کہ ہر اندیشہ و گمان اس کے سُکون کو غارت کر دے، نہ کم ظرف ہوتا ہے کہ غلط کار لوگوں کے مقابلے میں آپے سے باہر ہو کر خود بھی خلافِ انصاف حرکتیں کرنے لگے۔

۲۶ — اس کی تشریح سورہ کے دیباچے میں کی جا چکی ہے۔ بعض مفسّرین نے اِس حکم کو صرف نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس تک محدود سمجھا ہے۔ لیکن جیسا کہ امام مالکؒ نے فرمایا ہے، صحیح بات یہ ہے کہ مسلمانوں کی تمام مجلسوں کے لیے یہ ایک عام ہدایت ہے۔ اللہ اور اس کے رسولؐ نے اہلِ اسلام کو جو آداب سکھائے ہیں، ان میں سے ایک بات یہ بھی ہے کہ جب کسی مجلس میں پہلے سے کچھ لوگ بیٹھے ہوں اور بعد میں مزید کچھ لوگ آئیں، تو یہ تہذیب پہلے سے بیٹھے ہوئے لوگوں میں ہونی چاہیے کہ وہ خود نئے آنے والوں کو جگہ دیں اور حتی الامکان کچھ سکڑ اور سمٹ کر ان کے لیے کشادگی پیدا کریں، اور اتنی شائستگی بعد کے آنے والوں میں ہونی چاہیے کہ وہ زبردستی ان کے اندر نہ گھُسیں اور کوئی شخص کسی کو اُٹھا کر اس کی جگہ بیٹھنے کی کوشش نہ کرے۔ حدیث میں حضرت عبداللہ بن عمرؓ اور حضرت ابوہریرہؓ کی رِوایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لا یقیم الرجل الرجل من مجلسه

يَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ۙ وَالَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ دَرَجٰتٍ ۭ وَ
اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿١١﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نَاجَيْتُمُ
الرَّسُوْلَ فَقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقَةً ۭ ذٰلِكَ

---

تم میں سے جو لوگ ایمان رکھنے والے ہیں اور جن کو علم بخشا گیا ہے، اللہ ان کو بلند درجے عطا فرمائے گا،[28] اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ کو اس کی خبر ہے۔

اے لوگو جو ایمان لائے ہو، جب تم رسولؐ سے تخلیے میں بات کرو تو بات کرنے سے پہلے کچھ صدقہ دو۔[29] یہ

---

فیجلس فیه ولکن تفسحوا وتوسعوا۔ ''کوئی شخص کسی کو اُٹھا کر اس کی جگہ نہ بیٹھے، بلکہ تم لوگ خود دوسروں کے لیے جگہ کشادہ کرو۔'' (مُسْنَدِ احمد، بخاری، مسلم) اور حضرت عبداللہ بن عَمرؓو بن عاص کی روایت ہے کہ حضورؐ نے فرمایا: لا یحل لرجل ان یفرق بین اثنین الا باذنھما ''کسی شخص کے لیے یہ حلال نہیں ہے کہ دو آدمیوں کے درمیان اُن کی اجازت کے بغیر دُھس جائے۔'' (مُسْنَدِ احمد، ابوداؤد، ترمِذی)

۲۷ - عبدالرحمٰن بن زید بن اسلم کا بیان ہے کہ لوگ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں دیر تک بیٹھے رہتے تھے اور ان کی کوشش یہ ہوتی تھی کہ آخر وقت تک بیٹھے رہیں۔ اس سے بسا اوقات حضورؐ کو تکلیف ہوتی تھی، آپؐ کے آرام میں بھی خلل پڑتا تھا اور آپؐ کے کاموں کا بھی حرج ہوتا تھا۔ اِس پر یہ حکم نازل ہوا کہ جب تم لوگوں سے کہا جائے کہ اُٹھ جاؤ تو اُٹھ جاؤ۔ (ابنِ جَریر و ابنِ کثیر)

۲۸ - یعنی یہ نہ سمجھو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں دوسروں کو جگہ دینے کی خاطر اگر تم آپؐ سے کچھ دُور جا بیٹھے تو تمھارا درجہ گر گیا، یا اگر مجلس برخاست کرکے تمھیں اُٹھ جانے کے لیے کہا گیا تو تمھاری کچھ ذلّت ہوگئی۔ رفعِ درجات کا اصل ذریعہ ایمان اور علم ہے، نہ یہ کہ کس کو مجلس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب بیٹھنے کا موقع ملا، اور کون زیادہ دیر تک آپؐ کے پاس بیٹھا۔ کوئی شخص اگر آپؐ کے قریب بیٹھ گیا تو اس کے معنٰی یہ نہیں ہیں کہ اسے بڑا مرتبہ مل گیا۔ بڑا مرتبہ تو اُسی کا رہے گا جس نے ایمان اور علم کی دولت زیادہ پائی ہے۔ اسی طرح کسی شخص نے اگر زیادہ دیر تک بیٹھ کر اللہ کے رسولؐ کو تکلیف دی تو اس نے اُلٹا جہالت کا کام کیا۔ اس کے درجے میں محض یہ بات کوئی اضافہ نہ کردے گی کہ اسے دیر تک آپؐ کے پاس بیٹھنے کا موقع ملا۔ اُس سے بدرجہا زیادہ بلند مرتبہ اللہ کے ہاں اُس کا ہے، جس نے آپؐ کی صحبت سے ایمان اور علم کا سرمایہ حاصل کیا اور وہ اَخلاق سیکھے جو ایک مومن میں ہونے چاہییں۔

۲۹ - حضرت عبداللہ بن عباسؓ اس حکم کی وجہ یہ بیان کرتے ہیں کہ مسلمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بہت زیادہ باتیں (یعنی تخلیے کی درخواست کرکے) پوچھنے لگے تھے، حتّٰی کہ انھوں نے حضورؐ کو تنگ کردیا۔ آخرکار اللہ تعالیٰ نے یہ چاہا کہ اپنے نبی پر سے

خَيْرٌ لَّكُمْ وَاَطْهَرُ ۚ فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲﴾
ءَاَشْفَقْتُمْ اَنْ تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقٰتٍ ۚ
فَاِذْ لَمْ تَفْعَلُوْا وَتَابَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا
الزَّكٰوةَ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۚ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳﴾ ع

تمھارے لیے بہتر اور پاکیزہ تر ہے۔ البتہ اگر تم صدقہ دینے کے لیے کچھ نہ پاؤ تو اللہ غفور و رحیم ہے۔

کیا تم ڈر گئے اس بات سے کہ تخلیے میں گفتگو کرنے سے پہلے تمھیں صدقات دینے ہوں گے؟ اچھا، اگر تم ایسا نہ کرو ـــــ اور اللہ نے تم کو اس سے معاف کر دیا ـــــ تو نماز قائم کرتے رہو، زکوٰۃ دیتے رہو اور اللہ اور اس کے رسولؐ کی اطاعت کرتے رہو۔ تم جو کچھ کرتے ہو اللہ اس سے باخبر ہے[۳۰]۔ ع

یہ بوجھ ہلکا کر دے۔ (ابنِ جَرِیر) زید بن اسلمؒ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے جو شخص بھی علیحدگی میں بات کرنے کی درخواست کرتا، آپؐ اسے ردّ نہ فرماتے تھے۔ جس کا جی چاہتا، آکر عرض کرتا کہ میں ذرا الگ بات کرنا چاہتا ہوں، اور آپؐ اسے موقع دے دیتے، یہاں تک کہ بہت سے لوگ ایسے معاملات میں بھی آپؐ کو تکلیف دینے لگے جن میں الگ بات کرنے کی کوئی حاجت نہ ہوتی۔ زمانہ وہ تھا جس میں سارا عرب مدینے کے خلاف برسرِ جنگ تھا۔ بعض اوقات کسی شخص کی اس طرح کی سرگوشی کے بعد شیطان لوگوں کے کان میں یہ پھونک دیتا تھا کہ یہ فُلاں قبیلے کے حملہ آور ہونے کی خبر لایا تھا، اور اس سے مدینے میں افواہوں کا بازار گرم ہو جاتا تھا۔ دوسری طرف لوگوں کی اس حرکت کی وجہ سے منافقین کو یہ کہنے کا موقع مل جاتا تھا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم تو کانوں کے کچّے ہیں، ہر ایک کی سُن لیتے ہیں۔ اِن وُجوہ سے اللہ تعالیٰ نے یہ پابندی لگا دی کہ جو آپؐ سے خَلوَت میں بات کرنا چاہے، وہ پہلے صدقہ دے۔ (احکام القرآن لابن العَربی) قَتَادَہؒ کہتے ہیں کہ دوسروں پر اپنی بڑائی جتانے کے لیے بھی بعض لوگ حضورؐ سے خَلوَت میں بات کرتے تھے۔

حضرت علیؓ فرماتے ہیں کہ جب یہ حکم آیا تو حضورؐ نے مجھ سے پوچھا: کتنا صدقہ مقرر کیا جائے؟ کیا ایک دینار؟ میں نے عرض کیا: یہ لوگوں کی مَقدِرَت سے زیادہ ہے۔ آپؐ نے فرمایا: نصف دینار؟ میں نے عرض کیا: لوگ اس کی مَقدِرَت بھی نہیں رکھتے۔ فرمایا: پھر کتنا؟ میں نے عرض کیا: بس ایک جَو برابر سونا۔ فرمایا: انک لزھید، یعنی تم نے تو بڑی کم مقدار کا مشورہ دیا۔ (ابنِ جَرِیر، تِرمذِی، مُسنَدِ ابویَعلیٰ) ایک دوسری روایت میں حضرت علیؓ فرماتے ہیں: قرآن کی یہ ایک ایسی آیت ہے جس

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ؕ مَا هُمْ
مِّنْكُمْ وَلَا مِنْهُمْ ۙ وَيَحْلِفُوْنَ عَلَى الْكَذِبِ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۴﴾
اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ؕ اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۵﴾
اِتَّخَذُوْٓا اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَلَهُمْ عَذَابٌ
مُّهِيْنٌ ﴿۱۶﴾ لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ

کیا تم نے دیکھا نہیں اُن لوگوں کو جنھوں نے دوست بنایا ہے ایک ایسے گروہ کو جو اللہ کا مغضوب ہے؟[۳۱] وہ نہ تمھارے ہیں نہ اُن کے،[۳۲] اور وہ جان بُوجھ کر جھوٹی بات پر قسمیں کھاتے ہیں۔[۳۳] اللہ نے ان کے لیے سخت عذاب مہیّا کر رکھا ہے، بڑے ہی بُرے کرتوت ہیں جو وہ کر رہے ہیں۔ اُنھوں نے اپنی قسموں کو ڈھال بنا رکھا ہے جس کی آڑ میں وہ اللہ کی راہ سے لوگوں کو روکتے ہیں،[۳۴] اِس پر ان کے لیے ذلّت کا عذاب ہے۔ اللہ سے بچانے کے لیے نہ ان کے مال کچھ کام آئیں گے نہ ان کی اولاد۔

پر میرے سوا کسی نے عمل نہیں کیا۔ اِس حکم کے آتے ہی مَیں نے صدقہ پیش کیا اور ایک مسئلہ آپؐ سے پوچھ لیا۔ (ابنِ جَریر، حاکم، ابن المُنذِر، عَبد بن حُمَید)

۳۰- یہ دوسرا حکم اُوپر کے حکم کے تھوڑی مدّت بعد ہی نازل ہو گیا اور اِس نے صدقے کے وجوب کو منسوخ کر دیا۔ اس امر میں اختلاف ہے کہ صدقے کا یہ حکم کتنی دیر رہا۔ قَتادہؒ کہتے ہیں کہ ایک دن سے بھی کم مدت تک باقی رہا پھر منسوخ کر دیا گیا۔ مُقاتل بن حَیّان کہتے ہیں: دس دن تک رہا۔ یہ زیادہ سے زیادہ اس حکم کے بقا کی مدت ہے جو کسی روایت میں بیان ہوئی ہے۔

۳۱- اشارہ ہے مدینے کے یہودیوں کی طرف جنھیں منافقین نے دوست بنا رکھا تھا۔

۳۲- یعنی مخلصانہ تعلق اُن کا نہ اہلِ ایمان سے ہے نہ یہود سے۔ دونوں کے ساتھ انھوں نے محض اپنی اغراض کے لیے رشتہ جوڑ رکھا ہے۔

۳۳- یعنی اِس بات پر کہ وہ ایمان لائے ہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنا ہادی و پیشوا مانتے ہیں اور اسلام و اہلِ اسلام کے وفادار ہیں۔

۳۴- مطلب یہ ہے کہ ایک طرف تو وہ اپنے ایمان اور اپنی وفاداری کی قسمیں کھا کر مسلمانوں کی گرفت سے بچے رہتے

شَيْـًٔا ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۭ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ
اللّٰهُ جَمِيْعًا فَيَحْلِفُوْنَ لَهٗ كَمَا يَحْلِفُوْنَ لَكُمْ وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ عَلٰي
شَيْءٍ ۭ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ۝۱۸ اِسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ الشَّيْطٰنُ
فَاَنْسٰـىهُمْ ذِكْرَ اللّٰهِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ حِزْبُ الشَّيْطٰنِ ۭ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ الشَّيْطٰنِ
هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝۱۹ اِنَّ الَّذِيْنَ يُحَاۗدُّوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗٓ اُولٰۗىِٕكَ
فِي الْاَذَلِّيْنَ ۝۲۰ كَتَبَ اللّٰهُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَرُسُلِيْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

وہ دوزخ کے یار ہیں، اسی میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔ جس روز اللہ ان سب کو اُٹھائے گا، وہ اس کے سامنے بھی اُسی طرح قسمیں کھائیں گے جس طرح تمھارے سامنے کھاتے ہیں،[۳۵] اور اپنے نزدیک یہ سمجھیں گے کہ اس سے ان کا کچھ کام بن جائے گا۔ خوب جان لو! وہ پرلے درجے کے جھوٹے ہیں۔ شیطان اُن پر مسلّط ہو چکا ہے اور اُس نے خدا کی یاد اُن کے دل سے بُھلا دی ہے۔ وہ شیطان کی پارٹی کے لوگ ہیں۔ خبردار رہو! شیطان کی پارٹی والے ہی خسارے میں رہنے والے ہیں۔ یقیناً ذلیل ترین مخلوقات میں سے ہیں وہ لوگ جو اللہ اور اُس کے رسولؐ کا مقابلہ کرتے ہیں۔ اللہ نے لکھ دیا ہے کہ مَیں اور میرے رسول غالب ہو کر رہیں گے۔[۳۶] فی الواقع اللہ

ہیں، اور دوسری طرف اسلام اور اہلِ اسلام اور پیغمبرِ اسلام کے خلاف ہر طرح کے شبہات اور وسوسے لوگوں کے دلوں میں پیدا کرتے ہیں، تاکہ لوگ یہ سمجھ کر اسلام قبول کرنے سے باز رہیں کہ جب گھر کے بھیدی یہ خبریں دے رہے ہیں تو ضرور اندر کچھ دال میں کالا ہو گا۔

۳۵۔ یعنی یہ صرف دنیا ہی میں اور صرف انسانوں ہی کے سامنے جھوٹی قسمیں کھانے پر اکتفا نہیں کرتے، بلکہ آخرت میں خود اللہ جَلّ شانُہٗ کے سامنے بھی یہ جھوٹی قسمیں کھانے سے باز نہ رہیں گے۔ جھوٹ اور فریب اِن کے اندر اتنا گہرا اُتر چکا ہے کہ مر کر بھی یہ ان سے نہ چھوٹے گا۔

۳۶۔ تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد چہارم، الصّافّات، حاشیہ ۹۳۔

قَوِیٌّ عَزِیۡزٌ ﴿۲۱﴾ لَا تَجِدُ قَوۡمًا یُّؤۡمِنُوۡنَ بِاللّٰہِ وَ الۡیَوۡمِ الۡاٰخِرِ یُوَآدُّوۡنَ مَنۡ حَآدَّ اللّٰہَ وَ رَسُوۡلَہٗ وَ لَوۡ کَانُوۡۤا اٰبَآءَہُمۡ اَوۡ اَبۡنَآءَہُمۡ اَوۡ اِخۡوَانَہُمۡ اَوۡ عَشِیۡرَتَہُمۡ ؕ اُولٰٓئِکَ کَتَبَ فِیۡ قُلُوۡبِہِمُ

زبردست اور زور آور ہے۔

تم کبھی یہ نہ پاؤ گے کہ جو لوگ اللہ اور آخرت پر ایمان رکھنے والے ہیں وہ اُن لوگوں سے محبّت کرتے ہوں جنھوں نے اللہ اور اس کے رسول ؐ کی مخالفت کی ہے، خواہ وہ اُن کے باپ ہوں، یا اُن کے بیٹے، یا اُن کے بھائی، یا اُن کے اہلِ خاندان[۳۷]۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کے دلوں میں اللہ نے ایمان ثبت

۳۷- اس آیت میں دو باتیں ارشاد ہوئی ہیں: ایک بات اُصولی ہے، اور دوسری امرِ واقعی کا بیان۔ اُصولی بات یہ فرمائی گئی ہے کہ دینِ حق پر ایمان اور اعدائے دین کی محبت، دو بالکل متضاد چیزیں ہیں، جن کا ایک جگہ اجتماع کسی طرح قابلِ تصور نہیں ہے۔ یہ بات قطعی ناممکن ہے کہ ایمان اور دشمنانِ خدا و رسول کی محبت ایک دل میں جمع ہو جائیں، بالکل اُسی طرح جیسے ایک آدمی کے دل میں اپنی ذات کی محبت اور اپنے دشمن کی محبت بیک وقت جمع نہیں ہو سکتی۔ لہٰذا اگر تم کسی شخص کو دیکھو کہ وہ ایمان کا دعویٰ بھی کرتا ہے اور ساتھ ساتھ اس نے ایسے لوگوں سے محبت کا رشتہ بھی جوڑ رکھا ہے جو اسلام کے مخالف ہیں، تو یہ غلط فہمی تمھیں ہرگز لاحق نہ ہونی چاہیے کہ شاید وہ اپنی اِس رَوِش کے باوجود ایمان کے دعوے میں سچا ہو۔ اِسی طرح جن لوگوں نے اسلام اور مخالفینِ اسلام سے بیک وقت رشتہ جوڑ رکھا ہے، وہ خود بھی اپنی پوزیشن پر اچھی طرح غور کر لیں کہ وہ فی الواقع کیا ہیں، مومن ہیں یا منافق؟ اور فی الواقع کیا ہونا چاہتے ہیں، مومن بن کر رہنا چاہتے ہیں یا منافق؟ اگر ان کے اندر کچھ بھی راست بازی موجود ہے اور وہ کچھ بھی یہ احساس اپنے اندر رکھتے ہیں کہ اَخلاقی حیثیت سے منافقت انسان کے لیے ذلیل ترین رَوِیّہ ہے، تو انھیں بیک وقت دو کشتیوں میں سوار ہونے کی کوشش چھوڑ دینی چاہیے۔ ایمان تو اُن سے دو ٹوک فیصلہ چاہتا ہے۔ مومن رہنا چاہتے ہیں تو ہر اُس رشتے اور تعلق کو قربان کر دیں جو اسلام کے ساتھ اُن کے تعلق سے متصادم ہوتا ہو۔ اسلام کے رشتے سے کسی اور رشتے کو عزیز تر رکھتے ہیں تو بہتر ہے کہ ایمان کا جھوٹا دعویٰ چھوڑ دیں۔

یہ تو ہے اُصولی بات۔ مگر اللہ تعالیٰ نے یہاں صرف اصول بیان کرنے پر اکتفا نہیں فرمایا ہے، بلکہ اِس امرِ واقعی کو بھی مدّعیانِ ایمان کے سامنے نمونے کے طور پر پیش فرما دیا ہے کہ جو لوگ سچے مومن تھے اُنھوں نے فی الواقع سب کی آنکھوں کے سامنے تمام اُن رشتوں کو کاٹ پھینکا جو اللہ کے دین کے ساتھ اُن کے تعلق میں حائل ہوئے۔ یہ ایک ایسا واقعہ تھا جو بدر و اُحُد کے معرکوں میں سارا عرب دیکھ چکا تھا۔ مکّے سے جو صحابہ کرامؓ ہجرت کر کے آئے تھے، وہ صرف خدا اور اس کے دین کی خاطر خود

الْاِیْمَانَ وَ اَیَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ ؕ وَ یُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا
الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا ؕ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَ رَضُوْا عَنْهُ ؕ اُولٰٓئِكَ
حِزْبُ اللّٰهِ ؕ اَلَاۤ اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۲۲ ع

ع ۳ ۹

کر دیا ہے اور اپنی طرف سے ایک رُوح عطا کر کے ان کو قوت بخشی ہے۔ وہ ان کو ایسی جنّتوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی۔ ان میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔ اللہ ان سے راضی ہوا اور وہ اللہ سے راضی ہوئے۔ وہ اللہ کی پارٹی کے لوگ ہیں۔ خبردار رہو! اللہ کی پارٹی والے ہی فلاح پانے والے ہیں۔ ع

اپنے قبیلے اور اپنے قریب ترین رشتہ داروں سے لڑ گئے تھے۔ حضرت ابوعُبَیدہؓ نے اپنے باپ عبداللہ بن جرّاح کو قتل کیا۔ حضرت مُصْعَبؓ بن عُمَیر نے اپنے بھائی عُبَید بن عُمَیر کو قتل کیا۔ حضرت عمرؓ نے اپنے ماموں عاص بن ہِشام بن مُغیرہ کو قتل کیا۔ حضرت ابوبکرؓ اپنے بیٹے عبدالرحمٰن سے لڑنے کے لیے تیار ہو گئے۔ حضرت علیؓ، حضرت حمزہؓ اور حضرت عُبَیدہؓ بن الحارث نے عُتْبَہ، شَیْبَہ اور ولید بن عُتْبَہ کو قتل کیا، جو اُن کے قریبی رشتہ دار تھے۔ حضرت عمرؓ نے اسیرانِ جنگِ بدر کے معاملے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ ان سب کو قتل کر دیا جائے اور ہم میں سے ہر ایک اپنے رشتہ دار کو قتل کرے۔ اسی جنگِ بَدر میں حضرت مُصْعَبؓ بن عُمَیر کے سگے بھائی ابوعَزِیز بن عُمَیر کو ایک انصاری پکڑ کر باندھ رہا تھا۔ حضرت مُصْعَبؓ نے دیکھا تو پکار کر کہا: ”ذرا مضبوط باندھنا، اِس کی ماں بڑی مالدار ہے، اس کی رہائی کے لیے وہ تمھیں بہت سا فدیہ دے گی۔“ ابوعزیز نے کہا: ”تم بھائی ہو کر یہ بات کہہ رہے ہو؟“ حضرت مُصْعَبؓ نے جواب دیا: ”اِس وقت تم میرے بھائی نہیں ہو بلکہ یہ انصاری میرا بھائی ہے جو تمھیں گرفتار کر رہا ہے۔“ اسی جنگِ بدر میں خود نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے داماد ابوالعاص گرفتار ہو کر آئے اور ان کے ساتھ رسول کی دامادی کی بنا پر قطعاً کوئی امتیازی سلوک نہ کیا گیا جو دوسرے قیدیوں سے کچھ بھی مختلف ہوتا۔ اِس طرح عالَمِ واقعہ میں دنیا کو یہ دکھایا جا چکا تھا کہ مخلص مسلمان کیسے ہوتے ہیں اور اللہ اور اس کے دین کے ساتھ ان کا تعلق کیسا ہوا کرتا ہے۔

دَیْلَمی نے حضرت مُعاذؓ کی رِوایت سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ دُعا نقل کی ہے کہ اَللّٰھم لا تجعل لفاجر (وفی روایۃٍ لفاسق) عَلَیَّ یدًا ولا نعمۃ فیودّہٗ قلبی فانی وجدت فیما اُوحیت اِلیّ لَا تَجِدُ قَوْمًا یُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ یُوَآدُّوْنَ مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ۔“ خدایا! کسی فاجر (اور ایک روایت میں فاسق) کا میرے اُوپر کوئی احسان نہ ہونے دے کہ میرے دل میں اس کے لیے کوئی محبّت پیدا ہو۔ کیونکہ تیری نازل کردہ وحی میں یہ بات بھی میں نے پائی ہے کہ اللہ اور یومِ آخر پر ایمان رکھنے والوں کو تم اللہ اور رسولؐ کے مخالفوں سے محبّت کرتے نہ پاؤ گے۔“

# تفہیم القرآن

## الحشر

(۵۹)

# الحشر

## نام

دوسری آیت کے فقرے اَخْرَجَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا مِنْ اَھْلِ الْکِتٰبِ مِنْ دِیَارِھِمْ لِاَوَّلِ الْحَشْرِ سے ماخوذ ہے۔ مراد یہ ہے کہ یہ وہ سورت ہے جس میں لفظ "الحشر" آیا ہے۔

## زمانۂ نُزُول

بخاری و مسلم میں حضرت سعید بن جُبَیرؓ کی روایت ہے کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے سورۂ حشر کے متعلق پوچھا تو انھوں نے بتایا کہ یہ غزوۂ بنی نَضِیر کے بارے میں نازل ہوئی تھی جس طرح سورۂ اَنفال غزوۂ بدر کے بارے میں نازل ہوئی۔ حضرت سعید بن جُبَیرؓ کی دوسری روایت میں ابنِ عباسؓ کے الفاظ یہ ہیں کہ قل سُوْرَۃُ النَّضِیْرِ یعنی یوں کہو کہ یہ سورۂ نَضِیر ہے۔ یہی بات مجاہد، قَتَادَہ، زُہری، ابنِ زید، یزید بن رُومان، محمد بن اسحاق وغیرہ حضرات سے بھی مروی ہے۔ ان سب کا مُتَّفِقَہ بیان یہ ہے کہ اِس میں جن اہلِ کتاب کے نکالے جانے کا ذکر ہے، ان سے مراد بنی النَّضِیر ہی ہیں۔ یزید بن رُومان، مجاہد اور محمد بن اسحاق کا قول یہ ہے کہ از اوّل تا آخر یہ پُوری سورت اِسی غزوے کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔

اب رہا یہ سوال کہ یہ غَزوہ کب واقع ہوا تھا؟ امام زُہریؒ نے اِس کے متعلق عُروہؒ بن زُبیرؓ کے حوالے سے بیان کیا ہے کہ یہ جنگِ بدر کے چھ مہینے بعد ہوا ہے۔ لیکن ابنِ سعد، ابنِ ہِشام اور بَلاذُری اسے ربیع الاوّل ۴ ہجری کا واقعہ بتاتے ہیں، اور یہی صحیح ہے۔ کیونکہ تمام روایات اس امر میں متفق ہیں کہ یہ غزوہ بیرِ مَعُونہ کے سانحے کے بعد پیش آیا تھا، اور یہ بات بھی تاریخی طور پر ثابت ہے کہ بیرِ مَعُونہ کا سانحہ جنگِ اُحُد کے بعد رُونما ہوا ہے نہ کہ اس سے پہلے۔

## تاریخی پَسِ منظر

اِس سورہ کے مضامین کو اچھی طرح سمجھنے کے لیے ضروری ہے کہ مدینۂ طَیِّبہ اور حجاز کے یہودیوں کی تاریخ پر ایک نگاہ ڈال لی جائے، کیونکہ اِس کے بغیر آدمی ٹھیک ٹھیک یہ نہیں جان سکتا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آخر کار اُن کے مختلف قبائل کے ساتھ جو معاملہ کیا، اس کے حقیقی اسباب کیا تھے۔

عرب کے یہودیوں کی کوئی مستند تاریخ دنیا میں موجود نہیں ہے۔ انھوں نے خود اپنی کوئی ایسی تحریر کسی کتاب یا کَتبے کی شکل میں نہیں چھوڑی ہے جس سے ان کے ماضی پر کوئی روشنی پڑ سکے۔ اور عرب سے باہر کے یہودی مؤرخین و مصنفین نے اُن کا کوئی ذکر نہیں کیا ہے، جس کی وجہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ جزیرۃ العرب میں آ کر وہ اپنے بقیہ اَبنائے مِلّت سے بچھڑ گئے تھے، اور دنیا کے یہودی سرے سے اُن کو اپنوں میں شمار ہی نہیں کرتے تھے، کیونکہ انھوں نے عِبرانی تہذیب، زبان، حتّٰی کہ نام تک چھوڑ کر عربیت اختیار کر لی تھی۔ حجاز کے آثارِ قدیمہ میں جو کُتبات ملے ہیں، اُن میں پہلی صدی عیسوی سے قبل یہودیوں کا کوئی نشان نہیں ملتا، اور ان میں بھی صرف چند یہودی نام ہی پائے جاتے ہیں۔ اس لیے یہودِ عرب کی تاریخ کا بیشتر انحصار اُن زبانی رِوایات پر ہے جو اہلِ عرب میں مشہور تھیں، اور ان میں اچھا خاصا حصّہ خود یہودیوں کا اپنا پھیلایا ہوا تھا۔

حِجاز کے یہودیوں کا یہ دعویٰ تھا کہ سب سے پہلے وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے آخر عہد میں یہاں آ کر آباد

ہوئے تھے۔ اس کا قصّہ وہ یہ بیان کرتے تھے کہ حضرت موسٰی علیہ السلام نے ایک لشکر یثرب کے علاقے سے عَمالِقَہ کو نکالنے کے لیے بھیجا تھا اور اسے حکم دیا تھا کہ اس قوم کے کسی شخص کو زندہ نہ چھوڑیں۔ بنی اسرائیل کے اس لشکر نے یہاں آکر فرمانِ نبی کی تعمیل کی، مگر عَمالِقَہ کے بادشاہ کا ایک لڑکا بڑا خوبصورت جوان تھا، اسے انھوں نے زندہ رہنے دیا اور اس کو ساتھ لیے ہوئے فلسطین واپس پہنچے۔ اُس وقت حضرت موسیٰؑ کا انتقال ہو چکا تھا۔ اُن کے جانشینوں نے اِس بات پر سخت اعتراض کیا کہ ایک عَمالیقی کو زندہ چھوڑ دینا نبی کے فرمان اور شریعتِ موسوی کے احکام کی صریح خلاف ورزی ہے۔ اس بنا پر انھوں نے اِس لشکر کو اپنی جماعت سے خارج کر دیا، اور اسے مجبُوراً یثرب واپس آکر یہیں بس جانا پڑا۔ (کتاب الاَغانی، ج ۱۹، ص ۹۴) اس طرح یہودی گویا اس بات کے مُدّعی تھے کہ وہ ۱۲ سو برس قبلِ مسیح سے یہاں آباد ہیں۔ لیکن درحقیقت اس کا کوئی تاریخی ثبوت نہیں ہے، اور اغلب یہ ہے کہ یہودیوں نے یہ افسانہ اس لیے گھڑا تھا کہ اہلِ عرب پر اپنے قدیم الاصل اور عالی نسب ہونے کی دھونس جمائیں۔

دوسری یہودی مہاجرت، خود یہودیوں کی اپنی رِوایت کے مطابق ۵۸۷ قبلِ مسیح میں ہوئی جب کہ بابِل کے بادشاہ بُخْتِ نَصّر نے بیت المَقدِس کو تباہ کر کے یہودیوں کو دنیا بھر میں تِتّر بِتّر کر دیا تھا۔ عرب کے یہودی کہتے تھے کہ اُس زمانے میں ہمارے متعدِّد قبائل آکر وادی القُریٰ، تَیماء اور یثرِب میں آباد ہو گئے تھے۔ (فُتُوحُ الْبُلدان، البَلاَذُری) لیکن اِس کا بھی کوئی تاریخی ثبوت نہیں ہے۔ بعید نہیں کہ اس سے بھی وہ اپنی قدامت ثابت کرنا چاہتے ہوں۔

درحقیقت جو بات ثابت ہے، وہ یہ ہے کہ جب ۷۰ عیسوی میں رومیوں نے فلسطین میں یہودیوں کا قتلِ عام کیا، اور پھر ۱۳۲ء میں انھیں اس سرزمین سے بالکل نکال باہر کیا، اُس دَور میں بہت سے یہودی قبائل بھاگ کر حجاز میں پناہ گزین ہوئے تھے، کیونکہ یہ علاقہ فلسطین کے جنوب میں متصل ہی واقع تھا۔ یہاں آکر انھوں نے جہاں جہاں چشمے اور سرسبز مَقامات دیکھے، وہاں ٹھیر گئے اور پھر رفتہ رفتہ اپنے جوڑ توڑ اور سُود خواری کے ذریعے سے اُن پر قبضہ جمالیا۔ اَیلہ، مَقنا، تبوک، تَیماء، وادی القُریٰ، فَدَک اور خیبر پر اُن کا تسلُّط اُسی دَور میں قائم ہوا۔ اور بنی قُریظَہ، بنی نَضِیر، بنی بَہدَل اور بنی قَینُقاع بھی اُسی دور میں آکر یثرِب پر قابض ہوئے۔

یثرِب میں آباد ہونے والے قبائل میں سے بنی نَضِیر اور بنی قُریظَہ زیادہ ممتاز تھے، کیونکہ وہ کاہنوں (Cohens یا Priests) کے طبقے میں سے تھے، انھیں یہودیوں میں عالی نسب مانا جاتا تھا، اور ان کو اپنی ملّت میں مذہبی سیادت حاصل تھی۔ یہ لوگ جب مدینے میں آکر آباد ہوئے، اُس وقت کچھ دوسرے عرب قبائل یہاں رہتے تھے جن کو انھوں نے دبالیا اور عملاً اِس سرسبز و شاداب مَقام کے مالک بن بیٹھے۔ اس کے تقریباً تین صدی بعد ۴۵۰ء یا ۴۵۱ء میں یمن کے اُس سیلابِ عظیم کا واقعہ پیش آیا جس کا ذکر سورۂ سَبا کے دوسرے رُکوع میں گزر چکا ہے۔ اِس سیلاب کی وجہ سے قوم سَبا کے مختلف قبیلے یمن سے نکل کر عرب کے اطراف میں پھیل جانے پر مجبور ہوئے۔ ان میں سے غَسّانی شام میں، لَخْمی حِیرَہ (عراق) میں، بنی خُزاعہ جدّہ و مکّہ کے درمیان، اور اَوس و خَزرَج یثرِب میں جاکر آباد ہوئے۔ یثرِب پر چونکہ یہودی چھائے ہوئے تھے، اس لیے انھوں

نے اوّل اوّل اَوس وخَزرَج کی دال نہ گلنے دی اور یہ دونوں عرب قبیلے چارو ناچار بنجر زمینوں پر بس گئے، جہاں اُن کو قُوتِ لایمُوت بھی مشکل سے حاصل ہوتا تھا۔ آخر کار ان کے سرداروں میں سے ایک شخص اپنے غَسّانی بھائیوں سے مدد مانگنے کے لیے شام گیا اور وہاں سے ایک لشکر لا کر اس نے یہودیوں کا زور توڑ دیا۔ اس طرح اَوس وخَزرَج کو یثرِب پر پُورا غلبہ حاصل ہو گیا۔ یہودیوں کے دو بڑے قبیلے، بنی نَضِیر اور بنی قُرَیظَہ، شہر کے باہر جا کر بسنے پر مجبُور ہو گئے۔ تیسرے قبیلے بنی قَینُقاع کی چونکہ اِن دونوں یہودی قبیلوں سے اَن بَن تھی، اس لیے وہ شہر کے اندر ہی مقیم رہا، مگر یہاں رہنے کے لیے اُسے قبیلۂ خَزرَج کی پناہ لینی پڑی۔ اور اُس کے مقابلے میں بنی نَضِیر و بنی قُرَیظَہ نے قبیلۂ اَوس کی پناہ لی، تاکہ اطرافِ یثرِب میں امن کے ساتھ رہ سکیں۔ ذیل کے نقشے سے واضح ہو گا کہ اِس نئے انتظام کے ماتحت یثرِب اور اس کے نواح میں یہودی بستیاں کہاں کہاں تھیں۔



رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری سے پہلے، آغازِ ہجرت تک، حجاز میں عموماً اور یثرب میں خصوصاً یہودیوں کی پوزیشن کے نمایاں خدّوخال یہ تھے:

— زبان، لباس، تہذیب، تمدُّن، ہر لحاظ سے انھوں نے پُوری طرح عربیت کا رنگ اختیار کر لیا تھا، حتّٰی کہ ان کی غالب اکثریت کے نام تک عربی ہو گئے تھے۔ ۱۲ یہودی قبیلے جو حجاز میں آباد ہوئے تھے، ان میں سے بنی زَعُوراء کے سوا کسی قبیلے کا نام عبرانی نہ تھا۔ ان کے چند گِنے چُنے علما کے سوا کوئی عبرانی جانتا تک نہ تھا۔ زمانہ جاہلیّت کے یہودی شاعروں کا جو کلام ہمیں ملتا ہے، ان کی زبان اور خیالات اور مضامین میں شعرائے عرب سے الگ کوئی امتیازی شان نہیں پائی جاتی جو انھیں مُمیّز کرتی ہو۔ اُن کے اور عربوں کے درمیان شادی بیاہ تک کے تعلقات قائم ہو چکے تھے۔ درحقیقت ان میں اور عام عربوں میں دین کے سوا کوئی فرق باقی نہ رہا تھا۔ لیکن اِن ساری باتوں کے باوجود وہ عربوں میں جذب بالکل نہ ہوئے تھے، اور انھوں نے شدّت کے ساتھ اپنی یہودی عصبیت برقرار رکھی تھی۔ یہ ظاہری عربیت انھوں نے صرف اس لیے اختیار کی تھی کہ اس کے بغیر وہ عرب میں رہ نہ سکتے تھے۔

— ان کی اس عربیت کی وجہ سے مغربی مُستَشرقین کو یہ دھوکا ہوا ہے کہ شاید یہ بنی اسرائیل نہ تھے بلکہ یہودی مذہب قبول کرنے والے عرب تھے، یا کم از کم ان کی اکثریت عرب یہودیوں پر مشتمل تھی۔ لیکن اس امر کا کوئی تاریخی ثبوت نہیں ملتا کہ یہودیوں نے حجاز میں کبھی کوئی تبلیغی سرگرمی دکھائی ہو، یا ان کے علما نصرانی پادریوں اور مشنریوں کی طرح اہلِ عرب کو دینِ یہود کی طرف دعوت دیتے ہوں۔ اس کے برعکس ہم یہ دیکھتے ہیں کہ ان کے اندر اسرائیلیت کا شدید تعصب اور نسلی فخر وغرور پایا جاتا تھا۔ اہلِ عرب کو وہ اُمّی (gentiles) کہتے تھے، جس کے معنٰی صرف اَن پڑھ کے نہیں بلکہ وحشی اور جاہل کے تھے۔ ان کا عقیدہ یہ تھا کہ ان اُمّیوں کو وہ انسانی حُقوق حاصل نہیں ہیں جو اسرائیلیوں کے لیے ہیں، اور ان کا مال ہر جائز و ناجائز طریقے سے مار کھانا اسرائیلیوں کے لیے حلال و طَیّب ہے۔ سردارانِ عرب کے ماسوا، عام عربوں کو وہ اس قابل نہ سمجھتے تھے کہ انھیں دینِ یہود میں داخل کر کے برابر کا درجہ دے دیں۔ تاریخی طور پر اس کا کوئی ثبوت نہیں ملتا، نہ روایاتِ عرب میں ایسی کوئی شہادت ملتی ہے کہ کسی عرب قبیلے یا کسی بڑے خاندان نے یہودیت قبول کی ہو۔ البتہ بعض افراد کا ذکر ضرور ملتا ہے جو یہودی ہو گئے تھے۔ ویسے بھی یہودیوں کو تبلیغِ دین کے بجائے صرف اپنے کاروبار سے دلچسپی تھی۔ اِسی لیے حجاز میں یہودیت ایک دین کی حیثیت سے نہیں پھیلی، بلکہ محض چند اسرائیلی قبیلوں کا سرمایۂ فخر و ناز ہی بنی رہی۔ البتہ یہودی علمانے تعویذ گنڈوں اور فال گیری اور جادُوگری کا کاروبار خوب چمکا رکھا تھا، جس کی وجہ سے عربوں پر اُن کے ”علم“ اور ”عمل“ کی دھاک بیٹھی ہوئی تھی۔

— معاشی حیثیت سے ان کی پوزیشن عرب قبائل کی بہ نسبت زیادہ مضبوط تھی۔ چونکہ وہ فلسطین و شام کے زیادہ متمدن علاقوں سے آئے تھے، اس لیے وہ بہت سے ایسے فنون جانتے تھے جو اہلِ عرب میں رائج نہ تھے۔

اور باہر کی دنیا سے ان کے کاروباری تعلقات بھی تھے۔ اِن وُجوہ سے یثرب اور بالائی حجاز میں غلّے کی درآمد اور یہاں سے چھواروں کی برآمد ان کے ہاتھ میں آ گئی تھی۔ مرغ بانی اور ماہی گیری پر بھی زیادہ تر انھی کا قبضہ تھا۔ پارچہ بافی کا کام بھی ان کے ہاں ہوتا تھا۔ جگہ جگہ مَے خانے بھی انھوں نے قائم کر رکھے تھے، جہاں شام سے شراب لا کر فروخت کی جاتی تھی۔ بنی قَیْنُقاع زیادہ تر سنار اور لوہار اور ظروف سازی کا پیشہ کرتے تھے۔ اس سارے بَنج بیوپار میں یہ یہودی بے تحاشا منافع خوری کرتے تھے۔ لیکن ان کا سب سے بڑا کاروبار سود خواری کا تھا، جس کے جال میں انھوں نے گردوپیش کی عرب آبادیوں کو پھانس رکھا تھا، اور خاص طور پر عرب قبائل کے شیوخ اور سردار، جنھیں قرض لے لے کر ٹھاٹ جمانے اور شیخی بگھارنے کی بیماری لگی ہوئی تھی، ان کے پھندے میں پھنسے ہوئے تھے۔ یہ بھاری شرحِ سُود پر قرضے دیتے، اور پھر سُود در سُود کا چکر چلاتے تھے، جس کی گرفت میں آ جانے کے بعد مشکل ہی سے کوئی نکل سکتا تھا۔ اِس طرح انھوں نے عربوں کو معاشی حیثیت سے کھوکھلا کر رکھا تھا، مگر اِس کا فطری نتیجہ یہ بھی تھا کہ عربوں میں بالعُموم ان کے خلاف ایک گہری نفرت پائی جاتی تھی۔

ان کے تجارتی اور مالی مفادات کا تقاضا یہ تھا کہ عربوں میں کسی کے دوست بن کر کسی سے نہ بگاڑیں اور نہ ان کی باہمی لڑائیوں میں حصّہ لیں۔ لیکن دوسری طرف ان کے مفاد ہی کا تقاضا یہ بھی تھا کہ عربوں کو باہم متحد نہ ہونے دیں، اور انھیں ایک دوسرے سے لڑاتے رہیں، کیونکہ وہ اس بات کو جانتے تھے کہ جب بھی عرب قبیلے باہم متحد ہوئے، وہ اُن بڑی بڑی جائداوں اور باغات اور سرسبز زمینوں پر انھیں قابض نہ رہنے دیں گے جو انھوں نے اپنی منافع خوری اور سُود خواری سے پیدا کی تھیں۔ مزید برآں اپنی حفاظت کے لیے ان کے ہر قبیلے کو کسی نہ کسی طاقت ور عرب قبیلے سے حلیفانہ تعلقات بھی قائم کرنے پڑتے تھے، تاکہ کوئی دوسرا زبردست قبیلہ ان پر ہاتھ نہ ڈال سکے۔ اس بنا پر بارہا انھیں نہ صرف ان عرب قبائل کی باہمی لڑائیوں میں حصّہ لینا پڑتا تھا، بلکہ بسا اوقات ایک یہودی قبیلہ اپنے حلیف عرب قبیلے کے ساتھ مل کر کسی دوسرے یہودی قبیلے کے خلاف جنگ آزما ہو جاتا تھا، جس کے حلیفانہ تعلقات فریقِ مخالف سے ہوتے تھے۔ یثرب میں بنی قُرَیْظَہ اور بنی نَضِیر اَوس کے حلیف تھے، اور بنی قَیْنُقاع خَزْرَج کے۔ ہجرت سے تھوڑی مدت پہلے اَوس اور خَزْرَج کے درمیان جو خوں ریز لڑائی بُعاث کے مقام پر ہوئی تھی، اُس میں یہ اپنے اپنے حلیفوں کے ساتھ مل کر ایک دوسرے سے نَبَرد آزما ہوئے تھے۔

یہ حالات تھے جب مدینے میں اسلام پہنچا، اور بالآخر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری کے بعد وہاں ایک اسلامی ریاست وجود میں آئی۔ آپؐ نے اس ریاست کو قائم کرتے ہی جو اوّلین کام کیے، ان میں سے ایک یہ تھا کہ اَوس اور خَزْرَج اور مہاجرین کو ملا کر ایک بَرادری بنائی، اور دوسرا یہ تھا کہ اس مسلم معاشرے اور یہودیوں کے درمیان واضح شرائط پر ایک معاہدہ طے کیا جس میں اس امر کی ضمانت دی گئی تھی کہ کوئی کسی کے حُقوق پر دست درازی نہ کرے گا اور بیرونی دشمنوں کے مقابلے میں یہ سب مُتّحِدہ دفاع کریں گے۔ اس معاہدے کے چند اہم فقرے یہ ہیں، جن سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ یہود اور مسلمانوں نے ایک دوسرے کے ساتھ تعلقات

میں کن اُمور کی پابندی قبول کی تھی:

ان علی الیھود نفقتھم وعلی المسلمین نفقتھم، وان بینھم النصر علٰی من حارب اھل ھٰذہ الصحیفۃ، وان بینھم النصح والنصیحۃ والبرّ دون الاثم، وانہ لم یاثم امرؤٌ بحلیفہ، وان النصر للمظلوم، وان الیھود ینفقون مع المؤمنین ما داموا محاربین، وان یثرب حرام جوفھا لاھل ھٰذہ الصحیفۃ .......... وانہ ما کان بین اھل ھٰذہ الصحیفۃ من حَدَثٍ او اشتجار یخاف فسادہ فان مردّہ الی اللّٰہ عزوجل والٰی محمد رسول اللّٰہ .......... وانہ لا تجار قریش ولا من نصرھا، وان بینھم النصر علی من دھم یثرب ۔ علی کل اناس حصتھم من جانبھم الذی قِبَلَھم (ابنِ ہشام، ج۲،ص۱۴۷تا۱۵۰)

یہ کہ یہودی اپنا خرچ اُٹھائیں گے اور مسلمان اپنا خرچ، اور یہ کہ اس معاہدے کے شرکا حملہ آور کے مقابلے میں ایک دوسرے کی مدد کے پابند ہوں گے، اور یہ کہ وہ خلوص کے ساتھ ایک دوسرے کی خیر خواہی کریں گے اور ان کے درمیان نیکی وحق رسانی کا تعلق ہوگا نہ کہ گناہ اور زیادتی کا، اور یہ کہ کوئی اپنے حلیف کے ساتھ زیادتی نہیں کرے گا، اور یہ کہ مظلوم کی حمایت کی جائے گی، اور یہ کہ جب تک جنگ رہے یہودی مسلمانوں کے ساتھ مل کر اُس کے مصارف اٹھائیں گے، اور یہ کہ اس معاہدے کے شرکا پر یثرِب میں کسی نوعیت کا فتنہ وفساد کرنا حرام ہے، اور یہ کہ اس معاہدے کے شرکا کے درمیان اگر کوئی ایسا قضیہ یا اختلاف رونما ہو جس سے فساد کا خطرہ ہو تو اس کا فیصلہ اللہ کے قانون کے مطابق محمد رسولؐ اللہ کریں گے......اور یہ کہ قریش اور اس کے حامیوں کو پناہ نہیں دی جائے گی، اور یہ کہ یثرِب پر جو بھی حملہ آور ہو اس کے مقابلے میں شرکائے معاہدہ ایک دوسرے کی مدد کریں گے...... ہر فریق اپنی جانب کے علاقے کی مدافعت کا ذمہ دار ہوگا۔

یہ ایک قطعی اور واضح معاہدہ تھا جس کی شرائط یہودیوں نے خود قبول کی تھیں۔ لیکن بہت جلد انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور اسلام اور مسلمانوں کے خلاف معاندانہ رَوِش کا اظہار شروع کر دیا اور ان کا عناد روز بروز سخت تر ہوتا چلا گیا۔ اس کے بڑے بڑے وُجوہ تین تھے:

ایک یہ کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو محض ایک رئیسِ قوم دیکھنا چاہتے تھے جو اُن کے ساتھ بس ایک سیاسی معاہدہ کر کے رہ جائے اور صرف اپنے گروہ کے دنیوی مفاد سے سروکار رکھے۔ مگر انھوں نے دیکھا کہ آپؐ تو اللہ اور آخرت اور رسالت اور کتاب پر ایمان لانے کی دعوت دے رہے ہیں (جس میں خود اُن کے اپنے رسولوں اور کتابوں پر ایمان لانا بھی شامل تھا) اور معصیت چھوڑ کر اُن احکامِ الٰہی کی اطاعت کرنے اور اُن اَخلاقی حُدود کی پابندی کرنے کی طرف بلا رہے ہیں جن کی طرف خود ان کے انبیاؑ بھی دنیا کو بلاتے رہے ہیں۔ یہ

چیز ان کو سخت ناگوار تھی۔ اُن کو خطرہ پیدا ہو گیا کہ یہ عالمگیر اُصولی تحریک اگر چل پڑی تو اس کا سیلاب ان کی جامد مذہبیت اور ان کی نسلی قومیت کو بہا لے جائے گا۔

دوسرے یہ کہ اَوس و خَزرَج اور مہاجرین کو بھائی بھائی بنتے دیکھ کر، اور یہ دیکھ کر کہ گردو پیش کے عرب قبائل میں سے جو لوگ اسلام کی اِس دعوت کو قبول کر رہے ہیں، وہ سب مدینے کی اِس اسلامی برادری میں شامل ہو کر ایک مِلّت بنتے جارہے ہیں، انھیں یہ خطرہ پیدا ہو گیا کہ صدیوں سے اپنی سلامتی اور اپنے مفادات کی ترقی کے لیے انھوں نے عرب قبیلوں میں پھوٹ ڈال کر اپنا اُلّو سیدھا کرنے کی جو پالیسی اختیار کر رکھی تھی، وہ اب اِس نئے نظام میں نہ چل سکے گی، بلکہ اب ان کو عربوں کی ایک مُتحدہ طاقت سے سابقہ پیش آئے گا، جس کے آگے ان کی چالیں کامیاب نہ ہو سکیں گی۔

تیسرے یہ کہ معاشرے اور تمدُّن کی جو اصلاح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کر رہے تھے، اس میں کاروبار اور لین دین کے تمام ناجائز طریقوں کا سدِّباب شامل تھا، اور سب سے بڑھ کر یہ کہ سُود کو بھی آپؐ ناپاک کمائی اور حرام خوری قرار دے رہے تھے، جس سے انھیں خطرہ تھا کہ اگر عرب پر آپؐ کی فرمانروائی قائم ہو گئی تو آپؐ اسے قانوناً ممنوع کر دیں گے۔ اِس میں ان کو اپنی موت نظر آتی تھی۔

ان وجوہ سے انھوں نے حضورؐ کی مخالفت کو اپنا قومی نصب العین بنا لیا۔ آپؐ کو زک دینے کے لیے کوئی چال، کوئی تدبیر اور کوئی ہتھکنڈا استعمال کرنے میں ان کو ذرہ برابر تأمُّل نہ تھا۔ وہ آپؐ کے خلاف طرح طرح کی جھوٹی باتیں پھیلاتے تھے، تاکہ لوگ آپؐ سے بدگمان ہو جائیں۔ اسلام قبول کرنے والوں کے دلوں میں ہر قسم کے شکوک و شبہات اور وسوسے ڈالتے تھے، تاکہ وہ اِس دین سے برگشتہ ہو جائیں۔ خود جھوٹ موٹ کا اسلام قبول کرنے کے بعد مرتد ہو جاتے تھے، تاکہ لوگوں میں اسلام اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف زیادہ سے زیادہ غلط فہمیاں پھیلائی جاسکیں۔ فتنے برپا کرنے کے لیے منافقین سے ساز باز کرتے تھے۔ ہر اُس شخص اور گروہ اور قبیلے سے رابطہ پیدا کرتے تھے جو اسلام کا دشمن ہوتا تھا۔ مسلمانوں کے اندر پھوٹ ڈالنے اور ان کو آپس میں لڑا دینے کے لیے ایڑی چوٹی کا زور لگا دیتے تھے۔ اَوس اور خَزرَج کے لوگ خاص طور پر اُن کے ہدف تھے، جن سے اُن کے مدت ہائے دراز کے تعلقات چلے آرہے تھے۔ جنگِ بُعاث کے تذکرے چھیڑ چھیڑ کر وہ اُن کو پُرانی دشمنیاں یاد دلانے کی کوشش کرتے تھے، تاکہ ان کے درمیان پھر ایک دفعہ تلوار چل جائے اور اُخوّت کا وہ رشتہ تار تار ہو جائے جس میں اسلام نے ان کو باندھ دیا تھا۔ مسلمانوں کو مالی حیثیت سے تنگ کرنے کے لیے بھی وہ ہر قسم کی دھاندلیاں کرتے تھے۔ جن لوگوں سے ان کا پہلے سے لین دین تھا، ان میں سے جوں ہی کوئی شخص اسلام قبول کرتا وہ اس کو نقصان پہنچانے کے درپے ہو جاتے تھے۔ اگر اس سے کچھ لینا ہوتا تو تقاضے کر کر کے اس کا ناک میں دم کر دیتے، اور اگر اسے کچھ دینا ہوتا تو اس کی رقم مار کھاتے تھے اور عَلانیہ کہتے تھے کہ جب ہم نے تم سے معاملہ کیا تھا اس وقت تمھارا دین

کچھ اور تھا، اب چونکہ تم نے اپنا دین بدل دیا ہے، اس لیے ہم پر تمھارا کوئی حق باقی نہیں ہے۔ اس کی متعدد مثالیں تفسیر طَبَری، تفسیر نَیسابُوری، تفسیرِ طَبَرسی اور تفسیر روح المعانی میں سورۂ آلِ عمران، آیت ۷۵ کی تشریح کرتے ہوئے نقل کی گئی ہیں۔

معاہدے کے خلاف یہ کُھلی کُھلی معاندانہ رَوِش تو جنگِ بَدر سے پہلے ہی وہ اختیار کر چکے تھے۔ مگر جب بدر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمانوں کو قریش پر فتح مبین حاصل ہوئی تو وہ تلملا اُٹھے، اور اُن کے بُغض کی آگ اور زیادہ بھڑک اُٹھی۔ اس جنگ سے وہ یہ اُمید لگائے بیٹھے تھے کہ قریش کی طاقت سے ٹکرا کر مسلمانوں کا خاتمہ ہو جائے گا۔ اسی لیے انھوں نے فتح اسلام کی خبر پہنچنے سے پہلے مدینے میں یہ افواہیں اڑانی شروع کر دی تھیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شہید ہو گئے، اور مسلمانوں کو شکستِ فاش ہوئی، اور اب ابوجہل کی قیادت میں قریش کا لشکر مدینے کی طرف بڑھا چلا آ رہا ہے۔ لیکن جب نتیجہ ان کی اُمیدوں اور تمناؤں کے خلاف نکلا تو وہ غم اور غصے کے مارے پھٹ پڑے۔ بنی نَضِیر کا سردار کعب بن اشرف چیخ اُٹھا کہ "خدا کی قسم! اگر محمدؐ نے اِن اشرافِ عرب کو قتل کر دیا ہے تو زمین کا پیٹ ہمارے لیے اُس کی پیٹھ سے زیادہ بہتر ہے۔" پھر وہ مکّہ پہنچا اور بدر میں جو سردارانِ قریش مارے گئے تھے، اُن کے نہایت اشتعال انگیز مرثیے کہہ کر مکّہ والوں کو انتقام پر اکسایا۔ پھر مدینہ واپس آ کر اس نے اپنے دل کی جلن نکالنے کے لیے ایسی غزلیں کہنی شروع کیں جن میں مسلمان شرفا کی بہو بیٹیوں کے ساتھ اظہارِ عشق کیا گیا تھا۔ آخر کار اُس کی شرارتوں سے تنگ آ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ربیع الاوّل ۳ھ میں محمدؓ بن مَسْلَمہ انصاری کو بھیج کر اسے قتل کرا دیا۔ (ابنِ سعد، ابنِ ہِشام، تاریخِ طَبَری)

یہودیوں کا پہلا قبیلہ جس نے اجتماعی طور پر جنگِ بدر کے بعد کُھلم کُھلا اپنا معاہدہ توڑ دیا، بنی قَیْنُقاع تھا۔ یہ لوگ خود شہرِ مدینہ کے اندر ایک محلّے میں آباد تھے اور چونکہ یہ سنار، لوہار اور ظُروف ساز تھے، اس لیے اِن کے بازار میں اہلِ مدینہ کو کثرت سے جانا آنا پڑتا تھا۔ ان کو اپنی شجاعت پر بڑا ناز تھا۔ آہن گر ہونے کی وجہ سے ان کا بچہ بچہ مسلّح تھا۔ سات سو مردانِ جنگی ان کے اندر موجود تھے۔ اور ان کو اس بات کا بھی زُعم تھا کہ قبیلۂ خَزرَج سے ان کے پرانے حلیفانہ تعلقات تھے، اور خَزرَج کا سردار عبداللہ بن اُبَیّ اُن کا پُشتیبان تھا۔ بدر کے واقعے سے یہ اس قدر مشتعل ہوئے کہ انھوں نے اپنے بازار میں آنے جانے والے مسلمانوں کو ستانا، اور خاص طور پر ان کی عورتوں کو چھیڑنا شروع کر دیا۔ رفتہ رفتہ نوبت یہاں تک پہنچی کہ ایک روز اِن کے بازار میں ایک مسلمان عورت کو برسرِ عام برہنہ کر دیا گیا۔ اس پر سخت جھگڑا ہوا اور ہنگامے میں ایک مسلمان اور ایک یہودی قتل ہو گیا۔ جب حالات اس حد کو پہنچ گئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے محلّے میں تشریف لے گئے اور ان کو جمع کر کے آپؐ نے ان کو راہِ راست پر آنے کی تلقین فرمائی۔ مگر انھوں نے جواب دیا: "اے محمدؐ! تم نے شاید ہمیں بھی قریش سمجھا ہے؟ وہ لڑنا نہیں جانتے تھے، اس لیے تم نے انھیں مار لیا۔

ہم سے سابقہ پیش آئے گا تو تمھیں معلوم ہو جائے گا کہ مرد کیسے ہوتے ہیں۔" یہ گویا صاف صاف اعلانِ جنگ تھا۔ آخرکار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شوّال (اور بروایتِ بعض ذی القعدہ) ۲ھ کے آخر میں ان کے محلّے کا محاصرہ کر لیا۔ صرف پندرہ روز ہی یہ محاصرہ رہا تھا کہ انھوں نے ہتھیار ڈال دیے اور ان کے تمام قابلِ جنگ آدمی باندھ لیے گئے۔ اب عبداللہ بن اُبَیّ اُن کی حمایت کے لیے اُٹھ کھڑا ہوا اور اس نے سخت اصرار کیا کہ آپؐ انھیں معاف کر دیں۔ چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی درخواست قبول کر کے یہ فیصلہ فرما دیا کہ بنی قَیْنُقاع اپنا سب مال، اسلحہ، اور آلاتِ صنعت چھوڑ کر مدینے سے نکل جائیں۔ (ابنِ سعد، ابنِ ہِشام، تاریخِ طَبَری)

اِن دو سخت اقدامات (یعنی بنی قَیْنُقاع کے اِخراج اور کَعب بن اشرف کے قتل) سے کچھ مدّت تک یہودی اتنے خوف زدہ رہے کہ انھیں کوئی مزید شرارت کرنے کی ہمت نہ ہوئی۔ مگر اس کے بعد شوال ۳ھ میں قریش کے لوگ جنگِ بدر کا بدلہ لینے کے لیے بڑی تیاریوں کے ساتھ مدینے پر چڑھ کر آئے، اور اِن یہودیوں نے دیکھا کہ قریش کی تین ہزار فوج کے مقابلے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ صرف ایک ہزار آدمی لڑنے کے لیے نکلے ہیں، اور ان میں سے بھی تین سو منافقین الگ ہو کر پلٹ آئے ہیں، تو انھوں نے معاہدے کی پہلی اور صریح خلاف ورزی اِس طرح کی کہ مدینے کی مدافعت میں آپؐ کے ساتھ شریک نہ ہوئے، حالانکہ وہ اس کے پابند تھے۔ پھر جب معرکۂ اُحُد میں مسلمانوں کو نقصانِ عظیم پہنچا تو ان کی جرأتیں اور بڑھ گئیں، یہاں تک کہ بنی نَضِیر نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو قتل کرنے کے لیے باقاعدہ ایک سازش کی، جو عین وقت پر ناکام ہو گئی۔ اِس واقعے کی تفصیل یہ ہے کہ بئرِ معونہ کے سانحے (صفر ۴ھ) کے بعد عَمْروؓ بن اُمَیَّہ ضَمْری نے انتقامی کارروائی کے طور پر غَلَطی سے بنی عامر کے دو آدمیوں کو قتل کر دیا، جو دراصل ایک معاہد قبیلے سے تعلق رکھتے تھے، مگر عَمْروؓ نے ان کو دشمن قبیلے کے آدمی سمجھ لیا تھا۔ اس غلطی کی وجہ سے ان کا خون بہا مسلمانوں پر واجب آ گیا تھا، اور چونکہ بنی عامر کے ساتھ معاہدے میں بنی نَضِیر بھی شریک تھے، اس لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چند صحابہؓ کے ساتھ خود ان کی بستی میں تشریف لے گئے، تاکہ خون بہا کی ادائیگی میں ان کو بھی شرکت کی دعوت دیں۔ وہاں انھوں نے آپؐ کو چکنی چپڑی باتوں میں لگایا اور اندر ہی اندر یہ سازش کی کہ ایک شخص اُس مکان کی چھت پر سے آپؐ کے اوپر ایک بھاری پتھر گرا دے جس کی دیوار کے سایے میں آپؐ تشریف فرما تھے۔ مگر قبل اس کے کہ وہ اپنی اِس تدبیر پر عمل کرتے، اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو بروقت خبردار کر دیا، اور آپؐ فوراً وہاں سے اُٹھ کر مدینہ واپس تشریف لے آئے۔

اب ان کے ساتھ کسی رعایت کا سوال باقی نہ رہا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو بلا تاخیر یہ الٹی میٹم بھیج دیا کہ تم نے جو غدّاری کرنی چاہی تھی، وہ میرے علم میں آ گئی ہے۔ لہٰذا دس دن کے اندر مدینے سے نکل جاؤ،

اس کے بعد اگر تم یہاں ٹھیرے رہے تو جو شخص بھی تمھاری بستی میں پایا جائے گا، اس کی گردن مار دی جائے گی۔ دوسری طرف عبداللہ بن اُبَیّ نے اُن کو پیغام بھیجا کہ میں دو ہزار آدمیوں سے تمھاری مدد کروں گا، اور بنی قُرَیظَہ اور بنی غَطَفان بھی تمھاری مدد کو آئیں گے، تم ڈٹ جاؤ اور ہرگز اپنی جگہ نہ چھوڑو۔ اس جھوٹے بھروسے پر انھوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے الٹی میٹم کا یہ جواب دیا کہ ہم یہاں سے نہیں نکلیں گے، آپؐ سے جو کچھ ہو سکے کر لیجیے۔ اس پر ربیع الاوّل ۴ھ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا محاصرہ کر لیا، اور صرف چند روز کے محاصرے کے بعد (جس کی مدت بعض رِوایات میں چھ دن اور بعض میں پندرہ دن آئی ہے) وہ اس شرط پر مدینہ چھوڑ دینے کے لیے راضی ہو گئے کہ اسلحے کے سوا جو کچھ بھی وہ اپنے اُونٹوں پر لاد کر لے جاسکیں گے، لے جائیں گے۔ اِس طرح یہودیوں کے اس دوسرے شریر قبیلے سے مدینے کی سرزمین خالی کرالی گئی۔ ان میں سے صرف دو آدمی مسلمان ہو کر یہاں ٹھیر گئے۔ باقی شام اور خیبر کی طرف نکل گئے۔

یہی واقعہ ہے جس سے اِس سورہ میں بحث کی گئی ہے۔

**موضوع اور مضامین**

سورت کا موضوع، جیسا کہ اُوپر بیان ہوا، جنگِ بنی نَضِیر پر تبصرہ ہے۔ اس میں بحیثیتِ مجموعی چار مضامین بیان ہوئے ہیں:

۱- پہلی چار آیتوں میں دنیا کو اُس انجام سے عبرت دلائی گئی ہے جو ابھی ابھی بنی نَضِیر نے دیکھا تھا۔ ایک بڑا قبیلہ، جس کے افراد کی تعداد اُس وقت مسلمانوں کی تعداد سے کچھ کم نہ تھی، جو مال و دولت میں مسلمانوں سے بہت بڑھا ہوا تھا، جس کے پاس جنگی سامان کی بھی کمی نہ تھی، جس کی گڑھیاں بڑی مضبوط تھیں، صرف چند روز کے محاصرے کی تاب بھی نہ لا سکا اور بغیر اس کے کہ کسی ایک آدمی کے قتل کی بھی نوبت آئی ہوتی، وہ اپنی صدیوں کی جمی جمائی بستی چھوڑ کر جَلاوطنی قبول کرنے پر آمادہ ہو گیا۔ اللہ تعالیٰ نے بتایا ہے کہ یہ مسلمانوں کی طاقت کا کرشمہ نہیں تھا، بلکہ اس بات کا نتیجہ تھا کہ وہ اللہ اور اس کے رسولؐ سے نبرد آزما ہوئے تھے، اور جو لوگ اللہ کی طاقت سے ٹکرانے کی جرأت کریں، وہ ایسے ہی انجام سے دوچار ہوتے ہیں۔

۲- آیت ۵ میں قانونِ جنگ کا یہ قاعدہ بیان کیا گیا ہے کہ جنگی ضروریات کے لیے دشمن کے علاقے میں جو تخریبی کارروائی کی جائے، وہ فساد فی الارض کی تعریف میں نہیں آتی۔

۳- آیت ۶ سے ۱۰ تک یہ بتایا گیا ہے کہ اُن ممالک کی زمینوں اور جائدادوں کا بندوبست کس طرح کیا جائے جو جنگ یا صلح کے نتیجے میں اسلامی حکومت کے زیرِ نگیں آئیں۔ چونکہ یہ پہلا موقع تھا کہ ایک مفتوحہ علاقہ مسلمانوں کے قبضے میں آیا، اس لیے یہاں اس کا قانون بیان کر دیا گیا۔

۴- آیت ۱۱ تا ۱۷ تک منافقین کے اُس رَویّے پر تبصرہ کیا گیا ہے جو انھوں نے جنگِ بنی نَضِیر

کے موقع پر اختیار کیا تھا، اور اُن اسباب کی نشان دہی کی گئی ہے جو درحقیقت ان کے اِس رَوِیّے کی تہ میں کام کر رہے تھے۔

۵- آخری رُکوع پُورا کا پُورا ایک نصیحت ہے، جس کے مخاطَب وہ تمام لوگ ہیں جو ایمان کا دعویٰ کر کے مسلمانوں کے گروہ میں شامل ہو گئے ہوں، مگر ایمان کی اصل روح سے خالی رہیں۔ اس میں اُن کو بتایا گیا ہے کہ ایمان کا اصل تقاضا کیا ہے، تقویٰ اور فِسق میں حقیقی فرق کیا ہے، جس قرآن کو ماننے کا وہ دعویٰ کر رہے ہیں اس کی اہمیت کیا ہے، اور جس خدا پر ایمان لانے کا وہ اقرار کرتے ہیں وہ کن صفات کا حامل ہے۔

آیاتہا ۲۴ رکوعاتہا ۳

سُوْرَةُ الْحَشْرِ مَدَنِيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ هُوَ
الَّذِيْٓ اَخْرَجَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ دِيَارِهِمْ
لِاَوَّلِ الْحَشْرِ ؕ مَا ظَنَنْتُمْ اَنْ يَّخْرُجُوْا وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مَّانِعَتُهُمْ (وقف النبی علیہ السلام)

اللہ ہی کی تسبیح کی ہے ہر اُس چیز نے جو آسمانوں اور زمین میں ہے، اور وہی غالب اور حکیم ہے۔[1]

وہی ہے جس نے اہلِ کتاب کافروں کو پہلے ہی حملے میں[2] اُن کے گھروں سے نکال باہر کیا۔[3] تمھیں ہرگز یہ گمان نہ تھا کہ وہ نکل جائیں گے، اور وہ بھی یہ سمجھے بیٹھے تھے کہ اُن کی گڑھیاں

---

۱- تشریح کے لیے ملاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد پنجم، تفسیر سورۃ الحدید، حاشیہ ۱ و ۲۔ بنی نَضِیر کے اخراج پر تبصرہ شروع کرنے سے پہلے یہ تمہیدی فقرہ ارشاد فرمانے سے مقصود ذہن کو یہ حقیقت سمجھنے کے لیے تیار کرنا ہے کہ اس طاقت ور یہودی قبیلے کے ساتھ جو معاملہ پیش آیا، وہ مسلمانوں کی طاقت کا نہیں بلکہ اللہ کی قدرت کا کرشمہ تھا۔

۲- اصل الفاظ ہیں: لِاَوَّلِ الْحَشْرِ۔ حشر کے معنیٰ ہیں: منتشر افراد کو اکٹھا کرنا، یا بکھرے ہوئے اشخاص کو جمع کر کے نکالنا۔ اور لِاَوَّلِ الْحَشْرِ کے معنیٰ ہیں: پہلے حشر کے ساتھ، یا پہلے حشر کے موقع پر۔ اب رہا یہ سوال کہ اس جگہ اوّلِ حشر سے مراد کیا ہے؟ تو اس میں مفسّرین کے درمیان اختلاف ہے۔ ایک گروہ کے نزدیک اس سے مراد بنی نَضِیر کا مدینے سے اخراج ہے، اور اس کو اُن کا پہلا حشر اِس معنیٰ میں کہا گیا ہے کہ اُن کا دوسرا حشر حضرت عمرؓ کے زمانے میں ہوا جب یہود و نصاریٰ کو جزیرۃ العرب سے نکالا گیا، اور آخری حشر قیامت کے روز ہوگا۔ دوسرے گروہ کے نزدیک اس سے مراد مسلمانوں کی فوج کا اجتماع ہے جو بنی نَضِیر سے جنگ کرنے کے لیے ہوا تھا۔ اور لِاَوَّلِ الْحَشْرِ کے معنیٰ یہ ہیں کہ ابھی مسلمان اُن سے لڑنے کے لیے جمع ہی ہوئے تھے اور کُشت و خون کی نوبت بھی نہ آئی تھی کہ اللہ تعالیٰ کی قدرت سے وہ جلاوطنی کے لیے تیار ہو گئے۔ بالفاظِ دیگر، یہاں یہ الفاظ باوّلِ وَہلہ کے معنیٰ میں استعمال ہوئے ہیں۔ شاہ ولی اللہ صاحبؒ نے اس کا ترجمہ کیا ہے: ''در اوّل جمع کردنِ لشکر''۔ اور شاہ عبد القادر صاحبؒ کا ترجمہ ہے: ''پہلے ہی بِھیڑ ہوتے''۔ ہمارے نزدیک یہ دوسرا مفہوم ہی اِن الفاظ کا متبادر مفہوم ہے۔

حُصُوۡنُهُمۡ مِّنَ اللّٰهِ فَاَتٰٮهُمُ اللّٰهُ مِنۡ حَيۡثُ لَمۡ يَحۡتَسِبُوۡا ۚ وَقَذَفَ

انھیں اللہ سے بچالیں گی۔[۴] مگر اللہ ایسے رُخ سے اُن پر آیا جدھر اُن کا خیال بھی نہ گیا تھا۔[۵] اُس نے

۳- اس مقام پر ایک بات آغاز ہی میں سمجھ لینی چاہیے، تاکہ بنی نضیر کے اِخراج کے معاملے میں کوئی ذہنی اُلجھن پیدا نہ ہو۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بنی نَضِیر کا باقاعدہ تحریری معاہدہ تھا۔ اس معاہدے کو انھوں نے ردّ نہیں کیا تھا کہ معاہدہ ختم ہو جاتا۔ لیکن جس وجہ سے ان پر چڑھائی کی گئی، وہ یہ تھی کہ انھوں نے بہت سی چھوٹی بڑی خلاف ورزیاں کرنے کے بعد آخر کار ایک صریح فعل ایسا کیا تھا جو نَقضِ عہد کا ہم معنیٰ تھا۔ وہ یہ کہ انھوں نے دوسرے فریقِ معاہدہ، یعنی مدینے کی اسلامی ریاست کے صدر کو قتل کرنے کی سازش کی تھی، اور وہ کچھ اِس طرح کُھل گئی تھی کہ جب اُن کو نَقضِ معاہدہ کا الزام دیا گیا تو وہ اس کا انکار نہ کر سکے۔ اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو دس دن کا نوٹس دے دیا کہ اس مدت میں مدینہ چھوڑ کر نکل جاؤ، ورنہ تمھارے خلاف جنگ کی جائے گی۔ یہ نوٹس قرآنِ مجید کے اِس حکم کے ٹھیک مطابق تھا کہ ''اگر تم کو کسی قوم سے خیانت (بدعہدی) کا اندیشہ ہو تو اس کے معاہدے کو علانیہ اس کے آگے پھینک دو۔'' (الانفال: ۵۸) اسی لیے ان کے اخراج کو اللہ تعالیٰ اپنا فعل قرار دے رہا ہے، کیونکہ یہ ٹھیک قانونِ الٰہی کے مطابق تھا۔ گویا ان کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمانوں نے نہیں بلکہ اللہ نے نکالا۔ دوسری وجہ جس کی بنا پر اللہ تعالیٰ نے ان کے اخراج کو اپنا فعل قرار دیا ہے، آگے کی آیات میں ارشاد فرمائی گئی ہے۔

۴- اِس ارشاد کو سمجھنے کے لیے یہ بات نگاہ میں رہنی چاہیے کہ بنی نَضِیر صدیوں سے یہاں جمے ہوئے تھے۔ مدینے کے باہر ان کی پُوری آبادی یکجا تھی، جس میں ان کے اپنے قبیلے کے سوا کوئی دوسرا عُنصر موجود نہ تھا۔ انھوں نے پُوری بستی کو قلعہ بند کر رکھا تھا، اور ان کے مکانات بھی گڑھیوں کی شکل میں بنے ہوئے تھے، جس طرح عُموماً قبائلی علاقوں میں، جہاں ہر طرف بدامنی پھیلی ہوئی ہو، بنائے جاتے ہیں۔ پھر ان کی تعداد بھی اُس وقت کے مسلمانوں سے کچھ کم نہ تھی۔ اور خود مدینے کے اندر بہت سے منافقین اُن کی پشت پر تھے۔ اس لیے مسلمانوں کو ہرگز یہ توقع نہ تھی کہ یہ لوگ لڑے بغیر صرف محاصرے ہی سے بدحواس ہو کر یوں اپنی جگہ چھوڑ دیں گے۔ اسی طرح خود بنی نَضِیر کے بھی وہم وگمان میں یہ بات نہ تھی کہ کوئی طاقت ان سے چھ دن کے اندر یہ جگہ چھڑا لے گی۔ اگرچہ بنی قَیْنُقاع ان سے پہلے نکالے جا چکے تھے اور اپنی شجاعت پر ان کا سارا زعم دھرا کا دھرا رہ گیا تھا، لیکن وہ مدینے کے ایک محلے میں آباد تھے اور ان کی اپنی کوئی الگ قلعہ بند بستی نہ تھی، اس لیے بنی نَضِیر یہ سمجھتے تھے کہ اُن کا مسلمانوں کے مقابلے میں نہ ٹھیر سکنا بعید از قیاس نہ تھا۔ بخلاف اس کے وہ اپنی محفوظ بستی اور اپنی مضبوط گڑھیوں کو دیکھ کر یہ خیال بھی نہ کر سکتے تھے کہ کوئی انھیں یہاں سے نکال سکتا ہے۔ اسی لیے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو دس دن کے اندر مدینے سے نکل جانے کا نوٹس دیا تو انھوں نے بڑے دھڑلّے کے ساتھ جواب دے دیا کہ ہم نہیں نکلیں گے، آپ سے جو کچھ ہو سکتا ہے، کر لیجیے۔

یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آخر یہ بات کس بنا پر فرمائی کہ ''وہ یہ سمجھے بیٹھے تھے کہ ان کی گڑھیاں

انھیں اللہ سے بچالیں گی؟" کیا واقعی بنی نَضیر یہ جانتے تھے کہ ان کا مقابلہ محمد بن عبداللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) سے نہیں بلکہ اللہ سے ہے؟ اور کیا یہ جانتے ہوئے بھی اُن کا یہ خیال تھا کہ اُن کی گڑھیاں اُنھیں اللہ سے بچالیں گی؟ یہ ایک ایسا سوال ہے جو ہر اُس شخص کے ذہن میں اُلجھن پیدا کرے گا جو یہودی قوم کی نفسیات اور ان کی صدہا برس کی رِوایات کو نہ جانتا ہو۔ عام انسانوں کے متعلق کوئی یہ گمان نہیں کرسکتا کہ وہ شعوری طور پر یہ جانتے بھی ہوں کہ مقابلہ اللہ سے ہے اور پھر بھی ان کو یہ زعم لاحق ہو جائے کہ اُن کے قلعے اور ہتھیار انھیں اللہ سے بچالیں گے۔ اس لیے ایک ناواقف آدمی اس جگہ اللہ تعالیٰ کے کلام کی یہ تاویل کرے گا کہ بنی نَضیر بظاہر اپنے قلعوں کا استحکام دیکھ کر اس غلط فہمی میں مبتلا تھے کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حملے سے بچ جائیں گے، مگر حقیقت یہ تھی کہ ان کا مقابلہ اللہ سے تھا اور اُس سے اُن کے قلعے اُنھیں نہ بچا سکتے تھے۔ لیکن واقعہ یہ ہے کہ یہودی اِس دنیا میں ایک ایسی عجیب قوم ہے جو جانتے بوجھتے اللہ کا مقابلہ کرتی رہی ہے، اللہ کے رسولوں کو یہ جانتے ہوئے اس نے قتل کیا ہے کہ وہ اللہ کے رسول ہیں، اور فخر کے ساتھ سینہ ٹھونک کر اس نے کہا ہے کہ ہم نے اللہ کے رسول کو قتل کیا۔ اِس قوم کی رِوایات یہ ہیں کہ اُن کے مُورثِ اعلیٰ حضرت یعقوبؑ سے اللہ تعالیٰ کی رات بھر کُشتی ہوتی رہی اور صبح تک لڑ کر بھی اللہ تعالیٰ ان کو نہ پچھاڑ سکا۔ پھر جب صبح ہوگئی اور اللہ تعالیٰ نے اُن سے کہا: اب مجھے جانے دے، تو انھوں نے کہا: مَیں تجھے نہ جانے دوں گا جب تک تو مجھے برکت نہ دے۔ اللہ تعالیٰ نے پوچھا: تیرا نام کیا ہے؟ انھوں نے کہا: یعقوب۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ آیندہ تیرا نام یعقوب نہیں بلکہ اسرائیل ہوگا" کیونکہ تو نے خدا اور آدمیوں کے ساتھ زور آزمائی کی اور غالب ہوا۔" ملاحظہ ہو: یہودیوں کا جدید ترین ترجمۂ کُتُبِ مقدّسہ (The Holy Scriptures) شائع کردہ: جیوش پبلی کیشن سوسائٹی آف امریکا، ۱۹۵۴ء۔ کتاب پیدائش، باب ۳۲، آیات ۲۴ تا ۲۸۔ عیسائیوں کے ترجمۂ بائبل میں بھی یہ مضمون اسی طرح بیان ہوا ہے۔ یہودی ترجمے کے حاشیے میں "اسرائیل" کے معنی لکھے گئے ہیں: He who striveth with God، یعنی" جو خدا سے زور آزمائی کرے"۔ اور سائیکلو پیڈیا آف بِبلیکل لٹریچر میں عیسائی علما نے "اسرائیل" کے معنی کی تشریح یہ کی ہے: wrestler with God "خدا سے کُشتی لڑنے والا"۔ پھر بائبل کی کتاب ہوسیع میں حضرت یعقوبؑ کی تعریف یہ بیان کی گئی ہے کہ "وہ اپنی توانائی کے ایام میں خدا سے کُشتی لڑا۔ ہاں، وہ فرشتے سے کُشتی لڑا اور غالب آیا۔" (باب ۱۲، آیت ۴) اب ظاہر ہے کہ بنی اسرائیل آخر اُن حضرت اسرائیلؑ کے صاحبزادے ہی تو ہیں جنھوں نے اُن کے عقیدے کے مطابق خدا سے زور آزمائی کی تھی اور اس سے کُشتی لڑی تھی۔ اُن کے لیے آخر کیا مشکل ہے کہ خدا کے مقابلے میں یہ جانتے ہوئے بھی ڈٹ جائیں کہ مقابلہ خدا سے ہے۔ اسی بنا پر تو انھوں نے خود اپنے اعترافات کے مطابق خدا کے نبیوں کو قتل کیا، اور اسی بنا پر انھوں نے حضرت عیسیٰؑ کو اپنے زعم میں صلیب پر چڑھایا اور خم ٹھونک کر کہا: اِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيْحَ عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ (ہم نے مسیح عیسیٰ ابن مریم رسول اللہ کو قتل کیا)۔ لہٰذا یہ بات ان کی روایات کے خلاف نہ تھی کہ انھوں نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ کا رسول جانتے ہوئے ان کے خلاف جنگ کی۔ اگر ان کے عوام نہیں تو اُن کے رَبّی اور اَحبار تو خوب جانتے تھے کہ آپؐ اللہ کے رسول ہیں۔ اس کے متعدّد شواہد خود قرآن میں موجود ہیں۔ (تفصیل کے لیے

فِىْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ يُخْرِبُوْنَ بُيُوْتَهُمْ بِاَيْدِيْهِمْ وَ اَيْدِى الْمُؤْمِنِيْنَ ۗ
فَاعْتَبِرُوْا يٰۤاُولِى الْاَبْصَارِ ۝۲ وَ لَوْلَاۤ اَنْ كَتَبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمُ الْجَلَآءَ
لَعَذَّبَهُمْ فِى الدُّنْيَا ؕ وَ لَهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ عَذَابُ النَّارِ ۝۳ ذٰلِكَ

اُن کے دلوں میں رُعب ڈال دیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ وہ خود اپنے ہاتھوں سے بھی اپنے گھروں کو برباد کر رہے تھے اور مومنوں کے ہاتھوں بھی برباد کروا رہے تھے۔ پس عبرت حاصل کرو اَے دیدۂ بینا رکھنے والو![6]

اگر اللہ نے اُن کے حق میں جلاوطنی نہ لکھ دی ہوتی تو دنیا ہی میں وہ انھیں عذاب دے ڈالتا[8]، اور آخرت میں تو ان کے لیے دوزخ کا عذاب ہے ہی۔ یہ سب کچھ اس لیے ہوا کہ

مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد اوّل، البقرہ، حاشیہ ۷۹-۹۵۔ النساء، حاشیہ ۱۹۰-۱۹۱۔ جلد چہارم، الصّافّات، حاشیہ ۷۰-۷۳)

۵ - اللہ کا اُن پر آنا اس معنی میں نہیں ہے کہ اللہ کسی اور جگہ تھا اور پھر وہاں سے اُن پر حملہ آور ہوا۔ بلکہ یہ مجازی کلام ہے۔ اصل مُدّعا یہ تصوّر دلانا ہے کہ اللہ سے مقابلہ کرتے ہوئے وہ اِس خیال میں تھے کہ اللہ تعالیٰ اُن پر صرف اِسی شکل میں بَلا لے کر آ سکتا ہے کہ ایک لشکر کو سامنے سے اُن پر چڑھا کر لائے، اور وہ سمجھتے تھے کہ اس بلا کو تو ہم اپنی قَلْعَہ بندیوں سے روک لیں گے۔ لیکن اس نے ایسے راستے سے اُن پر حملہ کیا جدھر سے کسی بَلا کے آنے کی وہ کوئی توقع نہ رکھتے تھے۔ اور وہ راستہ یہ تھا کہ اس نے اندر سے اُن کی ہمت اور قوتِ مقابلہ کو کھوکھلا کر دیا، جس کے بعد نہ اُن کے ہتھیار کسی کام آ سکتے تھے نہ اُن کے مضبوط گڑھ۔

۶ - یعنی تباہی دو طرح سے ہوئی: باہر سے مسلمانوں نے محاصرہ کر کے ان کی قَلْعَہ بندیوں کو توڑنا شروع کیا، اور اندر سے خود انھوں نے پہلے تو مسلمانوں کا راستہ روکنے کے لیے جگہ جگہ پتھروں اور لکڑیوں کی رکاوٹیں کھڑی کیں اور اس غرض کے لیے اپنے گھروں کو توڑ توڑ کر ملبا جمع کیا۔ پھر جب ان کو یقین ہو گیا کہ انھیں یہاں سے نکلنا ہی پڑے گا تو انھوں نے اپنے گھروں کو، جنھیں کبھی بڑے شوق سے بنایا اور سجایا تھا، اپنے ہی ہاتھوں برباد کرنا شروع کر دیا، تاکہ وہ مسلمانوں کے کام نہ آ سکیں۔ اس کے بعد جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے انھوں نے اس شرط پر صلح کی کہ ہماری جانیں بخش دی جائیں اور ہمیں اجازت دی جائے کہ ہتھیاروں کے سوا جو کچھ بھی ہم یہاں سے اُٹھا کر لے جا سکتے ہیں لے جائیں، تو چلتے ہوئے وہ اپنے دروازے اور کھڑکیاں اور کھونٹیاں تک اُکھاڑ لے گئے، حتّٰی کہ بعض لوگوں نے شہتیر اور لکڑی کی چھتیں تک اپنے اُونٹوں پر لاد لیں۔

۷- اس واقعے میں عبرت کے کئی پہلو ہیں، جن کی طرف اِس مختصر سے بلیغ فقرے میں اشارہ کیا گیا ہے۔ یہ یہودی آخر پچھلے انبیاؑ کی اُمّت ہی تو تھے۔ خدا کو مانتے تھے، کتاب کو مانتے تھے، پچھلے انبیاؑ کو مانتے تھے، آخرت کو مانتے تھے۔ اس لحاظ سے دراصل وہ سابق مسلمان تھے۔ لیکن جب انھوں نے دین اور اَخلاق کو پسِ پشت ڈال کر محض اپنی خواہشاتِ نفس اور دنیوی اغراض و مقاصد کی خاطر کھلی کھلی حق دشمنی اختیار کی اور خود اپنے عہد و پیمان کا بھی کوئی پاس نہ کیا تو اللہ تعالیٰ کی نگاہِ التفات ان سے پھرگئی۔ ورنہ ظاہر ہے کہ اللہ کو ان سے کوئی ذاتی عداوت نہ تھی۔ اس لیے سب سے پہلے تو خود مسلمانوں کو ان کے انجام سے عبرت دلائی گئی ہے کہ کہیں وہ بھی اپنے آپ کو یہودیوں کی طرح خدا کی چہیتی اولاد نہ سمجھ بیٹھیں اور اس خیالِ خام میں مبتلا نہ ہو جائیں کہ خدا کے آخری نبیؐ کی اُمّت میں ہونا ہی بجائے خود ان کے لیے اللہ کے فضل اور اس کی تائید کی ضمانت ہے، جس کے بعد دین و اَخلاق کے کسی تقاضے کی پابندی ان کے لیے ضروری نہیں رہتی۔ اس کے ساتھ دنیا بھر کے اُن لوگوں کو بھی اس واقعے سے عبرت دلائی گئی ہے جو جان بُوجھ کر حق کی مخالفت کرتے ہیں اور پھر اپنی دولت و طاقت اور اپنے ذرائع و وسائل پر یہ اعتماد کرتے ہیں کہ یہ چیزیں ان کو خدا کی پکڑ سے بچالیں گی۔ مدینے کے یہودی اس سے ناواقف نہ تھے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کسی قوم یا قبیلے کی سربلندی کے لیے نہیں اٹھے ہیں، بلکہ ایک اُصولی دعوت پیش کر رہے ہیں، جس کے مخاطب سارے انسان ہیں اور ہر انسان، قطعِ نظر اس سے کہ وہ کس نسل یا ملک سے تعلق رکھتا ہے، اس دعوت کو قبول کر کے اُن کی اُمّت میں بلاامتیاز شامل ہوسکتا ہے۔ اُن کی آنکھوں کے سامنے حَبَش کے بلالؓ، روم کے صُہَیبؓ اور فارس کے سَلمانؓ کو اُمّتِ مسلمہ میں وہی حیثیت حاصل تھی جو خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اپنے اہلِ خاندان کو حاصل تھی۔ اس لیے اُن کے سامنے یہ کوئی خطرہ نہ تھا کہ قریش اور اَوس اور خَزرج ان پر مسلّط ہو جائیں گے۔ وہ اس سے بھی ناواقف نہ تھے کہ آپؐ جو اُصولی دعوت پیش فرما رہے ہیں، وہ بعینہٖ وہی ہے جو خود ان کے اپنے انبیاؑ پیش کرتے رہے ہیں۔ آپؐ کا یہ دعویٰ نہ تھا کہ میں ایک نیا دین لے کر آیا ہوں جو پہلے کبھی کوئی نہ لایا تھا اور تم اپنا دین چھوڑ کر میرا یہ دین مان لو۔ بلکہ آپؐ کا دعویٰ یہ تھا کہ یہ وہی دین ہے جو ابتدائے آفرینش سے خدا کے تمام انبیاؑ لاتے رہے ہیں، اور اپنی تَورات سے وہ خود اِس کی تصدیق کر سکتے تھے کہ فی الواقع یہ وہی دین ہے، اِس کے اُصولوں میں دینِ انبیا کے اصولوں سے کوئی فرق نہیں ہے۔ اسی بنا پر تو قرآنِ مجید میں ان سے کہا گیا تھا کہ وَ اٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلْتُ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ وَلَا تَكُوْنُوْٓا اَوَّلَ كَافِرٍۭ بِهٖ (ایمان لاؤ میری نازل کردہ اُس تعلیم پر جو تصدیق کرتی ہے اُس تعلیم کی جو تمھارے پاس پہلے سے موجود ہے، اور سب سے پہلے تم ہی اس کے کافر نہ بن جاؤ)۔ پھر اُن کی آنکھیں یہ بھی دیکھ رہی تھیں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کس سیرت و اَخلاق کے انسان ہیں، اور آپؐ کی دعوت قبول کر کے لوگوں کی زندگیوں میں کیسا عظیم انقلاب برپا ہوا ہے۔ انصار تو مدّتِ دراز سے اُن کے قریب ترین پڑوسی تھے۔ اسلام لانے سے پہلے اُن کی جو حالت تھی اسے بھی یہ لوگ دیکھ چکے تھے، اور اسلام لانے کے بعد ان کی جو حالت ہوگئی وہ بھی ان کے سامنے موجود تھی۔ پس دعوت اور داعی اور دعوت قبول کرنے کے نتائج، سب کچھ ان پر عیاں تھے۔ لیکن یہ ساری باتیں دیکھتے اور جانتے ہوئے بھی انھوں نے محض اپنے نسلی تعصبات اور اپنے دنیوی مفاد کی خاطر اُس چیز کے خلاف اپنی ساری طاقت لگا دی

بِاَنَّهُمْ شَآقُّوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۚ وَمَنْ يُّشَآقِّ اللّٰهَ فَاِنَّ اللّٰهَ
شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۴﴾ مَا قَطَعْتُمْ مِّنْ لِّيْنَةٍ اَوْ تَرَكْتُمُوْهَا
قَآئِمَةً عَلٰٓى اُصُوْلِهَا فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَلِيُخْزِيَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۵﴾

---

انھوں نے اللہ اور اس کے رسُولؐ کا مقابلہ کیا، اور جو بھی اللہ کا مقابلہ کرے اللہ اس کو سزا دینے میں بہت سخت ہے۔

تم لوگوں نے کھجوروں کے جو درخت کاٹے یا جن کو اپنی جڑوں پر کھڑا رہنے دیا، یہ سب اللہ ہی کے اِذن سے تھا[9]۔ اور (اللہ نے یہ اذن اس لیے دیا) تاکہ فاسقوں کو ذلیل وخوار کرے[10]۔

---

جس کے حق ہونے میں کم از کم ان کے لیے شک کی گنجایش نہ تھی۔ اس دانستہ حق دشمنی کے بعد وہ یہ توقع رکھتے تھے کہ ان کے قلعے انھیں خدا کی پکڑ سے بچالیں گے۔ حالانکہ پُوری انسانی تاریخ اس بات پر شاہد ہے کہ خدا کی طاقت جس کے مقابلے میں آ جائے، وہ پھر کسی ہتھیار سے نہیں بچ سکتا۔

۸۔ دنیا کے عذاب سے مراد ہے ان کا نام ونشان مٹا دینا۔ اگر وہ صلح کر کے اپنی جانیں بچانے کے بجائے لڑتے تو ان کا پُوری طرح قَلع قَمع ہو جاتا۔ ان کے مرد مارے جاتے اور ان کی عورتیں اور ان کے بچے لونڈی غلام بنالیے جاتے، جنھیں فدیہ دے کر چھُڑانے والا بھی کوئی نہ ہوتا۔

۹۔ یہ اشارہ ہے اِس معاملے کی طرف کہ مسلمانوں نے جب محاصرہ شروع کیا تو بنی نَضِیر کی بستی کے اطراف میں جو نخلستان واقع تھے، ان کے بہت سے درختوں کو انھوں نے کاٹ ڈالا یا جلا دیا، تاکہ محاصرہ بآسانی کیا جا سکے، اور جو درخت فوجی نقل وحرکت میں حائل نہ تھے، ان کو کھڑا رہنے دیا۔ اس پر مدینے کے منافقین اور بنی قُرَیظَہ اور خود بنی نَضِیر نے شور مچا دیا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم تو فساد فی الارض سے منع کرتے ہیں، مگر یہ دیکھ لو، ہرے بھرے پھل دار درخت کاٹے جا رہے ہیں۔ یہ آخر فساد فی الارض نہیں تو کیا ہے۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ حکم نازل فرمایا کہ تم لوگوں نے جو درخت کاٹے اور جن کو کھڑا رہنے دیا، ان میں سے کوئی فعل بھی ناجائز نہیں ہے، بلکہ دونوں کو اللہ کا اذن حاصل ہے۔ اس سے یہ شرعی مسئلہ نکلتا ہے کہ جنگی ضروریات کے لیے جو تخریبی کارروائی ناگزیر ہو، وہ فساد فی الارض کی تعریف میں نہیں آتی، بلکہ فساد فی الارض یہ ہے کہ کسی فوج پر جنگ کا بھوت سوار ہو جائے اور وہ دشمن کے مُلک میں گھُس کر کھیت، مویشی، باغات، عمارات، ہر چیز کو خواہ مخواہ تباہ وبرباد کرتی پھرے۔ اس معاملے میں عام حکم تو وہی ہے جو حضرت ابو بکر صدیقؓ نے فوجوں کو شام کی طرف روانہ کرتے وقت دیا تھا کہ پھل دار درختوں کو نہ کاٹنا، فصلوں کو خراب نہ کرنا، اور بستیوں کو ویران نہ کرنا۔ یہ قرآنِ مجید کی اِس تعلیم کے عین مطابق تھا کہ اس نے مُفسد

انسانوں کی مذمّت کرتے ہوئے اُن کے اِس فعل پر زَجر و توبیخ کی ہے کہ ”جب وہ اقتدار پالیتے ہیں تو فصلوں اور نسلوں کو تباہ کرتے پھرتے ہیں۔“ (البقرہ:۲۰۵) لیکن جنگی ضروریات کے لیے خاص حکم یہ ہے کہ اگر دشمن کے خلاف لڑائی کو کامیاب کرنے کی خاطر کوئی تخریب ناگزیر ہو تو وہ کی جاسکتی ہے۔ چنانچہ حضرت عبداللہؓ بن مسعود نے اس آیت کی تشریح کرتے ہوئے یہ وضاحت فرمادی ہے کہ قطعوا منها ما كان موضعًا للقتال، ”مسلمانوں نے بنی نَضِیر کے درختوں میں سے صرف وہ درخت کاٹے تھے جو جنگ کے مقام پر واقع تھے۔“ (تفسیر نیسابُوری) فقہائے اسلام میں سے بعض نے معاملے کے اس پہلو کو نظر انداز کر کے یہ رائے ظاہر کی ہے کہ بنی نَضِیر کے درخت کاٹنے کا جواز صرف اِسی واقعے کی حد تک مخصوص تھا، اس سے یہ عام جواز نہیں نکلتا کہ جب کبھی جنگی ضروریات داعی ہوں، دشمن کے درختوں کو کاٹا اور جلایا جاسکے۔ امام اَوزاعی، لَیث اور ابوثَور اسی طرف گئے ہیں۔ لیکن جُمہور فقہا کا مسلک یہ ہے کہ اہم جنگی ضروریات کے لیے ایسا کرنا جائز ہے، البتہ محض تخریب و غارت گری کے لیے یہ فعل جائز نہیں ہے۔

ایک شخص یہ سوال کر سکتا ہے کہ قرآنِ مجید کی یہ آیت مسلمانوں کو تو مطمئن کر سکتی تھی، لیکن جو لوگ قرآن کو کلام اللہ نہیں مانتے تھے، انھیں اپنے اعتراض کے جواب میں یہ سُن کر کیا اطمینان ہوسکتا تھا کہ یہ دونوں فعل اللہ کے اِذن کی بنا پر جائز ہیں؟ اس کا جواب یہ ہے کہ قرآن کی یہ آیت مسلمانوں ہی کو مطمئن کرنے کے لیے نازل ہوئی ہے، کفار کو مطمئن کرنا سرے سے اس کا مقصود ہی نہیں ہے۔ چونکہ یہود اور منافقین کے اعتراض کی وجہ سے، یا بطورِ خود، مسلمانوں کے دلوں میں یہ خلش پیدا ہوگئی تھی کہ کہیں ہم فساد فی الارض کے مرتکب تو نہیں ہوگئے ہیں، اس لیے اللہ تعالیٰ نے ان کو اطمینان دلا دیا کہ محاصرے کی ضرورت کے لیے کچھ درختوں کو کاٹنا، اور جو درخت محاصرے میں حائل نہ تھے ان کو نہ کاٹنا، یہ دونوں ہی فعل قانونِ الٰہی کے مطابق دُرست تھے۔

محدّثین کی نقل کردہ رِوایات میں اس امر پر اختلاف ہے کہ آیا ان درختوں کے کاٹنے اور جلانے کا حکم خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیا تھا، یا مسلمانوں نے بطورِ خود یہ کام کیا اور بعد میں اس کا شرعی مسئلہ حضورؐ سے دریافت کیا۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ کی روایت یہ ہے کہ حضورؐ نے خود اس کا حکم دیا تھا۔ (بخاری، مسلم، مُسندِ احمد، ابنِ جَرِیر) یہی یزید بن رُومانؒ کی روایت بھی ہے۔ (ابنِ جَرِیر) بخلاف اس کے مجاہد اور قَتادَہ کی روایت یہ ہے کہ مسلمانوں نے بطورِ خود یہ درخت کاٹے تھے، پھر ان میں اس مسئلے پر اختلاف ہوا کہ یہ کام کرنا چاہیے یا نہیں۔ بعض اس کے جواز کے قائل ہوئے اور بعض نے اس سے منع کیا۔ آخر کار اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرما کر دونوں کے فعل کی تصویب کر دی۔ (ابنِ جَرِیر) اسی کی تائید حضرت عبداللہ بن عباسؓ کی یہ روایت کرتی ہے کہ مسلمانوں کے دلوں میں اس بات پر خلش پیدا ہوئی کہ ہم میں سے بعض نے درخت کاٹے ہیں اور بعض نے نہیں کاٹے، اب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھنا چاہیے کہ ہم میں سے کس کا فعل اجر کا مستحق ہے اور کس کے فعل پر مواخذہ ہوگا۔ (نَسائی) فقہا میں سے جن لوگوں نے پہلی روایت کو ترجیح دی ہے، وہ اس سے یہ اِستدلال کرتے ہیں کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اجتہاد تھا، جس کی توثیق بعد میں اللہ تعالیٰ نے وحیِ جلی سے فرمائی، اور یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ جن معاملات میں اللہ تعالیٰ کا حکم موجود نہ ہوتا تھا،

وَ مَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ فَمَآ اَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُسَلِّطُ رُسُلَهٗ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ ؕ

اور جو مال اللہ نے اُن کے قبضے سے نکال کر اپنے رسول کی طرف پلٹا دیے[۱۱]، وہ ایسے مال نہیں ہیں جن پر تم نے اپنے گھوڑے اور اُونٹ دوڑائے ہوں بلکہ اللہ اپنے رسُولوں کو جس پر چاہتا ہے تسلّط عطا فرما دیتا ہے،

ان میں حضورؐ اجتہاد پر عمل فرماتے تھے۔ دوسری طرف جن فقہا نے دوسری روایت کو ترجیح دی ہے، وہ اس سے یہ اِستدلال کرتے ہیں کہ مسلمانوں کے دو گروہوں نے اپنے اپنے اجتہاد سے دو مختلف رائیں اختیار کی تھیں اور اللہ تعالیٰ نے دونوں کی توثیق فرما دی، لہٰذا اگر نیک نیتی کے ساتھ اجتہاد کر کے اہلِ علم مختلف رائیں قائم کریں تو باوجود اس کے کہ ان کی آرا ایک دوسرے سے مختلف ہوں گی، مگر اللہ کی شریعت میں وہ سب حق پر ہوں گے۔

۱۰ – یعنی اللہ کا ارادہ یہ تھا کہ ان درختوں کو کاٹنے سے بھی ان کی ذلّت وخواری ہو اور نہ کاٹنے سے بھی۔ کاٹنے میں ان کی ذلّت وخواری کا پہلو یہ تھا کہ جو باغ انھوں نے اپنے ہاتھوں سے لگائے تھے اور جن باغوں کے وہ مدت ہائے دراز سے مالک چلے آ رہے تھے، اُن کے درخت اُن کی آنکھوں کے سامنے کاٹے جا رہے تھے اور وہ کاٹنے والوں کو کسی طرح نہ روک سکتے تھے۔ ایک معمولی کسان اور باغبان بھی اپنے کھیت یا باغ میں کسی دوسرے کے تصرّف کو برداشت نہیں کر سکتا۔ اگر اُس کے سامنے اس کا کھیت یا اس کا باغ کوئی برباد کر رہا ہو تو وہ اس پر کٹ مرے گا۔ اور اگر وہ اپنی جائداد میں دوسرے کی دست درازی نہ روک سکے تو یہ اس کی انتہائی ذلّت اور کمزوری کی علامت ہو گی۔ لیکن یہاں ایک پُورا قبیلہ، جو صدیوں سے بڑے دھڑلّے کے ساتھ اِس جگہ آباد تھا، بے بسی کے ساتھ یہ دیکھ رہا تھا کہ اس کے ہمسایے اس کے باغوں پر چڑھ آئے ہیں اور اس کے درختوں کو برباد کر رہے ہیں، مگر وہ ان کا کچھ نہ بگاڑ سکا۔ اس کے بعد اگر وہ مدینے میں رہ بھی جاتے تو ان کی کوئی آبرو باقی نہ رہتی۔ رہا درختوں کو نہ کاٹنے میں ذلّت کا پہلُو، تو وہ یہ تھا کہ جب وہ مدینے سے نکلے تو اُن کی آنکھیں یہ دیکھ رہی تھیں کہ کل تک جو ہرے بھرے باغ ان کی ملکیّت میں تھے، وہ آج مسلمانوں کے قبضے میں جا رہے ہیں۔ اُن کا بس چلتا تو وہ اُن کو پوری طرح اُجاڑ کر جاتے اور ایک سالم درخت بھی مسلمانوں کے قبضے میں نہ جانے دیتے۔ مگر بے بسی کے ساتھ وہ سب کچھ جُوں کا تُوں چھوڑ کر باحسرت و یاس نکل گئے۔

۱۱ – اب اُن جائدادوں اور املاک کا ذکر ہو رہا ہے جو پہلے بنی نَضِیر کی مِلک تھیں اور ان کی جلاوطنی کے بعد اسلامی حکومت کے قبضے میں آئیں۔ ان کے متعلق یہاں سے آیت ۱۰ تک اللہ تعالیٰ نے بتایا ہے کہ ان کا انتظام کس طرح کیا جائے۔ چونکہ یہ پہلا موقع تھا کہ ایک علاقہ فتح ہو کر اسلامی مقبوضات میں شامل ہوا، اور آگے بہت سے علاقے فتح ہونے والے تھے، اس لیے فتوحات کے آغاز ہی میں اراضیِ مفتوحہ کا قانون بیان فرما دیا گیا۔ اِس جگہ قابلِ غور بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ (جو کچھ پلٹا دیا اُن سے اللہ نے اپنے رسول کی طرف) کے الفاظ استعمال

وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۶﴾ مَاۤ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ اَهْلِ الْقُرٰى فَلِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِی الْقُرْبٰى وَالْیَتٰمٰى وَالْمَسٰكِیْنِ وَابْنِ السَّبِیْلِ ۙ كَیْ لَا یَكُوْنَ دُوْلَةًۢ بَیْنَ الْاَغْنِیَآءِ مِنْكُمْ ؕ

اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے[۱۲]۔ جو کچھ بھی اللہ اِن بستیوں کے لوگوں سے اپنے رسولؐ کی طرف پلٹا دے، وہ اللہ اور رسولؐ اور رشتہ داروں اور یتامیٰ اور مساکین اور مسافروں کے لیے ہے[۱۳]، تاکہ وہ تمھارے مال داروں ہی کے درمیان گردش نہ کرتا رہے[۱۴]۔

کیے ہیں۔ ان الفاظ سے خود بخود یہ معنیٰ نکلتے ہیں کہ یہ زمین اور وہ ساری چیزیں جو یہاں پائی جاتی ہیں، دراصل اُن لوگوں کا حق نہیں ہیں جو اللہ جَلَّ شانُہٗ کے باغی ہیں۔ وہ اگر اُن پر قابض و مُتصرِّف ہیں تو یہ حقیقت میں اِس طرح کا قبضہ و تصرّف ہے جیسے کوئی خائن ملازم اپنے آقا کا مال دبا بیٹھے۔ ان تمام اموال کا اصل حق یہ ہے کہ یہ ان کے حقیقی مالک، اللہ رب العالمین کی اطاعت میں اس کی مرضی کے مطابق استعمال کیے جائیں، اور ان کا یہ استعمال صرف مومنینِ صالحین ہی کر سکتے ہیں۔ اس لیے جو اموال بھی ایک جائز و برحق جنگ کے نتیجے میں کفّار کے قبضے سے نکل کر اہلِ ایمان کے قبضے میں آئیں، ان کی حقیقی حیثیت یہ ہے کہ اُن کا مالک انھیں اپنے خائن ملازموں کے قبضے سے نکال کر اپنے فرماں بردار ملازموں کی طرف پلٹا لایا ہے۔ اسی لیے ان املاک کو اسلامی قانون کی اِصطِلاح میں فَے (پلٹا کر لائے ہوئے اموال) قرار دیا گیا ہے۔

۱۲ - یعنی اِن اموال کی نوعیت یہ نہیں ہے کہ جو فوج میدانِ جنگ میں دشمن سے نبرد آزما ہوئی ہے، اُس نے لڑ کر اِن کو جیتا ہو اور اس بنا پر اُس فوج کا یہ حق ہو کہ یہ اموال اس میں تقسیم کر دیے جائیں، بلکہ اِن کی اصل نوعیت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے اپنے رسولوں کو، اور اُس نظام کو جس کی نمایندگی یہ رسول کرتے ہیں، ان پر غلبہ عطا کر دیا ہے۔ بالفاظِ دیگر ان کا مسلمانوں کے قبضے میں آنا براہِ راست لڑنے والی فوج کے زورِ بازو کا نتیجہ نہیں ہے، بلکہ یہ اُس مجموعی قوت کا نتیجہ ہے جو اللہ نے اپنے رسول اور اس کی اُمت اور اس کے قائم کردہ نظام کو عطا فرمائی ہے۔ اس لیے یہ اموال مالِ غنیمت سے بالکل مختلف حیثیت رکھتے ہیں، اور لڑنے والی فوج کا یہ حق نہیں ہے کہ غنیمت کی طرح اِن کو بھی اس میں تقسیم کر دیا جائے۔

اس طرح شریعت میں غنیمت اور فَے کا حکم الگ الگ کر دیا گیا ہے۔ غنیمت کا حکم سورۂ اَنفال، آیت ۴۱ میں ارشاد ہوا ہے، اور وہ یہ ہے کہ اس کے پانچ حصّے کیے جائیں، چار حصّے لڑنے والی فوج میں تقسیم کر دیے جائیں، اور ایک حصّہ بیت المال میں داخل کر کے اُن مصارف میں صَرف کیا جائے جو اُس آیت میں بیان کیے گئے ہیں۔ اور فَے کا حکم یہ ہے کہ اسے فوج میں تقسیم نہ کیا جائے، بلکہ وہ پُوری کی پُوری اُن مصارف کے لیے مخصوص کر دی جائے جو آگے کی

آیات میں بیان ہو رہے ہیں۔ ان دونوں قسم کے اموال میں فرق فَمَآ اَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ (تم نے اس پر اپنے گھوڑے اور اُونٹ نہیں دوڑائے ہیں) کے الفاظ سے ظاہر کیا گیا ہے۔ گھوڑے اور اُونٹ دوڑانے سے مراد ہے جنگی کارروائی (warlike operations)۔ لہٰذا جو مال براہِ راست اس کارروائی سے ہاتھ آئے ہوں، وہ غنیمت ہیں۔ اور جن اموال کے حُصول کا اصل سبب یہ کارروائی نہ ہو وہ سب فَے ہیں۔

یہ مُجمَل فرق جو غنیمت اور فَے کے درمیان اِس آیت میں بیان کیا گیا ہے، اس کو اور زیادہ کھول کر فقہائے اسلام نے اس طرح بیان کیا ہے کہ غنیمت صرف وہ اموالِ منقولہ ہیں جو جنگی کارروائیوں کے دوران میں دشمن کے لشکروں سے حاصل ہوں۔ اُن کے ماسوا دشمن مُلک کی زمینیں، مکانات اور دوسرے اموالِ منقولہ وغیر منقولہ غنیمت کی تعریف سے خارج ہیں۔ اس تشریح کا ماخذ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا وہ خط ہے جو انھوں نے حضرت سعدؓ بن ابی وَقّاص کو فتحِ عراق کے بعد لکھا تھا۔ اس میں وہ فرماتے ہیں کہ فانظر ما اجلبوا به علیك فی العسكر من كراعٍ او مالٍ فاقسمه بین من حضر من المسلمین واترك الاَرَضِین والانهار لعُمّالها لیكون ذٰلك فی اعطیات المسلمین۔ ’’جو مال متاع فوج کے لوگ تمھارے لشکر میں سمیٹ لائے ہیں، اس کو اُن مسلمانوں میں تقسیم کر دو جو جنگ میں شریک تھے، اور زمینیں اور نہریں اُن لوگوں کے پاس چھوڑ دو جو ان پر کام کرتے ہیں، تاکہ ان کی آمدنی مسلمانوں کی تنخواہوں کے کام آئے۔‘‘ (کتاب الخَراج لابی یُوسُف، صفحہ ۲۴۔ کتاب الاموال لابی عُبَید صفحہ ۵۹۔ کتاب الخَراج لیحیٰی بن آدم، صفحات ۲۷-۲۸-۴۸) اسی بنیاد پر حضرت حسن بصریؒ کہتے ہیں کہ ’’جو کچھ دشمن کے کیمپ سے ہاتھ آئے وہ اُن کا حق ہے جنھوں نے اس پر فتح پائی، اور زمین مسلمانوں کے لیے ہے۔‘‘ (یحیٰی بن آدم، صفحہ ۲۷) اور امام ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ ’’جو کچھ دشمن کے لشکروں سے مسلمانوں کے ہاتھ آئے اور جو متاع اور اسلحہ اور جانور وہ اپنے کیمپ میں سمیٹ لائیں وہ غنیمت ہے اور اسی میں سے پانچواں حصہ نکال کر باقی چار حصے فوج میں تقسیم کیے جائیں گے۔‘‘ (کتاب الخَراج، صفحہ ۱۸) یہی رائے یحیٰی بن آدمؒ کی ہے جو انھوں نے اپنی کتاب الخَراج میں بیان کی ہے۔ (صفحہ ۲۷) اس سے بھی زیادہ جو چیز غنیمت اور فَے کے فرق کو واضح کرتی ہے، وہ یہ ہے کہ جنگِ نَہاوَنْد کے بعد جب مالِ غنیمت تقسیم ہو چکا تھا اور مفتوحہ علاقہ اسلامی حکومت میں داخل ہو گیا تھا، ایک صاحب، سائب بن اَقْرَع کو قَلْعَہ میں جواہر کی دو تھیلیاں ملیں۔ اُن کے دل میں یہ اُلجھن پیدا ہوئی کہ آیا یہ مالِ غنیمت ہے جسے فوج میں تقسیم کیا جائے، یا اس کا شمار اب فَے میں ہے جسے بیت المال میں داخل ہونا چاہیے؟ آخر کار انھوں نے مدینہ حاضر ہو کر معاملہ حضرت عمرؓ کے سامنے پیش کیا اور انھوں نے فیصلہ فرمایا کہ اسے فروخت کر کے اس کی قیمت بیت المال میں داخل کر دی جائے۔ اِس سے معلوم ہوا کہ غنیمت صرف وہ اموالِ منقولہ ہیں جو دورانِ جنگ میں فوج کے ہاتھ آئیں۔ جنگ ختم ہونے کے بعد اموالِ غیر منقولہ کی طرح اموالِ منقولہ بھی فَے کے حکم میں داخل ہو جاتے ہیں۔ امام ابو عُبَیدؒ اس واقعے کو نقل کر کے لکھتے ہیں: ما نیل من اهل الشرك عَنْوةً قسرا والحرب قائمة فهو الغنیمة، وما نیل منهم بعد ما تضع الحرب اوزارها وتصیر الدار دار الاسلام فهو فَیْءٌ یكون للناس عامًا ولا خمس فیه۔ ’’جو مال دشمن سے بزور ہاتھ لگے، جب کہ ابھی جنگ ہو رہی ہو، وہ غنیمت ہے، اور جنگ ختم ہونے کے بعد جب ملک دار الاسلام بن گیا ہو،

اُس وقت جو مال ہاتھ لگے وہ فَے ہے، جسے عام باشندگانِ دارالاسلام کے لیے وقف ہونا چاہیے۔ اس میں خُمس نہیں ہے۔" (کتاب الاموال، صفحہ ۲۵۴)

غنیمت کو اس طرح محدُود کرنے کے بعد باقی جو اموال و املاک اور اراضی، کفار سے مسلمانوں کی طرف منتقل ہوں وہ دو بڑی اقسام پر تقسیم کیے جاسکتے ہیں: ایک وہ جو لڑ کر فتح کیے جائیں، جن کو اسلامی فقہ کی زبان میں عَنْوَۃً فتح ہونے والے مَمالک کہا جاتا ہے۔ دوسرے وہ جو صلح کے نتیجے میں مسلمانوں کے ہاتھ آئیں، خواہ وہ صلح اپنی جگہ پر مسلمانوں کی فوجی طاقت کے دباؤ یا رُعب اور ہیبت ہی کی وجہ سے ہوئی ہو۔ اور اِسی قسم میں وہ سب اموال بھی آجاتے ہیں جو عَنْوَۃً فتح ہونے کے سوا کسی دوسری صورت سے مسلمانوں کے قبضے میں آئیں۔ فقہائے اسلام کے درمیان جو کچھ بحثیں پیدا ہوئی ہیں، وہ صرف پہلی قسم کے اموال کے بارے میں پیدا ہوئی ہیں کہ ان کی ٹھیک ٹھیک شرعی حیثیت کیا ہے، کیونکہ وہ فَمَآ اَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ کی تعریف میں نہیں آتے۔ رہے دوسری قسم کے اموال، تو ان کے بارے میں یہ بات مُتَّفَق عَلَیہ ہے کہ وہ فَے ہیں، کیونکہ ان کا حکم صاف صاف قرآنِ مجید میں بیان کر دیا گیا ہے۔ آگے چل کر ہم قسمِ اوّل کے اموال کی شرعی حیثیت پر تفصیلی کلام کریں گے۔

۱۳ – پچھلی آیت میں صرف اتنی بات ارشاد ہوئی تھی کہ ان اموال کو حملہ آور فوج میں غنائم کی طرح تقسیم نہ کرنے کی وجہ کیا ہے، اور کیوں ان کا شرعی حکم غنائم سے الگ ہے۔ اب اِس آیت میں یہ بتایا گیا ہے کہ ان اموال کے حق دار کون کون ہیں۔

ان میں سب سے پہلا حصّہ اللہ اور رسولؐ کا ہے۔ اِس حکم پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس طرح عمل کیا، اُس کی تفصیل مالک بن اَوس بن حَدَثَان نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی رِوایت سے یہ نقل کی ہے کہ حضورؐ اس حصّے میں سے اپنا اور اپنے اہل وعیال کا نَفقہ لے لیتے تھے اور باقی آمدنی جہاد کے لیے اسلحہ اور سواری کے جانور فراہم کرنے پر خرچ فرماتے تھے۔ (بخاری، مسلم، مُسنَدِ احمد، ابوداؤد، ترمذِی، نَسائی وغیرہ) حضورؐ کے بعد یہ حصّہ مسلمانوں کے بیت المال کی طرف منتقل ہو گیا، تاکہ یہ اُس مشن کی خدمت پر صَرف ہو جو اللہ نے اپنے رسولؐ کے سُپرد کیا تھا۔ امام شافعیؒ سے یہ رائے منقول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ خاص کے لیے جو حصّہ تھا، وہ آپؐ کے بعد آپؐ کے خلیفہ کے لیے ہے، کیونکہ آپؐ اس کے مستحق اپنے منصبِ امامت کی بنا پر تھے نہ کہ منصبِ رسالت کی بنا پر۔ مگر فقہائے شافعیہ کی اکثریت کا قول اس معاملے میں وہی ہے جو جمہور کا قول ہے، کہ یہ حصّہ اب مسلمانوں کے دینی و اجتماعی مصالح کے لیے ہے، کسی شخصِ خاص کے لیے نہیں ہے۔

دوسرا حصّہ رشتہ داروں کا ہے، اور ان سے مراد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے رشتہ دار ہیں، یعنی بنی ہاشم اور بنی المُطّلِب۔ یہ حصہ اِس لیے مقرر کیا گیا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی ذات اور اپنے اہل وعیال کے حُقوق ادا کرنے کے ساتھ ساتھ اپنے اُن رشتہ داروں کے حُقوق بھی ادا فرما سکیں جو آپؐ کی مدد کے محتاج ہوں، یا آپؐ جن کی مدد کرنے کی ضرورت محسوس فرمائیں۔ حضورؐ کی وفات کے بعد یہ بھی ایک الگ اور مستقل حصّے کی حیثیت سے باقی نہیں

وَ مَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۗ وَ مَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا ۚ

جو کچھ رسُولؐ تمھیں دے وہ لے لو اور جس چیز سے وہ تم کو روک دے اس سے رُک جاؤ۔

رہا، بلکہ مسلمانوں کے دوسرے مساکین، یتامٰی اور مسافروں کے ساتھ بنی ہاشم اور بنی المُطَّلِب کے محتاج لوگوں کے حُقوق بھی بیت المال کے ذمّے عائد ہو گئے، البتہ اس بنا پر ان کا حق دوسروں پر فائق سمجھا گیا کہ زکوٰۃ میں اُن کا حصّہ نہیں ہے۔ حضرت عبداللہ بن عباسؓ کی رِوایت ہے کہ حضرات ابوبکر و عمر و عثمان رضی اللہ عنہم کے زمانے میں پہلے دو حصّے ساقط کر کے صرف باقی تین حصّے (یتامٰی، مساکین و ابن السَّبِیل) فَے کے حق داروں میں شامل رہنے دیے گئے، پھر اسی پر حضرت علی کَرَّمَ اللہُ وَجْہَہٗ نے اپنے زمانے میں عمل کیا۔ محمد بن اسحاقؒ نے امام محمد باقرؒ کا قول نقل کیا ہے کہ اگرچہ حضرت علیؓ کی ذاتی رائے وہی تھی جو ان کے اہلِ بیت کی رائے تھی (کہ یہ حصّہ حضورؐ کے رشتہ داروں کو ملنا چاہیے) لیکن انھوں نے ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کی رائے کے خلاف عمل کرنا پسند نہ فرمایا۔ حسن بن محمد بن حَنَفِیَّہؒ کہتے ہیں کہ حضورؐ کے بعد ان دونوں حصوں (یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حصّے اور ذَوِی الْقُربٰی کے حصّے) کے متعلق اختلافِ رائے ہو گیا تھا۔ بعض لوگوں کی رائے تھی کہ پہلا حصّہ حضورؐ کے خلیفہ کو ملنا چاہیے۔ کچھ لوگوں کی رائے تھی کہ دوسرا حصّہ حضورؐ کے رشتہ داروں کو ملنا چاہیے۔ کچھ اور لوگوں کا خیال تھا کہ دوسرا حصّہ خلیفہ کے رشتہ داروں کو دیا جانا چاہیے۔ آخرکار اس بات پر اجماع ہو گیا کہ یہ دونوں حصّے جہاد کی ضروریات پر صَرف کیے جائیں۔ عطاء بن سائبؒ کہتے ہیں کہ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے اپنے عہد میں حضورؐ کا حصّہ اور رشتہ داروں کا حصّہ بنی ہاشم کو بھیجنا شروع کر دیا تھا۔ امام ابوحنیفہؒ اور اکثر فقہائے حَنَفِیَّہ کی رائے یہ ہے کہ اس معاملے میں وہی عمل صحیح ہے جو خلفائے راشدینؓ کے زمانے میں جاری تھا۔ (کتاب الخَراج لابی یُوسُف، صفحہ ۱۹ تا ۲۱) امام شافعیؒ کی رائے یہ ہے کہ جن لوگوں کا ہاشمی و مُطَّلِبی ہونا ثابت ہو، یا عام طور پر معلوم و معروف ہو، اُن کے غنی و فقیر، دونوں طرح کے اشخاص کو فَے میں سے مال دیا جا سکتا ہے۔ (مُغْنِی المحتاج) حَنَفِیَّہ کہتے ہیں کہ صرف اُن کے محتاج لوگوں کی اِس مال سے مدد کی جا سکتی ہے، البتہ ان کا حق دوسروں پر فائق ہے۔ (روح المعانی) امام مالکؒ کے نزدیک اس معاملے میں حکومت پر کوئی پابندی نہیں ہے، جس مد میں جس طرح مناسب سمجھے صَرف کرے، مگر اَولیٰ یہ ہے کہ آلِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو مقدّم رکھے۔ (حاشیۃ الدُّسوقی علی الشرح الکبیر)

باقی تین حصّوں کے بارے میں فقہا کے درمیان کوئی بحث نہیں ہے۔ البتہ امام شافعیؒ اور ائمۂ ثلاثہ کے درمیان اختلاف یہ ہے کہ امام شافعیؒ کے نزدیک فَے کے جملہ اموال کو پانچ برابر کے حصّوں میں تقسیم کر کے اُن میں سے ایک حصّہ مذکورۂ بالا مصارف پر اس طرح صَرف کیا جانا چاہیے کہ اس کا ۱/۵ مصالحِ مسلمین پر، ۱/۵ بنی ہاشم و بنی المُطَّلِب پر، ۱/۵ یتامٰی پر، ۱/۵ مساکین پر، اور ۱/۵ مسافروں پر صَرف کیا جائے۔ بخلاف اِس کے امام مالک، امام ابوحنیفہ اور امام احمد رحمہم اللہ اس تقسیم کے قائل نہیں ہیں، اور ان کی رائے یہ ہے کہ فَے کا پُورا مال مصالحِ مسلمین کے لیے ہے۔ (مُغنی المحتاج)

وَ اتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝۷ لِلْفُقَرَآءِ الْمُهٰجِرِيْنَ

اللہ سے ڈرو، اللہ سخت سزا دینے والا ہے۔[15] (نیز وہ مال) اُن غریب مہاجرین کے لیے ہے

۱۴- یہ قرآنِ مجید کی اہم ترین اُصولی آیات میں سے ہے جس میں اسلامی معاشرے اور حکومت کی مَعاشی پالیسی کا یہ بنیادی قاعدہ بیان کیا گیا ہے کہ دولت کی گردش پُورے معاشرے میں عام ہونی چاہیے، ایسا نہ ہو کہ مال صرف مال داروں ہی میں گھومتا رہے، یا امیر روز بروز امیر تر اور غریب روز بروز غریب تر ہوتے چلے جائیں۔ قرآنِ مجید میں اس پالیسی کو صرف بیان ہی کرنے پر اکتفا نہیں کیا گیا ہے، بلکہ اِسی مقصد کے لیے سُود حرام کیا گیا ہے، زکوٰۃ فرض کی گئی ہے، اموالِ غنیمت میں سے خُمس نکالنے کا حکم دیا گیا ہے، صدقاتِ نافلہ کی جگہ جگہ تلقین کی گئی ہے، مختلف قسم کے کفّاروں کی ایسی صورتیں تجویز کی گئی ہیں جن سے دولت کے بہاؤ کا رُخ معاشرے کے غریب طبَقات کی طرف پھیر دیا جائے۔ میراث کا ایسا قانون بنایا گیا ہے کہ ہر مرنے والے کی چھوڑی ہوئی دولت زیادہ سے زیادہ وسیع دائرے میں پھیل جائے، اَخلاقی حیثیت سے بُخل کو سخت قابلِ مذمّت اور فیّاضی کو بہترین صفت قرار دیا گیا ہے، خوش حال طبقوں کو یہ سمجھایا گیا ہے کہ اُن کے مال میں سائل اور محروم کا حق ہے جسے خیرات نہیں بلکہ ان کا حق سمجھ کر ہی انھیں ادا کرنا چاہیے، اور اسلامی حکومت کی آمدنی کے ایک بہت بڑے ذریعے، یعنی فَے کے متعلق یہ قانون مقرر کر دیا گیا ہے کہ اس کا ایک حصّہ لازماً معاشرے کے غریب طبَقات کو سہارا دینے کے لیے صرف کیا جائے۔ اس سلسلے میں یہ بات بھی نگاہ میں رہنی چاہیے کہ اسلامی حکومت کے ذرائعِ آمدنی کی اہم ترین مَدّات دو ہیں: ایک زکوٰۃ، دوسری فَے۔ زکوٰۃ مسلمانوں کے پُورے زائد از نصاب سرمایے، مواشی، اموالِ تجارت اور زرعی پیداوار سے وصول کی جاتی ہے، اور وہ زیادہ تر غریبوں ہی کے لیے مخصوص ہے۔ اور فَے میں جزیہ و خراج سمیت وہ تمام آمدنیاں شامل ہیں جو غیر مسلموں سے حاصل ہوں، اور ان کا بھی بڑا حصّہ غریبوں ہی کے لیے مخصوص کیا گیا ہے۔ یہ کُھلا ہوا اشارہ اس طرف ہے کہ ایک اسلامی حکومت کو اپنی آمد و خرچ کا نظام، اور بحیثیتِ مجموعی، ملک کے تمام مالی اور مَعاشی معاملات کا انتظام اس طرح کرنا چاہیے کہ دولت کے ذرائع پر مال دار اور بااثر لوگوں کی اِجارہ داری قائم نہ ہو، اور دولت کا بہاؤ نہ غریبوں سے امیروں کی طرف ہونے پائے، نہ وہ امیروں ہی میں چکر لگاتی رہے۔

۱۵- سلسلۂ بیان کے لحاظ سے اس آیت کا مطلب یہ ہے کہ اموالِ بنی نَضِیر کے انتظام، اور اسی طرح بعد کے اموالِ فَے کی تقسیم کے معاملے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جو فیصلہ فرمائیں، اسے بے چُون و چَرا تسلیم کر لو، جو کچھ حضورؐ کسی کو دیں وہ اسے لے لے، اور جو کسی کو نہ دیں وہ اس پر کوئی احتجاج یا مطالبہ نہ کرے۔ لیکن چونکہ حکم کے الفاظ عام ہیں، اس لیے یہ صرف اموالِ فَے کی تقسیم تک محدود نہیں ہے، بلکہ اس کا منشا یہ ہے کہ تمام معاملات میں مسلمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کریں۔ اس منشا کو یہ بات اور زیادہ واضح کر دیتی ہے کہ ”جو کچھ رسول تمھیں دے“ کے مقابلے میں ”جو کچھ نہ دے“ کے الفاظ استعمال نہیں فرمائے گئے ہیں، بلکہ فرمایا یہ گیا ہے کہ ”جس چیز سے وہ تمھیں روک دے (یا منع کر دے) اس سے

الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَ اَمْوَالِهِمْ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ

جو اپنے گھروں اور جائدادوں سے نکال باہر کیے گئے ہیں[16]۔ یہ لوگ اللہ کا فضل اور اس کی خوشنودی

رُک جاؤ‘‘۔ اگر حکم کا مقصود صرف اموالِ فَے کی تقسیم کے معاملے تک اطاعت کو محدود کرنا ہوتا تو ’’جو کچھ دے‘‘ کے مقابلے میں ’’جو کچھ نہ دے‘‘ فرمایا جاتا۔ منع کرنے یا روک دینے کے الفاظ اس موقع پر لانا خود یہ ظاہر کر دیتا ہے کہ حکم کا مقصود حضورؐ کے امر و نہی کی اطاعت ہے۔ یہی بات ہے جو خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی ارشاد فرمائی ہے۔ حضرت ابوہریرہؓ کی رِوایَت ہے کہ آپؐ نے فرمایا: اذا امرتکم بامر فائتوا منه ما استطعتم وما نهيتكم عنه فاجتنبوه۔ ’’جب میں تمھیں کسی بات کا حکم دوں تو جہاں تک ممکن ہو، اس پر عمل کرو۔ اور جس بات سے روک دوں، اس سے اجتناب کرو۔‘‘ (بخاری، مسلم) حضرت عبداللہؓ بن مسعود کے متعلق رِوایَت ہے کہ ایک دفعہ انھوں نے تقریر کرتے ہوئے کہا: ’’اللہ تعالیٰ نے فُلاں فُلاں فیشن کرنے والی عورتوں پر لعنت فرمائی ہے۔‘‘ اس تقریر کو سُن کر ایک عورت ان کے پاس آئی اور اس نے عرض کیا: یہ بات آپ نے کہاں سے اخذ کی ہے؟ کتاب اللہ میں تو یہ مضمون کہیں میری نظر سے نہیں گزرا۔ حضرت عبداللہؓ نے فرمایا: تو نے اگر اللہ کی کتاب پڑھی ہوتی تو یہ بات ضرور تجھے اس میں مل جاتی۔ کیا تو نے یہ آیت نہیں پڑھی کہ وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۚ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا ۚ؟ اس نے عرض کیا: ہاں، یہ آیت تو میں نے پڑھی ہے۔ حضرت عبداللہؓ نے فرمایا: تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اِس فعل سے منع فرمایا ہے اور یہ خبر دی ہے کہ اللہ نے ایسا فعل کرنے والی عورتوں پر لعنت فرمائی ہے۔ عورت نے عرض کیا: اب میں سمجھ گئی۔ (بخاری، مسلم، مُسْنَدِ احمد، مُسْنَدِ ابنِ ابی حاتم)

۱۶ – اس سے مراد وہ لوگ ہیں جو اُس وقت مکّۂ معظمہ اور عرب کے دوسرے علاقوں سے صرف اِس بنا پر نکال دیے گئے تھے کہ انھوں نے اسلام قبول کر لیا تھا۔ بنی النَّضِیر کا علاقہ فتح ہونے سے پہلے تک اِن مہاجرین کے لیے گزر بسر کا کوئی مستقل ذریعہ نہ تھا۔ اب حکم دیا گیا کہ یہ مال جو اِس وقت ہاتھ آیا ہے، اور آیندہ جو اموال بھی فَے کے طور پر ہاتھ آئیں، اُن میں عام مساکین، یتامیٰ اور مسافروں کے ساتھ ساتھ اِن لوگوں کا حق بھی ہے، اُن سے ایسے سب لوگوں کو سہارا دیا جانا چاہیے جو اللہ اور اس کے رسولؐ اور اس کے دین کی خاطر ہجرت پر مجبور ہو کر دار الاسلام میں آئیں۔ اس حکم کی بنا پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بنی النَّضِیر کی جائدادوں کا ایک حصہ مہاجرین میں تقسیم کر دیا اور وہ نخلستان جو انصار نے اپنے مہاجر بھائیوں کی مدد کے لیے دے رکھے تھے، اُن کو واپس کر دیے گئے۔ لیکن یہ خیال کرنا صحیح نہیں ہے کہ فَے میں مہاجرین کا یہ حصّہ صرف اُسی زمانے کے لیے تھا۔ درحقیقت اس آیت کا منشا یہ ہے کہ قیامت تک جو لوگ بھی مسلمان ہونے کی وجہ سے جَلاوطن ہو کر کسی مسلم مملکت کے حُدود میں پناہ لینے پر مجبور ہوں، ان کو بسانا اور اپنے پاؤں پر کھڑے ہونے کے قابل بنانا اُس ملک کی اسلامی حکومت کے فرائض میں شامل ہے، اور اسے زکوٰۃ کے علاوہ اموالِ فَے میں سے بھی اس مَد پر خرچ کرنا چاہیے۔

وَ رِضْوَانًا وَّ يَنْصُرُوْنَ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ۚ۸ وَ
الَّذِيْنَ تَبَوَّؤُ الدَّارَ وَ الْاِيْمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ يُحِبُّوْنَ مَنْ هَاجَرَ
اِلَيْهِمْ وَ لَا يَجِدُوْنَ فِيْ صُدُوْرِهِمْ حَاجَةً مِّمَّآ اُوْتُوْا وَ يُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓى
اَنْفُسِهِمْ وَ لَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ ؕ۫ وَ مَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ

چاہتے ہیں اور اللہ اور اُس کے رسُولؐ کی حمایت پر کمر بستہ رہتے ہیں۔ یہی راست باز لوگ ہیں۔ (اور وہ اُن لوگوں کے لیے بھی ہے) جو اِن مہاجرین کی آمد سے پہلے ہی ایمان لاکر دارالہجرت میں مقیم تھے۔[۱۷] یہ اُن لوگوں سے محبّت کرتے ہیں جو ہجرت کر کے اِن کے پاس آئے ہیں اور جو کچھ بھی اُن کو دے دیا جائے اُس کی کوئی حاجت تک یہ اپنے دلوں میں محسُوس نہیں کرتے اور اپنی ذات پر دُوسروں کو ترجیح دیتے ہیں خواہ اپنی جگہ خود محتاج ہوں۔[۱۸] حقیقت یہ ہے کہ جو لوگ اپنے دل کی تنگی سے بچا لیے گئے

۱۷ – مراد ہیں انصار۔ یعنی فَے میں صرف مہاجرین ہی کا حق نہیں ہے، بلکہ پہلے سے جو مسلمان دارالاسلام میں آباد ہیں، وہ بھی اس میں سے حصّہ پانے کے حق دار ہیں۔

۱۸ – یہ تعریف ہے مدینۂ طیّبہ کے انصار کی۔ مہاجرین جب مکّہ اور دوسرے مقامات سے ہجرت کر کے اُن کے شہر میں آئے تو انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں یہ پیش کش کی کہ ہمارے باغ اور نخلستان حاضر ہیں، آپؐ انھیں ہمارے اور اِن مہاجر بھائیوں کے درمیان بانٹ دیں۔ حضورؐ نے فرمایا کہ یہ لوگ تو باغبانی نہیں جانتے، یہ اُس علاقے سے آئے ہیں جہاں باغات نہیں ہیں، کیا ایسا نہیں ہو سکتا کہ اپنے اِن باغوں اور نخلستانوں میں کام تم کرو اور پیداوار میں سے حصّہ اِن کو دو؟ انھوں نے کہا: سَمِعْنَا وَ اَطَعْنَا (بخاری، ابنِ جَرِیر) اس پر مہاجرین نے عرض کیا: ہم نے کبھی ایسے لوگ نہیں دیکھے جو اس درجہ ایثار کرنے والے ہوں۔ یہ کام خود کریں گے اور حصّہ ہم کو دیں گے۔ ہم تو سمجھتے ہیں کہ سارا اجر یہی لُوٹ لے گئے۔ حضورؐ نے فرمایا: نہیں، جب تک تم اِن کی تعریف کرتے رہو گے اور اِن کے حق میں دعائے خیر کرتے رہو گے، تم کو بھی اجر ملتا رہے گا۔ (مُسندِ احمد) پھر جب بنی النَّضِیر کا علاقہ فتح ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اب بندوبست کی ایک شکل یہ ہے کہ تمھاری املاک اور یہودیوں کے چھوڑے ہوئے باغات اور نخلستانوں کو ملا کر ایک کر دیا جائے، اور پھر اس پُورے مجموعے کو تمھارے اور مہاجرین کے درمیان تقسیم کر دیا جائے۔ اور دوسری شکل یہ ہے کہ تم اپنی جائدادیں اپنے پاس رکھو اور یہ متروکہ اراضی مہاجرین میں بانٹ دی جائیں۔ انصارؓ نے عرض کیا: یہ جائدادیں

فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ؕ۹ وَ الَّذِیْنَ جَآءُوْ مِنْۢ بَعْدِهِمْ

وہی فلاح پانے والے ہیں[19]۔(اور وہ اُن لوگوں کے لیے بھی ہے) جو اِن اگلوں کے بعد آئے ہیں[20]،

آپؐ اِن میں بانٹ دیں، اور ہماری جائدادوں میں سے بھی جو کچھ آپؐ چاہیں اِن کو دے سکتے ہیں۔ اس پر حضرت ابوبکرؓ پکار اُٹھے: جزاکم اللہ یا معشر الانصار خیرًا (یحییٰ بن آدم۔ بَلاذُری) اس طرح انصار کی رضامندی سے یہودیوں کے چھوڑے ہوئے اموال مہاجرین ہی میں تقسیم کیے گئے، اور انصار میں سے صرف حضرت ابودُجانہؓ، حضرت سَہلؓ بن حُنَیف اور (بروایتِ بعض) حضرت حارثؓ بن الصِّمَہ کو حصّہ دیا گیا، کیونکہ یہ حضرات بہت غریب تھے۔ (بَلاذُری۔ ابنِ ہِشَام۔ روح المعانی) اسی ایثار کا ثبوت انصار نے اُس وقت دیا جب بَحرَین کا علاقہ اسلامی حکومت میں شامل ہوا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چاہتے تھے کہ اس علاقے کی مفتوحہ اراضی انصار کو دی جائیں، مگر انھوں نے عرض کیا کہ ہم اس میں سے کوئی حصّہ نہ لیں گے جب تک اتنا ہی ہمارے مہاجر بھائیوں کو نہ دیا جائے۔ (یحییٰ بن آدم) انصار کا یہی وہ ایثار ہے جس پر اللہ تعالیٰ نے ان کی تعریف فرمائی ہے۔

۱۹- ”بچ گئے“ نہیں فرمایا گیا، بلکہ ”بچالیے گئے“ ارشاد ہوا ہے، کیونکہ اللہ کی توفیق اور اس کی مدد کے بغیر کوئی شخص خود اپنے زورِ بازو سے دل کی تونگری نہیں پا سکتا۔ یہ خدا کی وہ نعمت ہے جو خدا ہی کے فضل سے کسی کو نصیب ہوتی ہے۔ شُحّ کا لفظ عربی زبان میں کنجوسی اور بُخل کے لیے استعمال ہوتا ہے، مگر جب اس لفظ کو نفس کی طرف منسوب کر کے شُحِّ نفس کہا جائے تو یہ تنگ نظری، تنگ دلی، کم حوصلگی، اور دل کے چھوٹے پن کا ہم معنیٰ ہو جاتا ہے، جو بُخل سے وسیع تر چیز ہے، بلکہ خود بُخل کی بھی اصل جڑ وہی ہے۔ اِسی صفت کی وجہ سے آدمی دوسرے کا حق ماننا اور ادا کرنا تو درکنار، اُس کی خوبی کا اعتراف تک کرنے سے جی چُراتا ہے۔ وہ چاہتا ہے کہ دنیا میں سب کچھ اسی کو مل جائے، اور کسی کو کچھ نہ ملے۔ دوسروں کو خود دینا تو کجا، کوئی دوسرا بھی اگر کسی کو کچھ دے تو اس کا دل دُکھتا ہے۔ اس کی حرص کبھی اپنے حق پر قانع نہیں ہوتی، بلکہ وہ دوسروں کے حُقوق پر دست درازی کرتا ہے، یا کم از کم دل سے یہ چاہتا ہے کہ اس کے گردو پیش دنیا میں جو اچھی چیز بھی ہے اُسے اپنے لیے سمیٹ لے، اور کسی کے لیے کچھ نہ چھوڑے۔ اسی بنا پر قرآن میں اِس بُرائی سے بچ جانے کو فلاح کی ضمانت قرار دیا گیا ہے، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو اُن بدترین انسانی اوصاف میں شمار کیا ہے جو فساد کی جڑ ہیں۔ حضرت جابر بن عبداللہؓ کی روایت ہے کہ حضورؐ نے فرمایا: اتقوا الشح فان الشح اھلک من قبلکم، حملھم علی ان سفکوا دماءھم و استحلوا محارمھم (مسلم، مُسندِ احمد، بَیہقی، بخاری فی الادب) حضرت عبداللہ بن عَمروؓ کی روایت میں الفاظ یہ ہیں: امرھم بالظلم فظلموا وامرھم بالفجور فَفَجَرُوْا وامرھم بالقطیعة فقطعوا۔ (مُسندِ احمد، ابوداؤد، نَسائی) یعنی ”شُحّ سے بچو، کیونکہ شُحّ ہی نے تم سے پہلے لوگوں کو ہلاک کیا۔ اسی نے اُن کو ایک دوسرے کے خون بہانے اور دوسروں کی حُرمتوں کو اپنے لیے حلال کر لینے پر اکسایا۔ اس نے ان کو ظلم پر آمادہ کیا اور انھوں نے ظلم کیا، فُجور کا حکم دیا اور انھوں نے فُجور کیا، قطعِ رحمی

کرنے کے لیے کہا اور انھوں نے قطع رحمی کی۔" حضرت ابوہُریرہؓ کی روایت ہے کہ حضورؐ نے فرمایا: "ایمان اور شُحِّ نفس کسی کے دل میں جمع نہیں ہو سکتے۔" (ابنِ ابی شَیْبَہ، نَسائی، بَیْہَقی فی شُعَبُ الایمان، حاکم) حضرت ابوسعید خُدریؓ کا بیان ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "دو خصلتیں ہیں جو کسی مسلمان کے اندر جمع نہیں ہو سکتیں: بُخل اور بد خُلقی۔" (ابوداؤد، ترمِذی، بخاری فی الادب) اسلام کی اِسی تعلیم کا ثمرہ ہے کہ افراد سے قطعِ نظر، مسلمان بحیثیتِ قوم دنیا میں آج بھی سب سے بڑھ کر فیّاض اور فراخ دل ہیں۔ جو قومیں ساری دنیا میں تنگ دلی اور بخیلی کے اعتبار سے اپنی نظیر نہیں رکھتیں، خود انھی میں سے نکلے ہوئے لاکھوں اور کروڑوں مسلمان اپنے ہم نسل غیر مسلموں کے سایہ بسایہ رہتے ہیں۔ دونوں کے درمیان دل کی فراخی و تنگی کے اعتبار سے جو صریح فرق پایا جاتا ہے، اس کی کوئی توجیہ اس کے سوا نہیں کی جاسکتی کہ یہ اسلام کی اَخلاقی تعلیم کا فیض ہے جس نے مسلمانوں کے دل بڑے کر دیے ہیں۔

**۲۰** — یہاں تک جو احکام ارشاد ہوئے ہیں، ان میں یہ فیصلہ کر دیا گیا ہے کہ فَے میں اللہ اور رسول، اور اقربائے رسول، اور یتامٰی اور مساکین اور ابن السَّبیل، اور مہاجرین اور انصار، اور قیامت تک آنے والی مسلمان نسلوں کے حُقوق ہیں۔ قرآنِ پاک کا یہی وہ اہم قانونی فیصلہ ہے، جس کی روشنی میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عراق، شام اور مصر کے مفتوحہ مَمالک کی اراضی اور جائدادوں کا اور ان مَمالک کی سابق حکومتوں اور ان کے حکمرانوں کی املاک کا نیا بندوبست کیا۔ یہ مَمالک جب فتح ہوئے تو بعض ممتاز صحابۂ کرامؓ نے، جن میں حضرت زبیر، حضرت بلال، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف اور حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہم جیسے بزرگ شامل تھے، اصرار کیا کہ اِن کو اُن افواج میں تقسیم کر دیا جائے جنھوں نے لڑ کر انھیں فتح کیا ہے۔ اُن کا خیال یہ تھا کہ یہ اموال فَمَآ اَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ کی تعریف میں نہیں آتے، بلکہ اِن پر تو مسلمانوں نے اپنے گھوڑے اور اُونٹ دوڑا کر انھیں جیتا ہے، اس لیے بجز اُن شہروں اور علاقوں کے، جنھوں نے جنگ کے بغیر اطاعت قبول کی ہے، باقی تمام مفتوحہ مَمالک غنیمت کی تعریف میں آتے ہیں اور ان کا شرعی حکم یہ ہے کہ ان کی اراضی اور ان کے باشندوں کا پانچواں حصّہ بیت المال کی تحویل میں دے دیا جائے، اور باقی چار حصّے فوج میں تقسیم کر دیے جائیں۔ لیکن یہ رائے اس بنا پر صحیح نہ تھی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہدِ مبارک میں جو علاقے لڑ کر فتح کیے گئے تھے، ان میں سے کسی کی اراضی اور باشندوں کو بھی حضورؐ نے غنائم کی طرح خُمس نکالنے کے بعد فوج میں تقسیم نہیں فرمایا تھا۔ آپؐ کے زمانے کی دو نمایاں ترین مثالیں فتحِ مکّہ اور فتحِ خیبر کی ہیں۔ ان میں سے مکّہ معظّمہ کو تو آپؐ نے جُوں کا تُوں اُس کے باشندوں کے حوالے فرما دیا۔ رہا خیبر، تو اس کے متعلق حضرت بُشَیر بن یَسار کی روایت ہے کہ آپؐ نے اس کے ۳۶ حصّے کیے، اور ان میں سے ۱۸ حصّے اجتماعی ضروریات کے لیے وقف کر کے باقی ۱۸ حصّے فوج میں تقسیم فرما دیے۔ (ابوداؤد، بَیْہَقی، کتاب الاموال لابی عُبَید، کتاب الخَراج لیحیٰی بن آدم، فُتوح البُلدان لِلبَلاذُری، فتح القدیر لابن ہُمام) حضورؐ کے اس عمل سے یہ بات واضح ہو گئی تھی کہ اراضیِ مفتوحہ کا حکم، اگرچہ وہ لڑ کر ہی فتح ہوئی ہوں، غنیمت کا نہیں ہے، ورنہ کیسے ممکن تھا کہ حضورؐ مکّہ کو تو بالکل ہی اہلِ مکّہ کے حوالے فرما دیتے، اور خیبر میں سے پانچواں حصّہ نکالنے کے بجائے اس کا پُورا نصف حصّہ اجتماعی ضروریات کے لیے بیت المال کی

تحویل میں لے لیتے۔ پس سنّت سے جو بات ثابت تھی، وہ یہ کہ عَنْوَۃً فتح ہونے والے ممالک کے معاملے میں امامِ وقت کو اختیار ہے کہ حالات کے لحاظ سے ان کے بارے میں جو فیصلہ بھی مناسب ترین ہو کرے۔ وہ ان کو تقسیم بھی کر سکتا ہے، اور اگر کوئی غیر معمولی نوعیت کسی علاقے کی ہو، جیسی مکّہ معظمہ کی تھی، تو اس کے باشندوں کے ساتھ وہ احسان بھی کر سکتا ہے جو حضورؐ نے اہلِ مکّہ کے ساتھ کیا۔

مگر حضورؐ کے زمانے میں چونکہ فتوحات کی کثرت نہ ہوئی تھی، اور مختلف اقسام کے مفتوحہ ممالک کا الگ الگ حکم کُھل کر لوگوں کے سامنے نہ آیا تھا، اس لیے حضرت عمرؓ کے زمانے میں جب بڑے بڑے ممالک فتح ہوئے تو صحابۂ کرامؓ کو اس اُلجھن سے سابقہ پیش آیا کہ بزورِ شمشیر فتح ہونے والے علاقے آیا غنیمت ہیں یا فَے۔ مصر کی فتح کے بعد حضرت زُبیرؓ نے مطالبہ کیا کہ اقسمها کما قسم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیبر، ''اس پُورے علاقے کو اُسی طرح تقسیم کر دیجیے جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کو تقسیم کیا تھا۔'' (ابوعُبَید) شام اور عراق کے مفتوحہ علاقوں کے متعلق حضرت بلالؓ نے اصرار کیا کہ اقسم الارضین بین الذین افتتحوها کما تقسم غنیمة العسکر، ''تمام اراضی کو فاتح فوجوں کے درمیان اُسی طرح تقسیم کر دیجیے جس طرح مالِ غنیمت تقسیم کیا جاتا ہے۔'' (کتاب الخراج، ابو یوسف) دوسری طرف حضرت علیؓ کی رائے یہ تھی کہ دعهم یکونوا مادةً للمسلمین۔ ''اِن زمینوں کو ان کے کاشتکاروں کے پاس رہنے دیجیے، تاکہ یہ مسلمانوں کے لیے ذریعۂ آمدنی بنے رہیں۔'' (ابو یوسف، ابوعُبَید) اسی طرح حضرت مُعاذؓ بن جَبَل کی رائے یہ تھی کہ ''اگر آپ نے تقسیم کیا تو اس کے نتائج بہت بُرے ہوں گے۔ اس تقسیم کی بدولت بڑی بڑی جائدادیں اُن چند لوگوں کے قبضے میں چلی جائیں گی جنھوں نے یہ علاقے فتح کیے ہیں۔ پھر یہ لوگ دنیا سے رخصت ہو جائیں گے اور ان کی جائدادیں ان کے وارثوں کے پاس رہ جائیں گی، جن میں بسا اوقات کوئی ایک ہی عورت ہو گی، یا کوئی ایک مرد ہو گا، لیکن آنے والی نسلوں کے لیے کچھ نہ رہے گا جس سے اُن کی ضروریات پوری ہوں اور اسلامی سرحدوں کی حفاظت کے مَصارف بھی پُورے کیے جا سکیں۔ لہٰذا آپ ایسا بندوبست کریں جس میں موجودہ اور آیندہ نسلوں کے مفاد کا یکساں تحفظ ہو۔'' (ابوعُبَید، ص ۵۹۔ فتح الباری، ج ۶، ص ۱۳۸) حضرت عمرؓ نے حساب لگا کر دیکھا کہ اگر سوادِ عراق کو تقسیم کیا جائے تو فی کس کیا حصّہ پڑے گا۔ معلوم ہوا کہ دو تین فلّاح فی کس کا اوسط پڑتا ہے۔ (ابو یوسف، ابوعُبَید) اس کے بعد انھوں نے شرحِ صدر کے ساتھ یہ رائے قائم کر لی کہ ان علاقوں کو تقسیم نہ ہونا چاہیے۔ چنانچہ انھوں نے تقسیم کا مطالبہ کرنے والے مختلف اصحاب کو جو جوابات دیے، وہ یہ تھے:

| | |
|---|---|
| تریدون ان یاتی اٰخر الناس لیس لھم شیء۔ (ابوعُبَید) | کیا آپ چاہتے ہیں کہ بعد کے لوگ اس حالت میں آئیں کہ ان کے لیے کچھ نہ ہو؟ |
| —— فکیف بمن یاتی من المسلمین فیجدون الارض بعلوجھا قد اقتسمت وورثت عن الآباء وحیزت؟ ما | اُن مسلمانوں کا کیا بنے گا جو بعد میں آئیں گے اور حالت یہ پائیں گے کہ زمین اپنے کسانوں سمیت بٹ چکی ہے اور باپ دادا سے لوگوں نے وراثت میں |

| | |
|---|---|
| هٰذا برائي۔ (ابویوسف) | سنبھال لی ہے؟ یہ ہرگز مناسب نہیں ہے۔ |
| —— فما لمن جاء بعدكم من المسلمين واخاف ان قسمته تفاسدوا بينكم في المياه۔ (ابوعُبَید) | تمھارے بعد آنے والے مسلمانوں کے لیے کیا رہے گا؟ اور مجھے خطرہ ہے کہ اگر میں اسے تقسیم کر دوں تو تم پانی پر آپس میں لڑو گے۔ |
| —— لولا أخر الناس ما فتحت قرية الا قسمتها كما قسم رسول الله صلى الله عليه وسلم خيبر (بخاری، مُؤطّا، ابوعُبَید) | اگر بعد میں آنے والوں کا خیال نہ ہوتا تو جو علاقہ بھی میں فتح کرتا، اسے تقسیم کر دیتا، جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کو تقسیم کیا۔ |
| —— لا، هٰذا عين المال، ولكني احبسهٗ فيما يجري عليهم وعلى المسلمين۔ (ابوعُبَید) | نہیں، یہ تو عین المال (real estate) ہے۔ میں اسے روک رکھوں گا، تاکہ فاتح فوجوں اور عام مسلمانوں، سب کی ضروریات اس سے پوری ہوتی رہیں۔ |

لیکن ان جوابات سے لوگ مطمئن نہ ہوئے اور انھوں نے کہنا شروع کیا کہ آپ ظلم کر رہے ہیں۔ آخرکار حضرت عمرؓ نے مجلسِ شُوریٰ کا اجتماع منعقد کیا اور اس کے سامنے یہ معاملہ رکھا۔ اس موقع پر جو تقریر آپ نے کی، اس کے چند فقرے یہ ہیں:

''مَیں نے آپ لوگوں کو صرف اِس لیے تکلیف دی ہے کہ آپ اُس امانت کے اُٹھانے میں میرے ساتھ شریک ہوں جس کا بار آپ کے معاملات کو چلانے کے لیے میرے اُوپر رکھا گیا ہے۔ میں آپ ہی لوگوں میں سے ایک فرد ہوں، اور آپ وہ لوگ ہیں جو آج حق کا اقرار کرنے والے ہیں۔ آپ میں سے جو چاہے میری رائے سے اتفاق کرے، اور جو چاہے اختلاف کرے۔ میں یہ نہیں چاہتا کہ آپ میری خواہش کی پیروی کریں۔ آپ کے پاس کتاب اللہ ہے، جو ناطق بالحق ہے۔ خدا کی قسم! میں نے اگر کوئی بات کہی ہے، جسے میں کرنا چاہتا ہوں، تو اس سے میرا مقصد حق کے سوا کچھ نہیں ہے...... آپ اُن لوگوں کی بات سُن چکے ہیں جن کا خیال یہ ہے کہ میں ان کے ساتھ ظلم کر رہا ہوں اور ان کی حق تلفی کرنا چاہتا ہوں۔ حالانکہ میں اِس سے خدا کی پناہ مانگتا ہوں کہ کسی ظلم کا ارتکاب کروں۔ میں بڑا شقی ہوں گا اگر ظلم کر کے کوئی ایسی چیز، جو فی الواقع اُن کی ہو، اُنھیں نہ دوں اور کسی دوسرے کو دے دُوں۔ مگر میں یہ دیکھ رہا ہوں کہ کسریٰ کی سرزمین کے بعد اب کوئی اور علاقہ فتح ہونے والا نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ایرانیوں کے مال اور اُن کی زمینیں اور ان کے کسان، سب ہمارے قبضے میں دے دیے ہیں۔ ہماری فوجوں نے جو غنائم حاصل کیے تھے، وہ تو میں خُمس نکال کر ان میں بانٹ چکا ہوں، اور ابھی جو غنائم تقسیم نہیں ہوئے ہیں، میں ان کو بانٹنے کی فکر میں لگا ہوا ہوں۔ البتہ زمینوں کے بارے میں میری رائے یہ ہے

کہ انھیں اور اُن کے کسانوں کو تقسیم نہ کروں، بلکہ ان پر خَراج اور کسانوں پر جزیہ لگا دوں، جسے وہ ہمیشہ ادا کرتے رہیں، اور یہ اِس وقت کے عام مسلمانوں اور لڑنے والی فوجوں اور مسلمانوں کے بچّوں کے لیے اور بعد کی آنے والی نسلوں کے لیے فَے ہو۔ کیا آپ لوگ نہیں دیکھتے کہ ہماری اِن سرحدوں کے لیے لازماً ایسے لوگوں کی ضرورت ہے جو ان کی حفاظت کرتے رہیں؟ کیا آپ نہیں دیکھتے کہ یہ بڑے بڑے ملک، شام، الجزیرہ، کوفہ، بصرہ، مصر، اِن سب میں فوجیں رہنی چاہییں اور ان کو پابندی سے تنخواہیں ملنی چاہییں؟ اگر میں اِن زمینوں کو ان کے کسانوں سمیت تقسیم کردوں تو یہ مصارف کہاں سے آئیں گے؟''

یہ بحث دو تین دن چلتی رہی۔ حضرت عثمان، حضرت علی، حضرت طلحہ، حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہم وغیرہ حضرات نے حضرت عمرؓ کی رائے سے اتفاق کیا، لیکن فیصلہ نہ ہو سکا۔ آخر کار حضرت عمرؓ اُٹھے اور انھوں نے فرمایا کہ مجھے کتاب اللہ سے ایک حُجّت مل گئی ہے جو اس مسئلے کا فیصلہ کر دینے والی ہے۔ اس کے بعد انھوں نے سورۂ حشر کی یہی آیات وَمَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ سے لے کر رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ تک پڑھیں، اور ان سے یہ اِستدلال کیا کہ اللہ کی عطا کردہ اِن املاک میں صرف اِس زمانے کے لوگوں کا ہی حصّہ نہیں ہے، بلکہ بعد کے آنے والوں کو بھی اللہ نے ان کے ساتھ شریک کیا ہے، پھر یہ کیسے صحیح ہو سکتا ہے کہ اِس فَے کو، جو سب کے لیے ہے، ہم اِن فاتحین میں تقسیم کر دیں اور بعد والوں کے لیے کچھ نہ چھوڑیں؟ نیز اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: كَيْ لَا يَكُوْنَ دُوْلَةًۢ بَيْنَ الْاَغْنِيَآءِ مِنْكُمْ، ''تاکہ یہ مال تمھارے مال داروں ہی میں چکّر نہ لگاتا رہے۔'' لیکن اگر میں اسے فاتحین میں تقسیم کر دوں تو یہ تمھارے مال داروں ہی میں چکّر لگاتا رہے گا اور دوسروں کے لیے کچھ نہ بچے گا۔ یہ دلیل تھی جس نے سب کو مطمئن کر دیا اور اس بات پر اجماع ہو گیا کہ ان تمام مفتوحہ علاقوں کو عامۂ مسلمین کے لیے فَے قرار دیا جائے، جو لوگ ان اراضی پر کام کر رہے ہیں انھی کے ہاتھوں میں انھیں رہنے دیا جائے، اور ان پر خَراج اور جزیہ لگا دیا جائے۔ (کتاب الخَراج لابی یوسف، صفحہ ۲۳ تا ۲۷ و ۳۵۔ احکام القرآن للجَصّاص)

اس فیصلے کے مطابق اراضیِ مفتوحہ کی اصل حیثیت یہ قرار پائی کہ مُسلِم ملّت بحیثیتِ مجموعی ان کی مالک ہے، جو لوگ پہلے سے اِن زمینوں پر کام کر رہے تھے، اُن کو ملّت نے اپنی طرف سے بطورِ کاشتکار برقرار رکھا ہے، وہ اِن اراضی پر اسلامی حکومت کو ایک مقررہ لگان ادا کرتے رہیں گے، نسلاً بعد نسلٍ یہ کاشتکارانہ حُقوق اُن کی میراث میں منتقل ہوتے رہیں گے اور وہ ان حقوق کو فروخت بھی کر سکیں گے، مگر زمین کے اصل مالک وہ نہ ہوں گے، بلکہ مسلم ملّت ان کی مالک ہوگی۔ امام ابوعُبَیدؒ نے اپنی کتاب الاموال میں اس قانونی پوزیشن کو اس طرح بیان کیا ہے:

| | |
|---|---|
| اقر اهل السواد في ارضيهم وضرب على رؤسهم الجزية وعلى اَرَضِيهم الطسق۔ (ص ۷۵) | حضرت عمرؓ نے سوادِ عراق کے لوگوں کو ان کی زمینوں پر برقرار رکھا، اور ان کے افراد پر جزیہ اور ان کی زمینوں پر ٹیکس لگا دیا۔ |

اذا اقرّ الامام اھل العَنْوۃ فی ارضھم توارثوھا وتبایعوھا۔ (ص ۸۴)

امام (یعنی اسلامی حکومت کا فرمانروا) جب مفتوحہ مَمالک کے لوگوں کو ان کی زمینوں پر برقرار رکھے، تو وہ ان اراضی کو میراث میں بھی منتقل کرسکیں گے اور بیع بھی کرسکیں گے۔

عمر بن عبدالعزیزؒ کے زمانے میں شَعْبِیؒ سے پوچھا گیا: کیا سوادِ عراق کے لوگوں سے کوئی معاہدہ ہے؟ انھوں نے جواب دیا کہ معاہدہ تو نہیں ہے، مگر جب ان سے خَراج لینا قبول کرلیا گیا تو یہ ان کے ساتھ معاہدہ ہوگیا۔ (ابو عُبید، ص ۴۹۔ ابو یوسف، ص ۲۸)

حضرت عمرؓ کے زمانے میں عُتْبَہ بن فَرْقَد نے فُرات کے کنارے ایک زمین خریدی۔ حضرت عمرؓ نے ان سے پوچھا: تم نے یہ زمین کس سے خریدی ہے؟ انھوں نے کہا: اس کے مالکوں سے۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا: اس کے مالک تو یہ لوگ ہیں (یعنی مہاجرین و انصار) رأی عمر ان اصل الارض للمسلمین، ''عمرؓ کی رائے یہ تھی کہ ان زمینوں کے اصل مالک مسلمان ہیں۔'' (ابو عُبید، ص ۷۴)

اس فیصلے کی رُو سے مَمالکِ مفتوحہ کے جو اموال مسلمانوں کی اجتماعی مِلکیّت میں قرار دیے گئے، وہ یہ تھے:

(۱) وہ زمینیں اور علاقے جو کسی صلح کے نتیجے میں اسلامی حکومت کے قبضے میں آئیں۔

(۲) وہ فدیہ یا خَراج یا جِزیہ جو کسی علاقے کے لوگوں نے جنگ کے بغیر ہی مسلمانوں سے امان حاصل کرنے کے لیے ادا کرنا قبول کیا ہو۔

(۳) وہ اراضی اور جائدادیں جن کے مالک انھیں چھوڑ کر بھاگ گئے۔

(۴) وہ جائدادیں جن کے مالک مارے گئے اور کوئی مالک باقی نہ رہا۔

(۵) وہ اراضی جو پہلے سے کسی کے قبضے میں نہ تھیں۔

(۶) وہ اراضی جو پہلے سے لوگوں کے قبضے میں تھیں، مگر ان کے سابق مالکوں کو برقرار رکھ کر ان پر جِزیہ و خراج عائد کردیا گیا۔

(۷) سابق حکمراں خاندانوں کی جاگیریں۔

(۸) سابق حکومتوں کی املاک۔

(تفصیلات کے لیے مُلاحظہ ہو: بَدائع الصَّنائع، ج ۷، ص ۱۱۶-۱۱۸۔ کتاب الخَراج، یحییٰ بن آدم، ص ۲۲-۶۴۔ مُغْنِی المحتاج، ج ۳، ص ۹۳۔ حاشیۃ الدُّسوقی علی الشرح الکبیر، ج ۲، ص ۱۹۰۔ غایۃ المُنتہٰی، ج ۱، ص ۴۶۷-۴۷۱)

یہ چیزیں چونکہ صحابۂ کرامؓ کے اتفاق سے فَے قرار دی گئی تھیں، اس لیے فقہائے اسلام کے درمیان بھی ان کے فَے قرار دیے جانے پر اُصولاً اتفاق ہے۔ البتہ اختلاف چند اُمور میں ہے، جنھیں ہم مختصراً ذیل

میں بیان کرتے ہیں:

حَنفِیَہ کہتے ہیں کہ مفتوحہ مَمالک کی اراضی کے معاملے میں اسلامی حکومت (فقہا کی اصطلاح میں اِمام) کو اختیار ہے، چاہے تو ان میں سے خُمس لے کر باقی فاتح فوج میں تقسیم کر دے، اور چاہے تو ان کو سابق مالکوں کے قبضے میں رہنے دے اور ان کے مالکوں پر جزیہ اور زمینوں پر خراج عائد کر دے۔ اِس صورت میں یہ ہمیشہ کے لیے وقف للمسلمین قرار پائیں گی۔ (بَدائع الصّنائع، احکام القرآن للجَصّاص، شرح العنایہ علی الہدایہ، فتح القدیر) یہی رائے عبداللہ بن مبارکؒ نے امام سُفیان ثَوریؒ سے بھی نقل کی ہے۔ (یحییٰ بن آدم، کتاب الاموال لابی عُبَید)

مالکیہ کہتے ہیں کہ مسلمانوں کے محض فتح کر لینے ہی سے یہ اراضی خود بخود وقف علی المسلمین ہو جاتی ہیں۔ ان کو وقف کرنے کے لیے نہ امام کے فیصلے کی ضرورت ہے اور نہ مجاہدین کو راضی کرنے کی۔ علاوہ بریں مالکیہ کے ہاں مشہور قول یہ ہے کہ صرف اراضی ہی نہیں، مفتوحہ علاقوں کے مکان اور عمارات بھی حقیقتاً وقف علی المسلمین ہیں، البتہ اسلامی حکومت ان پر کرایہ عائد نہیں کرے گی۔ (حاشیۃ الدُّسُوقی)

حَنابِلہ اس حد تک حنفیوں سے متفق ہیں کہ اراضی کو فاتحین میں تقسیم کرنا، یا مسلمانوں پر وقف کر دینا امام کے اختیار میں ہے۔ اور اس امر میں مالکیوں سے اتفاق کرتے ہیں کہ مفتوحہ مَمالک کے مکان بھی اگرچہ وقف میں شامل ہوں گے مگر ان پر کرایہ عائد نہ کیا جائے گا۔ (غایۃ المُنتَہیٰ۔ یہ مذہبِ حنبلی کے مفتیٰ بِہٖ اقوال کا مجموعہ ہے اور دسویں صدی سے اس مذہب میں فتویٰ اِسی کتاب کے مطابق دیا جاتا ہے)۔

شافعیہ کا مسلک یہ ہے کہ مفتوحہ علاقے کے تمام اموالِ منقولہ غنیمت ہیں، اور تمام اموالِ غیر منقولہ (اراضی اور مکانات) کو فَے قرار دیا جائے گا۔ (مُغنی المحتاج)

بعض فقہا کہتے ہیں کہ عَنوَۃً فتح ہونے والے مَمالک کی اراضی کو اگر امام وقف علی المسلمین کرنا چاہے تو لازم ہے کہ وہ پہلے فاتح فوجوں کی رضامندی حاصل کرے۔ اس کے لیے وہ دلیل یہ پیش کرتے ہیں کہ حضرت عمرؓ نے سوادِ عراق کی فتح سے پہلے جَریرؓ بن عبداللہ البَجَلی سے، جن کے قبیلے کے لوگ جنگِ قادسیہ میں شریک ہونے والی فوج کا چوتھائی حصہ تھے، یہ وعدہ کیا تھا کہ مفتوحہ علاقے کا چوتھائی حصہ ان کو دیا جائے گا۔ چنانچہ ۲-۳ سال تک یہ حصہ ان کے پاس رہا۔ پھر حضرت عمرؓ نے ان سے فرمایا کہ لولا انی قاسم مسئول لکنتم علیٰ ما جُعل لکم، واری الناس قد کثروا فاریٰ ان تردّہ علیہم، ”اگر میں تقسیم کے معاملے میں ذمہ دار اور جواب دہ نہ ہوتا تو جو کچھ تمھیں دیا جا چکا ہے، وہ تمھارے پاس ہی رہنے دیا جاتا۔ لیکن اب میں دیکھتا ہوں کہ لوگوں کی کثرت ہو گئی ہے، اس لیے میری رائے یہ ہے کہ تم اسے عام لوگوں کو واپس کر دو۔“ حضرت جَریرؓ نے اس بات کو قبول کر لیا اور حضرت عمرؓ نے ان کو اس پر ۸۰ دینار بطورِ انعام دیے۔ (کتاب الخَراج لابی یوسف، کتاب الاموال لابی عُبید) اس سے وہ یہ اِستِدلال کرتے ہیں کہ حضرت عمرؓ نے فاتحین کو راضی کرنے کے بعد مفتوحہ علاقوں کو وقف علی المسلمین قرار دینے کا فیصلہ کیا تھا۔ لیکن جُمہور فقہا نے اس دلیل کو تسلیم نہیں کیا ہے۔ کیونکہ تمام مَمالکِ مفتوحہ کے معاملے میں تمام فاتحین سے اس طرح کی کوئی رضامندی

يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا
تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۰﴾ ع

جو کہتے ہیں کہ "اے ہمارے رب! ہمیں اور ہمارے اُن سب بھائیوں کو بخش دے جو ہم سے پہلے ایمان لائے ہیں اور ہمارے دلوں میں اہلِ ایمان کے لیے کوئی بُغض نہ رکھ، اَے ہمارے رب! تو بڑا مہربان اور رحیم ہے۔[۲۱]" ع

نہیں لی گئی تھی، اور صرف حضرت جَریرؓ بن عبداللہ کے ساتھ یہ معاملہ صرف اس لیے کیا گیا تھا کہ فتح سے پہلے، قبل اس کے کہ اراضیِ مفتوحہ کے متعلق کوئی اجماعی فیصلہ ہوتا، حضرت عمرؓ ان سے ایک وعدہ کر چکے تھے، اس لیے وعدے کی پابندی سے بَراءَت حاصل کرنے کے لیے آپ کو انھیں راضی کرنا پڑا۔ اسے کوئی عام قانون قرار نہیں دیا جا سکتا۔

فقہا کا ایک اور گروہ کہتا ہے کہ وقف قرار دے دینے کے بعد بھی حکومت کو یہ اختیار باقی رہتا ہے کہ کسی وقت ان اراضی کو پھر سے فاتحین میں تقسیم کر دے۔ اس کے لیے وہ اِس روایت سے اِستدلال کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت علیؓ نے لوگوں کو خطاب کر کے فرمایا: **لولا ان یضرب بعضکم وجوہ بعض لقسمت السواد بینکم**، "اگر یہ اندیشہ نہ ہوتا کہ تم ایک دوسرے سے لڑو گے، تو میں سواد کا علاقہ تمھارے درمیان تقسیم کر دیتا۔" (کتاب الخَراج لابی یوسف، کتاب الاموال لابی عُبَید) لیکن جمہور فقہا نے اس رائے کو بھی قبول نہیں کیا ہے اور وہ اس پر متفق ہیں کہ جب ایک مرتبہ مفتوحہ علاقے کے لوگوں پر جزیہ وخَراج عائد کر کے انھیں اُن کی زمینوں پر برقرار رکھنے کا فیصلہ کر دیا گیا ہو، تو اس کے بعد کبھی یہ فیصلہ بدلا نہیں جا سکتا۔ رہی وہ بات جو حضرت علیؓ کی طرف منسوب کی جاتی ہے، تو اس پر ابوبکر جَصّاصؒ نے احکام القرآن میں تفصیلی بحث کر کے یہ ثابت کیا ہے کہ یہ رِوایت صحیح نہیں ہے۔

**۲۱**– اس آیت میں اگرچہ اصل مقصود صرف یہ بتانا ہے کہ فَے کی تقسیم میں حاضر وموجود لوگوں کا ہی نہیں، بعد میں آنے والے مسلمانوں اور ان کی آیندہ نسلوں کا حصّہ بھی ہے، لیکن ساتھ ساتھ اس میں ایک اہم اَخلاقی درس بھی مسلمانوں کو دیا گیا ہے، اور وہ یہ ہے کہ کسی مسلمان کے دل میں کسی دوسرے مسلمان کے لیے بُغض نہ ہونا چاہیے، اور مسلمانوں کے لیے صحیح رَوِش یہ ہے کہ وہ اپنے اسلاف کے حق میں دعائے مغفرت کرتے رہیں، نہ یہ کہ وہ اُن پر لعنت بھیجیں اور تبرّا کریں۔ مسلمانوں کو جس رشتے نے ایک دوسرے کے ساتھ جوڑا ہے، وہ دراصل ایمان کا رشتہ ہے۔ اگر کسی شخص کے دل میں ایمان کی اہمیّت دوسری تمام چیزوں سے بڑھ کر ہو تو لامحالہ وہ ان سب لوگوں کا خیر خواہ ہوگا جو ایمان کے رشتے سے اس کے بھائی ہیں۔ ان کے لیے بدخواہی اور بُغض اور نفرت اس کے دل میں اسی وقت جگہ پا سکتی ہے

جب کہ ایمان کی قدر اس کی نگاہ میں گھٹ جائے اور کسی دوسری چیز کو وہ اس سے زیادہ اہمیت دینے لگے۔ لہٰذا یہ عین ایمان کا تقاضا ہے کہ ایک مومن کا دل کسی دوسرے مومن کے خلاف نفرت و بغض سے خالی ہو۔ اس معاملے میں بہترین سبق ایک حدیث سے ملتا ہے، جو نسائی نے حضرت اَنسؓ سے روایت کی ہے۔ ان کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ تین دن مسلسل یہ ہوتا رہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی مجلس میں یہ فرماتے کہ اب تمھارے سامنے ایک ایسا شخص آنے والا ہے جو اہلِ جنّت میں سے ہے، اور ہر بار وہ آنے والے شخص انصار میں سے ایک صاحب ہی ہوتے۔ یہ دیکھ کر حضرت عبداللہ بن عَمْروؓ بن عاص کو جستجو پیدا ہوئی کہ آخر یہ کیا عمل ایسا کرتے ہیں جس کی بنا پر حضورؐ نے ان کے بارے میں بار بار یہ بشارت سنائی ہے۔ چنانچہ وہ ایک بہانہ کر کے تین روز مسلسل ان کے ہاں جا کر رات گزارتے رہے، تاکہ ان کی عبادت کا حال دیکھیں۔ مگر ان کی شب گزاری میں کوئی غیر معمولی چیز اُنھیں نظر نہ آئی۔ ناچار انھوں نے خود ہی ان سے پُوچھ لیا کہ بھائی! آپ کیا عمل ایسا کرتے ہیں جس کی بنا پر ہم نے حضورؐ سے آپ کے بارے میں یہ عظیم بشارت سُنی ہے؟ انھوں نے کہا: میری عبادت کا حال تو آپ دیکھ ہی چکے ہیں۔ البتہ ایک بات ہے جو شاید اس کی موجب بنی ہو، اور وہ یہ ہے کہ لا اجد فی نفسی غِلًّا لاحد من المسلمین، ولا احسدہ علی خیرٍ اعطاہ اللہ تعالیٰ ایّاہ۔ ”میں اپنے دل میں کسی مسلمان کے خلاف کَپَٹ نہیں رکھتا اور نہ کسی ایسی بھلائی پر جو اللہ نے اسے عطا کی ہو، اس سے حسد کرتا ہوں۔“

اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ کوئی مسلمان اگر کسی دوسرے مسلمان کے قول یا عمل میں کوئی غلطی پاتا ہو تو وہ اسے غلط نہ کہے۔ ایمان کا تقاضا یہ ہرگز نہیں ہے کہ مومن غَلَطی بھی کرے تو اس کو صحیح کہا جائے، یا اس کی غلط بات کو غلط نہ کہا جائے۔ لیکن کسی چیز کو دلیل کے ساتھ غلط کہنا اور شائستگی کے ساتھ اُسے بیان کر دینا اور چیز ہے، اور بغض و نفرت، مَذمّت و بدگوئی اور سَبّ وشَتم بالکل ہی ایک دوسری چیز۔ یہ حرکت زندہ معاصرین کے حق میں کی جائے تب بھی ایک بڑی بُرائی ہے، لیکن مرے ہوئے اسلاف کے حق میں اس کا ارتکاب تو اور زیادہ بڑی بُرائی ہے، کیونکہ وہ نفس ایک بہت ہی گندا نفس ہوگا جو مرنے والوں کو بھی معاف کرنے کے لیے تیار نہ ہو۔ اور ان سب سے بڑھ کر شدید بُرائی یہ ہے کہ کوئی شخص اُن لوگوں کے حق میں بدگوئی کرے، جنھوں نے انتہائی سخت آزمائشوں کے دَور میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رفاقت کا حق ادا کیا تھا اور اپنی جانیں لڑا کر دنیا میں اسلام کا وہ نور پھیلایا تھا جس کی بدولت آج ہمیں نعمتِ ایمان میسّر ہوئی ہے۔ اُن کے درمیان جو اختلافات رونما ہوئے، اُن میں اگر ایک شخص کسی فریق کو حق پر سمجھتا ہو اور دوسرے فریق کا مَوقِف اس کی رائے میں صحیح نہ ہو، تو وہ یہ رائے رکھ سکتا ہے اور اسے معقولیت کے حُدود میں بیان بھی کر سکتا ہے۔ مگر ایک فریق کی حمایت میں ایسا غُلُو کہ دوسرے فریق کے خلاف دل بغض و نفرت سے بھر جائے اور زبان و قلم سے بدگوئی کی تَراوِش ہونے لگے، ایک ایسی حرکت ہے جو کسی خدا ترس انسان سے سرزد نہیں ہو سکتی۔ قرآن کی صریح تعلیم کے خلاف یہ حرکت جو لوگ کرتے ہیں، وہ بالعموم اپنے اس فعل کے لیے یہ عذر بیان کرتے ہیں کہ قرآن مومنین کے خلاف بغض رکھنے سے منع کرتا ہے، اور ہم جن کے خلاف بغض رکھتے ہیں وہ مومن نہیں بلکہ

اَلَمۡ تَرَ اِلَى الَّذِيۡنَ نَافَقُوۡا يَقُوۡلُوۡنَ لِاِخۡوَانِهِمُ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا

تم[۲۲] نے دیکھا نہیں اُن لوگوں کو جنھوں نے منافقت کی رَوِش اختیار کی ہے؟ یہ اپنے کافر اہلِ کتاب

منافق تھے۔ لیکن یہ الزام اُس گناہ سے بھی بدتر ہے جس کی صفائی میں یہ بطورِ عذر پیش کیا جاتا ہے۔ قرآنِ مجید کی یہی آیات، جن کے سلسلۂ بیان میں اللہ تعالیٰ نے بعد کے آنے والے مسلمانوں کو اپنے سے پہلے گزرے ہوئے اہلِ ایمان سے بغض نہ رکھنے اور ان کے حق میں دعائے مغفرت کرنے کی تعلیم دی ہے، اُن کے اس اِلزام کی تردید کے لیے کافی ہیں۔ اِن آیات میں یکے بعد دیگرے تین گروہوں کو فَے کا حق دار قرار دیا گیا ہے۔ اوّل مہاجرین، دوسرے انصار، تیسرے اُن کے بعد آنے والے مسلمان۔ اور اِن بعد کے آنے والے مسلمانوں سے فرمایا گیا ہے کہ تم سے پہلے جن لوگوں نے ایمان لانے میں سبقت کی ہے، ان کے حق میں دعائے مغفرت کرو۔ ظاہر ہے کہ اس سِیاق وسَباق میں سابقین بالایمان سے مراد مہاجرین وانصار کے سوا اور کوئی نہیں ہوسکتا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے اِسی سورۂ حشر کی آیات ۱۱ تا ۱۷ میں یہ بھی بتا دیا ہے کہ منافق کون لوگ تھے۔ اِس سے یہ بات بالکل ہی کُھل جاتی ہے کہ منافق وہ تھے جنھوں نے غزوۂ بنی نضیر کے موقع پر یہودیوں کی پیٹھ ٹھونکی تھی، اور ان کے مقابلے میں مومن وہ تھے جو اس غزوے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ شامل تھے۔ اِس کے بعد کیا ایک مسلمان، جو خدا کا کچھ بھی خوف دل میں رکھتا ہو، یہ جسارت کرسکتا ہے کہ اُن لوگوں کے ایمان کا انکار کرے جن کے ایمان کی شہادت اللہ تعالیٰ نے خود دی ہے؟

امام مالکؒ اور امام احمدؒ نے اس آیت سے اِستدلال کرتے ہوئے یہ رائے ظاہر کی ہے کہ فَے میں اُن لوگوں کا کوئی حصّہ نہیں ہے جو صحابۂ کرامؓ کو بُرا کہتے ہیں۔ (احکام القرآن لابن العربی، غایۃ المُنتہیٰ) لیکن حَنفیّہ اور شافعیہ نے اس رائے سے اتفاق نہیں کیا ہے۔ اِس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تین گروہوں کو فَے میں حصّہ دار قرار دیتے ہوئے ہر ایک کے ایک نمایاں وصف کی تعریف فرمائی ہے، مگر ان میں سے کوئی تعریف بھی بطورِ شرط نہیں ہے کہ وہ شرط اس گروہ میں پائی جاتی ہو تو اسے حصّہ دیا جائے ورنہ نہیں۔ مہاجرین کے متعلق فرمایا کہ ”وہ اللہ کا فضل اور اس کی خوشنودی چاہتے ہیں اور اللہ اور اس کے رسولؐ کی حمایت کے لیے کمر بستہ رہتے ہیں۔“ اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ جس مہاجر میں یہ صفت نہ پائی جائے، وہ فَے میں سے حصّہ پانے کا حق دار نہیں ہے۔ انصار کے متعلق فرمایا کہ ”وہ مہاجرین سے مَحبّت کرتے ہیں اور جو کچھ بھی اُن کو دے دیا جائے، اس کے لیے اپنے دلوں میں کوئی طلب نہیں پاتے، خواہ وہ خود تنگ دست ہوں۔“ اس کا بھی یہ مطلب نہیں ہے کہ فَے میں کسی ایسے انصاری کا کوئی حق نہیں جو مہاجرین سے مَحبّت نہ رکھتا ہو اور جو کچھ اُن کو دیا جا رہا ہو، اسے خود حاصل کرنے کا خواہش مند ہو۔ لہٰذا تیسرے گروہ کا یہ وصف کہ ”اپنے سے پہلے ایمان لانے والوں کے حق میں وہ دعائے مغفرت کرتا ہے اور اللہ سے دعا مانگتا ہے کہ کسی مومن کے لیے اس کے دل میں بغض نہ ہو“، یہ بھی فَے میں حق دار ہونے کی شرط نہیں ہے بلکہ ایک اچھے وصف کی تعریف اور اس امر کی تلقین ہے کہ اہلِ ایمان کا رَوِیّہ دوسرے اہلِ ایمان کے ساتھ اور اپنے سے پہلے گزرے ہوئے مومنین کے معاملے میں کیا ہونا چاہیے۔

مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَىِٕنْ اُخْرِجْتُمْ لَنَخْرُجَنَّ مَعَكُمْ وَ لَا نُطِیْعُ
فِیْكُمْ اَحَدًا اَبَدًا ۙ وَّ اِنْ قُوْتِلْتُمْ لَنَنْصُرَنَّكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ یَشْهَدُ
اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۱۱﴾ لَىِٕنْ اُخْرِجُوْا لَا یَخْرُجُوْنَ مَعَهُمْ ۚ وَ لَىِٕنْ
قُوْتِلُوْا لَا یَنْصُرُوْنَهُمْ ۚ وَ لَىِٕنْ نَّصَرُوْهُمْ لَیُوَلُّنَّ الْاَدْبَارَ ۫ ثُمَّ لَا
یُنْصَرُوْنَ ﴿۱۲﴾ لَاَنْتُمْ اَشَدُّ رَهْبَةً فِیْ صُدُوْرِهِمْ مِّنَ اللّٰهِ ؕ

---

بھائیوں سے کہتے ہیں: ”اگر تمھیں نکالا گیا تو ہم تمھارے ساتھ نکلیں گے، اور تمھارے معاملے میں ہم کسی کی بات ہرگز نہ مانیں گے، اور اگر تم سے جنگ کی گئی تو ہم تمھاری مدد کریں گے۔“ مگر اللہ گواہ ہے کہ یہ لوگ قطعی جھوٹے ہیں۔ اگر وہ نکالے گئے تو یہ ان کے ساتھ ہرگز نہ نکلیں گے، اور اگر اُن سے جنگ کی گئی تو یہ اُن کی ہرگز مدد نہ کریں گے، اور اگر یہ ان کی مدد کریں بھی تو پیٹھ پھیر جائیں گے اور پھر کہیں سے کوئی مدد نہ پائیں گے۔ اِن کے دلوں میں اللہ سے بڑھ کر تمھارا خوف ہے،[۲۳]

---

**۲۲-** اس پُورے رُکوع کے اندازِ بیان سے یہ بات مُترشّح ہوتی ہے کہ یہ اُس زمانے میں نازل ہوا تھا جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بنی نَضِیر کو مدینے سے نکل جانے کے لیے دس دن کا نوٹس دیا تھا اور اُن کا محاصرہ شروع ہونے میں کئی دن باقی تھے۔ جیسا کہ ہم اس سے پہلے بیان کر چکے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب بنی نَضِیر کو یہ نوٹس دیا تو عبداللہ بن اُبَیّ اور مدینے کے دوسرے منافق لیڈروں نے اُن کو یہ کہلا بھیجا کہ ہم دو ہزار آدمیوں کے ساتھ تمھاری مدد کو آئیں گے، اور بنی قُرَیظَہ اور بنی غَطَفان بھی تمھاری حمایت میں اُٹھ کھڑے ہوں گے، لہٰذا تم مسلمانوں کے مقابلے میں ڈٹ جاؤ اور ہرگز ان کے آگے ہتھیار نہ ڈالو۔ یہ تم سے لڑیں گے تو ہم تمھارے ساتھ لڑیں گے، اور تم یہاں سے نکالے گئے تو ہم بھی نکل جائیں گے۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیات نازل فرمائیں۔ پس ترتیبِ نُزول کے اعتبار سے یہ رُکوع پہلے کا نازل شُدہ ہے اور پہلا رُکوع اس کے بعد نازل ہوا ہے جب بنی نَضِیر مدینے سے نکالے جا چکے تھے۔ لیکن قرآنِ مجید کی ترتیب میں پہلے رکوع کو مقدّم اور دوسرے کو مؤخر اس لیے کیا گیا ہے کہ اہم تر مضمون پہلے رکوع ہی میں بیان ہوا ہے۔

**۲۳-** یعنی ان کے کھل کر میدان میں نہ آنے کی وجہ یہ نہیں ہے کہ یہ مسلمان ہیں، ان کے دل میں خدا کا خوف ہے اور اس بات کا کوئی اندیشہ انھیں لاحق ہے کہ ایمان کا دعویٰ کرنے کے باوجود جب یہ اہلِ ایمان کے مقابلے میں کافروں

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ﴿۱۳﴾ لَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ جَمِيْعًا اِلَّا فِيْ قُرًى
مُّحَصَّنَةٍ اَوْ مِنْ وَّرَآءِ جُدُرٍ ؕ بَاْسُهُمْ بَيْنَهُمْ شَدِيْدٌ ؕ تَحْسَبُهُمْ جَمِيْعًا
وَّ قُلُوْبُهُمْ شَتّٰى ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُوْنَ ﴿ۚ۱۴﴾ كَمَثَلِ الَّذِيْنَ

اس لیے کہ یہ ایسے لوگ ہیں جو سمجھ بُوجھ نہیں رکھتے۔[۲۴] یہ کبھی اکٹھے ہو کر (کھلے میدان میں) تمھارا مقابلہ نہ کریں گے، لڑیں گے بھی تو قلعہ بند بستیوں میں بیٹھ کر، یا دیواروں کے پیچھے چھُپ کر۔ یہ آپس کی مخالفت میں بڑے سخت ہیں۔ تم اِنھیں اکٹھا سمجھتے ہو مگر ان کے دل ایک دُوسرے سے پھٹے ہوئے ہیں۔[۲۵] اِن کا یہ حال اِس لیے ہے کہ یہ بے عقل لوگ ہیں۔ یہ اُنھی لوگوں کے مانند

کی حمایت کریں گے تو خدا کے ہاں اس کی باز پُرس ہو گی۔ بلکہ انھیں جو چیز تمھارا سامنا کرنے سے روکتی ہے، وہ یہ ہے کہ اسلام اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے تمھاری محبّت اور جانبازی اور فدا کاری کو دیکھ کر اور تمھاری صفوں میں زبردست اتحاد دیکھ کر اِن کے دل بیٹھ جاتے ہیں۔ یہ اچھی طرح جانتے ہیں کہ تم اگرچہ مٹھی بھر لوگ ہو، مگر جس جذبۂ شہادت نے تمھارے ایک ایک شخص کو سرفروش مجاہد بنا رکھا ہے اور جس تنظیم کی بدولت تم ایک فولادی جتھا بن گئے ہو، اُس سے ٹکرا کر یہودیوں کے ساتھ یہ بھی پاش پاش ہو جائیں گے۔ اِس مقام پر یہ بات نگاہ میں رہنی چاہیے کہ اگر کسی کے دل میں خدا سے بڑھ کر کسی اور کا خوف ہو تو یہ دراصل خوفِ خدا کی نفی ہے۔ ظاہر بات ہے کہ جو شخص دو خطروں میں سے ایک کو کم تر اور دوسرے کو شدید تر سمجھتا ہو، وہ پہلے خطرے کی پروا نہیں کرتا اور اسے تمام تر فکر صرف دوسرے خطرے سے بچنے ہی کی ہوتی ہے۔

۲۴۔ اِس چھوٹے سے فقرے میں ایک بڑی حقیقت بیان کی گئی ہے۔ جو شخص سمجھ بُوجھ رکھتا ہو، وہ تو یہ جانتا ہے کہ اصل میں ڈرنے کے قابل خدا کی طاقت ہے نہ کہ انسانوں کی طاقت۔ اس لیے وہ ہر ایسے کام سے بچے گا جس پر اسے خدا کے مواخذے کا خطرہ ہو، قطعِ نظر اِس سے کہ کوئی انسانی طاقت مواخذہ کرنے والی ہو یا نہ ہو، اور ہر وہ فریضہ انجام دینے کے لیے اُٹھ کھڑا ہو گا جو خدا نے اس پر عائد کیا ہو، خواہ ساری دنیا کی طاقتیں اس میں مانع و مزاحم ہوں۔ لیکن ایک ناسمجھ آدمی کے لیے چونکہ خدا کی طاقت غیر محسوس اور انسانی طاقتیں محسوس ہوتی ہیں، اس لیے تمام معاملات میں وہ اپنے طرزِ عمل کا فیصلہ خدا کے بجائے انسانی طاقتوں کے لحاظ سے کرتا ہے۔ کسی چیز سے بچے گا تو اس لیے نہیں کہ خدا کے ہاں اس کی پکڑ ہونے والی ہے، بلکہ اس لیے کہ سامنے کوئی انسانی طاقت اس کی خبر لینے کے لیے موجود ہے۔ اور کسی کام کو کرے گا تو وہ بھی اس بنا پر نہیں کہ خدا نے اس کا حکم دیا ہے، یا اُس پر وہ خدا کے

مِنْ قَبْلِهِمْ قَرِيبًا ذَاقُوا وَبَالَ أَمْرِهِمْ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ
أَلِيمٌ ۚ ⑮ كَمَثَلِ الشَّيْطٰنِ إِذْ قَالَ لِلْإِنْسَانِ اكْفُرْ ۚ فَلَمَّا كَفَرَ قَالَ
إِنِّي بَرِيءٌ مِّنْكَ إِنِّي أَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِينَ ⑯

ہیں جو اِن سے تھوڑی ہی مدّت پہلے اپنے کیے کا مزا چکھ چکے ہیں[۲۶] اور اِن کے لیے دردناک عذاب ہے۔ اِن کی مثال شیطان کی سی ہے کہ پہلے وہ انسان سے کہتا ہے کہ کفر کر، اور جب انسان کفر کر بیٹھتا ہے تو وہ کہتا ہے کہ میں تجھ سے بَرِیُ الذِّمّہ ہوں، مجھے تو اللہ رب العالمین سے ڈر لگتا ہے۔[۲۷]

اجر کا امیدوار ہے، بلکہ صرف اس بنا پر کہ کوئی انسانی طاقت اس کا حکم دینے والی یا اس کو پسند کرنے والی ہے اور وہ اس کا اجر دے گی۔ یہی سمجھ اور ناسمجھی کا فرق دراصل مومن اور غیر مومن کی سیرت و کردار کو ایک دوسرے سے مُمیّز کرتا ہے۔

**۲۵** – یہ منافقین کی دوسری کمزوری کا بیان ہے۔ پہلی کمزوری یہ تھی کہ وہ بزدل تھے، خدا سے ڈرنے کے بجائے انسانوں سے ڈرتے تھے اور اہلِ ایمان کی طرح کوئی بلند تر نصب العین ان کے سامنے نہ تھا جس کے لیے سردھڑ کی بازی لگادینے کا جذبہ ان کے اندر پیدا ہوتا۔ اور دوسری کمزوری یہ تھی کہ منافقت کے سوا کوئی قدرِ مشترک ان کے درمیان نہ تھی جو ان کو ملا کر ایک مضبوط جتھا بنا دیتی۔ ان کو جس چیز نے جمع کیا تھا، وہ صرف یہ تھی کہ اپنے شہر میں باہر کے آئے ہوئے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشوائی و فرمانروائی چلتے دیکھ کر ان سب کے دل جل رہے تھے، اور اپنے ہی ہم وطن انصاریوں کو مہاجرین کی پذیرائی کرتے دیکھ کر ان کے سینوں پر سانپ لوٹتے تھے۔ اِس حسد کی بنا پر وہ چاہتے تھے کہ سب مل جُل کر اور آس پاس کے دشمنانِ اسلام سے ساز باز کر کے اِس بیرونی اثر و اقتدار کو کسی طرح ختم کر دیں۔ لیکن اس منفی مقصد کے سوا کوئی مثبت چیز اُن کو ملانے والی نہ تھی۔ ان میں سے ہر ایک سردار کا جتھا الگ تھا۔ ہر ایک اپنی چودھراہٹ چاہتا تھا۔ کوئی کسی کا مخلص دوست نہ تھا۔ بلکہ ہر ایک کے دل میں دوسرے کے لیے اِتنا بغض و حسد تھا کہ جسے وہ اپنا مشترک دشمن سمجھتے تھے، اُس کے مقابلے میں بھی وہ نہ آپس کی دشمنیاں بھول سکتے تھے، نہ ایک دوسرے کی جڑ کاٹنے سے باز رہ سکتے تھے۔

اس طرح اللہ تعالیٰ نے غزوۂ بنی نَضِیر سے پہلے ہی منافقین کی اندرونی حالت کا تجزیہ کر کے مسلمانوں کو بتا دیا کہ اِن کی طرف سے فی الحقیقت کوئی خطرہ نہیں ہے، لہٰذا تمھیں یہ خبریں سُن سُن کر گھبرانے کی کوئی ضرورت نہیں کہ جب تم بنی نَضِیر کا محاصرہ کرنے کے لیے نکلو گے تو یہ منافق سردار دو ہزار کا لشکر لے کر پیچھے سے تم پر حملہ کر دیں گے

فَكَانَ عَاقِبَتَهُمَآ اَنَّهُمَا فِي النَّارِ خَالِدَيْنِ فِيْهَا ؕ وَ ذٰلِكَ جَزٰٓؤُا
الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۷﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا
قَدَّمَتْ لِغَدٍ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸﴾

ع ۳ / ۵

پھر دونوں کا انجام یہ ہونا ہے کہ ہمیشہ کے لیے جہنّم میں جائیں، اور ظالموں کی یہی جزا ہے۔ ع

اَے[۲۸] لوگو جو ایمان لائے ہو، اللہ سے ڈرو، اور ہر شخص یہ دیکھے کہ اُس نے کل کے لیے کیا سامان کیا ہے۔[۲۹] اللہ سے ڈرتے رہو، اللہ یقیناً تمھارے اُن سب اعمال سے باخبر ہے جو تم کرتے ہو۔

اور ساتھ ساتھ بنی قُرَیظَہ اور بنی غَطفان کو بھی تم پر چڑھا لائیں گے۔ یہ سب محض لاف زنیاں ہیں جن کی ہوا آزمائش کی پہلی ساعت آتے ہی نکل جائے گی۔

۲۶ - اشارہ ہے کفّارِ قریش اور یہود بنی قَینُقَاع کی طرف، جو اپنی کثرتِ تعداد اور اپنے سروسامان کے باوجود اِنھی کمزوریوں کے باعث مسلمانوں کی مٹھی بھر بے سروسامان جماعت سے شکست کھا چکے تھے۔

۲۷ - یعنی یہ منافقین بنی نَضِیر کے ساتھ وہی معاملہ کر رہے ہیں جو شیطان انسان کے ساتھ کرتا ہے۔ آج یہ اُن سے کہہ رہے ہیں کہ تم مسلمانوں سے لڑ جاؤ اور ہم تمھارا ساتھ دیں گے۔ مگر جب وہ واقعی لڑ جائیں گے تو یہ دامن جھاڑ کر اپنے سارے وعدوں سے بری الذّمہ ہو جائیں گے اور پلٹ کر بھی نہ دیکھیں گے کہ ان پر کیا گزری ہے۔ ایسا ہی معاملہ شیطان ہر کافر سے کرتا ہے، اور ایسا ہی معاملہ اُس نے کفّارِ قریش کے ساتھ جنگِ بدر میں کیا تھا، جس کا ذکر سورۂ اَنفال، آیت ۴۸ میں آیا ہے۔ پہلے تو وہ اُن کو بڑھاوے چڑھاوے دے کر بدر میں مسلمانوں کے مقابلے پر لے آیا اور اُس نے اُن سے کہا کہ لَا غَالِبَ لَكُمُ الْيَوْمَ مِنَ النَّاسِ وَاِنِّيْ جَارٌ لَّكُمْ (آج کوئی تم پر غالب آنے والا نہیں ہے اور میں تمھاری پُشت پر ہوں)، مگر جب دونوں فوجوں کا آمنا سامنا ہوا تو وہ اُلٹا پھر گیا اور کہنے لگا کہ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّنْكُمْ اِنِّيْٓ اَرٰى مَا لَا تَرَوْنَ اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ (میں تم سے بَری الذّمہ ہوں، مجھے وہ کچھ نظر آ رہا ہے جو تمھیں نظر نہیں آتا، مجھے تو اللہ سے ڈر لگتا ہے۔)

۲۸ - قرآنِ مجید کا قاعدہ ہے کہ جب کبھی منافق مسلمانوں کے نِفاق پر گرفت کی جاتی ہے تو ساتھ ساتھ اُنھیں نصیحت بھی کی جاتی ہے، تاکہ ان میں سے جس کے اندر بھی ابھی کچھ ضمیر کی زندگی باقی ہے، وہ اپنی اِس رَوِش پر نادم ہو اور خدا سے ڈر کر اُس گڑھے سے نکلنے کی فکر کرے جس میں نفس کی بندگی نے اسے گرا دیا ہے۔ یہ پُورا رُکوع اسی نصیحت پر مشتمل ہے۔

۲۹ - کل سے مراد آخرت ہے۔ گویا دنیا کی یہ پُوری زندگی ''آج'' ہے اور ''کل'' وہ یومِ قیامت ہے جو اِس

وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ نَسُوا اللّٰهَ فَأَنْسٰهُمْ أَنْفُسَهُمْ ۭ أُولٰٓئِكَ هُمُ
الْفٰسِقُونَ ۝١٩ لَا يَسْتَوِيٓ أَصْحٰبُ النَّارِ وَأَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۭ
أَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمُ الْفَآئِزُونَ ۝٢٠ لَوْ أَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ
عَلٰى جَبَلٍ لَّرَأَيْتَهٗ خٰشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ۭ

---

اُن لوگوں کی طرح نہ ہو جاوٴ جو اللہ کو بُھول گئے تو اللہ نے اُنھیں خود اپنا نفس بُھلا دیا، [30] یہی لوگ فاسق ہیں۔ دوزخ میں جانے والے اور جنّت میں جانے والے کبھی یکساں نہیں ہو سکتے۔ جنّت میں جانے والے ہی اصل میں کامیاب ہیں۔

اگر ہم نے یہ قرآن کسی پہاڑ پر بھی اُتار دیا ہوتا تو تم دیکھتے کہ وہ اللہ کے خوف سے دبا جا رہا ہے اور پھٹا پڑتا ہے۔ [31]

---

آج کے بعد آنے والا ہے۔ یہ اندازِ بیان اختیار کر کے اللہ تعالیٰ نے نہایت حکیمانہ طریقے سے انسان کو یہ سمجھایا ہے کہ جس طرح دنیا میں وہ شخص سخت نادان ہے جو آج کے لُطف و لذّت پر اپنا سب کچھ لُٹا بیٹھتا ہے اور نہیں سوچتا کہ کل اُس کے پاس کھانے کو روٹی اور سر چھپانے کو جگہ بھی باقی رہے گی یا نہیں، اسی طرح وہ شخص بھی اپنے پاوٴں پر خود کلھاڑی مار رہا ہے جو اپنی دنیا بنانے کی فکر میں ایسا منہمک ہے کہ اپنی آخرت سے بالکل غافل ہو چکا ہے، حالانکہ آخرت ٹھیک اُسی طرح آنی ہے جس طرح آج کے بعد کل آنے والا ہے، اور وہاں وہ کچھ نہیں پا سکتا اگر دنیا کی موجودہ زندگی میں اُس کے لیے کوئی پیشگی سامان فراہم نہیں کرتا۔ اِس کے ساتھ دوسرا حکیمانہ نکتہ یہ ہے کہ اس آیت میں ہر شخص کو آپ ہی اپنا محتسب بنایا گیا ہے۔ جب تک کسی شخص میں خود اپنے بُرے اور بھلے کی تمیز پیدا نہ ہو جائے، اس کو سرے سے یہ احساس ہی نہیں ہو سکتا کہ جو کچھ وہ کر رہا ہے، وہ آخرت میں اس کے مستقبل کو سنوارنے والا ہے یا بگاڑنے والا۔ اور جب اس کے اندر یہ حس بیدار ہو جائے تو اسے خود ہی اپنا حساب لگا کر یہ دیکھنا ہو گا کہ وہ اپنے وقت، اپنے سرمایے، اپنی محنت، اپنی قابلیتوں اور اپنی کوششوں کو جس راہ میں صَرف کر رہا ہے، وہ اسے جنّت کی طرف لے جا رہی ہے یا جہنّم کی طرف۔ یہ دیکھنا اس کے اپنے ہی مفاد کا تقاضا ہے، نہ دیکھے گا تو آپ ہی اپنا مستقبل خراب کرے گا۔

۳۰- یعنی خدا فراموشی کا لازمی نتیجہ خود فراموشی ہے۔ جب آدمی یہ بھول جاتا ہے کہ وہ کسی کا بندہ ہے تو لازماً وہ دنیا میں اپنی ایک غلط حیثیت متعین کر بیٹھتا ہے اور اُس کی ساری زندگی اِسی بنیادی غلط فہمی کے باعث غلط ہو کر رہ جاتی ہے۔ اِسی طرح جب وہ یہ بھول جاتا ہے کہ وہ ایک خدا کے سوا کسی کا بندہ نہیں ہے تو وہ اُس ایک کی بندگی تو نہیں کرتا جس کا وہ درحقیقت بندہ ہے، اور اُن بہت سوں کی بندگی کرتا رہتا ہے جن کا وہ فی الواقع بندہ نہیں ہے۔

وَ تِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿٢١﴾ هُوَ
اللّٰهُ الَّذِیْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَ الشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ

یہ مثالیں ہم لوگوں کے سامنے اس لیے بیان کرتے ہیں کہ وہ (اپنی حالت پر) غور کریں۔
وہ اللہ[۳۲] ہی ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں[۳۳]، غائب اور ظاہر ہر چیز کا جاننے[۳۴] والا، وہی رحمٰن

یہ پھر ایک عظیم اور ہمہ گیر غلط فہمی ہے جو اُس کی ساری زندگی کو غلط کر کے رکھ دیتی ہے۔ انسان کا اصل مقام دنیا میں یہ ہے کہ وہ بندہ ہے، آزاد و خود مختار نہیں ہے۔ اور صرف ایک خدا کا بندہ ہے، اُس کے سوا کسی اور کا بندہ نہیں ہے۔ جو شخص اِس بات کو نہیں جانتا، وہ حقیقت میں خود اپنے آپ کو نہیں جانتا۔ اور جو شخص اِس کو جاننے کے باوجود کسی لمحے بھی اِسے فراموش کر بیٹھتا ہے، اُسی لمحے کوئی ایسی حرکت اُس سے سرزد ہو سکتی ہے جو کسی منکر یا مُشرک، یعنی خود فراموش انسان ہی کے کرنے کی ہوتی ہے۔ صحیح راستے پر انسان کے ثابت قدم رہنے کا پُورا انحصار اس بات پر ہے کہ اسے خدا یاد رہے۔ اس سے غافل ہوتے ہی وہ اپنے آپ سے غافل ہو جاتا ہے، اور یہی غفلت اسے فاسق بنا دیتی ہے۔

**۳۱**۔ اس تمثیل کا مطلب یہ ہے کہ قرآن جس طرح خدا کی کبریائی اور اس کے حُضور بندے کی ذمہ داری و جواب دِہی کو صاف صاف بیان کر رہا ہے، اُس کا فہم اگر پہاڑ جیسی عظیم مخلوق کو بھی نصیب ہوتا اور اسے معلوم ہو جاتا کہ اس کو کس ربِّ قدیر کے سامنے اپنے اعمال کی جواب دِہی کرنی ہے تو وہ بھی خوف سے کانپ اُٹھتا۔ لیکن حیرت کے لائق ہے اُس انسان کی بے حسی اور بے فکری جو قرآن کو سمجھتا ہے اور اس کے ذریعے سے حقیقتِ حال جان چکا ہے اور پھر بھی اس پر نہ کوئی خوف طاری ہوتا ہے، نہ کبھی اسے یہ فکر لاحق ہوتی ہے کہ جو ذمہ داریاں اس پر ڈالی گئی ہیں، ان کے بارے میں وہ اپنے خدا کو کیا جواب دے گا۔ بلکہ قرآن کو سُن کر یا پڑھ کر وہ اِس طرح غیر متاثّر رہتا ہے کہ گویا وہ ایک بے جان و بے شُعور پتھر ہے، جس کا کام سننا اور دیکھنا اور سمجھنا ہے ہی نہیں۔ (مزید تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد چہارم، الاحزاب، حاشیہ ۱۲۰)

**۳۲**۔ ان آیات میں یہ بتایا گیا ہے کہ وہ خدا جس کی طرف سے یہ قرآن تمھاری طرف بھیجا گیا ہے، جس نے یہ ذمہ داریاں تم پر ڈالی ہیں، اور جس کے حُضور بالآخر تمھیں جواب دِہ ہونا ہے، وہ کیسا خدا ہے اور کیا اس کی صفات ہیں۔ اُوپر کے مضمون کے بعد متصلاً صفاتِ الٰہی کا یہ بیان خود بخود انسان کے اندر یہ احساس پیدا کرتا ہے کہ اُس کا سابقہ کسی معمولی ہستی سے نہیں ہے بلکہ اُس عظیم و جلیل ہستی سے ہے جس کی یہ اور یہ صفات ہیں۔ اس مقام پر یہ بات بھی جان لینی چاہیے کہ قرآنِ مجید میں اگرچہ جگہ جگہ اللہ تعالیٰ کی صفات بے نظیر طریقے سے بیان کی گئی ہیں جن سے ذاتِ الٰہی کا نہایت واضح تصور حاصل ہوتا ہے، لیکن دو مقامات ایسے ہیں جن میں صفاتِ باری تعالیٰ کا جامع ترین بیان پایا

الرَّحِيْمُ ﴿۲۲﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ

اور رحیم ہے[35]۔ وہ اللہ ہی ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہ بادشاہ[36] ہے نہایت مقدس[37]،

جاتا ہے۔ایک، سورۂ بقرہ میں آیت الکرسی (آیت ۲۵۵)۔دوسرے، سورۂ حشر کی یہ آیات۔

۳۳۔ یعنی جس کے سوا کسی کی یہ حیثیت اور مقام اور مرتبہ نہیں ہے کہ اس کی بندگی و پرستش کی جائے۔ جس کے سوا کوئی خدائی کی صفات و اختیارات رکھتا ہی نہیں کہ اسے معبود ہونے کا حق پہنچتا ہو۔

۳۴۔ یعنی جو کچھ مخلوقات سے پوشیدہ ہے اس کو بھی وہ جانتا ہے، اور جو کچھ ان پر ظاہر ہے اس سے بھی وہ واقف ہے۔اُس کے علم سے اِس کائنات میں کوئی شے بھی پوشیدہ نہیں۔ ماضی میں جو کچھ گزر چکا ہے، حال میں جو کچھ موجود ہے، اور مستقبل میں جو کچھ ہوگا، ہر چیز اُس کو براہِ راست معلوم ہے۔ کسی ذریعۂ علم کا وہ محتاج نہیں ہے۔

۳۵۔ یعنی وہی ایک ہستی ایسی ہے جس کی رحمت بے پایاں ہے، تمام کائنات پر وسیع ہے، اور کائنات کی ہر چیز کو اس کا فیض پہنچتا ہے۔ سارے جہان میں کوئی دوسرا اِس ہمہ گیر اور غیر محدود رحمت کا حامل نہیں ہے۔ دوسری جس ہستی میں بھی صفتِ رحم پائی جاتی ہے، اس کی رحمت جُزوی اور محدود ہے، اور وہ بھی اُس کی ذاتی صفت نہیں ہے، بلکہ خالق نے کسی مَصلحت اور ضرورت کی خاطر اسے عطا کی ہے۔ جس مخلوق کے اندر بھی اس نے کسی دوسری مخلوق کے لیے جذبۂ رحم پیدا کیا ہے، اس لیے پیدا کیا ہے کہ ایک مخلوق کو وہ دوسری مخلوق کی پرورش اور خوش حالی کا ذریعہ بنانا چاہتا ہے۔ یہ بجائے خود اُسی کی رحمتِ بے پایاں کی دلیل ہے۔

۳۶۔ اصل میں لفظ اَلْمَلِكُ استعمال ہوا ہے، جس کا مطلب یہ ہے کہ اصل بادشاہ وہی ہے۔ نیز مطلقاً اَلْمَلِكُ کا لفظ استعمال کرنے سے یہ مفہوم بھی نکلتا ہے کہ وہ کسی خاص علاقے یا مخصوص مملکت کا نہیں بلکہ سارے جہان کا بادشاہ ہے۔ پُوری کائنات پر اس کی سلطانی و فرمانروائی محیط ہے۔ ہر چیز کا وہ مالک ہے۔ ہر شے اس کے تصرّف اور اقتدار اور حکم کی تابع ہے۔ اور اس کی حاکمیت (sovereignty) کو محدود کرنے والی کوئی شے نہیں ہے۔ قرآنِ مجید میں مختلف مقامات پر اللہ تعالیٰ کی بادشاہی کے اِن سارے پہلوؤں کو پُوری وضاحت کے ساتھ بیان کیا گیا ہے:

| | |
|---|---|
| وَلَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ ﴿ (الروم:۲۶) | زمین اور آسمانوں میں جو بھی ہیں، اس کے مملوک ہیں، سب اس کے تابعِ فرمان ہیں۔ |
| يُدَبِّرُ الْاَمْرَ مِنَ السَّمَاۗءِ اِلَى الْاَرْضِ (السجدہ:۵) | آسمان سے زمین تک وہی ہر کام کی تدبیر کرتا ہے۔ |
| لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿ (الحدید:۵) | زمین اور آسمانوں کی بادشاہی اسی کی ہے، اور اللہ ہی کی طرف سارے معاملات رُجوع کیے جاتے ہیں۔ |

| | |
|---|---|
| وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ (الفرقان:۲) | بادشاہی میں کوئی اس کا شریک نہیں ہے۔ |
| بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ (یٰسین:۸۳) | ہر چیز کی سلطانی وفرماں روائی اسی کے ہاتھ میں ہے۔ |
| فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ (البروج:۱۶) | جس چیز کا ارادہ کرے، اُسے کر گزرنے والا۔ |
| لَا يُسْـَٔلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْـَٔلُوْنَ (الانبیاء:۲۳) | جو کچھ وہ کرے، اس پر وہ کسی کے سامنے جواب دہ نہیں ہے، اور سب جواب دہ ہیں۔ |
| وَاللّٰهُ يَحْكُمُ لَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهٖ (الرعد:۴۱) | اور اللہ فیصلہ کرتا ہے، کوئی اس کے فیصلے پر نظرِ ثانی کرنے والا نہیں ہے۔ |
| وَهُوَ يُجِيْرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ (المومنون:۸۸) | اور وہ پناہ دیتا ہے اور کوئی اس کے مقابلے میں پناہ نہیں دے سکتا۔ |
| قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (آلِ عمران:۲۶) | کہو: خدایا! مُلک کے مالک! تو جس کو چاہتا ہے ملک دیتا ہے، اور جس سے چاہتا ہے مُلک چھین لیتا ہے۔ جسے چاہتا ہے عزت دیتا ہے، اور جسے چاہتا ہے ذلیل کر دیتا ہے۔ بھلائی تیرے ہی ہاتھ میں ہے۔ یقیناً تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔ |

ان توضیحات سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی بادشاہی حاکمیت کے کسی محدود یا مجازی مفہوم میں نہیں بلکہ اُس کے پُورے مفہوم میں، اس کے مکمل تصور کے لحاظ سے حقیقی بادشاہی ہے۔ بلکہ درحقیقت حاکمیت جس چیز کا نام ہے، وہ اگر کہیں پائی جاتی ہے تو صرف اللہ تعالیٰ کی بادشاہی میں ہی پائی جاتی ہے۔ اس کے سوا اور جہاں بھی اس کے ہونے کا دعویٰ کیا جاتا ہے، خواہ وہ کسی بادشاہ یا ڈکٹیٹر کی ذات ہو، یا کوئی طبقہ یا گروہ یا خاندان ہو، یا کوئی قوم ہو، اسے فی الواقع کوئی حاکمیت حاصل نہیں ہے، کیونکہ حاکمیت سرے سے اُس حکومت کو کہتے ہی نہیں ہیں جو کسی کا عطیہ ہو، جو کبھی ملتی ہو اور کبھی سلب ہو جاتی ہو، جسے کسی دوسری طاقت سے خطرہ لاحق ہو سکتا ہو، جس کا قیام و بقا عارضی و وقتی ہو، اور جس کے دائرۂ اقتدار کو بہت سی دوسری متصادم قوتیں محدود کرتی ہوں۔

لیکن قرآنِ مجید صرف یہ کہنے پر اکتفا نہیں کرتا کہ اللہ تعالیٰ کائنات کا بادشاہ ہے، بلکہ بعد کے فقروں میں یہ تصریح کرتا ہے کہ وہ ایسا بادشاہ ہے جو قُدُّوس ہے، سلام ہے، مومن ہے، مُہَیمِن ہے، عزیز ہے، جبّار ہے، مُتکبِّر ہے، خالق ہے، باری ہے، اور مصوِّر ہے۔

۳۷۔ اصل میں لفظ قُدُّوس استعمال ہوا ہے جو مبالغے کا صیغہ ہے۔ اس کا مادّہ قدس ہے۔ قدس کے معنیٰ ہیں: تمام بُری صفات سے پاکیزہ اور مُنزّہ ہونا۔ اور قُدُّوس کا مطلب یہ ہے کہ وہ اس سے بدرجہا بالا و برتر ہے کہ اس کی ذات میں کوئی عیب، یا نقص، یا کوئی قبیح صفت پائی جائے۔ بلکہ وہ ایک پاکیزہ ترین ہستی ہے جس کے بارے میں

السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ۭ

سراسر سلامتی،[38] امن دینے والا،[39] نگہبان،[40] سب پر غالب،[41] اپنا حکم بزور نافذ کرنے والا،[42] اور بڑا ہی ہو کر رہنے والا۔[43]

کسی بُرائی کا تصوّر تک نہیں کیا جا سکتا۔ اس مقام پر یہ بات اچھی طرح سمجھ لینی چاہیے کہ قُدُّوسیّت درحقیقت حاکمیّت کے اوّلین لوازم میں سے ہے۔ انسان کی عقل اور فطرت یہ ماننے سے انکار کرتی ہے کہ حاکمیّت کی حامل کوئی ایسی ہستی ہو جو شریر اور بدخُلق اور بدنیّت ہو۔ جس میں قبیح صفات پائی جاتی ہوں۔ جس کے اقتدار سے اس کے محکوموں کو بھلائی نصیب ہونے کے بجائے بُرائی کا خطرہ لاحق ہو۔ اِسی بنا پر انسان جہاں بھی حاکمیّت کو مرکوزِ قرار دیتا ہے، وہاں قدوسیّت نہیں بھی ہوتی تو اسے موجود فرض کر لیتا ہے، کیونکہ قدوسیّت کے بغیر اقتدارِ مُطلَق ناقابلِ تصور ہے۔ لیکن یہ ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا درحقیقت کوئی مقتدرِ اعلیٰ بھی قدوس نہیں ہے اور نہیں ہو سکتا۔ شخصی بادشاہی ہو، یا جُمہور کی حاکمیت، یا اشتراکی نظام کی فرماں روائی، یا انسانی حکومت کی کوئی دوسری صورت، بہرحال اس کے حق میں قدوسیّت کا تصوّر تک نہیں کیا جا سکتا۔

۳۸– اصل میں لفظ السَّلٰمُ استعمال ہوا ہے، جس کے معنیٰ ہیں سلامتی۔ کسی کو سلیم، یا سالم کہنے کے بجائے سلامتی کہنے سے خود بخود مبالغے کا مفہوم پیدا ہو جاتا ہے۔ مثلاً کسی کو حَسین کہنے کے بجائے حُسن کہا جائے تو اس کے معنیٰ یہ ہوں گے کہ وہ سراپا حُسن ہے۔ اللہ تعالیٰ کو السَّلٰمُ کہنے کا مطلب یہ ہے کہ وہ سراسر سلامتی ہے۔ اس کی ذات اِس سے بالاتر ہے کہ کوئی آفت، یا کمزوری، یا خامی اس کو لاحق ہو، یا کبھی اس کے کمال پر زوال آئے۔

۳۹– اصل میں لفظ الْمُؤْمِنُ استعمال ہوا ہے، جس کا مادّہ امن ہے۔ امن کے معنیٰ ہیں: خوف سے محفوظ ہونا۔ اور مؤمن وہ ہے جو دوسرے کو امن دے۔ اللہ تعالیٰ کو اس معنیٰ میں مؤمن کہا گیا ہے کہ وہ اپنی مخلوق کو امن دینے والا ہے۔ اس کی خلق اِس خوف سے بالکل محفوظ ہے کہ وہ کبھی اس پر ظلم کرے گا، یا اس کا حق مارے گا، یا اس کا اجر ضائع کرے گا، یا اس کے ساتھ اپنے کیے ہوئے وعدوں کی خلاف ورزی کرے گا۔ پھر چونکہ اس فاعل کا کوئی مفعول بیان نہیں کیا گیا ہے کہ وہ کس کو امن دینے والا ہے، بلکہ مطلقاً الْمُؤْمِنُ کہا گیا ہے، اس لیے اس سے یہ مفہوم آپ سے آپ نکلتا ہے کہ اس کا امن ساری کائنات اور اس کی ہر چیز کے لیے ہے۔

۴۰– اصل میں لفظ الْمُهَيْمِنُ استعمال ہوا ہے، جس کے تین معنیٰ ہیں: ایک، نگہبانی اور حفاظت کرنے والا۔ دوسرے، شاہد، جو دیکھ رہا ہو کہ کون کیا کرتا ہے۔ تیسرے، قائم بامورِ الخلق، یعنی جس نے لوگوں کی ضروریات اور حاجات پُوری کرنے کا ذمہ اُٹھا رکھا ہو۔ یہاں بھی چونکہ مطلقاً لفظ الْمُهَيْمِنُ استعمال کیا گیا ہے، اور اس فاعل کا کوئی مفعول بیان نہیں کیا گیا کہ وہ کس کا نگہبان و محافظ، کس کا شاہد، اور کس کی خبر گیری کی ذمہ داری اُٹھانے والا ہے، اس لیے اِس اطلاق سے خود بخود یہ مفہوم نکلتا ہے کہ وہ تمام مخلوقات کی نگہبانی و حفاظت کر رہا ہے، سب کے اعمال کو دیکھ رہا ہے، اور کائنات کی ہر مخلوق کی خبر گیری، اور پرورش، اور ضروریات کی فراہمی کا اس نے

سُبۡحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشۡرِكُوۡنَ ﴿۲۳﴾ هُوَ اللّٰهُ الۡخَالِقُ الۡبَارِئُ الۡمُصَوِّرُ
لَهُ الۡاَسۡمَآءُ الۡحُسۡنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ۚ
وَهُوَ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ ﴿۲۴﴾ ع

پاک ہے اللہ اُس شرک سے جو لوگ کر رہے ہیں۴۴۔ وہ اللہ ہی ہے جو تخلیق کا منصوبہ بنانے والا اور اس کو نافذ کرنے والا اور اس کے مطابق صورت گری کرنے والا ہے۴۵۔ اس کے لیے بہترین نام ہیں۴۶۔ ہر چیز جو آسمانوں اور زمین میں ہے اُس کی تسبیح کر رہی ہے۴۷، اور وہ زبردست اور حکیم ہے۴۸۔ ع

ذمّہ اُٹھا رکھا ہے۔

۴۱- اصل میں لفظ اَلْعَزِیْزُ استعمال ہوا ہے، جس سے مراد ہے ایسی زبردست ہستی جس کے مقابلے میں کوئی سر نہ اٹھا سکتا ہو، جس کے فیصلوں کی مزاحمت کرنا کسی کے بس میں نہ ہو، جس کے آگے سب بے بس اور بے زور ہوں۔

۴۲- اصل میں لفظ اَلْجَبَّارُ استعمال ہوا ہے، جس کا مادّہ جبر ہے۔ جبر کے معنی ہیں: کسی شے کو طاقت سے دُرست کرنا، کسی چیز کی بزور اصلاح کرنا۔ اگرچہ عربی زبان میں کبھی جبر محض اصلاح کے لیے بھی بولا جاتا ہے، اور کبھی صرف زبردستی کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے، لیکن اس کا حقیقی مفہوم اصلاح کے لیے طاقت کا استعمال ہے۔ پس اللہ تعالیٰ کو جبّار اس معنیٰ میں کہا گیا ہے کہ وہ اپنی کائنات کا نظم بزور دُرست رکھنے والا اور اپنے ارادے کو، جو سراسر حکمت پر مبنی ہے، جبراً نافذ کرنے والا ہے۔ علاوہ بریں لفظِ جبّار میں عظمت کا مفہوم بھی شامل ہے۔ عربی زبان میں کھجور کے اُس درخت کو جبّار کہتے ہیں جو اتنا بلند و بالا ہو کہ اس کے پھل توڑنا کسی کے لیے آسان نہ ہو۔ اسی طرح کوئی کام جو بڑا عظیم الشان ہو، عملِ جبّار کہلاتا ہے۔

۴۳- اصل میں لفظ اَلْمُتَكَبِّرُ استعمال ہوا ہے، جس کے دو مفہوم ہیں: ایک وہ جو فی الحقیقت بڑا نہ ہو مگر خواہ مخواہ بنے۔ دوسرے وہ جو حقیقت میں بڑا ہو اور بڑا ہی ہو کر رہے۔ انسان ہو یا شیطان، یا کوئی اور مخلوق، چونکہ بڑائی فی الواقع اس کے لیے نہیں ہے، اس لیے اُس کا اپنے آپ کو بڑا سمجھنا اور دوسروں پر اپنی بڑائی جتانا ایک جھوٹا اِدِّعا اور بدترین عیب ہے۔ اس کے برعکس، اللہ تعالیٰ حقیقت میں بڑا ہے اور بڑائی فی الواقع اسی کے لیے ہے، اور کائنات کی ہر چیز اس کے مقابلے میں حقیر و ذلیل ہے، اس لیے اس کا بڑا ہونا اور بڑا ہی ہو کر رہنا کوئی اِدِّعا اور تصنّع نہیں بلکہ ایک امرِ واقعی ہے، ایک بُری صفت نہیں بلکہ ایک خوبی ہے جو اس کے سوا کسی میں نہیں پائی جاتی۔

۴۴- یعنی اس کے اقتدار اور اختیارات اور صفات میں، یا اس کی ذات میں، جو لوگ بھی کسی مخلوق کو اس کا شریک قرار دے رہے ہیں، وہ درحقیقت ایک بہت بڑا جھوٹ بول رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اِس سے پاک ہے کہ کسی معنیٰ میں بھی کوئی اس کا شریک ہو۔

۴۵- یعنی پوری دنیا اور دنیا کی ہر چیز تخلیق کے ابتدائی منصوبے سے لے کر اپنی مخصوص صورت میں وجود پذیر ہونے تک بالکل اُسی کی ساختہ پرداختہ ہے۔ کوئی چیز بھی نہ خود وجود میں آئی ہے، نہ اتفاقاً پیدا ہوگئی ہے، نہ اس کی ساخت و پرداخت میں کسی دوسرے کا ذرہ برابر کوئی دخل ہے۔ یہاں اللہ تعالیٰ کے فعلِ تخلیق کو تین الگ مراتب میں بیان کیا گیا ہے جو یکے بعد دیگرے واقع ہوتے ہیں۔ پہلا مرتبہ خَلْق ہے، جس کے معنیٰ تقدیر یا منصوبہ سازی کے ہیں۔ اس کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی انجینیر ایک عمارت بنانے سے پہلے یہ ارادہ کرتا ہے کہ اسے ایسی اور ایسی عمارت فُلاں خاص مقصد کے لیے بنانی ہے، اور اپنے ذہن میں اس کا نقشہ (design) سوچتا ہے کہ اِس مقصد کے لیے زیرِ تجویز عمارت کی تفصیلی صورت اور مجموعی شکل یہ ہونی چاہیے۔ دوسرا مرتبہ ہے برء، جس کے اصل معنیٰ ہیں: جدا کرنا، چاک کرنا، پھاڑ کر الگ کرنا۔ خالق کے لیے باری کا لفظ اس معنیٰ میں استعمال کیا گیا ہے کہ وہ اپنے سوچے ہوئے نقشے کو نافذ کرتا اور اُس چیز کو، جس کا نقشہ اس نے سوچا ہے، عَدَم سے نکال کر وجود میں لاتا ہے۔ اس کی مثال ایسی ہے جیسے انجینیر نے عمارت کا جو نقشہ ذہن میں بنایا تھا، اس کے مطابق وہ ٹھیک ناپ تول کر کے زمین پر خط کشی کرتا ہے، پھر بنیادیں کھودتا ہے، دیواریں اُٹھاتا ہے اور تعمیر کے سارے عملی مراحل طے کرتا ہے۔ تیسرا مرتبہ تصویر ہے، جس کے معنیٰ ہیں: صورت بنانا، اور یہاں اس سے مراد ہے ایک شے کو اس کی آخری مکمل صورت میں بنا دینا۔ ان تینوں مراتب میں اللہ تعالیٰ کے کام اور انسانی کاموں کے درمیان سرے سے کوئی مشابہت نہیں ہے۔ انسان کا کوئی منصوبہ بھی ایسا نہیں ہے جو سابق نمونوں سے ماخوذ نہ ہو۔ مگر اللہ تعالیٰ کا ہر منصوبہ بے مثال اور اس کی اپنی ایجاد ہے۔ انسان جو کچھ بھی بناتا ہے، اللہ تعالیٰ کے پیدا کردہ مادّوں کو جوڑ جاڑ کر بناتا ہے۔ وہ کسی چیز کو عَدَم سے وجود میں نہیں لاتا، بلکہ جو کچھ موجود ہے اسے مختلف طریقوں سے ترکیب دیتا ہے۔ بخلاف اس کے اللہ تعالیٰ تمام اشیا کو عَدَم سے وجود میں لایا ہے اور وہ مادّہ بھی بجائے خود اس کا پیدا کردہ ہے جس سے اس نے یہ دنیا بنائی ہے۔ اسی طرح صورت گری کے معاملے میں بھی انسان مُوجِد نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی صورتوں کا نقّال اور بھونڈا نقّال ہے۔ اصل مُصَوِّر اللہ تعالیٰ ہے، جس نے ہر جنس، ہر نوع، اور ہر فرد کی صورت لاجواب بنائی ہے اور کبھی ایک صورت کی ہو بہو تکرار نہیں کی ہے۔

۴۶- ناموں سے مراد اسمائے صفات ہیں۔ اور اس کے لیے بہترین نام ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اس کے لیے وہ اسمائے صفات موزوں نہیں ہیں جن سے کسی نوعیت کے نقص کا اظہار ہوتا ہو، بلکہ اس کو اُن ناموں سے یاد کرنا چاہیے جو اُس کی صفاتِ کمالیہ کا اظہار کرتے ہوں۔ قرآنِ مجید میں جگہ جگہ اللہ تعالیٰ کے یہ اسمائے حُسنیٰ بیان کیے

گئے ہیں، اور حدیث میں اُس ذاتِ پاک کے ۹۹ نام گنائے گئے ہیں، جنھیں ترمذی اور ابنِ ماجہ نے حضرت ابو ہریرہؓ کی رِوایت سے بالتفصیل نقل کیا ہے۔ قرآن اور حدیث میں اگر آدمی ان اسما کو بغور پڑھے تو وہ بآسانی سمجھ سکتا ہے کہ دنیا کی کسی دوسری زبان میں اگر اللہ تعالیٰ کو یاد کرنا ہو تو کون سے الفاظ اس کے لیے موزوں ہوں گے۔

۴۷- یعنی زبانِ قال یا زبانِ حال سے یہ بیان کر رہی ہے کہ اس کا خالق ہر عیب اور نَقص اور کمزوری اور غَلَطی سے پاک ہے۔

۴۸- تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد پنجم، تفسیر سورۂ حدید، حاشیہ ۲۔

# تفہیم القرآن

## المُمتَحِنَہ

(۶۰)

# المُمتَحَنَۃ

**نام** اِس سورہ کی آیت ۱۰ میں حکم دیا گیا ہے کہ جو عورتیں ہجرت کر کے آئیں اور مسلمان ہونے کا دعویٰ کریں، ان کا امتحان لیا جائے۔ اسی مناسبت سے اس کا نام الممتحنہ رکھا گیا ہے۔ اس کا تلفظ مُمتَحَنَہ بھی کیا جاتا ہے اور مُمتَحِنہ بھی۔ پہلے تلفظ کے لحاظ سے معنی ہیں: ''وہ عورت جس کا امتحان لیا جائے''۔ اور دوسرے تلفظ کے لحاظ سے معنیٰ ہیں: ''امتحان لینے والی سورت''۔

**زمانۂ نُزُول** اس میں دو ایسے معاملات پر کلام فرمایا گیا ہے جن کا زمانہ تاریخی طور پر معلوم ہے۔ پہلا معاملہ حضرت حاطِبؓ بن ابی بَلْتَعَہ کا ہے جنھوں نے فتحِ مکّہ سے کچھ مدت پہلے ایک خفیہ خط کے ذریعے سے قریش کے سرداروں کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اِس ارادے کی اطلاع بھیجی تھی کہ آپؐ اُن پر حملہ کرنے والے ہیں۔ اور دوسرا معاملہ اُن مسلمان عورتوں کا ہے جو صلحِ حُدَیبِیَہ کے بعد مکّہ سے ہجرت کر کے مدینہ آنے لگی تھیں اور ان کے بارے میں یہ سوال پیدا ہو گیا تھا کہ شرائطِ صلح کی رُو سے مسلمان مَردوں کی طرح کیا اِن عورتوں کو بھی کفار کے حوالے کر دیا جائے؟ ان دو معاملات کے ذکر سے یہ بات قطعی طور پر متعیّن ہو جاتی ہے کہ یہ سورہ صلحِ حُدَیبِیَہ اور فتحِ مکّہ کے درمیانی دَور میں نازل ہوئی ہے۔ اِن کے علاوہ ایک تیسرا معاملہ بھی ہے جس کا ذکر سورت کے آخر میں آیا ہے، اور وہ یہ کہ جب عورتیں ایمان لا کر بیعت کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوں تو آپؐ ان سے کن باتوں کا عہد لیں۔ اِس حصّے کے متعلق بھی قیاس یہی ہے کہ یہ بھی فتحِ مکّہ سے کچھ پہلے نازل ہوا ہے، کیونکہ فتحِ مکّہ کے بعد قریش کے مردوں کی طرح اُن کی عورتیں بھی بہت بڑی تعداد میں بیک وقت داخلِ اسلام ہونے والی تھیں اور اسی موقع پر یہ ضرورت پیش آنی تھی کہ اجتماعی طور پر اُن سے عہد لیا جائے۔

**موضوع اور مَباحِث** اس سورت کے تین حصّے ہیں:

پہلا حصّہ آغازِ سورہ سے آیت ۹ تک چلتا ہے اور سورت کے خاتمے پر آیت ۱۳ بھی اسی سے تعلق رکھتی ہے۔ اس میں حضرت حاطِبؓ بن ابی بَلْتَعَہ کے اِس فعل پر سخت گرفت کی گئی ہے کہ انھوں نے محض اپنے اہل وعیال کو بچانے کی خاطر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک نہایت اہم جنگی راز سے دشمنوں کو خبردار کرنے کی کوشش کی تھی، جسے اگر بروقت ناکام نہ کر دیا گیا ہوتا تو فتحِ مکّہ کے موقع پر بڑا کُشت وخون ہوتا، مسلمانوں کی بھی بہت سی قیمتی جانیں ضائع ہوتیں، قریش کے بھی

بہت سے وہ لوگ مارے جاتے جو بعد میں اسلام کی عظیم خدمات انجام دینے والے تھے، وہ تمام فوائد بھی ضائع ہو جاتے جو مکّہ کو پُر امن طریقے سے فتح کرنے کی صورت میں حاصل ہو سکتے تھے، اور اتنے عظیم نقصانات صرف اِس وجہ سے ہوتے کہ مسلمانوں میں سے ایک شخص اپنے بال بچوں کو جنگ کے خطرات سے محفوظ رکھنا چاہتا تھا۔ اِس شدید غَلَطی پر تنبیہ فرماتے ہوئے اللہ تعالیٰ نے تمام اہلِ ایمان کو یہ تعلیم دی ہے کہ کسی مومن کو کسی حال میں اور کسی غرض کے لیے بھی اسلام کے دشمن کافروں کے ساتھ محبّت اور دوستی کا تعلق نہ رکھنا چاہیے، اور کوئی ایسا کام نہ کرنا چاہیے جو کفر و اسلام کی کشمکش میں کفّار کے لیے مفید ہو۔ البتہ جو کافر اسلام اور مسلمانوں کے خلاف عملاً دشمنی اور ایذا رسانی کا برتاؤ نہ کر رہے ہوں، ان کے ساتھ احسان کا رَوِیّہ اختیار کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

دوسرا حصّہ آیات ۱۰-۱۱ پر مشتمل ہے۔ اس میں ایک اہم معاشرتی مسئلے کا فیصلہ کیا گیا ہے جو اُس وقت بڑی پیچیدگی پیدا کر رہا تھا۔ مکّے میں بہت سی مسلمان عورتیں ایسی تھیں جن کے شوہر کافر تھے اور وہ کسی نہ کسی طرح ہجرت کر کے مدینہ پہنچ جاتی تھیں۔ اِسی طرح مدینے میں بہت سے مسلمان مرد ایسے تھے جن کی بیویاں کافر تھیں اور وہ مکّے ہی میں رہ گئی تھیں۔ اُن کے بارے میں یہ سوال پیدا ہوتا تھا کہ اُن کے درمیان رشتۂ اِزدِواج باقی ہے یا نہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اِس کا ہمیشہ ہمیشہ کے لیے یہ فیصلہ فرما دیا کہ مسلمان عورت کے لیے کافر شوہر حلال نہیں ہے، اور مسلمان مرد کے لیے بھی یہ جائز نہیں کہ وہ مشرک بیوی کو اپنے نکاح میں رکھے۔ یہ فیصلہ بڑے اہم قانونی نتائج رکھتا ہے، جن کی تفصیل ہم آگے اپنے حواشی میں بیان کریں گے۔

تیسرا حصّہ آیت ۱۲ پر مشتمل ہے، جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہدایت فرمائی گئی ہے کہ جو عورتیں اسلام قبول کریں، اُن سے آپؐ اُن بڑی بڑی بُرائیوں سے بچنے کا عہد لیں جو جاہلیتِ عرب کے معاشرے میں عورتوں کے اندر پھیلی ہوئی تھیں، اور اِس بات کا اقرار کرائیں کہ آیندہ وہ بھلائی کے اُن تمام طریقوں کی پیروی کریں گی جن کا حکم اللہ کے رسولؐ کی طرف سے ان کو دیا جائے۔

۱۳ سُورَۃُ الْمُمْتَحِنَۃِ مَدَنِیَّۃٌ ۲
ایاتہا رکوعاتہا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّیْ وَ عَدُوَّكُمْ اَوْلِیَآءَ
تُلْقُوْنَ اِلَیْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ وَ قَدْ كَفَرُوْا بِمَا جَآءَكُمْ مِّنَ الْحَقِّ ۚ
یُخْرِجُوْنَ الرَّسُوْلَ وَ اِیَّاكُمْ اَنْ تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ رَبِّكُمْ ؕ اِنْ كُنْتُمْ
خَرَجْتُمْ جِهَادًا فِیْ سَبِیْلِیْ وَ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِیْ ۖۗ تُسِرُّوْنَ اِلَیْهِمْ
بِالْمَوَدَّةِ ۖۗ وَ اَنَا اَعْلَمُ بِمَاۤ اَخْفَیْتُمْ وَ مَاۤ اَعْلَنْتُمْ ؕ وَ مَنْ یَّفْعَلْهُ

---

اے[1] لوگو جو ایمان لائے ہو، اگر تم میری راہ میں جہاد کرنے کے لیے اور میری رضا جوئی کی خاطر (وطن چھوڑ کر گھروں سے) نکلے ہو تو میرے اور اپنے دشمنوں کو دوست نہ بناؤ۔ تم اُن کے ساتھ دوستی کی طرح ڈالتے ہو، حالانکہ جو حق تمھارے پاس آیا ہے اُس کو ماننے سے وہ انکار کر چکے ہیں، اور اُن کی روش یہ ہے کہ رسولؐ کو اور خود تم کو صرف اِس قصور پر جلاوطن کرتے ہیں کہ تم اپنے رب، اللہ پر ایمان لائے ہو۔ تم چھپا کر اُن کو دوستانہ پیغام بھیجتے ہو، حالانکہ جو کچھ تم چھپا کر کرتے ہو اور جو علانیہ کرتے ہو، ہر چیز کو میں خوب جانتا ہوں۔ جو شخص بھی تم میں سے ایسا

---

۱- مناسب معلوم ہوتا ہے کہ آغاز ہی میں اُس واقعے کی تفصیلات بیان کر دی جائیں جس کے بارے میں یہ آیات نازل ہوئی ہیں، تاکہ آگے کا مضمون سمجھنے میں آسانی ہو۔ مفسرین کا اس بات پر اتفاق ہے اور ابنِ عباسؓ، مجاہد، قَتَادہ، عُروہ بن زُبیر وغیرہ حضرات کی مُتّفقہ روایت بھی یہی ہے کہ اِن آیات کا نزول اُس وقت ہوا تھا جب مشرکینِ مکّہ کے نام حضرت حاطبؓ بن ابی بَلْتَعَہ کا خط پکڑا گیا تھا۔

قصّہ یہ ہے کہ جب قریش کے لوگوں نے صلحِ حُدَیبیہ کا معاہدہ توڑ دیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مکّہ معظّمہ پر چڑھائی کی تیاریاں شروع کر دیں، مگر چند مخصوص صحابہؓ کے سوا کسی کو یہ نہ بتایا کہ آپؐ کس مہم پر جانا چاہتے ہیں۔ اتفاق سے اُسی زمانے میں مکّہ معظّمہ سے ایک عورت آئی جو پہلے بنی عبد المُطّلِب کی لونڈی تھی اور پھر آزاد ہو کر گانے بجانے کا کام

کرتی تھی۔ اس نے آ کر حضورؐ سے اپنی تنگ دستی کی شکایت کی اور کچھ مالی مدد مانگی۔ آپؐ نے بنی عبد المُطّلِب اور بنی المُطَّلِب سے اپیل کر کے اس کی حاجت پُوری کر دی۔ جب وہ مکّہ جانے لگی تو حضرت حاطِبؓ بن ابی بَلْتَعَہ اس سے ملے اور اس کو چپکے سے ایک خط بعض سردارانِ مکّہ کے نام دیا اور دس دینار دیے، تاکہ وہ راز فاش نہ کرے اور چُھپا کر یہ خط اُن لوگوں تک پہنچا دے۔ ابھی وہ مدینے سے روانہ ہی ہوئی تھی کہ اللہ تعالیٰ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اِس پر مُطّلَع فرما دیا۔ آپؐ نے فوراً حضرت علیؓ، حضرت زبیرؓ اور حضرت مِقدادؓ بن اَسْوَد کو اس کے پیچھے بھیجا اور حکم دیا کہ تیزی سے جاؤ، روضۂ خاخ کے مَقام پر (مدینے سے ۱۲ میل بجانبِ مکّہ) تم کو ایک عورت ملے گی، جس کے پاس مشرکین کے نام حاطب کا ایک خط ہے۔ جس طرح بھی ہو، اس سے وہ خط حاصل کرو۔ اگر وہ دے دے تو اسے چھوڑ دینا۔ نہ دے تو اس کو قتل کر دینا۔ یہ حضرات جب اس مقام پر پہنچے تو عورت وہاں موجود تھی۔ انھوں نے اس سے خط مانگا۔ اس نے کہا: میرے پاس کوئی خط نہیں ہے۔ انھوں نے تلاشی لی، مگر کوئی خط نہ ملا۔ آخر کو انھوں نے کہا: خط ہمارے حوالے کر، ورنہ ہم برَہنہ کر کے تیری تلاشی لیں گے۔ جب اس نے دیکھا کہ بچنے کی کوئی صورت نہیں ہے تو اپنی چوٹی میں سے وہ خط نکال کر انھیں دے دیا، اور یہ اسے حضورؐ کی خدمت میں لے آئے۔ کھول کر پڑھا گیا تو اس میں قریش کے لوگوں کو یہ اطلاع دی گئی تھی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تم پر چڑھائی کی تیاری کر رہے ہیں۔ (مختلف رِوایات میں خط کے الفاظ مختلف نقل ہوئے ہیں، مگر مدّعا سب کا یہی ہے۔) حضورؐ نے حضرت حاطِبؓ سے پوچھا: ”یہ کیا حرکت ہے؟“ انھوں نے عرض کیا: ”آپؐ میرے معاملے میں جلدی نہ فرمائیں۔ میں نے جو کچھ کیا ہے، اِس بنا پر نہیں کیا ہے کہ میں کافر و مرتد ہو گیا ہوں اور اسلام کے بعد اب کفر کو پسند کرنے لگا ہوں۔ اصل بات یہ ہے کہ میرے اقربا مکّہ میں مقیم ہیں۔ میں قریش کے قبیلے کا آدمی نہیں ہوں، بلکہ بعض قریشیوں کی سرپرستی میں وہاں آباد ہوا ہوں۔ مہاجرین میں سے دوسرے جن لوگوں کے اہل و عیال مکّے میں ہیں، ان کو تو ان کا قبیلہ بچا لے گا، مگر میرا کوئی قبیلہ وہاں نہیں ہے جو میرے اہل و عیال کو بچانے والا ہو۔ اس لیے میں نے یہ خط اِس خیال سے بھیجا تھا کہ قریش والوں پر میرا ایک احسان رہے جس کا لحاظ کر کے وہ میرے بال بچوں کو نہ چھیڑیں۔“ (حضرت حاطِبؓ کے بیٹے عبد الرحمٰن کی رِوایَت یہ ہے کہ اُس وقت حضرت حاطِبؓ کے بچّے اور بھائی مکّہ میں تھے، اور خود حضرت حاطِبؓ کی ایک روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کی ماں بھی وہیں تھیں)۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حاطِبؓ کی یہ بات سُن کر حاضرین سے فرمایا: قد صدقکم، ”حاطب نے تم سے سچّی بات کہی ہے“، یعنی ان کے اِس فعل کا اصل محرک یہی تھا، اسلام سے انحراف اور کفر کی حمایت کا جذبہ اِس کا محرک نہ تھا۔ حضرت عمرؓ نے اُٹھ کر عرض کیا: ”یا رسولؐ اللہ! مجھے اجازت دیجیے کہ میں اس منافق کی گردن مار دوں، اِس نے اللہ اور اس کے رسولؐ اور مسلمانوں سے خیانت کی ہے۔“ حضورؐ نے فرمایا: ”اس شخص نے جنگِ بدر میں حصّہ لیا ہے۔ تمھیں کیا خبر، ہو سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اہلِ بدر کو مُلاحظہ فرما کر کہہ دیا ہو کہ تم خواہ کچھ بھی کرو، میں نے تم کو معاف کیا۔“ (اس آخری فقرے کے الفاظ مختلف رِوایات میں مختلف ہیں۔ کسی میں ہے: قد غفرت لکم، میں نے تمھاری مغفرت کر دی۔ کسی میں ہے: انی غافر لکم، میں تمھیں بخش دینے والا ہوں۔ اور کسی میں ہے: سَاَغفر لکم، میں تمھیں بخش دوں گا۔ یہ بات سُن کر حضرت عمرؓ رو دیے اور انھوں نے کہا: ”اللہ اور اس کے رسولؐ

مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ① اِنْ يَّثْقَفُوْكُمْ يَكُوْنُوْا لَكُمْ
اَعْدَآءً وَّ يَبْسُطُوْٓا اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ وَ اَلْسِنَتَهُمْ بِالسُّوْٓءِ وَ وَدُّوْا لَوْ
تَكْفُرُوْنَ ② لَنْ تَنْفَعَكُمْ اَرْحَامُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ ۚ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ

کرے، وہ یقیناً راہِ راست سے بھٹک گیا۔ اُن کا رَوِیّہ تو یہ ہے کہ اگر تم پر قابو پا جائیں تو تمھارے ساتھ دشمنی کریں اور ہاتھ اور زبان سے تمھیں آزار دیں۔ وہ تو یہ چاہتے ہیں کہ تم کسی طرح کافر ہو جاؤ[۲]۔ قیامت کے دن نہ تمھاری رشتہ داریاں کسی کام آئیں گی نہ تمھاری اولاد[۳]۔

ہی سب سے زیادہ جانتے ہیں۔ یہ اُن کثیر التعداد روایات کا خلاصہ ہے جو متعدّد معتبر سندوں سے بخاری، مسلم، احمد، ابوداؤد، ترمذی، نَسائی، ابنِ جَریر طَبَری، ابنِ ہِشام، ابنِ حِبّان اور ابنِ ابی حاتم نے نقل کی ہیں۔ ان میں سب سے زیادہ مستند روایت وہ ہے جو خود حضرت علیؓ کی زبان سے ان کے کاتب (سکریٹری) عبیداللہ بن ابی رافع نے سنی اور ان سے حضرت علیؓ کے پوتے حسن بن محمد بن حَنَفِیّہ نے سن کر بعد کے راویوں تک پہنچائی۔ ان میں سے کسی روایت میں بھی یہ تصریح نہیں ہے کہ حضرت حاطِبؓ کا یہ عذر سُن کر ان کو معاف کر دیا گیا۔ لیکن کسی ذریعے سے بھی یہ نہیں معلوم ہوتا کہ انھیں کوئی سزا دی گئی۔ اسی لیے علمائے اُمت نے یہی سمجھا ہے کہ حضرت حاطِبؓ کا عذر قبول کر کے انھیں چھوڑ دیا گیا تھا۔

۲ – یہاں تک جو کچھ ارشاد ہوا ہے، اور آگے اِسی سلسلے میں جو کچھ آ رہا ہے، اگرچہ اُس کے نُزول کا موقع حضرت حاطِبؓ ہی کا واقعہ تھا، لیکن اللہ تعالیٰ نے تنہا اُنھی کے مُقدّمے پر کلام فرمانے کے بجائے تمام اہلِ ایمان کو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے یہ درس دیا ہے کہ کفر و اسلام کا جہاں مقابلہ ہو، اور جہاں کچھ لوگ اہلِ ایمان سے اُن کے مسلمان ہونے کی بنا پر دشمنی کر رہے ہوں، وہاں کسی شخص کا کسی غرض اور کسی مَصلَحت سے بھی کوئی ایسا کام کرنا جس سے اسلام کے مفاد کو نقصان پہنچتا ہو اور کفر و کفّار کے مفاد کی خدمت ہوتی ہو، ایمان کے منافی حرکت ہے۔ کوئی شخص اگر اسلام کی بدخواہی کے جذبے سے بالکل خالی ہو، اور بدنیّتی سے نہیں بلکہ محض اپنی کسی شدید ترین ذاتی مصلحت کی خاطر ہی یہ کام کرے، پھر بھی یہ فعل کسی مومن کے کرنے کا نہیں ہے، اور جس نے بھی یہ کام کیا وہ راہِ راست سے بھٹک گیا۔

۳ – یہ اشارہ ہے حضرت حاطِبؓ کی طرف۔ انھوں نے اپنی ماں، اپنے بھائی اور اپنی اولاد کو جنگ کے موقع پر دشمنوں کی ایذا سے بچانے کے لیے یہ کام کیا تھا۔ اِس پر فرمایا جا رہا ہے کہ تم نے جن کی خاطر اتنے بڑے قُصُور کا ارتکاب کر ڈالا، وہ قیامت کے روز تمھیں بچانے کے لیے نہیں آئیں گے۔ کسی کی یہ ہمت نہیں ہوگی کہ خدا کی عدالت میں آگے بڑھ کر یہ کہے کہ ہمارے باپ، یا ہمارے بیٹے، یا ہمارے بھائی نے ہماری خاطر یہ گناہ کیا تھا، اس لیے اس کے بدلے کی سزا ہمیں دے دی جائے۔ اُس وقت ہر ایک کو اپنی ہی پڑی ہوگی، اپنے اعمال ہی کے خمیازے سے بچنے کا

يَفْصِلُ بَيْنَكُمْ ۚ وَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ③

اُس روز اللہ تمھارے درمیان جدائی ڈال دے گا[۴]، اور وہی تمھارے اعمال کا دیکھنے والا ہے[۵]۔

سوال ہر شخص کے لیے بلائے جان بن رہا ہوگا، کجا کہ کوئی کسی دوسرے کے حصّے کا خمیازہ بھی اپنے اُوپر لینے کے لیے تیار ہو۔ یہی بات ہے جو قرآنِ مجید میں متعدّد مقامات پر زیادہ صریح الفاظ میں فرمائی گئی ہے۔ ایک جگہ فرمایا: ''اُس روز مجرم یہ چاہے گا کہ اپنی اولاد، اپنی بیوی، اپنے بھائی، اپنی حمایت کرنے والے خاندان اور دنیا بھر کے لوگوں کو بھی اگر فدیے میں دے کر عذاب سے چھوٹ سکتا ہو تو انھیں بھینٹ چڑھا دے اور خود چھوٹ جائے۔'' (المعارج، آیات ۱۱ تا ۱۴) دوسری جگہ فرمایا: ''اُس روز آدمی اپنے بھائی، اپنی ماں، اپنے باپ، اپنی بیوی اور اپنی اولاد سے بھاگے گا۔ ہر ایک اپنے ہی حال میں ایسا گرفتار ہوگا جس میں اسے کسی کا ہوش نہ ہوگا۔'' (عَبَس، ۳۴ تا ۳۷)

۴- یعنی دنیا کے تمام رشتے، تعلقات اور رابطے وہاں توڑ دیے جائیں گے۔ جتھوں اور پارٹیوں اور خاندانوں کی شکل میں لوگوں کا محاسبہ نہ ہوگا، بلکہ ایک ایک فرد اپنی ذاتی حیثیت میں پیش ہوگا اور ہر ایک کو اپنا ہی حساب دینا پڑے گا۔ اِس لیے دنیا میں کسی شخص کو بھی کسی قرابت یا دوستی یا جتّھا بندی کی خاطر کوئی ناجائز کام نہیں کرنا چاہیے، کیونکہ اپنے کیے کی سزا اُس کو خود ہی بھگتنی ہوگی، اس کی ذاتی ذمّہ داری میں کوئی دوسرا شریک نہ ہوگا۔

۵- حضرت حاطِبؓ کے اس مُقدّمے سے، جس کی تفصیل اُوپر ہم نے نقل کی ہے، اور اِن آیات سے جو اس واقعے کے بارے میں نازل ہوئی ہیں، حسبِ ذیل نتائج برآمد ہوتے ہیں:

(۱) قطعِ نظر اس سے کہ کرنے والے نے کس نیت سے کیا، بجائے خود یہ فعل صریحاً ایک جاسوسی کا فعل تھا، اور جاسوسی بھی بڑے نازک موقع پر سخت خطرناک نوعیت کی تھی کہ حملے سے پہلے بے خبر دشمن کو خبردار کیا گیا تھا۔ پھر معاملہ شُبہے کا بھی نہ تھا، بلکہ مُلزَم کے اپنے ہاتھ کا لکھا ہوا خط پکڑ لیا گیا، تھا جس کے بعد کسی ثبوت کی حاجت نہ تھی۔ حالات بھی زمانۂ امن کے نہیں، زمانۂ جنگ کے تھے۔ مگر اس کے باوجود نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت حاطِبؓ کو صفائی کا موقع دیے بغیر نظر بند نہیں کر دیا۔ اور صفائی کا موقع بھی اُن کو بند کمرے میں نہیں بلکہ کھُلی عدالت میں برسرِ عام دیا۔ اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ اسلام میں ایسے قوانین اور قواعد وضوابط کی کوئی گنجائش نہیں ہے جن کی رُو سے کسی حالت میں حُکّام کو یہ حق پہنچتا ہو کہ کسی شخص کو محض اپنے علم یا شُبہے کی بنا پر قید کر دیں۔ اور بند کمرے میں خفیہ طریقے پر مُقدّمہ چلانے کا طریقہ بھی اسلام میں نہیں ہے۔

(۲) حضرت حاطِبؓ نہ صرف مہاجرین میں سے تھے بلکہ اہلِ بدر میں شامل تھے، جنھیں صحابہؓ کے اندر بھی ایک امتیازی مقام حاصل تھا۔ مگر اس کے باوجود ان سے اتنا بڑا جُرم سرزد ہو گیا، اور اس پر اللہ تعالیٰ نے قرآن میں اِس شدّت کے ساتھ گرفت فرمائی جسے اُوپر کی آیات میں دیکھا جا سکتا ہے۔ احادیث میں بھی اُن کا قصّہ پُوری تفصیل کے ساتھ نقل کیا گیا ہے اور مفسّرین میں سے بھی شاید ہی کوئی ہو جس نے اس کا ذکر نہ کیا ہو۔ یہ من جملہ ان بہت سے شواہد کے ہے

جن سے ثابت ہوتا ہے کہ صحابہؓ بے خطا نہیں تھے، اُن سے بھی بشری کمزوریوں کی بنا پر خطائیں سرزد ہو سکتی تھیں اور عملاً ہوئیں، اور اُن کے احترام کی جو تعلیم اللہ اور اس کے رسولؐ نے دی ہے، کم از کم اُس کا تقاضا ہرگز یہ نہیں ہے کہ ان میں سے کسی سے اگر کوئی غلط کام سرزد ہوا ہو تو اس کا ذکر نہ کیا جائے۔ ورنہ ظاہر ہے کہ اگر اس کا تقاضا یہ ہوتا تو نہ اللہ تعالیٰ اپنی کتاب میں اُن کا ذکر کرتا اور نہ صحابۂ کرامؓ اور تابعینؒ اور محدثین و مفسّرین اپنی رِوایات میں ان کی تفصیلات بیان کرتے۔

(۳) حضرت حاطِبؓ کے مُقدّمے میں حضرت عمرؓ نے جس رائے کا اظہار کیا، وہ اُن کے فعل کی ظاہری صورت کے لحاظ سے تھا۔ اُن کا اِستدلال یہ تھا کہ یہ فعل ایسا ہے جو صریحاً اللہ اور اس کے رسولؐ اور مسلمانوں کے ساتھ خیانت کی نوعیت رکھتا ہے، اس لیے حاطب منافق اور واجب القتل ہیں۔ لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے اِس نقطۂ نظر کو ردّ فرما دیا اور اسلامی شریعت کا اصل نقطۂ نظر یہ بتایا کہ محض فعل کی ظاہری شکل پر ہی فیصلہ نہیں کر دینا چاہیے بلکہ یہ بھی دیکھنا چاہیے کہ جس شخص سے وہ صادر ہوا ہے، اس کی پچھلی زندگی اور مجموعی سیرت کیا شہادت دیتی ہے اور قرائن کس بات پر دلالت کرتے ہیں۔ فعل کی شکل بلاشبہ جاسوسی کی ہے۔ مگر کیا اسلام اور اہلِ اسلام کے ساتھ فاعل کا آج تک کا رَوِیّہ یہی بتا رہا ہے کہ یہ شخص یہ کام اللہ اور رسولؐ اور مسلمانوں کے ساتھ خیانت کی نیت سے کر سکتا تھا؟ وہ ان لوگوں میں سے ہے جنھوں نے ایمان کی خاطر ہجرت کی۔ کیا خلوص کے بغیر وہ اتنی بڑی قربانی کر سکتا تھا؟ اس نے جنگِ بدر جیسے نازک موقع پر، جب کہ دشمنوں کی تین گُنی اور بہت زیادہ مسلّح طاقت سے مقابلہ درپیش تھا، ایمان کی خاطر اپنی جان لڑائی۔ کیا ایسے آدمی کا اخلاص مُشتَبَہ ہو سکتا ہے؟ یا اُس کے بارے میں یہ باور کیا جا سکتا ہے کہ اس کے دل میں کفّارِ قریش کی طرف کوئی ادنیٰ سا میلان بھی موجود ہے؟ وہ اپنے فعل کی صاف صاف وجہ یہ بتا رہا ہے کہ مکّے میں اُس کے بال بچّوں کو خاندان اور قبیلے کا وہ تحفظ حاصل نہیں ہے جو دوسرے مہاجرین کو حاصل ہے، اس لیے اس نے ان کو جنگ کے موقع پر کفار کی ایذا رسانی سے بچانے کی خاطر یہ کام کیا ہے۔ حقائق اس کی تائید کرتے ہیں کہ فی الواقع مکّے میں اس کا کوئی قبیلہ نہیں ہے اور یہ بھی معلوم ہے کہ واقعی اس کے بال بچے وہاں موجود ہیں۔ اس لیے کوئی وجہ نہیں کہ اُس کے اِس بیان کو جھوٹا سمجھا جائے اور یہ رائے قائم کی جائے کہ اس کے اِس فعل کا اصل محرک یہ نہ تھا بلکہ خیانت ہی کا ارادہ اُس کے اندر پایا جاتا تھا۔ بلاشبہ ایک مخلص مسلمان کے لیے نیک نیّتی سے بھی یہ حرکت جائز نہیں ہے کہ وہ محض اپنے ذاتی مفاد کی خاطر دشمنوں کو مسلمانوں کے جنگی منصوبوں کی خبر بہم پہنچائے، لیکن مخلص کی غَلَطی اور منافق کی غدّاری میں بڑا فرق ہے۔ محض نوعیتِ فعل کی بنا پر دونوں کی ایک ہی سزا نہیں ہو سکتی۔ یہ تھا اِس مُقدّمے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فیصلہ، اور اللہ تعالیٰ نے سورۂ مُمتَحِنَہ کی اِن آیات میں اس کی تائید فرمائی۔ اُوپر کی تینوں آیات کو غور سے پڑھیے تو صاف محسوس ہو گا کہ ان میں حضرت حاطبؓ پر عتاب تو ضرور فرمایا گیا ہے، مگر یہ عتاب اُس طرز کا ہے جو ایک مومن کے لیے ہوتا ہے، نہ کہ وہ جو ایک منافق کے لیے ہوا کرتا ہے۔ مزید برآں اُن کے لیے کوئی مالی یا جسمانی سزا تجویز نہیں کی گئی ہے، بلکہ عَلانِیَہ سخت زَجر و تَوبیخ کر کے چھوڑ دیا گیا

ہے، جس کے معنیٰ یہ ہیں کہ مسلم معاشرے میں ایک خطا کار مومن کی عزت کو بٹّا لگ جانا اور اس کے اعتماد پر حرف آ جانا بھی اس کے لیے ایک بڑی سزا ہے۔

(۴) بدری صحابہؓ کی فضیلت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد کہ ''تمھیں کیا خبر، ہو سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اہلِ بدر کو مُلاحظہ فرما کر کہہ دیا ہو کہ تم خواہ کچھ بھی کرو، میں نے تم کو معاف کر دیا''، اس کے معنیٰ یہ نہ تھے کہ بدری صحابیوں کو سات خون معاف ہیں، اور انھیں کُھلی چھٹی ہے کہ دنیا میں جو گناہ اور جو جُرم بھی کرنا چاہیں کرتے رہیں، مغفرت کی اُن کو پیشگی ضمانت حاصل ہے۔ یہ مطلب نہ حضورؐ کا تھا، نہ صحابہؓ نے کبھی اِس ارشاد کا یہ مطلب لیا، نہ کسی بدری صحابی نے یہ بشارت سُن کر اپنے آپ کو ہر گناہ کرنے کے لیے آزاد سمجھا، اور نہ اسلامی شریعت میں اس کی بنا پر ایسا کوئی قاعدہ بنایا گیا کہ بدری صحابی سے اگر کوئی جرم سرزد ہو تو اسے کوئی سزا نہ دی جائے۔ دراصل جس موقع و محل میں یہ بات فرمائی گئی تھی اُس پر، اور خود اُن الفاظ پر جو آپؐ نے استعمال فرمائے ہیں، اگر غور کیا جائے تو اِس ارشاد کا صاف مطلب یہ سمجھ میں آتا ہے کہ اہلِ بدر نے اللہ اور اس کے دین کے لیے اخلاص اور سرفروشی و جانبازی کا اتنا بڑا کارنامہ انجام دیا ہے جس کے بعد اگر اللہ تعالیٰ نے ان کے اگلے پچھلے سب گناہ معاف فرما دیے ہوں تو یہ بھی اِس خدمت اور اللہ کے کرم کو دیکھتے ہوئے کچھ بعید از امکان نہیں ہے، لہٰذا ایک بدری پر خیانت اور منافقت کا شبہ نہ کرو، اور اپنے جرم کا جو سبب وہ خود بیان کر رہا ہے اسے قبول کر لو۔

(۵) قرآنِ مجید اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد سے یہ بات بھی واضح ہو جاتی ہے کہ کسی مسلمان کا کُفّار کے لیے جاسوسی کر بیٹھنا بجائے خود اِس بات کا فیصلہ کر دینے کے لیے کافی نہیں ہے کہ وہ مرتد ہو گیا ہے، یا ایمان سے خارج ہے، یا منافق ہے۔ ایسا فیصلہ کرنے کے لیے اگر کچھ دوسرے قرائن و شواہد موجود ہوں تو بات الگ ہے، ورنہ اپنی جگہ یہ فعل صرف ایک جرم ہے، کفر نہیں ہے۔

(٦) قرآنِ مجید کی اِن آیات سے یہ بات بھی واضح ہے کہ مسلمان کے لیے کفّار کی جاسوسی کرنا کسی حال میں بھی جائز نہیں ہے، خواہ اس کی یا اس کے قریب ترین عزیزوں کی جان و مال کو کیسا ہی خطرہ لاحق ہو۔

(۷) حضرت عمرؓ نے جب حضرت حاطبؓ کو جاسوسی کے جرم میں قتل کرنے کی اجازت طلب کی تو حضورؐ نے جواب میں یہ نہیں فرمایا کہ یہ جرم مُستوجِبِ قتل نہیں ہے، بلکہ اجازت دینے سے انکار اس بنا پر کیا کہ حاطبؓ کا بدری ہونا ان کے مخلص ہونے کا صریح ثبوت ہے اور ان کا یہ بیان صحیح ہے کہ انھوں نے دشمنوں کی خیر خواہی کے لیے نہیں بلکہ اپنے بال بچوں کو ہلاکت کے خطرے سے بچانے کے لیے یہ کام کیا تھا۔ اس سے فقہا کے ایک گروہ نے یہ اِستدلال کیا ہے کہ مسلمان جاسوس کے لیے عام قانون یہی ہے کہ اسے قتل کیا جائے، اِلّا یہ کہ بہت وزنی وُجوہ اُسے کم تر سزا دینے یا محض ملامت کر کے چھوڑ دینے کے لیے موجود ہوں۔ مگر فقہا کے درمیان اس مسئلے میں اختلاف ہے۔ امام شافعیؒ اور بعض دوسرے فقہا کا مسلک یہ ہے کہ مسلمان جاسوس کو تعزیر دی جائے گی، مگر اس کا قتل جائز نہیں ہے۔ امام ابوحنیفہؒ اور امام اَوزاعیؒ کہتے ہیں کہ اسے جسمانی عُقوبت اور طویل قید کی سزا دی جائے گی۔

قَدْ كَانَتْ لَكُمْ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ ۚ اِذْ قَالُوْا لِقَوْمِهِمْ اِنَّا بُرَءٰٓؤُا مِنْكُمْ وَمِمَّا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۫ كَفَرْنَا بِكُمْ وَبَدَا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةُ وَالْبَغْضَآءُ

تم لوگوں کے لیے ابراہیمؑ اور اُس کے ساتھیوں میں ایک اچھا نمونہ ہے کہ اُنھوں نے اپنی قوم سے صاف کہہ دیا: ”ہم تم سے اور تمھارے اِن معبودوں سے، جن کو تم خدا کو چھوڑ کر پُوجتے ہو، قطعی بیزار ہیں، ہم نے تم سے کفر کیا[۶] اور ہمارے اور تمھارے درمیان ہمیشہ کے لیے عداوت ہوگئی اور بیر پڑ گیا

امام مالکؒ کہتے ہیں کہ اسے قتل کیا جائے گا۔ لیکن مالکی فقہا کے اقوال اس مسئلے میں مختلف ہیں۔ اَشْہَب کہتے ہیں کہ امام کو اس معاملے میں وسیع اختیارات حاصل ہیں، جرم اور مجرم کے حالات کو دیکھتے ہوئے وہ اپنے اجتہاد سے کوئی سزا دے سکتا ہے۔ ایک قول امام مالکؒ اور ابن القاسم کا بھی یہی ہے۔ ابن الماجِشُون اور عبدالملک بن حبیب کہتے ہیں کہ اگر مجرم نے جاسوسی کی عادت ہی بنالی ہو تو اسے قتل کیا جائے۔ ابنِ وَہب کہتے ہیں کہ جاسوس کی سزا تو قتل ہی ہے، مگر وہ اس فعل سے تائب ہو جائے تو اسے معاف کیا جا سکتا ہے۔ سَحْنُون کہتے ہیں کہ اس کی توبہ صحیح ہے یا محض فریب، اِس کا علم آخر کیسے ہو سکتا ہے؟ اس لیے اسے قتل ہی کیا جانا چاہیے۔ ابن القاسم کا بھی ایک قول اس کی تائید میں ہے۔ اور اَصْبَغ کہتے ہیں کہ حَربی جاسُوس کی سزا قتل ہے، مگر مسلم اور ذمّی جاسوس کو قتل کے بجائے عُقوبت دی جائے گی، اِلّا یہ کہ وہ مسلمانوں کے مقابلے میں دشمنوں کی کھلی کھلی مدد کر رہا ہو۔ (احکام القرآن، ابن العربی۔ عُمدۃ القاری۔ فتح الباری)

(۸) حدیثِ مذکور سے اِس امر کا جواز بھی نکلتا ہے کہ تفتیشِ جرم کے لیے اگر ضرورت پڑے تو مُلزَم مرد ہی نہیں، عورت کے کپڑے بھی اُتارے جا سکتے ہیں۔ حضرت علیؓ، حضرت زبیرؓ اور حضرت مِقدادؓ نے اگرچہ اس عورت کو بَرَہنہ نہیں کیا تھا، لیکن انھوں نے اسے دھمکی دی تھی کہ وہ خط حوالے نہ کرے گی تو وہ اسے برہنہ کر کے اس کی تلاشی لیں گے۔ ظاہر ہے اگر یہ فعل جائز نہ ہوتا تو یہ تین جلیل القدر صحابی اس کی دھمکی نہیں دے سکتے تھے۔ اور قیاس یہ کہتا ہے کہ انھوں نے ضرور واپس جا کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی مہم کی رُوداد سنائی ہوگی۔ حضورؐ نے اگر اس پر ناپسندیدگی کا اظہار کیا ہوتا تو وہ ضرور منقول ہوتا۔ اسی لیے فقہا نے اس کے جواز کا فتویٰ دیا ہے۔ (عُمدۃ القاری)

۶ ۔ یعنی ہم تمھارے کافر ہیں، نہ تمھیں حق پر مانتے ہیں نہ تمھارے دین کو۔ اللہ پر ایمان کا لازمی تقاضا طاغوت سے کفر ہے۔ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۚ لَا انْفِصَامَ لَهَا ”پس جو شخص طاغوت سے کفر کرے اور اللہ پر ایمان لے آئے، اس نے درحقیقت مضبوط سہارا تھام لیا، جو ٹوٹنے والا

اَبَدًا حَتّٰى تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗۤ اِلَّا قَوْلَ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ لَاَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ وَمَاۤ اَمْلِكُ لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ؕ رَبَّنَا

جب تک تم اللہ واحد پر ایمان نہ لاؤ۔" مگر ابراہیمؑ کا اپنے باپ سے یہ کہنا (اِس سے مستثنیٰ ہے) کہ "میں آپ کے لیے مغفرت کی درخواست ضرور کروں گا، اور اللہ سے آپ کے لیے کچھ حاصل کر لینا میرے بس میں نہیں ہے۔" (اور ابراہیمؑ واصحابِ ابراہیمؑ کی دُعا یہ تھی کہ) "اے ہمارے رب!

نہیں ہے۔" (البقرہ: ۲۵۶)

۷ – دوسرے الفاظ میں اس کا مطلب یہ ہے کہ تمھارے لیے حضرت ابراہیمؑ کی یہ بات تو قابلِ تقلید ہے کہ انھوں نے اپنی کافر و مشرک قوم سے صاف صاف بیزاری اور قطعِ تعلق کا اعلان کر دیا، مگر اُن کی یہ بات تقلید کے قابل نہیں ہے کہ اُنھوں نے اپنے مشرک باپ کے لیے مغفرت کی دعا کرنے کا وعدہ کیا اور عملاً اس کے حق میں دعا کی۔ اس لیے کہ کافروں کے ساتھ محبت اور ہمدردی کا اِتنا تعلق بھی اہلِ ایمان کو نہ رکھنا چاہیے۔ سورۂ توبہ (آیت ۱۱۳) میں اللہ تعالیٰ کا صاف صاف ارشاد ہے: مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ وَلَوْ كَانُوْۤا اُولِيْ قُرْبٰى۔ "نبی کا یہ کام نہیں ہے اور نہ اُن لوگوں کو یہ زیبا ہے جو ایمان لائے ہیں کہ مشرکوں کے لیے دعائے مغفرت کریں، خواہ وہ اُن کے قریبی رشتہ دار ہی کیوں نہ ہوں۔" پس کوئی مسلمان اِس دلیل سے اپنے کافر عزیزوں کے حق میں دعائے مغفرت کرنے کا مجاز نہیں ہے کہ یہ کام حضرت ابراہیمؑ نے کیا تھا۔ رہا یہ سوال کہ خود حضرت ابراہیمؑ نے یہ کام کیسے کیا؟ اور کیا وہ اس پر قائم بھی رہے؟ اس کا جواب قرآنِ مجید میں ہم کو پُوری تفصیل کے ساتھ ملتا ہے۔ اُن کے باپ نے جب اُن کو گھر سے نکال دیا تو چلتے وقت انھوں نے کہا تھا: سَلٰمٌ عَلَيْكَ ۚ سَاَسْتَغْفِرُ لَكَ رَبِّيْ ؕ "آپ کو سلام ہے، میں اپنے رب سے آپ کے لیے مغفرت کی دعا کروں گا" (مریم: ۴۷) اِسی وعدے کی بنا پر انھوں نے دو مرتبہ اس کے حق میں دُعا کی۔ ایک دُعا کا ذکر سورۂ ابراہیم (آیت ۴۱) میں ہے: رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ۔ "اے ہمارے پروردگار! مجھے اور میرے والدین کو اور سب مومنوں کو اُس روز معاف کر دیجیو جب حساب لیا جانا ہے۔" اور دوسری دُعا سورۂ شُعَراء (آیت ۸۶، ۸۷) میں ہے: وَاغْفِرْ لِاَبِيْۤ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الضَّآلِّيْنَ ۙ وَلَا تُخْزِنِيْ يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ ۙ "میرے باپ کو معاف فرما دے کہ وہ گمراہوں میں سے تھا، اور مجھے اُس دن رُسوا نہ کر جب سب لوگ زندہ کر کے اُٹھائے جائیں گے۔" لیکن بعد میں جب اُن کو یہ احساس ہو گیا کہ اپنے جس باپ کی مغفرت کے لیے وہ دعا کر رہے ہیں وہ تو اللہ کا دشمن تھا، تو انھوں نے اس سے تبرّی کی اور اس کے ساتھ ہمدردی و محبت کا یہ تعلق بھی توڑ لیا:

عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَ اِلَيْكَ اَنَبْنَا وَ اِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝۴ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً
لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ اغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۵

تیرے ہی اُوپر ہم نے بھروسا کیا اور تیری ہی طرف ہم نے رُجوع کر لیا اور تیرے ہی حُضور ہمیں پلٹنا ہے۔ اے ہمارے رب! ہمیں کافروں کے لیے فتنہ نہ بنا دے[8]۔ اور اے ہمارے رب! ہمارے قصوروں سے درگزر فرما، بے شک تُو ہی زبردست اور دانا ہے۔"

وَ مَا كَانَ اسْتِغْفَارُ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ اِلَّا عَنْ مَّوْعِدَةٍ وَّعَدَهَآ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗۤ اَنَّهٗ عَدُوٌّ لِّلّٰهِ تَبَرَّاَ مِنْهُ ؕ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَاَوَّاهٌ حَلِيْمٌ ۝ (التوبہ: ۱۱۴)

اور ابراہیمؑ کا اپنے باپ کے لیے مغفرت کی دعا کرنا اِس کے سوا کسی وجہ سے نہ تھا کہ ایک وعدہ تھا جو اس نے اپنے باپ سے کر لیا تھا۔ پھر جب اس پر یہ بات واضح ہو گئی کہ وہ اللہ کا دشمن تھا تو اس نے اس سے بیزاری کا اظہار کر دیا۔ حقیقت یہ ہے کہ ابراہیمؑ ایک رقیق القلب اور نرم خُو آدمی تھا۔

اِن آیات پر غور کرنے سے یہ اُصولی حقیقت واضح ہو جاتی ہے کہ انبیاؑ کا صرف وہی عمل قابلِ تقلید ہے جس پر وہ آخر وقت تک قائم رہے ہوں۔ رہے ان کے وہ اعمال جن کو انھوں نے بعد میں خود چھوڑ دیا ہو، یا جن پر اللہ تعالیٰ نے اُنھیں قائم نہ رہنے دیا ہو، یا جن کی ممانعت اللہ کی شریعت میں وارد ہو چکی ہو، وہ قابلِ تقلید نہیں ہیں، اور کوئی شخص اِس حجت سے اُن کے ایسے اعمال کی پیروی نہیں کر سکتا کہ یہ فُلاں نبی کا عمل ہے۔

یہاں ایک اور سوال بھی پیدا ہوتا ہے جو آدمی کے ذہن میں کھٹک پیدا کر سکتا ہے۔ آیتِ زیرِ بحث میں اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیمؑ کے جس قول کو قابلِ تقلید نمونہ ہونے سے مستثنیٰ قرار دیا ہے، اس کے دو حصّے ہیں: ایک حصّہ یہ ہے کہ انھوں نے اپنے باپ سے کہا: "میں آپ کے لیے مغفرت کی دعا کروں گا۔" اور دوسرا حصّہ یہ کہ "میرے بس میں کچھ نہیں ہے کہ اللہ سے آپ کو معافی دلوا دوں۔" ان میں سے پہلی بات کا قابلِ تقلید نہ ہونا تو سمجھ میں آتا ہے۔ مگر دوسری بات میں کیا خرابی ہے کہ اسے بھی نمونہ قابلِ تقلید ہونے سے مستثنیٰ کر دیا گیا؟ حالانکہ وہ بجائے خود حق بات ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت ابراہیمؑ کا یہ قول اِستثنا میں اس وجہ سے داخل ہوا ہے کہ جب کوئی شخص کسی سے ایک کام کا وعدہ کرنے کے بعد یہ کہتا ہے کہ اس سے زیادہ تیرے لیے کچھ کرنا میرے بس میں نہیں ہے تو اس سے خود بخود یہ مطلب نکلتا ہے کہ اگر اس سے زیادہ کچھ کرنا اس کے بس میں ہوتا تو وہ شخص اس کی خاطر وہ بھی کرتا۔ یہ بات اُس آدمی کے ساتھ اُس شخص کے ہمدردانہ تعلق کو اور بھی زیادہ شدت کے ساتھ ظاہر کرتی ہے۔ اسی بنا پر حضرت ابراہیمؑ کا یہ دوسرا قول بھی استثنا میں شامل کیے جانے کا مستحق تھا، اگرچہ اس

لَقَدۡ كَانَ لَكُمۡ فِيۡهِمۡ اُسۡوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنۡ كَانَ يَرۡجُوا
اللّٰهَ وَ الۡيَوۡمَ الۡاٰخِرَ ؕ وَمَنۡ يَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الۡغَنِىُّ الۡحَمِيۡدُ ۝٦ ع
عَسَى اللّٰهُ اَنۡ يَّجۡعَلَ بَيۡنَكُمۡ وَ بَيۡنَ الَّذِيۡنَ عَادَيۡتُمۡ
مِّنۡهُمۡ مَّوَدَّةً ؕ وَ اللّٰهُ قَدِيۡرٌ ؕ وَ اللّٰهُ غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ۝٧

اِنھی لوگوں کے طرزِ عمل میں تمھارے لیے اور ہر اُس شخص کے لیے اچھا نمونہ ہے جو اللہ اور روزِ آخر کا اُمیدوار ہو۔[9] اِس سے کوئی منحرف ہو تو اللہ بے نیاز اور اپنی ذات میں آپ محمود ہے۔[10] ع

بعید نہیں کہ اللہ کبھی تمھارے اور اُن لوگوں کے درمیان محبّت ڈال دے جن سے آج تم نے دشمنی مول لی ہے۔[11] اللہ بڑی قدرت رکھتا ہے اور وہ غفور و رحیم ہے۔

---

کا یہ مضمون بجائے خود برحق تھا کہ اللہ سے کسی کی مغفرت کروا دینا ایک نبی تک کے اختیار سے باہر ہے۔ علامۂ آلوسیؒ نے بھی رُوح المعانی میں اس سوال کا یہی جواب دیا ہے۔

۸- کافروں کے لیے اہلِ ایمان کے فتنہ بننے کی متعدد صورتیں ہوسکتی ہیں، جن سے ہر مومن کو خدا کی پناہ مانگنی چاہیے۔ مثال کے طور پر اس کی ایک صورت یہ ہوسکتی ہے کہ کافر اُن پر غالب آ جائیں اور اپنے غلبے کو اِس بات کی دلیل قرار دیں کہ ہم حق پر ہیں اور اہلِ ایمان برسرِ باطل، ورنہ کیسے ہوسکتا تھا کہ اِن لوگوں کو خدا کی رضا حاصل ہوتی اور پھر بھی ہمیں اِن پر غلبہ حاصل ہوتا۔ دوسری صورت یہ ہوسکتی ہے کہ اہلِ ایمان پر کافروں کا ظلم و ستم اُن کی حدِ برداشت سے بڑھ جائے اور آخر کار وہ اُن سے دب کر اپنے دین و اَخلاق کا سودا کرنے پر اُتر آئیں۔ یہ چیز دنیا بھر میں مومنوں کی جگ ہنسائی کی موجب ہوگی اور کافروں کو اس سے دین اور اہلِ دین کی تذلیل کا موقع ملے گا۔ تیسری صورت یہ ہوسکتی ہے کہ دینِ حق کی نمایندگی کے مقامِ بلند پر فائز ہونے کے باوجود اہلِ ایمان اُس اَخلاقی فضیلت سے محروم رہیں جو اِس مَقام کے شایانِ شان ہے، اور دنیا کو اُن کی سیرت و کردار میں بھی وہی عُیوب نظر آئیں جو جاہلیت کے معاشرے میں عام طور پر پھیلے ہوئے ہوں۔ اس سے کافروں کو یہ کہنے کا موقع ملے گا کہ اس دین میں آخر وہ کیا خوبی ہے جو اِسے ہمارے کفر پر شرف عطا کرتی ہو؟ (مزید تفصیل کے لیے مُلاحَظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد دوم، یونُس، حاشیہ ۸۳)

۹- یعنی جو اس بات کی توقع رکھتا ہو کہ ایک روز اللہ کے حضور حاضر ہونا ہے، اور اس چیز کا امیدوار ہو کہ

لَا يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ لَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ وَ لَمْ
يُخْرِجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْهُمْ وَتُقْسِطُوْٓا اِلَيْهِمْ ۭ
اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۝۸ اِنَّمَا يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ
قٰتَلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ وَ اَخْرَجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ وَ ظٰهَرُوْا عَلٰٓي
اِخْرَاجِكُمْ اَنْ تَوَلَّوْهُمْ ۚ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝۹

اللہ تمھیں اس بات سے نہیں روکتا کہ تم ان لوگوں کے ساتھ نیکی اور انصاف کا برتاؤ کرو جنھوں نے دین کے معاملے میں تم سے جنگ نہیں کی ہے اور تمھیں تمھارے گھروں سے نہیں نکالا ہے۔ اللہ انصاف کرنے والوں کو پسند کرتا ہے[۱۲]۔ وہ تمھیں جس بات سے روکتا ہے، وہ تو یہ ہے کہ تم اُن لوگوں سے دوستی کرو جنھوں نے تم سے دین کے معاملے میں جنگ کی ہے اور تمھیں تمھارے گھروں سے نکالا ہے اور تمھارے اِخراج میں ایک دوسرے کی مدد کی ہے۔ اُن سے جو لوگ دوستی کریں وہی ظالم ہیں[۱۳]۔

اللہ اسے اپنے فضل سے نوازے اور روزِ آخر میں اسے سُرخروئی نصیب ہو۔

۱۰- یعنی اللہ کو ایسے ایمان لانے والوں کی کوئی حاجت نہیں ہے جو اس کے دین کو ماننے کا دعویٰ بھی کریں اور پھر اس کے دشمنوں سے دوستی بھی رکھیں۔ وہ بے نیاز ہے۔ اس کی خدائی اِس کی محتاج نہیں ہے کہ یہ لوگ اسے خدا مانیں۔ اور وہ اپنی ذات میں آپ محمود ہے۔ اس کا محمود ہونا اس بات پر موقوف نہیں ہے کہ یہ اس کی حمد کریں۔ یہ اگر ایمان لاتے ہیں تو اللہ کے کسی فائدے کے لیے نہیں، اپنے فائدے کے لیے لاتے ہیں۔ اور انھیں ایمان کا کوئی فائدہ حاصل نہیں ہو سکتا جب تک یہ حضرت ابراہیمؑ اور ان کے ساتھیوں کی طرح اللہ کے دشمنوں سے محبت اور دوستی کے رشتے توڑ نہ لیں۔

۱۱- اُوپر کی آیات میں مسلمانوں کو اپنے کافر رشتہ داروں سے قطعِ تعلق کی جو تلقین کی گئی تھی، اس پر سچے اہلِ ایمان اگرچہ بڑے صبر کے ساتھ عمل کر رہے تھے، مگر اللہ کو معلوم تھا کہ اپنے ماں باپ، بھائی بہنوں اور قریب ترین عزیزوں سے تعلق توڑ لینا کیسا سخت کام ہے اور اس سے اہلِ ایمان کے دلوں پر کیا کچھ گزر رہی ہے۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے

ان کو تسلّی دی کہ وہ وقت دُور نہیں ہے جب تمھارے یہی رشتہ دار مسلمان ہو جائیں گے اور آج کی دشمنی کل پھر محبّت میں تبدیل ہو جائے گی۔ جب یہ بات فرمائی گئی تھی، اُس وقت کوئی شخص بھی یہ نہیں سمجھ سکتا تھا کہ یہ نتیجہ کیسے رونما ہوگا۔ مگر ان آیات کے نُزول پر چند ہی ہفتے گزرے تھے کہ مکّہ فتح ہو گیا، قریش کے لوگ فوج در فوج اسلام میں داخل ہونے لگے، اور مسلمانوں نے اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا کہ جس چیز کی انھیں اُمّید دلائی گئی تھی، وہ کیسے پُوری ہوئی۔

۱۲- اس مقام پر ایک شخص کے ذہن میں یہ شُبہ پیدا ہو سکتا ہے کہ دشمنی نہ کرنے والے کافروں کے ساتھ نیک برتاؤ تو خیر ٹھیک ہے، مگر کیا انصاف بھی صرف اُنھی کے لیے مخصوص ہے؟ اور کیا دشمن کافروں کے ساتھ بے انصافی کرنی چاہیے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ اِس سِیاق و سَباق میں دراصل انصاف ایک خاص مفہوم میں استعمال ہوا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جو شخص تمھارے ساتھ عداوت نہیں برتتا، انصاف کا تقاضا یہ ہے کہ تم بھی اس کے ساتھ عداوت نہ برتو۔ دشمن اور غیر دشمن کو ایک درجے میں رکھنا اور دونوں سے ایک ہی سا سلوک کرنا انصاف نہیں ہے۔ تمھیں اُن لوگوں کے ساتھ سخت رَوِیّہ اختیار کرنے کا حق ہے جنھوں نے ایمان لانے کی پاداش میں تم پر ظلم توڑے، اور تم کو وطن سے نکل جانے پر مجبُور کیا، اور نکالنے کے بعد بھی تمھارا پیچھا نہ چھوڑا۔ مگر جن لوگوں نے اِس ظلم میں کوئی حصّہ نہیں لیا، انصاف یہ ہے کہ تم ان کے ساتھ اچھا برتاؤ کرو، اور رشتے اور برادری کے لحاظ سے اُن کے جو حُقوق تم پر عائد ہوتے ہیں، انھیں ادا کرنے میں کمی نہ کرو۔

۱۳- سابقہ آیات میں کفار سے جس ترکِ تعلق کی ہدایت کی گئی تھی، اس کے متعلق لوگوں کو یہ غلط فہمی لاحق ہو سکتی تھی کہ یہ اُن کے کافر ہونے کی وجہ سے ہے۔ اس لیے اِن آیات میں یہ سمجھایا گیا ہے کہ اُس کی اصل وجہ ان کا کفر نہیں، بلکہ اسلام اور اہلِ اسلام کے ساتھ ان کی عداوت اور ان کی ظالمانہ رَوِش ہے۔ لہٰذا مسلمانوں کو دشمن کافر اور غیر دشمن کافر میں فرق کرنا چاہیے، اور اُن کافروں کے ساتھ احسان کا برتاؤ کرنا چاہیے جنھوں نے کبھی اُن کے ساتھ کوئی بُرائی نہ کی ہو۔ اس کی بہترین تشریح وہ واقعہ ہے جو حضرت اَسماء بنتِ ابی بکرؓ اور ان کی کافر ماں کے درمیان پیش آیا تھا۔ حضرت ابوبکرؓ کی ایک بیوی قُتَیْلَہ بنتِ عبدالعُزّٰی کافرہ تھیں اور ہجرت کے بعد مکّے ہی میں رہ گئی تھیں۔ حضرت اسماءؓ انھی کے بطن سے پیدا ہوئی تھیں۔ صلحِ حُدَیْبِیَہ کے بعد جب مدینہ اور مکّہ کے درمیان آمد و رفت کا راستہ کُھل گیا تو وہ بیٹی سے ملنے کے لیے مدینہ آئیں اور کچھ تحفہ تحائف بھی لائیں۔ حضرت اَسماءؓ کی اپنی رِوایت یہ ہے کہ میں نے جا کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا: ''اپنی ماں سے مل لوں؟ اور کیا میں ان سے صلہ رحمی بھی کر سکتی ہوں؟'' حضورؐ نے جواب دیا: ''اس سے صلہ رحمی کرو۔'' (مُسْنَدِ احمد، بخاری، مسلم) حضرت اَسماءؓ کے صاحبزادے عبداللہ بن زُبیرؓ اس واقعے کی مزید تفصیل یہ بیان کرتے ہیں کہ پہلے حضرت اَسماءؓ نے ماں سے ملنے سے انکار کر دیا تھا۔ بعد میں جب اللہ اور اس کے رسولؐ کی اجازت مل گئی تب وہ ان سے ملیں۔ (مُسْنَدِ احمد، ابنِ جَریر، ابنِ ابی حاتم) اِس سے خود بخود یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ ایک مسلمان کے لیے اپنے کافر ماں باپ کی خدمت کرنا اور اپنے کافر بھائی بہنوں

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا جَآءَكُمُ الْمُؤْمِنٰتُ مُهٰجِرٰتٍ فَامْتَحِنُوْهُنَّ ؕ اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِاِيْمَانِهِنَّ ۚ فَاِنْ عَلِمْتُمُوْهُنَّ مُؤْمِنٰتٍ فَلَا تَرْجِعُوْهُنَّ اِلَى الْكُفَّارِ ؕ لَا هُنَّ حِلٌّ لَّهُمْ وَلَا هُمْ يَحِلُّوْنَ لَهُنَّ ؕ

اے لوگو جو ایمان لائے ہو، جب مومن عورتیں ہجرت کر کے تمھارے پاس آئیں تو (ان کے مومن ہونے کی) جانچ پڑتال کرلو، اور ان کے ایمان کی حقیقت اللہ ہی بہتر جانتا ہے۔ پھر جب تمھیں معلوم ہو جائے کہ وہ مومن ہیں تو انھیں کفّار کی طرف واپس نہ کرو۔[۱۴] نہ وہ کفار کے لیے حلال ہیں اور نہ کفّار ان کے لیے حلال۔ ان کے کافر شوہروں نے

اور رشتہ داروں کی مدد کرنا جائز ہے جب کہ وہ دشمنِ اسلام نہ ہوں۔ اور اسی طرح ذِمّی مساکین پر صدقات بھی صَرف کیے جاسکتے ہیں۔ (احکام القرآن للجصّاص، رُوح المعانی)

۱۴- اس حکم کا پس منظر یہ ہے کہ صلحِ حُدَیبیَہ کے بعد اوّل اوّل تو مسلمان مرد مکّہ سے بھاگ کر مدینہ آتے رہے اور انھیں معاہدے کی شرائط کے مطابق واپس کیا جاتا رہا۔ پھر مسلمان عورتوں کے آنے کا سلسلہ شروع ہوگیا اور سب سے پہلے اُمِّ کُلثومؓ بنتِ عُقبہ بن ابی مُعَیط ہجرت کر کے مدینہ پہنچیں۔ کفّار نے معاہدے کا حوالہ دے کر ان کی واپسی کا بھی مطالبہ کیا اور اُمِّ کلثومؓ کے دو بھائی ولید بن عُقبہ اور عُمارہ بن عقبہ انھیں واپس لے جانے کے لیے مدینے پہنچ گئے۔ اس وقت یہ سوال پیدا ہوا کہ کیا حُدَیبیَہ کے معاہدے کا اطلاق عورتوں پر بھی ہوتا ہے؟ اللہ تعالیٰ نے اسی سوال کا یہاں جواب دیا ہے کہ اگر وہ مسلمان ہوں اور یہ اطمینان کرلیا جائے کہ واقعی وہ ایمان ہی کی خاطر ہجرت کر کے آئی ہیں، کوئی اور چیز انھیں نہیں لائی ہے، تو انھیں واپس نہ کیا جائے۔

اس مقام پر احادیث کی روایتِ بالمعنٰی سے ایک بڑی پیچیدگی پیدا ہوگئی ہے جسے حل کرنا ضروری ہے۔ صلحِ حُدَیبیَہ کی شرائط کے متعلق احادیث میں جو روایتیں ہمیں ملتی ہیں، وہ اکثر و بیشتر بالمعنٰی روایات ہیں۔ زیرِ بحث شرط کے متعلق ان میں سے کسی رِوایت کے الفاظ یہ ہیں: من جاء منکم لم نردہ علیکم ومن جاءکم منا رددتموہ علینا۔ "تم میں سے جو شخص ہمارے پاس آئے گا اسے ہم واپس نہ کریں گے، اور ہم میں سے جو تمھارے پاس جائے گا اسے تم واپس کرو گے۔" کسی میں یہ الفاظ ہیں: من اتی رسول اللّٰہ من اصحابہ بغیر اذن ولیہ ردہ علیہ۔ "رسولؐ اللہ کے پاس اُن کے اصحاب میں سے جو شخص اپنے ولی کی اجازت کے بغیر آئے گا، اسے وہ واپس کر دیں گے۔" اور کسی میں ہے: من اتی محمدًا من قریش بغیر اذن ولیّہ ردّہ علیھم

"قریش میں سے جو شخص محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے پاس اپنے ولی کی اجازت کے بغیر جائے گا، اسے وہ قریش کو واپس کر دیں گے۔" اِن روایات کا طرزِ بیان خود یہ ظاہر کر رہا ہے کہ ان میں معاہدے کی اِس شرط کو اُن الفاظ میں نقل نہیں کیا گیا ہے جو اصل معاہدے میں لکھے گئے تھے، بلکہ راویوں نے ان کا مفہوم خود اپنے الفاظ میں بیان کر دیا ہے۔ لیکن چونکہ بکثرت روایات اِسی نوعیت کی ہیں، اس لیے عام طور پر مفسّرین و محدّثین نے اس سے یہی سمجھا کہ معاہدہ عام تھا جس میں عورت مرد سب داخل تھے، اور عورتوں کو بھی اس کی رُو سے واپس ہونا چاہیے تھا۔ اس کے بعد جب اُن کے سامنے اللہ تعالیٰ کا یہ حکم آیا کہ مومن عورتیں واپس نہ کی جائیں تو اِن حضرات نے اِس کی یہ تاویل کی کہ اللہ تعالیٰ نے اِس آیت میں مومن عورتوں کی حد تک معاہدہ توڑ دینے کا فیصلہ فرما دیا۔ مگر یہ کوئی معمولی بات نہیں ہے جس کو اِس آسانی کے ساتھ قبول کر لیا جائے۔ اگر معاہدہ فی الواقع بلا تخصیصِ مرد و زن سب کے لیے عام تھا تو آخر یہ کیسے جائز ہو سکتا تھا کہ ایک فریق اُس میں یک طرفہ ترمیم کر دے، یا اس کے کسی جُز کو بطورِ خود بدل ڈالے؟ اور بالفرض ایسا کیا بھی گیا تھا تو یہ کیسی عجیب بات ہے کہ قریش کے لوگوں نے اس پر کوئی احتجاج نہیں کیا۔ قریش والے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمانوں کی ایک ایک بات پر گرفت کرنے کے لیے خار کھائے بیٹھے تھے۔ انھیں اگر یہ بات ہاتھ آ جاتی کہ آپؐ شرائطِ معاہدہ کی صریح خلاف ورزی کر گزرے ہیں تو وہ زمین و آسمان سر پر اُٹھا لیتے۔ لیکن ہمیں کسی روایت میں اِس کا شائبہ تک نہیں ملتا کہ انھوں نے قرآن کے اِس فیصلے پر ذرہ برابر بھی چُون و چَرا کی ہو۔ یہ ایسا سوال تھا جس پر غور کیا جاتا تو معاہدے کے اصل الفاظ کی جستجو کر کے اِس پیچیدگی کا حل تلاش کیا جاتا، مگر بہت سے لوگوں نے تو اس کی طرف توجہ نہ کی، اور بعض حضرات (مثلاً قاضی ابوبکر ابنِ عَرَبیؒ) نے توجہ کی بھی تو انھوں نے قریش کے اعتراض نہ کرنے کی یہ توجیہ کرنے میں تأمّل نہ کیا کہ اللہ تعالیٰ نے بطورِ معجزہ اِس معاملے میں قریش کی زبان بندی کر دی تھی۔ تعجب ہے کہ اس توجیہ پر ان حضرات کا ذہن کیسے مطمئن ہُوا۔

اصل بات یہ ہے کہ معاہدۂ صُلح کی یہ شرط مسلمانوں کی طرف سے نہیں بلکہ کفّارِ قریش کی طرف سے تھی، اور ان کی جانب سے ان کے نمایندے سُہیل بن عمرو نے جو الفاظ معاہدے میں لکھوائے تھے وہ یہ تھے: علی ان لا یاتیك منا رجل و ان کان علی دینك الا رددته الینا۔ "اور یہ کہ تمھارے پاس ہم میں سے کوئی مرد بھی آئے، اگرچہ وہ تمھارے دین ہی پر ہو، تم اسے ہماری طرف واپس کرو گے۔" معاہدے کے یہ الفاظ بخاری، کتاب الشروط، باب الشروط فی الجہاد والمصالحہ میں قوی سند کے ساتھ نقل ہوئے ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ سُہَیل نے رَجُل کا لفظ شخص کے معنیٰ میں استعمال کیا ہو، لیکن یہ اُس کی ذہنی مُراد ہو گی۔ معاہدے میں جو لفظ لکھا گیا تھا، وہ رَجُل ہی تھا، جو عربی زبان میں مرد کے لیے بولا جاتا ہے۔ اسی بنا پر جب اُمِّ کُلثومؓ بنتِ عُقبَہ کی واپسی کا مطالبہ لے کر ان کے بھائی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو (امام زُہریؒ کی رِوایَت کے مطابق) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو واپس کرنے سے یہ کہہ کر انکار فرمایا کہ کان الشرط فی الرجال دون النساء۔ "شرط مردوں کے بارے میں تھی نہ کہ عورتوں کے بارے میں۔" (احکام القرآن، ابنِ عَرَبیؒ۔ تفسیر کبیر، امام رازیؒ) اُس وقت تک خود قریش کے لوگ بھی اس غلط فہمی

میں تھے کہ معاہدے کا اطلاق ہر طرح کے مہاجرین پر ہوتا ہے، خواہ وہ مرد ہوں یا عورت۔ مگر جب حضورؐ نے ان کو معاہدے کے اِن الفاظ کی طرف توجہ دلائی تو وہ دم بخود رہ گئے اور انھیں ناچار اس فیصلے کو ماننا پڑا۔

معاہدے کی اِس شرط کے لحاظ سے مسلمانوں کو حق تھا کہ جو عورت بھی مکّہ چھوڑ کر مدینے آتی، خواہ وہ کسی غرض سے آتی، اسے واپس دینے سے انکار کر دیتے۔ لیکن اسلام کو صرف مومن عورتوں کی حفاظت سے دلچسپی تھی، ہر طرح کی بھاگنے والی عورتوں کے لیے مدینۂ طَیِّبَہ کو پناہ گاہ بنانا مقصود نہ تھا۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے حکم دیا کہ جو عورتیں ہجرت کر کے آئیں اور اپنے مومن ہونے کا اظہار کریں، ان سے پُوچھ گچھ کر کے اپنا اطمینان کرلو کہ وہ واقعی ایمان لے کر آئی ہیں، اور جب اس کا اطمینان ہو جائے تو ان کو واپس نہ کرو۔ چنانچہ اس ارشادِ الٰہی پر عمل درآمد کرنے کے لیے جو قاعدہ بنایا گیا، وہ یہ تھا کہ جو عورتیں ہجرت کر کے آتی تھیں ان سے پوچھا جاتا تھا کہ کیا وہ اللہ کی توحید اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت پر ایمان رکھتی ہیں، اور صرف اللہ اور اس کے رسولؐ کی خاطر نکل کر آئی ہیں؟ کہیں ایسا تو نہیں ہے کہ وہ شوہر سے بگڑ کر گھر سے نکل کھڑی ہوئی ہوں؟ یا ہمارے ہاں کے کسی مرد کی محبّت ان کو لے آئی ہو؟ یا کوئی اور دنیوی غرض ان کے اس فعل کی محرک ہوئی ہو؟ ان سوالات کا اطمینان بخش جواب جو عورتیں دے دیتی تھیں، صرف ان کو روک لیا جاتا تھا، باقی سب کو واپس کر دیا جاتا تھا۔ (ابنِ جَرِیر بحوالہ ابنِ عباسؓ، قَتَادَہ، مجاہد، عِکرِمہ، ابنِ زید)

اِس آیت میں قانونِ شہادت کا بھی ایک اُصولی ضابطہ بیان کر دیا گیا ہے اور اس کی مزید توضیح اُس طریق کار سے ہوگئی ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اِس پر عمل درآمد کے لیے مقرر فرمایا تھا۔ آیت میں تین باتیں فرمائی گئی ہیں: ایک یہ کہ ہجرت کرنے والی جو عورتیں اپنے آپ کو مومن ہونے کی حیثیت سے پیش کریں، ان کے ایمان کی جانچ کرو۔ دوسرے یہ کہ ان کے ایمان کی حقیقت کو تو صرف اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے، تمھارے پاس یہ جاننے کا کوئی ذریعہ نہیں ہے کہ وہ حقیقت میں ایمان لائی ہیں۔ تیسرے یہ کہ جانچ پڑتال سے جب تمھیں معلوم ہو جائے کہ وہ مومن ہیں تو انھیں واپس نہ کرو۔ پھر اس حکم کے مطابق ان عورتوں کے ایمان کی جانچ کرنے کے لیے جو طریقہ حضورؐ نے مقرر فرمایا، وہ یہ تھا کہ ان عورتوں کے حلفیہ بیان پر اعتماد کیا جائے اور ضروری جرح کر کے یہ اطمینان کر لیا جائے کہ اُن کی ہجرت کا محرک ایمان کے سوا کچھ اور نہیں ہے۔ اس سے اوّل تو یہ قاعدہ معلوم ہوا کہ معاملات کا فیصلہ کرنے کے لیے عدالت کو حقیقت کا علم حاصل ہونا ضروری نہیں ہے، بلکہ صرف وہ علم کافی ہے جو شہادتوں سے حاصل ہوتا ہے۔ دوسری بات یہ معلوم ہوئی کہ ہم ایک شخص کے حلفیہ بیان پر اعتماد کریں گے، تاوقتیکہ کوئی صریح قرینہ اس کے کاذب ہونے پر دلالت نہ کر رہا ہو۔ تیسری بات یہ معلوم ہوئی کہ آدمی اپنے عقیدے اور ایمان کے متعلق خود جو خبر دے رہا ہو، ہم اسے قبول کریں گے اور اِس بات کی کھوج میں نہ پڑیں گے کہ فی الواقع اُس کا وہی عقیدہ ہے جو وہ بیان کر رہا ہے، اِلاّ یہ کہ کوئی صریح علامت ہمارے سامنے ایسی ظاہر ہو جائے جو اس کی تردید کر رہی ہو۔ اور چوتھی بات یہ کہ ایک شخص کے جن ذاتی حالات کو دوسرا کوئی نہیں جان سکتا، اُن میں اُسی کے بیان پر بھروسا کیا جائے گا، مثلاً طلاق اور عدّت کے معاملات میں عورت کے حیض اور طُہر کے متعلق اس کا اپنا بیان ہی معتبر ہوگا،

وَ اٰتُوۡهُمۡ مَّاۤ اَنۡفَقُوۡا ؕ وَ لَا جُنَاحَ عَلَيۡكُمۡ اَنۡ تَنۡكِحُوۡهُنَّ اِذَاۤ
اٰتَيۡتُمُوۡهُنَّ اُجُوۡرَهُنَّ ؕ وَ لَا تُمۡسِكُوۡا بِعِصَمِ الۡكَوَافِرِ وَ سۡـَٔلُوۡا مَاۤ
اَنۡفَقۡتُمۡ وَلۡيَسۡـَٔلُوۡا مَاۤ اَنۡفَقُوۡا ؕ ذٰلِكُمۡ حُكۡمُ اللّٰهِ ؕ

جو مہر اُن کو دیے تھے وہ انھیں پھیر دو۔ اور ان سے نکاح کر لینے میں تم پر کوئی گناہ نہیں جب کہ تم اُن کے مہر اُن کو ادا کر دو[15]۔ اور تم خود بھی کافر عورتوں کو اپنے نکاح میں نہ روکے رہو۔ جو مہر تم نے اپنی کافر بیویوں کو دیے تھے وہ تم واپس مانگ لو اور جو مہر کافروں نے اپنی مسلمان بیویوں کو دیے تھے انھیں وہ واپس مانگ لیں[16]۔ یہ اللہ کا حکم ہے،

خواہ وہ جھوٹ بولے یا سچ۔ اِنھی قواعد کے مطابق علم حدیث میں بھی اُن روایات کو قبول کیا جائے گا جن کے راویوں کا ظاہر حال ان کے راست باز ہونے کی شہادت دے رہا ہو، اِلّا یہ کہ کچھ دوسرے قرائن ایسے موجود ہوں جو کسی رِوایت کے قبول میں مانع ہوں۔

۱۵- مطلب یہ ہے کہ اُن کے کافر شوہروں کو اُن کے جو مہر واپس کیے جائیں گے وہی اِن عورتوں کے مہر شمار نہ ہوں گے، بلکہ اب جو مسلمان بھی ان میں سے کسی عورت سے نکاح کرنا چاہے وہ اُس کا مہر ادا کرے اور اس سے نکاح کرلے۔

۱۶- اِن آیات میں چار بڑے اہم حکم بیان کیے گئے ہیں، جن کا تعلق اسلام کے عائلی قانون سے بھی ہے اور بین الاقوامی قانون سے بھی:

اوّل یہ کہ جو عورت مسلمان ہو جائے، وہ اپنے کافر شوہر کے لیے حلال نہیں رہتی اور نہ کافر شوہر اس کے لیے حلال رہتا ہے۔

دوسرے یہ کہ جو منکوحہ عورت مسلمان ہو کر دار الکفر سے دار الاسلام میں ہجرت کر کے آئے اس کا نکاح آپ سے آپ ٹوٹ جاتا ہے، اور جو مسلمان بھی چاہے اس کا مہر دے کر اس سے نکاح کر سکتا ہے۔

تیسرے یہ کہ جو مرد مسلمان ہو جائے، اس کے لیے یہ جائز نہیں ہے کہ اس کی بیوی اگر کافر رہے تو وہ اسے اپنے نکاح میں روکے رکھے۔

چوتھے یہ کہ اگر دار الکفر اور دار الاسلام کے درمیان صلح کے تعلقات موجود ہوں تو اسلامی حکومت کو دار الکفر کی حکومت سے یہ معاملہ طے کرنے کی کوشش کرنی چاہیے کہ کفار کی جو منکوحہ عورتیں مسلمان ہو کر دار الاسلام میں ہجرت کر آئی ہوں، ان کے مہر مسلمانوں کی طرف سے واپس دے دیے جائیں، اور مسلمانوں کی منکوحہ کافر عورتیں

جو دار الکفر میں رہ گئی ہوں، ان کے مہر کفار کی طرف سے واپس مل جائیں۔

ان احکام کا تاریخی پس منظر یہ ہے کہ آغازِ اسلام میں بکثرت مرد ایسے تھے جنھوں نے اسلام قبول کرلیا مگر ان کی بیویاں مسلمان نہ ہوئیں، اور بہت سی عورتیں ایسی تھیں جو مسلمان ہوگئیں مگر ان کے شوہروں نے اسلام قبول نہ کیا۔ خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک صاحبزادی حضرت زینبؓ کے شوہر ابوالعاص غیر مسلم تھے اور کئی سال تک غیر مسلم رہے۔ ابتدائی دَور میں ایسا کوئی حکم نہیں دیا گیا تھا کہ مسلمان عورت کے لیے اس کا کافر شوہر اور مسلمان مرد کے لیے اس کی مشرک بیوی حلال نہیں ہے۔ اس لیے ان کے درمیان اِزدِواجی رشتہ برقرار رہے۔ ہجرت کے بعد بھی کئی سال تک یہ صورتِ حال رہی کہ بہت سی عورتیں مسلمان ہو کر ہجرت کر آئیں اور ان کے کافر شوہر دار الکفر میں رہے۔ اور بہت سے مسلمان مرد ہجرت کر کے آگئے اور ان کی کافر بیویاں دار الکفر میں رہ گئیں۔ مگر اس کے باوجود ان کے درمیان رشتۂ اِزدِواج قائم رہا۔ اس سے خاص طور پر عورتوں کے لیے بڑی پیچیدگی پیدا ہو رہی تھی، کیونکہ مرد تو دوسرے نکاح بھی کر سکتے تھے، مگر عورتوں کے لیے یہ ممکن نہ تھا کہ جب تک سابق شوہروں سے ان کا نکاح فسخ نہ ہو جائے، وہ کسی اور شخص سے نکاح کر سکیں۔ صلحِ حُدَیبِیَہ کے بعد جب یہ آیات نازل ہوئیں تو انھوں نے مسلمانوں اور کفار و مشرکین کے درمیان سابق کے اِزدِواجی رشتوں کو ختم کر دیا اور آیندہ کے لیے ان کے بارے میں ایک قطعی اور واضح قانون بنا دیا۔ فقہائے اسلام نے اس قانون کو چار بڑے بڑے عنوانات کے تحت مرتب کیا ہے:

ایک، وہ حالت جس میں زوجین دار الاسلام میں ہوں اور ان میں سے ایک مسلمان ہو جائے اور دوسرا کافر رہے۔

دوسرے، وہ حالت جس میں زوجین دار الکفر میں ہوں اور ان میں سے ایک مسلمان ہو جائے اور دوسرا کافر رہے۔

تیسرے، وہ حالت جس میں زوجین میں سے کوئی ایک مسلمان ہو کر دار الاسلام میں ہجرت کر کے آجائے اور دوسرا دار الکفر میں کافر رہے۔

چوتھے، وہ حالت جس میں مسلم زوجین میں سے کوئی ایک مرتد ہو جائے۔

ذیل میں ہم اِن چاروں حالتوں کے متعلق فقہا کے مسالک الگ الگ بیان کرتے ہیں:

(۱) پہلی صورت میں اگر اسلام شوہر نے قبول کیا ہو اور اس کی بیوی عیسائی یا یہودی ہو اور وہ اپنے دین پر قائم رہے، تو دونوں کے درمیان نکاح باقی رہے گا، کیونکہ مسلمان مرد کے لیے اہلِ کتاب بیوی جائز ہے۔ یہ امر تمام فقہا کے درمیان مُتّفق عَلَیہ ہے۔

اور اگر اسلام قبول کرنے والے مرد کی بیوی غیر اہلِ کتاب میں سے ہو اور وہ اپنے دین پر قائم رہے، تو حَنَفِیَہ اس کے متعلق کہتے ہیں کہ عورت کے سامنے اسلام پیش کیا جائے گا، قبول کرلے تو نکاح باقی رہے گا، نہ قبول کرے تو ان کے درمیان تفریق کر دی جائے گی۔ اس صورت میں اگر زوجین کے درمیان خَلْوَت ہو چکی ہو تو عورت مہر کی مستحق ہو گی، اور خَلْوَت نہ ہوئی ہو تو اس کو مہر پانے کا حق نہ ہو گا، کیونکہ فُرقت اُس کے انکار کی وجہ سے واقع ہوئی ہے۔ (اَلْمَبسُوط، ہِدایہ، فتح القدیر) امام شافعیؒ اور امام احمدؒ کہتے ہیں کہ اگر زوجین کے

درمیان خَلوَت نہ ہوئی ہو تو مرد کے اسلام قبول کرتے ہی عورت اس کے نکاح سے باہَر ہو جائے گی، اور اگر خَلوَت ہو چکی ہو تو عورت تین مرتبہ ایّامِ ماہواری آنے تک اس کے نکاح میں رہے گی، اِس دوران میں وہ خود اپنی مرضی سے اسلام قبول کرلے تو نکاح باقی رہے گا، ورنہ تیسری بار ایّام سے فارغ ہوتے ہی آپ سے آپ فسخ ہو جائے گا۔ امام شافعیؒ یہ بھی فرماتے ہیں کہ ذِمّیوں کو اُن کے مذہب سے تعرُّض نہ کرنے کی جو ضمانت ہماری طرف سے دی گئی ہے، اس کی بنا پر یہ دُرست نہیں ہے کہ عورت کے سامنے اسلام پیش کیا جائے۔ لیکن درحقیقت یہ ایک کمزور بات ہے، کیونکہ ایک ذمّی عورت کے مذہب سے تعرُّض تو اس صورت میں ہو گا جب کہ اس کو اسلام قبول کرنے پر مجبور کیا جائے۔ اُس سے صرف یہ کہنا کوئی بے جا تعرُّض نہیں ہے کہ تُو اسلام قبول کرلے تو اپنے شوہر کے ساتھ رہ سکے گی، ورنہ تجھے اس سے الگ کر دیا جائے گا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے زمانے میں اس کی نظیر پیش بھی آچکی ہے۔ عراق کے ایک مجوسی زمیندار نے اسلام قبول کیا اور اس کی بیوی کافر رہی۔ حضرت علیؓ نے اس کے سامنے اسلام پیش فرمایا۔ اور جب اس نے انکار کیا تب آپ نے دونوں کے درمیان تفریق کرا دی۔ (اَلْمَبْسُوط) امام مالکؒ کہتے ہیں کہ اگر خَلوَت نہ ہو چکی ہو تو مرد کے اسلام لاتے ہی اس کی کافر بیوی اس سے فوراً جدا ہو جائے گی، اور اگر خَلوَت ہو چکی ہو تو عورت کے سامنے اسلام پیش کیا جائے گا، اور اس کے انکار کی صورت میں جدائی واقع ہو جائے گی۔ (اَلْمُغْنِی لابنِ قُدامہ)

اور اگر اسلام عورت نے قبول کیا ہو اور مرد کافر رہے، خواہ وہ اہلِ کتاب میں سے ہو یا غیر اہلِ کتاب میں سے، تو حَنَفِیَہ کہتے ہیں کہ دونوں میں خلوت ہو چکی ہو یا نہ ہوئی ہو، ہر صورت میں شوہر کے سامنے اسلام پیش کیا جائے گا۔ قبول کرلے تو عورت اس کے نکاح میں رہے گی، انکار کر دے تو قاضی دونوں میں تفریق کرا دے گا۔ اس دوران میں جب تک مرد اسلام سے انکار نہ کرے، عورت اس کی بیوی تو رہے گی مگر اس کو مقاربت کا حق نہ ہو گا۔ شوہر کے انکار کی صورت میں تفریق طلاقِ بائن کے حکم میں ہوگی۔ اگر اس سے پہلے خلوت نہ ہوئی ہو تو عورت نصف مہر پانے کی حق دار ہوگی، اور خلوت ہو چکی ہو تو عورت پورا مہر بھی پائے گی اور عدّت کا نَفَقَہ بھی۔ (اَلْمَبْسُوط، ہِدایہ، فتح القدیر) امام شافعیؒ کے نزدیک خَلوَت نہ ہونے کی صورت میں عورت کے اسلام قبول کرتے ہی نکاح فسخ ہو جائے گا، اور خلوت ہونے کی صورت میں عدّت ختم ہونے تک عورت اس مرد کے نکاح میں رہے گی۔ اس مدّت کے اندر وہ اسلام قبول کرلے تو نکاح باقی رہے گا، ورنہ عدّت گزرتے ہی جُدائی واقع ہو جائے گی۔ لیکن مرد کے معاملے میں بھی امام شافعیؒ نے وہی رائے ظاہر کی ہے جو عورت کے معاملے میں اُوپر منقول ہوئی کہ اس کے سامنے اسلام پیش کرنا جائز نہیں ہے، اور یہ مسلک بہت کمزور ہے۔ حضرت عمرؓ کے زمانے میں متعدِّد واقعات ایسے پیش آئے ہیں کہ عورت نے اسلام قبول کرلیا اور مرد سے اسلام لانے کے لیے کہا گیا، اور جب اس نے انکار کر دیا تو دونوں کے درمیان تفریق کرا دی گئی۔ مثلاً بنی تَغلِب کے ایک عیسائی کی بیوی کا معاملہ ان کے سامنے پیش ہوا۔ انھوں نے مرد سے کہا: یا تو تُو اسلام قبول کرلے ورنہ مَیں تم دونوں کے درمیان تفریق کردوں گا۔ اس نے انکار کیا اور آپ نے تفریق

کی ڈگری دے دی۔ بَہزُالمِلک کی ایک نومسلم زمیندارنی کا مُقدَمہ اُن کے پاس بھیجا گیا۔ اس کے معاملے میں بھی انھوں نے حکم دیا کہ اس کے شوہر کے سامنے اسلام پیش کیا جائے، اگر وہ قبول کر لے تو بہتر، ورنہ دونوں میں تفریق کرا دی جائے۔ یہ واقعات صحابۂ کرامؓ کے سامنے پیش آئے تھے اور کسی کا اختلاف منقول نہیں ہے۔ (احکام القرآن للجَصّاص، المبسوط، فتح القدیر) امام مالکؒ کی رائے اس معاملے میں یہ ہے کہ اگر خَلْوَت سے پہلے عورت مسلمان ہو جائے تو شوہر کے سامنے اسلام پیش کیا جائے، وہ قبول کر لے تو بہتر ورنہ فوراً تفریق کرا دی جائے۔ اور اگر خلوت ہو چکی ہو اور اس کے بعد عورت اسلام لائی ہو تو زمانۂ عدّت ختم ہونے تک انتظار کیا جائے، اس مدّت میں شوہر اسلام قبول کر لے تو نکاح باقی رہے گا، ورنہ عدّت گزرتے ہی فُرقَت واقع ہو جائے گی۔ امام احمدؒ کا ایک قول امام شافعیؒ کی تائید میں ہے، اور دوسرا قول یہ ہے کہ زوجین کے درمیان اختلافِ دین واقع ہو جانا بہرحال فوری تفریق کا موجب ہے، خواہ خلوت ہوئی ہو یا نہ ہوئی ہو۔ (المُغْنی)

(۲) دارالکفر میں اگر عورت مسلمان ہو جائے اور مرد کافر رہے، یا مرد مسلمان ہو جائے اور اس کی بیوی (جو عیسائی یا یہودی نہ ہو بلکہ کسی غیر کتابی مذہب کی ہو) اپنے مذہب پر قائم رہے، تو حَنفِیّہ کے نزدیک خواہ اُن کے درمیان خلوت ہوئی ہو یا نہ ہوئی ہو، تفریق واقع نہ ہو گی جب تک عورت کو تین مرتبہ ایّامِ ماہواری نہ آ جائیں، یا اس کے غیر حائضہ ہونے کی صورت میں تین مہینے نہ گزر جائیں۔ اس دوران میں اگر دوسرا فریق بھی مسلمان ہو جائے تو نکاح باقی رہے گا، ورنہ یہ مدّت گزرتے ہی فرقت واقع ہو جائے گی۔ امام شافعیؒ اس معاملے میں بھی خلوت اور عَدَم خلوت کے درمیان فرق کرتے ہیں۔ ان کی رائے یہ ہے کہ اگر خلوت نہ ہوئی ہو تو زوجین کے درمیان دین کا اختلاف واقع ہوتے ہی فُرقَت ہو جائے گی، اور اگر خلوت ہو جانے کے بعد دین کا اختلاف رُونما ہُوا ہو تو عدّت کی مدّت ختم ہونے تک ان کا نکاح باقی رہے گا۔ اِس دوران میں اگر دوسرا فریق اسلام قبول نہ کرے تو عدّت ختم ہونے کے ساتھ ہی نکاح بھی ختم ہو جائے گا۔ (المبسوط، فتح القدیر، احکام القرآن للجَصّاص)

(۳) جس صورت میں زوجین کے درمیان اختلافِ دین کے ساتھ اختلافِ دار بھی واقع ہو جائے، یعنی ان میں سے کوئی ایک دارالکفر میں کافر رہے اور دوسرا دارالاسلام کی طرف ہجرت کر جائے، اس کے متعلق حَنفِیّہ کہتے ہیں کہ دونوں کے درمیان نکاح کا تعلق آپ سے آپ ختم ہو جائے گا۔ اگر ہجرت کرنے والی عورت ہو تو اسے فوراً دوسرا نکاح کر لینے کا حق حاصل ہے، اس پر کوئی عدّت نہیں ہے، البتہ مقاربت کے لیے اس کے شوہر کو اِستبرائے رحم کی خاطر ایک مرتبہ ایّامِ ماہواری آ جانے تک انتظار کرنا ہوگا، اور اگر وہ حاملہ ہو تب بھی نکاح ہو سکتا ہے، مگر مقاربت کے لیے وضعِ حمل تک انتظار کرنا ہوگا۔ امام ابو یُوسُفؒ اور امام محمدؒ نے اس مسئلے میں امام ابوحنیفہؒ سے صرف اتنا اختلاف کیا ہے کہ ان کے نزدیک عورت پر عدّت لازم ہے، اور اگر وہ حاملہ ہو تو وضعِ حمل سے پہلے اس کا نکاح نہیں ہو سکتا۔ (المبسوط، ہدایہ، احکام القرآن للجَصّاص) امام شافعیؒ، امام احمدؒ اور امام مالکؒ کہتے ہیں کہ اختلافِ دار کا اس معاملے میں کوئی دخل نہیں ہے، بلکہ اصل چیز صرف اختلافِ دین ہے۔ یہ اختلاف اگر زوجین میں واقع ہو جائے تو احکام وہی ہیں جو دارالاسلام میں زوجین کے درمیان یہ اختلاف واقع ہونے کے احکام ہیں۔ (المُغْنی) امام شافعیؒ اپنی مذکورۂ بالا

رائے کے ساتھ ساتھ ہجرت کر کے آنے والی مسلمان عورت کے معاملے میں یہ رائے بھی ظاہر کرتے ہیں کہ اگر وہ اپنے کافر شوہر سے لڑ کر اس کے حقِ زوجیت کو ساقط کرنے کے ارادے سے آئی ہو تو اختلافِ دار کی بنا پر نہیں بلکہ اس کے اِس قصد کی بنا پر فوراً فُرقت واقع ہو جائے گی۔ (المبسوط وہدایہ)

لیکن قرآنِ مجید کی زیرِ بحث آیت پر غور کرنے سے صاف محسوس ہوتا ہے کہ اس معاملے میں صحیح ترین رائے وہی ہے جو امام ابوحنیفہؒ نے ظاہر فرمائی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے یہ آیت ہجرت کر کے آنے والی مومن عورتوں ہی کے بارے میں نازل فرمائی ہے، اور انھی کے حق میں یہ فرمایا ہے کہ وہ اپنے اُن کافر شوہروں کے لیے حلال نہیں رہیں جنھیں وہ دار الکفر میں چھوڑ آئی ہیں، اور دار الاسلام کے مسلمانوں کو اجازت دی ہے کہ وہ ان کے مہر ادا کر کے ان سے نکاح کر لیں۔ دوسری طرف مہاجر مسلمانوں سے خطاب کر کے یہ فرمایا ہے کہ اپنی اُن کافر بیویوں کو اپنے نکاح میں نہ روکے رکھو جو دار الکفر میں رہ گئی ہیں، اور کفار سے اپنے وہ مہر واپس مانگ لو جو تم نے ان عورتوں کو دیے تھے۔ ظاہر ہے کہ یہ صرف اختلافِ دین ہی کے احکام نہیں ہیں، بلکہ اِن احکام کو جس چیز نے یہ خاص شکل دے دی ہے، وہ اختلافِ دار ہے۔ اگر ہجرت کی بنا پر مسلمان عورتوں کے نکاح اُن کے کافر شوہروں سے ٹوٹ نہ گئے ہوتے تو مسلمانوں کو اُن سے نکاح کر لینے کی اجازت کیسے دی جا سکتی تھی، اور وہ بھی اِس طرح کہ اِس اجازت میں عدّت کی طرف کوئی اشارہ تک نہیں ہے۔ اسی طرح اگر لَا تُمْسِكُوْا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ کا حکم آ جانے کے بعد بھی مسلمان مہاجرین کی کافر بیویاں ان کے نکاح میں باقی رہ گئی ہوتیں تو ساتھ ساتھ یہ حکم بھی دیا جاتا کہ انھیں طلاق دے دو۔ مگر یہاں اُس کی طرف بھی کوئی اشارہ نہیں۔ بلا شبہ یہ صحیح ہے کہ اس آیت کے نُزول کے بعد حضرت عمرؓ اور حضرت طلحہؓ اور بعض دوسرے مہاجرین نے اپنی بیویوں کو طلاق دے دی تھی۔ مگر یہ اس بات کا ثبوت نہیں ہے کہ اُن کے لیے ایسا کرنا ضروری تھا، اور ان بیویوں کے ساتھ تعلقِ زوجیت کا انقطاع اُن کے طلاق دینے پر موقوف تھا، اور اگر وہ طلاق نہ دیتے تو وہ بیویاں اُن کے نکاح میں باقی رہ جاتیں۔

اس کے جواب میں عہدِ نبویؐ کے تین واقعات کی نظیریں پیش کی جاتی ہیں، جن کو اس امر کا ثبوت قرار دیا جاتا ہے کہ اِن آیات کے نُزول کے بعد بھی نبی صلی اللہ علیہ وسلّم نے اختلافِ دار کے باوجود مومن اور کافر زوجین کے درمیان نکاح کا تعلق برقرار رکھا۔ پہلا واقعہ یہ ہے کہ فتحِ مکہ سے ذرا پہلے ابوسُفیان مَرُّالظَّہران (موجودہ وادیِ فاطمہ) کے مقام پر لشکرِ اسلام میں آئے اور یہاں انھوں نے اسلام قبول کر لیا اور اُن کی بیوی ہِند مکّے میں کافر رہیں۔ پھر فتحِ مکّہ کے بعد ہِند نے اسلام قبول کیا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلّم نے تجدیدِ نکاح کے بغیر ہی اُن کو سابق نکاح پر برقرار رکھا۔ دوسرا واقعہ یہ ہے کہ فتحِ مکہ کے بعد عِکرِمہ بن ابی جہل اور حکیم بن حِزام مکّے سے فرار ہو گئے اور ان کے پیچھے دونوں کی بیویاں مسلمان ہو گئیں۔ پھر انھوں نے حضورؐ سے اپنے شوہروں کے لیے امان لے لی اور جا کر اُن کو لے آئیں۔ دونوں اصحاب نے حاضر ہو کر اسلام قبول کر لیا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلّم نے ان کے بھی سابق نکاحوں کو برقرار رکھا۔ تیسرا واقعہ حضورؐ کی اپنی صاحبزادی حضرت زینبؓ کا ہے جو ہجرت کر کے مدینہ تشریف لے آئی تھیں اور ان کے شوہر ابو العاص

بحالتِ کفر مکّہ ہی میں مقیم رہ گئے تھے۔ ان کے متعلق مُسنَدِ احمد، ابوداؤد، ترمذِی اور ابنِ ماجہ میں ابنِ عباسؓ کی روایت یہ ہے کہ وہ ۸ھ میں مدینے آ کر مسلمان ہوئے اور حضورؐ نے تجدیدِ نکاح کے بغیر سابق نکاح ہی پر صاحبزادی کو ان کی زوجیت میں رہنے دیا۔ لیکن ان میں سے پہلے دو واقعے تو درحقیقت اختلافِ دار کی تعریف ہی میں نہیں آتے، کیونکہ اختلافِ دار اِس چیز کا نام نہیں ہے کہ ایک شخص عارضی طور پر ایک دار سے دوسرے دار کی طرف چلا گیا یا فرار ہو گیا، بلکہ یہ اختلاف صرف اُس صورت میں واقع ہوتا ہے جب کوئی آدمی ایک دار سے منتقل ہو کر دوسرے دار میں آباد ہو جائے، اور اس کے اور اس کی بیوی کے درمیان موجودہ زمانے کی اصطلاح کے مطابق ’’قومیّت‘‘ (nationality) کا فرق واقع ہو جائے۔ رہا سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کا معاملہ، تو اس کے بارے میں دو روایتیں ہیں: ایک روایت ابنِ عباسؓ کی ہے جس کا حوالہ اُوپر دیا گیا ہے، اور دوسری روایت حضرت عبداللہ بن عَمرؓو بن عاص کی ہے، جس کو امام احمد، ترمذِی اور ابنِ ماجہ نے نقل کیا ہے۔ اس دوسری روایت میں بیان کیا گیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے صاحبزادی کو جدید نکاح اور جدید مہر کے ساتھ پھر ابوالعاصؓ ہی کی زوجیت میں دے دیا۔ اس اختلافِ روایت کی صورت میں اوّل تو یہ نظیر اُن حضرات کے لیے قطعی دلیل نہیں رہتی جو اختلافِ دار کی قانونی تاثیر کا انکار کرتے ہیں۔ دوسرے، اگر وہ ابنِ عباسؓ ہی کی روایت کے صحیح ہونے پر اصرار کریں تو یہ اُن کے مسلک کے خلاف پڑتی ہے۔ کیونکہ اُن کے مسلک کی رُو سے تو جن میاں بیوی کے درمیان اختلافِ دین واقع ہو گیا ہو اور وہ باہم خلوت کر چکے ہوں، اُن کا نکاح عورت کو صرف تین مرتبہ ایامِ ماہواری آنے تک باقی رہتا ہے، اِس دوران میں دوسرا فریق اسلام قبول کر لے تو زوجیت قائم رہتی ہے، ورنہ تیسری بار ایام آتے ہی نکاح آپ سے آپ فسخ ہو جاتا ہے۔ لیکن حضرت زینبؓ کے جس واقعے سے وہ اِستدلال کرتے ہیں، اس میں زوجین کے درمیان اختلافِ دین واقع ہوئے کئی سال گزر چکے تھے، حضرت زینبؓ کی ہجرت کے چھ سال بعد ابوالعاصؓ ایمان لائے تھے، اور ان کے ایمان لانے سے کم از کم دو سال پہلے قرآن میں وہ حکم نازل ہو چکا تھا جس کی رُو سے مسلمان عورت مشرکین پر حرام کر دی گئی تھی۔

(۴) چوتھا مسئلہ ارتداد کا ہے۔ اس کی ایک صورت یہ ہے کہ زوجین ایک ساتھ مرتد ہو جائیں، اور دوسری صورت یہ ہے کہ ان میں سے کوئی ایک مرتد ہو اور دوسرا مسلمان رہے۔

اگر زوجین ایک ساتھ مرتد ہو جائیں تو شافعیہ اور حنابلہ کہتے ہیں کہ خَلوَت سے پہلے ایسا ہو تو فوراً، اور خلوت کے بعد ہو تو عدّت کی مدّت ختم ہوتے ہی دونوں کا وہ نکاح ختم ہو جائے گا جو حالتِ اسلام میں ہوا تھا۔ اس کے برعکس حَنفِیَہ کہتے ہیں کہ اگرچہ قیاس یہی کہتا ہے کہ ان کا نکاح فسخ ہو جائے، لیکن حضرت ابوبکرؓ کے زمانے میں جو فتنۂ ارتداد برپا ہوا تھا، اس میں ہزارہا آدمی مرتد ہوئے، پھر مسلمان ہو گئے، اور صحابۂ کرامؓ نے کسی کو بھی تجدیدِ نکاح کا حکم نہیں دیا، اس لیے ہم صحابہؓ کے مُتّفقہ فیصلے کو قبول کرتے ہوئے خلافِ قیاس یہ بات تسلیم کرتے ہیں کہ زوجین کے ایک ساتھ مرتد ہونے کی صورت میں ان کے نکاح نہیں ٹوٹتے۔ (المبسوط، ہِدایہ، فتح القدیر، الفقہ علی المذاہب الاربعہ)

يَحۡكُمُ بَيۡنَكُمۡ ؕ وَ اللّٰهُ عَلِيۡمٌ حَكِيۡمٌ ۝١٠ وَ اِنۡ فَاتَكُمۡ شَىۡءٌ مِّنۡ
اَزۡوَاجِكُمۡ اِلَى الۡكُفَّارِ فَعَاقَبۡتُمۡ فَاٰتُوا الَّذِيۡنَ ذَهَبَتۡ اَزۡوَاجُهُمۡ
مِّثۡلَ مَاۤ اَنۡفَقُوۡا ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِىۡۤ اَنۡتُمۡ بِهٖ مُؤۡمِنُوۡنَ ۝١١

وہ تمھارے درمیان فیصلہ کرتا ہے اور اللہ علیم و حکیم ہے۔ اور اگر تمھاری کافر بیویوں کے مَہروں میں سے کچھ تمھیں کفّار سے واپس نہ ملے اور پھر تمھاری نوبت آئے تو جن لوگوں کی بیویاں اُدھر رہ گئی ہیں اُن کو اُتنی رقم ادا کر دو جو اُن کے دیے ہوئے مَہروں کے برابر ہو۔[۱۷] اور اُس خدا سے ڈرتے رہو جس پر تم ایمان لائے ہو۔

اگر شوہر مرتد ہو جائے اور عورت مسلمان رہے، تو حَنَفِیَہ اور مالکیہ کے نزدیک فوراً نکاح ٹوٹ جائے گا، خواہ ان کے درمیان پہلے خلوت ہو چکی ہو یا نہ ہوئی ہو۔ لیکن شافعیہ اور حنابلہ اس میں خَلوَت سے پہلے اور خلوت کے بعد کی حالت کے درمیان فرق کرتے ہیں۔ اگر خلوت سے پہلے ایسا ہوا ہو تو فوراً نکاح فسخ ہو جائے گا، اور خلوت کے بعد ہوا ہو تو زمانۂ عدّت تک باقی رہے گا، اِس دوران میں وہ شخص مسلمان ہو جائے تو زوجیت برقرار رہے گی، ورنہ عدّت ختم ہوتے ہی اس کے ارتداد کے وقت سے نکاح فسخ شدہ شمار کیا جائے گا، یعنی عورت کو پھر کوئی نئی عدّت گزارنی نہ ہوگی۔ چاروں فقہا کا اس پر اتفاق ہے کہ خَلوَت سے پہلے یہ معاملہ پیش آیا ہو تو عورت کو نصف مہر، اور خلوت کے بعد پیش آیا تو پُورا مَہر پانے کا حق ہوگا۔

اور اگر عورت مرتد ہو گئی ہو تو حَنَفِیَہ کا قدیم فتویٰ یہ تھا کہ اِس صورت میں بھی نکاح فوراً فسخ ہو جائے گا، لیکن بعد کے دَور میں علمائے بَلخ و سمرقند نے یہ فتویٰ دیا کہ عورت کے مرتد ہونے سے فوراً فُرقَت واقع نہیں ہوتی، اور اِس سے ان کا مقصد اِس امر کی روک تھام کرنا تھا کہ شوہروں سے پیچھا چھڑانے کے لیے عورتیں کہیں ارتداد کا راستہ اختیار نہ کرنے لگیں۔ مالکیہ کا فتویٰ بھی اِس سے ملتا جُلتا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ اگر قرائن یہ بتا رہے ہوں کہ عورت نے محض شوہر سے علیحدگی حاصل کرنے کے لیے بطورِ حیلہ ارتداد اختیار کیا ہے تو فُرقَت واقع نہ ہوگی۔ شافعیہ اور حنابلہ کہتے ہیں کہ عورت کے ارتداد کی صورت میں بھی قانون وہی ہے جو مرد کے ارتداد کی صورت میں ہے، یعنی خَلوَت سے پہلے مرتد ہو تو فوراً نکاح فسخ ہو جائے گا، اور خَلوَت کے بعد ہو تو زمانۂ عدّت گزرنے تک نکاح باقی رہے گا، اِس دوران میں وہ مسلمان ہو جائے تو زوجیت کا رشتہ برقرار رہے گا، ورنہ عدت گزرتے ہی نکاح وقتِ ارتداد سے فسخ شمار ہوگا۔ مہر کے بارے میں یہ امر مُتَّفَق عَلَیہ ہے کہ خلوت سے پہلے اگر عورت مرتد ہوئی ہے تو اسے

کوئی مہر نہ ملے گا، اور اگر خَلوَت کے بعد اس نے ارتداد اختیار کیا ہو تو وہ پورا مہر پائے گی۔ (المبسوط، ہدایہ، فتح القدیر، المُغنی، الفقہ علی المذاہب الاربعہ)

۱۷۔ اس معاملے کی دو صورتیں تھیں اور اس آیت کا انطباق دونوں صورتوں پر ہوتا ہے:

ایک صورت یہ تھی کہ جن کفار سے مسلمانوں کے مُعاہدانہ تعلقات تھے ان سے مسلمانوں نے یہ معاملہ طے کرنا چاہا کہ جو عورتیں ہجرت کر کے ہماری طرف آ گئی ہیں، اُن کے مہر ہم واپس کر دیں گے، اور ہمارے آدمیوں کی جو کافر بیویاں اُدھر رہ گئی ہیں اُن کے مہر تم واپس کر دو۔ لیکن انھوں نے اس بات کو قبول نہ کیا۔ چنانچہ امام زُہریؒ بیان کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے حکم کی پیروی کرتے ہوئے مسلمان اُن عورتوں کے مہر واپس دینے کے لیے تیار ہو گئے جو مشرکین کے پاس مکّے میں رہ گئی تھیں، مگر مشرکوں نے اُن عورتوں کے مہر واپس دینے سے انکار کر دیا جو مسلمانوں کے پاس ہجرت کر کے آ گئی تھیں۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے حکم دیا کہ مہاجر عورتوں کے جو مہر تمھیں مشرکین کو واپس کرنے ہیں وہ ان کو بھیجنے کے بجائے مدینے ہی میں جمع کر لیے جائیں، اور جن لوگوں کو مشرکین سے اپنے دیے ہوئے مہر واپس لینے ہیں اُن میں سے ہر ایک کو اتنی رقم دے دی جائے جو اُسے کفار سے وصول ہونی چاہیے تھی۔

دوسری صورت یہ تھی کہ جن کفار سے مسلمانوں کے معاہدانہ تعلقات نہ تھے، اُن کے علاقوں سے بھی متعدِّد آدمی اسلام قبول کر کے دار الاسلام میں آ گئے تھے اور اُن کی کافر بیویاں وہاں رہ گئی تھیں۔ اسی طرح بعض عورتیں بھی مسلمان ہو کر ہجرت کر آئی تھیں اور ان کے کافر شوہر وہاں رہ گئے تھے۔ ان کے بارے میں یہ فیصلہ کر دیا گیا کہ دار الاسلام ہی میں اَدلے کا بدلہ چُکا دیا جائے۔ جب کفار سے کوئی مہر واپس نہیں ملنا ہے تو انھیں بھی کوئی مہر واپس نہ کیا جائے۔ اِس کے بجائے جو عورت اِدھر آ گئی ہے، اس کے بدلے کا مہر اُس شخص کو ادا کر دیا جائے جس کی بیوی اُدھر رہ گئی ہے۔

لیکن اگر اِس طرح حساب برابر نہ ہو سکے، اور جن مسلمانوں کی بیویاں اُدھر رہ گئی ہیں اُن کے وصول طلب مہر ہجرت کر کے آنے والی مسلمان عورتوں کے مہروں سے زیادہ ہوں، تو حکم دیا گیا کہ اُس مالِ غنیمت سے باقی رقمیں ادا کر دی جائیں جو کفّار سے لڑائی میں مسلمانوں کے ہاتھ آئے ہوں۔ ابنِ عباسؓ کی روایت ہے کہ جس شخص کے حصّے کا مہر وصول طلب رہ جاتا تھا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم یہ حکم دیتے تھے کہ اس کے نقصان کی تلافی مالِ غنیمت سے کر دی جائے۔ (ابنِ جَریر) اسی مسلک کو عطاء، مجاہد، زُہری، مَسرُوق، ابراہیم نَخَعی، قَتَادَہ، مُقاتِل اور ضَحّاک نے اختیار کیا ہے۔ یہ سب حضرات کہتے ہیں کہ جن لوگوں کے مہر کفّار کی طرف رہ گئے ہوں، ان کا بدلہ کفار سے ہاتھ آئے ہوئے مجموعی مالِ غنیمت میں سے ادا کیا جائے، یعنی تقسیم غنائم سے پہلے ان لوگوں کے فوت شدہ مہر ان کو دے دیے جائیں اور اس کے بعد تقسیم ہو، جس میں وہ لوگ بھی دوسرے سب مجاہدین کے ساتھ برابر کا حصّہ پائیں۔ بعض فقہا یہ بھی کہتے ہیں کہ صرف اموالِ غنیمت ہی نہیں، اموالِ فَے میں سے بھی ایسے لوگوں کے نقصان کی تلافی کی جا سکتی ہے۔ لیکن اہلِ علم کے ایک بڑے گروہ نے اس مسلک کو قبول نہیں کیا ہے۔

يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا جَآءَكَ الْمُؤْمِنٰتُ يُبَايِعْنَكَ عَلٰۤى اَنْ لَّا
يُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ شَيْـًٔا وَّ لَا يَسْرِقْنَ وَ لَا يَزْنِيْنَ وَ لَا يَقْتُلْنَ
اَوْلَادَهُنَّ وَ لَا يَاْتِيْنَ بِبُهْتَانٍ يَّفْتَرِيْنَهٗ بَيْنَ اَيْدِيْهِنَّ وَ اَرْجُلِهِنَّ وَ
لَا يَعْصِيْنَكَ فِيْ مَعْرُوْفٍ فَبَايِعْهُنَّ وَ اسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللّٰهَ ؕ

---

اے نبیؐ! جب تمھارے پاس مومن عورتیں بیعت کرنے کے لیے آئیں[18] اور اس بات کا عہد کریں کہ وہ اللہ کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ کریں گی، چوری نہ کریں گی[19]، زِنا نہ کریں گی، اپنی اولاد کو قتل نہ کریں گی[20]، اپنے ہاتھ پاؤں کے آگے کوئی بہتان گھڑ کر نہ لائیں گی[21]، اور کسی امرِ معروف میں تمھاری نافرمانی نہ کریں گی[22]، تو اِن سے بیعت لے[23] لو اور اُن کے حق میں اللہ سے دُعائے مغفرت کرو،

---

۱۸ – جیسا کہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں، یہ آیت فتحِ مکّہ سے کچھ پہلے نازل ہوئی تھی۔ اس کے بعد جب مکّہ فتح ہوا تو قریش کے لوگ جُوق دَر جُوق حضورؐ سے بیعت کرنے کے لیے حاضر ہونے لگے۔ آپؐ نے مَردوں سے کوہِ صفا پر خود بیعت لی اور حضرت عمرؓ کو اپنی طرف سے مامور فرمایا کہ وہ عورتوں سے بیعت لیں اور اُن باتوں کا اقرار کرائیں جو اس آیت میں بیان ہوئی ہیں۔ (ابن جَریر بروایتِ ابن عباسؓ۔ ابنِ ابی حاتم بروایتِ قَتادہ) پھر مدینہ واپس تشریف لے جا کر آپؐ نے ایک مکان میں انصار کی خواتین کو جمع کرنے کا حکم دیا اور حضرت عمرؓ کو ان سے بیعت لینے کے لیے بھیجا۔ (ابنِ جَریر، ابنِ مَرْدُوْیَہ، بزّار، ابن حِبّان، بروایتِ اُمِّ عَطِیَّہ انصاریہؓ) عید کے روز بھی مردوں کے درمیان خطبہ دینے کے بعد آپؐ عورتوں کے مجمع کی طرف تشریف لے گئے اور وہاں اپنے خطبے کے دوران میں آپؐ نے یہ آیت تلاوت کر کے اِن باتوں کا عہد لیا جو اس آیت میں مذکور ہوئی ہیں۔ (بخاری، بروایتِ ابنِ عباسؓ) اِن مواقع کے علاوہ بھی مختلف اوقات میں عورتیں فرداً فرداً بھی اور اجتماعی طور پر بھی آپؐ کی خدمت میں حاضر ہو کر بیعت کرتی رہیں، جن کا ذکر متعدّد احادیث میں آیا ہے۔

۱۹ – مکّۂ معظمہ میں جب عورتوں سے بیعت لی جا رہی تھی اُس وقت حضرت ابوسفیانؓ کی بیوی ہِندؓ بنتِ عُتبہ نے اس حکم کی تشریح دریافت کرتے ہوئے حضورؐ سے عرض کیا: ''یا رسولؐ اللہ! ابوسفیان ذرا بخیل آدمی ہیں، کیا میرے اُوپر اِس میں کوئی گناہ ہے کہ میں اپنی اور اپنے بچّوں کی ضروریات کے لیے ان سے پُوچھے بغیر ان کے مال میں سے کچھ لیا کروں؟'' آپؐ نے فرمایا: ''نہیں، مگر بس معروف کی حد تک۔'' یعنی بس اُتنا مال لے لو جو فی الواقع جائز ضروریات کے لیے کافی ہو۔ (احکام القرآن، ابنِ عَرَبی)

**۲۰ –** اس میں اِسقاطِ حمل بھی شامل ہے، خواہ وہ جائز حمل کا اِسقاط ہو یا ناجائز حمل کا۔

**۲۱ –** اس سے دو قسم کے بہتان مراد ہیں: ایک یہ کہ کوئی عورت دوسری عورتوں پر غیر مردوں سے آشنائی کی تہمتیں لگائے اور اس طرح کے قصّے لوگوں میں پھیلائے، کیونکہ عورتوں میں خاص طور پر اِن باتوں کے چرچے کرنے کی بیماری پائی جاتی ہے۔ دوسرا یہ کہ ایک عورت بچہ تو کسی کا جنے اور شوہر کو یقین دلائے کہ یہ تیرا ہی ہے۔ ابوداؤد میں حضرت ابوہریرہؓ کی روایت ہے کہ انھوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ ”جو عورت کسی خاندان میں کوئی ایسا بچہ گھسالائے جو اُس خاندان کا نہیں ہے، اس کا اللہ سے کوئی واسطہ نہیں، اور اللہ اُسے کبھی جنت میں داخل نہ کرے گا۔“

**۲۲ –** اِس مختصر سے فقرے میں دو بڑے اہم قانونی نِکات بیان کیے گئے ہیں:

پہلا نکتہ یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت پر بھی اطاعت فی المعروف کی قید لگائی گئی ہے، حالانکہ حضورؐ کے بارے میں اِس امر کے کسی ادنیٰ شبہے کی گنجایش بھی نہ تھی کہ آپؐ کبھی مُنکَر کا حکم بھی دے سکتے ہیں۔ اس سے خود بخود یہ بات واضح ہو گئی کہ دنیا میں کسی مخلوق کی اطاعت قانونِ خداوندی کے حُدود سے باہر جا کر نہیں کی جاسکتی، کیونکہ جب خدا کے رسولؐ تک کی اطاعت معروف کی شرط سے مشروط ہے، تو پھر کسی دوسرے کا یہ مقام کہاں ہوسکتا ہے کہ اسے غیر مشروط اطاعت کا حق پہنچے اور اس کے کسی ایسے حکم یا قانون یا ضابطے اور رسم کی پیروی کی جائے جو قانونِ خداوندی کے خلاف ہو۔ اِس قاعدے کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان الفاظ میں بیان فرمایا ہے: لا طاعة فی معصیة الله، انما الطاعة فی المعروف۔ ”اللہ کی نافرمانی میں کوئی اطاعت نہیں ہے، اطاعت صرف معروف میں ہے۔“ (مسلم، ابوداؤد، نَسائی) یہی مضمون اکابرِ اہلِ علم نے اس آیت سے مُستَنبَط کیا ہے۔ حضرت عبدالرحمٰن بن زید بن اسلمؒ فرماتے ہیں:

> ”اللہ تعالیٰ نے یہ نہیں فرمایا کہ وہ تمھاری نافرمانی نہ کریں، بلکہ فرمایا یہ ہے کہ وہ معروف میں تمھاری نافرمانی نہ کریں۔ پھر جب اللہ تعالیٰ نے نبی تک کی اطاعت کو اس شرط سے مشروط کیا ہے تو کسی اور شخص کے لیے یہ کیسے سزاوار ہوسکتا ہے کہ معروف کے سوا کسی معاملے میں اس کی اطاعت کی جائے۔“ (ابنِ جَریر)

امام ابوبکر جَصّاصؒ لکھتے ہیں:

> ”اللہ کو معلوم تھا کہ اُس کا نبی کبھی معروف کے سوا کسی چیز کا حکم نہیں دیتا، پھر بھی اس نے اپنے نبی کی نافرمانی سے منع کرتے ہوئے معروف کی شرط لگا دی، تا کہ کوئی شخص کبھی اس امر کی گنجایش نہ نکال سکے کہ ایسی حالت میں بھی سلاطین کی اطاعت کی جائے جب کہ اُن کا حکم اللہ کی اطاعت میں نہ ہو۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلّم کا ارشاد ہے کہ من اطاع مخلوقًا فی معصیة الخالق سلّط اللّٰه علیه ذٰلك المخلوق، یعنی جو شخص خالق کی معصیت میں کسی مخلوق کی اطاعت کرے، اللہ تعالیٰ اس پر

اُسی مخلوق کو مسلط کر دیتا ہے۔" (احکام القرآن)

علامہ آلوسیؒ فرماتے ہیں:

"یہ ارشاد اُن جاہلوں کے خیال کی تردید کرتا ہے جو سمجھتے ہیں کہ اُولی الامر کی اطاعت مُطلقاً لازم ہے۔ اللہ تعالیٰ نے تو رسول کی اطاعت پر بھی معروف کی قید لگا دی ہے، حالانکہ رسول کبھی معروف کے سوا کوئی حکم نہیں دیتا۔ اس سے مقصود لوگوں کو خبردار کرنا ہے کہ خالق کی معصیت میں کسی کی اطاعت جائز نہیں ہے۔" (رُوح المعانی)

پس درحقیقت یہ ارشاد اسلام میں قانون کی حکمرانی (rule of law) کا سنگِ بنیاد ہے۔ اُصولی بات یہ ہے کہ ہر کام جو اسلامی قانون کے خلاف ہو، جُرم ہے، اور کوئی شخص یہ حق نہیں رکھتا کہ ایسے کسی کام کا کسی کو حکم دے۔ جو شخص بھی خلافِ قانون حکم دیتا ہے وہ خود مجرم ہے، اور جو شخص اس حکم کی تعمیل کرتا ہے وہ بھی مُجرم ہے۔ کوئی ماتحت اِس عذر کی بنا پر سزا سے نہیں بچ سکتا کہ اس کے افسرِ بالا نے اسے ایک ایسے فعل کا حکم دیا تھا جو قانون میں جُرم ہے۔

دوسری بات جو آئینی حیثیت سے بڑی اہمیت رکھتی ہے، یہ ہے کہ اس آیت میں پانچ منفی احکام دینے کے بعد مثبت حکم صرف ایک ہی دیا گیا ہے، اور وہ یہ کہ تمام نیک کاموں میں نبی صلی اللہ علیہ وسلّم کے احکام کی اطاعت کی جائے گی۔ جہاں تک بُرائیوں کا تعلق ہے، وہ بڑی بڑی بُرائیاں گِنا دی گئیں جن میں زمانۂ جاہلیت کی عورتیں مبتلا تھیں اور ان سے باز رہنے کا عہد لے لیا گیا، مگر جہاں تک بھلائیوں کا تعلق ہے اُن کی کوئی فہرست دے کر عہد نہیں لیا گیا کہ تم فُلاں فُلاں اعمال کرو گی، بلکہ صرف یہ عہد لیا گیا کہ جس نیک کام کا بھی حضورؐ حکم دیں گے، اس کی پیروی تمھیں کرنی ہوگی۔ اب یہ ظاہر ہے کہ اگر وہ نیک اعمال صرف وہی ہوں جن کا حکم اللہ تعالیٰ نے قرآنِ مجید میں دیا ہے تو عہد اِن الفاظ میں لیا جانا چاہیے تھا کہ "تم اللہ کی نافرمانی نہ کرو گی" یا یہ کہ "تم قرآن کے احکام کی نافرمانی نہ کرو گی"۔ لیکن جب عہد اِن الفاظ میں لیا گیا کہ "جس نیک کام کا حکم بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم دیں گے، تم اس کی خلاف ورزی نہ کرو گی"، تو اس سے خود بخود یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ معاشرے کی اصلاح کے لیے حضوؐر کو وسیع ترین اختیارات دیے گئے ہیں اور آپؐ کے تمام احکام واجب الاطاعت ہیں، خواہ وہ قرآن میں موجود ہوں یا نہ ہوں۔

اِسی آئینی اختیار کی بنا پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم نے بیعت لیتے ہوئے اُن بہت سی بُرائیوں کے چھوڑنے کا عہد لیا جو اُس وقت عرب معاشرے کی عورتوں میں پھیلی ہوئی تھیں، اور متعدّد ایسے احکام دیے جو قرآن میں مذکور نہیں ہیں۔ اس کے لیے حسبِ ذیل احادیث مُلاحظہ ہوں:

ابنِ عباسؓ، اُمّ سَلَمہؓ اور اُمّ عَطِیہؓ انصاریہ وغیرہ کی روایات ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں سے بیعت لیتے وقت یہ عہد لیا کہ وہ مرنے والوں پر نوحہ نہ کریں گی۔ یہ روایات بخاری، مسلم، نَسائی اور ابنِ جَریر نے نقل کی ہیں۔

ابنِ عباسؓ کی ایک روایت میں یہ تفصیل ہے کہ حضورؐ نے حضرت عمرؓ کو عورتوں سے بیعت لینے کے لیے مامور کیا اور حکم دیا کہ ان کو نوحہ کرنے سے منع کریں، کیونکہ زمانۂ جاہلیت میں عورتیں مرنے والوں پر نوحہ کرتے ہوئے کپڑے پھاڑتی تھیں، منہ نوچتی تھیں، بال کاٹتی تھیں اور سخت واویلا مچاتی تھیں۔ (ابنِ جَریر)

زید بن اسلمؒ روایت کرتے ہیں کہ آپؐ نے بیعت لیتے وقت عورتوں کو اس سے منع کیا کہ وہ مرنے والوں پر نوحہ کرتے ہوئے اپنے منہ نوچیں اور گریبان پھاڑیں اور واویلا کریں اور شعر گا گا کر بَین کریں۔ (ابنِ جریر) اسی کی ہم معنیٰ ایک روایت ابنِ ابی حاتم اور ابنِ جَریر نے ایک ایسی خاتون سے نقل کی ہے جو بیعت کرنے والیوں میں شامل تھیں۔

قَتَادَہ اور حَسَن بصری رحمہما اللہ کہتے ہیں کہ جو عہد حضورؐ نے بیعت لیتے وقت عورتوں سے لیے تھے، ان میں سے ایک یہ بھی تھا کہ وہ غیر مَحْرَم مَردوں سے بات نہ کریں گی۔ ابنِ عباسؓ کی روایت میں اس کی یہ وضاحت ہے کہ غیر مردوں سے تخلیے میں بات نہ کریں گی۔ قَتَادَہؒ نے مزید وضاحت یہ کی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد سُن کر حضرت عبدالرحمٰنؓ بن عَوف نے عرض کیا: یا رسولؐ اللہ! کبھی ایسا ہوتا ہے کہ ہم گھر پر نہیں ہوتے اور ہمارے ہاں کوئی صاحب ملنے آ جاتے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا: میری مراد یہ نہیں ہے۔ یعنی عورت کا کسی آنے والے سے اتنی بات کہہ دینا ممنوع نہیں ہے کہ صاحبِ خانہ گھر میں موجود نہیں ہیں۔ (یہ روایات ابنِ جریر اور ابنِ ابی حاتم نے نقل کی ہیں)۔

حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی خالہ اُمَیمہؓ بنت رُقَیقَہ سے حضرت عبداللہؓ بن عَمرو بن العاص نے یہ روایت نقل کی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے یہ عہد لیا کہ نَوحہ نہ کرنا اور جاہلیت کے سے بناؤ سنگھار کر کے اپنی نمایش نہ کرنا۔ (مُسنَدِ احمد، ابنِ جَریر)

حضورؐ کی ایک خالہ سلمیٰؓ بنتِ قَیس کہتی ہیں کہ مَیں انصار کی چند عورتوں کے ساتھ بیعت کے لیے حاضر ہوئی تو آپؐ نے قرآن کی اِس آیت کے مطابق ہم سے عہد لیا، پھر فرمایا: **ولا تغششن ازواجکن** ’’اپنے شوہروں سے دھوکے بازی نہ کرنا۔‘‘ جب ہم واپس ہونے لگیں تو ایک عورت نے مجھ سے کہا کہ جا کر حضورؐ سے پوچھو: شوہروں سے دھوکے بازی کرنے کا کیا مطلب ہے؟ مَیں نے جا کر پوچھا تو آپؐ نے فرمایا: **تاخذ ماله فتحابی غیرہ** ’’یہ کہ تو اُس کا مال لے اور دوسروں پر لُٹائے۔‘‘ (مُسنَدِ احمد)

اُمِّ عَطِیہؓ فرماتی ہیں کہ حضورؐ نے بیعت لینے کے بعد ہمیں حکم دیا کہ ہم عیدین کی جماعت میں حاضر ہوا کریں گی، البتہ جمعہ ہم پر فرض نہیں ہے، اور جنازوں کے ساتھ جانے سے ہمیں منع فرما دیا۔ (ابنِ جَریر)

جو لوگ حضورؐ کے اِس آئینی اختیار کو آپؐ کی حیثیتِ رسالت کے بجائے حیثیتِ امارت سے متعلّق قرار دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ آپؐ چونکہ اپنے وقت کے حکمراں بھی تھے، اس لیے اپنی اِس حیثیت میں آپؐ نے جو احکام دیے وہ صرف آپؐ کے زمانے تک ہی واجب الاطاعت تھے، وہ بڑی جہالت کی بات کہتے ہیں۔ اُوپر کی سُطور میں ہم نے حضورؐ کے جو احکام نقل کیے ہیں، ان پر ایک نگاہ ڈال لیجیے۔ ان میں عورتوں کی اصلاح کے لیے جو ہدایات آپؐ نے دی ہیں، وہ اگر محض حاکمِ وقت ہونے کی حیثیت سے ہوتیں تو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے پُوری دنیا کے مسلم معاشرے کی عورتوں میں یہ اصلاحات کیسے رائج ہو سکتی تھیں؟ آخر دنیا کا وہ کون سا حاکم ہے جس کو یہ مرتبہ حاصل ہو کہ ایک مرتبہ اس کی زبان سے ایک حکم صادر

ہو اور رُوئے زمین پر جہاں جہاں بھی مسلمان آباد ہیں، وہاں کے مسلم معاشرے میں ہمیشہ کے لیے وہ اصلاح رائج ہو جائے جس کا حکم اُس نے دیا ہے؟ (مزید تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد پنجم، تفسیر سورۂ حشر، حاشیہ ۱۵)

**۲۳** - معتبر اور متعدّد احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کے زمانے میں عورتوں سے بیعت لینے کا طریقہ مَردوں کی بیعت سے مختلف تھا۔ مردوں سے بیعت لینے کا طریقہ یہ تھا کہ بیعت کرنے والے آپؐ کے ہاتھ میں ہاتھ دے کر عہد کرتے تھے۔ لیکن عورتوں سے بیعت لیتے ہوئے آپؐ نے کبھی کسی عورت کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں نہیں لیا، بلکہ مختلف دوسرے طریقے اختیار فرمائے۔ اس کے بارے میں جو روایات منقول ہوئی ہیں، وہ ہم ذیل میں درج کرتے ہیں:

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ ”خدا کی قسم! بیعت میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ہاتھ کبھی کسی عورت کے ہاتھ سے چھُوا تک نہیں ہے۔ آپؐ عورت سے بیعت لیتے ہوئے بس زبانِ مبارک سے یہ فرمایا کرتے تھے کہ مَیں نے تجھ سے بیعت لی۔“ (بخاری، ابنِ جَریر)

اُمَیْمَہؓ بنت رُقَیقَہ کا بیان ہے کہ مَیں اور چند عورتیں حضورؐ کی خدمت میں بیعت کے لیے حاضر ہوئیں اور آپؐ نے قرآن کی اِس آیت کے مطابق ہم سے عہد لیا۔ جب ہم نے کہا: ”ہم معروف میں آپؐ کی نافرمانی نہ کریں گی“ تو آپؐ نے فرمایا: فیما استطعْتُنّ واطقتُنّ، ”جہاں تک تمھارے بس میں ہو اور تمھارے لیے ممکن ہو۔“ ہم نے عرض کیا: ”اللہ اور اس کا رسولؐ ہمارے لیے خود ہم سے بڑھ کر رحیم ہیں۔“ پھر ہم نے عرض کیا: ”یا رسولؐ اللہ! ہاتھ بڑھائیے تاکہ ہم آپؐ سے بیعت کریں۔“ آپؐ نے فرمایا: ”میں عورتوں سے مصافحہ نہیں کرتا، بس میں تم سے عہد لوں گا۔“ چنانچہ آپؐ نے عہد لے لیا۔ ایک اور رِوایت میں ان کا بیان ہے کہ آپؐ نے ہم میں سے کسی عورت سے بھی مصافحہ نہیں کیا۔ (مُسندِ احمد، ترمذی، نَسائی، ابنِ ماجہ، ابنِ جَریر، ابنِ ابی حاتم)

ابوداؤد نے مَراسیل میں شَعْبیؒ کی روایت نقل کی ہے کہ عورتوں سے بیعت لیتے وقت ایک چادر حضورؐ کی طرف بڑھائی گئی۔ آپؐ نے بس اسے ہاتھ میں لے لیا اور فرمایا: ”میں عورتوں سے مصافحہ نہیں کرتا۔“ یہی مضمون ابنِ ابی حاتم نے شَعْبی سے، عبدالرزّاق نے ابراہیم نَخَعی سے اور سعید بن منصور نے قیس بن ابی حازِم سے نقل کیا ہے۔

ابنِ اسحاق نے مَغازِی میں اَبان بن صالح سے روایت نقل کی ہے کہ حضورؐ پانی کے ایک برتن میں ہاتھ ڈال دیتے تھے، اور پھر اسی برتن میں عورت بھی اپنا ہاتھ ڈال دیتی تھی۔

بخاری میں حضرت عبداللہ بن عباسؓ کی روایت ہے کہ عید کا خطبہ دینے کے بعد آپؐ مردوں کی صفوں کو چیرتے ہوئے اس مقام پر تشریف لے گئے جہاں عورتیں بیٹھی ہوئی تھیں۔ آپؐ نے وہاں اپنی تقریر میں قرآنِ مجید کی یہ آیت پڑھی، پھر عورتوں سے پوچھا: ”تم اس کا عہد کرتی ہو؟“ مجمع میں سے ایک عورت نے جواب دیا: ”ہاں، یا رسولؐ اللہ!“

ایک روایت میں، جسے ابنِ حِبّان، ابنِ جَریر اور بزّار وغیرہ نے نقل کیا ہے، اُمِّ عَطِیّہ انصاریہؓ کا یہ بیان ملتا ہے کہ ”حضورؐ نے گھر کے باہر سے ہاتھ بڑھایا اور ہم نے اندر سے ہاتھ بڑھائے“، لیکن اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ عورتوں نے آپؐ سے مصافحہ بھی کیا ہو، کیونکہ حضرت اُمِّ عَطِیّہؓ نے مصافحے کی تصریح نہیں کی ہے۔ غالباً اس موقع پر صورت یہ

اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ⑫ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَوَلَّوْا قَوْمًا
غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ قَدْ يَئِسُوْا مِنَ الْاٰخِرَةِ كَمَا يَئِسَ الْكُفَّارُ
مِنْ اَصْحٰبِ الْقُبُوْرِ ⑬ ع

ع ۲ ۸ — الصف

یقیناً اللہ درگزر فرمانے والا اور رحم کرنے والا ہے۔

اَے لوگو جو ایمان لائے ہو، اُن لوگوں کو دوست نہ بناؤ جن پر اللہ نے غضب فرمایا ہے، جو آخرت سے اسی طرح مایوس ہیں جس طرح قبروں میں پڑے ہوئے کافر مایوس ہیں[۲۴]۔ ع

رہی ہوگی کہ عہد لیتے وقت آپؐ نے باہر سے ہاتھ بڑھایا ہوگا اور اندر سے عورتوں نے اپنے اپنے ہاتھ آپؐ کے ہاتھ کی طرف بڑھا دیے ہوں گے، بغیر اس کے کہ ان میں سے کسی کا ہاتھ آپؐ کے ہاتھ سے مَس ہو۔

۲۴- اصل الفاظ ہیں: قَدْ يَئِسُوْا مِنَ الْاٰخِرَةِ كَمَا يَئِسَ الْكُفَّارُ مِنْ اَصْحٰبِ الْقُبُوْرِ۔ اس کے دو معنیٰ ہو سکتے ہیں: ایک یہ کہ وہ آخرت کی بھلائی اور اس کے ثواب سے اُسی طرح مایوس ہیں جس طرح زندگی بعدِ موت سے انکار کرنے والے اِس بات سے مایوس ہیں کہ اُن کے جو عزیز رشتہ دار قبروں میں جا چکے ہیں، وہ کبھی پھر زندہ کر کے اُٹھائے جائیں گے۔ یہ معنیٰ حضرت عبداللہ بن عباسؓ، اور حضرات حَسَن بصری، قَتادہ اور ضَحّاک رحمہم اللہ نے بیان کیے ہیں۔ دوسرے معنیٰ یہ ہو سکتے ہیں کہ وہ آخرت کی رحمت و مغفرت سے اُسی طرح مایوس ہیں جس طرح قبروں میں پڑے ہوئے کافر ہر خیر سے مایوس ہیں، کیونکہ انھیں اپنے مبتلائے عذاب ہونے کا یقین ہو چکا ہے۔ یہ معنیٰ حضرت عبداللہؓ بن مسعود، اور حضرات مجاہد، عِکرِمہ، ابنِ زید، کَلبی، مُقاتِل اور منصور رحمہم اللہ سے منقول ہیں۔

# تفہیم القرآن

## الصَّف

## (۶۱)

# الصّفّ

**نام** چوتھی آیت کے فقرے یُقَاتِلُوْنَ فِیْ سَبِیْلِہٖ صَفًّا سے ماخوذ ہے۔ مُراد یہ ہے کہ یہ وہ سورت ہے جس میں لفظ ”صف“ آیا ہے۔

**زمانۂ نُزُول** کسی معتبر روایت سے اِس کا زمانۂ نُزُول معلوم نہیں ہو سکا۔ لیکن اس کے مضامین پر غور کرنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ غالباً جنگِ اُحُد کے متّصل زمانے میں نازل ہوئی ہوگی، کیونکہ اس کے بین السُّطور میں جن حالات کی طرف اشارہ محسوس ہوتا ہے، وہ اُسی دَور میں پائے جاتے تھے۔

**موضوع اور مضمون** اِس کا موضوع ہے: مسلمانوں کو ایمان میں اخلاص اختیار کرنے اور اللہ کی راہ میں جان لڑانے پر اُبھارنا۔ اس میں ضعیف الایمان مسلمانوں کو بھی مخاطب کیا گیا ہے، اور اُن لوگوں کو بھی جو ایمان کا جھوٹا دعویٰ کر کے اسلام میں داخل ہو گئے تھے، اور اُن کو بھی جو مخلص تھے۔ بعض آیات کا خطاب پہلے دونوں گروہوں سے ہے، بعض میں صرف منافقین مخاطب ہیں، اور بعض کا رُوئے سُخَن صرف مخلصین کی طرف ہے۔ اندازِ کلام سے خود معلوم ہو جاتا ہے کہ کہاں کون مخاطَب ہے۔

آغاز میں تمام ایمان لانے والوں کو خبردار کیا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی نگاہ میں نہایت مبغوض ہیں وہ لوگ جو کہیں کچھ اور کریں کچھ، اور نہایت محبوب ہیں وہ لوگ جو راہِ حق میں لڑنے کے لیے سیسا پلائی ہوئی دیوار کی طرح ڈٹ کر کھڑے ہوں۔

پھر آیت ۵ سے ۷ تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کی اُمّت کے لوگوں کو مُتنبِّہ کیا گیا ہے کہ اپنے رسولؐ اور اپنے دین کے ساتھ تمھاری رَوِش وہ نہ ہونی چاہیے جو موسیٰ علیہ السّلام اور عیسیٰ علیہ السّلام کے ساتھ بنی اسرائیل نے اختیار کی۔ حضرت موسیٰ علیہ السّلام کو وہ خدا کا رسول جاننے کے باوجود جیتے جی تنگ کرتے رہے، اور حضرت عیسیٰ علیہ السّلام سے کُھلی کُھلی نشانیاں دیکھ لینے کے باوجود وہ ان کو جھٹلانے سے باز نہ آئے۔ نتیجہ اِس کا یہ ہُوا کہ اُس قوم کے مزاج کا سانچا ہی ٹیڑھا ہو کر رہ گیا اور اس سے ہدایت کی توفیق سلب ہو گئی۔ یہ کوئی ایسی قابلِ رشک حالت نہیں ہے کہ کوئی دوسری قوم اس میں مبتلا ہونے کی تمنّا کرے۔

پھر آیت ۸-۹ میں پُوری تحدّی کے ساتھ اعلان کیا گیا کہ یہود و نصاریٰ اور ان سے ساز باز رکھنے والے منافقین اللہ کے اِس نُور کو بُجھانے کی چاہے کتنی ہی کوشش کرلیں، یہ پُوری آب و تاب کے

ساتھ دنیا میں پھیل کر رہے گا، اور مشرکین کو خواہ کتنا ہی ناگوار ہو، رسولِ برحق کا لایا ہوا دین ہر دوسرے دین پر غالب آ کر رہے گا۔

اس کے بعد آیات ۱۰-۱۳ میں اہلِ ایمان کو بتایا گیا ہے کہ دنیا اور آخرت میں کامیابی کی راہ صرف ایک ہے، اور وہ یہ ہے کہ اللہ اور اس کے رسولؐ پر سچے دل سے ایمان لاؤ اور اللہ کی راہ میں جان و مال سے جہاد کرو۔ آخرت میں اس کا ثمرہ خدا کے عذاب سے نجات، گناہوں کی مغفرت، اور ہمیشہ ہمیشہ کے لیے جنّت کا حُصول ہے، اور دُنیا میں اس کا انعام خدا کی تائید و نصرت اور فتح و ظفر ہے۔

آخر میں اہلِ ایمان کو تلقین کی گئی ہے کہ جس طرح حضرت عیسٰی علیہ السلام کے حواریوں نے اللہ کی راہ میں اُن کا ساتھ دیا تھا، اُسی طرح وہ بھی ''انصار اللہ'' بنیں، تاکہ کافروں کے مقابلے میں اُن کو بھی اُسی طرح اللہ کی تائید حاصل ہو جس طرح پہلے ایمان لانے والوں کو حاصل ہوئی تھی۔

---

آیاتہا ۱۴ ۔ سُوْرَةُ الصَّفِّ مَدَنِيَّةٌ ۔ رکوعاتہا ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي الْاَرْضِ ۚ وَ هُوَ الْعَزِيْزُ
الْحَكِيْمُ ۝١ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ۝٢ كَبُرَ
مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ۝٣ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ

اللہ کی تسبیح کی ہے ہر اُس چیز نے جو آسمانوں اور زمین میں ہے، اور وہ غالب اور حکیم ہے۔[1]

اَے لوگو جو ایمان لائے ہو، تم کیوں وہ بات کہتے ہو جو کرتے نہیں ہو؟ اللہ کے نزدیک یہ سخت ناپسندیدہ حرکت ہے کہ تم کہو وہ بات جو کرتے نہیں۔[2] اللہ کو تو پسند وہ لوگ ہیں

۱۔ یہ اِس خطبے کی مختصر تمہید ہے۔ تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد پنجم، تفسیر سورۂ الحدید، حاشیہ ۱-۲۔ کلام کا آغاز اِس تمہید سے اِس لیے کیا گیا ہے کہ آگے جو کچھ فرمایا جانے والا ہے، اس کو سننے یا پڑھنے سے پہلے آدمی یہ بات اچھی طرح سمجھ لے کہ اللہ تعالیٰ بے نیاز اور اِس سے بالاتر ہے کہ اس کی خدائی کا چلنا کسی کے ایمان اور کسی کی مدد اور قربانیوں پر موقوف ہو۔ وہ اگر ایمان لانے والوں کو ایمان میں خلوص اختیار کرنے کی تلقین کرتا ہے اور اُن سے کہتا ہے کہ صداقت کا بول بالا کرنے کے لیے جان و مال سے جہاد کرو، تو یہ سب کچھ اُن کے اپنے ہی بھلے کے لیے ہے۔ ورنہ اُس کے ارادے اُس کے اپنے ہی زور اور اس کی اپنی ہی تدبیر سے پُورے ہو کر رہتے ہیں، خواہ کوئی بندہ اُن کی تکمیل میں ذرہ برابر بھی سعی نہ کرے، بلکہ ساری دنیا مل کر اُن کی مزاحمت پر تُل جائے۔

۲۔ اس ارشاد کا ایک مدّعا تو عام ہے جو اس کے الفاظ سے ظاہر ہو رہا ہے۔ اور ایک مدّعا خاص ہے جو بعد والی آیت کو اس کے ساتھ ملا کر پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے۔ پہلا مدّعا یہ ہے کہ ایک سچّے مسلمان کے قول اور عمل میں مطابقت ہونی چاہیے۔ جو کچھ کہے اسے کر کے دکھائے، اور کرنے کی نیت یا ہمت نہ ہو تو زبان سے بھی نہ نکالے۔ کہنا کچھ اور کرنا کچھ، یہ انسان کی اُن بدترین صفات میں سے ہے جو اللہ تعالیٰ کی نگاہ میں نہایت مبغوض ہیں، کجا کہ ایک ایسا شخص اِس اَخلاقی عیب میں مبتلا ہو جو اللہ پر ایمان رکھنے کا دعویٰ کرتا ہو۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تصریح فرمائی ہے کہ کسی شخص میں اِس صفت کا پایا جانا اُن علامات میں سے ہے جو ظاہر کرتی ہیں کہ وہ مومن نہیں بلکہ منافق ہے۔

ایک حدیث میں ہے کہ آپؐ نے فرمایا:

آیة المنافق ثلاث (زاد مسلم وان صام وصلّٰی و زعم انه مسلم) اذا حدّث کذب واذا وعد اخلف واذا أُتُمِنَ خَانَ (بخاری ومسلم)

منافق کی تین نشانیاں ہیں اگرچہ وہ نماز پڑھتا ہو اور روزہ رکھتا ہو اور مسلمان ہونے کا دعویٰ کرتا ہو۔ یہ کہ جب بولے تو جھوٹ بولے، اور جب وعدہ کرے تو اُس کی خلاف ورزی کرے، اور جب کوئی امانت اس کے سپرد کی جائے تو اس میں خیانت کر گزرے۔

ایک اور حدیث میں آپؐ کا ارشاد ہے:

اربع من کن فیه کان منافقًا خالصًا ومن کانت فیه خصلة منهن کانت فیه خصلة من النفاق حتی یدعها ، اذا أُتُمِنَ خان، واذا حدّث کذب، واذا عاھد غدر، واذا خاصم فجر۔ (بخاری ومسلم)

چار صفتیں ایسی ہیں کہ جس شخص میں وہ چاروں پائی جائیں وہ خالص منافق ہے، اور جس میں کوئی ایک صفت ان میں سے پائی جائے اس کے اندر نفاق کی ایک خصلت ہے جب تک کہ وہ اسے چھوڑ نہ دے۔ یہ کہ جب امانت اس کے سُپرد کی جائے تو اس میں خیانت کرے، اور جب بولے تو جھوٹ بولے، اور جب عہد کرے تو اس کی خلاف ورزی کر جائے، اور جب لڑے تو اَخلاق و دیانت کی حدیں توڑ ڈالے۔

فقہائے اسلام کا اِس بات پر قریب قریب اتفاق ہے کہ کوئی شخص اگر اللہ تعالیٰ سے کوئی عہد کرے (مثلاً کسی چیز کی نذر مانے)، یا بندوں سے کوئی معاہدہ کرے، یا کسی سے کوئی وعدہ کرے، تو اسے وفا کرنا لازم ہے، اِلّا یہ کہ وہ کام بجائے خود گناہ ہو جس کا اس نے عہد یا وعدہ کیا ہو۔ اور گناہ ہونے کی صورت میں وہ فعل تو نہیں کرنا چاہیے جس کا عہد یا وعدہ کیا گیا ہے، لیکن اس کی پابندی سے آزاد ہونے کے لیے کفّارۂ یمین ادا کرنا چاہیے جو سورۂ مائدہ آیت ۸۹ میں بیان کیا گیا ہے۔ (احکام القرآن للجَصّاص و ابنِ عَرَبی)

یہ تو ہے اِن آیات کا عام مدّعا۔ رہا وہ خاص مدّعا جس کے لیے اِس موقع پر یہ آیات ارشاد فرمائی گئی ہیں، تو وہ بعد والی آیت کو ان کے ساتھ ملا کر پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے۔ مقصود اُن لوگوں کو ملامت کرنا ہے جو اسلام کے لیے سرفروشی و جانبازی کے لمبے چوڑے وعدے کرتے تھے، مگر جب آزمائش کا وقت آتا تھا تو بھاگ نکلتے تھے۔ ضعیف الایمان لوگوں کی اِس کمزوری پر قرآنِ مجید میں کئی جگہ گرفت کی گئی ہے۔ مثلاً سورۂ نساء، آیت ۷۷ میں فرمایا: ”تم نے اُن لوگوں کو بھی دیکھا جن سے کہا گیا تھا کہ اپنے ہاتھ روکے رکھو اور نماز قائم کرو اور زکوٰۃ دو؟ اب جو انھیں لڑائی کا حکم دیا گیا تو ان میں سے ایک فریق کا حال یہ ہے کہ لوگوں سے ایسا ڈر رہے ہیں جیسا خدا سے ڈرنا چاہیے، یا اس سے بھی کچھ بڑھ کر۔ کہتے ہیں: خدایا! یہ ہم پر لڑائی کا حکم کیوں لکھ دیا؟ کیوں نہ ہمیں ابھی کچھ اور مہلت دی۔“ اور سورۂ محمد، آیت ۲۰ میں فرمایا:

الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِهٖ صَفًّا كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ ④

جو اس کی راہ میں اس طرح صف بستہ ہو کر لڑتے ہیں گویا کہ وہ ایک سیسا پلائی ہوئی دیوار ہیں[۳]۔

"جو لوگ ایمان لائے ہیں، وہ کہہ رہے تھے کہ کوئی سورت کیوں نہیں نازل کی جاتی (جس میں جنگ کا حکم دیا جائے)، مگر جب ایک محکم سورت نازل کر دی گئی جس میں جنگ کا ذکر تھا تو تم نے دیکھا کہ جن کے دلوں میں بیماری تھی وہ تمھاری طرف اِس طرح دیکھ رہے ہیں جیسے کسی پر موت چھا گئی ہو۔" جنگِ اُحُد کے موقع پر یہ کمزوریاں خاص طور پر نمایاں ہو کر سامنے آئیں جن کی طرف سورۂ آلِ عمران میں تیرھویں رکوع سے سترھویں رکوع تک مسلسل اشارات کیے گئے ہیں۔

مفسّرین نے ان آیات کی شانِ نُزول میں اُن کمزوریوں کی مختلف صورتیں بیان کی ہیں جن پر یہاں گرفت کی گئی ہے۔ ابنِ عباسؓ فرماتے ہیں کہ جہاد فرض ہونے سے پہلے مسلمانوں میں کچھ لوگ تھے جو کہتے تھے کہ کاش! ہمیں وہ عمل معلوم ہو جائے جو اللہ کو سب سے زیادہ محبوب ہے تو ہم وہی کریں۔ مگر جب بتایا گیا کہ وہ عمل ہے جہاد، تو ان پر اپنی اُس بات کو پُورا کرنا بہت شاق ہو گیا۔ مُقاتل بن حَیّان کہتے ہیں کہ اُحُد کی جنگ میں اِن لوگوں کو آزمایش سے سابقہ پیش آیا اور یہ حضورؐ کو چھوڑ کر بھاگ نکلے۔ ابنِ زیدؒ کہتے ہیں کہ بہت سے لوگ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یقین دلاتے تھے کہ آپؐ کو دشمنوں کے مقابلے کے لیے نکلنا پڑا تو ہم آپؐ کے ساتھ نکلیں گے۔ مگر جب وقت آیا تو ان کے وعدے جھوٹے نکلے۔ قَتادہ اور ضَحّاک کہتے ہیں کہ بعض لوگ جنگ میں شریک ہوتے بھی تھے تو کوئی کارنامہ انجام نہ دیتے تھے، مگر آ کر یہ ڈینگیں مارتے تھے کہ ہم یُوں لڑے اور ہم نے یُوں مارا۔ ایسے ہی لوگوں کو اللہ تعالیٰ نے ان آیات میں ملامت کی ہے۔

۳۔ اِس سے اوّل تو یہ معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کی خوشنودی سے وہی اہلِ ایمان سرفراز ہوتے ہیں جو اس کی راہ میں جان لڑانے اور خطرے سہنے کے لیے تیار ہوں۔ دوسری بات یہ معلوم ہوئی کہ اللہ کو جو فوج پسند ہے، اس میں تین صفات پائی جانی چاہییں: ایک یہ کہ وہ خوب سوچ سمجھ کر اللہ کی راہ میں لڑے، اور کسی ایسی راہ میں نہ لڑے جو فی سبیل اللہ کی تعریف میں نہ آتی ہو۔ دوسری یہ کہ وہ بدنظمی و انتشار میں مبتلا نہ ہو، بلکہ مضبوط تنظیم کے ساتھ صف بستہ ہو کر لڑے۔ تیسری یہ کہ دشمنوں کے مقابلے میں اُس کی کیفیت "سیسا پلائی ہوئی دیوار" کی سی ہو۔ پھر یہ آخری صفت بجائے خود اپنے اندر معنیٰ کی ایک دنیا رکھتی ہے۔ کوئی فوج اُس وقت تک میدانِ جنگ میں سیسا پلائی ہوئی دیوار کے مانند کھڑی نہیں ہو سکتی جب تک اُس میں حسبِ ذیل صفات پیدا نہ ہو جائیں:

—— عقیدے اور مقصد میں کامل اتفاق، جو اس کے سپاہیوں اور افسروں کو آپس میں پُوری طرح متحد کر دے۔

—— ایک دوسرے کے خلوص پر اعتماد، جو کبھی اِس کے بغیر پیدا نہیں ہو سکتا کہ سب فی الواقع اپنے مقصد میں مخلص اور ناپاک اغراض سے پاک ہوں۔ ورنہ جنگ جیسی سخت آزمایش کسی کا کھوٹ چھپا نہیں رہنے دیتی، اور اعتماد ختم ہو جائے تو فوج کے افراد ایک دوسرے پر بھروسا کرنے کے بجائے اُلٹا ایک دوسرے پر شک کرنے لگتے ہیں۔

—— اَخلاق کا ایک بلند معیار، جس سے اگر فوج کے افسر اور سپاہی نیچے گر جائیں تو ان کے دلوں میں نہ ایک دوسرے

وَ اِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ لِمَ تُؤْذُوْنَنِيْ وَ قَدْ تَّعْلَمُوْنَ اَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ ؕ فَلَمَّا زَاغُوْۤا اَزَاغَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ ؕ وَ اللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝۵

اور یاد کرو موسیٰؑ کی وہ بات جو اس نے اپنی قوم سے کہی تھی کہ "اے میری قوم کے لوگو! تم کیوں مجھے اذیّت دیتے ہو حالانکہ تم خوب جانتے ہو کہ میں تمھاری طرف اللہ کا بھیجا ہوا رسول ہوں؟[۴]" پھر جب انھوں نے ٹیڑھ اختیار کی تو اللہ نے ان کے دل ٹیڑھے کر دیے، اللہ فاسقوں کو ہدایت نہیں دیتا۔[۵]

کی محبت پیدا ہو سکتی ہے نہ عزت، اور نہ وہ آپس میں متصادم ہونے سے بچ سکتے ہیں۔

—— اپنے مقصد کا ایسا عشق اور اسے حاصل کرنے کا ایسا پختہ عزم جو پوری فوج میں سرفروشی و جانبازی کا ناقابلِ تسخیر جذبہ پیدا کر دے اور وہ میدانِ جنگ میں واقعی سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح ڈٹ جائے۔

یہی تھیں وہ بنیادیں جن پر نبی صلی اللہ علیہ وسلّم کی قیادت میں ایک ایسی زبردست عسکری تنظیم اُٹھی جس سے ٹکرا کر بڑی بڑی قوتیں پاش پاش ہو گئیں اور صدیوں تک دنیا کی کوئی طاقت اس کے سامنے نہ ٹھیر سکی۔

۴- قرآنِ مجید میں متعدد مقامات پر بڑی تفصیل کے ساتھ بتایا گیا ہے کہ بنی اسرائیل نے حضرت موسیٰؑ کو اللہ کا نبی اور اپنا محسن جاننے کے باوجود کس کس طرح تنگ کیا اور کیسی کیسی بے وفائیاں اُن کے ساتھ کیں۔ مثال کے طور پر مُلاحظہ ہو: البقرہ، آیات ۵۱-۵۵-۶۰-۶۷ تا ۷۱۔ النساء، ۱۵۳۔ المائدہ ۲۰ تا ۲۶۔ الاعراف ۱۳۸ تا ۱۴۱ - ۱۴۸ تا ۱۵۱۔ طٰہٰ ۸۶ تا ۹۸۔ بائبل میں خود یہودیوں کی اپنی بیان کردہ تاریخ بھی اِس قسم کے واقعات سے لبریز ہے۔ صرف بطورِ نمونہ چند واقعات کے لیے دیکھیے: خُروج ۵:۲۰-۲۱، ۱۴:۱۱-۱۲، ۱۶: ۲-۳، ۱۷:۳-۴۔ گنتی ۱۱:۱-۱۵، ۱۴:۱-۱۰، ۱۶ مکمل، ۲۰: ۱-۵۔ یہاں اِن واقعات کی طرف اشارہ مسلمانوں کو خبردار کرنے کے لیے کیا جا رہا ہے کہ وہ اپنے نبی کے ساتھ وہ رَوِش اختیار نہ کریں جو بنی اسرائیل نے اپنے نبی کے ساتھ اختیار کی تھی، ورنہ وہ اُس انجام سے دوچار ہوئے بغیر نہیں رہ سکتے جس سے بنی اسرائیل دوچار ہوئے۔

۵- یعنی اللہ تعالیٰ کا یہ طریقہ نہیں ہے کہ جو لوگ خود ٹیڑھی راہ چلنا چاہیں، انھیں وہ خواہ مخواہ سیدھی راہ چلائے، اور جو لوگ اس کی نافرمانی پر تُلے ہوئے ہوں، اُن کو زبردستی ہِدایت سے سرفراز فرمائے۔ اِس سے یہ بات خود بخود واضح ہو گئی کہ کسی شخص یا قوم کی گمراہی کا آغاز اللہ تعالیٰ کی طرف سے نہیں ہوتا، بلکہ خود اس شخص یا قوم کی طرف سے ہوتا ہے۔ البتہ اللہ کا قانون یہ ہے کہ جو گمراہی پسند کرے، وہ اس کے لیے راست روی کے نہیں بلکہ گمراہی کے اسباب ہی

وَ إِذْ قَالَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ يٰبَنِيٓ إِسْرَآءِيلَ إِنِّي رَسُولُ اللّٰهِ

اور۶ یاد کرو عیسٰی ابنِ مریمؑ کی وہ بات جو اس نے کہی تھی کہ ”اے بنی اسرائیل! میں تمھاری طرف

فراہم کرتا ہے، تاکہ جن جن راہوں میں وہ بھٹکنا چاہے، بھٹکتا چلا جائے۔ اللہ نے تو انسان کو انتخاب کی آزادی (freedom of choice) عطا فرما دی ہے۔ اس کے بعد یہ فیصلہ کرنا ہر انسان کا اور انسانوں کے ہر گروہ کا اپنا کام ہے کہ وہ اپنے رب کی اطاعت کرنا چاہتا ہے یا نہیں، اور راہِ راست پسند کرتا ہے یا ٹیڑھے راستوں میں سے کسی پر جانا چاہتا ہے۔ اس انتخاب میں کوئی جبر اللہ تعالیٰ کی طرف سے نہیں ہے۔ اگر کوئی اطاعت اور ہدایت کی راہ منتخب کرے تو اللہ اسے جبراً گمراہی و نافرمانی کی طرف نہیں دھکیلتا، اور اگر کسی کا فیصلہ یہ ہو کہ اسے نافرمانی ہی کرنی ہے اور راہِ راست اختیار نہیں کرنی، تو اللہ کا یہ طریقہ بھی نہیں ہے کہ اسے مجبور کر کے طاعت و ہدایت کی راہ پر لائے۔ لیکن یہ بجائے خود ایک حقیقت ہے کہ جو شخص جس راستے کو بھی اپنے لیے منتخب کرے، اس پر وہ عملاً ایک قدم بھی نہیں چل سکتا جب تک اللہ اُس کے لیے وہ اسباب و ذرائع فراہم اور وہ حالات پیدا نہ کر دے جو اُس پر چلنے کے لیے درکار ہوتے ہیں۔ یہی اللہ کی وہ ”توفیق“ ہے جس پر انسان کی ہر سعی کے نتیجہ خیز ہونے کا انحصار ہے۔ اب اگر کوئی شخص بھلائی کی توفیق سرے سے چاہتا ہی نہیں، بلکہ اُلٹی بُرائی کی توفیق چاہتا ہے تو اس کو وہی ملتی ہے۔ اور جب اسے بُرائی کی توفیق ملتی ہے تو اسی کے مطابق اس کی ذہنیت کا سانچا ٹیڑھا اور اس کی سعی و عمل کا راستہ کج ہوتا چلا جاتا ہے، یہاں تک کہ رفتہ رفتہ اس کے اندر سے بھلائی کو قبول کرنے کی صلاحیت بالکل ختم ہو کر رہ جاتی ہے۔ یہی معنٰی ہیں اِس ارشاد کے کہ ”جب انھوں نے ٹیڑھ اختیار کی تو اللہ نے بھی ان کے دل ٹیڑھے کر دیے۔“ اس حالت میں یہ بات اللہ کے قانون کے خلاف ہے کہ جو خود گمراہی چاہتا ہے اور گمراہی کی طلب ہی میں سرگرم ہے اور اُسی میں آگے بڑھنے کے لیے اپنی ساری فکر و سعی صَرف کر رہا ہے، اُسے جبراً ہدایت کی طرف موڑ دیا جائے، کیونکہ ایسا کرنا اُس آزمائش اور امتحان کے منشا کو فوت کر دے گا جس کے لیے دُنیا میں انسان کو انتخاب کی آزادی دی گئی ہے، اور اس طرح کی ہدایت پا کر اگر آدمی سیدھا چلے تو کوئی معقول وجہ نہیں ہے کہ اس پر وہ کسی اجر اور جزائے خیر کا مستحق ہو۔ بلکہ اِس صورت میں تو جسے زبردستی ہدایت نہ ملی ہو اور اس بنا پر وہ گمراہی میں پڑا رہ گیا ہو، وہ بھی کسی سزا کا مستحق نہیں ہونا چاہیے، کیونکہ پھر تو اُس کے گمراہ رہنے کی ذمہ داری اللہ تعالیٰ پر آ جاتی ہے اور وہ آخرت میں باز پُرس کے موقع پر یہ حجت پیش کر سکتا ہے کہ جب آپ کے ہاں زبردستی ہدایت دینے کا قاعدہ موجود تھا تو آپ نے مجھے اِس عنایت سے کیوں محروم رکھا؟ یہی مطلب ہے اس ارشاد کا کہ ”اللہ فاسقوں کو ہدایت نہیں دیتا۔“ یعنی جن لوگوں نے اپنے لیے خود فسق و نافرمانی کی راہ انتخاب کر لی ہے، ان کو وہ اطاعت و فرماں برداری کی راہ پر چلنے کی توفیق نہیں دیا کرتا۔

۶ — یہ بنی اسرائیل کی دوسری نافرمانی کا ذکر ہے۔ ایک نافرمانی وہ تھی جو انھوں نے اپنے دَورِ عُروج کے آغاز میں کی۔ اور دوسری نافرمانی یہ ہے جو اِس دَور کے آخری اور قطعی اختتام پر انھوں نے کی، جس کے بعد ہمیشہ ہمیشہ کے لیے ان پر خدا کی پھٹکار پڑ گئی۔ مدعا اِن دونوں واقعات کو بیان کرنے کا یہ ہے کہ مسلمانوں کو خدا کے رسول کے ساتھ بنی اسرائیل کا

اِلَيۡكُمۡ مُّصَدِّقًا لِّمَا بَيۡنَ يَدَىَّ مِنَ التَّوۡرٰىةِ

اللہ کا بھیجا ہوا رسول ہوں، تصدیق کرنے والا ہوں اُس تورات کی جو مجھ سے پہلے آئی ہوئی موجود ہے،

سا طرزِ عمل اختیار کرنے کے نتائج سے خبردار کیا جائے۔

۷ - اِس فقرے کے تین معنیٰ ہیں اور تینوں صحیح ہیں:

ایک یہ کہ میں کوئی الگ اور نرالا دین نہیں لایا ہوں، بلکہ وہی دین لایا ہوں جو موسیٰ علیہ السلام لائے تھے۔ میں تورات کی تردید کرتا ہوا نہیں آیا ہوں، بلکہ اس کی تصدیق کر رہا ہوں، جس طرح ہمیشہ سے خدا کے رسول اپنے سے پہلے آئے ہوئے رسولوں کی تصدیق کرتے رہے ہیں۔ لہٰذا کوئی وجہ نہیں کہ تم میری رسالت کو تسلیم کرنے میں تأمّل کرو۔

دوسرے معنیٰ یہ ہیں کہ مَیں اُن بشارتوں کا مصداق ہوں جو میری آمد کے متعلق تورات میں موجود ہیں۔ لہٰذا بجائے اِس کے کہ تم میری مخالفت کرو، تمھیں تو اِس بات کا خیر مقدم کرنا چاہیے کہ جس کے آنے کی خبر پچھلے انبیاؑ نے دی تھی وہ آگیا۔

اور اِس فقرے کو بعد والے فقرے کے ساتھ ملا کر پڑھنے سے تیسرے معنیٰ یہ نکلتے ہیں کہ میں اللہ کے رسول احمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آمد کے متعلق تورات کی دی ہوئی بشارت کی تصدیق کرتا ہوں اور خود بھی اُن کے آنے کی بشارت دیتا ہوں۔ اِس تیسرے معنیٰ کے لحاظ سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے اِس قول کا اشارہ اُس بشارت کی طرف ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم کو خطاب کرتے ہوئے دی تھی۔ اُس میں وہ فرماتے ہیں:

> ’’خداوند تیرا خدا تیرے لیے تیرے ہی درمیان سے، یعنی تیرے ہی بھائیوں میں سے میری مانند ایک نبی برپا کرے گا۔ تم اس کی سننا۔ یہ تیری اُس درخواست کے مطابق ہو گا جو تُو نے خداوند اپنے خدا سے مجمع کے دن حورب میں کی تھی کہ مجھ کو نہ تو خداوند اپنے خدا کی آواز پھر سننی پڑے، اور نہ ایسی بڑی آگ ہی کا نظارہ ہو، تاکہ مَیں مر نہ جاؤں۔ اور خداوند نے مجھ سے کہا کہ وہ جو کچھ کہتے ہیں، سو ٹھیک کہتے ہیں۔ میں اُن کے لیے اُن ہی کے بھائیوں میں سے تیری مانند ایک نبی برپا کروں گا اور اپنا کلام اس کے منہ میں ڈالوں گا، اور جو کچھ میں اُسے حکم دُوں گا وہی وہ ان سے کہے گا۔ اور جو کوئی میری اُن باتوں کو، جن کو وہ میرا نام لے کر کہے گا، نہ سُنے تو میں اُن کا حساب اُس سے لُوں گا۔‘‘ (استثنا، باب ۱۸، آیات ۱۵-۱۹)

یہ تورات کی صریح پیشین گوئی ہے جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا کسی اور پر چسپاں نہیں ہو سکتی۔ اس میں حضرت موسیٰؑ اپنی قوم کو اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد سنا رہے ہیں کہ میں تیرے لیے تیرے بھائیوں میں سے ایک نبی برپا کروں گا۔ ظاہر ہے کہ ایک قوم کے ’’بھائیوں‘‘ سے مراد خود اُسی قوم کا کوئی قبیلہ یا خاندان نہیں ہو سکتا، بلکہ کوئی دوسری ایسی قوم ہی ہو سکتی

ہے جس کے ساتھ اُس کا قریبی نسلی رشتہ ہو۔ اگر مراد خود بنی اسرائیل میں سے کسی نبی کی آمد ہوتی تو الفاظ یہ ہوتے کہ ''میں تمھارے لیے خود تم ہی میں سے ایک نبی برپا کروں گا۔'' لہٰذا ''بنی اسرائیل کے بھائیوں'' سے مراد لامحالہ بنی اسماعیل ہی ہو سکتے ہیں، جو حضرت ابراہیمؑ کی اولاد ہونے کی بنا پر اُن کے نسبی رشتہ دار ہیں۔ مزید برآں اس پیشین گوئی کا مصداق بنی اسرائیل کا کوئی نبی اس وجہ سے بھی نہیں ہو سکتا کہ حضرت موسیٰؑ کے بعد بنی اسرائیل میں کوئی ایک نبی نہیں، بہت سارے نبی آئے ہیں، جن کے ذکر سے بائبل بھری پڑی ہے۔

دوسری بات اِس بشارت میں یہ فرمائی گئی ہے کہ جو نبی برپا کیا جائے گا، وہ حضرت موسیٰؑ کے مانند ہوگا۔ اس سے مراد ظاہر ہے کہ شکل صورت یا حالاتِ زندگی میں مشابہ ہونا تو نہیں ہے، کیونکہ اِس لحاظ سے کوئی فرد بھی کسی دوسرے فرد کے مانند نہیں ہوا کرتا۔ اور اِس سے مراد محض وصفِ نبوت میں مماثلت بھی نہیں ہے، کیونکہ یہ وصف اُن تمام انبیاؑ میں مشترک ہے جو حضرت موسیٰؑ کے بعد آئے ہیں، اس لیے کسی ایک نبی کی یہ خصوصیت نہیں ہو سکتی کہ وہ اِس وصف میں اُن کے مانند ہو۔ پس ان دونوں پہلوؤں سے مشابہت کے خارج از بحث ہو جانے کے بعد کوئی اور وجہِ مماثلت، جس کی بنا پر آنے والے ایک نبی کی تخصیص قابلِ فہم ہو، اِس کے سوا نہیں ہو سکتی کہ وہ نبی ایک مستقل شریعت لانے کے اعتبار سے حضرت موسیٰؑ کے مانند ہو۔ اور یہ خصوصیت محمد صلی اللہ علیہ وسلّم کے سوا کسی میں نہیں پائی جاتی، کیونکہ آپؐ سے پہلے بنی اسرائیل میں جو نبی بھی آئے تھے، وہ شریعتِ موسوی کے پیرو تھے، ان میں سے کوئی بھی ایک مستقل شریعت لے کر نہ آیا تھا۔

اِس تعبیر کو مزید تقویت پیشین گوئی کے اِن الفاظ سے ملتی ہے کہ ''یہ تیری (یعنی بنی اسرائیل کی) اُس درخواست کے مطابق ہوگا جو تو نے خداوند اپنے خدا سے مجمع کے دن حورِب میں کی تھی کہ مجھ کو نہ تو خداوند اپنے خدا کی آواز پھر سننی پڑے اور نہ ایسی بڑی آگ ہی کا نظارہ ہو تا کہ میں مر نہ جاؤں۔ اور خداوند نے مجھ سے کہا کہ وہ جو کچھ کہتے ہیں، سو ٹھیک کہتے ہیں۔ میں اُن کے لیے اُن ہی کے بھائیوں میں سے تیری مانند ایک نبی برپا کروں گا اور اپنا کلام اس کے منہ میں ڈالوں گا۔'' اس عبارت میں حورِب سے مُراد وہ پہاڑ ہے جہاں حضرت موسیٰ علیہ السلام کو پہلی مرتبہ احکامِ شریعت دیے گئے تھے۔ اور بنی اسرائیل کی جس درخواست کا اس میں ذکر کیا گیا ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ آیندہ اگر کوئی شریعت ہم کو دی جائے تو اُن خوفناک حالات میں نہ دی جائے جو حورِب پہاڑ کے دامن میں شریعت دیتے وقت پیدا کیے گئے تھے۔ اُن حالات کا ذکر قرآن میں بھی موجود ہے اور بائبل میں بھی۔ (ملاحظہ ہو: البقرہ، آیات ۵۵-۵۶-۶۳۔ الاعراف، آیات ۱۵۵-۱۷۱۔ بائبل، کتابِ خُروج، ۱۹: ۱۷-۱۸) اس کے جواب میں حضرت موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کو بتاتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے تمھاری یہ درخواست قبول کر لی ہے، اُس کا ارشاد ہے کہ مَیں اُن کے لیے ایک ایسا نبی برپا کروں گا جس کے منہ میں مَیں اپنا کلام ڈالوں گا۔ یعنی آیندہ شریعت دینے کے وقت وہ خوفناک حالات پیدا نہ کیے جائیں گے جو حورِب پہاڑ کے دامن میں پیدا کیے گئے تھے، بلکہ اب جو نبی اِس منصب پر مامور کیا جائے گا، اُس کے منہ میں بس اللہ کا کلام ڈال دیا جائے گا اور وہ اسے خلقِ خدا کو سنا دے گا۔ اس تصریح پر غور کرنے کے بعد کیا اس امر میں کسی شبہے کی گنجایش رہ جاتی ہے کہ

وَ مُبَشِّرًۢا بِرَسُوۡلٍ یَّاۡتِیۡ مِنۡۢ بَعۡدِی اسۡمُهٗۤ اَحۡمَدُ ؕ

اور بشارت دینے والا ہوں ایک رسول کی جو میرے بعد آئے گا جس کا نام احمد ہو گا۔[8]

محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا اِس کا مصداق کوئی اور نہیں ہے؟ حضرت موسیٰؑ کے بعد مستقل شریعت صرف آپؐ ہی کو دی گئی، اُس کے عطا کرنے کے وقت کوئی ایسا مجمع نہیں ہوا جیسا حوریب پہاڑ کے دامن میں بنی اسرائیل کا ہوا تھا، اور کسی وقت بھی احکامِ شریعت دینے کے موقع پر وہ حالات پیدا نہیں کیے گئے جو وہاں پیدا کیے گئے تھے۔

۸- یہ قرآنِ مجید کی ایک بڑی اہم آیت ہے جس پر مخالفینِ اسلام کی طرف سے بڑی لے دے بھی کی گئی ہے اور بدترین خیانتِ مُجرمانہ سے بھی کام لیا گیا ہے، کیونکہ اس میں یہ بتایا گیا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السّلام نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا صاف صاف نام لے کر آپؐ کی آمد کی بشارت دی تھی۔ اس لیے ضروری ہے کہ اس پر تفصیل کے ساتھ بحث کی جائے۔

۱- اِس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا اسمِ گرامی ''احمد'' بتایا گیا ہے۔ احمد کے دو معنیٰ ہیں: ایک، وہ شخص جو اللہ کی سب سے زیادہ تعریف کرنے والا ہو۔ دوسرے، وہ شخص جس کی سب سے زیادہ تعریف کی گئی ہو، یا جو بندوں میں سب سے زیادہ قابلِ تعریف ہو۔ احادیثِ صحیحہ سے ثابت ہے کہ یہ بھی حضورؐ کا ایک نام تھا۔ مسلم اور ابوداؤد طَیالسی میں حضرت ابوموسیٰ اَشعریؓ کی رِوایت ہے کہ حضورؐ نے فرمایا: انا محمد وانا احمد والحاشر...... ''میں محمد ہوں، اور میں احمد ہوں، اور میں حاشر ہوں............'' اِسی مضمون کی روایات حضرت جُبَیرؓ بن مُطْعِم سے امام مالک، بخاری، مُسلم، دارمی، ترمِذی اور نَسائی نے نقل کی ہیں۔ حضورؐ کا یہ اسمِ گرامی صحابہؓ میں معروف تھا، چنانچہ حضرت حسّانؓ بن ثابت کا شعر ہے:

صلی الالٰه ومن یحف بعرشه والطیبون علی المبارك احمد

''اللہ نے اور اس کے عرش کے گرد جمگھٹا لگائے ہوئے فرشتوں نے اور سب پاکیزہ ہستیوں نے بابرکت احمد پر دُرود بھیجا ہے۔''

تاریخ سے بھی یہ ثابت ہے کہ حضورؐ کا نام مبارک صرف محمدؐ ہی نہ تھا بلکہ احمد بھی تھا۔ عرب کا پُورا لٹریچر اس بات سے خالی ہے کہ حضورؐ سے پہلے کسی کا نام احمد رکھا گیا ہو۔ اور حضورؐ کے بعد احمد اور غلام احمد اتنے لوگوں کے نام رکھے گئے ہیں جن کا شمار نہیں کیا جا سکتا۔ اس سے بڑھ کر اس بات کا کیا ثبوت ہو سکتا ہے کہ زمانہ نبوت سے لے کر آج تک تمام اُمّت میں آپؐ کا یہ اسمِ گرامی معلوم و معروف رہا ہے۔ اگر حضورؐ کا یہ اسمِ گرامی نہ ہوتا تو اپنے بچّوں کے نام غلام احمد رکھنے والوں نے آخر کس احمد کا غلام اُن کو قرار دیا تھا؟

۲- انجیلِ یُوحنّا اس بات پر گواہ ہے کہ مسیحؑ کی آمد کے زمانے میں بنی اسرائیل تین شخصیتوں کے منتظر تھے: ایک مسیح، دوسرے اِیلیّاہ (یعنی حضرت الیاسؑ کی آمدِ ثانی)، اور تیسرے ''وہ نبی''۔ انجیل کے الفاظ یہ ہیں:

''اور یُوحنّا (حضرت یحییٰ علیہ السلام) کی گواہی یہ ہے کہ جب یہودیوں نے یروشلم سے کاہن اور لاوِی یہ پوچھنے کو اُس کے پاس بھیجے کہ تو کون ہے، تو اس نے اقرار کیا اور انکار نہ کیا، بلکہ اقرار کیا کہ میں تو مسیح نہیں ہوں۔ انھوں نے اس سے پوچھا: پھر کون ہے؟ کیا تو ایلیاہ ہے؟ اس نے کہا: میں نہیں ہوں۔ کیا تُو وہ نبی ہے؟ اس نے جواب دیا کہ نہیں۔ پس انھوں نے اس سے کہا: پھر تُو ہے کون؟...... اس نے کہا: میں، جیسا یسعیاہ نبی نے کہا ہے، بیابان میں ایک پکارنے والے کی آواز ہوں کہ تم خداوند کی راہ کو سیدھا کرو...... انھوں نے اس سے یہ سوال کیا کہ اگر تُو نہ مسیح ہے، نہ ایلیاہ، نہ وہ نبی، تو پھر بپتسمہ کیوں دیتا ہے؟'' (باب ۱، آیات ۱۹-۲۵)

یہ الفاظ اس بات پر صریح دلالت کرتے ہیں کہ بنی اسرائیل حضرت مسیحؑ اور حضرت الیاسؑ کے علاوہ ایک اور نبی کے بھی منتظر تھے، اور وہ حضرت یحییٰؑ نہ تھے۔ اُس نبی کی آمد کا عقیدہ بنی اسرائیل کے ہاں اِس قدر مشہور و معروف تھا کہ ''وہ نبی'' کہہ دینا گویا اس کی طرف اشارہ کرنے کے لیے بالکل کافی تھا، یہ کہنے کی ضرورت بھی نہ تھی کہ ''جس کی خبر تورات میں دی گئی ہے۔'' مزید برآں اِس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ جس نبی کی طرف وہ اشارہ کر رہے تھے اس کا آنا قطعی طور پر ثابت تھا، کیونکہ جب حضرت یحییٰ علیہ السلام سے یہ سوالات کیے گئے تو انھوں نے یہ نہیں کہا کہ کوئی اور نبی آنے والا نہیں ہے، تم کس نبی کے متعلق پوچھ رہے ہو؟

۳- اب وہ پیشین گوئیاں دیکھیے جو انجیلِ یُوحنّا میں مسلسل باب ۱۴ سے ۱۶ تک منقول ہوئی ہیں:

''اور میں باپ سے درخواست کروں گا تو وہ تمھیں دوسرا مددگار بخشے گا کہ اَبد تک تمھارے ساتھ رہے، یعنی روحِ حق جسے دنیا حاصل نہیں کر سکتی، کیونکہ نہ اُسے دیکھتی ہے اور نہ جانتی ہے۔ تم اسے جانتے ہو، کیونکہ وہ تمھارے ساتھ رہتا ہے اور تمھارے اندر ہوگا۔'' (۱۴:۱۶-۱۷)

''مَیں نے یہ باتیں تمھارے ساتھ رہ کر تم سے کہیں۔ لیکن مددگار یعنی روح القُدس، جسے باپ میرے نام سے بھیجے گا، وہی تمھیں سب باتیں سکھائے گا اور جو کچھ مَیں نے تم سے کہا ہے، وہ سب تمھیں یاد دلائے گا۔'' (۱۴:۲۵-۲۶)

''اِس کے بعد مَیں تم سے بہت سی باتیں نہ کروں گا، کیونکہ دنیا کا سردار آتا ہے اور مجھ میں اس کا کچھ نہیں۔'' (۱۴:۳۰)

''لیکن جب وہ مددگار آئے گا جس کو میں تمھارے پاس باپ کی طرف سے بھیجوں گا، یعنی روحِ حق جو باپ سے صادر ہوتا ہے، تو وہ میری گواہی دے گا۔'' (۱۵:۲۶)

''لیکن مَیں تم سے سچ کہتا ہوں کہ میرا جانا تمھارے لیے فائدہ مند ہے، کیونکہ اگر میں نہ جاؤں تو وہ مددگار تمھارے پاس نہ آئے گا، لیکن اگر جاؤں گا تو اسے تمھارے پاس بھیج دوں گا۔'' (۱۶:۷)

''مجھے تم سے اور بھی بہت سی باتیں کہنا ہے، مگر اب تم ان کی برداشت نہیں کر سکتے۔ لیکن جب وہ

یعنی رُوحِ حق آئے گا تو تم کو تمام سچائی کی راہ دکھائے گا۔ اس لیے کہ وہ اپنی طرف سے نہ کہے گا، لیکن جو کچھ سُنے گا وہی کہے گا اور تمھیں آیندہ کی خبریں دے گا۔ وہ میرا جلال ظاہر کرے گا۔ اس لیے کہ مجھ ہی سے حاصل کر کے تمھیں خبریں دے گا۔ جو کچھ باپ کا ہے، وہ سب میرا ہے۔ اس لیے میں نے کہا کہ وہ مجھ ہی سے حاصل کرتا ہے اور تمھیں خبریں دے گا۔" (۱۶: ۱۲-۱۵)

۴- ان عبارتوں کے معنیٰ متعین کرنے کے لیے سب سے پہلے تو یہ جاننا ضروری ہے کہ مسیح علیہ السلام اور ان کے ہم عصر اہلِ فلسطین کی عام زبان آرامی زبان کی وہ بولی تھی جسے سُریانی (Syriac) کہا جاتا ہے۔ مسیحؑ کی پیدایش سے دو ڈھائی سو برس پہلے ہی سلُوقی (Seleucide) اقتدار کے زمانے میں اِس علاقے سے عبرانی رخصت ہو چکی تھی اور سُریانی نے اس کی جگہ لے لی تھی۔ اگرچہ سلوقی اور پھر رومی سلطنتوں کے اثر سے یونانی زبان بھی اس علاقے میں پہنچ گئی تھی، مگر وہ صرف اُس طبقے تک محدود رہی جو سرکار دربار میں رسائی پا کر، یا رسائی حاصل کرنے کی خاطر یونانیت زدہ ہو گیا تھا۔ فلسطین کے عام لوگ سُریانی کی ایک خاص بولی (dialect) استعمال کرتے تھے، جس کے لہجے اور تلفُّظات اور محاورات دِمشق کے علاقے میں بولی جانے والی سُریانی سے مختلف تھے، اور اس ملک کے عوام یونانی سے اس قدر ناواقف تھے کہ جب ۷۰ء میں یروشلم پر قبضہ کرنے کے بعد رومی جنرل تیٹُس (Titus) نے اہلِ یروشلم کو یونانی میں خطاب کیا تو اس کا ترجمہ سُریانی زبان میں کرنا پڑا۔ اس سے یہ بات خود بخود ظاہر ہوتی ہے کہ حضرت مسیحؑ نے اپنے شاگردوں سے جو کچھ کہا تھا، وہ لامحالہ سُریانی زبان ہی میں ہو گا۔

دوسری بات یہ جاننی ضروری ہے کہ بائبل کی چاروں انجیلیں اُن یونانی بولنے والے عیسائیوں کی لکھی ہوئی ہیں جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بعد اِس مذہب میں داخل ہوئے تھے۔ اُن تک حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے اقوال و اعمال کی تفصیلات سُریانی بولنے والے عیسائیوں کے ذریعے سے کسی تحریر کی صورت میں نہیں بلکہ زبانی رِوایات کی شکل میں پہنچی تھیں، اور اِن سُریانی روایات کو انھوں نے اپنی زبان میں ترجمہ کر کے درج کیا تھا۔ ان میں سے کوئی انجیل بھی ۷۰ء سے پہلے کی لکھی ہوئی نہیں ہے، اور انجیلِ یُوحنّا تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ایک صدی بعد غالباً ایشیائے کوچک کے شہر اِفسُس میں لکھی گئی ہے۔ مزید یہ کہ ان انجیلوں کا بھی کوئی اصل نسخہ اُس یونانی زبان میں محفوظ نہیں ہے جس میں ابتداءً یہ لکھی گئی تھیں۔ مطبع کی ایجاد سے پہلے کے جتنے یونانی مُسَوّدات جگہ جگہ سے تلاش کر کے جمع کیے گئے ہیں، ان میں سے کوئی بھی چوتھی صدی سے پہلے کا نہیں ہے۔ اس لیے یہ کہنا مشکل ہے کہ تین صدیوں کے دوران میں ان کے اندر کیا کچھ ردّ و بدل ہوئے ہوں گے۔ اس معاملے کو جو چیز خاص طور پر مُشتبَہ بنا دیتی ہے، وہ یہ ہے کہ عیسائی اپنی انجیلوں میں اپنی پسند کے مطابق دانستہ تغیُّر و تبدُّل کرنے کو بالکل جائز سمجھتے رہے ہیں۔ انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا (ایڈیشن ۱۹۴۶ء) کے مضمون "بائبل" کا مصنف لکھتا ہے:

"اناجیل میں ایسے نمایاں تغیُّرات دانستہ کیے گئے ہیں، جیسے مثلاً بعض پُوری پُوری عبارتوں کو کسی دوسرے ماخذ سے لے کر کتاب میں شامل کر دینا۔ ...... یہ تغیُّرات صریحاً کچھ ایسے لوگوں نے بالقصد کیے ہیں

جنھیں اصل کتاب کے اندر شامل کرنے کے لیے کہیں سے کوئی مواد مل گیا، اور وہ اپنے آپ کو اِس کا مجاز سمجھتے رہے کہ کتاب کو بہتر یا زیادہ مفید بنانے کے لیے اُس کے اندر اپنی طرف سے اس مواد کا اضافہ کر دیں...... بہت سے اضافے دوسری صدی ہی میں ہو گئے تھے، اور کچھ نہیں معلوم کہ ان کا ماخذ کیا تھا۔"

اِس صورتِ حال میں قطعی طور پر یہ کہنا بہت مشکل ہے کہ انجیلوں میں حضرت عیسٰی علیہ السلام کے جو اقوال ہمیں ملتے ہیں، وہ بالکل ٹھیک ٹھیک نقل ہوئے ہیں اور ان کے اندر کوئی ردّ و بدل نہیں ہوا ہے۔

تیسری اور نہایت اہم بات یہ ہے کہ مسلمانوں کی فتح کے بعد بھی تقریباً تین صدیوں تک فلسطین کے عیسائی باشندوں کی زبان سُریانی رہی اور کہیں نویں صدی عیسوی میں جا کر عربی زبان نے اس کی جگہ لی۔ ان سُریانی بولنے والے اہلِ فلسطین کے ذریعے سے عیسائی رِوایات کے متعلق جو معلومات ابتدائی تین صدیوں کے مسلمان علما کو حاصل ہوئیں، وہ اُن لوگوں کی معلومات کی بہ نسبت زیادہ معتبر ہونی چاہییں جنھیں سُریانی سے یونانی اور پھر یونانی سے لاطینی زبانوں میں ترجمہ در ترجمہ ہو کر یہ معلومات پہنچیں۔ کیونکہ مسیحؑ کی زبان سے نکلے ہوئے اصل سُریانی الفاظ اُن کے ہاں محفوظ رہنے کے زیادہ امکانات تھے۔

۵- اِن ناقابلِ انکار تاریخی حقائق کو نگاہ میں رکھ کر دیکھیے کہ انجیلِ یُوحنّا کی مذکورۂ بالا عبارات میں حضرت عیسٰی علیہ السلام اپنے بعد ایک آنے والے کی خبر دے رہے ہیں، جس کے متعلق وہ کہتے ہیں کہ وہ "دنیا کا سردار" (سرورِ عالَم) ہوگا، "اَبَد تک" رہے گا، "سچّائی کی تمام راہیں دکھائے گا"، اور خود اُن کی (یعنی حضرت عیسٰیؑ کی) "گواہی دے گا"۔ یُوحنّا کی ان عبارتوں میں "رُوح القُدس" اور "سچّائی کی رُوح" وغیرہ الفاظ شامل کر کے مدعا کو خَبط کرنے کی پُوری کوشش کی گئی ہے، مگر اس کے باوجود ان سب عبارتوں کو اگر غور سے پڑھا جائے تو صاف معلوم ہوتا ہے کہ جس آنے والے کی خبر دی گئی ہے، وہ کوئی رُوح نہیں بلکہ کوئی انسان اور خاص شخص ہے، جس کی تعلیم عالمگیر، ہمہ گیر، اور قیامت تک باقی رہنے والی ہوگی۔ اُس شخصِ خاص کے لیے اُردو ترجمے میں "مددگار" کا لفظ استعمال کیا گیا ہے، اور یُوحنّا کی اصل انجیل میں یونانی زبان کا جو لفظ استعمال کیا گیا تھا، اس کے بارے میں عیسائیوں کو اصرار ہے کہ وہ Paracletus تھا۔ مگر اُس کے معنٰی متعین کرنے میں خود عیسائی علما کو سخت زحمت پیش آئی ہے۔ اصل یونانی زبان میں Paraclete کے کئی معنٰی ہیں: کسی جگہ کی طرف بُلانا، مدد کے لیے پکارنا، اِنذار و تنبیہ، ترغیب، اکسانا، التجا کرنا، دعا مانگنا۔ پھر یہ لفظ دینی مفہوم میں یہ معنٰی دیتا ہے: تسلّی دینا، تسکین بخشنا، ہمت افزائی کرنا۔ بائبل میں اس لفظ کو جہاں جہاں استعمال کیا گیا ہے، ان سب مقامات پر اس کے کوئی معنٰی بھی ٹھیک نہیں بیٹھتے۔ اوراِجن (Origen) نے کہیں اس کا ترجمہ consolator کیا ہے اور کہیں deprecator۔ مگر دوسرے مفسّرین نے ان دونوں ترجموں کو ردّ کر دیا، کیونکہ اوّل تو یہ یونانی گرامر کے لحاظ سے صحیح نہیں ہیں، دوسرے تمام عبارتوں میں جہاں یہ لفظ آیا ہے، یہ معنٰی نہیں چلتے۔ بعض اور مترجمین نے اس کا ترجمہ teacher کیا ہے، مگر یونانی زبان کے استعمالات سے یہ معنٰی بھی اخذ نہیں کیے جا سکتے۔ ترتولیان اور آگستائن نے لفظ advocate کو ترجیح دی ہے، اور بعض اور لوگوں نے

assistant، comforter اور consoler وغیرہ الفاظ اختیار کیے ہیں۔ (ملاحظہ ہو: سائیکلوپیڈیا آف ببلیکل لٹریچر، لفظ ”پیریکلیٹس“)

اب دلچسپ بات یہ ہے کہ یونانی زبان ہی میں ایک دوسرا لفظ Periclytos موجود ہے جس کے معنیٰ ہیں: ”تعریف کیا ہوا“۔ یہ لفظ بالکل ”محمد“ کا ہم معنیٰ ہے، اور تلفّظ میں اس کے اور Paracletus کے درمیان بڑی مشابہت پائی جاتی ہے۔ کیا بعید ہے کہ جو مسیحی حضرات اپنی مذہبی کتابوں میں اپنی مرضی اور پسند کے مطابق بے تکلف ردّ و بدل کر لینے کے خُوگر رہے ہیں، انھوں نے یُوحنّا کی نقل کردہ پیشین گوئی کے اس لفظ کو اپنے عقیدے کے خلاف پڑتا دیکھ کر اس کے اِملا میں یہ ذرا سا تغیّر کر دیا ہو۔ اس کی پڑتال کرنے کے لیے یُوحنّا کی لکھی ہوئی ابتدائی یونانی انجیل بھی کہیں موجود نہیں ہے جس سے یہ تحقیق کیا جا سکے کہ وہاں ان دونوں الفاظ میں سے دراصل کون سا لفظ استعمال کیا گیا تھا۔

۷- لیکن فیصلہ اس پر بھی موقوف نہیں ہے کہ یُوحنّا نے یونانی زبان میں دراصل کون سا لفظ لکھا تھا، کیونکہ بہرحال وہ بھی ترجمہ ہی تھا، اور حضرت مسیح علیہ السلام کی زبان، جیسا کہ اُوپر ہم بیان کر چکے ہیں، فلسطین کی سُریانی تھی، اس لیے انھوں نے اپنی بشارت میں جو لفظ استعمال کیا ہوگا، وہ لامحالہ کوئی سُریانی لفظ ہی ہونا چاہیے۔ خوش قسمتی سے وہ اصل سُریانی لفظ ہمیں ابنِ ہِشام کی سیرت میں مل جاتا ہے اور ساتھ ساتھ یہ بھی اس کتاب سے معلوم ہو جاتا ہے کہ اس کا ہم معنیٰ یونانی لفظ کیا ہے۔ محمد بن اسحاقؒ کے حوالے سے ابنِ ہِشامؒ نے یُحَنَّس (یُوحنّا) کی انجیل کے باب ۱۵، آیات ۲۳ تا ۲۷، اور باب ۱۶ آیت ۱ کا پُورا ترجمہ نقل کیا ہے اور اس میں یونانی ”فارقلیط“ کے بجائے سُریانی زبان کا لفظ مُنْحَمَنَّا استعمال کیا گیا ہے۔ پھر ابن اسحاقؒ یا ابن ہشامؒ نے اس کی تشریح یہ کی ہے کہ ”مُنْحَمَنَّا کے معنیٰ سُریانی میں محمد اور یونانی میں بَرقلیطس ہیں۔“ (ابنِ ہِشام، جلد اوّل، ص ۲۴۸)

اب دیکھیے کہ تاریخی طور پر فلسطین کے عام عیسائی باشندوں کی زبان نویں صدی عیسوی تک سُریانی تھی۔ یہ علاقہ ساتویں صدی کے نصفِ اوّل سے اسلامی مقبوضات میں شامل تھا۔ ابنِ اسحاقؒ نے ۷۶۸ء میں اور ابنِ ہشام نے ۸۲۸ء میں وفات پائی ہے۔ اس کے معنیٰ یہ ہیں کہ ان دونوں کے زمانے میں فلسطینی عیسائی سُریانی بولتے تھے، اور ان دونوں کے لیے اپنے مُلک کی عیسائی رعایا سے ربط پیدا کرنا کچھ بھی مشکل نہ تھا۔ نیز اُس زمانے میں یُونانی بولنے والے عیسائی بھی لاکھوں کی تعداد میں اسلامی مقبوضات کے اندر رہتے تھے، اس لیے ان کے لیے یہ معلوم کرنا بھی مشکل نہ تھا کہ سُریانی کے کس لفظ کا ہم معنیٰ یونانی زبان کا کون سا لفظ ہے۔ اب اگر ابنِ اسحاق کے نقل کردہ ترجمے میں سُریانی لفظ مُنْحَمَنَّا استعمال ہوا ہے، اور ابنِ اسحاق یا ابنِ ہشام نے اس کی تشریح یہ کی ہے کہ عربی میں اس کا ہم معنیٰ لفظ ”محمد“ اور یونانی میں ”بَرقلیطس“ ہے، تو اس امر میں کسی شک کی گنجایش نہیں رہ جاتی کہ حضرت عیسیٰؑ نے حضورؐ کا نام مبارک لے کر آپ ہی کے آنے کی بشارت دی تھی، اور ساتھ ساتھ یہ بھی معلوم ہو جاتا ہے کہ یُوحنّا کی یونانی انجیل میں دراصل لفظ Periclytos استعمال ہوا تھا، جسے عیسائی حضرات نے بعد میں کسی وقت Paracletus سے بدل دیا۔

۸- اس سے بھی قدیم تر تاریخی شہادت حضرت عبداللہؓ بن مسعود کی یہ روایت ہے کہ مہاجرینِ حبشہ کو جب نجاشی نے اپنے دربار میں بُلایا، اور حضرت جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات سُنیں تو اُس نے کہا: مَرْحَبًا بِكُمْ وَبِمَنْ جِئْتُمْ مِنْ عِنْدِهٖ، اَشْهَدُ اَنَّهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَاَنَّهُ الَّذِیْ نَجِدُ فِی الْاِنْجِیْلِ وَاَنَّهُ الَّذِیْ بَشَّرَ بِهٖ عِیْسَى بْنُ مَرْيَمَ۔ (مُسندِ احمد) یعنی ”مرحبا تم کو اور اُس ہستی کو جس کے ہاں سے تم آئے ہو۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ وہ اللہ کے رسول ہیں، اور وہی ہیں جن کا ذکر ہم انجیل میں پاتے ہیں، اور وہی ہیں جن کی بشارت عیسٰی ابن مریمؑ نے دی تھی۔“ یہ قصہ احادیث میں خود حضرت جعفرؓ اور حضرت اُمِّ سَلَمہؓ سے بھی منقول ہوا ہے۔ اس سے نہ صرف یہ ثابت ہوتا ہے کہ ساتویں صدی کے آغاز میں نجاشی کو یہ معلوم تھا کہ حضرت عیسٰی علیہ السلام ایک نبی کی پیشین گوئی کر گئے ہیں، بلکہ یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ اُس نبی کی ایسی صاف نشان دِہی انجیل میں موجود تھی جس کی وجہ سے نجاشی کو یہ رائے قائم کرنے میں کوئی تأمّل نہ ہوا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہی وہ نبی ہیں۔ البتہ اِس روایت سے یہ نہیں معلوم ہوتا کہ حضرت عیسٰی علیہ السلام کی اس بشارت کے متعلق نجاشی کا ذریعہ معلومات یہی انجیلِ یُوحنّا تھی یا کوئی اور ذریعہ بھی اس کو جاننے کا اُس وقت موجود تھا۔

۹- حقیقت یہ ہے کہ صرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہی کے بارے میں حضرت عیسٰیؑ کی پیشین گوئیوں کو نہیں، خود حضرت عیسٰیؑ کے اپنے صحیح حالات اور آپ کی اصل تعلیمات کو جاننے کا بھی معتبر ذریعہ وہ چار انجیلیں نہیں ہیں جن کو مسیحی کلیسا نے معتبر و مسلّم اناجیل (Canonical Gospels) قرار دے رکھا ہے، بلکہ اس کا زیادہ قابلِ اعتماد ذریعہ وہ انجیلِ برناباس ہے جسے کلیسا غیر قانونی اور مشکوک الصّحت (apocryphal) کہتا ہے۔ عیسائیوں نے اسے چُھپانے کا بڑا اہتمام کیا ہے۔ صدیوں تک یہ دنیا سے ناپید رہی ہے۔ سولھویں صدی میں اس کے اطالوی ترجمے کا صرف ایک نسخہ پوپ سکسٹس (Sixtus) کے کُتب خانے میں پایا جاتا تھا اور کسی کو اس کے پڑھنے کی اجازت نہ تھی۔ اٹھارویں صدی کے آغاز میں وہ ایک شخص جان ٹولینڈ کے ہاتھ لگا۔ پھر مختلف ہاتھوں میں گشت کرتا ہُوا ۱۷۳۸ء میں ویانا کی امپیریل لائبریری میں پہنچ گیا۔ ۱۹۰۷ء میں اسی نسخے کا انگریزی ترجمہ آکسفورڈ کے کلیرنڈن پریس سے شائع ہوگیا تھا۔ مگر غالباً اس کی اشاعت کے بعد فوراً ہی عیسائی دنیا میں یہ احساس پیدا ہو گیا کہ یہ کتاب تو اُس مذہب کی جڑ ہی کاٹے دے رہی ہے جسے حضرت عیسٰیؑ کے نام سے منسوب کیا جاتا ہے۔ اس لیے اس کے مطبوعہ نسخے کسی خاص تدبیر سے غائب کر دیے گئے اور پھر کبھی اس کی اشاعت کی نوبت نہ آسکی۔ دوسرا ایک نسخہ اِسی اطالوی ترجمے سے اسپینی زبان میں منتقل کیا ہوا اٹھارویں صدی میں پایا جاتا تھا، جس کا ذکر جارج سیل نے اپنے انگریزی ترجمۂ قرآن کے مُقدّمے میں کیا ہے۔ مگر وہ بھی کہیں غائب کر دیا گیا اور آج اس کا بھی کہیں پتا نشان نہیں ملتا۔ مجھے آکسفورڈ سے شائع شدہ انگریزی ترجمے کی ایک فوٹو اسٹیٹ کاپی دیکھنے کا اتفاق ہوا ہے اور میں نے اسے لفظ بلفظ پڑھا ہے۔ میرا احساس یہ ہے کہ یہ ایک بہت بڑی نعمت ہے، جس سے عیسائیوں نے محض تعصّب اور ضد کی بنا پر اپنے آپ کو محروم کر رکھا ہے۔

مسیحی لٹریچر میں اس انجیل کا جہاں کہیں ذکر آتا ہے، اسے یہ کہہ کر رد کر دیا جاتا ہے کہ یہ ایک جعلی انجیل ہے، جسے شاید کسی مسلمان نے تصنیف کر کے برناباس کی طرف منسوب کر دیا ہے۔ لیکن یہ ایک بہت بڑا جھوٹ ہے جو صرف اس بنا پر بول دیا گیا کہ اس میں جگہ جگہ بصراحت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق پیشین گوئیاں ملتی ہیں۔ اوّل تو اِس انجیل کو پڑھنے ہی سے صاف معلوم ہو جاتا ہے کہ یہ کتاب کسی مسلمان کی تصنیف کردہ نہیں ہو سکتی۔ دوسرے، اگر یہ کسی مسلمان نے لکھی ہوتی تو مسلمانوں میں یہ کثرت سے پھیلی ہوئی ہوتی اور علمائے اسلام کی تصنیفات میں بکثرت اس کا ذکر پایا جاتا۔ مگر یہاں صورتِ حال یہ ہے کہ جارج سیل کے انگریزی مُقدِّمۂ قرآن سے پہلے مسلمانوں کو سرے سے اس کے وجود تک کا علم نہ تھا۔ طَبَری، یعقوبی، مسعودی، البیرونی، ابنِ حَزم اور دوسرے مصنّفین، جو مسلمانوں میں مسیحی لٹریچر پر وسیع اطلاع رکھنے والے تھے، ان میں سے کسی کے ہاں بھی مسیحی مذہب پر بحث کرتے ہوئے انجیلِ برناباس کی طرف اشارہ تک نہیں ملتا۔ دنیائے اسلام کے کُتُب خانوں میں جو کتابیں پائی جاتی تھیں، ان کی بہترین فہرستیں ابنِ ندیم کی الفہرست اور حاجی خلیفہ کی کَشفُ الظُّنُون ہیں، اور وہ بھی اس کے ذکر سے خالی ہیں۔ انیسویں صدی سے پہلے کسی مسلمان عالم نے انجیلِ برناباس کا نام تک نہیں لیا ہے۔ تیسری اور سب سے بڑی دلیل اس بات کے جھوٹ ہونے کی یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش سے بھی ۷۵ سال پہلے پوپ گِلاسِیَس اوّل (Gelasius) کے زمانے میں بدعقیدہ اور گمراہ کُن (heretical) کتابوں کی جو فہرست مرتّب کی گئی تھی، اور ایک پاپائی فتوے کے ذریعے سے جن کا پڑھنا ممنوع کر دیا گیا تھا، اُن میں انجیلِ برناباس (Evangelium Barnabe) بھی شامل تھی۔ سوال یہ ہے کہ اُس وقت کون سا مسلمان تھا جس نے یہ جعلی انجیل تیار کی تھی؟ یہ بات تو خود عیسائی علما نے تسلیم کی ہے کہ شام، اسپین، مصر وغیرہ ممالک کے ابتدائی مسیحی کلیسا میں ایک مدّت تک برناباس کی انجیل رائج رہی ہے اور چھٹی صدی میں اسے ممنوع قرار دیا گیا ہے۔

۱۰- قبل اس کے کہ اِس انجیل سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق حضرت عیسٰی علیہ السّلام کی بشارتیں نقل کی جائیں، اس کا مختصر تعارف کرا دینا ضروری ہے، تاکہ اس کی اہمیت معلوم ہو جائے اور یہ بھی سمجھ میں آ جائے کہ عیسائی حضرات اس سے اتنے ناراض کیوں ہیں۔

بائبل میں جو چار انجیلیں قانونی اور معتبر قرار دے کر شامل کی گئی ہیں، ان میں سے کسی کا لکھنے والا بھی حضرت عیسٰی علیہ السلام کا صحابی نہ تھا۔ اور اُن میں سے کسی نے یہ دعویٰ بھی نہیں کیا ہے کہ اس نے آنحضرتؑ کے صحابیوں سے حاصل کردہ معلومات اپنی انجیل میں درج کی ہیں۔ جن ذرائع سے ان لوگوں نے معلومات حاصل کی ہیں، ان کا کوئی حوالہ انھوں نے نہیں دیا ہے، جس سے یہ پتا چل سکے کہ راوی نے آیا خود وہ واقعات دیکھے اور وہ اقوال سُنے ہیں جنھیں وہ بیان کر رہا ہے، یا ایک یا چند واسطوں سے یہ باتیں اسے پہنچی ہیں۔ بخلاف اس کے انجیلِ برناباس کا مصنف کہتا ہے کہ میں مسیحؑ کے اوّلین بارہ حواریوں میں سے ایک ہوں، شروع سے آخر وقت تک مسیحؑ کے ساتھ رہا ہوں، اور اپنی آنکھوں دیکھے واقعات اور کانوں سُنے اقوال اِس کتاب میں درج کر رہا ہوں۔ یہی نہیں بلکہ کتاب کے آخر میں وہ کہتا ہے کہ دنیا سے

رخصت ہوتے وقت حضرت مسیحؑ نے مجھ سے فرمایا تھا کہ میرے متعلق جو غلط فہمیاں لوگوں میں پھیل گئی ہیں، ان کو صاف کرنا اور صحیح حالات دنیا کے سامنے لانا تیری ذمہ داری ہے۔

یہ برناباس کون تھا؟ بائبل کی کتابِ اعمال میں بڑی کثرت سے اِس نام کے ایک شخص کا ذکر آتا ہے جو قُبرُص کے ایک یہودی خاندان سے تعلق رکھتا تھا۔ مسیحیّت کی تبلیغ اور پیروانِ مسیح کی مدد و اعانت کے سلسلے میں اس کی خدمات کی بڑی تعریف کی گئی ہے۔ مگر کہیں یہ نہیں بتایا گیا ہے کہ وہ کب دینِ مسیحؑ میں داخل ہوا، اور ابتدائی بارہ حواریوں کی جو فہرست تین انجیلوں میں دی گئی ہے، اس میں بھی کہیں اس کا نام درج نہیں ہے۔ اس لیے یہ نہیں کہا جا سکتا کہ اس انجیل کا مصنّف وہی برناباس ہے یا کوئی اور۔ متّی اور مرقُس نے حواریوں (Apostles) کی جو فہرست دی ہے، برناباس کی دی ہوئی فہرست اس سے صرف دو ناموں میں مختلف ہے۔ ایک تُوما، جس کے بجائے برناباس خود اپنا نام دے رہا ہے، دوسرا شمعون قانی، جس کی جگہ وہ یہوداہ بن یعقوب کا نام لیتا ہے۔ لُوقا کی انجیل میں یہ دوسرا نام بھی موجود ہے۔ اس لیے یہ قیاس کرنا صحیح ہو گا کہ بعد میں کسی وقت صرف برناباس کو حواریوں سے خارج کرنے کے لیے تُوما کا نام داخل کیا گیا ہے، تاکہ اُس کی انجیل سے پیچھا چھڑایا جا سکے، اور اس طرح کے تغیّرات اپنی مذہبی کتابوں میں کر لینا ان حضرات کے ہاں کوئی ناجائز کام نہیں رہا ہے۔

اس انجیل کو اگر کوئی شخص تعصب کے بغیر کھلی آنکھوں سے پڑھے اور نئے عہد نامے کی چاروں انجیلوں سے اس کا مقابلہ کرے، تو وہ یہ محسوس کیے بغیر نہیں رہ سکتا کہ یہ اُن چاروں سے بدرجہا برتر ہے۔ اس میں حضرت عیسٰی علیہ السّلام کے حالات زیادہ تفصیل کے ساتھ بیان ہوئے ہیں اور اس طرح بیان ہوئے ہیں جیسے کوئی شخص فی الواقع وہاں سب کچھ دیکھ رہا تھا اور ان واقعات میں خود شریک تھا۔ چاروں انجیلوں کی بے ربط داستانوں کے مقابلے میں یہ تاریخی بیان زیادہ مربُوط بھی ہے اور اِس سے سلسلۂ واقعات بھی زیادہ اچھی طرح سمجھ میں آتا ہے۔ حضرت عیسٰیؑ کی تعلیمات اس میں چاروں انجیلوں کی بہ نسبت زیادہ واضح اور مفصّل اور مؤثّر طریقے سے بیان ہوئی ہیں۔ توحید کی تعلیم، شرک کی تردید، صفاتِ باری تعالیٰ، عبادات کی رُوح اور اَخلاقِ فاضلہ کے مضامین اس میں بڑے ہی پُرزور اور مدلّل اور مفصّل ہیں۔ جن سبق آموز تمثیلات کے پیرایے میں مسیحؑ نے یہ مضامین بیان کیے ہیں، ان کا عُشرِ عَشیر بھی چاروں انجیلوں میں نہیں پایا جاتا۔ اس سے یہ بھی زیادہ تفصیل کے ساتھ معلوم ہوتا ہے کہ آنجناب اپنے شاگردوں کی تعلیم و تربیت کس حکیمانہ طریقے سے فرماتے تھے۔ حضرت عیسٰیؑ کی زبان، طرزِ بیان اور طبیعت و مزاج سے کوئی شخص اگر کچھ بھی آشنا ہو تو وہ اس انجیل کو پڑھ کر یہ ماننے پر مجبُور ہو گا کہ یہ کوئی جَعْلی داستان نہیں ہے جو بعد میں کسی نے گھڑ لی ہو، بلکہ اس میں حضرت مسیحؑ اناجیلِ اربعہ کی بہ نسبت اپنی اصلی شان میں بہت زیادہ نمایاں ہو کر ہمارے سامنے آتے ہیں، اور اس میں اُن تضادات کا نام و نشان بھی نہیں ہے جو اناجیلِ اربعہ میں ان کے مختلف اقوال کے درمیان پایا جاتا ہے۔

اس انجیل میں حضرت عیسٰیؑ کی زندگی اور آپ کی تعلیمات ٹھیک ٹھیک ایک نبی کی زندگی اور تعلیمات کے مطابق نظر آتی ہیں۔ وہ اپنے آپ کو ایک نبی کی حیثیت سے پیش کرتے ہیں۔ تمام پچھلے انبیاؑ اور کتابوں کی تصدیق کرتے ہیں۔

صاف کہتے ہیں کہ انبیا علیہم السّلام کی تعلیمات کے سوا معرفتِ حق کا کوئی دوسرا ذریعہ نہیں ہے، اور جو انبیاؑ کو چھوڑتا ہے، وہ دراصل خدا کو چھوڑتا ہے۔ توحید، رسالت اور آخرت کے ٹھیک وہی عقائد پیش کرتے ہیں جن کی تعلیم تمام انبیاؑ نے دی ہے۔ نماز، روزے اور زکوٰۃ کی تلقین کرتے ہیں۔ اُن کی نمازوں کا جو ذکر بکثرت مقامات پر برناباس نے کیا ہے، اس سے پتا چلتا ہے کہ یہی فجر، ظہر، عصر، مغرب، عشا اور تہجد کے اوقات تھے جن میں وہ نماز پڑھتے تھے، اور ہمیشہ نماز سے پہلے وضو فرماتے تھے۔ انبیاؑ میں سے وہ حضرت داؤدؑ و سلیمانؑ کو نبی قرار دیتے ہیں، حالانکہ یہودیوں اور عیسائیوں نے ان کو انبیاؑ کی فہرست سے خارج کر رکھا ہے۔ حضرت اسماعیل علیہ السلام کو وہ ذبیح قرار دیتے ہیں اور ایک یہودی عالم سے اقرار کراتے ہیں کہ فی الواقع ذبیح حضرت اسماعیلؑ ہی تھے اور بنی اسرائیل نے زبردستی کھینچ تان کر کے حضرت اسحاقؑ کو ذبیح بنا رکھا ہے۔ آخرت اور قیامت اور جنت و دوزخ کے متعلق ان کی تعلیمات قریب قریب وہی ہیں جو قرآن میں بیان ہوئی ہیں۔

۱۱- عیسائی جس وجہ سے انجیلِ برناباس کے مخالف ہیں، وہ دراصل یہ نہیں ہے کہ اس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق جگہ جگہ صاف اور واضح بشارتیں ہیں، کیونکہ وہ تو حضورؐ کی پیدایش سے بھی بہت پہلے اس انجیل کو ردّ کر چکے تھے۔ ان کی ناراضی کی اصل وجہ کو سمجھنے کے لیے تھوڑی سی تفصیلی بحث درکار ہے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ابتدائی پیرو آپ کو صرف نبی مانتے تھے، موسوی شریعت کا اتباع کرتے تھے، عقائد اور احکام اور عبادات کے معاملے میں اپنے آپ کو دوسرے بنی اسرائیل سے قطعاً الگ نہ سمجھتے تھے، اور یہودیوں سے اُن کا اختلاف صرف اس امر میں تھا کہ یہ حضرت عیسیٰؑ کو ”مسیح“ تسلیم کر کے ان پر ایمان لائے تھے، اور وہ اُن کو مسیح ماننے سے انکار کرتے تھے۔ بعد میں جب سینٹ پال اِس جماعت میں داخل ہوا تو اُس نے رومیوں، یونانیوں، اور دوسرے غیر یہودی اور غیر اسرائیلی لوگوں میں بھی اِس دین کی تبلیغ و اشاعت شروع کر دی، اور اِس غرض کے لیے ایک نیا دین بنا ڈالا، جس کے عقائد اور اُصول اور احکام اُس دین سے بالکل مختلف تھے جسے حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے پیش کیا تھا۔ اِس شخص نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی کوئی صحبت نہیں پائی تھی، بلکہ اُن کے زمانے میں وہ اُن کا سخت مخالف تھا اور ان کے بعد بھی کئی سال تک اُن کے پیرووں کا دشمن بنا رہا۔ پھر جب اِس جماعت میں داخل ہو کر اس نے ایک نیا دین بنانا شروع کیا، اُس وقت بھی اس نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے کسی قول کی سند نہیں پیش کی، بلکہ اپنے کشف و الہام کو بنیاد بنایا۔ اِس نئے دین کی تشکیل میں اُس کے پیشِ نظر بس یہ مقصد تھا کہ دین ایسا ہو جسے عام غیر یہودی (Gentile) دُنیا قبول کر لے۔ اُس نے اعلان کر دیا کہ ایک عیسائی شریعتِ یہود کی تمام پابندیوں سے آزاد ہے۔ اس نے کھانے پینے میں حرام و حلال کی ساری قیود ختم کر دیں۔ اس نے ختنہ کے حکم کو بھی منسوخ کر دیا، جو غیر یہودی دنیا کو خاص طور پر ناگوار تھا۔ حتّٰی کہ اس نے مسیحؑ کی اُلُوہیت اور اُن کے ابنِ خدا ہونے اور صلیب پر جان دے کر اولادِ آدمؑ کے پیدایشی گناہ کا کفّارہ بن جانے کا عقیدہ بھی تصنیف کر ڈالا، کیونکہ عام مشرکین کے مزاج سے یہ بہت مناسبت رکھتا تھا۔ مسیحؑ کے ابتدائی پیرووں نے اِن بدعات کی مزاحمت کی، مگر سینٹ پال نے جو دروازہ

کھولا تھا، اس سے غیر یہودی عیسائیوں کا ایک ایسا زبردست سیلاب اِس مذہب میں داخل ہو گیا جس کے مقابلے میں وہ مٹھی بھر لوگ کسی طرح نہ ٹھیر سکے۔ تاہم تیسری صدی عیسوی کے اختتام تک بکثرت لوگ ایسے موجود تھے جو مسیحؑ کی اُلوہیت کے عقیدے سے انکار کرتے تھے۔ مگر چوتھی صدی کے آغاز (۳۲۵ء) میں نیقیا (Nicaea) کی کونسل نے پولوسی عقائد کو قطعی طور پر مسیحیت کا مُسَلَّم مذہب قرار دے دیا۔ پھر رومی سلطنت خود عیسائی ہو گئی اور قیصر تھیوڈوسِیَس کے زمانے میں یہی مذہب سلطنت کا سرکاری مذہب بن گیا۔ اس کے بعد قدرتی بات تھی کہ وہ تمام کتابیں، جو اِس عقیدے کے خلاف ہوں، مردُود قرار دے دی جائیں اور صرف وہی کتابیں معتبر ٹھیرائی جائیں جو اِس عقیدے سے مطابقت رکھتی ہوں۔ ۳۶۷ء میں پہلی مرتبہ اتھاناسیوس (Athanasius) کے ایک خط کے ذریعے سے معتبر و مسلَّم کتابوں کے ایک مجموعے کا اعلان کیا گیا، پھر اس کی توثیق ۳۸۲ء میں پوپ ڈیمیسیس (Damasius) کے زیرِ صدارت ایک مجلس نے کی، اور پانچویں صدی کے آخر میں پوپ گِلاسیَس (Gelasius) نے اس مجموعے کو مسلَّم قرار دینے کے ساتھ ساتھ اُن کتابوں کی ایک فہرست مرتّب کر دی جو غیر مسلَّم تھیں۔ حالانکہ جن پولوسی عقائد کو بنیاد بنا کر مذہبی کتابوں کے معتبر اور غیر معتبر ہونے کا یہ فیصلہ کیا گیا تھا، ان کے متعلق کبھی کوئی عیسائی عالم یہ دعویٰ نہیں کر سکا ہے کہ اُن میں سے کسی عقیدے کی تعلیم خود حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے دی تھی۔ بلکہ معتبر کتابوں کے مجموعے میں جو انجیلیں شامل ہیں، خود ان میں بھی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے اپنے کسی قول سے ان عقائد کا ثبوت نہیں ملتا۔

انجیلِ برناباس اِن غیر مسلَّم کتابوں میں اس لیے شامل کی گئی کہ وہ مسیحیت کے اِس سرکاری عقیدے کے بالکل خلاف تھی۔ اس کا مصنف کتاب کے آغاز ہی میں اپنا مقصدِ تصنیف یہ بیان کرتا ہے کہ "اُن لوگوں کے خیالات کی اصلاح کی جائے جو شیطان کے دھوکے میں آ کر یسُوعؑ کو ابن اللہ قرار دیتے ہیں، ختنہ کو غیر ضروری ٹھیراتے ہیں، اور حرام کھانوں کو حلال کر دیتے ہیں، جن میں سے ایک دھوکا کھانے والا پولوس بھی ہے۔" وہ بتاتا ہے کہ جب حضرت عیسیٰؑ دنیا میں موجود تھے، اُس زمانے میں اُن کے معجزات کو دیکھ کر سب سے پہلے مشرک رومی سپاہیوں نے ان کو خدا اور بعض نے خدا کا بیٹا کہنا شروع کیا، پھر یہ چھوت بنی اسرائیل کے عوام کو بھی لگ گئی۔ اس پر حضرت عیسیٰؑ سخت پریشان ہوئے۔ اُنھوں نے بار بار نہایت شدّت کے ساتھ اپنے متعلق اِس غلط عقیدے کی تردید کی اور اُن لوگوں پر لعنت بھیجی جو اُن کے متعلق ایسی باتیں کہتے تھے۔ پھر انھوں نے اپنے شاگردوں کو پُورے یہودیہ میں اس عقیدے کی تردید کے لیے بھیجا اور اُن کی دُعا سے شاگردوں کے ہاتھوں بھی وہی معجزے صادر کرائے گئے جو خود حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے صادر ہوتے تھے، تاکہ لوگ اس غلط خیال سے باز آ جائیں کہ جس شخص سے یہ معجزے صادر ہو رہے ہیں، وہ خدا یا خدا کا بیٹا ہے۔ اس سلسلے میں وہ حضرت عیسیٰؑ کی مفصّل تقریریں نقل کرتا ہے، جن میں انھوں نے بڑی سختی کے ساتھ اِس غلط عقیدے کی تردید کی تھی، اور جگہ جگہ یہ بتاتا ہے کہ آنجناب اِس گمراہی کے پھیلنے پر کس قدر پریشان تھے۔ مزید برآں وہ اِس پولوسی عقیدے کی بھی صاف صاف تردید کرتا ہے کہ مسیح علیہ السّلام نے صلیب پر جان دی تھی۔ وہ اپنے چشم دید حالات

یہ بیان کرتا ہے کہ جب یہوداہ اسکریُوتی یہودیوں کے سردار کاہن سے رشوت لے کر حضرت عیسٰی علیہ السلام کو گرفتار کرانے کے لیے سپاہیوں کو لے کر آیا تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے چار فرشتے آنجنابؑ کو اُٹھا لے گئے، اور یہوداہ اسکریوتی کی شکل اور آواز بالکل وہی کر دی گئی جو حضرت عیسٰی علیہ السلام کی تھی۔ صلیب پر وہی چڑھایا گیا تھا نہ کہ حضرت عیسٰی علیہ السلام۔ اِس طرح یہ انجیل پولوسی مسیحیت کی جڑ کاٹ دیتی ہے اور قرآن کے بیان کی پُوری توثیق کرتی ہے۔ حالانکہ نُزولِ قرآن سے ۱۱۵ سال پہلے اُس کے اِن بیانات ہی کی بنا پر مسیحی پادری اُسے ردّ کر چکے تھے۔

۱۲- اس بحث سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ انجیل برناباس درحقیقت اناجیلِ اربعہ سے زیادہ معتبر انجیل ہے، مسیح علیہ السلام کی تعلیمات اور سیرت اور اقوال کی صحیح ترجمانی کرتی ہے، اور یہ عیسائیوں کی اپنی بدقسمتی ہے کہ اِس انجیل کے ذریعے سے اپنے عقائد کی تصحیح اور حضرت مسیح علیہ السلام کی اصل تعلیمات کو جاننے کا جو موقع اُن کو ملا تھا، اسے محض ضد کی بنا پر انھوں نے کھو دیا۔ اس کے بعد ہم پُورے اطمینان کے ساتھ وہ بشارتیں نقل کر سکتے ہیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں برناباس نے حضرت عیسٰی علیہ السلام سے روایت کی ہیں۔ ان بشارتوں میں کہیں حضرت عیسٰی علیہ السلام حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا نام لیتے ہیں، کہیں ''رسول اللہ'' کہتے ہیں، کہیں آپؐ کے لیے ''مسیح'' کا لفظ استعمال کرتے ہیں، کہیں ''قابلِ تعریف'' (admirable) کہتے ہیں، اور کہیں صاف صاف ایسے فقرے ارشاد فرماتے ہیں جو بالکل لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ کے ہم معنٰی ہیں۔ ہمارے لیے اُن ساری بشارتوں کو نقل کرنا مشکل ہے، کیونکہ وہ اتنی زیادہ ہیں، اور جگہ جگہ مختلف پیرایوں اور سِیاق وسَباق میں آئی ہیں کہ ان سے ایک اچھا خاصا رسالہ مرتّب ہو سکتا ہے۔ یہاں ہم محض بطورِ نمونہ ان میں سے چند کو نقل کرتے ہیں:

> ''تمام انبیاؑ جن کو خدا نے دنیا میں بھیجا، جن کی تعداد ایک لاکھ ۴۴ ہزار تھی، انھوں نے اِبہام کے ساتھ بات کی۔ مگر میرے بعد تمام انبیاؑ اور مقدس ہستیوں کا نور آئے گا جو انبیاؑ کی کہی ہوئی باتوں کے اندھیرے پر روشنی ڈال دے گا، کیونکہ وہ خدا کا رسول ہے۔'' (باب ۱۷)
>
> ''فریسیوں اور لاویوں نے کہا: اگر تو نہ مسیح ہے، نہ الیاس، نہ کوئی اور نبی، تو کیوں تو نئی تعلیم دیتا ہے اور اپنے آپ کو مسیح سے بھی زیادہ بنا کر پیش کرتا ہے؟ یسُوع نے جواب دیا: جو معجزے خدا میرے ہاتھ سے دکھاتا ہے، وہ یہ ظاہر کرتے ہیں کہ میں وہی کچھ کہتا ہوں جو خدا چاہتا ہے، ورنہ درحقیقت میں اپنے آپ کو اُس (مسیح) سے بڑا شمار کیے جانے کے قابل نہیں قرار دیتا جس کا تم ذکر کر رہے ہو۔ میں تو اُس خدا کے رسول کے موزے کے بند یا اس کی جُوتی کے تسمے کھولنے کے لائق بھی نہیں ہوں جس کو تم مسیح کہتے ہو، جو مجھ سے پہلے بنایا گیا تھا اور میرے بعد آئے گا اور صداقت کی باتیں لے کر آئے گا، تاکہ اس کے دین کی کوئی انتہا نہ ہو۔'' (باب ۴۲)
>
> ''بالیقین میں تم سے کہتا ہوں کہ ہر نبی جو آیا ہے وہ صرف ایک قوم کے لیے خدا کی رحمت کا نشان بن کر پیدا ہوا ہے۔ اس وجہ سے ان انبیاؑ کی باتیں اُن لوگوں کے سوا کہیں اور نہیں پھیلیں جن

کی طرف وہ بھیجے گئے تھے۔ مگر خدا کا رسول جب آئے گا، خدا گویا اس کو اپنے ہاتھ کی مُہر دے دے گا، یہاں تک کہ وہ دنیا کی تمام قوموں کو جو اس کی تعلیم پائیں گی، نجات اور رحمت پہنچا دے گا۔ وہ بے خدا لوگوں پر اقتدار لے کر آئے گا اور بُت پرستی کا ایسا قَلع قَمع کرے گا کہ شیطان پریشان ہو جائے گا۔"

اِس کے آگے شاگردوں کے ساتھ ایک طویل مکالمے میں حضرت عیسٰی علیہ السلام تصریح کرتے ہیں کہ وہ بنی اسماعیل میں سے ہو گا۔ (باب ۴۳)

"اس لیے مَیں تم سے کہتا ہوں کہ خدا کا رسول وہ رونق ہے جس سے خدا کی پیدا کی ہوئی قریب قریب تمام چیزوں کو خوشی نصیب ہو گی، کیونکہ وہ فہم اور نصیحت، حکمت اور طاقت، خَشیّت اور مَحبّت، حَزم اور وَرَع کی رُوح سے آراستہ ہے۔ وہ فیّاضی اور رحمت، عدل اور تقویٰ، شرافت اور صبر کی رُوح سے مزیّن ہے، جو اس نے خدا سے اُن تمام چیزوں کی بہ نسبت تین گُنی پائی ہے جنھیں خدا نے اپنی مخلوق میں سے یہ روح بخشی ہے۔ کیسا مبارک وقت ہو گا جب وہ دنیا میں آئے گا۔ یقین جانو، میں نے اس کو دیکھا ہے اور اس کی تعظیم کی ہے جس طرح ہر نبی نے اس کو دیکھا ہے۔ اس کی روح کو دیکھنے ہی سے خدا نے اُن کو نبوّت دی۔ اور جب میں نے اس کو دیکھا تو میری رُوح سکینت سے بھر گئی یہ کہتے ہوئے کہ اَے محمدؐ! خدا تمھارے ساتھ ہو، اور وہ مجھے تمھاری جُوتی کے تسمے باندھنے کے قابل بنا دے، کیونکہ یہ مرتبہ بھی پاؤں تو میں ایک بڑا نبی اور خدا کی ایک مقدس ہستی ہو جاؤں گا۔" (باب ۴۴)

"(میرے جانے سے) تمھارا دل پریشان نہ ہو، نہ تم خوف کرو، کیونکہ میں نے تم کو پیدا نہیں کیا ہے، بلکہ خدا ہمارا خالق، جس نے تمھیں پیدا کیا ہے، وہی تمھاری حفاظت کرے گا۔ رہا میں، تو اِس وقت مَیں دنیا میں اُس رسولِ خدا کے لیے راستہ تیار کرنے آیا ہوں جو دنیا کے لیے نجات لے کر آئے گا...... اِندریاس نے کہا: اُستاد! ہمیں اس کی نشانی بتا دے، تاکہ ہم اسے پہچان لیں۔ یسُوع نے جواب دیا: وہ تمھارے زمانے میں نہیں آئے گا بلکہ تمھارے کچھ سال بعد آئے گا جب کہ میری انجیل ایسی مسخ ہو چکی ہو گی کہ مشکل سے کوئی ۳۰ آدمی مومن باقی رہ جائیں گے۔ اُس وقت اللہ دنیا پر رحم فرمائے گا اور اپنے رسول کو بھیجے گا، جس کے سر پر سفید بادل کا سایہ ہو گا، جس سے وہ خدا کا برگزیدہ جانا جائے گا اور اس کے ذریعے سے خدا کی معرفت دنیا کو حاصل ہو گی۔ وہ بے خدا لوگوں کے خلاف بڑی طاقت کے ساتھ آئے گا اور زمین پر بُت پرستی کو مٹا دے گا۔ اور مجھے اُس کی بڑی خوشی ہے، کیونکہ اس کے ذریعے سے ہمارا خدا پہچانا جائے گا اور اس کی تقدیس ہو گی اور میری صداقت دنیا کو معلوم ہو گی اور وہ ان لوگوں سے انتقام لے گا جو مجھے انسان سے بڑھ کر کچھ قرار دیں گے...... وہ ایک ایسی صداقت کے ساتھ آئے گا جو تمام انبیاؑ کی لائی ہوئی صداقت سے زیادہ واضح ہو گی۔" (باب ۷۲)

”خدا کا عہد یروشلم میں، مَعْبَدِ سلیمان کے اندر کیا گیا تھا نہ کہ کہیں اور۔ مگر میری بات کا یقین کرو کہ ایک وقت آئے گا جب خدا اپنی رحمت ایک اور شہر میں نازل فرمائے گا، پھر ہر جگہ اس کی صحیح عبادت ہو سکے گی، اور اللہ اپنی رحمت سے ہر جگہ سچّی نماز کو قبول فرمائے گا...... میں دراصل اسرائیل کے گھرانے کی طرف نجات کا نبی بنا کر بھیجا گیا ہوں، مگر میرے بعد مسیح آئے گا، خدا کا بھیجا ہوا، تمام دنیا کی طرف، جس کے لیے خدا نے یہ ساری دنیا بنائی ہے۔ اس وقت ساری دنیا میں اللہ کی عبادت ہو گی، اور اس کی رحمت نازل ہو گی۔“ (باب ۸۳)

”(یسُوع نے سردار کاہن سے کہا) زندہ خدا کی قسم! جس کے حُضور میری جان حاضر ہے، میں وہ مسیح نہیں ہوں جس کی آمد کا تمام دنیا کی قومیں انتظار کر رہی ہیں، جس کا وعدہ خدا نے ہمارے باپ ابراہیمؑ سے یہ کہہ کر کیا تھا کہ ”تیری نسل کے وسیلے سے زمین کی سب قومیں برکت پائیں گی“ (پیدائش، ۲۲:۱۸)۔ مگر جب خدا مجھے دنیا سے لے جائے گا تو شیطان پھر یہ بغاوت برپا کرے گا کہ ناپرہیزگار لوگ مجھے خدا اور خدا کا بیٹا مانیں۔ اُس کی وجہ سے میری باتوں اور میری تعلیمات کو مسخ کر دیا جائے گا، یہاں تک کہ بمشکل ۳۰ صاحبِ ایمان باقی رہ جائیں گے۔ اس وقت خدا دنیا پر رحم فرمائے گا اور اپنا رسول بھیجے گا، جس کے لیے اس نے دنیا کی یہ ساری چیزیں بنائی ہیں، جو قوت کے ساتھ جنوب سے آئے گا اور بتوں کو بت پرستوں کے ساتھ برباد کر دے گا، جو شیطان سے وہ اقتدار چھین لے گا جو اس نے انسانوں پر حاصل کر لیا ہے۔ وہ خدا کی رحمت اُن لوگوں کی نجات کے لیے اپنے ساتھ لائے گا جو اس پر ایمان لائیں گے، اور مبارک ہے وہ جو اِس کی باتوں کو مانے۔“ (باب ۹۶)

”سردار کاہن نے پوچھا: کیا خدا کے اُس رسول کے بعد دوسرے نبی بھی آئیں گے؟ یسُوعؑ نے جواب دیا: اس کے بعد خدا کے بھیجے ہوئے سچّے نبی نہیں آئیں گے، مگر بہت سے جھوٹے نبی آ جائیں گے، جن کا مجھے بڑا غم ہے۔ کیونکہ شیطان خدا کے عادلانہ فیصلے کی وجہ سے اُن کو اُٹھائے گا اور وہ میری انجیل کے پردے میں اپنے آپ کو چھپائیں گے۔“ (باب ۹۷)

”سردار کاہن نے پوچھا کہ وہ مسیح کس نام سے پُکارا جائے گا اور کیا نشانیاں اس کی آمد کو ظاہر کریں گی؟ یسُوعؑ نے جواب دیا: اس مسیح کا نام ”قابلِ تعریف“ ہے، کیونکہ خدا نے جب اس کی روح پیدا کی تھی، اس وقت اُس کا یہ نام خود رکھا تھا اور وہاں اسے ایک ملکوتی شان میں رکھا گیا تھا۔ خدا نے کہا: ”اے محمدؐ! انتظار کر، کیونکہ تیری ہی خاطر میں جنّت، دنیا اور بہت سی مخلوق پیدا کروں گا اور اُس کو تجھے تحفے کے طور پر دوں گا، یہاں تک کہ جو تیری تبریک کرے گا اسے برکت دی جائے گی، اور جو تجھ پر لعنت کرے گا اس پر لعنت کی جائے گی۔ جب میں تجھے دنیا کی طرف بھیجوں گا تو میں تجھ کو اپنے پیغامبرِ نجات کی حیثیت سے بھیجوں گا۔ تیری بات سچّی ہو گی یہاں تک کہ زمین و آسمان ٹل جائیں گے، مگر

تیرا دین نہیں ٹلے گا۔ سو اُس کا مبارک نام محمدؐ ہے۔" (باب ۹۷)

برناباس لکھتا ہے کہ ایک موقع پر شاگردوں کے سامنے حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے بتایا کہ میرے ہی شاگردوں میں سے ایک (جو بعد میں یہوداہ اسکریُوتی نکلا) مجھے ۳۰ سکّوں کے عوض دشمنوں کے ہاتھ بیچ دے گا، پھر فرمایا:

"اس کے بعد مجھے یقین ہے کہ جو مجھے بیچے گا وہی میرے نام سے مارا جائے گا، کیونکہ خدا مجھے زمین سے اُوپر اُٹھا لے گا اور اُس غدّار کی صورت ایسی بدل دے گا کہ ہر شخص یہ سمجھے گا کہ وہ مَیں ہی ہوں۔ تاہم جب وہ ایک بُری موت مرے گا تو ایک مدت تک میری ہی تذلیل ہوتی رہے گی۔ مگر جب محمدؐ، خدا کا مقدس رسول آئے گا تو میری وہ بدنامی دُور کر دی جائے گی۔ اور خدا یہ اس لیے کرے گا کہ میں نے اُس مسیح کی صداقت کا اقرار کیا ہے۔ وہ مجھے اِس کا یہ انعام دے گا کہ لوگ یہ جان لیں گے کہ مَیں زندہ ہوں اور اُس ذلّت کی موت سے میرا کوئی واسطہ نہیں ہے۔" (باب ۱۱۲)

"(شاگردوں سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے کہا:) بے شک میں تم سے کہتا ہوں کہ اگر موسیٰؑ کی کتاب سے صداقت مسخ نہ کر دی گئی ہوتی تو خدا ہمارے باپ داؤدؑ کو ایک دوسری کتاب نہ دیتا۔ اور اگر داؤدؑ کی کتاب میں تحریف نہ کی گئی ہوتی تو خدا مجھے انجیل نہ دیتا۔ کیونکہ خداوند ہمارا خدا بدلنے والا نہیں ہے اور اس نے سب انسانوں کو ایک ہی پیغام دیا ہے۔ لہٰذا جب اللہ کا رسول آئے گا تو وہ اس لیے آئے گا کہ ان ساری چیزوں کو صاف کر دے جن سے بے خدا لوگوں نے میری کتاب کو آلودہ کر دیا ہے۔" (باب ۱۲۴)

اِن صاف اور مفصل پیشین گوئیوں میں صرف تین چیزیں ایسی ہیں جو بادی النظر میں نگاہ کو کھٹکتی ہیں: ایک یہ کہ اِن میں، اور انجیلِ برناباس کی متعدد دوسری عبارتوں میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنے مسیح ہونے کا انکار کیا ہے۔ دوسری یہ کہ صرف اِنھی عبارتوں میں نہیں بلکہ اِس انجیل کے بہت سے مقامات پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اصل عربی نام "محمدؐ" لکھا گیا ہے، حالانکہ یہ انبیاؑ کی پیشین گوئیوں کا عام طریقہ نہیں ہے کہ بعد کی آنے والی کسی ہستی کا اصل نام لیا جائے۔ تیسری یہ کہ اس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو مسیح کہا گیا ہے۔

پہلے شُبہے کا جواب یہ ہے کہ صرف انجیلِ برناباس ہی میں نہیں بلکہ لُوقا کی انجیل میں بھی یہ ذکر موجود ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنے شاگردوں کو اس بات سے منع کیا تھا کہ وہ آپ کو مسیح کہیں۔ لُوقا کے الفاظ یہ ہیں: "اُس نے اُن سے کہا: لیکن تم مجھے کیا کہتے ہو؟ پطرس نے جواب میں کہا کہ خدا کا مسیح۔ اس نے ان کو تاکید کر کے حکم دیا کہ یہ کسی سے نہ کہنا۔" (۹:۲۰-۲۱) غالباً اس کی وجہ یہ تھی کہ بنی اسرائیل جس مسیح کے منتظر تھے، اس کے متعلق ان کا خیال یہ تھا کہ وہ تلوار کے زور سے دشمنانِ حق کو مغلوب کرے گا، اس لیے حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ وہ مسیح میں نہیں ہوں، بلکہ وہ میرے بعد آنے والا ہے۔

دوسرے شُبہے کا جواب یہ ہے کہ برناباس کا جو اطالوی ترجمہ اِس وقت دنیا میں موجود ہے، اس کے اندر تو حضورؐ

کا نام بے شک محمد لکھا ہوا ہے، مگر یہ کسی کو بھی معلوم نہیں ہے کہ یہ کتاب کن کن زبانوں سے ترجمہ در ترجمہ ہوتی ہوئی اطالوی زبان میں پہنچی ہے۔ ظاہر ہے کہ اصل انجیلِ برناباس سُریانی زبان میں ہو گی، کیونکہ وہ حضرت عیسٰی علیہ السلام اور ان کے ساتھیوں کی زبان تھی۔ اگر وہ اصل کتاب دستیاب ہوتی تو دیکھا جا سکتا تھا کہ اس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اسمِ گرامی کیا لکھا گیا تھا۔ اب جو کچھ قیاس کیا جا سکتا ہے، وہ یہ ہے کہ اصل میں تو حضرت عیسٰیؑ نے لفظ مُنْحَمَنّا استعمال کیا ہوگا، جیسا کہ ہم ابنِ اسحاق کے دیے ہوئے انجیلِ یُوحَنّا کے حوالے سے بتا چکے ہیں۔ پھر مختلف مترجموں نے اپنی اپنی زبانوں میں اس کے ترجمے کر دیے ہوں گے۔ اس کے بعد غالباً کسی مترجم نے یہ دیکھ کر کہ پیشین گوئی میں آنے والے کا جو نام بتایا گیا ہے، وہ بالکل لفظ ''محمد'' کا ہم معنٰی ہے، آپؐ کا یہی اسمِ گرامی لکھ دیا ہوگا۔ اس لیے صرف اس نام کی تصریح یہ شبہ پیدا کر دینے کے لیے ہرگز کافی نہیں ہے کہ پوری انجیلِ برناباس کسی مسلمان نے جعلی تصنیف کر دی ہے۔

تیسرے شبہے کا جواب یہ ہے کہ لفظ ''مسیح'' درحقیقت ایک اسرائیلی اصطلاح ہے، جسے قرآنِ مجید میں مخصوص طور پر حضرت عیسٰیؑ کے لیے صرف اِس بنا پر استعمال کیا گیا ہے کہ یہودی اُن کے مسیح ہونے کا انکار کرتے تھے، ورنہ یہ نہ قرآن کی اصطلاح ہے نہ قرآن میں کہیں اس کو اسرائیلی اصطلاح کے معنوں میں استعمال کیا گیا ہے۔ اس لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں اگر حضرت عیسٰی علیہ السلام نے لفظ ''مسیح'' استعمال کیا ہو اور قرآن میں آپؐ کے لیے یہ لفظ استعمال نہ کیا گیا ہو تو اس سے یہ نتیجہ نہیں نکالا جا سکتا کہ انجیلِ برناباس آپؐ کی طرف کوئی ایسی چیز منسوب کرتی ہے جس سے قرآن انکار کرتا ہے۔ دراصل بنی اسرائیل کے ہاں قدیم طریقہ یہ تھا کہ کسی چیز یا کسی شخص کو جب کسی مقدس مقصد کے لیے مختص کیا جاتا تھا تو اس چیز پر یا اس شخص کے سر پر تیل مَل کر اُسے متبرّک (consecrate) کر دیا جاتا تھا۔ عبرانی زبان میں تیل مَلنے کے اس فعل کو مسح کہتے تھے، اور جس پر یہ مَلا جاتا تھا اسے مسیح کہا جاتا تھا۔ عبادت گاہ کے ظروف اِسی طریقے سے مسح کر کے عبادت کے لیے وقف کیے جاتے تھے۔ کاہنوں کو کہانت (priesthood) کے منصب پر مامور کرتے وقت بھی مسح کیا جاتا تھا۔ بادشاہ اور نبی بھی جب خدا کی طرف سے بادشاہت یا نبوت کے لیے نامزد کیے جاتے تو انھیں مسح کیا جاتا۔ چنانچہ بائبل کی رُو سے بنی اسرائیل کی تاریخ میں بکثرت مسیح پائے جاتے ہیں۔ حضرت ہارونؑ کاہن کی حیثیت سے مسیح تھے۔ حضرت موسٰیؑ کاہن اور نبی کی حیثیت سے، طالوت بادشاہ کی حیثیت سے، حضرت داوٗدؑ بادشاہ اور نبی کی حیثیت سے، مَلِکِ صَدَق بادشاہ اور کاہن کی حیثیت سے، اور حضرت اَلْیَسَعْ نبی کی حیثیت سے مسیح تھے۔ بعد میں یہ بھی ضروری نہ رہا تھا کہ تیل مَل کر ہی کسی کو مامور کیا جائے، بلکہ محض کسی کا مامور من اللہ ہونا ہی مسیح ہونے کا ہم معنٰی بن گیا تھا۔ مثال کے طور پر دیکھیے: ۱-سلاطین، باب ۱۹ [آیات ۱۵-۱۶] میں ذکر آیا ہے کہ خدا نے حضرت الیاسؑ (ایلیاہ) کو حکم دیا کہ حَزائیل کو مسح کر کہ اَرام (دِمَشق) کا بادشاہ ہو، اور نِمسی کے بیٹے یاہُو کو مسح کر کہ اسرائیل کا بادشاہ ہو، اور الیشع (اَلْیَسَعْ) کو مسح کر کہ تیری جگہ نبی ہو۔ ان میں سے کسی کے سر پر بھی تیل نہیں مَلا گیا۔ بس خدا کی طرف سے ان کی ماموریت کا فیصلہ سنا دینا ہی گویا انھیں مسح کر دینا تھا۔ پس اسرائیلی تصوّر کے مطابق لفظِ مسیح درحقیقت ''مامور من اللہ'' کا ہم معنٰی تھا اور اسی معنٰی میں حضرت عیسٰی علیہ السّلام

فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۞ وَمَنْ اَظْلَمُ
مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُوَ يُدْعٰۤى اِلَى الْاِسْلَامِ ؕ وَ
اللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۞ يُرِيْدُوْنَ لِيُطْفِـُٔوْا نُوْرَ
اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ۞

---

مگر جب وہ ان کے پاس کُھلی کُھلی نشانیاں لے کر آیا تو انھوں نے کہا: یہ تو صریح دھوکا ہے۔[9]" اب بھلا اُس شخص سے بڑا ظالم اور کون ہو گا جو اللہ پر جھوٹے بہتان باندھے[10]، حالانکہ اسے اسلام (اللہ کے آگے سرِ اطاعت جھکا دینے) کی دعوت دی جا رہی ہو؟[11] ایسے ظالموں کو اللہ ہدایت نہیں دیا کرتا۔ یہ لوگ اپنے مُنہ کی پھونکوں سے اللہ کے نور کو بُجھانا چاہتے ہیں، اور اللہ کا فیصلہ یہ ہے کہ وہ اپنے نُور کو پُورا پھیلا کر رہے گا خواہ کافروں کو یہ کتنا ہی ناگوار ہو۔[12]

---

نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے اس لفظ کو استعمال کیا تھا۔ (لفظ "مسیح" کے اسرائیلی مفہوم کی تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: سائیکلو پیڈیا آف ببلیکل لٹریچر، لفظ "مسِیاہ")

۹ – اصل میں لفظ سِحْرٌ استعمال ہوا ہے۔ سِحر یہاں جادُو کے نہیں بلکہ دھوکے اور فریب کے معنی میں استعمال ہوا ہے۔ عربی لغت میں جادُو کی طرح اس کے یہ معنی بھی معروف ہیں۔ کہتے ہیں: سَحَرَهٗ اي خَدَعَهٗ " اس نے فلاں شخص پر سحر کیا، یعنی اس کو فریب دیا"۔ دل چھین لینے والی آنکھ کو عین ساحرۃ کہا جاتا ہے، یعنی "ساحر آنکھ"۔ جس زمین میں ہر طرف سَراب ہی سَراب نظر آئے، اس کو ارض ساحرۃ کہتے ہیں۔ چاندی کو مُلمّع کر کے سونے جیسا کر دیا جائے تو کہتے ہیں: سُحِرت الفضۃُ۔ پس آیت کا مطلب یہ ہے کہ جب وہ نبی، جس کے آنے کی بشارت عیسٰی علیہ السّلام نے دی تھی، اپنے نبی ہونے کی بیّن نشانیوں کے ساتھ آ گیا تو بنی اسرائیل اور اُمّتِ عیسٰی نے اُس کے دعوائے نبوت کو صریح فریب قرار دیا۔

۱۰ – یعنی اللہ کے بھیجے ہوئے نبی کو جھوٹا مدّعی قرار دے، اور اللہ کے اُس کلام کو جو اس کے نبی پر نازل ہو رہا ہو، نبی کا اپنا گھڑا ہوا کلام ٹھیرائے۔

۱۱ – یعنی اوّل تو سچّے نبی کو جھوٹا مدّعی کہنا ہی بجائے خود کچھ کم ظلم نہیں ہے، کجا کہ اس پر مزید ظلم یہ کیا جائے کہ بُلانے والا تو خدا کی بندگی و اطاعت کی طرف بُلا رہا ہو، اور سننے والا جواب میں اسے گالیاں دے اور اس کی دعوت

هُوَ الَّذِیْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰی وَ دِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ
عَلَى الدِّیْنِ كُلِّهٖ وَ لَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ﴿۹﴾ ع یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا
هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى تِجَارَةٍ تُنْجِیْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِیْمٍ ﴿۱۰﴾

وہی تو ہے جس نے اپنے رسولؐ کو ہدایت اور دینِ حق کے ساتھ بھیجا ہے تاکہ اسے پُورے کے پُورے دین پر غالب کر دے خواہ مشرکین کو یہ کتنا ہی ناگوار ہو۔[۱۳] ع

اَے لوگو جو ایمان لائے ہو، مَیں بتاؤں تم کو وہ تجارت[۱۴] جو تمھیں عذابِ الیم سے بچادے؟

---

کو زک دینے کے لیے جھوٹ اور بہتان اور افترا پردازیوں کے ہتھکنڈے استعمال کرے۔

۱۲ – یہ بات نگاہ میں رہے کہ یہ آیات ۳ ہجری میں جنگِ اُحد کے بعد نازل ہوئی تھیں، جب کہ اسلام صرف شہر مدینہ تک محدُود تھا، مسلمانوں کی تعداد چند ہزار سے زیادہ نہ تھی اور سارا عرب اِس دین کو مٹا دینے پر تُلا ہوا تھا۔ اُحد کے معرکے میں جو زک مسلمانوں کو پہنچی تھی، اس کی وجہ سے اُن کی ہوا اکھڑ گئی تھی، اور گردوپیش کے قبائل اُن پر شیر ہو گئے تھے۔ اِن حالات میں فرمایا گیا کہ اللہ کا یہ نُور کسی کے بُجھائے بُجھ نہ سکے گا، بلکہ پُوری طرح روشن ہو کر اور دنیا بھر میں پھیل کر رہے گا۔ یہ ایک صریح پیشین گوئی ہے جو حرف بحرف صحیح ثابت ہوئی۔ اللہ کے سوا اُس وقت اور کون یہ جان سکتا تھا کہ اسلام کا مستقبل کیا ہے؟ انسانی نگاہیں تو اُس وقت یہ دیکھ رہی تھیں کہ یہ ایک ٹمٹماتا ہوا چراغ ہے جسے بجھا دینے کے لیے بڑے زور کی آندھیاں چل رہی ہیں۔

۱۳ – ”مشرکین“ کو ناگوار ہو، یعنی اُن لوگوں کو جو اللہ کی بندگی کے ساتھ دوسروں کی بندگیاں ملاتے ہیں، اور اللہ کے دین میں دوسرے دینوں کی آمیزش کرتے ہیں۔ جو اس بات پر راضی نہیں ہیں کہ پُورا کا پُورا نظامِ زندگی صرف ایک خدا کی اطاعت اور ہدایت پر قائم ہو۔ جنھیں اس بات پر اصرار ہے کہ جس جس معبُود کی چاہیں گے بندگی کریں گے، اور جن جن فلسفوں اور نظریات پر چاہیں گے اپنے عقائد و اَخلاق اور تہذیب و تمدُّن کی بنیاد رکھیں گے۔ ایسے سب لوگوں کے عَلَی الرَّغم یہ فرمایا جا رہا ہے کہ اللہ کا رسول اُن کے ساتھ مصالحت کرنے کے لیے نہیں بھیجا گیا ہے، بلکہ اس لیے بھیجا گیا ہے کہ جو ہدایت اور دینِ حق وہ اللہ کی طرف سے لایا ہے، اسے پُورے دین، یعنی نظامِ زندگی کے ہر شعبے پر غالب کر دے۔ یہ کام اُسے بہرحال کر کے رہنا ہے۔ کافر اور مشرک مان لیں تو، اور نہ مانیں تو، اور مُزاحمت میں ایڑی چوٹی کا زور لگا دیں تو، رسولؐ کا یہ مشن ہر حالت میں پُورا ہو کر رہے گا۔ یہ اعلان اس سے پہلے قرآن میں دو جگہ ہو چکا ہے۔ ایک، سورۂ توبہ آیت ۳۳ میں۔ دوسرے، سورۂ فتح آیت ۲۸ میں۔ اب تیسری مرتبہ اسے یہاں دُہرایا جا رہا ہے۔ (مزید تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد دوم، التوبہ، حاشیہ

تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ وَ تُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
بِاَمْوَالِكُمْ وَ اَنْفُسِكُمْ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۙ﴿۱۱﴾
يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَ يُدْخِلْكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ وَ
مَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۙ﴿۱۲﴾ وَ اُخْرٰى
تُحِبُّوْنَهَا ؕ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَ فَتْحٌ قَرِيْبٌ ؕ وَ بَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳﴾

---

ایمان لاؤ اللہ اور اس کے رسولؐ پر،[۱۵] اور جہاد کرو اللہ کی راہ میں اپنے مالوں سے اور اپنی جانوں سے۔ یہی تمھارے لیے بہتر ہے اگر تم جانو۔[۱۶] اللہ تمھارے گناہ معاف کر دے گا، اور تم کو ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی، اور اَبدی قیام کی جنّتوں میں بہترین گھر تمھیں عطا فرمائے گا۔ یہ ہے بڑی کامیابی۔[۱۷] اور وہ دُوسری چیز جو تم چاہتے ہو وہ بھی تمھیں دے گا، اللہ کی طرف سے نُصرت اور قریب ہی میں حاصل ہو جانے والی فتح۔[۱۸] اے نبیؐ! اہلِ ایمان کو اِس کی بشارت دے دو۔

---

۳۲۔جلد پنجم، الفتح، حاشیہ ۵۱)

۱۴ – تجارت وہ چیز ہے جس میں آدمی اپنا مال، وقت، محنت اور ذہانت وقابلیت اس لیے کھپاتا ہے کہ اس سے نفع حاصل ہو۔ اسی رعایت سے یہاں ایمان اور جہاد فی سبیل اللہ کو تجارت کہا گیا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ اِس راہ میں اپنا سب کچھ کھپاؤ گے تو وہ نفع تمھیں حاصل ہوگا جو آگے بیان کیا جا رہا ہے۔ یہی مضمون سورۂ توبہ، آیت ۱۱۱ میں ایک اور طریقے سے بیان کیا گیا ہے۔ (مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد دوم، التوبہ، حاشیہ ۱۰۶)

۱۵ – ایمان لانے والوں سے جب کہا جائے کہ ایمان لاؤ، تو اس سے خود بخود یہ معنی نکلتے ہیں کہ مخلص مسلمان بنو۔ ایمان کے محض زبانی دعوے پر اکتفا نہ کرو، بلکہ جس چیز پر ایمان لائے ہو، اس کی خاطر ہر طرح کی قربانیاں دینے اور تکلیفیں برداشت کرنے کے لیے تیار ہو جاؤ۔

۱۶ – یعنی یہ تجارت تمھارے لیے دنیا کی تجارتوں سے زیادہ بہتر ہے۔

۱۷ – یہ اس تجارت کے اصل فوائد ہیں جو آخرت کی اَبدی زندگی میں حاصل ہوں گے۔ ایک، خدا کے عذاب سے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْٓا اَنْصَارَ اللّٰهِ كَمَا قَالَ عِيْسَى
ابْنُ مَرْيَمَ لِلْحَوَارِيّٖنَ مَنْ اَنْصَارِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ؕ قَالَ
الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ فَاٰمَنَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْۢ
بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ وَ كَفَرَتْ طَّآئِفَةٌ ۚ فَاَيَّدْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
عَلٰى عَدُوِّهِمْ فَاَصْبَحُوْا ظٰهِرِيْنَ ﴿۱۴﴾ ع

اے لوگو جو ایمان لائے ہو، اللہ کے مددگار بنو، جس طرح عیسٰی ابنِ مریمؑ نے حواریوں[19] کو خطاب کر کے کہا تھا: ''کون ہے اللہ کی طرف (بلانے میں) میرا مددگار؟'' اور حواریوں نے جواب دیا تھا: ''ہم ہیں اللہ کے مددگار''[20]۔ اُس وقت بنی اسرائیل کا ایک گروہ ایمان لایا اور دُوسرے گروہ نے انکار کیا۔ پھر ہم نے ایمان لانے والوں کی اُن کے دُشمنوں کے مقابلے میں تائید کی اور وہی غالب ہو کر رہے[21]۔ ع

محفوظ رہنا۔ دوسرے، گناہوں کی معافی۔ تیسرے، خدا کی اُس جنّت میں داخل ہونا جس کی نعمتیں لازوال ہیں۔

۱۸- دنیا میں فتح و کامرانی بھی اگرچہ اللہ کی ایک بڑی نعمت ہے، لیکن مومن کے لیے اصل اہمیت کی چیز یہ نہیں ہے بلکہ آخرت کی کامیابی ہے۔ اسی لیے جو نتیجہ دنیا کی اِس زندگی میں حاصل ہونے والا ہے اُس کا ذکر بعد میں کیا گیا، اور جو نتیجہ آخرت میں رُونما ہونے والا ہے اس کے ذکر کو مقدّم رکھا گیا۔

۱۹- حضرت عیسٰی علیہ السّلام کے ساتھیوں کے لیے بائبل میں عُموماً لفظ ''شاگرد'' استعمال کیا گیا ہے، لیکن بعد میں ان کے لیے ''رسول'' (apostles) کی اصطلاح عیسائیوں میں رائج ہوگئی، اِس معنٰی میں نہیں کہ وہ خدا کے رسول تھے، بلکہ اِس معنٰی میں کہ حضرت عیسٰی علیہ السلام ان کو اپنی طرف سے مبلّغ بنا کر اطرافِ فلسطین میں بھیجا کرتے تھے۔ یہودیوں کے ہاں یہ لفظ پہلے سے اُن لوگوں کے لیے بولا جاتا تھا جو ہیکل کے لیے چندہ جمع کرنے بھیجے جاتے تھے۔ اس کے مقابلے میں قرآن کی اصطلاح ''حواری'' اِن دونوں مسیحی اصطلاحوں سے بہتر ہے۔ اس لفظ کی اصل ''حَور'' ہے، جس کے معنٰی سفیدی کے ہیں۔ دھوبی کو حواری کہتے ہیں، کیونکہ وہ کپڑے دھو کر سفید کر دیتا ہے۔ خالص اور بے آمیز چیز کو بھی حواری کہا جاتا ہے۔ جس آٹے کو چھان کر بھُوسی نکال دی گئی ہو اسے حُوّاریٰ کہتے ہیں۔ اسی معنٰی میں خالص دوست اور بے غرض حامی کے لیے یہ لفظ بولا جاتا ہے۔ ابنِ سیدہ کہتا ہے: ''ہر وہ شخص جو کسی کی مدد کرنے میں مبالغہ کرے، وہ

اس کا حواری ہے۔" (لسان العرب)

**۲۰-** یہ آخری مقام ہے جہاں قرآنِ مجید میں ان لوگوں کو اللہ کا مددگار کہا گیا ہے جو خلقِ خدا کو دین کی طرف بلانے اور اللہ کے دین کو کفر کے مقابلے میں غالب کرنے کی جِدّ و جُہد کریں۔ اس سے پہلے یہی مضمون سورۂ آلِ عمران، آیت ۵۲، سورۂ حج، آیت ۴۰، سورۂ محمد، آیت ۷، سورۂ حدید، آیت ۲۵، اور سورۂ حشر، آیت ۸ میں گزر چکا ہے، اور ان آیات کی تشریح ہم تفہیم القرآن، جلد اوّل، آلِ عمران، حاشیہ ۵۰، جلد سوم، الحج، حاشیہ ۸۴، جلد پنجم، سورۂ محمد، حاشیہ ۱۲، اور سورۂ حدید، حاشیہ ۴۷ میں کر چکے ہیں، نیز سورۂ محمد، حاشیہ ۹ میں بھی اس مسئلے کے ایک گوشے پر واضح روشنی ڈالی جا چکی ہے۔ اس کے باوجود بعض لوگوں کے ذہن میں یہ اُلجھن پائی جاتی ہے کہ جب اللہ تعالیٰ قادرِ مُطلَق ہے، تمام خَلق سے بے نیاز ہے، کسی کا محتاج نہیں ہے اور سب اس کے محتاج ہیں، تو کوئی بندہ آخر اللہ کا مددگار کیسے ہو سکتا ہے۔ اس اُلجھن کو رفع کرنے کے لیے ہم یہاں اس مسئلے کی مزید وضاحت کیے دیتے ہیں۔

دراصل ایسے لوگوں کو اللہ کا مددگار اس لیے نہیں کہا گیا ہے کہ اللہ رب العالمین، معاذ اللہ، کسی کام کے لیے اپنی کسی مخلوق کی مدد کا محتاج ہے، بلکہ یہ اس لیے فرمایا گیا ہے کہ زندگی کے جس دائرے میں اللہ تعالیٰ نے خود انسان کو کفر و ایمان اور طاعت و معصیت کی آزادی بخشی ہے، اس میں وہ لوگوں کو اپنی قوتِ قاہرہ سے کام لے کر بجبر مومن و مطیع نہیں بناتا، بلکہ اپنے انبیاؑ اور اپنی کتابوں کے ذریعے سے ان کو راہِ راست دکھانے کے لیے تذکیر و تعلیم اور تفہیم و تلقین کا طریقہ اختیار فرماتا ہے۔ اِس تذکیر و تعلیم کو جو شخص برضا و رغبت قبول کر لے وہ مومن ہے، جو عملاً مطیعِ فرمان بن جائے وہ مسلم و قانت اور عابد ہے، جو خدا ترسی کا رَوِیّہ اختیار کر لے وہ متقی ہے، جو نیکیوں کی طرف سبقت کرنے لگے وہ محسن ہے، اور اس سے مزید ایک قدم آگے بڑھ کر جو اِسی تذکیر و تعلیم کے ذریعے سے بندگانِ خدا کی اصلاح کے لیے اور کفر و فسق کی جگہ اللہ کی اطاعت کا نظام قائم کرنے کے لیے کام کرنے لگے، اسے اللہ تعالیٰ خود اپنا مددگار قرار دیتا ہے، جیسا کہ آیاتِ مذکورۂ بالا میں کئی جگہ بالفاظِ صریح ارشاد ہوا ہے۔ اگر اصل مقصود اللہ کا نہیں بلکہ اللہ کے دین کا مددگار کہنا ہوتا تو اَنْصَارُ اللّٰهِ کے بجائے اَنْصَارُ دِيْنِ اللّٰهِ فرمایا جاتا، يَنْصُرُوْنَ اللّٰهَ کے بجائے يَنْصُرُوْنَ دِيْنَ اللّٰهِ فرمایا جاتا، اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ کے بجائے اِنْ تَنْصُرُوْا دِيْنَ اللّٰهِ فرمایا جاتا۔ جب ایک مضمون کو ادا کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ نے پے در پے کئی مقامات پر ایک ہی طرزِ بیان اختیار فرمایا ہے تو یہ اس بات پر صریح دلالت کرتا ہے کہ اصل مقصود ایسے لوگوں کو اللہ کا مددگار ہی کہنا ہے۔ مگر یہ "مددگاری" نعوذ باللہ، اس معنیٰ میں نہیں ہے کہ یہ لوگ اللہ تعالیٰ کی کوئی ضرورت پوری کرتے ہیں جس کے لیے وہ ان کی مدد کا محتاج ہے، بلکہ یہ اس معنیٰ میں ہے کہ یہ لوگ اُسی کام میں حصہ لیتے ہیں جسے اللہ تعالیٰ اپنی قوتِ قاہرہ کے ذریعے سے کرنے کے بجائے اپنے انبیاؑ اور اپنی کتابوں کے ذریعے سے کرنا چاہتا ہے۔

**۲۱-** مسیحؑ پر ایمان نہ لانے والوں سے مراد یہودی، اور ایمان لانے والوں سے مراد عیسائی اور مسلمان، دونوں ہیں، اور اللہ تعالیٰ نے ان دونوں کو مسیحؑ کے منکرین پر غلبہ عطا فرمایا۔ اس بات کو یہاں بیان کرنے سے مقصود مسلمانوں کو یہ یقین دلانا ہے کہ جس طرح پہلے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ماننے والے ان کا انکار کرنے والوں پر غالب آ چکے ہیں، اسی طرح اب محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ماننے والے آپؐ کا انکار کرنے والوں پر غالب آئیں گے۔

# تفہیم القرآن

## الجُمُعَه

(٦٢)

# الجُمُعَہ

**نام** آیت ۹ کے فقرے اِذَا نُوْدِیَ لِلصَّلٰوۃِ مِنْ یَّوْمِ الْجُمُعَۃِ سے ماخوذ ہے۔ اگرچہ اِس سورہ میں نمازِ جمعہ کے احکام بھی بیان کیے گئے ہیں، لیکن ''جُمعہ'' بحیثیتِ مجموعی اس کے مضامین کا عنوان نہیں ہے، بلکہ دوسری سُورتوں کے ناموں کی طرح یہ نام بھی علامت ہی کے طور پر ہے۔

**زمانۂ نُزُول** پہلے رُکوع کا زمانۂ نزول ۷ ھ ہے، اور غالبًا یہ فتحِ خیبر کے موقع پر یا اس کے بعد قریبی زمانے میں نازل ہوا ہے۔ بُخاری، مُسلم، ترمِذی، نَسائی اور ابنِ جَرِیر نے حضرت ابوہُریرہؓ کی یہ روایت نقل کی ہے کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بیٹھے ہوئے تھے جب یہ آیات نازل ہوئیں۔ حضرت ابوہریرہؓ کے متعلق یہ بات تاریخ سے ثابت ہے کہ وہ صلحِ حُدَیبِیَہ کے بعد اور فتحِ خیبر سے پہلے ایمان لائے تھے۔ اور خیبر کی فتح ابنِ ہِشام کے بقول مُحرّم، اور ابنِ سعد کے بقول جُمادِی الْاُولیٰ ۷ ھ میں ہوئی ہے۔ پس قرینِ قیاس یہ ہے کہ یہودیوں کے اِس آخری گڑھ کو فتح کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ نے اُن کو خطاب کرتے ہوئے یہ آیات نازل فرمائی ہوں گی، یا پھر ان کا نُزول اس وقت ہُوا ہوگا جب خیبر کا انجام دیکھ کر شمالی حِجاز کی تمام یہودی بستیاں اسلامی حکومت کی تابعِ فرمان بن گئی تھیں۔

دوسرا رُکوع ہجرت کے بعد قریبی زمانے ہی میں نازل ہوا ہے۔ کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینۂ طیِّبہ پہنچتے ہی پانچویں روز جمعہ قائم کر دیا تھا، اور اِس رکوع کی آخری آیت میں جس واقعے کی طرف اشارہ کیا گیا ہے، وہ صاف بتا رہا ہے کہ وہ اِقامتِ جمعہ کا سلسلہ شروع ہونے کے بعد لازماً کسی ایسے زمانے ہی میں پیش آیا ہوگا جب لوگوں کو دینی اجتماعات کے آداب کی پُوری تربیت ابھی نہیں ملی تھی۔

**موضوع اور مضامین** جیسا کہ اُوپر ہم بیان کر چکے ہیں، اِس سورہ کے دو رُکوع دو الگ زمانوں میں نازل ہوئے ہیں۔ اسی لیے دونوں کے موضوع الگ ہیں اور مخاطَب بھی الگ۔ اگرچہ ان کے درمیان ایک نوع کی مناسبت ہے، جس کی بنا پر انھیں ایک سُورہ میں جمع کیا گیا ہے، لیکن مناسبت سمجھنے سے پہلے ہمیں دونوں کے موضوعات کو الگ الگ سمجھ لینا چاہیے۔

پہلا رُکوع اُس وقت نازل ہوا جب یہودیوں کی وہ تمام کوششیں ناکام ہو چکی تھیں جو اسلام

کی دعوت کا راستہ روکنے کے لیے پچھلے چھ سال کے دوران میں انھوں نے کی تھیں۔ پہلے مدینے میں ان کے تین تین طاقت ور قبیلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو نیچا دکھانے کے لیے ایڑی چوٹی تک کا زور لگاتے رہے، اور نتیجہ یہ دیکھا کہ ایک قبیلہ پُوری طرح تباہ ہو گیا اور دو قبیلوں کو جلاوطن ہونا پڑا۔ پھر وہ سازشیں کر کے عرب کے بہت سے قبائل کو مدینے پر چڑھا لائے، مگر غزوۂ اَحزاب میں ان سب نے منہ کی کھائی۔ اس کے بعد ان کا سب سے بڑا گڑھ خیبر رہ گیا تھا، جہاں مدینے سے نکلے ہوئے یہودیوں کی بھی بڑی تعداد جمع ہو گئی تھی۔ اِن آیات کے نُزول کے وقت وہ بھی بغیر کسی غیر معمولی زحمت کے فتح ہو گیا، اور یہودیوں نے خود درخواست کر کے وہاں مسلمانوں کے کاشتکاروں کی حیثیت سے رہنا قبول کر لیا۔ اِس آخری شکست کے بعد عرب میں یہودی طاقت کا بالکل خاتمہ ہو گیا۔ وادی القُریٰ، فَدَک، تَیما، تَبوک، سب ایک ایک کر کے ہتھیار ڈالتے چلے گئے، یہاں تک کہ عرب کے تمام یہودی اُسی اسلام کی رعایا بن کر رہ گئے جس کے وجود کو برداشت کرنا تو درکنار، جس کا نام سننا تک انھیں گوارا نہ تھا۔ یہ موقع تھا جب اللہ تعالیٰ نے اِس سورہ میں ایک مرتبہ پھر اُن کو خطاب فرمایا، اور غالباً یہ آخری خطاب تھا جو قرآنِ مجید میں ان سے کیا گیا۔ اِس میں انھیں مخاطب کر کے تین باتیں فرمائی گئی ہیں:

(۱) تم نے اِس رسول کو اس لیے ماننے سے انکار کیا کہ یہ اُس قوم میں مبعوث ہوا تھا جسے تم حقارت کے ساتھ ''اُمّی'' کہتے ہو۔ تمھارا زُعمِ باطل یہ تھا کہ رسول لازماً تمھاری اپنی قوم ہی کا ہونا چاہیے۔ تم یہ فیصلہ کیے بیٹھے تھے کہ تمھاری قوم سے باہر کا جو شخص رسالت کا دعویٰ کرے وہ ضرور جھوٹا ہے، کیونکہ یہ منصب تمھاری نسل کے لیے مختص ہو چکا ہے اور ''اُمّیوں'' میں کبھی کوئی رسول نہیں آ سکتا۔ لیکن اللہ نے انھی اُمّیوں میں سے ایک رسول اُٹھایا ہے جو تمھاری آنکھوں کے سامنے اُس کی کتاب سُنا رہا ہے، نُفوس کا تزکیہ کر رہا ہے، اور اُن لوگوں کو ہدایت دے رہا ہے جن کی گمراہی کا حال تم خود جانتے ہو۔ یہ اللہ کا فضل ہے، جسے چاہے دے۔ اُس کے فضل پر تمھارا اجارہ نہیں ہے کہ جسے تم دلوانا چاہو اسی کو وہ دے، اور جسے تم محروم رکھنا چاہو اسے وہ محروم رکھے۔

(۲) تم کو تورات کا حامل بنایا گیا تھا، مگر تم نے اس کی ذمہ داری نہ سمجھی، نہ ادا کی۔ تمھارا حال اُس گدھے کا سا ہے جس کی پیٹھ پر کتابیں لدی ہوئی ہوں اور اسے کچھ نہیں معلوم کہ وہ کس چیز کا بار اُٹھائے ہوئے ہے۔ بلکہ تمھاری حالت گدھے سے بھی بدتر ہے۔ وہ تو سمجھ بُوجھ نہیں رکھتا، مگر تم سمجھ بُوجھ رکھتے ہو اور پھر کتاب اللہ کے حامل ہونے کی ذمہ داری سے فرار ہی نہیں کرتے، دانستہ اللہ کی آیات کو جھُٹلانے سے بھی باز نہیں رہتے۔ اور اس پر تمھارا زُعم یہ ہے کہ تم اللہ کے چہیتے ہو اور رسالت کی نعمت ہمیشہ کے لیے تمھارے نام لکھ دی گئی ہے۔ گویا تمھاری رائے

یہ ہے کہ خواہ تم اللہ کے پیغام کا حق ادا کرو یا نہ کرو، بہرحال اللہ اِس کا پابند ہے کہ وہ اپنے پیغام کا حامل تمھارے سوا کسی کو نہ بنائے!

(۳) تم اگر واقعی اللہ کے چہیتے ہوتے اور تمھیں اگر یقین ہوتا کہ اُس کے ہاں تمھارے لیے بڑی عزت اور قدر و منزلت کا مقام محفوظ ہے تو تمھیں موت کا ایسا خوف نہ ہوتا کہ ذلّت کی زندگی قبول ہے مگر موت کسی طرح قبول نہیں۔ یہی موت کا خوف ہی تو ہے جس کی بدولت پچھلے چند سالوں میں تم شکست پر شکست کھاتے چلے گئے ہو۔ تمھاری یہ حالت آپ ہی اس بات کی دلیل ہے کہ اپنے کرتوتوں سے تم خود واقف ہو، اور تمھارا ضمیر خوب جانتا ہے کہ ان کرتوتوں کے ساتھ مرو گے تو اللہ کے ہاں اُس سے زیادہ ذلیل و خوار ہو گے جتنے دنیا میں ہو رہے ہو۔

یہ ہے پہلے رُکوع کا مضمون۔ اس کے بعد دوسرا رُکوع، جو کئی سال پہلے نازل ہوا تھا، اِس سورہ میں لا کر اس لیے شامل کیا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے یہودیوں کے سَبْت کے مقابلے میں مسلمانوں کو جمعہ عطا فرمایا ہے، اور اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو مُتَنَبِّہ فرمانا چاہتا ہے کہ وہ اپنے جمعے کے ساتھ وہ معاملہ نہ کریں جو یہودیوں نے سَبْت کے ساتھ کیا تھا۔ یہ رکوع اُس وقت نازل ہُوا تھا جب مدینہ میں ایک روز عین نمازِ جمعہ کے وقت ایک تجارتی قافلہ آیا اور اس کے ڈھول تاشوں کی آواز سُن کر ۱۲ آدمیوں کے سوا تمام حاضرین مسجدِ نبویؐ سے قافلے کی طرف دوڑ گئے، حالانکہ اُس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ ارشاد فرما رہے تھے۔ اس پر یہ حکم دیا گیا کہ جمعے کی اذان ہونے کے بعد ہر قسم کی خرید و فروخت اور ہر دوسری مصروفیت حرام ہے۔ اہلِ ایمان کا کام یہ ہے کہ اُس وقت سب کام چھوڑ چھاڑ کر اللہ کے ذکر کی طرف دوڑیں۔ البتہ جب نماز ختم ہو جائے تو انھیں حق ہے کہ اپنے کاروبار چلانے کے لیے زمین میں پھیل جائیں۔ احکامِ جمعہ کے بارے میں یہ رُکوع ایک مستقل سورت بھی بنایا جا سکتا تھا، اور کسی دوسری سُورت میں بھی شامل کیا جا سکتا تھا۔ لیکن ایسا کرنے کے بجائے خاص طور پر اسے یہاں اُن آیات کے ساتھ لا کر ملایا گیا جن میں یہودیوں کو اُن کے انجامِ بد کے اسباب پر مُتَنَبِّہ کیا گیا ہے۔ اِس کی حکمت ہمارے نزدیک وہی ہے جو اُوپر ہم نے بیان کی ہے۔

آیاتھا ۱۱ — رکوعاتھا ۲

## سُوْرَةُ الْجُمُعَةِ مَدَنِيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ الْعَزِيْزِ
الْحَكِيْمِ ① هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا

اللہ کی تسبیح کر رہی ہے ہر وہ چیز جو آسمانوں میں ہے اور ہر وہ چیز جو زمین میں ہے ــــ بادشاہ ہے، قُدُّوس ہے، زبردست اور حکیم ہے۔[1]

وہی ہے جس نے اُمّیوں[2] کے اندر ایک رسول خود اُنھی میں سے اُٹھایا، جو اُنھیں

۱ ــ تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد پنجم، تفسیر سورۂ حدید، حواشی ۱، ۲۔ الحشر، حواشی ۳۶، ۳۷، ۴۱۔ آگے کے مضمون سے یہ تمہید بڑی گہری مناسبت رکھتی ہے۔ عرب کے یہودی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات و صفات اور کارناموں میں رسالت کی صریح نشانیاں بچشمِ سر دیکھ لینے کے باوجود، اور اِس کے باوجود کہ تورات میں حضرت موسیٰ علیہ السّلام نے آپؐ کے آنے کی صریح بشارت دی تھی جو آپؐ کے سوا کسی اور پر چسپاں نہیں ہوتی تھی، صرف اِس بنا پر آپؐ کا انکار کر رہے تھے کہ اپنی قوم اور نسل سے باہر کے کسی شخص کی رسالت مان لینا انھیں سخت ناگوار تھا۔ وہ صاف کہتے تھے کہ جو کچھ ہمارے ہاں آیا ہے ہم صرف اسی کو مانیں گے۔ دوسری کسی تعلیم کو، جو کسی غیر اسرائیلی نبی کے ذریعے سے آئے، خواہ وہ خدا ہی کی طرف سے ہو، تسلیم کرنے کے لیے وہ قطعی تیار نہ تھے۔ آگے کی آیتوں میں اِسی رَوِیّے پر انھیں ملامت کی جا رہی ہے، اس لیے کلام کا آغاز اس تمہیدی فقرے سے کیا گیا ہے۔ اس میں پہلی بات یہ فرمائی گئی ہے کہ کائنات کی ہر چیز اللہ کی تسبیح کر رہی ہے۔ یعنی یہ پُوری کائنات اس بات پر شاہد ہے کہ اللہ اُن تمام نَقائص اور کمزوریوں سے پاک ہے جن کی بنا پر یہودیوں نے اپنی نسلی برتری کا تصوُّر قائم کر رکھا ہے۔ وہ کسی کا رشتہ دار نہیں ہے۔ جانب داری (favouritism) کا اس کے ہاں کوئی کام نہیں۔ اپنی ساری مخلوق کے ساتھ اس کا معاملہ یکساں عدل اور رحمت اور رُبوبیّت کا ہے۔ کوئی خاص نسل اور قوم اُس کی چہیتی نہیں ہے کہ وہ خواہ کچھ کرے، بہرحال اس کی نوازشیں اُسی کے لیے مخصوص رہیں، اور کسی دوسری نسل یا قوم سے اس کو عداوت نہیں ہے کہ وہ اپنے اندر خوبیاں بھی رکھتی ہو تو وہ اس کی عنایات سے محروم رہے۔ پھر فرمایا گیا کہ وہ بادشاہ ہے، یعنی دنیا کی کوئی طاقت اس کے اختیارات کو محدُود کرنے والی نہیں ہے۔ تم بندے اور رعیت ہو۔ تمھارا یہ منصب کب سے ہو گیا کہ تم یہ طے کرو کہ وہ تمھاری ہدایت کے لیے اپنا پیغمبر کسے بنائے اور کسے نہ بنائے۔ اس کے بعد ارشاد ہوا کہ وہ قُدُّوس ہے۔

عَلَيۡهِمۡ اٰيٰتِهٖ وَ يُزَكِّيۡهِمۡ وَيُعَلِّمُهُمُ الۡكِتٰبَ وَالۡحِكۡمَةَ

اُس کی آیات سناتا ہے، اُن کی زندگی سنوارتا ہے، اور اُن کو کتاب اور حکمت کی تعلیم دیتا ہے[۳]۔

یعنی اِس سے بدرجہا مُنزّہ اور پاک ہے کہ اُس کے فیصلے میں کسی خطا اور غلطی کا امکان ہو۔ غلطی تمھاری سمجھ بُوجھ میں ہوسکتی ہے۔ اُس کے فیصلے میں نہیں ہوسکتی۔ آخر میں اللہ تعالیٰ کی دو مزید صفتیں بیان فرمائی گئیں۔ ایک یہ کہ وہ زبردست ہے، یعنی اس سے لڑ کر کوئی جیت نہیں سکتا۔ دوسری یہ کہ وہ حکیم ہے، یعنی جو کچھ کرتا ہے وہ عین مقتضائے دانش ہوتا ہے، اور اس کی تدبیریں ایسی محکم ہوتی ہیں کہ دُنیا میں کوئی ان کا توڑ نہیں کرسکتا۔

۲ – یہاں اُمّی کا لفظ یہودی اصطلاح کے طور پر آیا ہے، اور اس میں ایک لطیف طنز پوشیدہ ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جن کو یہودی حقارت کے ساتھ اُمّی کہتے ہیں اور اپنے مقابلے میں ذلیل سمجھتے ہیں، اُنھی میں اللہ غالب و دانا نے ایک رسول اُٹھایا ہے۔ وہ خود نہیں اُٹھ کھڑا ہوا ہے، بلکہ اس کا اُٹھانے والا وہ ہے جو کائنات کا بادشاہ ہے، زبردست اور حکیم ہے، جس کی قوت سے لڑ کر یہ لوگ اپنا ہی کچھ بگاڑیں گے، اُس کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے۔

معلوم ہونا چاہیے کہ قرآنِ مجید میں ’’اُمّی‘‘ کا لفظ متعدّد مقامات پر آیا ہے اور سب جگہ اس کے معنیٰ ایک ہی نہیں ہیں بلکہ مختلف مواقع پر وہ مختلف معنوں میں استعمال ہوا ہے۔ کہیں وہ اہلِ کتاب کے مقابلے میں اُن لوگوں کے لیے استعمال کیا گیا ہے جن کے پاس کوئی آسمانی کتاب نہیں ہے جس کی پیروی وہ کرتے ہوں۔ مثلاً فرمایا: قُلۡ لِّلَّذِيۡنَ اُوۡتُوا الۡكِتٰبَ وَ الۡاُمِّيّٖنَ ءَاَسۡلَمۡتُمۡ (آلِ عمران: ۲۰) ’’اہلِ کتاب اور اُمّیوں سے پوچھو: کیا تم نے اسلام قبول کیا؟‘‘ یہاں اُمّیوں سے مُراد مشرکینِ عرب ہیں، اور ان کو اہلِ کتاب، یعنی یہود ونصاریٰ سے الگ ایک گروہ قرار دیا گیا ہے۔ کسی جگہ یہ لفظ خود اہل کتاب کے اَن پڑھ اور کتاب اللہ سے ناواقف لوگوں کے لیے استعمال ہوا ہے۔ جیسے فرمایا: وَمِنۡهُمۡ اُمِّيُّوۡنَ لَا يَعۡلَمُوۡنَ الۡكِتٰبَ اِلَّاۤ اَمَانِىَّ (البقرہ: ۷۸) ’’اِن یہودیوں میں کچھ لوگ اُمّی ہیں، کتاب کا کوئی علم نہیں رکھتے، بس اپنی آرزوؤں ہی کو جانتے ہیں۔‘‘ اور کسی جگہ یہ لفظ خالص یہودی اصطلاح کے طور پر استعمال ہوا ہے جس سے مُراد دنیا کے تمام غیر یہودی ہیں۔ مثلاً فرمایا: ذٰلِكَ بِاَنَّهُمۡ قَالُوۡا لَيۡسَ عَلَيۡنَا فِى الۡاُمِّيّٖنَ سَبِيۡلٌ (آلِ عمران: ۷۵) یعنی ’’اُن کے اندر یہ بددیانتی پیدا ہونے کا سبب یہ ہے کہ وہ کہتے ہیں اُمّیوں کا مال مار کھانے میں ہم پر کوئی گرفت نہیں ہے۔‘‘ یہی تیسرے معنیٰ ہیں جو آیتِ زیرِ بحث میں مراد لیے گئے ہیں۔ یہ لفظ عبرانی زبان کے لفظ گوئیم کا ہم معنیٰ ہے، جس کا ترجمہ انگریزی بائبل میں Gentiles کیا گیا ہے، اور اس سے مراد تمام غیر یہودی یا غیر اسرائیلی لوگ ہیں۔

لیکن اس یہودی اصطلاح کی اصل معنویت محض اس کی اِس تشریح سے سمجھ میں نہیں آسکتی۔ دراصل عبرانی زبان کا لفظ گوئیم ابتداءً محض اقوام کے معنیٰ میں بولا جاتا تھا، لیکن رفتہ رفتہ یہودیوں نے اسے پہلے تو اپنے سوا دوسری قوموں کے لیے مخصوص کردیا، پھر اس کے اندر یہ معنیٰ پیدا کردیے کہ یہودیوں کے سوا باقی تمام اقوام ناشایستہ،

وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝۲ وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا

حالانکہ اِس سے پہلے وہ کُھلی گمراہی میں پڑے ہوئے تھے؀۴ اور (اس رسُول کی بعثت) اُن دوسرے لوگوں

بدمذہب، ناپاک اور ذلیل ہیں، حتّٰی کہ حقارت اور نفرت میں یہ لفظ یونانیوں کی اصطلاح Barbarian سے بھی بازی لے گیا، جسے وہ تمام غیر یونانیوں کے لیے استعمال کرتے تھے۔ ربیوں کے لٹریچر میں گوئیم اس قدر قابلِ نفرت لوگ ہیں کہ ان کو انسانی بھائی نہیں سمجھا جاسکتا، ان کے ساتھ سفر نہیں کیا جاسکتا، بلکہ اگر ان میں سے کوئی شخص ڈوب رہا ہوتو اسے بچانے کی کوشش بھی نہیں کی جاسکتی۔ یہودیوں کا عقیدہ یہ تھا کہ آنے والا مسیح تمام گوئیم کو ہلاک کر دے گا اور جلا کر خاکستر کر ڈالے گا۔ (مزید تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد اوّل، آلِ عمران، حاشیہ ۶۴)

۳- قرآنِ مجید میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ صفات چار مقامات پر بیان کی گئی ہیں، اور ہر جگہ ان کے بیان کی غرض مختلف ہے۔ البقرہ آیت ۱۲۹ میں ان کا ذکر اہلِ عرب کو یہ بتانے کے لیے کیا گیا ہے کہ آنحضورؐ کی بِعثت، جسے وہ اپنے لیے زحمت و مصیبت سمجھ رہے تھے، درحقیقت ایک بڑی نعمت ہے، جس کے لیے حضرت ابراہیم اور حضرت اسماعیل علیہما السّلام اپنی اولاد کے لیے اللہ تعالیٰ سے دعائیں مانگا کرتے تھے۔ البقرہ، آیت ۱۵۱ میں انھیں اس لیے بیان کیا گیا ہے کہ مسلمان حضورؐ کی قدر پہچانیں اور اُس نعمت سے پُورا پُورا فیض حاصل کریں جو حضورؐ کی بِعثَت کی صورت میں اللہ تعالیٰ نے انھیں عطا فرمائی ہے۔ آلِ عمران، آیت ۱۶۴ میں منافقین اور ضعیف الایمان لوگوں کو یہ احساس دلانے کے لیے اِن کا اِعادہ کیا گیا ہے کہ وہ کتنا بڑا احسان ہے جو اللہ تعالیٰ نے اُن کے درمیان اپنا رسول بھیج کر کیا ہے، اور یہ لوگ کتنے نادان ہیں کہ اس کی قدر نہیں کرتے۔ اب چوتھی مرتبہ انھیں اِس سورہ میں دُہرایا گیا ہے، جس سے مقصود یہودیوں کو یہ بتانا ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم تمھاری آنکھوں کے سامنے جو کام کر رہے ہیں، وہ صریحاً ایک رسول کا کام ہے۔ وہ اللہ کی آیات سنا رہے ہیں، جن کی زبان، مضامین، اندازِ بیان، ہر چیز اس بات کی شہادت دیتی ہے کہ فی الواقع وہ اللہ ہی کی آیات ہیں۔ وہ لوگوں کی زندگیاں سنوار رہے ہیں، اُن کے اَخلاق اور عادات اور معاملات کو ہر طرح کی گندگیوں سے پاک کر رہے ہیں، اور ان کو اعلیٰ درجے کے اَخلاقی فضائل سے آراستہ کر رہے ہیں۔ یہ وہی کام ہے جو اس سے پہلے تمام انبیاؑ کرتے رہے ہیں۔ پھر وہ صرف آیات ہی سنانے پر اکتفا نہیں کرتے، بلکہ ہر وقت اپنے قول اور عمل سے اور اپنی زندگی کے نمونے سے لوگوں کو کتابِ الٰہی کا منشا سمجھا رہے ہیں اور اُن کو اُس حکمت و دانائی کی تعلیم دے رہے ہیں جو انبیاؑ کے سوا آج تک کسی نے نہیں دی ہے۔ یہی سیرت اور کردار اور کام ہی تو انبیاؑ کا وہ نمایاں وصف ہے جس سے وہ پہچانے جاتے ہیں۔ پھر یہ کیسی ہٹ دھرمی ہے کہ جس کا رسولِ برحق ہونا اُس کے کارناموں سے عَلانِیَہ ثابت ہو رہا ہے، اس کو ماننے سے تم نے صرف اس لیے انکار کر دیا کہ اللہ نے اسے تمھاری قوم کے بجائے اُس قوم میں سے اُٹھایا جسے تم اُمّی کہتے ہو۔

۴- یہ حضورؐ کی رسالت کا ایک اور ثبوت ہے جو یہودیوں کی آنکھیں کھولنے کے لیے پیش کیا گیا ہے۔ یہ لوگ

يَلۡحَقُوۡا بِهِمۡ ؕ وَهُوَ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ ۝۳ ذٰلِكَ فَضۡلُ اللّٰهِ يُؤۡتِيۡهِ

کے لیے بھی ہے جو ابھی اُن سے نہیں ملے ہیں۔[۵] اللہ زبردست اور حکیم ہے۔[۶] یہ اس کا فضل ہے، جسے

صدیوں سے عرب کی سرزمین میں آباد تھے اور اہلِ عرب کی مذہبی، اخلاقی، معاشرتی اور تمدّنی زندگی کا کوئی گوشہ ان سے چھپا ہُوا نہ تھا۔ اُن کی اُس سابق حالت کی طرف اشارہ کر کے فرمایا جا رہا ہے کہ چند سال کے اندر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی قیادت و رہنمائی میں اس قوم کی جیسی کایا پلٹ گئی ہے اُس کے تم عینی شاہد ہو۔ تمھارے سامنے وہ حالت بھی ہے جس میں یہ لوگ اسلام قبول کرنے سے پہلے مبتلا تھے۔ وہ حالت بھی ہے جو اسلام لانے کے بعد ان کی ہو گئی، اور اِسی قوم کے اُن لوگوں کی حالت بھی تم دیکھ رہے ہو جنھوں نے ابھی اسلام قبول نہیں کیا ہے۔ کیا یہ کھلا کھلا فرق، جسے ایک اندھا بھی دیکھ سکتا ہے، تمھیں یہ یقین دلانے کے لیے کافی نہیں ہے کہ یہ ایک نبی کے سوا کسی کا کارنامہ نہیں ہو سکتا؟ بلکہ اس کے سامنے تو پچھلے انبیاؑ تک کے کارنامے ماند پڑ گئے ہیں۔

۵ – یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت صرف عرب قوم تک محدود نہیں ہے، بلکہ دنیا بھر کی اُن دوسری قوموں اور نسلوں کے لیے بھی ہے جو ابھی آ کر اہلِ ایمان میں شامل نہیں ہوئی ہیں مگر آگے قیامت تک آنے والی ہیں۔ اصل الفاظ ہیں: وَّاٰخَرِيۡنَ مِنۡهُمۡ لَمَّا يَلۡحَقُوۡا بِهِمۡ ''دوسرے لوگ اُن میں سے جو ابھی اُن سے نہیں ملے ہیں۔'' اس میں لفظ مِنۡهُمۡ (ان میں سے) کے دو مطلب ہو سکتے ہیں: ایک یہ کہ وہ دوسرے لوگ اُمّیوں میں سے، یعنی دنیا کی غیر اسرائیلی قوموں میں سے ہوں گے۔ دوسرے یہ کہ وہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو ماننے والے ہوں گے جو ابھی اہلِ ایمان میں شامل نہیں ہوئے ہیں مگر بعد میں آ کر شامل ہو جائیں گے۔ اس طرح یہ آیت من جملہ اُن آیات کے ہے جن میں تصریح کی گئی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بِعثت تمام نوعِ انسانی کی طرف ہے اور اَبد تک کے لیے ہے۔ قرآنِ مجید کے دوسرے مقامات جہاں اس مضمون کی صراحت کی گئی ہے، حسبِ ذیل ہیں: الاَنعام، آیت ۱۹۔ الاعراف: ۱۵۸۔ الانبیاء: ۱۰۷۔ الفرقان: ۱۔ سَبا: ۲۸۔ (مزید تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد چہارم، تفسیر سورۂ سَبا، حاشیہ ۴۷)

۶ – یعنی یہ اُسی کی قدرت و حکمت کا کرشمہ ہے کہ ایسی ناتراشیدہ اُمّی قوم میں اس نے ایسا عظیم نبی پیدا کیا جس کی تعلیم و ہدایت اِس درجے انقلاب انگیز ہے، اور پھر ایسے عالمگیر اَبدی اُصولوں کی حامل ہے جن پر تمام نوعِ انسانی مل کر ایک اُمّت بن سکتی ہے اور ہمیشہ ہمیشہ ان اُصولوں سے رہنمائی حاصل کر سکتی ہے۔ کوئی بناوٹی انسان خواہ کتنی ہی کوشش کر لیتا، یہ مقام و مرتبہ کبھی حاصل نہیں کر سکتا تھا۔ عرب جیسی پسماندہ قوم تو درکنار، دنیا کی کسی بڑی سے بڑی قوم کا کوئی ذہین سے ذہین آدمی بھی اس پر قادر نہیں ہو سکتا کہ ایک قوم کی اس طرح مکمل طور پر کایا پلٹ دے، اور پھر ایسے جامع اُصول دنیا کو دے دے جن پر ساری نوعِ انسانی ایک اُمّت بن کر ایک دین اور ایک تہذیب کا عالمگیر و ہمہ گیر نظام ابد تک چلانے کے قابل ہو جائے۔ یہ ایک معجزہ ہے جو اللہ کی قدرت سے رونما ہوا ہے، اور اللہ ہی نے اپنی حکمت کی بنا پر جس شخص، جس ملک، اور جس قوم کو چاہا ہے، اِس کے لیے انتخاب کیا ہے۔ اِس پر اگر کسی بے وقوف کا دل دُکھتا ہے

مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَ اللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝۴ مَثَلُ الَّذِيْنَ حُمِّلُوا
التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوْهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ اَسْفَارًا ؕ بِئْسَ
مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ وَ اللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ
الظّٰلِمِيْنَ ۝۵ قُلْ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ هَادُوْۤا اِنْ زَعَمْتُمْ اَنَّكُمْ اَوْلِيَآءُ

چاہتا ہے دیتا ہے، اور وہ بڑا فضل فرمانے والا ہے۔

جن لوگوں کو توراۃ کا حامل بنایا گیا تھا مگر انھوں نے اس کا بار نہ اُٹھایا[7]، اُن کی مثال اُس گدھے[8] کی سی ہے جس پر کتابیں لدی ہوئی ہوں۔ اِس سے بھی زیادہ بُری مثال ہے اُن لوگوں کی جنھوں نے اللہ کی آیات کو جُھٹلا دیا ہے[9]۔ ایسے ظالموں کو اللہ ہدایت نہیں دیا کرتا۔

اِن سے کہو: "اَے لوگو جو یہودی بن گئے ہو[10]، اگر تمھیں یہ گھمنڈ ہے کہ باقی سب لوگوں کو

تو دُکھتا رہے۔

۷ – اس فقرے کے دو معنٰی ہیں: ایک عام اور دوسرا خاص۔ عام معنٰی یہ ہیں کہ جن لوگوں پر توراۃ کے علم و عمل، اور اس کے مطابق دنیا کی ہدایت کا بار رکھا گیا تھا، مگر نہ انھوں نے اپنی اس ذمہ داری کو سمجھا اور نہ اس کا حق ادا کیا۔ خاص معنٰی یہ ہیں کہ حاملِ توراۃ گروہ ہونے کی حیثیت سے جن کا کام یہ تھا کہ سب سے پہلے آگے بڑھ کر اُس رسول کا ساتھ دیتے جس کے آنے کی صاف صاف بشارت توراۃ میں دی گئی تھی، مگر انھوں نے سب سے بڑھ کر اس کی مخالفت کی اور توراۃ کی تعلیم کے تقاضے کو پُورا نہ کیا۔

۸ – یعنی جس طرح گدھے پر کتابیں لدی ہوں اور وہ نہیں جانتا کہ اس کی پیٹھ پر کیا ہے، اسی طرح یہ توراۃ کو اپنے اُوپر لادے ہوئے ہیں اور نہیں جانتے کہ یہ کتاب کس لیے آئی ہے اور اِن سے کیا چاہتی ہے۔

۹ – یعنی ان کا حال گدھے سے بھی بدتر ہے۔ وہ تو سمجھ بُوجھ نہیں رکھتا اس لیے معذور ہے۔ مگر یہ سمجھ بُوجھ رکھتے ہیں، توراۃ کو پڑھتے پڑھاتے ہیں، اس کے معنٰی سے ناواقف نہیں ہیں۔ پھر بھی یہ اس کی ہدایات سے دانستہ انحراف کر رہے ہیں، اور اُس نبی کو ماننے سے قصداً انکار کر رہے ہیں جو توراۃ کی رُو سے سراسر حق پر ہے۔ یہ نافہمی کے قصور وار نہیں ہیں بلکہ جان بُوجھ کر اللہ کی آیات کو جھٹلانے کے مجرم ہیں۔

۱۰ – یہ نکتہ قابلِ توجہ ہے۔ "اَے یہودیو" نہیں کہا ہے بلکہ "اَے وہ لوگو جو یہودی بن گئے ہو" یا "جنھوں نے

لِلّٰهِ مِنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٦﴾

چھوڑ کر بس تم ہی اللہ کے چہیتے ہو[11] تو موت کی تمنّا کرو اگر تم اپنے اِس زعم میں سچّے ہو۔[12]"

یہودیت اختیار کر لی ہے" فرمایا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اصل دین جو موسٰی علیہ السّلام اور ان سے پہلے اور بعد کے انبیاؑ لائے تھے، وہ تو اسلام ہی تھا۔ ان انبیاؑ میں سے کوئی بھی یہودی نہ تھا، اور نہ ان کے زمانے میں یہودیت پیدا ہوئی تھی۔ یہ مذہب اِس نام کے ساتھ بہت بعد کی پیداوار ہے۔ یہ اُس خاندان کی طرف منسوب ہے جو حضرت یعقوب علیہ السّلام کے چوتھے بیٹے یہوداہ کی نسل سے تھا۔ حضرت سلیمان علیہ السّلام کے بعد جب سلطنت دو ٹکڑوں میں تقسیم ہوگئی تو یہ خاندان اُس ریاست کا مالک ہوا جو یہودیہ کے نام سے موسُوم ہوئی، اور بنی اسرائیل کے دوسرے قبیلوں نے اپنی الگ ریاست قائم کر لی، جو سامریہ کے نام سے مشہور ہوئی۔ پھر اَسیریا نے نہ صرف یہ کہ سامریہ کو برباد کر دیا بلکہ اُن اسرائیلی قبیلوں کا بھی نام ونشان مٹا دیا جو اس ریاست کے بانی تھے۔ اس کے بعد صرف یہوداہ، اور اس کے ساتھ بن یامین کی نسل باقی رہ گئی جس پر یہوداہ کی نسل کے غلبے کی وجہ سے "یہود" ہی کے لفظ کا اطلاق ہونے لگا۔ اس نسل کے اندر کاہنوں اور ربیوں اور اَحبار نے اپنے اپنے خیالات ونظریات اور رُجحانات کے مطابق عقائد اور رُسوم اور مذہبی ضوابط کا جو ڈھانچا صدہا برس میں تیار کیا، اس کا نام یہودیت ہے۔ یہ ڈھانچا چوتھی صدی قبلِ مسیح سے بننا شروع ہوا اور پانچویں صدی عیسوی تک بنتا رہا۔ اللہ کے رسولوں کی لائی ہوئی رَبّانی ہدایت کا بہت تھوڑا ہی عُنصر اس میں شامل ہے، اور اس کا حُلیہ بھی اچھا خاصا بگڑ چکا ہے۔ اسی بنا پر قرآنِ مجید میں اکثر مقامات پر ان کو اَلَّذِيْنَ هَادُوْا کہہ کر خطاب کیا گیا ہے، یعنی "اَے وہ لوگو جو یہودی بن کر رہ گئے ہو"۔ ان میں سب کے سب اسرائیلی ہی نہ تھے بلکہ وہ غیر اسرائیلی لوگ بھی تھے جنھوں نے یہودیّت قبول کر لی تھی۔ قرآن میں جہاں بنی اسرائیل کو خطاب کیا گیا ہے وہاں "اَے بنی اسرائیل" کے الفاظ استعمال ہوئے ہیں، اور جہاں مذہبِ یہود کے پیرووں کو خطاب کیا گیا ہے وہاں اَلَّذِيْنَ هَادُوْا کے الفاظ استعمال ہوئے ہیں۔

۱۱ — قرآنِ مجید میں متعدِّد مقامات پر اُن کے اس دعوے کی تفصیلات دی گئی ہیں۔ مثلاً وہ کہتے ہیں کہ یہودیوں کے سوا کوئی جنت میں داخل نہ ہوگا۔ (البقرہ:۱۱۱) ہمیں دوزخ کی آگ ہرگز نہ چھوئے گی، اگر ہم کو سزا ملے گی بھی تو بس چند روز۔ (البقرہ:۸۰، آلِ عمران: ۲۴) ہم اللہ کے بیٹے اور اس کے چہیتے ہیں۔ (المائدہ:۱۸) ایسے ہی کچھ دعوے خود یہودیوں کی اپنی کتابوں میں بھی ملتے ہیں۔ کم از کم یہ بات تو ساری دنیا جانتی ہے کہ وہ اپنے آپ کو خدا کی برگزیدہ مخلوق (chosen people) کہتے ہیں اور اس زُعم میں مبتلا ہیں کہ خدا کا ان کے ساتھ ایک خاص رشتہ ہے جو کسی دوسرے انسانی گروہ سے نہیں ہے۔

۱۲ — یہ بات قرآنِ مجید میں دوسری مرتبہ یہودیوں کو خطاب کر کے کہی گئی ہے۔ پہلے سورۂ بقرہ میں فرمایا گیا تھا: "اِن سے کہو: اگر آخرت کا گھر تمام انسانوں کو چھوڑ کر صرف تمھارے ہی لیے اللہ کے ہاں مخصوص ہے تو پھر تم موت

وَ لَا يَتَمَنَّوْنَهٗۤ اَبَدًۢا بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ
بِالظّٰلِمِيْنَ ۝۷ قُلْ اِنَّ الْمَوْتَ الَّذِيْ تَفِرُّوْنَ مِنْهُ فَاِنَّهٗ مُلٰقِيْكُمْ

لیکن یہ ہرگز اس کی تمنّا نہ کریں گے اپنے کرتُوتوں کی وجہ سے جو یہ کر چکے ہیں،[۱۳] اور اللہ اِن ظالموں کوخُوب جانتا ہے۔ اِن سے کہو: "جس موت سے تم بھاگتے ہو وہ تو تمھیں آ کر رہے گی۔

کی تمنّا کرو اگر تم اپنے اس خیال میں سچّے ہو۔ لیکن یہ ہرگز اس کی تمنّا نہ کریں گے اپنے اُن کرتوتوں کی وجہ سے جو یہ کر چکے ہیں، اور اللہ ظالموں کو خوب جانتا ہے۔ بلکہ تم تمام انسانوں سے بڑھ کر، حتّٰی کہ مشرکین سے بھی بڑھ کر اُن کو کسی نہ کسی طرح جینے کا حریص پاؤ گے۔ ان میں سے کوئی یہ چاہتا ہے کہ ہزار برس جیے، حالانکہ وہ لمبی عمر پائے تب بھی اسے یہ چیز عذاب سے نہیں بچا سکتی۔ ان کے سارے کرتُوت اللہ کی نظر میں ہیں۔" (آیات ۹۴ تا ۹۶) اب اسی بات کو پھر یہاں دُہرایا گیا ہے۔ لیکن یہ محض تکرار نہیں ہے۔ سورۂ بقرہ والی آیات میں یہ بات اُس وقت کہی گئی تھی جب یہودیوں سے مسلمانوں کی کوئی جنگ نہ ہوئی تھی۔ اور اِس سورت میں اِس کا اعادہ اُس وقت کیا گیا ہے جب ان کے ساتھ متعدّد معرکے پیش آنے کے بعد عرب میں آخری اور قطعی طور پر ان کا زور توڑ دیا گیا۔ اِن معرکوں نے، اور ان کے اس انجام نے وہ بات تجربے اور مشاہدے سے ثابت کر دی جو پہلے سورۂ بقرہ میں کہی گئی تھی۔ مدینے اور خیبر میں یہودی طاقت بلحاظِ تعداد مسلمانوں سے کسی طرح کم نہ تھی، اور بلحاظِ وسائل ان سے بہت زیادہ تھی۔ پھر عرب کے مشرکین اور مدینے کے منافقین بھی اُن کی پُشت پر تھے اور مسلمانوں کو مٹانے پر تُلے ہوئے تھے۔ لیکن جس چیز نے اِس نامُساوی مقابلے میں مسلمانوں کو غالب اور یہودیوں کو مغلوب کیا وہ یہ تھی کہ مسلمان راہِ خدا میں مرنے سے خائف تو درکنار، تہِ دل سے اُس کے مشتاق تھے اور سر ہتھیلی پر لیے ہوئے میدانِ جنگ میں اُترتے تھے۔ کیونکہ انھیں اس بات کا یقین تھا کہ وہ خدا کی راہ میں لڑ رہے ہیں، اور وہ اس بات پر بھی کامل یقین رکھتے تھے کہ اس راہ میں شہید ہونے والے کے لیے جنّت ہے۔ اِس کے برعکس یہودیوں کا حال یہ تھا کہ وہ کسی راہ میں بھی جان دینے کے لیے تیار نہ تھے، نہ خدا کی راہ میں، نہ قوم کی راہ میں، نہ خود اپنی جان اور مال اور عزّت کی راہ میں۔ انھیں صرف زندگی درکار تھی، خواہ وہ کیسی ہی زندگی ہو۔ اِسی چیز نے ان کو بزدل بنا دیا تھا۔

۱۳ – بالفاظِ دیگر ان کا موت سے یہ فرار بے سبب نہیں ہے۔ وہ زبان سے خواہ کیسے ہی لمبے چوڑے دعوے کریں، مگر ان کے ضمیر خوب جانتے ہیں کہ خدا اور اس کے دین کے ساتھ ان کا معاملہ کیا ہے، اور آخرت میں اُن حرکتوں کے کیا نتائج نکلنے کی توقع کی جا سکتی ہے جو وہ دنیا میں کر رہے ہیں۔ اسی لیے ان کا نفس خدا کی عدالت کا سامنا کرنے سے جی چُراتا ہے۔

ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ
تَعْمَلُوْنَ ۝٨ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ
الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَ ذَرُوا الْبَيْعَ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ

پھر تم اس کے سامنے پیش کیے جاؤ گے جو پوشیدہ و ظاہر کا جاننے والا ہے، اور وہ تمھیں بتا دے گا کہ تم کیا کچھ کرتے رہے ہو۔"ع

اَے لوگو جو ایمان لائے ہو، جب پکارا جائے نماز کے لیے جُمعے[۱۴] کے دن تو اللہ کے ذکر کی طرف دوڑو اور خرید و فروخت چھوڑ دو۔[۱۵] یہ تمھارے لیے زیادہ بہتر ہے اگر

۱۴- اِس فقرے میں تین باتیں خاص طور پر توجہ طلب ہیں: ایک یہ کہ اِس میں نماز کے لیے مُنادی کرنے کا ذکر ہے۔ دوسرے یہ کہ کسی ایسی نماز کی مُنادی کا ذکر ہے جو خاص طور پر صرف جُمعے کے دن ہی پڑھی جانی چاہیے۔ تیسرے یہ کہ اِن دونوں چیزوں کا ذکر اس طرح نہیں کیا گیا ہے کہ تم نماز کے لیے مُنادی کرو، اور جمعے کے روز ایک خاص نماز پڑھا کرو، بلکہ اندازِ بیان اور سیاق وسباق صاف بتا رہا ہے کہ نماز کی مُنادی اور جُمعے کی مخصوص نماز، دونوں پہلے سے جاری تھیں، البتہ لوگ یہ غلطی کر رہے تھے کہ جمعے کی مُنادی سُن کر نماز کے لیے دوڑنے میں تساہُل برتتے تھے اور خرید و فروخت کرنے میں لگے رہتے تھے، اس لیے اللہ تعالیٰ نے یہ آیت صرف اِس غرض کے لیے نازل فرمائی کہ لوگ اِس مُنادی اور اِس خاص نماز کی اہمیت محسوس کریں اور فرض جان کر اس کی طرف دوڑیں۔ ان تینوں باتوں پر اگر غور کیا جائے تو ان سے یہ اُصولی حقیقت قطعی طور پر ثابت ہو جاتی ہے کہ اللہ تعالیٰ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کچھ ایسے احکام بھی دیتا تھا جو قرآن میں نازل نہیں ہوئے، اور وہ احکام بھی اُسی طرح واجب الاطاعت تھے جس طرح قرآن میں نازل ہونے والے احکام۔ نماز کی مُنادی وہی اذان ہے جو آج ساری دنیا میں ہر روز پانچ وقت ہر مسجد میں دی جارہی ہے۔ مگر قرآن میں کسی جگہ نہ اس کے الفاظ بیان کیے گئے ہیں، نہ کہیں یہ حکم دیا گیا ہے کہ نماز کے لیے لوگوں کو اس طرح پکارا کرو۔ یہ چیز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مقرر کردہ ہے۔ قرآن میں دو جگہ صرف اُس کی توثیق کی گئی ہے، ایک اِس آیت میں، دوسرے سورۂ مائدہ کی آیت ۵۸ میں۔ اِسی طرح جُمعے کی یہ خاص نماز جو آج ساری دنیا کے مسلمان ادا کر رہے ہیں، اِس کا بھی قرآن میں نہ حکم دیا گیا ہے نہ وقت اور طریقِ ادا بتایا گیا ہے۔ یہ طریقہ بھی رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا جاری کردہ ہے، اور قرآن کی یہ آیت صرف اُس کی اہمیت اور اس کے وجوب کی شدت بیان کرنے کے لیے نازل ہوئی ہے۔ اس صریح دلیل کے باوجود جو شخص یہ کہتا ہے کہ شرعی احکام

صرف وہی ہیں جو قرآن میں بیان ہوئے ہیں، وہ دراصل سنّت کا نہیں، خود قرآن کا منکر ہے۔

آگے بڑھنے سے پہلے جُمعے کے بارے میں چند اُمور اور بھی جان لینے چاہییں:

______ جُمعہ دراصل ایک اسلامی اصطلاح ہے۔ زمانۂ جاہلیّت میں اہلِ عرب اِسے یوم عَرُوبَہ کہا کرتے تھے۔ اسلام میں جب اس کو مسلمانوں کے اجتماع کا دن قرار دیا گیا تو اس کا نام جُمعہ رکھا گیا۔ اگرچہ مؤرّخین کہتے ہیں کہ کَعب بن لُؤَیّ یا قُصَیّ بن کِلاب نے بھی اِس دن کے لیے یہ نام استعمال کیا تھا، کیونکہ اِس روز وہ قریش کے لوگوں کا اجتماع کیا کرتا تھا (فتح الباری)، لیکن اس کے اس فعل سے قدیم نام تبدیل نہیں ہوا، بلکہ عام اہلِ عرب اسے عَرُوبَہ ہی کہتے تھے۔ نام کی حقیقی تبدیلی اس وقت ہوئی جب اسلام میں اس دن کا یہ نیا نام رکھا گیا۔

______ اسلام سے پہلے ہفتے کا ایک دن عبادت کے لیے مخصوص کرنے اور اس کو شِعارِ مِلّت قرار دینے کا طریقہ اہلِ کتاب میں موجود تھا۔ یہودیوں کے ہاں اس غرض کے لیے سَبت (ہفتہ) کا دن مقرر کیا گیا تھا، کیونکہ اسی دن اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کو فرعون کی غلامی سے نجات دی تھی۔ عیسائیوں نے اپنے آپ کو یہودیوں سے مُمیّز کرنے کے لیے اپنا شِعارِ مِلّت اتوار کا دن قرار دیا۔ اگرچہ اس کا کوئی حکم نہ حضرت عیسیٰؑ نے دیا تھا، نہ انجیل میں کہیں اس کا ذکر آیا ہے، لیکن عیسائیوں کا عقیدہ یہ ہے کہ صلیب پر جان دینے کے بعد حضرت عیسیٰؑ اِسی روز قبر سے نکل کر آسمان کی طرف گئے تھے۔ اسی بنا پر بعد کے عیسائیوں نے اسے اپنی عبادت کا دن قرار دے لیا اور پھر ۳۲۱ء میں رومی سلطنت نے ایک حکم کے ذریعے سے اس کو عام تعطیل کا دن مقرر کر دیا۔ اسلام نے ان دونوں ملّتوں سے اپنی ملّت کو مُمیّز کرنے کے لیے یہ دونوں دن چھوڑ کر جمعے کو اجتماعی عبادت کے لیے اختیار کیا۔

______ حضرت عبداللہ بن عباسؓ اور حضرت ابو مسعود انصاریؓ کی رِوایات سے معلوم ہوتا ہے کہ جمعے کی فرضیت کا حکم نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر ہجرت سے کچھ مدّت پہلے مکّہ معظمہ ہی میں نازل ہو چکا تھا۔ لیکن اُس وقت آپ اس پر عمل نہیں کر سکتے تھے۔ کیونکہ مکّہ میں کوئی اجتماعی عبادت ادا کرنا ممکن نہ تھا۔ اس لیے آپؐ نے اُن لوگوں کو، جو آپؐ سے پہلے ہجرت کر کے مدینۂ منورہ پہنچ چکے تھے، یہ حکم لکھ بھیجا کہ وہاں جُمعہ قائم کریں۔ چنانچہ ابتدائی مہاجرین کے سردار حضرت مُصعَبؓ بن عُمَیر نے ۱۲ آدمیوں کے ساتھ مدینے میں پہلا جمعہ پڑھا۔ (طَبَرانی، دار قُطنی) حضرت کَعبؓ بن مالک اور ابنِ سیرینؒ کی روایت یہ ہے کہ اس سے بھی پہلے مدینہ کے انصار نے بطورِ خود (قبل اِس کے کہ حضورؐ کا حکم ان کو پہنچا ہوتا) آپس میں یہ طے کیا تھا کہ ہفتے میں ایک دن مل کر اجتماعی عبادت کریں گے۔ اس غرض کے لیے انھوں نے یہودیوں کے سَبت اور عیسائیوں کے اتوار کو چھوڑ کر جُمعے کا دن انتخاب کیا، اور پہلا جمعہ حضرت اَسْعَدؓ بن زُرارہ نے بنی بَیاضہ کے علاقے میں پڑھا، جس میں ۴۰ آدمی شریک ہوئے۔ (مُسندِ احمد، ابوداؤد، ابنِ ماجہ، ابنِ حِبّان، عبد بن حُمَید، عبدالرزّاق، بَیہَقی) اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اسلامی ذوق خود اُس وقت یہ مطالبہ کر رہا تھا کہ ایسا ایک دن ہونا چاہیے جس میں زیادہ سے زیادہ مسلمان جمع ہو کر اجتماعی عبادت کریں، اور یہ بھی اسلامی ذوق ہی کا تقاضا تھا کہ وہ دن ہفتے اور اتوار سے الگ ہو، تاکہ مسلمانوں کا شِعارِ مِلّت یہود و نصاریٰ کے شِعارِ مِلّت سے الگ رہے۔ یہ صحابۂ کرامؓ کی اسلامی ذہنیت کا ایک

عجیب کرشمہ ہے کہ بسا اوقات ایک حکم آنے سے پہلے ہی اُن کا ذوق کہہ دیتا تھا کہ اسلام کی رُوح فلاں چیز کا تقاضا کر رہی ہے۔

—— رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجرت کے بعد جو اوّلین کام کیے، ان میں سے ایک جُمعے کی اقامت بھی تھی۔ مکّۂ معظّمہ سے ہجرت کر کے آپؐ پیر کے روز قُبا پہنچے، چار دن وہاں قیام فرمایا، پانچویں روز جُمعے کے دن وہاں سے مدینے کی طرف روانہ ہوئے، راستے میں بنی سالم بن عَوف کے مقام پر تھے کہ نمازِ جمعہ کا وقت آ گیا، اُسی جگہ آپؐ نے پہلا جمعہ ادا فرمایا۔ (ابنِ ہِشام)

—— اس نماز کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے زوال کے بعد کا وقت مقرر فرمایا تھا، یعنی وہی وقت جو ظُہر کی نماز کا وقت ہے۔ ہجرت سے پہلے حضرت مُصْعَبؓ بن عُمَیر کو جو تحریری حکم آپؐ نے بھیجا تھا، اس میں آپؐ کا ارشاد یہ تھا کہ فاذا مال النھار عن شطرہ عند الزوال من یوم الجمعة فتقربوا الی اللّٰہ تعالیٰ برکعتین (دارقُطنی) ”جب جُمعے کے روز دن نصف النہار سے ڈھل جائے تو دو رکعت نماز کے ذریعے سے اللہ کے حضور تَقرّب حاصل کرو۔“ یہی حکم ہجرت کے بعد آپؐ نے قولاً بھی دیا اور عملاً بھی اِسی وقت پر آپؐ جُمعے کی نماز پڑھاتے رہے۔ حضرت اَنَسؓ، حضرت سَلَمَہؓ بن اَکْوَع، حضرت جابرؓ بن عبداللہ، حضرت زُبیرؓ بن العَوّام، حضرت سَہْلؓ بن سعد، حضرت عبداللہؓ بن مسعود، حضرت عَمّار بن یاسر اور حضرت بِلالؓ سے اس مضمون کی روایات کُتُبِ حدیث میں منقول ہوئی ہیں کہ حضورؐ جمعے کی نماز زوال کے بعد ادا فرمایا کرتے تھے۔ (مُسْنَدِ احمد، بخاری، مُسلم، ابوداؤد، نَسائی، تِرْمِذی)

—— یہ امر بھی آپؐ کے عمل سے ثابت ہے کہ اس روز آپؐ ظہر کی نماز کے بجائے جُمعے کی نماز پڑھاتے تھے، اِس نماز کی صرف دو رکعتیں ہوتی تھیں، اور اس سے پہلے آپؐ خطبہ ارشاد فرماتے تھے۔ یہی فرق جُمعے کی نماز اور عام دنوں کی نمازِ ظہر میں تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: صلوٰة المسافر رکعتان، وصلوٰة الفجر رکعتان، وصلوٰة الجمعة رکعتان، تمام غیر قصرٍ علی لسان نبیکم صلی اللّٰہ علیہ وسلم وانما قصرت الجمعة لاجل الخطبة۔ (احکام القرآن للجَصّاص) ”تمھارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانِ مبارک سے نکلے ہوئے حکم کی رُو سے مسافر کی نماز دو رکعت ہے، فجر کی نماز دو رکعت ہے، اور جمعہ کی نماز دو رکعت ہے۔ یہ پُوری نماز ہے، قصر نہیں ہے۔ اور جُمعے کو خطبے کی خاطر ہی مختصر کیا گیا ہے۔“

—— جس اذان کا یہاں ذکر ہے اس سے مراد وہ اذان ہے جو خطبے سے پہلے دی جاتی ہے، نہ کہ وہ اذان جو خطبے سے کافی دیر پہلے لوگوں کو یہ اطلاع دینے کے لیے دی جاتی ہے کہ جُمعے کا وقت شروع ہو چکا ہے۔ حدیث میں حضرت سائبؓ بن یزید کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں صرف ایک ہی اذان ہوتی تھی، اور وہ امام کے منبر پر بیٹھنے کے بعد دی جاتی تھی۔ حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ کے زمانے میں بھی یہی عمل ہوتا رہا۔ پھر حضرت عثمانؓ کے دَور میں جب آبادی بڑھ گئی تو اُنھوں نے پہلے ایک اور اذان دلوانی شروع کر دی جو مدینے کے بازار میں ان کے مکان زَورا پر دی جاتی تھی۔ (بخاری، ابوداؤد، نَسائی، طَبَرانی)

**۱۵**– اس حکم میں ذکر سے مراد خطبہ ہے، کیونکہ اذان کے بعد پہلا عمل جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کرتے تھے وہ نماز نہیں بلکہ خطبہ تھا، اور نماز آپؐ ہمیشہ خطبے کے بعد ادا فرماتے تھے۔ حضرت ابوہریرہؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جمعے کے روز ملائکہ ہر آنے والے کا نام اُس کی آمد کی ترتیب کے ساتھ لکھتے جاتے ہیں۔ فإذا خرج الامام حضرت الملئکة یستمعون الذکر۔ ''جب امام خطبہ دینے کے لیے نکلتا ہے تو وہ نام لکھنے بند کر دیتے ہیں اور ذکر (یعنی خطبہ) سننے میں لگ جاتے ہیں۔'' (مُسندِ احمد، بخاری، مُسلم، ابوداؤد، ترمذِی، نَسائی) اِس حدیث سے بھی معلوم ہوا کہ ذکر سے مُراد خطبہ ہے۔ خود قرآن کا بیان بھی اسی کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔ پہلے فرمایا: فَاسْعَوْا اِلٰی ذِکْرِ اللّٰہِ۔ ''خدا کے ذکر کی طرف دوڑو۔'' پھر آگے چل کر فرمایا: فَاِذَا قُضِیَتِ الصَّلٰوۃُ فَانْتَشِرُوْا فِی الْاَرْضِ۔ ''جب نماز پوری ہو جائے تو زمین میں پھیل جاؤ۔'' اس سے معلوم ہوا کہ جُمعے کے روز عمل کی ترتیب یہ ہے کہ پہلے ذکر اللہ اور پھر نماز۔ مفسّرین کا بھی اس پر اتفاق ہے کہ ذکر سے مراد یا تو خطبہ ہے، یا پھر خطبہ اور نماز دونوں۔

خُطبے کے لیے ''ذکر اللہ'' کا لفظ استعمال کرنا خود یہ معنٰی رکھتا ہے کہ اس میں وہ مضامین ہونے چاہییں جو اللہ کی یاد سے مناسبت رکھتے ہوں۔ مثلاً اللہ کی حمد وثنا، اس کے رسولؐ پر دُرود وصلوٰۃ، اس کے احکام اور اس کی شریعت کے مطابق عمل کی تعلیم وتلقین، اس سے ڈرنے والے نیک بندوں کی تعریف وغیرہ۔ اسی بنا پر زَمَخشَرِی نے کَشّاف میں لکھا ہے کہ خُطبے میں ظالم حکمرانوں کی مدح وثنا، یا ان کا نام لینا اور ان کے لیے دعا کرنا، ذکر اللہ سے کوئی دُور کی مناسبت بھی نہیں رکھتا۔ بلکہ یہ تو ذکر الشیطان ہے۔

''اللہ کے ذکر کی طرف دوڑو'' کا مطلب یہ نہیں ہے کہ بھاگتے ہوئے آؤ، بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ جلدی سے جلدی وہاں پہنچنے کی کوشش کرو۔ اُردو زبان میں بھی ہم دوڑ دھوپ کرنا، بھاگ دوڑ کرنا، سرگرم کوشش کے معنٰی میں بولتے ہیں، نہ کہ بھاگنے کے معنٰی میں۔ اسی طرح عربی میں بھی سعی کے معنٰی بھاگنے ہی کے نہیں ہیں۔ قرآن میں اکثر مقامات پر سعی کا لفظ کوشش اور جِدّوجُہد کے معنٰی میں استعمال ہوا ہے۔ مثلاً لَیْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰی ۔ وَ مَنْ اَرَادَ الْاٰخِرَۃَ وَ سَعٰی لَهَا سَعْیَهَا – فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْیَ ۔ وَ اِذَا تَوَلّٰی سَعٰی فِی الْاَرْضِ لِیُفْسِدَ فِیْهَا۔ مفسّرین نے بھی بالاتفاق اس کو اہتمام کے معنٰی میں لیا ہے۔ ان کے نزدیک سعی یہ ہے کہ آدمی اذان کی آواز سُن کر فوراً مسجد پہنچنے کی فکر میں لگ جائے۔ اور معاملہ صرف اتنا ہی نہیں ہے، حدیث میں بھاگ کر نماز کے لیے آنے کی صاف ممانعت وارد ہوئی ہے۔ حضرت ابوہریرہؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جب نماز کھڑی ہو تو اس کی طرف سُکون ووقار کے ساتھ چل کر آؤ، بھاگتے ہوئے نہ آؤ۔ پھر جتنی نماز بھی مل جائے اس میں شامل ہو جاؤ، اور جتنی چھُوٹ جائے اسے بعد میں پورا کر لو۔'' (صحاح سِتّہ) حضرت ابوقتادہ انصاریؓ فرماتے ہیں: ایک مرتبہ ہم حضورؐ کے پیچھے نماز پڑھ رہے تھے کہ یکایک لوگوں کے بھاگ بھاگ کر چلنے کی آواز آئی۔ نماز ختم کرنے کے بعد حضورؐ نے ان لوگوں سے پوچھا: ''یہ کیسی آواز تھی؟'' ان لوگوں نے عرض کیا: ''ہم نماز میں شامل ہونے کے لیے بھاگ کر آ رہے تھے۔'' فرمایا: ''ایسا نہ کیا کرو، نماز کے لیے جب بھی آؤ، پورے سُکون کے ساتھ آؤ۔ جتنی مل جائے اس کو امام کے ساتھ پڑھ لو،

جتنی چھوٹ جائے وہ بعد میں پوری کر لو۔" (بخاری، مُسلم)

"خرید و فروخت چھوڑ دو" کا مطلب صرف خرید و فروخت ہی چھوڑنا نہیں ہے، بلکہ نماز کے لیے جانے کی فکر اور اہتمام کے سوا ہر دوسری مصروفیت چھوڑ دینا ہے۔ بَیع کا ذکر خاص طور پر صرف اس لیے کیا گیا ہے کہ جُمعے کے روز تجارت خوب چمکتی تھی، آس پاس کی بستیوں کے لوگ سمٹ کر ایک جگہ جمع ہو جاتے تھے۔ تاجر بھی اپنا مال لے لے کر وہاں پہنچ جاتے تھے۔ لوگ بھی اپنی ضرورت کی چیزیں خریدنے میں لگ جاتے تھے۔ لیکن ممانعت کا حکم صرف بَیع تک محدود نہیں ہے، بلکہ دوسرے تمام مشاغل بھی اس کے تحت آ جاتے ہیں، اور چونکہ اللہ تعالیٰ نے صاف صاف ان سے منع فرما دیا ہے، اس لیے فقہائے اسلام کا اس پر اتفاق ہے کہ جُمعے کی اذان کے بعد بَیع اور ہر قسم کا کاروبار حرام ہے۔

یہ حکم قطعی طور پر نمازِ جمعہ کے فرض ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ اوّل تو اذان سُنتے ہی اس کے لیے دوڑنے کی تاکید بجائے خود اس کی دلیل ہے۔ پھر بَیع جیسی حلال چیز کا اس کی خاطر حرام ہو جانا یہ ظاہر کرتا ہے کہ وہ فرض ہے۔ مزید برآں ظہر کی فرض نماز کا جُمعے کے روز ساقط ہو جانا اور نمازِ جمعہ کا اس کی جگہ لے لینا بھی اس کی فرضیت کا صریح ثبوت ہے۔ کیونکہ ایک فرض اسی وقت ساقط ہوتا ہے جب کہ اس کی جگہ لینے والا فرض اس سے زیادہ اہم ہو۔ اسی کی تائید بکثرت احادیث کرتی ہیں، جن میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جُمعے کی سخت ترین تاکید کی ہے اور اسے صاف الفاظ میں فرض قرار دیا ہے۔ حضرت عبداللہؓ بن مسعود کی روایت ہے کہ حضورؐ نے فرمایا: "میرا جی چاہتا ہے کہ کسی اور شخص کو اپنی جگہ نماز پڑھانے کے لیے کھڑا کر دوں اور جا کر ان لوگوں کے گھر جلا دوں جو جُمعے کی نماز پڑھنے کے لیے نہیں آتے۔" (مُسندِ احمد، بخاری) حضرت ابو ہریرہؓ اور حضرت عبداللہ بن عباسؓ اور حضرت عبداللہ بن عمرؓ کہتے ہیں کہ ہم نے جُمعے کے خطبے میں حضورؐ کو یہ فرماتے سنا ہے: "لوگوں کو چاہیے کہ جمعہ چھوڑنے سے باز آ جائیں، ورنہ اللہ ان کے دلوں پر ٹھپّا لگا دے گا اور وہ غافل ہو کر رہ جائیں گے۔" (مُسندِ احمد، مُسلم، نَسائی) حضرت ابو الجعدؓ ضَمری، حضرت جابرؓ بن عبداللہ اور حضرت عبداللہؓ بن ابی اَوفیٰ کی روایات میں حضورؐ کے جو ارشادات منقول ہوئے ہیں، ان سے معلوم ہوتا ہے کہ جو شخص کسی حقیقی ضرورت اور جائز عذر کے بغیر، محض بے پروائی کی بنا پر مسلسل تین جُمعے چھوڑ دے، اللہ اس کے دل پر مُہر لگا دیتا ہے۔" بلکہ ایک روایت میں تو الفاظ یہ ہیں کہ "اللہ اس کے دل کو منافق کا دل بنا دیتا ہے۔" (مُسندِ احمد، ابو داؤد، نَسائی، ترمِذی، ابنِ ماجہ، دارمی، حاکم، ابنِ حِبّان، بَزّار، طَبَرانی فی الکبیر) حضرت جابرؓ بن عبداللہ کہتے ہیں کہ حضورؐ نے فرمایا: "آج سے لے کر قیامت تک جمعہ تم لوگوں پر فرض ہے۔ جو شخص اسے ایک معمولی چیز سمجھ کر یا اس کا حق نہ مان کر اسے چھوڑے، خدا اس کا حال دُرست نہ کرے، نہ اسے برکت دے۔ خوب سُن رکھو! اس کی نماز نماز نہیں، اس کی زکوٰۃ زکوٰۃ نہیں، اس کا حج حج نہیں، اس کا روزہ روزہ نہیں، اس کی کوئی نیکی نیکی نہیں، جب تک کہ وہ توبہ نہ کرے۔ پھر جو توبہ کر لے اللہ اسے معاف فرمانے والا ہے۔" (ابنِ ماجہ، بزّار) اسی سے قریب المعنیٰ ایک روایت طَبَرانی نے اَوسط میں ابنِ عمرؓ سے نقل کی ہے۔ علاوہ بریں بکثرت روایات ہیں جن میں حضورؐ نے جمعہ کو بالفاظِ صریح، فرض اور حقِ واجب قرار دیا ہے۔ حضرت عبداللہ بن عَمروؓ بن عاصؓ کی روایت ہے کہ حضورؐ نے فرمایا: "جمعہ ہر اُس شخص پر فرض ہے جو اس کی اذان سُنے۔" (ابو داؤد، دارقُطنی) حضرت جابرؓ بن عبداللہ اور ابوسعید

كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۞ فَاِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا فِي الْاَرْضِ
وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۞

تم جانو۔ پھر جب نماز پوری ہو جائے تو زمین میں پھیل جاؤ اور اللہ کا فضل تلاش کرو[16]۔ اور اللہ کو کثرت سے یاد کرتے رہو[17]، شاید کہ تمھیں فلاح نصیب[18] ہو جائے۔

خُدریؓ کہتے ہیں کہ آپؐ نے خطبے میں فرمایا: ''جان لو کہ اللہ نے تم پر نمازِ جمعہ فرض کی ہے۔'' (بَیہقی) البتہ آپؐ نے عورت، بچے، غلام، مریض اور مسافر کو اس فرضیت سے مستثنیٰ قرار دیا ہے۔ حضرت حَفصہؓ کی روایت ہے کہ حضورؐ نے فرمایا: ''جمعے کے لیے نکلنا ہر بالغ پر واجب ہے۔'' (نَسائی) حضرت طارقؓ بن شِہاب کی روایت میں آپؐ کا ارشاد یہ ہے کہ ''جمعہ ہر مسلمان پر جماعت کے ساتھ پڑھنا واجب ہے۔ سوائے غلام، عورت، بچے اور مریض کے۔'' (ابوداؤد، حاکم) حضرت جابرؓ بن عبداللہ کی روایت میں آپؐ کے الفاظ یہ ہیں: ''جو شخص اللہ اور روزِ آخرت پر ایمان رکھتا ہو، اس پر جمعہ فرض ہے، اِلّا یہ کہ عورت ہو، یا مسافر ہو، یا غلام ہو، یا مریض ہو۔'' (دارقُطنی، بَیہقی) قرآن و حدیث کی انھی تصریحات کی وجہ سے جمعے کی فرضیت پر پوری اُمّت کا اجماع ہے۔

۱۶- اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ جمعے کی نماز کے بعد زمین میں پھیل جانا اور تلاشِ رزق کی دوڑ دھوپ میں لگ جانا ضروری ہے۔ بلکہ یہ ارشاد اجازت کے معنیٰ میں ہے۔ چونکہ جمعے کی اذان سُن کر سب کاروبار چھوڑ دینے کا حکم دیا گیا تھا، اس لیے فرمایا گیا کہ نماز ختم ہو جانے کے بعد تمھیں اجازت ہے کہ منتشر ہو جاؤ اور اپنے جو کاروبار بھی کرنا چاہو کرو۔ یہ ایسا ہی ہے جیسے حالتِ اِحرام میں شکار کی ممانعت کرنے کے بعد فرمایا: وَ اِذَا حَلَلْتُمْ فَاصْطَادُوْا (المائدہ: ۲) ''جب احرام کھول چکو تو شکار کرو۔'' اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ احرام کھولنے کے بعد ضرور شکار کرو۔ بلکہ اس سے مراد یہ ہے کہ اس کے بعد شکار پر کوئی پابندی باقی نہیں رہتی۔ چاہو تو شکار کر سکتے ہو۔ یا مثلاً سورۂ نساء میں ایک سے زائد نکاح کی اجازت فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ کے الفاظ میں دی گئی ہے۔ یہاں اگرچہ فَانْكِحُوْا بصیغۂ امر ہے، مگر کسی نے بھی اس کو حکم کے معنیٰ میں نہیں لیا ہے۔ اس سے یہ اُصولی مسئلہ نکلتا ہے کہ صیغۂ امر ہمیشہ وجوب ہی کے معنیٰ میں نہیں ہوتا، بلکہ کبھی یہ اجازت اور کبھی استحباب کے معنیٰ میں بھی ہوتا ہے۔ یہ بات قرائن سے معلوم ہوتی ہے کہ کہاں یہ حکم کے معنیٰ میں ہے اور کہاں اجازت کے معنیٰ میں، اور کہاں اس سے مراد یہ ہوتی ہے کہ اللہ کو ایسا کرنا پسند ہے، لیکن یہ مراد نہیں ہوتی کہ یہ فعل فرض و واجب ہے۔ خود اسی فقرے کے بعد متصلاً دُوسرے ہی فقرے میں ارشاد ہوا ہے: وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا ''اللہ کو کثرت سے یاد کرو۔'' یہاں بھی صیغۂ امر موجود ہے۔ مگر ظاہر ہے کہ یہ استحباب کے معنیٰ میں ہے نہ کہ وجوب کے معنیٰ میں۔

اس مقام پر یہ بات بھی قابلِ ذکر ہے کہ اگرچہ قرآن میں یہودیوں کے سَبت اور عیسائیوں کے اتوار کی طرح جمعہ کو عام تعطیل کا دن قرار نہیں دیا گیا ہے، لیکن اس امر سے کوئی شخص بھی انکار نہیں کر سکتا کہ جمعہ ٹھیک اُسی طرح مسلمانوں کا شعارِ مِلّت ہے جس طرح ہفتہ اور اتوار یہودیوں اور عیسائیوں کے شعارِ مِلّت ہیں۔ اور اگر ہفتے میں کوئی ایک دن عام تعطیل کے لیے مقرر کرنا

ایک تمدّنی ضرورت ہو، تو جس طرح یہودی اس کے لیے فطری طور پر ہفتے کو اور عیسائی اتوار کو منتخب کرتے ہیں، اسی طرح مسلمان (اگر اس کی فطرت میں کچھ اسلامی حس موجود ہو) لازماً اس غرض کے لیے جمعہ ہی کو منتخب کرے گا۔ بلکہ عیسائیوں نے تو دوسرے ایسے ملکوں پر بھی اپنے اتوار کو مسلط کرنے میں تأمّل نہ کیا جہاں عیسائی آبادی آٹے میں نمک کے برابر بھی نہ تھی۔ یہودیوں نے جب فلسطین میں اپنی اسرائیلی ریاست قائم کی تو اوّلین کام جو انھوں نے کیا، وہ یہ تھا کہ اتوار کے بجائے ہفتے کو چھُٹّی کا دن مقرر کیا۔ قبلِ تقسیم کے ہندوستان میں برطانوی ہند اور مسلمان ریاستوں کے درمیان نمایاں فرق یہ نظر آتا تھا کہ مُلک کے ایک حصّے میں اتوار کی چھُٹّی ہوتی تھی اور دوسرے حصّے میں جمعہ کی۔ البتہ جہاں مسلمانوں کے اندر اسلامی حس موجود نہیں ہوتی، وہاں وہ اپنے ہاتھ میں اقتدار آنے کے بعد بھی اتوار ہی کو سینے سے لگائے رہتے ہیں، جیسا کہ ہم پاکستان میں دیکھ رہے ہیں۔ بلکہ اس سے زیادہ جب بے حسی طاری ہوتی ہے تو جمعے کی چھُٹّی منسوخ کر کے اتوار کی چھُٹّی رائج کی جاتی ہے، جیسا کہ مصطفیٰ کمال نے ترکی میں کیا۔

۱۷- یعنی اپنے کاروبار میں لگ کر بھی اللہ کو بھولو نہیں، بلکہ ہر حال میں اس کو یاد رکھو اور اس کا ذکر کرتے رہو۔ (تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد چہارم، تفسیر سورۂ اَحزاب، حاشیہ ۶۳)

۱۸- قرآنِ مجید میں متعدّد مقامات پر ایک ہدایت یا ایک نصیحت یا ایک حکم دینے کے بعد لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ (شاید کہ تم فلاح پا جاؤ) اور لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ (شاید کہ تم پر رحم کیا جائے) کے الفاظ ارشاد فرمائے گئے ہیں۔ اس طرح کے مواقع پر شاید کا لفظ استعمال کرنے کا مطلب یہ نہیں ہوتا کہ اللہ تعالیٰ کو، معاذ اللہ، کوئی شک لاحق ہے، بلکہ یہ دراصل شاہانہ اندازِ بیان ہے۔ یہ ایسا ہی ہے جیسے کوئی مہربان آقا اپنے ملازم سے کہے کہ تم فُلاں خدمت انجام دو، شاید کہ تمھیں ترقی مل جائے۔ اس میں ایک لطیف وعدہ پوشیدہ ہوتا ہے، جس کی اُمید میں ملازم دل لگا کر بڑے شوق کے ساتھ وہ خدمت انجام دیتا ہے۔ کسی بادشاہ کی زبان سے کسی ملازم کے لیے یہ فقرہ نکل جائے تو اس کے گھر خوشی کے شادیانے بج جاتے ہیں۔

یہاں چونکہ جمعے کے احکام ختم ہو گئے ہیں، اس لیے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ مذاہبِ اربعہ میں قرآن، حدیث، آثارِ صحابہؓ، اور اسلام کے اُصولِ عامّہ سے جو احکامِ جمعہ مرتّب کیے گئے ہیں، ان کا خلاصہ دے دیا جائے۔

حَنَفِیَہ کے نزدیک جمعے کا وقت وہی ہے جو ظہر کا وقت ہے۔ نہ اس سے پہلے جمعہ ہو سکتا ہے نہ اس کے بعد۔ بیع کی حُرمت پہلی اذان ہی سے شروع ہو جاتی ہے، نہ کہ اُس دوسری اذان سے جو امام کے منبر پر بیٹھنے کے بعد دی جاتی ہے، کیونکہ قرآن میں اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ کے الفاظ مطلقاً ارشاد ہوئے ہیں۔ اس لیے زوال کے بعد جب جمعے کا وقت شروع ہو جائے، اُس وقت جو اذان بھی نمازِ جمعہ کے لیے دی جائے، لوگوں کو اُسے سُن کر خرید و فروخت چھوڑ دینی چاہیے۔ لیکن اگر کسی شخص نے اُس وقت خرید و فروخت کر لی ہو تو وہ بیع فاسد یا فسخ نہ ہو جائے گی، بلکہ یہ صرف ایک گناہ ہوگا۔ جمعہ ہر بستی میں نہیں بلکہ صرف مصرِ جامع میں ہو سکتا ہے، اور مصرِ جامع کی معتبر تعریف یہ ہے کہ وہ شہر جس میں بازار ہوں، قیامِ امن کا انتظام موجود ہو، اور آبادی اتنی ہو کہ اگر اس کی بڑی سے بڑی مسجد میں بھی نمازِ جُمعہ کے مکلّف سب لوگ جمع ہو جائیں تو اس میں سما نہ سکیں۔ جو لوگ

شہر سے باہر رہتے ہوں، ان پر جمعہ اُس صورت میں آ کر پڑھنا فرض ہے جب کہ ان تک اذان کی آواز پہنچتی ہو، یا وہ زیادہ سے زیادہ شہر سے ۶ میل کے فاصلے پر ہوں۔ نماز کے لیے ضروری نہیں کہ وہ مسجد ہی میں ہو۔ وہ کھلے میدان میں بھی ہوسکتی ہے، اور ایسے میدان میں بھی ہوسکتی ہے جو شہر کے باہر ہو مگر اس کا ایک حصّہ شمار ہوتا ہو۔ نمازِ جمعہ صرف اُس جگہ ہوسکتی ہے جہاں ہر شخص کے لیے شریک ہونے کا اِذنِ عام ہو۔ کسی بند جگہ، جہاں ہر ایک کو آنے کی اجازت نہ ہو، خواہ کتنے ہی آدمی جمع ہو جائیں، جمعہ صحیح نہیں ہوسکتا۔ صحّتِ جمعہ کے لیے ضروری ہے کہ جماعت میں کم از کم (بقول ابوحنیفہؒ) امام کے سوا تین آدمی، یا (بقول ابو یُوسُفؒ و محمدؒ) امام سمیت دو آدمی ایسے موجود ہوں جن پر جمعہ فرض ہے۔ جن عُذرات کی بنا پر ایک شخص سے جمعہ ساقط ہو جاتا ہے وہ یہ ہیں: آدمی حالتِ سفر میں ہو، یا ایسا بیمار ہو کہ چل کر نہ آسکتا ہو، یا دونوں ٹانگوں سے معذور ہو، یا اندھا ہو (مگر امام ابو یوسفؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک اندھے پر سے صرف اس وقت جمعہ کی فرضیت ساقط ہوتی ہے جب کہ وہ کوئی ایسا آدمی نہ پاتا ہو جو اسے چلا کر لے جائے)، یا کسی ظالم سے اس کو جان اور آبرو کا، یا ناقابلِ برداشت مالی نقصان کا خطرہ ہو، یا سخت بارش اور کیچڑ پانی ہو، یا آدمی قید کی حالت میں ہو۔ قیدیوں اور معذوروں کے لیے یہ بات مکروہ ہے کہ وہ جمعے کے روز ظہر کی نماز جماعت کے ساتھ پڑھیں۔ جن لوگوں کا جمعہ چھُوٹ گیا ہو، اُن کے لیے بھی ظہر کی نماز جماعت سے پڑھنا مکروہ ہے۔ خطبہ صحّتِ جمعہ کی شرائط میں سے ایک شرط ہے، کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی جمعے کی نماز خطبے کے بغیر نہیں پڑھی ہے، اور وہ لازماً نماز سے پہلے ہونا چاہیے، اور دو خطبے ہونے چاہئیں۔ خطبے کے لیے جب امام منبر کی طرف جائے، اُس وقت سے اختتامِ خطبہ تک ہر قسم کی بات چیت ممنوع ہے، اور نماز بھی اُس وقت نہیں پڑھنی چاہیے، خواہ امام کی آواز اُس مقام تک پہنچتی ہو یا نہ پہنچتی ہو جہاں کوئی شخص بیٹھا ہو۔ (ہِدایہ، فتح القدیر، احکام القرآن للجصّاص، الفقہ علی المذاہب الاربعہ، عُمدۃ القاری)

شافعیّہ کے نزدیک جمعے کا وقت وہی ہے جو ظہر کا ہے۔ بیع کی حُرمت اور سعی کا وجوب اُس وقت سے شروع ہوتا ہے جب دوسری اذان ہو (یعنی وہ اذان جو امام کے منبر پر بیٹھنے کے بعد دی جاتی ہے)۔ تاہم اگر کوئی شخص اس وقت بیع کر لے تو وہ فسخ نہیں ہوتی۔ جمعہ ہر اُس بستی میں ہوسکتا ہے جس کے مستقل باشندوں میں ۴۰ ایسے آدمی موجود ہوں جن پر نمازِ جمعہ فرض ہے۔ بستی سے باہر کے اُن لوگوں پر جمعے کے لیے حاضر ہونا لازم ہے جن تک اذان کی آواز پہنچ سکتی ہو۔ جمعہ لازماً بستی کے حُدود میں ہونا چاہیے، مگر یہ ضروری نہیں کہ وہ مسجد ہی میں پڑھا جائے۔ جو لوگ صحرا میں خیموں کے اندر رہتے ہوں، ان پر جمعہ واجب نہیں ہے۔ صحّتِ جمعہ کے لیے ضروری ہے کہ جماعت میں امام سمیت کم از کم ۴۰ ایسے آدمی شریک ہوں جن پر جمعہ فرض ہے۔ جن عُذرات کی بنا پر کسی شخص سے جمعے کا فرض ساقط ہو جاتا ہے وہ یہ ہیں: سفر کی حالت میں ہو، یا کسی مقام پر چار دن یا اس سے کم قیام کا ارادہ رکھتا ہو، بشرطیکہ سفر جائز نوعیت کا ہو۔ ایسا بوڑھا یا مریض ہو کہ سواری پر بھی جمعے کے لیے نہ جاسکتا ہو۔ اندھا ہو اور کوئی ایسا آدمی نہ پاتا ہو جو اسے نماز کے لیے لے جائے۔ جان یا مال یا آبرو کا خوف لاحق ہو۔ قید کی حالت میں ہو،

بشرطیکہ اس کی قید اس کے اپنے کسی قصور کی وجہ سے نہ ہو۔ نماز سے پہلے دو خطبے ہونے چاہییں۔ خطبے کے دوران میں خاموش رہنا مسنون ہے، مگر بات کرنا حرام نہیں ہے۔ جو شخص امام سے اتنا قریب بیٹھا ہو کہ خطبہ سُن سکتا ہو اس کے لیے بولنا مکروہ ہے، لیکن وہ سلام کا جواب دے سکتا ہے، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر سُن کر بآوازِ بلند دُرود پڑھ سکتا ہے۔ (مُغنی المحتاج، الفقہ علی المذاہب الاربعہ)

مالکیہ کے نزدیک جمعے کا وقت زوال سے شروع ہو کر مغرب سے اِتنے پہلے تک ہے کہ سورج غروب ہونے سے پہلے پہلے خطبہ اور نماز ختم ہو جائے۔ بیع کی حُرمت اور سعی کا وجوب دوسری اذان سے شروع ہوتا ہے۔ اس کے بعد اگر بیع واقع ہو تو وہ فاسد ہے اور فسخ ہو گی۔ جمعہ صرف اُن بستیوں میں ہو سکتا ہے جن کے باشندے وہاں مستقل طور پر گھر بنا کر رہتے ہوں، اور جاڑے گرمی میں منتقل نہ ہوتے ہوں، اور ان کی ضروریات اُسی بستی میں فراہم ہوتی ہوں، اور اپنی تعداد کی بنا پر وہ اپنی حفاظت کر سکتے ہوں۔ عارضی قیام گاہوں میں، خواہ کتنے ہی لوگ ہوں اور خواہ وہ کتنی ہی مدت ٹھیریں، جمعہ قائم نہیں کیا جا سکتا۔ جس بستی میں جمعہ قائم کیا جاتا ہو، اس سے تین میل کے فاصلے تک رہنے والے لوگوں پر جمعہ میں حاضر ہونا فرض ہے۔ نمازِ جمعہ صرف ایسی مسجد میں ہو سکتی ہے جو بستی کے اندر یا اس سے متصل ہو اور جس کی عمارت بستی کے عام باشندوں کے گھروں سے کم تر درجے کی نہ ہو۔ بعض مالکیوں نے یہ شرط بھی لگائی ہے کہ مسجد مُسَقَّف ہونی چاہیے اور اس میں پنج وقتہ نماز کا بھی اہتمام ہونا چاہیے۔ لیکن مالکیہ کا راجح مسلک یہ ہے کہ کسی مسجد میں صحتِ جمعہ کے لیے اس کا مُسَقَّف ہونا شرط نہیں ہے، اور ایسی مسجد میں بھی جمعہ ہو سکتا ہے جو صرف نمازِ جمعہ کے لیے بنائی گئی ہو اور پنج وقتہ نماز کا اس میں اہتمام نہ ہو۔ جمعے کی نماز صحیح ہونے کے لیے جماعت میں امام کے سوا کم از کم ۱۲ ایسے آدمیوں کا موجود ہونا ضروری ہے جن پر جمعہ فرض ہو۔ جن عذرات کی بنا پر کسی شخص پر سے جمعے کا فرض ساقط ہو جاتا ہے وہ یہ ہیں: سفر کی حالت میں ہو، یا بحالتِ سفر کسی جگہ چار دن سے کم قیام کا ارادہ رکھتا ہو۔ ایسا مریض ہو کہ مسجد آنا اس کے لیے دشوار ہو۔ اس کی ماں یا باپ یا بیوی یا بچہ بیمار ہو، یا وہ کسی ایسے اجنبی مریض کی تیمارداری کر رہا ہو جس کا اور کوئی تیماردار نہ ہو، یا اس کا کوئی قریبی رشتہ دار سخت بیماری میں مبتلا ہو یا مرنے کے قریب ہو۔ اس کے ایسے مال کو، جس کا نقصان قابلِ برداشت نہ ہو، خطرہ لاحق ہو، یا اسے اپنی جان یا آبرو کا خطرہ ہو، یا وہ مار یا قید کے خوف سے چُھپا ہوا ہو بشرطیکہ وہ اس معاملے میں مظلوم ہو۔ سخت بارش اور کیچڑ پانی یا سخت گرمی یا سردی مسجد تک پہنچنے میں مانع ہو۔ دو خطبے نماز سے پہلے لازم ہیں، حتّٰی کہ اگر نماز کے بعد خطبہ ہو تو نماز کا اِعادہ ضروری ہے۔ اور یہ خطبے لازماً مسجد کے اندر ہونے چاہییں۔ خطبے کے لیے جب امام منبر کی طرف بڑھے اس وقت سے نفل پڑھنا حرام ہے، اور جب خطبہ شروع ہو تو بات کرنا بھی حرام ہے، خواہ آدمی خطبے کی آواز نہ سُن رہا ہو۔ لیکن اگر خطیب اپنے خطبے میں ایسی لغو باتیں کرے جو نظامِ خطبہ سے خارج ہوں، یا کسی ایسے شخص کو گالیاں دے جو گالی کا مستحق نہ ہو، یا کسی ایسے شخص کی تعریفیں شروع کر دے جس کی تعریف جائز نہ ہو، یا خطبے سے غیر متعلق کوئی چیز پڑھنے لگے، تو لوگوں کو اُس پر احتجاج کرنے کا حق ہے۔ نیز

وَ اِذَا رَاَوْا تِجَارَةً اَوْ لَهْوَاْ انْفَضُّوْٓا اِلَيْهَا وَ تَرَكُوْكَ

اور جب انھوں نے تجارت اور کھیل تماشا ہوتے دیکھا تو اس کی طرف لپک گئے اور تمھیں

خطبے میں بادشاہِ وقت کے لیے دُعا مکروہ ہے، اِلّا یہ کہ خطیب کو اپنی جان کا خطرہ ہو۔ خطیب لازماً وہی شخص ہونا چاہیے جو نماز پڑھائے۔ اگر خطیب کے سوا کسی اور نے نماز پڑھائی تو وہ باطل ہوگی۔ (حاشیۃ الدُّسُوقی علی الشرح الکبیر، احکام القرآن ابنِ عَرَبی، الفقہ علی المذاہب الاربعہ)

حَنابلہ کے نزدیک جمعے کی نماز کا وقت صبح کو سُورج کے بقدرِ یک نیزہ بلند ہونے کے بعد سے عصر کا وقت شروع ہونے تک ہے۔ لیکن زوال سے پہلے جمعہ صرف جائز ہے، اور زوال کے بعد واجب اور افضل۔ بیع کی حُرمت اور سعی کے وجوب کا وقت دوسری اذان سے شروع ہوتا ہے۔ اس کے بعد جو بیع ہو وہ سرے سے منعقد ہی نہیں ہوتی۔ جمعہ صرف اُس جگہ ہوسکتا ہے جہاں ۴۰ ایسے آدمی، جن پر جمعہ فرض ہو، مستقل طور پر گھروں میں (نہ کہ خیموں میں) آباد ہوں، یعنی جاڑے اور گرمی میں منتقل نہ ہوتے ہوں۔ اس غرض کے لیے بستی کے گھروں اور محلّوں کے باہم متصل یا متفرق ہونے سے کوئی فرق نہیں پڑتا، ان سب کے مجموعے کا نام ایک ہو تو وہ ایک ہی بستی ہے، خواہ اس کے ٹکڑے ایک دوسرے سے میلوں کے فاصلے پر واقع ہوں۔ ایسی بستی سے جو لوگ تین میل کے اندر رہتے ہوں، ان پر جمعے کے لیے حاضر ہونا فرض ہے۔ جماعت میں امام سمیت ۴۰ آدمیوں کی شرکت ضروری ہے۔ نماز کے لیے ضروری نہیں ہے کہ وہ مسجد ہی میں ہو۔ کُھلے میدان میں بھی ہوسکتی ہے۔ جن عذرات کی بنا پر کسی شخص سے جمعے کا فرض ساقط ہوجاتا ہے وہ یہ ہیں: مسافر ہو اور جمعے کی بستی میں چار دن یا اس سے کم قیام کا ارادہ رکھتا ہو۔ ایسا مریض ہو کہ سواری پر آنا بھی اس کے لیے مشکل ہو۔ اندھا ہو، اِلّا یہ کہ خود راستہ ٹٹول کر آسکتا ہو۔ کسی دوسرے شخص کے سہارے آنا اندھے کے لیے واجب نہیں ہے۔ سخت سردی یا سخت گرمی یا سخت بارش اور کیچڑ نماز کی جگہ پہنچنے میں مانع ہو۔ کسی ظالم کے ظلم سے بچنے کے لیے چُھپا ہُوا ہو۔ جان یا آبرو کا خطرہ یا ایسے مالی نقصان کا خوف ہو جو قابلِ برداشت نہ ہو۔ نماز سے پہلے دو خطبے ہونے چاہییں۔ خطبے کے دوران میں اُس شخص کے لیے بولنا حرام ہے جو خطیب سے اتنا قریب ہو کہ اس کی آواز سُن سکتا ہو۔ البتہ دُور کا آدمی جس تک خطیب کی آواز نہ پہنچتی ہو، بات کرسکتا ہے۔ خطیب خواہ عادل ہو یا غیر عادل، لوگوں کو خطبے کے دوران میں چپ رہنا چاہیے۔ اگر جمعے کے روز عید ہوجائے تو جو لوگ عید پڑھ چکے ہوں، ان پر سے جمعے کا فرض ساقط ہے۔ اس مسئلے میں حنابلہ کا مسلک ائمۂ ثلاثہ کے مسلک سے مختلف ہے۔ (غایۃ المُنتہٰی، الفقہ علی المذاہب الاربعہ)

اس امر میں تمام فقہا کا اتفاق ہے کہ جس شخص پر جمعہ فرض نہیں ہے، وہ اگر نمازِ جمعہ میں شریک ہوجائے تو اس کی نماز صحیح ہے اور اس کے لیے پھر ظہر پڑھنا فرض نہیں رہتا۔

---

قَآىِٕمًا ؕ قُلْ مَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنَ اللَّهْوِ وَمِنَ التِّجَارَةِ ؕ وَاللّٰهُ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿١١﴾ ع

کھڑا چھوڑ دیا۔[19] ان سے کہو: جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ کھیل تماشے اور تجارت سے بہتر ہے۔[20] اور اللہ سب سے بہتر رزق دینے والا ہے۔[21] ع

۱۹ – یہ ہے وہ واقعہ جس کی وجہ سے اُوپر کی آیات میں جمعہ کے احکام ارشاد فرمائے گئے ہیں۔ اس کا قصّہ جو کُتُبِ حدیث میں حضرت جابر بن عبداللہؓ، حضرت عبداللہ بن عباسؓ، حضرت ابو ہریرہؓ، حضرت ابو مالک، اور حضرات حَسَن بصری، ابنِ زید، قَتَادَہ اور مُقاتل بن حَیّان سے منقول ہوا ہے، یہ ہے کہ مدینۂ طیبہ میں شام سے ایک تجارتی قافلہ عین نمازِ جمعہ کے وقت آیا اور اس نے ڈھول تاشے بجانے شروع کیے، تاکہ بستی کے لوگوں کو اس کی آمد کی اطلاع ہو جائے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اُس وقت خطبہ ارشاد فرما رہے تھے۔ ڈھول تاشوں کی آوازیں سُن کر لوگ بے چین ہو گئے اور ۱۲ آدمیوں کے سوا باقی سب بَقیع کی طرف دوڑ گئے جہاں قافلہ اُترا ہوا تھا۔ اس قصّے کی روایات میں سب سے زیادہ معتبر روایت حضرت جابر بن عبداللہؓ کی ہے، جسے امام احمد، بخاری، مسلم، ترمِذی، ابوعُوانہ، عبد بن حُمَید، ابو یَعلیٰ وغیرہم نے متعدِّد سندوں سے نقل کیا ہے۔ اس میں اضطراب صرف یہ ہے کہ کسی روایت میں بیان کیا گیا ہے کہ یہ واقعہ نماز کی حالت میں پیش آیا تھا، اور کسی میں یہ ہے کہ یہ اس وقت پیش آیا جب حضورؐ خطبہ دے رہے تھے۔ لیکن حضرت جابرؓ اور دوسرے صحابہؓ و تابعینؒ کی تمام روایات کو جمع کرنے سے صحیح بات یہ معلوم ہوتی ہے کہ یہ دورانِ خطبہ کا واقعہ ہے، اور حضرت جابرؓ نے جہاں یہ کہا ہے کہ یہ نمازِ جمعہ کے دوران میں پیش آیا، وہاں دراصل انھوں نے خطبے اور نماز کے مجموعے پر نمازِ جمعہ کا اطلاق کیا ہے۔ حضرت عبداللہ بن عباسؓ کی روایت میں بیان کیا گیا ہے کہ اُس وقت ۱۲ مَردوں کے ساتھ سات عورتیں باقی رہ گئی تھیں۔ (ابنِ مَرْدُوْیَہ) قَتَادَہؒ کا بیان ہے کہ ۱۲ مردوں کے ساتھ ایک عورت تھی۔ (ابنِ جَرِیر، ابنِ ابی حاتم) دارقُطنی کی ایک روایت میں ۴۰ افراد، اور عبد بن حُمَید کی روایت میں ۷ نفر بیان کیے گئے ہیں۔ اور فَرّا نے ۸ نَفر لکھے ہیں۔ لیکن یہ سب ضعیف روایات ہیں۔ اور قَتَادَہ کی یہ روایت بھی ضعیف ہے کہ اس طرح کا واقعہ تین مرتبہ پیش آیا تھا۔ (ابنِ جَرِیر) معتبر روایت حضرت جابر بن عبداللہؓ کی ہے، جس میں باقی رہ جانے والوں کی تعداد ۱۲ بتائی گئی ہے۔ اور قَتَادَہ کی ایک روایت کے سوا باقی تمام صحابہؓ و تابعینؒ کی رِوایات اِس پر متفق ہیں کہ یہ واقعہ صرف ایک مرتبہ پیش آیا۔ باقی رہ جانے والوں کے متعلق مختلف روایات کو جمع کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ان میں حضرت ابوبکرؓ، حضرت عمرؓ، حضرت عثمانؓ، حضرت علیؓ، حضرت عبداللہؓ بن مسعود، حضرت عمّار بن یاسرؓ، حضرت سالمؓ مَولیٰ حُذَیفہ اور حضرت جابر بن عبداللہؓ شامل تھے۔ حافظ ابو یَعلیٰ نے حضرت جابر بن عبداللہؓ کی جو روایت نقل کی ہے، اس میں

بیان کیا گیا ہے کہ جب لوگ اس طرح نکل کر چلے گئے اور صرف بارہ اصحاب باقی رہ گئے تو اُن کو خطاب کر کے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: والذی نفسی بیدہٖ لوتتابعتم حتی لم یبق منکم احد لسال بکم الوادی نارًا، ''اگر تم سب چلے جاتے اور ایک بھی باقی نہ رہتا تو یہ وادی آگ سے بہ نکلتی۔'' اسی سے ملتا جُلتا مضمون ابنِ مَرْدُوْیَہ نے حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے، اور ابنِ جَرِیر نے قتادہ سے نقل کیا ہے۔

شیعہ حضرات نے اس واقعے کو بھی صحابہؓ پر طعن کرنے کے لیے استعمال کیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ صحابہؓ کی اتنی بڑی تعداد کا خطبے اور نماز کو چھوڑ کر تجارت اور کھیل تماشے کی طرف دَوڑ جانا اس بات کا ثبوت ہے کہ وہ دنیا کو آخرت پر ترجیح دیتے تھے۔ لیکن یہ ایک سخت بے جا اعتراض ہے جو صرف حقائق سے آنکھیں بند کر کے ہی کیا جا سکتا ہے۔ دراصل یہ واقعہ ہجرت کے بعد قریبی زمانے ہی میں پیش آیا تھا۔ اُس وقت ایک طرف تو صحابہؓ کی اجتماعی تربیت ابتدائی مراحل میں تھی، اور دوسری طرف کفارِ مکہ نے اپنے اثر سے مدینۂ طیّبہ کے باشندوں کی سخت مَعاشی ناکا بندی کر رکھی تھی، جس کی وجہ سے مدینے میں اشیائے ضرورت کمیاب ہو گئی تھیں۔ حضرت حسن بصریؒ فرماتے ہیں کہ اُس وقت مدینے میں لوگ بھوکوں مر رہے تھے اور قیمتیں بہت چڑھی ہوئی تھیں۔ (ابنِ جَرِیر) اس حالت میں جب ایک تجارتی قافلہ آیا تو لوگ اس اندیشے سے کہ کہیں ہمارے نماز سے فارغ ہوتے ہوتے سامان فروخت نہ ہو جائے، گھبرا کر اس کی طرف دوڑ گئے۔ یہ ایک ایسی کمزوری اور غلطی تھی جو اس وقت اچانک تربیت کی کمی اور حالات کی سختی کے باعث رونما ہو گئی تھی۔ لیکن جو شخص بھی اِن صحابہؓ کی وہ قربانیاں دیکھے گا جو اس کے بعد انھوں نے اسلام کے لیے کیں، اور یہ دیکھے گا کہ عبادات اور معاملات میں ان کی زندگیاں کیسے زبردست تقویٰ کی شہادت دیتی ہیں، وہ ہرگز یہ الزام رکھنے کی جرأت نہ کر سکے گا کہ ان کے اندر دنیا کو آخرت پر ترجیح دینے کا کوئی مرض پایا جاتا تھا، اِلّا یہ کہ اس کے اپنے دل میں صحابہؓ سے بُغض کا مرض پایا جاتا ہو۔

تاہم یہ واقعہ جس طرح صحابہؓ کے معترضین کی تائید نہیں کرتا، اُسی طرح اُن لوگوں کے خیالات کی تائید بھی نہیں کرتا جو صحابہؓ کی عقیدت میں غُلُوّ کر کے اِس طرح کے دعوے کرتے ہیں کہ ان سے کبھی کوئی غلطی سرزد نہیں ہوئی، یا ہوئی بھی ہو تو اس کا ذکر نہیں کرنا چاہیے، کیونکہ ان کی غلطی کا ذکر کرنا اور اسے غلطی کہنا اُن کی توہین ہے، اور اس سے ان کی عزّت و وَقعت دلوں میں باقی نہیں رہتی، اور اس کا ذکر اُن آیات و احادیث کے خلاف ہے جن میں صحابہؓ کے مغفور اور مقبولِ بارگاہِ الٰہی ہونے کی تصریح کی گئی ہے۔ یہ ساری باتیں سراسر مبالغہ ہیں جن کے لیے قرآن و حدیث میں کوئی سند موجود نہیں ہے۔ یہاں ہر شخص دیکھ سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے خود اس غلطی کا ذکر کیا ہے جو صحابہؓ کی ایک کثیر تعداد سے صادر ہوئی تھی۔ اُس کتاب میں کیا ہے جسے قیامت تک ساری اُمّت کو پڑھنا ہے۔ اور اُسی کتاب میں کیا ہے جس میں ان کے مغفور اور مقبولِ بارگاہ ہونے کی تصریح کی گئی ہے۔ پھر حدیث و تفسیر کی تمام کتابوں میں صحابہؓ سے لے کر بعد کے اکابرِ اہلِ سنّت تک نے اس غلطی کی تفصیلات بیان کی ہیں۔ کیا اس کے معنٰی یہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے یہ ذکر اُنھی صحابہؓ کی وَقعت دلوں سے نکالنے کے لیے کیا ہے جن کی وَقعت

وہ خود دلوں میں قائم فرمانا چاہتا ہے؟ اور کیا اس کا مطلب یہ ہے کہ صحابہؓ اور تابعین اور محدثین و مفسّرین نے اس قصّے کی ساری تفصیلات اُس شرعی مسئلے سے ناواقفیت کی بنا پر بیان کر دی ہیں جو یہ غالی حضرات بیان کیا کرتے ہیں؟ اور کیا فی الواقع سورۂ جمعہ پڑھنے والے اور اس کی تفسیر کا مطالعہ کرنے والے لوگوں کے دلوں سے صحابہؓ کی وَقعت نکل گئی ہے؟ اگر ان میں سے ہر سوال کا جواب نفی میں ہے، اور یقیناً نفی میں ہے، تو وہ سب بے جا اور مبالغہ آمیز باتیں ہیں جو احترامِ صحابہؓ کے نام سے بعض لوگ کیا کرتے ہیں۔

حقیقت یہ ہے کہ صحابۂ کرامؓ کوئی آسمانی مخلوق نہ تھے بلکہ اِسی زمین پر پیدا ہونے والے انسانوں میں سے تھے۔ وہ جو کچھ بھی بنے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تربیت سے بنے۔ یہ تربیت بتدریج سال ہا سال تک ان کو دی گئی۔ اس کا جو طریقہ قرآن و حدیث میں ہم کو نظر آتا ہے، وہ یہ ہے کہ جب کبھی ان کے اندر کسی کمزوری کا ظہور ہوا، اللہ اور اس کے رسولؐ نے بروقت اس کی طرف توجہ فرمائی، اور فوراً اُس خاص پہلو میں تعلیم و تربیت کا ایک پروگرام شروع ہو گیا جس میں وہ کمزوری پائی گئی تھی۔ اِسی نمازِ جمعہ کے معاملے میں ہم دیکھتے ہیں کہ جب قافلۂ تجارت والا واقعہ پیش آیا تو اللہ تعالیٰ نے سورۂ جمعہ کا یہ رُکوع نازل فرما کر اس پر تنبیہ کی اور جمعے کے آداب بتائے۔ پھر اس کے ساتھ ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلسل اپنے خطباتِ مبارکہ میں فرضیتِ جمعہ کی اہمیت لوگوں کے ذہن نشین فرمائی، جس کا ذکر ہم حاشیہ ۱۵ میں کر آئے ہیں، اور تفصیل کے ساتھ اُن کو آدابِ جمعہ کی تعلیم دی۔ چنانچہ احادیث میں یہ ساری ہدایات ہم کو بڑی واضح صورت میں ملتی ہیں۔

حضرت ابو سعید خُدرِیؓ کا بیان ہے کہ حضورؐ نے فرمایا: ''ہر مسلمان کو جمعے کے روز غسل کرنا چاہیے، دانت صاف کرنے چاہئیں، جو اچھے کپڑے اُس کو میسّر ہوں پہننے چاہئیں، اور اگر خوشبو میسّر ہو تو لگانی چاہیے۔'' (مُسندِ احمد، بخاری، مُسلم، ابوداؤد، نَسائی) حضرت سَلمان فارسیؓ کہتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جو مسلمان جمعے کے روز غسل کرے اور حتی الامکان زیادہ سے زیادہ اپنے آپ کو پاک صاف کرے، سر میں تیل لگائے یا جو خوشبو گھر میں موجود ہو وہ لگائے، پھر مسجد جائے اور دو آدمیوں کو ہٹا کر ان کے بیچ میں نہ گُھسے، پھر جتنی کچھ اللہ توفیق دے اتنی نماز (نفل) پڑھے، پھر جب امام بولے تو خاموش رہے، اُس کے قصور ایک جمعہ سے دوسرے جمعہ تک معاف ہو جاتے ہیں۔'' (بخاری، مُسندِ احمد) قریب قریب اِسی مضمون کی روایات حضرت ابو ایوب انصاریؓ، حضرت ابو ہریرہؓ اور حضرت نُبَیشَۃُ الھُذَلیؓ نے بھی حضورؐ سے نقل کی ہیں۔ (مُسندِ احمد، بخاری، مُسلم، ابوداؤد، ترمذی، طَبَرانی) حضرت عبد اللہ بن عباسؓ کہتے ہیں کہ حضورؐ نے فرمایا: ''جب امام خطبہ دے رہا ہو، اُس وقت جو شخص بات کرے وہ اس گدھے کے مانند ہے جس پر کتابیں لدی ہوئی ہوں، اور جو شخص اُس سے کہے کہ ''چُپ رہ!'' اس کا بھی کوئی جمعہ نہیں ہوا۔'' (مُسندِ احمد) حضرت ابو ہریرہؓ کا بیان ہے کہ حضورؐ نے فرمایا: ''اگر تم نے جمعے کے روز خطبے کے دوران میں بات کرنے والے شخص سے کہا: ''چُپ رہ!'' تو تم نے بھی لغو حرکت کی۔ (بخاری، مُسلم، نَسائی، ترمذی، ابوداؤد) اسی سے ملتی جلتی

روایات امام احمد، ابوداؤد اور طَبَرانی نے حضرت علیؓ اور حضرت ابوالدَّرْدَاءؓ سے نقل کی ہیں۔ اس کے ساتھ آپؐ نے خطیبوں کو بھی ہدایت فرمائی کہ لمبے لمبے خطبے دے کر لوگوں کو تنگ نہ کریں۔ آپؐ خود جمعے کے روز مختصر خطبہ ارشاد فرماتے اور نماز بھی زیادہ لمبی نہ پڑھاتے تھے۔ حضرت جابرؓ بن سَمُرَہ کہتے ہیں کہ حضورؐ طویل خطبہ نہیں دیتے تھے۔ وہ بس چند مختصر کلمات ہوتے تھے۔ (ابوداؤد) حضرت عبداللہؓ بن ابی اَوْفیٰ کہتے ہیں کہ آپؐ کا خطبہ نماز کی بہ نسبت کم ہوتا تھا اور نماز اس سے زیادہ طویل ہوتی تھی۔ (نَسائی) حضرت عمّار بن یاسرؓ کی روایت ہے کہ آپؐ نے فرمایا: آدمی کی نماز کا طویل ہونا اور خطبے کا مختصر ہونا اس بات کی علامت ہے کہ وہ دین کی سمجھ رکھتا ہے۔'' (مُسْنَدِ احمد، مُسلم) تقریباً یہی مضمون بزّار نے حضرت عبداللہؓ بن مسعود سے نقل کیا ہے۔ ان باتوں سے اندازہ ہوتا ہے کہ حضورؐ نے کس طرح لوگوں کو جمعے کے آداب سکھائے، یہاں تک کہ اس نماز کی وہ شان قائم ہوئی جس کی نظیر دنیا کی کسی قوم کی اجتماعی عبادت میں نہیں پائی جاتی۔

**۲۰** – یہ فقرہ خود بتا رہا ہے کہ صحابہؓ سے جو غلطی ہوئی تھی، اس کی نوعیت کیا تھی۔ اگر معاذ اللہ، اس کی وجہ ایمان کی کمی اور آخرت پر دنیا کی دانستہ ترجیح ہوتی تو اللہ تعالیٰ کے غضب اور زَجر و توبیخ کا انداز کچھ اور ہوتا۔ لیکن چونکہ ایسی کوئی خرابی وہاں نہ تھی، بلکہ جو کچھ ہوا تھا تربیت کی کمی کے باعث ہوا تھا، اس لیے پہلے معلّمانہ انداز میں جمعے کے آداب بتائے گئے، پھر اُس غلطی پر گرفت کر کے مربیانہ انداز میں سمجھایا گیا کہ جمعے کا خطبہ سننے اور اس کی نماز ادا کرنے پر جو کچھ تمھیں خدا کے ہاں ملے گا، وہ اِس دنیا کی تجارت اور کھیل تماشوں سے بہتر ہے۔

**۲۱** – یعنی اِس دنیا میں مجازاً جو بھی رزق رسانی کا ذریعہ بنتے ہیں، ان سب سے بہتر رازق اللہ تعالیٰ ہے۔ اس طرح کے فقرے قرآنِ مجید میں متعدّد مقامات پر آئے ہیں۔ کہیں اللہ تعالیٰ کو احسن الخالقین کہا گیا ہے، کہیں خیر الغافرین، کہیں خیر الحاکمین، کہیں خیر الرّاحمین، کہیں خیر النّاصرین۔ ان سب مقامات پر مخلوق کی طرف رزق، تخلیق، مغفرت، رحم اور نصرت کی نسبت مجازی ہے اور اللہ تعالیٰ کی طرف حقیقی۔ مطلب یہ ہے کہ جو لوگ بھی دنیا میں تم کو تنخواہ، اُجرت یا روٹی دیتے نظر آتے ہیں، یا جو لوگ بھی اپنی صنعت و کاریگری سے کچھ بناتے نظر آتے ہیں، یا جو لوگ بھی دوسروں کے قُصور معاف کرتے اور دوسروں پر رحم کھاتے اور دوسروں کی مدد کرتے نظر آتے ہیں، اللہ ان سب سے بہتر رازق، خالق، رحیم، غفور اور مددگار ہے۔

---

# تفہیم القرآن

## المنافقون

(۶۳)

# المنافقون

**نام** پہلی آیت کے فقرے اِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ سے ماخوذ ہے۔ یہ اس سُورت کا نام بھی ہے اور اس کے مضمون کا عنوان بھی، کیونکہ اس میں منافقین ہی کے طرزِ عمل پر تبصرہ کیا گیا ہے۔

**زمانۂ نزُول** جیسا کہ ہم آگے چل کر بتائیں گے، یہ سورت غزوۂ بنی المُصطَلِق سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی واپسی پر یا تو دورانِ سفر میں نازل ہوئی ہے، یا حضورؐ کے مدینۂ طیبہ پہنچنے کے بعد فوراً ہی اس کا نُزول ہوا ہے۔ اور ہم سورۂ نُور کے دیباچے میں یہ بات بتحقیق بیان کر چکے ہیں کہ غزوۂ بنی المُصطَلِق شعبان ۶ھ میں واقع ہوا تھا۔ اس طرح اِس کی تاریخِ نزُول ٹھیک ٹھیک متعین ہو جاتی ہے۔

**تاریخی پَس منظر** جس خاص واقعے کے بارے میں یہ سُورت نازل ہوئی ہے، اس کا ذکر کرنے سے پہلے یہ ضروری ہے کہ مدینے کے منافقین کی تاریخ پر ایک نگاہ ڈال لی جائے، کیونکہ جو واقعہ اُس موقع پر پیش آیا تھا، وہ محض ایک اتفاقی حادثہ نہ تھا، بلکہ اُس کے پیچھے ایک پُورا سلسلۂ واقعات تھا جو بالآخر اِس نوبت تک پہنچا۔

مدینۂ طیبہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری سے پہلے اَوس اور خزرج کے قبیلے آپس کی خانہ جنگیوں سے تھک کر ایک شخص کی قیادت و سیادت پر قریب قریب متفق ہو چکے تھے اور اس بات کی تیاریاں کر رہے تھے کہ اس کو اپنا بادشاہ بنا کر باقاعدہ اس کی تاجپوشی کی رسم ادا کر دیں، حتّٰی کہ اس کے لیے تاج بنا بھی لیا گیا تھا۔ یہ قبیلۂ خَزرج کا رئیس عبد اللہ بن اُبَیّ بن سَلُول تھا۔ محمد بن اسحاق کا بیان ہے کہ قبیلۂ خزرج میں اس کی بزرگی بالکل مُتَّفَقٌ عَلَیہِ تھی، اور اَوس و خزرج اِس سے پہلے کبھی ایک شخص کی قیادت پر جمع نہیں ہوئے تھے۔ (ابنِ ہِشام، ج ۲، ص ۲۳۴)

اس صورتِ حال میں اسلام کا چرچا مدینے پہنچا اور ان دونوں قبیلوں کے بااثر آدمی مسلمان ہونے شروع ہو گئے۔ ہجرت سے پہلے بیعت عَقَبۂ ثانیہ کے موقع پر جب رسولؐ اللہ کو مدینۂ طیبہ تشریف لانے کی دعوت دی جا رہی تھی، اُس وقت حضرت عباسؓ بن عُبادَہ بن نَضلہ انصاری اِس دعوت کو صرف اِس مصلحت سے مؤخر کرنا چاہتے تھے کہ عبد اللہ بن اُبَیّ بھی بیعت اور دعوت میں شریک ہو جائے، تاکہ مدینہ بالاتفاق اسلام کا مرکز بن سکے۔ لیکن جو وفد بیعت کے لیے حاضر ہوا تھا، اس نے اِس مصلحت کو کوئی اہمیت نہ دی اور اس کے تمام شرکا، جن میں دونوں قبیلوں کے ۷۵ آدمی شامل

تھے، ہر خطرہ مول لے کر حضورؐ کو دعوت دینے کے لیے تیار ہو گئے۔ (ابنِ ہِشام، ج ۲، ص ۸۹) اِس واقعے کی تفصیلات ہم سورۂ انفال کے دیباچے میں بیان کر چکے ہیں۔

اس کے بعد جب حضورؐ مدینے پہنچے تو انصار کے ہر گھرانے میں اسلام اتنا پھیل چکا تھا کہ عبداللہ بن اُبَیّ بے بس ہو گیا اور اس کو اپنی سرداری بچانے کی اس کے سوا کوئی صورت نظر نہ آئی کہ خود بھی مسلمان ہو جائے۔ چنانچہ وہ اپنے اُن بہت سے حامیوں کے ساتھ، جن میں دونوں قبیلوں کے شُیوخ اور سردار شامل تھے، داخلِ اسلام ہو گیا، حالانکہ دل اِن سب کے جل رہے تھے، اور خاص طور پر ابنِ اُبَیّ کو اس بات کا سخت غم تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس کی بادشاہی چھین لی ہے۔ کئی سال تک اس کا یہ منافقانہ ایمان اور اپنی ریاست چھِن جانے کا یہ غم طرح طرح کے رنگ دکھاتا رہا۔ ایک طرف حال یہ تھا کہ ہر جمعے کو جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ ارشاد فرمانے کے لیے بیٹھتے تو عبداللہ بن اُبَیّ اُٹھ کر کہتا کہ ”حضرات! یہ اللہ کے رسول آپ کے درمیان موجود ہیں، جن کی ذات سے اللہ نے آپ کو عزت اور شرف بخشا ہے، لہٰذا آپ اِن کی تائید کریں اور جو کچھ یہ فرماتے ہیں اسے غور سے سُنیں اور اِن کی اطاعت کریں۔“ (ابنِ ہِشام، ج ۳، ص ۱۱۱) دوسری طرف کیفیت یہ تھی کہ روز بروز اس کی منافقت کا پردہ چاک ہوتا چلا جا رہا تھا اور مخلص مسلمانوں پر یہ بات کھُلتی چلی جاتی تھی کہ وہ اور اس کے ساتھی اسلام اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور گروہ اہلِ ایمان سے سخت بُغض رکھتے ہیں۔

ایک مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کسی راستے سے گزر رہے تھے کہ ابنِ اُبَیّ نے آپؐ کے ساتھ بدتمیزی کی۔ آپؐ نے حضرت سعدؓ بن عُبَادہ سے اس کی شکایت فرمائی تو اُنھوں نے عرض کیا: ”یا رسولؐ اللہ! اس شخص کے ساتھ نرمی برتیے۔ آپؐ کی تشریف آوری سے پہلے ہم اس کے لیے تاجِ شاہی تیار کر رہے تھے، اب یہ سمجھتا ہے کہ آپؐ نے اس سے بادشاہی چھین لی ہے۔“ (ابنِ ہِشام، ج ۲، ص ۲۳۷-۲۳۸)

جنگِ بدر کے بعد جب یہودِ بنی قَینُقاع کی صریح بدعہدی اور بلااشتعال سرکشی پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن پر چڑھائی کی تو یہ شخص اُن کی حمایت پر اُٹھ کھڑا ہوا اور حضورؐ کی زِرہ پکڑ کر کہنے لگا کہ ”یہ سات سو مردانِ جنگی، جو ہر دشمن کے مقابلے میں میرا ساتھ دیتے رہے ہیں، آج ایک دن میں آپؐ اُنھیں ختم کر ڈالنا چاہتے ہیں؟ خدا کی قسم! میں آپؐ کو ہرگز نہیں چھوڑوں گا جب تک آپؐ میرے اِن حلیفوں کو معاف نہ کر دیں گے۔“ (ابنِ ہِشام، ج ۳، ص ۵۱-۵۲)

جنگِ اُحُد کے موقع پر اس شخص نے صریح غدّاری کی اور عین وقت پر اپنے تین سو ساتھیوں کو لے کر میدانِ جنگ سے اُلٹا واپس آ گیا۔ جس نازک گھڑی میں اس نے یہ حرکت کی تھی، اس کی نزاکت کا اندازہ اس بات سے کیا جا سکتا ہے کہ قریش کے لوگ تین ہزار کا لشکر لے کر مدینے پر چڑھ آئے تھے، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے مقابلے میں صرف ایک ہزار آدمی ساتھ لے کر مدافعت کے لیے نکلے تھے۔

اِن ایک ہزار میں سے بھی یہ منافق تین سو آدمی توڑ لایا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو صرف سات سو کی جمعیت کے ساتھ تین ہزار دشمنوں کا مقابلہ کرنا پڑا۔

اِس واقعے کے بعد مدینے کے عام مسلمانوں کو یقین کے ساتھ یہ معلوم ہو گیا کہ یہ شخص قطعی منافق ہے، اور اس کے وہ ساتھی بھی پہچان لیے گئے جو منافقت میں اس کے شریکِ کار تھے۔ اِسی بنا پر جنگِ اُحُد کے بعد جب پہلا جمعہ آیا اور یہ شخص حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے خطبے سے پہلے حسبِ معمول تقریر کرنے کے لیے اُٹھا تو لوگوں نے اس کا دامن کھینچ کر کہا: ”بیٹھ جاؤ، تم یہ باتیں کرنے کے اہل نہیں ہو۔“ مدینے میں یہ پہلا موقع تھا کہ عَلانیَہ اِس شخص کی تذلیل کی گئی۔ اس پر برہم ہو کر وہ لوگوں کی گردنوں پر سے کُودتا پھاندتا مسجد سے نکل گیا۔ مسجد کے دروازے پر بعض انصاریوں نے اس سے کہا: ”یہ کیا حرکت کر رہے ہو، واپس چلو اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اِستِغفار کی درخواست کرو۔“ اس نے بگڑ کر جواب دیا: ”مَیں ان سے کوئی اِستِغفار نہیں کرانا چاہتا۔“ (ابنِ ہِشام، ج ۳، ص ۱۱۱)

پھر ۴ھ میں غزوۂ بنی النَّضِیر پیش آیا اور اس موقع پر اس شخص نے اور اس کے ساتھیوں نے اور بھی زیادہ کھل کر اسلام کے خلاف اعدائے اسلام کی حمایت کی۔ ایک طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپؐ کے جاں نثار صحابہؓ اِن یہودی دشمنوں سے جنگ کی تیاری کر رہے تھے، اور دوسری طرف یہ منافقین اندر ہی اندر یہودیوں کو پیغام بھیج رہے تھے کہ ڈٹے رہو، ہم تمھارے ساتھ ہیں، تم سے جنگ کی جائے گی تو ہم تمھاری مدد کریں گے، اور تم کو نکالا جائے گا تو ہم تمھارے ساتھ نکلیں گے۔ اس خفیہ سازباز کا راز اللہ تعالیٰ نے خود کھول دیا، جیسا کہ سورۂ حشر کے دوسرے رُکوع میں گزر چکا ہے۔

لیکن اُس کی اور اُس کے ساتھیوں کی اِتنی پردہ دری ہو جانے کے باوجود جس وجہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اُس کے ساتھ درگزر کا معاملہ فرما رہے تھے، وہ یہ تھی کہ منافقین کا ایک بڑا جتھا اس کے ساتھ تھا۔ اَوس اور خَزرَج دونوں قبیلوں کے بہت سے سردار اس کے حامی تھے۔ مدینے کی آبادی میں کم از کم ایک تہائی تعداد اُس کے ساتھیوں کی موجود تھی، جیسا کہ غزوۂ اُحُد کے موقع پر ظاہر ہو چکا تھا۔ ایسی حالت میں یہ کسی طرح مناسب نہ تھا کہ باہر کے دشمنوں سے لڑائی کے ساتھ ساتھ اندر کے اِن دشمنوں سے بھی جنگ مُول لے لی جاتی۔ اسی بنا پر اُن کی منافقت کا حال جانتے ہوئے بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک مدّت تک ان کے ساتھ ان کے ظاہری دعوائے ایمان کے لحاظ سے معاملہ فرماتے رہے۔ دوسری طرف یہ لوگ بھی نہ اتنی طاقت رکھتے تھے نہ ہمّت کہ عَلانیَہ کافر بن کر اہلِ ایمان سے لڑ لیتے، یا کسی حملہ آور دشمن کے ساتھ کھلّم کھلّا مل کر میدان میں آ جاتے۔ بظاہر وہ اپنا ایک مضبوط جتھا بنائے ہوئے تھے، مگر ان کے اندر وہ کمزوریاں موجود تھیں جن کا نقشہ اللہ تعالیٰ نے سورۂ حشر کی آیات ۱۲-۱۴ میں صاف صاف کھینچ کر رکھ دیا ہے۔ اس لیے وہ مسلمان بنے رہنے میں ہی اپنی خیر سمجھتے تھے۔ مسجدوں میں آتے تھے۔

نمازیں پڑھتے تھے۔ زکوٰۃ بھی دے ڈالتے تھے۔ زبان سے ایمان کے وہ لمبے چوڑے دعوے کرتے تھے جن کے کرنے کی مخلص مسلمانوں کو کبھی ضرورت پیش نہ آتی تھی۔ ان کے پاس اپنی ہر منافقانہ حرکت کے لیے ہزار جھوٹی توجیہیں موجود تھیں، جن سے وہ خاص طور پر اپنے ہم قبیلہ انصار کو یہ دھوکا دینے کی کوشش کرتے رہتے تھے کہ ہم تمھارے ساتھ ہیں۔ ان تدبیروں سے وہ اپنے آپ کو اُن نقصانات سے بھی بچا رہے تھے جو انصار کی برادری سے الگ ہو جانے کی صورت میں ان کو پہنچ سکتے تھے، اور فتنہ پردازی کے اُن مواقع سے بھی فائدہ اُٹھا رہے تھے جو اس برادری میں شامل رہ کر انھیں مل سکتے تھے۔

یہی وہ اسباب تھے جن کی وجہ سے عبداللہ بن اُبَیّ اور اس کے ساتھی منافقین کو غزوۂ بنی المُصطَلِق کی مہم میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جانے کا موقع مل گیا، اور انھوں نے بیک وقت دو ایسے عظیم فتنے اُٹھا دیے جو مسلمانوں کی جمعیت کو بالکل پارہ پارہ کر سکتے تھے۔ مگر قرآنِ پاک کی تعلیم اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت سے اہلِ ایمان کو جو بہترین تربیت ملی تھی، اُس کی بدولت اِن دونوں فتنوں کا بروقت قَلع قَمع ہو گیا اور یہ منافقین اُلٹے خود ہی رُسوا ہو کر رہ گئے۔ ان میں سے ایک فتنہ وہ تھا جس کا ذکر سورۂ نور میں گزر چکا ہے۔ اور دوسرا فتنہ یہ ہے جس کا اِس سورت میں ذکر کیا گیا ہے۔

اس واقعے کو بخاری، مسلم، احمد، نَسائی، ترمذی، بَیہَقی، طَبَرانی، ابنِ مَردُوْیَہ، عبدالرزّاق، ابنِ جَریرطَبَری، ابنِ سعد اور محمد بن اسحاق نے بکثرت سندوں سے نقل کیا ہے۔ بعض روایات میں اُس مہم کا نام نہیں لیا گیا ہے جس میں یہ پیش آیا تھا، اور بعض میں اسے غزوۂ تبوک کا واقعہ بیان کیا گیا ہے۔ مگر مغازی اور سِیَر کے علما اس بات پر متفق ہیں کہ یہ واقعہ غزوۂ بنی المُصطَلِق کے موقع پر پیش آیا تھا۔ صورتِ واقعہ تمام روایات کو جمع کرنے سے یہ معلوم ہوتی ہے:

بنی المُصطَلِق کو شکست دینے کے بعد ابھی لشکرِ اسلام اُس بستی میں ٹھیرا ہوا تھا جو مُرَیسیع نامی کنویں پر آباد تھی کہ یکایک پانی پر دو صاحبوں کا جھگڑا ہو گیا۔ ان میں سے ایک کا نام جَہجَاہ بن مسعود غفاری تھا جو حضرت عمرؓ کے ملازم تھے اور اُن کا گھوڑا سنبھالنے کی خدمت انجام دیتے تھے، اور دوسرے صاحب سِنان بن وَبَر الجُہنی[1] تھے جن کا قبیلہ خَزرَج کے ایک قبیلے کا حلیف تھا۔ زبانی ترش کلامی سے گزر کر نوبت ہاتھا پائی تک پہنچی اور جَہجَاہ نے سِنان کے ایک لات رسید کر دی، جسے اپنی قدیم یمنی روایات کی بنا پر انصار سخت توہین و تذلیل سمجھتے تھے۔ اس پر سِنان نے انصار کو مدد کے لیے پکارا، اور جَہجَاہ نے مہاجرین کو آواز دی۔ ابنِ اُبَیّ نے اِس جھگڑے کی خبر سُنتے ہی اَوس اور خَزرَج کے لوگوں کو بھڑکانا اور چیخنا شروع کر دیا کہ دوڑو اور اپنے حلیف کی مدد کرو۔ اُدھر سے کچھ مہاجرین بھی نکل آئے۔ قریب تھا کہ

---

[1] دونوں اصحاب کے نام مختلف روایات میں مختلف بیان کیے گئے ہیں۔ ہم نے یہ نام ابنِ ہِشام کی روایت سے لیے ہیں۔

بات بڑھ جاتی اور اُسی جگہ انصار و مہاجرین آپس میں لڑ پڑتے جہاں ابھی ابھی وہ مل کر ایک دشمن قبیلے سے لڑے تھے اور اُسے شکست دے کر ابھی اُسی کے علاقے میں ٹھیرے ہوئے تھے۔ لیکن یہ شور سُن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نکل آئے اور آپؐ نے فرمایا: ما بالُ دعوی الجاھلیۃ؟ ما لکم ولدعوۃ الجاھلیۃ؟ دعوھا فانھا مُنْتِنَۃ۔ ''یہ جاہلیت کی پکار کیسی؟ تم لوگ کہاں اور یہ جاہلیت کی پکار کہاں؟ اِسے چھوڑ دو، یہ بڑی گندی چیز ہے۔[1]'' اس پر دونوں طرف کے صالح لوگوں نے آگے بڑھ کر معاملہ رفع دفع کرا دیا اور سِنان نے جَہجاہ کو معاف کر کے صلح کر لی۔

اس کے بعد ہر وہ شخص جس کے دل میں نِفاق تھا، عبداللہ بن اُبَیّ کے پاس پہنچا اور اِن لوگوں نے جمع ہو کر اس سے کہا کہ ''اب تک تو تم سے اُمیدیں وابستہ تھیں اور تم مدافعت کر رہے تھے، مگر اب معلوم ہوتا ہے کہ تم ہمارے مقابلے میں اِن کنگلوں[2] کے مددگار بن گئے ہو۔'' ابنِ اُبَیّ پہلے ہی کھَول رہا تھا۔ اِن باتوں سے وہ اور بھی زیادہ بھڑک اُٹھا۔ کہنے لگا: ''یہ سب کچھ تمھارا اپنا ہی کیا دھرا ہے۔ تم نے اِن لوگوں کو اپنے ملک میں جگہ دی، ان پر اپنے مال تقسیم کیے، یہاں تک کہ اب یہ پھل پھول کر خود ہمارے ہی حریف بن گئے۔

---

[1] یہ ایک بڑی اہم بات ہے جو اِس موقع پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمائی۔ اسلام کی صحیح روح کو سمجھنے کے لیے اِسے ٹھیک ٹھیک سمجھ لینا ضروری ہے۔ اسلام کا طریقہ یہ ہے کہ دو آدمی اگر اپنے جھگڑے میں لوگوں کو مدد کے لیے پکارنا چاہیں تو وہ کہیں: ''مسلمانو! آؤ اور ہماری مدد کرو'' یا یہ کہ ''لوگو! ہماری مدد کے لیے آؤ''۔ لیکن اگر ان میں سے ہر ایک اپنے اپنے قبیلے، یا برادری، یا نسل و رنگ، یا علاقے کے نام پر لوگوں کو پکارتا ہے تو یہ جاہلیت کی پکار ہے، اور اس پکار پر لبیک کہہ کر آنے والے اگر یہ نہیں دیکھتے کہ ظالم کون ہے اور مظلوم کون، اور حق و انصاف کی بنا پر مظلوم کی حمایت کرنے کے بجائے اپنے اپنے گروہ کے آدمی کی حمایت میں ایک دوسرے سے برسرِ پیکار ہو جاتے ہیں تو یہ جاہلیت کا فعل ہے جس سے دنیا میں فساد برپا ہوتا ہے۔ اسی لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے گندی اور گھناؤنی چیز قرار دیا اور مسلمانوں سے فرمایا کہ تمھارا اِس جاہلیت کی پکار سے کیا واسطہ؟ تم اسلام کی بنیاد پر ایک مِلّت بنے تھے، اب یہ انصار اور مہاجر کے نام پر تمھیں کیسے پکارا جا رہا ہے، اور اس پکار پر تم کہاں دوڑے جا رہے ہو؟ علّامہ سُہَیْلیؒ نے رَوضُ الاُنُف میں لکھا ہے کہ فقہائے اسلام نے کسی جھگڑے یا اختلاف میں جاہلیت کی پکار بلند کرنے کو ایک فوجداری جُرم قرار دیا ہے۔ ایک گروہ اس کی سزا پچاس ضرب تازیانہ قرار دیتا ہے، دوسرا گروہ دس ضرب تجویز کرتا ہے، اور تیسرا گروہ کہتا ہے کہ اس کی سزا حالات کی مناسبت سے دی جانی چاہیے۔ بعض حالات میں صرف زَجر و توبیخ کافی ہے، بعض دوسرے حالات میں ایسی پکار بلند کرنے والے کو قید کرنا چاہیے، اور اگر یہ زیادہ شر انگیز ہو تو اس کے مرتکب کو سزائے تازیانہ دینی چاہیے۔

[2] مدینے کے منافقین اُن تمام لوگوں کو جو اسلام قبول کر کر کے مدینے میں آ رہے تھے، ''جلابیب'' کہا کرتے تھے۔ لُغوی معنیٰ تو اس لفظ کے گلیم پوش یا موٹے جھوٹے کپڑے پہننے والے کے ہیں، مگر اصل مفہوم جس میں وہ لوگ غریب مہاجرین کی تذلیل کے لیے یہ لفظ استعمال کرتے تھے، کنگلے کے لفظ سے زیادہ صحیح طور پر ادا ہوتا ہے۔

ہماری اور اِن قریش کے کنگلوں (یا اصحابِ محمدؐ) کی حالت پر یہ مثل صادق آتی ہے کہ اپنے کُتّے کو کھلا پلا کر موٹا کر، تاکہ تجھی کو پھاڑ کھائے۔ تم لوگ ان سے ہاتھ روک لو تو یہ چلتے پھرتے نظر آئیں۔ خدا کی قسم! مدینے واپس پہنچ کر ہم میں سے جو عزت والا ہے، وہ ذلیل کو نکال دے گا۔''

مجلس میں اتفاق سے حضرت زیدؓ بن اَرقم بھی موجود تھے جو اُس وقت ایک کم عمر لڑکے تھے۔ انھوں نے یہ باتیں سُن کر اپنے چچا سے ان کا ذکر کیا، اور اُن کے چچا نے جو انصار کے رئیسوں میں سے تھے، جا کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں سارا واقعہ بیان کر دیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے زیدؓ کو بلا کر دریافت کیا تو انھوں نے جو کچھ سنا تھا، مِن وعَن دُہرا دیا۔[1] حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''شاید تم ابنِ اُبَیّ سے ناراض ہو۔ ممکن ہے تم سے سُننے میں کچھ غلطی ہوگئی ہو۔ ممکن ہے تمھیں شبہ ہوگیا ہو کہ ابنِ اُبَیّ یہ کہہ رہا ہے۔'' مگر زیدؓ نے عرض کیا: ''نہیں حضورؐ، خدا کی قسم! مَیں نے اس کو یہ باتیں کہتے سُنا ہے۔'' اس پر حضورؐ نے ابنِ اُبَیّ کو بلا کر پوچھا تو وہ صاف مُکر گیا اور قسمیں کھانے لگا کہ میں نے یہ باتیں ہرگز نہیں کہیں۔ انصار کے لوگوں نے بھی کہا کہ حضورؐ! لڑکے کی بات ہے۔ شاید اسے وہم ہوگیا ہو۔ یہ ہمارا شیخ اور بزرگ ہے۔ اِس کے مقابلے میں ایک لڑکے کی بات کا اعتبار نہ فرمائیے۔ قبیلے کے بڑے بوڑھوں نے زیدؓ کو بھی ملامت کی اور وہ بیچارے رنجیدہ ہو کر اپنی جگہ بیٹھ رہے۔ مگر حضورؐ زیدؓ کو بھی جانتے تھے اور عبداللہ بن اُبَیّ کو بھی، اس لیے آپؐ سمجھ گئے کہ اصل بات کیا ہے۔

حضرت عمرؓ کو اس کا علم ہوا تو انھوں نے آ کر عرض کیا: ''مجھے اجازت دیجیے کہ اس منافق کی گردن اُڑا دوں۔ یا اگر مجھے یہ اجازت دینا مناسب خیال نہیں فرماتے تو خود انصار ہی میں سے مُعاذ بن جَبَلؓ، یا عَبّادؓ بن بِشر، یا سعدؓ بن مُعاذ، یا محمدؓ بن مَسلَمَہ کو حکم دیجیے[2] کہ وہ اسے قتل کر دیں۔'' مگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''ایسا نہ کرو، لوگ کہیں گے کہ محمدؐ اپنے ساتھیوں ہی کو قتل کر رہا ہے۔'' اس کے بعد آپؐ نے فوراً ہی کوچ کا حکم دے دیا، حالانکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے معمول کے لحاظ سے وہ کوچ کا وقت نہ تھا۔ مسلسل ۳۰ گھنٹے چلتے رہے، یہاں تک کہ لوگ تھک کر چُور ہو گئے۔ پھر آپؐ نے ایک جگہ پڑاؤ کیا اور تھکے ہوئے لوگ زمین پر کمر ٹکاتے ہی سو گئے۔ یہ آپؐ نے اس لیے کیا کہ جو کچھ مُرَیسِیع کے کنویں پر پیش آیا تھا، اس کے اثرات لوگوں کے ذہن سے محو

---

[1] فقہا نے اِس سے یہ حکم اخذ کیا ہے کہ ایک شخص کی بُری بات دوسرے شخص تک پہنچانا اگر کسی دینی، اَخلاقی یا مِلّی مصلحت کے لیے ہو تو یہ چُغلی کی تعریف میں نہیں آتا۔ شریعت میں جس چُغل خوری کو حرام کیا گیا ہے، وہ فساد کی غرض سے اور لوگوں کو آپس میں لڑانے کے لیے چُغلی کھانا ہے۔

[2] مختلف روایات میں مختلف انصاری بزرگوں کے نام آئے ہیں جن کے متعلق حضرت عمرؓ نے عرض کیا تھا کہ آپؐ ان میں سے کسی شخص سے یہ خدمت لے لیں اگر مجھ سے اس لیے یہ کام لینا مناسب خیال نہیں فرماتے کہ میں مہاجر ہوں، میرے ہاتھوں اس کے مارے جانے سے فتنے بھڑک اُٹھنے کا امکان ہے۔

ہو جائیں۔ راستے میں انصار کے ایک سردار حضرت اُسَیدؓ بن حُضَیر آپ سے ملے اور عرض کیا: ”یا رسولؐ اللہ! آج آپؐ نے ایسے وقت کوچ کا حکم دیا جو سفر کے لیے موزوں نہ تھا اور آپؐ کبھی ایسے وقت میں سفر کا آغاز نہیں فرمایا کرتے تھے؟“ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: ”تم نے سُنا نہیں کہ تمھارے اُن صاحب نے کیا گوہر افشانی کی ہے؟“ انھوں نے پوچھا: ”کون صاحب؟“ فرمایا: ”عبداللہ بن اُبَیّ“۔ انھوں نے پوچھا: ”اس نے کیا کہا؟“ فرمایا: ”اس نے کہا ہے کہ مدینے پہنچ کر عزت والا ذلیل کو نکال باہر کرے گا۔“ انھوں نے عرض کیا: ”یا رسولؐ اللہ، خدا کی قسم! عزت والے تو آپؐ ہیں اور ذلیل وہ ہے، آپؐ جب چاہیں اسے نکال سکتے ہیں۔“

رفتہ رفتہ یہ بات تمام انصار میں پھیل گئی اور ان میں ابنِ اُبَیّ کے خلاف سخت غصہ پیدا ہو گیا۔ لوگوں نے ابنِ اُبَیّ سے کہا: ”جا کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے معافی مانگو۔“ مگر اس نے تڑخ کر جواب دیا: ”تم نے کہا کہ اُن پر ایمان لاؤ۔ مَیں ایمان لے آیا۔ تم نے کہا کہ اپنے مال کی زکوٰۃ دو۔ میں نے زکوٰۃ بھی دے دی۔ اب بس یہ کسر رہ گئی ہے کہ میں محمدؐ کو سجدہ کروں۔“ ان باتوں سے اس کے خلاف مومنینِ انصار کی ناراضی اور زیادہ بڑھ گئی اور ہر طرف سے اُس پر پھٹکار پڑنے لگی۔ جب یہ قافلہ مدینۂ طیّبہ میں داخل ہونے لگا تو عبداللہ بن اُبَیّ کے صاحبزادے، جن کا نام بھی عبداللہؓ ہی تھا، تلوار سُونت کر باپ کے آگے کھڑے ہو گئے اور بولے: ”آپ نے کہا تھا کہ مدینے واپس پہنچ کر عزت والا ذلیل کو نکال دے گا، اب آپ کو معلوم ہو جائے گا کہ عزت آپ کی ہے یا اللہ اور اس کے رسولؐ کی۔ خدا کی قسم! آپ مدینے میں داخل نہیں ہو سکتے جب تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ کو اجازت نہ دیں۔“ اس پر ابنِ اُبَیّ چیخ اُٹھا: ”خزرج کے لوگو! ذرا دیکھو، میرا بیٹا ہی مجھے مدینے میں داخل ہونے سے روک رہا ہے۔“ لوگوں نے یہ خبر حضور صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچائی اور آپؐ نے فرمایا: ”عبداللہ سے کہو، اپنے باپ کو گھر آنے دے۔“ عبداللہؓ نے کہا: ”اُن کا حکم ہے تو اب آپ داخل ہو سکتے ہیں۔“ اُس وقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمرؓ سے فرمایا: ”کیوں عمر! اب تمھارا کیا خیال ہے؟ جس وقت تم نے کہا تھا کہ مجھے اُس کو قتل کرنے کی اجازت دیجیے اُس وقت اگر تم اسے قتل کر دیتے تو بہت سی ناکیں اس پر پھڑکنے لگتیں۔ آج اگر میں اس کے قتل کا حکم دوں تو اسے قتل تک کیا جا سکتا ہے۔“ حضرت عمرؓ نے عرض کیا: ”خدا کی قسم! اب مجھے معلوم ہو گیا کہ اللہ کے رسول کی بات میری بات سے زیادہ مبنی بر حکمت تھی[1]۔“

---

[1] اس سے دو اہم شرعی مسئلوں پر روشنی پڑتی ہے: ایک یہ کہ جو طرزِ عمل ابنِ اُبَیّ نے اختیار کیا تھا، اگر کوئی شخص مُسلم ملّت میں رہتے ہوئے اُس طرح کا رَوِیّہ اختیار کرے تو وہ قتل کا مستحق ہے۔ دوسرے یہ کہ محض قانوناً کسی شخص کے مستحقِ قتل ہو جانے سے یہ لازم نہیں آتا کہ ضرور اسے قتل ہی کر دیا جائے۔ ایسے کسی فیصلے سے پہلے یہ دیکھنا چاہیے کہ آیا اس کا قتل کسی عظیم تر فتنے کا مُوجِب تو نہ بن جائے گا۔ حالات سے آنکھیں بند کر کے قانون کا اندھا دُھند استعمال بعض اوقات اُس مقصد کے خلاف بالکل اُلٹا

یہ تھے وہ حالات جن میں یہ سُورت، اغلب یہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مدینہ پہنچنے کے بعد نازل ہوئی۔

---

نتیجہ پیدا کر دیتا ہے جس کے لیے قانون استعمال کیا جاتا ہے۔ اگر ایک منافق اور مفسد آدمی کے پیچھے کوئی قابلِ لحاظ سیاسی طاقت موجود ہو تو اسے سزا دے کر مزید فتنوں کو سر اُٹھانے کا موقع دینے سے بہتر یہ ہے کہ حکمت اور تدبُّر کے ساتھ اُس اصل سیاسی طاقت کا اِستیصال کر دیا جائے جس کے بل پر وہ شرارت کر رہا ہو۔ یہی مَصلَحت تھی جس کی بنا پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے عبداللہ بن اُبَیّ کو اُس وقت بھی سزا نہ دی جب آپؐ اسے سزا دینے پر قادر تھے، بلکہ اُس کے ساتھ برابر نرمی کا سلوک کرتے رہے، یہاں تک کہ دو تین سال کے اندر مدینے میں منافقین کا زور ہمیشہ کے لیے ٹوٹ گیا۔

آیاتہا ۱۱ سُوْرَةُ الْمُنٰفِقُوْنَ مَدَنِيَّةٌ رکوعاتہا ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

إِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ إِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ ۘ وَ اللّٰهُ وقف لازم
يَعْلَمُ إِنَّكَ لَرَسُوْلُهٗ ؕ وَ اللّٰهُ يَشْهَدُ إِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَكٰذِبُوْنَ ۚ ① ع
اِتَّخَذُوْٓا أَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ إِنَّهُمْ

اے نبیؐ! جب یہ منافق تمھارے پاس آتے ہیں تو کہتے ہیں: ”ہم گواہی دیتے ہیں کہ آپؐ یقیناً اللہ کے رسولؐ ہیں۔“ ہاں، اللہ جانتا ہے کہ تم ضرور اُس کے رسولؐ ہو، مگر اللہ گواہی دیتا ہے کہ یہ منافق قطعی جھوٹے ہیں[1]۔ انھوں نے اپنی قسموں کو ڈھال بنا رکھا ہے[2] اور اِس طرح یہ اللہ کے راستے سے خود رُکتے اور دنیا کو روکتے ہیں[3]۔

۱- یعنی جو بات وہ زبان سے کہہ رہے ہیں، وہ ہے تو بجائے خود سچی، لیکن چونکہ اُن کا اپنا عقیدہ وہ نہیں ہے جسے وہ زبان سے ظاہر کر رہے ہیں، اس لیے اپنے اِس قول میں وہ جھوٹے ہیں کہ وہ آپؐ کے رسولؐ ہونے کی شہادت دیتے ہیں۔ اس مقام پر یہ بات اچھی طرح سمجھ لینی چاہیے کہ شہادت دو چیزوں سے مرکب ہوتی ہے: ایک وہ اصل بات جس کی شہادت دی جائے۔ دوسرے اُس بات کے متعلق شہادت دینے والے کا اپنا عقیدہ۔ اب اگر بات بجائے خود بھی سچی ہو، اور شہادت دینے والے کا عقیدہ بھی وہی ہو جس کو وہ زبان سے بیان کر رہا ہو، تو ہر لحاظ سے وہ سچا ہوگا۔ اور اگر بات اپنی جگہ جھوٹی ہو، لیکن شہادت دینے والا اُسی کے حق ہونے کا عقیدہ رکھتا ہو، تو ہم ایک لحاظ سے اُس کو سچا کہیں گے، کیونکہ وہ اپنا عقیدہ بیان کرنے میں صادق ہے، اور ایک دوسرے لحاظ سے اس کو جھوٹا کہیں گے، کیونکہ جس بات کی وہ شہادت دے رہا ہے وہ بجائے خود غلط ہے۔ اس کے برعکس اگر بات اپنی جگہ سچی ہو لیکن شہادت دینے والے کا اپنا عقیدہ اس کے خلاف ہو، تو ہم اِس لحاظ سے اس کو سچا کہیں گے کہ وہ صحیح بات کی شہادت دے رہا ہے، اور اِس لحاظ سے اس کو جھوٹا کہیں گے کہ اس کا اپنا عقیدہ وہ نہیں ہے جس کا وہ زبان سے اظہار کر رہا ہے۔ مثال کے طور پر ایک مومن اگر اسلام کو برحق کہے تو وہ ہر لحاظ سے سچا ہے۔ لیکن ایک یہودی اپنی یہودیت پر قائم رہتے ہوئے اس دین کو اگر برحق کہے تو بات اس کی سچی ہوگی مگر شہادت اُس کی جھوٹی قرار دی جائے گی، کیونکہ وہ اپنے عقیدے کے خلاف شہادت دے رہا ہے۔ اور اگر وہ اِس دین کو باطل کہے، تو ہم کہیں گے کہ بات اس کی جھوٹی ہے، مگر شہادت وہ اپنے عقیدے کے مطابق سچی دے رہا ہے۔

سَآءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝٢ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا فَطُبِعَ
عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ۝٣ وَ اِذَا رَاَيْتَهُمْ تُعْجِبُكَ
اَجْسَامُهُمْ ؕ وَ اِنْ يَّقُوْلُوْا تَسْمَعْ لِقَوْلِهِمْ ؕ كَاَنَّهُمْ خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ ؕ

کیسی بُری حرکتیں ہیں جو یہ لوگ کر رہے ہیں۔ یہ سب کچھ اس وجہ سے ہے کہ ان لوگوں نے ایمان لا کر پھر کفر کیا اس لیے ان کے دلوں پر مُہر لگا دی گئی، اب یہ کچھ نہیں سمجھتے[۴]۔
انھیں دیکھو تو اِن کے جُثّے تمھیں بڑے شاندار نظر آئیں۔ بولیں تو تم ان کی باتیں سُنتے رہ[۵] جاؤ۔ مگر اصل میں یہ گویا لکڑی کے کُندے ہیں جو دیوار کے ساتھ چُن کر رکھ دیے گئے ہوں[۶]۔

۲- یعنی اپنے مسلمان اور مومن ہونے کا یقین دلانے کے لیے جو قسمیں وہ کھاتے ہیں، اُن سے وہ ڈھال کا کام لیتے ہیں، تاکہ مسلمانوں کے غصّے سے بچے رہیں اور ان کے ساتھ مسلمان وہ برتاؤ نہ کر سکیں جو کُھلے کُھلے دشمنوں سے کیا جاتا ہے۔

اِن قسموں سے مراد وہ قسمیں بھی ہو سکتی ہیں جو وہ بالعموم اپنے ایمان کا یقین دلانے کے لیے کھایا کرتے تھے، اور وہ قسمیں بھی ہو سکتی ہیں جو اپنی کسی منافقانہ حرکت کے پکڑے جانے پر وہ کھاتے تھے، تاکہ مسلمانوں کو یہ یقین دلائیں کہ وہ حرکت انھوں نے منافقت کی بنا پر نہیں کی تھی، اور وہ قسمیں بھی ہو سکتی ہیں جو عبداللہ بن اُبَیّ نے حضرت زیدؓ بن اَرقم کی دی ہوئی خبر کو جھٹلانے کے لیے کھائی تھیں۔ اِن سب احتمالات کے ساتھ ایک احتمال یہ بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اُن کے اِس قول کو قسم قرار دیا ہو کہ ''ہم گواہی دیتے ہیں کہ آپؐ اللہ کے رسول ہیں۔'' اس آخری احتمال کی بنا پر فقہا کے درمیان یہ بحث پیدا ہوئی ہے کہ کوئی شخص ''مَیں شہادت دیتا ہوں'' کے الفاظ کہہ کر کوئی بات بیان کرے تو آیا اسے قسم یا حلف (oath) قرار دیا جائے گا یا نہیں۔ امام ابوحنیفہؒ اور ان کے اصحاب (امام زُفرؒ کے سوا) اور امام سُفیان ثوریؒ اور امام اَوزاعیؒ اسے حلف (شرعی اصطلاح میں یمین) قرار دیتے ہیں۔ امام زُفرؒ کہتے ہیں کہ یہ حلف نہیں ہے۔ امام مالک سے دو قول مروی ہیں۔ ایک یہ کہ وہ مطلقاً حلف ہے، اور دوسرا قول یہ ہے کہ اگر اس نے ''شہادت دیتا ہوں'' کے الفاظ کہتے وقت نیّت یہ کی ہو کہ ''خدا کی قسم میں شہادت دیتا ہوں''، یا ''خدا کو گواہ کر کے میں شہادت دیتا ہوں'' تو اس صورت میں یہ حلفیہ بیان ہو گا ورنہ نہیں۔ امام شافعیؒ کہتے ہیں کہ اگر کہنے والا یہ الفاظ بھی کہے کہ میں ''خدا کو گواہ کر کے شہادت دیتا ہوں'' تب بھی اس کا یہ بیان حلفیہ بیان نہ ہو گا، اِلّا یہ کہ یہ الفاظ اس نے حلف اُٹھانے کی نیّت سے کہے ہوں۔ (احکام القرآن للجصّاص، احکام القرآن لابن العربی)

۳- صَدّ کا لفظ عربی زبان میں لازم بھی ہے اور متعدی بھی۔ اس لیے صَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ کے معنیٰ یہ

بھی ہیں کہ وہ اللہ کے راستے سے خود رُکتے ہیں، اور یہ بھی کہ وہ اس راستے سے دوسروں کو روکتے ہیں۔ اسی لیے ہم نے ترجمے میں دونوں معنٰی درج کر دیے ہیں۔ پہلے معنٰی کے لحاظ سے مطلب یہ ہوگا کہ اپنی اِن قسموں کے ذریعے سے مسلمانوں کے اندر اپنی جگہ محفوظ کر لینے کے بعد وہ اپنے لیے ایمان کے تقاضے پُورے نہ کرنے اور خدا و رسُولؐ کی اطاعت سے پہلُوتہی کرنے کی آسانیاں پیدا کر لیتے ہیں۔ دوسرے معنٰی کے لحاظ سے مطلب یہ ہوگا کہ اپنی اِن جھوٹی قسموں کی آڑ میں وہ شکار کھیلتے ہیں، مسلمان بن کر مسلمانوں کی جماعت میں اندر سے رخنے ڈالتے ہیں، مسلمانوں کے اَسرار سے واقف ہو کر دشمنوں کو اُن کی خبریں پہنچاتے ہیں، اسلام سے غیر مسلموں کو بدگمان کرنے اور سادہ لوح مسلمانوں کے دلوں میں شبہات اور وسوسے ڈالنے کے لیے وہ وہ حَربے استعمال کرتے ہیں جو صرف ایک مسلمان بنا ہوا منافق ہی استعمال کر سکتا ہے، کھلا کھلا دشمنِ اسلام اُن سے کام نہیں لے سکتا۔

۴ – اس آیت میں ایمان لانے سے مراد ایمان کا اقرار کر کے مسلمانوں میں شامل ہونا ہے۔ اور کفر کرنے سے مراد دل سے ایمان نہ لانا اور اُسی کفر پر قائم رہنا ہے جس پر وہ اپنے ظاہری اقرارِ ایمان سے پہلے قائم تھے۔ کلام کا مدّعا یہ ہے کہ جب انھوں نے خوب سوچ سمجھ کر سیدھے سیدھے ایمان یا صاف صاف کفر کا طریقہ اختیار کرنے کے بجائے یہ منافقانہ رَوِش اختیار کرنے کا فیصلہ کیا تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان کے دلوں پر مُہر لگا دی گئی اور ان سے یہ توفیق سلب کر لی گئی کہ وہ ایک سچے اور بے لاگ اور شریف انسان کا سا رَوِیّہ اختیار کریں۔ اب ان کی سمجھ بُوجھ کی صلاحیت مفقود ہو چکی ہے۔ ان کی اَخلاقی حِس مر چکی ہے۔ انھیں اس راہ پر چلتے ہوئے کبھی یہ احساس تک نہیں ہوتا کہ یہ شب و روز کا جھوٹ اور یہ ہر وقت کا مکر و فریب اور یہ قول و فعل کا دائمی تضاد، کیسی ذلیل حالت ہے جس میں انھوں نے اپنے آپ کو مبتلا کر لیا ہے۔

یہ آیت من جملہ اُن آیات کے ہے جن میں اللہ کی طرف سے کسی کے دل پر مُہر لگانے کا مطلب بالکل واضح طریقے سے بیان کر دیا گیا ہے۔ ان منافقین کی یہ حالت اس وجہ سے نہیں ہوئی کہ اللہ نے ان کے دلوں پر مُہر لگا دی تھی اس لیے ایمان ان کے اندر اُتر ہی نہ سکا اور وہ مجبوراً منافق بن کر رہ گئے۔ بلکہ اس نے ان کے دلوں پر یہ مُہر اس وقت لگائی جب انھوں نے اظہارِ ایمان کرنے کے باوجود کفر پر قائم رہنے کا فیصلہ کر لیا۔ تب ان سے مخلصانہ ایمان اور اس سے پیدا ہونے والے اَخلاقی رویّے کی توفیق سلب کر لی گئی، اور اُس منافقت اور منافقانہ اَخلاق ہی کی توفیق انھیں دے دی گئی جسے انھوں نے خود اپنے لیے پسند کیا تھا۔

۵ – حضرت عبداللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ عبداللہ بن اُبَیّ بڑے ڈیل ڈَول کا، تندرست، خوش شکل اور چرب زبان آدمی تھا۔ اور یہی شان اس کے بہت سے ساتھیوں کی تھی۔ یہ سب مدینے کے رئیس لوگ تھے۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں آتے تو دیواروں سے تکیے لگا کر بیٹھتے اور بڑی لچھے دار باتیں کرتے۔ ان کے جُثّۂ بُشرے کو دیکھ کر اور ان کی باتیں سُن کر کوئی یہ گمان تک نہ کر سکتا تھا کہ بستی کے یہ معززین اپنے کردار کے لحاظ سے اتنے ذلیل ہوں گے۔

۶ – یعنی یہ جو دیواروں کے ساتھ تکیے لگا کر بیٹھتے ہیں، یہ انسان نہیں ہیں بلکہ لکڑی کے کُندے ہیں۔ اُن کو لکڑی

يَحْسَبُوْنَ كُلَّ صَيْحَةٍ عَلَيْهِمْ ؕ هُمُ الْعَدُوُّ فَاحْذَرْهُمْ ؕ قٰتَلَهُمُ
اللّٰهُ ٘ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ۝۴ وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا يَسْتَغْفِرْ لَكُمْ رَسُوْلُ
اللّٰهِ لَوَّوْا رُءُوْسَهُمْ وَ رَاَيْتَهُمْ يَصُدُّوْنَ وَ هُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ۝۵

---

ہر زور کی آواز کو یہ اپنے خلاف سمجھتے ہیں[7]۔ یہ پکّے دشمن ہیں[8]، ان سے بچ کر رہو[9]، اللہ کی مار ان پر[10]! یہ کدھر اُلٹے پھرائے جا رہے ہیں[11]۔

اور جب اِن سے کہا جاتا ہے کہ آؤ تاکہ اللہ کا رسولؐ تمھارے لیے مغفرت کی دُعا کرے، تو سر جھٹکتے ہیں اور تم دیکھتے ہو کہ وہ بڑے گھمنڈ کے ساتھ آنے سے رُکتے ہیں[12]۔

---

سے تشبیہ دے کر یہ بتایا گیا کہ یہ اَخلاق کی رُوح سے خالی ہیں جو اصل جوہرِ انسانیت ہے۔ پھر انھیں دیوار سے لگے ہوئے کُندوں سے تشبیہ دے کر یہ بھی بتا دیا گیا کہ یہ بالکل ناکارہ ہیں۔ کیونکہ لکڑی بھی اگر کوئی فائدہ دیتی ہے تو اُس وقت جب کہ وہ کسی چھت میں، یا کسی دروازے میں، یا کسی فرنیچر میں لگ کر استعمال ہو رہی ہو۔ دیوار سے لگا کر کُندے کی شکل میں جو لکڑی رکھ دی گئی ہو وہ کوئی فائدہ بھی نہیں دیتی۔

۷- اس مختصر سے فقرے میں ان کے مجرم ضمیر کی تصویر کھینچ دی گئی ہے۔ چونکہ وہ اپنے دلوں میں خوب جانتے تھے کہ وہ ایمان کے ظاہری پردے کی آڑ میں منافقت کا کیا کھیل کھیل رہے ہیں، اس لیے انھیں ہر وقت دھڑکا لگا رہتا تھا کہ کب ان کے جرائم کا راز فاش ہو، یا ان کی حرکتوں پر اہلِ ایمان کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو جائے اور ان کی خبر لے ڈالی جائے۔ بستی میں کسی طرف سے بھی کوئی زور کی آواز آتی یا کہیں کوئی شور بلند ہوتا تھا تو وہ سہم جاتے اور یہ خیال کرتے تھے کہ آ گئی ہماری شامت۔

۸- دوسرے الفاظ میں کھلے دشمنوں کی بہ نسبت یہ چھپے ہوئے دشمن زیادہ خطرناک ہیں۔

۹- یعنی ان کے ظاہر سے دھوکا نہ کھاؤ۔ ہر وقت خیال رکھو کہ یہ کسی وقت بھی دغا دے سکتے ہیں۔

۱۰- یہ بددعا نہیں ہے بلکہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان کے بارے میں اِس فیصلے کا اعلان ہے کہ وہ اس کی مار کے مستحق ہو چکے ہیں، ان پر اس کی مار پڑ کر رہے گی۔ یہ بھی ہوسکتا ہے کہ یہ الفاظ اللہ تعالیٰ نے لُغوی معنیٰ میں استعمال نہ فرمائے ہوں بلکہ عربی محاورے کے مطابق لعنت اور پھٹکار اور مذمّت کے لیے استعمال کیے ہوں، جیسے اُردو میں ہم کسی کی بُرائی بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں: ستیاناس اُس کا، کیسا خبیث آدمی ہے۔ اس لفظ ''ستیاناس'' سے مقصود اس کی خباثت کی شدّت ظاہر کرنا ہوتا ہے نہ کہ اس کے حق میں بددعا کرنا۔

سَوَآءٌ عَلَيۡهِمۡ اَسۡتَغۡفَرۡتَ لَهُمۡ اَمۡ لَمۡ تَسۡتَغۡفِرۡ لَهُمۡ ؕ لَنۡ
يَّغۡفِرَ اللّٰهُ لَهُمۡ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهۡدِى الۡقَوۡمَ الۡفٰسِقِيۡنَ ﴿۶﴾

اے نبیؐ! تم چاہے ان کے لیے مغفرت کی دُعا کرو یا نہ کرو، ان کے لیے یکساں ہے، اللہ ہرگز انھیں معاف نہ کرے گا[۱۳]، اللہ فاسق لوگوں کو ہرگز ہدایت نہیں[۱۴] دیتا۔

۱۱۔ یہ نہیں بتایا گیا کہ ان کو ایمان سے نفاق کی طرف اُلٹا پھرانے والا کون ہے۔ اس کی تصریح نہ کرنے سے خود بخود یہ مطلب نکلتا ہے کہ اُن کی اِس اَوندھی چال کا کوئی ایک محرّک نہیں ہے بلکہ بہت سے محرکات اس میں کارفرما ہیں۔ شیطان ہے۔ بُرے دوست ہیں۔ ان کے اپنے نفس کی اغراض ہیں۔ کسی کی بیوی اس کی محرّک ہے۔ کسی کے بچے اس کے محرّک ہیں۔ کسی کی برادری کے اَشرار اس کے محرّک ہیں۔ کسی کو حسد اور بُغض اور تکبّر نے اس راہ پر ہانک دیا ہے۔

۱۲۔ یعنی صرف اسی پر اکتفا نہیں کرتے کہ رسولؐ کے پاس اِستِغفار کے لیے نہ آئیں، بلکہ یہ بات سُن کر غرور اور تمکنت کے ساتھ سر کو جھٹکا دیتے ہیں اور رسولؐ کے پاس آنے اور معافی طلب کرنے کو اپنی توہین سمجھ کر اپنی جگہ جمے بیٹھے رہتے ہیں۔ یہ ان کے مومن نہ ہونے کی کھُلی علامت ہے۔

۱۳۔ یہ بات سورۂ توبہ میں (جو سورۂ منافقون کے تین سال بعد نازل ہوئی ہے) اور زیادہ تاکید کے ساتھ فرما دی گئی۔ اُس میں اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مخاطب کر کے منافقین کے متعلق فرمایا کہ ”تم چاہے ان کے لیے اِستِغفار کرو یا نہ کرو، اگر تم ستّر مرتبہ بھی ان کے لیے دُعائے مغفرت کرو گے تو اللہ ان کو ہرگز معاف نہ کرے گا۔ یہ اس لیے کہ انھوں نے اللہ اور اس کے رسولؐ سے کفر کیا ہے، اور اللہ فاسق لوگوں کو ہدایت نہیں دیا کرتا۔“ (التوبہ: ۸۰) آگے چل کر پھر فرمایا: ”اگر ان میں سے کوئی مرجائے تو اس کی نمازِ جنازہ بھی نہ پڑھنا اور نہ اُس کی قبر پر کھڑے ہونا۔ اِن لوگوں نے اللہ اور اس کے رسولؐ سے کفر کیا ہے اور یہ فاسق ہونے کی حالت میں مرے ہیں۔“ (التوبہ: ۸۴)

۱۴۔ اس آیت میں دو مضمون بیان کیے گئے ہیں۔ ایک یہ کہ دعائے مغفرت صرف ہدایت یافتہ لوگوں ہی کے حق میں مفید ہو سکتی ہے۔ جو شخص ہدایت سے پھر گیا ہو اور جس نے اطاعت کے بجائے فِسق و نافرمانی کی راہ اختیار کرلی ہو، اس کے لیے کوئی عام آدمی تو درکنار، خود اللہ کا رسول بھی مغفرت کی دُعا کرے تو اسے معاف نہیں کیا جا سکتا۔ دوسرے یہ کہ ایسے لوگوں کو ہدایت بخشنا اللہ کا طریقہ نہیں ہے جو اس کی ہدایت کے طالب نہ ہوں۔ اگر ایک بندہ خود اللہ تعالیٰ کی ہدایت سے منہ موڑ رہا ہو، بلکہ ہدایت کی طرف اسے بلایا جائے تو سر جھٹک کر غرور کے ساتھ اس دعوت کو ردّ کردے، تو اللہ کو کیا ضرورت پڑی ہے کہ اس کے پیچھے پیچھے اپنی ہدایت لیے پھرے اور خوشامد کر کے اسے راہِ راست پر لائے۔

هُمُ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ لَا تُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰى
يَنْفَضُّوْا ؕ وَ لِلّٰهِ خَزَآئِنُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ لٰكِنَّ
الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَفْقَهُوْنَ ۞ ۷ يَقُوْلُوْنَ لَئِنْ رَّجَعْنَاۤ اِلَى الْمَدِيْنَةِ
لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ ؕ وَ لِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَ لِرَسُوْلِهٖ وَ
لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَ لٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ۞ ۸ ع يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ
اٰمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ اَمْوَالُكُمْ وَ لَاۤ اَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ۚ

ع ۸/۱۴

یہ وہی لوگ ہیں جو کہتے ہیں کہ رسُولؐ کے ساتھیوں پر خرچ کرنا بند کر دو تاکہ یہ منتشر ہو جائیں۔ حالانکہ زمین اور آسمانوں کے خزانوں کا مالک اللہ ہی ہے، مگر یہ منافق سمجھتے نہیں ہیں۔ یہ کہتے ہیں کہ ہم مدینے واپس پہنچ جائیں تو جو عزّت والا ہے وہ ذلیل کو وہاں سے نکال باہر کرے گا۔[15] حالانکہ عزّت تو اللہ اور اس کے رسولؐ اور مومنین کے لیے ہے،[16] مگر یہ منافق جانتے نہیں ہیں۔ ع
اَے لوگو جو ایمان لائے ہو،[17] تمھارے مال اور تمھاری اولادیں تم کو اللہ کی یاد سے غافل نہ کر دیں۔[18]

۱۵- حضرت زیدؓ بن اَرقَم کہتے ہیں کہ جب میں نے عبداللہ بن اُبَی کا یہ قول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچایا، اور اس نے آ کر صاف انکار کر دیا اور اس پر قسم کھا گیا، تو انصار کے بڑے بوڑھوں نے اور خود میرے اپنے چچا نے مجھے بہت ملامت کی، حتّٰی کہ مجھے یہ محسوس ہوا کہ حضورؐ نے بھی مجھے جھوٹا اور عبداللہ بن اُبَی کو سچا سمجھا ہے۔ اس چیز سے مجھے ایسا غم لاحق ہوا جو عمر بھر کبھی نہیں ہوا اور میں دل گرفتہ ہو کر اپنی جگہ بیٹھ گیا۔ پھر جب یہ آیات نازل ہوئیں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے بلا کر ہنستے ہوئے میرا کان پکڑا اور فرمایا: ’’لڑکے کا کان سچّا تھا، اللہ نے اِس کی خود تصدیق فرما دی۔‘‘ (ابن جَریر۔ ترمِذی میں بھی اس سے ملتی جُلتی روایت موجود ہے)۔

۱۶- یعنی عزت اللہ کے لیے بالذات مخصوص ہے، اور رسولؐ کے لیے بربنائے رسالت، اور مومنین کے لیے بربنائے ایمان۔ رہے کُفّار و فُسّاق و منافقین، تو حقیقی عزّت میں سرے سے ان کا کوئی حصہ ہی نہیں ہے۔

۱۷- اب تمام اُن لوگوں کو جو دائرۂ اسلام میں داخل ہوں، قطعِ نظر اس سے کہ سچّے مومن ہوں یا محض زبانی اقرارِ ایمان کرنے والے، عام خطاب کر کے ایک کلمۂ نصیحت ارشاد فرمایا جا رہا ہے۔ یہ بات اس سے پہلے ہم کئی

وَ مَنۡ یَّفۡعَلۡ ذٰلِکَ فَاُولٰٓئِکَ ہُمُ الۡخٰسِرُوۡنَ ﴿۹﴾ وَ اَنۡفِقُوۡا مِنۡ مَّا
رَزَقۡنٰکُمۡ مِّنۡ قَبۡلِ اَنۡ یَّاۡتِیَ اَحَدَکُمُ الۡمَوۡتُ فَیَقُوۡلَ رَبِّ
لَوۡ لَاۤ اَخَّرۡتَنِیۡۤ اِلٰۤی اَجَلٍ قَرِیۡبٍ ۙ فَاَصَّدَّقَ وَ اَکُنۡ مِّنَ
الصّٰلِحِیۡنَ ﴿۱۰﴾ وَ لَنۡ یُّؤَخِّرَ اللّٰہُ نَفۡسًا اِذَا جَآءَ اَجَلُہَا ؕ وَ اللّٰہُ
خَبِیۡرٌۢ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۱۱﴾ ع

جو لوگ ایسا کریں وہی خسارے میں رہنے والے ہیں۔ جو رزق ہم نے تمھیں دیا ہے اس میں سے خرچ کرو قبل اس کے کہ تم میں سے کسی کی موت کا وقت آجائے اور اُس وقت وہ کہے کہ ”اے میرے رب! کیوں نہ تُو نے مجھے تھوڑی سی مُہلت اَور دے دی کہ مَیں صدقہ دیتا اور صالح لوگوں میں شامل ہو جاتا۔“ حالانکہ جب کسی کی مُہلتِ عمل پُوری ہونے کا وقت آجاتا ہے تو اللہ اُس کو ہرگز مزید مُہلت نہیں دیتا، اور جو کچھ تم کرتے ہو، اللہ اس سے باخبر ہے۔ ع

مرتبہ بیان کر چکے ہیں کہ قرآنِ مجید میں اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کے الفاظ سے کبھی تو سچّے اہلِ ایمان کو خطاب کیا جاتا ہے، اور کبھی اس کے مخاطَب منافقین ہوتے ہیں، کیونکہ وہ زبانی اقرارِ ایمان کرنے والے ہوا کرتے ہیں، اور کبھی ہر طرح کے مسلمان بالعُموم اس سے مراد ہوتے ہیں۔ کلام کا موقع و محل یہ بتا دیتا ہے کہ کہاں کون سا گروہ ان الفاظ کا مخاطب ہے۔

۱۸– مال اور اولاد کا ذکر تو خاص طور پر اس لیے کیا گیا ہے کہ انسان زیادہ تر انھی کے مفاد کی خاطر ایمان کے تقاضوں سے منہ موڑ کر منافقت، یا ضعفِ ایمان، یا فِسق و نافرمانی میں مبتلا ہوتا ہے، ورنہ درحقیقت مراد دُنیا کی ہر وہ چیز ہے جو انسان کو اپنے اندر اِتنا مشغول کر لے کہ وہ خدا کی یاد سے غافل ہو جائے۔ یہ یادِ خدا سے غفلت ہی ساری خرابیوں کی اصل جڑ ہے۔ اگر انسان کو یہ یاد رہے کہ وہ آزاد نہیں ہے بلکہ ایک خدا کا بندہ ہے، اور وہ خدا اس کے تمام اعمال سے باخبر ہے، اور اس کے سامنے جا کر ایک دن اسے اپنے اعمال کی جواب دہی کرنی ہے، تو وہ کبھی کسی گمراہی و بدعملی میں مبتلا نہ ہو، اور بشری کمزوری سے اس کا قدم اگر کسی وقت پھسل بھی جائے تو ہوش آتے ہی وہ فوراً سنبھل جائے۔

# تفہیم القرآن

## التغابن

(۶۴)

# التَّغابُن

**نام** آیت ۹ کے فقرے ذٰلِكَ يَوْمُ التَّغَابُنِ سے ماخوذ ہے۔ یعنی وہ سورت جس میں لفظ تَغابُن آیا ہے۔

**زمانۂ نُزُول** مُقاتل اور کَلْبی کہتے ہیں کہ اس کا کچھ حصّہ مکّی ہے اور کچھ مدنی۔ حضرت عبداللہ بن عباسؓ اور عطاء بن یَسارؒ کہتے ہیں کہ ابتدا سے آیت ۱۳ تک مکّی ہے اور آیت ۱۴ سے آخر سُورت تک مدنی۔ مگر مفسّرین کی اکثریت پُوری سورت کو مدنی قرار دیتی ہے۔ اگرچہ اس میں کوئی اشارہ ایسا نہیں پایا جاتا جس سے اِس کا زمانۂ نُزول متعین کیا جاسکتا ہو، لیکن مضمونِ کلام پر غور کرنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ غالبًا یہ مدینۂ طیّبہ کے ابتدائی دَور میں نازل ہوئی ہوگی۔ اسی وجہ سے اس میں کچھ رنگ مکّی سورتوں کا سا اور کچھ مدنی سورتوں کا سا پایا جاتا ہے۔

**موضوع اور مضمون** اس سُورہ کا موضوع ایمان و طاعت کی دعوت اور اَخلاقِ حَسنہ کی تعلیم ہے۔ کلام کی ترتیب یہ ہے کہ پہلی چار آیتوں کا خطاب تمام انسانوں سے ہے، پھر آیت ۵ سے ۱۰ تک اُن لوگوں سے خطاب کیا گیا ہے جو قرآن کی دعوت کو نہیں مانتے، اور اس کے بعد آیت ۱۱ سے آخر تک کی آیات کا رُوئے سُخن اُن لوگوں کی طرف ہے جو اِس دعوت کو مانتے ہیں۔

تمام انسانوں کو خطاب کر کے چند مختصر فقروں میں انھیں چار بنیادی حقیقتوں سے آگاہ کیا گیا ہے:

اوّل یہ کہ یہ کائنات، جس میں تم رہتے ہو، بے خدا نہیں ہے، بلکہ اس کا خالق اور مالک اور فرمانروا ایک ایسا قادرِ مُطلَق خدا ہے جس کے کامل اور بے عیب ہونے کی شہادت اس کائنات کی ہر چیز دے رہی ہے۔

دوسرے یہ کہ یہ کائنات بے مقصد اور بے حکمت نہیں ہے، بلکہ اِس کے خالق نے اِسے سراسر برحق پیدا کیا ہے۔ یہاں اِس غلط فہمی میں نہ رہو کہ یہ ایک فضول تماشا ہے جو عَبَث ہی شروع ہوا اور عَبَث ہی ختم ہوجائے گا۔

تیسرے یہ کہ تمھیں جس بہترین صورت کے ساتھ خدا نے پیدا کیا ہے اور پھر جس طرح کفر و ایمان کا اختیار تم پر چھوڑ دیا ہے، یہ کوئی لاحاصل اور لایعنی کام نہیں ہے کہ تم خواہ کفر اختیار کرو یا ایمان، دونوں صورتوں میں اس کا کوئی نتیجہ برآمد نہ ہو۔ دراصل خدا یہ دیکھ رہا ہے کہ تم اپنے اس اختیار کو کس طرح

استعمال کرتے ہو۔

چوتھے یہ کہ تم غیر ذمہ دار اور غیر جواب دہ نہیں ہو۔ آخر کار تمھیں اپنے خالق کی طرف پلٹ کر جانا ہے اور اُس ہستی سے تمھیں سابقہ پیش آنا ہے جو کائنات کی ہر چیز سے واقف ہے، جس سے تمھاری کوئی بات پوشیدہ نہیں، جس پر دلوں کے چھپے ہوئے خیالات تک روشن ہیں۔

کائنات اور انسان کی حقیقت کے بارے میں یہ چار بنیادی باتیں بیان کرنے کے بعد کلام کا رُخ اُن لوگوں کی طرف مڑتا ہے جنھوں نے کُفر کی راہ اختیار کی ہے، اور اُنھیں تاریخ کے اِس منظر کی طرف توجہ دلائی جاتی ہے جو پُوری انسانی تاریخ میں مسلسل نظر آتا ہے کہ قوموں پر قومیں اُٹھتی ہیں اور بالآخر تباہی سے دوچار ہوتی ہیں۔ انسان اپنی عقل سے اِس منظر کی ہزار توجیہیں کرتا رہا ہے، مگر اللہ تعالیٰ اصل حقیقت بتاتا ہے اور وہ یہ ہے کہ قوموں کی تباہی کے بنیادی اسباب صرف دو تھے:

ایک یہ کہ اُس نے جن رسولوں کو اُن کی ہدایت کے لیے بھیجا تھا، اُن کی بات ماننے سے انھوں نے انکار کیا۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اللہ نے بھی انھیں ان کے حال پر چھوڑ دیا اور وہ خود ہی اپنے فلسفے گھڑ گھڑ کر ایک گمراہی سے دوسری گمراہی میں بھٹکتی چلی گئیں۔

دوسرے یہ کہ انھوں نے آخرت کے عقیدے کو بھی رد کر دیا اور اپنے زُعم میں یہ سمجھ لیا کہ جو کچھ ہے بس یہی دنیا کی زندگی ہے، اِس کے بعد کوئی اور زندگی نہیں ہے جس میں ہمیں اپنے خدا کے سامنے اپنے اعمال کا جواب دینا ہو۔ اِس چیز نے ان کے پُورے رَوِیّہ زندگی کو بگاڑ کر رکھ دیا اور ان کے اَخلاق و کردار کی گندگی اس حد تک بڑھتی چلی گئی کہ آخر کار خدا کے عذاب ہی نے آ کر دنیا کو ان کے وجود سے پاک کیا۔

تاریخِ انسانی کے یہ دو سبق آموز حقائق بیان کر کے منکرینِ حق کو دعوت دی جاتی ہے کہ وہ ہوش میں آئیں اور اگر پچھلی قوموں کا سا انجام نہیں دیکھنا چاہتے تو اللہ اور اس کے رسولؐ اور اُس نورِ ہدایت پر ایمان لے آئیں جو اللہ نے قرآنِ مجید کی صورت میں نازل فرمایا ہے۔ اِس کے ساتھ اُن کو خبردار کیا جاتا ہے کہ آخر کار وہ دن آنے والا ہے جب تمام اوّلین و آخرین ایک جگہ جمع کیے جائیں گے اور تم میں سے ہر ایک کا غبن سب کے سامنے کُھل جائے گا۔ پھر ہمیشہ ہمیشہ کے لیے تمام انسانوں کی قسمت کا فیصلہ اِسی بنیاد پر کیا جائے گا کہ ایمان و عملِ صالح کی راہ کس نے اختیار کی تھی، اور کفر و تکذیب کی راہ پر کون چلا تھا۔ پہلا گروہ اَبدی جنّت کا حق دار ہوگا اور دوسرے گروہ کے حصے میں دائمی جہنّم آئے گی۔

اِس کے بعد ایمان کی راہ اختیار کرنے والوں کو مخاطب کر کے چند اہم ہدایات اُنھیں دی

جاتی ہیں:

ایک یہ کہ دنیا میں جو مصیبت بھی آتی ہے، اللہ کے اِذن سے آتی ہے۔ ایسے حالات میں جو شخص ایمان پر ثابت قدم رہے، اللہ اُس کے دل کو ہدایت بخشتا ہے، ورنہ گھبراہٹ یا جھنجلاہٹ میں مبتلا ہو کر جو آدمی ایمان کی راہ سے ہٹ جائے، اس کی مصیبت تو اللہ کے اذن کے بغیر دُور نہیں ہو سکتی، البتہ وہ ایک اور مصیبت، جو سب سے بڑی مصیبت ہے، مُول لے لیتا ہے، اور وہ یہ ہے کہ اس کا دل اللہ کی ہدایت سے محروم ہو جاتا ہے۔

دوسرے یہ کہ مومن کا کام صرف ایمان لے آنا ہی نہیں ہے بلکہ ایمان لانے کے بعد اسے عملاً اللہ اور اس کے رسولؐ کی اطاعت کرنی چاہیے۔ اطاعت سے اگر وہ رُوگردانی اختیار کرے گا تو اپنے نقصان کا وہ خود ذمّہ دار ہو گا۔ کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حق پہنچا کر بری الذّمہ ہو چکے ہیں۔

تیسرے یہ کہ مومن کا اعتماد اپنی طاقت یا دنیا کی کسی طاقت پر نہیں بلکہ صرف اللہ پر ہونا چاہیے۔

چوتھے یہ کہ مومن کے لیے اُس کا مال اور اُس کے اہل وعیال ایک بہت بڑی آزمایش ہیں، کیونکہ زیادہ تر انھی کی محبّت انسان کو ایمان وطاعت کی راہ سے منحرف کرتی ہے۔ اس لیے اہلِ ایمان کو اپنے اہل وعیال سے ہوشیار رہنا چاہیے کہ وہ بالواسطہ یا بلاواسطہ اُن کے حق میں راہِ خدا کے رہزن نہ بننے پائیں، اور انھیں اپنا مال خدا کی راہ میں خرچ کرنا چاہیے تاکہ اُن کا نفس زر پرستی کے فتنوں سے محفوظ رہے۔

پانچویں یہ کہ ہر انسان اپنی استطاعت کی حد تک ہی مکلّف ہے۔ اللہ تعالیٰ کا مطالبہ یہ نہیں ہے کہ آدمی اپنی استطاعت سے بڑھ کر کام کرے۔ البتہ مومن کو جس بات کی کوشش کرنی چاہیے، وہ یہ ہے کہ اپنی حد تک خدا سے ڈرتے ہوئے زندگی بسر کرنے میں وہ کوئی کسر اُٹھا نہ رکھے اور اس کی گفتار، کردار اور معاملات اس کی اپنی کوتاہی کے باعث حُدُودُ اللہ سے متجاوز نہ ہو جائیں۔

۱۸ آیاتہا

سُوْرَۃُ التَّغَابُنِ مَدَنِیَّۃٌ

۲ رکوعاتہا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ
الْحَمْدُ ۖ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ① هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ

اللہ کی تسبیح کر رہی ہے ہر وہ چیز جو آسمانوں میں ہے اور ہر وہ چیز جو زمین میں ہے۔[1] اسی کی بادشاہی ہے[2] اور اسی کے لیے تعریف ہے[3] اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔[4] وہی ہے جس نے تم کو پیدا کیا،

۱- تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد پنجم، تفسیر سورۃ الحدید، حاشیہ ۱۔ بعد کے مضمون پر غور کرنے سے یہ بات خود سمجھ میں آجاتی ہے کہ کلام کا آغاز اِس فقرے سے کیوں کیا گیا ہے۔ آگے کائنات اور انسان کی جو حقیقت بیان کی گئی ہے، وہ یہ ہے کہ اللہ ہی اس کا خالق، مالک اور فرمانروا ہے۔ اور اس نے یہ کائنات بے مقصد اور بے حکمت نہیں بنائی ہے۔ اور انسان یہاں غیر ذمہ دار بنا کر نہیں چھوڑ دیا گیا ہے کہ جو کچھ چاہے کرتا پھرے، کوئی اس سے باز پُرس کرنے والا نہ ہو۔ اور اِس کائنات کا فرمانروا کوئی شہِ بے خبر نہیں ہے کہ اس کی سلطنت میں جو کچھ ہو رہا ہو، اُس کا کوئی علم اُسے نہ ہو۔ اِس مضمون کی بہترین تمہید وہی ہو سکتی تھی جو اِس مختصر سے فقرے میں ارشاد ہوئی ہے۔ موقع و محل کے لحاظ سے اِس تمہید کا مطلب یہ ہے کہ زمین سے لے کر آسمانوں کی انتہائی وسعتوں تک جدھر بھی تم نگاہ ڈالو گے، اگر تم عقل کے اندھے نہیں ہو تو تمھیں صاف محسوس ہو گا کہ ایک ذرّے سے لے کر عظیم ترین کہکشانوں تک ہر چیز نہ صرف خدا کے وجود پر گواہ ہے بلکہ اس بات کی گواہی بھی دے رہی ہے کہ اُس کا خدا ہر عیب اور نقص اور کمزوری اور غلطی سے پاک ہے۔ اُس کی ذات و صفات، اور اس کے افعال و احکام میں کسی عیب و خطا، یا کسی کمزوری اور نقص کا ادنیٰ سے ادنیٰ درجے میں بھی کوئی احتمال ہوتا تو یہ کمال درجہ حکیمانہ نظام وجود ہی میں نہ آسکتا تھا، کجا کہ اَزَل سے اَبَد تک ایسے اٹل طریقے سے چل سکتا۔

۲- یعنی یہ پُوری کائنات تنہا اُسی کی سلطنت ہے۔ وہ صرف اِس کو بنا کر اور ایک دفعہ حرکت دے کر نہیں رہ گیا ہے، بلکہ وہی عملاً اِس پر ہر آن حکومت کر رہا ہے۔ اِس حکومت و فرمانروائی میں کسی دوسرے کا قطعاً کوئی دخل یا حصّہ نہیں ہے۔ دوسروں کو اگر عارضی طور پر اور محدُود پیمانے پر اِس کائنات میں کسی جگہ تصرُّف یا مِلکیت یا حکمرانی کے اختیارات حاصل ہیں تو وہ اُن کے ذاتی اختیارات نہیں ہیں جو اُنھیں اپنے زور پر حاصل ہوئے ہوں، بلکہ وہ اللہ تعالیٰ کے دیے ہوئے ہیں، جب تک اللہ چاہے وہ انھیں حاصل رہتے ہیں، اور جب چاہے وہ

فَمِنۡكُمۡ كَافِرٌ وَّمِنۡكُمۡ مُّؤۡمِنٌ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ بَصِيۡرٌ ۝۲

پھر تم میں سے کوئی کافر ہے اور کوئی مومن⁵، اور اللہ وہ سب کچھ دیکھ رہا ہے جو تم کرتے ہو⁶۔

انھیں سلب کرسکتا ہے۔

۳- بالفاظِ دیگر وہی اکیلا تعریف کا مستحق ہے، دوسری جس ہستی میں بھی کوئی قابلِ تعریف خوبی پائی جاتی ہے وہ اسی کی عطا کی ہوئی ہے۔ اور اگر حمد کو شکر کے معنیٰ میں لیا جائے تو شکر کا بھی اصل مستحق وہی ہے، کیونکہ ساری نعمتیں اسی کی پیدا کی ہوئی ہیں اور ساری مخلوقات کا حقیقی مُحسن اُس کے سوا کوئی نہیں ہے۔ دوسری کسی ہستی کے کسی احسان کا ہم شکر یہ ادا کرتے ہیں تو اس بنا پر کرتے ہیں کہ اللہ نے اپنی نعمت اُس کے ہاتھوں ہم تک پہنچائی، ورنہ وہ خود نہ اس نعمت کا خالق ہے، نہ اللہ کی توفیق کے بغیر وہ اس نعمت کو ہم تک پہنچا سکتا تھا۔

۴- یعنی وہ قادرِ مُطلَق ہے۔ جو کچھ کرنا چاہے کرسکتا ہے۔ کوئی طاقت اس کی قدرت کو محدُود کرنے والی نہیں ہے۔

۵- اس کے چار مفہوم ہیں اور چاروں اپنی اپنی جگہ صحیح ہیں:

ایک یہ کہ وہی تمھارا خالق ہے، پھر تم میں سے کوئی اس کے خالق ہونے کا انکار کرتا ہے اور کوئی اِس حقیقت کو مانتا ہے۔ یہ مفہوم پہلے اور دوسرے فقرے کو ملا کر پڑھنے سے متبادر ہوتا ہے۔

دوسرے یہ کہ اسی نے تم کو اس طرح پیدا کیا ہے کہ تم کفر اختیار کرنا چاہو تو کرسکتے ہو، اور ایمان لانا چاہو تو لاسکتے ہو۔ ایمان وکفر میں سے کسی کے اختیار کرنے پر بھی اس نے تمھیں مجبور نہیں کیا ہے۔ اس لیے اپنے ایمان وکفر، دونوں کے تم خود ذمّہ دار ہو۔ اس مفہوم کی تائید بعد کا یہ فقرہ کرتا ہے کہ ''اللہ وہ سب کچھ دیکھ رہا ہے جو تم کرتے ہو۔'' یعنی اس نے یہ اختیار دے کر تمھیں امتحان میں ڈالا ہے اور وہ دیکھ رہا ہے کہ تم اپنے اس اختیار کو کس طرح استعمال کرتے ہو۔

تیسرا مفہوم یہ ہے کہ اس نے تو تم کو فطرتِ سلیمہ پر پیدا کیا تھا، جس کا تقاضا یہ تھا کہ تم سب ایمان کی راہ اختیار کرتے، مگر اِس صحیح فطرت پر پیدا ہونے کے بعد تم میں سے بعض لوگوں نے کفر اختیار کیا جو اُن کی خِلقت و آفرینش کے خلاف تھا، اور بعض نے ایمان کی راہ اختیار کی جو ان کی فطرت کے مطابق تھی۔ یہ مضمون اِس آیت کو سورۂ روم کی آیت ۳۰ کے ساتھ ملا کر پڑھنے سے سمجھ میں آتا ہے، جس میں فرمایا گیا ہے کہ ''یک سُو ہو کر اپنا رُخ اِس دین پر جما دو، قائم ہو جاؤ اُس فطرت پر جس پر اللہ نے انسانوں کو پیدا کیا ہے، اللہ کی بنائی ہوئی ساخت نہ بدلی جائے، یہی بالکل راست اور دُرست دین ہے۔'' اور اِسی مضمون پر وہ متعدِّد احادیث روشنی ڈالتی ہیں جن میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بار بار یہ فرمایا ہے کہ ہر انسان صحیح فطرت پر پیدا ہوتا ہے اور بعد میں خارج سے کفروشرک اور گمراہی اُس پر عارض ہوتی ہے۔ (تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد سوم، تفسیر سورۂ روم، حواشی ۴۲ تا ۴۷) اس مقام پر یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَ صَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ ۚ
وَ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ③ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ يَعْلَمُ مَا
تُسِرُّوْنَ وَ مَا تُعْلِنُوْنَ ؕ وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ④

اس نے زمین اور آسمانوں کو برحق پیدا کیا ہے، اور تمھاری صورت بنائی اور بڑی عمدہ بنائی ہے، اور اسی کی طرف آخرکار تمھیں پلٹنا ہے[7]۔ زمین اور آسمانوں کی ہر چیز کا اسے علم ہے۔ جو کچھ تم چھُپاتے ہو اور جو کچھ تم ظاہر کرتے ہو[8] سب اس کو معلوم ہے، اور وہ دلوں کا حال تک جانتا ہے[9]۔

کُتُبِ آسمانی نے کبھی انسان کے پیدایشی گنہگار ہونے کا وہ تصوّر پیش نہیں کیا ہے جسے ڈیڑھ ہزار سال سے عیسائیت نے اپنا بنیادی عقیدہ بنا رکھا ہے۔ آج خود کیتھولک علما یہ کہنے لگے ہیں کہ بائبل میں اِس عقیدے کی کوئی بنیاد موجود نہیں ہے۔ چنانچہ بائبل کا ایک مشہور جرمن عالم ریورینڈ ہربرٹ ہاگ (Haag) اپنی تازہ کتاب Is Original Sin in Scripture میں لکھتا ہے کہ ابتدائی دَور کے عیسائیوں میں کم از کم تیسری صدی تک یہ عقیدہ سرے سے موجود ہی نہ تھا کہ انسان پیدایشی گنہگار ہے، اور جب یہ خیال لوگوں میں پھیلنے لگا تو دو صدیوں تک عیسائی اہلِ علم اس کی تردید کرتے رہے۔ مگر آخرکار پانچویں صدی میں سینٹ آگسٹائن نے اپنی مَنْطِق کے زور سے اِس بات کو مسیحیت کے بنیادی عقائد میں شامل کر دیا کہ ''نوعِ انسانی نے آدمؑ کے گناہ کا وبال وراثت میں پایا ہے اور مسیحؑ کے کفّارے کی بدولت نجات پانے کے سوا انسان کے لیے کوئی راہِ نجات نہیں ہے۔''

چوتھا مفہوم یہ ہے کہ اللہ ہی تم کو عَدَم سے وجود میں لایا۔ تم نہ تھے اور پھر ہو گئے۔ یہ ایک ایسا معاملہ تھا کہ اگر تم اس پر سیدھے اور صاف طریقے سے غور و فکر کرتے اور یہ دیکھتے کہ وجود ہی وہ اصل نعمت ہے جس کی بدولت تم دنیا کی باقی دوسری نعمتوں سے مُتَمَتِّع ہو رہے ہو، تو تم میں سے کوئی شخص بھی اپنے خالق کے مقابلے میں کفر و بغاوت کا رَوِیّہ اختیار نہ کرتا۔ لیکن تم میں سے بعض نے سوچا ہی نہیں، یا غلط طریقے سے سوچا اور کفر کی راہ اختیار کر لی، اور بعض نے ایمان کا وہی راستہ اختیار کیا جو فکرِ صحیح کا تقاضا تھا۔

٦ - اس فقرے میں ''دیکھنے'' کا مطلب محض دیکھنا ہی نہیں ہے، بلکہ اس سے خود بخود یہ مفہوم نکلتا ہے کہ جیسے تمھارے اعمال ہیں، ان کے مطابق تم کو جزا یا سزا دی جائے گی۔ یہ بالکل ایسا ہی ہے جیسے کوئی حاکم اگر کسی شخص کو اپنی ملازمت میں لے کر یہ کہے کہ ''میں دیکھتا ہوں تم کس طرح کام کرتے ہو'' تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ ٹھیک طرح کام کرو گے تو تمھیں انعام اور ترقی سے نوازوں گا، ورنہ تم سے سخت مواخذہ کروں گا۔

٧ - اس آیت میں تین باتیں علی الترتیب بیان کی گئی ہیں جن کے درمیان ایک بہت گہرا منطقی ربط ہے۔

پہلی بات یہ فرمائی گئی کہ اللہ نے یہ کائنات برحق پیدا کی ہے۔ ’’برحق‘‘ کا لفظ جب خبر کے لیے بولا جاتا ہے تو مُراد ہوتی ہے سچّی خبر۔ حکم کے لیے بولا جاتا ہے تو مطلب ہوتا ہے مبنی برعدل و انصاف حکم۔ قول کے لیے بولا جاتا ہے تو مقصود ہوتا ہے راست اور دُرست قول۔ اور جب کسی فعل کے لیے یہ لفظ استعمال ہوتا ہے تو مراد ایسا فعل ہوتا ہے جو حکیمانہ اور معقول ہو، نہ کہ لایعنی اور فضول۔ اب یہ ظاہر ہے کہ خَلق ایک فعل ہے، اس لیے تخلیقِ کائنات کو برحق کہنے کا مطلب لامحالہ یہ ہے کہ یہ کائنات کچھ کھیل کے طور پر نہیں بنادی گئی ہے، بلکہ یہ ایک خالقِ حکیم کا نہایت سنجیدہ کام ہے۔ اِس کی ہر چیز اپنے پیچھے ایک معقول مقصد رکھتی ہے، اور یہ مقصدیّت اِس میں اتنی نمایاں ہے کہ اگر کوئی صاحبِ عقل انسان کسی چیز کی نوعیت کو اچھی طرح سمجھ لے تو یہ جان لینا اس کے لیے مشکل نہیں ہوتا کہ ایسی ایک چیز کے پیدا کرنے کا معقول اور مبنی برحکمت مقصد کیا ہو سکتا ہے۔ دنیا میں انسان کی ساری سائنٹفک ترقی اس بات کی شہادت دے رہی ہے کہ جس چیز کی نوعیت کو بھی انسان نے غور و فکر اور تحقیق و تجسُّس سے سمجھ لیا، اس کے بارے میں یہ بات بھی اسے آخرکار معلوم ہو گئی کہ وہ کس مقصد کے لیے بنائی گئی ہے، اور اُس مقصد کو سمجھ کر ہی انسان نے وہ بے شمار چیزیں ایجاد کر لیں جو آج انسانی تمدُّن میں استعمال ہو رہی ہیں۔ یہ بات ہرگز ممکن نہ ہوتی اگر یہ کائنات کسی کھلنڈرے کا کھلونا ہوتی جس میں کوئی حکمت اور مقصدیت کارفرما نہ ہوتی۔ (مزید تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد اوّل، سورۂ اَنعام، حاشیہ ۴۶۔ جلد دوم، یونُس، حاشیہ ۱۱۔ ابراہیم، حاشیہ ۲۶۔ النحل، حاشیہ ۶۔ جلد سوم، الانبیاء، حاشیہ ۱۵-۱۶۔ المومنون، حاشیہ ۱۰۲۔ العنکبوت، حاشیہ ۷۵۔ الروم، حاشیہ ۶۔ جلد چہارم، الدُّخان، حاشیہ ۳۴۔ الجاثیہ، حاشیہ ۲۸)

دوسری بات یہ فرمائی گئی کہ اِس کائنات میں اللہ تعالیٰ نے انسان کو بہترین صورت پر پیدا کیا ہے۔ صورت سے مراد محض انسان کا چہرہ نہیں ہے، بلکہ اس سے مُراد اُس کی پوری جسمانی ساخت ہے، اور وہ قوتیں اور صلاحیتیں بھی اس کے مفہوم میں شامل ہیں جو اِس دنیا میں کام کرنے کے لیے آدمی کو عطا کی گئی ہیں۔ ان دونوں حیثیتوں سے انسان کو زمین کی مخلوقات میں سب سے بہتر بنایا گیا ہے، اور اسی بنا پر وہ اس قابل ہوا ہے کہ اُن تمام موجودات پر حکمرانی کرے جو زمین اور اس کے گرد و پیش میں پائی جاتی ہیں۔ اُس کو کھڑا قد دیا گیا ہے۔ اس کو چلنے کے لیے مناسب ترین پاؤں دیے گئے ہیں۔ اس کو کام کرنے کے لیے موزوں ترین ہاتھ دیے گئے ہیں۔ اس کو ایسے حواس اور ایسے آلاتِ علم دیے گئے ہیں جن کے ذریعے سے وہ ہر طرح کی معلومات حاصل کرتا ہے۔ اس کو سوچنے اور سمجھنے اور معلومات کو جمع کر کے اُن سے نتائج اخذ کرنے کے لیے ایک اعلیٰ درجے کا ذہن دیا گیا ہے۔ اس کو ایک اَخلاقی حِس اور قوتِ تمیز دی گئی ہے، جس کی بنا پر وہ بھلائی اور بُرائی اور صحیح اور غلط میں فرق کرتا ہے۔ اُس کو ایک قوتِ فیصلہ دی گئی ہے جس سے کام لے کر وہ اپنی راہِ عمل کا خود انتخاب کرتا ہے اور یہ طے کرتا ہے کہ اپنی کوششوں کو کس راستے پر لگائے اور کس پر نہ لگائے۔ اس کو یہاں تک آزادی دے دی گئی ہے کہ چاہے تو اپنے خالق کو مانے اور اس کی بندگی کرے ورنہ اس کا انکار کر دے، یا جن جن کو چاہے اپنا خدا بنا بیٹھے، یا جسے خدا مانتا ہو اس کے خلاف بھی بغاوت کرنا چاہے تو

کر گزرے۔ اِن ساری قوتوں اور اِن سارے اختیارات کے ساتھ اُسے خدا نے اپنی پیدا کردہ بے شمار مخلوقات پر تصرّف کرنے کا اقتدار دیا ہے اور وہ عملاً اِس اقتدار کو استعمال کر رہا ہے۔ (مزید تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد چہارم، المومن، حاشیہ ۹۱)

ان دو باتوں سے، جو اُوپر بیان کی گئی ہیں، بالکل ایک منطقی نتیجے کے طور پر وہ تیسری بات خود بخود نکلتی ہے جو آیت کے تیسرے فقرے میں ارشاد ہوئی ہے کہ ''اُسی کی طرف آخرکار تمھیں پلٹنا ہے''۔ ظاہر بات ہے کہ جب ایسے ایک حکیمانہ اور بامقصد نظامِ کائنات میں ایسی ایک بااختیار مخلوق پیدا کی گئی ہے تو حکمت کا تقاضا ہرگز یہ نہیں ہے کہ اسے یہاں شُتُرِ بے مُہار کی طرح غیر ذمہ دار بنا کر چھوڑ دیا جائے، بلکہ لازماً اس کا تقاضا یہ ہے کہ یہ مخلوق اُس ہستی کے سامنے جواب دہ ہو جس نے اُسے اِن اختیارات کے ساتھ اپنی کائنات میں یہ مقام و مرتبہ عطا کیا ہے۔ ''پلٹنے'' سے مُراد اِس آیت میں محض پلٹنا نہیں ہے بلکہ جواب دِہی کے لیے پلٹنا ہے، اور بعد کی آیات میں صراحت کر دی گئی ہے کہ یہ واپسی اِس زندگی میں نہیں بلکہ مرنے کے بعد دوسری زندگی میں ہوگی، اور اِس کا اصل وقت وہ ہوگا جب پُوری نوعِ انسانی کو ازسرِنَو زندہ کر کے بیک وقت محاسبے کے لیے اکٹھا کیا جائے گا، اور اُس محاسبے کے نتیجے میں جزا و سزا اِس بنیاد پر ہوگی کہ آدمی نے خدا کے دیے ہوئے اختیارات کو صحیح طریقے سے استعمال کیا یا غلط طریقے سے۔ رہا یہ سوال کہ یہ جواب دِہی دنیا کی موجودہ زندگی میں کیوں نہیں ہو سکتی؟ اور اس کا صحیح وقت مرنے کے بعد دوسری زندگی ہی کیوں ہے؟ اور یہ کیوں ضروری ہے کہ یہ جواب دِہی اُس وقت ہو جب پُوری نوعِ انسانی اِس دنیا میں ختم ہو جائے اور تمام اوّلین و آخرین کو بیک وقت دوبارہ زندہ کر کے اکٹھا کیا جائے؟ آدمی ذرا بھی عقل سے کام لے تو وہ سمجھ سکتا ہے کہ یہ سب کچھ بھی سراسر معقول ہے اور حکمت و دانش کا تقاضا یہی ہے کہ محاسبہ دوسری زندگی ہی میں ہو اور سب انسانوں کا ایک ساتھ ہو۔ اِس کی پہلی وجہ یہ ہے کہ انسان اپنے پُورے کارنامۂ حیات کے لیے جواب دہ ہے۔ اس لیے اس کی جواب دہی کا صحیح وقت لازماً وہی ہونا چاہیے جب اس کا کارنامۂ حیات مکمل ہو چکا ہو۔ اور دوسری وجہ اِس کی یہ ہے کہ انسان اُن تمام اثرات و نتائج کے لیے ذمہ دار ہے جو اس کے افعال سے دوسروں کی زندگی پر مترتّب ہوئے ہوں، اور وہ اثرات و نتائج اُس کے مرنے کے ساتھ ختم نہیں ہو جاتے بلکہ اس کے بعد مدت ہائے دراز تک چلتے رہتے ہیں۔ لہٰذا صحیح محاسبہ اُسی وقت ہو سکتا ہے جب پُوری نوعِ انسانی کا کارنامۂ حیات ختم ہو جائے اور تمام اوّلین و آخرین بیک وقت جواب دِہی کے لیے جمع کیے جائیں۔ (مزید تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد دوم، الاعراف، حاشیہ ۳۰۔ یونُس، حواشی ۱۰-۱۱۔ ہود، حاشیہ ۱۰۵۔ النحل، حاشیہ ۳۵۔ جلد سوم، الحج، حاشیہ ۹۔ النمل، حاشیہ ۲۷۔ الروم، حواشی ۵-۶۔ جلد چہارم، صٓ، حواشی ۲۹-۳۰۔ المومن، حاشیہ ۸۰۔ الجاثیہ، حواشی ۲۷ تا ۲۹)

۸ – دوسرا ترجمہ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ''جو کچھ تم چھُپ کر کرتے ہو اور جو کچھ تم علانیَہ کرتے ہو''۔

۹ – یعنی وہ انسان کے صرف اُن اعمال ہی سے واقف نہیں ہے جو لوگوں کے علم میں آجاتے ہیں بلکہ ان اعمال کو بھی جانتا ہے جو سب سے مخفی رہ جاتے ہیں۔ مزید برآں وہ محض اعمال کی ظاہری شکل ہی کو نہیں دیکھتا بلکہ یہ بھی جانتا

اَلَمۡ يَاۡتِكُمۡ نَبَؤُا الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا مِنۡ قَبۡلُ ۫ فَذَاقُوۡا وَبَالَ اَمۡرِهِمۡ وَ
لَهُمۡ عَذَابٌ اَلِيۡمٌ ۝۵ ذٰلِكَ بِاَنَّهٗ كَانَتۡ تَّاۡتِيۡهِمۡ رُسُلُهُمۡ بِالۡبَيِّنٰتِ فَقَالُوۡۤا

کیا تمھیں اُن لوگوں کی کوئی خبر نہیں پہنچی جنھوں نے اِس سے پہلے کُفر کیا اور پھر اپنی شامت ِ اعمال کا مزا چکھ لیا؟ اور آگے اُن کے لیے ایک دردناک عذاب ہے[۱۰]۔ اِس انجام کے مستحق وہ اس لیے ہوئے کہ اُن کے پاس اُن کے رسول کُھلی کُھلی دلیلیں اور نشانیاں لے کر آتے رہے[۱۱]، مگر اُنھوں نے کہا:

ہے کہ انسان کے ہر عمل کے پیچھے کیا ارادہ اور کیا مقصد کارفرما تھا، اور جو کچھ اس نے کیا کس نیت سے کیا اور کیا سمجھتے ہوئے کیا۔ یہ ایک ایسی حقیقت ہے جس پر انسان غور کرے تو اسے اندازہ ہوسکتا ہے کہ انصاف صرف آخرت ہی میں ہوسکتا ہے اور صرف خدا ہی کی عدالت میں صحیح انصاف ہونا ممکن ہے۔ انسان کی عقل خود یہ تقاضا کرتی ہے کہ آدمی کو اُس کے ہر جُرم کی سزا ملنی چاہیے، لیکن آخر یہ بات کون نہیں جانتا کہ دنیا میں اکثر و بیشتر جرائم یا تو چُھپے رہ جاتے ہیں، یا اُن کے لیے کافی شہادت بہم نہ پہنچنے کی وجہ سے مجرم چُھوٹ جاتا ہے، یا جُرم کُھل بھی جاتا ہے تو مجرم اتنا با اثر اور طاقتور ہوتا ہے کہ اسے سزا نہیں دی جاسکتی۔ پھر انسان کی عقل یہ بھی چاہتی ہے کہ آدمی کو محض اِس بنا پر سزا نہیں ملنی چاہیے کہ اس کے فعل کی صورت ایک مجرمانہ فعل کی سی ہے، بلکہ یہ تحقیق ہونا چاہیے کہ جو فعل اس نے کیا ہے بالارادہ سوچ سمجھ کر کیا ہے، اس کے ارتکاب کے وقت وہ ایک ذمہ دار عامل کی حیثیت سے کام کر رہا تھا، اس کی نیت فی الواقع ارتکابِ جُرم ہی کی تھی، اور وہ جانتا تھا کہ جو کچھ وہ کر رہا ہے وہ جُرم ہے۔ اسی لیے دنیا کی عدالتیں مُقدّمات کا فیصلہ کرنے میں اِن اُمور کی تحقیق کرتی ہیں اور اِن کی تحقیق کو اُصولِ انصاف کا تقاضا مانا جاتا ہے۔ مگر کیا واقعی دنیا میں کوئی ذریعہ ایسا پایا جاتا ہے جس سے اِن کی ٹھیک ٹھیک تحقیق ہوسکے جو ہر شبہے سے بالاتر ہو؟ اِس لحاظ سے دیکھا جائے تو یہ آیت بھی اللہ تعالیٰ کے اِس ارشاد سے گہرا منطقی ربط رکھتی ہے کہ ”اُس نے زمین اور آسمانوں کو برحق پیدا کیا ہے۔“ برحق پیدا کرنے کا لازمی تقاضا یہ ہے کہ اس کائنات میں صحیح اور کامل عدل ہو۔ یہ عدل لازماً اُسی صورت میں قائم ہوسکتا ہے جب کہ عدل کرنے والے کی نگاہ سے انسان جیسی ذمہ دار مخلوق کا نہ صرف یہ کہ کوئی فعل چُھپا نہ رہ جائے بلکہ وہ نیت بھی اس سے مخفی نہ رہے جس کے ساتھ کسی شخص نے کوئی فعل کیا ہو۔ اور ظاہر ہے کہ خالقِ کائنات کے سوا کوئی دوسری ہستی ایسی نہیں ہوسکتی جو اس طرح کا عدل کرسکے۔ اب اگر کوئی شخص اللہ اور آخرت کا انکار کرتا ہے تو وہ گویا یہ دعویٰ کرتا ہے کہ ہم ایک ایسی کائنات میں رہتے ہیں جو فی الحقیقت انصاف سے خالی ہے، بلکہ جس میں سرے سے انصاف کا کوئی امکان ہی نہیں ہے۔ اس احمقانہ تخیّل پر جس شخص کی عقل اور جس کا قلب وضمیر مطمئن ہو وہ بڑا ہی بے شرم ہے اگر وہ اپنے آپ کو ترقی پسند یا عقلیت پسند سمجھتا ہو اور اُن لوگوں کو تاریک خیال یا

اَبَشَرٌ يَّهْدُوْنَنَا ۡ فَكَفَرُوْا وَتَوَلَّوْا وَّاسْتَغْنَى اللّٰهُ ۭ وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۝۶

"کیا انسان ہمیں ہدایت دیں گے؟"[۱۲] اس طرح انھوں نے ماننے سے انکار کر دیا اور منہ پھیر لیا، تب اللہ بھی ان سے بے پروا ہو گیا، اور اللہ تو ہے ہی بے نیاز اور اپنی ذات میں آپ محمود۔[۱۳]

رَجعت پسند سمجھے جو کائنات کے اِس انتہائی معقول (rational) تصوّر کو قبول کرتے ہیں جسے قرآن پیش کر رہا ہے۔

۱۰ - یعنی دنیا میں انھوں نے شامتِ اعمال کا جو مزا چکھا وہ ان کے جرائم کی نہ اصل سزا تھی نہ پُوری سزا۔ اصلی اور پُوری سزا تو ابھی آخرت میں اُن کو بھگتنی ہے۔ لیکن دُنیا میں جو عذاب ان پر آیا، اس سے لوگ یہ سبق لے سکتے ہیں کہ جن قوموں نے بھی اپنے رب کے مقابلے میں کُفر کا رَویّہ اختیار کیا، وہ کس طرح بگڑتی چلی گئیں اور آخر کس انجام سے دوچار ہوئیں۔ (مزید تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد دوم، الاعراف حاشیہ ۵-۶۔ ہُود، حاشیہ ۱۰۵)

۱۱ - اصل میں لفظ "بَیِّنات" استعمال ہوا ہے جس کا مفہوم بہت وسیع ہے۔ بَیِّن عربی زبان میں ایسی چیز کو کہتے ہیں جو بالکل ظاہر اور واضح ہو۔ انبیا علیہم السّلام کے متعلق یہ فرمانا کہ وہ بَیِّنات لے کر آتے رہے، یہ معنیٰ رکھتا ہے کہ ایک تو وہ ایسی صریح علامات اور نشانیاں لے کر آتے تھے جو ان کے مامور من اللہ ہونے کی کھلی کھلی شہادت دیتی تھیں۔ دوسرے، وہ جو بات بھی پیش کرتے تھے، نہایت معقول اور روشن دلیلوں کے ساتھ پیش کرتے تھے۔ تیسرے، ان کی تعلیم میں کوئی ابہام نہ تھا، بلکہ وہ صاف صاف بتاتے تھے کہ حق کیا ہے اور باطل کیا، جائز کیا ہے اور ناجائز کیا، کس راہ پر انسان کو چلنا چاہیے اور کس راہ پر نہ چلنا چاہیے۔

۱۲ - یہ تھی ان کی تباہی کی اوّلین اور بنیادی وجہ۔ نوعِ انسانی کو دنیا میں صحیح راہِ عمل اِس کے بغیر معلوم نہیں ہو سکتی تھی کہ اُس کا خالق اُسے صحیح علم دے، اور خالق کی طرف سے علم دیے جانے کی عملی صورت اِس کے سوا کچھ نہ ہو سکتی تھی کہ وہ انسانوں ہی میں سے بعض افراد کو علم عطا کر کے دوسروں تک اسے پہنچانے کی خدمت سپُرد کرے۔ اِس غرض کے لیے اُس نے انبیاؑ کو بَیِّنات کے ساتھ بھیجا، تاکہ لوگوں کے لیے اُن کے برحق ہونے میں شک کرنے کی کوئی معقول وجہ نہ رہے۔ مگر انھوں نے سرے سے یہی بات ماننے سے انکار کر دیا کہ بَشَر خدا کا رسول ہو سکتا ہے۔ اس کے بعد ان کے لیے ہدایت پانے کی کوئی صورت باقی نہ رہی۔ (مزید تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد چہارم، سورۂ یٰسین، حاشیہ ۱۱) اس معاملے میں گمراہ انسانوں کی جہالت و نادانی کا یہ عجیب کرشمہ ہمارے سامنے آتا ہے کہ بشر کی رہنمائی قبول کرنے میں تو انھوں نے کبھی تامّل نہیں کیا ہے، حتّٰی کہ انھی کی رہنمائی میں لکڑی اور پتھر کے بتوں تک کو معبود بنایا، خود انسانوں کو خدا اور خدا کا اَوتار اور خدا کا بیٹا تک مان لیا، اور گمراہ کُن لیڈروں کی اندھی پیروی میں ایسے

زَعَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ لَّنْ يُّبْعَثُوْا ۭ قُلْ بَلٰى وَ رَبِّيْ لَتُبْعَثُنَّ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا عَمِلْتُمْ ۭ وَذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ⑦

مُنکرین نے بڑے دعوے سے کہا ہے کہ وہ مرنے کے بعد ہرگز دوبارہ نہ اُٹھائے جائیں گے۔[۱۴] ان سے کہو: ”نہیں، میرے رب کی قسم! تم ضرور اُٹھائے جاؤ گے،[۱۵] پھر ضرور تمھیں بتایا جائے گا کہ تم نے (دنیا میں) کیا کچھ کیا ہے،[۱۶] اور ایسا کرنا اللہ کے لیے بہت آسان ہے۔[۱۷]“

ایسے عجیب مسلک اختیار کر لیے جنھوں نے انسانی تہذیب وتمدن اور اخلاق کو تلپٹ کر کے رکھ دیا۔ مگر جب خدا کے رسول اُن کے پاس حق لے کر آئے اور انھوں نے ہر ذاتی غرض سے بالاتر ہو کر بے لاگ سچائی ان کے سامنے پیش کی تو انھوں نے کہا: ”کیا اب بشر ہمیں ہدایت دیں گے؟“ اس کے معنی یہ تھے کہ بشر اگر گمراہ کرے تو سر آنکھوں پر، لیکن اگر وہ راہِ راست دکھاتا ہے تو اس کی رہنمائی قابلِ قبول نہیں ہے۔

۱۳ – یعنی جب انھوں نے اللہ کی بھیجی ہوئی ہدایت سے اِستغنا برتا تو پھر اللہ کو بھی اس کی کچھ پروا نہ رہی کہ وہ کس گڑھے میں جا کر گرتے ہیں۔ اللہ کی کوئی غرض تو اُن سے اٹکی ہوئی نہ تھی کہ وہ اسے خدا مانیں گے تو وہ خدا رہے گا ورنہ خدائی کا تخت اُس سے چھن جائے گا۔ وہ نہ اُن کی عبادت کا محتاج تھا، نہ ان کی حمد وثنا کا۔ وہ تو ان کی اپنی بھلائی کے لیے انھیں راہِ راست دکھانا چاہتا تھا۔ مگر جب وہ اُس سے منہ پھیر گئے تو اللہ بھی اُن سے بے پروا ہو گیا۔ پھر نہ ان کو ہدایت دی، نہ ان کی حفاظت اپنے ذمے لی، نہ ان کو مہالک میں پڑنے سے بچایا، اور نہ انھیں اپنے اُوپر تباہی لانے سے روکا، کیونکہ وہ خود اس کی ہدایت اور ولایت کے طالب نہ تھے۔

۱۴ – یعنی ہر زمانے میں منکرینِ حق دوسری جس بنیادی گمراہی میں مبتلا رہے ہیں، اور جو بالآخر ان کی تباہی کی موجب ہوئی، وہ یہ تھی۔ اگرچہ کسی منکرِ آخرت کے پاس نہ پہلے یہ جاننے کا کوئی ذریعہ تھا، نہ آج ہے، نہ کبھی ہو سکتا ہے کہ مرنے کے بعد کوئی دوسری زندگی نہیں ہے۔ لیکن اِن نادانوں نے ہمیشہ بڑے زور کے ساتھ یہی دعویٰ کیا ہے، حالانکہ قطعیت کے ساتھ آخرت کا انکار کر دینے کے لیے نہ کوئی عقلی بنیاد موجود ہے نہ علمی بنیاد۔

۱۵ – یہ تیسرا مقام ہے جہاں اللہ تعالیٰ نے اپنے نبیؐ سے فرمایا ہے کہ اپنے رب کی قسم کھا کر لوگوں سے کہو کہ ضرور ایسا ہو کر رہے گا۔ پہلے سورۂ یونس میں فرمایا: وَيَسْتَنْۢبِـُٔوْنَكَ اَحَقٌّ هُوَ ۭ قُلْ اِيْ وَرَبِّيْٓ اِنَّهٗ لَحَقٌّ ڒ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ”وہ پوچھتے ہیں: کیا واقعی یہ حق ہے؟ کہو: میرے رب کی قسم! یہ یقیناً حق ہے اور تم اتنا بل بُوتا نہیں رکھتے کہ اسے ظہور میں آنے سے روک دو“ (آیت ۵۳) پھر سورۂ سبا میں فرمایا: وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَاْتِيْنَا السَّاعَةُ ۭ قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتَاْتِيَنَّكُمْ ”منکرین کہتے ہیں: کیا بات ہے کہ قیامت ہم پر نہیں آ رہی ہے! کہو: قسم ہے

میرے رب کی! وہ تم پر آ کر رہے گی۔" (آیت ۳)

یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ ایک منکرِ آخرت کے لیے آخر اس سے کیا فرق پڑتا ہے کہ آپ اسے آخرت کے آنے کی خبر قسم کھا کر دیں یا قسم کھائے بغیر دیں؟ وہ جب اِس چیز کو نہیں مانتا تو محض اس بنا پر کیسے مان لے گا کہ آپ قسم کھا کر اس سے یہ بات کہہ رہے ہیں؟ اس کا جواب یہ ہے کہ اوّل تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مُخاطَب وہ لوگ تھے جو اپنے ذاتی علم اور تجربے کی بنا پر یہ بات خوب جانتے تھے کہ یہ شخص کبھی عمر بھر جھوٹ نہیں بولا ہے، اس لیے چاہے زبان سے وہ آپؐ کے خلاف کیسے ہی بُہتان گھڑتے رہے ہوں، اپنے دلوں میں وہ یہ تصوّر تک نہ کر سکتے تھے کہ ایسا سچّا انسان کبھی خدا کی قسم کھا کر وہ بات کہہ سکتا ہے جس کے برحق ہونے کا اسے کامل یقین نہ ہو۔ دوسرے یہ کہ آپؐ محض آخرت کا عقیدہ ہی بیان نہیں کرتے تھے، بلکہ اس کے لیے نہایت معقول دلائل بھی پیش فرماتے تھے۔ مگر جو چیز نبی اور غیرِ نبی کے درمیان فرق کرتی ہے، وہ یہ ہے کہ ایک غیرِ نبی آخرت کے حق میں جو مضبوط سے مضبوط دلائل دے سکتا ہے، ان کا زیادہ سے زیادہ فائدہ بس یہی ہو سکتا ہے کہ آخرت کے نہ ہونے کی بہ نسبت اس کا ہونا معقول تر اور اَغلب تسلیم کر لیا جائے۔ اس کے برعکس نبی کا مقام ایک فلسفی کے مقام سے بالاتر ہے۔ اس کی اصل حیثیت یہ نہیں ہے کہ عقلی اِستدلال سے وہ اِس نتیجے پر پہنچا ہو کہ آخرت ہونی چاہیے۔ بلکہ اس کی اصل حیثیت یہ ہے کہ وہ اس بات کا علم رکھتا ہے کہ آخرت ہوگی اور یقین کے ساتھ کہتا ہے کہ وہ ضرور ہو کر رہے گی۔ اس لیے ایک نبی ہی قسم کھا کر یہ بات کہہ سکتا ہے، ایک فلسفی اِس پر قسم نہیں کھا سکتا۔ اور آخرت پر ایمان ایک نبی کے بیان ہی سے پیدا ہو سکتا ہے، فلسفی کا استدلال اپنے اندر یہ قوت نہیں رکھتا کہ دوسرا شخص تو درکنار، فلسفی خود بھی اپنی دلیل کی بنا پر اسے اپنا ایمانی عقیدہ بنا سکے۔ فلسفی اگر واقعی صحیح الفکر فلسفی ہو تو وہ "ہونا چاہیے" سے آگے نہیں بڑھ سکتا۔ "ہے اور یقیناً ہے" کہنا صرف ایک نبی کا کام ہے۔

۱۶- یہ وہ مقصد ہے جس کے لیے بنی آدم کو مرنے کے بعد دوبارہ اُٹھایا جائے گا، اور اِسی میں اِس سوال کا جواب بھی ہے کہ ایسا کرنے کی آخر ضرورت کیا ہے۔ اگر وہ بحث آدمی کی نگاہ میں ہو جو سورت کے آغاز سے آیت ۴ تک کی گئی ہے، تو یہ بات بآسانی سمجھ میں آ جاتی ہے کہ اِس برحق کائنات میں جس مخلوق کو کفر و ایمان میں سے کسی ایک راہ کے اختیار کرنے کی آزادی دی گئی ہو، اور جسے اِس کائنات میں بہت سی چیزوں پر تصرُّف کا اِقتدار بھی عطا کیا گیا ہو، اور جس نے کُفر یا ایمان کی راہ اختیار کر کے عمر بھر اپنے اِس اقتدار کو صحیح یا غلط طریقے سے استعمال کر کے بہت سی بھلائیاں یا بہت سی بُرائیاں خود اپنی ذمہ داری پر کی ہوں، اس کے بارے میں یہ تصوّر کرنا انتہائی غیر معقول ہے کہ یہ سب کچھ جب وہ کر چکے تو آخر کار بھلے کی بھلائی اور بُرے کی بُرائی، دونوں بے نتیجہ رہیں اور سرے سے کوئی وقت ایسا آئے ہی نہیں جب اِس مخلوق کے اعمال کی جانچ پڑتال ہو۔ جو شخص ایسی غیر معقول بات کہتا ہے، وہ لامحالہ دو حماقتوں میں سے ایک حماقت کا ارتکاب کرتا ہے: یا تو وہ یہ سمجھتا ہے کہ یہ کائنات ہے تو مبنی بر حکمت، مگر یہاں انسان جیسی بااختیار مخلوق کو غیر ذمہ دار بنا کر چھوڑ دیا گیا ہے۔ یا پھر وہ یہ سمجھتا ہے کہ

فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ وَ النُّوْرِ الَّذِیْۤ اَنْزَلْنَا ؕ وَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ
خَبِیْرٌ ۸ یَوْمَ یَجْمَعُكُمْ لِیَوْمِ الْجَمْعِ ذٰلِكَ یَوْمُ التَّغَابُنِ ؕ

پس ایمان لاؤ اللہ پر، اور اُس کے رسولؐ پر، اور اُس روشنی پر جو ہم نے نازل کی ہے۔[18] جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس سے باخبر ہے۔ (اِس کا پتا تمھیں اس روز چل جائے گا) جب اجتماع کے دن وہ تم سب کو اکٹھا کرے گا۔[19] وہ دن ہوگا ایک دُوسرے کے مقابلے میں لوگوں کی ہار جیت کا۔[20]

---

یہ ایک اَلل ٹَپ بنی ہوئی کائنات ہے جسے بنانے میں سرے سے کسی حکیم کی حکمت کارفرما نہیں ہے۔ پہلی صورت میں وہ ایک متناقض بات کہتا ہے، کیونکہ مبنی بر حکمت کائنات میں ایک بااختیار مخلوق کا غیر ذمہ دار ہونا صریحاً خلافِ عدل و حکمت ہے۔ اور دوسری صورت میں وہ اِس بات کی کوئی معقول توجیہ نہیں کرسکتا کہ ایک اَلل ٹَپ بنی ہوئی بے حکمت کائنات میں انسان جیسی ذی عقل مخلوق کا وجود میں آنا آخر ممکن کیسے ہوا اور اس کے ذہن میں عدل و انصاف کا تصوّر کہاں سے آ گیا؟ بے عقلی سے عقل کی پیدائش اور بے عدلی سے عدل کا تصوّر برآمد ہو جانا ایک ایسی بات ہے جس کا قائل یا تو ایک ہٹ دھرم آدمی ہو سکتا ہے، یا پھر وہ جو بہت زیادہ فلسفہ بگھارتے بگھارتے دماغی مریض ہو چکا ہو۔

۱۷- یہ آخرت کی دوسری دلیل ہے۔ پہلی دلیل آخرت کے ضروری ہونے کی تھی، اور یہ دلیل اس کے ممکن ہونے کی ہے۔ ظاہر ہے کہ جس خدا کے لیے کائنات کا اِتنا بڑا نظام بنا دینا دشوار نہ تھا اور جس کے لیے اِس دنیا میں انسانوں کو پیدا کرنا دُشوار نہیں ہے، اس کے لیے یہ بات آخر کیوں دُشوار ہوگی کہ انسانوں کو دوبارہ پیدا کر کے اپنے سامنے حاضر کرے اور ان کا حساب لے۔

۱۸- یعنی جب یہ واقعہ ہے اور پُوری انسانی تاریخ اس بات پر گواہ ہے کہ قوموں کی تباہی کا اصل موجب اُن کا رسولوں کی بات نہ ماننا اور آخرت کا انکار کرنا تھا، تو اُسی غلط روِش پر چل کر اپنی شامت بلانے پر اصرار نہ کرو اور اللہ اور اس کے رسولؐ اور قرآن کی پیش کردہ ہدایت پر ایمان لے آؤ۔ یہاں سیاق و سباق خود بتا رہا ہے کہ اللہ کی نازل کردہ روشنی سے مراد قرآن ہے۔ جس طرح روشنی خود نمایاں ہوتی ہے اور گرد و پیش کی اُن تمام چیزوں کو نمایاں کر دیتی ہے جو پہلے تاریکی میں چھپی ہوئی تھیں، اسی طرح قرآن ایک ایسا چراغ ہے جس کا برحق ہونا بجائے خود روشن ہے، اور اس کی روشنی میں انسان ہر اُس مسئلے کو سمجھ سکتا ہے جسے سمجھنے کے لیے اس کے اپنے ذرائعِ علم و عقل کافی نہیں ہیں۔ یہ چراغ جس شخص کے پاس ہو، وہ فکر و عمل کی بے شمار پُر پیچ راہوں کے درمیان حق کی سیدھی راہ صاف صاف دیکھ سکتا ہے اور عمر بھر صراطِ مستقیم پر اس طرح چل سکتا ہے کہ ہر قدم پر اُسے یہ معلوم ہوتا رہے کہ گمراہیوں کی طرف لے جانے والی

پگ ڈنڈیاں کدھر کدھر جا رہی ہیں، اور ہلاکت کے گڑھے کہاں کہاں آ رہے ہیں، اور سلامتی کی راہ ان کے درمیان کون سی ہے۔

**۱۹** – اجتماع کے دن سے مراد ہے قیامت، اور سب کو اکٹھا کرنے سے مُراد ہے تمام اُن انسانوں کو بیک وقت زندہ کر کے جمع کرنا جو ابتدائے آفرینش سے قیامت تک دنیا میں پیدا ہوئے ہوں۔ یہ مضمون قرآنِ مجید میں جگہ جگہ کھول کر بیان کیا گیا ہے۔ مثلاً سورۂ ہُود میں فرمایا: ذٰلِكَ يَوْمٌ مَّجْمُوْعٌ ۙ لَّهُ النَّاسُ وَ ذٰلِكَ يَوْمٌ مَّشْهُوْدٌ "وہ ایک ایسا دن ہو گا جس میں سب انسان جمع ہوں گے، اور پھر جو کچھ بھی اُس روز ہو گا سب کی آنکھوں کے سامنے ہو گا۔" (آیت ۱۰۳) اور سورۂ واقعہ میں فرمایا: قُلْ اِنَّ الْاَوَّلِيْنَ وَ الْاٰخِرِيْنَ ۙ لَمَجْمُوْعُوْنَ ۙ اِلٰى مِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ۝ "ان سے کہو کہ تمام پہلے گزرے ہوئے اور بعد میں آنے والے لوگ یقیناً ایک مقرر دن کے وقت جمع کیے جانے والے ہیں۔" (آیت، ۴۹-۵۰)

**۲۰** – اصل میں لفظ يَوْمُ التَّغَابُنِ استعمال ہوا ہے، جس کے معنیٰ میں اِتنی وسعت ہے کہ اُردو زبان تو کیا، کسی دوسری زبان کے بھی ایک لفظ، بلکہ ایک فقرے میں اس کا مفہوم ادا نہیں کیا جا سکتا۔ خود قرآنِ مجید میں بھی قیامت کے جتنے نام آئے ہیں، ان میں غالباً سب سے زیادہ پُرمعنیٰ نام یہی ہے۔ اس لیے اس کا مفہوم سمجھنے کے لیے تھوڑی سی تشریح ناگزیر ہے۔

تغابُن غبن سے ہے، جس کا تَلَفُّظ غَبْن بھی ہے اور غَبَن بھی۔ غَبْن زیادہ تر خرید و فروخت اور لین دین کے معاملے میں بولا جاتا ہے اور "غَبَن" رائے کے معاملے میں۔ لیکن کبھی کبھی اِس کے برعکس بھی استعمال ہوتا ہے۔ لغت میں اس کے متعدّد معنیٰ بیان کیے گئے ہیں: غَبَنُوْا خَبَرَ النَّاقَةِ، "اُن لوگوں کو پتا نہیں چلا کہ اُن کی اُونٹنی کہاں گئی"۔ غَبَنَ فُلَانًا فِي الْبَيْعِ، "اُس نے فلاں شخص کو خرید و فروخت میں دھوکا دے دیا"۔ غَبَنَ فُلَانًا، "اس نے فلاں شخص کو گھاٹا دے دیا"۔ غَبِنْتُ مِنْ حَقِّيْ عِنْدَ فُلَانٍ، "فلاں شخص سے اپنا حق وصول کرنے میں مجھ سے بھول ہو گئی"۔ غَبِيْن، "وہ شخص جس میں ذہانت کی کمی ہو اور جس کی رائے کمزور ہو"۔ مَغْبُوْن، "وہ شخص جو دھوکا کھا جائے"۔ الغبن، الغفلة، النسيان، فوت الحظّ، ان يبخس صاحبك في معاملة بينك وبينه لضرب من الاخفاء، "غبن کے معنیٰ ہیں: غفلت، بُھول، اپنے حصّے سے محروم رہ جانا، ایک شخص کا کسی غیر محسوس طریقے سے کاروبار یا باہمی معاملے میں دوسرے کو نقصان دینا"۔ امام حسن بصریؒ نے دیکھا کہ ایک شخص دوسرے کو بیع میں دھوکا دے رہا ہے تو فرمایا: هٰذا يغبن عقلك "یہ شخص تجھے بیوقوف بنا رہا ہے"۔

اِس سے جب لفظ تغابُن بنایا جائے تو اُس میں دو یا زائد آدمیوں کے درمیان غبن واقع ہونے کا مفہوم پیدا ہو جاتا ہے۔ تَغَابَنَ الْقَوْمُ کے معنیٰ ہیں: بعض لوگوں کا بعض لوگوں کے ساتھ غبن کا معاملہ کرنا۔ یا ایک شخص کا دوسرے کو نقصان پہنچانا اور دوسرے کا اس کے ہاتھوں نقصان اٹھا جانا۔ یا ایک کا حصّہ دوسرے کو مل جانا اور اُس کا اپنے حصّے سے محروم رہ جانا۔ یا تجارت میں ایک فریق کا خسارہ اٹھانا اور دوسرے فریق کا نفع اُٹھا لے جانا۔ یا کچھ لوگوں کا کچھ دوسرے لوگوں کے مقابلے میں غافل یا ضعیف الرائے ثابت ہونا۔

اب اِس بات پر غور کیجیے کہ آیت میں قیامت کے متعلق فرمایا گیا ہے: ذٰلِكَ يَوْمُ التَّغَابُنِ، ”وہ دن ہوگا تغابُن کا۔“ اِن الفاظ سے خود بخود یہ مفہوم نکلتا ہے کہ دنیا میں تو شب و روز تغابُن ہوتا ہی رہتا ہے، لیکن یہ تغابُن ظاہری اور نظر فریب ہے، اصلی اور حقیقی تغابُن نہیں ہے۔ اصل تغابُن قیامت کے روز ہوگا۔ وہاں جا کر پتا چلے گا کہ اصل میں خسارہ کس نے اٹھایا اور کون نفع کما لے گیا۔ اصل میں کس کا حصّہ کسے مل گیا اور کون اپنے حصّے سے محروم رہ گیا۔ اصل میں دھوکا کس نے کھایا اور کون ہوشیار نکلا۔ اصل میں کس نے اپنا تمام سرمایۂ حیات ایک غلط کاروبار میں کھپا کر اپنا دیوالا نکال دیا، اور کس نے اپنی قوتوں اور قابلیتوں اور مساعی اور اموال اور اوقات کو نفع کے سودے پر لگا کر وہ سارے فائدے لُوٹ لیے جو پہلے شخص کو بھی حاصل ہو سکتے تھے اگر وہ دنیا کی حقیقت سمجھنے میں دھوکا نہ کھاتا۔

مفسّرین نے يَوْمُ التَّغَابُنِ کی تفسیر کرتے ہوئے اس کے متعدّد مطلب بیان کیے ہیں، جو سب کے سب صحیح ہیں اور اس کے معنیٰ کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالتے ہیں۔ بعض مفسّرین نے اس کا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ اُس روز اہلِ جنّت اہلِ دوزخ کا وہ حصّہ مار لے جائیں گے جو اُن کو جنّت میں ملتا اگر وہ جنّتیوں کے سے کام کر کے آئے ہوتے، اور اہلِ دوزخ جنّتیوں کا وہ حصّہ لُوٹ لیں گے جو اُنھیں دوزخ میں ملتا اگر انھوں نے دنیا میں دوزخیوں کے سے کام کیے ہوتے۔ اس مضمون کی تائید بخاری کی وہ حدیث کرتی ہے جو انھوں نے کتاب الرّقاق میں حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت کی ہے کہ حضورؐ نے فرمایا: ”جو شخص بھی جنّت میں جائے گا اُسے وہ مقام دکھا دیا جائے گا جو اُسے دوزخ میں ملتا اگر وہ بُرا عمل کرتا، تاکہ وہ اور زیادہ شکر گزار ہو۔ اور جو شخص بھی دوزخ میں جائے گا اسے وہ مقام دکھا دیا جائے گا جو اُسے جنّت میں ملتا اگر اس نے نیک عمل کیا ہوتا، تاکہ اسے اور زیادہ حسرت ہو۔“

بعض اور مفسّرین کہتے ہیں کہ اُس روز ظالم کی اُتنی نیکیاں مظلوم لُوٹ لے جائے گا جو اس کے ظلم کا بدلہ ہو سکیں، یا مظلوم کے اُتنے گناہ ظالم پر ڈال دیے جائیں گے جو اس کے حق کے برابر وزن رکھتے ہوں۔ اس لیے کہ قیامت کے روز آدمی کے پاس کوئی مال و زر تو ہوگا نہیں کہ وہ مظلوم کا حق ادا کرنے کے لیے کوئی ہرجانہ یا تاوان دے سکے۔ وہاں تو بس آدمی کے اعمال ہی ایک زرِ مبادلہ ہوں گے۔ لہٰذا جس شخص نے دنیا میں کسی پر ظلم کیا ہو، وہ مظلوم کا حق اِسی طرح ادا کر سکے گا کہ اپنے پلّے میں جو کچھ بھی نیکیاں رکھتا ہو اُن میں سے اُس کا تاوان ادا کرے، یا مظلوم کے گناہوں میں سے کچھ اپنے اُوپر لے کر اس کا جُرمانہ بُھگتے۔ یہ مضمون بھی متعدّد احادیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم سے منقول ہے۔ بخاری، کتاب الرّقاق میں حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت ہے کہ حضورؐ نے فرمایا: ”جس شخص کے ذمّے اپنے کسی بھائی پر کسی قسم کے ظلم کا بار ہو اُسے چاہیے کہ یہیں اس سے سُبکدوش ہو لے، کیونکہ آخرت میں دینار و درہم تو ہوں گے ہی نہیں۔ وہاں اُس کی نیکیوں میں سے کچھ لے کر مظلوم کو دلوائی جائیں گی، یا اگر اس کے پاس نیکیاں کافی نہ ہوں تو مظلوم کے کچھ گناہ اس پر ڈال دیے جائیں گے۔“ اسی طرح مُسندِ احمد میں حضرت جابر بن عبداللہ بن اُنَیس کی روایت ہے کہ حضورؐ نے فرمایا: ”کوئی جنّتی جنت میں اور کوئی دوزخی دوزخ میں اس وقت تک نہ جا سکے گا

جب تک کہ اُس ظلم کا بدلہ نہ چُکا دیا جائے جو اس نے کسی پر کیا ہو، حتّٰی کہ ایک تھپڑ کا بدلہ بھی دینا ہو گا۔" ہم نے عرض کیا کہ یہ بدلہ کیسے دیا جائے گا جب کہ قیامت میں ہم ننگے بُچّے ہوں گے؟ فرمایا: "اپنے اعمال کی نیکیوں اور بدیوں سے بدلہ چُکانا ہو گا۔" مُسلم اور مُسندِ احمد میں حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت ہے کہ حضورؐ نے ایک مرتبہ اپنی مجلس میں لوگوں سے پوچھا: "جانتے ہو مُفلِس کون ہوتا ہے؟" لوگوں نے عرض کیا: "ہم میں سے مفلس وہ ہوتا ہے جس کے پاس مال متاع کچھ نہ ہو۔" فرمایا: "میری اُمّت میں مفلس وہ ہے جو قیامت کے روز نماز اور روزہ اور زکوٰۃ ادا کر کے حاضر ہوا ہو، مگر اس حال میں آیا ہو کہ کسی کو اس نے گالی دی تھی، اور کسی پر بُہتان لگایا تھا، اور کسی کا مال مار کھایا تھا، اور کسی کا خون بہایا تھا، اور کسی کو مارا پیٹا تھا۔ پھر ان سب مظلوموں میں سے ہر ایک پر اس کی نیکیاں لے لے کر بانٹ دی گئیں۔ اور جب نیکیوں میں سے کچھ نہ بچا جس سے ان کا بدلہ چُکایا جا سکے تو ان میں سے ہر ایک کے کچھ کچھ گناہ لے کر اس پر ڈال دیے گئے، اور وہ شخص دوزخ میں پھینک دیا گیا۔" ایک اور حدیث میں، جسے مُسلم اور ابوداؤد نے حضرت بُریدہؓ سے نقل کیا ہے، حضورؐ نے فرمایا کہ "کسی مجاہد کے پیچھے اگر کسی شخص نے اس کی بیوی اور اس کے گھر والوں کے معاملے میں خیانت کی تو قیامت کے روز وہ اُس مجاہد کے سامنے کھڑا کر دیا جائے گا اور اس کو کہا جائے گا کہ اِس کی نیکیوں میں سے جو کچھ تُو چاہے لے لے۔" پھر حضورؐ نے ہماری طرف متوجّہ ہو کر فرمایا: "پھر تمھارا کیا خیال ہے؟" یعنی تم کیا اندازہ کرتے ہو کہ وہ اُس کے پاس کیا چھوڑ دے گا؟

بعض اور مفسّرین نے کہا ہے کہ تغابُن کا لفظ زیادہ تر تجارت کے معاملے میں بولا جاتا ہے۔ اور قرآنِ مجید میں جگہ جگہ اُس رَوِیّے کو، جو کافر اور مومن اپنی دنیا کی زندگی میں اختیار کرتے ہیں، تجارت سے تشبیہ دی گئی ہے۔ مومن اگر نافرمانی کا راستہ چھوڑ کر اطاعت اختیار کرتا ہے اور اپنی جان، مال اور محنتیں خدا کے راستے میں کھپا دیتا ہے، تو گویا وہ گھاٹے کا سودا چھوڑ کر ایک ایسی تجارت میں اپنا سرمایہ لگا رہا ہے جو آخر کار نفع دینے والی ہے۔ اور ایک کافر اگر اطاعت کی راہ چھوڑ کر خدا کی نافرمانی اور بغاوت کی راہ میں اپنا سب کچھ لگا دیتا ہے، تو گویا وہ ایک ایسا تاجر ہے جس نے ہدایت کے بدلے گمراہی خریدی ہے اور آخر کار وہ اس کا خسارہ اُٹھانے والا ہے۔ دونوں کا نفع اور نقصان قیامت کے روز ہی کُھلے گا۔ دنیا میں یہ ہو سکتا ہے کہ مومن سراسر گھاٹے میں رہے اور کافر بڑے بڑے فائدے حاصل کرتا رہے۔ مگر آخرت میں جا کر معلوم ہو جائے گا کہ اصل میں نفع کا سودا کس نے کیا ہے اور نقصان کا سودا کس نے۔ یہ مضمون قرآنِ مجید میں بکثرت مقامات پر بیان ہوا ہے۔ مثال کے طور پر آیاتِ ذیل ملاحظہ ہوں: البقرہ، آیات ۱۶-۱۷۵-۲۰۷، آلِ عمران: ۷۷-۱۷۷، النساء: ۷۴، التوبہ: ۱۱۱، النحل: ۹۵، فاطر: ۲۹، الصف: ۱۰۔

ایک اور صورت تغابُن کی یہ بھی ہے کہ دنیا میں لوگ کفر و فسق اور ظلم و عصیان پر بڑے اطمینان سے آپس میں تعاون کرتے رہتے ہیں اور یہ اعتماد رکھتے ہیں کہ ہمارے درمیان بڑی گہری محبّت اور دوستی ہے۔ بدکردار خاندانوں کے افراد، ضلالت پھیلانے والے پیشوا اور اُن کے پیرو، چوروں اور ڈاکوؤں کے جتھے، رشوت خور اور ظالم افسروں اور

وَ مَنْ يُّؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ وَ يَعْمَلْ صَالِحًا يُّكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَيُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ

جو اللہ پر ایمان لایا ہے اور نیک عمل کرتا ہے[۲۱]، اللہ اس کے گناہ جھاڑ دے گا اور اسے ایسی جنّتوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی۔ یہ لوگ ہمیشہ ہمیشہ ان میں رہیں گے۔

ملازمین کے گٹھ جوڑ، بے ایمان تاجروں، صنعت کاروں اور زمینداروں کے گروہ، گمراہی اور شرارت و خباثت برپا کرنے والی پارٹیاں، اور بڑے پیمانے پر ساری دنیا میں ظلم و فساد کی عَلَم بردار حکومتیں اور قومیں، سب کا باہمی ساز باز اِسی اعتماد پر قائم ہے۔ ان میں سے ہر ایک کے ساتھ تعلق رکھنے والے افراد اِس گمان میں ہیں کہ ہم ایک دوسرے کے بڑے اچھے رفیق ہیں اور ہمارے درمیان بڑا کامیاب تعاوُن چل رہا ہے۔ مگر جب یہ لوگ آخرت میں پہنچیں گے تو اُن پر یکایک یہ بات کُھلے گی کہ ہم سب نے بہت بڑا دھوکا کھایا ہے۔ ہر ایک یہ محسوس کرے گا کہ جسے میں اپنا بہترین باپ، بھائی، بیوی، شوہر، اولاد، دوست، رفیق، لیڈر، پیر، مُرید، یا حامی و مددگار سمجھ رہا تھا، وہ دراصل میرا بدترین دشمن تھا۔ ہر رشتہ داری اور دوستی اور عقیدت و محبّت، عداوت میں تبدیل ہو جائے گی۔ سب ایک دوسرے کو گالیاں دیں گے، ایک دوسرے پر لعنت کریں گے، اور ہر ایک یہ چاہے گا کہ اپنے جرائم کی زیادہ سے زیادہ ذمّہ داری دوسرے پر ڈال کر اسے سخت سے سخت سزا دلوائے۔ یہ مضمون بھی قرآن میں جگہ جگہ بیان کیا گیا ہے، جس کی چند مثالیں حسبِ ذیل آیات میں دیکھی جا سکتی ہیں: البقرہ: ۱۶۷، الاعراف: ۳۷ تا ۳۹، ابراہیم: ۲۱-۲۲، المومنون: ۱۰۱، العنکبوت: ۱۲-۱۳-۲۵، لقمان: ۳۳، الاحزاب: ۶۷-۶۸، سبا: ۳۱ تا ۳۳، فاطر: ۱۸، الصّافّات: ۲۷ تا ۳۳، صٓ: ۵۹ تا ۶۱، حٰمٓ السجدہ: ۲۹، الزُّخرُف: ۶۷، الدُّخان: ۴۱، المعارج: ۱۰ تا ۱۴، عَبَس: ۳۴ تا ۳۷۔

**۲۱ –** اللہ پر ایمان لانے سے مراد محض یہ مان لینا نہیں ہے کہ اللہ موجود ہے، بلکہ اُس طریقے سے ایمان لانا مُراد ہے جس طرح اللہ نے خود اپنے رسولؐ اور اپنی کتاب کے ذریعے سے بتایا ہے۔ اس ایمان میں ایمان بالرسالت اور ایمان بالکتاب آپ سے آپ شامل ہے۔ اسی طرح نیک عمل سے مراد بھی ہر وہ عمل نہیں ہے جسے آدمی نے خود نیکی سمجھ کر یا انسانوں کے کسی خود ساختہ معیارِ اَخلاق کی پیروی کرتے ہوئے اختیار کر لیا ہو، بلکہ اس سے مراد وہ عملِ صالح ہے جو خدا کے بھیجے ہوئے قانون کے مطابق ہو۔ لہٰذا کسی کو یہ غلط فہمی نہ ہونی چاہیے کہ رسولؐ اور کتاب کے واسطے کے بغیر اللہ کو ماننے اور نیک عمل کرنے کے وہ نتائج ہیں جو آگے بیان ہو رہے ہیں۔ قرآنِ مجید کا جو شخص بھی سوچ سمجھ کر مطالعہ کرے گا، اُس سے یہ بات پوشیدہ نہ رہے گی کہ قرآن کی رُو سے اِس طرح کے کسی ایمان کا نام ایمان باللہ، اور کسی عمل کا نام عملِ صالح سرے سے ہے ہی نہیں۔

ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿٩﴾ وَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ
اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَ بِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿١٠﴾ ع
مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَ مَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ
يَهْدِ قَلْبَهٗ ۭ وَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿١١﴾ وَ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ

یہی بڑی کامیابی ہے۔ اور جن لوگوں نے کفر کیا ہے اور ہماری آیات کو جھٹلایا ہے[22] وہ دوزخ کے باشندے ہوں گے جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے اور وہ بدترین ٹھکانا ہے۔ ع

کوئی[23] مصیبت کبھی نہیں آتی مگر اللہ کے اِذن ہی سے آتی ہے[24]۔ جو شخص اللہ پر ایمان رکھتا ہو، اللہ اس کے دل کو ہدایت بخشتا ہے[25]، اور اللہ کو ہر چیز کا علم ہے[26]۔ اللہ کی اطاعت کرو اور

۲۲ – یہ الفاظ خود کفر کے مفہوم کو واضح کر دیتے ہیں۔ کتاب اللہ کی آیات کو اللہ کی آیات نہ ماننا، اور اُن حقائق کو تسلیم نہ کرنا جو ان آیات میں بیان کیے گئے ہیں، اور اُن احکام کی پیروی سے انکار کر دینا جو اُن میں ارشاد ہوئے ہیں، یہی کفر ہے، اور اس کے نتائج وہ ہیں جو آگے بیان ہو رہے ہیں۔

۲۳ – اب رُوئے سُخن اہلِ ایمان کی طرف ہے۔ اِس سلسلۂ کلام کو پڑھتے ہوئے یہ بات نگاہ میں رہنی چاہیے کہ جس زمانے میں یہ آیات نازل ہوئی ہیں، وہ مسلمانوں کے لیے سخت مصائب کا زمانہ تھا۔ مکّہ سے برسوں ظلم سہنے کے بعد اہلِ ایمان اپنا سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر مدینہ آ گئے تھے۔ اور مدینے میں جن حق پرستوں نے ان کو پناہ دی تھی، اُن پر دُہری مصیبت آ پڑی تھی۔ ایک طرف اُنھیں سیکڑوں مہاجرین کو سہارا دینا تھا جو عرب کے مختلف حصّوں سے اُن کی طرف چلے آ رہے تھے، اور دوسری طرف پُورے عرب کے اعدائے اسلام اُن کے درپے آزار ہو گئے تھے۔

۲۴ – یہ مضمون سورۃ الحدید، آیات ۲۲-۲۳ میں بھی گزر چکا ہے اور وہاں حواشی ۳۹ تا ۴۲ میں ہم اس کی تشریح کر چکے ہیں۔ جن حالات میں اور جس مقصد کے لیے یہ بات وہاں فرمائی گئی تھی، اُسی طرح کے حالات میں اُسی مقصد کے لیے اِسے یہاں دُہرایا گیا ہے۔ جو حقیقت مسلمانوں کے ذہن نشین کرنی مقصود ہے، وہ یہ ہے کہ نہ مصائب خود آ جاتے ہیں، نہ دنیا میں کسی کی یہ طاقت ہے کہ اپنے اختیار سے جس پر جو مصیبت چاہے نازل کر دے۔ یہ تو سراسر اللہ کے اِذن پر موقوف ہے کہ کسی پر کوئی مصیبت نازل ہونے دے یا نہ ہونے دے۔ اور اللہ کا اِذن بہر حال کسی نہ کسی مصلحت کی بنا پر ہوتا ہے، جسے انسان نہ جانتا ہے نہ سمجھ سکتا ہے۔

۲۵ – یعنی مصائب کے ہجوم میں جو چیز انسان کو راہِ راست پر قائم رکھتی ہے اور کسی سخت سے سخت حالت

میں بھی اس کے قدم ڈگمگانے نہیں دیتی، وہ صرف ایمان باللہ ہے۔ جس کے دل میں ایمان نہ ہو، وہ آفات کو یا تو اتفاقات کا نتیجہ سمجھتا ہے، یا دنیوی طاقتوں کو اُن کے لانے اور روکنے میں مؤثر مانتا ہے، یا انھیں ایسی خیالی طاقتوں کا عمل سمجھتا ہے جنھیں انسانی اَوہام نے نفع و ضرر پہنچانے پر قادر فرض کر لیا ہے، یا خدا کو فاعلِ مختار مانتا تو ہے مگر صحیح ایمان کے ساتھ نہیں مانتا۔ اِن تمام مختلف صورتوں میں آدمی کم ظرف ہو کر رہ جاتا ہے۔ ایک خاص حد تک تو وہ مصیبت سہ لیتا ہے، لیکن اس کے بعد وہ گھٹنے ٹیک دیتا ہے۔ ہر آستانے پر جھک جاتا ہے۔ ہر ذلت قبول کر لیتا ہے۔ ہر کمینہ حرکت کر سکتا ہے۔ ہر غلط کام کرنے پر آمادہ ہو جاتا ہے۔ خدا کو گالیاں دینے سے بھی نہیں چُوکتا۔ حتّٰی کہ خودکشی تک کر گزرتا ہے۔ اس کے برعکس جو شخص یہ جانتا اور سچے دل سے مانتا ہو کہ سب کچھ اللہ کے ہاتھ میں ہے اور وہی اِس کائنات کا مالک و فرمانروا ہے، اور اسی کے اِذن سے مصیبت آتی اور اسی کے حکم سے ٹل سکتی ہے، اُس کے دل کو اللہ صبر و تسلیم اور رضا بالقضا کی توفیق دیتا ہے، اس کو عزم اور ہمت کے ساتھ ہر طرح کے حالات کا مقابلہ کرنے کی طاقت بخشتا ہے، تاریک سے تاریک حالات میں بھی اس کے سامنے اللہ کے فضل کی اُمید کا چراغ روشن رہتا ہے، اور کوئی بڑی سے بڑی آفت بھی اس کو اتنا پست ہمت نہیں ہونے دیتی کہ وہ راہِ راست سے ہٹ جائے، یا باطل کے آگے سر جُھکا دے، یا اللہ کے سوا کسی اور کے در پر اپنے درد کا مداوا ڈھونڈنے لگے۔ اس طرح ہر مصیبت اس کے لیے مزید خیر کے دروازے کھول دیتی ہے اور کوئی مصیبت بھی حقیقت میں اس کے لیے مصیبت نہیں رہتی بلکہ نتیجے کے اعتبار سے سراسر رحمت بن جاتی ہے، کیونکہ خواہ وہ اُس کا شکار ہو کر رہ جائے یا اس سے بخیریت گزر جائے، دونوں صورتوں میں وہ اپنے رب کی ڈالی ہوئی آزمائش سے کامیاب ہو کر نکلتا ہے۔ اسی چیز کو ایک مُتَّفَق عَلَیْہ حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس طرح بیان فرمایا ہے: عجبًا للمؤمن، لا یقضی اللّٰہُ له قضاءً الا کان خیرًا لهٗ، ان اصَابَتْه ضَرّاء صبر، فکان خیرًا لهٗ، وان اصابَتْه سرّاء شکر، فکان خیرًا له، ولیس ذالك لِاَحدٍ الّا المؤمن ”مومن کا معاملہ بھی عجیب ہے۔ اللہ اس کے حق میں جو فیصلہ بھی کرتا ہے، وہ اس کے لیے اچھا ہی ہوتا ہے۔ مصیبت پڑے تو صبر کرتا ہے، اور وہ اس کے لیے اچھا ہوتا ہے۔ خوشحالی میسّر آئے تو شکر کرتا ہے، اور وہ بھی اس کے لیے اچھا ہی ہوتا ہے۔ یہ بات مومن کے سوا کسی کو نصیب نہیں ہوتی۔“

**۲۶** – اِس سلسلۂ کلام میں اس ارشاد کے دو معنی ہو سکتے ہیں: ایک یہ کہ اللہ کو معلوم ہے کہ کون شخص واقعی ایمان رکھتا ہے اور کس شان کا ایمان رکھتا ہے۔ اس لیے وہ اپنے علم کی بنا پر اُسی قلب کو ہدایت بخشتا ہے جس میں ایمان ہو، اور اُسی شان کی ہدایت بخشتا ہے جس شان کا ایمان اس میں ہو۔ دوسرا مطلب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اپنے مومن بندوں کے حالات سے اللہ بے خبر نہیں ہے۔ اس نے ایمان کی دعوت دے کر، اور اِس ایمان کے ساتھ دنیا کی شدید آزمائشوں میں ڈال کر انھیں اُن کے حال پر چھوڑ نہیں دیا ہے۔ وہ جانتا ہے کہ کس مومن پر دنیا میں کیا کچھ گزر رہی ہے اور وہ کن حالات میں اپنے ایمان کے تقاضے کس طرح پُورے کر رہا ہے۔ اس لیے

اَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاِنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۲﴾
اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ وَ عَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۳﴾ يٰۤاَيُّهَا
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنَّ مِنْ اَزْوَاجِكُمْ وَ اَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ
فَاحْذَرُوْهُمْ ۚ وَ اِنْ تَعْفُوْا وَ تَصْفَحُوْا وَتَغْفِرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ

رسولؐ کی اطاعت کرو۔ لیکن اگر تم اطاعت سے مُنہ موڑتے ہو تو ہمارے رسولؐ پر صاف صاف حق پہنچا دینے کے سوا کوئی ذمّہ داری نہیں ہے[۲۷]۔ اللہ وہ ہے جس کے سوا کوئی خدا نہیں، لہٰذا ایمان لانے والوں کو اللہ ہی پر بھروسا رکھنا چاہیے[۲۸]۔

اَے لوگو جو ایمان لائے ہو، تمھاری بیویوں اور تمھاری اولاد میں سے بعض تمھارے دشمن ہیں، ان سے ہوشیار رہو۔ اور اگر تم عَفو و درگزر سے کام لو اور معاف کر دو تو اللہ غَفور و

اطمینان رکھو کہ جو مصیبت بھی اللہ کے اِذن سے تم پر نازل ہوتی ہے، اللہ کے علم میں ضرور اس کی کوئی عظیم مَصلَحت ہوتی ہے اور اس کے اندر کوئی بڑی خیر پوشیدہ ہوتی ہے، کیونکہ اللہ اپنے مومن بندوں کا خیر خواہ ہے، بلا وجہ انھیں مصائب میں مبتلا کرنا نہیں چاہتا۔

۲۷- سلسلۂ کلام کے لحاظ سے اس ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ اچھے حالات ہوں یا بُرے حالات، ہر حال میں اللہ اور رسولؐ کی اطاعت پر قائم رہو۔ لیکن اگر مصائب کے ہجوم سے گھبرا کر تم اطاعت سے منہ موڑ گئے تو اپنا ہی نقصان کرو گے۔ ہمارے رسولؐ پر صرف یہ ذمّہ داری تھی کہ راہِ راست تم کو ٹھیک ٹھیک بتا دے، سو اُس کا حق رسولؐ نے ادا کر دیا ہے۔

۲۸- یعنی خدائی کے سارے اختیارات تنہا اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہیں۔ کوئی دوسرا سرے سے یہ اختیار رکھتا ہی نہیں ہے کہ تمھاری اچھی یا بُری تقدیر بنا سکے۔ اچھا وقت آ سکتا ہے تو اُسی کے لائے آ سکتا ہے، اور بُرا وقت ٹل سکتا ہے تو اُسی کے ٹالے ٹل سکتا ہے۔ لہٰذا جو شخص سچّے دل سے اللہ کو خدائے واحد مانتا ہو، اُس کے لیے اِس کے سوا سرے سے کوئی راستہ ہی نہیں ہے کہ وہ اللہ پر بھروسا کرے اور دنیا میں ایک مومن کی حیثیت سے اپنا فرض اِس یقین کے ساتھ انجام دیتا چلا جائے کہ خیر بہرحال اُسی راہ میں ہے جس کی طرف اللہ نے رہنمائی فرمائی ہے۔ اس راہ میں کامیابی نصیب ہوگی تو اللہ ہی کی مدد اور تائید و توفیق سے ہوگی، کوئی دوسری طاقت مدد کرنے والی نہیں ہے۔

رَّحِيۡمٌ ﴿۱۴﴾ اِنَّمَاۤ اَمۡوَالُكُمۡ وَ اَوۡلَادُكُمۡ فِتۡنَةٌ ؕ وَ اللّٰهُ عِنۡدَهٗۤ اَجۡرٌ عَظِيۡمٌ ﴿۱۵﴾

رحیم ہے۔[۲۹] تمھارے مال اور تمھاری اولاد تو ایک آزمائش ہیں، اور اللہ ہی ہے جس کے پاس بڑا اجر ہے۔[۳۰]

اور اس راہ میں اگر مشکلات و مصائب اور خطرات و مہالک سے سابقہ پیش آئے گا تو اُن سے بھی وہی بچائے گا، کوئی دوسرا بچانے والا نہیں ہے۔

**۲۹** – اس آیت کے دو مفہوم ہیں: ایک مفہوم کے لحاظ سے اس کا اطلاق اُن بہت سی مشکلات پر ہوتا ہے جو خدا کی راہ پر چلنے میں بکثرت اہلِ ایمان مردوں کو اپنی بیویوں سے اور عورتوں کو اپنے شوہروں سے، اور والدین کو اپنی اولاد سے پیش آتی ہیں۔ دنیا میں کم ہی ایسا ہوتا ہے کہ ایک مرد کو ایسی بیوی اور ایک عورت کو ایسا شوہر ملے جو ایمان اور راست رَوی میں پُوری طرح ایک دوسرے کے رفیق و مددگار ہوں، اور پھر دونوں کو اولاد بھی ایسی میسّر ہو جو عقیدہ و عمل اور اَخلاق و کردار کے اعتبار سے ان کے لیے آنکھوں کی ٹھنڈک بنے۔ ورنہ بالعُموم ہوتا یہ ہے کہ شوہر اگر نیک اور ایمان دار ہے تو بیوی اور اولاد اُسے ایسی ملتی ہے جو اس کی دیانت و امانت اور راست بازی کو اپنے حق میں بد قسمتی سمجھتی ہے اور یہ چاہتی ہے کہ شوہر اور باپ اُن کی خاطر جہنّم مول لے اور ان کے لیے حرام و حلال کی تمیز چھوڑ کر ہر طریقے سے عیش وطَرَب اور فِسق و فُجور کے سامان فراہم کرے۔ اور اس کے برعکس بسا اوقات ایک نیک مومن عورت کو ایسے شوہر سے سابقہ پیش آتا ہے جسے اس کی پابندیِ شریعت ایک آنکھ نہیں بھاتی، اور اولاد بھی باپ کے نقشِ قدم پر چل کر اپنی گمراہی اور بدکرداری سے ماں کی زندگی اجیرن کر دیتی ہے۔ پھر خُصوصیّت کے ساتھ جب کفر و دین کی کش مکش میں ایک انسان کے ایمان کا تقاضا یہ ہوتا ہے کہ اللہ اور اس کے دین کی خاطر نقصانات برداشت کرے، طرح طرح کے خطرات مول لے، ملک چھوڑ کر ہجرت کر جائے، یا جہاد میں جا کر اپنی جان تک جوکھوں میں ڈال دے، تو سب سے بڑھ کر اس کی راہ میں اس کے اہل وعیال ہی رکاوٹ بنتے ہیں۔

دوسرے مفہوم کا تعلق اُن مخصوص حالات سے ہے جو اِن آیات کے نُزول کے زمانے میں بکثرت مسلمانوں کو پیش آ رہے تھے اور آج بھی ہر اُس شخص کو پیش آتے ہیں جو کسی غیر مسلم معاشرے میں اسلام قبول کرتا ہے۔ اُس وقت مکّۂ معظّمہ میں اور عرب کے دوسرے حصّوں میں عُموماً یہ صورت پیش آتی تھی کہ ایک مرد ایمان لے آیا ہے، مگر بیوی بچے نہ صرف اسلام قبول کرنے کے لیے تیار نہیں ہیں، بلکہ خود اُس کو اسلام سے پھیر دینے کے لیے کوشاں ہیں۔ اور ایسے ہی حالات سے اُن خواتین کو سابقہ پیش آتا تھا جو اپنے خاندان میں اکیلی اسلام قبول کرتی تھیں۔

یہ دونوں قسم کے حالات جن اہلِ ایمان کو درپیش ہوں، انھیں خطاب کرتے ہوئے تین باتیں فرمائی گئی ہیں:

سب سے پہلے انھیں خبردار کیا گیا ہے کہ دنیوی رشتے کے لحاظ سے اگرچہ یہ لوگ وہ ہیں جو انسان کو سب سے زیادہ عزیز ہوتے ہیں، لیکن دین کے لحاظ سے یہ تمھارے ”دشمن“ ہیں۔ یہ دشمنی خواہ اِس حیثیت سے ہو کہ وہ تمھیں نیکی سے روکتے اور بدی کی طرف مائل کرتے ہوں، یا اِس حیثیت سے کہ وہ تمھیں ایمان سے روکتے اور کفر کی طرف

کھینچتے ہوں، یا اس حیثیت سے کہ ان کی ہمدردیاں کفار کے ساتھ ہوں اور تمھارے ذریعے سے اگر کوئی بات بھی مسلمانوں کے جنگی رازوں کے متعلق ان کے علم میں آجائے تو اسے اسلام کے دشمنوں تک پہنچا دیتے ہوں، اِس سے دشمنی کی نوعیت و کیفیت میں تو فرق ہو سکتا ہے، لیکن بہرحال یہ ہے دشمنی ہی، اور اگر تمھیں ایمان عزیز ہو تو اِس لحاظ سے تمھیں ان کو دشمن ہی سمجھنا چاہیے، اُن کی محبّت میں گرفتار ہو کر کبھی اِس بات کو نہ بھولنا چاہیے کہ تمھارے اور ان کے درمیان ایمان و کفر، یا طاعت و معصیت کی دیوار حائل ہے۔

اس کے بعد فرمایا گیا کہ ان سے ہوشیار رہو۔ یعنی ان کی دنیا بنانے کے لیے اپنی عاقبت برباد نہ کرلو۔ ان کی محبت کو کبھی اپنے دل میں اس حد تک نہ بڑھنے دو کہ وہ اللہ اور رسولؐ کے ساتھ تمھارے تعلق اور اسلام کے ساتھ تمھاری وفاداری میں حائل ہو جائیں۔ ان پر کبھی اتنا اعتماد نہ کرو کہ تمھاری بے احتیاطی سے مسلمانوں کی جماعت کے اَسرار اُنھیں معلوم ہو جائیں اور وہ دشمنوں تک پہنچیں۔ یہ وہی بات ہے جس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک حدیث میں مسلمانوں کو خبردار کیا ہے کہ یُؤْتٰی بِرَجلٍ یوم القیٰمۃ فیقالُ اکل عیالہ حَسَناتِہٖ۔ ’’ایک شخص قیامت کے روز لایا جائے گا اور کہا جائے گا کہ اِس کے بال بچے اِس کی ساری نیکیاں کھا گئے۔‘‘

آخر میں فرمایا گیا کہ ’’اگر تم عفو و درگزر سے کام لو اور معاف کر دو تو اللہ غفور و رحیم ہے۔‘‘ اس کا مطلب یہ ہے کہ اُن کی دشمنی سے تمھیں صرف اس لیے آگاہ کیا جا رہا ہے کہ تم ان سے ہوشیار رہو اور اپنے دین کو ان سے بچانے کی فکر کرو۔ اس سے آگے بڑھ کر اس تنبیہ کا مقصد ہرگز یہ نہیں ہے کہ بیوی بچوں کو مارنے پیٹنے لگو، یا ان کے ساتھ سختی سے پیش آؤ، یا ان کے ساتھ تعلقات میں ایسی بدمزگی پیدا کرلو کہ تمھاری اور ان کی گھریلو زندگی عذاب بن کر رہ جائے۔ یہ اس لیے کہ ایسا کرنے کے دو نقصانات بالکل واضح ہیں: ایک یہ کہ اس سے بیوی بچوں کی اصلاح کے دروازے ہمیشہ کے لیے بند ہو جانے کا خطرہ ہے۔ دوسرے یہ کہ اس سے معاشرے میں اسلام کے خلاف اُلٹی بدگمانیاں پیدا ہو سکتی ہیں، اور گرد و پیش کے لوگوں کی نگاہ میں مسلمان کے اَخلاق و کردار کی یہ تصویر بنتی ہے کہ اسلام قبول کرتے ہی وہ خود اپنے گھر میں اپنے بال بچوں تک کے لیے سخت گیر اور بدمزاج بن جاتا ہے۔

اس سلسلے میں یہ بات بھی نگاہ میں رہنی چاہیے کہ ابتدائے اسلام میں جب لوگ نئے نئے مسلمان ہوتے تھے، تو ان کو ایک مشکل اُس وقت پیش آتی تھی جب ان کے والدین کافر ہوتے تھے اور وہ ان پر دباؤ ڈالتے تھے کہ اِس نئے دین سے پھر جائیں۔ اور دوسری مشکل اُس وقت پیش آتی جب ان کے بیوی بچے (یا عورتوں کے معاملے میں اُن کے شوہر اور بچے) کفر پر قائم رہتے اور دینِ حق کی راہ سے انھیں پھیرنے کی کوشش کرتے تھے۔ پہلی صورت کے متعلق سورۂ عنکبوت (آیت ۸) اور سورۂ لقمان (آیات ۱۴-۱۵) میں یہ ہدایت فرمائی گئی کہ دین کے معاملے میں والدین کی بات ہرگز نہ مانو، البتہ دنیا کے معاملات میں ان کے ساتھ حُسنِ سلوک کرتے رہو۔ دوسری صورت کا حکم یہاں بیان کیا گیا ہے کہ اپنے دین کو تو اپنے بال بچّوں سے بچانے کی فکر ضرور کرو، مگر ان کے ساتھ سخت گیری کا برتاؤ نہ کرو، بلکہ نرمی اور عفو و درگزر سے کام لو۔ (مزید تشریح کے لیے مُلاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد دوم، التوبہ، آیات

فَاتَّقُوا اللّٰهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ وَ اسْمَعُوْا وَ اَطِيْعُوْا وَ اَنْفِقُوْا خَيْرًا لِّاَنْفُسِكُمْ ؕ وَ مَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿١٦﴾

لہٰذا جہاں تک تمھارے بس میں ہو اللہ سے ڈرتے رہو،[31] اور سنو اور اطاعت کرو، اور اپنے مال خرچ کرو، یہ تمھارے ہی لیے بہتر ہے۔ جو اپنے دل کی تنگی سے محفوظ رہ گئے بس وہی فلاح پانے والے ہیں۔[32]

---

۲۳-۲۴۔ جلد پنجم، المجادلہ، حاشیہ ۳۷۔ المُمتَحِنہ، حواشی ۱ تا ۳۔ المنافقون، حاشیہ ۱۸)

**۳۰-** تشریح کے لیے مُلاحَظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد دوم، الانفال، حاشیہ ۲۳۔ اس موقع پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد بھی نگاہ میں رہنا چاہیے جسے طَبَرانی نے حضرت ابو مالک اَشعَریؓ سے روایت کیا ہے کہ ''تیرا اصل دشمن وہ نہیں ہے جسے اگر تُو قتل کر دے تو تیرے لیے کامیابی ہے اور وہ تجھے قتل کر دے تو تیرے لیے جنّت ہے، بلکہ تیرا اصل دشمن، ہو سکتا ہے کہ تیرا اپنا وہ بچّہ ہو جو تیری ہی صُلب سے پیدا ہوا ہے، پھر تیرا سب سے بڑا دشمن تیرا وہ مال ہے جس کا تُو مالک ہے۔'' اسی لیے اللہ تعالیٰ نے یہاں بھی اور سورۂ انفال میں بھی یہ فرمایا ہے کہ اگر تم مال اور اولاد کے فتنے سے اپنے آپ کو بچا لے جاؤ اور اُن کی محبت پر اللہ کی مَحبّت کو غالب رکھنے میں کامیاب رہو، تو تمھارے لیے اللہ کے ہاں بہت بڑا اجر ہے۔

**۳۱-** قرآنِ مجید میں ایک جگہ فرمایا گیا ہے: اِتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ، ''اللہ سے ایسا ڈرو جیسا اُس سے ڈرنے کا حق ہے۔'' (آلِ عمران: ۱۰۲) دوسری جگہ فرمایا: لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا، ''اللہ کسی مُتنفّس کو اس کی استطاعت سے زیادہ کا مُکلّف قرار نہیں دیتا۔'' (البقرہ: ۲۸٦) اور یہاں فرمایا جا رہا ہے کہ ''جہاں تک تمھارے بس میں ہو اللہ سے ڈرتے رہو۔'' ان تینوں آیتوں کو ملا کر غور کیجیے تو معلوم ہوتا ہے کہ پہلی آیت وہ معیار ہمارے سامنے رکھ دیتی ہے جس تک پہنچنے کی ہر مومن کو کوشش کرنی چاہیے۔ دوسری آیت یہ اُصولی بات ہمیں بتاتی ہے کہ کسی شخص سے بھی اس کی استطاعت سے زیادہ کام کرنے کا مطالبہ نہیں کیا گیا ہے، بلکہ اللہ کے دین میں آدمی بس اُتنے ہی کا مُکلّف ہے جس کی وہ مَقدِرَت رکھتا ہو۔ اور یہ آیت ہر مومن کو ہدایت کرتی ہے کہ وہ اپنی حد تک تقویٰ کی کوشش میں کوئی کسر نہ اُٹھا رکھے۔ جہاں تک بھی اس کے لیے ممکن ہو، اسے اللہ تعالیٰ کے احکام بجا لانے چاہییں اور اس کی نافرمانی سے بچنا چاہیے۔ اس معاملے میں اگر وہ خود تساہُل سے کام لے گا تو مواخذے سے نہ بچ سکے گا۔ البتہ جو چیز اس کی مَقدِرَت سے باہر ہوگی (اور اس کا فیصلہ اللہ ہی بہتر کر سکتا ہے کہ کیا چیز کس کی مَقدِرَت سے واقعی باہر تھی) اُس کے معاملے میں اُس سے بازپُرس نہ کی جائے گی۔

**۳۲-** تشریح کے لیے مُلاحَظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد پنجم، الحشر، حاشیہ ۱۹۔

اِنۡ تُقۡرِضُوا اللّٰهَ قَرۡضًا حَسَنًا يُّضٰعِفۡهُ لَكُمۡ وَ يَغۡفِرۡ لَكُمۡ ؕ وَ اللّٰهُ
شَكُوۡرٌ حَلِيۡمٌ ۙ﴿۱۷﴾ عٰلِمُ الۡغَيۡبِ وَالشَّهَادَةِ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ ﴿۱۸﴾ ع

اگر تم اللہ کو قرضِ حَسَن دو تو وہ تمھیں کئی گُنا بڑھا کر دے گا[۳۳] اور تمھارے قصوروں سے درگزر فرمائے گا، اللہ بڑا قدر دان اور بُردبار ہے[۳۴]، حاضر اور غائب ہر چیز کو جانتا ہے، زبردست اور دانا ہے۔ع

۳۳- تشریح کے لیے مُلاحَظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد اوّل، البقرہ، حاشیہ ۲۶۷۔ المائدہ، حاشیہ ۳۳۔ جلد پنجم، الحدید، حاشیہ ۱۶۔

۳۴- تشریح کے لیے مُلاحَظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد چہارم، فاطر، حواشی ۵۲-۵۹۔ الشُّوریٰ، حاشیہ ۴۲۔

# تفہیم القرآن

## الطَّلاق

(۶۵)

# الطّلاق

**نام** اِس سُورہ کا نام ہی الطّلاق نہیں ہے، بلکہ یہ اس کے مضمون کا عنوان بھی ہے، کیونکہ اس میں طلاق ہی کے احکام بیان ہوئے ہیں۔ حضرت عبداللہؓ بن مسعود نے اسے سُورۃ النساءِ القُصریٰ بھی کہا ہے، یعنی چھوٹی سورۂ نساء۔

**زمانۂ نُزُول** حضرت عبداللہؓ بن مسعود نے صراحت فرمائی ہے، اور سُورت کے مضمون کی اندرونی شہادت بھی یہی ظاہر کرتی ہے کہ اِس کا نُزُول لازماً سورۂ بقرہ کی اُن آیات کے بعد ہوا ہے جن میں طلاق کے احکام پہلی مرتبہ دیے گئے تھے۔ اگرچہ یہ تعیُّن کرنا مشکل ہے کہ اس کا ٹھیک زمانۂ نُزُول کیا ہے، لیکن بہرحال رِوایات سے اتنا ضرور معلوم ہوتا ہے کہ جب سورۂ بقرہ کے احکام کو سمجھنے میں لوگ غلطیاں کرنے لگے، اور عملاً بھی اُن سے غلطیوں کا صُدُور ہونے لگا، تب اللہ تعالیٰ نے اُن کی اصلاح کے لیے یہ ہدایات نازل فرمائیں۔

**موضوع اور مضمون** اِس سُورہ کے احکام کو سمجھنے کے لیے ضروری ہے کہ اُن ہدایات کو پھر سے ذہن میں تازہ کرلیا جائے جو طلاق اور عدّت کے متعلق اِس سے پہلے قرآنِ مجید میں بیان ہوچکی ہیں:

اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ ۪ فَاِمْسَاكٌۢ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ تَسْرِيْحٌۢ بِاِحْسَانٍ ؕ (البقرہ:۲۲۹) ’’طلاق دو بار ہے، پھر یا تو سیدھی طرح عورت کو روک لیا جائے یا بھلے طریقے سے رخصت کر دیا جائے۔‘‘

وَالْمُطَلَّقٰتُ يَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ ثَلٰثَةَ قُرُوْٓءٍ ؕ ...... وَبُعُوْلَتُهُنَّ اَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ فِيْ ذٰلِكَ اِنْ اَرَادُوْٓا اِصْلَاحًا ؕ (البقرہ: ۲۲۸) ’’اور مُطلّقہ عورتیں (طلاق کے بعد) تین حیض تک اپنے آپ کو روکے رکھیں ...... اور اُن کے شوہر اس مدّت میں اُن کو (اپنی زوجیت میں) واپس لے لینے کے حق دار ہیں اگر وہ اصلاح پر آمادہ ہوں۔‘‘

فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهٗ مِنْۢ بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ ؕ ...... (البقرہ:۲۳۰) ’’پھر اگر وہ (تیسری بار) اُس کو طلاق دے دے تو اِس کے بعد وہ اُس کے لیے حلال نہ ہوگی یہاں تک کہ اس عورت کا نکاح کسی اور سے ہو جائے......‘‘

اِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ

مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا ۚ (الاحزاب: ۴۹) ’’جب تم مومن عورتوں سے نکاح کرو اور پھر انھیں ہاتھ لگانے سے پہلے طلاق دے دو تو تمھارے لیے ان پر کوئی عدّت لازم نہیں ہے جس کے پورے ہونے کا تم مطالبہ کرسکو۔‘‘

وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا يَّتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا ۚ (البقرہ: ۲۳۴) ’’اور تم میں سے جو لوگ مر جائیں اور پیچھے بیویاں چھوڑ جائیں تو وہ عورتیں چار مہینے دس دن تک اپنے آپ کو روکے رکھیں۔‘‘

ان آیات میں جو قواعد مقرر کیے گئے تھے وہ یہ تھے:

(۱) ایک مرد زیادہ سے زیادہ اپنی بیوی کو تین طلاق دے سکتا ہے۔

(۲) ایک یا دو طلاق دینے کی صورت میں عدّت کے اندر شوہر کو رُجوع کا حق رہتا ہے اور عدّت گزر جانے کے بعد وہی مرد و عورت پھر نکاح کرنا چاہیں تو کر سکتے ہیں، اِس کے لیے تحلیل کی کوئی شرط نہیں ہے۔ لیکن اگر مرد تین طلاق دے دے تو عدّت کے اندر رُجوع کا حق ساقط ہو جاتا ہے، اور دوبارہ نکاح بھی اُس وقت تک نہیں ہو سکتا جب تک عورت کا نکاح کسی اور مرد سے نہ ہو جائے اور وہ بھی اپنی مرضی سے اس کو طلاق نہ دے دے۔

(۳) مدخُولہ عورت، جس کو حیض آتا ہو، اُس کی عدّت یہ ہے کہ اُسے طلاق کے بعد تین مرتبہ حیض آ جائے۔ ایک طلاق یا دو طلاق کی صورت میں اِس عدّت کے معنٰی یہ ہیں کہ عورت ابھی تک اُس شخص کی زوجیّت میں ہے اور وہ عدّت کے اندر اُس کی طرف رجوع کر سکتا ہے۔ لیکن اگر مرد تین طلاق دے چکا ہو تو یہ عدّت رُجوع کی گنجایش کے لیے نہیں ہے، بلکہ صرف اس لیے ہے کہ اس کے ختم ہونے سے پہلے عورت کسی اور شخص سے نکاح نہیں کر سکتی۔

(۴) غیر مدخُولہ عورت، جسے ہاتھ لگانے سے پہلے ہی طلاق دے دی جائے، اُس کے لیے کوئی عدّت نہیں ہے۔ وہ چاہے تو طلاق کے بعد فوراً نکاح کر سکتی ہے۔

(۵) جس عورت کا شوہر مر جائے اس کی عدّت چار مہینے دس دن ہے۔

اب یہ بات اچھی طرح سمجھ لینی چاہیے کہ سورۂ طلاق اِن قواعد میں سے کسی قاعدے کو منسوخ کرنے یا اُس میں ترمیم کرنے کے لیے نازل نہیں ہوئی ہے، بلکہ دو مقاصد کے لیے نازل ہوئی ہے:

ایک یہ کہ مرد کو طلاق کا جو اختیار دیا گیا ہے، اسے استعمال کرنے کے ایسے حکیمانہ طریقے بتائے جائیں جن سے حتی الامکان علیحدگی کی نوبت نہ آنے پائے، اور علیحدگی ہو تو بدرجۂ آخر ایسی حالت میں ہو جب کہ باہمی موافقت کے سارے امکانات ختم ہو چکے ہوں۔ کیونکہ خدا کی شریعت میں طلاق کی گنجایش صرف ایک ناگزیر ضرورت کے طور پر رکھی گئی ہے، ورنہ اللہ تعالیٰ اِس بات کو سخت ناپسند فرماتا ہے کہ

ایک مرد اور ایک عورت کے درمیان جو اِزدِواجی تعلق قائم ہو چکا ہو، وہ پھر کبھی ٹوٹ جائے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ مَا احَلّ اللّٰہ شیئًا ابغضَ الیہ من الطلاق۔ ''اللہ نے کسی ایسی چیز کو حلال نہیں کیا ہے جو طلاق سے بڑھ کر اُسے ناپسند ہو۔'' (ابوداؤد) اور ابغض الحلال الی اللّٰہ عزّوجلّ الطلاق۔ ''تمام حلال چیزوں میں اللہ کو سب سے زیادہ ناپسند طلاق ہے۔'' (ابوداؤد)

دوسرا مقصد یہ ہے کہ سورۂ بقرہ کے احکام کے بعد جو مزید مسائل جواب طلب باقی رہ گئے تھے، ان کا جواب دے کر اسلام کے عائلی قانون کے اِس شعبے کی تکمیل کر دی جائے۔ اس سلسلے میں یہ بتایا گیا ہے کہ جن مدخُولہ عورتوں کو حیض آنا بند ہو گیا ہو، یا جنھیں ابھی حیض آنا شروع ہی نہ ہوا ہو، طلاق کی صورت میں ان کی عدّت کیا ہو گی۔ اور جو عورت حاملہ ہو، اسے اگر طلاق دے دی جائے، یا اس کا شوہر مر جائے، تو اس کی عدّت کی مدت کیا ہے۔ اور مختلف قسم کی مطلّقہ عورتوں کے نفقہ اور سکونت کا انتظام کس طرح ہو گا، اور جس بچے کے والدین طلاق کے ذریعے سے الگ ہو چکے ہوں اس کی رضاعت کا انتظام کس طرح کیا جائے۔

---

رکوعاتہا ۲

آیاتہا ۱۲

سُوْرَةُ الطَّلَاقِ مَدَنِيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَطَلِّقُوْهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ

اَے نبیؐ! جب تم لوگ عورتوں کو طلاق دو تو اُنھیں اُن کی عدّت کے لیے طلاق دیا کرو[1]۔

۱ — یعنی تم لوگ طلاق دینے کے معاملے میں یہ جلد بازی نہ کیا کرو کہ جوں ہی میاں بیوی میں کوئی جھگڑا ہوا، فوراً ہی غصّے میں آ کر طلاق دے ڈالی، اور نکاح کا جھٹکا اِس طرح کیا کہ رُجوع کی گنجایش بھی نہ چھوڑی۔ بلکہ جب تمھیں بیویوں کو طلاق دینا ہو تو اُن کی عدت کے لیے دیا کرو۔ عدت کے لیے طلاق دینے کے دو مطلب ہیں اور دونوں ہی یہاں مراد بھی ہیں:

ایک مطلب اس کا یہ ہے کہ عدّت کا آغاز کرنے کے لیے طلاق دو، یا بالفاظِ دیگر اُس وقت طلاق دو جس سے اُن کی عدّت شروع ہوتی ہو۔ یہ بات سورۂ بقرہ، آیت ۲۲۸ میں بتائی جا چکی ہے کہ جس مدخولہ عورت کو حیض آتا ہو، اس کی عدت طلاق کے بعد تین مرتبہ حیض آنا ہے۔ اِس حکم کو نگاہ میں رکھ کر دیکھا جائے تو عدت کا آغاز کرنے کے لیے طلاق دینے کی صورت لازماً یہی ہو سکتی ہے کہ عورت کو حالتِ حیض میں طلاق نہ دی جائے، کیونکہ اُس کی عدت اُس حیض سے شروع نہیں ہو سکتی جس میں اسے طلاق دی گئی ہو، اور اس حالت میں طلاق دینے کے معنٰی یہ ہو جاتے ہیں کہ اللہ کے حکم کے خلاف عورت کی عدت تین حیض کے بجائے چار حیض بن جائے۔ مزید برآں اس حکم کا تقاضا یہ بھی ہے کہ عورت کو اُس طُہر میں طلاق نہ دی جائے جس میں شوہر اُس سے مباشرت کر چکا ہو، کیونکہ اِس صورت میں طلاق دیتے وقت شوہر اور بیوی دونوں میں سے کسی کو بھی یہ معلوم نہیں ہو سکتا کہ آیا مباشرت کے نتیجے میں کوئی حمل قرار پا گیا ہے یا نہیں۔ اِس وجہ سے عدّت کا آغاز نہ اس مفروضے پر کیا جا سکتا ہے کہ یہ عدّت آیندہ حیضوں کے اعتبار سے ہوگی اور نہ اِسی مفروضے پر کیا جا سکتا ہے کہ یہ حاملہ عورت کی عدّت ہوگی۔ پس یہ حکم بیک وقت دو باتوں کا مقتضی ہے: ایک یہ کہ حیض کی حالت میں طلاق نہ دی جائے۔ دوسرے یہ کہ طلاق یا تو اُس طُہر میں دی جائے جس میں مباشرت نہ کی گئی ہو، یا پھر اُس حالت میں دی جائے جب کہ عورت کا حاملہ ہونا معلوم ہو۔ غور کیا جائے تو محسوس ہوگا کہ طلاق پر یہ قیدیں لگانے میں بہت بڑی مصلحتیں ہیں۔ حیض کی حالت میں طلاق نہ دینے کی مصلحت یہ ہے کہ یہ وہ حالت ہوتی ہے جس میں عورت اور مرد کے درمیان مباشرت ممنوع ہونے کی وجہ سے ایک طرح کا بُعد پیدا ہو جاتا ہے، اور طبّی حیثیت سے بھی یہ بات ثابت ہے کہ اس حالت میں عورت کا مزاج معمول پر نہیں رہتا۔ اس لیے اگر اُس وقت دونوں کے درمیان کوئی جھگڑا

ہو جائے تو عورت اور مرد دونوں اُسے رفع کرنے کے معاملے میں ایک حد تک بے بس ہوتے ہیں، اور جھگڑے سے طلاق تک نوبت پہنچانے کے بجائے اگر عورت کے حیض سے فارغ ہونے تک انتظار کر لیا جائے تو اِس امر کا کافی امکان ہوتا ہے کہ عورت کا مزاج بھی معمول پر آ جائے اور دونوں کے درمیان فطرت نے جو طبعی کشش رکھی ہے، وہ بھی اپنا کام کر کے دونوں کو پھر سے جوڑ دے۔ اِسی طرح جس طُہر میں مباشرت کی جا چکی ہو، اُس میں طلاق کے ممنوع ہونے کی مَصلَحت یہ ہے کہ اُس زمانے میں اگر حمل قرار پا پائے تو مرد اور عورت، دونوں میں سے کسی کو بھی اُس کا علم نہیں ہو سکتا۔ اس لیے وہ وقت طلاق دینے کے لیے موزوں نہیں ہے۔ حمل کا علم ہو جانے کی صورت میں تو مرد بھی دس مرتبہ سوچے گا کہ جس عورت کے پیٹ میں اس کا بچہ پرورش پا رہا ہے، اسے طلاق دے یا نہ دے، اور عورت بھی اپنے اور اپنے بچّے کے مستقبل کا خیال کر کے شوہر کی ناراضی کے اسباب دُور کرنے کی پُوری کوشش کرے گی۔ لیکن اندھیرے میں بے سوچے سمجھے تیر چلا بیٹھنے کے بعد اگر معلوم ہو کہ حمل قرار پا چکا تھا، تو دونوں کو پچھتانا پڑے گا۔

یہ تو ہے ''عدّت کے لیے'' طلاق دینے کا پہلا مطلب، جس کا اِطلاق صرف اُن مدخُولہ عورتوں پر ہوتا ہے جن کو حیض آتا ہو اور جن کے حاملہ ہونے کا امکان ہو۔ اب رہا اس کا دوسرا مطلب، تو وہ یہ ہے کہ طلاق دینا ہو تو عدّت تک کے لیے طلاق دو، یعنی بیک وقت تین طلاق دے کر ہمیشہ کی علیحدگی کے لیے طلاق نہ دے بیٹھو، بلکہ ایک، یا حد سے حد دو طلاقیں دے کر عدّت تک انتظار کرو، تاکہ اس مدّت میں ہر وقت تمھارے لیے رُجوع کی گنجایش باقی رہے۔ اس مطلب کے لحاظ سے یہ حکم اُن مدخُولہ عورتوں کے معاملے میں بھی مفید ہے جن کو حیض آتا ہو، اور اُن کے معاملے میں بھی مفید ہے جن کو حیض آنا بند ہو گیا ہو، یا جنھیں ابھی حیض آنا شروع نہ ہوا ہو، یا جن کا طلاق کے وقت حاملہ ہونا معلوم ہو۔ اِس فرمانِ الٰہی کی پیروی کی جائے تو کسی شخص کو بھی طلاق دے کر پچھتانا نہ پڑے، کیونکہ اس طرح طلاق دینے سے عدّت کے اندر رُجوع بھی ہو سکتا ہے، اور عدّت گزر جانے کے بعد بھی یہ ممکن رہتا ہے کہ سابق میاں بیوی پھر باہم رشتہ جوڑنا چاہیں تو ازسرِنو نکاح کر لیں۔

فَطَلِّقُوْهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ کے یہی معنیٰ اکابر مفسّرین نے بیان کیے ہیں۔ ابنِ عباسؓ اِس کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ ''طلاق حیض کی حالت میں نہ دے، اور نہ اُس طُہر میں دے جس کے اندر شوہر مباشرت کر چکا ہو، بلکہ اسے چھوڑے رکھے یہاں تک کہ حیض سے فارغ ہو کر وہ طاہر ہو جائے۔ پھر اسے ایک طلاق دے دے۔ اس صورت میں اگر وہ رجوع نہ بھی کرے اور عدّت گزر جائے تو وہ صرف ایک ہی طلاق سے جدا ہو گی۔'' (ابنِ جَریر) حضرت عبداللہؓ بن مسعود فرماتے ہیں: ''عدّت کے لیے طلاق یہ ہے کہ طُہر کی حالت میں مباشرت کیے بغیر طلاق دی جائے۔'' یہی تفسیر حضرت عبداللہ بن عمرؓ، عطاء، مجاہد، مَیمون بن مَہران، مُقاتل بن حَیّان اور ضَحّاک رحمہم اللہ سے مروی ہے۔ (ابنِ کثیر) عِکرِمہ اس کا مطلب بیان کرتے ہیں: ''طلاق اِس حالت میں دے کہ عورت کا حاملہ ہونا معلوم ہو، اور اس حالت میں نہ دے کہ وہ اس سے مباشرت کر چکا ہو اور کچھ پتا نہ ہو کہ وہ حاملہ ہو گئی ہے یا نہیں۔'' (ابنِ کثیر)

حضرت حسن بصریؒ اور ابنِ سیرینؒ، دونوں کہتے ہیں: ''طُہر کی حالت میں مباشرت کیے بغیر طلاق دی جائے، یا پھر اُس حالت میں دی جائے جب کہ حمل ظاہر ہو چکا ہو۔'' (ابنِ جَرِیر)

اِس آیت کے منشا کو بہترین طریقے سے خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس موقع پر واضح فرمایا تھا جب حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے اپنی بیوی کو حیض کی حالت میں طلاق دے دی تھی۔ اس واقعے کی تفصیلات قریب قریب حدیث کی تمام کتابوں میں نقل ہوئی ہیں، اور وہی درحقیقت اس معاملے میں قانون کی ماخذ ہیں۔ قصہ اس کا یہ ہے کہ جب حضرت عبداللہؓ نے اپنی بیوی کو حیض کی حالت میں طلاق دی تو حضرت عمرؓ نے جا کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا ذکر کیا۔ آپؐ سُن کر سخت ناراض ہوئے اور فرمایا کہ ''اُس کو حکم دو کہ بیوی کی طرف رُجوع کر لے اور اسے اپنی زوجیت میں روکے رکھے یہاں تک کہ وہ طاہر ہو، پھر اُسے حیض آئے اور اُس سے بھی فارغ ہو کر وہ پاک ہو جائے، اس کے بعد اگر وہ اسے طلاق دینا چاہے تو طُہر کی حالت میں مباشرت کیے بغیر طلاق دے۔ یہی وہ عدّت ہے جس کے لیے طلاق دینے کا اللہ عَزَّوَجَلَّ نے حکم دیا ہے۔'' ایک روایت کے الفاظ یہ ہیں کہ ''یا تو طُہر کی حالت میں مباشرت کیے بغیر طلاق دے، یا پھر ایسی حالت میں دے جب کہ اس کا حمل ظاہر ہو چکا ہو۔''

اس آیت کے منشا پر مزید روشنی چند اور احادیث بھی ڈالتی ہیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور اکابر صحابہؓ سے منقول ہیں۔ نَسائی میں روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اطلاع دی گئی کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو بیک وقت تین طلاقیں دے ڈالی ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم یہ سن کر غصّے میں کھڑے ہو گئے اور فرمایا: اَيُلْعَبُ بِكِتَابِ اللّٰهِ وَاَنَا بَيْنَ اظهركم؟ ''کیا اللہ کی کتاب کے ساتھ کھیل کیا جا رہا ہے حالانکہ میں تمھارے درمیان موجود ہوں؟'' اس حرکت پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے غصّے کی کیفیت دیکھ کر ایک شخص نے پوچھا: کیا مَیں اسے قتل نہ کر دوں؟ عبدالرزّاق نے حضرت عُبادہؓ بن الصّامت کے متعلق روایت نقل کی ہے کہ ان کے والد نے اپنی بیوی کو ہزار طلاقیں دے ڈالیں۔ انھوں نے جا کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مسئلہ پوچھا۔ آپؐ نے فرمایا: بانت منه بثلاث فی معصية اللّٰه تعالٰی، وبقی تسع مأة وسبع وتسعون ظُلْمًا وعُدْوانًا، ان شاء اللّٰه عذّبه، وان شاء غفر لهٗ ''تین طلاقوں کے ذریعے سے تو اللہ کی نافرمانی کے ساتھ وہ عورت اس سے جدا ہو گئی، اور ۹۹۷ ظلم اور عُدوان کے طور پر باقی رہ گئے، جن پر اللہ چاہے تو اسے عذاب دے اور چاہے تو معاف کر دے۔'' حضرت عبداللہ بن عمرؓ کے قصّے کی جو تفصیل دارقُطنی اور ابن ابی شَیْبَہ میں روایت ہوئی ہے، اس میں ایک بات یہ بھی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جب حضرت عبداللہ بن عمرؓ کو بیوی کی طرف رجوع کرنے کا حکم دیا تو انھوں نے پوچھا: ''اگر میں اس کو تین طلاق دے دیتا تو کیا پھر بھی مَیں رجوع کر سکتا تھا؟'' حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: لا، كانت تبين منك وكانت معصية ''نہیں، وہ تجھ سے جدا ہو جاتی اور یہ فعل مَعصِیَت ہوتا۔'' ایک روایت میں آپؐ کے الفاظ یہ ہیں کہ اذًا قد عصيت ربك وبانت منك امرأتك ''اگر تم ایسا کرتے تو اپنے رب کی نافرمانی کرتے اور تمھاری بیوی تم سے جُدا ہو جاتی۔''

صحابۂ کرامؓ سے اس بارے میں جو فتاویٰ منقول ہیں وہ بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اِنھی ارشادات سے مطابقت رکھتے ہیں۔ مُؤطّا میں ہے کہ ایک شخص نے آ کر حضرت عبداللہؓ بن مسعود سے کہا: ''میں نے اپنی بیوی کو آٹھ طلاقیں دے ڈالی ہیں۔'' ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ نے پوچھا: ''پھر اس پر تمھیں کیا فتویٰ دیا گیا؟'' اس نے عرض کیا: ''مجھ سے کہا گیا ہے کہ عورت مجھ سے جدا ہوگئی۔'' آپ نے فرمایا: صدقوا، هو مثل ما یقولون۔ ''لوگوں نے سچ کہا، مسئلہ یہی ہے جو وہ بیان کرتے ہیں۔'' عبدالرزّاق نے عَلْقَمہ سے روایت نقل کی ہے کہ ایک شخص نے ابنِ مسعودؓ سے کہا: ''میں نے اپنی بیوی کو ۹۹ طلاقیں دے ڈالی ہیں۔'' انھوں نے فرمایا: ثلاث بینّها وسائرهن عدوان۔ ''تین طلاقیں اسے جُدا کرتی ہیں، باقی سب زیادتیاں ہیں۔'' وَکیع بن الجرّاح نے اپنی سُنن میں حضرت عثمانؓ اور حضرت علیؓ، دونوں کا یہی مسلک نقل کیا ہے۔ حضرت عثمانؓ سے ایک شخص نے آ کر عرض کیا کہ میں اپنی بیوی کو ہزار طلاقیں دے بیٹھا ہوں۔ انھوں نے فرمایا: بانت منك بثلاث۔ ''وہ تین طلاقوں سے تجھ سے جدا ہوگئی۔'' ایسا ہی واقعہ حضرت علیؓ کے سامنے پیش ہوا تو انھوں نے جواب دیا: بانت منك بثلاث واقسم سائرهن علی نسائك۔ ''تین طلاقوں سے تو وہ تجھ سے جدا ہوگئی، باقی طلاقوں کو اپنی دوسری عورتوں پر تقسیم کرتا پھر۔'' ابوداؤد اور ابنِ جَرِیر نے تھوڑے لفظی فرق کے ساتھ مجاہدؒ کی روایت نقل کی ہے کہ وہ ابنِ عباسؓ کے پاس بیٹھے تھے۔ اتنے میں ایک شخص آیا اور اس نے کہا کہ مَیں اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے بیٹھا ہوں۔ ابنِ عباسؓ سُن کر خاموش رہے، حتّٰی کہ میں نے خیال کیا شاید یہ اس کی بیوی کو اس کی طرف پلٹا دینے والے ہیں۔ پھر انھوں نے فرمایا: ''تم میں سے ایک شخص پہلے طلاق دینے میں حماقت کا ارتکاب کر گزرتا ہے، اس کے بعد آ کر کہتا ہے: 'یا ابن عباس! یا ابن عباس!' حالانکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ جو کوئی اللہ سے ڈرتے ہوئے کام کرے گا، اللہ اس کے لیے مشکلات سے نکلنے کا راستہ پیدا کر دے گا، اور تو نے اللہ سے تقویٰ نہیں کیا۔ اب میں تیرے لیے کوئی راستہ نہیں پاتا۔ تو نے اپنے ربّ کی نافرمانی کی اور تیری بیوی تجھ سے جُدا ہوگئی۔'' ایک اور روایت جسے مؤطّا اور تفسیر ابنِ جَرِیر میں کچھ لفظی فرق کے ساتھ مجاہدؒ ہی سے نقل کیا گیا ہے، اس میں یہ ذکر ہے کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو سو طلاقیں دے دیں، پھر ابنِ عباسؓ سے مسئلہ پوچھا۔ انھوں نے جواب دیا: ''تین طلاقوں سے تو وہ تجھ سے جُدا ہوگئی، باقی ۹۷ سے تُو نے اللہ کی آیات کو کھیل بنایا۔'' یہ مُؤطّا کے الفاظ ہیں۔ ابنِ جَرِیر میں ابنِ عباسؓ کے جواب کے الفاظ یہ ہیں: ''تُو نے اپنے ربّ کی نافرمانی کی اور تیری بیوی تجھ سے جدا ہوگئی اور تُو نے اللہ کا خوف نہیں کیا کہ وہ تیرے لیے اِس مشکل سے نکلنے کوئی راستہ پیدا کرتا۔'' امام طَحاوِیؒ نے روایت نقل کی ہے کہ ایک شخص ابنِ عباسؓ کے پاس آیا اور اس نے کہا: ''میرے چچا نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے ڈالی ہیں۔'' انھوں نے جواب دیا: اِنَّ عمك عصی اللّٰہ فَاَثِمِ واطاع الشیطان فلم یجعل له مخرجًا۔ ''تیرے چچا نے اللہ کی نافرمانی کی اور گناہ کا ارتکاب کیا اور شیطان کی پیروی کی۔ اللہ نے اس کے لیے اِس مشکل سے نکلنے کا کوئی راستہ نہیں رکھا ہے۔'' ابوداؤد اور مؤطّا میں ہے کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو خلوَت سے پہلے تین طلاقیں دے دیں، پھر اس سے دوبارہ نکاح کرنا چاہا اور فتویٰ پوچھنے نکلا

حدیث کے راوی محمد بن اِیاس بن بُکَیر کہتے ہیں کہ میں اس کے ساتھ ابن عباس اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کے پاس گیا۔ دونوں کا جواب یہ تھا: انّك ارسلت من يدك ما كان من فضل۔ ''تیرے لیے جو گنجایش تھی تُو نے اسے اپنے ہاتھ سے چھوڑ دیا۔'' زَمَخشری نے کشّاف میں بیان کیا ہے کہ حضرت عمرؓ کے پاس جو شخص بھی ایسا آتا جس نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دی ہوں، اسے وہ مارتے تھے اور اس کی طلاقوں کو نافذ کر دیتے تھے۔ سعید بن منصور نے یہی بات صحیح سند کے ساتھ حضرت اَنَسؓ کی روایت سے نقل کی ہے۔ اس معاملے میں صحابۂ کرامؓ کی عام رائے، جسے ابنِ ابی شَیْبَہؒ اور امام محمدؒ نے ابراہیم نَخَعی رحمہ اللہ سے نقل کیا ہے، یہ تھی کہ ان الصّحابة رضى اللّٰه عنهم كانوا يستحبون ان يطلقها واحدة ثم يتركها حتي تحيض ثلاثة حيض۔ ''صحابہ رضی اللہ عنہم اس بات کو پسند کرتے تھے کہ آدمی بیوی کو صرف ایک طلاق دے دے اور اس کو چھوڑے رکھے، یہاں تک کہ اسے تین حیض آجائیں۔'' یہ ابنِ ابی شَیْبَہ کے الفاظ ہیں۔ اور امام محمدؒ کے الفاظ یہ ہیں: كانوا يستحبون ان لا تزيدوا في الطلاق علي واحدة حتي تنقضي العدّة۔ ''اُن کو یہ طریقہ پسند تھا کہ طلاق کے معاملے میں ایک سے زیادہ نہ بڑھیں یہاں تک کہ عدّت پُوری ہو جائے۔''

ان احادیث و آثار کی مدد سے قرآنِ مجید کی مذکورۂ بالا آیت کا منشا سمجھ کر فقہائے اسلام نے جو مفصّل قانون مرتّب کیا ہے، اسے ہم ذیل میں نقل کرتے ہیں:

(۱) حَنَفِیّہ طلاق کی تین قسمیں قرار دیتے ہیں: اَحْسَن، حَسَن اور بِدْعی۔ اَحْسَن طلاق یہ ہے کہ آدمی اپنی بیوی کو ایسے طُہر میں جس کے اندر اس نے مجامعت نہ کی ہو، صرف ایک طلاق دے کر عدّت گزر جانے دے۔ حَسَن یہ ہے کہ ہر طُہر میں ایک ایک طلاق دے۔ اس صورت میں تین طُہروں میں تین طلاق دینا بھی سنّت کے خلاف نہیں ہے، اگرچہ بہتر یہی ہے کہ ایک ہی طلاق دے کر مدّت گزر جانے دی جائے۔ اور طلاقِ بدعت یہ ہے کہ آدمی بیک وقت تین طلاق دے دے، یا ایک ہی طُہر کے اندر الگ الگ اوقات میں تین طلاق دے، یا حیض کی حالت میں طلاق دے، یا ایسے طُہر میں طلاق دے جس میں وہ مباشرت کر چکا ہو۔ ان میں سے جو فعل بھی وہ کرے گا گناہگار ہوگا۔ یہ تو ہے حکم ایسی مدخُولہ عورت کا جسے حیض آتا ہو۔ رہی غیر مدخُولہ عورت، تو اسے سنّت کے مطابق طُہر اور حیض دونوں حالتوں میں طلاق دی جا سکتی ہے۔ اور اگر عورت ایسی مدخُولہ ہو جسے حیض آنا بند ہو گیا ہو، یا ابھی آنا شروع ہی نہ ہوا ہو، تو اسے مباشرت کے بعد بھی طلاق دی جا سکتی ہے، کیونکہ اس کے حاملہ ہونے کا امکان نہیں ہے۔ اور عورت حاملہ ہو تو مباشرت کے بعد اسے بھی طلاق دی جا سکتی ہے، کیونکہ اس کا حاملہ ہونا پہلے ہی معلوم ہے۔ لیکن ان تینوں قسم کی عورتوں کو سُنّت کے مطابق طلاق دینے کا طریقہ یہ ہے کہ ایک ایک مہینے بعد طلاق دی جائے، اور اَحْسَن یہ ہے کہ صرف ایک طلاق دے کر عدّت گزر جانے دی جائے۔ (ہِدایہ، فتح القدیر، احکام القرآن للجصاص، عُمدۃ القاری)

امام مالکؒ کے نزدیک بھی طلاق کی تین قسمیں ہیں: سُنّی، بِدْعی مکروہ، اور بِدعی حرام۔ سُنّت کے مطابق طلاق یہ

ہے کہ مدخولہ عورت کو جسے حیض آتا ہو، طُہر کی حالت میں مباشرت کیے بغیر صرف ایک طلاق دے کر عدّت گزر جانے دی جائے۔ بِدْعی مکروہ یہ ہے کہ ایسے طُہر کی حالت میں طلاق دی جائے جس میں آدمی مباشرت کر چکا ہو، یا مباشرت کیے بغیر ایک طُہر میں ایک سے زیادہ طلاقیں دی جائیں، یا عدّت کے اندر الگ الگ طُہروں میں تین طلاقیں دی جائیں، یا بیک وقت تین طلاقیں دے ڈالی جائیں۔ اور بِدْعی حرام یہ ہے کہ حیض کی حالت میں طلاق دی جائے۔ (حاشیۃ الدُّسوقی علی الشرح الکبیر، احکام القرآن لابن العَرَبی)

امام احمد بن حَنبلؒ کا معتبر مذہب یہ ہے جس پر جُمہور حَنابِلَہ کا اتفاق ہے: مدخولہ عورت جس کو حیض آتا ہو، اسے سُنّت کے مطابق طلاق دینے کا طریقہ یہ ہے کہ طُہر کی حالت میں مباشرت کیے بغیر اسے طلاق دی جائے، پھر اسے چھوڑ دیا جائے یہاں تک کہ عدّت گزر جائے۔ لیکن اگر اسے تین طُہروں میں تین الگ الگ طلاقیں دی جائیں، یا ایک ہی طُہر میں تین طلاقیں دے دی جائیں، یا بیک وقت تین طلاقیں دے ڈالی جائیں، یا حیض کی حالت میں طلاق دی جائے، یا ایسے طہر میں طلاق دی جائے جس میں مباشرت کی گئی ہو اور عورت کا حاملہ ہونا ظاہر نہ ہو، تو یہ سب طلاقِ بدعت اور حرام ہیں۔ لیکن اگر عورت غیر مدخولہ ہو، یا ایسی مدخولہ ہو جسے حیض آنا بند ہو گیا ہو، یا ابھی حیض آنا شروع ہی نہ ہوا ہو، یا حاملہ ہو، تو اس کے معاملے میں نہ وقت کے لحاظ سے سنّت و بدعت کا کوئی فرق ہے نہ تعداد کے لحاظ سے۔ (الانصاف فی معرفۃ الراجح من الخِلاف علیٰ مذہبِ احمد بن حنبلؒ)

امام شافعیؒ کے نزدیک طلاق کے معاملے میں سنت اور بدعت کا فرق صرف وقت کے لحاظ سے ہے نہ کہ تعداد کے لحاظ سے۔ یعنی مدخُولہ عورت جس کو حیض آتا ہو اسے حیض کی حالت میں طلاق دینا، یا جو حاملہ ہو سکتی ہو اُسے ایسے طُہر میں طلاق دینا جس میں مباشرت کی جا چکی ہو اور عورت کا حاملہ ہونا ظاہر نہ ہوا ہو، بدعت اور حرام ہے۔ رہی طلاقوں کی تعداد، تو خواہ بیک وقت تین طلاقیں دی جائیں، یا ایک ہی طُہر میں دی جائیں، یا الگ الگ طُہروں میں دی جائیں، بہرحال یہ سنّت کے خلاف نہیں ہے۔ اور غیر مدخُولہ عورت، یا ایسی عورت جسے حیض آنا بند ہو گیا ہو، یا حیض آیا ہی نہ ہو، یا جس کا حاملہ ہونا ظاہر ہو چکا ہو، اس کے معاملے میں سنّت اور بدعت کا کوئی فرق نہیں ہے۔ (مُغنی المحتاج)

(۲) کسی طلاق کے بدعت، مکروہ، حرام یا گناہ ہونے کا مطلب ائمۂ اربعہ کے نزدیک یہ نہیں ہے کہ وہ واقع ہی نہ ہو۔ چاروں مذاہب میں طلاق، خواہ حیض کی حالت میں دی گئی ہو، یا بیک وقت تین طلاقیں دے دی گئی ہوں، یا ایسے طُہر میں طلاق دی گئی ہو جس میں مباشرت کی جا چکی ہو اور عورت کا حاملہ ہونا ظاہر نہ ہوا ہو، یا کسی اور ایسے طریقے سے دی گئی ہو جسے کسی امام نے بدعت قرار دیا ہے، بہرحال واقع ہو جاتی ہے، اگرچہ آدمی گناہ گار ہوتا ہے۔ لیکن بعض دوسرے مجتہدین نے اس مسئلے میں ائمۂ اربعہ سے اختلاف کیا ہے۔

سعید بن المُسَیَّبؒ اور بعض دوسرے تابعین کہتے ہیں کہ جو شخص سنّت کے خلاف حیض کی حالت میں طلاق دے، یا بیک وقت تین طلاق دے دے، اس کی طلاق سرے سے واقع ہی نہیں ہوتی۔ یہی رائے امامیہ کی ہے۔

اور اس رائے کی بنیاد یہ ہے کہ ایسا کرنا چونکہ ممنوع اور بدعتِ مُحرَّمہ ہے اس لیے یہ غیر موَثّر ہے۔ حالانکہ اُوپر جو احادیث ہم نقل کر آئے ہیں، ان میں یہ بیان ہوا ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے جب بیوی کو حالتِ حیض میں طلاق دی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے انھیں رُجوع کا حکم دیا۔ اگر یہ طلاق واقع ہی نہیں ہوئی تھی تو رجوع کا حکم دینے کے کیا معنیٰ؟ اور یہ بھی بکثرت احادیث سے ثابت ہے کہ حضورؐ نے اور اکابر صحابہؓ نے ایک سے زیادہ طلاق دینے والے کو اگرچہ گناہ گار قرار دیا ہے، مگر اس کی طلاق کو غیر موَثّر قرار نہیں دیا۔

طاؤس اور عِکْرِمہ کہتے ہیں کہ بیک وقت تین طلاقیں دی جائیں تو صرف ایک طلاق واقع ہوتی ہے، اور اِسی رائے کو امام ابنِ تَیْمِیَہؒ نے اختیار کیا ہے۔ اُن کی اِس رائے کا ماخذ یہ روایت ہے کہ ابوالصَّہباء نے ابنِ عباسؓ سے پُوچھا: ''کیا آپ کو معلوم نہیں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکرؓ کے عہد میں اور حضرت عمرؓ کے ابتدائی دَور میں تین طلاقوں کو ایک قرار دیا جاتا تھا؟'' انھوں نے جواب دیا: ''ہاں''۔ (بخاری و مسلم)، اور مسلم، ابوداؤد اور مُسْنَدِ احمد میں ابنِ عباسؓ کا یہ قول نقل کیا گیا ہے کہ ''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکرؓ کے عہد، اور حضرت عمرؓ کی خلافت کے ابتدائی دو سالوں میں تین طلاق کو ایک قرار دیا جاتا تھا۔ پھر حضرت عمرؓ نے کہا کہ لوگ ایک ایسے معاملے میں جلد بازی کرنے لگے ہیں جس میں اُن کے لیے سوچ سمجھ کر کام کرنے کی گنجایش رکھی گئی تھی۔ اب کیوں نہ ہم ان کے اس فعل کو نافذ کر دیں؟ چنانچہ انھوں نے اسے نافذ کر دیا۔''

لیکن یہ رائے کئی وُجوہ سے قابلِ قبول نہیں ہے۔ اوّل تو متعدِّد روایات کے مطابق ابنِ عباسؓ کا اپنا فتویٰ اس کے خلاف تھا جیسا کہ ہم اُوپر نقل کر چکے ہیں۔ دوسرے، یہ بات اُن احادیث کے بھی خلاف پڑتی ہے جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور اکابر صحابہؓ سے منقول ہوئی ہیں، جن میں بیک وقت تین طلاق دینے والے کے متعلق یہ فتویٰ دیا گیا ہے کہ اس کی تینوں طلاقیں نافذ ہو جاتی ہیں۔ یہ احادیث بھی ہم نے اُوپر نقل کر دی ہیں۔ تیسرے، خود ابنِ عباسؓ کی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عمرؓ نے صحابہؓ کے مجمع میں تین طلاقوں کو نافذ کرنے کا اعلان فرمایا تھا، لیکن نہ اُس وقت، نہ اُس کے بعد کبھی صحابہؓ میں سے کسی نے اس سے اختلاف کا اظہار کیا۔ اب کیا یہ تصوُّر کیا جا سکتا ہے کہ حضرت عمرؓ سنّت کے خلاف کسی کام کا فیصلہ کر سکتے تھے؟ اور سارے صحابہؓ اس پر سکوت بھی اختیار کر سکتے تھے؟ مزید برآں رُکانہ بن عبدِ یَزید کے قصّے میں ابوداؤد، ترمذی، ابنِ ماجہ، امام شافعیؒ، دارمی اور حاکم نے یہ روایت نقل کی ہے کہ رُکانہ نے جب ایک ہی مجلس میں اپنی بیوی کو تین طلاقیں دیں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کو حلف دے کر پوچھا کہ ان کی نیّت ایک ہی طلاق دینے کی تھی؟ (یعنی باقی دو طلاقیں پہلی طلاق پر زور دینے کے لیے ان کی زبان سے نکلی تھیں، تین طلاق دے کر ہمیشہ کے لیے جُدا کر دینا مقصود نہ تھا) اور جب انھوں نے یہ حلفیہ بیان دیا تو آپؐ نے ان کو رُجوع کا حق دے دیا۔ اس سے اِس معاملے کی اصل حقیقت معلوم ہو جاتی ہے کہ ابتدائی دَور میں کس قسم

کی طلاقوں کو ایک کے حکم میں رکھا جاتا تھا۔ اسی بنا پر شارحینِ حدیث نے ابنِ عباسؓ کی روایت کا یہ مطلب لیا ہے کہ ابتدائی دَور میں چونکہ لوگوں کے اندر دینی معاملات میں خیانت قریب قریب مفقود تھی، اس لیے تین طلاق دینے والے کے اِس بیان کو تسلیم کر لیا جاتا تھا کہ اُس کی اصل نیت ایک طلاق دینے کی تھی اور باقی دو طلاقیں محض پہلی طلاق پر زور دینے کے لیے اُس کی زبان سے نکل گئی تھیں۔ لیکن حضرت عمرؓ نے جب دیکھا کہ لوگ پہلے جلد بازی کر کے تین تین طلاقیں دے ڈالتے ہیں اور پھر تاکید کا بہانہ کرتے ہیں، تو انھوں نے اِس بہانے کو قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ امام نَوَوِیؒ اور امام سُبکیؒ نے اِسے ابنِ عباسؓ والی روایت کی بہترین تاویل قرار دیا ہے۔ آخری بات یہ ہے کہ خود ابوالصَّہباء کی اُن روایات میں اضطراب پایا جاتا ہے جو ابنِ عباسؓ کے قول کے بارے میں اُن سے مروی ہیں۔ مسلم اور ابوداؤد اور نَسائی نے انھی ابوالصَّہبا سے ایک دوسری روایت یہ نقل کی ہے کہ ان کے دریافت کرنے پر ابنِ عباسؓ نے فرمایا: ''ایک شخص جب خَلْوَت سے پہلے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دیتا تھا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکرؓ کے عہد اور حضرت عمرؓ کے ابتدائی دَور میں اس کو ایک طلاق قرار دیا جاتا تھا۔'' اس طرح ایک ہی راوی نے ابنِ عباسؓ سے دو مختلف مضمونوں کی روایتیں نقل کی ہیں اور یہ اختلاف دونوں روایتوں کو کمزور کر دیتا ہے۔

(۳) حیض کی حالت میں طلاق دینے والے کو چونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رُجوع کا حکم دیا تھا، اس لیے فقہا کے درمیان یہ سوال پیدا ہوا ہے کہ یہ حکم کس معنیٰ میں ہے۔ امام ابوحنیفہ، امام شافعی، امام احمد، امام اَوزاعی، ابنِ ابی لیلیٰ، اسحاق بن راہوَیہ اور ابوثَور رحمہم اللہ کہتے ہیں کہ ایسے شخص کو رجوع کا حکم تو دیا جائے گا مگر رجوع پر مجبور نہ کیا جائے گا۔ (عُمدۃ القاری) ہِدایہ میں حَنَفِیَہ کا مذہب یہ بیان کیا گیا ہے کہ اس صورت میں رجوع کرنا نہ صرف مستحب بلکہ واجب ہے۔ مُغْنِی المحتاج میں شافعیہ کا مسلک یہ بیان ہوا ہے کہ جس نے حیض میں طلاق دی ہو اور تین طلاقیں نہ دے ڈالی ہوں، اس کے لیے مسنون یہ ہے کہ وہ رجوع کرے، اور اُس کے بعد والے طُہر میں طلاق نہ دے، بلکہ اس کے گزرنے کے بعد جب دوسری مرتبہ عورت حیض سے فارغ ہو تب طلاق دینا چاہے تو دے، تاکہ حیض میں دی ہوئی طلاق سے رجوع محض کھیل کے طور پر نہ ہو۔ الانصاف میں حَنابِلَہ کا مسلک یہ بیان ہوا ہے کہ اس حالت میں طلاق دینے والے کے لیے رُجوع کرنا مستحب ہے۔ لیکن امام مالکؒ اور اُن کے اصحاب کہتے ہیں کہ حیض کی حالت میں طلاق دینا جرم قابلِ دست اندازیِ پولیس ہے۔ عورت خواہ مطالبہ کرے یا نہ کرے، بہرحال حاکم کا یہ فرض ہے کہ جب کسی شخص کا یہ فعل اس کے علم میں آئے تو وہ اسے رجوع پر مجبور کرے اور عدّت کے آخری وقت تک اس پر دباؤ ڈالتا رہے۔ اگر وہ انکار کرے تو اسے قید کر دے۔ پھر بھی انکار کرے تو اسے مارے۔ اس پر بھی نہ مانے تو حاکم خود فیصلہ کر دے کہ ''میں نے تیری بیوی تجھ پر واپس کر دی۔'' اور حاکم کا یہ فیصلہ رجوع ہوگا جس کے بعد مرد کے لیے اُس عورت سے مباشرت کرنا جائز ہوگا، خواہ اس کی نیت رجوع کی ہو یا نہ ہو، کیونکہ حاکم کی نیّت اُس کی نیّت کی قائم مَقام ہے۔ (حاشیۃ الدُّسُوقی) مالکیہ یہ بھی کہتے ہیں کہ جس

شخص نے طَوعاً وکَرہاً حیض میں دی ہوئی طلاق سے رُجوع کرلیا ہو، وہ اگر طلاق ہی دینا چاہے تو اس کے لیے مستحب طریقہ یہ ہے کہ جس حیض میں اس نے طلاق دی ہے، اس کے بعد والے طُہر میں اسے طلاق نہ دے، بلکہ جب دوبارہ حیض آنے کے بعد وہ طاہر ہو اُس وقت طلاق دے۔ طلاق سے متصل والے طُہر میں طلاق نہ دینے کا حکم دراصل اس لیے دیا گیا ہے کہ حیض کی حالت میں طلاق دینے والے کا رجوع صرف زبانی کلامی نہ ہو بلکہ اُسے طُہر کے زمانے میں عورت سے مباشرت کرنی چاہیے۔ پھر جس طُہر میں مباشرت کی جا چکی ہو اس میں طلاق دینا چونکہ ممنوع ہے، لہٰذا طلاق دینے کا صحیح وقت اس کے بعد والا طُہر ہی ہے۔ (حاشیۃ الدُّسُوقی)

(۴) رَجعی طلاق دینے والے کے لیے رجوع کا موقع کس وقت تک ہے؟ اس میں بھی فقہا کے درمیان اختلاف واقع ہوا ہے، اور یہ اختلاف اس سوال پر پیدا ہوا ہے کہ سورۂ بقرہ کی آیت ۲۲۸ میں ثَلٰثَةَ قُرُوْٓءٍ سے مراد تین حیض ہیں یا تین طُہر؟ امام شافعیؒ اور امام مالکؒ کے نزدیک قَرء سے مُراد طُہر ہے، اور یہ رائے حضرت عائشہ، ابنِ عمر اور زید بن ثابت رضی اللہ عنہم سے منقول ہے۔ حَنَفِیّہ کا مذہب یہ ہے کہ قَرء سے مراد حیض ہے، اور امام احمد بن حنبلؒ کا معتبر مذہب بھی یہی ہے۔ یہ رائے چاروں خلفائے راشدین، عبداللہؓ بن مسعود، عبداللہ بن عباس، اُبَیّ بن کَعب، مُعاذ بن جَبَل، ابوالدّرداء، عُبادہ بن صامِت اور ابوموسیٰ اَشعَری رضی اللہ عنہم سے منقول ہے۔ امام محمدؒ نے مؤطّا میں شَعبِی کا قول نقل کیا ہے کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ۱۳ صحابیوں سے ملے ہیں، اور ان سب کی رائے یہی تھی۔ اور یہی رائے بکثرت تابعین نے بھی اختیار کی ہے۔

اس اختلاف کی بنا پر شافعیہ اور مالکیہ کے نزدیک تیسرے حیض میں داخل ہوتے ہی عورت کی عدّت ختم ہوجاتی ہے، اور مرد کا حقِ رُجوع ساقط ہو جاتا ہے۔ اور اگر طلاق حیض کی حالت میں دی گئی ہو، تو اس حیض کا شمار عدّت میں نہ ہوگا، بلکہ چوتھے حیض میں داخل ہونے پر عدّت ختم ہوگی۔ (مُغنِی المحتاج، حاشیۃ الدُّسُوقی) حَنَفِیّہ کا مذہب یہ ہے کہ اگر تیسرے حیض میں دس دن گزرنے پر خون بند ہو تو عورت کی عدّت ختم ہو جائے گی، خواہ عورت غسل کرے یا نہ کرے۔ اور اگر دس دن سے کم میں خون بند ہو جائے تو عدّت اُس وقت تک ختم نہ ہوگی جب تک عورت غسل نہ کرلے، یا ایک نماز کا پُورا وقت نہ گزر جائے۔ پانی نہ ہونے کی صورت میں امام ابوحنیفہؒ اور امام ابویوسفؒ کے نزدیک جب عورت تیمُّم کر کے نماز پڑھ لے، اس وقت مرد کا حقِ رُجوع ختم ہوگا، اور امام محمدؒ کے نزدیک تیمُّم کرتے ہی حقِ رُجوع ختم ہو جائے گا۔ (ہِدایہ) امام احمدؒ کا معتبر مذہب، جس پر جُمہور حنابلہ کا اتفاق ہے، یہ ہے کہ جب تک عورت تیسرے حیض سے فارغ ہو کر غسل نہ کرلے، مرد کا حقِ رجوع باقی رہے گا۔ (الانصاف)

(۵) رجوع کس طرح ہوتا ہے اور کس طرح نہیں ہوتا؟ اِس مسئلے میں فقہا کے درمیان یہ امر مُتَّفَق عَلَیہ ہے کہ جس شخص نے اپنی بیوی کو رَجعی طلاق دی ہو، وہ عدّت ختم ہونے سے پہلے جب چاہے رجوع کرسکتا ہے، خواہ عورت راضی ہو یا نہ ہو۔ کیونکہ قرآنِ مجید (سورۂ بَقَرہ، آیت ۲۲۸) میں فرمایا گیا ہے: وَ بُعُوْلَتُهُنَّ اَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ

فِیْ ذٰلِكَ، ’’اُن کے شوہر اس مدت کے اندر اُنھیں واپس لے لینے کے پُوری طرح حق دار ہیں۔‘‘ اس سے خود بخود یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ عدّت گزرنے سے پہلے تک اُن کی زوجیت برقرار رہتی ہے اور وہ انھیں قطعی طور پر چھوڑ دینے سے پہلے واپس لے سکتے ہیں۔ بالفاظِ دیگر رجوع کوئی تجدیدِ نکاح نہیں ہے کہ اس کے لیے عورت کی رضا ضروری ہو۔اس حد تک اتفاق کے بعد آگے رجوع کے طریقے میں فقہا کی رائے مختلف ہوگئی ہے۔

شافعیہ کے نزدیک رجوع صرف قول ہی سے ہوسکتا ہے، عمل سے نہیں ہوسکتا۔ اگر آدمی زبان سے یہ نہ کہے کہ میں نے رجوع کیا تو مباشرت یا اختلاط کا کوئی فعل، خواہ رجوع کی نیت ہی سے کیا گیا ہو، رجوع قرار نہیں دیا جائے گا، بلکہ اِس صورت میں عورت سے ہر قسم کا استمتاع حرام ہے، چاہے وہ بلا شہوت ہی ہو۔ لیکن مُطَلَّقہ رَجْعِیَّہ سے مباشرت کرنے پر حدّ نہیں ہے، کیونکہ علما کا اس کے حرام ہونے پر اتفاق نہیں ہے۔ البتہ جو اس کے حرام ہونے کا اعتقاد رکھتا ہو، اسے تعزیر دی جائے گی۔ مزید برآں شافعی مسلک کی رو سے مُطَلَّقہ رَجْعِیَّہ کے ساتھ مباشرت کرنے پر بہرحال مَہرِ مثل لازم آتا ہے، خواہ اس کے بعد آدمی رجوع بالقول کرے یا نہ کرے۔ (مُغنی المحتاج)

مالکیہ کہتے ہیں کہ رجوع قول اور فعل، دونوں سے ہوسکتا ہے۔ اگر رجوع بالقول میں آدمی صریح الفاظ استعمال کرے، تو خواہ اس کی نیت رجوع کی ہو یا نہ ہو، رجوع ہو جائے گا، بلکہ اگر وہ مذاق کے طور پر بھی رجوع کے صریح الفاظ کہہ دے تو وہ رجوع قرار پائیں گے۔ لیکن اگر الفاظ صریح نہ ہوں تو وہ صرف اُس صورت میں رجوع قرار دیے جائیں گے جب کہ وہ رجوع کی نیت سے کہے گئے ہوں۔ رہا رجوع بالفعل، تو کوئی فعل خواہ وہ اختلاط ہو، یا مباشرت، اس وقت تک رجوع قرار نہیں دیا جاسکتا جب تک وہ رجوع کی نیت سے نہ کیا گیا ہو۔ (حاشیۃ الدُّسُوقی، احکام القرآن لابن العَرَبی)

حنفیہ اور حنابلہ کا مسلک رجوع بالقول کے معاملے میں وہی ہے جو مالکیہ کا ہے۔ رہا رجوع بالفعل، تو مالکیہ کے برعکس اِن دونوں مذاہب کا فتویٰ یہ ہے کہ شوہر اگر عدت کے اندر مُطَلَّقہ رَجْعِیَّہ سے مباشرت کر لے، تو وہ آپ سے آپ رجوع ہے، خواہ رجوع کی نیت ہو یا نہ ہو۔ البتہ دونوں کے مسلک میں فرق یہ ہے کہ حنفیہ کے نزدیک اختلاط کا ہر فعل رجوع ہے، خواہ وہ مباشرت سے کم کسی درجے کا ہو، اور حنابلہ محض اختلاط کو رجوع نہیں مانتے۔ (ہِدایہ، فتح القدیر، عُمدۃ القاری، الانصاف)

(۲) طلاقِ سُنّت اور طلاقِ بدعت کے نتائج کا فرق یہ ہے کہ ایک طلاق یا دو طلاق دینے کی صورت میں اگر عدّت گزر بھی جائے تو مُطَلَّقہ عورت اور اس کے سابق شوہر کے درمیان باہمی رضامندی سے پھر نکاح ہوسکتا ہے۔ لیکن اگر آدمی تین طلاق دے چکا ہو تو نہ عدّت کے اندر رجوع ممکن ہے اور نہ عدت گزر جانے کے بعد دوبارہ نکاح کیا جاسکتا ہے، اِلّا یہ کہ اُس عورت کا نکاح کسی اور شخص سے ہو، وہ نکاح صحیح نوعیت کا ہو، دوسرا شوہر اُس عورت سے مباشرت بھی کر چکا ہو، پھر یا تو وہ اسے طلاق دے دے یا مر جائے۔ اس کے بعد اگر عورت اور اس کا سابق شوہر باہمی رضامندی کے ساتھ از سرِ نو نکاح کرنا چاہیں تو کر سکتے ہیں۔ احادیث

وَ اَحْصُوا الْعِدَّةَ ۚ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ رَبَّكُمْ ۚ لَا تُخْرِجُوْهُنَّ مِنْۢ بُيُوْتِهِنَّ وَ لَا يَخْرُجْنَ اِلَّاۤ اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ؕ وَ تِلْكَ

اور عدّت کے زمانے کا ٹھیک ٹھیک شمار کرو[2]، اور اللہ سے ڈرو جو تمھارا رب ہے۔ (زمانۂ عدّت میں) نہ تم اُنھیں اُن کے گھروں سے نکالو اور نہ وہ خود نکلیں[3]، اِلّا یہ کہ وہ کسی صریح بُرائی کی مرتکب ہوں[4]۔ یہ

کی اکثر کتابوں میں صحیح سند کے ساتھ یہ روایت آئی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم سے پوچھا گیا کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دیں، پھر اس عورت نے دوسرے شخص سے نکاح کر لیا، اور اُس دوسرے شوہر کے ساتھ اس کی خلوت بھی ہوئی، مگر مباشرت نہیں ہوئی، پھر اس نے اسے طلاق دے دی، اب کیا اس عورت کا اپنے سابق شوہر سے دوبارہ نکاح ہو سکتا ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: لا، حتّٰی یذوق الاٰخر من عسیلتها ما ذاق الاوّل۔ ”نہیں، جب تک کہ دوسرا شوہر اس سے اُسی طرح لُطف اندوز نہ ہو چکا ہو جس طرح پہلا شوہر ہوا تھا۔“ رہا سازشی نکاح، جس میں پہلے سے یہ طے شدہ ہو کہ عورت کو سابق شوہر کے لیے حلال کرنے کی خاطر ایک آدمی اس سے نکاح کرے گا اور مباشرت کرنے کے بعد اسے طلاق دے دے گا، تو امام ابو یُوسُفؒ کے نزدیک یہ نکاح فاسد ہے، اور امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک اس سے تحلیل تو ہو جائے گی، مگر یہ فعل مکروہِ تحریمی ہے۔ حضرت عبداللہؓ بن مسعود کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لعن اللّٰه المحلل والمحلل له ”اللہ نے تحلیل کرنے والے اور تحلیل کرانے والے، دونوں پر لعنت فرمائی ہے۔“ (ترمذی، نَسائی) حضرت عُقبہؓ بن عامر کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہؓ سے پوچھا: الا اخبرکم بالتیس المستعار؟ ”کیا میں تمھیں نہ بتاؤں کہ کرایے کا سانڈ کون ہوتا ہے؟“ صحابہؓ نے عرض کیا: ”ضرور ارشاد فرمائیں۔“ فرمایا: هو المحلل، لعن اللّٰه المحلل والمحلل له۔ ”وہ تحلیل کرنے والا ہے۔ خدا کی لعنت ہے تحلیل کرنے والے پر بھی اور اس شخص پر بھی جس کے لیے تحلیل کی جائے۔“ (ابنِ ماجہ، دارقُطنی)

۲- اس حکم کا خطاب مَردوں سے بھی ہے اور عورتوں سے بھی اور ان کے خاندان والوں سے بھی۔ مطلب یہ ہے کہ طلاق کو کھیل نہ سمجھ بیٹھو کہ طلاق کا اہم معاملہ پیش آنے کے بعد یہ بھی یاد نہ رکھا جائے کہ کب طلاق دی گئی ہے، کب عدّت شروع ہوئی اور کب اس کو ختم ہونا ہے۔ طلاق ایک نہایت نازک معاملہ ہے جس سے عورت اور مرد اور اُن کی اولاد اور اُن کے خاندان کے لیے بہت سے قانونی مسائل پیدا ہوتے ہیں۔ اس لیے جب طلاق دی جائے تو اس کے وقت اور تاریخ کو یاد رکھا جائے، اور یہ بھی یاد رکھا جائے کہ کس حالت میں عورت

کو طلاق دی گئی ہے، اور حساب لگا کر دیکھا جائے کہ عدّت کا آغاز کب ہوا ہے، کب تک وہ باقی ہے، اور کب وہ ختم ہو گئی۔ اِسی حساب پر اِن اُمور کا فیصلہ موقوف ہے کہ شوہر کو کب تک رجوع کا حق ہے، کب تک اسے عورت کو گھر میں رکھنا ہے، کب تک اُس کا نَفقہ دینا ہے، کب تک وہ عورت کا وارث ہوگا اور عورت اس کی وارث ہوگی، کب عورت اس سے جُدا ہو جائے گی اور اسے دوسرا نکاح کر لینے کا حق حاصل ہو جائے گا۔ اور اگر یہ معاملہ کسی مُقدَّمے کی صورت اختیار کر جائے تو عدالت کو بھی صحیح فیصلہ کرنے کے لیے طلاق کی صحیح تاریخ اور وقت اور عورت کی حالت معلوم ہونے کی ضرورت ہوگی، کیونکہ اس کے بغیر وہ مدخولہ اور غیر مدخولہ، حاملہ اور غیر حاملہ، بے حیض اور باحیض، رجعیّہ اور غیر رجعیّہ عورتوں کے معاملے میں طلاق سے پیدا شدہ مسائل کا صحیح فیصلہ نہیں کر سکتی۔

۳- یعنی نہ مرد غصّے میں آ کر عورت کو گھر سے نکال دے، اور نہ عورت خود ہی بگڑ کر گھر چھوڑ دے۔ عدّت تک گھر اُس کا ہے۔ اُسی گھر میں دونوں کو رہنا چاہیے، تاکہ باہم موافقت کی کوئی صورت اگر نکل سکتی ہو تو اس سے فائدہ اُٹھایا جا سکے۔ طلاق اگر رَجعی ہو تو کسی وقت بھی شوہر کی طبیعت بیوی کی طرف مائل ہو سکتی ہے، اور بیوی بھی اختلاف کے اسباب کو دُور کر کے شوہر کو راضی کرنے کی کوشش کر سکتی ہے۔ دونوں ایک گھر میں موجود رہیں گے تو تین مہینے تک، یا تین حیض آنے تک، یا حمل کی صورت میں وضعِ حمل تک اِس کے مواقع بار ہا پیش آ سکتے ہیں۔ لیکن اگر مرد جلد بازی کر کے اسے نکال دے، یا عورت ناسمجھی سے کام لے کر میکے جا بیٹھے، تو اس صورت میں رُجوع کے امکانات بہت کم رہ جاتے ہیں اور بالعموم طلاق کا انجام آخر کار مستقل علیحدگی ہو کر رہتا ہے۔ اسی لیے فقہا نے یہاں تک کہا ہے کہ طلاقِ رَجعی کی صورت میں جو عورت عدت گزار رہی ہو، اُسے بناؤ سنگھار کرنا چاہیے تاکہ شوہر اس کی طرف مائل ہو۔ (ہِدایہ، الانصاف)

فقہا کے درمیان اس امر میں اتفاق ہے کہ مُطلّقہ رَجعیّہ کو عدّت کے زمانے میں سُکونت اور نفقے کا حق ہے، اور عورت کے لیے یہ جائز نہیں ہے کہ شوہر کی اجازت کے بغیر گھر سے جائے، اور مرد کے لیے بھی یہ جائز نہیں ہے کہ اسے گھر سے نکالے۔ اگر مرد اسے نکالے گا تو گناہ گار ہوگا، اور عورت اگر خود نکلے گی تو گناہ گار بھی ہوگی اور نَفقہ و سُکونت کے حق سے بھی محروم ہو جائے گی۔

۴- اس کے متعدّد مطلب مختلف فقہا نے بیان کیے ہیں۔ حضرت حَسَن بصری، عامر شَعْبی، زید بن اسلم، ضَحّاک، مجاہد، عِکْرِمَہ، ابنِ زید، حمّاد اور لَیث کہتے ہیں کہ اس سے مراد بدکاری ہے۔ ابنِ عباسؓ کہتے ہیں کہ اس سے مراد بدزبانی ہے، یعنی یہ کہ طلاق کے بعد بھی عورت کا مزاج دُرستی پر نہ آئے، بلکہ وہ عدّت کے زمانے میں شوہر اور اس کے خاندان والوں سے جھگڑتی اور بدزبانی کرتی رہے۔ قَتَادَہ کہتے ہیں کہ اس سے مراد نُشوز ہے، یعنی عورت کو نُشوز کی بنا پر طلاق دی گئی ہو اور عدّت کے زمانے میں بھی وہ شوہر کے مقابلے پر سرکشی کرنے سے باز نہ آئے۔ عبداللہ بن عمرؓ، سُدّی، ابن السّائب اور ابراہیم نَخَعی کہتے ہیں کہ اس سے مراد عورت کا گھر سے نکل جانا ہے، یعنی ان کی رائے میں طلاق کے بعد عدّت کے زمانے میں عورت کا گھر چھوڑ کر نکل جانا بجائے خود فاحشة مبينة (صریح برائی کا ارتکاب) ہے،

حُدُوْدُ اللّٰهِ ؕ وَ مَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ؕ لَا تَدْرِيْ لَعَلَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ اَمْرًا ① فَاِذَا بَلَغْنَ

اللہ کی مقرر کردہ حدیں ہیں، اور جو کوئی اللہ کی حدوں سے تجاوز کرے گا وہ اپنے اوپر خود ظلم کرے گا۔ تم نہیں جانتے، شاید اس کے بعد اللہ (مُوافقت کی) کوئی صُورت پیدا کر دے۔[۵] پھر جب وہ اپنی (عدّت کی)

اور یہ ارشاد کہ ''وہ نہ خود نکلیں اِلّا یہ کہ صریح برائی کی مرتکب ہوں'' کچھ اس طرح کا کلام ہے جیسے کوئی کہے کہ ''تم کسی کو گالی نہ دو اِلّا یہ کہ بدتمیز بنو''۔ اِن چار اقوال میں سے پہلے تین قولوں کے مطابق ''اِلّا یہ'' کا تعلق ''ان کو گھروں سے نہ نکالو'' کے ساتھ ہے، اور اس فقرے کا مطلب یہ ہے کہ اگر وہ بدچلنی یا بدزبانی یا نُشوز کی مرتکب ہوں تو انھیں نکال دینا جائز ہوگا۔ اور چوتھے قول کی رُو سے اِس کا تعلق ''اور نہ وہ خود نکلیں'' کے ساتھ ہے، اور مطلب یہ ہے کہ اگر وہ نکلیں گی تو صریح بُرائی کی مرتکب ہوں گی۔

۵ – یہ دونوں فقرے اُن لوگوں کے خیال کی بھی تردید کرتے ہیں جو اس بات کے قائل ہیں کہ حیض کی حالت میں طلاق دینے یا بیک وقت تین طلاق دے دینے سے کوئی طلاق سرے سے واقع ہی نہیں ہوتی، اور اُن لوگوں کی رائے کو بھی غلط ثابت کر دیتے ہیں جن کا خیال یہ ہے کہ بیک وقت تین طلاق ایک ہی طلاق کے حکم میں ہیں۔ سوال یہ ہے کہ اگر بِدْعی طلاق واقع ہی نہیں ہوتی، یا تین طلاق ایک ہی طلاقِ رَجعی کے حکم میں ہیں، تو یہ کہنے کی آخر ضرورت ہی کیا رہ جاتی ہے کہ جو اللہ کی حُدود، یعنی سنّت کے بتائے ہوئے طریقے کی خلاف ورزی کرے گا، وہ اپنے نفس پر ظلم کرے گا، اور تم نہیں جانتے شاید اس کے بعد اللہ موافقت کی کوئی صورت پیدا کر دے؟ یہ دونوں باتیں تو اُسی صورت میں بامعنیٰ ہو سکتی ہیں جب کہ سنّت کے خلاف طلاق دینے سے واقعی کوئی نقصان ہوتا ہو جس پر آدمی کو پچھتانا پڑے، اور تین طلاق بیک وقت دے بیٹھنے سے رُجوع کا کوئی امکان باقی نہ رہتا ہو۔ ورنہ ظاہر ہے کہ جو طلاق واقع ہی نہ ہو اس سے حُدود اللہ پر کوئی تعدّی نہیں ہوتی جو اپنے نفس پر ظلم قرار پائے، اور جو طلاق بہرحال رَجعی ہی ہو اس کے بعد تو لازماً موافقت کی صورت باقی رہتی ہے، پھر یہ کہنے کی کوئی حاجت نہیں ہے کہ شاید اس کے بعد اللہ موافقت کی کوئی صورت پیدا کر دے۔

اس مقام پر ایک مرتبہ پھر سورۂ بقرہ کی آیات ۲۲۸ تا ۲۳۰ اور سورۂ طلاق کی زیرِ بحث آیات کے باہمی تعلق کو اچھی طرح سمجھ لینا چاہیے۔ سورۂ بقرہ میں طلاق کا نصاب تین بتایا گیا ہے، جن میں سے دو کے بعد رجوع کا حق، اور عدّت گزر جانے کے بعد بلا تحلیل دوبارہ نکاح کر لینے کا حق باقی رہتا ہے، اور تیسری طلاق دے دینے سے یہ دونوں حق ساقط ہو جاتے ہیں۔ سورۂ طلاق کی یہ آیات اِس حکم میں کسی ترمیم و تنسیخ کے لیے نازل نہیں ہوئی ہیں،

اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ فَارِقُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ وَّ اَشْهِدُوْا ذَوَیْ عَدْلٍ مِّنْكُمْ وَ اَقِیْمُوا الشَّهَادَةَ لِلّٰهِ ؕ

مدّت کے خاتمے پر پہنچیں تو یا انھیں بھلے طریقے سے (اپنے نکاح میں) روک رکھو، یا بھلے طریقے پر اُن سے جُدا ہو جاؤ۔[۶] اور دو ایسے آدمیوں کو گواہ بنا لو جو تم میں سے صاحبِ عدل[ے] ہوں۔ اور (اے گواہ بننے والو!) گواہی ٹھیک ٹھیک اللہ کے لیے ادا کرو۔

بلکہ یہ بتانے کے لیے نازل ہوئی ہیں کہ بیویوں کو طلاق دینے کے جو اختیارات مَردوں کو دیے گئے ہیں، اُن کو استعمال کرنے کی دانش مندانہ صورت کیا ہے جس کی پیروی اگر کی جائے تو گھر بگڑنے سے بچ سکتے ہیں، طلاق دے کر پچھتانے کی نوبت پیش نہیں آسکتی، موافقت پیدا ہونے کے زیادہ سے زیادہ مواقع باقی رہتے ہیں، اور اگر بالآخر علیحدگی ہو بھی جائے تو یہ آخری چارہ کار کھلا رہتا ہے کہ پھر مل جانا چاہیں تو دوبارہ نکاح کر لیں۔ لیکن اگر کوئی شخص نادانی کے ساتھ اپنے اِن اختیارات کو غلط طریقے سے استعمال کر بیٹھے تو وہ اپنے اُوپر خود ظلم کرے گا اور تلافی کے تمام مواقع کھو بیٹھے گا۔ یہ بالکل ایسا ہی ہے جیسے ایک باپ اپنے بیٹے کو تین سو روپے دے اور کہے کہ یہ تمھاری ملکیّت ہیں، اِن کو تم اپنی مرضی سے خرچ کرنے کے مختار ہو۔ پھر وہ اسے نصیحت کرے کہ اپنے اِس مال کو جو میں نے تمھیں دے دیا ہے، اِس طرح احتیاط کے ساتھ برمحل اور بتدریج استعمال کرنا، تاکہ تم اس سے صحیح فائدہ اُٹھا سکو، ورنہ میری نصیحت کے خلاف تم بے احتیاطی کے ساتھ اسے بے موقع خرچ کرو گے، یا ساری رقم بیک وقت خرچ کر بیٹھو گے تو نقصان اُٹھاؤ گے اور پھر مزید کوئی رقم میں تمھیں برباد کرنے کے لیے نہیں دوں گا۔ یہ ساری نصیحت ایسی صورت میں بے معنیٰ ہو جاتی ہے جب کہ باپ نے پوری رقم سرے سے اس کے ہاتھ میں چھوڑی ہی نہ ہو، وہ بے موقع خرچ کرنا چاہے تو رقم اس کی جیب سے نکلے ہی نہیں، یا پورے تین سو خرچ کر ڈالنے پر بھی ایک سو ہی اس کے ہاتھ سے نکلیں اور دو سو بہر حال اس کی جیب میں پڑے رہیں۔ صورتِ معاملہ اگر یہی ہو تو اس نصیحت کی آخر حاجت کیا ہے؟

۶ - یعنی ایک یا دو طلاق دینے کی صورت میں عدّت ختم ہونے سے پہلے پہلے فیصلہ کر لو کہ آیا عورت کو اپنی زوجیت میں رکھنا ہے یا نہیں۔ رکھنا ہو تو نباہنے کی غرض سے رکھو، اِس غرض سے نہ رکھو کہ اُس کو ستانے کے لیے رجوع کر لو اور پھر طلاق دے کر اس کی عدّت لمبی کرتے رہو۔ اور اگر رخصت کرنا ہو تو شریف آدمیوں کی طرح کسی لڑائی جھگڑے کے بغیر رخصت کرو، مَہر یا اس کا کوئی حصّہ باقی ہو تو ادا کر دو، اور حسبِ توفیق کچھ نہ کچھ مُتعہ طلاق کے طور پر دو، جیسا کہ سورۂ بقرہ، آیت ۲۴۱ میں ارشاد ہوا ہے۔ (مزید تشریح کے لیے ملاحظہ ہو: تفہیم القرآن،

ذٰلِكُمْ يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۬ وَ مَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۟ۙ وَّ يَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ؕ

یہ باتیں ہیں جن کی تم لوگوں کو نصیحت کی جاتی ہے، ہر اُس شخص کو جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو۔[۸] جو کوئی اللہ سے ڈرتے ہوئے کام کرے گا اللہ اُس کے لیے مشکلات سے نکلنے کا کوئی راستہ پیدا کر دے[۹] گا اور اسے ایسے راستے سے رزق دے گا جدھر اُس کا گمان بھی نہ جاتا ہو۔[۱۰]

جلد چہارم، الاحزاب، حاشیہ ۸۶)

۷ – ابنِ عباسؓ کہتے ہیں کہ اس سے مراد طلاق پر بھی گواہ بنانا ہے اور رجوع پر بھی۔ (ابنِ جَریر) حضرت عمرانؓ بن حُصَین سے پوچھا گیا کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو طلاق دی اور پھر اس سے رجوع کر لیا، مگر نہ طلاق پر کسی کو گواہ بنایا نہ رُجوع پر۔ انھوں نے جواب دیا: ”تم نے طلاق بھی سنّت کے خلاف دی اور رجوع بھی سنت کے خلاف کیا۔ طلاق اور رجوع دونوں پر گواہ بناؤ اور آیندہ ایسا نہ کرنا“ (ابوداؤد، ابنِ ماجہ) لیکن فقہائے اربعہ کا اس پر اتفاق ہے کہ طلاق اور رَجعت اور فُرقت پر گواہ بنانا، اِن افعال کی صحت کے لیے شرط نہیں ہے کہ اگر گواہ نہ بنایا جائے تو نہ طلاق واقع ہو، نہ رجوع صحیح ہو اور نہ فُرقت، بلکہ یہ حکم اِس احتیاط کے لیے دیا گیا ہے کہ فریقین میں سے کوئی بعد میں کسی واقعے کا انکار نہ کر سکے، اور نزاع پیدا ہونے کی صورت میں بآسانی فیصلہ ہو سکے، اور شکوک و شبہات کا دروازہ بھی بند ہو جائے۔ یہ حکم بالکل ایسا ہی ہے جیسے فرمایا: وَاَشْهِدُوْٓا اِذَا تَبَايَعْتُمْ ”جب تم آپس میں بیع کا کوئی معاملہ طے کرو تو گواہ بنا لو۔“ (البقرہ: ۲۸۲) اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ بیع پر گواہ بنانا فرض ہے اور اگر گواہ نہ بنایا جائے تو بیع صحیح نہ ہوگی، بلکہ یہ ایک حکیمانہ ہدایت ہے جو نزاعات کا سدِّباب کرنے کے لیے دی گئی ہے اور اس پر عمل کرنے ہی میں بہتری ہے۔ اِسی طرح طلاق اور رجوع کے معاملے میں بھی صحیح بات یہی ہے کہ ان میں سے ہر فعل گواہیوں کے بغیر بھی قانوناً درست ہو جاتا ہے، لیکن احتیاط کا تقاضا یہ ہے کہ جو فعل بھی کیا جائے، اُسی وقت یا اُس کے بعد دو صاحبِ عدل آدمیوں کو اُس پر گواہ بنا لیا جائے۔

۸ – یہ الفاظ خود بتا رہے ہیں کہ اُوپر جو ہدایات دی گئی ہیں وہ نصیحت کی حیثیت رکھتی ہیں نہ کہ قانون کی۔ آدمی سنت کے خلاف طلاق دے بیٹھے، عدّت کا شمار محفوظ نہ رکھے، بیوی کو بلا عذرِ معقول گھر سے نکال دے، عدّت کے خاتمے پر رجوع کرے تو عورت کو ستانے کے لیے کرے اور رخصت کرے تو لڑائی جھگڑے کے ساتھ کرے، اور طلاق، رجوع، مُفارقت، کسی چیز پر بھی گواہ نہ بنائے، تو اس سے طلاق اور رجوع اور مُفارقت کے قانونی نتائج میں کوئی فرق واقع نہ ہوگا۔ البتہ اللہ تعالیٰ کی نصیحت کے خلاف عمل کرنا اس بات کی دلیل ہوگا کہ اس کے دل میں اللہ

وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ؕ
قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا ③ وَ الّٰٓئِیْ یَئِسْنَ مِنَ الْمَحِیْضِ

جو اللہ پر بھروسا کرے اس کے لیے وہ کافی ہے۔ اللہ اپنا کام پُورا کر کے رہتا ہے[11]۔
اللہ نے ہر چیز کے لیے ایک تقدیر مقرر کر رکھی ہے۔

اور تمھاری عورتوں میں سے جو حیض سے مایوس ہو چکی ہوں ان کے معاملے میں

اور روزِ آخر پر صحیح ایمان موجود نہیں ہے جس کی بنا پر اس نے وہ طرزِ عمل اختیار کیا جو ایک سچّے مومن کو اختیار نہ کرنا چاہیے۔

۹- سیاقِ کلام خود بتا رہا ہے کہ یہاں اللہ تعالیٰ سے ڈرتے ہوئے کام کرنے کا مطلب سنّت کے مطابق طلاق دینا، عدّت کا ٹھیک ٹھیک حساب رکھنا، بیوی کو گھر سے نہ نکالنا، عدّت کے اختتام پر عورت کو روکنا ہو تو نباہ کرنے کی نیّت سے رجوع کرنا اور علیحدگی ہی کرنی ہو تو بھلے آدمیوں کی طرح اس کو رخصت کر دینا، اور طلاق، رجوع یا مُفارقت، جو بھی ہو، اس پر دو عادل آدمیوں کو گواہ بنا لینا ہے۔ اس کے متعلق اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ جو اِس طرح تقویٰ سے کام لے گا، اس کے لیے ہم کوئی مَخرَج (یعنی مشکلات سے نکلنے کا راستہ) نکال دیں گے۔ اِس سے خود بخود یہ مفہوم نکلتا ہے کہ جو شخص اِن اُمور میں تقویٰ سے کام نہ لے گا وہ اپنے لیے خود ایسی اُلجھنیں اور مشکلات پیدا کر لے گا جن سے نکلنے کا کوئی راستہ اسے نہ مل سکے گا۔

ان الفاظ پر غور کیا جائے تو صاف محسوس ہوتا ہے کہ جن لوگوں کے نزدیک طلاقِ بِدعی سرے سے واقع ہی نہیں ہوتی اور جو لوگ بیک وقت یا ایک ہی طُہر میں دی ہوئیں تین طلاقوں کو ایک ہی طلاق قرار دیتے ہیں، ان کی رائے صحیح نہیں ہے۔ کیونکہ اگر طلاقِ بِدعی واقع ہی نہ ہو تو سرے سے کوئی اُلجھن پیش نہیں آتی جس سے نکلنے کے لیے کسی مَخرَج کی ضرورت ہو۔ اور اگر تین طلاق اکٹھی دے بیٹھنے سے ایک ہی طلاق واقع ہوتی ہو، تب بھی مَخرَج کا کوئی سوال پیدا نہیں ہوتا۔ اس صورت میں آخر وہ پیچیدگی کیا ہے جس سے نکلنے کے لیے کسی راستے کی حاجت پیش آئے؟

۱۰- مراد یہ ہے کہ عدّت کے دوران میں مُطلّقہ بیوی کو گھر میں رکھنا، اُس کا خرچ برداشت کرنا، اور رخصت کرتے ہوئے اس کو مَہر یا مُتعۂ طلاق دے کر رخصت کرنا بلاشبہ آدمی پر مالی بار ڈالتا ہے۔ جس عورت سے آدمی دل برداشتہ ہو کر تعلقات منقطع کر لینے پر آمادہ ہو چکا ہو، اس پر مال خرچ کرنا تو اسے ضرور ناگوار ہوگا۔ اور اگر آدمی تنگ دست بھی ہو تو یہ خرچ اسے اور زیادہ کَھلے گا۔ لیکن اللہ سے ڈرنے والے آدمی کو یہ سب کچھ

مِنْ نِّسَآئِكُمْ اِنِ ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلٰثَةُ اَشْهُرٍ ۙ وَّ الّٰٓئِيْ

اگر تم لوگوں کو کوئی شک لاحق ہے تو (تمھیں معلوم ہو کہ) ان کی عدّت تین مہینے ہے۔[۱۲] اور یہی حکم اُن کا ہے

برداشت کرنا چاہیے۔ تمھارا دل تنگ ہوتو ہو، اللہ کا ہاتھ رزق دینے کے لیے تنگ نہیں ہے۔ اُس کی ہدایت پر چل کر مال خرچ کرو گے تو وہ ایسے راستوں سے تمھیں رزق دے گا جدھر سے رزق ملنے کا تم گمان بھی نہیں کر سکتے۔

۱۱ – یعنی کوئی طاقت اللہ کے حکم کو نافذ ہونے سے روکنے والی نہیں ہے۔

۱۲ – یہ اُن عورتوں کا حکم ہے جن کو حیض آنا قطعی بند ہو چکا ہو اور کبرسنّی کی وجہ سے وہ سِنِّ ایاس میں داخل ہو چکی ہوں۔ اُن کی عدت اُس روز سے شمار ہو گی جس روز انھیں طلاق دی گئی ہو۔ اور تین مہینوں سے مراد تین قمری مہینے ہیں۔ اگر قمری مہینے کے آغاز میں طلاق دی گئی ہو تو بالاتفاق رُؤیتِ ہِلال کے لحاظ سے عدّت شمار ہو گی، اور اگر مہینے کے بیچ میں کسی وقت طلاق دی گئی ہو تو امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک ۳۰ دن کا مہینا قرار دے کر ۳ مہینے پورے کرنے ہوں گے۔ (بدائع الصّنائع)

رہیں وہ عورتیں جن کے حیض میں کسی نوع کی بے قاعدگی ہو، ان کے بارے میں فقہا کے درمیان اختلافات ہیں۔

حضرت سعید بن المُسَیَّب کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جس عورت کو طلاق دی گئی ہو، پھر ایک دو مرتبہ حیض آنے کے بعد اس کا حیض بند ہو گیا ہو، وہ ۹ مہینے انتظار کرے۔ اگر حمل ظاہر ہو جائے تو ٹھیک ہے، ورنہ ۹ مہینے گزرنے کے بعد وہ مزید تین مہینے عدّت گزارے، پھر وہ کسی دوسرے شخص سے نکاح کے لیے حلال ہو گی۔

ابنِ عباسؓ، قَتَادَہ اور عِکْرِمَہ کہتے ہیں کہ جس عورت کو سال بھر حیض نہ آیا ہو، اس کی عدّت تین مہینے ہے۔

طاؤس کہتے ہیں کہ جس عورت کو سال میں ایک مرتبہ حیض آئے، اس کی عدّت تین حیض ہے۔ یہی رائے حضرت عثمانؓ، حضرت علیؓ اور حضرت زیدؓ بن ثابت سے مروی ہے۔

امام مالکؒ کی روایت ہے کہ ایک صاحب حَبّان نامی تھے جنھوں نے اپنی بیوی کو ایسے زمانے میں طلاق دی جب کہ وہ بچے کو دودھ پلا رہی تھیں اور اس پر ایک سال گزر گیا مگر انھیں حیض نہ آیا۔ پھر وہ صاحب انتقال کر گئے۔ مُطَلَّقہ بیوی نے وراثت کا دعویٰ کر دیا۔ حضرت عثمانؓ کے سامنے مُقَدَّمَہ پیش ہوا۔ انھوں نے حضرت علیؓ اور حضرت زیدؓ بن ثابت سے مشورہ طلب کیا۔ دونوں بزرگوں کے مشورے سے حضرت عثمانؓ نے فیصلہ فرمایا کہ عورت وارث ہے۔ دلیل یہ تھی کہ نہ وہ اُن عورتوں میں سے ہے جو حیض سے مایوس ہو چکی ہیں اور نہ ان لڑکیوں میں

لَمْ يَحِضْنَ ۭ وَ اُولَاتُ الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ يَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ۭ

جنھیں ابھی حیض نہ آیا ہو۔[13] اور حاملہ عورتوں کی عدّت کی حد یہ ہے کہ اُن کا وضعِ حمل ہو جائے۔[14]

سے ہے جن کو ابھی حیض نہیں آیا، لہٰذا وہ شوہر کے مرنے تک اپنے اُس حیض پر تھی جو اُسے پہلے آیا تھا اور اس کی عدّت باقی تھی۔

حَنَفِیّہ کہتے ہیں کہ جس عورت کا حیض بند ہو گیا ہو، مگر اس کا بند ہونا سنِ ایاس کی وجہ سے نہ ہو کہ آیندہ اس کے جاری ہونے کی اُمید نہ رہے، اس کی عدّت یا تو حیض ہی سے ہوگی اگر وہ آیندہ جاری ہو، یا پھر اُس عمر کے لحاظ سے ہوگی جس میں عورتوں کو حیض آنا بند ہو جاتا ہے، اور اس عمر کو پہنچنے کے بعد وہ تین مہینے عدّت گزار کر نکاح سے آزاد ہوگی۔ یہی قول امام شافعیؒ، امام ثوریؒ اور امام لَیث کا ہے۔ اور یہی مذہب حضرت علیؓ، حضرت عثمانؓ اور حضرت زیدؓ بن ثابت کا ہے۔

امام مالکؒ نے حضرت عمرؓ اور حضرت عبداللہ بن عباسؓ کے قول کو اختیار کیا ہے اور وہ یہ ہے کہ عورت پہلے ۹ مہینے گزارے گی۔ اگر اس دوران میں حیض جاری نہ ہو تو پھر وہ تین مہینے اُس عورت کی سی عدّت گزارے گی جو حیض سے مایوس ہو چکی ہو۔ ابن القاسم نے امام مالکؒ کے مسلک کی توضیح یہ کی ہے کہ ۹ مہینے اُس روز سے شمار ہوں گے جب آخری مرتبہ اس کا حیض ختم ہوا تھا، نہ کہ اُس روز سے جب اسے طلاق دی گئی۔ (یہ تمام تفصیلات احکام القرآن للجَصّاص اور بدائع الصّنائع للکاسانی سے ماخوذ ہیں)۔

امام احمد بن حنبلؒ کا مذہب یہ ہے کہ اگر کوئی عورت جس کی عدّت حیض کے اعتبار سے شروع ہوئی تھی، عدّت کے دوران میں آئسہ ہو جائے تو اسے حیض والی عورتوں کے بجائے آئسہ عورتوں والی عدّت گزارنی ہوگی۔ اور اگر اس کو حیض آنا بند ہو جائے اور معلوم نہ ہو سکے کہ وہ کیوں بند ہو گیا ہے تو پہلے وہ حمل کے شبہے میں ۹ مہینے گزارے گی اور پھر اسے تین مہینے عدّت کے پورے کرنے ہوں گے۔ اور اگر یہ معلوم ہو کہ حیض کیوں بند ہوا ہے، مثلاً کوئی بیماری ہو، یا دودھ پلا رہی ہو، یا ایسا ہی کوئی اور سبب ہو، تو وہ اُس وقت تک عدّت میں رہے گی جب تک یا تو حیض آنا شروع نہ ہو جائے اور عدّت حیضوں کے لحاظ سے شمار ہو سکے، یا پھر وہ آئسہ ہو جائے اور آئسہ عورتوں کی سی عدّت گزار سکے۔ (الانصاف)

۱۳– حیض خواہ کم سِنّی کی وجہ سے نہ آیا ہو، یا اس وجہ سے کہ بعض عورتوں کو بہت دیر میں حیض آنا شروع ہوتا ہے، اور شاذ و نادر ایسا بھی ہوتا ہے کہ کسی عورت کو عمر بھر نہیں آتا، بہرحال تمام صورتوں میں ایسی عورت کی عدّت وہی ہے جو آئسہ عورت کی عدّت ہے، یعنی طلاق کے وقت سے تین مہینے۔

اس جگہ یہ بات ملحوظ رہنی چاہیے کہ قرآنِ مجید کی تصریح کے مطابق عدّت کا سوال اُس عورت کے معاملے میں پیدا ہوتا ہے جس سے شوہر خَلوت کر چکا ہو، کیونکہ خَلوت سے پہلے طلاق کی صورت میں سرے سے کوئی عدّت ہے

ہی نہیں۔ (الاحزاب: ۴۹) اس لیے ایسی لڑکیوں کی عدت بیان کرنا جنھیں حیض آنا شروع نہ ہوا ہو، صریحاً اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ اِس عمر میں نہ صرف لڑکی کا نکاح کر دینا جائز ہے بلکہ شوہر کا اس کے ساتھ خَلْوت کرنا بھی جائز ہے۔ اب یہ بات ظاہر ہے کہ جس چیز کو قرآن نے جائز قرار دیا ہو، اسے ممنوع قرار دینے کا کسی مسلمان کو حق نہیں پہنچتا۔

جس لڑکی کو ایسی حالت میں طلاق دی گئی ہو کہ اسے ابھی حیض آنا شروع نہ ہوا ہو، اور پھر عدت کے دوران میں اس کو حیض آ جائے، تو وہ پھر اُسی حیض سے عدت شروع کرے گی اور اس کی عدت حائضہ عورتوں جیسی ہوگی۔

۱۴- اِس امر پر تمام اہلِ علم کا اجماع ہے کہ مُطَلَّقَہ حاملہ کی عدت وضعِ حمل تک ہے۔ لیکن اس امر میں اختلاف ہو گیا ہے کہ آیا یہی حکم اُس عورت کا بھی ہے جس کا شوہر زمانۂ حمل میں وفات پا گیا ہو؟ یہ اختلاف اس وجہ سے ہوا ہے کہ سورۂ بقرہ، آیت ۲۳۴ میں اُس عورت کی عدت ۴ مہینے دس دن بیان کی گئی ہے جس کا شوہر وفات پا جائے، اور وہاں اس امر کی کوئی تصریح نہیں ہے کہ یہ حکم آیا تمام بیوہ عورتوں کے لیے عام ہے یا اُن عورتوں کے لیے خاص ہے جو حاملہ نہ ہوں۔

حضرت علیؓ اور حضرت عبداللہ بن عباسؓ اِن دونوں آیتوں کو ملا کر یہ اِستنباط کرتے ہیں کہ حاملۂ مُطَلَّقَہ کی عدّت تو وضعِ حمل تک ہی ہے، مگر بیوہ حاملہ کی عدّت آخر الاَجَلَین ہے، یعنی مُطَلَّقَہ کی عدت اور حاملہ کی عدت میں سے جو زیادہ طویل ہو، وہی اس کی عدت ہے۔ مثلاً اگر اس کا بچہ ۴ مہینے دس دن سے پہلے پیدا ہو جائے تو اسے چار مہینے دس دن پورے ہونے تک عدت گزارنی ہوگی۔ اور اگر اس کا وضعِ حمل اس وقت تک نہ ہو تو پھر اس کی عدت اُس وقت پوری ہوگی جب وضعِ حمل ہو جائے۔ یہی مذہب اِمامیّہ کا ہے۔

حضرت عبداللہؓ بن مسعود کہتے ہیں کہ سورۂ طلاق کی یہ آیت سورۂ بقرہ کی آیت کے بعد نازل ہوئی ہے، اس لیے بعد کے حکم نے پہلی آیت کے حکم کو غیر حاملہ بیوہ کے لیے خاص کر دیا ہے اور ہر حاملہ کی عدت وضعِ حمل تک مقرر کر دی ہے، خواہ وہ مُطَلَّقَہ ہو یا بیوہ۔ اِس مسلک کی رُو سے عورت کا وضعِ حمل چاہے شوہر کی وفات کے فوراً بعد ہو جائے یا ۴ مہینے دس دن سے زیادہ طول کھینچے، بہرحال بچہ پیدا ہوتے ہی وہ عدت سے باہر ہو جائے گی۔ اس مسلک کی تائید حضرت اُبَیؓ بن کَعب کی یہ روایت کرتی ہے کہ وہ فرماتے ہیں: جب سورۂ طلاق کی یہ آیت نازل ہوئی تو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا: کیا یہ مُطَلَّقَہ اور بیوہ دونوں کے لیے ہے؟ حضورؐ نے جواب دیا: ہاں۔ دوسری روایت میں حضورؐ نے مزید تصریح فرمائی: اجل کل حامل ان تضع ما فی بطنھا، ”ہر حاملہ عورت کی عدت کی مدت اس کے وضعِ حمل تک ہے۔“ (ابنِ جَرِیر، ابنِ ابی حاتم۔ ابنِ حَجَر کہتے ہیں کہ اگرچہ اس کی سند میں کلام کی گنجایش ہے، لیکن چونکہ یہ متعدِّد سندوں سے نقل ہوئی ہے، اس لیے ماننا پڑتا ہے کہ اس کی کوئی اصل ضرور ہے)۔ اس سے بھی زیادہ بڑھ کر اس کی مضبوط تائید سُبَیْعَہ اَسْلَمِیَہ کے واقعے سے ہوتی ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہدِ مبارک میں

پیش آیا تھا۔ وہ بحالتِ حمل بیوہ ہوئی تھیں اور شوہر کی وفات کے چند روز بعد (بعض روایات میں ۲۰ دن، بعض میں ۲۳ دن، بعض میں ۲۵ دن، بعض میں ۳۵ دن، اور بعض میں ۴۰ دن بیان ہوئے ہیں) اُن کا وضعِ حمل ہو گیا تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اُن کے معاملے میں فتویٰ پوچھا گیا تو آپؐ نے ان کو نکاح کی اجازت دے دی۔ اِس واقعے کو بخاری و مسلم نے کئی طریقوں سے حضرت اُمِّ سَلَمَہؓ سے روایت کیا ہے۔ اِسی واقعے کو بخاری، مسلم، امام احمد، ابوداؤد، نسائی اور ابنِ ماجہ نے مختلف سندوں کے ساتھ حضرت مِسوَرؓ بن مَخرَمہ سے بھی روایت کیا ہے۔ مسلم نے خود سُبَیعَہ اَسْلَمِیَّہ کا یہ بیان نقل کیا ہے کہ میں حضرت سعدؓ بن خَولہ کی بیوی تھی۔ حَجَّۃُ الوداع کے زمانے میں میرے شوہر کا انتقال ہو گیا جب کہ میں حاملہ تھی۔ وفات کے چند روز بعد میرے ہاں بچّہ پیدا ہو گیا۔ ایک صاحب نے کہا کہ تم چار مہینے دس دن سے پہلے نکاح نہیں کر سکتیں۔ میں نے جا کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا تو آپؐ نے فتویٰ دیا کہ تم وضعِ حمل ہوتے ہی حلال ہو چکی ہو، اب چاہو تو دوسرا نکاح کر سکتی ہو۔ اس روایت کو بخاریؒ نے بھی مختصراً نقل کیا ہے۔

صحابہؓ کی کثیر تعداد سے یہی مسلک منقول ہے۔ امام مالک، امام شافعی، عبدالرزّاق، ابنِ ابی شَیبَہ اور ابن المُنذِر رحمہم اللہ نے روایت نقل کی ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے حاملہ بیوہ کا مسئلہ پوچھا گیا تو انھوں نے کہا: اس کی عدّت وضعِ حمل تک ہے۔ اس پر انصار میں سے ایک صاحب بولے کہ حضرت عمرؓ نے تو یہاں تک کہا تھا کہ اگر شوہر ابھی دفن بھی نہ ہوا ہو بلکہ اس کی لاش اس کے بستر پر ہی ہو اور اس کی بیوی کے ہاں بچہ ہو جائے، تو وہ دوسرے نکاح کے لیے حلال ہو جائے گی۔ یہی رائے حضرت ابوہریرہؓ، حضرت ابو مسعودؓ بدری اور حضرت عائشہؓ کی ہے، اور اسی کو ائمۂ اربعہ اور دوسرے اکابر فقہا نے اختیار کیا ہے۔

شافعیہ کہتے ہیں کہ اگر حاملہ کے پیٹ میں ایک سے زیادہ بچّے ہوں تو آخری بچے کی ولادت پر عدّت ختم ہوگی۔ بچہ خواہ مُردہ ہی پیدا ہو، اس کی ولادت سے عدّت ختم ہو جائے گی۔ اِسقاطِ حمل کی صورت میں اگر دائیاں اپنے فن کی رُو سے یہ کہیں کہ یہ محض خون کا لوتھڑا نہ تھا بلکہ اس میں آدمی کی صورت پائی جاتی تھی، یا یہ رَسولی نہ تھی بلکہ آدمی کی اصل تھی، تو ان کا قول قبول کیا جائے گا اور عدّت ختم ہو جائے گی۔ (مُغْنِی المحتاج) حَنابلہ اور حَنَفِیّہ کا مسلک بھی اِس کے قریب قریب ہے، مگر اِسقاط کے معاملے میں ان کا مذہب یہ ہے کہ جب تک انسانی بناوٹ ظاہر نہ پائی جائے، محض دائیوں کے اِس بیان پر کہ یہ آدمی ہی کی اصل ہے، اعتماد نہیں کیا جائے گا اور اس سے عدّت ختم نہ ہوگی۔ (بدائع الصّنائع، الانصاف) لیکن موجودہ زمانے میں طبّی تحقیقات کے ذریعے سے یہ معلوم کرنے میں کوئی مشکل پیش نہیں آ سکتی کہ جو چیز ساقط ہوئی ہے، وہ واقعی انسانی حمل کی نوعیت رکھتی تھی یا کسی رَسولی یا جمے ہوئے خون کی قسم سے تھی، اس لیے اب جہاں ڈاکٹروں سے رائے حاصل کرنا ممکن ہو، وہاں یہ فیصلہ بآسانی کیا جا سکتا ہے کہ جس چیز کو اِسقاطِ حمل کہا جاتا ہے، وہ واقعی اِسقاط تھا یا نہیں اور اس سے عدّت ختم ہوئی یا نہیں۔ البتہ جہاں ایسی طبّی تحقیق ممکن نہ ہو، وہاں حنابلہ اور حنفیہ کا مسلک ہی زیادہ مبنی بر احتیاط ہے اور جاہل

وَ مَنۡ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجۡعَلۡ لَّہٗ مِنۡ اَمۡرِہٖ یُسۡرًا ﴿۴﴾ ذٰلِکَ اَمۡرُ
اللّٰہِ اَنۡزَلَہٗۤ اِلَیۡکُمۡ ؕ وَ مَنۡ یَّتَّقِ اللّٰہَ یُکَفِّرۡ عَنۡہُ سَیِّاٰتِہٖ
وَ یُعۡظِمۡ لَہٗۤ اَجۡرًا ﴿۵﴾ اَسۡکِنُوۡہُنَّ مِنۡ حَیۡثُ سَکَنۡتُمۡ
مِّنۡ وُّجۡدِکُمۡ وَ لَا تُضَآرُّوۡہُنَّ لِتُضَیِّقُوۡا عَلَیۡہِنَّ ؕ

---

جو شخص اللہ سے ڈرے اُس کے معاملے میں وہ سہولت پیدا کر دیتا ہے۔ یہ اللہ کا حکم ہے جو اُس نے تمھاری طرف نازل کیا ہے۔ جو اللہ سے ڈرے گا اللہ اس کی بُرائیوں کو اس سے دُور کر دے گا اور اس کو بڑا اجر دے گا۔[15]

اُن کو (زمانۂ عدّت میں) اُسی جگہ رکھو جہاں تم رہتے ہو، جیسی کچھ بھی جگہ تمھیں میسّر ہو۔ اور انھیں تنگ کرنے کے لیے ان کو نہ ستاؤ۔[16]

---

دائیوں پر اعتماد کرنا مناسب نہیں ہے۔

۱۵- یہ اگرچہ ایک عُمومی نصیحت ہے جس کا اطلاق انسانی زندگی کے تمام حالات پر ہوتا ہے، لیکن اِس خاص سیاق وسباق میں اسے ارشاد فرمانے کا مقصد مسلمانوں کو خبردار کرنا ہے کہ اُوپر جو احکام بیان کیے گئے ہیں، اُن سے خواہ تمھارے اُوپر کتنی ہی ذمہ داریوں کا بوجھ پڑتا ہو، بہرحال خدا سے ڈرتے ہوئے اُن کی پیروی کرو، اللہ تمھارے کام آسان کرے گا، تمھارے گناہ معاف کرے گا اور تمھیں بڑا اجر دے گا۔ ظاہر ہے کہ جن مُطلّقہ عورتوں کی عدّت تین مہینے مقرر کی گئی ہے ان کا زمانۂ عدّت اُن عورتوں کی بہ نسبت طویل تر ہوگا جن کی عدّت تین حیض مقرر کی گئی ہے۔ اور حاملہ عورت کا زمانۂ عدّت تو اس سے بھی کئی مہینے زیادہ ہو سکتا ہے۔ اِس پورے زمانے میں عورت کی سکونت اور اس کے نفقے کی ذمہ داری اُٹھانا، جب کہ آدمی اسے چھوڑ دینے کا ارادہ کر چکا ہو، لوگوں کو ناقابلِ برداشت بارمحسوس ہوگا۔ لیکن جو بار اللہ سے ڈرتے ہوئے، اللہ کے احکام کی پیروی میں اٹھایا جائے، اللہ کا وعدہ ہے کہ اپنے فضل سے وہ اس کو ہلکا کر دے گا اور اس کی اِتنی بھاری جزا دے گا جو دنیا میں اٹھائے ہوئے اِس تھوڑے سے بار کی بہ نسبت بہت زیادہ گراں قدر ہوگی۔

۱۶- اس امر میں تمام فقہا کا اتفاق ہے کہ مُطلّقہ کو اگر رَجعی طلاق دی گئی ہو تو شوہر پر اس کی سکونت اور اس کے نفقے کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ اور اس امر پر بھی اتفاق ہے کہ اگر عورت حاملہ ہو، تو خواہ اسے

رَجعی طلاق دی گئی ہو یا قطعی طور پر الگ کر دینے والی، بہر حال اس کے وضعِ حمل تک اس کی سکونت اور اس کے نفقے کا ذمہ دار شوہر ہوگا۔ اس کے بعد اختلاف اس امر میں ہوا ہے کہ آیا غیر حاملہ مُطَلَّقَہ مَبْتُوتَہ (یعنی جسے قطعی طور پر الگ کر دینے والی طلاق دی گئی ہو) سکونت اور نفقہ دونوں کی حق دار ہے؟ یا صرف سُکونت کا حق رکھتی ہے؟ یا دونوں میں سے کسی کی بھی حق دار نہیں ہے؟

ایک گروہ کہتا ہے کہ وہ سکونت اور نفقہ دونوں کی حق دار ہے۔ یہ رائے حضرت عمرؓ، حضرت عبداللہؓ بن مسعود، حضرت علیؓ بن حسینؓ (امام زین العابدین)، قاضی شُرَیحؒ اور ابراہیم نَخَعیؒ کی ہے۔ اسی کو حَنَفِیَہ نے اختیار کیا ہے، اور امام سُفیان ثَوری اور حسن بن صالح کا بھی یہی مذہب ہے۔ اس کی تائید دارَقُطنی کی اُس حدیث سے ہوتی ہے جس میں حضرت جابر بن عبداللہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: المطلقة ثلاثا لها السکنٰی والنفقة، ''جس عورت کو تین طلاقیں دی جا چکی ہوں، اس کے لیے زمانۂ عدت میں سکونت اور نفقے کا حق ہے۔'' اس کی مزید تائید اُن رِوایات سے ہوتی ہے جن میں بتایا گیا ہے کہ فاطمہؓ بنتِ قَیس کی حدیث کو حضرت عمرؓ نے یہ کہہ کر رَدّ کر دیا تھا کہ ہم ایک عورت کے قول پر اپنے رب کی کتاب اور اپنے نبیؐ کی سنّت کو ترک نہیں کر سکتے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عمرؓ کے علم میں لازماً رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ سنت ہو گی کہ ایسی عورت کے لیے نفقہ اور سکونت کا حق ہے۔ بلکہ ابراہیم نَخَعی کی ایک روایت میں تو یہ تصریح ہے کہ حضرت عمرؓ نے فاطمہؓ بنتِ قَیس کی حدیث کو رَدّ کرتے ہوئے فرمایا تھا: سمعت رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم یقول لها السکنٰی والنّفقة، ''میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ ایسی عورت کے لیے سکونت کا حق بھی ہے اور نفقے کا بھی۔'' امام ابوبکر جَصّاص احکام القرآن میں اِس مسئلے پر مفصّل بحث کرتے ہوئے اِس مسلک کے حق میں پہلی دلیل یہ دیتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے مطلقاً فرمایا ہے: فَطَلِّقُوۡهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ، ''ان کو اُن کی عدت کے لیے طلاق دو۔'' اس فرمانِ الٰہی کا اطلاق اُس شخص پر بھی تو ہوتا ہے جو دو طلاق پہلے دے کر رُجوع کر چکا ہو اور اب اُسے صرف ایک ہی طلاق دینے کا حق باقی ہو۔ دوسری دلیل اُن کی یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے طلاق دینے کا جب یہ طریقہ بتایا کہ ''آدمی یا تو ایسے طُہر میں طلاق دے جس میں مباشرت نہ کی گئی ہو، یا ایسی حالت میں طلاق دے جب کہ عورت کا حاملہ ہونا ظاہر ہو چکا ہو'' تو اس میں آپ نے پہلی، دوسری، یا آخری طلاق کے درمیان کوئی فرق نہیں کیا۔ لہٰذا اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد کہ ''ان کو اسی جگہ رکھو جہاں تم رہتے ہو'' ہر قسم کی طلاق سے متعلق مانا جائے گا۔ تیسری دلیل وہ یہ دیتے ہیں کہ حاملۂ مُطَلَّقَہ خواہ رَجعِیَہ ہو یا مَبتُوتَہ، اس کی سکونت اور اس کا نفقہ شوہر پر واجب ہے۔ اور غیر حاملۂ رَجعِیَہ کے لیے بھی یہ دونوں حقوق واجب ہیں۔ اِس سے معلوم ہوا کہ سکونت اور نفقے کا وجوب دراصل حمل کی بنا پر نہیں ہے بلکہ اس بنا پر ہے کہ یہ دونوں قسم کی عورتیں شرعاً شوہر کے گھر میں رہنے پر مجبور ہیں۔ اب اگر یہی حکم مَبتُوتۂ غیر حاملہ کے بارے میں بھی ہو تو کوئی وجہ نہیں کہ اس کی سکونت اور اس کا نفقہ مرد کے ذمے نہ ہو۔

دوسرا گروہ کہتا ہے کہ مُطلّقۂ مَبتُوتہ کے لیے سکونت کا حق تو ہے مگر نفقے کا حق نہیں ہے۔ یہ مسلک سعید بن المُسَیَّب، سلیمان بن یَسار، عطاء، شَعبی، اوزاعی، لَیث اور ابوعُبَید رحمہم اللہ کا ہے، اور امام شافعیؒ اور امام مالکؒ نے بھی اسی کو اختیار کیا ہے۔ لیکن مُغنی المحتاج میں امام شافعیؒ کا مسلک اس سے مختلف بیان ہوا ہے، جیسا کہ آگے آرہا ہے۔

تیسرا گروہ کہتا ہے کہ مُطلّقۂ مَبتُوتہ کے لیے نہ سکونت کا حق ہے نہ نفقے کا۔ یہ مسلک حسن بصری، حمّاد، ابنِ ابی لیلیٰ، عَمرو بن دینار، طاؤس، اسحاق بن راہَوَیہ اور ابوثَور کا ہے۔ ابنِ جَریرؒ نے حضرت ابنِ عباسؓ کا بھی یہی مسلک نقل کیا ہے۔ امام احمد بن حَنبلؒ اور اِمامیہ نے بھی اسی کو اختیار کیا ہے۔ اور مُغنی المحتاج میں شافعیہ کا مسلک بھی یہ بیان کیا گیا ہے کہ تجب سکنٰی لمعتدۃ طلاقٍ حائلٍ اوحاملٍ ولا بائن...... والحائل البائن لا نفقة لها ولا کسوۃ۔ ’’طلاق کی بنا پر جو عورت عدّت گزار رہی ہو، اس کے لیے سکونت کا حق واجب ہے، خواہ وہ حاملہ ہو یا نہ ہو، مگر بائنہ کے لیے واجب نہیں ہے...... اور غیر حاملہ بائنہ کے لیے نہ نفقہ ہے اور نہ کپڑا۔‘‘ اِس مسلک کا اِستدلال ایک تو قرآنِ مجید کی اِس آیت سے ہے کہ لَا تَدْرِیْ لَعَلَّ اللّٰهَ یُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ اَمْرًا، ’’تم نہیں جانتے، شاید اس کے بعد اللہ موافقت کی کوئی صورت پیدا کر دے۔‘‘ اس سے وہ یہ نتیجہ نکالتے ہیں کہ یہ بات مطلّقۂ رَجعِیَہ کے حق ہی میں درست ہو سکتی ہے، نہ کہ مَبتُوتہ کے حق میں۔ اس لیے مطلّقہ کو گھر میں رکھنے کا حکم بھی رَجعِیَہ ہی کے لیے خاص ہے۔ دوسرا استدلال فاطمہؓ بنتِ قَیس کی حدیث سے ہے، جسے کُتُبِ حدیث میں بکثرت صحیح سندوں کے ساتھ روایت کیا گیا ہے۔

یہ فاطمہؓ بنتِ قَیس الفِہرِیَہ اوّلین مہاجرات میں سے تھیں، بڑی عاقلہ سمجھی جاتی تھیں، اور حضرت عمرؓ کی شہادت کے موقع پر اصحابِ شُوریٰ کا اجتماع اِنھی کے ہاں ہوا تھا۔ یہ پہلے ابوعَمرو بن حَفص بن المُغیرہ المَخزُومی کے نکاح میں تھیں، پھر ان کے شوہر نے ان کو تین طلاقیں دے کر الگ کر دیا، اور بعد میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اِن کا نکاح حضرت اُسامہ بن زیدؓ سے کیا۔ اِن کا قصّہ یہ ہے کہ اِن کے شوہر ابوعَمرو پہلے اِن کو دو طلاق دے چکے تھے۔ پھر جب حضرت علیؓ کے ساتھ وہ یمن بھیجے گئے تو انھوں نے وہاں سے باقی ماندہ تیسری طلاق بھی ان کو بھیج دی۔ بعض رِوایات میں یہ ہے کہ ابوعَمرو ہی نے اپنے رشتہ داروں کو پیغام بھیجا تھا کہ عدّت کے زمانے میں اِن کو گھر میں رکھیں اور ان کا خرچ برداشت کریں۔ اور بعض میں یہ ہے کہ اِنھوں نے خود نفقہ وسُکونت کے حق کا مطالبہ کیا تھا۔ بہرحال جو صورت بھی ہو، شوہر کے رشتہ داروں نے ان کا حق ماننے سے انکار کر دیا۔ اس پر یہ دعویٰ لے کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچیں، اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فیصلہ فرمایا کہ نہ تمھارے لیے نَفقہ ہے نہ سُکونت۔ ایک روایت میں ہے کہ آپؐ نے فرمایا: انما النفقة والسکنٰی للمرأۃ علٰی زوجها ما کانت لهٗ علیها رجعة، فاذا لم یکن له علیها رجعة فلا نفقة و لا سکنٰی۔ ’’عورت کا نفقہ اور اس کی سکونت تو شوہر پر اس صورت میں واجب ہے جب کہ شوہر کو اس پر رجوع کا حق ہو۔ مگر جب رجوع کا حق

نہ ہو تو نہ نفقہ ہے نہ سکونت۔'' (مُسندِ احمد) طَبَرانی اور نَسائی نے بھی قریب قریب یہی روایت نقل کی ہے اور اس کے آخری الفاظ یہ ہیں: فاذا کانت لا تحل له حتی تنکح زوجا غیرہ فلا نفقة ولا سکنٰی۔ ''لیکن جب وہ اُس کے لیے اُس وقت تک حلال نہ ہو جب تک اُس کے سوا کسی اور مرد سے نکاح نہ کرے، تو پھر اس کے لیے نہ نفقہ ہے نہ سکونت۔'' یہ حکم بیان کرنے کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو پہلے اُمِّ شَرِیکؓ کے گھر میں عدّت گزارنے کا حکم دیا، اور بعد میں فرمایا کہ تم ابنِ اُمِّ مَکتُومؓ کے ہاں رہو۔

لیکن اس حدیث کو جن لوگوں نے قبول نہیں کیا ہے اُن کے دلائل یہ ہیں:

اوّلاً، اُن کو شوہر کے رشتہ داروں کا گھر چھوڑنے کا حکم اس لیے دیا گیا تھا کہ وہ بہت تیز زبان تھیں اور شوہر کے رشتہ دار اُن کی بدمزاجی سے تنگ تھے۔ سعید بن المُسَیَّب کہتے ہیں کہ ''ان خاتون نے اپنی حدیث بیان کر کے لوگوں کو فتنے میں ڈال دیا ہے۔ اصل بات یہ ہے کہ وہ زبان دراز تھیں، اس لیے ان کو ابنِ اُمِّ مَکتُومؓ کے ہاں رکھا گیا۔'' (ابوداؤد) دوسری روایت میں سعید بن المُسَیَّب کا یہ قول منقول ہوا ہے کہ انھوں نے اپنے شوہر کے رشتہ داروں سے زبان درازی کی تھی اس لیے انھیں اس گھر سے منتقل ہونے کا حکم دیا گیا تھا۔ (جَصّاص) سلیمان بن یَسار کہتے ہیں: ''ان کا گھر سے نکلنا دراصل بدمزاجی کی وجہ سے تھا۔'' (ابوداؤد)

ثانیاً، ان کی روایت کو حضرت عمرؓ نے اُس زمانے میں ردّ کر دیا تھا جب بکثرت صحابہؓ موجود تھے اور اس معاملے کی پوری تحقیقات ہو سکتی تھیں۔ ابراہیم نَخَعی کہتے ہیں کہ جب حضرت عمرؓ کو فاطمہؓ کی یہ حدیث پہنچی تو انھوں نے فرمایا: لسنا بتارکی اٰیة فی کتاب اللّٰه وقول رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلّم لقول امرأة لعلّها اوهمت سمعت رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلّم یقول لها السکنٰی والنفقة۔ ''ہم کتاب اللہ کی ایک آیت اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قول کو ایک عورت کے قول کی وجہ سے نہیں چھوڑ سکتے، جسے شاید کچھ وہم ہوا ہے۔ میں نے خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ مبتُوتہ کے لیے سکونت کا حق بھی ہے اور نفقہ کا بھی۔'' (جَصّاص) ابو اسحاق کہتے ہیں کہ میں اَسوَد بن یزید کے پاس کوفے کی مسجد میں بیٹھا تھا۔ وہاں شَعْبی نے فاطمہؓ بنتِ قَیس کی حدیث کا ذکر کیا۔ اس پر حضرت اَسوَد نے شَعْبی کو کنکریاں کھینچ ماریں اور کہا کہ حضرت عمرؓ کے زمانے میں جب فاطمہؓ کی یہ روایت پیش کی گئی تھی تو انھوں نے کہا تھا: ''ہم اپنے رب کی کتاب اور اپنے نبی کی سنّت کو ایک عورت کے قول کی وجہ سے ردّ نہیں کر سکتے، معلوم نہیں اس نے یاد رکھا یا بھول گئی۔ اس کے لیے نفقہ اور سکونت ہے۔ اللہ کا حکم ہے: لَا تُخْرِجُوْهُنَّ مِنْۢ بُيُوْتِهِنَّ۔'' یہ روایت باختلافِ الفاظ مسلم، ابوداؤد، ترمذی اور نَسائی میں منقول ہوئی ہے۔

ثالثاً، مَروان کے زمانۂ حکومت میں جب مُطلّقۂ مَبتُوتہ کے متعلق ایک نِزاع چل پڑی تھی، حضرت عائشہؓ نے فاطمہؓ بنتِ قَیس کی روایت پر سخت اعتراضات کیے تھے۔ قاسم بن محمدؒ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہؓ سے پوچھا: ''کیا آپ کو فاطمہ کا قصّہ معلوم نہیں ہے؟'' انھوں نے جواب دیا: ''فاطمہ کی حدیث کا ذکر نہ کرو تو اچھا ہے۔'' (بخاری)

وَ اِنْ كُنَّ اُولٰتِ حَمْلٍ فَاَنْفِقُوْا عَلَيْهِنَّ حَتّٰى يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ۚ

اور اگر وہ حاملہ ہوں تو ان پر اُس وقت تک خرچ کرتے رہو جب تک ان کا وضعِ حمل نہ ہو جائے۔ ۱۷

بخاری نے دوسری روایت جو نقل کی ہے، اس میں حضرت عائشہؓ کے الفاظ یہ ہیں: ''فاطمہ کو کیا ہو گیا ہے، وہ خدا سے ڈرتی نہیں؟'' تیسری روایت میں حضرت عُروہؒ بن زبیرؓ کہتے ہیں کہ حضرت عائشہؓ نے فرمایا: ''فاطمہ کے لیے یہ حدیث بیان کرنے میں کوئی بھلائی نہیں ہے۔'' حضرت عُروہؒ ایک اور روایت میں بیان کرتے ہیں کہ حضرت عائشہؓ نے فاطمہؓ پر سخت ناراضی کا اظہار فرمایا اور کہا: ''وہ دراصل ایک خالی مکان میں تھیں جہاں کوئی مُونس نہ تھا، اس لیے ان کی سلامتی کی خاطر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو گھر بدل دینے کی ہدایت فرمائی تھی۔''

رابعاً، ان خاتون کا نکاح بعد میں اُسامہ بن زیدؓ سے ہوا تھا، اور محمد بن اُسامہ کہتے ہیں کہ جب کبھی فاطمہؓ اِس حدیث کا ذکر کرتیں، میرے والد، جو چیز بھی ان کے ہاتھ لگتی، اُٹھا کر ان پر دے مارتے تھے۔ (جَصّاص) ظاہر ہے کہ حضرت اُسامہؓ کے علم میں سنّت اس کے خلاف نہ ہوتی تو وہ اِس حدیث کی روایت پر اتنی ناراضی کا اظہار نہیں کر سکتے تھے۔

۱۷- یہ امر مُتَّفَق عَلَیہ ہے کہ مطلَّقہ، خواہ رَجعِیَّہ ہو یا مَبتُوتہ، اگر حاملہ ہو تو وضعِ حمل تک اس کی سکونت اور اس کے نَفَقے کا ذمّہ دار شوہر ہے۔ البتہ اختلاف اُس صورت میں ہے جب کہ حاملہ کا شوہر مر گیا ہو، قطعِ نظر اِس سے کہ وہ طلاق دینے کے بعد مرا ہو، یا اس نے کوئی طلاق نہ دی ہو اور عورت زمانۂ حمل میں بیوہ ہو گئی ہو۔ اس معاملے میں فقہا کے مسالک یہ ہیں:

(۱) حضرت علیؓ اور حضرت عبداللہؓ بن مسعود کا قول ہے کہ شوہر کے مجموعی ترکے میں اُس کا نَفَقہ واجب ہے۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ، قاضی شُرَیح، ابو العالیہ، شَعبی اور ابراہیم نَخَعی سے بھی یہی قول منقول ہے، اور حضرت عبداللہ بن عباسؓ کا بھی ایک قول اِسی کی تائید میں ہے۔ (آلُوسی، جَصّاص)

(۲) ابنِ جَرِیرؒ نے حضرت عبداللہ بن عباسؓ کا دوسرا قول یہ نقل کیا ہے کہ اُس پر اُس کے پیٹ کے بچے کے حصّے میں سے خرچ کیا جائے اگر میّت نے کوئی میراث چھوڑی ہو۔ اور اگر میراث نہ چھوڑی ہو تو میّت کے وارثوں کو اُس پر خرچ کرنا چاہیے، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: وَعَلَى الْوَارِثِ مِثْلُ ذٰلِكَ (البقرہ، آیت ۲۳۳)

(۳) حضرت جابرؓ بن عبداللہ، حضرت عبداللہ بن زبیرؓ، حضرت حسن بصری، حضرت سعید بن المُسَیَّب اور حضرت عطاء بن ابی رَباح کہتے ہیں کہ مُتوفّٰی شوہر کے مال میں اس کے لیے کوئی نفقہ نہیں ہے۔ حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے بھی ایک تیسرا قول یہی منقول ہوا ہے۔ (جَصّاص) اِس کا مطلب یہ ہے کہ شوہر کے ترکے میں سے اس کو جو میراث کا حصّہ ملا ہو اس سے وہ اپنا خرچ پُورا کر سکتی ہے، لیکن شوہر کے مجموعی ترکے پر اس کا نفقہ عائد نہیں ہوتا جس کا

فَإِنْ أَرْضَعْنَ لَكُمْ فَآتُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ ۚ وَأْتَمِرُوا بَيْنَكُم بِمَعْرُوفٍ ۖ
وَإِن تَعَاسَرْتُمْ فَسَتُرْضِعُ لَهُ أُخْرَىٰ ﴿٦﴾ لِيُنفِقْ ذُو سَعَةٍ مِّن
سَعَتِهِ ۖ وَمَن قُدِرَ عَلَيْهِ رِزْقُهُ فَلْيُنفِقْ مِمَّا آتَاهُ اللَّهُ ۚ لَا يُكَلِّفُ
اللَّهُ نَفْسًا إِلَّا مَا آتَاهَا ۚ سَيَجْعَلُ اللَّهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُسْرًا ﴿٧﴾ ع

پھر اگر وہ تمھارے لیے (بچّے کو) دُودھ پلائیں تو ان کی اُجرت انھیں دو، اور بھلے طریقے سے (اُجرت کا معاملہ) باہمی گفت وشنید سے طے کرلو۔[18] لیکن اگر تم نے (اُجرت طے کرنے میں) ایک دوسرے کو تنگ کیا تو بچّے کو کوئی اور عورت دُودھ پلالے گی۔[19] خوش حال آدمی اپنی خوش حالی کے مطابق نفقہ دے، اور جس کو رزق کم دیا گیا ہو وہ اُسی مال میں سے خرچ کرے جو اللہ نے اسے دیا ہے۔ اللہ نے جس کو جتنا کچھ دیا ہے اُس سے زیادہ کا وہ اُسے مکلّف نہیں کرتا۔ بعید نہیں کہ اللہ تنگ دستی کے بعد فراخ دستی بھی عطا فرما دے۔ ع

بار تمام وارثوں پر پڑے۔

(۴) ابنِ ابی لیلیٰ کہتے ہیں کہ اُس کا نفقہ مُتوفّیٰ شوہر کے مال میں اُسی طرح واجب ہے جس طرح اُس کے مال میں کسی کا قرض واجب ہوتا ہے۔ (جصّاص) یعنی مجموعی ترکے میں سے جس طرح قرض ادا کیا جاتا ہے، اسی طرح اس کا نفقہ بھی ادا کیا جائے۔

(۵) امام ابوحنیفہؒ، امام ابویوسفؒ، امام محمدؒ اور امام زُفرؒ کہتے ہیں کہ میّت کے مال میں اس کے لیے نہ سکونت کا حق ہے نہ نفقے کا۔ کیونکہ موت کے بعد میّت کی کوئی مِلکیّت ہی نہیں ہے۔ اس کے بعد تو وہ وارثوں کا مال ہے۔ اُن کے مال میں حاملہ بیوہ کا نفقہ کیسے واجب ہو سکتا ہے؟ (ہدایہ، جصّاص) یہی مسلک امام احمدؒ بن حنبل کا ہے۔ (الانصاف)

(۶) امام شافعیؒ کہتے ہیں کہ اس کے لیے کوئی نفقہ نہیں ہے، البتہ اسے سکونت کا حق ہے۔ (مُغنی المحتاج) ان کا اِستدلال حضرت ابوسعید خُدریؓ کی بہن فُریعہ بنتِ مالک کے اِس واقعے سے ہے کہ ان کے شوہر جب قتل کر دیے گئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو حکم دیا کہ شوہر کے گھر ہی میں عدّت گزاریں۔ (ابوداؤد، نَسائی، ترمذی) مزید برآں ان کا اِستدلال دارقُطنی کی اِس روایت سے ہے کہ حضورؐ نے فرمایا: ليس للحامل المتوفى عنها زوجها نفقة۔

''بیوہ حاملہ کے لیے کوئی نفقہ نہیں ہے۔'' یہی مسلک امام مالکؒ کا بھی ہے۔ (حاشیۃ الدُّسُوقی)

۱۸- اِس ارشاد سے کئی اہم باتیں معلوم ہوئیں۔ ایک یہ کہ عورت اپنے دُودھ کی مالک ہے، ورنہ ظاہر ہے کہ وہ اس کی اُجرت لینے کی مجاز نہیں ہوسکتی تھی۔ دوسرے یہ کہ جب وہ وضعِ حمل ہوتے ہی اپنے سابق شوہر کے نکاح سے باہَر ہوگئی تو بچے کو دُودھ پلانے پر وہ قانوناً مجبور نہیں ہے، بلکہ باپ اگر اُس سے دُودھ پلوانا چاہے اور وہ بھی راضی ہو تو وہ اُسے دودھ پلائے گی اور اس پر اُجرت لینے کی حق دار ہوگی۔ تیسرے یہ کہ باپ بھی قانوناً مجبور نہیں ہے کہ بچّے کی ماں ہی سے اُس کو دُودھ پلوائے۔ چوتھے یہ کہ بچے کا نفقہ باپ پر عائد ہوتا ہے۔ پانچویں یہ کہ بچے کو دُودھ پلانے کی اوّلین حق دار ماں ہے اور دوسری عورت سے رضاعت کا کام اُسی صورت میں لیا جاسکتا ہے جب کہ ماں خود اس پر راضی نہ ہو، یا اس کی ایسی اُجرت مانگے جس کا ادا کرنا باپ کی مَقدِرَت میں نہ ہو۔ اسی سے چھٹا قاعدہ یہ نکلتا ہے کہ اگر دوسری عورت کو بھی وہی اُجرت دینی پڑے جو بچّے کی ماں مانگتی ہو تو ماں کا حق اَولیٰ ہے۔

فقہا کی آرا اس مسئلے میں یہ ہیں:

ضَحّاک کہتے ہیں کہ ''بچے کی ماں اسے دُودھ پلانے کی زیادہ حق دار ہے۔ مگر اسے اختیار ہے کہ چاہے دُودھ پلائے یا نہ پلائے۔ البتہ اگر بچہ دوسری عورت کی چھاتی قبول نہ کرے تو ماں کو اسے دُودھ پلانے پر مجبُور کیا جائے گا۔'' اسی سے مِلتی جُلتی رائے قَتادَہ اور ابراہیم نَخَعی اور سُفیان ثَوری کی ہے۔ ابراہیم نَخَعی یہ بھی کہتے ہیں کہ ''اگر دوسری عورت رضاعت کے لیے نہ مل رہی ہو تب بھی ماں کو اسے دُودھ پلانے پر مجبُور کیا جائے گا۔'' (ابنِ جَریر)

ہِدایہ میں ہے: ''اگر ماں باپ کی علیحدگی کے وقت چھوٹا بچہ دُودھ پیتا ہو تو ماں پر یہ فرض نہیں ہے کہ وہی اسے دُودھ پلائے۔ البتہ اگر دوسری عورت نہ ملتی ہو تو وہ رضاعت پر مجبُور کی جائے گی۔ اور اگر باپ یہ کہے کہ میں بچّے کی ماں کو اُجرت دے کر اس سے دُودھ پلوانے کے بجائے دوسری عورت سے اُجرت پر یہ کام لوں گا، اور ماں دوسری عورت ہی کے برابر اُجرت مانگ رہی ہو، یا بلا اُجرت ہی اِس خدمت کے لیے راضی ہو، تو اِس صورت میں ماں کا حق مقدم رکھا جائے گا۔ اور اگر بچّے کی ماں زیادہ اُجرت مانگ رہی ہو تو باپ کو اس پر مجبُور نہیں کیا جائے گا۔''

۱۹- اس میں ماں اور باپ، دونوں کے لیے عتاب کا ایک پہلُو ہے۔ اندازِ بیان سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ پچھلی تلخیوں کی بنا پر، جن کے باعث بالآخر طلاق تک نوبت پہنچی تھی، دونوں بھلے طریقے سے آپس میں بچے کی رضاعت کا معاملہ طے نہ کریں تو یہ اللہ کو پسند نہیں ہے۔ عورت کو تنبیہ کی گئی ہے کہ تُو زیادہ اُجرت مانگ کر مرد کو تنگ کرنے کی کوشش کرے گی تو بچّے کی پرورش کچھ تیرے ہی اُوپر موقوف نہیں ہے، کوئی دوسری عورت اسے دُودھ پلالے گی۔ اور مرد کو بھی تنبیہ کی گئی ہے کہ اگر تو ماں کی مامتا سے ناجائز فائدہ اُٹھا کر اسے تنگ کرنا چاہے گا تو یہ بھلے آدمیوں کا سا کام نہ ہوگا۔ قریب قریب یہی مضمون سورۂ بَقَرہ، آیت ۲۳۳ میں زیادہ تفصیل کے ساتھ ارشاد ہوا ہے۔

وَ كَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ عَتَتْ عَنْ اَمْرِ رَبِّهَا وَ رُسُلِهٖ فَحَاسَبْنٰهَا حِسَابًا
شَدِيْدًا ۙ وَّ عَذَّبْنٰهَا عَذَابًا نُّكْرًا ۝۸ فَذَاقَتْ وَبَالَ اَمْرِهَا وَ كَانَ
عَاقِبَةُ اَمْرِهَا خُسْرًا ۝۹ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ۙ فَاتَّقُوا
اللّٰهَ يٰۤاُولِي الْاَلْبَابِ ۛۚ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۛ قَدْ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكُمْ
ذِكْرًا ۙ ۝۱۰ رَّسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ مُبَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَ
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ

---

کتنی[20] ہی بستیاں ہیں جنھوں نے اپنے رب اور اس کے رسُولوں کے حکم سے سرتابی کی تو ہم نے ان سے سخت محاسبہ کیا اور ان کو بُری طرح سزا دی۔ انھوں نے اپنے کیے کا مزا چکھ لیا اور اُن کا انجامِ کار گھاٹا ہی گھاٹا ہے، اللہ نے (آخرت میں) ان کے لیے سخت عذاب مہیّا کر رکھا ہے۔ پس اللہ سے ڈرو اے صاحبِ عقل لوگو! جو ایمان لائے ہو۔ اللہ نے تمھاری طرف ایک نصیحت نازل کر دی ہے، ایک ایسا رسُول[21] جو تم کو اللہ کی صاف صاف ہدایت دینے والی آیات سُناتا ہے تاکہ ایمان لانے والوں اور نیک عمل کرنے والوں کو تاریکیوں سے نکال کر روشنی میں لے آئے۔[22]

---

۲۰ – اب مسلمانوں کو مُتنبّہ کیا جاتا ہے کہ اللہ کے رسولؐ اور اس کی کتاب کے ذریعے سے جو احکام اُن کو دیے گئے ہیں، اُن کی اگر وہ نافرمانی کریں گے تو دنیا اور آخرت میں کس انجام سے دوچار ہوں گے، اور اگر اطاعت کی راہ اختیار کریں گے تو کیا جزا پائیں گے۔

۲۱ – مفسّرین میں سے بعض نے نصیحت سے مراد قرآن لیا ہے، اور رسول سے مراد محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔ اور بعض کہتے ہیں کہ نصیحت سے مراد خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہی ہیں، یعنی آپؐ کی ذات ہمہ تن نصیحت تھی۔ ہمارے نزدیک یہی دوسری تفسیر زیادہ صحیح ہے، کیونکہ پہلی تفسیر کی رُو سے فقرہ یوں بنانا پڑے گا کہ ”ہم نے تمھاری طرف ایک نصیحت نازل کی ہے اور ایک ایسا رسول بھیجا ہے۔“ قرآن کی عبارت میں اس تبدیلی کی آخر ضرورت کیا ہے جب کہ اس کے بغیر ہی عبارت نہ صرف پوری طرح بامعنیٰ ہے بلکہ زیادہ پُرمعنیٰ بھی ہے۔

۲۲ – یعنی جہالت کی تاریکیوں سے علم کی روشنی میں نکال لائے۔ اِس ارشاد کی پُوری اہمیّت اُس وقت

وَ مَنۡ یُّؤۡمِنۡ بِاللّٰہِ وَ یَعۡمَلۡ صَالِحًا یُّدۡخِلۡهُ جَنّٰتٍ تَجۡرِیۡ مِنۡ تَحۡتِهَا
الۡاَنۡهٰرُ خٰلِدِیۡنَ فِیۡهَاۤ اَبَدًا ؕ قَدۡ اَحۡسَنَ اللّٰہُ لَهٗ رِزۡقًا ﴿۱۱﴾ اَللّٰہُ الَّذِیۡ
خَلَقَ سَبۡعَ سَمٰوٰتٍ وَّ مِنَ الۡاَرۡضِ مِثۡلَهُنَّ ؕ یَتَنَزَّلُ الۡاَمۡرُ

جو کوئی اللہ پر ایمان لائے اور نیک عمل کرے، اللہ اُسے ایسی جنّتوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی۔ یہ لوگ ان میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے۔ اللہ نے ایسے شخص کے لیے بہترین رزق رکھا ہے۔

اللہ وہ ہے جس نے سات آسمان بنائے اور زمین کی قسم سے بھی اُنھی کے مانند۔[۲۳] ان کے درمیان حکم

سمجھ میں آتی ہے جب انسان طلاق، عدّت اور نفقات کے متعلق دنیا کے دوسرے قدیم اور جدید عائلی قوانین کا مطالعہ کرتا ہے۔ اس تقابلی مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ بار بار کی تبدیلیوں اور نت نئی قانون سازیوں کے باوجود آج تک کسی قوم کو ایسا معقول اور فطری اور معاشرے کے لیے مفید قانون میسّر نہیں آسکا ہے جیسا اِس کتاب اور اِس کے لانے والے رسولؐ نے ڈیڑھ ہزار برس پہلے ہم کو دیا تھا اور جس پر کسی نظرِ ثانی کی ضرورت نہ کبھی پیش آئی نہ پیش آسکتی ہے۔ یہاں اِس تقابلی بحث کا موقع نہیں ہے۔ اس کا محض ایک مختصر سا نمونہ ہم نے اپنی کتاب ''حُقوق الزّوجین'' کے آخری حصّے میں درج کیا ہے۔ لیکن جو اصحابِ علم چاہیں، وہ دنیا کے مذہبی اور لادینی قوانین سے قرآن و سنّت کے اِس قانون کا مقابلہ کر کے خود دیکھ لیں۔

۲۳- ''اُنھی کے مانند'' کا مطلب یہ نہیں ہے کہ جتنے آسمان بنائے اُتنی ہی زمینیں بھی بنائیں، بلکہ مطلب یہ ہے کہ جیسے متعدّد آسمان اُس نے بنائے ہیں ویسی ہی متعدّد زمینیں بھی بنائی ہیں۔ اور ''زمین کی قسم سے'' کا مطلب یہ ہے کہ جس طرح یہ زمین جس پر انسان رہتے ہیں، اپنی موجودات کے لیے فرش اور گہوارہ بنی ہوئی ہے، اُسی طرح اللہ تعالیٰ نے کائنات میں اور زمینیں بھی تیار کر رکھی ہیں جو اپنی اپنی آبادیوں کے لیے فرش اور گہوارہ ہیں۔ بلکہ بعض مقامات پر تو قرآن میں یہ اشارہ بھی کر دیا گیا ہے کہ جان دار مخلوقات صرف زمین ہی پر نہیں ہیں، عالَمِ بالا میں بھی پائی جاتی ہیں۔ (مثال کے طور پر ملاحظہ ہو: تفہیم القرآن، جلد چہارم، الشُّوریٰ، آیت ۲۹، حاشیہ ۵۰) بالفاظِ دیگر، آسمان میں یہ جو بے شمار تارے اور سیارے نظر آتے ہیں، یہ سب ڈھنڈار پڑے ہوئے نہیں ہیں، بلکہ زمین کی طرح ان میں بھی بکثرت ایسے ہیں جن میں دنیائیں آباد ہیں۔

قدیم مفسّرین میں سے صرف ابنِ عباسؓ ایک ایسے مفسّر ہیں جنھوں نے اُس دَور میں اِس حقیقت کو بیان کیا تھا

بَيْنَهُنَّ لِتَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۙ وَّ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا ﴿۱۲﴾ ع

ع ۲ ۱۸

نازل ہوتا رہتا ہے۔ (یہ بات تمھیں اس لیے بتائی جا رہی ہے) تاکہ تم جان لو کہ اللہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے، اور یہ کہ اللہ کا علم ہر چیز پر محیط ہے۔ ع

جب آدمی اِس کا تصوّر تک کرنے کے لیے تیار نہ تھا کہ کائنات میں اس زمین کے سوا کہیں اور بھی ذی عقل مخلوق بستی ہے۔ آج اِس زمانے کے سائنس دانوں تک کو اِس کے امرِ واقعہ ہونے میں شک ہے، کجا کہ ۱۴ سو برس پہلے کے لوگ اِسے بآسانی باور کر سکتے۔ اسی لیے ابنِ عباس رضی اللہ عنہما عام لوگوں کے سامنے یہ بات کہتے ہوئے ڈرتے تھے کہ کہیں اس سے لوگوں کے ایمان متزلزل نہ ہو جائیں۔ چنانچہ مجاہد کہتے ہیں کہ اُن سے جب اس آیت کا مطلب پوچھا گیا تو انھوں نے فرمایا: ”اگر میں اس کی تفسیر تم لوگوں سے بیان کروں تو تم کافر ہو جاؤ گے اور تمھارا کفر یہ ہو گا کہ اسے جھٹلاؤ گے۔“ قریب قریب یہی بات سعید بن جُبَیر سے بھی منقول ہے کہ ابنِ عباسؓ نے فرمایا: ”کیا بھروسا کیا جا سکتا ہے کہ اگر میں تمھیں اس کا مطلب بتاؤں تو تم کافر نہ ہو جاؤ گے۔“ (ابنِ جَرِیر، عَبد بن حُمَید) تاہم ابنِ جَرِیر، ابنِ ابی حاتم اور حاکم نے، اور شُعَب الایمان اور کتاب الاسماء والصفات میں بَیْہَقی نے ابوالضُّحیٰ کے واسطے سے باختلافِ الفاظ ابنِ عباسؓ کی یہ تفسیر نقل کی ہے کہ فی کلِّ ارضٍ نبیٌّ کنبیّکم وادمُ کآدمَ ونوحٌ کنوحٍ وابراھیمُ کابراھیمَ وعیسٰی کعیسٰی۔ ”اُن میں سے ہر زمین میں نبی ہے تمھارے نبیؐ جیسا، اور آدم ہے تمھارے آدمؑ جیسا، اور نوح ہے تمھارے نوحؑ جیسا، اور ابراہیم ہے تمھارے ابراہیمؑ جیسا، اور عیسٰی ہے تمھارے عیسٰیؑ جیسا۔“ اس رِوایت کو ابنِ حَجرؒ نے فتح الباری میں اور ابنِ کثیر نے اپنی تفسیر میں بھی نقل کیا ہے۔ اور امام ذَہبیؒ نے کہا ہے کہ اس کی سند صحیح ہے البتہ میرے علم میں ابوالضُّحیٰ کے سوا کسی نے اسے روایت نہیں کیا ہے، اس لیے یہ بالکل شاذ روایت ہے۔ بعض دوسرے علما نے اسے کِذب اور موضوع قرار دیا ہے اور مُلّا علی قاریؒ نے اس کو موضوعاتِ کبیر (ص ۱۹) میں موضوع کہتے ہوئے لکھا ہے کہ اگر یہ ابنِ عباسؓ ہی کی روایت ہے تب بھی اسرائیلیات میں سے ہے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ اسے رد کرنے کی اصل وجہ لوگوں کا اِسے بعید از عقل وفہم سمجھنا ہے، ورنہ بجائے خود اس میں کوئی بات بھی خلافِ عقل نہیں ہے۔ چنانچہ علامہ آلوسی اپنی تفسیر میں اس پر بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں: ”اس کو صحیح ماننے میں نہ عقلاً کوئی چیز مانع ہے نہ شرعاً۔ مراد یہ ہے کہ ہر زمین میں ایک مخلوق ہے جو ایک اصل کی طرف اُسی طرح راجع ہوتی ہے جس طرح بنی آدم ہماری زمین میں آدم علیہ السّلام کی طرف راجع ہوتے ہیں۔ اور ہر زمین میں ایسے افراد پائے جاتے ہیں جو اپنے ہاں دوسروں کی بہ نسبت اُسی طرح

ممتاز ہیں جس طرح ہمارے ہاں نوح اور ابراہیم علیہما السّلام ممتاز ہیں۔‘‘ آگے چل کر علاّمہ موصوف کہتے ہیں: ’’ممکن ہے کہ زمینیں سات سے زیادہ ہوں اور اسی طرح آسمان بھی صرف سات ہی نہ ہوں۔ سات کے عدد پر، جو عددِ تام ہے، اکتفا کرنا اِس بات کو مُستلزم نہیں کہ اس سے زائد کی نفی ہو۔‘‘ پھر بعض احادیث میں ایک ایک آسمان کی درمیانی مَسافت جو پانچ پانچ سو برس بیان کی گئی ہے اس کے متعلق علاّمہ موصوف کہتے ہیں کہ ھو من باب التقریب لِلأفھام، یعنی اس سے مراد ٹھیک ٹھیک مَسافت کی پیمائش بیان کرنا نہیں ہے، بلکہ مقصود بات کو اِس طرح بیان کرنا ہے کہ وہ لوگوں کی سمجھ سے قریب تر ہو۔

یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ حال میں امریکا کے رانڈ کارپوریشن (Rand Corporation) نے فلکی مشاہدات سے اندازہ لگایا ہے کہ زمین جس کہکشاں (galaxy) میں واقع ہے، صرف اُسی کے اندر تقریباً ٦٠ کروڑ ایسے سیارے پائے جاتے ہیں جن کے طبعی حالات ہماری زمین سے بہت کچھ ملتے جُلتے ہیں اور امکان ہے کہ ان کے اندر بھی جان دار مخلوق آباد ہو۔ (اکانومسٹ، لندن، مورخہ ٢٦ جولائی ٦٩ء)

# فہرست موضوعات


## الف

ابراہیم، علیہ السلام

— ان کے ہاں فرشتوں کا انسانی شکل میں آنا اور بیٹے کی بشارت دینا ۱۴۳-۱۴۴

— ان کو سو سال کی عمر میں بیٹا عطا کیا گیا ۱۴۵

— ان جیسی بے نظیر اولاد اللہ نے کسی کو نہ دی جس میں کئی پشتوں تک نبوت کا سلسلہ چلتا رہا ۱۴۵

— ان کی اولاد کو کتاب اور نبوت سے نوازا گیا ۳۲۳

— ان کی اولاد میں حق پرستوں کے ساتھ بہت سے فاسقین بھی پیدا ہوئے ۳۲۳

— ان کی اور ان کے ساتھیوں کی زندگی مسلمانوں کے لیے بہترین اسوہ ہے ۴۲۸-۴۳۱

— انھوں نے صاف صاف اپنی قوم کے معبودوں سے بیزاری کا اظہار کیا اور اپنی کافر قوم سے بالکل قطع تعلق کر لیا ۴۲۸

— ان کا اپنے کافر باپ کے لیے دعائے مغفرت کرنا اور پھر اسے ترک کر دینا ۴۲۹-۴۳۰

— انھوں نے اللہ کے بھروسے پر پوری دنیا کی مخالفت کی پروا نہ کی ۴۳۰

— انھوں نے وفا کا حق ادا کر دیا ۲۱۳

— انھوں نے کفار کے مقابلے میں اللہ سے مدد کی درخواست کی ۴۳۰

— معراج کے موقع پر ان کا حضورؐ اکرم کو نظر آنا ۱۶۲

— صحف ابراہیمؑ کے حوالے ۲۱۳-۲۲۰

— حضرت ابراہیمؑ اور اصحاب ابراہیمؑ کی دعا ۴۲۹-۴۳۰

ابلیس

— دیکھو ''شیطان''

ابوبکر صدیقؓ

— رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ان کمال درجہ اعتماد ۳۹

اجتہاد

— جن معاملات میں اللہ کا حکم نہ آیا ہوتا ان میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اجتہاد فرماتے تھے ۳۸۷-۳۸۸

— نیک نیتی پر مبنی اجتہاد میں اہل علم کی رائیں مختلف بھی ہوں تب بھی اللہ کی شریعت میں وہ سب حق پر ہیں ۳۸۸

— کوئی اجتہاد قرآن وسنت سے آزاد نہیں ہو سکتا ۷۰-۷۱

### اجر

— کیسے لوگوں کے لیے ہے ۳۱-۴۶-۴۹-۵۳-۶۵-۷۲-۳۰۶-۳۰۹-۳۱۵-۳۲۵-۵۴۴-۵۷۳

— اللہ کے ہاں فرماں بردار بندوں کے اجر میں کبھی کمی نہیں کی جاتی ۱۰۱

### اجماع

— کتاب و سنت کے خلاف یا اس سے آزاد کسی اجماع کی کوئی قانونی حیثیت نہیں ہے ۱۷

### احسان

— احسان (نیکی) کا بدلہ احسان ہی ہے ۲۶۹

### احکام القرآن

— ۱۱-۲۴-۲۵-۳۰-۳۱-۴۸-۵۴-۶۲-۷۰-۷۲-۷۳-۷۶-۷۷-۷۸-۸۳-۸۴-۸۵-۸۷-۱۲۵-۱۲۸-۱۳۸-۱۳۹-۱۵۳-۱۵۴-۱۸۴-۲۱۴-۲۱۹-۲۲۰-۲۲۳-۲۵۱-۲۹۰-۲۹۶-۳۰۵-۳۰۶-۳۰۷-۳۰۸-۳۰۹-۳۱۵-۳۳۴-۳۳۹-۳۴۱-۳۴۲ تا ۳۴۵-۳۶۰-۳۶۱ تا ۳۶۳-۳۸۸ تا ۳۹۶-۴۰۹-۴۱۰-۴۳۲-۴۳۴-۴۳۷-۴۴۳-۴۴۵-۴۵۰-۴۵۴-۴۵۶-۴۷۶-۴۷۸-۴۷۹-۴۸۶-۴۹۲ تا ۴۹۷-۵۲۱-۵۲۲-۵۲۳-۵۴۴-۵۴۶-۵۴۷-۵۵۳-۵۶۳-۵۶۵-۵۶۶-۵۶۸ تا ۵۷۰-۵۷۳-۵۷۷-۵۷۸

— یہ اس خدا کے احکام ہیں، جو بندوں کے معاملات میں علم اور حکمت کی بنا پر فیصلہ کرتا ہے ۴۳۷-۴۴۳

— احکام الٰہی کی پابندی ہی انسان کے لیے بہتر ہے ۲۶

— اسلامی ریاست اور اسلامی نظم جماعت سے متعلق احکام کے لیے دیکھو ''اسلامی ریاست''، ''اسلامی نظم جماعت'' اور ''اسلامی قومیت''۔ قانونی احکام کے لیے دیکھو ''قانون اسلام''۔ جنگ سے متعلق احکام کے لیے دیکھو ''جنگ'' اور ''جہاد فی سبیل اللہ''۔ اخلاق سے متعلق احکام کے لیے دیکھو ''اخلاقی تعلیمات'' اور ''قرآن، اس کا فلسفہ اخلاق''۔ دعوت و تبلیغ سے متعلق احکام کے لیے دیکھو ''حکمت تبلیغ'' اور ''دعوت حق''۔ تمدن و معاشرت سے متعلق احکام کے لیے دیکھو ''اسلامی معاشرت'' اور ''قانون اسلام، قانون معاشرت''۔ معاشی معاملات سے متعلق احکام کے لیے دیکھو ''قانون اسلام، قانون معیشت''۔

### آخرت

— اس کے برحق ہونے کی دلائل ۱۱۰ تا ۱۱۴-۱۲۳-۱۴۴-۲۷۵-۲۸۴ تا ۲۹۰-۵۲۹-۵۳۱

— وجوب آخرت پر تاریخی استدلال ۱۱۴-۱۱۵-۱۲۴-۱۴۴-۱۵۰-۱۶۳-۱۶۴-۱۶۵-۱۶۶

— آخرت کے حق میں عقلی استدلال ۱۱۳-۱۱۴-۱۱۶-۱۳۲ تا ۱۳۵-۱۴۰ تا ۱۴۳-۱۵۱-۱۶۲ تا ۱۶۶-۴۰۹-۴۱۰-۵۳۲-۵۳۵-۵۳۶

— آخرت پر اخلاقی استدلال ۱۱۵-۱۴۴

— آخرت پر آفاقی استدلال ۱۱۰ تا ۱۱۳-۱۲۴-۱۲۵-۱۳۳ تا ۱۳۵-۱۵۰ تا ۱۵۲-۱۶۵-۲۲۸

— اللہ تعالیٰ کے لیے آخرت برپا کرنا کچھ بھی مشکل نہیں ۵۳۴-۵۳۶

— آخرت کا برپا ہونا کیوں ضروری ہے؟ ۱۳۳-

۱۳۴-۲۱۱-۲۱۹-۵۳۱-۵۳۲-۵۳۵
— آخرت کا انکار کرنے سے اس کا آنا رک نہ جائے گا۱۱۶
— قرآن میں آخرت کے برحق ہونے پر مختلف اشیاء کی قسمیں کس مناسبت سے کھائی گئی ہیں ۱۳۲-۱۳۳-۱۶۲تا۱۶۶-۵۳۴-۵۳۵
— آخرت ضرور واقع ہوگی اور کوئی اسے دفع کرنے والا نہیں ہے۱۶۳
— آخرت ایک بنیادی مسئلہ ہے جس کے متعلق محض قیاس وگمان کی بنا پر کوئی عقیدہ قائم کرلینا انسان کے لیے تباہ کن ہے ۱۳۶
— انسان اس مسئلے پر محض قیاس کی بنا پر کبھی صحیح رائے قائم نہیں کرسکتا کیونکہ اس مسئلے کا کوئی پہلو بھی انسان کے محسوسات میں شامل نہیں ہے ۱۳۶
— اس ماورائے حس و ادراک مسئلے پر رائے قائم کرنے کے لیے قرآن کیا طریقہ بتاتا ہے۱۳۶
— آخرت کے متعلق منکرین کے نظریات اوران کا ابطال ۱۰۶-۱۰۷-۱۰۸-۱۰۹-۱۲۷-۱۲۸-۱۳۰-۱۳۴-۱۳۵-۱۳۶-۱۳۷-۲۷۴-۲۷۶-۲۸۳-۲۸۴-۵۳۴تا۵۳۶
— منکرین آخرت کے دعوے باہم متضاد ہیں اور پھران کے استدلال کی نہ کوئی عقلی بنیاد ہے نہ علمی ۱۳۰-۱۳۵-۵۳۴
— منکرین آخرت کے نظریات سے وہی شخص گمراہ ہوسکتا ہے جو حق سے برگشتہ ہوگیا ہو۱۳۵
— منکرین آخرت کی سمجھ میں عقیدہ آخرت نہ آنے کی اصل علت کیا ہے؟۱۰۹-۱۱۰-۱۱۷-۱۱۸
— منکرین آخرت صرف دنیا کی زندگی کے طالب ہوتے ہیں۲۱۰
— آخرت کو ماننے یا نہ ماننے میں انسان کا اپنا ہی فائدہ ونقصان مضمر ہے۱۱۶
— منکرین آخرت غفلت وگمراہی میں پڑے ہوئے ہیں ۱۱۸-۲۰۹
— منکرین آخرت اللہ کی صفات حسنہ کے منکر ہیں ۲۶۹-۲۷۰
— آخرت میں اس امر حق کو سب دیکھ رہے ہوں گے جس کا اب انکار کیا جاتا ہے۱۲۷
— منکرین آخرت کو دھکے مار مار کر جہنم میں داخل کیا جائے گا اور ان سے کہا جائے گا کہ یہ وہی آگ ہے جسے تم جھٹلایا کرتے تھے، اب بتاؤ یہ جادو ہے یا تمھیں سوجھ نہیں رہا ہے۱۶۶-۱۶۷
— آخرت کے متعلق تمام قیاسی عقیدے دراصل افیون ہیں جس کی پینک میں لوگ مدہوش پڑے ہیں ۱۳۶-۱۳۷
— منکرین آخرت بجائے اس کے کہ اپنی جہالت و گمراہی پر روئیں، آخرت کی صداقت کو ہنسی مذاق میں ٹالنا چاہتے ہیں۲۲۳-۲۲۴
— آخرت کو ماننے والوں اور نہ ماننے والوں کے انجام میں فرق۱۶۰
— منکرین آخرت کے لیے قیامت کا دن بڑا کٹھن ہوگا۲۳۲

— منکرین آخرت کو مرتے ہی آخرت کی حقیقت معلوم ہو جائے گی ۱۱۷-۱۱۸-۱۳۶-۱۳۷
— حق سے پھرے ہوئے لوگوں کے سوا آخرت سے کوئی انکار نہیں کرتا ۱۳۵
— انکار آخرت، گناہ عظیم ہے ۲۸۳
— منکر آخرت قوموں کا انجام ۱۱۴- ۱۱۵- ۲۲۱- ۲۲۲-۲۲۷-۲۳۳ تا ۲۳۹
— منکر آخرت افراد کا انجام ۱۶۶-۲۸۴
— آخرت کے آنے کی تاریخ دریافت کرنے والوں کو جواب ۱۳۵-۱۳۷-۱۵۷
— آخرت میں پوری نوع انسانی تین گروہوں میں بانٹ دی جائے گی: سابقین، دائیں بازو والے اور بائیں بازو والے ۲۷۷ تا ۲۹۵
— سابقین کے لیے نعمتیں ۲۷۸ تا ۲۸۰-۲۹۵
— دائیں بازو والوں کے لیے نعمتیں ۲۸۱-۲۸۲-۲۹۵
— بائیں بازو والوں کا انجام بد ۲۸۲ تا ۲۸۴-۲۹۵-۲۹۶
— آخرت میں عدل کی تمام شرائط پوری کرنے کے لیے مجرموں کو سزا دی جائے گی ۱۱۷-۱۶۷
— وہاں لوگوں کے اعمال کی پوری جانچ پڑتال ہوگی ۲۱۹-۲۲۰
— وہاں لوگوں کو دوبارہ زندہ کیا جائے گا اور ان کے اعمال انھیں بتائے جائیں گے ۳۵۶
— وہاں انسان کے اسی دنیوی جسم میں جان ڈالی جائے گی ۱۱۰
— وہاں کے برے انجام سے نہ مال بچا سکتا ہے نہ اولاد اور نہ باپ دادا کا عمل ۱۶۸-۱۶۹-۱۸۳-۳۶۵
— وہاں جھوٹی قسموں سے کام نہ چلے گا ۳۶۵
— وہاں کی کامیابی ہی اصل کامیابی ہے ۴۸
— وہاں سخت عذاب بھی ہے اور اللہ کی خوشنودی اور مغفرت بھی ۳۱۷-۳۱۸
— وہاں ظالم کی نیکیاں مظلوم کو دے دی جائیں گی ۵۳۶-۵۳۸-۵۳۹
— آخرت کے لیے تیاری کرنے کا حکم ۴۰۹
— خوف آخرت جنت کے مستحق افراد کی صفت ہے ۱۷۱-۲۶۶
— آخرت کی نعمتیں ۱۲۲- ۱۳۸- ۱۶۷ تا ۱۷۱- ۲۴۲- ۲۶۵ تا ۲۷۲- ۲۷۷ تا ۲۸۲- ۲۹۵- ۲۹۶- ۳۱۰- ۴۷۸- ۴۷۹- ۵۳۸- ۵۴۰- ۵۴۱-۵۸۰-۵۸۱
— آخرت میں کفار و منافقین اور مجرمین کے ساتھ کیا سلوک ہوگا ۱۱۹-۱۲۱-۱۳۵-۱۳۶-۱۶۶-۱۶۷-۱۸۳-۲۴۰-۲۶۴-۲۶۵-۲۸۲-۲۸۳-۲۸۴-۳۱۱ تا ۳۱۳-۵۲۰-۵۳۸-۵۳۹-۵۴۰-۵۴۱-۵۷۹
— آخرت کے عذاب سے پہلے دنیا میں لوگوں کو چھوٹے چھوٹے عذابوں کے ذریعے سے متنبہ کیا جاتا ہے ۱۸۳-۱۸۴
— آخرت کی جزا و سزا سے انسان بچ کر بھاگ نہیں سکتا ۲۶۳-۲۶۴
— کفار آخرت سے بالکل مایوس ہیں ۴۵۰
— وہاں اہل ایمان کو نور نصیب ہوگا ۲۹۹-۳۱۰-

۳۱۱-۳۱۷-۳۳۳
— وہاں مومن کی مغفرت ہوگی اور منکر کو عذاب ملے گا ۳۱۷-۳۱۸-۵۳۸
— وہاں مومنین کو عزت اور کفار کو ذلت ملے گی ۲۷۷
— وہاں مجرم اپنے چہروں سے پہچانے جائیں گے ۲۶۴-۲۶۵
— وہاں ایک فرشتہ ہر مجرم کو ہانک کر لانے والا ہوگا اور ایک اس پر گواہی دینے والا ۱۱۸
— وہاں شیطان اور اس کے پیروؤں کے درمیان جھگڑا ۱۱۹-۱۲۰
— اللہ تعالیٰ نے پہلے ہی یوم آخرت سے لوگوں کو متنبہ کردیا ہے ۱۲۰
— اللہ تعالیٰ نے پہلے ہی یوم آخرت سے لوگوں کو متنبہ کردیا ہے ۱۲۰
(مزید تفصیل کے لیے دیکھو ''حشر''، ''زندگی بعد موت''، ''قیامت''، ''جزا و سزا''، ''جنت''، ''جہنم'' اور ''عذاب'')

## اخلاقی تعلیمات

— اللہ کسی مغرور انسان کو پسند نہیں کرتا ۳۲۰
— اللہ انصاف کرنے والوں کو پسند کرتا ہے ۷۸-۴۳۲-۴۳۳
— اللہ کو دورنگی اور منافقت سخت ناپسند ہے ۴۵۴ تا ۴۵۶-۵۲۰
— خفیہ سرگوشیوں کی ممانعت ۳۳۷-۳۵۸-۳۶۰-۳۶۱-۳۶۲
— اللہ ظالموں اور فاسقوں کو ہدایت نہیں دیتا ۴۵۷-۴۷۶-۴۸۹-۵۲۰
— آداب مجلس کی تعلیم ۳۰ تا ۳۳۷-۳۳۷-۳۳۸-۳۶۰ تا ۳۶۲
— مسلمان بدخلق اور بخیل نہیں ہوسکتا ۳۱-۳۹۷
— مسلمانوں کو کفار سے دوستی نہ رکھنی چاہیے ۳۶۶-۴۲۱
— غیر معاند کفار سے دوستانہ تعلقات رکھنے میں کوئی حرج نہیں ۴۳۳
— عہد شکنی کی ممانعت ۴۹
— لوگوں کے راز ٹٹولنے کی ممانعت ۸۷ تا ۹۰
— مسلمانوں کے دو گروہوں میں جھگڑا ہو جائے تو دوسرے مسلمانوں کو کیا کرنا چاہیے ۷۶ تا ۷۸
— مسلمانوں کے باہمی تعلقات عدل و انصاف پر مبنی ہونے چاہییں ۷۸-۸۳-۸۴
— مسلمانوں کو ایک دوسرے کا مذاق نہ اڑانا چاہیے ۸۴-۸۵
— آپس میں ایک دوسرے پر طعن کرنا اور ایک دوسرے کے برے نام رکھنا منع ہے ۸۵-۸۶
— بہت گمان کرنے کی ممانعت ۸۷-۸۸
— غیبت کی ممانعت ۸۷-۹۰ تا ۹۴
(مزید تفصیل کے لیے دیکھو ''غیبت'')
— کسی زندہ یا مردہ مسلمان کے لیے دل میں بغض نہ رکھنا چاہیے ۴۰۳-۴۰۴
— اپنے آپ کو بڑی چیز سمجھنے اور فخر جتانے کی ممانعت ۳۲۰
— ٹھیک ٹھیک تولنے اور ڈنڈی نہ مارنے کا حکم ۲۵۱
— کسی مومن بھائی کی غلطی پر گرفت کرنی ہو تو

شائستگی کے ساتھ کرنی چاہیے۴۰۴
— جو حق بات کہی جائے اس پر عمل بھی کرنا چاہیے ۴۵۴-۴۵۵
— اہل ایمان کا کام یہ ہے کہ وہ تقویٰ پر قائم رہیں خواہ مخالف کیسا ہی جاہلانہ رویہ اختیار کرلے ۶۱

اذان (دیکھو 'نماز'')

ارتداد
— ارتداد کی صورت میں عائلی قانون کے مسائل ۴۴۱ تا ۴۴۴۔ (تفصیل کے لیے دیکھو 'قانون اسلام، قانون نکاح وطلاق'')

آزمائش
— اللہ ہر شخص کی آزمائش کرتا ہے۲۹
— اللہ کس طرح آزمائش میں ڈال کر مومن کو منافق سے ممیز کرتا ہے۱۸-۲۶-۲۷-۲۹
— اللہ مخلص اہل ایمان کو ان کی مقدرت سے زیادہ سخت آزمائش میں نہیں ڈالتا۳۱-۵۷۸
— اللہ کس طرح مومن کے ایمان کی آزمائش کرتا ہے۴۶-۵۲ تا ۵۴-۳۲۱ تا ۳۲۳-۵۴۴
— قوم ثمود کے لیے حضرت صالحؑ کی اونٹنی ایک آزمائش تھی ۲۳۷

اسحاق، علیہ السلام
— ان کی بیدائش سے پہلے ہی فرشتوں نے حضرت ابراہیمؑ کو ایک ذی علم بیٹے کے پیدا ہونے کی خوش خبری دے دی تھی۱۴۴-۱۴۵

اسلام
— اسلام اور مسلم کے معنی ۱۰۰
— اسلام اور ایمان کا فرق ۹۹ تا ۱۰۳-۱۴۷
— رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف دعوت دینے والے پہلے نبی نہ تھے بلکہ آپ سے پہلے تمام انبیاء نے بھی اسلام ہی کی تعلیم دی تھی ۱۴۷-۴۷۶
— تمام انبیاء کی امتیں مسلمان ہی تھیں ۱۴۷
— کسی قوم پر اللہ کی نعمت کی تکمیل یہ ہے کہ وہ پوری طرح اسلام پر عمل کرنے کے قابل ہوجائے ۴۳-۴۴
— اسلام اپنی تعلیمات و احکام کو صرف بیان ہی کرنے پر اکتفا نہیں کرتا بلکہ یہ بھی چاہتا ہے کہ ان کو عملاً نافذ کیا جائے ۹۸-۳۲۱-۳۲۲
— اسلام کا مقصود عدل کا قیام ہے ۱۵۷
— اسلام مساوات بین الناس کی تعلیم دیتا ہے۷۸-۸۳-۹۵
— وہ رنگ ونسل ووطن کے امتیازات مٹا کر تمام نوع انسانی کی ایک عالم گیر برادری اخلاقی و دینی بنیادوں پر قائم کرتا ہے۸۳-۹۵ تا ۹۹-۴۲۸-۴۲۹
(مزید تفصیل کے لیے دیکھو 'اسلامی قومیت'')
— وہ خاندان اور رشتہ داروں کے تمام تعلقات میں محبت کو حرام قرار دیتا ہے اگر ایک رشتہ دار مومن ہو اور دوسرا کافر ۳۶۶
— اسلام صلہ رحمی چاہتا ہے اور قطع رحمی کو حرام کرتا ہے ۲۷
— اسلام کسی کو جبراً مسلمان نہیں بنانا چاہتا ۱۲۸

— کوئی شخص اسلام قبول کر کے اللہ اور رسول پر کوئی احسان نہیں کرتا ۱۰۲

— نام کے مسلمان جو اخلاص اور وفاداری سے عاری ہوں اسلام کے لیے بالکل بیکار ہیں ۲۷

— اسلام میں رہبانیت نہیں ہے ۳۲۴ تا ۳۳۳

— اسلام سختی کے بجائے نرمی اور آسانی پیدا کرتا ہے ۳۲۵

— اسلام اللہ کا نور ہے، یہ پھونکوں سے نہیں بجھایا جاسکتا ۴۷۶

— اسلام دنیا میں غالب ہو کر رہنے کے لیے آیا ہے ۶۲-۴۷۷

**اسلامی ریاست**

— مدینہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کس طرح اسلامی ریاست قائم فرمائی تھی ۳۷۴-۳۷۵

— اسلامی ریاست کا مقصد یہ ہے کہ انسانی زندگی میں عدل و انصاف قائم ہو اور ظلم و جور ختم ہو جائے ۳۲۱

— اسلامی ریاست میں مساوات بین الناس ۷۸-۸۳-۹۵

— اسلامی ریاست کا یہ کام نہیں ہے کہ وہ لوگوں کے چھپے ہوئے عیب ڈھونڈ ڈھونڈ کر نکالے اور انھیں سزا دے ۸۹-۹۰

— حکومت کے فرائض کیا ہیں؟ ۷۸

— اسلامی ریاست کو لازمی طور پر ملک کے معاشی و مالی معاملات کا انتظام اس طرح کرنا ہوگا کہ دولت پر صرف مال دار طبقے ہی کی اجارہ داری نہ ہو جائے ۳۸۹-۳۹۲-۳۹۳

— جو لوگ بھی مسلمان ہونے کی وجہ سے ستائے جائیں اور اسلامی حکومت میں پناہ لینے پر مجبور ہوں، ان کو بسانا اسلامی حکومت کی ذمہ داری ہے ۳۹۴

— اسلام نے اولی الامر کی اطاعت کو غیر مشروط طور پر لازم نہیں کی ہے ۴۴۵-۴۴۶

— اولی الامر کی صفات (دیکھو ''اولی الامر'')

— اسلامی ریاست کے دستور میں فلاح عامہ ۱۳۹

— دستور اسلامی میں مقام رسول ۳۹۲-۳۹۳

— اسلامی ریاست کے لیے جائز نہیں ہے کہ تحقیق کیے بغیر محض مخبروں کی دی ہوئی خبروں کی بنا پر کسی کے خلاف کوئی کارروائی کرے ۷۴

— اسلامی ریاست میں رہتے ہوئے خدا اور رسول کے احکام کی مخالفت کرنا واجب القتل جرم ہے ۵۱۴

— (مزید تفصیل کے لیے دیکھو ''قانون اسلام: اصول قانون، دستوری قانون'')

**اسلامی قومیت**

— تمام انسان ایک ہی اصل سے ہیں ۹۵

— انسانوں کو قبیلوں اور گروہوں میں بانٹنے کی اصل مصلحت کیا ہے ۹۷

— نسل اور خاندان کی حقیقت کیا ہے ۹۵ تا ۹۹

— انسانوں کے درمیان قبیلوں اور برادریوں کا فرق فطری ہے مگر اس کا یہ تقاضا نہیں ہے کہ اس کی بنیاد پر تعصبات اور امتیازات قائم ہوں ۹۶

— اسلام نے رنگ، وطن و نسل کے تعلق کو نہیں بلکہ صرف ایمان کا تعلق کو بنائے قومیت قرار دیا ہے ۴۲۸-۴۲۹

— مسلمانوں کے درمیان نسل و وطن کے تعصب کو جب عبداللہ ابن ابی (رئیس المنافقین) نے ابھارنا چاہا تو قرآن میں اس کی اس حرکت پر کیسی سخت گرفت کی گئی ۵۲۱

— ایمان کے رشتے کے مقابلے میں قریب ترین رشتہ داریاں بھی کوئی اہمیت نہیں رکھتیں ۳۶۶-۴۰۳-۴۰۴-۵۴۳

— مسلم قومیت کے افراد کا باہمی تعلق رنگ وقوم کے اختلافات سے بالاتر ہے اور دین کے دائرے سے باہر جو لوگ ہیں ان سے مسلمانوں کا تعلق قومیت کا تعلق نہیں ہے ۶۳-۷۸-۸۳-۸۴

— قرآن کے نزدیک انسانوں کے گروہ صرف دو ہیں: حزب اللہ اور حزب الشیطان ۳۶۵ تا ۳۶۷

— ان دونوں گروہوں کے درمیان ہمیشہ کے لیے بیر پڑ گیا ہے ۴۲۸-۴۲۹

— اللہ کی پارٹی والے شیطان کی پارٹی والوں سے کبھی محبت کا تعلق نہیں رکھ سکتے ۳۶۶-۴۲۱

— مسلمانوں کا متحد ہوکر راہ حق میں کام کرنا اللہ کو سب سے زیادہ پسند ہے ۴۵۶- ۴۹۲ (مزید تفصیل کے لیے دیکھو ''اسلام'' اور ''اسلامی نظم جماعت'')

## اسلامی معاشرہ

— مسلمانوں کے معاشرے کو فساد اور خرابیوں سے بچانے کے لیے اہم ہدایات ۷۶ تا ۹۴- ۴۴۵-۴۴۶

— اسلامی معاشرہ میں مردوں اور عورتوں کی مخلوط سوسائٹی کا کوئی تصور نہیں ہے ۸۵

— اسلامی معاشرہ مساوات کے اعلیٰ اصولوں پر قائم کیا گیا ہے ۷۸-۸۳-۹۵-۳۸۵

(مزید تفصیل کے لیے دیکھو ''اسلامی نظم جماعت'')

## اسلامی نظم جماعت

— مسلمانوں کے باہمی تعلقات کس طرح کے ہونے چاہییں ۷۸- ۸۳- ۳۹۵ تا ۳۹۷-۴۰۳-۴۰۵

— اسلامی نظام میں رسول کا مقام ۷۰ تا ۷۲

— غیر مسلموں سے تعلقات کا قانون ۴۳۲-۴۳۳

— مسلمانوں کے درمیان خانہ جنگی کی صورت میں کیا کرنا چاہیے ۷۶ تا ۸۳

— دو مسلمان گروہوں کے درمیان لڑائی کی صورت میں باقی افراد معاشرہ کا فرض کیا ہے ۷۶-۷۷-۵۱۲

— عدل کی حمایت میں باغیوں اور ظالموں کے خلاف لڑنا وہ فتنہ نہیں ہے جسے اسلام میں مذموم قرار دیا گیا ہے ۷۷

— (مزید تفصیل کے لیے دیکھو ''اسلامی قومیت'' اور ''اسلامی معاشرہ'')

## آسمان

— اس کی تخلیق و تدبیر میں اللہ تعالیٰ کی قدرت کے کرشمے ۱۱۰ تا ۱۱۴- ۱۲۴- ۱۵۰- ۱۵۱- ۲۵۱-۳۰۳-۵۸۱ تا ۵۸۳

— آسمانوں اور زمین کے درمیان اللہ ہی کا حکم جاری ہوتا ہے ۵۸۱-۵۸۲

— آسمان بمعنی پورا عالم بالا (کائنات) ۱۱۰-۱۴۳-۱۶۳ (مزید تفصیل کے لیے دیکھو ''کائنات'')

— آسمان کی حقیقت ۱۱۱-۱۳۴-۵۸۱

— آسمان کی مختلف شکلیں ۱۳۳

— آسمان میں انسانوں کی روزی ہونے کا مطلب ۱۴۳

— قیامت کے روز آسمان ڈگمگائے گا ۱۶۳-۱۶۶

— قیامت کے روز آسمان پھٹ جائے گا اور سرخ چمڑے کی طرح ہوجائے گا ۲۶۴

**اصحاب الایکہ**-۱۱۴

**اصحاب الرس**-۱۱۴

**اصطلاحات قرآنی** (دیکھو ''قرآن'')

**اصول تفسیر**-(دیکھو ''قرآن، اس کی تفسیر کے صحیح اور غلط اصول'')

**اصول فقہ**

— شریعت نے نہ صرف یہ کہ خود بے جا قیود عائد نہیں کی ہیں بلکہ ان سے انسان کو نجات دلائی ہے ۳۳۹-۳۴۱-۴۴۵

— شریعت کی مقرر کردہ سزاؤں کی حکمت ۳۴۱-۳۴۲

— شریعت کے قوانین کی حکمت ۱۵-۱۶-۱۷-۳۴۱-۳۴۵-۳۶۲-۳۶۳-۳۹۸-۳۹۹-۴۲۸-۴۳۸-۵۳۳-۵۳۴-۵۶۴-۵۶۵-۵۶۶

— شریعت کے بہت سے احکام اگرچہ حکم کے الفاظ میں ہوتے ہیں لیکن سیاق وسباق بتاتا ہے کہ وہ نصیحت وہدایت ہیں ۵۶۷

— فقہا کے درمیان اختلاف کی نوعیت ۴۰۲-۴۰۳-۴۰۵-۴۲۷-۴۲۸-۴۳۰-۵۶۹-۵۷۰-۵۷۱-۵۷۴-۵۷۷-۵۸۰

— فقہائے اسلام نے قرآن وسنت اور اسلام کے اصول عامہ سے کس طرح اسلام کا قانون مدون کیا ہے ۱۲-۱۳-۱۵-۱۷-۱۸-۴۹-۵۰-۵۹-۶۰-۷۳-۷۴-۷۵-۸۰-۸۱-۹۲-۹۳-۱۲۳-۱۳۲-۱۴۹-۱۵۰-۲۹۳ تا ۲۹۵-۳۴۵ تا ۳۵۵-۳۵۶-۳۵۷-۳۶۲-۳۸۷-۳۹۰ تا ۳۹۲-۴۰۲-۴۰۳-۴۲۷-۴۲۸-۴۳۸ تا ۴۴۳-۴۴۴-۴۵۰-۴۵۵-۴۵۶-۴۹۸ تا ۵۰۱-۵۳۸-۵۳۹-۵۵۴-۵۵۷ تا ۵۶۳-۵۶۴-۵۶۷-۵۶۹-۵۷۰-۵۷۷-۵۷۸-۵۷۹-۵۸۱-۵۸۲

**اصول قانون**-(دیکھو ''قانون اسلام، اصول'')

**اقامت دین**-(دیکھو ''دعوت حق'' اور ''دین'')

**اقامت صلوٰۃ**-(دیکھو ''نماز'')

**اقسام القرآن**

— قرآن میں قسمیں کس لیے کھائی گئی ہیں ۵۳۵

— حضورؐ کی رسالت کے لیے مختلف چیزوں کی قسمیں ۱۰۸-۱۰۹-۱۹۲-۱۹۳

— آخرت کے برحق ہونے پر اللہ کی قسم ۵۳۴

— آخرت کے برحق ہونے پر مختلف چیزوں کی قسمیں ۱۳۲-۱۳۳-۱۴۳-۱۶۲-۱۶۲ تا ۱۶۶

— قرآن کے برحق وبلند پایہ ہونے پر تاروں کے مواقع کی قسم-۲۹۰-۲۹۱

**آلاء**

— عربی زبان وادب میں اس کے مختلف معانی

۲۵۳-۲۵۵

اللہ

— اس کی ہستی کے دلائل وہی ہیں جو توحید کے دلائل ہیں (دیکھو "توحید")

— اس کی صفات کا جامع ترین بیان ۴۱۱ تا ۴۱۵

— اس کے لیے بہترین نام ہیں ۴۱۵-۴۱۷

— اس کے ننانوے نام حدیث میں بیان کیے گئے ہیں ۴۱۷

— رب العالمین-۲۹۴-۴۰۸

— رب عظیم-۲۹۰-۲۹۶

— خیر الرازقین-۵۰۲

— ذوالقوۃ-۱۵۶

— سلام-۴۱۴

— مومن-۴۱۴

— مہیمن-۴۱۴

— ملک-۴۱۲-۴۸۵-۵۲۷

— قدوس-۴۱۲-۴۱۳-۴۸۵

— جبار-۴۱۴

— متکبر-۴۱۴-۴۱۵

— باری-۴۱۵

— مصور-۴۱۵

— مقتدر-۲۳۹-۲۴۱

— ملیک-۲۴۲

— البر-۱۷۱

— رازق-۱۵۵-۵۰۲

— خالق-۴۱۵-۵۲۷

— قوی-۳۲۲-۳۶۶

— خبیر ۵۰-۳۰۹-۳۴۴-۳۶۲-۳۶۳-۴۰۹-۵۲۲-۵۳۶

— غنی ۳۱-۳۲۱-۴۳۱-۵۳۳

— علیم ۴۵-۶۱-۷۰-۷۵-۱۰۲-۱۴۵-۳۰۳-۳۰۴-۳۵۸-۴۴۳-۵۲۹-۵۴۱-۵۸۱

— حکیم ۴۵-۴۸-۵۶-۷۵-۱۴۵-۳۰۱-۳۸۱-۴۱۵-۴۳۰-۴۴۳-۴۵۴-۴۸۵-۴۸۸-۵۴۷

— عزیز ۴۸-۵۶-۲۳۹-۳۰۱-۳۲۲-۳۶۶-۳۸۱-۴۱۴-۴۱۵-۴۳۰-۴۵۴-۴۸۵-۴۸۸-۵۴۷

— عفو-۳۴۱

— غفور ۵۲-۷۲-۱۰۱-۳۳۴-۳۴۱-۳۶۳-۴۳۱-۴۵۰-۵۴۳

— رحیم ۵۲-۷۳-۹۵-۱۰۱-۱۷۱-۳۰۷-۳۳۴-۳۶۳-۴۰۳-۴۱۲-۴۳۱-۴۵۰-۵۴۴

— قدیر ۵۷-۳۰۳-۳۸۹-۴۳۱-۵۲۷-۵۸۲

— سمیع ۷۰-۳۳۹

— بصیر ۳۰۴-۳۳۹-۴۲۵-۵۲۸

— تواب-۹۵

— رؤف ۳۰۷-۴۰۳

— رحمٰن ۲۲۸-۴۱۱-۴۱۲

— حمید ۳۲۱-۴۳۱-۵۳۳

— حلیم-۵۴۷

— شکور-۵۴۷

— متین-۱۵۶

— اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ کا ذکر قرآن میں ہر جگہ سیاق و سباق کی مناسبت سے کیا گیا ہے ۴۵- ۴۸-۵۲-۶۲-۷۰-۷۳-۷۵-۹۵-۱۵۶- ۱۵۷- ۲۴۸- ۳۰۱- ۳۰۲- ۳۰۹- ۳۱۰- ۳۲۱- ۳۴۱- ۳۴۴- ۴۱۱ تا ۴۱۶- ۴۳۱- ۴۳۲- ۴۸۵- ۴۸۶- ۴۸۸- ۵۰۵- ۵۴۷- ۵۲۸-۵۲۹-۵۳۴-۵۴۲-۵۴۳

— وہ حقیقی معبود ہے ۱۵۲-۲۰۸

(مزید تشریح کے لیے دیکھو ”الٰہ“)

— اس کے سوا کوئی عبادت کا مستحق نہیں ۲۴-۴۱۱- ۴۱۲-۵۴۳

— اس نے انسانوں اور جنوں کو اپنی بندگی کے لیے پیدا کیا ہے ۱۳۱-۱۵۵

(مزید تفصیل کے لیے دیکھو ”عبادت“)

— وہ عرش پر جلوہ فرما ہے ۳۰۳

— کائنات کی ہر چیز اس کی تسبیح کر رہی ہے ۴۱۵- ۴۱۷-۴۵۴-۴۸۵-۵۴۷

— وہی مقتدر اعلیٰ ہے ۳۰۲-۴۱۲-۴۱۳

— وہ بڑا معاف کرنے والا ہے ۹۵-۳۴۱-۵۴۷

— وہ سخت سزا دینے والا ہے ۲۳۹-۳۸۶-۳۹۳

— اس کا غضب کیسے لوگوں پر ہے ۴۷-۴۵۰

— وہ بڑے فضل والا ہے ۳۱۹- ۳۲۰- ۳۴۴- ۴۸۹

— وہ جسے چاہتا ہے اپنے فضل سے نوازتا ہے ۳۴۴-۴۸۸-۴۸۹

— وہ انسان کا خالق ہے ۲۴۸

— اس نے انسان کو بہترین صورت پر پیدا کیا ہے ۵۲۹ تا ۵۳۱

— وہ زمین اور آسمانوں کا پیدا کرنے والا ہے ۵۸۱

— وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے ۵۷- ۶۱- ۶۲- ۳۰۲-۳۰۳-۳۸۹-۴۳۱-۵۰۰-۵۴۷

— وہ غائب اور ظاہر ہر چیز کا جاننے والا ہے ۴۱۱- ۴۱۲-۴۲۲-۴۹۲-۵۲۹-۵۴۷

— وہ سب کچھ سننے اور جاننے والا ہے ۷۰-۷۱

— وہ ہر وقت لوگوں کے ساتھ ہوتا ہے ۳۰۳- ۳۰۴-۳۵۸

— اس کا علم ہر چیز پر حاوی ہے اور کچھ بھی اس سے چھپ نہیں سکتا ۲۵- ۴۸- ۵۸- ۹۹- ۱۰۷- ۱۰۹- ۱۲۸- ۱۶۶- ۲۱۳- ۳۰۴- ۳۵۶ تا ۳۵۸-۵۲۹

— خفیہ سرگوشی کرنے والے جب آپس میں کھسر پسر کرتے ہیں تو اللہ ان کے درمیان موجود ہوتا ہے ۳۵۷-۳۵۸

— اس کا علم اور اس کی قدرت غیر محدود ہے ۱۰۹

— وہ انسان سے اس کی رگِ جان سے بھی زیادہ قریب ہے اور اس کے دل کا حال تک جانتا ہے ۵۶-۱۱۶-۳۰۴-۵۲۹

— وہ ماں کے پیٹ میں پرورش پانے والے جنین کو بھی جانتا ہے ۲۱۳

— وہی اول وہی آخر وہی ظاہر اور وہی باطن ہے ۳۰۳
— اللہ وہ کچھ جانتا ہے جو دوسرے نہیں جانتے ۶۲
— وہ کلیات ہی کا نہیں جزئیات کا علم بھی رکھتا ہے ۳۰۳-۳۰۴
— وہ لوگوں کے تمام اعمال سے باخبر ہے ۲۹-۵۰-۳۰۴-۳۰۹-۳۴۴-۳۵۶-۴۰۹-۴۰۹-۴۲۵-۵۵۲-۵۲۸-۵۲۹-۵۳۶
— وہ اپنے بندوں کے حق میں ظالم نہیں ہے ۱۲۰-۱۲۱
— اس کی طرف بندوں کو دوڑنے کا حکم ۱۵۱
— اس سے ڈرنے کا حکم ۸۳- ۹۵- ۳۶۰-۳۹۳-۴۰۹-۴۴۳-۵۶۳-۵۸۰
— اس سے ڈرنے والوں کے لیے بڑا اجر ہے ۵۷۳
— جو اللہ سے ڈرے اللہ اس کے لیے کشادگی پیدا کر دیتا ہے ۵۶۷-۵۷۳
— جو اللہ سے ڈرے اللہ اس کی برائیاں دور کر دیتا ہے ۵۷۳
— اللہ سے ڈرنے کا حکم انسان کی حد استطاعت تک ہی ہے ۵۴۱
— اس سے بڑھ کر کسی اور کا خوف کرنا خوف خدا کی نفی کے مترادف ہے ۴۰۶-۴۰۷
— اس سے بڑھ کر کسی اور کا خوف رکھنے والے ناسمجھ ہیں ۴۰۷
— جو اللہ پر بھروسہ کرے اللہ اس کے لیے کافی ہے ۵۶۸
— اس کی رحمت و مغفرت بہت وسیع ہے ۲۱۳
— اللہ پر بھروسہ کرنے کی ہدایت ۳۶۰- ۴۳۰- ۵۴۳
— اللہ کسی کو اس کی مقدرت سے زیادہ کا مکلف نہیں کرتا ۵۷۸
— جو اللہ پر بھروسہ کر کے اس کے بتائے ہوئے طریقوں پر چلے، اللہ اس کی مشکلات کو دور کرتا ہے ۵۶۷-۵۶۸-۵۶۹-۵۷۳
— ایمان لانے والون کا مولیٰ (حامی و ناصر) اللہ ہی ہے ۲۰
— وہ مومنین سے راضی ہے ۳۶۷
— وہ بڑا قدر دان ہے ۵۴۷
— انسان پر اللہ تعالیٰ کے احسانات (دیکھو ''انسان'')
— وہ آسمانوں اور زمین کے تمام لشکروں کا مالک ہے ۴۵-۴۸
— وہ اگر کسی کو سزا دینا چاہے تو اپنے لشکروں میں سے جس لشکر سے چاہے کام لے سکتا ہے ۴۸
— وہ بڑی قوتوں کا مالک ہے ۱۵۶
— اس نے زمین اور آسمانوں کو چھ دن میں بنایا ۱۲۴-۳۰۳
— وہی آسمان سے پانی برساتا ہے ۲۸۸
— وہی کھیتیاں اگاتا ہے ۲۸۷
— اسی نے انسانوں کے فائدے کے لیے آگ روشن کی ۲۸۹
— وہ رات اور دن کو گھٹاتا بڑھاتا ہے ۳۰۴
— اس نے دو سمندروں کے درمیان پردہ حائل کیا ۲۵۹-۲۶۰

— مشرکین کے ''معبودوں'' کا خالق بھی وہی ہے ۲۲۰

— آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اور اس کے خزانوں کا وہی مالک ہے ۵۱-۲۱۱-۳۰۲-۳۰۴-۳۰۸-۵۲۱

— وہ دونوں مشرقوں اور دونوں مغربوں کا مالک و پروردگار ہے ۲۵۶-۲۵۸

— زمین اور آسمانوں کو اس نے برحق پیدا کیا ہے ۵۲۹

— وہ کائنات کی ہر شے کی حاجتیں ہر آن نئی شان سے پوری کر رہا ہے ۲۶۱

(مزید تفصیل کے لیے دیکھو ''کائنات'')

— وہ غنی ہے اور سب اس کے محتاج ہیں ۳۱-۳۲۱-۳۳۲-۴۳۱-۵۳۳-۵۳۴

— وہ کسی سے رزق کا طالب نہیں ۱۵۵-۱۵۶

— وہی تمام مخلوقات کا رازق ہے ۱۵۶

— اللہ کے رہنمائی فرمانے اور حال درست کر دینے کا مطلب ۹-۱۰-۱۹-۲۰

— اللہ کس معنی میں اہل ایمان کو اپنا مددگار قرار دیتا ہے ۱۹-۲۰-۳۲۲-۳۲۳-۳۹۵-۴۷۹-۴۸۰

— اللہ کو قرض دینے کا مطلب ۳۱۰

— جو اس کو قرض دے اسے وہ کئی گنا بدلہ دیتا ہے ۳۰۹-۵۴۷

— اللہ کے خود اپنے وعدے پر ''ان شاء اللہ'' فرمانے کا مطلب ۶۱

— وہ کسی کام میں ایسا مصروف نہیں ہوتا کہ کسی دوسرے کام کے لیے اسے وقت نہ ملے ۲۶۲-۲۶۳

— اس کے ہاں فیصلے بدلنے کا دستور نہیں ہے ۱۲۰

— اس کی سنت کسی کے بدلے نہیں بدل سکتی ۵۷-۵۸

— اس کو کبھی تھکاوٹ لاحق نہیں ہوتی ۱۲۵

— اس کی ذات جلیل و کریم کے سوا ہر چیز فنا ہو جانے والی ہے ۲۶۰-۲۶۱

— وہ ازل سے ابد تک کے تمام انسانوں کو بیک وقت جمع کرنے کی قدرت رکھتا ہے ۱۰۸ تا ۱۱۰

— وہ دنیا و آخرت کا مالک ہے ۲۰۹

— وہی موت اور زندگی دینے والا ہے ۱۲۷-۲۲۰-۳۰۲

— سب کو اسی کی طرف پلٹنا ہے ۱۲۷-۲۲۰-۴۳۰-۴۹۲-۵۲۹-۵۳۱

— موت کے بعد وہی دوبارہ زندگی دینے والا ہے ۳۲۰-۳۱۴-۳۵۶-۳۶۵

— اس نے انسانوں اور جنوں کے حساب کے لیے ایک وقت مقرر کر رکھا ہے ۲۶۲

— وہی موت کے بعد زمین کو زندگی بخشتا ہے ۳۱۴

— اس کا حکم آناً فاناً پورا ہو جاتا ہے ۳۴۱

— موت کے بعد زندہ کر دینا اللہ کے لیے بڑا آسان ہے ۵۳۴

(مزید تفصیل کے لیے دیکھو ''آخرت''، ''قیامت'' اور ''زندگی بعد موت'')

— وہ ایسے راستے سے رزق دیتا ہے جدھر انسان کا گمان تک نہیں جا سکتا ۵۶۷

— وہ مجرموں پر اپنا غضب ایسے راستہ سے نازل کرتا ہے جدھر ان کا خیال تک نہیں جا سکتا ۳۸۲

— اس کے عمل تخلیق کی سرعت ۲۴۱

— اس کے فعل تخلیق کے تین مراتب ۴۱۵-۴۱۶
— اللہ کا راستہ کیا ہے اور اس راستے سے روکنے کی مختلف صورتیں کیا ہیں-۹
— اللہ کی راہ سے روکنے والوں کی سزا ۲۹۱-۳۰
— اسے اختیار ہے جسے چاہے سزا دے اور جسے چاہے معاف کر دے ۵۱-۵۲
— وہ کسی کو نفع یا نقصان پہنچانے کا فیصلہ کر لے تو کوئی طاقت اسے روک نہیں سکتی ۵۰
— وہ اپنا کام پورا کر کے رہتا ہے اور کوئی طاقت اس کو روکنے والی نہیں ہے ۵۶۸
— جسے وہ سزا دینا چاہے اسے نبی کا استغفار بھی سزا سے نہیں بچا سکتا ۵۰-۵۲۰
— اس کی رحمت و مغفرت بہت وسیع ہے ۲۱۳
— لوگوں کے ہدایت پانے سے اس کی کوئی غرض اٹکی ہوئی نہیں ہے ۵۳۴
— اس نے ہر چیز کا جوڑا بنایا ہے ۱۵۱-۲۲۰
— اسی نے نر اور مادہ کے جوڑے پیدا کیے ہیں ۲۲۰
— مال و دولت وہی دینے والا ہے ۲۲۰
— تنگی اور خوش حالی اسی کے اختیار میں ہے ۵۴۱
— راحت و رنج اسی کے ہاتھ میں ہے ۲۲۰-۳۳۰
— وہ اپنی رحمت میں جسے چاہے داخل کر لے ۵۸
— اس کے بارے میں برے گمان رکھنے والوں کا انجام ۴۷
— مومنین اللہ کی پارٹی کے لوگ ہیں اور اللہ کی پارٹی ہی فلاح پائے گی ۳۶۷
— تمام معاملات کے فیصلے اسی کی طرف سے ہوتے ہیں ۳۰۴
— وہی بندوں کے درمیان فیصلہ کرنے والا ہے ۴۴۳
— اس نے بندوں کی رہنمائی کا انتظام کیا ہے ۲۴۸-۲۴۹
— اسی نے انسان کے اندر نیکی اور بدی کا شعور پیدا کیا ہے ۲۴۹
— اس نے اپنے رسول کتابوں اور میزان عدل کے ساتھ بھیجے ہیں ۳۰۰-۳۲۱
— تمام معاملات کے فیصلے اسی کی طرف سے ہوتے ہیں ۳۰۴
— اس نے فیصلہ کر دیا ہے کہ وہ اور اس کے رسول ہی غالب ہوں گے ۳۶۵-۳۶۷
— عزت اللہ اور اس کے رسول اور مومنین ہی کے لیے ہے ۵۲۱
— اس کو فراموش کرنے والے خود فراموشی میں مبتلا ہو جاتے ہیں ۴۱۰
— اس کی اطاعت لازمہ ایمان ہے ۳۰-۵۴-۱۰۱-۳۶۳-۵۴۱
— اس کے لیے بیٹیاں تجویز کرنا مشرکین کی جہالت ہے ۱۸۰-۲۰۶-۲۰۸
— وہ شرک سے پاک ہے ۱۸۲-۴۱۵
(مزید تفصیل کے لیے دیکھو ''شرک'')
— اس نے ہر چیز ایک تقدیر کے ساتھ پیدا کی ہے ۲۴۱-۵۶۸
— اس نے پوری کائنات کے نظام کو توازن اور عدل کے ساتھ قائم کیا ہے ۲۴۷-۴۱۶
— اس کے ہاں ہر چھوٹی بڑی چیز لکھی جاتی ہے ۲۴۱

— اس کی خدائی سے نکل کر کوئی بھاگ نہیں سکتا ۲۶۳
— وہ ظالم کو سزا دے گا اور مظلوم کی دادرسی کرے گا ۲۶۷
— وہ برے لوگوں کو برائی کا اور اچھے لوگوں کو اچھائی کا بدلہ دے گا ۲۱۱
— اس کی اجازت کے بغیر کوئی کسی کی شفاعت نہیں کر سکتا ۳۹
(مزید تفصیل کے لیے دیکھو ''شفاعت'')
— ہر جرم اور گناہ دراصل اس کے احسانات کی تکذیب ہے ۲۶۶
— وہ اپنے بندوں کو تاریکی سے نکال کر نور میں لاتا ہے ۳۰۷-۵۸۰
— اس پر ایمان انبیاء کی تعلیم میں سب سے مقدم ہے ۳۰۷
(مزید تفصیل کے لیے دیکھو ''ایمان'')
— اس کے مقابلے میں کوئی کسی کی مدد نہیں کر سکتا ۲۶۴

الٰہ

— اللہ کے سوا کوئی الٰہ نہیں ہے ۲۴-۱۵۲-۱۸۲-۴۱۱-۴۱۲-۵۴۳
— اللہ کے سوا دوسروں کو معبود بنانے والے کافر ہیں اور ان کا انجام برا ہے ۱۱۹
— اللہ کے سوا دوسرے معبودوں کی کوئی حقیقت نہیں ہے ۱۵۶-۲۲۱-۲۶۱
— لوگوں کے ان خود ساختہ معبودوں کا رب بھی اللہ ہی ہے ۲۲۱

## الیاس، علیہ السلام

— مسیحؑ کے زمانے میں بنی اسرائیل حضرت الیاسؑ کی آمد کے منتظر تھے ۴۶۱-۴۶۲

## امثال القرآن

— دیکھو ''قرآنی تمثیلات''

## ام سلمہؓ ام المومنین

— ان کی بیدار مغزی-۴۰

## انجیل

— حضرت عیسیٰؑ کو عطا کی گئی ۳۲۴
— موجودہ انجیلوں کی اصل حیثیت اور ان کی تفصیلی تاریخ ۴۶۳-۴۶۴-۴۶۶
— انجیل میں تورات کی تحریف کا تذکرہ-۴۷۴
— اس میں صحابہ کرام کی تمثیل-۶۴
— انجیل یوحنا میں حضور اکرمؐ سے متعلق بشارتیں ۴۶۰-۴۶۱
— انجیل یوحنا میں ''وہ نبی'' کی پیشین گوئی کا کیا مطلب ہے ۴۶۱-۴۶۵
— حضرت عیسیٰؑ کی زبان آرامی زبان کی وہ بولی تھی جس کو سریانی کہا جاتا ہے ۴۶۳
— بائبل کی چاروں انجیلیں ان لوگوں نے لکھیں جو یونانی بولتے تھے اور حضرت عیسیٰؑ کے بہت عرصہ بعد اس مذہب میں داخل ہوئے تھے ۴۶۳-۴۶۷
— انجیل کی روایات کے بارے میں پہلی تین ہجری صدیوں کے مسلمان علماء کی معلومات عیسائی علماء کی نسبت زیادہ معتبر ہیں ۴۶۵
— فارقلیط کے معنی کی تحقیق سیرۃ ابن ہشام ہیں

۴۶۵
— انجیل کے اولین نسخے کن مشکوک حالات میں لکھے گئے ۴۶۳
— انجیل برناباس ۴۶۶ تا ۴۷۶
— انجیل برناباس موجودہ بائبل کی چاروں انجیلوں سے زیادہ معتبر ہے ۴۶۶
— برناباس کون تھا؟ ۴۶۸
— انجیل برناباس کے مصنف کا دعویٰ ہے کہ وہ حضرت عیسیٰؑ کے اولین بارہ صحابیوں میں سے ہے اور حضرت عیسیٰؑ کے حکم کے مطابق اس نے انجیل برناباس تصنیف کی ہے ۴۶۷
— انجیل برناباس کی خصوصیات ۴۶۸
— انجیل برناباس سے عیسائی کیوں ناراض ہیں ۴۶۹ تا ۴۷۱
— انجیل برناباس کو چھپانے کے لیے عیسائیوں کا اہتمام ۴۶۶
— انجیل برناباس کا مصنف اس انجیل کا مقصد تصنیف کیا بیان کرتا ہے ۴۷۰
— انجیل برنابس کس طرح عیسائیوں کے موجودہ گمراہانہ عقائد کی تردید کرتی ہے ۴۷۰-۴۷۱
— انجیل برناباس میں حضور اکرمؐ کی آمد سے متعلق حضرت عیسیٰؑ کی پیشین گوئیاں ۴۷۱ تا ۴۷۴
— ان پیش گوئیوں سے متعلق چند غلط فہمیوں کا ازالہ ۴۷۴-۴۷۵
— انجیل برناباس کسی مسلمان کی تصنیف نہیں ہو سکتی ۴۶۷-۴۷۵

## انسان

— اس کو اللہ تعالیٰ نے بہترین صورت پر اعلیٰ قوتوں اور صلاحیتوں کے ساتھ دوسری مخلوقات سے اشرف تخلیق کیا ہے ۵۲۹ تا ۵۳۱
— اس کی تخلیق سے متعلق قرآن کا بیان ۹۵-۹۶-۱۱۶-۱۴۲-۲۱۳-۲۲۰-۲۴۸-۲۵۳-۲۵۵-۲۵۶-۲۸۴-۲۸۵-۵۲۹
— انسان کے بطور حادثہ اتفاقاً پیدا ہو جانے کا احمقانہ خیال ۱۷۹-۱۸۰
— تخلیق انسان کا مقصد ۱۵۵
— انسان کے لیے خود اس کی اپنی پیدائش میں توحید و آخرت کے دلائل موجود ہیں ۱۴۰ تا ۱۴۲-۲۸۴ تا ۲۸۶
— آخرت کو ماننے یا نہ ماننے کا اثر خود انسان کی زندگی پر کیا پڑتا ہے ۱۱۶
— انسان کو آخرکار اللہ ہی کی طرف پلٹنا ہے ۱۲۷-۲۲۰-۴۳۰-۴۹۲-۵۲۹-۵۳۱
— انسان ایک فانی مخلوق ہے ۲۶۰-۲۶۱
— اس کو ایک دن موت سے لازماً ہمکنار ہونا ہے ۱۱۶-۲۸۵
— اس کی موت کا وقت اللہ نے مقرر کیا ہے ۲۸۵
— انسان دنیا میں ایک خاص قانون فطرت کے تحت کام کر رہا ہے مگر آخرت میں قانون فطرت کچھ دوسرا بھی ہو سکتا ہے ۲۸۵-۲۸۶
— انسان بطور خود حقیقت کو نہیں پا سکتا ۱۷۹-۱۸۰
— اس کو حقیقت سے آگاہ کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ

نے کیا طریقہ اختیار فرمایا ہے ۱۳۶

— اللہ کی طرف سے آئے ہوئے علم کی صحت کے بارے میں انسان کس طرح اپنی تسلی کر سکتا ہے؟ ۱۳۶

— انسان جس چیز کو بھی حق سمجھ بیٹھے وہی حق نہیں ہے ۲۰۹

— حقیقت کا علم نہ رکھتے ہوئے محض گمان کی پیروی انسان کو حق سے دور کر دیتی ہے کیونکہ گمان و حقیقت کی جگہ کام نہیں دے سکتا ۲۱۰

— انسان پر اللہ تعالیٰ کے احسانات ۱۹-۲۳-۳۰-۴۵-۵۶-۷۵-۹۵-۱۱۰ تا ۱۱۳-۱۳۳-۱۶۳-۲۱۱-۲۴۸-۲۴۹-۲۵۱ تا ۲۵۳-۲۶۰ تا ۲۶۳-۲۸۷-۳۰۵-۳۰۷-۴۷۶-۴۷۸-۴۸۵ تا ۴۸۷-۴۹۷-۵۳۰-۵۳۶-۵۸۰

— اللہ کے احسانات اور اس کی نعمتوں کو جھٹلانا کیا معنی رکھتا ہے ۲۵۵-۲۶۶

— انسان کو دنیا میں جو نعمت بھی حاصل ہوتی ہے وہ فانی ہے ۲۶۰

— انسان کے پیدائشی گناہ گار ہونے کے مسیحی تصور کی تردید ۵۲۷-۵۲۹

— انسان کو اختیارات، ذرائع اور مواقع عطا کر کے اور حق و باطل میں سے کسی ایک راہ کے انتخاب کی آزادی دے کر اس دنیا میں امتحان کے لیے بھیجا گیا ہے ۱۴۲- ۴۵۷- ۴۵۸- ۴۸۵- ۵۲۸-۵۳۰

— اس کو عقل و شعور اور فہم و ادراک کی قوتیں دی گئیں جن کی وجہ سے وہ فطری طور پر نیکی و بدی اور حق و ناحق میں فرق کر سکتا ہے ۲۴۸-۲۴۹

— اللہ ہی نے انسان کو بولنا سکھایا ہے ۲۴۸

— انسان کی زبردست قوتیں اور صلاحیتیں عطیہ الٰہی ہیں ۲۵۸-۵۳۰

— انسان کو اللہ نے پیدا کیا، پھر کوئی مومن بن گیا اور کوئی کافر ۵۲۷ تا ۵۲۹

— اللہ انسان کو اس وقت بھی جانتا ہے جب وہ ابھی رحم مادر میں ہوتا ہے ۲۱۳

— انسان کے اعمال پر اللہ کی نظر ہے ۱۰۲-۵۲۸

— اللہ انسان کی رگ جان سے بھی زیادہ قریب ہے اور اس کے دل میں ابھرنے والے وسوسوں کو بھی جانتا ہے ۱۱۶

— انسان کے دائیں بائیں دو کاتب فرشتے اس کی ہر بات ثبت کر رہے ہیں ۱۱۶

— اس کے گردوپیش کی ہر چیز پر اس کا عمل ثبت ہو رہا ہے ۱۱۷ (مزید تفصیل کے لیے دیکھو ''نامہ اعمال'')

— نوع انسانی میں تفرقے اور فساد کو روکنے کے لیے قرآن نے کیا اصول پیش کیے ہیں ۹۵ تا ۹۷

— انسان اور جنوں کو اللہ تعالیٰ کا چیلنج کہ اگر وہ اس کی خدائی کے حدود سے نکل سکتے ہوں تو نکل کر دکھائیں ۲۶۳

— انسان کا قبیلوں اور برادریوں میں بٹنا ایک فطری امر ہے لیکن اس کا تقاضا ہرگز یہ نہیں ہے کہ قوموں میں تعصبات اور امتیازات ہوں ۹۶

— انسان اور انسان کے درمیان فضیلت کی اصل بنیاد ''تقویٰ'' ہے۹۵-۹۷
— اس کا اللہ کی عبادت و اطاعت سے منہ موڑنا اپنی فطرت سے لڑنا ہے۱۵۵-۱۵۶
— اس کو فطرت سلیمہ پر پیدا کیا گیا جس کا تقاضا یہ ہے کہ ایمان لایا جائے ۵۲۷-۵۲۹
— خوش حالی اور بدحالی میں مختلف انسانوں کے مختلف طرز عمل ۲۸۳-۲۸۸
— انسان پر جو مصیبت بھی نازل ہوتی ہے اللہ کے اذن سے نازل ہوتی ہے اور پہلے سے طے شدہ اسکیم کے مطابق آتی ہے ۳۱۹-۳۲۰-۵۴۱
— انسان کو مخاطب کر کے کائنات کی چار بنیادی حقیقتوں کا بیان ۵۲۴-۵۲۵
— انسان کو کائنات میں دلائل خداوندی کے مشاہدے کی دعوت دی جاتی ہے ۱۱۰
— ان دلائل اور نشانیوں سے کون لوگ فائدہ اٹھا سکتے ہیں ۱۱۲-۱۱۳-۱۲۴-۱۴۰-۱۴۱
— انسان کے ساتھ اس کے خالق کا معاملہ صرف قانون طبعی پر مبنی نہیں ہے بلکہ اخلاقی قوانین بھی ساتھ ساتھ کارفرما ہیں ۱۴۳
— انسان اور اس کے خالق کے درمیان دنیوی زندگی میں معاملہ کی نوعیت ۱۶۹
— انسان کا بڑائی و کبریائی کا زعم بجائے خود اللہ کی صفت کا انکار ہے ۲۶۱
— اس کی مہلت عمل ختم ہو جانے کے بعد اللہ ہرگز اسے مزید مہلت نہیں دیتا ۵۲۲

### انصار

— ان کی اعلیٰ صفات پر قرآن میں ان کی تعریف ۳۹۵
— وہ مہاجرین کو خود اپنے اوپر ترجیح دیتے تھے ۳۹۵-۳۹۶
— ان کا فے میں حصہ مقرر کیا گیا ۳۹۵۔ (مزید تفصیل کے لیے دیکھو ''صحابہ کرام'' اور ''ہجرت'')

### انصاف

— انصاف قائم کرنے کا حکم ۳۲۱
— انصاف کرو، انصاف کرنے والوں کو اللہ پسند کرتا ہے ۷۸-۴۳۲
— انصاف کے ساتھ ٹھیک تولنے کا حکم ۲۵۱
— دشمن اور غیر دشمن کافر کو ایک ہی درجہ میں رکھنا انصاف نہیں ہے ۴۳۲- ۴۳۳ (مزید دیکھو ''عدل'')

### انفاق فی سبیل اللہ

— اس کا حکم اور اس کی فضیلت ۲۹۸-۳۰۵-۳۰۶
— اگر مسلمان اللہ کی راہ میں مال خرچ نہ کریں گے تو وہ ان کی جگہ کسی اور قوم کو اٹھائے گا ۳۲
— اللہ کی راہ میں مال خرچ کرنے کی تلقین ۳۰۷-۳۰۸-۴۷۸-۵۲۲-۵۴۶
— اللہ اہل ایمان کی بھلائی ہی کے لیے ان کو اپنی راہ میں مال خرچ کرنے کی تلقین فرماتا ہے ۳۱-۳۰۵-۳۰۶-۳۰۹-۵۴۶
— یہ اشارہ کہ مومنین کے مال میں زکوٰۃ کے علاوہ بھی سائل اور محروم کا حق ہے ۱۳۹-۱۴۰
— کفر و اسلام کی جنگ میں مال خرچ کرنے کا حکم ۸-۲۹۹-۳۰۵

— مال و جان کی قربانی کس حالت میں زیادہ قدروقیمت کی حامل ہوتی ہے ۲۹۹- ۳۰۸- ۵۲۲

— اصل قابل قدر انفاق وہ ہے جوتندرستی کی حالت میں کیا جائے نہ کہ وہ جو زندگی سے مایوس ہونے کے بعد کیا جائے ۳۰۶-۵۲۲

— انفاق فی سبیل اللہ کرنے والوں کی تحسین ۳۰۸- ۳۱۰-۳۱۱-۳۱۵-۳۱۷

— اس سے پہلوتہی ایمان کی کمزوری ہے ۳۰۵

— اس سے اجتناب کرنے والے دل کی تنگی میں مبتلا ہیں ۵۴۷

— اس معاملے میں جولوگ دل کی تنگی سے بچا لیے گئے انھی کے لیے فلاح ہے ۳۹۵- ۳۹۶- ۵۴۶

— وہ مغفرت کا موجب ہے ۵۴۷

— انفاق کرنے والوں کے لیے جنت کی بشارت ۳۱۰

— انفاق کرنے والوں کے لیے اجر کا وعدہ ۳۰۶- ۳۰۹-۳۱۵

— انفاق فی سبیل اللہ کو اللہ نے اپنے ذمہ قرض قرار دیا ہے ۳۰۹-۳۱۰-۳۱۵-۵۴۷

— اللہ کے ہاں اس کا بدلہ کئی گنا ملے گا ۳۰۹- ۳۱۰-۳۱۵-۵۴۷

## اولی الامر

— مسلمانوں کے لیے اولی الامر کی صفات ۹۵

— ان کی اطاعت خدا اور رسول کی اطاعت سے مشروط ہے ۴۴۶-۴۴۷ (مزید تفصیل کے لیے دیکھو ''اسلامی ریاست'' اور ''قانون اسلام، دستوری قانون'')

## اہل کتاب

— اہل کتاب کی اخلاقی پستی ۳۱۴

— وہ اللہ کے نور (دعوت رسولؐ اللہ) کو پھونکوں سے بجھانا چاہتے تھے مگر اللہ کا فیصلہ تھ کہ یہ نور پھیل کر رہے گا خواہ کفار کو کتنا ہی ناگوار گزرے ۴۷۶

— ان کے دل پتھر ہو گئے اور انھوں نے فسق کی راہ اختیار کر لی ۳۱۴

— اللہ کے فضل پر ان کا کوئی اجارہ نہیں ہے ۳۳۴

— ان میں سے جو لوگ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لائیں ان کے لیے دوہرا اجر ہے ۳۳۳

— انھوں نے حضورؐ کو جھٹلایا حالانکہ آپؐ اسلام کی طرف دعوت دینے والے تھے ۴۷۶

— حضورؐ پر ایمان نہ لانے والے اہل کتاب کو کافر قرار دیا گیا ۳۸۱- ۴۰۵-۴۷۶

— اہل کتاب پر آپؐ کے غلبہ کا اشارہ ۴۷۹-۴۸۰

## آیت- آیات

— آیات بمعنی معرفت حق کے نشانات اور اللہ کی قدرت کی نشانیاں ۵۶- ۱۴۰- ۲۰۱- ۲۲۸- ۲۳۴-۲۳۹-۳۱۴

— اللہ کی ان نشانیوں کو جھٹلانے والوں کا انجام ۲۳۹

— آیات بمعنی آیات کتاب اللہ و بمعنی ارشادات و احکام الٰہی ۳۰۷-۳۱۷- ۳۵۶- ۴۸۶- ۴۸۹-۵۴۱-۵۸۰

— اللہ کی ان آیات کو جھٹلانے والوں کا انجام ۳۱۷

— آیت بمعنی نشان عبرت ۱۴۶-۲۳۴

— اللہ کی آیات سے کیسے لوگ فائدہ اٹھا سکتے ہیں ۱۱۲-۱۱۳-۱۲۴-۱۴۰-۱۴۱

— زمین میں اللہ کی آیات کی موجودگی ۱۴۰-۱۴۱

— وجود انسانی میں آیات کی موجودگی ۱۴۰ تا ۱۴۲

— ہلاکت قوم لوط اور کشتی نوح اللہ کی آیات میں سے ہیں ۱۴۶-۲۳۴

## ایصال ثواب - دیکھو "ثواب"

## ایمان

— ایمان لانے سے کیا مراد ہے ۳۵۵

— ایمان اور کفر کا فرق ۱۰-۱۱-۵۱

— ایمان اور مومن، اسلام اور مسلم کے معنی کا فرق ۱۰۰ تا ۱۰۳- ۱۴۷- ۳۱۳- ۳۱۴- ۳۳۳- ۳۵۵-۴۰۹-۴۵۴-۵۲۱

— ایمان کے تقاضے ۷- ۸- ۱۰- ۱۱- ۱۹- ۲۹- ۳۰- ۳۱- ۴۸- ۵۴- ۶۱- ۶۳ تا ۶۵- ۷۰- ۷۲- ۷۸- ۸۳- ۸۵- ۱۰۱- ۱۳۹- ۱۵۵- ۲۱۱- ۲۲۳- ۲۵۱- ۲۹۹- ۳۰۵ تا ۳۰۹- ۳۱۵- ۳۱۷- ۳۳۳- ۳۵۵- ۳۶۶- ۳۹۲- ۳۹۳- ۴۰۳- ۴۰۴- ۴۰۹- ۴۲۲- ۴۲۸- ۴۴۳- ۴۴۵- ۴۵۰- ۴۵۴- ۴۵۶- ۴۷۸- ۴۷۹- ۵۲۱- ۵۲۲- ۵۲۶- ۵۳۶- ۵۴۰- ۵۴۳ تا ۵۴۵- ۵۴۶

— صداقت ایمانی کا معیار اور اخلاص فی الایمان کی علامات ۱۰- ۱۸- ۳۱- ۴۹- ۵۳- ۵۶- ۶۳- ۷۰- ۷۵- ۷۸- ۸۳- ۱۰۱- ۱۰۲- ۱۲۲- ۱۲۸- ۱۳۸- ۱۷۱- ۲۱۱- ۲۴۲- ۲۶۶- ۳۰۶- ۳۱۳- ۳۱۸- ۳۳۸- ۳۶۲- ۳۶۶- ۳۶۷- ۳۹۴- ۳۹۵- ۴۲۸- ۴۲۹- ۴۷۹- ۵۲۱- ۵۴۴- ۵۶۵- ۵۸۰

— کفر و اسلام کی جنگ کو اللہ نے اہل ایمان کی ترقی درجات کا ذریعہ بنایا ہے ۴۵-۴۶

— صداقت ایمانی رکھنے والوں کے دلوں میں اللہ تعالیٰ ایمان ثبت کر دیتا ہے اور اپنی طرف سے روح عطا کر کے ان کو قوت بخشتا ہے ۳۶۶-۳۶۷

— اللہ کا یہ احسان ہے کہ کسی کو نعمت ایمان عطا کرے ۱۰۲

— اللہ کسی کے ایمان کا محتاج نہیں، وہ مومنین سے اخلاص فی الایمان کا مطالبہ انھی کے بھلے کے لیے کرتا ہے ۴۵۴

— محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل شدہ تعلیمات کو ماننا لازمہ ایمان ہے ۱۰-۳۳۳

— ایمان کا اصل امتحان اس وقت ہوتا ہے جب کسی طاقت ور دشمن سے اسلام کا مقابلہ پیش آئے ۵۲ تا ۵۴

— صفات المومنین ۱۰-۲۳-۲۴- ۶۳ تا ۶۵- ۱۰۱- ۱۲۲- ۱۲۳- ۱۳۸- ۱۳۹- ۱۵۴- ۱۷۱- ۲۱۱- ۲۶۶- ۳۱۳- ۳۶۰- ۳۶۲- ۳۶۶- ۳۹۴ تا ۳۹۶- ۴۰۳ تا ۴۰۵- ۴۳۱- ۴۴۵- ۴۵۴- ۴۵۶- ۵۲۱

— نصیحت اسی وقت کارگر ہوتی ہے جب دل میں ایمان موجود ہو ۱۵۴

— اہل ایمان اللہ کے نزدیک شہداء اور صدیقین ہیں ۳۱۵

— مومنین کی صفات کو اللہ کس طرح آزماتا اور نکھارتا ہے ۱۸

— مومن اللہ اور اس کے رسول کے دشمنوں سے کبھی

دوستی نہیں کرسکتا ۳۶۶-۴۲۲-۴۲۴-۴۵۰
— اللہ کس طرح ان اہل ایمان کی مدد کرتا ہے جو ایمان میں ثابت قدم رہتے ہیں اور نتائج کی پروا کیے بغیر ایمان کے تقاضے پورے کرتے ہیں ۵۷
— زبانی ایمان اللہ کے ہاں اس وقت تک قابل قبول نہیں ہے جب تک عمل سے اس کا ثبوت نہ دیا جائے ۳۵۵-۳۵۶-۵۴۰
— کفر و اسلام کی جنگ میں مومن کبھی کفر کا ساتھ نہیں دے سکتا ۴۲۴
— اللہ ایمان لانے والوں کا مولیٰ ہے ۲۰
— اللہ اہل ایمان کے ساتھ ہے ۲۰-۳۰
— وہ مومنین سے راضی ہے ۳۶۷
— تمام اہل ایمان ایک دوسرے کے بھائی ہیں ۷۸-۸۳
— مومنین کے درمیان سب سے اہم رشتہ ایمان کا ہے ۴۰۳-۴۰۴
— مومن آپس میں نرم اور کفار کے لیے سخت ہیں ۶۳
— مومن اور کافر کبھی یکساں نہیں ہو سکتے ۲۱-۲۲
— مومنین کو ہدایت کہ مل کر بیٹھو تو گناہ، زیادتی اور رسول کی نافرمانی کی باتیں نہ کرو بلکہ نیکی اور تقویٰ کی باتیں کرو ۳۶۰
— مومن مال اور اولاد کو اللہ کی محبت کے راستے میں رکاوٹ نہیں بننے دیتا ۵۲۶
— مومنین کو اللہ پر بھروسہ رکھنا چاہیے ۳۶۱-۵۴۳
(مزید تفصیل کے لیے دیکھو ''اللہ'')
— مومن کا اعتماد اللہ پر ہوتا ہے ۵۲۶
— مومن حدود اللہ سے تجاوز کی کوشش نہیں کرتا ۵۲۶
— ایک سچے مومن کے قول و فعل میں مطابقت ہونی چاہیے ۴۵۴
— مومن کا یہ کام نہیں ہے کہ اپنے کسی مومن بھائی کے خلاف نفرت اور بغض دل میں رکھے ۴۰۴
— مومنین کو پہلے گزرے ہوئے مومنوں سے بغض نہ رکھنے اور ان کے حق میں دعائے مغفرت کرنے کی تعلیم ۴۰۳-۴۰۵
— کسی مسلمان کی غلطی پر اسے متنبہ کرنا ایمان کے منافی نہیں ہے ۴۰۴
— مومنین کے دلوں پر سکینت نازل فرمائی گئی تاکہ وہ اپنے ایمان کے ساتھ ایک اور ایمان بڑھا لیں ۴۵-۴۶
— مومنین کے درمیان اگر جنگ ہو جائے تو اس کے بارے میں قانون کیا ہے ۷۸ تا ۸۳
— مومنین کے باہمی تعلقات سے متعلق قرآن کی ہدایات (دیکھو 'اسلامی نظم جماعت'')
— ایمان پر کسی کو مجبور نہیں کیا جا سکتا ۵۲۸
— وہ مقامات جہاں الذین امنوا سے مراد صرف صادق الایمان لوگ ہی نہیں ہیں ۳۱۳-۳۱۴-۳۳۳-۴۰۹-۴۵۴-۵۲۱
— اہل ایمان کی یہ صفت ہے کہ وہ تمام شکوک سے پاک ہو کر دین پر پوری طرح مطمئن ہوتے ہیں ۱۰۱
— ایمان لانے والوں سے ایمان لانے کا مطالبہ کس معنی میں کیا گیا ہے؟ ۳۵۵-۴۷۸
— مومنین کا کام اس دنیا میں اللہ کی مغفرت اور خوشنودی حاصل کرنے کے لیے ایک دوسرے سے

آگے بڑھنے کی کوشش کرنا ہے ۳۱۸
— مومنوں کے کفار کے لیے فتنہ بن جانے کی کیا صورتیں ہیں؟ ۴۳۰-۴۳۱
— اہل ایمان کی قربانیوں کو اللہ ضائع نہیں کرے گا ۳۰
— مومن بے دیکھے خدا سے ڈرتا ہے ۱۲۳
— مومنین کو دنیا میں نور عطا کرنے کا وعدہ جس کی روشنی میں وہ سیدھے راستے پر چلنے کے قابل ہوں گے ۳۳۳
— مومن مردوں اور عورتوں کو روز قیامت میں نور عطا کیا جائے گا ۳۰۹ تا ۳۱۱
— ایمان اور تقویٰ کا اجر ۳۱ (مزید تفصیلات کے لیے دیکھو ''تقویٰ'')
— مومن مردوں اور عورتوں کا اجر ۱۰- ۲۵- ۳۱- ۴۶-۴۷-۳۰۹
— مومنین کے لیے جنت کی خوش خبری ۳۱۰-۳۱۹-۳۶۷-۴۷۸-۵۴۰-۵۴۱
— مومنین کے ایمان کے امتحان کی صورت ۵۲ تا ۵۴
— مومن اللہ کی صفت رحمت سے واقف ہونے کے باوجود گناہوں پر جری نہیں ہوتا ۱۲۳
— مومن ہو کر کسی شخص کا فسق میں نام پیدا کرنا ڈوب مرنے کا مقام ہے ۸۵-۸۶
— مومنین کے دل حق کے سامنے جھک جاتے ہیں اور اللہ کا ذکر سن کر پگھلنے لگتے ہیں ۱۰-۳۱۳
— مومنین کو آخرت کے لیے اعمال صالح کا زاد راہ فراہم کرنے کا حکم ۴۰۹
— ایمان اور عمل صالح کا لزوم ۱۰-۲۰-۳۱-۶۵-۵۲۶-۵۴۰-۵۸۰-۵۸۱
— اللہ ایمان لانے اور عمل صالح کرنے والوں کی برائیاں دور کرتا ہے اور ان کا حال درست کرتا ہے ۱۰
— ایمان ہی عقائد و اعمال کی خرابیوں کو عمل صالح میں تبدیل کر دیتا ہے ۱۰
— ایمان اور عمل صالح سے گناہ جھڑ جاتے ہیں ۵۴۰
— ایمان اور جہاد فی سبیل اللہ کا لزوم ۴۷۸
— ایمان اور انفاق فی سبیل اللہ کا لزوم ۳۰۶
— مومن اور منافق کا فرق ۳۳۸-۳۶۶
— ایمان باللہ ۴۸- ۵۱- ۱۰۱- ۱۲۲- ۳۰۵- ۳۰۷- ۳۱۵- ۳۱۹- ۳۵۵- ۳۶۶- ۴۲۲- ۴۲۹-۴۴۳-۵۳۶-۵۶۷-۵۸۱
— اللہ پر ایمان بالغیب کی اہمیت ۱۲۲-۱۲۳-۳۲۲
— ایمان بالرسل ۴۸- ۵- ۱۰۱- ۳۰۵- ۳۱۵-۳۱۹-۳۳۳-۳۵۵-۵۳۶
— آخرت پر ایمان ۲۰۹-۳۶۶-۵۶۷
— قرآن پر ایمان ۱۰-۵۳۶
— تمام کتب آسمانی پر ایمان ۳۲۱
— ایمان باللہ میں کیا کیا معنی شامل ہیں ۵۴۰
— ایمان اور تنگ دلی ایک جگہ جمع نہیں ہو سکتے ۳۹۷
— ایمان باللہ ہی مصائب میں انسان کو راستہ دکھاتا ہے ۵۴۱-۵۴۲
— ایمان باللہ کا لازمی تقاضا یہ ہے کہ طاغوت سے کفر کیا جائے ۴۲۸
— اللہ پر اس طرح ایمان لانا چاہیے جس طرح رسول اور کتاب نے بتایا ہے ۵۴۰-۵۸۱

— ایمان باللہ اور ایمان بالرسل کا تعلق غیر منفک ہے ۳۵۵-۵۸۰

— اللہ اور اس کے رسولؐ پر ایمان لانے والوں کا مقام ۳۱۵

— تمام انبیاء کے ساتھ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانا بھی ضروری ہے ۱۰-۳۳۳-۵۸۰

— رسولوں پر ایمان نہ لانے والوں کا انجام ۵۸۰

— ایمان نہ لانے والوں کے بارے میں قرآن کا بیان ۲۰۹-۲۱۰

— ایمان لانے والوں کے بارے میں قرآن کا بیان ۳۳۳-۳۳۴-۴۷۸

— ایمان کوئی جامد و ساکن حالت نہیں ہے بلکہ اس میں ترقی بھی ہوتی ہے اور تنزل بھی ۴۵-۴۶

— اگر کوئی ایمان لایا ہے تو اللہ اور رسول پر اس نے کوئی احسان نہیں کیا ہے ۹۹

— ایمان لا کر احسان جتانے والوں کو قرآن کا جواب ۱۰۱-۱۰۲

— ایمان کی دولت اگر کسی کو حاصل ہے تو سراسر اللہ کے فضل و احسان کی بدولت ہے ۷۵

— انسان کو فطرت سلیمہ پر پیدا کیا گیا ہے جس کا تقاضا یہ ہے کہ ایمان لایا جائے ۵۲۷ تا ۵۲۹

— کن لوگوں کا ایمان معتبر نہیں ہے ۲۹

— ایمان لا کر مسلمان شعوری طور پر اللہ اور رسول کی اطاعت کا عہد کرتا ہے ۳۰۷-۳۰۸

— اہل ایمان کے لیے رحمت کا دہرا حصہ ۳۳۳

— مومنین کو خدا اور رسول کی اطاعت کرنی ہے ورنہ ان کے تمام اعمال برباد ہو جائیں گے ۳۰

— ایمان لانے کے نتائج دنیا اور آخرت میں ۱۰-۱۱-۲۰-۲۱-۳۱۵-۳۱۶-۳۳۳-۳۳۴-۴۵۳-۵۴۱

— اہل ایمان کو تقویٰ اختیار کرنے کی تاکید ۶۱-۳۳۳-۳۶۰-۳۹۳-۴۰۹-۴۴۳-۵۶۳

— مومنین اللہ اور اس کے رسول کے دشمنوں سے کبھی دوستی نہیں رکھتے ۳۶۶-۴۲۲-۴۲۴-۴۵۰

— دنیا میں قانونی طور پر کسی کے مومن ہونے کی جانچ کیسے کی جا سکتی ہے ۴۳۴-۴۳۶

— اللہ مومنین سے راضی ہوا اور مومنین اللہ سے راضی ہوئے ۳۶

— اہل ایمان کے اقربا بھی اگر اہل ایمان ہوں تو جنت میں وہ سب اکٹھے کر دیے جائیں گے ۱۶۸-۱۶۹

— مومنین اللہ کی جماعت ہیں ۳۶۷

— مومن ہی کامیاب ہیں ۳۶۷-۴۵۳-۴۷۸

— مومن ہی کا یہ کام ہے کہ تقویٰ پر قائم رہے خواہ مخالف فریق کیسا ہی بے جا رویہ اختیار کرے ۶۱

— مومنین کے لیے عزت ہے ۵۲۱

— ایمان سے نصرت اور فتح خداوندی حاصل ہوتی ہے ۴۷۸

— اہل ایمان کو دنیا میں کیا روش اختیار کرنی چاہیے ۴۸

— اللہ کس معنی میں اہل ایمان کو اپنا مددگار قرار دیتا ہے؟ ۱۹-۲۰-۳۲۲-۳۲۳-۳۹۵-۴۷۹-۴۸۰

— اللہ کے عذاب سے بچنے کے لیے اللہ اور رسولوں پر ایمان ضروری ہے ۴۷۸

— مومنین کے لیے ضروری ہدایات ۵۲۵-۵۲۶-۵۴۱تا۵۴۷

— مومنین حب الٰہی میں مال واولاد کو رکاوٹ نہیں بننے دیتے ۳۶۶-۴۲۲-۴۲۴-۵۲۲-۵۴۴

— اہل ایمان کو اللہ کے سامنے سمع وطاعت کا نمونہ بن جانے کا حکم ۵۴۶

## ب

### باطل

— باطل کی پیروی کفر ہے ۱۰

— باطل کی پیروی کرنے والوں کو اللہ ان کی حیثیت بتادے گا ۱۱

— باطل گروہ کی سعی وعمل آخر کار رائیگاں جائے گی ۷-۹

— باطل کو اللہ چاہے تو خود مٹادے لیکن وہ یہ خدمت اہل ایمان لوگوں سے لینا چاہتا ہے ۱۸

### بائبل

— اس کے حوالے ۱۲۵- ۱۴۵- ۲۳۸- ۲۳۹- ۴۵۹تا۴۶۲-۴۶۳-۴۶۴

— بائبل کے اس بیان کی تردید کہ کائنات کی تخلیق کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ تھک گیا تھا اور اسے آرام کرلینے کی ضرورت پیش آئی ۱۲۵

— بائبل کے تراجم کس طرح وقتاً فوقتاً بدلے جاتے رہے ہیں ۱۲۵۔ (نیز دیکھو''انجیل''اور''تورات'')

### بت پرستی

— عربوں کی بت پرستی ۲۰۶-۲۰۷-۲۲۱

— لات کا استھان طائف میں تھا ۲۰۶

— بنو ثقیف نے لات کو معبود بنا رکھا تھا ۲۰۶-۲۰۷

— لفظ لات کی تشریح ۲۰۷

— عزّیٰ، قریش کی خاص دیوی ۲۰۷

— عزّیٰ کے معنی ۲۰۷

— مناۃ کا محل وقوع ۲۰۷

— مناۃ کا حج کیا جاتا تھا ۲۰۷

— شعریٰ کی تشریح ۲۲۱

— بت پرستوں کے پاس اپنے فعل کے لیے کوئی سند نہیں جس باپ دادا کا عمل اور اپنے وہم وگمان اور خواہشات نفس کی پیروی ہے ۲۰۸

### بخل

— بخل کرنے والے اپنے آپ ہی سے بخل کرتے ہیں ۳۱

— بخل کی مذمت ۳۲۰-۳۹۶

— بخیلوں کو اللہ پسند نہیں کرتا ۳۲۰

— مسلمان بدخلق اور بخیل نہیں ہوتا ۳۹۷۔ (مزید تفصیلات کے لیے دیکھو''اخلاقی تعلیمات'')

### بدر

— جنگ بدر میں قرآن کی پیشنگوئی پوری ہوئی ۲۴۰-۲۴۱

— جنگ بدر میں مسلمانوں کی کامیابی یہود مدینہ کے لیے سوہان روح بن گئی ۳۷۷

— اہل بدر کی مغفرت اللہ تعالیٰ نے کردی ہے ۴۲۳

— اہل بدر کی مغفرت کا صحیح مفہوم ۴۲۷

— بدر کے قیدیوں سے فدیہ لینے پر اللہ تعالیٰ کے عتاب کی اصل وجہ ۱۲

— بدر کے قیدیوں سے کیا سلوک کیا گیا ۱۳-۱۶-۱۷

**برزخ**

— عذاب قبر یعنی برزخ کا عذاب ۲۸

**بشارت**

— جنت کی بشارت کن لوگوں کے لیے ہے ۳۱۰-۳۶۶-۳۶۷

— ایمان لانے والوں کے لیے بشارت ۴۷۸

**بشر**

— کفار مکہ کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت تسلیم کرنے سے اس لیے انکار تھا کہ آپ بشر تھے ۱۰۹

— ہر زمانے کے کفار نے اپنے عہد کے نبی کو ماننے سے اسی لیے انکار کیا کہ وہ بشر کو نبی ماننے کے لیے تیار نہ تھے ۱۰۹-۲۳۶-۲۳۳-۵۳۳-۵۳۴ (مزید تفصیل کے لیے دیکھو ''نبوت'')

**بنی اسرائیل**

— فرعون کے مقابلے میں ان کی سرفرازی ۱۶۴

— انھوں نے حضرت موسیٰ کو نبی مانتے ہوئے اذیتیں دیں ۴۵۷

— انھوں نے حضرت عیسیٰ کو جان بوجھ کر جھٹلایا اور ہمیشہ کے لیے ان پر اللہ کی پھٹکار پڑ گئی ۴۵۸-۴۷۶

— ان میں سے کچھ لوگ حضرت عیسیٰ پر ایمان لائے اور باقی کفر میں پڑ گئے ۴۷۹

— انھوں نے ٹیڑھ اختیار کی اور اللہ نے ان کے دلوں کو ٹیڑھا کر دیا ۴۵۷-۴۵۸

— بنی اسرائیل میں ''وہ نبی'' کے نام سے کس کی آمد کا شہرہ تھا؟ ۴۶۱ تا ۴۶۳ (مزید تفصیل کے لیے دیکھو ''انجیل''، ''اہل کتاب''، ''انجیل'' اور ''یہود'')

**بنی نضیر**

— دیکھو ''غزوۂ بنی نضیر''

**بہتان**

— بہتان، غیبت اور چغلی کا فرق ۹۰-۹۳

— بہتان کی حرمت ۴۴۵-۴۴۶

— اللہ پر بہتان باندھنے والا سب سے بڑا ظالم ہے ۴۷۶

**بیت اللہ**

— وہ ہر وقت آباد و معمور رہتا ہے ۱۶۲

**بیعت رضوان** - دیکھو ''صلح حدیبیہ''

**بینات**

— معنی و تشریح ۳۲۱-۵۳۳

— وہ رسولوں کو دی گئیں ۳۲۱

## ت

**تبع**

— اس کی قوم نے پیغمبروں کو جھٹلایا اور آخرت کا انکار کیا ۱۱۴-۱۱۵

**تسبیح**

— تسبیح کی تاکید ۴۸-۱۲۵-۱۸۴-۲۹۰-۲۹۶

— اوقات تسبیح ۴۸-۱۲۵-۱۸۵

— تسبیح سے مراد نماز ۱۲۵-۱۲۶-۱۸۵

— صحابہ کو حضورؐ نے تسبیح کی تاکید بھی کی اور تعلیم بھی دی ۱۲۶-۱۸۵

— تسبیح مسنونہ ۱۲۶-۱۸۵

— زمین و آسمان کی ہر چیز اللہ کی تسبیح کرتی ہے ۳۰۱-۳۸۱-۴۱۵-۴۵۴-۴۸۵-۵۲۷

— اللہ مشرکین کے شرک سے پاک ہے ۴۱۵-۴۱۶

## تقدیر

— مسئلہ تقدیر کا جامع مختصر بیان ۴۵۷-۴۵۸
— مسئلہ تقدیر قرآن میں کس غرض کے لیے بیان کیا گیا ہے ۳۱۹-۳۲۰
— انسان کو دنیا میں اختیارات، وسیع ذرائع و مواقع اور انتخاب کی آزادی دے کر امتحان کے لیے بھیجا گیا ہے ۱۴۲-۱۵۳
— انسان کو عقل و شعور اور فہم و ادراک کی قوتیں دے کر اللہ نے خیر و شر میں امتیاز کرنے کے قابل بنایا ہے ۲۴۸-۲۴۹-۵۲۸-۵۲۹
— انسان پر جو مصیبت بھی آتی ہے اللہ کے اذان سے آتی ہے اور اس کا مقصد امتحان ہوتا ہے ۳۱۹-۳۲۰-۵۴۰
— اللہ چاہے تو دین حق کے دشمنوں کو خود ہی ختم کر دے لیکن اس نے حق و باطل کی کش مکش کا سلسلہ مومنین و کفار کے امتحان کے لیے جاری کیا ہے ۴۵-۴۸
— انسان کو کس طرح آزمائش میں ڈالا گیا ہے ۲۹
— انسان کا کام اپنے آپ کو اہل ثابت کرنے کی کوشش کرنا ہے اور اللہ کا کام توفیق دینا ہے ۲۴
— کفر کا راستہ اختیار کرنے والوں کو اللہ غلط کاموں ہی کی توفیق دیتا ہے ۹
— جو شخص ہدایت واضح ہو جانے کے بعد اس سے پھرتا ہے اسے پھر شیطان ہر گمراہی میں مبتلا کرتا چلا جاتا ہے ۲۷
— کسی شخص یا قوم کی گمراہی کا آغاز اللہ تعالیٰ کی طرف سے نہیں بلکہ خود اس کی اور شیطان کی طرف سے ہوتا ہے ۴۵۷
— ہدایت و ضلالت اور دیگر تمام اعمال کے محرکات انسان کے نفس میں بالطبع موجود ہوتے ہیں ۱۵۳
— اللہ کے کسی شخص سے ہدایت کی توفیق سلب کرنے کا مطلب ۹
— اللہ تعالیٰ کے کسی سے ضلالت کو دور کر دینے کا مطلب ۱۰
— اللہ کیسے لوگوں کے دلوں پر ٹھپہ لگا دیتا ہے ۲۳-۲۴-۵۱۷
— اللہ کیسے لوگوں کے اعمال بد ان کے لیے خوش نما بنا دیتا ہے ۲۱
— اللہ کیسے لوگوں کی ہدایت کی طرف سے اندھا اور بہرا کر دیتا ہے ۲۶-۲۷
— اللہ کیسے لوگوں کو ہدایت دیتا ہے ۲۴-۴۵۷-۴۵۸
— اللہ کیسے لوگوں کو تقویٰ عطا فرماتا ہے ۲۴
— کیسے لوگوں کو ہدایت سے محروم رکھا جاتا ہے ۴۵۷-۴۵۸-۴۷۶-۴۸۹-۵۲۰
— کیسے لوگوں کو اللہ قرآن سمجھنے کی توفیق نہیں دیتا ۲۷-۲۸
— ہدایت کسی پر جبراً نہیں ٹھونسی جاتی ۱۲۸
— انسان کو اللہ نے فطرت سلیمہ پر پیدا کیا اور پھر کسی نے کفر کا راستہ اختیار کیا اور کسی نے ایمان کا ۵۲۷ تا ۵۲۹

— اللہ جسے راست روی کی نعمت عطا کرتا ہے اپنے علم اور حکمت کی بنا پر کرتا ہے ۷۵-۷۶
— یہ اللہ کا فضل اور احسان ہے کہ کسی کے دل میں طاعت و ایمان کی محبت اور کفر و فسوق سے نفرت پیدا کر دے ۷۵-۷۶-۱۰۲ (مزید تفصیل کے لیے دیکھو ''ضلالت'' اور ''ہدایت'')
— اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کو ایک تقدیر کے ساتھ پیدا کیا ہے ۱۲-۲۴۱-۵۶۸
— ہر مخلوق کا نوشتہ تقدیر لکھ دینا اللہ کے لیے بہت آسان ہے ۳۱۹-۳۲۰
— ہر چیز کا وقوع اللہ کی مشیت پر موقوف ہے ۶۱-۶۲
— اللہ نفع یا نقصان پہنچانا چاہے تو کوئی اس کے فیصلے کو روکنے والا نہیں ۵۰
— اللہ ہی زندگی دیتا ہے وہی موت دیتا ہے ۱۲۷-۳۰۲
— عالم بالا میں فیصلہ ہوتا ہے کہ انسان کو کیا رزق دیا جائے ۱۴۳
— خوشی اور غم دونوں صورتیں اللہ کی طرف سے ہیں ۲۲۰
— اللہ جسے چاہے غنی کر دے اور جسے چاہے فقیر کر دے ۲۲۰-۲۲۱
— کوئی دن منحوس نہیں ہوتا ۲۳۵-۲۳۶

## تقلید

— باپ دادا کی اندھی تقلید بڑے اسباب ضلالت میں سے ہے ۲۰۸
— کیسے لوگ صحیح نمونہ تقلید ہیں ۴۲۸-۴۳۱-۴۳۲
— انبیاء علیہم السلام کا کون سا فعل قابل تقلید ہے اور کون سا نہیں ہے ۴۲۹-۴۳۰

## تقویٰ

— متقین کی نمایاں خصوصیات ۱۲۲-۱۳۸ تا ۱۴۰-۱۶۷
— متقین کے لیے جنت کا وعدہ ۲۱-۱۲۲-۱۲۳-۱۳۸-۱۶۷-۱۶۸-۲۴۲
— ایمان اور تقویٰ کا اجر ۳۱
— تقویٰ اور فسق کا فرق ۳۸۰-۴۰۹-۴۱۰
— تقویٰ اختیار کرنے کا حکم ۸۳-۹۵-۳۶۰-۳۹۳-۴۰۹-۴۴۳-۵۴۶-۵۶۳-۵۸۰
— جو تقویٰ اختیار کرے گا اس کے لیے اللہ کی کشادگی پیدا کر دے گا ۵۶۷-۵۷۳
— اللہ جانتا ہے کہ کون کس درجہ کا متقی ہے ۲۱۳
— اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ عزت والا وہ ہے جو سب سے زیادہ متقی ہو ۹۵-۹۷-۲۴۲
— جس تقویٰ کی اہلیت آدمی میں ہوتی ہے اللہ تعالیٰ ویسا ہی تقویٰ اسے عطا کرتا ہے ۲۴
— تقویٰ کے تقاضے ۷۰-۷۲-۸۳-۹۵
— جو دل رسول کے احترام سے خالی ہے وہ تقویٰ سے خالی ہے ۷۲
— اہل ایمان کا کام یہی ہے کہ وہ تقویٰ پر قائم رہیں خواہ مخالف کیسا ہی جاہلانہ رویہ اختیار کرلے ۶۱
— تقویٰ کرنے والوں پر اللہ رحم کرے گا ۸۳

## توبہ

— اللہ توبہ قبول کرنے والا ہے ۹۵

**توحید**

— دعوت توحید ۱۵۱-۱۵۲

— دلائل توحید ۱۱۰ تا ۱۱۴- ۱۵۰- ۱۵۱- ۲۵۰- ۲۵۱- ۲۸۴ تا ۲۹۰- ۲۹۵۔ (توحید کے دلائل ہی اللہ کی ہستی کے دلائل بھی ہیں)

**تورات**

— اس میں صحابہ کرامؓ کے اوصاف کا بیان ۶۴

— اس میں حضور اکرمؐ کی بعثت کی بشارت ۴۵۹- ۴۶۰

— یہودیوں نے نبوت محمدی کا انکار کر کے تورات کی صریح خلاف ورزی کی ۴۸۵

**توکل**

— جو اللہ پر توکل کرے اللہ اس کے لیے کافی ہے ۵۶۸

## ث

**ثمود**

— قصہ قوم ثمود ۲۳۶ تا ۲۳۹

— ثمود نے انبیاء کی تکذیب کس وجہ سے کی ۲۳۶

— ثمود نے پیغمبروں کو جھٹلایا اور آخرت کا انکار کیا ۱۱۴-۲۳۶-۲۳۷

— حضرت صالح علیہ السلام پر ان کے الزامات ۲۳۶-۲۳۷

— انھیں ایک خاص وقت تک سنبھلنے کی مہلت دی گئی لیکن وہ اللہ کے حکم سے سرتابی کرنے پر مصر رہے ۱۴۹-۱۵۰

— حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی ان کے لیے کن معنوں میں فتنہ بنائی گئی ۲۳۶-۲۳۷

— ان پر عذاب الٰہی کا نزول ۱۴۹- ۱۵۰- ۲۲۱- ۲۳۷

— یہ قوم حضرت ابراہیمؑ سے پہلے گزر چکی تھی ۲۲۲

**ثواب**

— ایصال ثواب کا مسئلہ ۲۱۵ تا ۲۱۹

— ایصال ثواب تو ہوسکتا ہے مگر ایصال عذاب ممکن نہیں ہے ۲۱۷

— اعمال حسنہ کے روحانی فوائد نہیں بلکہ ان کا اجر ہی قابل انتقال ہے ۲۱۷

— کون کون سی عبادات اور نیکیوں کا ثواب متوفی کو مل سکتا ہے ۲۱۷ تا ۲۱۹

## ج

جاسوس: دیکھو "قانون اسلام، قانون صلح و جنگ"

**جاہلیت**

— ایمان لے آنے سے جاہلیت کے گناہ معاف ہوجاتے ہیں ۱۰

**جبریل علیہ السلام**

— بحیثیت معلم رسولؐ ۱۹۵

— ان کے معلم رسول ہونے پر ایک شبہ اور اس کا ازالہ ۱۹۶

— حضور اکرمؐ نے دو دفعہ ان کی اصلی شکل میں انھیں دیکھا ۱۹۵-۱۹۷-۲۰۰-۲۰۳

— اس مشاہدے کو نظر کا دھوکا یا شیطان کی چال نہیں کہا جاسکتا ۱۹۸-۱۹۹

— حضور اکرمؐ اور ان کے درمیان صرف دو کمانوں کا فاصلہ رہ گیا تھا ۱۹۷

— ان کی تجلیات کا ذکر ۱۹۹-۲۰۱

— ان کی صفات ۱۹۵ تا ۱۹۷

**جبر وقدر: دیکھو "قدر"**

**جرم**

— مجرمین کا برا انجام ۲۴۰-۲۶۵

— قیامت کے روز مجرمین اپنے چہروں سے پہچان لیے جائیں گے ۲۶۵

**جزاوسزا**

— اللہ کا بے لاگ قانون جزاوسزا ۹-۱۸-۱۹-۲۰-۲۱-۲۸-۲۹-۳۰-۳۱-۴۷-۴۹-۵۱-۵۳-۵۴-۶۵-۷۰-۷۲-۱۰۱-۱۱۹-۱۲۲-۱۳۲-۱۳۳-۱۵۶-۱۵۷-۱۶۸-۱۶۹-۲۰۹-۲۱۱-۲۱۴-۲۱۹-۲۳۸-۲۴۲-۲۶۴-۲۶۵-۲۶۶-۲۶۹-۲۷۷ تا ۲۸۴-۲۹۵-۲۹۶-۳۰۶-۳۱۵-۳۱۷-۳۳۳-۳۵۶-۴۷۸-۵۲۰-۵۲۲-۵۸۰-۵۸۱

— دنیا کی موجودہ زندگی میں بھی اللہ کا قانون مکافات کام کر رہا ہے ۲۰-۲۱-۳۲-۱۱۴-۱۲۴-۱۴۶ تا ۱۵۰-۱۵۲-۲۲۱-۲۲۲-۲۳۱ تا ۲۳۹-۴۵۷-۴۷۹-۵۳۲ تا ۵۳۶-۵۸۰

— اللہ کا قانون مکافات اس وقت تک کسی قوم کی مکمل تباہی کا فیصلہ نہیں کرتا جب تک کہ اس قوم میں کوئی قابل لحاظ بھلائی موجود ہوتی ہے ۱۴۷

— جزا کی اصل علت کیا ہے ۲۶۶

— جزاوسزا کے معاملہ میں اللہ تعالیٰ کا فیصلہ اس علم کی بنا پر ہوتا ہے جو بندوں کے عمل کی حقیقت و نوعیت کے بارے میں اللہ تعالیٰ رکھتا ہے ۵۱

— ایمان لے آنے سے جاہلیت کے گناہ معاف ہوجاتے ہیں ۱۰

— چھوٹے چھوٹے گناہ معاف کر دیے جائیں گے اگر بڑے اور کھلے گناہوں سے پرہیز کیا جائے ۲۱۱-۲۱۲

— ایک شخص کا عمل صالح کسی دوسرے کے لیے نافع نہیں ہے ۲۱۵

— ہر شخص اپنے فعل وعمل کا بدلہ پائے گا ۲۱۴-۲۱۵

— کسی کے فعل کی ذمہ داری کسی دوسرے پر نہیں ڈالی جاسکتی ۲۱۴-۲۱۵

— کوئی شخص چاہے بھی تو کسی کے گناہ کی ذمہ داری اپنے اوپر نہیں لے سکتا ۲۱۴

— ایک شخص کے عمل صالح کا کسی دوسرے شخص کے لیے نافع ہونا صرف دو صورتوں میں ممکن ہے ۲۱۵-۲۱۷ (مزید تفصیل کے لیے دیکھو ''ثواب'')

— ہر شخص کے اعمال دیکھے جائیں گے اور ان کی جزا وسزا دی جائے گی ۱۰۷-۱۳۲ تا ۱۳۴-۲۱۹-۲۲۰

— آخرت کی جزاوسزا برحق ہے ۲۹۶

— جزاوسزا کے وقوع پر مظاہر قدرت کی قسم کھائی گئی ہے ۱۳۴

— آخرت کی جزاوسزا سے انسان بھاگ نہیں سکتا ۲۶۳-۲۶۴

— اصل ثواب وعذاب تو آخرت کا ہے ۲۴۰

— آخرت میں کسی کا دوزخ سے بچ جانا اللہ کا احسان ہے۱۶۷-۱۷۱
— مہلت عمل ختم ہوجانے کے بعد دنیا میں ہرگز کوئی مزید مہلت نہیں ملتی۵۲۲
— اللہ نے نہ انسان کو معصوم بنایا ہے اور نہ وہ بھول چوک اور خطا سے معصوم ہے۲۱۱-۲۱۲-۳۳۳-۳۳۴
— اللہ جسے چاہے سزا دے اور جسے چاہے معاف کردے۵۱-۵۲
— جزاوسزا کے بارے میں معتزلہ کا انتہاپسندانہ نقطہ نظر۲۱۵

جزیہ

— اس کے متعلق اسلامی قانون۱۵

جمعہ: دیکھو ''نماز''

جن

— ان کی تخلیق۲۵۳-۲۵۶-۲۵۷
— جنات ایک مخصوص مادی جسم رکھتے ہیں۲۵۷
— وہ بھی ایک فانی مخلوق ہیں۲۶۰
— ان کی تخلیق کا مقصد۱۵۵
— ان کے وجود کا انکار کرنے والوں کے شبہات کا ازالہ۲۵۷
— جنات کی مختلف قوتوں کا ذکر۲۵۷
— وہ انسان کی طرح ایک ذی اختیار مخلوق ہیں اور جزا وسزا کے مکلف ہیں ۱۵۵- ۱۵۶- ۲۴۶- ۲۶۹
— انھوں نے حضور اکرمؐ سے سورہ رحمٰن سنی اور متاثر ہوئے ۲۴۵
— ان میں بھی کافر اور مومن موجود ہیں۲۴۶
— انسانوں کی طرح ان کو بھی قرآن کا چیلنج کہ اگر خدا کی خدائی سے بھاگ کر نکل سکتے ہو تو نکل دیکھو۲۶۳

جنت

— اہل ایمان کے لیے اس کی بشارت۳۱۰
— وہ دنیا میں کیے ہوئے نیک اعمال کا بدلہ ہے ۱۶۷-۲۸۰
— وہ کن لوگوں کے لیے ہے؟ ۱۸-۱۹-۲۰-۲۱- ۴۶-۵۴-۱۲۲- ۱۳۸- ۱۶۷-۲۴۲-۲۶۶- ۲۶۷- ۲۷۷- ۲۷۸-۲۸۱- ۳۰۹- ۳۱۰- ۳۱۹-۳۶۷-۴۷۸-۵۴۰-۵۸۱
— اس کی نعمتیں ۲۱-۲۲-۲۳-۴۶- ۴۷-۵۴- ۱۲۴- ۱۳۸- ۱۶۷ تا ۱۷۱- ۲۴۲- ۲۶۷ تا ۲۷۲- ۲۷۸ تا ۲۸۲- ۲۹۵- ۳۱۰- ۳۱۹- ۳۶۷-۴۷۸-۵۴۰-۵۸۱
— اس کے مستحق لوگوں کی صفات ۱۲۲- ۱۲۳- ۱۳۸-۱۳۹-۱۴۰-۳۰۹
— وہ محض روحانی نہیں بلکہ جسمانی و مادی ہوگی ۱۶۷ تا۱۷۱-۲۷۸
— اس کی شراب کی حقیقت ۲۲- ۲۳- ۱۶۷- ۱۶۸-۱۷۰-۲۷۹
— اس کے پانی کی کیفیت۲۲
— اس کے شہد کی حقیقت۲۲-۲۳
— اس کے دودھ کی حقیقت۲۲
— اس کے پھلوں کی حقیقت ۲۲- ۲۶۸- ۲۷۱- ۲۷۲-۲۷۹-۲۸۰

— اس کے گوشت کی حقیقت ۱۶۹-۱۷۰-۲۸۰
— جنت میں مزے سے کھانے پینے کا مطلب ۱۶۷-۱۶۸
— اہل جنت کے خدمت گاروں کی صفات ۱۷۰-۱۷۱-۲۷۹-۲۸۰
— جنت کی عورتیں ۲۶۹-۲۷۰
— حوران جنت کی صفات ۱۶۸- ۱۷۱- ۲۷۲-۲۸۰
— جنتی مومن عورتوں کا رتبہ حوروں سے بلند ہوگا ۲۷۱-۲۷۲
— جنت نعیم ۲۷۷ تا ۲۸۰
— جنت الماویٰ ۱۹۸-۲۰۱
— جنات عدن ۴۷۸
— اہل جنت کی زندگی ہر قسم کی بے ہودگی اور لاف و گزاف سے پاک ہوگی ۲۸۰
— جنتیوں کی دنیوی کوتاہیوں پر ہمیشہ کے لیے پردہ ڈال دیا جائے گا ۲۲
— جنت میں داخلے سے پہلے بشری کمزوریوں کی بنا پر کی ہوئی تمام خطائیں معاف کر دی جائیں گی ۴۷
— جنتی جو کچھ چاہیں گے وہی ہوگا بلکہ اس سے بھی زیادہ ۱۲۲ تا ۱۲۴-۲۸۰
— اہل ایمان کی صالح اولاد خواہ وہ ایمان میں کچھ کم درجے کی ہو، جنت میں ان کے ساتھ رکھی جائے گی ۱۶۸ تا ۱۷۰
— اہل ایمان کی وہ اولاد جو سن رشد کو پہنچنے سے پہلے مرگئی جنت میں ہوگی ۱۶۹
— ہر جنتی کے لیے دو باغ ہیں ۲۶۷-۲۶۸
— کچھ جنتیوں کے لیے دو باغ کچھ کم درجے کے ہوں گے ۲۷۰
— دنیا میں کیے جانے والے نیک اعمال کے فرق مراتب کے مطابق جنت کی نعمتوں میں بھی فرق ہوگا ۲۷۷ تا ۲۸۲
— جنت کے مستحق افراد کے دو گروہ اور ان کے درجات ۲۷۷ تا ۲۸۲
— جنت کی نعمتیں کبھی ختم نہ ہوں گی اور بلا روک ٹوک ملیں گی ۲۸۱
— جنت میں سب لوگ جوان ہوں گے ۲۶۸
— جنت کی تمام نعمتوں سے بڑھ کر یہ نعمت ہے کہ اللہ اہل جنت کی مغفرت فرمادے گا ۲۲
— اہل ایمان جنت میں ہمیشہ رہیں گے ۴۶-۱۲۲-۳۱۰-۳۶۷-۴۷۸-۵۴۰-۵۸۱
— اہل جنت کی لافانی زندگی سے متعلق ایک شبہہ کا ازالہ ۳۰۳
— اصلی اور سچی عزت جنت کا داخلہ ہی ہے ۲۴۲
— خدا کی جنت میں داخل ہونا بہت بڑی کامیابی ہے ۴۷-۳۱۰-۴۱۰-۴۷۸-۵۴۱
— جنت اسی سرزمین پر ہوگی ۲۰۱
— جنت کی وسعت ساری کائنات جیسی ہے ۳۱۸-۳۱۹
— اہل جنت کی باہمی گفتگو ۱۷۱
— اہل جنت کو جنت جانی پہچانی جگہ معلوم ہوگی ۲۰

— وہ ٹھیک وہی جنت ہوگی جس کا دنیا میں وعدہ کیا گیا ہے۱۲۲
— اہل ایمان کے قریب جنت لے آئی جائے گی اور انھیں سلامتی کے ساتھ اس میں داخل کیا جائے گا۱۲۲-۱۲۳
— قیامت کے روز فیصلے کے بعد متقین کے جنت پہنچنے میں کوئی تاخیر نہ ہوگی۱۲۲
— جنت اللہ کے فضل کے بغیر حاصل نہیں ہوسکتی ۳۱۹
— اہل جنت پر اللہ اور اس کے فرشتوں کا سلام۱۲۳
— اہل جنت سے اللہ راضی ہوا اور وہ اللہ سے راضی ہوئے ۳۶۷
— اہل جنت اور اہل جہنم ایک دوسرے کے برابر نہیں ہوسکتے ۲۲-۲۳-۴۱۰
— جنت میں نیک انسانوں کی طرح نیک جن بھی داخل کیے جائیں گے۲۶۹
— دنیا میں اگر کوئی غلام ہے تو آخرت میں وہ غلام نہ ہوگا ۱۷۰-۱۷۱

**جنگ**: دیکھو ''جہاد فی سبیل اللہ''

**جنگ بدر**: دیکھو ''بدر''

## جہاد فی سبیل اللہ

— اس کی فضیلت ۴۵۴-۴۵۶-۴۷۷-۴۷۸
— اللہ کی راہ میں جان و مال سے جہاد کرنے والے ہی حقیقت میں مومن ہیں ۱۰۱
— جب جہاد برپا ہو تو جان و مال دونوں سے جہاد کرنا فرض ہے ۳۰۸
— جہاد فی سبیل اللہ میں اپنی جان و مال سے حصہ لینا وہ تجارت ہے جو جہنم کے عذاب الیم سے بچا سکتی ہے ۴۷۷-۴۷۸
— جہاد کے لیے مال خرچ کرنے کا حکم ۳۰۵-۳۰۶
— فتح سے پہلے جان و مال سے جہاد کرنے والے فتح کے بعد ان اعمال کے کرنے والوں سے افضل ہیں ۳۰۸-۳۰۹
— ہجرت کے بعد اللہ کا مسلمانوں سے وعدہ کہ وہ ان کو کفار پر غالب کرے گا ۷-۸
— مسلمانوں سے اللہ کا وعدہ کہ وہ اگر اس کی راہ میں جان لڑائیں گے تو وہ ان کی مدد کرے گا ۱۹
— مسلمان اگر سچے مومن ہوں تو وہی غالب ہوں گے ۳۰-۳۱
— کفر و اسلام کی جنگ میں مومن اور منافق کا فرق کھل جاتا ہے ۷-۱۱-۲۵-۲۶-۲۹-۵۲ تا ۵۴
— کفر و اسلام کے معرکے میں کسی مسلمان کے لیے کفر اور کفار سے دوستی منافی ایمان حرکت ہے ۴۲۲
— کفر و اسلام کی جنگ میں جو اسلام کا وفادار نہیں وہ منافق ہے ۲۹
— مسلمانوں کو جنگ کا پہلا حکم کن حالات میں دیا گیا ۶-۷
— جنگ کا حکم دینے کے بعد ابتدائی ہدایات جو مسلمانوں کو دی گئیں ۱۱ تا ۱۳
— کفر و اسلام کی جنگ میں اللہ اہل ایمان کی آزمایش کرتا ہے ۱۸-۱۹
— اللہ تعالیٰ کس لیے مسلمانوں کو معرکہ کفر و اسلام کی

آزمایش میں ڈالتا ہے ۲۶-۲۷-۴۵-۴۶
— کفر واسلام کی جنگ میں عورتیں کس طرح اجر میں مردوں کے ساتھ برابر کی شریک ہوسکتی ہیں ۴۶-۴۷
— حکم جہاد کی جو بھی اطاعت کرے گا اجر کا مستحق ہوگا ۵۳
— حکم جہاد سے منہ موڑنے والوں کا انجام ۵۴
— اللہ کی راہ میں صف بستہ ہوکر جہاد کرنے کا حکم ۴۵۶-۴۵۷
— اللہ کی پسندیدہ فوج کی تین صفات ۴۵۶-۴۵۷
— اللہ تعالیٰ مجاہدین سے محبت کرتا ہے ۴۵۴-۴۵۶
— جہاد میں شہید ہونے والوں کے اعمال ہرگز ضائع نہ ہوں گے ۱۸
— اللہ تعالیٰ میدان جنگ میں مجاہدین کے قدم جما دے گا ۱۹
— مومن بے چینی سے جہاد کا انتظار کرتا ہے ۲۵-۲۶
— جنگ میں شریک نہ ہونے کے جائز عذرات کون سے ہیں ۵۴
— جہاد کے لیے والدین اگر مسلم ہوں تو ان سے اجازت لینی چاہیے لیکن اگر کافر ہوں تو ان کے روکے رکنا جائز نہیں ہے ۵۴
— اسلام نے جہاد کا حکم اس لیے دیا ہے کہ مخالف یا تو ایمان لائے، یا اسلامی اطاعت قبول کرے، یا پھر جنگ کرے ۵۳
— اللہ تعالیٰ نے راہ حق کی حفاظت کے لیے جہاد کی اجازت دی ۹ تا ۱۱
— قتال کے معنی لازماً ہتھیاروں سے جنگ ہی کرنے کے نہیں ہیں ۷۷
— جہاد فی سبیل اللہ امت محمدیہؐ کے لیے روحانی ترقی کا راستہ ہے ۴۵-۴۶-۳۲۴-۳۲۵
— اللہ اور اس کے رسول کا مقابلہ کرنے والے شیطان کی پارٹی کے لوگ ہیں اور شکست ان کا مقدر ہے ۳۶۵
— اہل ایمان کے خلاف لڑنے والوں کو اللہ ذلیل و خوار کرتا ہے، یہ اللہ کی مستقل سنت ہے ۵۷
— اللہ اور اس کے رسول کا مقابلہ کرنے والوں کے لیے سخت سزا ہے ۳۸۶
— کیا دوران جنگ میں مسلم فوج دشمن کے ان مقامات پر بھی گولہ باری کرسکتی ہے جہاں مسلمانوں کی موجودگی کا علم یا احتمال ہو؟ ۵۹-۶۰
— مسلمانوں کے درمیان اگر آپس میں لڑائی (خانہ جنگی) ہوجائے تو کیا کرنا چاہیے ۷۶ تا ۸۳
— آپس میں لڑنا مسلمانوں کا کام نہیں ہے ۷۶
— مسلمانوں کے دو گروہوں کے درمیان انصاف قائم کرنے کے لیے لڑنا ضروری ہو تو یہ لڑائی جہاد ہے ۷۷
— ''باغیوں'' سے جہاد کرنا بعض فقہاء کے نزدیک کفار سے جہاد کرنے کی بہ نسبت افضل ہے ۷۷
— مسلمانوں کو دب کر صلح نہیں کرنی چاہیے ۳۰
— اسلامی نظام میں معاہدات کا احترام ۳۹-۴۰
— کفار کے جنگی قیدیوں سے متعلق احکام ۱۲-۱۳-۱۴

— جنگی قیدیوں کے بارے میں شریعت نے مسلمانوں کو کسی خاص صورت کا پابند نہیں کیا ہے بلکہ احسان یا فدیہ میں سے کوئی صورت بھی حسب توقع اختیار کی جاسکتی ہے ۱۴
— قیدیوں کے ساتھ احسان کی مختلف صورتیں ۱۴ تا ۱۷
— کفار کے قیدیوں کو بلا فدیہ بطور احسان رہا کرنا ایک خاص رعایت ہے جو حددرجہ احتیاط کی متقاضی ہے ۱۶-۱۷
— فدیہ کی مختلف صورتیں ۱۴-۱۷-۱۸
— جنگی قیدی اسلامی حکومت کا مہمان ہے ۱۴
— جنگی قیدی اگر قید ہونے سے پہلے اسلام قبول کرچکا ہو تو آزاد کردیا جائے گا ۱۴-۱۵
— قید ہوجانے کے بعد اسلام قبول کرنا رہائی کا موجب نہیں ہوسکتا ۱۵
— جنگی قیدی کو ہمیشہ قید رکھنے کا دستور اسلام میں نہیں ہے ۱۴
— اسیران جنگ کے تبادلے کی گنجائش اسلام میں پہلے ہی رکھ دی گئی ہے ۱۸
— دشمن کو میدان جنگ میں قتل کیا جاسکتا ہے لیکن قید کرنے کے بعد قتل کرنا منع ہے ۱۲-۱۳
— مذکورہ حکم سے استثناء کی صورت اور اس کی چند عملی مثالیں ۱۳
— قید کرنے کے بعد قتل کرنے کا فیصلہ کرنا فرد کا کام نہیں بلکہ حکومت کا کام ہے ۱۳ (مزید تفصیل کے لیے دیکھو ''قانون اسلام، قانون صلح و جنگ'')

جہنم
— کیسے لوگوں کے لیے ہے ۲۱-۴۷-۵۱-۵۴-۱۱۹-۱۳۵-۱۳۶-۱۵۷-۱۶۶-۲۴۰-۲۶۵-۲۷۷-۲۷۸-۲۸۲ تا ۲۸۴-۲۹۵-۳۱۳-۳۱۷-۳۵۹-۳۸۴-۴۰۹-۵۴۱
— اس کی کیفیت ۲۲-۲۳-۵۱-۱۱۹-۱۳۵-۱۳۶-۱۳۸-۱۶۶-۱۷۱-۲۴۰-۲۶۵-۲۸۲ تا ۲۸۴-۲۹۵-۲۹۶-۳۵۹-۴۰۹
— اس میں کفار کی دردناک حالت ۱۳۸-۱۶۶-۱۶۷-۲۴۰-۲۶۵-۲۸۲-۲۹۶-۳۱۷
— جہنمی بدنصیب لوگ ہیں ۲۷۷
— جہنم کا دوام ۲۲-۲۳-۳۶۵-۴۰۹-۵۴۱
— اہل جہنم کے لیے ابدی عذاب کے متعلق ایک غلط فہمی کا ازالہ ۳۰۳
— انسان کو جہنم کا مستحق بنانے والی صفات ۱۱۹-۱۲۰
— کفار کو دھکے مار مار کر جہنم میں ٹھونسا جائے گا ۱۱۹-۱۶۶-۱۶۷-۲۶۵
— کفار منہ کے بل جہنم میں گھسیٹے جائیں گے ۲۴۰
— کفار جہنم اور کھولتے ہوئے پانی کے درمیان دوڑتے پھریں گے ۲۶۵-۲۶۶
— جہنمیوں کا پیاس کے مارے برا حال ہوگا ۲۶۶-۲۸۲-۲۸۴
— اہل جہنم کی غذا زقوم اور کھولتا ہوا پانی ہوگا ۲۳-۲۸۴-۲۹۶
— اللہ تعالیٰ کا جہنم سے پوچھنا کہ کیا تو بھر گئی ہے؟ اور اس کا کہنا کہ کیا اور بھی کچھ ہے؟ ۱۲۱

— جہنمیوں سے کہا جائے گا کہ یہ وہی آگ ہے جسے تم جھٹلایا کرتے تھے ۱۳۸-۱۶۶-۱۶۷-۲۶۵
— جہنم میں جانا بدترین انجام ہے اور وہ بدترین ٹھکانا ہے ۴۷-۳۱۳-۳۵۹-۵۴۱
— شیطان اور اس کے پیرو ہمیشہ جہنم میں رہیں گے ۴۰۹
— یہود کے لیے عذاب جہنم مقرر ہے ۳۸۴-۳۸۵
— جہنم کے عذاب الیم سے بچنے کی صورت ۴۷۷-۴۷۸
— اہل جہنم خواب صبر کریں یا جزع فزع کریں، ان کی دادفریاد کوئی نہ سنے گا ۱۶۷
— جہنم میں خوش حال لوگوں کی کثرت ہوگی کیونکہ دنیا میں انھیں خوش حالی کے باعث گناہ پر اصرار تھا ۲۸۳
— جہنم سے اللہ کا کلام مجازی ہے یا وہ ناطق ہے کہ جس کی بنا پر اس سے اللہ تعالیٰ اس طرح بات کرے گا جیسے ذی روح اشخاص سے بات کی جاتی ہے؟ ۱۲۱
— جہنم دنیا میں کیے ہوئے اعمال کا بدلہ ہے ۱۶۷
— اہل جنت اور اہل جہنم ہرگز یکساں نہیں ہوسکتے ۲۲-۲۳-۴۱۰

## چ

چوری
— اس کی حرمت ۴۴۵

## ح

حاطبؓ بن ابی بلتعہ
— ان کا قصہ ۴۲۰-۴۲۲ تا ۴۲۸
— اس واقعہ پر قرآن کا تبصرہ ۴۲۲ تا ۴۳۲-۴۵۰
— انھوں نے یہ فعل بشری کمزوری کی وجہ سے کیا تھا نہ کہ اسلام سے انحراف اور کفار سے دوستی کی خاطر ۴۲۳
— ان کے واقعہ پر قرآنی تبصرے اور حضور اکرمؐ کے طرزِ عمل سے اخذ کردہ قانونی احکام ۴۲۵ تا ۴۲۸

حبط اعمال
— کن لوگوں کے اعمال ضائع ہوتے ہیں ۹-۲۰-۲۹-۳۰-۷۰
— کن کے اعمال ضائع نہیں ہوتے ۳۰

حج
— حج بدل کن افراد کے لیے ہوسکتا ہے ۲۱۸
— مرنے والے کے لیے حج بدل کی صورت ۲۱۸

حدیبیہ
— دیکھو "صلح حدیبیہ"

حدود اللہ: ۵۶۶-۵۶۷
— ان سے مراد احکام خداوندی ہیں ۳۵۶-۵۶۵
— ان سے تجاوز کرنے کی ممانعت ۳۵۶
— اللہ کے احکام کے خلاف قانون سازی حدود اللہ سے تجاوز ہے ۳۵۶-۳۵۷
— حدود اللہ سے تجاوز کرنے والا خود اپنی جان پر ظلم کرتا ہے ۵۶۵
— حدود اللہ کا انکار کرنے والے ہمیشہ ذلیل و خوار ہوتے ہیں ۳۵۶-۳۵۷
— حدود اللہ کا انکار اللہ اور اس کے رسول سے انکار کے مترادف ہے ۳۵۵ تا ۳۵۷

— حدود اللہ توڑنے والوں کا انجام ۳۵۵

## حدیث

— حدیث کس طرح قرآن کی تشریح کرتی ہے ۱۱-۱۴-۱۵-۱۶-۱۷-۲۱-۲۲-۲۳-۲۴-۲۵-۴۳-۴۴-۴۹-۷۱-۸۱-۸۳-۸۴-۸۸ تا ۹۴-۹۷-۹۸-۱۲۶-۱۸۰-۱۸۴-۱۸۵-۱۸۸-۱۹۵-۱۹۶-۱۹۹-۲۰۲ تا ۲۰۶-۲۱۶-۲۱۸-۲۱۹-۲۲۳-۲۲۴-۲۴۵-۲۷۰-۲۷۱-۲۷۸-۲۸۲-۲۸۳-۲۹۲-۲۹۳-۲۹۶-۳۹۸-۳۰۳-۳۰۶-۳۰۷-۳۱۰-۳۱۱-۳۱۷-۳۱۸-۳۲۴-۳۲۵-۳۳۳-۳۴۲-۳۵۹-۳۶۰-۳۶۱-۳۶۲-۳۶۷-۳۷۰-۳۸۷-۳۹۱-۳۹۴-۳۹۶-۴۰۴-۴۱۷-۴۲۳-۴۲۴-۴۳۳-۴۴۱-۴۴۵-۴۴۶-۴۴۷-۴۴۸-۴۴۹-۴۵۵-۴۸۲-۴۹۳-۴۹۴-۴۹۵-۴۹۶-۴۹۷-۵۰۲-۵۰۳-۵۰۵-۵۱۲-۵۳۸-۵۳۹-۵۴۲-۵۴۵-۵۴۶-۵۵۲-۵۵۴-۵۵۵-۵۵۹-۵۶۳-۵۷۱-۵۷۲-۵۷۴-۵۷۵-۵۷۶-۵۷۷

— ایک روایت پر تنقید بلحاظ روایت و درایت ۵۷۵ تا ۵۷۷

— احادیث کی روایت بالمعنی سے پیدا ہونے والی پیچیدگی کو کس طرح دور کیا جائے ۴۳۴-۴۳۵

— حدیث کا عربی زبان میں بلند مقام ۱۷۸

— حدیث میں اللہ کے ننانوے نام گنوائے گئے ہیں ۴۱۷

— محدثین نے علم حدیث میں راویوں کے حالات کی تحقیق کا قاعدہ قرآن مجید سے اخذ کیا ہے ۷۳-۷۴-۷۷-۴۳۷

— دین میں سنت کے حجت ہونے کی دلیل قرآن مجید سے ۴۹۲-۴۹۳

## حدید (لوہا):

— اس کے اتارے جانے کا ذکر ۳۲۱

— اس سے مراد قوت اور اقتدار ہے ۳۲۲

## حساب

— دیکھو ”قیامت“ اور ”آخرت“

## حشر و نشر

— حشر کے معنی ۳۸۱

— اس روز تمام روئے زمین کے لوگ آوازہ حشر کو سن لیں گے ۱۲۷

— اس روز زمین پھٹ جائے گی اور لوگ اس کے اندر سے نکل کر تیزی سے بھاگے جا رہے ہوں گے ۱۲۷

— وہاں اللہ کے حضور پیش ہونا ہے ۳۶۰

— اس کا برپا کرنا اللہ کے لیے بہت آسان ہے ۱۲۷

— اس کو محال سمجھنا حماقت ہے ۱۶۵

— میدان حشر میں نور صرف مومنین کے لیے مخصوص ہوگا ۳۰۹ تا ۳۱۱-۳۱۵-۳۱۷-۳۳۳

— میدان حشر میں مومنین کے نور کا صرف دائیں طرف دوڑنا کیوں مذکور ہے؟ ۳۱۱

— منافقین کو میدان حشر میں نور نہ دیا جائے گا ۳۱۱

— میدان حشر میں مومنین اور منافقین کے درمیان دیوار حائل کر دی جائے گی ۳۱۱-۳۱۲
— میدان حشر میں مومنین اور منافقین کی گفتگو ۳۱۱ تا ۳۱۳
— منافقین پکار پکار کر مومنین کو دنیا کی رفاقت کا واسطہ دیں گے ۳۱۲-۳۱۳
— میدان حشر میں کسی کا نور کسی دوسرے کے کام نہ آئے گا ۳۱۱
(مزید تفصیل کے لیے دیکھو "آخرت"، "قیامت")

## حق

— حق کی پیروی اہل ایمان ہی کرتے ہیں ۱۱
— حق کی پیروی کرنے والوں کو اللہ ان کی حیثیت بتا دے گا ۱۱
— حق کی معرفت حاصل کرنے کے لیے آثار کائنات کے مشاہدے کی ہدایت ۲۰
— حق کو اللہ تعالیٰ نے کن کن ذرائع سے واضح فرمایا ہے ۲۴
— حق و باطل کے معرکے کا انجام ضرور ظاہر ہو کر رہنا ہے ۲۳۱

## حقوق العباد

— مسلمانوں کے حقوق ایک دوسرے پر ۶۳-۷۸-۸۳-۸۴-۸۵-۸۷-۳۱۷-۳۹۵-۳۹۶
— آپس کی جنگ میں مبتلا ہو جانے والوں کا حق دوسرے مسلمانوں پر ۷۶ تا ۷۸
— مومنین کے مالوں میں سائلوں اور محروم افراد کا حق ہے ۱۳۹
— غیر دشمن کافر کے حقوق ۴۳۲-۴۳۳
— عورت پر شوہر کا حق ۴۴۵-۴۴۶
— مطلقہ بیوی کے حقوق ۵۲۶-۵۷۳-۵۷۷-۵۷۸
(مزید تفصیل کے لیے دیکھو "اسلامی نظم جماعت")

## حقوق اللہ

— ۱۹-۲۴-۱۰۱-۲۵۱-۴۴۵
(مزید تفصیل کے لیے دیکھو "احکام القرآن")

## حکمت

— حکمت بالغہ ۲۳۲
— اللہ تعالیٰ کی بے پایاں حکمت کا ذکر ۲۸۸-۲۸۹
— حکمت تبلیغ ۱۵۲-۱۵۴-۱۵۵-۲۱۰
(مزید تفصیل کے لیے دیکھو "دعوت حق")

## حلال و حرام

— قطع رحمی حرام ہے ۲۶-۲۷
— بیوی سے ظہار کرنا حرام ہے ۳۴۱
— بندہ مومن کے لیے احکام حلال و حرام کی پابندی لازمی ہے ۵۴۴
(مزید تفصیل کے لیے دیکھو "ایمان"، "قانون اسلام" اور "حدود اللہ")

## حمد

— حمد ربانی سے مومن دشمنوں کے مقابلے میں قوت حاصل کرتا ہے ۱۶۱
— حمد ربانی کا حکم ۱۸۴
(مزید تفصیل کے لیے دیکھو "تسبیح")

## حور

— دیکھو "جنت"

## حیض

— دیکھو "قانون نکاح و طلاق"

## خ

### ختم نبوت

— رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد قیامت تک کوئی نبی آنے والا نہیں ہے ۲۴
— تورات کی گواہی کہ آخری نبی بنی اسماعیل میں سے ہوگا ۴۶۰

### خروج

— خروج (مسلح بغاوت) کے متعلق اسلامی قانون ۷۹ تا ۸۳
— ظالم و فاسق امراء کے خلاف اہل عدل کے خروج کو "بغاوت" قرار دینے پر فقہاء کا اجماع ثابت نہیں ہے ۷۹ تا ۸۱

### خسران

— کن لوگوں کے لیے ہے ۴۹-۵۲۲

### خلافت

— اللہ تعالیٰ نے انسان کو دنیوی مال و متاع اپنے خلیفہ کی حیثیت سے دیا ہے ۳۰۵-۳۰۶-۳۰۸

## د

### دعا

— دیکھو "قرآنی دعائیں"

### دعوت حق

— دعوت حق کے لیے کام کرنے والوں کو اللہ تعالیٰ نے اپنا "مددگار" قرار دیا ہے ۱۸-۱۹-۲۰-۳۲۲-۳۲۳-۳۹۵-۴۷۹-۴۸۰
— باطل کے مقابلے کی خدمت اللہ ایمان ہی سے لینا چاہتا ہے ۱۸
— دعوت حق کی راہ میں پیش آنے والے دل شکن حالات میں نماز ہی ایک ذریعہ ہے جو انسان کو تقویت دیتا ہے ۱۲۵
— دعوت حق کی راہ میں پیش آنے والے مصائب میں ایمان باللہ ہی انسان کو راہ راست پر رکھتا ہے ۵۴۱-۵۴۲
— دعوت حق کے کام میں ظالموں نے جس کی بے قدری کی وہی اللہ کی طرف سے نصرت کا مستحق ہوا ۲۳۳
— دعوت حق کو ٹھکرانے والے انجام بد دیکھیں گے ۳۲۲
— دعوت حق کا کامیابی سے ہمکنار ہونا اللہ کی نعمت کی تکمیل ہے ۴۳-۴۴
— دعوت حق صرف حق کی پکار ہی نہیں ہے بلکہ وہ غالب نظام زندگی ہونے کا تقاضا بھی کرتی ہے ۶۲-۶۳-۴۷۷
— دعوت حق کے مقابلے میں سرکشی اور عناد برتنے والوں کی سزا دنیا اور آخرت میں ۳۵۵ تا ۳۵۷
— داعی حق جب معقول طریقے سے اپنی بات سمجھا چکے اور مخاطب صریح بے التفاتی برتے تو داعی حق کو کیا کرنا چاہیے؟ ۶۱-۱۵۴-۱۵۵-۲۱۰
— اللہ کے دین کو روکنے کے لیے کفار کی تمام تدابیر ناکام و نامراد ہوں گی ۲۶-۳۰
— دعوت حق کے لیے خواہ کتنا ہی کام کیا جا چکا ہو اس زعم میں مبتلا نہ ہونا چاہیے کہ جو کچھ ہو سکتا تھا وہ ہم نے کر دیا ہے ۲۵
— دعوت الی اللہ اور اسلامی تعمیر نو کے لیے کام کرنے والوں کے بارے میں غلط فہمیاں ۴۷
— دعوت حق کے کام میں اگر بیوی بچے اور قریب ترین رشتہ دار بھی حائل ہوں تو کیا طرز عمل اختیار کرنا چاہیے ۵۴۳ تا ۵۴۵

— کش کش جب پیش آتی ہے تو منافق کا طرزِ عمل مومن سے الگ نمایاں ہو جاتا ہے ۲۵ تا ۲۷
— دعوتِ حق کے لیے کام کرنے والے آپس میں نرم اور کفار کے مقابلے میں سخت ہوتے ہیں ۶۳
— مسلمانوں کا متحد ہو کر راہِ حق میں کام کرنا اللہ کو سب سے زیادہ پسند ہے ۴۵۶-۴۹۲
(مزید تفصیل کے لیے دیکھو ''حق'' اور ''دین حق'')

دنیا
— دنیوی زندگی کی حقیقت ۲۱- ۲۹۹- ۳۰۰- ۳۱۷-۳۱۸
— دنیوی زندگی کی مثال ۳۱۷
— دنیوی زندگی ایک کھیل اور تماشا ہے ۳۱
— دنیا کی خوش حالی اور نعمتوں کی حیثیت ۲۱
— دنیا کے مال و دولت کی اصل حیثیت یہ نہیں ہے کہ انسان اس کا مالک ہے بلکہ اللہ تعالیٰ نے یہ سب کچھ اپنے خلیفہ کی حیثیت سے انسان کے تصرف میں دیا ہے ۳۰۵-۳۰۶-۳۰۸
— دنیا چھوڑنے کے لیے نہیں بلکہ برتنے کے لیے ہے ۳۲۴-۳۲۵
— دنیوی زندگی کا صحیح مصرف ۳۱۸
— دنیا کی زندگی کے ظاہری پہلو سے انسان کس کس طرح دھوکا کھاتا ہے ۲۸۳-۳۱۸
— دنیا کی زندگی نہیں آخرت کی زندگی ہی اصل زندگی ہے ۴۸
— دنیوی زندگی اور اخروی زندگی کا موازنہ ۳۱۷ تا ۳۱۹
— دنیوی زندگی میں نور کن کو دیا جاتا ہے ۳۳۳

دوزخ
— دیکھو ''جہنم''

دین
— بمعنی طریقہ اور ملت ۱۰۲
— بمعنی جزائے اعمال ۱۳۲-۱۳۵-۲۸۴
— ایک جامع اصطلاح بمعنی نظام زندگی ۶۲- ۴۳۲-۴۷۷

دین حق
— اللہ کے دین سے روکنے والوں کو دنیا و آخرت میں کیا سزا دی جاتی ہے ۹-۲۹-۳۰
— اللہ کے دین سے روکنے (صدعن سبیل اللہ) کی مختلف صورتیں ۹
— اللہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دین حق دے کر اس لیے بھیجا تھا کہ اسے تمام نظام زندگی پر غالب کر دیں خواہ وہ مشرکوں کو کتنا ہی ناگوار ہو ۶۲-۶۳-۴۷۷
— دین حق مغلوب ہو کر رہنے کے لیے نہیں آیا ہے ۶۲-۶۳
— دین حق پر ایمان لانے والے کو مال و اولاد سے محبت اس حد تک نہیں کرنی چاہیے کہ وہ ایمان پر غالب آ جائے ۳۶۶- ۴۲۲ تا ۴۲۵- ۵۲۲- ۵۴۳-۵۴۵

ذ

ذکر
— ذکر بمعنی نصیحت ۲۱۰- ۲۳۴- ۲۳۶- ۲۳۸- ۲۳۹-۵۸۰
— ذکر بمعنی وحی ربانی ۲۳۶
— ذکر بمعنی قرآن ۲۱۰-۳۱۳

— ذکر بمعنی یادالٰہی ۲۱۰-۳۱۳
— ذکر بمعنی نماز اور خطبہ جمعہ ۴۹۲-۴۹۵
— مال واولاد کی محبت اللہ کے ذکر سے غافل کرنے والی چیز ہے ۵۲۱-۵۲۲
— ذکر الٰہی سے غفلت اصل خسارہ ہے ۵۲۲
— ذکر الٰہی سے روگردانی کرنے والوں کو ان کے حال پر چھوڑ دینے کا حکم ۲۱۰
— کثرت سے اللہ کا ذکر کرنے والوں کو فلاح نصیب ہوتی ہے ۴۹۷-۴۹۸
— ذکر الٰہی ہر حال میں کرتے رہنا چاہیے ۴۹۷-۴۹۸
— ذکر بعد نماز کی اہمیت اور مقصد ۱۲۶

ر

رب
— رب عظیم ۲۹۰-۲۹۶
— رب ذوالجلال والاکرام ۲۶۱-۲۷۲
— رب بمعنی آقا و مالک ۲۲۰
— انسانوں کا رب ۳۰۷-۳۱۵-۴۲۲-۵۲۲-۵۲۳
— وہ بڑا رؤف ورحیم ہے ۴۰۳
— وہ بڑا دانا اور زبردست ہے ۴۳۰
— وہ مشرق اور مغرب کا رب ہے ۲۵۶
— وہی جانتا ہے کہ کون راہ راست پر ہے اور کون بھٹک گیا ہے ۲۱۱
— ہر چیز فنا ہو جائے گی مگر اس کی ذات باقی رہے گی ۲۶۰
— زمین و آسمان کی تمام مخلوقات اسی سے اپنی حاجات طلب کرتی ہیں ۲۶۱
— وہ ہر آن نئی شان میں ہوتا ہے ۲۶۱
— رب اور اس کے رسولوں کے احکام سے روگردانی کرنے والوں کا انجام ۵۸۰
— زندگی بعد موت کے برحق ہونے پر اس کی قسم ۵۳۴
— اس کے حضور پیش ہونے کا خوف رکھنے والوں کے لیے انعامات ۲۶۶
(مزید تفصیل کے لیے دیکھو ''اللہ'' اور ''الٰہ'')

رحم
— معنی وتشریح ۲۷
— صلہ رحمی کی تعریف اور قطع رحمی کی حرمت ۲۶-۲۷

رحمت
— روز قیامت مومنین پر اللہ کی رحمت ہوگی ۳۱۱
— اللہ کی رحمت کا دوہرا حصہ کن لوگوں کو ملے گا ۳۳۳

رزق
— رزق کا مفہوم ۱۴۳
— اللہ نے بندوں کے رزق کا بہترین انتظام کیا ہے ۱۱۳
— اللہ خود ہی تمام مخلوق کا رازق ہے ۱۵۵-۱۵۶
— اللہ انسانوں اور جانوروں کے رزق کے لیے غلہ اور چارہ اگاتا ہے ۲۵۲-۲۵۳
— تمام انسانوں کا رزق آسمانوں میں ہے ۱۴۳
— جو کوئی اللہ سے تقویٰ اختیار کرتا ہے، اللہ اس کے لیے ایسے راستہ سے رزق کا انتظام کرتا ہے جدھر اس کا گمان بھی نہیں جاتا ۵۶۷

رسالت، رسول
— دیکھو ''نبوت''

روزہ

— کفارہ ظہار کے روزوں کے لیے ''قانون اسلام، قانون نکاح وطلاق''

رہبانیت-۳۲۴ تا ۳۳۳

— اس کا اللہ نے حکم نہیں دیا بلکہ وہ بدعت ہے ۳۲۴

— اسلام میں اس کی گنجایش نہیں ۳۲۴-۳۲۵

— امت مسلمہ کی روحانی ترقی کا راستہ جہاد فی سبیل اللہ ہے ۳۲۴-۳۲۵

— عیسائیوں میں رہبانیت کی تاریخ اور اس کا ارتقاء ۳۲۵ تا ۳۳۳

— اس کے آغاز کا اسباب ۳۲۷-۳۲۸

— وہ ایک انتہا پسندی ہے ۳۲۶

— وہ یونانی افکار کا نتیجہ تھی ۳۲۱

— اس کے بڑے بڑے آئمہ ۳۲۶

— اس کا آغاز مصر سے ہوا ۳۲۷

— رہبانیت کی خصوصیات ۳۲۷ تا ۳۳۳

— گندگی رہبانیت کا ایک حصہ سمجھی جاتی تھی ۳۲۸

— اس نے تمام رشتے کاٹ کر رکھ دیے ۳۳۰-۳۳۱

— اس نے ازدواجی زندگی کی بالکل نفی کر دی ۳۲۸-۳۲۹

— اس میں رشتہ داروں سے محبت کو گناہ سمجھا جاتا ہے ۳۳۱

— اس میں قریبی رشتہ داروں پر ظلم کرنا بہت بڑی نیکی ہے ۳۳۱

— ترک دنیا کے پردے میں راہب کس طرح دنیا سمیٹنے لگے ۳۳۲

— رہبانیت فطرت سے لڑائی ہے اس لیے اس نے بری طرح شکست کھائی ۳۳۲

## ز

زکوٰۃ

— زکوٰۃ ادا کرنے کا حکم ۲۶۳

— زکوٰۃ دینے کے بعد بھی آدمی کے مال میں خدا اور بندوں کا حق رہتا ہے ۱۳۹

— زکوٰۃ کی یہ اہمیت کہ جو گروہ اس سے انکار کرے اس سے جنگ کی جا سکتی ہے ۷۳-۷۴

(نیز دیکھو ''صدقہ'' اور ''انفاق فی سبیل اللہ'')

زمین

— اس کی تخلیق اور اس کے معاملات کی تدبیر میں اللہ تعالیٰ کی قدرت کے کرشمے ۱۱۰ تا ۱۱۴-۱۲۴-۱۴۰-۱۴۱-۱۵۰-۱۵۱-۳۰۳-۳۰۴-۳۱۴-۵۸۱ تا ۵۸۳

— اللہ نے اس کو بچھایا اور اس پر پہاڑ جمائے ۱۱۰-۱۱۲

— اللہ نے اس کو بچھایا اور ہموار کیا ۱۵۱

— اللہ نے اسے ہر قسم کی مخلوقات کے لیے بنایا ۲۵۲

— زمین کے علاوہ دوسرے سیاروں میں بھی مخلوقات موجود ہیں ۵۸۱ تا ۵۸۳

— زمین میں سمندر کس طرح انسانوں کے لیے نعمت ہیں ۲۵۹-۲۶۰

— زمین اور آسمانوں کے درمیان اللہ کا حکم جاری ہوتا ہے ۵۸۱-۵۸۲

— زمین پر پانی کے دو ذخیروں کی الگ الگ

خاصیتیں اور فوائد ہیں ۲۵۹
— زمین انسان کے جسم میں سے جو کچھ کھاتی ہے اللہ کے پاس اس کا پورا ریکارڈ موجود ہے ۱۰۹

زنا
— اس کی حرمت ۴۴۵

زندگی بعد موت
— اس کا مقصد ۵۳۴ تا ۵۳۶
— اس کے عقلی و نقلی دلائل ۱۰۸-۱۰۹-۱۱۳-۱۱۴-۱۲۷-۱۲۸-۲۲۰-۲۲۱-۲۸۵
— وہ ایک یقینی امر ہے ۱۲۷- ۲۸۳ تا ۲۸۵-۳۵۶-۵۳۴
— اس کے وقوع پر اللہ کی قسم ۵۳۴
— موت کے بعد پھر زندہ کرنا اللہ کا ذمہ ہے ۲۲۰-۲۲۱
— انسان دنیا میں شتر بے مہار بنا کر نہیں چھوڑا گیا ہے بلکہ اسے ایک دن اپنے خالق کے سامنے پیش ہونا ہے ۵۳۱
— دوسری زندگی میں لوگوں کو ان کے اعمال سے باخبر کر دیا جائے گا ۵۳۵
— جواب دہی کو موت کے بعد دوسری زندگی تک کیوں مؤخر کیا گیا ہے اور موجودہ زندگی میں وہ کیوں نہیں ہو سکتی؟ ۵۳۱
(مزید تفصیل کے لیے دیکھو ''آخرت''، ''حشر'' اور ''قیامت'')

## س

سارہ
— حضرت ابراہیمؑ کی بیوی، حضرت اسحاق علیہ السلام کی والدہ اور حضرت یعقوب علیہ السلام کی دادی ۱۴۵
— وہ بانجھ تھیں اور نوے سال کی عمر میں اللہ نے ان کے ہاں بچہ پیدا کیا ۱۴۴-۱۴۵
— بیٹے کی بشارت پر ان کا تعجب ۱۴۵

ساعت
— دیکھو ''قیامت''

سجدہ
— اللہ کے آگے سجدہ کرنے کا حکم ۲۲۳
— سب سے پہلی سورت جس میں سجدۂ تلاوت کی آیت نازل ہوئی ۱۸۸
— سجدۂ تلاوت ۲۲۳-۲۲۴
— سورۂ نجم سن کر کفار کا بے ساختہ سجدے میں گر جانا ۱۸۸-۲۲۴
— اللہ کے سامنے کائنات کی ہر چیز سجدہ ریز ہے ۲۵۰

سدرۃ المنتہیٰ
— اس کی حقیقت ۲۰۰

سکینت
— اس کے مختلف مفہوم ۴۵-۵۶-۶۱
— اللہ مومنوں کے دلوں میں سکینت نازل فرماتا ہے ۴۵-۵۶-۶۱

سلام
— سلام کا مطلب ۱۲۳-۱۴۴
— سلام بمعنی کلام سلیم ۲۸۰-۲۸۱
— حضرت ابراہیمؑ اور فرشتوں کا ایک دوسرے کو سلام کرنا ۱۴۴
— اصحاب یمین کے لیے سلام ۲۹۵

سود

— سود خوری میں یہودیوں کی مثال نہیں ملتی ۳۷۴

# ش

شرک

— اس کے معنی ۲۶۲
— اس کی ممانعت ۱۵۲-۴۴۵
— وہ ایک باطل اور بے اصل چیز ہے ۱۸۲-۱۸۳-۱۹۰
— ہر مشرک خدا کی کسی نہ کسی صفت کا منکر ہے ۲۶۲
— مشرکین نے محض گمان کی بنیاد پر کچھ معبود گھڑ لیے ہیں ۱۹۰-۲۰۸
— مشرکین خواہشات نفس کے پیرو ہوتے ہیں ۲۰۸
— مشرکین باپ دادا کے اندھے مقلد ہیں ۲۰۸
— اللہ کے ساتھ دوسروں کو شریک ٹھیرانا احسان فراموشی ہے ۲۵۵
— اللہ شرک سے پاک ہے ۱۸۲-۱۸۳-۴۱۵-۴۱۶
— مشرکین کا انجام بد ۴۷
— مشرکین کی حماقتوں پر طنز ۱۷۹-۱۸۰
— مشرکین عرب اللہ کے لیے بیٹیاں تجویز کرتے تھے ۱۸۰-۲۰۶
— مشرکین کو دین حق کا قیام ناگوار گزرتا ہے ۴۷۷
— مشرکین برائی کے پھیر میں خود ہی پھنس گئے ہیں ۴۷

شریعت

— دیکھو ''اصول فقہ'' اور ''قانون اسلام''

شفاعت

— شفاعت وہی کر سکتا ہے جس کو اللہ اجازت دے اور اسی کے حق میں کر سکتا ہے جس کے لیے اللہ اجازت دے ۲۰۹
— کسی کا یہ زور نہیں کہ وہ اپنے بل بوتے پر اللہ سے اپنی شفاعت منوا سکے ۴۲۹
— منافقین کے حق میں پیغمبر کی شفاعت بھی قابل قبول نہیں ۵۲۰
— تمام ملائکہ مل کر بھی سفارش کریں تو مجرمین کو عذاب سے نہیں بچا سکتے ۲۰۹

شک

— اہل ایمان کی صفت یہ ہے کہ تمام شکوک سے پاک ہو کر وہ دین پر پوری طرح مطمئن ہوتے ہیں ۱۰۱
— شک کرنے والے اور شک پیدا کرنے والے کافر ہیں ۱۰۱-۱۱۹
— منافقین کی ایک صفت یہ ہے کہ وہ دین کے معاملہ میں شک میں پڑے رہتے ہیں ۳۱۲
— حضرت لوط علیہ السلام کی قوم نے ان کی تنبیہات کو مشکوک سمجھ کر جھٹلایا ۲۳۸
— شک کرنے والوں کا انجام ۱۳۵_۲۲۲-۲۳۸-۲۳۹-۳۱۲-۳۱۳

شہید

— لفظ شہید کے معنی ۳۱۶ تا ۳۱۸
— اللہ شہیدوں کی قربانیاں رائیگاں نہیں جانے دیتا ۱۸-۱۹
— اللہ شہداء کو جنت میں داخل فرمائے گا جس سے

وہ پہلے ہی انھیں واقف کر چکا ہے ۱۹
— شہداء کی روحیں جنت الماویٰ میں رکھی جاتی ہیں ۲۰۱
— اہل ایمان کو شہید کیا گیا ۳۱۵
— شہید بمعنی گواہ ۶۲-۳۵۶-۴۰۶

## شیطان

— وہ بڑا دھوکا باز ہے ۳۱۳
— وہ کفار کا ساتھی ہے اور انھیں مسلسل گمراہ کرتا رہتا ہے ۱۲۰
— ہدایت سے منہ موڑنے والوں کو وہ اپنے دام میں پھانس لیتا ہے ۲۷-۳۶۵
— وہ اپنے پیرووں پر مسلط ہو جاتا ہے اور اللہ کی یاد ان کے دل سے مٹا دیتا ہے ۳۶۵
— وہ جھوٹی توقعات کا سلسلہ دراز کرتا ہے اور واضح ہدایت سے پھر جانے والوں کی روش کو ان کے لیے سہل بنا دیتا ہے ۲۷
— وہ انسان کو گمراہ کرنے کے لیے اللہ کے معاملے میں دھوکا دیتا ہے ۳۱۳
— وہ پیغمبر کو دھوکا نہیں دے سکتا ۲۰۰
— شیطان کی پارٹی کون سی ہے اور وہی خسارے میں رہ جانے والی ہے ۳۶۵
— وہ پہلے تو انسان کو کفر پر آمادہ کرتا ہے اور پھر اپنا دامن جھاڑ کر بری الذمہ ہو جاتا ہے ۴۰۸-۴۰۹
— قیامت کے روز بارگاہ ربانی میں اس کا عذر ۱۱۹-۱۲۰
— وہ اور اس کے پیرو ہمیشہ جہنم میں رہیں گے ۴۰۹

# ص

## صالح، علیہ السلام

— ان کے ساتھ قوم ثمود کا رویہ ۲۳۶-۲۳۷
— ثمود نے ان کی تکذیب اس بنا پر کی کہ ایک بشر بھلا کیسے پیغمبر ہو سکتا ہے ۲۳۶
— ان کی اونٹنی قوم ثمود کے لیے ایک آزمایش تھی - ۲۳۷

## صحابہ کرامؓ

— اسلام کے لیے ان کی سچی جاں نثاریاں ۳۴-۳۵-۳۸-۲۴۵-۴۰۷-۴۰۸
— ان کا اخلاص فی الایمان ۳۶۷
— رسول اکرمؐ سے ان کی انتہائی عقیدت جس نے دشمنوں کو مرعوب کر دیا ۳۷-۴۰۷
— ان کا انتہائی نظم و ضبط جو اسلام کی کامیابی کا ذریعہ بنا ۳۷-۴۵-۴۶-۶۱
— ان کے اوصاف حمیدہ پر اللہ تعالیٰ کی شہادت ۶۳ تا ۶۵-۳۶۶-۳۶۷
— ان کے اوصاف تورات اور انجیل میں ۶۳ تا ۶۵
— اصحاب بدر کی بخشش اور اس کا مطلب ۴۲۳-۴۲۷
— اصحاب بیعت رضوان کو اللہ تعالیٰ نے سند خوش نودی عطا کی ۵۵
— ان کے لیے مغفرت اور بڑا اجر ہے ۶۵
— اللہ ان سے راضی ہوا اور وہ اللہ سے راضی ہوئے ۳۶۷
— وہ اللہ کی پارٹی کے لوگ ہیں اور اللہ کی پارٹی ہی فلاح پائے گی ۳۶۷

— وہ دنیا پر آخرت کو ترجیح دیتے تھے ۵۰۳-۵۰۴
— ان کو جنت کی بشارت ۳۶۷
— ان کے باہمی تعلقات کیسے تھے ۴۰۴
— ان کی تربیت کس طرح کی گئی تھی ۵۰۴
— ان کی ہجرت کا اصل مقصد کیا تھا ۴۲۲
— مہاجرین صحابہؓ کی مدح ۳۹۴-۳۹۵
— انصار صحابہؓ کی تعریف ۳۹۵
— مہاجرین اور انصار کی مشترکہ مدح ۴۰۳
— انصار کے ایثار کی مثالیں ۳۹۵-۳۹۶
— ان لوگوں کو غلطی جو بعض صحابہؓ کو مومن اور بعض کو غیر مومن قرار دیتے ہیں ۶۵
— صحابہ کرامؓ بشری کمزوریوں سے مبرا نہ تھے ۴۲۵-۴۲۶-۵۰۳-۵۰۴
— وہ کوئی فوق البشر مخلوق نہ تھے ۵۰۴
— ان سے بغض رکھنے اور ان پر سب وشتم کرنے والے قرآن کی مخالفت کرتے ہیں ۴۰۴-۴۰۵-۵۰۳
— ان کی عقیدت میں غلو کرنا بھی درست نہیں ۵۰۳-۵۰۴
— اس معاملہ میں صحیح مسلک کیا ہے؟ ۵۰۴
— ان کی مغفرت کا تذکرہ بھی قرآن وحدیث میں موجود ہے اور ان کی لغزشوں کے واقعات بھی قرآن اور حدیث دونوں میں بیان کیے گئے ہیں ۵۰۳-۵۰۴
— بعض آئمہ کی رائے کہ صحابہ کرامؓ کی شان میں گستاخی کرنے والوں کا فے میں حصہ نہیں ہے ۴۰۵

## صدقہ

— اس کا مفہوم ۳۱۵
— زکوٰۃ کی ادائیگی کے علاوہ بھی مال میں سے انفاق فی سبیل اللہ صدقہ ہے ۱۳۹-۱۴۰
— نجویٰ پر صدقہ کا حکم اور بعد میں اس کی تنسیخ ۳۶۲ تا ۳۶۴
— صدقہ دینے والے مومن مردوں اور عورتوں سے اجر کا وعدہ ۳۱۵

## صدیق

— معنی اور تشریح ۳۱۶
— اہل ایمان صدیقین ہیں ۳۱۵

## صلح حدیبیہ

— حدیبیہ کی مہم کیسے اور کن حالات میں ہوئی ۳۴ تا ۳۸-۵۷
— اس مہم میں کس قدر عظیم مصلحتیں پوشیدہ تھیں ۳۵-۳۶-۴۰ تا ۴۳-۵۷
— آغاز سفر ہی میں مومن ومنافق کا فرق کھل گیا تھا ۳۴-۳۵
— مسلمانوں کو اشتعال دلانے کے لیے قریش کی کوششیں ۳۶-۳۷
— بیعت رضوان کن حالات میں ہوئی ۳۸-۴۹-۵۵
— اس بیعت کی اہمیت ۴۹-۵۵-۵۶
— یہ بیعت صحابہؓ کے اخلاص اور جذبہ ایمانی کا صریح ثبوت تھی ۳۸
— یہ بیعت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے سے دراصل اللہ کے ساتھ ہو رہی تھی ۴۹
— بیعت میں شامل ہونے والے صحابہ کرامؓ کو خود اللہ نے سند خوشنودی عطا فرمائی - ۵۵

— اصحاب حدیبیہ پر کیسی سکینت نازل فرمائی گئی اور وہ کس طرح فتح کا ذریعہ بنی ۴۵-۴۶-۵۶-۶۱
— ان لوگوں کی غلطی جو حدیبیہ کی مہم میں شریک ہونے والے صحابہؓ پر الزام لگاتے ہیں کہ وہ بعد میں بے وفا ہوگئے تھے ۵۵
— صلح کی شرائط ۳۸-۳۹
— شرائط صلح پر صحابہ کرام کی بے چینی ۳۹-۴۰
— اس صلح نے کس طرح اسلام کی انقلاب انگیز فتح کا دروازہ کھولا ۴۰ تا ۴۳-۵۲
— اللہ تعالیٰ نے اس صلح کو ''کھلی'' اور ''بے مثل'' فتح قرار دیا ۴۳-۴۵-۵۶-۶۲
— اس کو فتح کا ذریعہ بنانا سراسر اللہ کا فضل تھا ۴۳ تا ۴۵
— صلح حدیبیہ کی یہ شرط کہ اہل مکہ میں سے جو مسلمان ہوکر مدینہ جائے گا اسے واپس کیا جائے گا اور مدینہ سے جو کافر ہوکر مکہ جائے گا اسے واپس نہ کیا جائے گا ۴۳۴
— اس شرط کے الفاظ و معانی کی مفصل تحقیق ۴۳۴ تا ۴۳۶
— صلح نامہ کے الفاظ میں عورتوں کے مستثنیٰ ہونے کی صریح گنجایش موجود تھی ۴۳۵
— حدیبیہ کی مہم کے موقع پر منافقین کا طرز عمل ۳۴-۳۵-۴۷-۵۰-۵۱
— اس موقع پر مسلمان عورتوں نے کیسے صبر کا مظاہرہ کیا ۴۶-۴۷
— یہ بحث کہ بیعت رضوان کس درخت کے نیچے ہوئی اور کیا حضرت عمرؓ نے اسے بعد میں کٹوا دیا؟ ۵۵-۵۶
— صلح حدیبیہ کے بعد اللہ کی طرف سے مسلسل فتوحات کی بشارت ۵۶-۵۷
— اللہ نے کس مصلحت کے تحت حدیبیہ کے موقع پر جنگ نہ ہونے دی؟ ۵۶-۵۸-۵۹
— اگر اس موقع پر جنگ ہوتی تو مسلمان یقیناً غالب آتے ۵۷-۵۸
— کفار مکہ کا یہ جرم بہت بڑا تھا کہ انھوں نے محض حمیت جاہلیہ کی وجہ سے مسلمانوں کو عمرہ نہ کرنے دیا اس جرم پر وہ سزا کے مستحق تھے ۵۸-۶۰
— اس مہم پر جانے کے لیے اللہ نے اپنے رسول پاک کو خواب میں ہدایت فرمائی تھی ۶۰-۶۱
— اللہ کا یہ فیصلہ کہ فتح خیبر کی مہم میں صرف ان لوگوں کو شریک کیا جائے گا جنھوں نے حدیبیہ کی مہم میں حضورؐ کا ساتھ دیا تھا ۵۲-۵۶
— کفار مکہ نے جب صلح حدیبیہ کی شرائط توڑ دیں تب حضور اکرمؐ نے مکہ پر حملے کی تیاری کی ۴۲۲

**صلوٰۃ**

— دیکھو ''نماز''

**صور**

— وہ قیامت کے وقت پھونکا جائے گا ۱۱۷
— اس کی آواز پوری روئے زمین پر ہر شخص سن لے گا ۱۲۵-۱۲۷


## ض


**ضلالت**

— گمراہی کی اصل بنیاد ۲۶۵-۲۶۶
— کسی شخص یا قوم کی گمراہی کا آغاز اللہ تعالیٰ کی طرف سے نہیں بلکہ خود اس کی اور شیطان کی

طرف سے ہوتا ہے ۴۵۷
— جو کوئی گمراہی کا راستہ اختیار کرے اللہ اس کے لیے گمراہی کے اسباب اور اس کی توفیق فراہم کر دیتا ہے ۴۵۷-۴۵۸
— قرآن گمراہی کی ذمہ داری انسان پر ڈالتا ہے ۳۱۴-۳۲۳-۵۲۷ تا ۵۲۹
— اللہ جانتا ہے کہ کون گمراہ ہے ۲۱۱
— اللہ کی طرف سے ضلالت دور کرنے کا مطلب ۱۰ (مزید تفصیل کے لیے دیکھو ''تقدیر'' اور ''ہدایت'')
— نافرمان اور گمراہ انسان زمین کا بوجھ ہیں ۲۶۲
— علم کے بغیر گمان کی پیروی کرنا اہم ترین اسباب ضلالت میں سے ہے ۲۰۹-۲۱۰
— اسباب ضلالت ۹-۱۰-۱۹-۲۰-۲۱-۲۳-۲۷-۲۸-۲۹-۱۱۹-۱۲۰-۱۳۵-۱۷۹-۲۰۸-۲۱۰-۲۳۱-۲۳۸-۲۴۰-۲۸۳-۲۸۴-۳۱۲-۳۱۳-۳۶۴-۴۰۷-۴۱۰-۴۱۱-۴۲۲-۴۲۴-۵۲۵-۵۲۶-۵۳۲ تا ۵۳۶
— رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے پہلے اہل عرب گمراہی میں مبتلا تھے ۴۸۷-۴۸۸
— گمراہ لوگوں (اہل ضلالت) کا انجام ۲۹۵-۲۹۶
— گمراہ قوموں کا یہ مشترک وصف ہے کہ وہ سب سرکش تھیں ۱۵۲-۱۵۳

## ط

**طاغوت**
— طاغوت سے کفر کرنا ایمان کا فطری لازمہ ہے ۴۲۸

**طلاق**
— دیکھو ''قانون اسلام، قانون نکاح وطلاق''

**طور**
— آخرت کے برحق ہونے پر طور کی قسم ۱۶۲

## ظ

**ظلم**
— ظلم سے کیا مراد ہے ۱۵۶-۱۵۷
— ظلم کی بنیادی وجہ ۳۰۱-۳۰۲
— سب سے بڑا ظالم کون ہے ۴۷۶
— توحید، رسالت اور آخرت کا انکار ظلم ہے ۱۵۷
— ظالمین کون لوگ ہیں ۱۵۶-۱۵۷-۴۳۲-۴۳۳-۴۸۹-۴۹۱
— دوسروں کا مذاق اڑانا اور ان کے برے نام رکھنا اور ان پر طعن کرنا ظلم ہے ۸۵
— ظالمین کے لیے عذاب جہنم ۱۵۶-۴۰۹
— اللہ تعالیٰ ظالمین کو ہدایت نہیں دیتا ۴۷۶-۴۸۹
— قرآن ظالم ومظلوم کے درمیان کس قسم کی صلح کروانا چاہتا ہے ۷۸
— ظالم کے خلاف مظلوم کی عملی مدد کرنا فتنہ برپا کرنا نہیں ہے ۷۷

**ظہار**
— دیکھو ''قانون اسلام، قانون نکاح وطلاق''

## ع

**عاد**
— عاد اولیٰ ۲۲۱
— وہ حضرت ابراہیمؑ سے پہلے گزر چکے تھے ۲۲۲
— انھوں نے پیغمبروں کو جھٹلایا ۱۱۴-۲۳۵
— انھوں نے زندگی بعد موت کا انکار کیا ۱۱۴-۲۳۵

— ان پر عذاب کی کیفیت ۱۴۹-۲۳۵-۲۳۶

## عبادت

— عبادت کی اقسام ۲۱۸
— عبادت کا مفہوم ۱۵۵
— اللہ کے سوا کوئی عبادت کا مستحق نہیں ۲۴
— اللہ کی عبادت کا حکم ۲۲۳
— اللہ ہی کی عبادت کیوں؟ ۱۵۵
— انسان کو اللہ نے اپنی عبادت کے لیے پیدا کیا ہے ۱۵۵
— عبادت بمعنی بندگی و اطاعت پرستش ۱۵۶-۱۵۷-۲۲۳-۲۵۰
— کن عبادات میں نیابت چل سکتی ہے اور کن میں نہیں چل سکتی ۲۱۸-۲۱۹

## عبداللہ بن ابی

— ہجرت سے پہلے اوس اور خزرج اسے بادشاہ بنانے پر رضامند ہو گئے تھے ۵۰۸-۵۰۹
— وہ مدینے میں اسلام کے پھیل جانے سے مجبور ہو کر مسلمان ہو گیا ۵۰۹
— اس کی شاندار شخصیت ۵۱۸
— اس کی منافقت کا پہلا ظہور ۵۰۹
— اس نے بنونضیر کو رسول اکرمؐ کے الٹی میٹم کے جواب میں ڈٹ جانے کی شہ دی ۳۷۸-۳۷۹-۵۰۹-۵۱۰
— غزوۂ بنی المصطلق کے موقع پر اس نے کس طرح فتنہ برپا کرنے کی کوشش کی ۵۱۱ تا ۵۱۴
— اس نے انصار سے کہا کہ تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور مہاجرین کی مدد بند کر دو تو یہ چلتے پھرتے نظر آئیں گے ۵۱۲-۵۱۳-۵۲۱
— اس نے کہا کہ مدینے سے عزت والا ذلیل کو باہر نکال دے گا ۵۱۲-۵۱۳-۵۲۱
— اس کی حضور اکرمؐ سے بدتمیزی ۵۰۹
— جنگ احد میں اس کی غداری ۵۰۹-۵۱۰
— اس کی منافقانہ حرکتوں کی وجہ سے مدینہ میں علانیہ اس کی تذلیل ہوئی ۵۱۰-۵۱۴
— اس کی اسلام دشمنی اور فتنہ پردازی ۵۱۰-۵۱۲-۵۱۳
— حضرت عمرؓ نے اسے قتل کرنے کی اجازت طلب کی تھی ۵۱۳
— وہ کیا مصالح تھے جن کی بنا پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان غداروں اور منافقوں کے ساتھ چشم پوشی کا معاملہ فرما رہے تھے ۵۱۰

## عبداللہ بن عبداللہ بن ابی

— وہ سب سے بڑے منافق کے بیٹے ہونے کے باوجود صادق الایمان تھے اور انھوں نے حضورؐ سے عرض کیا تھا کہ میرے باپ کو قتل کرنا ہو تو مجھے اس کا حکم دیا جائے ۵۱۴

## عثمان غنیؓ

— حدیبیہ کی مہم میں حضورؐ نے ان کو صلح کی بات چیت کے لیے ایلچی بنا کر مکہ بھیجا تھا ۳۷
— ان کو یہ شرف حاصل ہوا کہ بیعت رضوان کے موقع پر حضورؐ نے خود ان کی طرف سے بیعت فرمائی ۴۹

## عدت

— دیکھو "قانون اسلام، قانون نکاح وطلاق"

## عدل

— عدل کی اہمیت اور اس کی تاکید ۲۵۱-۳۱۹
— پوری کائنات عدل پر قائم کی گئی ہے ۲۵۱-۵۳۰-۵۳۱

— اللہ تعالیٰ عدل کرنے والوں سے محبت کرتا ہے ۴۲۲-۴۳۲

— حقیقی عدل صرف آخرت میں اور اللہ تعالیٰ ہی کی عدالت میں ہوسکتا ہے ۵۳۲

(مزید تفصیل کے لیے دیکھو ''انصاف'')

## عذاب

— خدا کے عذاب کے مستحق کیسے لوگ ہیں ۱۹-۲۰-۲۸-۵۳-۵۴-۱۱۴-۱۱۹-۱۴۷-۱۵۰-۱۵۲-۱۶۶-۲۲۱-۲۳۶-۲۳۷-۲۳۸-۲۴۰-۲۶۵-۲۸۲-۳۵۵-۳۵۶-۴۰۸-۴۵۷-۵۲۵-۵۳۲-۵۸۰

— گمراہ قوموں کی ہلاکت ۱۲۴-۲۳۳ تا ۲۳۹-۵۳۲

— قوم نوح پر عذاب ۲۳۳

— قوم عاد پر عذاب ۲۳۶

— قوم ثمود پر عذاب ۲۳۶-۲۳۸

— قوم لوط پر عذاب ۱۴۶-۲۳۹

— فرعون و آل فرعون پر عذاب ۲۳۹

— عذاب کے لیے مختلف الفاظ کا استعمال ۱۵۰

— عذاب سموم ۱۷۱

— خدا کے عذاب سے ظالموں کو بچانے والا کوئی نہیں ۲۱-۱۲۴-۱۵۶

— بدی سے روکنے والا عنصر جب تک کسی قوم میں کام کرتا رہتا ہے اس وقت تک اللہ اس قوم کو مہلت دیتا ہے ۱۴۶

— دنیا میں نزول عذاب کا قانون ۱۱۴-۱۴۷-۲۳۳-۲۳۵-۲۳۷-۲۳۹-۵۳۲-۵۸۰

— دنیوی عذابوں سے آخرت پر قرآن کا استدلال ۲۰-۲۱-۱۲۴-۱۴۶-۱۴۷-۱۵۰-۲۳۱-۲۳۲-۲۳۴-۲۳۶-۲۳۷-۲۴۱-۲۴۲-۵۳۲-۵۳۳-۵۸۰

— دنیا میں نزول عذاب کی مختلف شکلیں ۱۴۶-۱۴۸-۱۴۹-۱۵۰-۲۲۱-۲۲۲-۲۳۲-۲۳۵-۲۳۶-۲۳۷-۲۳۸-۲۳۹

— اللہ کا قانون مکافات اس وقت تک کسی قوم کی کامل تباہی کا فیصلہ نہیں کرتا جب تک اس میں کچھ بھی قابل لحاظ بھلائی موجود ہو ۱۴۷

— قوموں پر آئے ہوئے عذاب دوسروں کے لیے تنبیہ اور سامان عبرت ہیں ۱۲۴-۲۲۲-۲۲۳-۲۳۲

— قوموں کے دردناک انجام عبرت اور نصیحت کے مقصد کو بدرجہ اتم پورا کرتے ہیں ۲۳۲

— عذاب پانے والی قوموں کے لیے انجام کار گھاٹا ہی گھاٹا ہے ۵۸۰

— جن قوموں پر دنیا میں عذاب آئے انھوں نے یہاں اپنی شامت اعمال کا مزہ چکھ لیا اور ان کے لیے آگے آخرت میں مزید دردناک عذاب ہے ۵۳۲-۵۳۳-۵۸۰

— آخرت کے عذاب کا قانون ۴۷-۵۱-۱۵۶-۱۵۷-۱۶۷-۱۸۳-۲۴۰-۲۶۵-۲۸۲ تا ۲۸۴-۳۱۲-۳۵۵-۳۵۶-۴۱۰

— مجرمین کے لیے دردناک عذاب ہے ۱۱۹-۱۲۱-۱۳۵-۱۳۶-۱۶۶-۱۶۷-۲۴۰-۲۶۴-۲۶۵-۲۸۲-۲۸۴-۳۵۵-۳۵۶-۳۸۴-

۵۳۲-۵۳۸-۵۳۹-۵۴۰-۵۴۱-۵۷۹
— معذب قوم کے صالح عنصر کو اللہ اپنے فضل سے ضرور بچالیتا ہے ۱۴۶-۲۳۸
— آخرت کے عذاب کی کیفیت (دیکھو ''جہنم، اس کی کیفیت'')
— منافقین کے لیے عذاب قیامت کا ذکر ۳۱۲-۳۱۳-۳۵۹-۳۶۵-۴۰۸-۴۰۹-۵۲۰
— منافقین دائماً جہنم میں رہیں گے ۳۶۵-۴۰۹
— یہود کے لیے دنیا و آخرت میں عذاب ہے ۳۸۴-۴۰۸
— عذاب سے بچنے کا طریقہ ۴۷۷-۴۷۸
— برائی سے مجتنب رہ کر اصلاح کی کوشش کرنے والے عذاب سے بچ جاتے ہیں ۱۴۶-۱۴۷
— عذاب سے کوئی کسی کو نہیں بچا سکتا ۲۱-۱۲۴-۱۵۶
— اللہ کا عذاب (آخرت) ضرور واقع ہوگا اور کوئی اسے روکنے والا نہیں ۱۶۳
— ایصال ثواب ممکن ہے لیکن ایصال عذاب ممکن نہیں ہے ۲۱۷

## عذاب قبر

— دیکھو ''برزخ''

## عزیٰ

— قریش کی خاص دیوی ۲۰۶-۲۰۷
(مزید تفصیل کے لیے دیکھو ''بت پرستی'')

## عرب

— حضورؐ کی بعثت سے پہلے عہد جاہلیت میں اہل عرب کا حال ۲۶-۲۷-۴۳-۷۴-۴۴۷-۴۸۷-

۴۸۸
(نیز دیکھو ''قریش'')

## عرش

— اللہ کا عرش پر جلوہ فرما ہونا ۳۰۳

## علم

— علم کی نعمت انھی کو ملتی ہے جو قرآن اور ارشادات رسولؐ پر غور کریں اور خدا و رسول کی بات جن کے ذہن نشین ہو جائے ۲۳
— کسی کے پاس علم اور ایمان کی دولت جتنی زیادہ ہو اتنا ہی اس کا درجہ بلند ہوگا ۳۶۲
— صاحب علم ہونا مومنین کی صفت ہے ۲۳
— اللہ نے انسان کو علم قرآن سے نوازا ۲۴۸
— اللہ ہی نے انسان کو علم بیان کی توفیق بخشی ۲۴۸ تا ۲۵۰

## علم غیب

— اللہ کے سوا کسی کو غیب کا علم نہیں ۱۸۱-۱۸۲-۲۱۳-۴۱۱
(مزید تفصیل کے لیے دیکھو ''اللہ'')

## علی مرتضیٰؓ

— باغیوں کے خلاف ان کی جنگ میں قرآن کے حکم پر مبنی تھی ۷۷
— فقہائے اسلام نے مسلمانوں کی باہمی جنگ اور بغاوت کے متعلق انھی کے اسوہ سے اخذ کیا ہے ۷۸-۸۱-۸۲

## عمر فاروقؓ

— ان کے قبول اسلام کا واقعہ ۲۷۴
— انھوں نے کس بنا پر عراق، شام اور مصر کی مفتوحہ

اراضی کو مال غنیمت قرار نہ دیا اور فے قرار دے کر اجتماعی ملکیت میں رکھا ۳۹۷ تا ۴۰۰
— ان کے عہد میں شوریٰ کا طریقہ ۳۹۹-۴۰۰
— انھوں نے حضور اکرمؐ کو عبداللہ بن ابی کے قتل کا مشورہ دیا تھا ۵۱۳
— صلح حدیبیہ کی شرائط پر ان کا سخت اضطراب ۳۹-۴۰-۴۳
— عورتوں سے اولین بیعت حضورؐ کے حکم سے حضرت عمرؓ ہی نے لی تھی ۴۴۵

عمرہ

— اس کے احکام ۶۱-۶۲
— عمرۃ القضاء ۶۲

عمل صالح

— ایمان اور عمل صالح کا لزوم ۱۰-۲۰-۳۱-۶۵-۵۴۰
— عمل صالح سے مراد کیا ہے ۵۴۰
— اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کے بغیر کوئی عمل عمل خیر نہیں ہے اور نہ کسی اجر کا مستحق ہے ۳۰
— عمل صالح کے بغیر نجات نہیں ہو سکتی ۱۶۹
— وہی عمل عمل صالح ہے جو خالصتاً اللہ کے لیے ہو اور قواعد شریعہ کے مطابق کیا جائے ۲۱۷-۳۹۴-۳۹۵-۴۵۶
— ایمان اور عمل صالح سے تمام پچھلے گناہ جھڑ جاتے ہیں ۵۴۰
(مزید تفصیل کے لیے دیکھو ''ایمان'')

عورت

— عورت کے اوصاف حمیدہ ۲۶۸
— دنیا میں نیک زندگی گزارنے والی عورتوں کے لیے اللہ کی مہربانیاں ۲۸۱ تا ۲۸۳
— عورت کا جہاد کیا ہے ۴۷
— قرآن عام طور پر مردوں اور عورتوں کے ملے جلے ذکر میں مذکر کے صیغے استعمال کرتا ہے اور ان سے مراد صرف مرد ہی نہیں ہوتے ۲۵-۲۶-۴۷-۸۴-۸۵-۳۰۹-۳۱۱-۳۱۵
— عورتوں کی بیعت کا طریقہ اور وہ امور جن پر آنحضورؐ نے ان سے بیعت لی تھی ۴۴۵-۴۴۹-۴۵۰
— حضورؐ کے حکم پر عورتوں سے اولین بیعت حضرت عمرؓ نے لی تھی ۴۴۵
— عورتوں کو کن کن برائیوں سے منع کیا گیا ہے ۴۴۵-۴۴۶-۴۴۷-۴۴۸
— بے حیا اور باحیا عورتوں کا فرق ۲۶۸
— عورت کو اسقاط حمل کی ممانعت خواہ حمل جائز ہو یا ناجائز ۴۴۵-۴۴۶
— عورتوں کو مردوں کی امانتیں محفوظ رکھنے کا حکم ۴۴۸
— عورتوں کو کس قسم کے بہتان گھڑنے کی ممانعت کی گئی ہے ۴۴۵-۴۴۶
— عورتوں کو جنازے پر جانے کی ممانعت، ان پر جمعہ فرض نہیں کیا گیا اور عیدین پر جانے کے لیے کہا گیا ہے ۴۴۸
— جاہلیت کی عورت کن برائیوں میں مبتلا تھی ۴۴۷
— ہجرت کرنے والی عورتوں کے متعلق احکام ۴۳۴

تا ۴۴۴

— طلاق وعدت اور حیض اور طہر کے معاملات میں عورت کا بیان ہی معتبر سمجھا جائے گا ۴۳۶

## عیسیٰ علیہ السلام

— محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے وہ آخری رسول تھے ۳۲۴

— ان کو انجیل عطا کی گئی ۳۲۴

— وہ انتہائی رقیق القلب اور رحیم وشفیق تھے اور ان کے اولین پیروؤں کی سیرت میں بھی یہ صفات تھیں ۳۲۴

— ان کا بنی اسرائیل سے خطاب ۴۵۸

— وہ دین موسیٰ کی تجدید کے لیے بھیجے گئے تھے ۴۵۹

— وہ تورات کی بشارتوں کے مصداق تھے ۴۵۹

— وہ اللہ کے رسول اور تورات کی تصدیق کرنے والے تھے ۴۵۸-۴۵۹

— ان کے کئی برسوں بعد عیسائیوں نے رہبانیت ایجاد کر لی جس کا کوئی حکم انھوں نے نہیں دیا تھا ۳۲۴

— ان کے بعد ان کے پیروؤں نے دین کا حلیہ بگاڑ دیا ۳۲۵ تا ۳۳۲

— ان کی بعثت سے بہت پہلے عبرانی زبان متروک ہو چکی تھی اور وہ آرامی زبان کی فلسطینی شاخ سریانی زبان بولتے تھے ۴۶۳

— ان کی طرف منسوب انجیلیں ان لوگوں نے لکھیں جو یونانی زبان بولتے تھے اور جنھوں نے ان کو کبھی نہ دیکھا تھا ۴۶۳

— ان کے ابن اللہ ہونے کی تردید ۴۷۰

(مزید تفصیل کے لیے دیکھو ''انجیل، انجیل برناباس'')

— انھوں نے حضور اکرمؐ کی آمد کی بشارت دی ۴۶۱ تا ۴۷۵

— انھوں نے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں تورات کی بشارت کی تصدیق کی ۴۵۹-۴۶۰

— ان کی بشارت کے مطابق جب محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت ہوئی تو عیسائیوں اور بنی اسرائیل نے حضورؐ کے دعوائے نبوت کو صریح دھوکہ قرار دیا ۴۷۶

— ان کا اپنے حواریوں سے مدد طلب کرنا ۴۷۹

— ان کی حمایت کے لیے حواریوں کا اعلان ۴۷۹

## عیسائیت

— عیسائیت کی ابتدا کب اور کیسے ہوئی ۴۷۹-۴۸۰

— عیسائیت کا ارتقاء ۳۲۶-۴۷۰

— عیسائیوں میں صالحین بھی تھے جن کو اللہ نے اجر دیا ۳۲۵

— ابتدائی عیسائی بنی اسرائیل کے وہ لوگ تھے جو حضرت عیسیٰؑ پر ایمان لائے ۴۷۹

— اللہ تعالیٰ نے آپ کے ماننے والوں کو منکر یہودیوں پر غلبہ عطا کیا ۴۷۹-۴۸۰

— عیسائیوں اور یہودیوں میں فرق ۴۶۹

— عیسائیوں میں سے اکثر فاسقین ہیں ۳۲۵

— انسان کے پیدائشی گنہگار ہونے کا عقیدہ عیسائیت میں حضرت عیسیٰؑ کے مدت دراز بعد گھڑا گیا ۵۲۷ تا ۵۲۹

— عیسائیوں نے رہبانیت کی پابندیاں اپنے اوپر خود عائد کیں اور ان کا حق بھی ادا نہ کیا ۳۲۴ تا ۳۳۲
(مزید تفصیل کے لیے دیکھو ''رہبانیت'')
— عیسائیوں نے اتوار کو خواہ مخواہ اپنا مذہبی دن بنالیا جس کی کوئی اصلیت نہیں ہے ۴۹۴

## غ

### غزوات

— غزوۂ احد ۴۵۲
— غزوۂ احد کے نتیجہ پر منافقین اور یہود کی خوشیاں ۳۷۸
— غزوۂ بدر۔ دیکھو ''بدر''
— غزوۂ بنی المصطلق ۱۶-۵۱۱ تا ۵۱۴

### غزوۂ بنونضیر

— کب پیش آیا ۳۷۰
— اس پر قرآن کا تبصرہ ۳۸۱ تا ۳۸۶
— بنی نضیر کے سردار کعب بن اشرف کو کن حرکتوں کی وجہ سے حضورؐ نے قتل کروادیا ۳۷۷
— بنی نضیر کی طرف سے حضورؐ کو قتل کرنے کی کوشش ۳۷۸-۳۸۲
— بنی نضیر کو آپؐ کا الٹی میٹم ۳۷۸-۳۷۹
— قرآن کے ایک حکم کی بنا پر بنی نضیر کو الٹی میٹم دیا گیا تھا ۳۸۲
— عبداللہ بن ابی کی شہ پا کر وہ حضورؐ کے الٹی میٹم کے جواب میں ڈٹ گئے ۳۷۹
— انھیں منافقین مدینہ یقین دلاتے تھے کہ ہم تمھارے ساتھ لڑیں گے اور اگر تم نکلے تو ہم بھی ساتھ ہی نکلیں گے لیکن قرآن نے پہلے ہی خبر دے دی تھی کہ وہ کبھی بھی بنونضیر کا ساتھ نہ دیں گے ۴۰۶
— بنی نضیر کو پہلے ہی حملے میں مدینے سے جلاوطن ہونا پڑا ۳۸۱
— بنی نضیر کا اس آسانی سے انخلاء مسلمانوں کے گمان میں بھی نہ تھا ۳۸۱-۳۸۲
— ان کا اخراج اللہ کے حکم سے ہوا ۳۸۲
— بنونضیر کو اللہ نے ایسے رخ سے پکڑا جدھر ان کا خیال بھی نہ گیا تھا ۳۸۲-۳۸۴
— وہ سمجھتے تھے کہ ان کے قلعے اللہ سے ان کو بچالیں گے ۳۸۲-۳۸۳
— ان کے دلوں میں رعب ڈال دیا گیا تھا ۳۸۴
— وہ اگر سیدھی طرح سے نہ نکلتے تو ان کا نام ونشان مٹ جاتا ۳۸۴-۳۸۶
— انھوں نے خود بھی اپنے گھروں کو برباد کیا اور مسلمانوں کے ہاتھوں سے بھی برباد کرایا ۳۸۴
— مسلمانوں نے بنی نضیر کے باغوں میں جو تباہی مچائی وہ اللہ کی اجازت کے تحت تھی اور فساد فی الارض کی تعریف میں نہیں آتی ۳۸۶-۳۸۷
— ان کے اموال انصار کی مرضی سے مہاجرین میں تقسیم کیے گئے، اور صرف تین مستحق انصاریوں کو حصہ دیا گیا ۳۹۵-۳۹۶
— ان کے اخراج میں عبرت کے پہلو کیا ہیں ۳۸۴ تا ۳۸۶
— وہ فاسقین میں سے تھے ۳۸۷
(مزید تفصیل کے لیے دیکھو ''یہود'')

### غلامی

— جنگی قیدیوں سے متعلق اسلامی قانون ۱۲-۱۴-۱۵

— کوئی ایسی لونڈی فروخت نہیں کی جاسکتی جس سے مالک کے ہاں اولاد پیدا ہوچکی ہو ۲۷-۲۸

**غلمان (جنت کے خدمت گار)**

— غلمان جنت کی تشریح ۱۷۰-۱۷۱

**غیب**

— دیکھو ''علم غیب'' اور ''اللہ''

**غیبت**

— غیبت کس چیز کو کہتے ہیں؟ ۹۰
— اس کے متعلق شرعی احکام ۸۷-۹۰ تا ۹۴
— غیبت، بہتان اور چغلی کا فرق ۹۰-۹۳
— غیبت کی حرمت سے کون کون سی صورتیں مستثنیٰ ہیں ۹۱ تا ۹۳
— کون سی شکایت چغلی کے حکم میں نہیں آتی ۵۱۳
— غیبت کس قدر گھناؤنا فعل ہے ۹۷
— جو شخص غیبت کا مرتکب ہو، وہ اس گناہ سے کس طرح پاک ہوسکتا ہے ۹۳-۹۴
— غیبت کے حرام ہونے کی اصل وجہ ۹۴
— ہر مسلمان جس کے سامنے اس کے کسی مسلم بھائی کی غیبت کی جارہی ہو، اس کا فرض ہے کہ اس حرکت سے منع کرے ۹۳
— غیبت بہر حال حرام ہے خواہ اس شخص کو جس کی غیبت کی گئی ہو، کبھی اس کا علم نہ ہوسکے ۹۴

## ف

**فاسق**

— دیکھو ''فسق''

**فرشتہ**

— رسول بمعنی فرشتہ ۱۴۵
— فرشتوں کے فانی مخلوق ہونے کے بارے میں ایک شبہ کا ازالہ ۳۰۳
— انسان کے دائیں بائیں دو فرشتے اس کے تمام اعمال ثبت کررہے ہیں ۱۱۶
— انسان کی زبان سے کوئی لفظ نہیں نکلتا جس کو محفوظ کرنے کے لیے ایک حاضر باش نگران نہ ہو ۱۱۶-۱۱۷
— موت کے وقت فرشتے روحوں کو قبض کرتے ہیں ۲۸
— قیامت کے روز وہ حکم الٰہی سے تمام اجسام انسانی کے منتشر ذروں کو جمع کردیں گے ۱۰۹-۱۱۰
— قیامت کے روز ہر کافر کو ایک فرشتہ ہانک کر بارگاہ ربانی میں پیش کرے گا ۱۱۸
— قیامت کے روز ہر انسان کے اعمال پر فرشتے گواہی دیں گے ۱۱۷
— وہ منکرین حق کو اللہ کے حکم سے اٹھا کر جہنم میں پھینک دیں گے ۱۱۹
— ان کا انسانی شکل میں حضرت ابراہیمؑ کے ہاں جانا ۱۴۴
— گمراہ قوموں پر عذاب نازل کرنے کے لیے ان کا بھیجا جانا ۱۴۵-۱۴۶
— جبریل علیہ السلام کا ذکر ۱۹۹ (مزید دیکھو ''جبریل'')
— کفار نے فرشتوں کو دیویاں قرار دے رکھا تھا ۲۰۹
— فرشتوں کو اللہ کی بیٹیاں قرار دینے والوں کے عقیدے کی تردید ۱۸۰-۱۸۱-۲۰۶
— تمام فرشتے مل کر بھی کسی کافر کو عذاب سے نہ بچا

سکیں گے ۲۰۸-۲۰۹

(مزید تفصیل کے لیے دیکھو ''شفاعت'')

## فرعون

— اس نے موسیٰ علیہ السلام کو جھٹلایا ۱۱۴

— وہ رسالت کا منکر تھا ۱۱۴

— وہ اپنی قوم کی گمراہی کا ذمہ دار تھا ۱۱۴-۱۱۵

— حضرت موسیٰ کا دلائل و براہین کے ساتھ اس کے پاس آنا اور اس کا اپنی طاقت کے بل بوتے پر اکڑنا ۱۴۷

— اس کا انکار حق ۱۱۴-۱۴۷-۱۴۸-۲۳۹

— اس کا حضرت موسیٰ کو جادوگر کہنا ۱۴۷-۱۴۸

— اس کا حضرت موسیٰ کو مجنون کہنا ۱۴۸

— فرعون اور اس کے لشکر کی تباہی ۱۴۸-۲۳۹

— اس کی تباہی پر کوئی آنکھ رونے والی نہ تھی ۱۴۸-۱۴۹

— وہ ملامت زدہ ہو کر رہ گیا ۱۴۸-۱۴۹

— قوم فرعون اول درجے کی گمراہ قوم تھی ۱۱۴-۱۱۵

## فرقہ

— فرقہ اور طائفہ کے معنی کا فرق ۷۶

## فساد فی الارض

— کون سے اعمال اس کی تعریف میں آتے ہیں اور کون سے نہیں آتے ۳۸۶ تا ۳۸۸

## فسق

— فسق کیا ہے ۸۴-۸۵

— فسق اور تقویٰ کا فرق ۳۸۰-۴۰۹-۴۱۰

— فاسق کون لوگ ہیں ۴۱۰-۵۲۰

— فاسقین کا انجام ۱۵۰-۳۸۶

— فسق بمعنی نافرمانی ۳۲۳

— اللہ کیسے فاسقوں کو ہدایت نہیں دیتا ۴۵۷-۵۲۰

— اہل کتاب نے فسق کی راہ اختیار کی ۳۱۴-۳۸۷

— ایمان لانے کے بعد فسوق میں نام پیدا کرنا ڈوب مرنے کا مقام ہے ۸۵-۸۶

— فاسق کی گواہی کا مسئلہ ۴۷

(تفصیل کے لیے دیکھو ''قانون اسلام، قانون شہادت'')

## فلاح

— کون لوگ فلاح پائیں گے؟ ۳۷۶-۳۹۹-۳۹۷-۴۹۷-۵۴۶

# ق

## قانون اسلام

### اصول قانون اور اصولی احکام

— اسلام میں قانون کی حکمرانی کا سنگ بنیاد ۴۴۷

— رسول کی آئینی حیثیت ۴۴۷

— کسی شخص کو بھی قانون کے خلاف کام کرنے کا حکم دینے کا حق نہیں ہے، جو کوئی ایسا حکم دے اور جو کوئی اس کی تعمیل کرے دونوں مجرم ہیں ۴۴۷

— اللہ کے دین و آئین کے مقابلے میں جو لوگ کچھ معاملات میں کفار کی پیروی کریں ان کے تمام اعمال ضائع ہو جائیں گے اور وہ سزا کے مستحق ہیں ۲۸-۲۹

— قانون اسلام کے خلاف جو کام بھی کیا گیا ہو، خواہ وہ کسی نے کیا ہو، حرام ہے ۴۴۷

— اسلامی ریاست میں رہتے ہوئے خدا اور رسول کی مخالفت کرنا واجب القتل جرم ہے ۵۱۴

— ہر شخص اپنے ہی اعمال کی جزا یا سزا کا مستحق ہے ۲۱۴-۲۱۵-۳۶۴
— کوئی شخص کسی دوسرے کے فعل کی ذمہ داری میں نہیں پکڑا جا سکتا ۲۱۴-۲۱۵-۳۶۴
— نیکوکاروں کے لیے انعام اور ظالموں کے لیے سزا لازمی امر ہے ۱۴۳
— کسی کو اس کے اعمال بد کی سزا سے کوئی نہیں بچا سکتا ۲۱۴-۲۱۵-۳۶۴
— انسان کی قدر و قیمت انسانیت اور اخلاق کی بنا پر ہے نہ کہ رنگ و نسل یا زبان کی بنا پر ۳۸۵
— کسی شخص، گروہ یا قوم کے خلاف کسی غیر معتبر خبر کی بنا پر بلاتحقیق کوئی کارروائی نہ کی جائے گی ۷۳-۷۴
— کسی فعل کی محض ظاہری صورت پر فیصلہ نہیں کیا جائے گا بلکہ ملزم کی مجموعی سیرت اور قرائن وشواہد کو بھی مدنظر رکھنا ہوگا ۴۲۶
— مفتوحہ اراضی کو تمام مسلمانوں کی مشترک ملکیت قرار دیا گیا ۴۰۱
— اللہ کے باغی جن اشیاء پر قابض ہیں ان کا قبضہ ایسا ہے جیسے کوئی خائن ملازم اپنے آقا کا مال دبا بیٹھے ۳۸۹
— قانون کا اندھا دھند استعمال غلط نتائج پیدا کرتا ہے ۵۱۴-۵۱۵
— بہت سے احکام اگرچہ حکم کے الفاظ میں ہوتے ہیں مگر سیاق وسباق بتاتا ہے کہ وہ نصیحت اور ہدایت ہیں ۵۶۷
— قانون اسلام کی برتری ۸۴
— نیک معاملہ کرنے والوں سے نیک ہی برتاؤ کیا جانا چاہیے ۳۶۹-۴۳۲
(مزید دیکھو ''احکام القرآن'')


## قانون بغاوت


— مفصل احکام ۷۷ تا ۸۳
— باغیوں کے خلاف جہاد بعض فقہاء کے نزدیک کفار کے خلاف جہاد سے بھی افضل ہے ۷۷
— باغی گروہ کے خلاف برسرِ حق گروہ کا ساتھ دینا واجب ہے ۷۶-۷۷
— باغیوں کے خلاف جنگ کا مقصد اور اس کی غایت ۷۷-۷۸
— قانون بغاوت کا اطلاق کن لوگوں پر ہوگا اور کن پر نہیں ہوگا ۸۱
— محض باغیانہ خیالات کا اظہار بغاوت نہیں ہے جب تک کہ ان کو عمل میں لانے کے لیے طاقت کا استعمال نہ کیا جائے ۸۱
— باغیوں سے جنگ کے ضوابط ۸۱
— جنگ سے پہلے بغاوت کرنے والوں کو اللہ کی شریعت کے فیصلے کی طرف دعوت دی جائے ۸۱
— باغیوں کے اموال کا حکم ۸۲
— باغیوں کے گرفتار شدہ افراد کا معاملہ ۸۲
— بغاوت فسق ہے، اس لیے باغی کی شہادت قابل قبول نہیں ۷۴- (دیکھو ''قانون شہادت'')


## فوجداری قانون


— حاکم محض اپنے ذاتی علم یا شبہہ کی بنیاد پر کسی کو سزا نہیں دے سکتا ۴۲۵
— تفتیش کے دوران میں صحیح صورت حال معلوم

کرنے کے لیے اگر ناگزیر ہو تو عورت کے کپڑے اتار کر بھی تلاشی لی جاسکتی ہے ۴۲۸

— قانوناً کسی شخص کے واجب القتل ہونے کا ہرگز یہ مطلب نہیں ہے کہ اسے واقعی قتل ہی کر دیا جائے ۵۱۴-۵۱۵


## قانون شہادت


— شہادت دو چیزوں سے مرکب ہے ۵۱۶

— قانون شہادت کا اصولی ضابطہ ۴۳۶

— کس صورت میں کسی بیان کو حلفیہ بیان کہا جائے گا؟ ۵۱۷

— عدالت کے لیے شہادتوں سے حاصل شدہ معلومات پر فیصلہ کرنا درست ہے ۴۳۶

— حلفیہ بیان کے خلاف اگر کوئی صاف قرینہ نہ پایا جائے تو اسے درست تسلیم کیا جائے گا ۴۳۶

— کوئی شخص اپنے عقیدے اور ایمان کے متعلق خود جو بیان دے بادی النظر میں اسی کو تسلیم کیا جائے گا ۴۳۶

— طلاق و عدت کے مقدمات میں حیض اور طہر سے متعلق عورت کا اپنا بیان ہی معتبر ہے ۴۳۶-۴۳۷

— فاسق کی گواہی قابل قبول نہیں جب تک کہ دوسرے معتبر ذرائع سے تحقیق نہ کر لی جائے ۷۲-۷۴

— کردار کے لحاظ سے اگر کوئی شخص فاسق نہ ہو تو غلط عقیدے کی بنا پر فاسق ہونے کی وجہ سے اس کی گواہی رد نہ کی جائے گی ۷۴

— بغاوت فسق ہے، اس لیے باغی کی شہادت قابل قبول نہیں ۸۳ (دیکھو ''قانون بغاوت'')

— شہادت کے درست ہونے کے لیے ضروری ہے کہ گواہ ''صاحب عدل'' ہو اور وہ گواہی کو ٹھیک ٹھیک اللہ کے لیے ادا کرے ۵۶۶-۵۶۷


## بین الاقوامی قانون


— بین الاقوامی قانون کے چند اہم نکات ۴۳۷-۴۳۸-۴۳۹-۴۴۰-۴۴۱-۴۴۲

— غیر مسلم مملکتیں جو اسلامی ریاست سے عداوت نہ رکھیں ان سے اچھے اور دوستانہ تعلقات رکھنے میں کوئی مضائقہ نہیں ۲۶۹-۴۳۲-۴۳۳

— غیر مسلموں سے اسلامی ریاست کے معاہدے ۳۷۴-۳۷۵

— معاہدہ کرنے والی حکومت اگر معاہدے کی خلاف ورزی کرے تو اس کے خلاف کارروائی کی جاسکتی ہے ۳۷۸-۳۸۶


## قانون صلح و جنگ


— اسیران جنگ کے متعلق احکام ۱۱ تا ۱۸

— اراضی مفتوحہ کا قانون ۳۸۸ تا ۴۰۳۔ (مزید تفصیل کے لیے دیکھو ''قانون معیشت'')

— مسلمانوں کی خانہ جنگی کے متعلق احکام (دیکھو ''قانون بغاوت'')

— دشمنوں کے سر کاٹ کر گشت کرانا ممنوع ہے ۸۲

— جنگی ضرورت کی بنا پر دشمن کے علاقے میں جو تخریبی کارروائی کی جائے وہ ''فساد فی الارض'' کی تعریف میں نہیں آتی ۳۷۹-۳۸۶ تا ۳۸۸

— جزیہ کے بارے میں اسلامی قانون ۱۵

— کفار کے لیے جاسوسی کرنا کسی حال میں جائز

نہیں ۴۲۷
— مسلمان جاسوسی کی سزا کے بارے میں فقہی مباحث ۴۲۷-۴۲۸
— کسی مسلمان سے جاسوسی کا فعل سرزد ہو جانا بجائے خود اس بات کا کافی ثبوت نہیں ہے کہ اب وہ اسلام کا وفادار نہیں رہا ۴۲۷
— اگر جنگ کے دوران میں وہ مسلمان بھی زد آرہے ہوں جو کفار کے قبضے میں ہوں تو کیا کرنا چاہیے ۵۹-۶۰
— اللہ کی پسندیدہ فوج کی صفات ۴۵۶-۴۵۷
(مزید تفصیلات کے لیے دیکھو ''جہاد'')

## بنیادی حقوق

— عزت کے تحفظ کا حق ۸۴ تا ۸۶-۸۷-۹۰
— نجی زندگی کے تحفظ کا حق ۸۷ تا ۹۰
— انصاف کا حق ۸۷ (نیز دیکھو ''انصاف'' اور ''عدل'')
— حقوق میں مساوات کا حق ۹۵
— حاجت مندوں کا یہ حق کہ ان کے لیے ضروریات زندگی فراہم کی جائیں ۱۳۹
— اسلام کے اندر بند کمرے میں مقدمہ چلانے کی کوئی نظیر ۴۲۵
— اسلام میں صفائی کا موقع دیے بغیر کسی کو سزا نہیں دی جاسکتی ۴۲۵
— کسی شخص کے خلاف کوئی کارروائی ثبوت کے بغیر اور انصاف کے معروف تقاضوں کو پورا کیے بغیر نہیں کی جاسکتی ۷۳-۷۴
— محض شبہ کی بنا پر کسی کو قید کرنے کی اسلام میں کوئی گنجائش نہیں ۴۲۵

## قانون ہتک عزت

— مسلم معاشرے میں باہمی تعلقات خراب کرنے والی برائیوں کا سد باب ۸۴ تا ۹۵
— کسی کی تضحیک اور تذلیل و تحقیر کی ممانعت ۸۴-۸۵
— لوگوں کے برے نام رکھنے اور ان کو برے القاب دینے کی ممانعت ۸۵-۸۶
— کس قسم کے القاب اس ممانعت کے حکم سے مستثنیٰ ہیں ۸۶
— دوسروں پر طعن اور چوٹیں کرنے کی ممانعت ۸۵-۸۶
— بدزبانی اور شہد پن فاسقوں کی صفات ہیں، مسلمان میں یہ صفات ہوں تو اس کے لیے ڈوب مرنے کا مقام ہے ۸۵-۸۶
— غیبت کی حرمت ۸۷-۹۰ تا ۹۴
— غیبت اور بہتان کا فرق ۹۰
— غیبت، بہتان اور چغلی کا فرق ۹۳
— غیبت کی حرمت سے مستثنیٰ صورتیں ۹۱ تا ۹۳
— غیبت کس قدر گھناؤنا فعل ہے ۹۴
(مزید تفصیل کے لیے دیکھو ''غیبت'')
— کون سے افعال چغلی کی تعریف میں نہیں آتے ۵۱۳
— اسلام قانون ہتک عزت کا مغربی قانون سے برتر ہونا ۸۴-۸۵

## دستوری قانون

— آئین اسلامی کی بنیادی دفعہ یہ ہے کہ اللہ اور رسول کا حکم ہر چیز پر مقدم ہے ۷۰-۷۱

— اسلام میں اقتدار اعلیٰ اللہ ہی کے لیے ہے۳۰۲-۴۱۲-۴۱۳
— قرآن کا تصور حاکیت۳۰۲-۳۰۳
— احکام الٰہی کے خلاف قانون سازی کرنے والے اپنے اوپر ظلم کرتے ہیں ۵۶۵
— اسلامی قوانین کے مقابلے میں دوسرے قوانین بنانا اور انھیں اسلامی قانون سے افضل سمجھنا کفر ہے۲۸-۲۹-۳۵۵ تا ۳۵۷
— اللہ ہی کی اطاعت غیر مشروط ہے باقی ہر ایک کی اطاعت معروف کی شرط سے مشروط ہے۴۴۵ تا ۴۴۷
— حضور اکرمؐ جو حکم دیں وہ دراصل خدا کا حکم ہے اس لیے واجب الاطاعت ہے۴۴۷
— اسلامی ریاست میں قانون کی حکمرانی کا سنگ بنیاد۴۴۷

## اسلام میں قانون سازی

— اسلام میں قانون سازی کا طریقہ۱۷
— اسلام میں اولین مآخذ قانون کتاب اللہ ہے اور اس کے بعد سنت رسولؐ اللہ ۰۷-۱۷
— کوئی اجماع یا قیاس و اجتہاد کتاب وسنت سے آزاد نہیں ہوسکتا۱۷-۴۰۰
— اجماع امت اور اجتہاد کی قانونی حیثیت ۳۸۷-۳۸۸-۳۹۹-۴۰۰
— کتاب اللہ اور سنت رسولؐ اللہ کی بنا پر کسی نزاع میں صحیح اور غلط کا فیصلہ کون کرے گا؟ یا بالفاظ دیگر تعبیر قانون کس کا کام ہے؟۸۷
— خلافت راشدہ میں قانون سازی کا طریق کار ۲۷-۲۸-۷۸
— فقہائے اسلام نے قرآن وسنت اور اسلام کے اصول عامہ سے قانون اسلامی کس طرح مدون کیا ہے (دیکھو''اصول فقہ'')

## قانون معاشرت

— اسلام مخلوط معاشرے کا سرے سے قائل ہی نہیں ہے ۸۵
— اسلام میں رشتہ داروں کے حقوق اور قطع رحمی کی حرمت ۲۶-۲۷
— صلہ رحمی کی تعریف ۲۷
— اسلام کا نظام معاشرت مساوات کی اعلیٰ ترین مثال ہے۹۵-۳۸۵
(مزید تفصیل کے لیے دیکھو''اسلامی معاشرت'' اور''اسلامی نظم جماعت'')

## قانون وراثت

— اسلام کا قانون وراثت اشتراکیت کے بنیادی اصولوں کی نفی کرتا ہے۲۱۵

## قانون معیشت

— قانون معیشت کے بارے میں اسلامی احکام، اور اس کی تعبیر کی غلطی جو اشتراکی ذہن کے لوگ ان احکام کی کرتے ہیں ۲۱۵
— اسلامی قانون میں معیشت کا بنیادی قاعدہ ۳۸۹-۳۹۳
— تمام معاشی ذرائع و وسائل جن پر انسان کی معاش کا انحصار ہے اللہ کے پیدا کیے ہوئے ہیں ۳۸۷
— شخصی ملکیت کا اثبات حدود اللہ کے اندر ۱۳۹-۴۷۸

— اللہ کی راہ میں خرچ کرنے اور بخل سے بچنے کی تلقین ۳۱
(مزید تفصیل کے لیے دیکھو ''بخل'')
— فے کی تعریف ۳۸۸ تا ۳۹۰
— فے اسلامی نظام معیشت میں کیا اہمیت رکھتی ہے ۳۸۸
— فے اور غنیمت کا فرق اور ان کا الگ الگ حکم ۳۸۹ تا ۳۹۱
— فے اور غنیمت سے متعلق قانونی مباحث ۳۹۰-۳۹۱-۳۹۷-۳۹۸
— فے کے حق دار کون ہیں؟ ۳۸۹- ۳۹۱ تا ۳۹۳-۳۹۴-۳۹۵-۳۹۶
— فے کی تقسیم کس تناسب سے ہوگی ۳۸۹-۳۹۲-۳۹۳
— فے میں موجودہ ہی نہیں بلکہ آیندہ نسلوں کا حصہ بھی ہے ۴۰۰
— فے کے مال سے جہاد کی تیاری پر خرچ کرنے کا مسئلہ ۳۹۲
— فے کی تقسیم کا طریقہ خلافت راشدہ میں ۳۹۷ تا ۴۰۰
— فے کے مسئلے پر حضرت عمر فاروقؓ نے شوریٰ طلب کی ۳۹۹
— بعض ائمہ کی یہ رائے کہ صحابہ کرامؓ کو برا کہنے والوں کا فے میں کوئی حصہ نہیں ۴۰۵
— بزور شمشیر فتح ہونے والے علاقے غنیمت کے حکم میں ہیں فے کے حکم میں؟ ۳۹۷ تا ۴۰۳
— جنگ کے نتیجے میں حاصل ہونے والی املاک سرکاری ملکیت میں رہیں گی اور اجتماعی مفاد کے لیے استعمال کی جائیں گی ۳۸۹-۳۹۲-۳۹۶ تا ۴۰۳
— اراضی مفتوحہ کا قانون ۳۸۸ تا ۴۰۳
— وقف املاک اور ان کے احکام ۴۰۲-۴۰۳
— اسلامی قانون کے مالی کفارے ۳۴۲ تا ۳۴۵
— دولت کی گردش کا حکم اور اس میں مال داروں کے علاوہ غرباء کا حصہ ۳۸۹-۳۹۳
— قرآن کے معاشی تصور کے بارے میں چند غلط تفسیروں کی تردید ۲۱۵-۲۵۲
— انسان کو دراصل اس تمام مال و دولت کا مالک نہیں بلکہ اس میں خدا کا خلیفہ بنایا گیا ہے ۳۰۵-۳۰۶

## قانون نکاح وطلاق

— اسلامی قانون میں کفو کی اہمیت ۹۹
— ظہار کے متعلق شریعت کا مفصل قانون ۳۴۵ تا ۳۵۵
— الفاظ ظہار غیر عربی زبانوں میں ۳۵۰
— ظہار اور اس کا مفہوم ۳۳۹- ۳۴۰- ۳۴۸-۳۴۹
— ظہار صریح کیا ہے؟ ۳۴۹-۳۵۰
— بیوی کو کس سے تشبیہ دینا ظہار ہے ۳۴۸-۳۵۰
— کون سی تشبیہ ظہار کی تعریف میں نہیں آتی ۳۵۰
— قرآن مجید نے محض ظہار نہیں بلکہ عود بعد ظہار کو کفارہ کا سبب بتایا ہے ۳۵۱
— ظہار کے سلسلے میں عود کیا ہے ۳۵۱
— عربوں کے ہاں ظہار طلاق سے سخت تر سمجھا جاتا تھا ۳۴۰
— ظہار کے اسلامی قانون نے جاہلیت کے تمام ان

قواعد کو منسوخ کر دیا جو ظہار کے بارے میں رائج تھے ۳۴۱
— ظہار کا تاریخی پس منظر ۳۴۰
— ظہار ایک ناپسندیدہ اور جھوٹی بات ہے ۳۴۱
— ظہار گناہ ہے لیکن اس سے نکاح نہیں ٹوٹتا ۳۴۱
— ظہار کا قانونی حکم ۳۴۲
— اسلام میں ظہار کا سب سے پہلا واقعہ ۳۴۲
— ظہار کا کفارہ ادا کرنے سے پہلے مباشرت حرام ہے ۳۴۳
— ظہار شدہ بیوی کے ساتھ ادائگی کفارہ سے پہلے تعلق زن وشو قائم کرنے کا کیا حکم ہے؟ ۳۴۸
— کفارہ ادا کرنے سے پہلے ''تعلق زن وشو'' کا اطلاق کس قسم کے تعلقات پر ہوتا ہے ۳۵۲
— ظہار کا کفارہ ۳۴۴-۳۴۵-۳۵۲ تا ۳۵۵
— ایک ظہار کا کفارہ دینے کے بعد دوسری بار پھر ظہار کرنے کا حکم کیا ہے؟ ۳۴۸
— ظہار کی تکرار کے احکام ۳۴۷
— کس شوہر کا ظہار معتبر ہے؟ ۳۴۵
— نشے کی حالت میں ظہار کرنے والے کا کیا حکم ہے؟ ۳۴۵
— کیا عورت بھی ظہار کر سکتی ہے؟ ۳۴۶
— مرتکب ظہار کے کون سے عذرات قابل قبول ہیں اور کون سے قابل قبول نہیں ہیں ۳۴۶
— کیا غیر عورت سے ظہار کیا جا سکتا ہے؟ ۳۴۷
— کیا ایک خاص مدت کے لیے ظہار ہو سکتا ہے؟ ۳۴۷
— ظہار کے الفاظ کو کئی مرتبہ دہرانے کی قانونی حیثیت ۳۴۷
— مشروط ظہار کا حکم ۳۴۷
— دو یا زائد بیویوں سے بیک وقت ظہار کرنے کا حکم ۳۴۷
— ظہار کے بعد طلاق دینے کے بارے میں احکام ۳۵۲
— ظہار شدہ عورت کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ شوہر کو پھر سے تعلق زن وشو قائم کرنے سے پہلے کفارہ ادا کرنے پر مجبور کرے ۳۵۲
— ظہار شدہ عورت کس طرح مصیبت میں پھنس جاتی ہے ۳۵۲
— ظہار میں ایلاء کے احکام کس حالت میں جاری ہوں گے ۳۵۲
— ذمیوں کے ظہار کے متعلق احکام ۳۴۶
— ظہار کا قانون صرف مسلمانوں کے لیے ہے ۳۴۶
— بیوی سے ظہار کرنے والے کو اپنی بات کی طرف رجوع کا حکم ۳۴۲ تا ۳۴۴
— ظہار کے احکام حدود اللہ میں سے ہیں ۳۵۵
— ظہار کے اسلامی قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کا طرز عمل ایمان کے منافی ہے ۳۵۵-۳۵۶
— مرد وعورت میں سے کسی ایک کے مسلمان اور دوسرے کے کافر رہنے کی صورت میں احکام نکاح وطلاق ۴۲۱-۴۳۸ تا ۴۴۴
— زوجین میں سے کسی ایک کے مسلمان اور دوسرے کے کافر ہونے کی صورت میں مہر کی ادائگی کا مسئلہ ۴۴۴
— مسلمان عورت کے لیے کافر مرد اور کافر مرد کے لیے مسلمان عورت حلال نہیں ہے ۴۳۴-۴۳۷

— اسلام قبول کرنے والے مرد کے لیے اپنی کافر بیوی کو روکے رکھنے کی اجازت نہیں ۴۳۷
— منکوحہ عورت جو ہجرت کر کے دارالکفر سے دارالاسلام میں آجائے اس کا نکاح آپ سے آپ ٹوٹ جاتا ہے اور جو مسلمان چاہے مہر دے کر اس سے نکاح کرسکتا ہے ۴۳۷
— دارالکفر سے دارالاسلام ہجرت کرنے والی عورتوں، اور مسلمانوں کی دارالکفر میں رہ جانے والی بیویوں کے مہر کا مسئلہ ۴۳۷
— اگر مہروں کا باہمی مفاہمت سے تبادلہ نہ ہوسکے تو کیا کرنا چاہیے؟ ۴۴۳-۴۴۴
— شوہر اور بیوی میں اختلاف دین کے ساتھ اختلاف دار بھی واقع ہوجائے تو اس صورت میں فقہی قانون کیا ہے؟ ۴۳۸ تا ۴۴۴
— جب زوجین دارالاسلام میں ہوں اور ان میں سے ایک مسلمان ہوجائے اور دوسرا کافر رہے تو اس صورت کا قانونی حکم کیا ہے؟ ۴۳۸ تا ۴۴۰
— جب زوجین دارالکفر میں ہوں اور ایک مسلمان ہوجائے اور دوسرا کافر رہے تو اس صورت میں کیا قانونی حکم ہے؟ ۴۴۰
— جب زوجین میں سے کوئی ایک ہجرت کر کے دارالاسلام میں آجائے اور دوسرا دارالکفر میں رہے تو قانون کیا ہوگا؟ ۴۴۰ تا ۴۴۲
— زوجین مرتد ہوجائیں تو ان کے نکاح کا مسئلہ ۴۴۲
— شوہر مرتد ہوجائے تو نکاح کا مسئلہ ۴۴۳
— عورت مرتد ہوجائے تو نکاح کا مسئلہ ۴۴۳-۴۴۴
— مسلمان مرد اور کتابی عورت کے نکاح کا مسئلہ ۴۳۸
— طلاق اور عدت اور نفقہ کے مسائل ۵۵۰ تا ۵۷۸
— طلاق اور عدت سے متعلق سورۂ طلاق کے نزول سے قبل شرعی قانون کی صورت کیا تھی؟ ۵۵۰-۵۵۱
— طلاق کے سابق احکام کی موجودگی میں سورۂ طلاق کے احکام کی نزول کی وجہ ۵۵۰-۵۵۱
— سورۂ طلاق کے نزول سے اسلامی عائلی قوانین کا شعبہ طلاق وعدت مکمل ہوگیا ۵۵۲
— طلاق دینے میں جلد بازی ممنوع ہے ۵۵۳
— طلاق دینی ہو تو عدت کے لیے دی جائے ۵۵۳
— ”عدت کے لیے طلاق“ دینے کی تفسیر خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، صحابہؓ اور اکابر مفسرین نے کیا کی ہے؟ ۵۵۳ تا ۵۵۷
— حیض والی مدخولہ عورت یا امکانی حاملہ عورت کے معاملہ میں ”عدت کے لیے طلاق“ کا مطلب کیا ہے؟ ۵۵۳-۵۵۴
— طلاق نہ حالت حیض میں دی جائے اور نہ اس طہر میں جس میں شوہر مباشرت کرچکا ہو ۵۵۳
— حالت حیض میں دی ہوئی طلاق کی شرعی حیثیت ۵۶۰-۵۶۱
— طلاق یا تو اس صورت میں دی جائے جب کہ عورت کا حاملہ نہ ہونا معلوم ہو یا پھر جب اس کا حاملہ ہونا معلوم ہو ۵۵۳
— عورت کو کس حالت میں طلاق دی جائے؟ اس کے متعلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، صحابہؓ اور اکابر مفسرین کی تصریحات ۵۵۴-۵۵۵
— طلاق دینی ہو تو بیک وقت تین طلاقیں دے کر

ہمیشہ کے لیے عورت کو علیحدہ کر دینا ظلم اور سخت گناہ ہے اور حضرت عمرؓ اس پر سزا دیتے تھے ۵۵۳-۵۵۴-۵۵۵-۵۵۶-۵۵۷

— لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، صحابہؓ اور اکابر مفسرین و فقہاء کا متفقہ فیصلہ ہے کہ تین طلاقیں بیک وقت دینے سے ہمیشہ کے لیے علیحدگی ہو جاتی ہے اور رجوع کا حق باقی نہیں رہتا ۵۵۵ تا ۵۵۷

— قرآن، احادیث اور آثار کی مدد سے فقہائے اسلام نے اس بارے میں کیا مفصل قانون مرتب کیا ہے؟ ۵۵۷ تا ۵۶۳

— طلاق کی اقسام ۵۵۷-۵۵۸

— طلاق خواہ صحیح طریقے سے دی جائے یا غلط طریقے سے بہرحال واقع ہو جاتی ہے ۵۵۸-۵۵۹

— کیا بیک وقت تین طلاقیں ایک طلاق شمار ہوں گی؟ ۵۵۹-۵۶۰

— رجعی طلاق دینے والے کے لیے رجوع کا موقع کب تک ہے؟ ۵۶۰

— رجوع کا طریق کار ۵۶۱-۵۶۲

— تین طلاق کے بعد حلالہ کا مسئلہ ۵۶۲-۵۶۳

— طلاق بدعت اور طلاق سنت کے نتائج میں فرق ۵۶۲-۵۶۳

— قرآن نے مردوں کو طلاق کا حق تو دیا ہے لیکن وہ اس حق کے استعمال کو حتی الوسع روکنا چاہتا ہے ۵۵۱-۵۵۲

— طلاق کو مذاق نہ بنالیا جائے ۵۶۳

— قرآن ان لوگوں کی تردید کرتا ہے جو کہتے ہیں کہ حیض کی حالت میں طلاق دینے یا بیک وقت تین طلاقیں دینے سے کوئی طلاق واقع نہیں ہوتی اور ان لوگوں کی بھی تردید کرتا ہے جو کہتے ہیں کہ بیک وقت تین طلاق دینے سے صرف ایک طلاق واقع ہوتی ہے ۵۶۵

— عدت کا شمار صحیح کیا جائے ۵۶۳-۵۶۴

— زمانہ عدت میں نہ شوہر مطلقہ عورت کو گھر سے نکالے اور نہ وہ خود نکلے ۵۶۳-۵۶۴

— زمانہ عدت میں مرد بیوی کے ساتھ رکھے اور تنگ کرنے کے لیے نہ ستائے ۵۷۳

— عدت کے زمانہ میں عورت کو گھر سے صرف اس وقت نکالا جا سکتا ہے جب کہ وہ صریح فحش کی مرتکب ہو ۵۶۳-۵۶۵

— عورت کو عدت کے زمانے میں سکونت اور نفقہ کا حق ہے ۵۶۴

— طلاق اور عدت کے بارے میں قرآن کے بیان کردہ احکام ''حدود اللہ'' ہیں اور ان سے تجاوز کرنے والا خود اپنے اوپر ظلم کرے گا ۵۶۵

— طلاق کا صحیح طریقہ قرآن میں اس لیے بتایا گیا ہے کہ اس طریقہ کے خلاف عمل کرنے والے کو پچھتانا پڑے گا ۵۶۵-۵۶۶

— ایک یا دو طلاق دینے کی صورت میں عدت ختم ہونے سے پہلے فیصلہ کرلیا جائے کہ عورت کو زوجیت میں رکھنا ہے یا نہیں، اگر رکھنا ہو تو نباہنے کی غرض سے رکھنا چاہیے نہ کہ ستانے کی غرض سے ۵۶۵-۵۶۶

— طلاق، رجوع یا فرقت، ہر ایک پر مسلمانوں میں سے دو صاحب عدل افراد کو گواہ بنا لیا جائے ۵۶۶-۵۶۷

— جن عورتوں کا حیض کبرسنی کی وجہ سے بند ہو چکا ہو ان کی مدت عدت تین ماہ ہے ۵۶۸-۵۷۰
— جن لڑکیوں کو حیض آنا شروع نہ ہوا ہو ان کی مدت عدت بھی تین ماہ ہے ۵۷۰-۵۷۱
— خلوت سے پہلے طلاق دے دی جائے تو اس پر کوئی عدت نہیں ہے ۵۷۰
— ایسی لڑکی سے نکاح وخلوت جائز ہے جس کو حیض آنا شروع نہ ہوا ہو ۵۷۱
— ان عورتوں کی عدت کا مسئلہ جن کے حیض میں بے قاعدگی ہو ۵۶۹
— ان عورتوں کا مسئلہ جو مدت عدت گزار رہی ہوں اور اس دوران میں انھیں حیض آنا شروع ہو جائے ۵۷۱
— حاملہ عورت کی عدت یہ ہے کہ وضع حمل ہو جائے ۵۷۰تا۵۷۲
— جس مطلقہ حاملہ کا شوہر زمانہ حمل میں وفات پا جائے اس کی عدت کیا ہوگی؟ ۵۷۱-۵۷۲
— یہ امر متفق علیہ ہے کہ مطلقہ کو اگر رجعی طلاق دی گئی ہو تو زمانہ عدت میں شوہر پر سکونت اور نفقہ کا حق واجب ہے ۵۷۳-۵۷۴
— یہ بھی متفق علیہ ہے کہ حاملہ عورت کو خواہ رجعی طلاق دی گئی ہو یا قطعی، بہرحال زمانہ عدت میں شوہر اس کی سکونت اور نفقہ کا ذمہ دار ہے ۵۷۳-۵۷۴
— اس امر میں اختلاف ہے کہ جس غیر حاملہ عورت کو قطعی طلاق دی گئی ہو وہ زمانہ عدت میں سکونت اور نفقہ کی حقدار ہے یا نہیں ۵۷۴-۵۷۷
— اس حاملہ عورت کے نفقہ اور سکونت کا مسئلہ جس کا شوہر زمانہ عدت میں مر جائے ۵۷۷-۵۷۸
— نفقہ ہر ایک پر اس کی حیثیت کے مطابق عائد ہوتا ہے ۵۷۸
— عدت کے دوران میں مطلقہ پر مال خرچ کرنا اگرچہ آدمی کو ناگوار ہوتا ہے لیکن اگر وہ اللہ کے حکم پر عمل کرے تو اللہ اسے ایسے راستے سے رزق دے گا جدھر اس کا گمان بھی نہ ہوگا ۵۶۷تا ۵۶۹
— عورت اپنے دودھ کی مالک ہے ۵۷۹
— عورت کو دودھ پلانے پر مجبور نہیں کیا جا سکتا، اگر مطلقہ عورت سے بچے کو دودھ پلوانا ہو تو اجرت طے کی جائے ۵۷۸-۵۷۹
— مرد بھی مجبور نہیں ہے کہ جس عورت کو اس نے طلاق دے دی ہے، اسی سے بچے کو دودھ پلوائے ۵۷۹
— اجرت پر دودھ پلانے کے معاملہ میں ماں کا حق غیر عورت پر مقدم ہے ۵۷۹
— جس بچے کی ماں کو طلاق دے دی گئی ہو، اس کے نفقہ کا ذمہ دار اس کا باپ ہے ۵۷۹

## قتل اولاد

— قتل اولاد کی حرمت ۴۴۵
— اسقاط حمل بھی اولاد میں شامل ہے ۴۴۶

## قتال فی سبیل اللہ

— دیکھو ’’جہاد فی سبیل اللہ‘‘

## قرآن

— قرآن مجید ۱۰۸
— قرآن کریم ۲۹۰
— وہ ایک معجزہ ہے ۱۰۸-۱۷۵-۱۸۰
— اس کی نظیر بنا کر لانا کسی انسان کے بس میں نہیں

ہے۱۰۸-۱۷۴-۱۷۵
— وہ نصیحت کا آسان ذریعہ ہے۱۲۸-۲۳۵
— اس کو نصیحت کے لیے آسان کر دینے کا مطلب ۲۳۴-۲۳۶-۲۳۸-۲۳۹
— وہ حق ہے۱۰-۳۱۳
— اس کے برحق ہونے پر ستاروں کے مواقع کی قسم ۲۹۰-۲۹۱
— وہ اللہ کا کلام ہے۱۰-۱۱-۱۹-۲۰-۲۱۰-۲۳۹
— اسے رب العالمین نے نازل کیا ہے۲۹۴
— اس کا نازل کیا جانا سراسر رحمت ہے ۲۲۸
— اس کی پیروی کے منافع کی کوئی حد نہیں ۱۰۸
— اس سے وہی لوگ نصیحت حاصل کر سکتے ہیں جن کے دل میں خدا کا خوف اور برے انجام سے بچنے کا جذبہ موجود ہے ۱۲۸
— وہ اس لیے نازل کیا گیا ہے کہ لوگ اس پر غور کریں ۲۷
— اس میں خود نبی کی خواہش کا بھی کوئی دخل نہیں ۱۹۳
— وہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی تصنیف تو درکنار سرے سے انسانی تصنیف ہی نہیں ہے ۱۷۵
— اس کے کلام اللہ ہونے اور کلام محمدؐ نہ ہونے پر دلیل قاطع ۱۷۷-۱۷۸-۱۷۹
— اس کی نظیر بنا کر لانے کے لیے تمام انسانوں کو جو چیلنج دیا گیا ہے اس کی نوعیت کیا ہے ۱۷۵
— وہ خصوصیات جن کی بنا پر قرآن پہلے بھی معجزہ تھا اور آج بھی معجزہ ہے ۱۰۸-۱۷۵ تا ۱۷۹
— اس نے پہلے ایک قوم کو بدلا اور پھر اس کے ذریعہ سے دنیا کی تاریخ بدل ڈالی ۱۷۶
— وہ تمام ان مسائل پر حاوی ہے جن میں رہنمائی کی انسان کو ضرورت ہے ۱۷۶-۱۷۷
— اس کی کوئی بات غلط ثابت نہیں کی جاسکتی ۱۰۸
— وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کا ثبوت ہے ۱۰۸-۱۰۹-۱۱۱
— اس میں جو وسیع اور جامع علم پیش کیا گیا ہے وہ دنیا کی کسی دوسری کتاب میں نہیں ہے ۱۷۹
— وسیع موضوع پر بحث رکھنے والی یہ کتاب خود ظاہر کرتی ہے کہ اس کا مصنف حقیقت کا براہ راست علم رکھتا ہے ۱۷۷
— چودہ صدیاں گزر جانے کے بعد آج بھی وہ عربی ادب کا سب سے اعلیٰ نمونہ ہے ۱۷۵
— اس کا موضوع بحث کیا ہے؟ ۱۷۶-۱۷۷
— اس کو بیک وقت نازل نہیں کر دیا گیا بلکہ اس کی رہنمائی کے مطابق چلنے والی تحریک جن جن مراحل سے گزرتی رہی ان میں یہ کتاب بھی حسب موقع نازل ہوتی رہی ۱۷۷-۱۷۸
— وہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر تو ۲۳ سال میں نازل ہوا لیکن اللہ کے ہاں نوشتہ تقدیر میں پہلے ہی مکمل طور پر ثبت ہو چکا تھا ۲۹۱
— اس کو محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اس لیے نازل کیا گیا کہ آپ بنی نوع انسان کو تاریکیوں سے نکال کر روشنی میں لائیں ۳۰۷-۴۷۶
— وہ ایسے طریقے سے نازل ہوا ہے کہ پاکیزہ فرشتوں کے سوا اسے کوئی چھو نہیں سکتا ۲۹۰-۲۹۱
— وہ ایسی محفوظ کتاب میں ثبت ہے جس میں کوئی خلل انداز نہیں ہو سکتا ۲۹۰-۲۹۱

— اسے مطہرین کے سوا کوئی نہیں چھو سکتا ۲۹۰-۲۹۲ تا ۲۹۵
— اسے بلا طہارت چھونے کا شرعی مسئلہ ۲۹۳-۲۹۴
— حامل قرآن ہونے کی عظیم ذمہ داری ۴۱۰-۴۱۱
— وہ حقیقت تک پہنچنے کے کس طریقہ کی نشان دہی کرتا ہے ۱۳۶
— وہ کسی کے غلط فعل پر صرف گرفت ہی نہیں کرتا بلکہ ساتھ ہی نصیحت کرتے ہوئے صحیح راستہ بھی بتاتا ہے ۴۰۹
— وہ انسان کی عقل و فکر کو اپیل کرتا ہے ۲۷-۱۴۰-۳۱۴-۳۸۵-۴۱۱-۵۸۰
— جو لوگ اس کے مضامین پر غور نہیں کرتے وہ اس سے کوئی فائدہ نہیں اٹھا سکتے ۲۷
— ناحق شناس دلوں پر قفل چڑھ جاتے ہیں جن کی وجہ سے وہ قرآن نہیں سمجھ سکتے ۲۷-۲۸
— اس کے منکروں کو اللہ ہلاکت میں ڈالے گا، ان کے اعمال بھٹکا دے گا اور ان اعمال کو ضائع کر دے گا ۱۹-۲۰
— تاثیر قرآن ۱۸۸-۱۸۹-۴۱۰-۴۱۱
— قرآن کے برحق ہونے پر خود قرآن کی قسم ۱۰۸-۱۰۹
— وہ ایک تنبیہ ہے پچھلی تنبیہات میں سے ۲۲۲-۲۲۳
— وہ ایک تنبیہ ہے، جو کوئی چاہے اس سے ڈرے ۱۲۸
— اس کا فلسفہ تمدن و معاشرت ۷۶ تا ۹۴-۳۸۵
(مزید تفصیل کے لیے دیکھو ''اسلامی معاشرت''، ''اسلامی نظم جماعت'' اور ''قانون اسلام، قانون معاشرت'')
— نظام کائنات کے متعلق اس کا بیان (دیکھو ''کائنات'')
— مابعد الطبیعی حقائق کے بارے میں اس کا بیان ۱۳۶
— معاشی زندگی کے بارے میں اس کی رہنمائی ۳۸۹-۳۹۳-۳۹۶
(دیکھو ''قانون اسلام، قانون معیشت'')
— سیاسی نظام سے متعلق اس کی رہنمائی (دیکھو ''اسلامی ریاست'' اور ''قانون اسلام'')
— تخلیق انسانی سے متعلق اس کا بیان (دیکھو ''انسان، اس کی تخلیق'')
— اس کے نزدیک معیار کامیابی و ناکامی کیا ہے؟ ۴۷-۳۱۰-۴۱۰-۴۷۸-۵۴۱
— اس کا بیان کردہ معیار عزت ۹۵-۹۷-۲۴۲-۳۶۲-۵۲۱
— اس کا فلسفہ اخلاق ۲۱-۲۲-۳۱-۴۹-۷۰-۷۲-۷۶-۸۷-۲۵۱-۳۲۰-۳۵۸-۳۵۹-۳۶۰ تا ۳۶۳-۴۰۳-۴۵۴
(مزید تفصیل کے لیے دیکھو ''اخلاقی تعلیمات'')
— اس کی تفسیر کے صحیح اصول کیا ہیں اور غلط اصول کیا؟ ۴۸-۴۹-۶۵-۱۰۰ تا ۱۰۳-۱۱۸-۲۱۵-۲۲۳-۲۲۸-۲۳۵-۲۵۰-۲۵۲-۲۵۳-۲۹۲-۳۳۹-۳۹۳-۳۹۴
— اس کی تفسیر میں پائے جانے والے اختلاف کی نوعیت ۱۳۲-۱۳۹-۱۴۹-۱۵۰-۱۶۲-۱۹۲-۱۹۵-۱۹۶-۲۱۵-۲۱۸-۲۱۹-۲۲۱-۲۲۲-۲۵۰-۲۷۹-۳۰۷-۳۱۶-۳۳۳-۳۴۳-۳۴۴-۳۸۱-۵۸۰
— اس کی تفسیر میں پیدا ہونے والے شبہات کا ازالہ

۶۳- ۱۹۴- ۱۹۵- ۲۱۵- ۳۰۳- ۴۳۰-
۴۳۱-۴۳۳-۴۳۴-۴۴۷-۴۴۸-۴۹۵-
۴۹۶
— اس کا مخصوص انداز بیان ۱۹-۹۴-۱۰۸-۱۰۹-
۱۱۶-۱۵۲-۱۵۵-۱۵۶-۱۶۹-۱۹۲-۱۹۷-
۲۶۲-۲۶۳-۳۱۳-۳۲۲-۳۳۹-۳۵۸-
۳۸۴-۴۰۷-۴۰۹-۴۱۰-۴۳۰-۴۳۱-
۴۵۶-۴۷۶-۴۷۹-۴۸۹ تا ۴۹۱-۴۹۸-
۵۱۶
— اس میں بعض جگہ اگرچہ خطاب نبی صلی اللہ علیہ
وسلم سے ہوتا ہے مگر اصل مخاطب عام انسان، یا
مسلمان، یا کفار و مشرکین ہوتے ہیں ۲۴-۲۵-
۴۳-۴۴-۱۸۴-۱۸۵-۵۵۳
— قرآن عام طور پر مردوں اور عورتوں کے ملے
جلے ذکر میں مذکر کے صیغے استعمال کرتا ہے
اگرچہ مراد صرف مرد نہیں ہوتے ۲۵-۴۶-
۴۷-۸۴-۸۵-۳۰۹-۳۱۱-۳۱۵
— اس کی ہر بات ایک موقع و محل پر اور ایک سیاق و
سباق میں ہوتی ہے ۱۱-۱۲-۴۳-۶۱-۷۵-
۱۲۰-۱۳۸-۱۴۴-۲۰۱-۲۱۴-۲۱۵-۲۲۸-
۲۵۷-۲۵۸-۲۵۹-۲۶۰-۲۶۱-۲۶۲-
۲۶۳-۲۶۷-۳۵۷-۳۹۳-۴۰۵-۴۳۳-
۴۵۴-۴۵۹
— اس کی پیش گوئیاں ۳۰-۵۲-۵۳-۵۶-۵۷-
۱۸۱-۱۸۲-۲۴۰-۳۶۵-۴۰۶-۴۰۷-
۴۳۱-۴۷۶-۴۷۷-۴۷۸
— تفسیر قرآن بالقرآن ۱۲- ۲۷- ۱۰۰ تا ۱۰۲-
۱۳۸-۱۴۹-۱۹۶-۱۹۸-۲۰۲-۲۴۹-۲۵۰-
۲۵۱-۲۵۶-۲۹۱-۳۰۷-۳۰۸-۳۱۷-
۳۱۹-۳۲۲-۳۳۳-۳۸۵-۴۰۹-۴۱۲-
۴۱۳-۴۲۵-۴۲۸-۴۲۹-۴۳۰-۴۵۵-
۴۸۶-۴۸۷-۴۹۰-۴۹۱-۴۹۵-۴۹۷-
۵۲۰-۵۲۸-۵۳۴-۵۳۷-۵۴۶-۵۵۳-
۵۶۵-۵۶۶-۵۶۷
— قرآن کی تشریح حدیث سے دیکھو ”حدیث“
— قرآن کو سمجھنے میں صحابہؓ کا بیان، طرز عمل اور
تصریحات کس طرح مددگار ہیں ۱۳-۱۴-۱۵-
۱۷-۲۷-۲۸-۸۱-۸۹-۱۲۶-۱۳۲-۲۱۲-
۲۲۹-۲۴۱-۲۹۳-۳۴۰-۳۴۶-۳۸۷-
۳۹۰-۳۹۴-۴۰۰-۴۲۸-۴۳۹-۴۴۱-
۴۴۲-۴۹۴-۵۵۴-۵۵۶-۵۶۹-۵۷۰-
۵۷۱-۵۷۶
— قرآن کو سمجھنے میں فقہا اور اکابر مفسرین کا کام کس
طرح مددگار ہے۔ دیکھو ”اصول فقہ“
— کسی واقعہ کا آیات قرآنی کی شان نزول ہونا
۴۳۸-۴۵۶
— قرآن کی آیات اور سورتوں کا زمانہ نزول معلوم
کرنے کا طریقہ ۶-۱۲-۲۱-۳۰-۳۴-۴۰-
۵۳-۱۰۶-۱۳۰-۲۱۳-۲۱۴-۲۲۶-۲۴۴-
۲۴۵-۲۷۴-۲۹۸-۳۳۶-۳۷۰-۴۰۶-
۴۲۰-۴۵۲-۴۸۲-۵۰۸-۵۲۴-۵۵۰
— قرآنی تشبیہات ۲۳۶-۲۳۸-۳۱۴
— اصطلاحات قرآنی کی تشریح ۹-۱۰-۱۱-۲۱-
۲۲-۲۷-۸۴-۸۵-۱۰۰ تا ۱۰۳-۱۱۹-۱۲۰-

۱۴۷- ۲۷۷- ۲۷۸- ۳۲۱- ۳۲۴- ۳۴۰- ۴۵۵-۴۸۶-۴۹۳-۵۳۳-۵۴۱
— قرآن کی بعض اصطلاحات کا مطلب کسی دوسری زبان میں ایک لفظ سے ادا نہیں کیا جا سکتا ۵۳۷
— ایک ہی اصطلاح کو قرآن میں مختلف معانی میں استعمال کیا گیا ہے ۴۸۸
— قرآن کا تاریخ سے استدلال ۲۰- ۲۱- ۳۲- ۱۱۴- ۱۲۴- ۱۴۳ تا ۱۵۰- ۱۵۲- ۲۱۳- ۲۲۱- ۲۲۲- ۲۳۱ تا ۲۳۹- ۲۴۱- ۳۲۳ تا ۳۲۵- ۳۵۶- ۴۲۸ تا ۴۳۱- ۴۵۷- ۴۵۹- ۴۷۹- ۵۳۲ تا ۵۳۶-۵۸۰
— قرآن میں قصے کس مقصد کے لیے بیان کیے گئے ہیں ۴۵۷-۴۵۸

## قرآنی قصے

— حضرت ابراہیم علیہ السلام کا قصہ ۱۴۳ تا ۱۴۵-۲۱۳-۲۱۴-۳۲۳-۴۲۸ تا ۴۳۰
— حضرت اسحاق علیہ السلام ۱۴۴-۱۴۵
— حضرت الیاس علیہ السلام ۴۶۱-۴۶۲
— حضرت صالح علیہ السلام ۲۳۶-۲۳۷
— حضرت عیسیٰ علیہ السلام ۳۲۴ تا ۳۳۳- ۴۵۸ تا ۴۶۳-۴۷۰-۴۷۹-۴۸۰
— حضرت موسیٰ علیہ السلام ۱۴۷ تا ۱۴۹- ۱۹۱- ۲۱۳-۴۵۷-۴۵۹ تا ۴۶۱
— حضرت نوح علیہ السلام ۱۱۴-۱۵۰-۲۲۱-۲۳۳- تا ۲۳۵-۳۲۳
— حضرت یحییٰ علیہ السلام ۴۶۱-۴۶۲
— حضرت یعقوب علیہ السلام ۱۴۵

## قرآنی تمثیلات

— دنیوی زندگی کے معاملے میں کافروں کے رویے کی مثال ۲۱
— حکم جہاد آنے پر منافقین کی حالت کی مثال ۲۵
— غیبت کرنے والے کی مثال ۹۴
— منافقین مدینہ کی مثال ۵۱۷-۵۱۹
— منافقین مدینہ اور قریش مکہ کی باہمی مشابہت اور اسلام کے مقابلے میں ان کی نامرادی کی مثال ۴۰۷-۴۰۸
— منافقین مدینہ اور یہود کے ساتھ شیطان کے معاملہ کی تمثیل ۴۰۸-۴۰۹
— علمائے یہود کی مثال ۴۸۹
— صحابہ کرامؓ کے گروہ کی مثال ۶۴-۶۵
— اللہ اور انسان کے قریبی تعلق کی مثال ۱۱۶
— قرآن کی عظمت کی تمثیل ۴۱۱
— آخرت کے برحق ہونے پر ایک مثال ۱۴۳
— میدان حشر میں منکرین آخرت کی تمثیل ۲۳۲
— منکرین آخرت کے لیے قبروں میں مایوس پڑے ہوئے کافروں کی مثال ۴۵۰
— دنیوی زندگی کی مثال ۳۱۷

## قرآنی دعائیں

— حضرت ابراہیمؑ اور ان کے ساتھیوں کی اللہ سے دعائے مغفرت اور فتنہ کفار سے بچانے کی استدعا ۴۳۰
— پہلے گزرے ہوئے مومنین کے لیے دعائے مغفرت اور کسی مومن کے لیے دل میں بغض نہ

رکھنے کی دعا ۴۰۳

## قربانی

— حج کے موقع پر قربانی کی جگہ حدودِ حرم ہے ۵۸
— جان و مال کی قربانی کس وقت زیادہ قدر و قیمت کی حامل ہوتی ہے ۲۹۹-۳۰۸

## قریش

— ان کی وہ تمام کوششیں جو وہ حق کو روکنے کے لیے کر رہے تھے آخر کار رائیگاں گئیں ۹-۱۰
— ان کی اور مسلمانوں کی باہمی کش مکش میں طرفین کی حیثیت ۳۰-۳۴-۳۵
— رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت ان کی سمجھ میں کیوں نہ آتی تھی؟ ۱۱۰-۱۱۱-۱۷۹
— اسلام اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مقابلے میں ان کی روش ۶۵-۱۱۱-۱۶۰-۱۶۱-۱۶۲-۱۷۴-۱۸۹-۲۲۲-۲۲۳-۲۲۶-۲۲۸-۲۳۱-۴۲۴
— ان کی اس روش پر اللہ تعالیٰ کی تنبیہ ۲۶-۱۶۰-۱۹۰-۲۲۷-۲۳۱-۲۴۰
— وہ چاہتے تھے کہ حضورؐ پر کوئی آفت آئے اور ان کی جان چھوٹے ۱۷۳
— وہ آپؐ کے خلاف جان بوجھ کر جھوٹا پروپیگنڈا محض عناد کی بنا پر کرتے تھے ۱۷۴
— وہ خواہشات نفس کے پیرو تھے ۲۳۱
— ان کی ہٹ دھرمی ۱۸۳
— ان کی گمراہی اور عناد کی وجہ بس یہ تھی کہ وہ ایمان نہ لانا چاہتے تھے ۱۷۴
— ان کو چیلنج کہ حقیقت کو جاننے کا ذریعہ تو رسول ہی ہیں اگر تم کوئی ذریعہ رکھتے ہو تو کھلی دلیل لاؤ ۱۷۹ تا ۱۸۲
— وہ معجزے مانگتے تھے حالانکہ اگر انھیں معجزے دکھا بھی دیے جاتے تو وہ کوئی نہ کوئی تاویل کر ڈالتے ۱۸۳-۱۸۴
— معجزہ شق القمر کو انھوں نے جادو قرار دیا ۲۳۱
— قریش قرآن مجید کو سنجیدہ توجہ کے قابل ہی نہ سمجھتے تھے ۲۹۴-۲۹۵
— انھوں نے ایک صحابیؓ کو قرآن پڑھنے کی کیا سزا دی ۲۴۵-۲۴۶
— وہ قرآن کی آواز سننا برداشت نہ کرتے تھے ۲۴۵
— وہ قرآن مجید کو اپنے معاشی مفاد کے لیے مضر سمجھتے تھے ۲۹۴-۲۹۵
— حضورؐ کا قریش کو کہنا کہ تم بھی خدا کے فیصلے کا انتظار کرو، میں بھی کرتا ہوں ۱۷۳
— ان کی اس بات پر حیرانی کہ خبردار کرنے والا ہم میں سے کیسے آ گیا؟ ۱۰۸-۱۰۹
— ان کا حضورؐ پر یہ الزام کہ آپ نے قرآن خود تصنیف کر لیا ہے اور اس کا جواب ۱۷۴ تا ۱۷۹
— ان کے اس الزام کا جواب کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کاہن ہیں اور جن اور شیطان آپ پر یہ کلام القا کرتے ہیں ۲۹۰-۲۹۱
— ان کا اپنی قوت پر گھمنڈ اور اس کی حقیقت ۲۴۰
— قریش سے زیادہ زور آور بستیوں کو اللہ نے ہلاک کر دیا اور کوئی انھیں بچانے والا نہ تھا ۲۱
— اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ کفار قریش پر تنبیہات کارگر نہیں ہوتیں اس لیے انھیں ان کے حال پر چھوڑ

دو ۲۳۲
— انھوں نے جب صلح حدیبیہ توڑ دی تب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ پر چڑھائی کی ۴۲۲
— اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ جو باتیں یہ لوگ بنا رہے ہیں اللہ وہ سب جانتا ہے ۱۲۸
— حضورؐ کے خلاف ان کی تدبیروں اور سازشوں کا جواب ۱۸۱-۱۸۲
— ان کی ناکامی کی صاف صاف پیشن گوئیاں ۲۴۰-۴۰۸-۴۷۶
— انھوں نے مسلمانوں کو صرف اس لیے مکہ سے ہجرت پر مجبور کیا کہ وہ اللہ پر ایمان لائے تھے ۴۲۲
— انھوں نے محض جاہلانہ حمیت کی بنا پر حضورؐ اور مسلمانوں کو حج اور عمرہ سے روکا ۶۰
— وہ کافر و مشرک اور سرکش تھے ۵۸-۶۰-۱۷۳-۱۷۴-۱۸۱-۱۸۲-۲۰۶
— ان کے چند خود ساختہ معبود ۲۰۶-۲۰۷
— اپنے بنائے ہوئے معبودوں کی عبادت و پرستش کے لیے ان کے پاس کوئی سند نہ تھی بلکہ صرف باپ دادا کی تقلید اور اپنے وہم و گمان اور خواہشات نفس کی پیروی تھی ۲۰۸
— ان کے اس دین پر طنز جس پر وہ بعثت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت چل رہے تھے ۱۹۰
— قیامت کے روز کفار قریش کی حالت ۲۴۰

**قضا و قدر**

— دیکھو "تقدیر"

**قیامت**

— قرب قیامت کا ذکر ۱۹۱-۲۲۲-۲۲۳-۲۲۴-۲۲۸-۲۳۰
— معجزہ شق القمر قیامت کے قرب کی علامت تھا ۲۲۸
— رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت بھی قرب قیامت کی علامت تھی ۲۴
— عالم بالا میں ہی یہ فیصلہ ہونا ہے کہ انسان کو جزائے اعمال کے لیے کب بلایا جائے ۱۴۳
— قیامت کا برپا ہونا اللہ کے صرف ایک حکم پر موقوف ہے ۲۴۱
— اس کا وقت مقرر کیا جاچکا ہے ۲۸۳
— اس کو برپا کرنا اللہ کے لیے بالکل آسان ہے ۵۳۴-۵۳۶
— تمام انبیاء ہر زمانے میں اس کے آنے کی خبر دیتے رہے ہیں ۱۶۵
— اس کی آمد کے وقت کا کسی کو علم نہیں ۱۳۷
— اللہ کے سوا اس کی آمد کو کوئی ٹال نہیں سکتا ۲۲۲-۲۲۳
— اس کو جھٹلانے والوں کا دردناک انجام ۱۶۶-۱۸۳
— روز قیامت کی کیفیت ۱۱۸ تا ۱۲۷-۲۳۲-۲۳۳-۲۴۰
— اس روز زمین پھٹ جائے گی ۱۲۷
— زمین ہلا ڈالی جائے گی ۲۷۶-۲۷۷
— پہاڑ اڑتے پھریں گے ۱۶۶-۲۷۶-۲۷۷-۲۸۲-۲۸۳
— آسمان ڈگمگائے گا ۱۶۳-۱۶۶
— آسمان رنگے ہوئے چمڑے کی طرح سرخ ہو

جائے گا ۲۶۴
— اس دن کے ہولناک مناظر ۱۲۷-۱۶۶-۲۲۸-
۲۳۲-۲۴۰-۲۶۴-۲۷۶-۲۷۷
— قیامت میں زمان و مکان کے اعتبارات کتنے بدلے ہوئے ہوں گے ۱۲۷
— روز قیامت کو منادی کی جائے گی ۱۲۵-۱۲۷
— اس روز تمام لوگ اللہ کے حضور پیش ہوں گے ۱۱۸
— وہ جزا و سزا کا دن ہے ۱۳۲- ۱۳۵- ۱۳۶-
۱۶۷-۲۸۴-۴۲۵
— اس روز جنوں اور انسانوں سے پورا پورا حساب لیا جائے گا ۲۶۲-۲۶۳
— قیامت کے روز فیصلے کے بعد متقین کے جنت پہنچنے میں کوئی تاخیر نہ ہوگی ۱۲۲
— اس روز منافقین اللہ کے حضور بھی جھوٹ بولنے کی جسارت کریں گے ۳۶۵
— اس روز مجرمین کے گناہ چھپ نہ سکیں گے ۲۶۴-
۲۶۵
— وہ ہار جیت کا دن (یوم تغابن) ہوگا ۵۳۶ تا
۵۴۰
— اس روز تمام انسانوں کو تین گروہوں میں بانٹ دیا جائے گا ۲۷۷ تا ۲۸۵
— اس روز رشتہ داریاں اور اولاد کسی کام نہ آئیں گی اور ہر شخص ذاتی حیثیت میں اپنے اعمال کا ذمہ دار ہوگا ۴۲۴-۴۲۵
— اس روز منکرین کو کیسی سزا دی جائے گی ۱۳۵-
۱۳۶- ۱۶۶- ۱۸۳- ۲۳۲- ۲۶۵- ۲۶۶-
۲۸۲ تا ۲۸۴
— اس روز انسان کے سامنے ساری حقیقت کھل جائے گی ۲۸۶
— قیامت یقیناً واقع ہونے اولی ہے اور جب وہ آئے گی تو پھر کوئی اسے جھٹلانے والا نہ ہوگا ۲۷۶
— اس روز کسی کی کوئی چال کام نہ آئے گی ۱۸۳
— وہ دن کفار کے لیے بڑا سخت ہوگا ۲۳۲-۲۴۰
— اس دن مجرمین کو پیشانی کے بالوں سے پکڑ کر گھسیٹا جائے گا ۲۶۵
— اس دن کفار کو آگ میں ڈالا جائے گا ۱۱۹-۱۲۱-
۱۶۶-۱۶۷-۲۴۰-۲۶۵-۵۴۱
— اس دن مجرمین آگ اور کھولتے ہوئے پانی کے درمیان دوڑتے پھریں گے ۲۶۵
— اس کے آنے سے پہلے بھی ظالموں کو دنیا میں عذاب کا مزہ چکھایا جاتا ہے ۱۸۳
(مزید تفصیل کے لیے دیکھو ''آخرت''، ''حشر'' اور ''زندگی بعد موت'')

# ک

## کافر

— دیکھو ''کفر''

## کائنات

— اس کی حقیقت ۵۲۴-۵۲۵
— اللہ کائنات کی بادشاہی کا مالک ہے ۵۱- ۲۱۱-
۳۰۲-۳۰۴
— پوری کائنات میں اللہ کی حکمرانی چل رہی ہے
۵۲۷
— کائنات کے سارے لشکر اللہ کے قبضے میں ہیں
۴۵-۴۸

— کائنات کی ہر چیز اللہ کی تسبیح کر رہی ہے ۳۰۱-۳۸۱-۴۱۵-۴۵۴-۴۸۵-۵۲۷
— اللہ ہی کے لیے کائنات کی میراث ہے ۳۰۸
— اللہ ہی کائنات کے خزانوں کا مالک ہے ۵۲۱
— اللہ دونوں مشرقوں اور دونوں مغربوں کا مالک ہے ۲۵۶-۲۵۸
— پورا نظام کائنات وجود باری تعالیٰ کی شہادت دیتا ہے ۵۲۷
— اللہ نے کائنات کو چھ دن میں پیدا کیا ۱۲۴-۳۰۳
— کائنات ایک ہی دفعہ بن کر مکمل نہیں ہوگئی ہے بلکہ اس میں برابر توسیع ہو رہی ہے اور اللہ کی قدرت کے نئے نئے کرشمے رونما ہو رہے ہیں ۱۵۰-۱۵۱
— نظام کائنات کے مختلف عوامل ۱۳۲-۱۳۳
— کائنات میں ہر چیز جوڑا جوڑا یعنی اصول تزویج پر بنائی گئی ہے ۱۵۱
— کائنات کو برحق پیدا کیا گیا ہے ۵۲۹-۵۳۰
— کائنات ایک بامقصد اور باقاعدہ نظام ہے ۱۳۳-۱۳۴-۱۴۱-۱۴۲-۲۵۰-۲۵۱-۵۲۷
— پوری کائنات مسلسل و منظم ہے اور اس میں کہیں کوئی رخنہ نہیں ہے ۱۱۰-۱۱۲
— سورج اور چاند ایک زبردست اور اٹل ضابطے کے پابند ہیں ۲۵۰
— فطرت کائنات یہ تقاضا کرتی ہے کہ ہر جگہ عدل و انصاف ہو کیونکہ یہ خود عدل پر قائم کی گئی ہے ۲۵۱-۲۵۲-۴۱۶
— سلطنت کائنات میں قانون طبیعی کے ساتھ ساتھ قانون اخلاقی بھی کارفرما ہے ۱۴۳
— کائنات کے تمام معاملات فیصلے کے لیے اللہ ہی کی طرف رجوع کرتے ہیں ۳۰۴
— کائنات میں ہر چیز کی حاجتیں ہر آن نئی شان سے پوری ہو رہی ہیں ۲۶۱
— کائنات کی ہر چیز کو اللہ براہ راست جانتا ہے ۱۰۲-۳۵۷-۵۲۹
— اس دنیا میں انسان اور جن ہی بااختیار مخلوق ہیں ۱۵۵
— زمین کے علاوہ بھی کائنات میں زندہ مخلوقات موجود ہیں ۵۸۱ تا ۵۸۳
— اس کائنات سے فرار کسی مخلوق کے لیے ممکن نہیں ہے ۲۶۳
— کائنات خداوندی کے اسرار انسانی فہم کی رسائی سے بالا ہیں ۲۰۰
— قرآن میں کائنات کی حقیقتوں کی طرف اشارات کس مقصد کے لیے کیے گئے ہیں ۵۸۲
— کائنات میں کہکشانوں کا عظیم الشان نظام ۱۱۱

## کاہن

— معنی اور مفہوم ۱۷۲-۱۷۳
— قریش کے لوگ حضورؐ پر کاہن ہونے کا بہتان لگاتے تھے ۱۱۰-۱۷۲-۱۷۳

## کتاب

— انسان کی تعلیم کے لیے اللہ کی طرف سے کتاب اور اس کے ساتھ رسول کا آنا عین تقاضائے فطرت و رحمت ہے ۲۴۸ تا ۲۵۰

— کتاب کے نزول کو بارش سے تشبیہہ دی گئی ہے ۳۱۴
— انبیاء سبقین کے صحیفوں کو کتاب مسطور کہا گیا ۱۶۲
— آخرت پر کتب مقدسہ سے استدلال ۱۶۴
— زمانہ قدیم میں کتب آسمانی کو کس طرح محفوظ کیا جاتا تھا ۱۶۲

کفارہ

— گناہ کے بعد خدا کا مقرر کردہ کفارہ ادا کرنا ایمان کا تقاضا ہے ۲۵۵ تا ۳۵۷
— مالی کفارے ادا کرنے میں بیت المال سے بھی غریب آدمی کی مدد کی جاسکتی ہے ۲۴۳-۳۵۳
— کفارہ ظہار کے روزوں کے لیے دیکھو ''قانون اسلام، قانون نکاح وطلاق''

کفر

— معنی اور مفہوم ۹-۵۴۱
— حقیقی کفر اور قانونی کفر کا فرق ۵۱
— کافر کون ہیں ۱۹-۲۰-۲۸-۱۰۱-۱۱۹
— کٹے کافر کی خصوصیات ۱۱۹-۱۲۰
— کافر اور مومن کا فرق ۱۰-۱۱
— کفار مومنوں کے پکے دشمن ہیں ۴۲۴
— کافر و مومن برابر نہیں ہو سکتے ۲۱-۲۲
— اللہ کے احکام کی دانستہ نافرمانی پر لفظ ''کفر'' کا اطلاق ۳۵۵-۳۵۶
— انسان اپنی مرضی سے کفر اختیار کرتا ہے، اس لیے وہ اپنے کفر کا ذمہ دار ہے ۵۲۸
— کفر کا انجام دنیا اور آخرت میں ۱۰-۱۹-۲۰-۲۱-۲۹-۳۰-۵۱-۱۵۷-۱۸۳-۲۹۶-۳۱۷-۳۵۵-۵۳۲-۵۳۳-۵۴۱
— کفار کے لیے دنیا کی چند روزہ زندگی کے مزے ہیں جس میں وہ جانوروں کی طرح کھا پی رہے ہیں لیکن ان کا آخری ٹھکانا جہنم ہی ہے ۲۱
— ان کے لیے جہنم اور کھولتا ہوا پانی مقدر ہے ۲۹۶-۳۱۷-۵۴۱
— کفار و منافقین کا انجام ایک ہوگا ۳۱۳
— کافروں کے اعمال کو اللہ ضائع کر دیتا ہے ۹-۱۱-۱۹-۲۰-۲۹-۳۰
— کفر کے ساتھ کوئی نیکی اللہ کے ہاں مقبول نہیں ہے ۹-۱۰
— کفر ہی اصل گمراہی ہے، اعمال خواہ نیک ہوں یا بد ۱۹-۲۰
— کفار کے لیے ان کے اعمال خوش نما بنا دیے گئے ہیں اور ان کے دلوں پر خواہشات نفس کی پیروی کی وجہ سے ٹھپہ لگا دیا گیا ہے ۲۱-۲۳
— کافروں کو اللہ غلط کاموں ہی کی توفیق دیتا ہے ۹
— کافر باطل کے پیرو ہیں ۱۰
— اللہ چاہے تو کفار کو خود ہی تہس نہس کر دے لیکن وہ یہ کام مومنوں سے کرواتا ہے کہ طرفین کا امتحان ہو ۴۵-۴۸
— کافر اللہ کو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتے ۳۰
— ان کا کوئی مولیٰ نہیں ہے ۲۰
— مرتے دم تک جو لوگ کفر پر قائم رہیں اللہ انھیں

کبھی معاف نہ کرے گا ۳۰
— قیامت کے روز کفار کی دردناک حالت ۱۸۳-۲۳۲
— کفار آخرت کو ناممکن سمجھتے ہیں اور اس سے مایوس ہیں ۱۰۶-۴۵۰-۵۳۴
— مرنے کے وقت کافروں کا برا حال ہوتا ہے ۲۹۵-۲۹۶
— کفار محض مذاق کے طور پر پوچھتے تھے کہ قیامت کب آئے گی ۱۳۵-۱۳۷
— کفار کو دھمکی کہ آخرت سے متعلق جو باتیں تم بنا رہے ہو، اللہ ان سے واقف ہے ۱۲۸
— کفار ہر ملک اور ہر زمانے میں ایک جیسی ہٹ دھرمی اختیار کرتے ہیں اور انکار حق کا وصف ان میں ہمیشہ مشترک رہا ہے ۱۵۳
— کفار ہمیشہ حق کی مخالفت کے لیے عقل کو دلیل بناتے ہیں حالانکہ عقل سے ان کو کوئی واسطہ نہیں ۱۰۸-۱۰۹
— معجزہ شق القمر دیکھ لینے کے بعد کافروں نے کہا کہ یہ تو جادو ہے ۲۳۱
— کافروں کو خواہ کتنا ہی ناگوار گزرے اللہ کا نور (اسلام) پھیل کر رہے گا ۴۷۶
— کافروں کی چالیں ان ہی پر الٹ دی جائیں گی ۱۸۱-۱۸۲
— کفار مومنوں کے پکے دشمن ہیں اور مسلمانوں کو ہاتھ اور زبان سے زک پہنچانے پر کمر بستہ رہتے ہیں ۴۲۴
— کفار چاہتے ہیں کہ مسلمان کفر اختیار کرلیں ۴۲۴
— اسلام کے مقابلے میں کفار کی چالیں اور سازشیں ۱۷۲
— اہل کفر میں سے جو لوگ مسلمانوں کو نقصان پہنچانے کی کوشش نہ کریں ان کے ساتھ بھلائی کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے ۴۳۲-۴۳۳
— جو کافر اسلام اور مسلمانوں کو زک پہنچانے میں سرگرم ہوں ان سے دوستی ممنوع ہے ۴۲۲-۴۳۲-۴۵۰
— کفار اپنی شامت اعمال کا مزہ چکھ کر ہی رہیں گے ۵۳۲-۵۳۳
— کفار رحمت خداوندی سے مایوس ہوتے ہیں ۴۵۰

## گ

### گمان

— گمان کی مختلف اقسام اور ان میں جائز و ناجائز کا فرق ۸۷-۸۸
— کفار و مشرکین گمان کی پیروی کرتے ہیں ۲۰۸-۲۱۰
— آخرت کے بارے میں گمان کی بنا پر مختلف رائیں قائم کرنے والوں کا انجام ۱۳۵-۱۳۶-۲۰۸
— گمان علم حق کے مقابلے میں کسی کام نہیں آسکتا ۲۱۰
(مزید دیکھو ''اخلاقی تعلیمات'')

### گمراہی

— دیکھو ''ضلالت''

### گناہ

— گناہ کبیرہ اور گناہ صغیرہ کا فرق ۲۱۲-۲۱۳
— بڑے بڑے گناہوں سے بچنے والے اہل ایمان کے لیے مغفرت ہے ۲۱۱

## ل

**لات**

— دیکھو ''بت پرستی''

**لعنت**

— کیسے لوگ اللہ کی لعنت کے مستحق ہیں ۲۶-۴۷

**لوط علیہ السلام**

— ان کی قوم نے ان کی نبوت اور آخرت کا انکار کیا ۱۱۴-۲۳۸

— قوم لوطؑ کی اخلاقی پستی ۲۳۹

— حضرت لوطؑ کے مہمانوں سے بدکاری کی نیت کرنے والوں کو اندھا کر دیا گیا ۲۳۹

— قوم لوط پر عذاب کی آمد اور اس کی کیفیت ۱۴۶-۲۲۱-۲۲۲-۲۳۸-۲۳۹

— وہ ایک مجرم قوم تھی ۱۴۶

— حضرت لوطؑ اور مومنین کا بفضل خدا عذاب سے بچ جانا ۱۴۶-۲۳۸

— عذاب نے قوم لوطؑ کا سب کچھ مٹا ڈالا اور صرف ایک نشان عبرت رہنے دیا گیا ۱۴۶ تا ۱۴۸

— حضرت ابراہیمؑ کے زمانے میں یہ قوم مبتلائے عذاب ہوئی تھی ۱۴۵-۱۴۶-۲۲۳

## م

**متقین**

— دیکھو ''تقویٰ''

**مجرمین**

— دیکھو ''جرم''

**محمد صلی اللہ علیہ وسلم**

— آپؐ کی بعثت سے پہلے اہل عرب گمراہی میں مبتلا تھے ۴۸۷-۴۸۸

— آپؐ اللہ کے آخری نبی ہیں ۲۴
(مزید دیکھو ''ختم نبوت'')

— آپؐ کی بعثت قرب قیامت کی علامت ہے ۲۴

— آپؐ کو ہدایت اور دین حق کے ساتھ بھیجا گیا ۶۲-۴۷۷

— آپؐ پوری دنیا کے لیے ہادی بنائے گئے ۴۸۸

— آپؐ کی بعثت کے بنیادی مقاصد اور وہ کار عظیم جس کے لیے آپؐ کو بھیجا گیا ۶۲-۶۳-۴۷۷-۴۸۵ تا ۴۸۷-۵۸۰

— آپؐ کا پیغام بالکل سچا تھا ۱۹۲-۱۹۳-۱۹۷-۱۹۸

— آپؐ اللہ کے رسول ہیں ۵۱-۵۴-۶۱-۶۲-۶۳-۷۰-۷۲-۱۵۱-۱۵۲-۳۶۳-۳۶۵-۳۶۶-۳۹۵-۴۷۷-۴۸۵-۴۸۶-۵۱۶-۵۱۹-۵۲۱-۵۳۶

— قرآن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کیا حیثیت بیان کرتا ہے ۲۹-۳۰-۴۳ تا ۴۵-۴۸-۴۹-۵۱-۵۷-۵۸-۶۱-۶۲-۶۳-۷۰ تا ۷۳-۱۰۸-۱۲۸-۱۵۱ تا ۱۵۴-۱۷۱ تا ۱۷۴-۱۹۲ تا ۱۹۶-۱۹۸-۲۰۱-۳۰۴-۳۰۶-۳۳۳-۳۳۴-۳۶۲-۳۶۳-۳۹۲ تا ۳۹۴-۴۶۱-۴۷۷-۴۸۵ تا ۴۸۸-۵۱۹

— آپؐ کو شاہد، مبشر اور نذیر بنا کر بھیجا گیا ہے ۴۸-۱۵۱-۲۲۲-۴۶۱

— بحیثیت رسول آپ کی اطاعت لازمہ ایمان ہے ۳۰-۵۴-۱۰۱-۳۶۳-۵۴۳

— آپؐ کا ہر امر و نہی امت کے لیے واجب الاتباع ہے ۳۹۲ تا ۳۹۴

— اگر کوئی اطاعت سے منہ موڑتا ہے تو آپؐ کی ذمہ داری حق پہنچا دینے کے سوا کچھ نہیں ہے ۵۴۳

— آپؐ کا کام جبراً لوگوں کو ہدایت دینا نہ تھا ۱۲۸

— آپؐ خالص ہدایت لے کر آئے ہیں ۴۷۷

— آپؐ کی اور قرآن کی پیروی ہی میں نوع انسانی کے لیے فلاح اور نجات ہے ۱۰-۵۸۰-۵۸۱

— آپؐ کی اطاعت کو بھی اطاعت فی المعروف کی شرط سے مشروط کیا گیا ۴۴۵ تا ۴۴۷

— آپؐ صاف صاف خبردار کر دینے والے ہیں اور اس سے زائد آپ کی کوئی ذمہ داری نہیں ہے ۱۲۸-۱۵۱-۱۵۲

— آپؐ کی شخصی اور پیغمبرانہ حیثیت میں آپؐ کے افعال کو کس طرح تقسیم کیا جا سکتا ہے ۱۹۴-۱۹۵

— آپؐ کی حیثیت امارت اور حیثیت پیغمبرانہ کے بارے میں ایک توضیح ۴۴۷-۴۴۸

— آپؐ کے سپرد چار کام کیے گئے: تلاوت آیات، تزکیہ نفوس، تعلیم کتاب اور تعلیم حکمت ۴۸۵- تا ۴۸۷

— آپؐ نے اللہ کی طرف سے ایسے احکام بھی دیے ہیں جو قرآن میں نہیں ہیں ۴۹۲

— آپؐ پر قرآن کے علاوہ بھی وحی نازل ہوتی تھی ۶۱-۶۲-۳۸۶-۴۲۲-۴۹۲

— آپؐ بحیثیت معلم و مربی ۴۸۵-۴۸۶

— آپؐ بحیثیت شارع ۳۹۲-۳۹۳

— آپؐ بحیثیت حاکم و فرماں روا ۳۰۱-۴۹

— آپؐ اسلامی ریاست کے سربراہ تھے ۳۸۲

— آپؐ پر قرآن کے علاوہ میزان بھی نازل کی گئی ۳۲۱

— آپؐ کی بعثت کے بعد آپ کی نبوت اور آپؐ پر نازل شدہ تعلیمات کو ماننا تمام دنیا کے لیے لازمہ ایمان ہے ۱۰-۴۸-۱۰۱

— آپؐ کی رسالت پر مخالفین کے مختلف اعتراضات ۱۰۸- ۱۰۹- ۱۷۲- ۱۷۳- ۱۷۴ تا ۱۷۶- ۲۳۶-۲۳۷-۲۹۰-۲۹۱-۵۳۳

— منکرین آپؐ کی دعوت پر تعجب کا اظہار کرتے تھے ۱۰۸-۲۲۳

— آپؐ کی رسالت کے حق میں دلائل ۱۰۸-۱۰۹-۱۱۱-۱۸۰-۱۹۲-۱۹۳-۲۲۹-۲۳۰-۴۸۷-۴۸۸

— آپؐ کی ساری زندگی بے داغ تھی اور ساری قوم کے سامنے تھی ۱۱۱-۵۳۵

— آپؐ اللہ کی نگرانی و ہدایت کے تحت کام کرتے تھے اور اللہ نے آپؐ کو رسول بنا دینے کے بعد اپنے حال پر چھوڑ نہیں دیا تھا ۱۸۴

— آپؐ کو کفار نے جھٹلایا ۱۱-۲۲۹

— آپؐ کو مجنون کہا گیا ۱۷۲-۱۷۳

— آپؐ کو کاہن کہا گیا ۱۷۲-۱۷۳

— آپؐ کو شاعر کہا گیا ۱۷۳

— آپؐ کو جادوگر کہا گیا ۲۳۱-۴۷۶

— آپؐ کو سچا جانتے ہوئے بھی کفار نے ہٹ دھرمی سے آپ کا انکار کر دیا ۱۱۰-۱۱۱-۱۳۱

— آپؐ پر کہانت کے الزام کی لغویت ۱۷۳

— آپؐ کو مجنون اور کاہن کہنے والوں کے الزام کی تردید ۱۷۱-۱۷۲-۱۷۳

— آپؐ کو کاہن اور قرآن کو جن اور شیطان کا القا کردہ کلام کہنے والوں کو جواب ۲۹۰-۲۹۱

— آپؐ قرآن کے مصنف نہیں بلکہ یہ اللہ کا کلام ہے ۲۴۸

— آپؐ پر قرآن کی تصنیف کا الزام لگانے والوں کو جواب ۱۷۴ تا ۱۷۹-۲۴۸

— آپؐ کا کلام اپنی مثال آپ ہے ۱۷۸-۱۷۹

— آپؐ کا کلام وحی ربانی کے تابع تھا ۱۷۸-۱۷۹-۱۹۳-۱۹۴

— آپؐ کے خلاف قریش کی تدابیر ۱۱۰-۱۳۱-۱۷۲-۱۷۳-۱۸۲-۱۸۸-۱۸۹-۲۲۹-۲۳۱

— معجزہ دکھانے کے لیے ہٹ دھرم مخالفین کا مطالبہ اس لیے پورا نہیں کیا گیا کہ کوئی معجزہ دیکھ کر بھی وہ ایمان لانے والے نہ تھے ۱۶۱

— آپؐ کی صداقت پر قرآن کی گواہی ۱۹۷-۱۹۸-۵۳۵

— حضورؐ کی بعثت خود ایک معجزہ تھی ۴۸۸

— آپؐ سے اللہ کا وعدہ کہ کفار کی تدابیر آپ کے مقابلے میں کامیاب نہ ہوں گی ۱۰-۱۲۸

— اللہ کا وعدہ کہ وہ آپؐ کے مخالفوں کو تباہ کرے گا ۲۰-۱۸۲-۱۸۳

— اللہ کا وعدہ کہ وہ ان لوگوں کو سزا دے گا جنھوں نے آپؐ کو مکہ سے نکالا تھا ۲۱

— آپؐ کے جاں نثار صحابہؓ کی جاں بازی سے دشمن خائف رہتے تھے ۴۰۶-۴۰۷

— حدیبیہ کے موقع پر آپؐ کی غیر معمولی شان جسے دیکھ کر دشمن مرعوب ہو گئے ۳۷

— شق القمر کا واقعہ ۲۲۶-۲۲۹

— کیا یہ واقعہ آپؐ کی رسالت کے حق میں معجزہ دکھانے کے لیے پیش آیا تھا؟ ۲۳۰

— اس واقعہ کی صداقت پر مخالفین کے اعتراضات کا جواب ۲۳۰-۲۳۱

— تخلیہ میں آپؐ سے بات کرنے کے لیے صدقہ ادا کرنے کا حکم اور اس حکم کی منسوخی ۳۶۲ تا ۳۶۴

— دین میں آپؐ کا بلند مقام ۷۰ تا ۷۳

— اللہ کے نزدیک وہی متقی ہیں جو آپؐ کے ادب کو ملحوظ رکھیں ۷۲

— وہ آداب جو آپؐ سے بات کرنے کے لیے لوگوں کو سکھائے گئے ۷۰ تا ۷۲

— وہ آداب جو آپؐ کے ہاں حاضری کے لیے مسلمانوں کو سکھائے گئے ۷۲-۷۳

— ان لوگوں کو سرزنش جو حضورؐ کی موجودگی میں اپنی رائے منوانے کی کوشش کرتے تھے ۷۵

— اللہ اور اس کے رسول ہی کے لیے عزت ہے ۵۲۱

— آپؐ کے سامنے اونچی آواز سے بولنا بھی ایمان غارت کر دینے والی چیز ہے ۷۰

— آپؐ کو استغفار کا حکم اور اس کی تشریح ۲۴-۲۵

— آپؐ کے لیے مغفرت اور اتمام نعمت کی بشارت ۴۳-۴۴

— آپؐ کو اللہ کی طرف سے سیدھا راستہ دکھائے جانے کا مطلب ۴۴

— اللہ تعالیٰ کی طرف سے آپؐ کو صبر کی تلقین ۱۲۵-۱۸۴

— آپؐ کی بعثت تمام نوع انسانی کی طرف ہمیشہ کے لیے ہے ۴۸۷-۴۸۸

— آپؐ کی دعوت وہی تھی جو پچھلے انبیاء کی تھی ۳۸۵
— آپؐ کی بعثت اللہ کی حکمت وقدرت کا کرشمہ ہے ۴۸۸
— وہ امور جن میں آپؐ نے اپنی ذاتی رائے سے کوئی بات فرمائی ۱۹۵
— جن معاملوں میں اللہ کا حکم نہ ہوتا ان میں آپؐ اجتہاد فرماتے تھے ۳۸۷
— آپؐ کے جن اجتہادات کی اصلاح کے لیے قرآن میں کوئی حکم نہیں آیا وہ درحقیقت اللہ تعالیٰ کی طرف سے توثیق شدہ ہیں ۳۸۷-۳۸۸
— آپؐ ہمیشہ احسان کا بدلہ احسان سے دیتے تھے ۱۶
— آپؐ کے اخلاق عالیہ کس طرح دشمنوں کو دوست بناتے تھے ۱۶-۱۷
— جنگ میں آپؐ کا حسن تدبر ۱۷
— فتح پا کر دشمنوں سے آپؐ کا برتاؤ ۱۶-۱۷-۹۸
— آپؐ کی اولوالعزمی جو حدیبیہ کی مہم میں ظاہر ہوئی ۳۴
— آپؐ کا غیر معمولی تدبر ۳۶-۳۷-۳۹-۴۲-۵۱۲ تا ۵۱۴
— آپؐ کے وفائے عہد کی ایک بے نظیر مثال ۳۹-۴۰
— آپؐ کے دشمن بھی آپ کی صداقت کے قائل تھے ۵۳۵
— اللہ نے آپؐ کی ہر اگلی پچھلی لغزش کو معاف کر دیا پھر بھی آپؐ عبادت میں غیر معمولی مشقت اٹھاتے تھے ۴۳-۴۴
— آپؐ ایک سچے انسان تھے، آپ کبھی اپنی زندگی میں راہ حق سے نہ بھٹکے، نہ فاسد خیالات سے متاثر ہوئے اور نہ خواہشات نفس کی پیروی میں کبھی زبان سے ایک لفظ نکالا ۱۹۲-۱۹۳
— آپؐ کو تمام مخالفتوں اور مشکلات کے باوجود دعوت و نصیحت کا کام جاری رکھنے کی ہدایت ۱۳۱-۱۵۴
— آپؐ کو سرکش منکرین سے رخ پھیر لینے کا حکم کس معنی میں دیا گیا تھا ۱۵۲-۱۵۳-۱۵۴-۲۱۰-۲۳۲
— آپؐ دعوت و تذکیر کے لیے کسی اجر کے طالب نہ تھے ۱۸۱
— آپؐ تک تعلیمات الٰہیہ کیسے پہنچتی تھیں ۱۹۹
— آپؐ کو خفیہ امور پر اللہ تعالیٰ کس طرح مطلع فرماتا تھا ۴۲۳
— آپؐ کا حضرت جبریلؑ کو اصل شکل میں دیکھنا ۱۹۷-۲۰۰
— آپؐ کی معراج کا واقعہ ۱۹۸-۲۰۱
— آپؐ نے معراج میں پوری توجہ سے ہدایات ربانی سنیں ۲۰۱
— کیا آپؐ نے اللہ تعالیٰ کو آنکھوں سے دیکھا تھا؟ ۲۰۲ تا ۲۰۷
— آپؐ کی مدینہ میں تشریف آوری ۳۷۴
— یہود سے معاہدہ ۳۷۴-۳۷۵
— یہود صریحاً آپؐ کے اندر رسول برحق ہونے کی علامات پاتے تھے ۳۸۵

— بدر میں آپؐ کی کامیابی پر یہود کی گھبراہٹ ۳۷۷
— آپؐ کی طرف سے یہودیوں کو تنبیہ ۳۷۷
— آپؐ کو شہید کرنے کی یہودی سازش ۳۷۸-۳۸۲
— آپؐ کا یہودیوں کو مدینہ سے نکال دینا اور اس کے وجوہ ۳۷۸-۳۷۹-۳۸۲-۳۸۶ (مزید تفصیل کے لیے دیکھو ''غزوۂ بنی نضیر'')
— آپؐ کی مکہ پر چڑھائی ۴۲۲
— وہ کیا بنیادیں تھیں جن کی بنا پر صلی اللہ علیہ وسلم کی قیادت میں ایک زبردست عسکری تنظیم اٹھی جس نے بڑی بڑی طاقتوں کو پامال کیا اور صدیوں تک کوئی طاقت اس کا مقابلہ کرنے والی نہ تھی ۴۵۶-۴۵۷
— امت مسلمہ اگر آپ کی پیروی سے منہ موڑے گی تو اللہ اس کی جگہ دوسری قوم پیدا کردے گا ۳۲
— آپؐ بنی نوع انسان کو تاریکیوں سے نکال کر روشنیوں میں لائے ۵۸۱
— آپؐ کی دعوت پھیل کر رہی اگرچہ یہ چیز کافروں کو سخت ناگوار تھی ۴۷۶-۴۷۷
— حجۃ الوداع کے موقع پر آپؐ کا ارشاد ۹۸
— آپؐ مخلص صحابہؓ کی غلطیاں معاف فرمادیتے تھے ۴۲۳
— حضرت موسیٰ نے آپؐ کی آمد کی بشارت دی ۴۵۹-۴۶۰
— حضرت عیسیٰ نے آپؐ کی بشارت دی ۴۶۱ تا ۴۶۲
— آپؐ کا نام صرف محمدؐ ہی نہیں بلکہ احمد بھی تھا ۴۶۱
— انجیل برنا باس میں آپؐ کا نام لے کر آپ کی آمد کی خبر دی گئی تھی ۴۷۳-۴۷۴
— لفظ ''محمد'' اور ''احمد'' کے معنی ۴۶۵
— انجیل یوحنا میں فارقلیط اور منحمنا کے نام سے آپ کی بشارت ۴۶۵
— نجاشی نے آپؐ کی تصدیق کی ۴۶۶
(مزید تفصیل کے لیے دیکھو ''انجیل'')
— آپؐ کے بدترین دشمن بھی سورۂ نجم سن کر سجدے میں گر پڑے ۱۸۹
— آپؐ کے مقابلے میں مدینے کے یہودیوں اور منافقین کا ساز باز ۵۱۰ تا ۵۱۴
— منافقین کی دل آزار حرکتوں پر آپؐ کا صبر و درگزر ۳۵۹
— آپؐ منافقین کو پہچاننے کے باوجود ان سے درگزر فرماتے تھے ۵۱۰-۵۱۳
(مزید تفصیل کے لیے دیکھو ''یہود''، ''منافقین'' اور ''قریش'')

**مدینہ طیبہ**
— ہجرت مدینہ ۳۷۱-۳۷۴
— مدینہ کے ابتدائی دور میں مسلمانوں کی حالت ۶
— مدینہ طیبہ مسلمانوں کے لیے ایک پناہ گاہ تھا ۴۳۶
(مزید تفصیل کے لیے دیکھو ''ہجرت'')

**مسلم**
— دیکھو ''اسلام''

**مسیح** - ۴۷۵-۴۷۶ (مزید دیکھو ''عیسیٰ علیہ السلام'')

**مسیحی اور مسیحیت**
— دیکھو ''عیسائیت''

**مستشرقین**
— مستشرقین مغرب کا اسلام کے خلاف بغض ۱۷۳

**مشرکین**

— دیکھو "شرک"

**مصعبؓ بن عمیر**

— مدینہ میں سب سے پہلی نماز جمعہ انھی کی امامت میں قائم کی گئی ۴۹۳

**معجزات**

— معجزۂ شق القمر اور اس کی تفصیلات ۲۲۶-۲۲۸ تا ۲۳۱

— رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت بذات خود ایک معجزہ تھی ۴۸۸

— قرآن کن معنوں میں معجزہ ہے ۱۷۵ تا ۱۷۹

— حضرت ابراہیمؑ کے ہاں سو سال کی عمر میں بانجھ بیوی سے اولاد کا پیدا ہونا ۱۴۴-۱۴۵

— حضرت صالحؑ کی اونٹنی ایک معجزہ تھی ۲۳۷

— ہٹ دھرم منکرین کوئی معجزہ دیکھ کر بھی حق کے قائل نہیں ہوتے ۱۶۱

**معراج**

— واقعہ معراج ۲۰۱-۲۰۲

— آنحضورؐ نے معراج میں حضرت ابراہیمؑ کو دیکھا ۱۶۲

— یہ بحث کہ معراج میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کو دیکھا تھا یا نہیں ۲۰۱-۲۰۶

**مغفرت**

— اس کا مطلب ۲۲-۲۳

— وہ کیسے لوگوں کے لیے ہے ۶۵-۶۷-۲۱۱-۲۳۴-۴۷۷-۴۷۸-۵۴۷

— کافروں اور اللہ کے دین سے روکنے والوں کی مغفرت نہ ہوگی ۳۰

— منافقین کے حق میں کوئی دعائے مغفرت مستجاب نہیں ہوسکتی ۵۰-۵۲۰

— کبائر سے اجتناب کرنے والوں کے لیے خدا کی مغفرت ۲۱۳-۲۱۴

— مسابقت الی المغفرت کی تاکید ۳۱۸

— مومنین کو اپنے لیے اور اپنے سے پہلے گزرے ہوئے مومنوں کے لیے طلب مغفرت کا حکم ۲۱۵ تا ۲۱۸-۴۰۳-۴۳۰

— رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے لیے اور جملہ مومنین کے لیے دعائے مغفرت کا حکم ۲۵

— حضورؐ اکرم کو مسلمان عورتوں کے لیے دعائے مغفرت کا حکم ۴۲۵

— اللہ کا دامن مغفرت بڑا وسیع ہے ۲۱۳-۲۱۴

**ملائکہ**

— دیکھو "فرشتہ"

**منات** - ۲۰۶-۲۰۷ (مزید تفصیل کے لیے دیکھو "بت پرستی")

**منافقت اور منافقین**

— اسلام اور کفر کی جنگ میں اسلام کے بجائے اپنے مفاد کی فکر کرنا منافقت ہے ۷

— حکم جہاد آنے سے پہلے منافقین اچھی اچھی باتیں کرتے تھے مگر جہاد کا حکم آنے پر ان کی حالت غیر ہوگئی ۱۱-۲۵-۲۶-۴۵۴ تا ۴۵۶

— حکم جہاد کی پیروی کرنے میں مدعیان ایمان کی اپنی ہی بہتری ہے ۲۶

— حدیبیہ کی مہم کے موقع پر مدینہ اور اطراف مدینہ کے منافقین کا طرز عمل ۳۴-۳۵-۵۰-۵۱

— ان کا خیال تھا کہ اس خطرہ کے منہ میں جانے کے

بعد رسولؐ اور اصحاب رسولؐ بخیریت واپس نہ آسکیں گے ۵۱

— حدیبیہ کی مہم کے وقت منافقت دکھانے والوں کو جنگ خیبر میں شرکت سے منع کر دیا گیا اور ان سے کہا گیا کہ جب طاقت ور دشمنوں سے جنگ پیش آئے اس وقت میدان میں جا کر وہ منافقت کا داغ دھو سکتے ہیں ۵۲ تا ۵۴

— وہ مسلمانوں پر الزام رکھتے تھے کہ تم حسد کے مارے ہم کو جہاد سے محروم رکھنا چاہتے ہو ۵۳

— مدینہ کے منافقین نے یہودیوں سے دوستی گانٹھ رکھی تھی ۳۶۴-۳۷۶-۴۰۵-۴۰۷-۵۰۸ تا ۵۱۱

— منافقین مدینہ یہود بنی نضیر کو مسلمانوں کے خلاف جنگ میں مدد دینے کا یقین دلاتے تھے مگر ان کے تمام وعدے جھوٹے تھے اور وہ کبھی جنگ میں مخلص مسلمانوں کے مقابلے پر آنے کی ہمت نہ کر سکتے تھے ۴۰۶-۴۰۷

— منافقین مدینہ کا مخلصانہ تعلق نہ مسلمانوں سے تھا نہ کافروں سے ۳۶۴

— منافقت کو قرآن ''دل کی بیماری'' سے تعبیر کرتا ہے ۲۵-۲۹

— منافقین مدینہ کے اوصاف ۵۱۶ تا ۵۲۱

— اہل کتاب اور منافقین کی باہمی سازش ۴۰۶-۴۵۲

— مسلمانوں میں رہ کر دشمنان اسلام سے ساز باز کرنے والے ۲۸

— وہ حضورؐ اکرم کی کامیابیوں پر حسد سے مرے جاتے تھے ۴۰۸

— شان رسالت میں ان کی گستاخیاں ۳۵۹-۳۸۶-۵۲۱

— وہ اللہ کے راستے سے خود بھی رکتے تھے اور دوسروں کو بھی روکتے تھے ۳۶۴-۵۱۶ تا ۵۱۸

— ان پر شیطان کا تسلط ہے اور اس کے فریب خوردہ ہیں ۳۱۳-۳۶۵

— وہ شیطان کی پارٹی کے لوگ ہیں ۳۶۵

— وہ پرلے درجے کے جھوٹے لوگ ہیں ۳۶۵

— وہ جھوٹی قسموں کو اپنی منافقت چھپانے کے لیے ڈھال بناتے ہیں ۳۶۴-۵۱۶-۵۱۷

— ان کے جھوٹا ہونے پر اللہ کی گواہی ۴۰۶-۵۱۶

— وہ قیامت کے روز اللہ کے سامنے بھی جھوٹ بولیں گے ۳۶۵

— منافقین عقل سے عاری ہیں ۴۰۷

— ان کے دل آپس میں پھٹے ہوئے ہیں ۴۰۷-۴۰۸

— منافقین مدینہ کی مثال ۲۵-۲۷-۴۰۸-۵۱۷ تا ۵۱۹

— منافقین کے دلوں پر مہر لگا دی گئی ہے ۲۳-۵۱۷

— منافقین کے دل کا کھوٹ اللہ ضرور ظاہر کرے گا ۳۰

— منافق کی تین نشانیاں ۴۵۵

— منافق کی چار صفات ۳۱۲-۴۵۵

— منافق فاسق ہیں اور اللہ فاسقوں کو ہدایت نہیں دیتا ۵۲۰

— منافقین نے ایمان لانے کے بعد کفر کیا ہے ۵۱۷

— وہ اپنے مجرم ضمیر کی وجہ سے ہر وقت خوف زدہ رہتے ہیں ۵۱۹
— وہ حضورؐ کی مجلس میں بیٹھ کر بھی کورے کے کورے ہی رہتے تھے ۲۳
— وہ قرآن پر غور نہیں کرتے یا دلوں پر قفل چڑھا کر اسے پڑھتے ہیں ۲۷
— منافقین کو ان کے انداز کلام ہی سے پہچانا جا سکتا ہے ۲۹
— وہ اللہ کے بارے میں برا گمان رکھتے ہیں ۴۷
— وہ اپنی برائی کے پھیر میں خود پھنس گئے ۴۷
— وہ کہتے کچھ ہیں اور کرتے کچھ ۴۵۴
— وہ زبان سے جو کچھ کہتے ہیں دل میں وہ نہیں ہوتا ۵۰
— وہ بدباطن اور برے گمان کرنے والے لوگ ہیں ۵۱
— وہ خطرے کے آثار دیکھ کر بھاگ جاتے ہیں لیکن جہاں آسانی سے مال غنیمت مل سکے اور خطرہ کم ہو وہاں مرد میدان بن کر آجاتے ہیں ۵۲
— منافقین نے دراصل اپنے آپ ہی کو خطرے میں ڈال رکھا ہے ۳۱۲
— وہ موقع پرست، شکی اور جھوٹی توقعات کے فریب خوردہ ہیں ۳۱۲-۳۱۳
— وہ خود پسند اور بخیل ہیں ۳۲۰-۳۲۱
— وہ چھپ کر گناہ، زیادتی اور رسول کی نافرمانی کی باتیں کرتے تھے اور پھر اس پر عذاب نازل نہ ہونے کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے رسول نہ ہونے کی دلیل قرار دیتے تھے ۳۵۸-۳۵۹
— وہ مومنین کی دل آزاری کے لیے کانا پھوسیاں کرتے ہیں مگر ان کی ان کانا پھوسیوں سے مومنوں کو کوئی نقصان نہیں پہنچ سکتا الا یہ کہ اللہ ایسا چاہے ۳۶۰
— وہ ذلیل ترین مخلوق ہیں کیونکہ وہ اللہ اور رسول کا مقابلہ کرتے ہیں ۳۶۵
— ان کو ان کے مال و اولاد نے اللہ کی یاد سے غافل کر رکھا ہے ۵۲۱
— ان کا کلمہ اور نماز، روزہ اور حج قابل قبول نہیں ہے ۳۱۲
— منافق حقیقت میں مسلمان نہیں ہوتا، اگرچہ ظاہر میں وہ مسلمان بنا ہوا ہو ۵۱-۵۱۶
— مدینہ کے منافقین کن مصلحتوں کے تحت مسلمان ہوئے تھے ۹۹-۱۰۰
— ان کی موقع پرستی ۵۲-۵۳
— ان کی فتنہ پردازیاں ۵۱۱-۵۱۷-۵۲۱
— موت کے وقت فرشتے کس طرح ان کی روحوں کو عذاب دیتے ہوئے لے کر جاتے ہیں ۲۸
— قیامت کے روز انھیں بتا دیا جائے گا کہ وہ کیا کچھ کرتے رہے ہیں ۳۵۸
— ان کے سب اعمال ضائع جائیں گے ۲۹-۳۰-۳۱۲-۳۱۳
— وہ جہنمی ہیں اور ہمیشہ جہنم ہی میں رہیں گے ۳۶۵
— ان کے لیے جہنم کا عذاب ہے ۳۵۹-۳۶۴-۳۶۵-۴۰۸-۴۰۹
— ان کا انجام ۳۱۱ تا ۳۱۳
— ان پر اللہ کی مار ہے اور لعنت ۲۶-۵۱۹
— انھیں میدان حشر میں نور نصیب نہ ہوگا ۳۱۱

— ان کے اور اہل ایمان کے درمیان دیوار حائل کر دی جائے گی ۳۱۱
— اللہ منافقین کو ہرگز معاف نہ کرے گا ۵۲۰
— وہ منافقت چھوڑ کر اپنی روش بدل لیں تو اللہ غفور و رحیم ہے ۵۲
— منافقین کے حق میں کوئی دعائے مغفرت مستجاب نہیں ہوسکتی ۵۲۰
— انھوں نے انتہائی غرور اور تکبر کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنے لیے مغفرت کی دعا کروانے سے انکار کر دیا ۵۱۹-۵۲۰
— ان میں سے کچھ لوگوں نے اگر مغفرت کی استدعا کی بھی تو محض زبانی جمع خرچ کے لیے ۵۰
— اللہ کے عذاب سے ان کو نہ ان کا مال بچا سکتا ہے اور نہ اولاد ۳۶۴-۳۶۵
— کفار و منافقین کا آخرت میں ایک ہی انجام ہوگا ۳۱۳
— کھلی غداری کرنے والے منافقین واجب القتل ہیں ۵۱۴
— وہ اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کرتے ہیں ۳۶۶
— وہ مسلمانوں کے پکے دشمن ہیں ۵۱۹
— مسلمانوں کو ان سے ہوشیار رہنے کی تلقین ۵۱۹
— ان کی شرارتیں اور ان پر سرزنش ۳۳۷-۵۲۱
— منافقین مدینہ اور کفار مکہ کی باہمی مشابہت اور دونوں کی اسلام کے مقابلے میں نامرادی ۴۰۸
— منافقانہ طرز عمل اسلام کے لیے ناکارہ ہے ۲۷
— وہ ہرگز ساتھ باندھے رکھنے کے قابل نہیں ہیں، انھیں الگ کرنا ہوگا ۵۳
— ان کی خفیہ سازشوں کو اللہ جانتا ہے ۲۸
— اللہ چاہے تو منافقین کو بے نقاب کر دے ۲۹
— ان کے معاملے میں اللہ کے فیصلے کو کوئی نہیں روک سکتا ۵۰
— منافقین کو تنبیہ کہ خواہ تم دو آدمی ہو یا اس سے زیادہ جس وقت تم خفیہ ساز باز کرتے ہو اس وقت اللہ تمھارے درمیان موجود ہوتا ہے ۳۵۸
— ان کو سرگوشیوں سے منع کیا گیا مگر وہ ان سے باز نہ آئے ۳۵۸-۳۵۹
— قرآن حکیم منافقین کے نفاق پر گرفت ہی نہیں کرتا بلکہ ساتھ ساتھ نصیحت بھی کرتا ہے ۴۰۹

**منکرین حدیث**

— ان کے دلائل کا ابطال:
۱- جنوں کے بارے میں ۱۵۶
۲- اسلام کے معاشی نظام کے بارے میں ۲۱۵
۳- حضورؐ کی حیثیت امارت اور حیثیت رسالت کے بارے میں ۱۹۴- ۱۹۵- ۴۴۷-۴۴۸

**موت**

— سکرات موت ۱۱۶-۲۹۵
— موت سے انسان خواہ کتنا ہی بھاگے وہ آکر رہے گی ۴۹۱
— موت کے آتے ہی آخرت کی حقیقت انسان پر کھلنی شروع ہو جاتی ہے ۱۱۷
— انسان کی موت اللہ کے ہاتھ میں ہے ۲۸۵-۲۸۶

— اس وقت کوئی کسی کو بچا نہیں سکتا ۲۹۵
— موت کے وقت اللہ مرنے والے سے اس کے اعزہ و احباب کی بہ نسبت زیادہ قریب ہوتا ہے اگرچہ نظر نہیں آتا ۲۹۵
— موت کے وقت اہل حق اور اہل باطل کی حالت ۲۹۵-۲۹۶
— موت کے وقت اہل حق اور اہل باطل کی حالت ۲۹۵-۲۹۶
— موت آنے پر اعمال کا سلسلہ منقطع ہو جاتا ہے ۵۲۲
— موت کے بعد انسان کو اللہ کے حضور پیش کیا جائے گا جو انسان کو اس کا سب کیا دھرا بتا دے گا ۴۹۲

### موسیٰ علیہ السلام: ۱۴۷ تا ۱۴۹

— صریح سند نبوت کے ساتھ ان کو فرعون کی طرف بھیجا گیا ۱۴۷-۱۴۸
— ان کا بنی اسرائیل سے خطاب ۴۵۷
— بنی اسرائیل نے ان کو ایذا پہنچائی ۴۵۷
— انھوں نے اپنی قوم کو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے آنے کی بشارت دی تھی ۴۵۹
— رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ان کی مماثلت ۴۶۰-۴۶۱
— حضورؐ اکرم کا پیغام وہی تھا جو اس سے پہلے صحف موسیٰ میں اللہ نے بھیجا تھا ۱۹۱-۲۱۳
— صحف موسیٰ کا حوالہ ۲۱۳

### میثاق

— میثاق کے معنی ۳۰۷
— اللہ نے انسانوں سے میثاق لیا ہے ۳۰۷-۳۰۸

### میثاق مدینہ

— وہ معاہدہ جو مدینہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہودیوں سے کیا تھا ۳۷۴-۳۷۵

### میزان

— میزان کے قیام کا مفہوم ۲۵۱
— اللہ نے میزان قائم کر دی ہے ۲۵۱
— اللہ نے انبیاء کے ساتھ کتاب اور میزان نازل کی تا کہ عدل و انصاف کا بول بالا ہو ۳۲۱-۳۲۲
— میزان میں ڈنڈی مارنے کی ممانعت ۲۵۱

### مومن

— دیکھو ’’ایمان‘‘

### مہاجرین

— دیکھو ’’ہجرت‘‘

### مہر

— دیکھو ’’قانون اسلام، قانون نکاح وطلاق‘‘

## ن

### نامہ اعمال

— نامہ اعمال کی تیاری کے ذرائع ۱۱۶-۱۱۷
— اللہ تعالیٰ انسان کے تمام افعال و اعمال پر براہ راست خود نظر رکھتا ہے لیکن عدالت کی شرائط پوری کرنے کے لیے وہ تمام شہادتیں محفوظ کرا رہا ہے ۱۱۶-۱۱۷-۴۰۹-۵۲۸
— انسان کے تمام اقوال و افعال لکھے جا رہے ہیں اور اس کا نامہ اعمال تمام باریکیوں کے ساتھ محفوظ کیا جا رہا ہے ۱۱۶-۱۱۷-۲۴۱-۲۴۲
— انسان چاہے بھول جائے لیکن اللہ نے اس کا سب کیا دھرا گن گن کر محفوظ کر رکھا ہے ۳۵۶-۳۵۷
— انسان کی زبان سے نکلنے والا ہر لفظ لکھ لیا جاتا ہے

۱۱۶-۱۱۷

## نبوت

— نظام دین میں اس کی اہمیت ۱۷
— انبیاء اس لیے بھیجے گئے کہ دنیا میں عدل قائم ہو ۳۲۱-۳۲۲
— انبیاء کا مشن ۶۲-۶۳-۳۲۱-۳۲۲-۴۷۷-۵۴۳
— انسانوں کی رہنمائی کے لیے سلسلہ نبوت جاری کیا گیا ہے ۵۳۳-۵۳۴
— رسول کی مخالفت کفر ہے ۲۹
— اللہ کی اطاعت کے ساتھ رسول کی اطاعت بھی شرط نجات ہے ۵۴-۱۰۱
— رسول کی اطاعت لازمہ ایمان ہے ۳۰-۵۴-۱۰۱-۳۶۳-۵۴۳
— رسولوں کا انکار کرنے والوں کے تمام عقائد قیاس وگمان پر مبنی ہیں ۱۳۰
— رسول کی اطاعت بے چون و چرا تمام معاملات میں کی جانی چاہیے ۳۹۲ تا ۳۹۴
— اگر کوئی اطاعت سے منہ موڑتا ہے تو رسول کے ذمہ حق پہنچا دینے کے سوا کچھ بھی نہیں ہے ۵۴۳
— رسول کی اطاعت کرنے والوں کے اجر میں کوئی کمی نہیں کی جائے گی ۱۰۱
— رسول کی اطاعت بھی اطاعت فی المعروف کی شرط سے مشروط ہے ۴۴۵ تا ۴۴۷
— خدا کی اطاعت کے ساتھ رسول کی اطاعت نہ کرنے والوں کے تمام اعمال ضائع ہوجاتے ہیں ۳۰
— ہر رسول اپنی قوم ہی میں سے اٹھایا گیا ہے ۴۸۵-۴۸۶
— ایک رسول کو جھٹلانا سب رسولوں کو جھٹلانا ہے ۱۱۵
— تمام انبیاء ایک ہی دین کے داعی تھے ۱۹۱-۲۱۳
— رسول کا منصب یہ ہے کہ اللہ جو حکم بھی دے اس پر وہ بے کھٹکے عمل کرے ۳۴
— تمام رسول بینات اور کتاب اور میزان لے کر آئے ۳۲۱-۵۳۲-۵۳۳
— حضرت نوحؑ اور حضرت ابراہیمؑ کی اولاد کو نبوت سے سرفراز کیا گیا ۳۲۳
— رسولوں پر ان کی قوموں کے اعتراضات ۱۰۸-۱۰۹-۱۵۲-۱۷۲-۱۷۳-۱۷۴ تا ۱۷۹-۲۳۶-۲۳۷-۲۹۰-۲۹۱-۵۳۳
— رسولوں سے معجزے مانگے گئے مگر جب وہ دکھائے گئے تو تاویلیں کر کے ان کو جھٹلایا گیا ۱۸۳-۱۸۴-۲۳۱
— رسولوں کو جادوگر کہا گیا ۱۴۷-۱۴۸-۱۵۲-۴۷۶
— گمراہ قوموں نے انبیاء کو اس لیے ماننے سے انکار کیا کہ ان کے نزدیک بشر نبی نہیں ہوسکتا تھا ۱۰۹-۲۳۶-۵۳۳-۵۳۴
— رسولوں کو مجنون کہا گیا ۱۴۸-۱۵۲
— رسولوں پر ان کی قوموں کے مظالم ۱۱۴-۴۵۷
— اطاعت رسول سے منہ پھیرنے والوں کا انجام ۵۴
— رسولوں کو جھٹلانے والوں کا انجام ۱۱۴-۲۲۱-۲۲۲-۵۳۲-۵۳۳
— سزا کے مستحق لوگوں کو رسول کی دعائے مغفرت

بھی نہیں بچا سکتی ۵۰
— تمام گمراہ اقوام نے مختلف زمانوں میں ایک ہی طرح رسولوں کی مخالفت کی ہے ۱۵۲
— رسولوں سے جھگڑا کرنے والوں کے تمام اعمال ضائع ہو جاتے ہیں ۲۹-۳۰
— جب رسولوں کا انکار کیا جاتا ہے تو اللہ بھی منکرین سے بے پروا ہو جاتا ہے ۵۳۳
— رسول کے مقابلے میں اپنی آواز پست رکھنا تقوٰی کی علامت ہے ۷۰
— نبی سے بے ادبی کی سزا وہی ہے جو کفر کی سزا ہے ۷۰-۷۱
— رسول کی اگلی پچھلی تمام لغزشیں معاف کر دی جاتی ہیں ۴۴
— اللہ جب کسی کو نبوت عطا فرماتا ہے تو اس کے دل کو تمام شکوک وشبہات سے صاف کر دیتا ہے ۲۰۰
— نبی ہر قسم کی شیطانی مداخلت سے محفوظ ہوتا ہے ۲۰۰
— نبوت کی برکات کو بارش سے تشبیہہ دی گئی ہے ۳۱۳-۳۱۴
— نبی اور فلسفی کا کوئی مقابلہ نہیں، نبی کے پاس علم ربانی ہوتا ہے اور فلسفی کے پاس صرف قیاس و استدلال ۵۳۵
— نبی اور غیر نبی کے ذریعہ علم اور مرتبہ علم دونوں میں فرق ہے ۵۳۵
— رسول معاملات کو ایک عام انسان کی نسبت زیادہ بہتر طور پر سمجھ سکتا ہے ۷۵
— رسولوں کو صاف صاف نشانیوں اور ہدایات کے ساتھ بھیجا جاتا ہے ۳۲۱
— نبی کے ذریعے اللہ حقیقت کا علم انسان کو دیتا ہے ۱۳۶
— اس علم کے بارے میں انسان عقل سے کام لے کر اپنا اطمینان کر سکتا ہے ۱۳۶
— رسول ہر زمانے میں حقیقت سے آگاہ کرتے رہے ہیں ۲۰۸
— انسانوں کی تعلیم کے لیے رسولوں کا آنا عین متقاضائے فطرت ہے ۲۴۸ تا ۲۵۰
— رسول قیام عدل کی محض ایک اسکیم ہی پیش نہیں کرتے بلکہ اس اسکیم کو عملاً نافذ کرنا بھی ان کے مشن کا حصہ ہے۔ ۳۲۱-۳۲۲
— انبیاء کے وہ اعمال جن کو خود انبیاء نے ترک کر دیا ہو یا وحی الٰہی نے منسوخ کر دیا ہو قابل تقلید نہیں ہیں ۴۳۰
— نبوت پر کسی قوم کی اجارہ داری نہیں ہے ۴۸۳-۴۸۵-۴۸۶
— نبی بھی اللہ سے زبردستی کچھ حاصل نہیں کر سکتا ۴۲۹
— رسول کی ذمہ داری پیغام حق پہنچا دینے کے سوا کچھ بھی نہیں ہے ۱۲۸-۱۵۱-۱۵۲-۵۴۳
— محمد صلی اللہ علیہ وسلم رسولوں اور پیغمبروں میں سے ایک ہیں ۲۲۲-۲۲۳
— نبوت محمدیہ کا عظیم منصب اور آپؐ کے فرائض ۴۸۵ تا ۴۸۸ (مزید تفصیل کے لیے دیکھو ”محمد صلی اللہ علیہ وسلم“)

— اللہ اپنے رسولوں کو جس پر چاہتا ہے تسلط عطا فرماتا ہے ۳۸۸
— رسولوں کا خواب وحی کی ایک قسم ہے ۳۴-۶۱

## نجویٰ

— نجویٰ (خفیہ سرگوشی) کی مانعت ۳۵۸
— کن امور میں نجویٰ منع ہے ۳۶۰
— کن امور میں اس کی اجازت ہے ۳۶۰
— مومنوں کو رنج پہنچانے کے لیے کھسر پھر کرنا شیطانی فعل ہے ۳۶۰
— حضوؐر اکرم سے تخلیہ میں بات کرنے سے پہلے صدقہ کا حکم ۳۶۲
— صدقے کے اس حکم کی تنسیخ ۳۶۳

## نسخ

— دیکھو ''نجویٰ''

## نصاریٰ

— دیکھو ''اہل کتاب'' اور ''عیسائیت''

## نماز

— تسبیح بمعنی نماز ۱۲۵
— نماز کے اوقات ۱۲۵-۱۲۶-۱۸۵
— نماز کے لیے حضوؐر اکرم نے جو طریقہ مقرر فرمایا ہے اس کے چھوٹے چھوٹے جزئیات تک قرآن پاک کے اشارات سے ماخوذ ہیں ۲۹۶
— حضرت جبریلؑ نے نماز کا طریقہ عملاً آپؐ کو سکھایا تھا ۱۹۶
— نماز قائم کرنے کا حکم ۳۶۳
— نماز سے پہلے منادی (اذان) کا ذکر ۴۹۲
— دیر سے آ کر نماز میں شامل ہونے والوں کے لیے آداب ۴۹۵
— جمعہ ایک اسلامی اصطلاح ۴۹۳
— نماز جمعہ کی فرضیت اور اہمیت ۴۹۲-۴۹۶
— پہلی نماز جمعہ کب اور کہاں قائم ہوئی ۴۸۲
— پہلی نماز جمعہ حضرت مصعبؓ بن عمیر کی امامت میں ادا کی گئی ۴۹۳
— سورۂ جمعہ کے احکام قرآن میں نازل ہونے سے پہلے ہی نماز جمعہ سنت کے حکم کی بنا پر مسلمانوں میں پڑھی جاتی تھی ۴۹۲
— ہجرت مدینہ کے بعد نماز جمعہ کا قیام حضوؐر کے اولین کاموں میں سے تھا ۴۹۴
— نماز جمعہ کا وقت ۴۹۲-۴۹۳-۴۹۴-۵۰۰-۵۰۱
— اس کی ادائیگی کا طریقہ ۴۹۴ تا ۴۹۶
— اس کی رکعتیں ۴۹۴
— نماز معہ کے وقت خرید و فروخت کی ممانعت ۴۹۲
— نماز جمعہ کے لیے دوڑنے کا صحیح مفہوم ۴۹۵
— نماز جمعہ کے لیے ''خرید و فروخت چھوڑ دینے'' کا مفہوم ۴۹۶
— جمعہ کی کون سی اذان پر اللہ کے ذکر کی طرف دوڑنے اور خرید و فروخت چھوڑ دینے کا حکم دیا گیا ہے ۴۹۴
— خطبہ جمعہ میں کیا پڑھا جائے ۴۹۵
— خطبہ جمعہ کے دوران بولنے پر سخت وعید ۵۰۴
— نماز جمعہ میں تساہل برتنے والوں کے لیے سخت وعید ۴۹۶
— مذاہب اربعہ میں احکام جمعہ کا خلاصہ ۴۹۸ تا ۵۰۱
— نماز جمعہ کی فرضیت سے متعلق احادیث ۴۹۶

— یہ نماز کن لوگوں پر فرض ہے اور کون اس سے مستثنیٰ ہیں ۴۹۶
— آداب جمعہ کے بارے میں احادیث ۵۰۴-۵۰۵
— جمعہ کا نام اسلامی ناموں میں سے ہے ۴۹۳
— جمعہ اجتماعی عبادت کا دن ہے ۴۹۳
— یہود کے سبت اور عیسائیوں کے اتوار کے مقابلے میں اللہ نے مسلمانوں کے لیے جمعہ کا دن مقرر فرمایا ۴۸۴-۴۹۳
— مسلم معاشرے میں اگر ہفتہ کے کسی دن تعطیل کا قاعدہ مقرر ہو تو جمعہ کی تعطیل ہونی چاہیے ۴۹۷-۴۹۸
— صحابہ کرامؓ کی یہ صفت جو بتائی گئی ہے کہ سجدوں کی کثرت کے اثرات ان کے چہروں پر واضح ہیں، اس کے بارے میں ایک غلط فہمی کا ازالہ ۶۳
— اس واقعہ کی حقیقت کہ جمعہ کے روز خطبے کے دوران میں ایک دفعہ بہت سے صحابہ حضورؐ کو کھڑا چھوڑ گئے تھے ۵۰۱ تا ۵۰۵

## نوح علیہ السلام

— وہ حضرت ابراہیمؑ سے پہلے گزر چکے تھے ۲۲۲
— ان پر قوم کی الزام تراشیاں ۲۳۳
— ان کی بے قدری کی گئی اس لیے اللہ نے بے قدری کرنے والوں کو غرق کر دیا ۲۳۳
— ان کی نسل میں نبوت اور کتاب رکھی گئی ۳۲۳
— ان کا منکرین حق کے لیے بددعا کرنا ۲۳۳
— ان کا اور ان کے ساتھیوں کا کشتی کے ذریعے طوفان سے بچ جانا ۲۳۳
— کشتی نوحؑ اللہ کی نشانیوں میں سے ایک نشانی ہے ۲۳۴
— حضرت نوحؑ سے ان کی قوم کا سلوک ۲۳۳-۲۳۴
— قوم نوحؑ کا قصہ ۲۳۳ تا ۲۳۵
— قوم نوحؑ کی تکذیب کا ذکر ۱۱۴-۲۳۳
— قوم نوحؑ نے آخرت اور رسولوں کو جھٹلایا ۱۱۴-۲۳۳
— وہ اول درجہ کی فاسق قوم تھی ۱۵۰-۲۲۱
— اس پر نازل کیے جانے والے عذاب کی کیفیت ۲۳۳-۲۳۴

## نور

— مومنین کو آخرت میں نور عطا کرنے کا وعدہ ۳۰۹ تا ۳۱۱
— مومنین کو دنیا میں نور عطا کرنے کا وعدہ جس کی روشنی میں وہ سیدھے راستے پر چلنے کے قابل ہوں گے ۳۳۳

## و

## وحی

— وحی جلی اور وحی خفی ۱۹۴
— حضورؐ اکرم وحی کی روشنی میں ہی اسلام کی دعوت و تبلیغ فرماتے تھے ۱۹۳
— اللہ نے حضورؐ اکرم پر جو چاہا بذریعہ وحی نازل کیا ۱۹۷
— نبی کا خواب بھی وحی کی ایک قسم ہے ۳۴-۶۱

## ھ

## ہجرت

— ہجرت حبشہ ۱۸۸

— ہجرت حبشہ سے صحابہ کرامؓ کی واپسی اور مکہ میں کفر کا غلبہ دیکھ کر پھر حبشہ کی طرف ہجرت ۱۸۸-۱۸۹

— ہجرت مدینہ ۳۷۱-۳۷۴

— ہجرت کے وقت مدینہ کے حالات ۳۷۱-۶

— مہاجر مسلمانوں کو اللہ تعالیٰ کی تسلی کہ وہ دن دور نہیں جب تمھارے رشتہ دار بھی مسلمان ہوجائیں گے اور آج کی یہ دشمنی کل پھر محبت میں تبدیل ہوجائے گی ۴۳۱ تا ۴۳۳

— حضورؐ اکرم کی ہجرت مدینہ ۳۷۴

— آپ کو مکہ سے ہجرت کا دلی رنج تھا ۲۱

— مسلمانوں کو اس لیے مکہ سے ہجرت پر مجبور کیا گیا کہ وہ اللہ کی خوشنودی کے طالب اور پیغمبر اسلام کے سچے حامی تھے اور ایک اللہ پر ایمان لائے تھے ۳۹۴-۳۹۵-۴۲۲

— ہجرت کے بعد اللہ تعالیٰ کا مسلمانوں سے وعدہ کہ وہ ان کے حالات درست کردے گا ۱۰-۱۱-۳۷۲ تا ۳۷۸

— ہجرت کے بعد مسلمانوں کی کامیابی کے راستے کھل گئے ۳۷۲-۳۷۸

— مہاجرین کا بلند مرتبہ ۳۹۴-۳۹۵

— مہاجرین سے انصار کی سچی محبت اور ایثار ۳۹۵-۳۹۶

— مہاجرین مکہ کا فے میں حصہ مقرر کیا گیا ۳۹۳-۳۹۴

— ہجرت کرنے والی عورتوں کے متعلق احکام ۴۴۳ تا ۴۴۴

— ہجرت کے بعد مدینے کے یہود سے معاہدہ ۳۷۴ تا ۳۷۷

— جو لوگ مسلمان ہونے کی وجہ سے ہجرت پر مجبور کیے جائیں ان کو بسانا اسلامی حکومت کی ذمہ داری ہے ۳۹۴

(مزید تفصیل کے لیے دیکھو ''صحابہ کرامؓ'' اور ''مدینہ'')

**ہدایت**

— رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خالص ہدایت لے کر آئے ہیں ۴۷۷

— حضورؐ اکرم کا کام جبراً لوگوں کو ہدایت دینا نہ تھا ۱۲۸

— اللہ کیسے لوگوں کو ہدیت دیتا ہے ۲۴

— کیسے دلوں کو ہدایت بخشی جاتی ہے ۵۴۱-۵۴۲

— کیسے لوگوں کو ہدایت سے محروم رکھا جاتا ہے ۴۵۷-۴۵۸-۴۷۶-۴۸۹-۵۲۰

— اللہ جانتا ہے کہ کون ہدایت پر ہے ۲۱۱

— ہدایت واضح کردی گئی ہے ۲۷

(مزید تفصیل کے لیے دیکھو ''تقدیر'' ۹ اور ''ضلالت'')

## ی

**یحییٰ علیہ السلام**

— حضرت مسیحؑ کے زمانے ہی میں وہ مبعوث ہوئے ۴۶۱-۴۶۲

— ان سے بنی اسرائیل کے سوالات ۴۶۲

**یعقوب علیہ السلام**

— حضرت اسحاق علیہ السلام کی پیدائش کے ساتھ ہی ان کی پیدائش کی بھی خوش خبری دی گئی ۱۴۵

**یوسف علیہ السلام**

— آپ خاندان ابراہیمی کے جلیل القدر انبیاء میں

سے تھے ۱۴۵

یہود

— وہ اللہ کے مغضوب ہیں ۳۶۴
— وہ ظالم وفاسق ہیں ۳۸۶-۴۸۹-۴۹۱
— ان کو اللہ نے ذلیل وخوار کیا ۳۸۶-۴۸۳
— یہودیت کب پیدا ہوئی ۴۹۰
— یہودیوں کی پست ترین اخلاقی حالت ۴۸۹
— یہودیت حضرت موسیٰؑ کا لایا ہوا دین نہیں ہے بلکہ صریحاً بعد کی پیداوار ہے ۴۸۹-۴۹۰
— یہود مدینہ کی تاریخ ۳۷۰ تا ۳۷۹
— یہودی عرب میں کب آئے ۳۷۰-۳۷۱
— ان کی سودخوری ۳۷۴
— عرب میں ان کے مشہور قبائل ۳۷۱-۳۷۲
— انھوں نے عربیت کا رنگ اختیار کرلیا تھا لیکن وہ عربی النسل نہ تھے ۳۷۳
— عرب کے یہودی اسرائیلی تھے نہ کہ یہودیت اختیار کرنے والے عرب ۳۷۳
— وہ تمام غیر یہودیوں اور عربوں کو حقارت سے ''امی'' کہتے تھے ۴۸۳-۴۸۶
— یہودیوں کی عربوں پر معاشی بالادستی ۳۷۳-۳۷۴
— عرب کے یہودی کس قسم کے کاروبار کرتے تھے ۳۷۴
— اوس اور خزرج نے ایک دفعہ مشترکہ جدوجہد سے یثرب کے یہودیوں کا زور توڑا ۳۷۲
— عرب قبائل سے یہودیوں کے حلیفانہ تعلقات ۳۷۴
— عہد جاہلیت کی عرب سیاست میں یہودیوں کا مکارانہ کردار ۳۷۴
— رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجرت کے زمانے میں یہودیوں کے علاقے ۳۷۲
— ہجرت سے پہلے یثرب میں یہودیوں کی پوزیشن ۳۷۳-۳۷۴
— یہود کا حضورؐ اکرم سے معاہدہ ۳۷۴-۳۷۵
— معاہدے کے بعد ہی سے حضورؐ کے ساتھ ان کا عناد ظاہر ہونے لگا ۳۷۴-۳۷۵
— ان کی اسلام دشمنی اور حضورؐ اکرم کے خلاف سازشیں ۳۷۴- ۳۷۵- ۳۷۸- ۳۸۲- ۳۸۵-۴۸۲-۴۸۳
— منافقین مدینہ سے ان کی دوستی اور سازباز ۳۶۴-۳۷۶-۴۰۵-۴۰۶-۴۰۷-۴۵۲- ۵۰۸ تا ۵۱۱
— ان کی میثاق مدینہ کے خلاف بدعہدی ۳۷۵-۳۷۷-۳۷۸
— ان کو اسلام سے سخت بیر تھا ۳۷۴- ۳۷۵- ۳۷۶-۳۷۷
— وہ فتح بدر پر تلملا اٹھے تھے ۳۷۷
— معرکہ احد میں مسلمانوں کی ظاہری شکست اور نقصان سے ان کے حوصلے بڑھ گئے ۳۷۸
— یہودیوں کے گروہ بنی قینقاع کو کن حرکتوں کی وجہ سے مدینہ سے نکالا گیا ۳۷۷-۳۷۸
— یہودی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کرنے میں بھی شرارت کرتے تھے ۳۵۹
— انھوں نے آپؐ کو اللہ کا رسول جانتے ہوئے آپؐ سے لڑائیاں کیں ۳۸۵

— اللہ تعالیٰ کے متعلق یہودیوں کے تصورات ۳۸۳
— حضورؐ اکرم کو شہید کرنے کی یہودی سازش ۳۷۸
— مدینہ سے یہودیوں کا اخراج ۳۷۷ تا ۳۷۹
— یہودیوں کے دلوں میں اللہ نے مسلمانوں کا رعب ڈال دیا تھا ۳۸۴
— مسلمانوں کے ہاتھوں عرب میں یہودیوں کی طاقت کا مکمل خاتمہ ۳۸۳۔ (مزید تفصیلات کے لیے دیکھو ''غزوۂ بنی نضیر'')
— یہود کے لیے عذاب جہنم مقرر ہے ۳۸۴۔ ۳۸۵-۴۰۸
— انھوں نے جان بوجھ کر اسلام کا انکار کیا ۳۸۵- ۴۸۵
— انھوں نے حضرت موسیٰ کو ایذائیں پہنچائیں ۴۵۷
— انھوں نے حضرت عیسیٰ کے ساتھ کیا سلوک کیا ۳۸۳
— انھوں نے ہمیشہ بے باکی کے ساتھ اللہ اور اس کے رسولوں کا مقابلہ کیا ہے ۳۸۲-۳۸۳
— یہودیوں اور عیسائیوں میں فرق ۴۶۹
— یہود پر عیسائیوں کو فتح عطا کی گئی ۴۷۹-۴۸۰
— انھوں نے حامل تورات ہونے کی ذمہ داریوں کو ادا نہیں کیا ۴۸۳-۴۸۹
— ان کی مثال اس گدھے کی سی ہے جس پر کتابیں لدی ہوئی ہیں ۴۸۳-۴۸۹
— نبوت پر ان کی اجارہ داری نہیں ہے ۴۸۳
— حضورؐ اکرم کا انکار کر کے انھوں نے تورات کی صریح خلاف ورزی کی ۴۸۵
— یہود کے اپنے آپ کو اللہ کا چہیتا سمجھنے پر قرآن کا طنز ۴۸۹-۴۹۰
— ان کی دنیا پرستی اور موت سے خوف پر قرآن کا طنز ۴۸۹ تا ۴۹۱
— یہود کے خاص دن ''سبت'' کے بارے میں ۴۸۴-۴۹۳